UM Libraries Depository
106101709008

G33179

Beecham's Pills.

ان گولیوں کا ایک ایک بکس ایک ایک اشرفی کو بھی سستا ہے

BEECHAM'S PATENT PILLS.

بیچم صاحب کی عجیب و غریب گولیاں

BEECHAM'S PATENT PILLS.

تمام دنیا کی مشہور پیٹنٹ دواؤں سے یہ گولیاں نمبر تبہ زیادہ فروخت ہوتی ہیں

بیچم صاحب کی گولیاں گم ہمتی - بدخوابی - اونگھنا - یا نیند کا نہ آنا - دھندلا - یا کم دکھائی دینا - گھبیہ - رعشہ - بائی وغیر

مندرجہ بالا مرضوں کے واسطے یہ گولیاں تیر بہدف ہیں ہدایت کے بموجب استعمال کردہ کبھی ناکامیابی نہ ہوگی -

بیچم صاحب کی گولیاں دردِ سر - یا سر کا چکرانا - دردِ معدہ و تشنج - ریاح کا جمع ہونا - دردِ کمر و پتھری - اور وہ درد جو جا بجا دورہ کرتے رہتے ہیں

انکے استعمال سے تمام غلیظ ریاح دور ہو جائیں گے - اور مریض کو قوت اور طاقت حاصل ہو کر تندرستی کی بنیاد قائم ہو گی "

بیچم صاحب کی گولیاں بدہضمی - بھوک کی کمی - گرانی معدہ بعد طعام - متلی اور قے - معدہ اور جگر کی خرابیاں سردی اور ز

پتی کا اُچھل آنا - طبیعت کی گھبراہٹ اور سستی اور تمام عصبی شکایتیں "

نہایت یقینی اور سریع التاثیر دوا ثابت ہوئی ہیں چند روز کے استعمال سے مندرجہ بالا شکایتیں کافور ہو جائیں گی -

بیچم صاحب کی گولیاں کھسر - دورا - داد - پھنسی - جلد پر سیاہ داغ - گرمی دانہ - ٹانگوں میں زخم - اور پھوڑا وغیرہ "

ان مرضوں سے نجات پانے کیواسطے ان گولیوں سے بہتر اور کوئی دوا نہیں - خون کو صاف اور پاک کرنے میں بے مثال "

بیچم صاحب کی گولیاں امراض متعلقہ مستورات جو بباعث بے قاعدگی یا رک جانے ماہواری ایام کے پیدا ہوتے ہ

ایک ہفتہ کے استعمال سے تمام شکایتیں دور ہو جانے کی ضمانت کیجاتی ہے - لاکھوں عورتوں کی جان بچائی ہے

بیچم صاحب کی گولیاں امراض مثانہ - اور نوجوانی کی غفلتوں کے بدنما اور شرم آلود نتیجے -

جسطرح پانی سے پیاس بجھتی ہے ایسا ہی ان گولیوں کے استعمال سے یہ سب مرض دور ہو جائیں گی -

بیچم صاحب کی گولیاں صرف کارخانہ ٹامسن بیچم واقع شہر سینٹ ہلینس علاقہ لنکاشایر ملک انگلستان میں تیار ہوتی ہیں (الفاظ بیچمس سینٹ ہلینس) گورنمنٹ اسٹامپ پر ہو ہر ڈبیہ پر چسپیدہ

اگر یہ معلوم نہ ہو تو اصلی نسخہ کو نا چاہے پانچ پنس والی ڈبیہ میں ۳۲ گولیاں ہوتی ہیں قیمت ۸ رکیہ شنگ ڈیڑھ پنس والی ڈبیہ میں قریب ۶۴ کے گولیاں ہوتی ہیں قیمت ۲ روپیہ ۲ شنگ

ڈبیہ میں قریب ۱۵۰ کے گولیاں ہیں قیمت ۵ روپیہ ہر شہر میں انگریزی دوافروشوں سے دستیاب ہوتی ہیں تمام ہندوستان کے لئے ایجنٹ نیز سن اینڈ کمپنی ۵ کلائیو اسٹریٹ کلکتہ سے طلب

بجربہ بیم حلیم اور خود غرض دوافروشوں کی ضمانت مانو سوا بیچم صاحب کی گولی کے اور گولیاں ہرگز نہ لو -

Agents Messrs Nagler Sons & Co. 35 Clive Street Calcutta

ڈاکٹر کولمین صاحب کی کلوروڈین

ین صدی کا نادر ایجاد برٹش فارماسیوٹیکل سوسائٹی (جماعت حکمائے نامی ملک انگلستان) کے ملاحظہ میں پیش ہوا۔ اور اسہال پیچش ہر قسم۔ ہیضہ۔ اسہال ہیضہ
ہ تپ ولرزہ۔ وجع مفاصل۔ وسوداء دق ولنج وغیرہ کیواسطے اس زمانہ کی تمام مروجہ دواؤں سے جو ان مرضوں کیواسطے فروخت ہو رہی ہیں عمدہ اور بہتر مانا گیا ہے
کولمین صاحب کی کلوروڈین ایسے اجزا سے مرکب ہے جو مندرجہ بالا مہلک ناک مرضوں نہایت مفید تسکین بخش اور بیحد اثر پذیر ثابت ہوئے ہیں جو مریض ان بیماریوں سے سخت
ہیں پاکر ڈاکٹر کولمین صاحب کی کلوروڈین کی بدولت دوبارہ زندگی پا چکے ہیں ہم متفق ہو کر شہادت دیتے ہیں کہ یہ دوا سب سے بہتر ہے اور جو کچھ اسکی تعریف کیجاتی ہے بالکل سچ اور راست ہے
اس دوا کو اول مرتبہ استعمال کرتے ہوئے یاد رکھنا چاہیے کہ ڈاکٹر کولمین صاحب کی کلوروڈین کی شہرت اور فائدہ پہنچانیکا یہ باعث ہے کہ نہایت صاف و تازہ دوائیں اسمیں ڈالیجاتی
انیون سمیات اور خلاف مذہب چیزوں سے پاک ہے اسکی بندش ایسی کامل ہے کہ زمانہ دراز تک بھی اصلی حالت قائم رہ سکتی ہے ٹکٹ پر الف کولمین کے دستخط ضرور پڑھ لو۔ اگر یہ دستخط
خواہ کسی شیشی و بندی تعریف کے ساتھ کلوروڈین پیش کیجائے لینے سے انکار کرو صرف عام کی سہولیت اور اس دوا کو سب سے سستی اور بہتر دوا رائج اور ثابت کرنیکی غرض سے صرف شیشی
ئی ہے خریدار دیکھ لیں کہ اسکو ۱۲ دوائی شیشی ۸ کو ملتی ہے ہر شہر میں انگریزی دواخانہ جات سے مل سکتی ہے اگر دقت ہو تو کلکتہ سے طلب کرو قیمت یہ ہے نیلرسن گرائمس اینڈ
NAYLORSON GRIMES&CO. 35 OLIVE ST. CALCUTTA.
کمپنی نمبر ۳۵ - کلایو اسٹریٹ کلکتہ
ں ریلوے اسٹیشن پر ویلز اینڈ کمپنی انگریزی کتابیں فروخت کرتے ہیں وہاں ڈاکٹر کولمین صاحب کی کلوروڈین بھی مل سکتی ہے۔
یہ دوائی کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملے گی

انکل فرائیڈ صاحب کا مرہم

حصاب گہیا۔ درد کمر جوڑوں اور پٹھوں میں درد۔ اور درد سر۔ گرمی دانے۔ داغ۔ داد۔ خارشت۔ ہاتھ اور پیر اور ہونٹ کا پھٹ جانا پھوڑے پھنسی
ناسور جلن۔ آگ یا گرم پانی سے جلکر آبلہ پڑ جانا۔ بواسیر۔ نامردی۔ اور اعضائے توالید میں درد وغیرہ لگانیکے جتنے بیرونی مرہم آجکل رائج ہیں سب سے بہتر عمدہ اور
ستا ہے۔ اس مرہم کی خوبیاں محتاج بیان نہیں۔ اور اگر ہم زیادہ تعریف کیجاوے تو مبالغہ سمجھا جاویگا۔ مگر ہم ناظرین کو یقین دلاتے ہیں کہ جو کچھ انکل فرائیڈ صاحب
رہم کی تعریف کیجاتی ہے بلا مبالغہ صحیح ہے یہ مرہم وہی خاصیت رکھتا ہے جو کتاب میں مرہم سلیمانی کی آئی ہے ہوگی کسی زہریلی بھڑ یا خلاف مذہب مثل چربی وغیرہ
سمیں آمیزش نہیں ہے۔ دیرپا اور خوشبودار اور تازہ رہیگا موسم کا اس پر کچھ اثر نہیں ہوگا ناظرین کو لازم ہے کہ مندرجہ بالا شکایتیں ان میں انکل فرائیڈ
حب کی مرہم کے سوائے اور مرہم نہ خریدیں خواہ کیسی ہی تعریف کے ساتھ دیا جاوے اور مرہموں کے مقابلہ میں باوجود اسقدر محدود کی قیمت یہی
توتی بوتل مقرر کیگئی ہے ہر شہر میں دوا فروشوں سے ملے گا اگر دقت ہو تو تمام ہندوستان کے ایجنٹ نیلرسن گرائمس
اینڈ کمپنی نمبر ۳۵ - کلایو اسٹریٹ کلکتہ سے طلب کرو محصول ڈاک اور لمیشن ویلیو
MAYLORSON GRIMES & CO. 35 OLIVE ST. CALCUTTA.
مہ خریدار ہوگا

گروائیز فریئر کی مشہور عالم جیبی گھڑیاں

ان کی ذمہ داری انکی پائیداری اور ارزاں قیمت اور خوبصورتی انکی دن بدن زیادہ خریداری کا کافی ثبوت ہیں ہندوستان میں ہر ایک گھڑی فروش کے ہاں یہ گھڑی پائی جاتی ہے دیکھ کر لیا کریں ہر گھڑی پر مکمل ہونا چاہئے ورنہ نقلی ہوگی ہندوستان میں ایجنٹ کمپنی اینڈ کمپنی لیے ہیں

گھڑیاں علاوہ انکے ہر قسم کی جیب گھڑیاں کلاک ٹائیڈ پیس اور ہاتھ گھڑیاں وغیرہ وغیرہ پنجاب میں قصور سنگھ سوداگر فروٹ گرانفروش کی دوکان سے نہایت ہی کفایت سے ملتے ہیں مفصل فہرست قیمت انگریزی والہ دو ایک پیسہ کا کارڈ بھیجکر منگا کر ملاحظہ فرمادیں اور دوسرے ازاں فروشوں سے مقابلہ کریں پھر جگہ دل چاہے خرید فرمادیں

ڈاکٹر پریم دیوی

۲۲ مارچ ۱۹۴۱ء ۲۳ مارچ ۱۹۴۱ء

سیالکوٹ کالج کے پاس کردہ اسپیشل مسسٹ عورتوں اور بچوں کا علاج کرتی ہیں

دیوآشرم انارکلی لاہور

کارخانہ کرکٹ بیٹ سیالکوٹ

ہمارا کارخانہ جس کو قریب ۱۵ سال سے زائد عرصہ گذر گیا ہے اس عرصہ میں کارخانہ کی ساخت کی عمدگی اور مضبوطی میں نمایاں ترقی ہوتی رہی ہم ملک کے تمام خریداروں سے درخواست کرتے ہیں کہ مشترکہ کرکٹ بیٹ کے کرکٹ بیٹ منگوائیں۔ ایکدم ہندوستان ویسی ٹیموں کے کرکٹ کے آزمائیں یا ملک کی ساخت کی اور کرنی ہر ایک آدمی کا فرض ہے یہ کرکٹ بیٹ ولایتی بیٹوں کی کسی بات میں کم نہیں ہے آپ ہماری مفصل اور فہرست طلب کریں اور انکی عمدگی [illegible] ہوں ہر ایک آدمی اگر آزمانا چاہے ایک بیٹ کی ایکدم قیمت نصف [illegible] ہماری کارخانہ چاہتا ہے ہر ایک بیٹ پر ہمارا نام ہوگا اور ہر بیٹ ہی ہے ہماری مفصل انگریزی فہرست [illegible] ہے

[illegible] ۱۰ [illegible]

حقیقت میں نمبر ۱ سوداگر اور نہایت ہی ہوشیار

فیروز الدین سوداگر

حال بازار امرتسر

ملک نے بڑے زور سے انکی خریداری کی ہے۔ نامردی۔ ضعف مثانہ۔ دباغ۔ معدہ۔ کثرت احتلام۔ جریان منی درد کمر وغیرہ۔ فی نکس ۴۸ گولی ... ۴۸

اگسیر ہوئے نامردی سستی۔ اعصاب کا نقائص ایام جوانی وغیرہ ششی تخمینا تولہ ... ۵

لطف میں بے نظیر ہیں نہ بعد ازاں قبض ہو نہ ضعف فی گولی ۲ رتی درجن ۱۵ار

خون کے فسادوں کے لئے تریاق۔ آتشک کسی درجہ میں ہو درد اعضاء پیچیدہ نکہٹہ۔ خارش پھوڑے پھنسی۔ وغیرہ کے لئے کلیتہً واقعی بنظیر دوائی ضرور ششی ۴ گولی ۱۲ار

اس موذی مرض کیلئے کچھ دوا ہے سے شیطان کے لئے لاحول وعوی سے یہ لکھا جاتا ہے کہ ایک ششی سے ۴ سے ۱۲ تک صحت پا دیں گے فی ششی ۱۲ار

جگر کی خرابیوں کو دور کرتی ہیں تپ تلی کے لئے اکسیر ہیں قبض رفع ہو کر طبیعت آراستہ ہوتی ہے اور بھوک کھلتی ہے۔ فی نکس ۴۸ گولی ۱۳ار

سینہ کی کل امراض جو نہایت خطرناک اور زندگی کے لئے دشمن ہوتی ہیں۔ مثلاً دمہ۔ نزلہ۔ زکام کہانسی مزمن ہو یا حلق ان کے لئے اکسیر ہے خورد ششی ۱۲ار کلان

بے ریلیو اور بے مثال دوائی دیکھئے اور آزمائیے گئے

مائل ۲۴ گھنٹے کے اندر جلین پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا دور ہو جاتا ہے فی ششی ... ۱۲ار

نسخہ انیون یا چنڈو سے بنی ہوئی چھوٹ جاتا ہے صرف نباتات سے تیار کیا ہے۔ کسی قسم کی کوئی سستی یا بہرگی ملاوٹ نہیں فی ششی ۱۲ار

خوانی ہو اسیر ہو یا بادی ایک ہفتہ میں نقص الہی دور ہو جاتی ہے نکس ۴۱ گولی ... ۴۸

اگسیر برائے ہیضہ۔ بدہضمی۔ اسہال قے۔ پیٹ درد وغیرہ ششی ۱۲ار

مسوف واقعہ ایک نشانہ ہے دردسر کی بنظیر دوائی ۴۸ار

محافظ دندان۔ دانتوں کی سب قسم کی امراض سے بچاتی ہے۔ ان ادویات نے ملک کو جو فائدہ پہنچایا ہے اور اسکی نسبت اہل ملک نے بڑی زبردست شہادت دی ہے اور سیری خوشخالگی کو پسند قرار دیا ہے اپنی آنکھ سے اہل ملک کے زبردست تصدیق کو ملاحظہ فرمانا چاہتے ہیں تو ایک کارڈ لکھ بھیجئے فہرست ادویات مع سندات مفت ارسال خدمت ہوں گی۔

المشتہر

فیروز الدین سوداگر

ہنجورہ جلی قلم کا اشتہار

بنظر فوائد اہل اسلام جو ایک نہایت جلی قلم تھا خط صحیح۔ فارسی ترجمہ نوالامرد۔ [illegible] کا بھیجدہ کا نکالا ہے۔ [illegible] قلم میں [illegible] ہیں [illegible] ہیں [illegible] صحت کا اہتمام [illegible] زنگین فی پیچہ [illegible] حاشیہ پر [illegible] عطوفہ [illegible]

عاشق رسول پیر [illegible] حضرت مولوی [illegible] نعتیہ دیوان [illegible] قابل دید کلام ہے [illegible]

المشتہر محمد [illegible]



ہماری ادویات سے ہزار [illegible] ہیں کہ ہم اپنی ادویات کی [illegible] نہیں کرتے اگر مستر [illegible] ہیں کہ [illegible] اسکی تصدیق کریں۔ [illegible] ہیں [illegible] ہیں [illegible] ہیں

اہل ہند کو تازہ خوشخبری

[illegible] ۸ سال سے آشوبناک [illegible] ہو اور شرط بھی ایسی کہ اگر شفا نہ ہو تو صرف علاج کی [illegible] واپس جائیگا۔ کیا ایسی سستی اور آسان دوا کے ہوتے ہوئے کوئی شخص [illegible] ہو سکتا ہے۔ [illegible] تیار کردہ [illegible] کی موجودگی میں [illegible] ہے۔ [illegible] ہے۔ [illegible] ہے۔

مصدقہ کیپٹن سرجن لیٹ لفٹننٹ سرجن جناب ڈاکٹر بھولا ناتھ
صاحب بہادر انڈین میڈیکل سروس حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند

روح بخش

مقصد دل اصحاب

روح بخش روغن

دافع سستی

ہمارا کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

حلوۂ الہیم

اول اُن طبیوں کا ہر نہضت جمع کیا ہے جنکو خون نے کم اندازہ پیدا کرنے اور مہیہ و مقنا سلیہ قوتوں کے بڑھانے میں ایک قدرتی عجیب خاصیت حاصل ہے۔ پھر ایک نادر ترکیب سے مل کر کے بلا آمیزش آب انگارب نکالا دہی ایسی کیمیت کہ اگر سالہا سال تک رکھا رہے تو انہیں کسی قسم کا تغیر یا تعفن پیدا نہ ہو بعد ازاں انہیں ہی مسک۔ مفرح۔ مسمن۔ مقوی اعضائے رئیسہ ادویات ملا کر ایک اعلےٰ درجہ کا خوشگوار۔ خوش رنگ۔ خوشبودار حلوا تیار کیا + ایسی جو لوگ کو بدن کو فربہ۔ خوش رنگ۔ مضبوط و مستحکم۔ جلد کو چکنا رکھنا۔ عینک کی عادت کو چھوڑ کر بصارت کو تیز کرنا۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دینا بدن کی خشکی۔ کالوں کی شائیں شائیں کو رفع کرنا + بہت جلد اسکو منگوا کر مستفید ہوں +

سیر دنجات میں نصف سیر سے کم کی حلوا روانہ نہیں کیا جاتا +

محصول بذمہ خریدار +

قیمت فی سیر روپے

انعام

دو سیر حلوا کے خریدار کو ۴ جیون بوٹی چھاپہ اور چار سیر کے خریدار کو ایک تولہ اور اس سے زیادہ کے خریدار کو بجائے فی سیر ۴ ماشہ انعام میں دیجاویگی + اور ہر سیر کے خریدار کو علاوہ اسکے ایک سونے کی طلا مفت عنایت کی بھی جاویگی یہ دونوں دوائیں ان شاء اللہ امراض مجوزہ کے لئے بے نظیر ہیں

اور خصوصاً

جناب عبدالشکور خاں صاحب

جناب حکیم صاحب! حلوۃ الہیم پہنچا۔ جن لوگوں نے استعمال کیا انکا بیان ہے کہ حقیقتاً اکسیر ہے۔ انکا بیان ہے کہ حقیقتاً اکسیر ہے۔ جاسوائے مرگ۔ البتہ تمام امراض کے لئے تریاق منصور ہے۔ براہ مہربانی پھر ۱۰ روپیہ کا حلوا اور بھیجدیں اور بہت جلد روانہ فرمائیں۔ تاکہ ابتدائے عیش سے محروم نہ رہوں +

جناب لالہ شیو سہائے صاحب

ضلع ہزارہ

جناب غلام محی الدین صاحب

جناب منشی عصمت اللہ خاں صاحب

تازہ بتازہ نو بنو

۳۱ سال سے ہر ابر بڑھتا ہی گیا

لاکھ بوتل فروخت ہو چکی ہے

ماء اللحم

حکماء یونان و انگلستان وغیرہ اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ مرکب ہم دوا ہے اور ہم غذا یہ لاجواب ہے

وراثت ہے کہ گھٹی سے اترتے ہی سیدھا خون میں شامل ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ اسکی خوراک پینے کے چند منٹ بعد

دلکو فرحت ہم پہنچاتا ہے دماغ میں راحت نظر آنے لگتی ہے حکماء خالص خون کو روح کہتے ہیں جسم میں روح

نہ ہو تو انسان زندہ نہیں رہ سکتا اسلئے جو جو لوگ صاحب تدبیر و عمل ہیں ہمیشہ اپنی روح کی خوراک کو اپنے پاس

تیار رکھتے ہیں ہندوستان میں بوجہ حدت گرما خون سڑ جلد کم ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہندوستانیوں کے

رنگ سیاہ رہتے ہیں بوجہ حیرانی خون اعضائے رئیسہ دل و دماغ جگر و معدہ کو خوراک ناقص پہنچتی ہے اسلئے وہ اپنے

افعال مقررہ فطرت کو پورا نہیں کرتے جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے دیس کے لوگ گوناگون عوارض میں مبتلا رہتے

سے کسی نہ کسی اندرونی یا بیرونی عوارض میں مبتلا رہنے سے فکر سلیم و طبع حلیم خیالات پاکیزہ و صاف سنجیدہ محنت

و مناسب خیالات اعلےٰ سے معرا رہتے ہیں کیونکہ اعضائے رئیسہ پچھے ہوں تو اچھے کام اُن سے سرزد ہوں۔ زیادہ

وضاحت کے لئے اپنے آپکو اور ایک یورپین کو مقابلہ کر کے دیکھ لیجئے تو وہ ہمت وہ جرات نہ وہ خیالات اعلےٰ

نہ وہ استقلال نہ وہ صورت نہ وہ سیرت وغیرہ وغیرہ +

یہ عرق ان اعضائے رئیسہ کے افعال کو باقاعدہ بنانے میں اعجاز کا کام دیتا ہے

بگڑے ہوئے گردوں کو درست کرتا ہے خون کو صاف کر کے عمدہ بناتا ہے معدہ کمزور کو طاقت دیکر مضبوط بناتا ہے اور ایسے کام کرنے پر

آمادہ ہوتا ہے کہ تمام اعضاؤں کو سرسبزی و سلامتی کرتا ہے تمام امراض کے داخل ہونے کا دروازہ جسم میں معدہ ہے تمام امراض سے دور کرنے کا

اور دوا کو اعضاء رئیسہ پہنچانے کا ذریعہ معدہ ہے اور یہ عرق معدہ کو درست کر کے آمادہ کرتا ہے کہ خدمات مفوضہ خدائی کو بجا لائے +

ماء اللحم مہی درجہ اول ہے کیونکہ دل و دماغ جگر معدہ مثانہ خراب شدہ۔ اعضاء مفلوجہ عضلات مستر خیہ کے افعال کو باقاعدہ بناتا

ہے اور اور **ماء اللحم** اسے وہی کام لیتا ہے جو قدرت نے انکو تفویض کئے تھے اعضاء بیکار کو باکار رفتہ کو بیدار اور سست کو چست اور دبلے

کو موٹا تازہ **ماء اللحم** اشتہا کو پیدا کرتا ہے کمزور کو سہارا اور غافل کو ہوشیار بنا کر حرکت میں لاتا ہے **ماء اللحم** مصفی خون سب سے بہتر

ہے کیونکہ **ماء اللحم** پیدا کر کے جسم کی خرابی خون کی بیتابی و گندہ پن وسمیت کو دور کرتا ہے۔ خصوصاً **ماء اللحم** اُس روی حالت سے

جو آشکارا یا پوشیدہ رنگوں میں ظاہر ہوا کرتے ہیں مثلاً وجع المفاصل وغیرہ **ماء اللحم** ضعف معدہ و ضعف جگر

ضعف دماغ کا بے بدل علاج ہے اسکے پینے سے آنکھوں میں نور دل میں سرور **ماء اللحم** اشتہا صادق پیدا ہوتی ہے

ماء اللحم لاغر کو فربہ کرتا ہے کمزور کو تنومند بنے والی چہرہ کو بارونق زرد کو سرخ۔ ناظر کو مرد بزدل کو جواں مرد ضعیف کو

توی اور **ماء اللحم** دایۃ الرئیس کو صحیح بناتا ہے **ماء اللحم** بوڑھوں کا عصا پیری ہے دشمن کو جسم کے احاطہ میں گھسنے

نہیں دیتا۔ سرطان جیسے موذی کو روکتا ہے جبکہ ضائع ہونے کا اندیشہ ہو ایک کورس کرتا ہے۔ **ماء اللحم** فوجی لوگوں

کے لئے اکسیر ہے کیونکہ اسکے پینے سے دل میں حوصلہ۔ دماغ میں مردانہ خیالات اور کامیابی کے لئے استقلال پیدا

ہوتا ہے کیونکہ اعضائے رئیسہ اچھے ہوں تو کام اچھے ہونگے۔ **ماء اللحم** ان لوگوں کو جنکو سردی زیادہ لگتی ہے

انسی کا مجرب نسخہ ہے۔ **ماء اللحم** ضیق النفس سوء ۔ الخ شکم۔ بدہضمی حوائی منقبض ہونا دل۔ مراق۔ کثرت نبض۔

قیمت دو روپے فی بوتل

نوٹ بذریعہ سپلائی سوٹرس

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور (بند بوتل)

ہاں میونسپل کمیٹر۔ لاہور۔ موچی دروازہ۔ اعوان منزل

سے ہی خوشخبر حرمی لے

قیمت فیصل دو روپے۔ چھ بوتل گیارہ روپے۔ دو درجن بوتل بیس روپے

عہ ۱۱ عہ ۲۰

{ تین بوتل سے کم باہر روانہ نہیں ہوگا۔

{ ہمارا ٹکٹ رمضان فرمن (ہمایوں)۔ گرمی کے باعث خون میں زہریلے اجزاء پیدا ہو چکے ہیں جو کہ سکتی ہے +

روزنامہ لاہور
دوشنبہ ۲۴ دسمبر ۹۲ء

شفاخانہ یونانی عام

مسیحائی کا نسخہ

حکیم نظام الدین حکیم یونانی

بیماری	علامات	بیماری	علامات
بخار	تپ دق	جریان	
بخار محرقہ	ضعف	قطع کاری	
بخار دق	ضعف جگر	گٹھیا	
لرزہ	نخ دوری	بواسیر خونی و بادی	
کمزوری	سوزاک	ناسور	
نکسیر	ضعف بصر	اورنگ	
خفقان	سرعت	ضیق النفس	

المشتہر شیخ نظام الدین حکیم یونانی

یہ تیر بہدف دوائیاں

جنرل سپلائی سٹورس کارخانہ پیسہ اخبار لاہور کی ضرور آپ کے امتحان کے قابل ہیں جو امریکہ سے تیار کرائی گئی ہیں

مکھی مار کاغذ

ہمارے ملک میں جہاں بارہ مہینے مکھیوں۔ مچھروں اور بھنگوں کی کثرت سے جان عذاب میں رہتی ہے۔ ان سے نجات پانے کے لئے نہایت خوبی تھی۔ لہذا ارفاہ عام کی غرض سے "مکھی مار کاغذ" تیار کیا اور ترکیب اور مصالحہ بھی امریکہ میں تیار کرا کر منگایا گیا ہے۔ ہدایت کے مطابق اس کے استعمال سے ان موذی جانوروں سے نجات مل جائیگی قیمت فی لفافہ جس میں آٹھ مکھی مار کاغذ ہیں چار آنہ (۴ ہے)

صرف جنرل سپلائی سٹورس
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور
سے ہی "مکھی مار کاغذ" مل سکتا ہے۔

بے نظیر درد سر کی دوائی

درد کیسے ہی زور سے ہو دی ہوا ایک منٹ میں آرام ہوتا ہے ہر قسم کے درد کے لئے یقینی اور فوری علاج صفراوی اعصابی۔ تشنجی دغیرہ سر کے درد اور شقیقہ کے درد اس سے فوراً دور ہو جاتے ہیں۔ اور ان سب بیماریوں سے انسان بچ جاتا ہے جو درد سر کے بعد پیدا ہوتی ہیں۔ قیمت فی بکس جس میں ایک درجن گولیاں ہیں ایک روپیہ دو آنہ (۱ ہے ۲)

جنرل سپلائی سٹورس
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور
سے ہی "درد سر کی بے نظیر دوائی" مل سکتی ہے

کھانسی کا حکمی علاج

ہر قسم کی نئی اور پرانی کھانسی اور زکام۔ فیتس النفس۔ گلے کا پڑجانا۔ حلق کی خشکی اور خراش پھیپھڑوں اور ہوائی نالیوں کی تمام سوزشیں دور ہو جاتی ہیں اس سے عجیب اور سریع التاثیر کھانسی کی دوائی ملنی مشکل ہے

قیمت کھانسی کی دوائی کی
۱ ہے ۴ فی بوتل

جنرل سپلائی سٹورس
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور
سے ہی "کھانسی کا حکمی علاج" دستیاب ہو سکتا ہے

جوہر مردمی یعنی مرکب جوہر ڈیامانا

ڈیامانا۔ خاصیتیں۔ کیچلہ۔ کوکا کا مرکب جوہر قوت اعصاب۔ قوت باہ اور طاقت مردی اور عام طاقت جسمانی کے حاصل کرنے کے لئے اکسیر اور تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ کمزوری۔ مایوسی اور لاولدی کو اس کے استعمال سے قابل حیرت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ عورتوں اور مردوں دونوں کے عقر اور آلات تناسل کے نقص رفع کر دیتا ہے۔ ڈیامانا بطور مقوی باہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور قوت رجولیت کے لئے بہترین علاج تسلیم کیا گیا ہے۔ سٹورس سے طاقتور مقوی باہ اب تک معلوم نہیں ہوا کیونکہ اول درجہ کا مقوی اعصاب ہے لوکوریا کو جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔ اور ذہنی اور عقلی طاقتوں کا منبع و مخزن ہے

قیمت دو روپے فی بوتل

(دکھلی بوتل) (بند بوتل)

جنرل سپلائی سٹورس
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور
سے ہی "جوہر مردمی" مل سکتا ہے

مرکب جوہر عشبہ

خون کی صفائی کے لئے اس سے بہتر علاج آج تک دریافت نہیں ہوا

جلد اور خون کی بیماریوں کے لئے عشبہ تریاق ہے۔ تمام خون کی خلافتوں اور کدورتوں کو رفع کرنے کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے جمع المفاصل یعنی گھٹیہ۔ آتشک اور تمام ایسے خوفناک امراض کو جڑ سے کھو دیتا ہے

جوہر عشبہ
کے ساتھ اور کئی ایک ادویات مع نولاد اور پوٹاسیم کے جوہر کے شامل ہیں۔

پچاس پوری خوراکیں اس بوتل میں ہیں

قیمت جوہر عشبہ ۱ ہے ۴ فی بوتل

جنرل سپلائی سٹورس
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور
سے ہی "مرکب جوہر عشبہ" مل سکتا ہے

انصاف

مسئلہ الذبح میں کی بات ہے کہ ہندوستان میں آریہ اور عیسائیوں کی طرف سے کئی رسالے اور اخبار ہفتہ وار ماہوار چھپتے ہیں۔ جن میں دنیا کے سردار حضرت محمد رسول اللہ صلعم کی نسبت اس قدر بدزبانیاں کی جاتی اور گالیاں دی جاتی ہیں کہ ایک غیرت مند مسلمان کا بدن تھرا اٹھتا ہے اور آنکھوں میں خون اتر آتا ہے۔ ان رسالوں میں کچھ ایسا زہر بھرا ہوا ہے کہ کئی مسلمان انکو پڑھ پڑھکر اسلام سے منحرف اور مرتد ہو گئے ہیں ہندوستان میں چھ کروڑ مسلمان موجود ہیں۔ لیکن افسوس کہ ایک اخبار یا رسالہ بھی ان کی طرف سے باقاعدہ نہیں چھپتا۔ جو ان مخالفین کو دندان شکن جواب دیکر اہل اسلام کو دوزخ کے گڑھے سے بچاتا اور انکا حوصلہ بڑھاتا۔ کہتے ہیں عیسائیوں کے مشن کا بہت سا روپیہ ایسی ایک بات سے وصول ہو جاتا ہے کہ ولایت کے عیسائیوں سے ایک وقت کی چاء میں پیسہ ڈالنا چھوڑ دیا ہے اور اسی ایک دفعہ پیسہ چھوڑ دینے سے ہزاروں روپے جمع ہو جاتے ہیں۔ جو وہ عیسائی مذہب اور عیسائی رسالوں کی اشاعت کرنے میں صرف کرتے ہیں۔

اسلام جو خدائی اور سچا مذہب ہے۔ کیا اس کے لئے مسلمانوں کی اتنی غیرت بھی نہیں ہوتی جتنا ہونا ضروری ہے اور اسی غیرت کے ماتحت ہم نے **رسالہ انوار الاسلام** لاہور نکالنے پر کمر باندھی ہے جس میں نور افشاں وغیرہ عیسائی اخباروں اور آریہ گزٹ وغیرہ آریہ کے اخباروں اور مخالفین کے تمام اعتراضات کے مفصل جواب لکھے جاتے ہیں۔ ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ اس رسالہ کو منگائے اور رسالہ فرمائے تا ہم ۳۰ صفحہ ہوا رہے۔ قیمت نہایت کم صرف **عہ** سالانہ ہے۔ معہ محصول ڈاک۔ نمونہ کا پرچہ ایک آنہ کے ٹکٹ بھیجنے پر روانہ ہو سکتا ہے۔ **خوشخبری** ۱۵ جنوری ۱۸۹۱ء تک صاحبان قیمت پیشگی بھیجنے والوں کو ایک نہایت مزیدار اور مفید رسالہ بطور مفت ارسال کیا جائیگا۔

نوٹ:۔ ہر ہفتہ پچاس مذہبی سوالات کا جواب مفت ارسال کیا جائیگا۔ صرف اس غرض سے کہ اس رسالہ کی اشاعت بکثرت ہو اور مخالفین اسلام اعتراضات کا مرقعہ ملے اور یہ سوالات بھیجنا ضروری ہیں جبکہ جواب کے لئے ہر ایک مسلمان متلاشی ہے۔ مثلاً بہشت دوزخ کی فلاسفی۔ عذاب قبر کی فلاسفی۔ تقلید شخصی کے مسایل۔ وحی والہام کی حقیقت وغیرہ۔

درخواست خریداری

بنام محمد ابراہیم و محمد اسمٰعیل مالکان جنرل بکسٹال بنجی سیالکوٹ ہونی چاہیئے ۔

دنیا میں پہلی طرز کا قرآن مجید

یا جیبی حمایل شریف مترجم بالمقابل اردو بامحاورہ جس کی نظیر ہفت اقلیم میں نہیں ملتی جس میں ۱۳ خوبیاں نمبوار پائی جاتی ہیں (۱) تقطیع جیبی نہایت عمدہ اور موزون ہے یعنی ۵ انچ لمبی ۳ انچ چوڑی جو جیب میں آسانی آسکتی ہے۔ اور شایقین کلام مجید ہر وقت اپنے پاس رکھ سکتے ہیں (۲) ترجمہ حاشیہ پر بمقابل صفحہ پر کیا گیا ہے ایک صفحہ پر اصلی متن اور دوسرے صفحہ پر اسکا ترجمہ متن و ترجمہ نہایت صفائی کے ساتھ پڑھا جاتا ہے (۳) صفحہ یا صفحہ آیات کو نمبر دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ دیکھنے میں کوئی دقت نہ ہو (۴) ہر صفحہ کے اخیر آیت اور اسکا ترجمہ ختم ہوتا ہے جس سے ایک آیت کے لئے قرآن شریف کا ورق الٹنا نہیں پڑتا یہ خوبی آجتک کسی مترجم قرآن شریف میں نہیں (۵) عربی و اردو تحریر نہایت اعلےٰ درجہ کی ہے بڑی ہی خوش قلم حمایل شریف ہے (۶) ترجمہ جدید بامحاورہ و زبان حال کے اردو کے موافق کر دیا گیا ہے ترجمہ ایسا شایستہ اور لطیف ہے کہ خواہ مخواہ پڑھنے کو دل چاہتا ہے اور تمام مقدرات و محذوفات ترجمہ کے اندر خطوط وحدانی لکھ دیئے ہیں جس سے تفسیر کی تفسیر اور ترجمہ کا ترجمہ ہے اور بڑی آسانی سے سمجھ میں آتا ہے (۷) اس مقدس حمایل شریف کے شروع میں سیپاروں اور سورتوں کی فہرست دی گئی ہے جس سے بہت سورت اور سیپارہ نکال سکتے ہیں (۸) شروع میں تمام قرآن شریف کے مضامین کی فہرست ہے۔ جو واعظوں اور خطیبوں اور تمام مسلمانوں کے لئے نہایت کارآمد ہے نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ وغیرہ تمام احکام کے متعلق ایک ہی جگہ حوالہ لکھ دیئے گئے ہیں (۹) تمام انبیاء کا ذکر قرآن شریف میں جہاں جہاں آیا ہے۔ انکی نسبت بھی ایک ہی جگہ ساری حوالے لکھ دیئے گئے ہیں۔ ابراہیم یا نوح وغیرہ کا لفظ نکالنا ہو تو جہاں جہاں قرآن شریف میں انکا قصہ آیا ہے وہ سب مقامات دم بھر میں دیکھ لو (۱۰) کاغذ سفید نفیس اور ڈبی لگایا گیا ہے (۱۱) جلد سنہری نہایت خوبصورت کرائی گئی ہے (۱۲) سپر قرآن شریف اور لا یمسہ الا المطہرون کا لفظ سنہری لگا گیا ہے باوجود ان سب خوبیوں کے قیمت بہت ہی کم یعنی صرف **عہ** قیمت مجلد معہ جیبی **عہ** بغیر جیبی **عہ** محصول زائد

جو محمد ابراہیم و محمد اسمٰعیل مالکان جنرل بکس الجنبی سیالکوٹ سے مل سکتی ہے

اردو فارسی انگریزی

سنہری جلد جیبی ... صفحہ قرینہ ... اردو الفاظ کی

انشنری قیمت بہت

اگر ہم انگریزی زبان کی کسی ڈکشنری کو دیکھیں ... فیلن صاحب کی ڈکشنری ... فارسی صاحب کی ڈکشنری ... افسوس کی ... اردو زبان کی ایک لغات ... جاتی ... مقدر ضروری ... ہندوستان کو ... کی ... خاندانوں ... میں مشغول ... ایک مکمل ... لغات کا ... جائے تعجب ... یہ ضخیم اردو لغات فیروزی انگریزی ڈکشنری کی طرز تیار کی ہے جس میں زبان اردو کے کل الفاظ اصطلاحات قانونی الفاظ علمی اصطلاحات وغیرہ موجود ہیں ... ایک ... کی ضرورت نہیں ... ڈکشنریاں ... مسلمان ... ممبر ... وکیلوں ... اور عام شایقین ... مشکل ہے۔ اسے ضرور طلب فرماویں۔

حیات صلاح الدین

قیمت **عہ**

یعنی سلطان صلاح الدین فاتح بیت المقدس کی

سوانح عمری

یہ کتاب مولوی صلاح الدین صاحب مولوی فاضل و ڈپٹی انسپکٹر مدارس کی تالیف ہے اس کتاب کے قریباً ڈھائی سو صفحہ ہیں جن میں قریباً اسی صفحہ پر ایک دلچسپ تصویر ہے جو صلیبی لڑائیوں کی ایک مختصر تاریخ کا کام دیتی ہے شروع سے آخر تک ... گئی ہے شروع ... ایک اجمالی حال دکھایا گیا ہے ... اور ... ایک ... اور ... ہے جس ... کرنے ... ہے ... نام ... کو ... نام ... ہے ... کتاب ... ہے ... ہے ... ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد دور کرنے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے گٹھیا۔ اینٹی میں۔ لنگڑین اور ورم کے لئے مفید ہے۔ خراش۔ خلش۔ زخم۔ چوٹ۔ جلے ہوئے مقامات بھی اس عجیب عرب دوائی کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ دردِ سر۔ دردِ دندان اور دردِ گوش کے لئے بھی نافع ہے۔ دردِ پہلو اور دردِ پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر درد اور دکھ موجود ہے پھر کتنے لوگ ہیں جو ایک ایسا دوا رکھنے اور ہونے کے لئے بہت کچھ دینے کو تیار ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا بھی یہ دعوے ہے کہ اس کو آزمائے تو ضرور مندرجہ بالا قسم کی دردوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ انفلوئنزا۔ نزلہ۔ سل۔ بچوں کی کھانسی۔ کالی کھانسی۔ گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل نفع کر دیتی ہے اور ہم تو میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ سمجھتے ہیں کہ کھانسی اور گلے اور پھیپھڑے کے امراض کا علاج اس سے بہتر کہیں نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوفناک بیماری ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس کے بڑھ جانے کا اور طرح طرح کی مہلک پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAINS COLIC CHOLERA AND DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور سریع التاثیر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کی جاتی ہے۔ جو تمام معدے کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج۔ ہیضہ۔ پیچش۔ زحیر دوائی تیز۔ بچوں کا ہیضہ۔ اور انتڑیوں کی سب قسم کی بیماریاں اس دوائی کے استعمال سے دفعہ کیلئے ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کم ہے۔ لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہ گیا ہے۔ علاوہ اس کے درد قولنج اور پیچش والے بھی کیوں بیفائدہ تکلیف اٹھاتے ہیں۔ فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آزمائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

(ایک سال)

خاص مسلمانوں کو بشارت

حدیث شریف کی مقبول اور جامع کتاب یعنی مشکوٰۃ شریف کا مرتبہ سلیس اردو میں السطور کر کے کمال صحت و صفائی سے چار حصوں میں چھاپا گیا اور حاشیہ پر وہ فوائد صحیحہ تحقیق سے چڑھائے گئے ہیں جو مشکوٰۃ کی اور شروح میں نایاب ہیں متن عربی خطِ نسخ میں قلم سے بااعراب ہے قیمت فی حصہ مع محصول ڈاک (۱) اور جو کوئی خریدے اوسکو بعد وضع کمیشن بیع محصول ڈاک (۱) میں دیجاویگی۔

دعوی ہمارا یہ ہے کہ اگر کوئی صاحب اس مجموعی کمالات اس کے مثل بتاوے تو اوس کو بطور انعام پانچ سو روپیہ دیدیں گے۔

المشتہر

عبد الغفور غزنوی بازار دست سے مطبع القرآن والسنہ کٹڑہ غزنوی

تمام دنیا میں بے مثل سفری جائیداد مترجم و مجسم اردو

(۱) نہایت صحیح (۲) اعلیٰ درجہ کی خوشخط (۳) صفائی طبع میں بے نظیر (۴) بہت واضح (۵) علاوہ مکمل فوائد شاہ عبد القادر صاحب مرحوم اور بہت سے عمدہ فوائد جدیدہ نایاب معتبر تفاسیر اور کتب حدیث سے چڑھائے گئے ہیں۔ کاغذ ولایتی نیلگون نہایت خوش رنگ اور سیر اپسوہی سفید پر ہے ہدیہ مجلد مع محصول ڈاک (۱۰) ہے۔

ہدیہ بے جلد (۸) ہے۔

ہمارا دعوی یہ ہے کہ اگر کوئی صاحب بحفاظ مرجع صفات اس کے نظیر بتلاوے تو ہم اوسکو بطور انعام پانچ سو روپیہ دینگے۔

المشتہر

عبد الغفور غزنوی بازار دست سے مطبع القرآن والسنہ کٹڑہ غزنوی



ہیاؤ و بنگالہ

ناظرین آپ نے ہیاؤ کا نام سنا ہوگا مگر اصلی ہیاؤ دیکھا کر تو آزمایا ہوگا اس آپ میں صنف نازک کا ہیاؤ جو دیکھا ہے اور اپنے ورنہ عالم کے دوسرے ہیاؤ تحقیقات کر کے شائقین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ ہمارا ہیاؤ ہر طرح خالص ہے اور ہم ضمانت کرتے ہیں کہ ہمارا ہیاؤ استعمال کرنے سے آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ ہمارا ہیاؤ کمال کو پہنچا ہوا ہے۔ ہیاؤ کی ڈبیا ۱۲ ماشہ کی ہوتی ہے۔ ہیاؤ کی قیمت ۱۲ روپیہ ہے۔ ہیاؤ کے ساتھ ہی ہیاؤ کی کتاب بھی مفت دی جاتی ہے۔ اس کتاب میں ہیاؤ کے فوائد اور طریقہ استعمال لکھا ہوا ہے۔ ہیاؤ کی کتاب ۱۲ ماشہ کی ڈبیا ۱۲ روپیہ ہیاؤ کی ڈبیا ۱۲ روپیہ ہیاؤ کی ڈبیا ۱۲ روپیہ

المشتہر حکیم احمد دین سلطنت مراد آباد

نیلی رام کی گولیاں

دافع ہر قسم بخار ہر قسم بخار ہر قسم بخار

فیصلے کے انا کوسٹوں کو ان کی گورنمنٹوں کے مطالبے سے کرنٹی کی تجویز سے اتفاق نہیں کیا ۔

— فرانسیسی وزیر امیر ڈیوبی نے ڈپٹیوں کے جواب میں ایک سوال کے بیان کیا کہ گورنمنٹ خفیہ کارروائی کمیشن سے ظاہر نہیں کرے گی۔ تاوقتیکہ حالات ان شائع کرنے کی تعمیل نہ ہو۔ ایم برسن نے ظاہر کیا ہے کہ آئی خفیہ دستاویز گورنمنٹ کی خیانت سے خالی نہیں ہے۔ اجلاس میں بھاری اکثریت رائے سے گورنمنٹ پر اعتبار کا ووٹ پاس کیا ۔

کرنل تھیوڈور روزویلٹ

— کرنل تھیوڈور روزویلٹ نیویارک سٹیٹ کے گورنر منتخب ہوئے ہیں۔ ان کی کہانی عجیب غریب ہے۔ دولتمند ویلٹ لوگوں کی طرح روزویلٹ لوگ بھی امریکہ کے اہل ڈچ نارک اولوں کی نسل سے ہیں۔ انہیں اپنے باپ دادوں کی بے شمار دولت ہاتھ آئی ہے۔ ہسپتالوں اور صوبجات متحدہ کے گزشتہ محاربے میں اس نے اپنی ملک کی اتنی جانفشانی سے مدد کی کہ اس کا نام چار دانگ عالم میں مشہور ہو گیا۔ اپنی فوج بھرتی کر کے اس نے گزشتہ محاربات میں بڑی جانبازیاں کیں۔ بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ اہل امریکہ کو انہیں کی بدولت فتح نصیب ہوئی۔ ان کے کماندر لیفٹیننٹ کرنل مذکوری کی ذات سے ان کو شہرت حاصل ہوئی۔ اس نے فن مہمات میں کئی کتابیں لکھی ہیں۔ یہ دو سال تک انگلستان میں رہا ہے۔ اس کا انتخاب صوبجات متحدہ کے واسطے نہایت ہی مفید ثابت ہوگا ۔

— جنرل کچنر کے فوج آمدرمان پہنچنے کا فیصلہ ہو گیا ہے۔ فشودا تک سلسلہ تار لگانے کا کام بہت جلد جاری ہوگا۔ اور اس کو کسالا اور گیمارت تک بھی وسعت دی جائیگی ۔

— پرنس عباس حلیم ایمان کریٹ کو روانہ ہوئے ہیں چار سلطان کے جہازان کی ماتحتی میں ہیں ۔

— سر ہنری اکنز جج کنٹربری سروس سے علیحدہ ہوئے ۔

— مسٹر ولیم البرٹ دانس کو نسل جنرل صوبجات متحدہ امریکہ رنجر پیٹرسن ریلوے جرمنی سے قسطنطنیہ کو روانہ آیا ۔

— محمد شفیق افندی بعہدہ گورنر بورڈ اپنے عہدہ کا چارج لینے کو روانہ ہوئے ۔

— ہیجرا ہمدیہ فیضی بے متعلقہ مشاف اس عرض سے بیڈ اسپیٹ کو روانہ گئے ہے قسطنطنیہ کی طرف آن ۔ دگارو واپسی کی نگرانی کریں جو تاریخ ہنگری سے سن شائع کرنے نٹ ہنگری کو وہاں کی نمائش کے واسطے جاریا دی ہیں ۔

— کہ جلال الدین پاشا ذیر کہ تعمیرات بوچھ رہے سے تولہ ہے کہ جو فرائض کا اہتمام لینے کے ناقابل ہیں ۔

— کرنل شاکر پاشا سلطان المعظم کے ایڈیانگ اور سامی اگر لیفٹیننٹ کرنل ۔ سر ہیجہ متعلقہ مشاف کریٹ سے ہیں گئے ۔

— تحقیقات کے واسطے ہیجرا رپیڈ کو واپس جا رہا ہے ۔

— ہیجرا مرینڈ کپتان ہائیت۔ سر جنٹ ڈیٹ اور ۲ سیپاہی کے پہلے اقرار کو قاہرہ سے فشودا کی طرف روانہ ہوئے۔ مصر کی فوج (آبادی کے تقریباً ۲ سو آدمی) اور دیگر اقوام کے مشہور شخص۔ خلاکرنل ونگیٹ اور سلاطین پاشا ان کی روانگی کے وقت ان کو خدا حافظ کہنے آئے۔ ہیجرا مرینڈ اور اس کی جماعت ۲۴ نومبر کو فشودا میں پہنچ گئے ہونگے اور تھوڑے عرصے کے بعد فیہ جو جہاز پر وہاں سے سوار اکی طرف روانہ ہونگے۔ وہاں سے یہ لوگ دریائے سوباط میں سفر کرینگے۔ جہاں تک کہ اس میں کشتی اور جہازوں سے سفر ہو سکتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس دریا میں سات سو تین سو میل تک بذریعہ جہاز سفر ہو سکتا ہے۔ اس مقام سے دو بیدہ سفر ابیہ اور وہاں سے جیبوتل کی طرف جائینگے۔ ہیجرا رچنڈ کا خیال ہے کہ وہ جیبوتل میں جون آئندہ تک پہنچ جائینگے۔ لیکن سب سے عمدہ تدبیر یہ تھی کہ وہ نیل کے راستے وطن کو واپس آجاتے ۔

— ہز ایکسلنسی توفیق پاشا عثمانیہ سفیر برلن جرمنی کو روانہ ہوئے اور بوقت روانگی وزیر اعظم سے ملے ۔

— سر کیشیا کے تارک الوطنوں کی ایک تعداد دوس سو روم میں آباد ہونے کے واسطے پہنچی۔ اور بلگیریہ سے بھی بہت سے آدمی اسی غرض سے آئے ہیں ۔

— کریٹ کے سلمانوں کی امداد کے واسطے جو کمیشن قائم ہوا ہے اس نے ۴۲۰۰ آردی بوریوں کے واسطے ٹھیکہ داروں سے درخواستیں طلب کی ہیں ۔

— بلقیہ کے لوگوں کو زلزلے سے جو نقصان پہنچا ہے ان کی مدد کے واسطے کمیٹی نے ۱۸۶۲۹ پاؤنڈ جمع کئے ہیں ۔

— وزارت استنبول نے مکانات بالخصوص گنجان آبادی کے باشندوں کو حکم دیا ہے کہ جو لوگوں کو جو اپنے خاندانوں سے علیحدہ رہتے ہیں مکان کرایہ پر نہ دیں ۔

— ہز امپریل میجسٹی سلطان المعظم نے ۵-۶ برس کے یتیم بچوں کے واسطے پرائمری مدرسہ جاری کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس میں قرآن کے واسطے علیحدہ شاخ ہوگی ۔

— وزارت معارف نے جج کو معظم صفائی کی طرف بہت بڑی توجہ مبذول کرائی ہے ۔

— جمن آفیشل روم برٹش کمشنر سالونیکا بعض سرکاری بے قاعدگیوں کے جرم میں زیر مواخذہ ہے ۔

— امیگریٹ لندن نے فیصلہ کیا ہے کہ بوجہ کریلے ایکٹ بائیکل معمولی لگیج یعنی اسباب بھی ہے ۔

— لندن میں دو چور گرفتار کئے ہیں جنہوں نے پیرس میں ڈچز آف سدرلینڈ کے ۳۰ ہزار پونڈ کے زیور اڑا لئے تھے ۔

— برٹش۔ امریکن جرمن اور جاپانی سوداگر شنگھائی میں فرانسیسی ملاقے کی توسیع کے مخالف ہیں ۔

— دریائے ہنگسی کی طرف کا چین کو فرانسیسی ہند دوانہ کی گئی ہے اور ایک پیسے ہی مالکن ہیں ہے ۔

— گارڈن میموریل کالج خرطوم کے واسطے کمیٹی ۱۰ پونڈ کھولا جائیگا ۔

— ہیکیڈ لائٹ انفنٹری جرمنی کے ڈیرہ پورٹ کو روانہ ہوئی ۔

— ہنگری قرضہ چین کی شرح سود ۲ فیصدی سے زیادہ نہ ہوگی ۔

— زار روس نے جو ۴ گھوڑے سلطان المعظم کی نذر کئے ہیں وہ ڈسمبر کے پہلے ہفتے میں قسطنطنیہ پہنچ جائیں گے ۔

— سر رابرٹ کورٹ لبرل پارٹی کی لیڈری سے مستعفی ہو گئے ہیں گر خود مختاری میں پارٹی کی خدمت کرینگے ۔

— ٹائکن پون ریلوے کے واسطے ترمنیلیاڈ پیٹوں نے منظور کر لیا ہے ۔

— گورنمنٹ چین نے برٹش کلاں کو نیو چنگ لائن میں خاص رعائتیں دی ہیں ۔

— سرکار ٹمڈ انگلنڈ نے شنگھائی میں فرانسیسیوں کو رعائت ملنے کی شکایت کی ہے ۔

— شہنشاہ چین اور ہیو اہپرس نے سفرائے غیر متعینہ چین کی بیویوں کو دعوت دی ۔

— سلطنت عثمانیہ نے بلا لاکے یہودیوں کو اپنا عبادت گاہ پھر تعمیر کرنے کی اجازت دی ہے ۔

— چین میں حفظ امن کا انتظام باقاعدہ فوج یا پولیس کے زیر اہتمام کرنے کا خیال ہے ۔

— روسی وزیر خارجہ نے اطلاع دی ہے کہ رعایائے سرویہ کو بھی وہی حقوق حاصل کئے جائینگے جو رعایائے عثمانیہ کو ملے جاتے ہیں ۔

— گورنمنٹ روم اس تجویز کو کامل منظور کرنے والی ہے جو وہاں سے مصر کو جاتا ہے ۔

— استنبول کے کوچوں کی کثیف حالت کی طرف افسران حفظان صحت کو توجہ دلائی گئی ہے ۔

Chamberlain's Colic Cholera & Diarrhoea Remedy
چیمبرلین کی لک کا لرا اینڈ ڈائریا ریڈی
(چیمبرلین صاحب کی تولید۔ ہضمہ اور پیچش کی دوائی)
(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)
نہایت عجیب دوائی اپنی قسم ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے تمام معدے کے دردوں کو فوراً دور کرتی ہے۔ تولید ہضمہ پیچش۔ زہریلی دوائی زہریلے پھلوں کا ہضمہ۔ اسٹریوں کی ہر قسم کی بیماریاں ۔
قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ بڑی بوتل دو روپے
اہو مریض نصیر الرین اینڈ سنز مکان نمبر ۱۰ بیڈن روڈ لاہور میں مقبل اہل اور ملنسار میاں فیروز الدین سوداگر ادویات تجویز حال ہذا سے لکھتے ہیں

فریڈرک نزار لفٹننٹ گورنر کے ایڈیکانگ ہوں گے۔

گزشتہ ہفتہ گورنر جنرل بارائٹ گورنر جنرل نے راجہ صاحب رکھام کو اختیارات ریاست عطا کئے۔

اس وقت حضور ایسرائے کی کونسل کے تمام ممبر کلکتہ پہنچ گئے ہیں۔

۱۰ تاریخ کو ہز ٹننٹ گورنر بنگال نے بلو ٹیبی میں دربار کیا۔

۱۸۹۸-۹۹ء میں ۳۸۰۰۰ ایکڑ اراضی اس ملک میں زیر کاشت لگیوں تھی جس کا رقبہ سالِ سابق ۳۸۴۳۰۰ ایکڑ تھا ماہ اکتوبر میں ۲۹۵۷ ۴۳۵ روپے کا سونا اور ۲۹۳۴ ۵۵۹ روپے کی چاندی ممالک غیر سے آئی۔ اور ۱۷۰۹۳۵ روپے کی مصنوعات ہوئی راجپوتانہ میں بارش کے ہوئے سے آثار قحط نمودار ہو رہے ہیں اجمیر مارواڑ اور میواڑ کے کئی اضلاع سخت مصیبت میں مبتلا ہیں۔

مسٹر ہرکٹ ایف۔ اے۔ ضلع فرخ آباد سکرٹری گورنمنٹ ہند مسٹر میکلب کی وفات کے باعث رائلت سے تشریف لائے ہیں۔ اس اثنا میں مسٹر کاکس ان کی جگہ کام کرینگے۔

مسز اینی بیسنٹ کی کارروائی سے بنارس میں ایک سنٹرل ہندو کالج قائم کرنے کی تجویز ہو رہی ہے۔

مسٹر سرجیکب سے گزشتہ پیر کو بائی گورٹ شمال مغربی صوبجات میں اجلاس کیا۔

بار ایسوسی ایشن الہ آباد کے ممبر جسٹس کو فریشن ہال میں دعوت دیں گے۔

گورنمنٹ ہند نے ایک سو ڈاکٹروں کے تقرر کا حکم منسوخ کر دیا ہے۔ تاہم ہر سوس کے واسطے تیار رہینگے۔

امام ہنگال ریلوے کی شاخ گوہٹی کو زلزلوں سے جو صدمہ پہنچا تھا۔ درست کیا گیا ہے۔

سر فریڈرک لیگ کے سی۔ ایس پی پریزیڈنسی حیدرآباد مع صاحبزادہ اور ۱۲۵ ملازموں کے حضور نظام کی طرف سے لاڈ ایلن کو وداع کرنے اور لارڈ کرزن کو خیر مقدم کہنے کے لئے وارد کلکتہ ہونگے۔

لارڈ کرزن ۳۰ ماہ حال کو وارد بمبئی ہونگے۔

۱۲ جنوری کو لیڈی کرزن ڈرائنگ روم منعقد کرینگی جس کے واسطے ۲ تاریخ تک کارڈ حاصل ہو سکتے ہیں۔

کمیشن طاعون کے ۱۰ تاریخ کو جلگاؤں کا دورہ ختم کرینگے اس کے ممبروں کو مدراس صاحب کے محل میں دعوت دی جائیگی۔

کاغذ گزنی جوڑہ اور کلکتہ کرانگ لگی۔ دونوں بھگیڈ اس کو فرو کرنے کے واسطے پہنچے تھے تاہم ایک بڑا گودام جل گیا۔

کارپوریشن کلکتہ نے ٹیکہ کو کپنی پر لیٹ کو درست نہ کرنے کے واسطے استفاثہ دائر کیا ہے۔

بجٹ ہند میں آمدنی سرحدی مہم کے خرچ میں کمی لگائی گئی ہے۔

نند لال کی شاخ مدراس نے اپنے حساب بند کر دئے ہیں۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

لائل پور ریلوے سٹیشن راولپنڈی کے باہر ایک مجہول شخص کی لاش ملی۔

خواجہ یوسف صاحب کابل کے لاڈ کمشنر مع بیوی اور بچوں کے لاہور کو مدراس گئے ہیں۔

شہر سرینگر کے قریب ایک چشمہ کا پانی آتشبار کے ساتھ بہتا ہے۔

شملہ و کالکا ریلوے کا کام امسال میں شروع نہیں کیا جائیگا۔ پٹھان کوٹ ریلوے سروے ختم ہو گیا ہے اب صرف نقشے اور تخمینے منظور ہونے باقی ہیں۔

امیر صاحب کے ایجنٹ سر سالٹر پائن اب تک پشاور میں ہیں

پچھلے ہفتہ آنریبل بابا کھیم سنگھ صاحب بیدی کے پوتے صاحبزادہ کی تقریب پر راولپنڈی میں بہت بھاری رونق رہی۔

صاحبزادہ پنجاب کیولری میں کوہاٹ سے ہوں بھیج گیا ہے۔

کرنل پیلی متعلقہ ۱۱ ویں ہسار عہدہ ایڈجوٹنٹ جنرل پنجاب کے واسطے منتخب ہوئے ہیں۔

۱۱ تاریخ کو شمال مغربی سرحد پر لنڈا کی کی بلند پہاڑیوں میں گشت کی گئی۔ اور دشمن دیکھا گیا۔ جہاں پچھلے سال لفٹننٹ گریفن اور نکلسن ہلاک ہوئے تھے۔

شمال گذشتہ سے کوہاٹ ریلوے لین کا سروے شروع ہو گیا ہے سروے پارٹی کا ہیڈ کوارٹر شمال گذشتہ کے قریب ہوگا جس ہر پائیر سے (شروع سے دگئی تک اور کوہاٹ سے بنوں تک اور اس کے آگے میتروں ریلوے لائن تیار ہو چکی ہے بھیجا خبر مشتہر کی ہے۔

بالائی پنجاب میں موسم سرد ہو گیا ہے۔ نہایت برفباری ہوئی ہے۔ پیر کی اشد ضرورت ہے۔

پالم پور سے بیجن تک گاڑیوں کی سڑک تیار کیجائیگی تخمینہ ۳۰ سال پہلے ہو چکی ہے۔

دہلی کے شفا خانہ آنکھ دکان کی حالت مالی امداد ملنے سے بہتر ہو رہی ہے۔ چاہئے کہ اس نقصان عام کی دل سے امداد کرنی چاہیے۔

شہر بہاولپور کے تمام کچے مکان تباہ کرائے گئے ہیں۔

کوہ لنڈا کی سڑک دسمبر مکمل ہو گئی ہے۔ ۱۹ تاریخ کو گائیڈ انفنٹری اور ہم بنگال سیپرز کے ایک سکواڈرن نے کھاری کی طرف کوچ کیا۔ اور باقی فوج ۲۰ تاریخ کو چلی۔ اور ۲۳ تاریخ کو مالاکنڈ واپس ہونگے۔

۱۳ تاریخ کو زیری لیکچر سے منسلا واقع کرم سے آٹھ شتر گئے۔ ملیشیا لشکر کا تقاضا کیا۔ ٹیٹروں نے لشکر نہیں سرکیں جن کا بجائی جواب دیا گیا اور اونٹ چھوڑ دئے گئے۔

وزیرستان میں تین روز سے بارش اور برف پڑ رہی ہے جس کے جاری رہنے کی امید ہے۔ ۶ ہزار فیٹ کی بلندی تک بہت بھاری برف پڑی ہوئی ہے۔

جن لوگوں کو موسم گرما بنوں اور ایبٹ آباد جیسے گرم مقامات میں بسر کرنا پڑتا ہے۔ وہ اس خبر سے خوش ہونگے کہ آئندہ موسم گرما میں وہاں ایک برف کی کل لگائی جائیگی۔

ہز ایکسی میجسٹی مہاراجہ صاحب کشمیر پیشوا اور چیف و غیرہ لارڈ کچنر کو دان کرنے اور لارڈ کرزن کو خیر مقدم کہنے کے واسطے کلکتہ گئے ہیں۔

ہز ہائینس امیر صاحب کابل کے اسطبلوں کے سپرنٹنڈنٹ مع بیوی اور بچوں کے اور لنڈی کوتل ہو گئے۔

شملہ کا لکا ریلوے کا کام امسال میں شروع نہیں کیا جائیگا۔ پٹھان کوٹ ریلوے سروے ختم ہو گیا ہے اب صرف نقشے اور تخمینے منظور ہونے باقی ہیں۔

گسٹرا ایجنٹ گشتری کے ڈیپارٹمنٹل امتحان میں ۱۷ امیدوار کامیاب ہوئے ہیں جن میں ۷ یورپین یا یورشین ۷ مسلمان اور ۳ ہندو ہیں۔

شملہ میں موسم کی حالت غیر معین ہے۔ ایک دن دھوپ نکلتی ہے۔ دوسرے دن بادلوں کے چھا جانے سے موسم سرد ہو جاتا ہے۔

ہز آنریبل لفٹننٹ گورنر پنجاب ۱۱ تاریخ کو وارد لاہور ہوئے اور ۱۸ کو مزید دورہ پر روانہ ہوئے۔

پنجاب میں سب سے پہلے میونسپلٹی شملہ نے افسر صحت کا مقرر کرنا منظور کیا ہے۔

مسٹر ایم رٹسن رجسٹرار پنجاب یونیورسٹی آئندہ جنوری (داری کے ۱۰ دنوں میں ریاست کشمیر کے کتب خانہ سری نگر کی فہرست مرتب کریں گے۔

سوشی خانہ حصار کا انتظام ملٹری ڈیپارٹمنٹ سے محکمہ مال مہتممی کے منتقل کیا جائیگا۔

سرحدی نوجوان پولیس ہنوزی اور سمانہ نے وزیریوں کی ۶ ہزار بکریاں اور اونٹ گرفتار کئے۔ لوگ اسی سزا کے مستوجب تھے جنہوں نے کئی سال ہوئے حکام کو سخت تنگ کر رکھا تھا

پولیس امرتسر نے ایک قمار خانے سے ۳۲ قمار باز ۱۲۰۰ روپے نقد اور آلات قمار بازی گرفتار کئے ہیں۔ اس سے پہلے بھی ۳ مرتبہ اس قمار خانے پر حملہ ہو چکا ہے۔

(اب دیکھ کے آدمیوں نے لعنت ملامت کے ساتھیوں کے ایک سو اسلحہ چھین لئے ہیں اور کاہیاڑوں کو بھگا دیا ہے۔

قاضی فیروز الدین ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان و شاہ میں ضلع ژوب کے متعلق سے متعلق رکھتے ہیں۔ لہذا ان کی رخصت کو رخصت دی جائیگی۔

دہلی اور لہوری میں موسلا دھار بارش ہو گئی ہے۔ پنجاب کے دیگر مقامات میں اس کی اشد ضرورت ہے۔

پنجاب بورڈ ایگزامینیشن ۲۱-۱۲-۲۶ اور ۲۸ دسمبر کو ہوگا۔

ہوشیار پور کی سڑک کی نسبت سخت شکایت ہے۔

گزشتہ چوبیس گھنٹہ کے اندر سے سرحدی ایجنسی ہے۔

صاحب لارنس آف سٹیٹ ہندنے پنجاب دریا کی اراضی کے متعلق قانون وضع کرنے کی اجازت

ہز ایکسی میر صاحب کابل کی صحت اچھی ہے۔ سرما شہر کے باہر بسر کر رہے ہیں۔

کشمیر میں سب سے پہلے ۱۰ دسمبر کو برف پڑی۔ لیکن اب مطلع صاف ہو گیا ہے۔

جناب عشق جیشہ [illegible] سب پلیٹ جج پنجاب لاہور کے ۱۰ ججوں میں داخل ہونے کو مدراس گئے ہیں

لفٹننٹ جنرل کمانڈنگ افواج پنجاب سرکل راولپنڈی سے دورے پر روانہ ہوئے۔

ممالک غیر

اٹلی کے ایوان خانہ روم میں انارکسٹوں کے پر کانفرنس ہو رہی ہے اس میں شامل ہونے کا اندیشہ ہے

برلن بیلجیم اور سوئزرلینڈ کے قانونوں نے

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

وہ عورت جو ہپناٹی طبیعی طاقت سے لوگوں کو روپیہ پیسے تقسیم کرتی ہے۔ اب ۲۰ سے لوگوں کو حیران کر رہی ہے۔

دریائے جمنا کے منہ کو شہر آگرہ کی طرف پھیرنے میں ناکامی ہوئی ہے۔ اس کوشش میں میونسپلٹی کو بہت تکلیف ہوئی ہے کیونکہ دریا کے بہاؤ کے ساتھ بندوبست کا دانہ نہیں مل سکا۔

مسٹر ای۔ ایچ۔ ایس۔ کلارک قائم مقام انڈر سکرٹری فارن آفس ۳ جنوری سے ۳ ماہ کی رخصت لینگے اور لفٹنٹ کرنل سی ایف ریمٹ سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ ایم۔ جی۔ ملٹری اجیتانہ ریذیڈنسی سے سبکدوش ہو کر ۴ ماہ حال ہی ۲ ماہ کی رخصت پر متعینہ ہونگے۔

مسٹر ڈی۔ ٹی۔ رابرٹس کمشنر بنارس مسٹر لاٹچی کی جگہ کلکتہ سیشن میں حضور وائسرائے کی کونسل کے ممبر ہوئے ہیں ریونیو بورڈ کے ممبر ہوئے اور مسٹر بارنس کی جگہ مسٹر سلی پورٹر جو اس وقت میرٹھ کے کلکٹر ہیں کمشنر بنارس ہونگے۔

مدراس میں ایک دیسی عورت نے ۵ مردہ بچے جنے جن میں ۴ لڑکے اور ایک لڑکی تھی۔

لیجسلیٹو کونسل بنگال میں ایکٹ آبکاری ۱۸۷۸ء کی ترمیم کا مسودہ پیش کیا جائیگا۔

مسٹر ارنلڈ کینیڈی انسپکٹر جنرل پولیس مسٹر ولنسنٹ کی جگہ جو سروس سے علیحدہ ہونے والے ہیں۔ کمشنر پولیس بمبئی ہونگے۔

ڈاکٹر البرٹ وان کرافٹ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل جگدلپور سرحد ہوئے ہیں اور شروع ماہ جنوری میں نئے عہدہ کا اہتمام لینگے۔

شاہ سیام نے جو بدھ مذہب کے ہیڈ ہیں بمقام کولمبو گورنمنٹ ہند سے شکریہ کے ساتھ لینی منظور کر کے اس فرض کے واسطے ایک کمشنر مقرر کیا ہے۔ جو اس ماہ میں سے کر بھاروں کے لوگوں کو تقسیم کرینگا۔

بولیس کورٹ کلکتہ میں میسرز ڈن گیتا و کمپنی کے ساڑھے سرکاری ماہ ریان سرکار پر اپنے فیوز کمپنی کی تقلی شیشیاں فروخت کرنے کا استغاثہ دائر کیا تھا۔ اس میں ملزمان کو ۴۰۰ روپیہ کی سزا ہوئی۔

۲۹ دیسی توپخانہ کے جس سپاہی نے پچھلے ہاکی میں شکار کھیلتے ہوئے ایک دیسی رنگروٹ کو مجروح کیا تھا۔ وہ صاحب مجسٹریٹ علی پور کے اجلاس سے بری ہوا۔ یہ حادثہ گمانی قرار دیا گیا تھا۔

۱۷ تاریخ کو صاحب مجسٹریٹ ہوڑہ کی عدالت میں ایکٹ مفرت عامہ ۱۸۷۸ء کے دوسرے کئی کارخانہ کے منیجر ماخوذ کئے گئے تھے ہوڑہ ملز کے منیجر جرمانہ ہوا۔ اور باقی ملزم زیر تجویز ہیں۔

کیپٹن ولیم ڈگل متعلقہ معدنیات [illegible] کے ملازم ۱۶ سال سے کم عمر کی دیسی لڑکی کو اغوا کرنے کا مرتکب [illegible] سپیشل مجسٹریٹ کاٹھیاواڑ کے اجلاس سے خارج ہوا۔ اور تمام سوء ثابت ہوا کہ یہ سوء پیدا کرنے کی نیت سے پکا کیا گیا تھا۔

دو تین روز گذرے ہیں کہ قریباً ۲۰ بدمعاشوں کے ایک گروہ نے ماگن بلف آسی ہوں کو لوٹنے کی کوشش کی۔ اور ان میں سے ایک کوش نے بڑھ کر پہرے والے گورے سپاہی پر تلوار سے حملہ کیا جس کو سپاہی نے گولی سے وہیں ڈھیر کر دیا۔ اور باقی بھاگ گئے۔

کارپوریشن کلکتہ کی جنرل کمیٹی نے لارڈ الجن کی خدمت میں وداعی ایڈریس۔ اور لارڈ کرزن کی خدمت میں ایڈریس خیر مقدم پیش کرنے کا مصمم ارادہ کیا ہے۔

۱۷ تاریخ کو میلیریا میں ۸۰ آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے اور ۱۶ فوت ہوئے۔ کراچی میں کوئی کیس نہیں ہوا۔

مدراس میں دھوبی۔ کوٹاتا۔ ہندو۔ مولاگاولی ہوسپیٹ اور متاگری سے طاعون کے کیسوں کی اطلاع آئی ہے گو بمبئی۔ جوالاپیٹ۔ وینیام بادی اور مدی کیرا میں بھی طاعون پھیل گیا ہے۔

پونہ سے خبر آئی ہے کہ کراچی کانٹونمنٹ سیشن کے پاس مال گاڑی کے فوجی ٹرین کے ساتھ ٹکرانے کا جو حادثہ ہوا تھا۔ اس میں پسٹن پارسی ڈرائیور رہا ہو گیا ہے۔ مگر گارڈوں کو بترتیب ۷۵ اور ۱۰۰ روپے جرمانہ ہوا ہے۔

۳ جنوری کو لارڈ کرزن مع سٹاف وارد کلکتہ ہونگے اور ۴ تاریخ کو لارڈ الجن روانہ ہونگے۔

مسٹر بارنس ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان کرسمس کے ہفتے میں کلکتہ جائیں گے۔

مسٹر ڈی۔ مارٹن سی۔ ایس۔ آئی مسٹر ڈی سمپٹن کی جگہ جب تک یہ وائسرائے کی کونسل میں رہینگے قائمقام فنانس کمشنر ہا ہونگے۔

آئینہ کیولری کیمپ میں رسالہ اسپیشل سرونس اور شریک ہوگا۔

گزشتہ اتوار کی رات کو کراچی میں کسی قدر بارش ہوئی۔ جس سے چارہ کی گرانی میں افاقہ ہونے کی امید ہے۔

گورنمنٹ مدراس نے ان ملازموں کو پوری تنخواہ پر ۳ روز کی رخصت دینے کا وعدہ کیا ہے۔ جو ٹیکہ کرانا چاہیں۔ سرکاری مدارس میں بھی اسی قسم کی رعایت کی گئی ہے۔

کیپٹن ڈگلس متعلقہ پنجاب کیولری دوم رسالہ کی سالانہ قواعد کے کیمپ میں آرڈرلی افسر ہوئے۔

گورنمنٹ ہند نے ٹامسن انجینرنگ کالج رڑکی کے واسطے ایک ٹکنیکل استاد کی بابت اعلان دیا ہے۔

میجر جنرل اے۔ ای۔ سٹرسی۔ بی۔ آر۔ بی۔ جنرل دفاتر کے ہیڈ کوارٹر میں ۵۶ برس کی عمر میں ترقی یاب ہوئے۔

۱۸۹۷-۹۸ء میں ہر ہائی کے مدارس میں ۱۶۲۸۰ طالب علم تھے۔ جو پچھلے سال ۱۵۸۳ مدارس میں ۱۵۹۶۲۹ تھے۔

صوبہ بہار کے بعض جاگیر پرگنہ میں ہیضہ نمودار ہو رہا ہے کئی آدمی مبتلا ہو چکے ہیں۔ مگر اب تک کوئی نہیں مرا۔

مسٹر آر۔ ایچ۔ دت بی۔ ایس (لندن) ڈائرکٹر ایل اکر کی جگہ پریسیڈنسی کالج کلکتہ کے کیمیا جیالوجی مقرر ہوئے۔

کوئنس آف ویلز منسٹر ۲۰ دسمبر کو نبھا گیپور میں وارد ہونے والی تھیں۔ لوگ ان کی تقریب سننے کے بہت خواہشمند تھے۔

پورنیہ کے شمال مشرقی حصے میں ہلاک ملاریا جس کو کالا دکھ کہتے ہیں پھیل گیا ہے۔ اسکی سرکاری طور پر تحقیقات ہو رہی ہے۔

آنریبل نظام نے ریذیڈنٹ کو اطلاع دی ہے کہ ہز ہائینس حضور نظام نے گورنمنٹ کی یہ تقریک منظور کر لی ہے کہ آئندہ کوئی شخص لیج کے واسطے نہ جائے۔

گورنمنٹ نظام کو سرکاری طور پر اطلاع ملی ہے کہ مسٹر او سی واٹر فیلڈ کی جگہ لنڈن میں کرنل آرتھر سارجنٹ ڈائرکٹروں کے بورڈ میں نشست اختیار کرینگے۔

۲ ہم فج کے ۳ سپاہی ۵ موٹیں اور ۱ پنجے اور ۳ پرنٹ افسر یونہ سے منڈالی کو جاتے ہوئے کلکتہ سے گزرے۔

مہاراجہ صاحب دربھنگہ کی وفات کے باعث جو گزٹ سپیشر کو واقع ہوئی۔ لیجسلیٹو کونسل کا اجلاس ملتوی ہوا۔

۱۶ تاریخ کو کلکتہ میں چار کے ۱۴ ہزار گھنٹوں میں سے جو فروخت کھڑے بستے رکھے گئے تھے صرف ۲ سو بچے۔

سال گزشتہ کی نسبت ۱۰ لاکھ پونڈ زیادہ انگلستان کو بھیجی گئی۔

سٹرڈبلیو انڈرسن متعلقہ جیالوجیکل سروے ہندوستان میں کوئلہ کی کانیں دریافت کرنے کے لئے جاتے ہیں۔

یہ مشہور ہوا ہے کہ دمودر ہری چاپیکار کا بھائی بالکرشنا ہری چاپیکار جس نے پونہ میں مسٹر رینڈ اور لفٹنٹ آرسٹ کو ہلاک کیا تھا۔ حیدرآباد دکن میں گرفتار ہوا ہے۔

ہوئی کورٹ آف ایڈمرلٹی کلکتہ نے جہاز چھپرا کے زمین پر لگنے کے جرم میں کپتان فیرس کا سارٹیفکیٹ ۳ ماہ کے لئے چھین لیا ہے۔ اس حادثے سے ۵۰ ہزار روپے کا نقصان ہوا ہے۔

گزشتہ جمعہ کو حضور وائسرائے کی پارٹی وارد کلکتہ ہوئے۔ ایک خاص جہاز ان کو گوردن سے لے گیا۔

لفٹنٹ ایل۔ ڈوائر کی جگہ جو گرینیڈیر گارڈ کو واپس جاتے ہیں کپتان ای۔ ایس جیکسن متعلقہ ششم ڈریگون گارڈ بمبئی سے

طلاء کے وہ تمام نقائص جو کیپن کی غلاظت کا یوں سے اپنے ہوتے ہیں اور ان کے بدمزاج سے لذات و شادی نصیب ہوتی ہیں وہ اسکے استعمال کو تریاق سمجھ کر ہمیں اس طلاء ملتعمال سے بالوس العلاج بغیر کسی قسم کی تکلیف کے دوبارہ طلف زندگی حاصل کر سکتے ہیں (اسکی چند روزہ استعمال سے کیڑے مکوڑوں کی سستی و [illegible] وجہ سے کثرت تجامعت یا کمین کی بیہودہ خواہشوں سے پیدا ہوتی ہوں) ہیضہ گیلج بالکل دور ہو جاتے ہیں ہم دعوی سے کہتے ہیں کہ اس قسم کے مریض کو انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی (قیمت فی شیشہ) دو روپے آٹھ آنہ۔

المشتہر حکیم مولوی مہتاب الدین مالک شفاخانہ معدن حکمت لاہور

عجوبہ روزگار ہے یا کثرت مباشرت یا کمین کی بیہودہ خواہشوں سے یا بگی اور دیگر اعضاء رئیسہ کمزور ہو گئی ہو تو عجوبہ روزگار کا استعمال کرو اسکے استعمال سے بدن کی کل کمزوری اور ملی مخصوص بیماریوں اور بامی کمزوری بالکل دور ہو جاتی ہے ضعف دل۔ ضعف دماغ۔ ضعف جگر۔ ضعف گردہ۔ ضعف مثانہ وغیرہ کو دور کرتا ہے رنگت اور صورت وغیرہ علامات کو شرطیہ دور کرتا ہے۔ قیمت فی ڈبیہ (۶ حصص) دو روپے۔

المشتہر حکیم مولوی مہتاب الدین مالک شفاخانہ معدن حکمت لاہور

عرق ربانی ہے یا اکسیر ہے یا اس وجہ کا کہ پرانے اشک کے آثار جڑ سے کھو دیتا ہے یہ کرنل سر جن ڈاکٹری این صاحب بہادر اور زبدۃ الحکماء حکیم غلام مصطفےٰ صاحب ایم او۔ ایل دیگر رؤسا ہندوستان نے بعد تجربہ ثابت کر دیا کہ یہ عرق ربانی مادہ اللہ سے جڑ سے مفرح دل و مصفی خون اور مزیل التاثیر کیفیت فی بوتل ہے

المشتہر حکیم مولوی مہتاب الدین مالک شفاخانہ معدن حکمت لاہور

نومبر ۱۸۹۸ء کو جاری کیا ہے اس سے ان کو خطرہ جان ہو
جاتا ہے۔ اس لئے وہ ہمیشہ دو سپاہی رکھنے اسلحہ کے دیا دلائے۔
پیر صاحب موصوف نے خود مولوی صاحب اور مرزا صاحب
کے نام نوٹس جاری کیا تھا کہ وہ ۱۵ اگست کو حاضر ہو کر وجہ ظاہر
کریں کہ کیوں ان سے ضمانت حفظ امن نہ لیجاوے۔ مولوی صاحب
نے اپیس کر دیئے کیوں نہ بچتے جبکہ درخواست بہ بنائے اشتہار
محض بے بنیاد تھی۔ مولوی فضل الدین صاحب وکیل لاہور کل
زادہ صاحب کی طرف سے تار پہنچنے پر یہاں آئے تھے۔ آج
مقدمہ پیش ہوا۔ مگر بلا کسی کارروائی کے دو جنوری تک ملتوی کیا
گیا۔ مولوی فضل الدین صاحب کے ساتھ شیخ علی احمد صاحب
اور بعض دیگر پلیڈر شامل ہیں۔ مولوی صاحب کی طرف سے شیخ
نبی بخش صاحب وکیل ہیں۔ مفصل حالات پھر لکھے جائیں گے۔

جناب میر زاحمد علی صاحب مالک مغل حویلی کے خاندان
اہتمام شادی کا ذکر ان کالموں میں ہو چکا ہے۔ اس کے متعلق
اتنی بات قابل تذکرہ ہے کہ میر زا صاحب جب تنبول پر بیٹھے
تو انہیں بہت سا تنبول وصول ہوا۔ لیکن ایک صاحب نے
عجیب ستھرے مذاق کا تنبول مرزا صاحب کو پیش کیا۔ یہ حکیم
محمد شریف صاحب مالک شفاخانہ عام کا تنبول تھا جس کے
لئے طلائی اشرفیوں کو خاص ضرب سے مضروب کیا گیا تھا۔
ان کے ایک طرف "شفاخانہ عام لاہور کی طرف سے"۔ اور
دوسری طرف "مغل حویلی میں یہ جشن مبارک ہو" مضروب تھا۔
اس آخری فقرے سے بحساب ابجد ۱۸۹۸ء نکلتے ہیں۔ یہ اشرفیاں
ایک خوشنما طشتری میں سجائی گئی تھیں۔ سنا ہے میر زا صاحب
ان اشرفیوں کو بطور یادداشت جشن مبارک ہمیشہ اپنے
پاس رکھیں گے۔

اخبارات ولایت میں لین نامی ایک منجم کی چٹھی شائع
ہوئی ہے۔ جس میں اس نے آئندہ سال کی نسبت چند ہولناک
انقلاب انگیز پیشینگوئیاں کرتے ہوئے اصلاح دی ہے کہ لارڈ
سالسبری کے ہاتھ سے انگلستان کی صدارت عظمیٰ اور وزارت
خارجہ لے لیجائے۔ کیونکہ من کے ذائچہ سے معلوم ہوتا ہے
کہ جس قوم کے ساتھ یہ جنگ کریگی نتیجہ معکوس ہوگا۔ کیا لارڈ
ممدوح اس توہین صریح پر منجم کو قانونی عدالتوں میں باضابطہ
پراسیکیوٹ نہیں کر سکتے۔ خاصکر جبکہ یہ دریافت ہو جائے
کہ وہ لبرل گروہ سے تعلق رکھتا ہے؟

کسی زمانے میں لکھنؤ ہندوستان کا پیرس تھا۔ نواب
یہ شرف حیدرآباد کو حاصل ہوتا جاتا ہے۔ جہاں لباس۔
رسم و رواج وغیرہ کے نئے نئے طریقے آئے دن نکلتے رہتے ہیں
پردہ اٹھا دینے کی نسبت پہلے پہل وہیں سے تحریک ہوئی۔
اور اب جدید فیشن کی شادیوں کا بھی زمزمہ شروع ہو گیا ہے۔
چنانچہ اخبار جریدۂ روزگار بشائقہ کتخدائی کے عنوان سے
ایک شادی کا حال لکھتا ہے جو ایک فوجی لفٹنٹ کی نواب
میجر فرسالدولہ بہادر سپہ سالار افواج نظام کی نواسی سے ہوئی
ہے۔ اس شادی میں اسوائے اس امر کے کہ دلہن سراوق
عصمت میں تھیں اور تمام باتیں بالکل انگریزی شادیوں کی
سی ہوئیں۔ دولہا بجائے زرین لباس نوشاہی کے فوجی
وردی میں تھے اور خلاف دستور ریاستیوں میں کسی طرح تمیز نہ
کئے جا سکتے تھے۔ نکاح بھی کھڑے کھڑے ہوا اور بعد نیز شمنٹ
کے مہمانوں کا فوٹو لیا گیا۔

جنوبی ہند کے اخبارات نواب ناظم الدولہ رستم جاہ بہادر
والئی مچھلی بندر کی وفات پر اظہار افسوس کر رہے ہیں وہاں
کے مسلمانوں میں سربرآوردہ سمجھے جاتے تھے اور اپنی فیاضی
اور عالی حوصلگی کے لئے مشہور تھے۔ حصہ جنوب کے مسلمانوں
کو یہ دوسرا صدمہ گزشتہ چند ہفتوں کے اندر پہنچا ہے۔

ولایت سے "انٹی ریویسیکشن سوسائٹی" (ایسی انجمن
جو طبی تحقیقاتوں کے لئے جانوروں کے چیرنے پھاڑنے۔
ابالنے۔ سڑانے اور اوپر مختلف امراض کی آزمائش کرنے کے
خلاف ہے) نے ایک عرضی تمام راجگان و ذوالمان ہند کو
بایں مضمون بھیجی ہے کہ وہ مہاراجا صاحب دھولپور کے
مجوزہ ہیلتھ انسٹیٹیوٹ میں چندہ دیں۔

ایک ہمعصر نے گورنمنٹ کو یہ مشورہ دینے میں اپنی عقلمندی کا
عجیب طور سے اظہار فرمایا ہے کہ وہ ملا مدا دیگر سرحدی شورش
انگیز فقیروں کی گرفتاری کے لئے اگر کثیر المقدار زر انعام کا وعدہ
مشتہر فرمائے تو ان کے ہمقوم ہی انہیں پکڑ کر سرکار کے حوالے
کر دینگے اور اس طرح گورنمنٹ کو آئے دن کی دردسری اٹھانے
اور سرحدی مہمات کی شدت برداشت کرنے سے نجات مل جائیگی
کیا معقول تجویز ہے۔ اس سے صاحب اخبار کی ہمدردی کا پورا پتہ
لگتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ گورنمنٹ اسے منظور فرما کر ان کو
شکوری کا موقع نہ دیگی۔

اخبارات ایسٹان کو اضلاع متحدہ امریکہ کے مقام سینٹ
لوئس سے ایک عجیب غریب تار آیا ہے کہ وہاں ایک نہایت
حسین اور چہل ایکسرس مینی سلگین نامی جمسٹر روبٹ کنگ کی
بیوی ہے۔ اور نیویارک میں آجکل بہت ہی مشہور و معروف سمجھی
جاتی ہے۔ یہ تجویز پیش کی ہے کہ میر و جسٹریٹ فیئر کمپنی اسطرح انتظام
کوئی نیم ہوائی ماہ کے اخیر میں ایک بالون پر سینٹ لوئس سے
ہے کہ ایک ہزار ڈالر وصول ہو جائینگے۔ اور وہ کہتی ہے کہ میرا
بوسہ اسی قیمت کا مستحق ہے۔ دیکھو کونسے شوقین فرہاد بنتے ہیں

لارڈ کرزن صاحب بہادر جدید وائسرائے ہندوستان کی
میزبانی کا فخر اس ملک میں سب سے پہلے مہاراجہ سر جوتندر
موہن ٹیگور کو حاصل ہوگا۔

حیدرآباد لاکن سے بذریعہ ایک خاص تار برقی کے معلوم
ہوا کہ عالیجناب محبوطی ہند لبل ہند و سلطان جہان ہمتاد دبیر الدولہ
فصیح الملک حضرت نواب مرزا خان صاحب داغ دہلوی ناظر
جنگ بہادر استاد اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ
زوجہ محترمہ نے ۲۶ رجب کو انتقال فرمایا۔ حضرت داغ بالقاب کے
لئے اس گھرانے میں یہ صدمہ واقعی ناقابل برداشت ہے اور
ان کے شاگرد ہو خواہ جن کی تعداد ملک میں غالباً سینکڑوں
اور ہزاروں سے متجاوز ہوگی۔ ضرور اس خبر کو افسوس کے ساتھ
سنینگے۔ مجھے جناب ممدوح کے ساتھ اس واقعہ تعب خیز میں پوری
ہمدردی ہے۔ اور دست بدعا ہوں کہ ایزد مطلق مرحومہ کو اپنے
جوار رحمت میں جگہ دے کر نواب فصیح الملک بہادر و دیگر
متعلقین کو صبر جمیل کرامت فرمائے۔

اخبار [illegible] اسلامی اخبارات امید ظاہر کر رہی ہے کہ جس طرح ہز
ایکسیلنسی سر آرتھر [illegible] لاک بہادر نے ایک جنٹلمن مسلمانوں کو معزز سرکاری
ملازمتوں پر فائز فرما کر اس قوم سے اپنی ہمدردی کا عملی ثبوت دیا ہے اسی طرح
وہ اس سال کے [illegible] مدراس کے معزز مطلب عثمان صاحب
کو اسی مسلمان کو [illegible] وقائد سال کے

STEARNS' INSTANT COUGH CURE

سٹیرنس صاحب کا سریع التاثیر کھانسی کا علاج

یہ کھانسی۔ زکام۔ ضیق النفس۔ گرفتگی گلو اور آواز کے بیٹھ جانے اور خراش حلق۔ پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں کے تمام سوزشی امراض سے اسطرح سے زیادہ مجرب ہے
استعمال سے معاً افاقہ ہو جاتا ہے۔ سٹیرنس کے سریع التاثیر علاج کھانسی کے حاصل کرنے کے لئے اصرار کرو۔ اور کوئی دوسری شے مت استعمال کرو۔ اصلی دوائی
کا کاغذ لپٹا ہوا ہے۔ ہند اور دنیا کے تمام دواسانا اور دوا فروش ہر قسم کی شیشیوں میں فروخت کرتے ہیں۔

راجہ نیت پال سنگھ کے مقدمے میں ایک دلچسپ قانونی نکتہ

عدالت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مقام گلشن کی حیثیت میں حاکم ضلع رہتے ہیں) بہادر جائنٹ مجسٹریٹ (جو بعض سیاسی امور کی نوعیت کی وجہ سے ہمارے ملک معزلی وشہ کے پیادہ فوج کے سپاہی ہیں) ہمارا آپکی فرض منصبی میں بے ضابطگیاں عمل میں لائے کی بابت جو الزامات لگائے گئے ہیں۔ اُن کی تحقیقات ڈویژنل الٰہ آباد میں ایک کمیشن کے روبرو ہو رہی ہے اور دیکھنے کب تک جاری رہے گی کیونکہ قبل از اجلاس کمیشن تحقیقات کے ایک ہی دن میں ختم ہو جانے کا جو خیال ظاہر کیا جاتا تھا وہ غلط نکلا۔ اور یہ بھی سے کہ کار عرصہ گزر جانے پر بھی ہنوز بیان وشہادت ستغاثہ ختم نہیں ہوئی۔ ابھی ڈیفنس باقی ہے جو دیکھنے کیسا ہو۔ کیونکہ ستغاثہ کی طرف سے جو باتیں ثبوت الزامات میں پیش کی گئی ہیں وہ بادی النظر میں ایسی معلوم ہوتی ہیں جن کی تردید آسان نہیں ہے۔ مگر ہم الزامات سے بڑھ کر مقدمہ مذکور میں ایک عجیب غریب دلچسپ نکتہ پیچھا ہے۔ یعنی بعض معتبرین کی طرف سے اس خیال کا ظہور ہوا ہے کہ اگر کمیشن کی رائے میں راجہ صاحب پر مذکورہ الزامات ثابت ہو گئے اور یہ امر تسلیم کر لیا گیا کہ وہ خلاف قاعدہ وقانون انہ سامنے پیش ہونے والے مقدمات کے فیصلے دوسروں سے لکھوایا کرتے تھے۔ تو کیا وہ تمام لوگ جو گزشتہ چند سالوں میں اُن کے اجلاس سے سرانجام پائے ہیں بری یا بحال سمجھے جائینگے۔ ابھی چند روز ہوئے کہ مینے باہو موتی لعل صاحب وکیل کی قانونی بحث کا ذکر کیا تھا جس کے رو سے انہوں نے ہائی کورٹ الٰہ آباد کو اختیار اجلاس پر مجبور کر دیا تھا۔ مگر یہ مقدمہ راجہ بیت پال سنگھ والی بحث اس سے ذرا وہ دلچسپ ہے کیونکہ وہ تو صرف اجلاس کے ملتوی ہی کرا دینے تک پہنچی۔ اور یہ اگر بڑھی اور صحیح مان لی گئی تو سینکڑوں آدمیوں کو رہائی دلوانے پر جا کر ختم ہوگی۔ مگر مناسب ہے جو اس ساتھ ہی یہ بحث بھی کھائی جائے کہ جب کسی حاکم پر رشوت ستانی کے الزامات ثابت ہو جائیں تو کیوں اُن اشخاص پر اسر نو مقدمہ چلایا جائے جنہوں نے بذریعہ رشوت فائدہ اٹھایا ہے۔

ہندوستان کی تجارت برآمد

گزشتہ ماہ اپریل سے لے کر اخیر اکتوبر تک کے ۷ مہینوں میں ہندوستان کی تجارت بمقابلہ انہی ایام سنین سابقہ خوب ترقی پذیر ہوئی۔ سرکاری طور پر جو اعداد شمار شائع ہوئے ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ بالا مہینوں میں جس قدر مال باہر گیا اُس کی قیمت ۱۰ کروڑ ۸۸ لاکھ روپے تھی مقابلہ اخیر کیا کہ ۱۸۹۶-۹۷ء کے انہی ۷ مہینوں میں ۹ کروڑ اور ۵۰ لاکھ سے بڑھ گئی۔ مگر بھی گذشتہ ۵ سال میں بارہ لاکھ ہو چکا ہے۔ ترقی ہی خواہان ملک کے لیے یہ خوشی موجب نہیں ہو سکتی۔ ترقی تجارت کی حقیقی خوشی اسی وقت ہو سکتی ہے جب اسپیاء ملک کے بدلے ہندوستان کی اجناس میں ہمارے ہاں اضافہ نظر آئے۔ جو افسوس ہے کہ اب تک پایا نہیں گیا۔ تولہ (۱۰ ماہ) میں بھی زیادتی گیہوں اور چاول کے باعث تھی جن کی برآمد میں گزشتہ کے انہی مہینوں سے بالترتیب ۷۰ کروڑ ۵۰ لاکھ مقابلہ ۲ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔ سرسوں وغیرہ کی برآمد بھی ۲ کروڑ ۳ لاکھ روپے اور روئی تو بمقابلہ ۶ لاکھ روپے کے بڑھی

اس کے برخلاف ایک کروڑ ایک لاکھ روپے کا سن اور ۲۷ لاکھ روپے کا سوت پچھلے سال کی نسبت کم باہر گیا اور دیگر اشیائے صنائع میں بھی ۵۵ لاکھ کی کمی ہے۔ جسے بغیر افسوس کے نہیں پڑھا جا سکتا۔ گیہوں کی نسبت کہا جاتا ہے کہ یورپ کے گراں نرخ اور تنگ پیمانہ امریکہ نے اس کی برآمد کو بہت فائدہ پہنچایا۔ اپریل سے لیکر اکتوبر سنہ حال تک، لاکھ ۶۹ ہزار ٹن گندم ہندوستان سے باہر جا چکا تھا جس میں ۱۸۹۵ء کے ۲۵ ہزار یا سوا اور ۱۸۹۶ء کے ۹۴۶۰۰ ٹن کی نسبت بہت زیادتی ہے۔ چاول کل ۱۰ لاکھ ۳۲ ہزار ٹن باہر گیا جو بمقابلہ مقدار ۱۸۹۶ء کے سے زائد تھا۔ مصر نے ۲ لاکھ ۶۹ ہزار ٹن چاول اور سٹریٹس سیٹلمنٹ نے اس کے زیادہ یعنی ۲ لاکھ ۷۸ ہزار ٹن چاول خریدے۔ ممالک متحدہ برطانیہ ولنکا بعد ایک لاکھ ۴۰ ہزار میں لئے۔ اب کے چاول میں سے ہر ایک نے قریباً ایک لاکھ ۴۰ ہزار میں لئے۔ اب کے چاول کا کروڑ ۹۰ لاکھ روپے کا باہر گیا ہے جس کی قیمت انہی ۷ مہینوں میں باہر جانے والی گیہوں کی قیمت سے ۶۶ لاکھ روپے زیادہ ہے۔ سال آئندہ میں چاول کی اتنی کثیر مقداریں باہر جانے کی اُمید نہیں کیونکہ ہوا کی فصل اچھی نہیں بتائی جاتی۔

جدید قواعد ڈاک خانہ

ہندوستان کے انتظام ڈاکخانہ کی تاریخ میں بمشکل کوئی سال ۱۸۹۸ء جیسا نکلیگا جس میں ملک کے ساتھ بہت سی رعائتیں کی گئی ہیں۔ چٹھی کا وزن ایک آنہ محصول کے لئے ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک اور اخبارات کا وزن ایک پیسہ محصول کے لئے ۲ تولہ سے ۴ تولہ اور آدھ آنہ محصول کے لئے ۱۰ تولہ سے ۲۰ تولہ تک بڑھا نا یکم اکتوبر سے زیر عمل رہا ہے۔

سرسری نظر

سرکاری طور پر مشتہر کیا گیا ہے کہ "ہندوستان کی وبا کی کمیشن اور ذیل کے متعلق تحقیقات کرنے کی غرض سے مقرر بعد پنجاب میں آئینگی۔ (۱) وبا کے مختلف نزدلوں کی اصلیت۔ (۲) وہ طریق جس سے یہ بیماری ایک سے دوسرے شخص میں سرایت کر جاتی ہے۔ (۳) شفا بخش ماء الجبن کے اثر اور (۴) وبا کے والے ٹیکہ کے اثر۔ اہل کمیشن خوشی سے اُن اشخاص کی جو اُن کو امور زیر تحقیقات کے متعلق بیش اطلاع دینے میں امداد کے قابل ہیں۔ اور جو ایسا شخص کچھ واقعات کمیشن کے روبرو پیش کرنا چاہتا ہے اُسے بلا توقف کمیشن کے سکرٹری کے ایک بیان بزبان انگریزی ارسال کرنا چاہیئے جس سے یہ ظاہر اُس کو امور متعلقہ وہ باکا ملاحظہ کرنے سے کرنے موقعے ملے اور واقعات کے متعلق شہادت دے سکتا ہے۔ اہل کمیشن ہر امر کا فیصلہ کرینگے کہ آیا اُس شخص کو طلب کیا جائے اور اُس شہادت لی جائے۔

ذیل کی مبارکباد اُمید ہے کہ اُردو شاعری کے لذا دوحضرات وفرحت سے پڑھینگے اور شاعر صاحب کو اُنکی جگر کاوی پر داد دینگے

آساقیا مے طرب پلا دے — اندیشہ دل سبھی بھلا دے
تیاریاں پہلے سے ہو ہیں تھیں — موجود خوشی سبھی ہے یہ
آرائش وفرش قابل دید — موجود تھا خوبی کا دن
اکتوبر بست وچار خورشم — کیا روز مبارک اور ہے
مسند نشیں جب ہوئی کنوجی — بے انتہا خلعت خسرو
فیاضی کا ہاتھ پھر بڑھایا — ہونے لگے جاب و
آتشبازی خوب ہی کھلی پھر — آتا تھا نظر طرب سے
یارب ہو یہ جلسہ پس مبارک — یہ خوبی اور جشن ہیں
دعا دیتا ہے یہ سارہ بھی — دن دن رہے آپ کو

ایک صاحب گورداسپور سے حسب ذیل لکھتے ہیں ابو سعید محمد حسین صاحب بٹالوی نے صاحب ڈسٹرکٹ کی خدمت میں درخواست دی کہ مرزا صاحب قادیانی

پارسلوں کی معمولی چٹھی کے طور پر ۲ ربیں بھیجی ہونے لگی۔ ۲۵ ماہ حال سے تمام مقبوضات برطانیہ میں اور محصول پر ۲ آنہ فی تولہ تک کی چٹھی بھیجی جا سکیگی اور یکم جنوری سنہ ۹۹ء سے بیمہ کے جدید قواعد نفاذ پذیر ہونگے۔ جن کے رو سے ایک ہزار کے بجائے ۲ ہزار روپے تک کے مالیتی پارسل کا بیمہ قدیم شرح پر ہو سکیگا۔ آئندہ جو شخص کسی پارسل کا بیمہ کرائے اُس کو ایک فارم بھرنا پڑیگا جس میں اشیائے پارسل کی مفصل فہرست مع قیمت درج کی جاتی ہے۔ آئندہ سے یہ دقت بھی نہ رہیگی اور پارسل کا نرخ بیمہ کے اعتبار پر اسی طرح معمولی رجسٹری کی جاتی ہے۔ ہاں اتنا اہتمام البتہ ضروری ہوگا کہ پارسل کا بیمہ کے لئے بیمہ منظور ہو وہ رقم اور فرستندہ پارسل کا نام وپتہ بوضاحت لکھا جائے۔

روح جیون بوٹی اور طلائے اکسیر

وہ لوگ جو بچپن کی غلط کاریوں یا جوانی کی بے اعتدالیوں یا کثرت شراب۔ چانڈو اور افیون کی مضرتوں یا عرصہ دراز تک شادی نہ کرنے کے سبب طاقت سے بالکل ہاتھ دھو بیٹھے ہوں اور مایوسی کے باعث زندہ درگور ہونے کو غنیمت شمار کرتے ہوں۔ اور شادی کر لینے سے جو نذامت خانہ بربادش پھرتے ہوں۔ یا ڈاکٹروں اور حکیموں کی مضر رسان پیٹیوں کے ڈسے ہوئے ہوں اور مفید اور بالکل تکلیف نہ دینے والی ادویات کے نزدیک ہی نہ جاتے ہوں۔ اور پوشیدہ طور پر بلا کسی قسم کی تکلیف کے دائمی اور اصلی قوت باہ حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ بہت جلد اس داخلی وخارجی علاج کو منگوا کر استعمال کریں۔ قیمت فی بکس جس میں دو شیشی روح جیون بوٹی اور ایک شیشی طلائے اکسیر کی ہوتی ہے۔ اور جن کا استعمال مایوس مریض کے لیے نہایت ضروری اور لازمی ہے۔ مع محصول ڈاک وغیرہ تیرہ روپے آٹھ آنے۔

گر خط ماتقدم کے ساتھ ایک ایک شیشی ہر دو ادویہ کی بقیمت بعد مع محصول ڈاک بھیجی جا سکتی ہے۔

ملنے کا پتہ

حکیم محمد مسلی پروپرائٹر میاضی شفاخانہ ہو جد روح جیون بوٹی۔ معالج خاندان شاہی ریاست جموں

ریاست اعتراض کریگا۔ لہذا یہ چال سوچی گئی کہ پرنس جارج کو جزیرہ کا گورنر نامزد کیا جائے بلکہ دول یورپ کا مائی نسٹر آرہا جائے اور جس طرح سلطان سے منظوری لینے کی ضرورت باقی نہ رکھی جائے کیا اس سے بھی بڑھ کر کوئی عیاری اور چالاکی ممکن ہے۔ کہا نہیں سکتا رہتے تھے کہ بادشاہوں نے اپنی دفتر قرار رکھنے کے لیے کچھ ایسی تدابیر اختیار کیں جن میں فریب ہوتے اور مطلب نکل آتا جہاں عالم دانا ہیں اور پھر انیسویں صدی کے زمانہ ترقی و تہذیب ایسی چالاکی نظر سے گزرگئی۔ افسوس صد افسوس پر تو اسے چرخ دوں تھو! وہ گورنر کملا یا تو کیا اور مائی کمشنر کملایا تو کیا۔ سر حاتم حیازت ہے۔ اور وہ پرنس جارج کو خلاف مرضی سلطنت عثمانیہ جزیرہ سے ہٹا دیا گیا۔ ۲۱ نومبر کو دوم دار الخلافہ الٰہی سے جو تار برقی اندر اخبار سٹینڈرڈ کو پہنچی اس کا مضمون یہ تھا کہ دول یورپ نے دیا ہے کہ بطور حکومت سلطانی ایکستر کی جھنڈا کسی خاص جزیرہ پر اڑانے کی اجازت دی جائیگی۔ مگر جھنڈا اس امر کے لیے نہیں بتایا جا سکتا کہ سلطان اس کی حفاظت کے لیے کچھ آئینی یا بحریہ ایسی چیزیں رکھ سکیں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ تجویز بدل دی گئی۔ اور جیسا کہ ریوٹر کے تاروں میں مذکور تھا سے طبیل سلطانی سپاہ کو جزیرے میں رہنے کی اجازت ہے۔ بحل و بطش کے جھنڈے سے اور پرنس جارج اور اس کے مشیر مسٹر سویمز لینڈ کی تنخواہ کے متعلق گفتگو و پیش ہے۔ دو سالیسی نے یہ دلائے۔ سکندر سلطانوں کا شکریہ حاصل کیا جزیرہ قریبین کے پرچم میں ملکوں کا نشان "ہلال" رکھا جائے گا۔ مگر یہ افضل تسلی ستقبل زیادہ وقت نہیں دکھتا۔ مگر جانے کی لگتی ہی بہت ہوتی ہے۔

ہندوستان کا بجٹ

سر جیمس وِلسٹینڈ بہادر ممبر بال کی خدمات میں چند مہینے کے لیے صرف اس غرض سے دعوت ہے کہ وہ جدید انسر لیے کے لئے تخمینہ آمد و خرچ تیار کر ان کے بجٹ کو ملک عام طور پر جس نظر سے دیکھتا ہے کچھ ذکر فرط شہرت سے محتاج بیان نہیں۔ البتہ سر جیمس کی ایک خاص قابلیت مدت تک یاد رہیگی کہ وہ تھارو اپنے حسب مطلب خوب بنا لیتے ہیں۔ اور ایک ایسے وقت میں جبکہ ہندوستان بھر بوا۔ جنگ سرحدا و رقحط کا زبردست بحران سامنے تھا اگر وہ کامیاب نہیں تو کم از کم "غیر معمولی" ضرور پیش کرتے ہیں۔ دیکھئے آئندہ بجٹ میں کیا گل کھلاتے ہیں۔ مگر نظریہ قرائن یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں اپنی قوت انقلاب سے زیادہ کام لیا اور طبع وقاد نے دور دیا نہ پڑیگا کیونکہ اول تو سرحدی کارروائیوں اور متعلق جتنے خرچ کا اندازہ لگایا گیا تھا اس میں بچت ہے۔ اور دوسرے ریلوے جات میں قریباً ایک کروڑ کی ترقی ہے۔ خرچ تبادلہ بھی دوران سال میں مستقل رہا۔ اس کی فسروں کو جو معاوضہ تجویز کیا جاتا ہے اس میں بھی ہوگی۔ سزامت کی حالت گزشتہ فصل میں امید سے بھی۔ اور اس فصل میں بھی بری نہیں۔ جس کے لیے بجٹ کی کامیابی قریباً یقینی کہی جا سکتی ہے۔

تاجران ریلوے توجہ

ریلوے ڈیپارٹمنٹ میں ایک دو جگہیں خالی ہیں۔ جو لوگ ملازم ہونا چاہیں درخواست دیں۔ انہیں فائدہ پہنچانے کی خاطر منتظمین ریلوے نے یہ انتظام کر رکھا ہے کہ ہر ریلوے سٹیشن پر ایک سٹور کھلا ہے جس سے ایک بڑی دوکان کھولی گئی ہے جس میں ہر قسم کا مال سوداگر فروخت موجود رہتا ہے اور ملازمین ریلوے کو بازار کی نسبت نصف قیمت پر دیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس سے کراچی سے لاہور تک جو مال آتا ہے اس پر کمیشن ملازمان ریلوے صرف برائے نام وصول کیتی ہے۔ غیر جہاں تک اس سے اپنے ملازموں کا تعلق ہے ریلوے کے رواجی محصول پر مال لانے میں کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔ مگر اب چند سال سے یہ بیقاعدگی برتی جانے لگی ہے کہ عام لوگوں کے ہاتھ بھی اس دوکان سے مال فروخت کر دیا جاتا ہے اور چونکہ اس کی قیمت میں بوجہ تخفیف محصول کچھ فائدہ رہتی ہے۔ اس لئے لوگ عام تاجروں کے بدلے وہیں سے اشیاء مطلوبہ خرید لاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس میں سوداگروں کا سخت نقصان متوقعہ ہے۔ اور اس نقصان کو محسوس کر کے انجمن تجارت پنجاب نے صاحب منیجر تار تھ ویسٹرن ریلوے کو ایک درخواست بدیں مضمون بھیجنے کا ارادہ کیا ہے کہ وہ ملازمان ریلوے کے سوا اور لوگوں کے ہاتھ مال فروخت کئے جانے کی ممانعت فرما دیں۔ مگر اس سے پیشتر کہ ان لوگوں کو جو اس گودام سے مال خریدتے ہیں نقصان ہوگا۔ مگر قرین انصاف یہی ہے کہ ریلوے کو اوپر چیمسٹورز کا تاجروں کو نقصان پہنچانے میں استعمال نہ کیا جاوے۔

کابل اور کشمیر کا بیشمینہ

ہمارے کارخانہ ہذا میں مفصلہ ذیل مختلف اسباب بہت ارزاں قیمت پر مل سکتا ہے۔ ہمارا اسباب براہ راست کابل اور کشمیر سے آتا ہے

لمبیہ سوٹ بنانے کے واسطے یہ کپڑا یورپ کے تیار شدہ کپڑا سے زیادہ گرم نرم اور خوبصورت ہوتا ہے۔ اس کے رنگ اصلی اور قدرتی ہیں۔ خاکی۔ بادامی۔ خوردنگ ہر رنگ کا موجود ہے ایک تھان وجس کا طول ۹ گز اور عرض ۲۷-۲۸ انچ ہے کی قیمت مہنگا سے روپے ہے۔

(۱) پٹو کشمیری خوردنگ قیمت فی تھان ۶ سے ۸ روپے تک مل سکتا ہے۔ گز اور عرض ۲۱-۲۲ انچ کا چار خانہ برائے سوٹ جس کا طول ۴ گز اور عرض ۱۰ اگرہ۔ قیمت چھ روپے۔ (۲) کابلی دھسے قیمت ۴۰ روپے سے ۹۰ روپے تک۔ کشمیری دھسے ۲۲ سے ۴۰ روپے تک۔ لاہوری دھسے ۱۷ سے ۲۲ روپے تک۔ (۳) کشمیری چادروں کے کامدار جوڑے قیمت ۴۰ سے ۰۰ روپے تک۔ کشمیری الوان۔ قیمت فی گز ۴ سے ۵ روپے تک۔ عمدہ پلے اگرہ (۳ گز ۶ انچ لمبے کامدار) ۱۴ سے ۲۰ روپے تک۔ عمدہ (کامدار) ۲۲ روپے (۵) مالیدہ کی ساری قیمت ۵ روپے۔ گلوبند قیمت ۵ روپے تک (۶) چوغا سلسلا یا تیار اور کوٹ (۷) زنانی چادر شکر گزار طول قیمت ۱۰ روپے (۸) چادریں ہر قسم کی ۱۶ سے ۲۵ روپے تک۔ مالیدہ کا ۴۰ انچ کا کامدار ۱۰ روپے۔ سادہ دس روپے۔ دستانے موزے وغیرہ کشمیر کے ارزاں قیمت پر مل سکتے ہیں۔

پتہ ہمارا کارخانہ مقابل بازار نزد ٹبہ لاہور۔

ہندوستانی اسی کو غنیمت سمجھیں گے۔ اگر گورنمنٹ کو آئندہ سال مزید لینے کی ضرورت نہ پڑی۔

سر ولیم ہارکورٹ کا استعفا

سر ولیم ہارکورٹ کے مستعفی ہونے کی نسبت جو خیالات ایک نوٹ میں پہلے ظاہر کیے گئے ہیں اس پر یہ اضافہ کیا جا سکتا ہے کہ سر ولیم موصوف نے اب یا کبھی قوم کی نظروں میں وہ اعتبار و اعتماد حاصل نہیں کیا جو ایک وزیر اعظم کے لئے ضروری ہو سکتا ہے۔ سچ ہے کہ وہ مسٹر گلیڈسٹون کے ماتحت سلطنت کے اعلیٰ ترین مناصب پر حسب دلخواہ کام کرتے رہے۔ علی الخصوص ہوم آفس کا منسٹری لیڈری کے فرائض انہوں نے قابل تعریف طریقے پر انجام دیئے۔ مگر کسی کی ماتحتی اور پھر مسٹر گلیڈسٹون جیسے شخص کی ماتحتی میں کام کرنا امر دیگر ہے۔ اور بحالت خود مختاری انگلستان جیسی عظیم الشان سلطنت کی صدارت عظمیٰ کے نازک فرائض اور تیز ذمہ داریاں بوری کرنی اور بڑی بات ہے بعض اخبارات کا تو یہاں تک قول ہے کہ قوم انگریزی لبرل فریق کے مقاصد سے اس لئے پوری ہمدردی نہیں کرتی کہ وہ سر ولیم ہارکورٹ جیسے شخص کو وزیر اعظم نہیں بنانا چاہتی۔ بہرحال خواہ ان کا استعفا ان کی ناقابل اطمینان حالت کے باعث ہو جس کی مسٹر مارلے نے بھی تصدیق کر دی ہے یا جیسا کہ مقامی انگلو انڈین ہمعصر نے لکھا ہے ذاتی بلند نظری میں یوں ہو جانے کی وجہ سے ہو۔ مگر اس مرد عجوبی واضح کرتا ہے کہ لبرل فریق میں لائق و سرگرم اصحاب کا کال پڑتا جاتا ہے۔ اور اس کی حالت دن بدن بد سے بدتر ہوتی رہی ہے۔ اسٹار سول اینڈ ملٹری گزٹ کا قول ہے کہ سر ولیم ہارکورٹ کچھ لبرل فریق کے مسلمہ لیڈر نہیں مانے گئے۔ لہذا انہوں نے صرف ہوم آفس کا منسٹر کی لیڈری سے استعفا دیا ہوگا۔ مگر تار برق نے اس کی بخوبی تردید کر دی ہے سر ولیم ہارکورٹ لارڈ روزبری سے لیڈر شپ سے کنارہ کشی کرتے وقت کسی باضابطہ چارج نہیں دیا مگر چونکہ اس وقت سے لیکر مستعفی ہونے تک وہی پارلیمنٹ میں لبرل فریق کی سرپرستی و رہبری کرتے رہے اس لئے ان کی لیڈری میں کلام ملیں ہو سکتا۔ بعض کا خیال یہ بھی ہے کہ سر ولیم ہارکورٹ کے استعفا میں یہ حکمت عملی مضمر ہے کہ ان کے مسلمہ لیڈر ہونے کی کسر پوری ہو جائے۔ اور تمام لبرل مجالس و انجمنیں انکو بمنت و اصرار منصب دیں مگر پارٹی کی رائے میں ان کا استعفا اپنے اصلی معنوں میں ہے اور واقعی اب ان کی عمر ۷۰ برس سے تجاوز کر گئی ہے اس لئے وہ واقعی گوشہ نشین ہونا چاہتے ہیں اور ان کی نسبت یہ امید غلط صحیح نہیں ہے کہ وہ کبھی پھر ملک سلائٹ کے الجھیڑوں میں پھنسنا گوارا کرینگے۔ سر ولیم ہارکورٹ کی جانشینی کے لئے پارٹی نے مسٹر مارلے۔ سر ایڈورڈ گرے۔ مسٹر اسکوتھ تین شخصوں کا نام لیا ہے اور خیال اکثر امور دسطیٰ کے سب سر ایڈورڈ گرے کو ترجیح دی۔ ہمگر میرے نزدیک ان تینوں شخصوں پر لیڈری کے لئے نظر انتخاب ڈالی گئی تو وہ سب سے پہلے مسٹر اسکوتھ پر پڑیگی۔ لیکن امید نہیں کہ لبرل اصحاب لارڈ روزبری جیسا شاندار اور رائفل اصحاب کی خدمت سے اس ضرورت کے موقعہ پر اغماض کریں گے۔

کپتان) ڈیوس صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر دہلی ایک معاملہ فہم و دور اندیش شخص ہیں لیکن رعایا کے فیلنگ کا صحیح اندازہ نہ کر سکے تھے۔ اگر مسٹر آرمٹ گلارک صاحب بہادر کمشنر دہلی و لفٹن اپنے پیشرو کرنیل گبے صاحب بہادر کی طرح باشندوں میں ہر دلعزیز ہوتے اور ریسوں کی دیہی کمشنری سے آن کو دہلی والوں کے توہمات و عقائد سے واقفیت کر دیتی تو شاید ضلع کے حکام گورنمنٹ پر سختی کے ساتھ خود عمل کرنے اور پرانی رسموں کو عمل بجرانے کے بدلے مصلحت وقت کا خیال کرتے تو خدا جانے اس وقت دہلی میں نوبت کار کہاں تک پہنچ جاتی اور اس کا نتیجہ کیسا کچھ نکلتا۔ ایسی مثالیں بہت سی بتائی جا سکتی ہیں جن میں محض مقامی افسر کی ذاتی واقفیت نے آنہ تہ سے عظیم کو ٹال دیا ہے اور باشندوں کو مصیبت اور حکام کو پریشانی سے بچا لیا ہے۔ لہذا گورنمنٹ کو مناسب ہے کہ جب ایسا طرز ملکی اخبارات یورپین افسروں اور ریسوں میں روا رکھتی و قائم کرانے کے لئے کوشش کر رہے ہیں، تو دوسری طرف وہ بھی اس کوشش کو کامیاب بنانے میں مدد دے اور مقامی حکام کو لوگوں سے ملنے جلنے کا حوصلہ دلائے۔ یہ اس طرح ممکن ہو سکتا ہے کہ جن افسروں نے پبلک میں اعزاز حاصل کیا ہو اور لوگوں کو اپنا گرویدہ اخلاق بنایا ہے اس کی سرکاری طور پر بھی زیادہ عزت کیجائے تاکہ دوسروں کے لئے وہ ایک واجب التقلید مثال بنے۔ ساتھ ہی اس کے یہ بھی ضروری ہے کہ مقامی حکام کو ایک جگہ زیادہ عرصے تک رہنے دیا جائے تاکہ وہ رعایا سے اچھی طرح میل جول پیدا کر کے ان کی خصائل عادات۔ رسوم و رواجات وغیرہ سے واقفیت کلی بہم پہنچا سکے حکام کی متواتر و مسلسل تبدیلیوں کا پبلک پر بہت برا اثر پڑتا ہے اور اکثر جدید نا واقف حاکم سے انصاف میں دقتیں پیش آتی ہیں۔ حاکم بیچارے کا بھی کچھ قصور نہیں کیونکہ جب وہ کسی معاملے سے پورے طور پر واقف ہی نہ ہوگا تو یکسوئی فیصلہ میں صحت کا التزام کر سکیگا۔ میں دیکھتا ہوں کہ ہندوستان کے تمام صوبوں میں حکام کے دہلی جلدی تبدیل کئے جانے کی وبا پھیلی ہوئی ہے۔ ماہ اپریل گزشتہ میں اخبار انڈین میسنجر نے دو سو بجات معزولی و نقالی کی مسلسل و متواتر تبدیلیاں سے شمار و اعداد چھاپے تھے اور اس کا ردوائی پر سخت اعتراض کیا تھا کہ ۱۸۹۳ء سے لیکر ۱۸۹۷ء تک پانچ سال میں ۴۴ ضلاع کے انڈر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کی ۲۰۸ تبدیلیاں ہوئیں مگر بالمتوسط ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ فی ضلع بدلے گئے۔ مسٹر جیمس ۱۹۰۲ء اور ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس میں ۱۹۰۳ء افسر ہوئے۔ ایک ضلع میں ۵ سال کے عرصہ میں ۸ ڈپٹی کمشنر بدلے گ

اطرون پیسہ اخبار کی ہدایتیں

ارباب حاجتہم وزبان سوال نیست
در حضرت کریم تقاضا چہ حاجتست

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ ۲۴ دسمبر ۱۸۹۸ء

ان اخبار کی متواتر و مسلسل سدا بلیاں نا ہنجار ہیں

انگریزی حکومت ہند کی بہت سی مشکلات میں ایک ایسی ہے جو ہر زمانہ سے مستقل ہونے کے بدلے دن بدن بڑھتی جاتی ہے یعنی اس کی ترقی کے اندر اور باب بھی توجہ نہ ہونی تو اندیشہ ہے کہ دور جاکر دم لیگی اور اس وقت تلافی مافات میں سخت دقت ہوگی۔ جمہور عقلا کا اس امر پر اتفاق ہے کہ رعایا کو فواید و ثمرات پہنچانے اور ملک کو جملہ اندیشوں سے بری رکھنے کے لئے حاکم و رعایا میں اتفاق و اتحاد ضروری ہونا چاہیے۔ حکام رعایا کی حالات اور ضروریات کو بخوبی جانتے ہوں اور ان کی ضروریات اچھی طرح پہنچتی رہیں اور رعایا اپنے فرمانرواؤں کے قوانین کا اصلی منشا سمجھتی ہو اور ان کی نیت و عنایات پر اعتماد کامل رکھتی ہو۔ پھر نہ تو حکام کو قوانین کے عملدرآمد میں دقت پیش آئیگی اور نہ رعایا کو غرض بہت سی مشکلیں ٹل جائینگی۔ غرضیکہ یوں کہنا چاہیے کہ نہ تو حکام خیالات سے واقف ہونے کے باعث کوئی ایسی طرز عمل اختیار کریں گے جس سے رعایا میں شکایت و نارضامندی پیدا ہو اور نہ رعایا حکام کے کسی فعل کو غلط محمول کرکے ناراضی کا موقع پائیگی۔ مگر افسوس ہے کہ بقول شخصے ہمعصر بنگال کے "جوں جوں ہندوستانی مغربی تعلیم و تہذیب دخل پیدا کرتے ہیں حکام انگریزی کے قریب ہوتے جاتے ہیں اور دونوں میں افسران سے دور سے کھنچتے جاتے ہیں" یہ واقعی نہایت عجیب بات ہے کہ ہندوستان میں رعایا و حکام کے باہمی تعلقات پر مندرجہ ذیل شعر کا مضمون صادق آرہا ہے کہ ؎

کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی
اُفتادہ ہوں پہ سایۂ قد کشیدہ ہوں

انگلو انڈین اخباروں کو بھی اب یہ امر تسلیم کرنے میں کلام نہیں رہا کہ ہندوستان میں حاکم و محکوم کے مابین ایک بڑے درجہ تک اجنبیت و مغایرت ہے اور یہ اجنبیت حکمرانی کی سہولت و ہر دلعزیزی کے راستے میں موانع پیش لانے والی ثابت ہو رہی ہے چنانچہ ان کے مقتدا پائونیر نے اسپر بار بار مضامین لکھے ہیں اور نہ فقط گورنمنٹ بلکہ فرداً فرداً یورپین افسروں کو توجہ دلائی ہے کہ وہ اس ملک میں رہ کر ایک وزیر انگلستان کے اس مقولے کو ہر وقت پیش نظر رکھیں کہ "انگریز خود فائدہ اٹھانے کے لئے نہیں بلکہ باشندگان ہند کو فائدہ پہنچانے کے واسطے یہاں اقامت پذیر ہیں" اور یہ فرض وہ ہرگز بوجہ احسن پورا نہیں کر سکتے جب تک کہ اپنے کو ان باشندوں کی عادات و خواص۔ رسم و رواج۔ اطوار و گفتار۔ خیالات و توہمات سے پورے طور پر آگاہ نہ کرلیں۔ کسی کی حاجت برلانے کا سامان نہیں کیا جا سکتا تاوقتیکہ اس حاجت سے واقفیت نہ ہو پہنچے۔ اور یہ واقفیت بہم پہنچانے میں حاجت براری کو بھی کوشش کرنی چاہیئے۔ میں پہلے ایک سے زیادہ دفعہ دکھا چکا ہوں کہ دیسیوں نے اپنی طرف سے کوئی دقیقہ اس کوشش میں فروگذاشت نہیں کیا کہ ان کے یورپین حکام انکی ضروریات سے آگاہ ہوتے رہیں۔ دیسی اخبارات (جن کا ایک حصہ خاص حکام کی زبان میں بھی شائع ہوتا ہے) میں ایسی حاجات برابر درج کی جاتی ہیں۔ بڑی بڑی پبلک مجلس میں ان کا اظہار کیا جاتا ہے۔ ولایت میں انڈین نیشنل کانگرس کی برٹش کمیٹی اپنے اخبار اور مختلف تقریروں کے ذریعے سے قوم انگریزی کو دیسیوں کی ضروریات پر آگاہ کرتی رہتی ہے۔ اور ہندوستانی سول سروس میں داخل ہونے والے اصحاب کو اس امر کا موقع دیتی ہے کہ وہ اس ملک میں آنے سے پیشتر ہی یہاں کی رعایا کے متعلق اپنی واقفیت کی ترمیم و تجدید کرلیں۔ غرض الگ الگ اطلاع دینے کے جو سامان ممکن تھے وہ کم و بیش کر لئے گئے۔ رہی زبانی عرض معروض تو اول خیالات۔ اس کا خود انگریزی حکام ہندوستانیوں کو موقع نہیں دیتے۔ سول لائنز جہاں انگریز بود و باش رکھتے ہیں ہمیشہ شہر سے الگ ہوتی ہیں۔ انگریزوں کے جلسوں انجمنوں کلبوں وغیرہ میں دیسیوں کو بمشکل بار ملتا ہے۔ اسی طرح ہندوستانیوں کی مجالس میں انگریز بہت کم شریک ہوتے ہیں۔ اور اگر کبھی شرکت کا اتفاق پیش بھی آجاتا ہے تو بالکل ایسی طرح جیسے کسی غیر شخص کا گرجا میں چلے جانا۔ بے تکلفی۔ دوستانہ ملاقاتی ہمدردی یا رازداری انگریزوں اور ہندوستانیوں کے مابین اجنبی باتیں ہیں۔ جو ملنے جلنے کی ۹۰ فی صدی حالتوں میں بھی پیدا نہیں ہوتیں۔ اور اس کے لئے ہندوستانی ہرگز قصوروار نہیں ہیں۔ بلکہ صاحبان انگریز جو اپنے کو دیسیوں سے الگ تھلگ رکھتے ہیں یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ ہندوستانیوں میں انگریزوں سے منافرت پائی جاتی ہے۔ بیشک اب سے تیس چالیس برس پہلے ایسے ضعیف الاعتقاد لوگ تھے جو انگریزوں سے میل جول بڑھانے کو بروئے مذہب ممنوع سمجھتے تھے۔ لیکن اب وہ تمام خیالات بدل گئے۔ مسلمانوں کے مذہب نے تو خیر اہل کتاب کے ساتھ مواکلت۔ مشارکت۔ مناکحت وغیرہ جائز ٹھہرا رکھی ہے۔ مگر صاحبان ہنود بھی ہر حیثیت چھات کے زیادہ قائل تھے اب ویسے نہیں رہے۔ چنانچہ ان کے بڑے بڑے راجہ مہاراجہ ہر قسم کے مشاغل مسرت و انبساط میں انگریز افسروں کے ساتھ برابر شریک ہوتے ہیں۔ جو لوگ انگریزی تعلیم پائے ہوئے ہیں وہ تو انگریزوں سے ربط و ضبط پیدا کرنے کے درپے رہتے ہی ہیں لیکن انگریزی نہ پڑھے ہوئے رئیسوں و زمینداروں میں بھی اس شخص کو بنظر وقعت و احترام دیکھا جاتا ہے جس کی انگریز حکام تک رسائی ہو۔ ہندوستانیوں میں انگریزوں کی طرف سے جو خیال سب سے زیادہ پھیلا ہوا ہے وہ نفرت آمیز نہیں۔ بلکہ خوف کا ہے۔ اور اگر آج انگریز اپنے تکلف کو ذرا کم کردیں۔ تو ہندوستانی ملنے والوں سے ان کو پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائیگا۔ اگر دریافت کیا جائے تو تمام ہندوستان میں کوئی انگریز افسر اس امر کا شاکی بمشکل مل سکیگا کہ ہندوستانی خود اس سے الگ تھلگ رہے اور باوجودیکہ اس نے ملنے جلنے کا موقع دیا اور حوصلہ دلایا۔ مگر دیسیوں نے اپنے آپ کو اس سے بطیب خاطر کرنے میں پس و پیش کیا۔ یہ قول اخبار پائونیر ہندوستانی خیال کے بندے ہیں اور عملی کے بجائے خیالی باتوں میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔ ان کے تالیف قلوب میں روپے سے اتنا کام نہیں نکلتا جتنا لطف و اخلاق سے نکل سکتا ہے جن افسروں نے براہ عاقبت اندیشی لطف و اخلاق سے کام لیا ہے وہ دیسیوں کے دلوں کو تسخیر کر لینے میں پورے کامیاب ہو گئے ہیں۔ سلاڈ منٹگمری صاحب جہاں جہاں آج تک دورہ فرما چکے ہیں۔ بہت سے افسروں نے خاص خاص مقامات کے باشندوں کی طبیعتوں پر اپنا محو نہ ہونے والا اثر ڈالا ہے۔ آنریبل ایس ایس تھارپ صاحب بہادر علاقہ راولپنڈی میں۔ کرنیل لینگ امرتسر میں۔ کرنیل گرے صاحب دہلی میں بعزت و احترام یاد کئے جاتے ہیں۔ غرضکہ آخر از سر صاحب لیفٹیننٹ گورنر دہلی سے اپنا رابطہ اتحاد اس قدر بڑھایا کہ مسٹر گرے آشیر ورکس کے گھر میں ذاتی چپراسی اور جمعدار تک سے آنہوں نے گہرا ملاپ کر رکھا تھا (یعنی ورکس کے ساتھ ذاتی یا خانگی تعلقات کرنیل صاحب موصوف سے بہت کمتر نہیں بلکہ فرقیین کے پارٹیوں میں [illegible] کی حیثیت میں [illegible] کرکے غالباً دہلی تک [illegible] موجب ہوتے [illegible] سی ایس [illegible] اطمینان [illegible] ہو جانے سے [illegible] ہونے کا [illegible] کوئی حاکم خواہ کیسا ہی ہیلا منڈھو ہو شاذ و نادر ہی دیسیوں کو جو دیسیوں جب تک وہ اپنے علاقے کے لوگوں سے ناواقف رہیگا دیر تک نزدیک اس کا انتظام یا فیصلہ قابل اطمینان نہ ہوگا۔ سال گزشتہ میں دہلی میں تراقطراغون کے عملدرآمد کا سخت غلط فہمی و ناراضی پھیلانے کا باعث ہوا تھا۔ اور گو بیجا اس وقت

حفظِ صحت

استفسار

۱۳۰- رعشہ:- میرے دائیں ہاتھ اور دائیں جانگ (رغاباً ٹانگ) کو عرصہ ۴ سال سے، ذرا ذرا دن رعشہ ہے ہندوستان کشمیر پنجاب کے یونانی حکیم ڈاکٹر علاج کر چکے۔ گرم ادویات مضر واقع ہوتی ہیں۔ سرد ادویات میں طاقت زائل کرنے رعشگی نہیں ہوتی کوئی صاحب براہ مہربانی علاج بتلا دیں۔ اگر صحت ہوئی تو ایک ہزار انعام بصورت مستغنی مزاج معالج کے ایک ہزار روپیہ کسی کار خیر میں وقف ہوگا (سردار خان باباخان بہادر خاکسار وارڈ مس اعظم پشاور)۔

۱۳۱- لاغری:- میرے ایک دوست بچپن سے ہی بہت لاغر ہیں۔ کوئی شکایت مرض وغیرہ کی نہیں ہے۔ ناظرین پیسہ اخبار کوئی مجرب نسخہ خواہ تدبیر ان کے فربہ ہونے کی رائج فرمادیں کمال مہربانی ہوگی (جگن ناتھ خریدار ۱۸۶۱۲)۔

۱۳۲- دانت:- اکثر تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ جب دانت کو کیڑا لگ جاوے تو بجز نکلوانے کے کوئی دوا مؤثر نہیں ہوتی براہ مہربانی کوئی ایسی مؤثر دوا تحریر کریں جس سے دانت ڈاکٹر صاحب کے مدرانے سے بچے اور صاف اور درد سے محفوظ رہیں۔ (محمد عظیم ہٹواری خریدار ۱۸۸۵۶)۔

۱۳۳- کان کی گھجلی:- عرصہ ۲ ماہ سے بائیں کان میں سخت خارش ہوتی ہے بہت علاج کیا۔ مگر فائدہ نہوا رات کو نیند تک نہیں آتی (برکت علی۔ افضل گنج)۔

۱۳۴- بادِ مقعدی:- ایک لڑکا جس کی عمر اس وقت اڑھائی سال کے قریب ہے اس کو ایک سال سے زیادہ عرصہ ہوا کہ دست آتے ہیں اور گاہے بگاہے خون بھی آتا ہے۔ غذا اس کو ہضم نہیں ہوتی۔ بھوک زیادہ لگتی ہے اور کھانے کے بعد فوراً دست آجاتا ہے۔ بخار بھی اکثر ہو جایا کرتا ہے کمزوری حد سے زیادہ ہے۔ اور بدن زرد رہتا ہے (والہ بخش ازلاہور)۔

۱۳۵- آروغ:- ایک شخص کو آروغ ڈکاریں ہر وقت آتے ہیں اور معدے میں درد رہتی ہے۔ بھوک کم لگتی ہے ہوا خارج نہیں ہوتی۔ اگر کوئی صاحب علاج لائیں تو ممنون ہوں گا (دا

علاج

۱۵۲- علاج ناسور (جواب سوال ۱۱۱ مطبوعہ اخبار ۵ نومبر ۱۹۱۸ء):- حقہ کی نیل جو اندر ہوتی ہے اس میں کپڑے کی پٹی خوب تر کر کے زخم میں رکھیں۔ روزانہ بدل دیا کریں اس پانچ روز میں زخم بھر جاتا ہے۔ راقم نے یہ علاج کیا ہے۔ (خلیل احمد مشیر خریدار ۱۴۴۵۵ از گوجرانوالہ)۔

۱۵۳- بھنگ کا مرہم:- بیخ جلاب تولہ۔ ریوند خطائی تولہ۔ تخم الائچی کلاں تولہ۔ ہلیلہ جنگلی تولہ۔ اسپغول تولہ۔ سوانف۔ آملہ خشک۔ زیرہ سفید۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ شیرہ۔ سوڈا۔ مازگ ہریان۔ نمک سیاہ۔ چینی دانہ دار۔ سست لیموں۔ نمک (نیلی) مصر۔ یہ کا نشان ہے وہ چیزیں دو حصہ۔ باقی سب ایک ایک حصہ۔ دا ایک خریدار الحمام)۔

گمنام و نشانِ عزیز

۱۷۶- میرے ایک دوست کا لڑکا ایک شخص کے ساتھ ایک سال سے نوکر ہو کر گیا تھا۔ پتہ نہیں ملتا۔ اس کا حلیہ ارسال خدمت ہے۔ عمر تخمیناً ۱۴ سال قد متوسط۔ کشادہ پیشانی۔ چہرے پر داغ چیچک۔ پاؤں کی ایک انگلی ضمیدہ۔ سر میں بیخ۔ باپ کا نام عزیز بیگ قوم کشمیری ہے۔ اور جس کے ساتھ نوکری کرنے گیا تھا۔ اس کا حلیہ۔ ہے محسن شاہ ولد مہند شاہ ساکن ریاست چنبہ۔ رنگ گندمی۔ ڈاڑھی درمیانی۔ عمر تخمیناً ۳۲ سال۔ کلائی میں ایک بندا اور ہوتیا رنگ کی چوڑیاں۔ چہرے پر خال اور آنکھیں موٹی۔ پیسہ اخبار کے ذریعہ جو صاحب پتہ دینگے۔ میں ان کا نہایت شکور رہونگا۔ (لال چند چڈھا وی ۱۹۱۹ء)۔

عام

سوال

۱۲۲- سگنلر کی تنخواہ:- کوئی صاحب ناظرین پیسہ اخبار سے اس بات کی بذریعہ پیسہ اخبار خبر دے سکتے ہیں کہ ہر مارگون ریلوے پر سگنلر (تار بابو) کو کیا ماہوار تنخواہ ملتی ہے؟ اور تیرہاں کی رہائش کا کیا حال ہے؟ (رحمت اللہ خریدار ۱۴۴۱۰)۔

۱۲۳- کشتہ سیم:- چاندی کے کشتہ کرنے کی ترکیب مطلوب ہے؟ (دا)۔

۱۲۴- مستقل ٹکٹ:- آجکل کے سرکاری مستقل ٹکٹ سنا ہے کہ لاہور میں یا کسی اور جگہ کوئی کمپنی خرید کرتی ہے کوئی صاحب مطلع کر سکتے ہیں کہ وہ کہاں ہیں؟ ۱۵ اکتوبر میں ایک خریدار نے اطلاع کو جواب دیا تھا کہ بریلی میں کمپنی ہے وہ غلط نکلا بریلی میں کوئی کمپنی نہیں (سید اعلیٰ۔ پشاور)۔

جواب

۱۰۳- پٹواری مال (جواب سوال ۱۰۳):- منشی محمد علی صاحب اگر آپ ملازمت نہر کے خواہاں ہیں تو آپ پٹواری مال سے پٹواری نہر ہو سکتے ہیں۔ عرضی بحضور جناب صاحب مہتمم بہاولنہر باری دوآب امرتسر یا جناب ڈویژن ہیڈ کوارٹر جو الوالہ یا ایبٹ آباد ڈویژن مقیم منٹگمری گزارش کیجئے گا۔ محکمہ نہر پٹواریان مال کو نوشی سے بھرتی پٹواریان نہر منظور کرتا ہے۔ اس کے سوائے اور کوئی صیغہ محکمہ نہر ایسا نہیں کہ جہاں آپ داخل ہو سکیں۔ لیکن آپ غلطی کرتے ہیں کہ ملازمت نہر کے خواہشمند ہیں۔ کہاں راجہ بھوج۔ اور کہاں گنگا تیلی۔ پٹواری نہر سے پٹواری مال بدرجہا بہتر ہے۔ اس خیال خام سے دستبردار ہو جائیں (رحیم بخش پٹواری نہر ۴۳۳۰)۔

۱۰۴- تیزاب فاروقی (جواب سوال ۱۱۲):- تیزاب فاروقی اس کو کہتے ہیں جو معدنیات مثل سونا چاندی۔ لوہا۔ تانبا۔ پیتل وغیرہ کے اجزا کو آپس سے علیحدہ کر دے اس کے اجزا یہ ہیں۔ شورہ قلمی ۲ تار۔ زاج سفید ۲ تار۔ نوشادر بیکالی نیم ماشہ۔ ان سب کو ملا کر قرص بنا لیں۔ تیزاب کھینچنے کے طلوع آفتاب سے سہ پہر تک بہت نرم نرم آنچ دیجئے۔ یہاں تک کہ ایک پہر کے بعد قرص سرخ ہو جائے۔ (محمد اشرف حسین حیدرآباد دکن۔ افضل گنج)۔

شعر و سخن

ایجوکیشنل کانفرنس ہمدرد نظم کی اپیل

فغان میں آہ میں واویلا میں شیون میں ہے کیا تاثیر
سناؤں اور دل طاقت اگر ہو سننے والے میں

التماس

اے زبان آوران نادرہ فن
محسن الملک محسن الدولہ
آج ہوں اک مقدمہ لایا
آجکل نظم کی نہیں پرسش
دیکھئے تو دسار زندانے کو
میگزین اور کارتوس نہیں
بلکیاں دو جنی تھیں آمد و نے
ایک کا نام نثر ہے ان میں
ایک کی آنکھ سر بسر جادو
ایک دل کی ہے باعث قوت
ایک بانوئے خانہ ہو مہر
نظم مشہور فرانسیسی شیکسپیر
نظم کی ہیں کہے گئے سارے
ہر زبان میں کبھی ادیب رہے
نثر کمسال۔ نظم ہے بیکسہ
نظم کا ایک کو بھی دھیان نہیں
نظم سے نطق نامیہ آرا
ایک دن کا یہ ذکر بھی سن لو
نثر بولی کہ میں مہذب ہوں
میری سیچ میں گہر باری
میں ہوں فراش طراز دار ادب
نظم بولی کہ سچ کہا یا جھوٹ
ایک میں اور چیز ہیں سستے
عسرتی۔ مسکرت۔ ہجر بدی
نظم سے قوت خیالی ہے
شاہنامے میں دیکھئے مجھ کو
مجھ سے مشہور ہیں زمانے میں
میں ہوں باب کتاب شیکسپیر
میں ہوں وادی عشق کی لیلیٰ
مصر معنے میں ہیں کلیوپٹرا
حالی و شبلی و ندیم احمد
گو ہر ذات پاک کا جوہر
ہیں امیر و ملال و داغ مرے
شوکت و میر ضعلی بیان مرا ہے
کچھ نہ پوچھو میں کیا ہوں کیا ہوں
میری باتیں بنی ٹھنی دیکھو
کرے تنقیح جس کا جی چاہے
انوض بات ہے نقطہ اتنی

بانی مجلس ایجوکیشن
آپ سے اب یہ بندہ ہے دوچار
سمجھے منصفہ بطور انصاف
نظم ہے جیسے کوئی دوشیزہ
ناک میں نتھ نہ ہاتھ میں کنگن
نہ معارف میں التزام سخن
گو ہر ذات پر شک در عدالت
دوسری نظم سے بیگانہ فن
سر بسر محو ایک کی ہیں تو
دوسری سے فروغ جاں روشن
ہر ایک خاتون کیلئے ملٹن
نشہ عزت و کلیدِ تمکین
جو سنے ہوں معلقات کہن
تا نہ ہو نظم میں وہ ملعونیں
ہو نہ رائج کلیسیا سکہ میں
ہو چکا پاس گو ریز و یوشن
نظم فضل کمال باب و بہن
نثر سے نظم کی ہوئی آن بان
تو مضامین خلق کا مسکن
کھیتوں میں مرے ادائے کہن
میں ہوں طغرائے نیس نو کہن
ملاقی آپ ہیں بڑی پُر فن
مجھ سے ہے بزم کمال ہے روشن
نظم سے فیضیاب سب کا چلن
نظم ہے ورزش دماغ سخن
مجھ سے زندہ نشانہائے کہن
گیو و گو درز و رستم و بیژن
میں ہوں فصل کتاب جانشن
میں ہوں گلزار حسن کی مالن
ہوں محل فرانس میں یوجن
ہیں شناسائے مغز و خال ذقن
گو ہر ذات پاک کا جوہر
رنگ آرائے وادی گلشن
ان سے تازہ مرے بیاں کا سخن
شوہر جیسی مشترک کی دلہن
تو دلا شاہ ہو سپر ہو یا من
فاضلانِ مفاطن فطن
نظم کا ہے یہ ایک ورنہ ایوش

"تو پاک باش برادر ہمہ ازکس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۵ | یوم شنبہ ۴ ستمبر ۱۸۹۸ء مطابق ۸ شعبان ۱۳۱۶ ہجری موافق ۲۱ بکرمی | جلد ۱۲

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

درآمد و برآمد ہند۔ سات ماہ کے دستے جو ۳۱۔ اکتوبر کو ختم ہوئے۔ تجارت ہند کی سرکاری رپورٹ سے بہت ہماری معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ جو پیداوار اور دستکاریاں اس ترجمہ میں ملک سے باہر بھیجی گئیں۔ اُن کی مالیت ۶۲ کروڑ ۸۸ لاکھ تھی جو ۱۸۹۶ء میں ۵۵ کروڑ ۸۸ لاکھ تھی۔ یہ اعداد وہ ترقی ثابت کرتے ہیں جو بعد قحط بارجود بھاری نرخ تبادلہ کے تجارت میں ہوئی۔ سب سے زیادہ اناج میں تھی۔ چنانچہ بمقابلہ ۱۸۹۶ء کے گیہوں میں ۷ کروڑ ۱۱ لاکھ کی اور چاولوں میں ۴ کروڑ ۲ لاکھ روپے کی تو فیر تھی۔ اور تیل کے بیج قریباً ۲ کروڑ ۳۵ لاکھ روپے کے اور سوتی ۹۹ لاکھ روپے کی زیادہ تھی۔ قطع نظر اس کے خام سن کی برآمد میں ایک کروڑ ایک لاکھ روپے کی اور سوت میں ۲۷ لاکھ روپے کی اور دیگر اشیا میں ۵۵ لاکھ روپے کی کمی تھی۔ گیہوں کی قیمت یورپ میں بڑھ گئی تھی اور جنگ ہسپانیہ اور امریکہ ہند سے اس کے کثرت باہر جانے کا باعث ہوا۔ ہند کے بندرگاہوں سے ۶۶۹۰۰۰ ٹن مال باہر گیا جس کی مقدار ۱۸۹۶ء میں ۲۵۵ ٹن اور ۱۸۹۶ء میں ۹۴۶۰۰ ٹن تھی مگر گزشتہ مارچ میں تخمینہ کیا گیا تھا کہ ۱۰ لاکھ ٹن گیہوں سال بھر میں باہر جائیگی اور یہ مقدار یکم اپریل تک پوری ہو جائیگی۔ ۱۰ لاکھ ۳۲ ہزار ٹن سے زیادہ چاول باہر گئے۔ سب سے زیادہ مقدار مصر کو ۲ لاکھ ۶۹ ہزار ٹن گئی۔ اور اس کے بعد سٹریٹس سیٹلمنٹ کو ایک لاکھ ۷۰ ہزار ٹن سماٹرا اور یونائیٹڈ کنگڈم اور لنکا کو قریباً ایک لاکھ ۴۰ ہزار ٹن بھیجے گئے تھے۔ چاولوں کی کل مقدار ۱۰ کروڑ ۶ لاکھ روپے کی مالیت کو پہنچی۔ جس میں گیہوں کی نسبت ۶۶ لاکھ روپے کا اضافہ تھا لیکن سال آئندہ میں اس قدر فروغ ہونے کی توقع نہیں ہے۔ کیونکہ فصل بوجھا اب کے نسبتاً کم ہوئی ہے۔

بحر اطلانٹک کے مسافر۔ مہاجرات متحدہ امریکہ میں تارک الوطنوں کی نسبت قواعد کی سختی کا اثر اُن مسافروں کی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے جو بحر اطلانٹک کے جہازوں سے نیویارک کے بندرگاہ میں اُترتے ہیں۔ ۱۸۹۲ء میں ۵۰۰۰۰۰ مسافر خشکی پر اُترتے تھے۔ جن کی تعداد پچھلے سال ۳۵۱۵۷۴ تھی۔ یہی زیادہ تر تارک الوطنوں میں پائی جاتی ہے۔ کئی پرانے جہاز جو تارک الوطن اس ملک کو لیجایا کرتے تھے اس کام سے ہٹا لئے گئے ہیں۔ جن کی تعداد ۱۸۹۶ء میں ۷۰ تھی ۱۸۹۷ء میں ۳۰ رہ گئی اور پہلے سفروں کی تعداد جو ۱۵ ہزار سے زیادہ ہوا کرتی تھی وہ سالگزشتہ کی رپورٹ میں ۸۵۲ رہ گئی۔ اس طرح نئی جہاز سازوں کی اوسط ۴۱۲ ہوتی ہے۔ جس میں بمقابلہ سال گزشتہ ۳۹ کی کمی ہے۔

مذاق

ایک مولوی صاحب نے اپنے پڑوسی گنوار سے کہا "ارے تو عجب گنہگار آدمی ہے۔ ساٹھ برس کی عمر ہونے کو آئی ہے۔ ان بھر میں ایک دفعہ بھی اپنے خالق کی عبادت کرنے کو سجدہ میں نہیں آتا۔ جانتا ہے تجھ کو کس نے بنایا ہے؟"

گنوار (سوچ کر) "کچھ کھیال (خیال) نہیں"۔

اتنے میں ایک لڑکا اُدھر سے نکلا۔ مولوی صاحب نے پوچھا "تمہیں کس نے پیدا کیا ہے؟"

لڑکا۔ "ہمارے ددا نے"۔

مولوی صاحب (گنوار سے) "دیکھ چھ برس کا بچہ تو اپنے بنانے والے کو جانتا ہے اور تو کمبخت ساٹھ برس کا کھوسٹ اتنا نہیں جانتا"۔

گنوار۔ "مولبی (مولوی) صاحب یہ تو کل بتا ہے اِس کو یاد ہے۔ بھلا مجھ جیتی مدت کی بات بڑھاپے میں کہاں یاد رہے"۔

چند دوست تاش کھیلنے میں مصروف تھے۔ ایک کمپیشم صاحب کچھ چالاکی کر جاتے تھے۔ مگر وہ کچھ ایسی چالاکی سے کام کرتے تھے کہ انہیں پکڑ کر ثابت کرنا مشکل تھا۔ ایک شخص نے بگڑ کر کہا "مجھے بڑا افسوس ہے ہم میں سے ایک شخص بے ایمانی کرنا چاہتا ہے۔ مگر میں اُس کا نام نہیں لے سکتا۔ لیکن اگر وہ اب بھی باز نہ آیا تو میں ایک مکا مار کر اس کی دوسری آنکھ بھی نکال ڈالونگا۔ اور وہ اندھا ہو جائیگا"۔

ایک موضع میں دستور تھا کہ کئی مفت خور دوست ایک دوسرے سے مانگ کر تمباکو پیا کرتے تھے۔ مگر ایک شخص نہ تو مانگتا تھا اور نہ کسی کو دینا چاہتا تھا اور انکار کر کے جھوٹ بھی نہیں بولنا چاہتا تھا۔ اس نے یہ تجویز کی کہ تمباکو کے لئے دو تھیلیاں بنائیں۔ ایک کا نام دنیا رکھا اور دوسری کا نام تمت۔ دنیا میں کبھی تمباکو نہ ڈالتا جب لوگ اس سے تمباکو مانگتے تو کہدیتا کہ "میرے پاس تو دنیا میں ایک پتا تمباکو کا نہیں"۔ اور جو پوچھتے کہ تم کیا کرو گے تو جواب دیتا کہ "میرا قسمت پر بھروسہ ہے"۔

معمر مہربان۔ "مجھے یہ سُنکر بہت رنج ہوا ہے کہ تم کو تاش کھیلنے کی بُری عادت پڑ گئی ہے۔ کل رات کو پونڈ ہارے ہو۔ تمہارے جوان دوست کا عجیب خیال ہے۔ کس لئے؟ میں تو تاش کھیلنا ہی نہیں جانتا"۔

معمر مہربان۔ "یہی تو وجہ ہے۔ جو شخص تم سے جیتا تھا۔ اُس نے بھی مجھے یہی بتایا تھا"۔

عجیب عجیب باتیں

یمنی گواہ عدالت میں حلف کیسے اُٹھاتے ہیں۔ یمن میں مقام عدالت کو گواہوں کے قسم دینے میں کچھ دقت پیش نہیں آتی جہاں گواہ کے سر پر ٹی کی ایک ٹشتری توڑی جاتی ہے۔ اور اس کے بعد گواہ کہتا ہے کہ "میں سچ کہونگا اور بالکل سچ۔ اگر جھوٹ کہوں تو اسی ٹشتری کی طرح میری گردن کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں"۔

ایک عجیب و غریب جنگل۔ ڈاکٹر ولیمسن نے نیا کالیفورنیا نادر جنگل دریافت کیا ہے۔ یہ جنگل افریقہ کے مغربی ساحل کی ایک سطح مرتفع پر واقع ہے جو سطح بحر سے ۳ سو فیٹ بلند ہے۔ اس جنگل کے درختوں کے تنے بہت موٹے ہیں مگر ان کی بلندی صرف ایک فٹ ہے۔ ہر درخت ایک گول میز کی شکل کا معلوم ہوتا ہے۔ ہر ایک درخت کے دو سے زیادہ پتے نہیں ہوتے۔ ان کا طول ۱۰ فیٹ اور عرض ۲ فیٹ ہوتا ہے۔ پھول قرمزی رنگ گچھوں کی شکل کے ہوتے ہیں۔

ہفت عجائبات عالم قدیم: (۱) اہرام مصری۔ (۲) بابل کے معلق باغات۔ میناء۔ دیواریں اور پھاٹک۔ (۳) جوپیٹر اولمپس کا بت۔ جو شہر رومانی کیپی ٹولین پر رکھا ہے۔ (۴) جو ایکا کا معبد جو ایفیسس میں ہے۔ (۵) فیروس کا مکندیہ واقع مصر کے گھاٹ کی رکھنے کے مینار۔ (۶) جزیرہ رہوڈس کا کولوسس۔ یہ بت ۱۰۵ فیٹ بلند تھا (۷) ۲۲۴ سال قبل مسیح زلزلے کے صدمے سے گر پڑا۔ (۷) شہر ہیلی کارنیسس کا مقبرہ۔ یہ شہر ملوناتی ایرانی لوگوں کی یاد گار اور ایشیا کوچک میں واقع ہے۔

ہندوستانی بوٹا۔ موضع گنگوی تحصیل نور دیکا ضلع میں ایک [illegible] ہومان نامی قوم کا جام سبز دہ سالہ۔ جس کا قد ۳ فٹ ۲ انچ یعنی ہے۔ اور جسم [illegible] سالہ بچے کے برابر ہے۔ [illegible] ہوئے آدمی کے [illegible] نہیں پہنچ سکتے۔ [illegible] پر بیٹھ کر بناتا ہے۔ جو زمین پر اپنے گھر میں جماعت کے لئے بلاتا ہے وہ اُس کی نسبت خود اُٹھا کر لے جاتا ہے۔ کیونکہ لڑکا اتنا وزن نہیں اُٹھا سکتا۔

ایک توپ کی آزمائش۔ ایک نئی اسٹیل توپ کا سینکڑوں انگلستان میں تجربہ ہوا۔ توپ ۵۰ فیٹ لمبی ہے۔ وزن [illegible] ٹن۔ اسے ۳ سو پونڈ بارود سے بھرا گیا اور [illegible] گولہ [illegible] وقت کر [illegible] گیا۔ [illegible] ہوا۔ اور جب [illegible] پانی اور ریت ۴۰۰ فیٹ بلند اُڑ گئی۔

مصدقہ کیپٹن سرجن لیفٹننٹ سرجن جناب ڈاکٹر بھولا ناتھ
صاحب بہادر انڈین میڈیکل سروس حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند

خیر خواہ پنجاب

ہر ایک بیماری کا تجربہ کیا ہوا نسخہ

ہر قسم کے بخار کا مصفی خون ہونا نیز کیسی
ہی خراب و خطرناک ہو۔ زکام۔ کھانسی۔ دمہ
ہر قسم کے درد کے لئے اکسیر ہے

قرص سوزاک

سوزاک کیسا ہی پرانا ہو

سنون فرحی

تپ دق

تپ سل

مفصل حال اصحاب سے دریافت کریں

دافع سیتی دردن

گولی ۱ چھوٹی ۱ ہے لاغری و ضعف اعضا

کیپسول ۱ ہے ۱ ہے

مفصل حال اصحاب سے دریافت کریں

یہ تیر بہدف دوائیاں

جنرل سپلائی سٹورز کا خانہ پیسہ اخبار لاہور کی ضرور آپ کے امتحان کے قابل ہیں جو امریکہ میں تیار کرائی گئی ہیں

مکھی مار کاغذ

مارے ملک میں جہاں بارہ مہینے مکھیوں۔ مچھروں اور کی کثرت سے جان عذاب میں رہتی ہے۔ ان سے بچانے کے لئے نہایت ضرورت تھی۔ لہذا ازحد عام کی سے یہ مکھی مار کاغذ" تیار کیا۔ ترکیب اور مصالحوں سے امریکہ کر منگایا گیا ہے۔ ہدایت کے مطابق اس کے ہوئے موذی جانور سے نجات مل جائیگی قیمت فی میں آٹھ مکھی مار کاغذ ہیں چار آنہ (۴ ہے

صرف جنرل سپلائی سٹورز میں
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور
سے یہ مکھی مار کاغذ مل سکتا ہے۔

بے نظیر درد سر کی دوائی

درد کیسے ہی اندر سے ہو ہی ہمارا ایک منٹ میں آرام ہوتا ہے ہر قسم کے درد کے لئے یقینی اور فوری علاج صفرا اعصابی۔ نشنجی وغیرہ قسموں کے سر کے درد اور شقیقہ کے درد اس سے فوراً دور ہو جاتے ہیں۔ اور ان سب بیماریوں سے انسان بچ جاتا ہے جو درد سر کے بعد پیدا ہوتی ہیں۔ قیمت فی بکس بیس میں ایک درجن بکسوں کا کرایہ دو آنے (۲ ہے)

جنرل سپلائی سٹورز

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

سے ہی "درد سر کی بے نظیر دوائی مل سکتی ہے

کھانسی کا حکمی علاج

بس سے ہر قسم کی نئی اور پرانی کھانسی اکورز کام۔ قیصہ النفس۔ گلے کا پڑ جانا علق کی گرفتگی اور خراش پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں کی تمام سوزشیں دور ہو جاتی ہیں اس سے مجرب اکسیر سریع التاثیر کھانسی کی دوائی کی ملتی ہے

قیمت کھانسی کی دوائی کی ہمراہ فی بوتل

جنرل سپلائی سٹورز

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

سے ہی "کھانسی کا حکمی علاج" دستیاب ہو سکتا ہے

جوہر مرہمی یعنی مرکب جوہر ڈامیانا

ڈامیانا۔ فاسفورس۔ کچلہ اور کولا کا مرکب جوہر قوت اعصاب۔ قوت باہ اور قوت مردی اور عام طاقت جسمانی کے حاصل کرنے کے لئے اکسیر اور تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ کمزوروں۔ مایوسوں اور لاولدوں کو اس کے استعمال سے قابل حیرت فائدہ ہوتا ہے۔ عورتوں اور مردوں دونوں کے عقر اور آلات تناسل کے نقص رفع کرتا ہے۔ ڈامیانا بطور مقوی باہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور قوت رجولیت کے لئے بہترین علاج تسلیم کیا گیا ہے۔ فاسفورس کو مقوی باہ اب تک معلوم نہیں کچلہ اول درجہ کا مقوی اعصاب ہے اعصاب کو طاقت دیتا ہے اور ذہنی طاقتوں کا نشوونما کرتا ہے۔



قیمت دو روپے فی بوتل

جنرل سپلائی سٹورز

(بڑی بوتل) (چھوٹی بوتل)

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

سے ہی "جوہر مرہمی مل سکتا ہے

مرکب جوہر عشبہ

خون کی صفائی کے لئے اس سے مؤثر علاج آج تک دریافت نہیں ہوا

جلد اور خون کی بیماریوں کے لئے عشبہ تریاق ہے۔ تمام خون کی فاسدتوں اور کدورتوں کو رفع کرنے کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اجی المفاصل یعنی گٹھیہ۔ آتشک اور تمام لیسہ ناک امراض کو جڑ سے کھو دیتا ہے

جوہر عشبہ

کے ساتھ اور کئی ایک ادویات مع نولاد اور پوٹاسیم کے جوہر کے شامل ہیں۔

پچاس پوری خوراکیں اس بوتل میں ہیں

قیمت جوہر عشبہ فی بوتل

جنرل سپلائی سٹورز

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

سے "مرکب جوہر عشبہ" مل سکتا ہے

ڈیڑھ لاکھ تولہ فروخت ہو چکی ہے ۳۱ سال سے برابر بنتا ہی

تازہ بتازہ نو بنو

معجون مقوی اعصاب

حکماء یونان و انگلستان و غیرہ اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ مرکب ہم دوا ہے اور ہم غذا یہ لاجواب ہے

دورہ دائرہ ہے کہ گلے سے اترتے ہی سیدھا خون میں شامل ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ اسکی خوراک پینے کے چند منٹ بعد دلکو فرحت جسم میں طاقت دماغ میں راحت نظر آنے لگتی ہے۔ حکماء خالص خون کو روح کہتے ہیں جسم میں روح نہ ہو تو انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔ اسلئے جو لوگ صاحب تمیز و عقل ہیں ہمیشہ اپنی روح کی خوراک کو اپنے پاس تیار رکھتے ہیں۔ ہندوستان میں بوجہ حدت گرما خون سڑ جلکر کم ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہندوستانیوں کے چہرے کے رنگ سیاہ رہتے ہیں بوجہ جیرانی خون اعضاء رئیسہ دل و دماغ جگر و معدہ کو خوراک ناقص پہنچتی ہے اسلئے وہ اپنے افعال مقررہ فطرت کو پورا نہیں کرتے جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے دیس کے لوگ گوناگون عوارض میں مبتلا رہتے ہیں کسی نہ کسی اندرونی یا بیرونی عوارض میں مبتلا رہنے سے فکر سلیم و طبع حلیم خیالات پاکیزہ و صاف سنجیدہ محنت و اعلیٰ خیالات اعلےٰ سے معرا رہتے ہیں کیونکہ اعضائے رئیسہ اچھے ہوں تو اچھے کام اُن سے سرزد ہوں۔ زیادہ وضاحت کے لئے اپنے آپکو اور ایک یورپین کو مقابلہ کر کے دیکھ لیجئے نہ وہ ہمت وہ جراءت نہ وہ خیالات اعلےٰ نہ وہ استقلال نہ وہ صورت نہ وہ سیرت وغیرہ وغیرہ +

یہ عرق ان اعضائے رئیسہ کے افعال کو باقاعدہ بنانے میں اعجاز کام دیتا ہے

بگڑے ہوئے کو درست کرتا ہے خون کو صاف کر کے عمدہ بناتا ہے معدہ کو زور کو طاقت دیکر مضبوط بناتا ہے اور ایسے کام کے لئے آمادہ دیتا ہے کہ تمام اعضا اول کو مدد رسانی امانت کرتا ہے تمام امراض کے داخل ہونے کا دروازہ جسم میں معدہ ہے تمام امراض کے دور کرنے کا اور دوا کو ان اعضاء پر پہنچانے کا ذریعہ معدہ ہے اور یہ عرق معدہ کو درست کر کے آمادہ کرتا ہے کہ خدمات مفوضہ خدائی کو پورا کرے +

ماء اللحم پہلی درجہ اول ہے کیونکہ دل و دماغ جگر معدہ شانہ خرابشدہ۔ اعصاب مفلوج عضلات مستخرخ کے افعال کو باقاعدہ بناتا ہے اور ان اعضاء کو اپنے اپنے کام لینا ہے جو قدرت نے انکو تفویض کئے تھے اعضاء بیکار کو باکار خفتہ کو بیدار اور سست کو چست اور دشمن کو مٹاتا ہے گرفتہ کو رہا بناتا ہے۔ کمزور کو سہارا اور غافل کو ہوشیار بنا کر حرکت میں لاتا ہے **ماء اللحم** مصفی خون سب سے بہتر ہے کیونکہ صالح پیدا کر کے جسم کی خرابی خون کی بیتابی و گندہ پن وسمیت کو دور کرتا ہے۔ **ماء اللحم** اُس روی حالت سے جو اشتہا سوز اک بدہضمی اور مختلف رنگوں میں ظاہر ہوا کرتے ہیں مثلاً وجع المفاصل وغیرہ **ماء اللحم** ضعف معدہ و ضعف جگر۔ ضعف شانہ۔ ضعف دماغ کا بے بدل علاج ہے اسکے پینے سے آنکھوں میں نور دل میں سرور **ماء اللحم** اشتہا صادق پیدا ہوتی ہے لاغر کو فربہ کرتا ہے۔ کمزور کو تنومند۔ بے رونق چہرہ کو پارونق زرد کو سرخ۔ نامرد کو مرد بزدل کو جواں مرد ضعیف کو قوی **ماء اللحم** دائم المریض کو صحیح بناتا ہے بوڑھوں کا عصا پیری ہے **ماء اللحم** دشمن کو جسم کے احاطہ میں گھسنے نہیں دیتا۔ اور ان گھستے ہوئے کو روکتا ہے جسکے ضلع ہونے کا اندیشہ ہر ایک کو رہتا ہے۔ **ماء اللحم** فوجی لوگوں کے لئے ضروری ہے کیونکہ اسکے پینے سے دل میں حوصلہ۔ دماغ میں مردانہ خیالات اور کامیابی کے لئے استقبال پیدا ہوتا ہے کیونکہ اعضائے رئیسہ اچھے ہوں تو کام اچھے ہونگے۔ **ماء اللحم** اُن لوگوں کو جنکو سردی زیادہ لگتی ہو اور سردیوں میں تکلیف اٹھاتے ہیں اور کھانسی کا مجرب نسخہ ہے۔ **ماء اللحم** ضیق النفس۔ سوء الخ شکم۔ بدہضمی دائمی منبعل۔ ہوا لدل۔ مراق۔ کثرت بلغم۔ صلوا اللحم طحال کے لئے شربت مجرب ہے (دیکھو سارٹیفکیٹ رضیان مزمن (دماغوس)۔ مہربانیوں نے یہ ہدیت ہی مفید ہے کیونکہ ضعف و حدت گرمی کے باعث خون میں دہریلے اجزاء اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ الغرض ماء اللحم کی تصدیق و شہادت ڈیڑھ لاکھ تولہ جو بک چکی ہے کر سکتی ہے؟

قیمت فی تولہ دو روپے۔ چھ تولہ گیارہ روپے۔ درجن تولہ بیس روپے [ع ۱۱ عنہ ۲۰] تین تولہ سے کم باہر روانہ نہیں ہوگا۔

حکیم ڈاکٹر غلام نبی بقا الحکماء میونسپل کمشنر۔ لاہور۔ موچی دروازہ۔ اعوان منزل

حب دائمی قبض

مثلاً۔ پیٹ کا پھولنا۔ ناریوں کا درد۔ دم گھٹنا۔ دل کا دھڑکنا۔ سر کا چکرانا۔ رطوبت دور ہونا۔ کھٹی ڈکاریں آنا۔ ہضم نہ ہونا۔ ایک ہفتہ میں طبیعت درست ہو جاتی ہے۔ پرہیز کا کوئی حرج نہیں۔ ہر جگہ ملتی ہے۔ عمدہ دوا ہے۔ ۲ روپے

حب بواسیر

بیحد مفید ہے۔ ۲ روپے

سلطان الرحم

دافع امراض رحم ہر قسم کی عورت کے لئے ضرور ہے۔ قیمت ۲ روپے

دلبر عال

مقوی اعصاب ہے۔ ۱ روپیہ

مرہم مسیح الملائی

منضج بصر وغیرہ۔ فی شیشہ ۱ روپیہ

حب ذیابیطس

ذیابیطس کے مریض کی علامت ہے کہ پیشاب کا رنگ جاتا ہے۔ ذائقہ بگڑ جاتا ہے۔ پیاس زیادہ ہو جاتی ہے۔ فی شیشہ ۱ روپیہ

دافع جذامی

جذام کی علامت ہے کہ بدن پر سفید داغ ہو جاتے ہیں۔ فی شیشہ ۱ روپیہ

حب طحال

تلی کے لئے مفید ہے۔ فی شیشہ ۱ روپیہ

کالیجاب

کشتہ گولیاں دیرینہ درد کی مشق صادق آتی ہے۔ فی شیشہ ۱ روپیہ

سچے خالص چاندی کے زیورات

مفصلہ ذیل زیورات خالص چاندی کے بہت وضعدار بنے ہوئے ہیں ان میں سے بعض پرزے کا کاٹ کیا ہوا ہے اور بعض بڑھوئیں۔ ہم اعلان کرتے ہیں۔ کہ ہمارے کارخانہ کے تیار شدہ زیورات خالص چاندی کے ہیں ۱

المشتہر محمد عبدالعزیز منیجر کمرشل کمپنی لاہور مرزنگ

حضرات!

ہمارے ہاں سے تمام قسم کے زیورات کے آپ کی فرمائش کے موافق بنوانے کے لئے مفصلہ ذیل زیورات بن کے تیار ہیں۔ جن کے آپ سامنے بیٹھے جاتے ہیں۔ بعض ان میں ہر گز نیز میں ہو سکتی۔ اسے درجہ کا جو مضبوط رنگ کیا ہے۔ اور بڑا پائدار مضبوط کلمٹ کیا ہے لطف یہ قیمت بھی دیگر جگہ زمانوں سے کم رکھی ہے۔

داؤدی سنہری جڑاؤ

ہر دلعزیز مالا سنہری

سنہری جڑاؤ

گوکھرو کرٹ سنہری

کرٹے سنہری

بالے سنہری سادے

موتیوں کا ہار

پوڑی

بالیاں سنہری

گلوبند سنہری جڑاؤ

گلنیاں سنہری

چھلا

المشتہر۔ محمد عبد العزیز منیجر کمرشل کمپنی لاہور۔ مرنگ

جناب سردار رتن سنگھ صاحب

سب انسپکٹر سنسر نوٹ پولیس ضلع رائے پور:- حلوۃ اللحم جو آپ نے استعمال کیا آپ کو اگر ہمارے مہمان اور افسلاطوں کا خطاب دیا جائے تو غیر مناسب نہیں ہے۔ بندہ نے ہزاروں کے امور حکیموں کے ماتحت استعمال کئے لیکن یہ حلوا اُن سے مفید اور درجہ موثر تر پایا۔ چار سیر حلوۃ اللحم حلوا بہت جلد روانہ کیجئے +

جناب محمد ایوب صاحب

سوداگر پھولباری ضلع جلپائی گوری:- آپ سے جو حلوۃ اللحم منگایا تھا وہ

جناب حکیم غلام محی الدین صاحب

از مقام ہرکول ضلع کلاب تعلقہ مالگاؤں:- حلوۃ اللحم تین سیر پہنچا۔ مگر اشتہار کے موافق شیشی نہیں ملی۔ امید کہ ہماری محنت ضائع نہ ہوگی۔ براہ مہربانی چار سیر حلوا بہ اضافی شیشیوں کے بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل بہت ہی جلد روانہ کیجئے +

نوٹ:- بروقت تحریر فرمایش اخبار کا حوالہ ضرور لکھکر روانہ کریں۔

جناب عبدالشکور خاں صاحب

دفعدار از عدن:- جناب حکیم صاحب حلوۃ اللحم پہنچا۔ جن لوگوں نے استعمال کیا انکا بیان ہے کہ حقیقتاً گویا مردہ کے لئے سیحا سوائے مرگ۔ البتہ تمام امراض کے لئے تریاق متصور ہے۔ براہ مہربانی چھ پونڈ حلوا اور بھیجیے اور یہ سپرنٹنڈنٹ شاریع کیجئے۔ تاکہ انباے جنس اسکے استفادہ سے محروم نہ رہیں +

جناب لالہ رشیو سہائے

صاحب زمیندار بڑی پہنچی ضلع ہزاری باغ:- وہ پونڈ حلوا جو آپ نے ماۃ اللحم حلوا عنایت فرمایا زیر استعمال

جناب

جناب منشی عصمت اللہ خاں

صاحب امرتسر شتہ دار کچہری امنی چنن پور حلوۃ اللحم مسلہ آنجناب پہنچا۔ اس کے استعمال سے ثابت ہوا کہ تولید خون اور قوت [illegible] حلوا ایسی نظیر ہے میں لگاتار استعمال

حلوۃ اللحم

تمام قسم کی بیماریوں۔ درد کمر۔ نزلہ۔ زکام۔ ریزش اور ضیق النفس جو اکثر شیخ اور خصوصاً بوڑھوں کو موسم سرما میں عاجز کر دیتا ہے۔ بڑھے سے کھو دیتا ہے

حلوۃ اللحم

اول اس طبیہ کا گرگٹ حسن کیا کہ جنکو خون کے بے اندازہ پیدا کرنے اور مہیہ و متمم سطبہ قوتوں سے بڑھانے میں ایک خدرتی ترکیب خاصیت حاصل ہے۔ پھر ایک نادر ترکیب سے حل کر کے بلا آمیزش آب انگارب نکالا وہ بھی ایک ایسی کیمیت ہے کہ اگر سالہا سال تک رکھا رہے تو اُسمیں کسی قسم کا تعفن یا تغیر پیدا نہو بعد ازاں اسمیں مہی ممسک مفرح مسمن مین مقوی اعضاے رئیسہ ادویات ملا کر ایک اعلے درجہ کا خوشمزہ خوشگوار خوش رنگ خوشبودار حلوا تیار کیا + پس جو لوگ کہ بدن کو فربہ خوش رنگ مضبوط چستیکم جلد کو چکنا رکھنا عینک کی عادات کو چھوڑ کر بصارت کو تیز کرنا۔ اعضاے رئیسہ کو اطاقت دینا بدن کی خشکی کالوں کی شائیں شائیں کو دفع کرنا چاہیں بہت جلد اسکو منگوا کر مستفید ہوں +

حلوۃ اللحم

حلوۃ اللحم

حلوۃ اللحم

ہاس ٹار ایکس

قیمت بحس

کلاں دس روپیہ

موافر ۱

شہر افزا ۱

جوہر چینی

ان الملح آنشی

ہوان افزا ۱

ان شاہی ولی افزا

ان آنشک

ان ایلوا

ان ایلوا

ان ایلوا

افسوس

افسوس کی بات ہے کہ ہندوستان میں آریہ اور عیسائیوں کی طرف سے کئی رسالے اور اخبار نہایت آزار چھپتے ہیں۔ جن میں دنیا کے سردار حضرت محمد رسول اللہ صلعم کی نسبت اس قدر بیہودہ بیانیاں کی جاتی اور گالیاں دی جاتی ہیں کہ ایک شریف مند مسلمان کا بدن تھرا اٹھتا ہے۔ آنکھوں میں خون اتر آتا ہے۔ ان رسالوں میں ایسا زہر بھرا ہوا ہے کہ کئی مسلمان انکو پڑھ پڑھکر اسلام سے مشکک اور مرتد ہو گئے ہیں ہندوستان میں کچھ کروڑ مسلمان موجود ہیں۔ لیکن افسوس ایک اخبار یا رسالہ بھی ان کی طرف سے ابھی نہیں چھپتا۔ جو ان مخالفین کو دندان شکن جواب دیکر اہل اسلام کو دروغ کے گڑھے سے بچاتا اور انکا دل بڑھاتا۔ کہتے ہیں عیسائیوں کے مشن کا جو سالانہ پیسہ ایک شخص کو وصول ہوتا ہے کہ ولایت کے عیسائیوں نے ایک دفعہ کی چادر بنوا لینا چھوڑ دیا ہے اور اسی ایک دفعہ میں چھوڑ دینے سے ہزاروں روپے جمع ہو جاتے ہیں۔ جو وہ عیسائی مذہب اور عیسائی رسالوں کے شایع کرنے میں صرف کرتے ہیں۔

مسلمانو! جو خدائی اور سچا مذہب ہو۔ کیا اس کے لئے مسلمانوں کی اتنی بھی غیرت نہیں ہونی چاہیئے۔ ضرور ہونی چاہیئے اور ایسی غیرت کے ہمارے دل میں پیدا کرنے کے لئے ہم یہ **رسالہ انوار الاسلام** ماہوار نکالتے ہیں۔ یہ رسالہ ہر مہینے جس میں نور افشاں وغیرہ عیسائی اخباروں اور آریہ گزٹ وغیرہ آریہ کے اخباروں اور مخالفین کے تمام اعتراضات کے مفصل جواب لکھے جاتے ہیں۔ ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ اس رسالہ کو منگائے اور مطالعہ فرمائے حجم ۳۰ صفحہ کا ہوگا۔ قیمت نہایت کم صرف **عشر** سالانہ ہے۔ معہ محصول ڈاک۔ نمونہ کا پرچہ ایک آنہ کے ٹکٹ بھیجنے پر روانہ کیا جا سکتا ہے۔ **خوشخبری** ۱۵ جنوری ۱۹۱۰ء تک جو صاحب قیمت پیشگی بھیجیں گے انکو ایک نہایت ضروری اور مفید رسالہ بھی مفت ارسال کیا جائیگا۔ اس غرض سے کہ اس رسالہ کی اشاعت بکثرت ہو اور مخالفین اسلام کے اعتراضات کا مرتبہ لوگوں پر یہ سہولت آسانی سے ظاہر ہو جائے۔ ضرور ہے کہ ہر ایک مسلمان متلاشی ہے۔ مثلاً بہشت دوزخ فلسفی۔ فلاسفی۔ عذاب قبر کی فلاسفی۔ تقلید شخصی کے مسایل۔ وحی والہام کی حقیقت وغیرہ۔

درخواست خریداری

نام محمد ابراہیم و محمد اسمٰعیل مالکان جنرل بک ایجنسی سیالکوٹ ہونی چاہیئے۔

دنیا میں پہلی طرز کا قرآن مجید

یاجیبی حمایل شریف مترجم الی الانگلش اردو بامحاورہ جس کی نظیر نہ بہت قدیم میں نہیں ملتی جس میں ۱۳ خوبیاں نمبروار پائی جاتی ہیں (۱) تقطیع جیبی نہایت عمدہ اور موزوں ہے یعنی ۵ انچ لمبی ۳ انچ چوڑی جو جیب میں بآسانی آ سکتی ہے۔ اور شائقین کلام مجید ہر وقت اپنے پاس رکھ سکتے ہیں (۲) ترجمہ حمایل شریف بالمقابل صفحہ پر کیا گیا ہے ایک صفحہ پر اسکی متن اور دوسرے صفحہ پر اسکا ترجمہ متن و ترجمہ نہایت صفائی کے ساتھ پڑھا جاتا ہے (۳) صفحہ پر صرف آیات کا نمبر دیئے گئے ہیں اگر نمبر لکھنے میں کوئی وقت نہ ہو (۴) ہر سورت کے اخیر و نہایت اور ہر رکوع کا ختم ہونا ہو جس سے ایک آیت کے لئے قرآن شریف کا ورق الٹنا نہیں پڑتا یہ خوبی آجتک کسی مترجم قرآن شریف میں نہیں (۵) عربی و اردو تحریر نہایت اعلےٰ درجہ کی ہے۔ بڑی ہی خوش قلم عامل نے تحریر کیا ہے (۶) ترجمہ جدید با محاورہ زبان حال کے اردو کے موافق کر دیا گیا ہے ترجمہ ایسا شایستہ اور لطیف ہے کہ خواہ مخواہ پڑھنے کو دل چاہتا ہے اور تمام متدرات و محذوفات ترجمہ کے اندر خطوط ہلالی لکھ دیئے ہیں جس سے تفسیر کی تفسیر اور ترجمہ کا ترجمہ ہے اور بڑی آسانی سے سمجھ میں آتا ہے (۷) اس مقدس حمایل شریف کے شروع میں سپاروں اور سورتوں کی فہرست دی گئی ہے جس سے جھٹ سورت اور سپارہ نکال سکتے ہیں (۸) شروع میں تمام قرآن شریف کے مضامین کی فہرست ہے۔ جو اعظوں اور خطیبوں اور تمام مسلمانوں کے لئے نہایت کارآمد ہے نماز۔ روزہ۔ حج۔ عمرہ۔ شکر۔ رمضان۔ عید وغیرہ کے متعلق ایک ہی جگہ حوالہ لکھ دیئے گئے ہیں (۹) تمام انبیا کا ذکر قرآن شریف میں جہاں جہاں آیا ہے۔ انکی نسبت بھی ایک ہی جگہ ساری حوالے لکھ دیئے گئے ہیں۔ ابراہیم یا لوط وغیرہ کا لفظ نکالنا ہو تو جہاں جہاں قرآن شریف میں انکا قصہ آیا ہے وہ سب مقامات دم بھر میں دیکھ لو (۱۰) کاغذ سفید تنفیس اور روئی لگایا گیا ہے (۱۱) جلد سنہری نہایت خوبصورت کرائی گئی ہے (۱۲) اسپر قرآن شریف اور لا یمسہ الا المطہرون کا لفظ سنہری لگایا گیا ہے باوجود ان سب خوبیوں کے قیمت بہت ہی کم یعنی عمدہ قیمت مجلد صرف بعشر عشیر محصول بذمہ خریدار

جو محمد ابراہیم و محمد اسمٰعیل مالکان جنرل بک ایجنسی سیالکوٹ سے مل سکتی ہے

اردو لغات فیروزی

سنہری جلد جم پورے ۱۳۰۰ صفحہ قریباً ۴۰ ہزار اردو الفاظ کی ڈکشنری قیمت صرف

اگرچہ انگریزی زبان اردو زبان کی کئی ڈکشنریاں موجود ہیں۔ جیسی فیروز صاحب کی ڈکشنری۔ فارسی صاحب کی ڈکشنری۔ لیکن بہت افسوس کی بات ہے کہ اردو زبان کی ایک لغات بھی ابھی نہیں پائی جاتی۔ مقصد ضروری تو یہ تھا کہ ہندوستان کو دفتر۔ کچہری سکولوں کالجوں دارالعلوموں وغیرہ میں مکمل اور ایک مکمل اردو لغات کا بھی ہونا چاہئے تھا۔ بنا بریں یہ ضخیم اردو لغات فیروزی انگریزی ڈکشنریوں کی طرز پر تیار کیگئی ہے جس میں زبان اردو کے کل الفاظ اصطلاحات قانونی الفاظ علمی اصطلاحات ضرب المثل وغیرہ موجود ہیں۔ اسکو ہر قسم کے اردو لغات کی مطلق ضرورت نہ ہوگی۔ ڈسٹرکٹ انسپکٹر (ز)۔ مدرسہ۔ محرر۔ منشیوں بیرسٹروں وکیلوں مختاروں اور عام شائقین کو مفید ہے۔ اسے ضرور طلب فرماویں۔

حیات صلاح الدین

قیمت صرف

یعنی سلطان صلاح الدین فاتح بیت المقدس کی

سوانح عمری

بمبئی میں ایک فیاض پارسی نے غریب پارسیوں کی رہائش کے واسطے نئے مکان تعمیر کئے ہیں۔

۶ میڈیکل افسروں کی خدمات گورنمنٹ ہند کے زیر تقدیم ایکیگی میں

روح حیون بوٹی اور طلائی استمنا

وہ لوگ جو چین کی غلط کاریوں یا جوانی کی بے عقلیوں یا کثرت شراب۔ چانڈو اور افیون کی مضرتوں یا غیر صورت ازدواج شادی نہ کرنے کے سبب طاقت سے بالکل ہاتھ دھو بیٹھے ہوں اور مایوسی کے باعث زندہ درگور ہونے کو غنیمت شمار کرتے ہوں اور شادی کرانے سے بوجہ نزاکت خانہ دوش بچتے ہوں۔ یا وہ اکثر طبیبوں اور حکیموں کی ضرر رسان بوٹیوں کے بڑی بڑی مہنگی مجرب اور مضبوط بالکل بےتکلیف نہ دیکھ والی ادویات کے نزدیک بھی نہ جاتے ہوں اور پوشیدہ طور پر بلا کسی قسم کی تکلیف کے دائمی اور اصلی قوت باہ حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ بہت جلد اس اعلیٰ و خاصی علاج کو منگوا کر استعمال کریں قیمت فی بکس جس میں ۱۰ دفعہ سوخ حیون بوٹی اور ایک شیشی طلا کی ہوتی ہے اور جن کا استعمال بوس ریبل کے لئے نہایت ضروری اور لازمی ہے مع محصول ڈاک وغیرہ تیرہ روپے آٹھ آنے۔ مگر حفظ ماتقدم کے لئے ایک ایک شیشی طلا ہر دو ادویات کی بقیمت بعد مع محصول ڈاک بھیجی جا سکتی ہے۔

المشتہر حکیم محمد علی پروپرائٹر فیاضی شفاخانہ روح حیون بوٹی (معالج خاندان شاہی ریاست بھوپال)

نظام کو مدیہ الاسلام کے ساتھ انصاف کریں گے۔ گورنمنٹ ہند بھی اگر اس طرح اخبارات کی حوصلہ افزائی فرمائے تو یقین ہے کہ ملکی صحافت کی حالت بہت کچھ اصلاح پذیر ہو جائے۔ مگر یہاں تو صرف پیرٹوں تک ذکر کرنے پر اکتفا کیجاتی ہے۔ اور اس میں بھی ایسے اخبار زیادہ تر مستحق تعریف سمجھے جاتے ہیں، جو خیالی گورنمنٹ کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔ اسپر طرہ یہ ہے کہ گورنمنٹ پنجاب اپنی رپورٹ میں اخبارات کے متعلق اتنا بھی لکھنا نہیں چاہتی۔ اور مرتبہ نام پتہ۔ تعداد اشاعت وغیرہ اکثر غلط تحقیق ہوتی ہے۔ مرچ کردیا کافی سمجھتی ہے۔

مصری نظر

آنریبل مسٹر لاتوش صاحب سی۔ ایس۔ آئی۔ سابق قائمقام لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی ان دنوں سپیشل ممبر بورڈ آف ریونیو کی حیثیت میں دورہ کر رہے ہیں۔ ایک ہمصر کے نامہ نگار کی تحریر سے معلوم ہوا کہ آپ قصبہ کٹرہ مانک پور میں ایک قدیمی شریف خاندان کے افسر اکبین سے ہیں۔ جو اب گردش زمانہ سے غریب بنا دیا ہے۔ اہلے۔ اُن کے ساتھ اخلاق سے پیش آئے۔ ایک نوجوان کو جو قابل ملازمت تھا اُمیدوار بنا کر اپنے ہمراہ لے گئے۔ اور مبلغ ایک سو روپے اُس خاندان کی امداد کے لئے اپنے جیب خاص سے عطا فرمائے۔ نامہ نگار مذکور لکھتا ہے کہ نہ فقط وہ خاندان صاحب موصوف کی اس عنایت کا ممنون ہے بلکہ اُن کا نام نامی تمام گردونواح کی خلائق میں اس فیضرسانی سے ہر دلعزیز بن گیا ہے۔ بیشک یہی باتیں ہیں جس سے حاکم و رعایا کے تعلقات وہ صورت اختیار کر لیتے ہیں جو سرپرست و اولاد کے تعلقات میں ہوتی ہے۔

روزانہ دہلی سے معلوم ہوا کہ "۲۷ نومبر کو ۱۲ بجے کے بعد صاحب عالم مرزا شریاجاہ کے دولتخانے پر ایک میٹنگ میں حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب نے طب پر ایک بسیط اور عالمانہ لکچر دیا تھا۔ غالباً یہ لکچر دو گھنٹے میں ختم ہوا۔ علم طب کے موضوع کی بابت نہایت وضاحت کے ساتھ اس لکچر میں بحث کی گئی تھی"۔

ہز ہائینس حضور نظام کی تہنیت سالگرہ میں اس مرتبہ رعایائے حیدرآباد نے جس سرگرمی و عقیدت کا اظہار کیا۔ وہ بیشک قابل تعریف ہے۔ مگر جوش اور جلسے اس مبارک موقع پر بہت نذر دیئے ہوئے اُن سے اسلئے اس امر کے کہ رعایا والیان ریاست کو اپنے خلوص و عقیدت اور ہز ہائینس کو اپنی فصاحت بلاغت تحریر و تقریر دکھانے کا موقع مل گیا اور کوئی بھی فائدہ مرتب ہوتا نظر نہیں آتا۔ اب سنا جاتا ہے کہ ہز ایکسیلنسی وزیر اعظم۔ جوان جشنوں میں اپنی عدم موجودگی کے باعث زیادہ ممنون رہے ہیں ۵۰۰۰ ہزار روپے کے صرف سے ایک جلسہ تہنیت منعقد کرنے والے ہیں۔ جس میں ایک عظیم الشان دعوت کے علاوہ لاولدی مہمانان کے عجیب و غریب سامان کئے جائینگے۔ مگر اے کاش! نواب وقار الامرا بہادر یہ رقم خطیر سالگرہ مبارک کی یادگار میں کسی پبلک انسٹیٹیوشن کو عطا فرما دیں؟

یہ دیکھنا موجب ابتہاج ہے کہ پنجاب میں امسال جو تین میدوار بعد امتحان مقابلہ مطبقی کے لئے منتخب ہوئے ہیں۔ اُن میں ایک مسلمان احمد یار خاں صاحب بی۔ اے کا نام بھی ہے اگرچہ نسبت آبادی کے لحاظ سے ایک کے بجائے دو مسلمان کامیاب اُمیدوار ہونے چاہئیں۔ مگر جب سالہائے گزشتہ کے نتائج پر نظر ڈالی جاتی ہے تو یہ مسلمان بالکل ہی محروم تھے تو یہ ایک نام بھی غنیمت سے شمار کرنا پڑتا ہے۔ خدا مسلمانوں کو ترقی کا حوصلہ دے۔

ایک مصری اخبار لکھتا ہے کہ "اہل انگلینڈ نے ایک شورش کے وقت دولت عثمانی سے جزیرہ کریٹ کے نزوخت کرنے کا سوال کیا تھا تو جواب نفی میں ملا تھا۔ بعدہٗ روس نے اپنے سفیر متعینہ استنبول کے ذریعہ ایک رسمی طور پر اس خبر کی صحت و سقم کی نسبت سوال کیا جس کا اعلیٰ حضرت سلطان المعظم نے یہ جواب دیا کہ کریٹ کی مٹی کا کوئی حصہ میری قوم کا خون بہنے کے بغیر زیر نہیں سکیگا یعنی زینہات نہ فروخت ہو سکتی ہیں اور نہ اُن کا اجارہ دل سکتا ہے"۔ مگر دل یورپ نے اپنی فاصبانہ حکمت عملی سے وہ جال ڈالے کہ آخر قبائل قبضہ سلطانی سے قریباً نکل ہی گیا۔ افسوس!

اخبار دار السلطنت رقمطراز ہے کہ "حضور ندیم مصر و السکتوبر کو مصر میں رونق افروز ہوئے۔ گزشتہ سفر یورپ میں ان کے ساتھ نہایت خراب سلوک کیا گیا جسکا یہی وجہ ہے کہ آپ کی طبیعت انگریزوں کی جانب سے بہت ہی برانگیختہ ہے۔ حتیٰ کہ نظامت مصر اپنے لائق بھائی محمد علی پاشا کو سپرد کر کے گوشہ نشینی اختیار کرنیکا ارادہ ہے۔ کیونکہ حضور ممدوح اس سے زیادہ اپنے ملک کی خراب حالت نہیں دیکھ سکتے"۔

مسلمانوں کو لکھنؤ کی ایک بیگم صاحبہ کا مشکور ہونا چاہئے جنہوں نے حال میں ندوۃ العلما کو ۲۰ ہزار روپے کے قیمتی زیورات بغرض ترقی تعلیم مرحمت فرمادئے۔ ندوۃ العلما نے جس مہتم بالشان کام کا بیڑا اُٹھایا ہے اگرچہ اُس میں یہ رقم المبلغ فی الطعام سے زیادہ نہیں مگر اس کی قدر و قیمت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ جب یہ امر پیش نظر رکھے جائیں کہ مجلس مبارک ندوہ کو اب تک قوم سے صرف برائے نام چندہ وصول ہوا ہے اور یہ ۲۰ ہزار ایک ایسی طرف سے ملے ہیں جس سے کسی قسم کی اُمید نہیں بندھ سکتی تھی۔ تاریخ اگرچہ مسلمان خواتین کے کارنامہائے سخاوت سے بھری ہوئی ہے۔ اور اب بھی ایسی مخدرات فیض سمات موجود ہیں، جن کے دم سے غربا کو بہت کچھ فیض پہنچتا ہے۔ مگر خیرات کا جو صرف ان لکھنوی بیگم صاحبہ نے اختیار فرمایا ہے وہ اپنی نوعیت میں جتنا مفید مناسب ہے اُتنا ہی بڑیں خیال زیادہ قابل توصیف ہے کہ مسلمان قوم کی اصلی ضروریات محسوس کرنے لگیں۔

یورپ میں علوم جدیدہ کے ساتھ مذہب کی طرف سے بد اعتقادی کا خیال یہاں تک ترقی کر گیا ہے کہ اب لوگ ملائیہ دینی معاملات پر اُٹھنے لگے ہیں اور معجزات وغیرہ کو خلاف فطرت سمجھ کر ہنسیوں میں اُڑا دیتے ہیں۔ سو یہ صاحب نے ایک لکچر میں کہا تھا کہ امریکہ میں اکثر لوگ اول تو گرجا میں جانا ہی غیر ضروری سمجھتے ہیں۔ اور جو جاتے بھی ہیں وہ کسی مذہبی خیال سے نہیں بلکہ مرد عورتوں کو گھورنے اور عورتیں مردوں پر عرق جمال کرنے۔ مملکت فرانس نے فد لکنا لازم کتب مدارس سے تو پہلے ہی نکال دیا تھا مگر اب قرار دیا ہے کہ سکہ میں سے بھی دور کر دیا جائے۔ کیونکہ اہل فرانس آزاد ہیں۔ اور خدا کے بھی فرمانبر نہیں۔

کشمیری پنڈتوں کے فرقے کو اس معاملے پر خاص مبارکباد دینی چاہئے کہ انڈین میڈیکل سروس کے گزشتہ امتحان داخلہ میں اُنکی قوم کے ایک ممبر پنڈت پیارے لال آنول کامیاب ہوئے ہیں۔ جو چند مہینے بعد اپنی فوجی تعلیم ختم کر کے ہندوستان واپس آئینگے اور مدراس کی طرف کسی پلٹن میں بطور میڈیکل افسر تعینات کئے جائینگے۔ پنڈت پیارے لال صاحب پنڈت شیونرائن آنجہانی ممبر میونسپل کمیٹی لاہور کے فرزند ہیں۔ اور اس کامیابی پر ہم اُن کے والد مرحوم کو بھی مبارکباد دیتے ہیں۔

STEARNS' KOLAVIN

سٹیرنس صاحب کا کولاوین

یہ دوائی تازہ کولایٹ سے تیار کیجاتی ہے۔ اسطرح کہ اس نٹ کے تمام جوہر اسمیں آجاتے ہیں۔ جنکو واحد کولاوین کو جسمانی اور دماغی ضعف کمزوری عصاب اور جسم کی عام خفیف حالتوں کے واسطے بطور قیمتی علاج کے سفارش کرتے ہیں۔ اسکو اسوقت استعمال کرنا چاہئے۔ جبکہ خوراک ہضم نہ ہوتی ہو۔ کیونکہ یہ معدہ کو بہت تقویت دیتا ہے۔ شراب اور نشہ آور اشیاء کی رغبت دور کرتا ہے۔ ہندوستان کے تمام فروشوں سے مل سکتا ہے۔ ۱۰ کو چھوٹے نمونہ کی فیشی بھی اسکی فروخت کرنیوالے سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

خاموش ہیں اور روسی سلطنت سے کوئی واپرس نہیں کرتے۔ اگر سلطنت عثمانیہ سے ایسی کوئی حرکت سرزد ہوتی تو ایک دنیا میں شور مچ جاتا یورپین اخبارات پرجوش مضامین سے زمین و آسمان ایک کر ڈالتے۔ یورپ والے چڑھ چڑھ کر سلطان المعظم پر حملہ کرتے اور مذہب اسلام کی نسبت سب و شتم کا کوئی لفظ باقی نہ رکھتے۔ پھر کیسے بازار میں لوگوں کو ترکی کے خلاف اشتعال اور ڈول سھول کر فوراً روم پر دھاوا کر دیتے۔ مال مغصوبہ کا (مع تاوان) بیشتر دعوا لے کر ہی ٹلتے۔ اور آپے سے باہر نکل جاتے۔ اب روس سے کوئی آنکھ نہیں ملاتا۔ اصل یہ ہے کہ حمایت مذہب اور ہمدردی انسانی کا ادعا محض فرضی ہے اور صرف اسی وقت عملی صورت میں لایا جاتا ہے جبکہ اس کی آڑ میں کوئی نجی غرض نکلتی ہو۔ ورنہ یورپ میں ماسوائے فوڈ مطلبی کے اصلی ہمدردی کی جھلک بہت کم نظر آتی ہے۔ دول یورپ اگر واقعی انسانی ہمدردی کی خوگر ہوتیں تو اب سے چند سال پیشتر اس وقت کیوں خاموش رہتیں جب روس نے یہودیوں کو اپنے ممالک محروسہ سے بڑی ذلت کے ساتھ خارج کیا تھا اور ان کا تمام مال و متاع ضبط کر لیا تھا۔ دوسرے نزدیک ضعیف سمیرنہ و سلطنت عثمانیہ کو کمزور پا لیا ہے پکڑ میں بہانے سے پانچ دبائیں۔ روس سے باز پرس کرنے کا تو حوصلہ چاہیئے!

جزیرہ قریطش کی | جزیرہ قریطش کی نسبت چند ماہ پیشتر **قسمت کا فیصلہ** | جو خیالات یہ ایک لیڈ میں ظاہر کئے تھے افسوس ہے کہ ان کا بیشتر حصہ صحیح ثابت ہوا۔ دول یورپ نے اگرچہ ظاہر کیا ہے کہ قریطش میں عثمانی جھنڈا اور ستہ لہرانا

نایاب کتابیں

ذیل کی کتابیں بہت تھوڑی تعداد میں فروخت کے لئے موجود ہیں۔ فوراً منگا لیجئے۔ طلسم ہوشربا رشید دوں کی جلد کتاب تک کی اوٹ بہار ۱۰ ار
کلیات اکبر الہ آباد جلد اول مع تصاویر ۱۰ ار
کلیات اکبر جلد دوم ۱۰ ار
مثنوی گلزار نسیم مع تصاویر ۲ ار
مثنوی سحر البیان مع تصاویر ۲ ار
مثنوی بدر منیر مع تصاویر ۲ ار
مثنوی شوق مع تصاویر ۲ ار
مثنوی زہر عشق ۲ ار
مثنوی گلزار داغ ۲ ار
مثنوی فریاد داغ ۲ ار
دیوان داغ ۲ ار
دیوان بیخود ۲ ار
دیوان امیر ۲ ار
دیوان جلال ۲ ار
دیوان ریاض ۲ ار
دیوان ثاقب ۲ ار
دیوان ثاقب ۲ ار
دیوان ثاقب

مایۂ ناز و سرمایۂ امتیاز ہے۔ میں کہ سکتا ہوں کہ اگر جناب ممدوح کا کوئی لائق شاگرد یا آن کے برادر خورد حکیم محمد انیس خاں صاحب طبیب خاص ہز ہائینس نواب صاحب رامپور ایک ایسے رسالے کی طرف جناب حکیم صاحب کو توجہ دلائیں تو وہ اس کی طبع اول ضرور منظور فرمائینگے۔ رہا اخراجات اُن کی ایسے رسالے کے لئے جس سے جناب حکیم عبدالحمید خاں صاحب کا نام نامی دابستہ ہو زیادہ پرواہ نہ ہونی چاہئے کیونکہ وہ بہت جلدی اپنے آپ کو سنبھال سکینگے۔ اس رسالے کے ابراسے ایک فائدہ یہ بھی متصور ہے کہ مدرسہ طبیہ جو جناب حکیم صاحب کی پیش بہا کوششوں کا نتیجہ ہے ملک سے ماہوار تعارف حاصل کر لیا کریگا۔ اور یہ رسالہ گویا اس کا آرگن بن جائیگا۔ اب صرف سال میں ایک دفعہ مدرسہ مذکورہ سے ملک گوش آشنا ہوتا ہے جبکہ اس کے سالانہ جلسے کی رپورٹ مشتہر کیجاتی ہے۔ امید ہے کہ دیگر معاصرین علی الخصوص ہندی اخبارات ایک طبی رسالہ کی ضرورت جناب حکیم صاحب کو جتانے میں کوتاہی سے کام نہ لینگے اور صاحب موصوف کے قیمتی بیضامین سے ملک کو مستفید کرانے کے باعث ہونگے۔

ساڑھے تین لاکھ کی جائداد کا عطیہ

حاجی احمد سعید خاں صاحب رئیس بھیکمپور نے ساڑھے تین لاکھ کی جائداد کے متعلق پرائیویٹ ایجنسوں سے جو مشورہ طلب کیا ہے اُس کے متعلق ابھی تک ایجنسوں میں کوئی علی کارروائی ہونے کی خبر نہیں آئی مگر امید ہے کہ اس معاملے میں مشورہ دینے والے گروہ بڑی خوشی و خوش دلی سے کام لینگے اور ہاستہ لال شائستہ لال بائستہ اپنی رائے کو قبل از وقت ظاہر کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرینگے۔ حاجی صاحب ممدوح نے مشورہ طلب کرنے کی بابت جو اشتہار دیا ہے اُس میں اگر کسی قسم کی قید لگا دیجاتی تو زیادہ مناسب ہوتا۔ اور ایجنسوں کو ایک خاص معاملہ پیش نظر رکھ کے اُس پر بحث مباحثے کا خوب موقع ملتا۔ مثلاً جناب موصوف کم از کم اتنا رقم فرما سکتے تھے کہ وہ ایک ساڑھے تین لاکھ کی جائیداد اور ہزار روپے ماہوار آمدنی والی جاگیر کو ترقی تعلیم کے لئے وقف کرنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ باتفاق جمہور یہ امر قرار دیا جا چکا ہے کہ قومی سفاہ کو کسی معاملے میں اس قدر دستگی نہیں جتنی تعلیم سے ہے۔ بلکہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ مسلمانوں کی بہبودی کا انحصار ہی ترقی تعلیم اور صرف ترقی تعلیم پر ہے۔ لہذا مجالس اسلامیہ پر واجب ہے کہ وہ عطیہ مذکور کے مناسب مصرف پر غور کرنے میں اپنے خیال کو ادھر اُدھر نہ بھٹکائیں اور صرف تعلیم ہی پر محدود رکھیں۔ ہاں یہ سوچنے کا انہیں اختیار ہے کہ تعلیم کیسی ہو۔ بعض مذہبی تعلیم کو مقدم جانتے ہیں۔ بعض مغزلی تعلیم کو ضروری سمجھتے ہیں اور بعض کے نزدیک صنعتی تعلیم کا رواج سب سے افضل ہے۔ پھر ان تینوں اقسام تعلیم کے متعدد شعبے قائم ہو سکتی ہیں۔ اور مذہبی مغزلی صنعتی تعلیم کے کئی پہلو نکل سکتے ہیں جن میں سے ہر ایک بجائے خود بہت کچھ اہمیت رکھتا ہے۔ اسلامی ایجنسوں کو ان سب پہلوؤں پر نظر ڈالنی پڑیگی۔ افسوس ہے کہ حاجی صاحب نے طلب مشورہ کا اعلان محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس سے صرف چند ہفتے پیشتر فرمایا۔ ورنہ مصرف جائیداد موقوفہ کی بابت کسی نے اخبار

مسلمانوں پر انگلو انڈین اخباروں کے نا جائز حملے

یہ امر انگلو انڈین اخبارات کی عادت مستمرہ میں داخل ہو گیا ہے کہ جب سرحد کے پرے کوئی پولیٹیکل شورش ہوتی ہے تو وہ اول تو اس شورش کو مذہبی اختلاف پر مبنی بتاتے ہیں۔ اور پھر کسی نہ کسی طرح ہندوستان کے مسلمانوں کو کھینچ تان کر اس کے احاطے میں لے آتے ہیں۔ پہلے انہوں نے لکھا کہ امیر صاحب کی کتاب الجہاد ہندوستان کے مسلمانوں اور کئی مسلمان جنٹلمینوں میں تقسیم ہوئی ہے۔ ذرا سچ لیکہ وہ کتاب مذکور کی ایک کاپی بھی کسی مسلمان کے پاس رکھانے میں حاضر ہے۔ پھر جب گزشتہ سال تمام شمال مغربی سرحد پر یکایک آتش فساد مشتعل ہو گئی تو اخبارات مذکورہ نے ہندوستان کے مسلمانوں کو متہم کیا کہ وہ سرحدی اقوام سے ہمدردی رکھتے ہیں اور بعض نے یہاں تک کہ دیا کہ اس طلع سرحدی کے مسلمان انہیں ہمدردیہ سے دریغ نہیں کرتے۔ یہ الزام مسلمانوں کے لئے جتنا کہ تھا اُس سے کہیں زیادہ بے بنیاد ثابت ہوا۔ اب حال میں مسٹر تھابرن کی شملہ والی تقریر کا ترجمہ جو سرحد بار دستیاب ہوا اُس کے متعلق بھی ان اخباروں نے مسلمانوں کو بدنام کرنا چاہا کہ انہوں نے یہ ترجمہ سرحدی فریقوں میں بھیجا ہے۔ سوان سے بھی بڑھ کر مقامی انگلو انڈین ہمعصر نے ۱۰ اگست گزشتہ کے پرچے میں یہ لکھا کہ آفریدیوں نے جو اخیر ہفتہ ماہ گزشتہ میں تصفیہ فرانکط کے موقعہ پر گورنمنٹ سے یہ درخواست کی تھی کہ اُن کی عورتوں کو عیسائی مشنری ہسپتالوں میں ٹھہرنے کی اجازت نہ دیجائے اس کا سرحد کے اس طرف سے انہیں مشورہ دیا گیا ہے۔ بلکہ معنوں میں یہاں تک کہ دیا کہ انجمن اسلامیہ پشاور اس درخواست کا باعث ہوئی ہے۔ در اصل اخبار رسول طرفی گزشتہ پر الزام بہت سخت عائد کیا تھا اور اس سے انجمن اسلامیہ پشاور کی وقت و عزت کو صدمہ پہنچنے کا پورا اندیشہ تھا۔ چنانچہ اس کی بروقت تردید کر دی گئی تھی مگر حال میں اخبار پنجاب آبزرور کے ایک نامہ نگار نے اخبار مذکور میں ایک چھٹی چھپوا کر یقین دلایا ہے کہ انجمن اسلامیہ پشاور کو ان معاملات سے ذرا بھی تعلق نہیں۔ آفریدی پشاور کے حالات سے خود ابھی طرح واقف ہیں کیونکہ وہ آئے دن وہاں آتے جاتے رہتے ہیں۔ اُن کے بہت سے رشتہ دار پشاور میں سکونت پذیر ہیں جن کی معرفت انہیں اچھی طرح پشاور کی کیفیت معلوم ہو سکتی ہے۔ انجمن اسلامیہ کو اُن کے مطلق سروکار نہیں۔ نامہ نگار مذکور نے لکھا ہے کہ گزشتہ چند ماہ میں کئی واقعات ایسے پیش آئے ہیں جن کی بنا پر آفریدی مستورات ہسپتال میں اپنی عورتوں کے داخل نہ کئے جانے کی نسبت مستعد ہوئے ہیں۔ ایک آفریدی لڑکی مع اپنی والدہ کے علاج کرانے آئی اور پھر ہسپتال والوں نے اُس کو ایسا اور ظاہر کیا کہ کئی مہینے بعد بدقت تمام وہ اپنے ورثاء کو واپس ملی۔ ایک آفریدی کی بیوی کو ہسپتال میں آنے کے بعد سے اس وقت تک پتہ نہیں لگا ہے کہ اس نے تلاش میں بھتیری کاوش اٹھائی۔ واقعی آفریدی اپنے معاملات خود اچھی طرح سمجھتے ہیں اور یہ ہرگز قرین قیاس نہیں کہ وہ کسی اسلامی انجمن سے مشورہ لینے کے محتاج ہوں۔ نہ انجمن کی نسبت یہ سمجھ میں آتا ہے کہ وہ اپنے معمولی فرائض سے گزر کر پولیٹیکل امور میں دخل دینے کی جرات کر سکتی ہے۔ بیشک انڈین اخبارات کو چاہئے کہ وہ سرحدی اقوام کی باہمی خانہ جنگی کرتے وقت ہندوستانی مسلمانوں پر بلا تحقیق خواہ مخواہ الزام نہ لگایا کریں اور ان کے فیلنگز کا خیال رکھیں جنہیں ایسے حملوں سے سخت صدمہ پہنچتا ہے۔

عیسائی دول یورپ کیوں دخل نہیں دیتیں

ایک مصری اخبار لکھتا ہے کہ گورنمنٹ روس نے ارمنیوں کے ڈھائی سو مدرسے بند کر دئے ہیں اور ان کی جائیداد موقوفہ ضبط کر لی جس کی قیمت کئی ملین لیرا تھی۔ لیکن تو ارمنیوں نے اس ظلم و تشدد پر دول یورپ کے سامنے فریاد کی۔ نہ عیسائی یورپین سلطنتوں نے خود اس سخت گیری کا کوئی نوٹس لیا۔ آخر کیا وجہ ہے کہ مدعیان ہمدردی و محافظان مذہب اس وقت

عجیب و غریب گارنٹی ۵ سال



رسٹ واچ (یعنی کلائی پر باندھنے کی گھڑی) اس گھڑی کا خاص فائدہ یہ ہے کہ وقت پیش نظر رہتا ہے۔ دوسرا کلائی خوبصورت معلوم ہوتی ہے تیسرے جب چاہے کلائی سے کھول کر اپنی جیب میں رکھ لیجئے۔ اس میں سیکنڈ کا بھی کھیرا ہے۔ صرف منہ گھمانے سے چابی دیجاتی ہے۔ ایک بار مکمل گرنہات پائدار۔ ۳۶ گھنٹے کی چابی۔ وقت کی نہایت صحیح اور شکار کے نہایت کارآمد۔ اس کے ساتھ چھ چیزیں مفت دیجاتی ہیں (۱) چمڑا دار لائق کلائی پر باندھنے کی۔ (۲) بڑی ڈبی گھڑی۔ (۳) چھوٹی ڈبی گھڑی۔ (۴) ڈبی فن۔ (۵) شیشہ (۶) کمانی۔ گارنٹی پانچ سال۔ قیمت آٹھ روپے آٹھ آنے۔

ریلوے گو لیٹر علاوہ محصول ڈاک نو شانہ اور پارسل خرچ بہت کم۔ ڈھکنہ اور بلا کبھی خوبصورت گھڑی ہے ایک بار لے کر دیکھئے۔ ایک بچا دیتی ہے گارنٹی ۳ سال۔ قیمت

المشتہر ہمر فرینڈ ایڈ کمپنی منٹگمری

کہتا اور کہہ رہا تھا۔ البتہ لارڈ ایلجن صاحب بہادر نے یونائیٹڈ سروس کلب کی دعوت میں الوداعی تقریر کرتے ہوئے اپنا اطمینان ظاہر فرمایا تھا کہ سرحدی قبائل کو ابھی اچھی طرح معلوم ہو گیا ہے کہ سرکار انگریزی کی عظمت کیسی ہے اور اس میں انہیں سزا دینے کی کتنی قوت موجود ہے۔ لہٰذا اب وہ عرصہ دراز تک خاموش رہینگے اگر اس تقریر کو پورا ایک مہینہ بھی نہیں گزرا تھا کہ سرحد سے شورش کی خبریں آنے لگیں اور ان کا آغاز یہ ہوا کہ ملا کے دیوانہ سو اشخاص کی جمعیت سے دریا کو عبور کر کے نواب دیر کے آدمیوں پر حملہ کرنے میں کامیاب ہوا۔ یہ نواب دیر سرکار انگریزی کا آدر ہے۔ اور ملا نے اس کے نام جو خط تحریر کیا ہے اس میں بھی اس کو یہی ہدایت کی ہے کہ انگریزوں کی تائید سے باز آئے اور ملا کے ساتھ جہاد میں شریک ہو۔ اب خواہی نخواہی گورنمنٹ کو نواب دیر کی حمایت کرنی پڑیگی اور کرنی کیا معنی۔ فوج کو چکدرہ جانے کا حکم دے بھی دیا گیا ہے۔ انگریزی فوج کا قدم درمیان آتے ہی اندیشہ ہے۔ اور اس اندیشے کے لئے قوی وجوہ موجود ہیں کہ تمام قبائل دھشائر میں سرکاری مخالفت کی آگ بھڑک اٹھے۔ بلکہ بعض اہل الرائے کا تو یہاں تک خیال ہے کہ ایسی آگ اندر ہی اندر سال گزشتہ سے برابر سلگ رہی ہے۔ اور اب نواب دیر سے محض بطور تمائش لڑائی چھیڑی گئی ہے۔ اگر اس بہانے سے گورنمنٹ مقابل آجائے۔ ہنوز ملا کے رفقا کی تعداد ۸ یا ۹ سو سے زائد نہیں بتائی جاتی۔ اور یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ مسلمان کس خاص فرقے کے لوگ ہیں۔ مگر گمان کیا سکتا ہے کہ فساد کی ترقی کے ساتھ ہی ساتھ اس تعداد میں اضافہ نہ ہوتا رہیگا اور آخر یہ ہزاروں تک نہ پہنچ جائینگی۔ اگرچہ ساتھ ہی یہ بھی ممکن ہے کہ اس شر و فساد کے اثر سے گورنمنٹ آف انڈیا بالکل مصئون و مامون رہے اور نواب دیر ہی اپنی فوج سے ملا کی شورش کا خاتمہ کر دینے میں کامیاب ہو جائے۔ اگر یہ صورت ہو تو بہت ہی انسب و اولیٰ ہے۔ نظر بریں گورنمنٹ کو فی الحال احتیاط کرنی چاہیئے کہ فساد کی ابتدا ادھر سے نہ ہو۔ بلکہ دیگر موقع پر موجود ہیں۔ اور وہ موجودہ حالت کا سب سے بہتر اندازہ کر سکتے ہیں۔ نیز ان کے مزاج میں دوسرے فوجی افسروں کے برخلاف صلاحیت و امن پسندی زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ چنانچہ حال ہی میں انہوں نے نواب دیر و خان نواعنی کے ہر متنازعہ کا مناسب فیصلہ کر کے ایک ممکن الوقوع جنگ کو ٹال دیا ہے۔ لہٰذا قرین ہے کہ وہ اس وقت تک اپنی طرف سے فوجی نمائش روا نہ رکھینگے کہ اس کی اشد ضرورت آپڑے۔ اس سے دو فائدے مقصود ہیں۔ اول اگر ملا کا فساد نواب دیر کی کوشش سے رفع ہو سکتا ہے تو رفع ہو جائیگا اور انگریزی فوج کے الگ رہنے سے فریقوں میں اشتعال مذہبی کو ترقی نہ ہونے پائے گی۔ دوسرے نواب دیر کو انگریزی امداد کے بدلے خاص اپنی قوت پر بھروسہ رکھنے کا مناسب سبق ملیگا۔ ممکن ہے کہ ملا اور اس کے پیروؤں کو صرف نواب دیر ہی سے عضویت ہو۔ نواب موصوف بلا امداد غیرے اس کی قوت توڑ سکے۔ ایسی صورت میں سرکاری فوج کا نواب کی مدد کو جانا گویا خود فریقوں کو اپنے برخلاف جنگ کے لئے اکسانا ہوگا۔ ہاں جب یہ دیکھا جائے کہ نواب دیر مفسدین کو دبانے میں کامیاب نہیں ہوا اور نہ اس کے آئندہ کامیاب ہونے کی امید ہے تو غیر فوجی مدد دی جائے۔ مگر اس حالت میں بھی یہ احتیاط ملحوظ رہے کہ فوج کا طریق عمل ملا کا فتنہ دور کرنے کے دائرے سے باہر نہ نکلے۔ المدعا اپنی طرف سے کوئی دقیقہ اس کوشش میں فروگزاشت نہ کیا جائے کہ جنگ واقع نہ ہو اور مہم بھیجنے کی ضرورت کو ٹال دیا جا سکے۔ ہاں جب کسی طرح کام نہ چلے تو غیر ناچار گر ضرورت بود روا باشد۔

افسوس ہے کہ دو ماہی قبضہ چترال و قیام سیاہ مالاکنڈ کی غلط کاری کے باعث ہندوستان کو اس وقت ایک اور سرحدی مہم کی تیاری کرنی پڑی جس کا خرچہ و نقصان دیکھئے کیا ہو؟

ستانہ ملا یا کابلی فقیر

مقامی ایگلو انڈین ہمعصر لکھتا ہے کہ سوات میں آجکل جس شخص نے علم فساد بلند کر کے امن و امان میں خلل ڈالا ہے اس کو خلی العموم "ستانہ ملا" کے نام سے مشہور کیا جاتا ہے جس سے خیال ہوتا ہے کہ یہ وہی شخص ہے جو گزشتہ سال مالاکنڈ و چکدرہ پر حملہ کئے جانے کا باعث ہوا تھا۔ مگر یہ امر مشتبہ ہے کہ تازہ فساد کا بانی ملا اور سال گزشتہ کا مست فقیر ایک ہی شخص ہیں۔ پچھلے سال جب سوات و بھند کی مہمات نے ان علاقوں کو ہر قسم کے شر و فساد سے پاک کر دیا تھا تو اصلی "مست ملا" بالکل غائب ہو گیا تھا۔ اور لوگ کہتے تھے کہ وہ افریدیوں کو اشتعال دلانے کے لئے علاقہ ذکا خیل میں پہنچا ہے۔ پھر اس کی تو کوئی خبر نہ آئی۔ البتہ علاقہ عثمان خیل میں بہم پہنچے جانے کے بعد ایک آور درویش نے جس کو لوگ "کابلی فقیر" کہتے تھے سر اٹھایا تھا اور لوگوں کو بغاوت میں ہمارے خلاف اکسانا چاہا۔ لیکن اس کو اپنے ارادے میں کچھ کامیابی نہیں ہوئی۔ البتہ وہ موسم گرما میں کم و بیش سوات ہی کے اندر رہا۔ اور یہ قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ شورش کا بانی بھی وہی شخص ہے۔ خیر وہ "ستانہ ملا" ہو یا "کابلی فقیر"۔ مگر اس میں کلام نہیں کہ بقول مسٹر تھارپن صاحب بہادر صرف ان ملاؤں کے وعظ کا اتنا اثر نہیں ہوتا جتنا ان نارضیوں اور شکایات کا ہوتا ہے جو سرحدی فرقوں کو ہمارے افسروں کی حرکات سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ اگر ان لوگوں میں گورنمنٹ کی مخالفت کا مادہ پہلے سے موجود نہ ہو تو ملا کچھ نہیں کر سکتے ملا کا عمل مخالفت پیدا کرنا نہیں بلکہ صرف اس کو اشتعال دلا دینا اور لوگوں کو جمع کر لینا ہے۔

ہندوستان کی صنعت کو زوال کا اندیشہ

ملک میں ہیرونی کھانڈ کی بکری روز افزوں ترقی کر رہی ہے۔ اور اس سے یہاں کی قدیم صنعت شکر کو زوال پہنچنے کا اندیشہ دن بدن قوی ہوتا جاتا ہے۔ یہ امر موجب مشکوری و مسرت ہے کہ گورنمنٹ ہند نے اس ضروری معاملے پر جو لہ کر روڑ آدمیوں کے گزارے کا باعث ہے اپنی توجہ مبذول فرمائی ہے اور لوکل گورنمنٹوں سے دریافت کیا ہے کہ ان کے علاقے میں ہیرونی کھانڈ نے دیسی شکر پر کیا اثر ڈالا۔ مگر کیا ہم ہر ایک معاملے کے لئے گورنمنٹ ہی سے استدعا کئے جائینگے اور خود ذرا بھی ہاتھ پاؤں نہ ہلائینگے۔ گورنمنٹ کے لئے یہ مناسب و ممکن ہے کہ وہ باہر کی شکر پر اتنا محصول لگا دے کہ بلحاظ قیمت دیسی کھانڈ سے مقابلہ کرنا مشکل ہو۔ مگر باشندگان ہندوستان بھی دیسی شکر کے زوال سے متاثر ہو کر کوئی نہ کوئی قابل عمل ترقی دینے کی خاطر اختیار کرنی چاہیئے۔ مثلاً یہ بات بالکل امکان میں ہے کہ وہ بیرونی شکر کا استعمال ترک کر دیں۔ اس کی بکری سال دو سال کم ہو گی تو خواہ مخواہ باہر والوں کو ہندوستان میں شکر بھیجنے کا حوصلہ نہ رہیگا۔ دیسی تاجر بھی کر سکتے ہیں کہ باہر کی کھانڈ نہ خریدیں اور صرف دیسی شکر پر اکتفا کریں۔ مجھے یاد ہے کہ اب سے چند سال پیشتر روزانہ کارخانے کی شکر استعمال کرنے کے خلاف بعض مقامات پر یہ خیال تحریک ہوئی تھی کہ اس میں ہڈیوں کا عرق پڑتا ہے۔ وقت دہلی وغیرہ شہروں میں لوگوں نے پنچایتیں کر کے اس کے فروخت کرنے اور حلوائیوں کو اس سے ڈالنے سے منع کر دیا تھا۔ اور اس امتناع کے خلاف عمل صورت میں ان کو خریداری چھوڑنے کا نوٹس دلایا گیا بعض حلوائیوں پر جرمانے بھی کئے گئے تھے۔ اس کا کہ روزانہ شکر کا استعمال کم ہو گیا۔ اب بھی بیرونی شکر کے اگر ایسی کوشش کیجائے تو ضرور کامیابی ہوگی۔

دہلی سے ایک طبی رسالہ نکالا جانے

ہندوستان کے اخبارات و رسالہ جات مسلم ایک بڑے درجہ تک پایا جاتا کہ وہ لائق ہاتھوں میں نہیں ہیں۔ مہینے سال گزشتہ اخبار کس طرح ترقی کریں اس کے عنوان سے ایک مضمون لکھا تھا کہ انگریزی اخباروں کو گورنمنٹ تو خیر دیگر لائق کیسی قیمتی امداد ملتی ہے اور دیسی پرچے اس سے محروم ہیں۔ اگر ملک کے ذی لیاقت اصحاب مبذول فرمائیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ دیسی دلخواہ ترقی نمایاں ہو اور وہ عیوب و نقائص ہیں تھوڑے ہی دنوں میں دور نہ ہو جائیں۔ یہ ہے کہ لائق لوگ ایسے کاموں میں حصہ لینا ہوئے ہیں یا غیر ضروری جانتے ہیں۔ اور جو اصحاب کام کرتے ہیں ان میں کافی لیاقت نہیں ہوتی کرمیاں را بدست اندر درم نیست خداوندان نعمت را

مثلاً جو طبی رسالے ملک میں اس وقت نکل رہے ہیں خود خاصے ہوں لیکن یہ ہرگز نہیں کہا جا سکتا کہ ان ضروریات بوجہ احسن پوری ہو رہی ہیں۔ اس کی یہی کہ جو لوگ ملک میں لائق طبیب و ڈاکٹر ہیں ایسے رسالے نہیں نکالتے۔ نکالنا تو درکنار انہیں مضمون نہیں دیتے۔ پھر اچھے مضمون کہاں سے آئیں اور رسالوں کی کیونکر قدر کرے۔ قدر تو ایسے رسالے کی ہوتی جو دہلی سے اگر باہتمام نہیں تو بسرپرستی جناب حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب جاری کیا جائے جن کی زبردست استعداد اس وقت چار دانگ ہند میں مسلم ہو بلکہ وجوہ فیض آمود ان دنوں طب یونانی و اطبا کی ہو رہی ہے

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۱۰ ڈسمبر ۱۸۹۸ء

ایک اور سرحدی مہم کی تیاری

ہم نہ کہتے تھے پچھتاؤ گے گنے ہاتھی سے اگر گھاؤ گے

آخر وہ بات پیش آگئی جس کا مشرک نکس دہندگان ہند کو خدشہ لگا ہوا تھا۔ گورنمنٹ کی ناعاقبت اندیشانہ فارورڈ پالیسی نے ایک اور شگوفہ چھوڑا۔ جو عجب نہیں چند ہی روز میں کھل کر پھلے اور اپنی ناگوار بو سے ہی نوابان مملکت کا دماغ پراگندہ کرے۔ لیکن باشندگان ہند جس کو ناگوار بدبو سے تعبیر کرتے ہیں اور بعض اصحاب کی قوت شامہ کے لئے فرحت انگیز خوشبو کا کام دیتی ہے جس سے اُن کا مشام جان معطر اور دماغ خاطر جمع ہو جاتا ہے۔ ع

معشوق است و ہزار یک تو درشت

صرف اختلاف طبائع کی وجہ ہے۔ کیونکہ ہندوستانیوں کو اس قدر فرق ہے کہ ان کا کوئی اکل یا شرب اس کی خوشبو بغیر مکمل و ملذذ نہیں ہوتا۔ مگر حضرات یہاں تک بڑھ گئے ہیں کہ خود روئی کے کپڑے اور کپڑے کے اور خنی بالوں میں لگاتے ہیں اور اسی کے عطر سے اپنے لباس بساتے ہیں۔ برخلاف ازیں صاحبان انگریز کو اس کیوڑہ کی بو سے جو فرحت ہے وہ ایک لمحہ کے لئے بھی منغص ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ خوشبو سونگھنی کو گوارا نہیں کرسکتے۔ ایک بورمین افسر نے ہمیں بتلایا کہ صدہا وہ خود بلکہ اُس کے تمام اہل ملک کیوڑہ کی وجہ سے متنفر ہیں۔ اور اگر کوئی دیسی اس کی خوشبو اپنے ساتھ لئے ہوئے اُن کے سامنے آجاتا ہے تو وہ اُس کا یہ فعل اپنی توہین کا خیال نہیں کرتے بعینہٖ یہی کیفیت اُس بارود کی بو میں ہے جو سرحد ہندوستان پر توپوں اور بندوقوں کے فیر سے اٹھتی ہے۔ فوجی افسروں کے لئے وہ خوشگوار اور فرحت انگیز ہے اور ہندوستانیوں کے واسطے ناگوار اور تعب خیز۔ اس کی وجہ دریافت کرنے کے لئے بہت دور جانا نہیں پڑتا۔ اول الذکر اس میں نامور ی۔ شہرت۔ ترقی جاہ و مناصب کی علامات مبدا پاتے ہیں اور ہوتے ہیں اور ثانی الذکر کو اس سے تباہی و بربادی۔ تباہی۔ پریشانی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا ہے۔ یہی وہ اختلاف ہے جو ہندوستان کے مدارج ترقی پر پہنچنے میں حائل ہو رہا ہے اور جب تک کہ وہ خوشحالی و فراغالی حاصل نہیں کر لیتا ہے تب تک کہ ہندوستان ملک انگلستان شکن و حاکم نہ ہو جائے ہیں لارڈ ڈفرن۔ لارڈ لٹن کے عہد مبارک سے گورنمنٹ ہند پر نوجی اثر کے بدلے دفاع عام کا خیال غالب ہے اس کے بعد جو مادہ جنگ ہیجان میں آیا تو آج تک منقطع نہ ہو سکا۔ فوجی عنصر تمام نظام مملکت پر چھایا ہوا ہے اور فوائد عمارہ کے اغلاط بالکل اس سے اب لگے ہیں۔ ہندوستان گورنمنٹ فارورڈ پالیسی۔ فارورڈ پالیسی پکارتے ہیں اور شمال مغربی سرحد کا قعر معدہ کروڑوں روپے کا مال کھانے اور ہزاروں آدمیوں کا خون پینے کے بعد بھی ہل من مزید کی صدا لگائے جا رہا ہے کسی طرح اس کا پیٹ بھرنے میں نہیں آتا۔ اللھم احفظنا من ھذہ الجوع البقر ابھی پورے چھ مہینے نہیں گزرے کہ اس شمال مغربی سرحد کی بھٹی میں ہندوستان کئی ہزار بیش قیمت جانوں اور چند کروڑ روپے کا ایندھن جھونک چکا ہے۔ مگر اسکا سوات کی طرف والا گوشہ جس کو اس وقت واقعی کم حصہ ملا تھا خالی ہو گیا۔ اور اب اس کو پُر کرنے کی ضرورت پیش آتی دکھائی دے رہی ہے جس سے اغماض نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ تین ہزار اونٹوں کے معقول شرح پر کرایہ کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے محکمہ کمسریٹ کے نام فوجی فراہمی کا فرمان صادر ہو لیا ہے اور وقت قریب آتا جاتا ہے کہ ہماری سپاہ جرار اللہ پھند کہ سوات کی طرف قدم بڑھائے۔ اور جہاں کم اسباب شیر شکار سے سرحدی اقوام کی زراعت پامال۔ مکانات منہدم اور مواضع ویران کرے وہاں ہر قدم پر فاؤ کشان ہندوستان کی گاڑھی کمائی کے ہزاروں لاکھوں روپے بھی نثار کرتی جائے اور اس بربادی زر پر ہمارے اخبارات اظہار مسرت کریں۔ اعلیٰ حکام اپنی تقریروں میں اُن کے کارناموں کو سراہیں۔ اور افسران فوج کے سینے چمکدار تمغوں سے زینت پائیں۔ ہندوستان کی تاریخ میں ایک خونریزی کے تذکرے سے چند صفحات بڑھ جائیں۔ سر لیپل گریفن نے گزشتہ سال لکھا تھا کہ ہماری سپاہ کو جنگ کی مشق کرانے کے لئے سرحدی مہمات اتنی ضروری ہیں کہ اگر وہ خود بخود آئے دن پیش آئیں تو ہمیں اپنے آپ پھیڑنی پڑینگی۔ مگر اے کاش۔ وہ ایسا سمجھتے وقت اُس اتلاف نفوس تضییع اوقات اور نقصان مال کا بھی اندازہ کرنے کی تکلیف گوارا فرماتے جو ان لڑائیوں میں واقع ہوتا ہے اگر یہ جنگیں مشق میں داخل ہیں اور شمال مغربی سرحد ہندوستان مشق سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی تو میری رائے میں ایسی مہنگی مشق اور ایسے خطرناک تودے سے جتنی جلدی خدا کیا جائے بہتر ہوگا۔ مگر کیا کیا جائے ایک مثل ہے کہ "احتیاج سے تہیہ کی خود بخود صورت نکل آتی ہے"۔ مگر ہندوستان کے معاملے میں اس کا عکس صادق آرہا ہے یعنی سپاہ کی مناظر جنگ کا میدان تلاش کرنا پڑتا ہے۔ جو ملک کے مقاصد ترقی و اغراض بہبود سے ہرگز موافق نہیں۔ اس لئے مجبوراً ہی فوائد ملک کو ایک ایک دن یہ رائے دینی پڑیگی کہ صیغہ فوج یکلخت موقوف کر دیا جائے۔ جس کی موجودگی ہمیں برابر جنگ مول لینے پر مجبور کرتی ہے ؎

اے مصطفیٰ بچا تو اسے اس سے کی گئی ہیں
ہم سے یہ صدمے دل مضطر کے اٹھائے گئے

مگر ہندوستان اور انگلستان میں سر لیپل گریفن صاحب بہادر کے ہمخیال زیادہ نہیں ہیں۔ اور نہ ہمیں اس امر پر متعجب ہوں۔ کہ گورنمنٹ فارورڈ پالیسی" صرف اس نیت سے اختیار کر رکھی ہے کہ اس کی بدولت فوج کو برابر جنگی مشق کا موقع ملتا رہے فارورڈ پالیسی کے موجدین کی دلیلیں بالکل ہی نظر انداز کئے جانے کے قابل ہیں۔ فارورڈ پالیسی لارڈ لیٹن سے بدرجہا بدتر سے منسوب کی جاتی ہے جس کے عہد دوراندیشی و صاحب تدبری میں

مخالفین کو بھی کبھی کلام نہیں ہوا۔ اس نے ہندوستانی سائنٹیفک سرحد کو ایک طرف ہنزا ناگر۔ چترال۔ اور دوسری جانب سمانا۔ کرم وغیرہ تک توسیع دینے وقت یہ حکمت ضرور ملحوظ رکھی تھی کہ ہندوستان کے کسی شمال مغربی حملہ آور کو ان علاقوں میں اپنے پیر جمانے کا موقع نہ مل سکے۔ اور گورنمنٹ ہند دشمن کو حملہ در وازے پر آجانے کا موقع دینے کے بجائے آگے بڑھ کر اُس کا ناکہ روک سکے۔ مگر افسوس ہے کہ لارڈ سیلسبری ایسی سرحد قرار دینے میں فقط نقشے سے مدد لی اور اُن اقوام کی عادات و خصائل۔ اوضاع و اطوار۔ رسم و رواج سے بالکل اغماض فرمایا۔ جو ان سرحدی علاقوں میں آباد ہیں۔ اگر وہ ان باتوں پر بھی غور فرماتے تو ضرور تھا کہ فارورڈ پالیسی اختیار کرنے میں انہیں کچھ نہ کچھ تامل ہوتا۔ بیسیوں بار ایک سے زیادہ مرتبہ لکھ چکا ہوں۔ یہ اقوام نہایت نفیس المزاج ہیں۔ رسوم و رواجات قدیمہ کی پابند اور آزادی کی خوگر ہیں۔ خاصکر آزادی کے لئے تو یہ اپنی جان قربان کر دینا ایک معمولی بات سمجھتی ہیں۔ اسپر وحشت مزاج ہیں۔ [illegible] بنا بنایا بگڑ جائیگا۔ چاہے جغرافیائی اغراض کے لئے اُن کے علاقے پر چاہے کیوں نہ کیجائے۔ مگر یہ ہمیشہ اُس کو مالگذاری ارضی کے قرارداد پر محمول کرینگی۔ چاہے روسی لقمہ حرکت کی نگرانی کے لئے فوج وہاں مقیم رکھنے کی ضرورت پڑے لیکن یہ اُس کے لئے امکان مقصد اپنی سلب آزادی قرار دینگی اور اُسے بنظر پرخاش دیکھیں گی۔ پھر ایسے بدگمان و غلط فہم لوگوں سے ربط پیدا کرنا آئے دن کا جھگڑا فساد مول لینا نہیں تو اور کیا ہے ؎

الحذر زیں بدگماناں الحذر

انگلو انڈین اخبارات جو گورنمنٹ کے افعال کی تائید و حمایت پر ہر وقت آمادہ رہتے ہیں اُن کو بھی اس پیشقدمی کی حکمت عملی نے سہولی راستے سے منحرف کر دیا ہے اور وہ برابر گورنمنٹ کو اس سے باز رہنے کا مشورہ دے رہے ہیں۔ چنانچہ اخبار سول ملٹری گزٹ تازہ مضمونہ سوات کے متعلق بحث کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "گورنمنٹ نے اب بھڑوں کے چھتے کو چھیڑ دیا ہے۔ خمیازہ بھگتنا شروع کیا ہے اور خالباً وہ اس منحوس گھڑی کو نہیں پاتی جبکہ اس نے بغیر سوچے سمجھے چترال و مالاکنڈ پر چڑھائی کی تھی"۔ ہز ایکسیلنسی لارڈ الجن بہادر وائسرائے کے سرپرست جناب لارڈ جارج ہملٹن بالقابہ خواہ اپنی دوامی قبضہ چترال کی غلط کاری کو کتنا ہی لپیٹیں۔ اور اُس کے جواز میں کیسی ہی دلائل کیوں نہ پیش کریں۔ مگر اصحاب بانع خرد کا اب اس معاملے پر بخوبی اتفاق رائے ہو گیا ہے کہ چترال پر قبضہ کرنا اور مالاکنڈ میں فوج مقیم رکھنا قرین مصلحت نہیں تھا۔ آئندہ جو سرحدی فسادات پیش آئیں اور اُن کے باعث ہندوستان کو جتنا نقصان اٹھانا پڑے اُس کی ذمہ داری دونوں باتیں ہوں گی۔ سائر جیمل سسٹر تھامسن صاحب بہادر فنانشل کمشنر پنجاب نے اپنی شملہ والی تقریر میں جو یہ فرمایا تھا کہ تمام شمال مغربی سرحد ایک مارود خانہ کا حکم رکھتی ہے جس کا بھڑک اٹھنا کسی وقت میں بھی تعجب خیز نہ ہوگا۔ اب تین چار مہینے بعد [illegible] ہوگئی۔ میسٹر تھامسن صاحب [illegible] ایک شخص [illegible]

حفظِ صحت

استفسار

۱۲۶۔ شعر الشعیب امریکہ دنیا کا مرض سل دق تپ دق میں مبتلا ہے اور اب اس کے ساتھ تپ خط الغب بھی شامل ہو گیا ہے۔ وہ پچھلے نہایت غریب ہے اب اس موقع پر مس کو شدت کی کھانسی اور تپ دق و دردِ خط الغب ہے لیکن رطوبتیں اس کی اب تک تھوڑی بہت موجود ہیں۔ جو صاحب اس بیماری کا تجربہ رکھتے ہوں وہ بذریعہ پیسہ اخبار اطلاع بخشیں اور یہ بھی تحریر فرماویں کہ آیا یہ مرض علاج پذیر ہے یا لا علاج۔ بالخصوص یہ اشارہ خاص حاذق طبیبوں کی طرف ہے (میاں داس مدرس ضلع جھنگ)۔

۱۲۷۔ ناقص آب ہوا۔ اکثر ملکوں کا پانی نہایت ناقص ہوا کرتا ہے کہ جس کے پینے سے فوراً اطحال ہو جاتی ہے۔ ناظرین پیسہ اخبار کسی ایسی سہل ترکیب سے آگاہ فرماویں کہ جس سے پانی کی یہ خرابی جاتی رہے یا اس کے پینے سے مرض مذکورہ نہ ہونے پائے۔ نہایت ممنون ہونگا۔ (ایک مسافر)۔

علاج

۱۲۷۔ ورم جگر (جواب استفسار ۱۰۹)۔ مستفسر نے یہ نہیں تحریر فرمایا کہ ورم محاب کبد میں ہے یا مقرکب میں۔ تاہم ایک نسخہ جو قریب دس برس سے میرے تجربہ میں ہے درج کرتا ہوں۔ بیج کرفس ۱ تولہ بیج رازیانہ ۱ تولہ۔ گیاہ خاشت ۵ تولہ۔ افسنتین رومی ۵ تولہ۔ مرکی ۵ تولہ۔ ملک منقول ۵ تولہ قصب الزیرہ ۵ تولہ قسط شیریں ۵ تولہ ریوند خطائی ۵ تولہ۔ شگوفہ انار خرد تولہ۔ رازیانہ ۳ تولہ۔ تخم کرفس ۳ تولہ۔ انیسون ۳ تولہ مصطگی ۳ تولہ کل ادویہ را حصہ کردہ یک حصہ در آب گرم بوقت شب خیساندہ صباح بقدر ہفت آثار عرق گیرند دوم حصہ دوم دریں عرق بخیساند و بقدر شش آثار عرق کشند حصہ سوم دریں عرق تازہ خیساندہ تا عرق سہ آثار گیرند و بوقت صبح ہمراہ شربت دینار تولہ۔ خواہ شربت بزوری تولہ بقدر سہ تولہ حل کردہ بنوشانند (حکیم عطیہ الدین حسن از احسن گنج)۔

۱۲۸۔ مسہل کا عادی بننا۔ ایک صاحب استفسار کے کالم نمبری ۱۲۱ میں دریافت فرماتے ہیں کہ میں ہر سال مسہل لینے کی عادت ڈالوں۔ میرے خیال میں یہ عادت بہت بری ہے فصد لینا یا ہر سال تنقیہ کرانا۔ یا مسہل لینا علاجوں کے ذریعہ سے اپنے آپ کو زندگی میں ڈبو دینا ہے۔ اس سے انسان کی صحت کبھی ٹھیک نہیں رہتی۔ جلاب کی عادت ڈالنے میں بہت جلد انسان کے توائے تحلیل ہو جاتے ہیں۔ جس سے آئے دن کی نئی نئی بیماریاں اٹھانی پڑتی ہیں۔ میرے خیال میں اکسکرٹ لگریا سکر میڈیا سالڈ ایک اونس لے کر اس کی ۳-۳ گرین کی گولیاں بنا لیں صبح۔ دوپہر اور شام کو دن میں تین مرتبہ پانی کے ساتھ استعمال کیا کریں۔ ان سے سہل اور تنقیح اور تبرید وغیرہ سب کچھ ہو گا۔ کسی ہفتہ کے استعمال سے ہو جایا کریگا۔ اور بیماری بھی کوئی انشاء اللہ حتی المقدور نزدیک ہی نہ آئیگی۔ اور نہ خیساندہ اور جوشاندہ اور گرم پانی یا دام روغن وغیرہ کا استعمال کرنا پڑیگا۔ آئندہ انتخاب ہے۔ (ڈاکٹر اسمٰعیل انچارج پبلک ڈسپنسری جنڈیالہ)۔

گمنام و نشان خیز

۱۲۹۔ میرا بھائی جو پہلے بمقام کوئٹہ ہوٹل میں ملازم تھا اور بعد میں بوستان سٹیشن میں ملازم رہا اور وہاں سے خط پتر آتے رہے۔ مگر عرصہ ۲ سال سے بالکل گمنام اور خط و کتابت بند ہے۔ اس کا حلیہ ارسال خدمت اقدس کر کے ملتجی ہوں کہ اگر کسی صاحب کو کوئی پتہ اور خبر ہو تو پیسہ اخبار کو اطلاع دیں۔ نہایت مشکور ہونگا۔ مسمار ام ولد مولا مل کھتری تھا پہ سکنہ خاص شہر ساہیانہ۔ محلہ نوگھرا عمر ۲۸ سال۔ رنگ گورا۔ گریجیم۔ گھر سے گئے ہوئے سات سال گزرے ہیں۔ ۲ سال سے خط و کتابت بھی بند ہے (نیاز مند بھی رام چھٹی رسان ڈاکخانہ چٹی ضلع لاہور)۔

عام سوال

۱۱۶۔ دانت و پیسنا۔ تھوڑے عرصے سے مجھ کو یہ عادت ہو گئی ہے کہ جب رات کو سوتا ہوں تو زور سے دانت چباتا ہوں آواز سے لوگ پریشان ہو جاتے ہیں۔ اس مخوس عادت سے تنگ آ گیا ہوں۔ دانتوں میں کسی قدر درد بھی ہوتا ہے جو دفعت چبانے پر آرام ملتا ہے۔ کوئی صاحب معقول اور آسان علاج بتلائیں گے تو مہربانی ہوگی (یکے از خریداران پیسہ اخبار)۔

۱۱۷۔ گھن اور کیڑا۔ گھن اور کیڑے جو گیہوں وغیرہ کو ناقص کر دیتے ہیں ان سے محفوظ رکھنے کی قوی الاثر اور سہل التاثیر کیا ترکیب ہے۔ خصوصاً ایسی حالت میں کہ جب اس میں کیڑا لگ گیا ہو۔ ترکیب ایسی قوی الفعل اور آسان ہونی چاہئے کہ دوسرے گیہوں پر اس کا تجربہ اور عمل ہو سکے۔ محکمہ زراعت کانپور نے اپنی سلفٹ آف کاربن کو مفید بتایا ہے۔ گو یہ دوا خوفناک ہے ایک تو اس کی بو دوران سر پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ آتش پذیر ہے۔ اس لئے احتیاط لازم ہے پیسہ اخبار کے ہنر کار ناظرین مہربانی کر کے کوئی ترکیب بتائیں (سید محمد سلطان از شمس آباد)۔

جواب

۱۰۰۔ جوئیں (جواب سوال ۱۰۹)۔ علاج جوؤں کا یہ ہے کہ اکثر سکول ماسٹر رہا ہے اور ایسے طلبا کا جو جوؤں کی تکلیف دہ تھے اکثر علاج کیا ہے۔ سائل کو چاہئے کہ نیم کے پتے ڈالکر گرم پانی سے روزمرہ نہائے اور پہننے اوڑھنے اور بچھانے کے کپڑے روزمرہ اسی پانی سے دھلوا لیا کرے۔ بعد چند ے انشاء اللہ کرم مذکورہ الصدر سے محفوظ رہیگا۔ مجرب نسخہ ہے۔ سائل نے صرف یہ لکھا ہے کہ بدن صاف رکھتا ہوں مگر کپڑے وغیرہ کا کچھ ذکر نہیں کیا اور نہ روزمرہ غسل کرنا ہی لکھا ہے۔ (راقم ایسی پرشاد ۲۹-۹)۔

۱۰۱۔ دیوان مومن فارسی۔ کسی صاحب نے دیوان مومن فارسی کی نسبت پیسہ اخبار میں دریافت کیا ہے جو اب عرض ہے کہ دیوان مومن فارسی ہمارے پاس موجود ہے۔ مطبع کا نام احسن المطابع ہے لیکن یہ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ مطبع کہاں ہے کیونکہ اس کا سرورق ضائع ہو گیا ہے۔ (سید نصل الحسن حسن سولانی فرمایا ۱۶۹۲)۔

شعر و سخن

جواب طلب تعبیر بعض مناجات مسلمانان کشمیر

[من نتائج طبع الف۔ دال صاحب مقیم کشمیر]

الٰہی رحمتے للطفے کراست کن بکارا — کہ ما فتادیم بر خاک مذلت بسیر
نہ سزاں سر کہ تابازیم و نازیم از نیاز تو — نہ پاداں پا کہ تادیم و سر افرازیم از
نہ دستے آنکہ آریم و در درماں بلطف تو — نہ جائے آنکہ گریزیم با ہاشیم
نہ روئے آنکہ سوئے کس بجز تو روئے خود آریم — نہ جائے آنکہ باشد با گمانے جز
بخواہے کہ گردد عجز ما از سر یاری — نیارے آنکہ تا یاد رشود در خیر
تو خود دانی اگر عاجز تو با ایں حال پریشانی — کہ بخشد سر و خاطر جمعیت
سزد گر ما باین بیچارگی آوارہ میباشیم — دگر کیسارگی صدرہ دل گرد دو
کہ باشد ہیچ و اردرد دل و راز دلاور — کہ باشد ہیچ ما ہیچ
کہ باشد ہیچ و از شور بخت خویش خروشیم — کہ باشد ہیچ ما از طالع برگشتہ
کہ باشد ہیچ ما محبوس قید کید ناہاں — کہ باشد ہیچ ما پابوس از
کہ باشد ہیچ ما خوار و خراب و زار و سرگرداں — کہ باشد ہیچ ما مرگ
باین حالت اگر باشیم و حال ما چنین باشد — محالست آنکہ ما باشیم
چو در دریائے نومیدی رطوفان ہم فتادیم — کرم کن و امان را از
زبخت نارسا خویش ہستم شرمسار و باک — تہم از پاکی ذات تو
اگر فضلت نگیرد دست ما در بن طاعت — بے دارم امید رہائی از
بدد ہو شامل حال خراب ما اگر لطفت — ایں جا بجا کہ حالت
چہ نیروئے کہ گاہ جولاں ہمت کہ مارا یم — بیا یاں زار ہمیشہ
ازیں شغل بی ہی طبع اندر دن من — ہمیچو ہم ہمی بخشم
الا اے دل شوا شفتہ زیں خاکی نہ بینی — کنم حلے شود انصاف
مرا ایں جملہ حیرانی کہ دارم در نظر دائم — بود پیدا ش اعمال بد خود
کہ ما گر یکقلم تیرہ و سیاہ کار و بد کیشیم — بگیر دیدیں حال ما
بقرآں کہ امام ست الحق و ہم کلام حق — ہمیں مذہب گرفتیم و ہمیں
زبان من و حفظ ما بود او حق — کہ ما را ہم ہمیں
بسان آں کہ ہمیشہ — ہمیں
صحابش ہم ہر یکے از صحابش — قل
زنا گاہے نیا مد از تر ام شاں — حاد
شود وقتاً فوقتاً از قلب ما ظاہر — نہاد
بیں حال زار ما یکبار نظرے ابن میباد — معین
بگوش ہوشمنداں مدعا گر ما — ما
اگر تقریر ما ہم بی اثر گردد دلا قابل — ما
فروشم از جگر سوز و دل سوزاں شکیبائی — ما
چو میگیرد ہم ازدرد دل ما رنگ خون — ما
اگر گوئی کہ تسلیم آں — ما
تبدست ناری ما ہمیں — ما
ایں بیدلی برما زہر سو — ما

(باقی)

دریغا قدت برباد خزاں باغ خلیلی — بیچارہ سلیمانش تمام ہیچ ابرجا

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

جلد ۱۲ | نمبر ۴۶ | یوم شنبہ ۱۰ دسمبر ۱۸۹۸ء مطابق ۲۴ رجب المرجب ۱۳۱۶ ہجری موافق ۲۷ اگھن سمت ۱۹۵۵ بکرمی

مذاق

ایک خاں صاحب سوتے سوتے دفعتہً چلّا کر جاگ پڑے کہ وہ مارا۔ وہ مارا۔ دیکھو پھر ایک کو مارا۔ اب شور و غل زیادہ بڑھا تو گھر کے لوگ اور اہل محلہ بھی جمع ہو گئے اور خاں صاحب کو اس حالت میں دیکھ کر دریافت کرنے لگے کہ آیا کیا ہوا۔ خاں صاحب نے جواب دیا کہ "بھائی کام تمام کر دیا۔ دو ایک مردود آ دھمکے میں کی مدد کو آ گئے ہیں۔ اُن کا بھی کام تمام کر دوں"۔ یہ کہہ کر ان جمع شدہ لوگوں میں سے ایک کو لپٹ کر دو چار گھونسے رسید کئے اور قہقہہ لگا کر کہنے لگے کہ "دیکھئے پھر ایک کو مارا"۔ ایسے ہی چلاتے چلاتے بعد تھوڑی دیر کے ہوش و حواس بجا ہوئے۔ پیچھے معلوم ہوا کہ جس کو اس بار جاہی میں مارا تھا اُس سے کچھ عداوت تھی (ہزر نائن ٹال)۔

امیر علی:۔ "بھائی اب نکاح کرنا چاہتا ہوں"۔

خورشید علی:۔ "تو بسم اللہ۔ وہ ایران بہتر ہے۔ بعد قرارداد نکاح ہوا۔ اسی روز شادی کر دو لہا دلہن کے لئے خاص اہتمام سے کھانا پکایا گیا اور کھانے لگے۔ دولہا بیچارہ بالکل مختصر کھا کر اٹھ بیٹھا۔ دلہن چونکہ ایران تھی۔ بیساختہ بول اٹھی "ہمت نواز خوردن تو معلوم شد" (ناظمہ نور الاصفیا محمد صفی الدین احمد)۔

کسی استاد نے طلبا سے امتحاناً پوچھا کہ "بتاؤ۔ اوسط کس کو کہتے ہیں؟" ایک لڑکا بولا "جس میں مرغی انڈا دیتی ہے"۔ استاد متعجب ہو کر بولا کہ "اب کیا کہتا ہے"۔ وہ بولا کتاب میں ایسا ہی لکھا ہے اور کتاب لا کر سامنے رکھ دی جس میں لکھا تھا کہ مرغی اوسط میں فی ماہ اس قدر انڈے دیتی ہے (محمد نواز بھاگلپور)۔

ایک میاں جی تعلیم اطفال کے لئے گاؤں میں مقرر کئے گئے۔ گاؤں والوں سے نام پوچھا۔ کہا "شیخ جھاؤ"۔ ایک گنوار بولا "میاں جی بہت اچھے ملے۔ میاں جی کے میاں جی اور ایندھن کا ایندھن"۔ ؎ یہ مصرع پڑھنے لگے لڑکے سب پکا رپکار چونوش بود کہ برآمد بیک کرشمہ دو کار۔ (دو)۔

نیا خانساماں:۔ "مینے سنا ہے کہ صاحبانہ ہر ایک چیز کھانا چاہتی ہیں سو میں پرانے تیار کرنے کا عادی ہوں۔ اس لئے میں اُن کے لائق نہیں ہونگا"۔

پرانا خانساماں:۔ "کچھ مشکل نہیں۔ ہر ایک چیز کا ذائقہ بدل دیا کرو۔ نباہ ہو جائیگا"۔

عجیب عجیب باتیں

جرائم اور موسم۔ موسمی تغیر و تبدل کے ساتھ عوارض کا ترقی کرنا تو ایک معمولی امر ہے۔ امریکہ کے محکمہ موسم و فصل کے ڈائرکٹر نے چند سال سے اس بات کا تجربہ کرنا شروع کر دیا تھا کہ اس تغیر و تبدل کو جرائم کی کمی بیشی سے بھی کچھ تعلق ہے یا نہیں۔ شمار و اعداد کے رو سے موسمی تشبیب و فراز کو انسانی طبائع سے تطبیق دیتے ہیں ڈائرکٹر مذکور نے اپنی کوششوں کا کوئی حقیقہ فراز نہیں کیا۔ ان بحثوں کا نتیجہ امریکہ کے محکمہ موسمی اطبا کے تازہ پرچے میں شائع ہوا ہے جس کا موضوع کا نام مسٹر ہی۔ ای۔ لینی ہے۔ جو ۱۸۹۳ء سے ۱۸۹۶ء تک ہر ایک مہینے کی پولیس چکا گو کی رپورٹ کی جرائم کی نوعیت اور اعداد کی مفصل فہرست مرتب کرتے رہے ہیں۔ ان اعداد اور فصلی تغیر و تبدل پر غور کرنے سے جو نتیجہ انہوں نے نکالا ہے۔ وہ یہ ہے کہ شہر بھر کی ترقی کے ساتھ ساتھ جرائم میں بھی زیادتی ہو جاتی ہے۔ معمولی موسم میں اگر بارش کم ہو تو پھر بھی جرائم کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔ اگر بارش و موسم میں بشدت سختی طہور میں آئے۔ تو جرائم میں اور بھی ترقی نمایاں ہوتی ہے۔ مرطوب موسم کو کثرت جرائم سے کچھ تعلق نہیں بہ نسبت ابر آلود مطلع کے اس وقت جبکہ آسمان کسی قدر صاف ہو جرائم زیادہ ہوتے ہیں۔ شہر بھر میں تمام باتیں کمی ظہور میں آنے کی صورت میں۔ بالخصوص موسم سرما اور گرمیوں میں سخت بارش ہونے کی وجہ سے جرائم میں بھی قلت ہو جاتی ہے۔ مہینہ دو دن ابر کبھی ہوتا تو جرائم اور بھی کم ہو جاتے ہیں۔ مسٹر لینی یہ بھی کہتے ہیں کہ بہ نسبت صوب مغربی ہوا کے شمال مشرقی ہوا چلنے کے دنوں میں جرائم کم ہوتے ہیں۔ خواہ وہ زمانہ جلد آنے والا ہے۔ جبکہ ہر ایک پولیس سٹیشن میں موسمی تغیر و تبدل کے معلوم کرنے کے متعلق پورے آلات رکھے جائینگے۔ اور پولیس افسر اس کے تشبیب و فراز کو مدنظر رکھ کر اپنی نگہبانی کے انتظام بجا لائینگے۔

سمندر کی تھاہ:۔ حال میں ساحل جاپان کے قریب بحر الکاہل کی گہرائی معلوم کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ جو ۲۹ ہزار ۴ سو فیٹ تقریباً ساڑھے پانچ میل کے مساوی نکلی۔ یہ مسافت دنیا کے سب سے اونچے پہاڑ ماؤنٹ ایورسٹ سے بھی کسی قدر زیادہ ہے۔ لیکن یہ مضمحت سے نہیں کہا جا سکتا کہ بحر الکاہل کے دیگر حصص کس قدر گہرے ہیں۔ اس کی تہ کی ٹیلیگراف کی تار کے ٹوٹ جانے کی یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ وہ خود بخود نہیں اٹھا سکتی۔ اس سے پہلے ساحل مذکور پر ۲۵ ہزار ۸ سو فیٹ کی گہرائی پتا لگ گئی تھی۔

نئی تعمیر یا مرمت کے لئے شمار اور اعداد

جاپان کی ترقی:۔ جاپان کی روز افزوں ترقی کے ثبوت میں یہ امر پیش کیا جا سکتا ہے کہ گزشتہ دس سال مختتمہ ۱۸۹۴ء میں جاپانی چرخیوں کی تعداد تقریباً پچاس ہزار سے سات لاکھ تک پہنچ گئی تھی۔ اسی قدر زمانے میں کپڑوں اور صنعتی کارخانوں کی تعداد بھی پرانے کارخانوں کے استثناء سے حیرت انگیز ترقی پذیر ہوئی۔ چنانچہ ان کی تعداد ساڑھے چھ سو سے ۱۵ سو تک پہنچ گئی۔ ۱۸۹۴ء میں ۲۰۵۲ جہاز تھے۔ حالانکہ اس سے دس سال پہلے جہازوں کی تعداد چار سو کے قریب تھی۔ دس سال مختتمہ ۱۸۹۴ء میں ریلوے کی ترقی بھی کچھ کم حیرت افزا نہیں۔ جس کا ۴۶۰ میل سے ۲۲۰۰ میل تک پھیل گیا ہے۔ ۱۸۹۰ء میں جہازوں کا مارجرف ۵۰ لاکھ ٹن تک لگا ہوا تھا۔ ۱۸۹۴ء میں بھی ۱۰ لاکھ ٹن تک وسیع تھا۔ تار کے دفاتر ۳۲۰ سے ۶۲۰ تک بڑھ گئے۔ سالہائے مذکورہ میں بنکوں کا سرمایہ ۴ لاکھ ۶۰ ہزار پونڈ سے ۲ لاکھ پونڈ تک اور بیرونی تجارت ۷۰۰۰۰۰۰ پونڈ سے ۲ کروڑ ۲۰ لاکھ پونڈ تک پہنچ گئی۔ اور اس عرصہ میں کسی کمپنی کو بیخ فی صد سے کم فائدہ نہیں ہوا۔ اکثر کمپنیوں نے ۱۵-۱۶ فی صدی نفع اٹھایا۔ روزانہ مزدوری کی تنخواہ بجائے سوا دو پنس کے سوا تین ہو گئی۔

دس سال مختتمہ ۱۸۹۴ء میں ہندوستان۔ چین۔ کناڈا۔ و ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے ساتھ جاپان کی تجارت برآمد میں بارہ گنا تھا۔ مگر پھر بھی ڈیڑھ ملین پونڈ سے زیادہ ترقی ہوئی۔ ۱۸۹۴ء کے آخیر میں چرخیوں کی تعداد ۱۳۰۰۰۰۰ اور شرکہ سرمایہ جس کی تعداد ۱۷۲۹ تک پہنچ گئی۔ ۱۸۹۵ء میں ریلوے کمپنیوں پر جس قدر سرمایہ لگا ہوا تھا۔ اس کی مقدار ۳۹۶۴۹۳۹ ڈالر تک بڑھ گئی۔

مٹی کا تیل:۔ مفصلہ ذیل اعداد سے ظاہر ہو سکتا ہے کہ جاپان میں ہر سال مٹی کے تیل کا صرف کس حیرت انگیز تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ چنانچہ سال گزشتہ میں ۸۲۷۹۵۴۹۶ گیلن تیل کی درآمد ہوئی۔ جس کی قیمت ۳۳۹۷۷۸۸ روپے تھی۔ جو ملک سے ہندوستان میں جا رہا تھا۔ حالانکہ سال ماسبق میں اس کی درآمد قیمت بترتیب حسب ذیل تھی۔ ۶۴۴۷۱۳۰۷ گیلن اور ۲۸۵۹۳۵۶۲ روپے۔ بادیں ہمہ ہندوستان میں اشد ضرورت کے ہندوستان میں ۱۸۹۴ء میں ۹ لاکھ ۲۲ ہزار گیلن اور ۱۸۹۵ء میں ۵۰۵۷۰۹۴ گیلن تیل برآمد ہوا جس کی قیمت علی الترتیب ۲۲۶۲۷۷۲ اور ۲۹۳۳۵۵۰ روپے تھی۔ ہندوستانی سونا۔ ایک سال میں ہندوستان میں ۲۲۳۵۷۵۸ روپیہ کا جس میں ۲۲۲۷۳۹۲۵ روپیہ یا تقریباً کل سونا میسوری برآمد ہوا۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور کی فہرست کتب میں سے چند مفید کتابیں

جیمس فرینکلن

امریکہ کے مشہور فلاسفر و مدبر و اخبار نویس کی سوانح عمری اپنے ہم وطنوں کی دلچسپی کے لئے لکھی ہوئی اگر دیکھی جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ اس مثالی جوڑ اور بلند ہمت شخص نے نہایت کمزور حالت سے صرف اپنی کوشش اور لیاقت سے اکمل کر یہ اعلیٰ درجہ کی شہرت حاصل کی ہے۔ کوئی بنیاد ایسی ممکن نہیں کہ اس بیش قیمت کتاب کو دلچسپی سے نہ پڑھے بلکہ اسے اس کے مطالعہ سے بہت سا مال جمع ہو۔ یورپ اور امریکہ میں لاکھوں نوجوان صرف کتاب کی بدولت کامیاب ہو گئے۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ

حالات سعدی

شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی اور تصانیف کے حالات بصفحہ منشی احمد حسین خاص صاحب مصنف کتب متعددہ۔ اس سے پیشتر بعض اصحاب نے بلبل شیراز کی زندگی کے اور تصانیف ڈیسکرپٹو اور کرٹیکل حالات چھاپے ہیں۔ لیکن یہ سب سے آخری کتاب یقین کیا جاتا ہے کہ سب سے اچھی ہوگی۔ قیمت ایک روپیہ

رسالہ قرض

(یعنی طریق دولت حصہ دہم) علاوہ قرض کی جانستاں بلا سے نجات کی تدابیر بتلانے کے اس کتاب میں مسلمانوں متعلقہ ہدایات دولت کمانے اور بچانے کے متعلق درج کی گئی ہیں۔ ملک میں عام رنگ نے قلیل کیا ہی جس طرح کہ اب طریق دولت کے دو حصے لکھے گئے ہیں اس قسم کی پہلے کوئی کتاب اردو میں موجود نہیں ہے۔ جلد ۶ر

نجوم و رمل کی عجیب و غریب کتاب

دو حصوں پر مشتمل تقدیر یعنی انسانی قسمت کا فیصلہ۔ ایک ہندو رمال کی کتاب کا ترجمہ ہے۔ حکیم فیضی اکبر حضرت کے تیس سوالات کے نوسو جوابات سے درج ہیں ہزارہا لوگ ہیں کہ روپیہ میں آجتک کوئی ایسی کتاب شائع نہیں ہوئی۔ بار دوم قیمت ۸ر

حکایات لقمان

(مصور تصاویر۔ بارک سائز مجلد۔ حکیم لقمان کی کہانیاں جو بچوں کے آخر میں ایک نتیجہ نکالا گیا ہے اور یہ کتاب اس طرح ہندوستان کے تمام اسکولوں میں رائج ہے۔ ہر صفحہ پر ایک تصویر ہے جو بچوں کی دلچسپی کا باعث ہوگی۔ قیمت مجلد ۸ر

عہد حکومت سلطان عبدالحمید خان ثانی شہنشاہ روم

یہ کتاب انگلستان کی ایک مشہور ادبی رسالہ میں مضمون کا مجموعہ ہے جو اس نے اپنے زمانی تجربہ کی بنا پر سلطان المعظم کے عہد حکومت کے متعلق لکھی ہے۔ جس میں کمال خوبی کیساتھ حضرت سلطان کی خانگی زندگی سے لیکر تمام سیاسی معاملات کے حالات درج ہیں۔ سرورق دو رنگہ معہ تصویر سے چھپائی گئی ہے۔ مجلد دو روپے آٹھ آنے۔

ہندو کلاسیکل ڈکشنری

اس میں اہل ہنود کے تمام دیوتاؤں رشیوں دیبیوں۔ راجاؤں اوتاروں اور دیوتوں وغیرہ کے نام جو شاستروں پرانوں اور دیگر تاریخی کتابوں میں وارد ہوئے ہیں معہ ان کے حالات مختصر درج ہیں۔ اور بغرض صحت نام کی گرامر بھی درج کر دیا ہے۔

فرینالوجی یعنی کاسہ سر کا علم

دو جلد اس علم کے ماہر کسی شخص کی پیشانی یا سر دیکھکر اس کی طبیعت کا حال بتلا سکتا ہے۔ اس کتاب میں ان علامات کا بیان کیا گیا ہے جو ہر شخص کو واقف ہونا ضرور ہے۔ خود لکھنا شروع کر دیتا ہے۔ اعتقاد کیا جاتا ہے کہ ہر شخص کو اپنے حالات سے واقف ہونا ضرور ہے۔ خود لکھنا شروع کر دیتا ہے۔ اعتقاد کیا جاتا ہے کہ ہر شخص کو اپنے حالات سے واقف ہونا ضرور ہے۔ صاحب ورسکیس صاحب کی فرینالوجی اردو زبان میں ترجمہ کی ہے۔ دونوں کتابوں میں بترتیب ۱۵ و ۳۲ نقشہ دیدہ زیب کے ساتھ مختلف اور صورتوں کی درج کی گئی ہیں۔ فی جلد تین روپے۔

مجربات خط صحت

چھپے ہوئے کی کاپی اور بہت سا مجلد کسی بھی ایڈیشن سے ہر شخص کو ضرور ہے۔ سو کا کام بھی ہو سکتا ہے۔ ہر خاندان کے ہزار دو ہزار خریدار ہیں۔ ہر گھر میں ہر ہفتہ کوئی نہ کوئی بیمار ہوتا ہے۔ ہر شخص کو ہر وقت ضرورت ہوتی

CHAMBERLAIN'S COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

ہر قسم کی سب سے عجیب اور سریع الاثر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے۔ جو تمام معدے کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج ہیضہ پیچش۔ زجر روحی جریجوں کا ہیضہ اور اور تکلیفوں کی سب قسم کی بیماریوں کی دوائی کے استعمال سے رفو چکر ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کیا ہے۔ لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہ گیا ہے اور اسکے دو تین قولنج اور پیچش والے ہی ہوں ہیضہ کے تکلیف والے ہیں۔ (۱) اس دوائی کا استعمال کرنے والے ہیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ انفلوئنزا۔ نزلہ۔ سل۔ پھیپھڑوں کی کھانسی۔ کالی کھانسی گلے کی کمزوری اور درد۔ کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اسکا استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ سمجھتے ہیں کہ کھانسی اور گلے اور پھیپھڑے کے امراض کا علاج اس سے بہتر کہیں نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوفناک بیماری ہے۔ اگر آپ نے ہر ذرا سی بے توجہی کی تو اس سے بڑھ جانے اور طرح طرح کی مہلک پیچیدگیاں پیدا کر نیکا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کے فوری دفع کرنے کیلئے مشہور ہے خصوصاً ہر قسم کے گھیہ کیلئے بہت مفید ہے۔ خراش۔ خلق۔ زخم۔ چوٹ۔ جلے ہوئے کیلئے بیحد مفید ہے۔ خراش۔ خلق۔ زخم۔ چوٹ جلے ہوئے کی تکلیف اس عجیب و غریب دوائی کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ درد سر۔ درد دنداں اور درد گوش کے لئے بھی مفید ہے۔ درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر درد اور دکھ موجود ہے ہر گھر گھر میں کسی نہ کسی کو ایک نہ ایک درد ہونے کے لئے بہت کچھ دے دینے پر تیار ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کو بھی یہ سوچی اسکو آزمائیے۔ نمونہ درمندرجہ بالا قسم کی دردوں کے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

Miller's Oriental Balm.

وجع مفاصل پنجسالہ کا علاج

ایک شخص جس کا نام نیچے موجود ہے لکھتا ہے کہ چھ مہینے سخت درد سہا اور شب و روز گنتے ہوئے کاٹا تا ہم کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ بجز مسٹل صاحب کے ایک شیشہ ورنٹل بام کے

کنٹ سکوئر لنڈن۔ مورخہ ۱۰ جون ۱۹۰۸ء

میں پانچ سال تک اس موذی مرض میں مبتلا تھا جو وجع مفاصل کے نام سے مشہور ہے ہر ایک ڈاکٹر کو رجوع لایا۔ اور ہر قسم کا علاج کیا۔ اور ایک عمدہ اور پرانے درجہ کے شفاخانے کو اپنے علاج کے واسطے مقرر کیا لیکن کچھ نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ آخر مرض صحت کی امید منقطع ہو گئی خانہ نشین ہو گیا۔ ہر شب بیقرار اور بیدار رہتا تھا۔ تمام مفصلوں میں سخت درد جاگزیں تھا۔

مسٹل صاحب کے اورنٹل بام کی بڑی تعریف سنی تھی اس لئے اس دوا کا ایک شیشہ خرید کرنے پر مجبور ہوا۔ غرض پینے تین بار اس دوا کے جاڑوں ملا بعد دو اور تک نفع ہونے لگی کامل ایک شیشہ دو نفع ہوئی اس کے ساتھ درد بھی جاتا رہا۔ اور میں تندرست اور صحیح سالم ہو گیا اب میں امید رکھتا ہوں کہ ہر ایک بیمار جو وجع مفاصل کی علت میں مبتلا ہو میری ناظر بے اثر دوا کو آزما کر مسٹل صاحب کے اورنٹل بام کا جو ایک ہی علاج ہے استعمال کریگا وجع مفاصل کے واسطے اور کوئی عمدہ اور سریع التاثیر علاج نہیں ہے۔

الماعہ۔ یہ دوا ہر ایک دواخانے میں فروخت ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشہ ایک روپیہ

ایجنٹ کے ایجنٹ میسرز ای ملیور اینڈ کمپنی ہیں۔

کپڑے کے سوداگر

رامداس مہرہ اینڈ سنز بزاز ان بزار شہر بازار لاہور



ڈیڑھ لاکھ بوتل فروخت ہو چکی ہے

تازہ بتازہ نو بنو

۱۳۱ سال سے برابر بنتا ہے

معجون مقوی دماغ انبوی

حکماء یونان و انگلستان وغیرہ اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ مرکب ہم دوا ہے اور ہم غذا یعنی الاستحالہ

دورہ دائر ہے کہ گلے سے اترتے ہی سید ھا خون میں شامل ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہیضہ کی خوراک پینے کے چند منٹ بعد دلکو فرحت جسم میں طاقت دماغ میں راحت نظر آنے لگتی ہے۔ حکماء خالص خون کو روح کہتے ہیں جسم میں روح نہ ہو تو انسان زندہ نہیں رہ سکتا اسلئے جو جو لوگ صاحب تمیز و عقل ہیں ہمیشہ اپنی روح کی خوراک کو اپنے پاس ذخیرہ رکھتے ہیں ہندوستان میں بوجہ عدت گرما خون سڑ جلکر کم ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہندوستانیوں کے چہروں کے رنگ سیاہ رہتے ہیں بوجہ جیرانی خون اعضاء رئیسہ دل دماغ جگر و معدہ کو خوراک ناقص پہنچتی ہے اسلئے وہ اپنے افعال مقررہ فطرت کو پورا نہیں کرتے جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے دیس کے لوگ گوناگون عوارض میں مبتلا رہتے ہیں کسی نہ کسی اندرونی یا بیرونی عوارض میں مبتلا رہنے سے فکر سلیم و طبع حلیم خیالات پاکیزہ و صاف سنجیدہ محنت دماغ خیالات اعلے سے معرا رہتے ہیں کیونکہ اعضائے رئیسہ اچھے ہوں تو اچھے کام ان سے سرزد ہوں۔ زیادہ وضاحت کے لئے اپنے آپکو اور ایک یورپین کو مقابلہ کر کے دیکھ لیجئے تو وہ ہمت وہ جرات نہ وہ خیالات اعلے نہ وہ استقلال نہ وہ صورت نہ وہ سیرت وغیرہ وغیرہ +

یہ عرق ان اعضائے رئیسہ کے افعال کے باقاعدہ بنانے میں اعجاز کا کام دیتا ہے

آنکہ یہ کمزوریاں سودہ جو قوت باہ کہکر ہوتی یا جاتی ہی رہتی سو صدہا ظاہری و باطنی۔ دلی و دماغی امراض کے مدام شکار ہیں ذرہ اس معجون کو لیکر ایک تک تو آزمائیں۔ دیکھیں کیسی خوش ذائقہ خوشرنگ۔ سریع الاثر ہے کیا صرف روپے دو روپے کی دوا کے لئے ہم شرمندہ ہیں۔ ایک بوتل پی چکر کے امراض کہلک کے ہائی کمزوری جاتی رہتی۔ پٹھوں کی سستی دور ہو کر جسم و چہرہ ازسرنو تازہ ہو جاتا ہے۔ اس کا نام صرف ہی کافی ہے اس کا کام ہے یقینی پرنڈر (نصف تولہ) دو روپے آٹھ آنے

المشتہر حکیم بیلی رام طبیب بٹالوی۔ چوک متی۔ لاہور

قیمت صرف ایک گھڑی کی چھ روپے بیمہ وای ۳ سال

کہاں ہیں خریداران یادگار اور کس طرح ہیں آپ لیکن ہمیں اس بات پر بہت ہی ناز ہے کہ ہماری گھڑیوں پر آپ کی ایک نظر ادھر بھی دیکھیں کہ ہم نے کس محنت اور کیسی جانفشانی سے یہ جیبی گھڑی تیار کی ہے یہ گھڑی رجسٹرڈ کی ہے اور سوئیٹزرلینڈ سے خاص ہمارے نام کی تیار ہو کر آئی ہیں۔ نہایت مضبوط عمدہ اور خوبصورت ہے خوبصورتی اور ایجادی میں اپنی آپ ہی نظیر ہے وقت صحیح دیتی ہے۔ قوت ہر سکنڈ کی سوئی شامل ہے۔ چابی دینے کے لئے ڈگرا اور سوئی گھمانے کے واسطے پن ہی ہے بہت خوبصورت ہیں ایک گھڑی ہر ایک خریدیں اور دس بارہ برس دوسری خریدنے کی ضرورت نہ ہو اگر گھڑی ہو کر اندر شیشہ ہے جس میں سے حرکت تمام پرزوں کی معلوم ہوتی ہے جس سے پرزہ ہی گردست نظر آتے ہیں۔ غرض جو تعریف کیجاوے سے بجا ہے گھڑی کے ہمراہ شیشہ و کمانی اور کیس روانہ ہوں گے۔

المشتہر ہس گھڑی فروش بی۔ ایم جمال سنامک

ہمیں آپ سے بہت کچھ امید ہے!

اور کیوں امید نہ ہو جبکہ ہم نے اخبار خادم الملک کو مطبع دلفریب رائج جھاولی میانہ لاہور سے صرف ایک قوم کی خدمت کے لئے نکالا ہے اور مضامین مذہب اسلام کا اس میں انتظام کیا ہے۔

(۱) صحت۔ یہ مدافعانہ ہے۔ ہر قسم کے طب یونانی و ڈاکٹری ہر ایک مرض کی کثرت تشریح اور اعلیٰ اطباء و ڈاکٹروں کے تجربات سے اس کا علاج۔

(۲) حکمت و ڈاکٹری کے جزو بے مثل نسخہ جات عوارض متفرقہ نوادر متفرقہ کے لئے۔

(۳) مسمریزم جس کا شوق ان دنوں عالمگیر ہو چکا ہے اس کے فوائد مفصل کیفیت جسے ذکر کہ ہر شخص مدد لیتا اس فن شریف کو سیکھ لے۔

(۴) واقعات عالم۔ عجیب و غریب۔ کارآمد عنوانات پر۔ ہمارا اخبار دنیا کے تمام واقعات کا تاہم ملک و قوم کی اخلاقی۔ علمی۔ مالی۔ تجارتی۔ زراعتی کے لئے مناسب نشو و نما اور انتخاب اخبارات سے روشناس حالات۔

(۵) پولیس۔ رعایا کی باہمی غلط فہمی اور منافرت کا ازالہ

(۶) نوسرواز۔ دیگر صناع حضرات کے عجیب و غریب دلچسپ راز جسے پڑھ کر ان کے گھر سے بچنا اور اہلکاران سرکار کو آگاہ کرنا مقصود ہے۔

اخبار کی پالیسی کی خیر خواہی بے تعصبی پر مبنی رکھی گئی ہے

ہاں ہم ارزاں مگر اجلت نہیں۔ چندہ سالانہ قبل پیشگی۔ روکسار ذوی الاخشام جو عطا فرمائیں۔

اطلاع۔ اصحاب پیشہ سے التماس ہے کہ اشاعت اخبار فی الحال ایک ہزار ہے اس سے تقریق ہو سکتی ہے۔ لہذا یہ اشتہار کا بہت مناسب ذریعہ ہے۔

صلائے عام

اخبار کے متعلق دو سو روپے کے انعام بھی رکھے گئے ہیں جن کی شرائط نیز خریداری اخبار کے لئے اس پتہ پر خط لکھیں

المشتہر

منیجر اخبار خادم الملک جھاولی میانہ لاہور (پنجاب)

روغن عیش

پان چبا کر سنی لگا کر کھانے سے تمام وہ قوتیں متحرک ہو جاتی ہیں۔ جن پر لطف و لذائذ لکھ رجولیت کا انحصار ہے نہایت مفرح۔ خوش ذائقہ۔ ہر ہے کا رنگ۔ ارغوانی جانے اور کدورت و نقصان طبیعت سے مٹانے والا۔ تجربہ سب کی شہادت ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲ روپے

اس پتہ سے ملے گا۔

محمد عظیم اللہ شاہ منیجر شفاخانہ طلسمی اتم جھاولی میانہ لاہور

Luttle's Oriental Balm

کھانسی کا عجیب و غریب علاج

اگر کوئی شخص کسی ایسی کھانسی میں مبتلا ہو جو اس کی زندگی کو تلف کرتی ہو اور جس کا علاج کرنے میں مشہور اور تجربہ کار اطباء قاصر رہے ہوں تو چاہئے کہ وہ اس عجیب و غریب علاج کو آزمائے۔ اس کا اثر مرض مانند سحر کے اس طرح ہوگا کہ کسی دوا میں پایا نہ جائیگا۔ اور بغیر کسی کے بدن میں ایسی طاقت آویگی کہ جس کو وہ آگے نہیں جانتا تھا۔ مسٹر ایم ڈرسڈل ایلوشیام ساکن موضع ویسلر شائر اس طرح لکھتا ہے کہ مجھے اسال سے خشک اور تر کھانسی تھی اور میرا حال ہمیشہ اس سے تر تر رہتا تھا

اس مرض کے باعث تمام شب بیدار رہتا تھا بیمار مکان کے تمام آدمی کو تکلیف ہوتی تھی ہر چند کئی علاج کئے مگر سب ناکام ہوئے۔ ناچار ہو کر ایک خاوند کے بھائی نے ایک شیشی لٹل صاحب کے اورینٹل بام کی آزمائش کی ہنوز نہ دوا کا آدھا شیشہ ختم ہوا پایا کہ کھانسی کم ہو گئی اور مجھ پر نیند غلبہ کرنے لگی۔ غرض دو ایک روز میں آرام ہو گیا۔ اب میں اپنے تئیں تندرست پاتا ہوں مزاج صحیح ہو گیا۔ اب میں اپنے تئیں تندرست پاتا ہوں ایسا ہی ہر دو بھر ایک دوا خانہ میں فروخت ہوتی ہے

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

لاہور کمپنی لمیٹڈ

میسرز ای۔ پلمر و کمپنی ہیں

کتاب چھونوں کا بار اردو

صفحے ۲۲۰ مطبوعہ بار دوم

اس میں مضامین ضبطی حواس۔ یوگا نیام۔ باسنا یام۔ ناساگر۔ ترکی دھیان۔ انہد شبد سننے کے چھ مقام علوی۔ سفلی انتری مقامات و سلسلہ وار نغمہ شنوی ہیں اور یوگ روح کا دھگتی دست سنگ۔ تیرتھ یاترا۔ دید۔ اپ نشد علم سروداکا ہے اور سیکڑوں بھجن دکھن ایکا۔ دکیر دھیرو کے درج ہیں۔ قیمت فی جلد ۶ محصول ڈاک ۱ آنہ

المشتہر
پرشوتم داس دوکاندار عطر عنبر مراد آباد بازار ریگ

ملفوظات شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی

یہ کتاب جمیع علوم و فنون پر مشتمل ہے کہ مسلمہ بہت سی آیات و احادیث مشکلہ کا اس میں تحقیقی حل و تشفی بخش ہے کہ مسئلہ سماع کی بھی بحث اور بہت سے امور متعلقہ تصوف کے مسائل کی بھی تحقیق کر دی ہے اور طرز تحریر بھی طرز مخاطب کا لحاظ کر کے مختلف رکھا ہے کہ ہر طبقہ کے لوگ اس سے مستفید ہو سکیں۔ ہر جلد ۲۰۰ صفحہ ہے قیمت مجلد ۱۲ آنہ میزان البلاغۃ علوی یہ رسالہ بلاغت و معانی میں شاہ صاحب نے اب مختصر لکھا ہے کہ گویا دریا کو کوزہ میں بھر دیا ہے قیمت فی جلد ۲ صد رسالہ جوہری یہ بھی جغرافیہ میں ایک بے نظیر رسالہ ہے قیمت فی جلد ۲ نقشہ مقامات متبرکہ اس میں مع مقدمہ کے ۱۲۰ صفحہ ہے قیمت فی جلد ۲ آنہ محصول ڈاک ۱ آنہ ہر جلد

مہتمم کتب خانہ شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی

کپڑے کے سوداگر

رامداس مہرہ
بزاز ہشتہ
امیدسبز بازار لاہور



بخور تند لعل از لاہور

مستعمل زنانہ و مردانہ امراض ہیں بے نظیر ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کے فوراً دفع کر دینے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے قدیم کمر درد۔ سیاٹکا۔ گٹھیا۔ ٹخنہ کا درد۔ رگوں کے لئے مفید ہے۔ دانت۔ زخم۔ چوٹ۔ جلے ہوئے مقامات کے لئے اس عجیب و غریب دوائی کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ درد سر۔ درد دندان اور درد گوش کے لئے بھی نافع ہے۔ درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر درد اور دکھ موجود ہے۔ پھر کتنے لوگ ہیں جو ایک ایک درد ہونے کے لئے بہت کچھ دے دیتے ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا بھی یہ دعویٰ ہے اس کو آزما لیجئے تو ضرور مندرجہ بالا قسم کی دردوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے
اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا
نقد قیمت بھیجئے

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ نقلہ انفلوئنزا۔ نزلہ۔ بچوں کی کھانسی۔ کالی کھانسی گلے کی کھرکھراہٹ اور بحرقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ کیونکہ سمجھتے ہیں کہ کھانسی اور گلے اور پھیپھڑے کے امراض کا علاج اس سے بہتر کہیں نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے کھانسی بڑی خوفناک بیماری ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس کے بڑھ جانے اور طرح طرح کی مہلک پیچیدگیاں پیدا کر دینے کا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے
اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا
نقد قیمت بھیجئے

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

OHAMBERLAINS COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ و پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور بیش اثر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کی جاتی ہے۔ جو تمام مسلے کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج۔ ہیضہ۔ پیچش۔ ضیر۔ دائمی زحیر۔ بچوں کا ہیضہ اور انتڑیوں کی سب قسم کی بیماریاں اس دوائی کے استعمال سے رفو چکر ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کٹھن ہے۔ لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی سے ثابت کر دیا ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہ گیا ہے بلکہ اس کے دو قولنج اور پیچش والے بھی ہیں جنہوں نے اس دوائی کو استعمال کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔ ضرور اس دوائی کا استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے
اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا
نقد قیمت بھیجئے

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی

سردار بڈھا سنگھ رئیس نے ۵۰ روپے مع مکان کے چندہ دیا۔ اور ۹۵ روپے متفرق وصول ہوئے۔

ریپورٹ موسم و فصل بابت ہفتہ مختتمہ نومبر ضلاع دہلی اور راولپنڈی میں کسی قدر بارش ہوئی۔ قیمت اناج حالا ہو سیالکوٹ راولپنڈی اور ڈیرہ اسمٰعیلخاں میں بڑھتی جاتی ہے۔ جالندھر ملتان اور امرتسر میں کمی پر ہے اور دیگر مقامات میں بدستور۔ گیہوں ۱۵½ سیر سے ۲۰½ سیر تک روپیہ۔ نخود ۱۹ سے ۲۴ سیر۔ جو ۲۶ سے ۳۰ سیر۔ باجرا ۱۹ سے ۲۶۔ جوار ۲۴ سے ۲۸ سیر کی ۲۶ سیر اور چاول ۱۲ سے ۱۴ سیر فی روپیہ۔ فصل خریف عموماً تیار ہو رہی ہے۔ انبالہ۔ فیروزپور۔ امرتسر اور راولپنڈی میں قریباً ختم ہو گیا ہے قلب رانی اور نگہ زنی ہو رہی ہے۔ بعض اضلاع میں بارش کی ضرورت ہے فصل استادہ کی حالت فی الجموم اچھی ہے۔ جہاں آبپاشی جاری نہیں ہے وہاں صادر لاہور میں فصل خشک ہو گئی ہے مویشیوں کی صحت علی العموم اچھی ہے۔

۴ تاریخ کو سینڈیمن بوائز سکول اور لیڈی سینڈیمن گرلز سکول کو ٹیکہ کو انعام تقسیم کرنے کا جلسہ ہوا۔

کیپٹن پینی ڈکس برٹش جائنٹ کمشنر لداخ لیہ سے وارد سری نگر ہوئے۔

شملہ میں باورچیوں کو حکم ہوا ہے کہ رات کے وقت مطبخوں میں نہ سویا کریں۔ لہذا وہاں دلی کے قحط کا اندیشہ ہے۔

گو موسم سرما شروع ہو گیا ہے۔ مگر اہل شملہ کو کالکا ریلوے کا کام جاری نہیں کیا گیا۔ غالباً لنڈن میں روپیہ کے اسٹاک ضروری سرمایہ بہم نہیں پہنچا۔

سالار سپہر بہاء الدین خاں متعلقہ اول رجمنٹ سنٹرل انڈیا ہارس وائسرائے گارڈ حضور والا سے گولا ہزار ایکڑ اراضی نہر چناب چھوٹی ہوئی ہے۔ جسپر فصل کر لینے کی بابت ۷۵۰ روپے سالانہ کا پرسنل الاؤنس بند ہو جائیگا۔

سردار دیوا سنگھ پولیس انسپکٹر دہلی نے کئی قمار باز دہلی میں گرفتار کئے ہیں۔

شہر کوئٹہ میں ہریالی کا بہت نزول ہو گیا ہے۔ وہاں ایک آباد محلہ کے مکان ٹریڈنگ ایجنسی بلوچستان کے مکان میں چور گھسے مگر بجز چالیس روپے کے کچھ نقصان نہ ہوا۔

شملہ سے سرکاری۔ فائر کی آمد آئی ۲۵ ماہ حال کو شروع ہو گی

۴ تاریخ کو ہز آنریبل گورنر نے بوجودگی مہاراجہ صاحب پٹیالہ میں کرنل سندر سنگھ صاحب کو برٹش ہند کا دوسرے درجہ کا تمغہ جرات عطا کیا۔

خیبر لیشیا کی طاقت کا تا حال فیصلہ نہیں ہوا۔ جدید کمانڈر انچیف اس کی طرف متوجہ ہوئے۔

گورنمنٹ پنجاب نے بوساطت ڈائکخانہ آذر ایک سال کو عین فروخت کرنے کا تجربہ کرنا چاہا ہے۔ حالانکہ پچھلے سال دہلی میں متعلق کا میابی نہیں ہوئی۔

گو ہوا بہ برفباری سے تمام پنجاب میں موسم سرد ہو گیا ہے

۵ تاریخ کو گرو سنگھ سبھا کے ممبروں نے ہز ایکسی لنسی مہاراجہ صاحب پٹیالہ کی خدمت میں ایڈریس پیش کیا جس میں دھرم سالہ ۱۰ بیگھ ۵ سو روپے کے عطیہ کا شکریہ ادا کیا گیا تھا۔

گوجرانوالہ میں کالکا سنگھ ڈپٹی انسپکٹر نے ۳۴ قمار باز گرفتار کئے جن سے ۵۵۰ روپیہ نقد برآمد ہوا۔

امین آباد سے جو ہماڑیاں گوجرانوالہ سہارنپور صاحب کا روپیہ چرا کر لیجاتے ہوئے ریلوے سٹیشن سے گرفتار ہوا تھا اس کو ۱۷ ماہ قید کی سزا ہوئی۔

شہر لاہور میں بھی کئی قمار باز گرفتار کئے گئے ہیں۔

اتمان خیل سے جو نوجوان عورتیں کوہاٹ آئی ہیں۔ کہتی ہیں کہ ان کے ملک انبیرہت نشدد کرتے ہیں۔

ماہ جولائی میں فصل ربیع کی جو امیدیں تھیں گزشتہ اگست کی بے تحاشہ بارشوں سے ناقص ہو گئی ہیں۔

ایام کرسمس میں نرسنگ اسوسی ایشن پنجاب کی امداد کے واسطے میلہ بازار لگیگا۔

آئندہ ورنیکولر سکے پرائمری۔ مڈل اور ہائی سکول کے امتحان یکم دسمبر کو لاہور۔ شملہ۔ سیالکوٹ۔ مری۔ ہٹی اور راولپنڈی میں ہوں گے۔

مسٹر ہرجی داس بھائی ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرلی کی حیثیت میں لاہور کو تبدیل ہوئے۔

کرنل لے سٹیفن آئی۔ ایم۔ ایس نے صحت انسپکٹر جنرل اسپتالوں کا اہتمام کرنل ایس۔ ایچ۔ بدن کو دیا۔

ممالک غیر

میجر مارچنڈ اور کپتان بریشیو فسران فرانس اب شملہ واپس میدان سے ایبسینیا کے بیچ سے جو چل جائینگے

لارڈ کچنر دو ہفتے کے بعد لنڈن سے مصر کو روانہ ہوئے۔

سفیر فاہرہ کی بیوی لیڈی کرامر کا جنازہ بوجہ ہیں لنڈن لیجایا گیا۔ اسپر صرف لارڈ کرامر کی طرف سے ارجٹ حاضر ہوئے تھے۔ اور معاً اسی وقت لنڈن کے ایک گرجا میں دعائیہ نماز پڑھی گئی جس میں کوئین پرنسس آف ویلز اور لارڈ کچنر وغیرہ شامل تھے

جو ہاپر میں چین نے سلاطین غنیہ کے دباؤ سے چین کے قرب و جوار سے افواج ہٹالی ہیں۔

لنڈن میں کمیٹی سکہ کی کارروائی شروع ہو گئی ہے۔

لنڈن میں مشہور ہو رہا ہے کہ سر انتونی میکڈانل لارڈ سینڈہرسٹ کی جگہ گورنر بمبئی ہونگے۔

اخبارات چین کے بند کئے جانے کا حکم ہوا ہے۔

ایک نوجوان لیڈی نے اپنے ہونیوالے خاوند کے ہمراہ افغانستان کا سفر کیا۔ اور ہر بازار اس عورت کے روبرو جسکے ساتھ اس نے شادی کرنے کا مذبوحہ کیا تھا۔ اسپر چابک برساتا رہا۔

اخبارات وزیر اعظم افغانستان کی بیخ کنی کرتے ہوئے آئندہ نہ ماننے کو بقبول ان کے خطرہ سے پر ظاہر کر رہے ہیں۔

فرانسیسی ہمارخانہ میں زہر نوعیل شروع ہو گئی ہے۔

لارڈ ووڈ ہاؤس نے حکم دیا ہے کہ جو پاہی داوی حلفہ کے جوب میں ڈیوٹی دیں۔ ان کو انعام دیا جائے۔

اپرس آسٹریا کو جس انارکسٹ نے ہلاک کیا تھا اس کو دائم الحبس کی سزا دی گئی ہے۔ سعیدی نے سر کر جیسن ہو کر کہا کہ اب ڈیوک آف آرلین اور شاہ ہمبرٹ کی نوبت ہے۔

حسن بے چیف سر عثمانیہ کو قنصل لارڈ لیتھ مقیم سے لارڈ لیسہ کو روانہ ہوئے

کمیشن مسلمانان کریٹ کی امداد کے واسطے مقرر ہوئی ہے اس نے آدمیوں کے ہزار ہا روپیہ مسلمانوں کے واسطے وہاں روانہ کئے ہیں

وزارت سرکاری تعمیرات روم جمینی کا روپیہ کا پانی کرنے میدان میں پہنچانے کے واسطے درخواست ہو چکی ہے

پہلے ایک شخص قابل ہے کو طلب تھا۔ جو اس کی تعمیل نہ کر سکا

صوبہ قابل روم کے مرغیوں میں وبا پھیل گئی ہے

ثابت ہوا ہے کہ ایک موشی قاتل سے مارا گیا تھا

کنسم پاشا ایک شخص نے روم میں اپنی ہمشیرہ کو سر بازار قتل کیا جس کی وجہ معلوم نہیں ہوئی

سلطنت عثمانیہ میں ۲۰ ہزار پاسبین ہیں جن میں سے ۳۴۰۰ بلغاریہ میں ہیں

وزیر داخلہ روم گزشتہ والات سے صحتیاب ہو کر کیبنٹ کونسل کے پریسیڈنٹ ہوئے

انگلینڈ کے پیپر ہیرس میں مدراس اور نیسی دکر رائے خارجہ بہت مدح و ثنا کا اظہار کرتے رہے

مارشل جرادیا شاگرد مڈ کیپٹن روسی افواج کریٹ کیساتھ بیرت کر دیا ہوا اور سپین میں شہنشاہ جرمنی کے ساتھ

شاہ گرینڈ سرویا سے واپس دارالجگہ ہو کر اپنی قدم ہوئی میں جس انتظام کے واسطے وزارت کا شکریہ ادا کیا

برٹش کی بحری تیاریاں چین میں کسی کے زور ڈالنے کی وجہ سے

لارڈ سالسبری نے بیان کیا کہ ہماری سلطنت بحری قوت کے استحکام کے بغیر قائم نہیں رہ سکتی

روسی رسالہ کے جو ۳ سو جوان بذریعہ جہاز سیبریا کو گئے تھے

وہ بحیرہ میں شہنشاہ جرمنی کے ساتھ ہے

جج تجارتی عدالت سالونیکا کی کوٹھی کا جو فی الحال ہوئے ایک حسین یونانی لڑکی کی لاش ملی۔ اس نے تھوڑے ہی دن پہلے دین اسلام قبول کیا تھا۔

ایمین روس اور اس کے چینی مقبوضات میں آمد و رفت کے بڑھ جانے سے ایک روسی ڈائریکٹر بینک کے ساتھ قائم کیا گیا اسکے ۲-۳ ہزار حصہ اکثر بادشاہ اور ممبر کو اور ٹریلیو سلیڈ یوسٹاک چائنا

مشہور ہو رہا ہے کہ بدیش امرکہ کیلیفورنیا سے بھاگ گئے شاہ منیلا کے ان کو خوراک پارچات اور دیگر ما یحتاج جو پہنچا رہے

لیکن کبھی کبھی ان کا ایک لشکر بیگانگ توپ کے پیچھے آ جاتا

Chamberlain's Pain Balm.

چیمبرلینس پین بام

(چیمبرلین صاحب کی دوائی کا نام درد۔ امریکہ میں بنائی ہوئی ہے تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کے فرو کرنے کے لئے مشہور ہے بعض ہر قسم کے گٹھیہ۔ کمر کا پین۔ ہیڈ اکہ۔ گلا پین۔ ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ زخم چوٹ جلے ہوئے مقامات بھی اچھے ہو جاتے ہیں۔ دانت اور درد گوش کے لئے بھی نافع ہے۔ سر درد۔ پہلو اور درد پشت بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب و نافع درد دوا ہے

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے

لاہور شیخ ضیاء الدین اینڈ سنز ٹالکان پنجاب ایجنٹ میسرز ہال اینڈ امرتسر میاں ضیاء الدین کو اگر ادویات انگریزی ذاتی اندر سے ملتی ہے

اگر آپ نے انتخاب لاجواب نہیں خریدا تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ابھی اس کا نمونہ نہیں دیکھا

سر جسٹس ہیلمز نے رخصت سے واپس آکر سر جسٹس کی رپورٹ کو سکندرہ کیا۔ جو مسٹر سٹیرٹ کے افغانستان سے واپس آنے تک وہیں کام کرینگے۔

۱۰ تاریخ کو سر لوئس کرشا چیف جسٹس بمبئی نے ۱۰ گیزٹ کے مہینہ اپیل میں اجلاس کیا۔

شمالی و مغربی صوبجات اور اودھ کی طرف سے ۸ ٹیم ریکروٹمنٹ میں داخل ہوئے ہیں۔

گورنمنٹ نے میونسپلٹی کراچی کو طاعون کی ضروریات کے لئے کسی سے ۱۰ لاکھ روپیہ اس خیال سے قرض نہیں لیا (میونسپلٹی اپنے اعتبار پر بازار سے یہ رقم لے سکتی ہے۔

مسٹر ٹکر نے اگزامنر انجینیر درجہ دوم کی عہدات ۲۰ اکتوبر سے ۱۰ سال کے واسطے گورنمنٹ مصر کے زیر اختیار کی گئی ہیں۔

آنکہ ہمارے سردیاں بلوچستان بجائے کہ کوئٹہ کے سوئی کو جائیگی اور ۱۰ نومبر تک یہ بات شائع بھی ہو گئی کیا بیگی

گورنمنٹ نے کوکھا مونیشن باڑی کے بھرتی کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

کیپٹن ہڈی متعلقہ ۱۷ ویں پنجاب انفنٹری مسٹر فولر کی جگہ پر رخصت پر جانے ہیں۔ تا مستقام ریکروٹنگ افسر ہوئے۔

موجودہ سلسلہ تار کلکتہ سے مدراس تک ایسٹ کوسٹ کے ساتھ ساتھ مستقل کیا جائیگا۔ تا بنے کی مزید تار بھی لگائی جائیگی تاکہ پیغامات کی ترسیل میں سہولت ہو۔

۱۱ تاریخ کو ۱۰ بجے رات کے نئی مورپ فلوٹ ہوا گا گھر خیریت سے

[لاہور سے پنجاب و سرحد]

مسٹر گم انسپکٹر جنرل تھانہ جات ۱۰ تاریخ کو شملہ سے دورے پر روانہ ہونگے۔

خان بہادر منشی سردار خاں صاحب کے رخصت پر جانے کے بعد مسٹر لے۔ ای ریپلٹی پوسٹماسٹر لاہور ہونگے۔

مسٹر سی بجوڈ ڈین سپرنٹنڈنٹ ڈاکخانجات رخصت سے واپس آکر منشی خان محمد سپرنٹنڈنٹ ڈوٹین کا اہتمام لینگے اور وہ اپنے اصلی عہدہ انسپکٹری پر جائینگے۔

مسٹر جے ایم ہارسن اگزکٹو انجینیر درجہ اول بارا جبیر اور مارواڑ ریلوے کے سروے افسر مقرر ہوئے۔ اور مسٹر آدلین ہو سپرنٹنڈنٹ انجینیر درجہ دوم کوہاٹ و بنوں ریلوے سروے کے آنریری آفیسر ہونگے۔

توسیع شملہ کے متعلق جو کمیٹی قائم ہوئی تھی اس نے شملہ سٹیشن کو ۱۰ سے ۱۰ میل تک رخصت دینے کی تجویز کی ہے جس فرض کو پورا کرنے کے واسطے پولس کی پہاڑی ریاستوں کے ساتھ زمین تبدیل کرنی پڑیگی۔

ہفتہ مختتمہ ۱۲ اکتوبر کو صوبہ کے ۴۰ میونسپل قصبات میں ۱۰۴۲ بچے یعنی ۶۸۵ لڑکیاں اور ۳۵۷ لڑکے پیدا ہوئے۔ اور ۱۰۲۲ یعنی ۵۱۰ مرد میں اور ۵۱۲ عورتیں فوت ہوئے۔

گزشتہ اگست میں کسی جنرل کے دفتر کے کئی کلرکوں نے مری میں ایک ریٹنگ کلب قائم کیا تھا جو بہت ترقی پذیر ہے اس کے ساتھ ایک کتب خانہ بھی کھولا گیا ہے جس کے واسطے سیٹھ دھنجی بھائی نے ایک سو روپیہ سالانہ چندہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔

صدارت کے لئے کوئی لفظی آبجائش نہیں رہی
اور بات کی آزمائش ہی زندہ صداقت ہے

عرق ریحانی

مولدہ منی معتوی مصفا کریمہ۔ اس درجہ کا مصفی خون کو پرانے انتشاف کے آثار جڑ سے کھو دیتا ہے۔ کیپٹن سر حسن بی این ایم اے۔ رئیس اعظم الحکما حکیم غلام مصطفےٰ صاحب ایم اے اور ایل ایل ڈی گورنمنٹ سارسنہ نے بعد تجربہ ثابت کر دیا ہے کہ

عرق ریحانی!

للاتم سی کہ مفرح دل مصفی خون ہے سریع التاثیر

[illegible] ہے کہ [illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] ہے

اعلان۔ بابو خیالی رام ہیڈ ماسٹر میونسپل بورڈ سکول مولوی محمد مقبول شاہ ہیڈ ماسٹر مڈل شکی کی جگہ میونسپلٹی لودہانہ کے خان بہادر سید امیر علیشاہ فشنر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر میونسپلٹی لدھیانہ۔ تحصیلدار پھلور میونسپلٹی پھلور کے۔ صاحب ڈپٹی کمشنر فیروزپور لالہ جگن ناتھ مستعفی کی جگہ پریسیڈنٹ میونسپلٹی فیروزپور۔ چودھری مانی رام لالہ رام لال متوفی کی جگہ میونسپلٹی جھنگ گھمیانہ کے۔ شیر محمد خلف بخش خاں اور فیض بخش میونسپلٹی راولپنڈی کے اور عبداللہ خاں پنشنر رسالدار میونسپل کمیٹی کوٹ کے ممبر نامزد ہوئے۔

[چیف کورٹ]

رخصت۔ لالہ دیوی داس ایم اے منصف بھیرہ کی رخصت کو پانچ ماہ کی وسعت دی گئی۔ مسٹر اے۔ آر۔ انڈرسن قائمقام جسٹس چیف کورٹ پنجاب نے سکیرڈش ہو کر ۲ نومبر سے ۳۲ یوم کی رخصت حاصل کی۔

اعلان۔ بھائی دسوندھا سنگھ بی۔ اے۔ خلف بھائی ہیرا سنگھ بزمرہ ممتازان درجہ دوم مقرر ہوئے ہیں۔

[دفتر صاحب فنانشل کمشنر]

تبدیل۔ بھائی دلیپ سنگھ تحصیلدار کلاچی سے تحصیل ٹانک کو۔ لالہ لعل چند اول قائمقام تحصیلدار ٹانک سے مراد ضلع بنوں کو لالہ بھوجا رام تحصیلدار لائل پور کو۔ ۱ نومبر یا تاریخ استفادہ سے ۱۵ یوم کی رخصت ملی۔ لالہ کیسر رام نائب تحصیلدار ان کی جگہ کام کریں گے۔ منشی باغ علی تحصیلدار شورکوٹ کی رخصت کو ایک ماہ کی وسعت دی گئی۔ میر کبیر علیخاں تحصیلدار پرواڑی کو ۴ نومبر یا تاریخ استفادہ سے ایک ماہ ۲۵ یوم کی رخصت ملی۔ لالہ رنجدا س نائب تحصیلدار ان کی جگہ کام کریں گے۔ لالہ لبھا لکشن داس نائب تحصیلدار کے قائم مقام ہونے کا اعلان منسوخ کیا گیا۔

تقرر۔ ملک جیرل نائب تحصیلدار تونسہ قائمقام تحصیلدار ہو کر چارج لینے کی تاریخ سے حضور لفٹننٹ گورنر کے ساتھ تعینات ہوئے۔ لالہ ہیرا لال نائب تحصیلدار وزیرآباد لالہ گوردا س کے واپس آجانے پر اسی تحصیل میں قائمقام تحصیلدار ہوئے۔

ترقی۔ منشی وزیر سنگھ تحصیلدار چیف درجہ چہارم میں ترقی پاکر اور یکم نومبر سے سپرنٹنڈنٹ ورنیکولر آفس صاحب ڈپٹی کمشنر راولپنڈی مقرر ہوئے۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— سر جان اور لیڈی وڈبرن مع کیپٹن ہنسورڈ ایڈیکانگ دارجیلنگ سے وارد کلکتہ ہوئے۔

— سر آرتھر ٹریور ہوم پبلک ورکس ممبر آنریبل کونسل بمبئی دورے پر روانہ ہوئے۔

— گورنمنٹ ہند کے جن سرکاری دفاتر نے موسم سرما کے واسطے کلکتہ جانا ہے۔ ان کی روانگی ۲۵ ماہ حال کو شروع ہوگی۔ گورنمنٹ آف انڈیا کا کام ۲ دسمبر تک شملہ میں جاری رہیگا۔

— ہز ہائینس مہاراجہ بنگلور نے ایک لاکھ روپے طاعون کی ایک لاکھ بھاری ہجوم موجود تھا۔

— سر ولیم لاکہارٹ کمانڈر انچیف کا دورہ مسدیل قرار پایا ہے۔ ۲۱ نومبر کو شملہ سے چل کر ۲۲ کی شام کو وارد نوشہرہ ہونگے۔ ۲۳ کو کھار۔ ۲۴ کو مالاکنڈ و چکدرہ۔ ۲۵ کو کھار میں قیام ہوگا۔ ۲۶ کو پشاور میں قیام ۲۸ سے یکم دسمبر تک کوہاٹ۔ ۲ دسمبر کی شام کو پنڈی میں ۵ تک قیام۔ ۷۔ ۸ کو میرٹھ میں قیام۔ ۹ سے ۱۱ تک دہلی ۱۲ سے ۱۴ تک آگرہ۔ ۱۵ کانپور۔ ۱۶ سے ۱۸ لکھنؤ۔ ۱۹ سے ۲۰ بنارس اور ۲۱ تاریخ کو ۹½ بجے شام کے وارد کلکتہ ہونگے۔

— گورنمنٹ ہند محکمہ نمبر ۲ بہامی شاخ کو آئندہ تین سال کے واسطے قائم رکھنے کے سوال پر غور کر رہی ہے۔

— کمانڈر ایچ۔ ایس۔ بلک متعلقہ رائل انڈین سیمن لفٹننٹ گورنر برہما کے نزدیک ایڈیکانگ ہوئے۔

— اخبار ہوم نیوز ۵۰ برس کی ہستی کے بعد بند ہونے والا ہے یہ ۱۸۴۰ء میں "ہوم نیوز ہند" کے نام سے قائم ہوا تھا۔ اس زمانے کی اخبار نویسی سے پہلے اس ملک کے کئی شہروں کی خبریں پہنچانے کا ذریعہ تھا۔

— ۹۰-۱۸۹۶ء کا قحط عظیم۔ شکر ہے کہ اب ختم ہوا۔ اس ہفتہ وار رپورٹ بالکل خالی ہے کچھ حصہ گزرا ہے کہ مدراس کے محاذ زدہ مقامات بھی اس بلا سے بچ گئے تھے۔ اور صرف بمبئی ضلع شولاپور کے جولاہوں کو مفت امداد ملتی رہی۔ مارواڑ و راجپوتانہ کے تھوڑے سے حصے بھی قحط زدہ ہیں اور ۲۲-۲۴ آدمی امدادی کام پر ہیں۔ لیکن اس کو گزشتہ قحط عظیم کے ساتھ سرو کار نہیں ہے۔

— پرنس رابرٹ آف بوربن جو عنقریب سیاحت ہند کے واسطے اس ملک میں آنے والے ہیں انکا مناسب خطاب پرنس آف ہوگا۔

— نوشہرہ پہاڑیوں کے ہیڈ کوارٹر اجمال کی آبرسانی کی اسکیم ۷،۵۵،۷۰۰ روپیہ منظور ہوا ہے۔ کیونکہ آبرسانی موجودہ خراب ہے اور عموماً موسم برسات کے اخیر میں ختم ہو جاتی ہے لہذا تجویز ہے کہ مینہ کا پانی آہنی شکن دار چادروں کے رقبہ میں جمع کیا جائے۔

— مسٹر وی۔ اے۔ سمتھ مسٹر الیف ملوک کی جگہ جنہوں نے پنشن لی ہے۔ کمشنر فیض آباد ہوئے۔ مسٹر سمتھ ایک افسر مال ہیں۔ جنہوں نے بندوبست کے متعلق ایک رسالہ تصنیف کیا ہوا ہے۔

— اور دوسرے سے تین لاشیں برآمد ہوئیں۔

— سرکاری دفاتر کے جن کلرکوں کو موسم سرما شملہ میں بسر کرنا پڑیگا۔ ان کو موسم سرما کے پورے الاونس کے علاوہ ہیزرم کا الاونس بھی ملیگا۔

— ۱۰ تاریخ کو راؤ پال کاٹن ملز ملوکہ راجہ شیو بخش سنگھ کو آگ لگی۔ ایک چنگاری انجن سے روئی میں جا پڑی تھی۔ قریباً بیس ہزار روپے کے نقصان کا تخمینہ کیا گیا ہے۔

— ۱۰ تاریخ کو الہ آباد میں بھی آتشزدگی سے ۵ ہزار روپے کا نقصان ہوا۔

— الہ آباد کی ۱۸ پراویڈنٹ سوسائٹیاں ویرا بجٹ کمپنی کے ہند حساب داخل نہ کرنے کے جرم میں ماخوذ ہوئی ہیں۔

— سوموار پٹ پونہ کے مندر سے ایک بت جس کے سر پر جواہرات کا مرصع نقرئی تاج تھا۔ چوری ہوا۔

— گورنمنٹ ہند نے مسز ای۔ ڈی سی لیسٹر کو۔ جو اپنے خاوند کو ہلاک کرنے کے جرم میں قید ہے۔ سرکاری جہاز پر جگہ دینے سے انکار کر دیا ہے۔

— بنگہ واقع بہار کا ایک ہیڈ کانسٹبل مع اپنے ایک ماتحت کے بجرم زنا بالجبر سیشن سپرد ہوا۔

— ۱۸۹۶ء میں ۷۳۹۳ ٹن سنگ مرمر مالیتی ۶۹۹۵ روپے گیا سے اور ۸۶۳ ٹن مالیتی ۳۰۷۲ روپے شاہ آباد سے اور ۴۷۶۲۷ ٹن پرگنہ جات منحال سے باہر بھیجا گیا۔

— لفٹننٹ سٹوارٹ بڈفورڈ متعلقہ ۲۶ ویں مدراس انفنٹری ۱۰ نومبر کو بلگام میں طاعون سے فوت ہوئے۔

— ۹ تاریخ کو کراچی کے ۴ محلوں میں ایک ہی وقت پر آگ لگی۔

— ہائی کورٹ لیبیئی نے مسٹر ولکنز کا نام وکلا کی فہرست سے اس لئے قلمزد کر دیا۔ کہ اس نے سرکاری دو پیہ خود برد کر لیا تھا۔ اور تین وقت پر داخل عدالت نہیں کیا تھا۔

— قراب گاؤں کے قریب ریلوں کے ٹکرانے کا جو حادثہ ہوا تھا۔ اس کی تحقیقات شروع ہے۔ اور مزید کارروائی ۲۱ ماہ حال کو ہوگی۔

— گورنمنٹ ہند نے دربار میسور کو مسٹر او ڈلف کے لئے یہاں کے زراعتی کیمسٹ مقرر کرنے کی اجازت دی۔

— سر ولیم لاکہارٹ جدید کمانڈر انچیف معمولی القاب سلامی کے ساتھ امپیریل کونسل کے ممبر ہوئے۔

— اب لارڈ انچن کونسل کے کسی انعقاد میں شامل نہ ہو سکینگے۔

— لفٹننٹ کرنل اے۔ جی۔ گولڈسن متعلقہ کمسریٹ ڈیپارٹمنٹ کو سروس سے علیحدہ ہونے کی اجازت دی گئی ہے۔

— نمائش اسپان دسگان کراچی ۱۲ تاریخ کو ہوئی۔ اس کے ہر ایک صیغے میں بہت رونق تھی۔ میجر جنرل کک نے انعام حاصل کئے جن میں سب سے عمدہ گھوڑے کا شامل تھا۔ نمائش بمقابلہ سنین سابقہ بہت بارونق تھی۔

— میجر جان لیٹ ریپورٹر حوادث آسمانی گورنمنٹ ہند۔ کشمیر کے پہاڑوں سے میدان کو روانہ ہوئے ہیں۔ وہاں موسم نہایت عمدہ اور تندرستی بخش ہے۔

— حضور وائسرائے کی پیشاور میں ۱۲ تاریخ کو ۹ بجے صبح کے چند پوسے روانہ ہوں۔ مریوے سنیٹن کے پاس لوگوں کا بہت

اگر آپ نے انتخاب الجواب نہیں فرمایا۔ تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ابتک اس کا نمونہ نہیں دیکھا

پدمنی

رانی پدمنی اور شہنشاہ علاء الدین کے ایک تاریخی واقعہ کو دلکش اور دلفریب فسانہ کے پیرایہ میں قلمبند کیا گیا۔ نغمہ سلسلہ وار انتخاب الجواب میں طبع ہوا ہے۔ صاحب اس دلچسپ اور حیرت انگیز فسانے کو شروع پڑھنا چاہتے ہیں وہ انتخاب الجواب کو پہلے نمبر کریں۔ اور چونکہ پہلے اور دوسرے نمبروں کی متعدد کاپیاں رہ گئی ہیں۔ اس لئے سمجھ کی دیر نہ کریں جلدی نہیں اس دلچسپی سے محروم نہ رہ جائینگے۔ انتخاب کا نمونہ مفت ٹکٹ نامزد منیجر انتخاب الجواب امرتسر بھیجئے پیسٹ بے

گزشتہ کے تجربے کی ناکامی پر صوبہ بھر کی حالت قیاس کرنی صحیح نہیں ہے۔ دہلی میں ناکامی کی وجہ یہ ہے کہ لوگ پرانے نظر یعنی کے علاج کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اور طبیب یونانی وہاں زیادہ لائق ہونے کے باعث لوگوں کو ویسا یونانی بھی نہیں ہونے پاتی دوسرے دہلی پر پرانے خیالات و انگریزی تعلیم کا اثر بھی کچھ واجبی سا پڑا ہے۔

اخبار نیر اعظم مراد آباد رقمطراز ہے:۔ یہ بات عام طور سے مشہور ہے کہ نواب صاحب بہادر لوہارو کو عنقریب مہتمم وزارت ریاست بھرت پور ملنے والا ہے۔ سنا جاتا ہے کہ ہز ہائینس مہتمم کی بابت حضور لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب نے نہایت موثر سفارش کی ہے ہم امید کرتے ہیں کہ درحقیقت اس انتخاب سے گورنمنٹ قابل شکریہ ہے اور یقین کرتے ہیں کہ ریاست بھرتپور کو آپ کی وزارت سے کامل نفع پہنچیگا۔

حیدرآباد کے اخباروں کا اس امر پر زور دینا کچھ بیجا نہیں ہے کہ پایگاہ نواب سراسماں جاہ مرحوم کا کوئی مناسب بندوبست ضرور ہونا چاہیے۔ جس تعد بندوبست میں تاخیر ہوتی ہے لوگوں کو طرح طرح کی افواہیں اڑانے کا موقعہ ملتا ہے۔ بعض انگریزی اخبارات میں بھی قصے شروع ہو گئے ہیں جن میں پایگاہ کو (بعد مرحوم) پر کسی اور کا حق ثابت کیا جاتا ہے۔ یہ پایگاہ اور اس کے خریداروں کی نسبت پچھلے دنوں ہائی فضل مضمون لکھ چکا ہوں۔ ہز ہائینس حضور نظام کو حتی الامکان بہت جلدی اس کے انتظام کی نسبت احکام صادر فرمانے چاہئیں تاکہ حقداروں کو موقعہ نہ ملے۔ اور مضامین اخبارات میں لکھے جانے پر روپیہ خرچ ہو رہا ہے وہ بیچ جائے۔

آنریبل مسٹر تھارہن صاحب بہادر فنانشل کمشنر پنجاب کی مشہور و معروف خملہ والی تقریر پشتو میں مترجم ہو کر کسی نہ کسی طرح سرحدی اقوام کے پاس پہنچ گئی۔ چنانچہ اس کی ایک کاپی مالاکنڈ میں انگریزی افسروں کو ملی ہے ظاہر ہے کہ یہ کسی سرحدی قوم والے شخص کا کام ہے جو پشاور وغیرہ میں بہت رہتے ہیں اور بعض بعض ان میں سے تعلیم یافتہ بھی ہیں۔ بہرحال سرحد والوں کو یہ پڑھ کر کمال مسرت ہوئی ہوگی کہ ان کی نشانہ بازی شجاعت اور بے باکی نہیں بلکہ حب الوطنی۔ آزاد پسندی اور راست بازی کی تعریف کرنے والا ایک شخص مسٹر تھارہن جیسا ہوا خواہ موجود ہے۔

گزشتہ مخط کے متعلق جو کمیشن بصدارت سر جیمس لائل صاحب بالقابہ سابق لفٹنٹ گورنر صوبہ ہذا شملہ میں بیٹھی تھی اس کی رپورٹ چھپ کر تیار ہو گئی ہے اور عنقریب شائع کیجائیگی۔ شائد یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ اس کا پڑھنا بھی خواہان ملک کے لئے دلچسپ و مفید ہوگا۔

اخبار مشیر دکن جو حیدرآباد سے روزانہ شائع ہوتا تھا۔ سات آٹھ ہفتے بند رہنے کے بعد اب مدراس سے نکلا ہے۔ تقطیع اگرچہ وہی ہے مگر لکھائی چھپائی اور کاغذ میں پہلے کی نسبت ترقی نمایاں ہے ظاہر کیا گیا ہے کہ ابھی اس کی اشاعت کچھ عرصے کے لئے ہفتہ وار رہیگی۔ خدا کرے اپنی موجودہ پوزیشن میں یہ جلدی اس کی تلافی کر سکے جو حیدرآباد سے الگ ہونے پر اسے پہنچا ہے۔ ساتھ ہی امید ہے کہ ہمعصر مذکور صرف پبلک پر اپنی تمام امیدیں منحصر رکھیگا۔ اور کسی خاص شخص یا ریاست کے بھروسے پر نہ رہے گا۔

ہز ہائینس مہاراجہ پٹیالہ کرکٹ ٹیم کا جو میچ انبالہ کلب سے ہوا۔ اس میں مہاراجہ ٹیم نے صرف چار وکٹ کے نقصان سے ۶۳۳ رن کر لینے کے بعد کھیل چھوڑ دیا اور انبالہ والوں کو کھلایا جنہوں نے پہلی اننگز میں ۱۶۳ اور دوسری میں صرف ۱۰۰ رن کئے مسٹر ہرن کی بولنگ انبالہ والوں کے لئے سخت نقصان رساں ثابت ہوئی۔ ہز ہائینس کی ٹیم کی یہ کامیابی ان کی ٹیم کی تاریخ میں عدیم النظیر سمجھنی چاہیئے۔ ۷ اوکٹ اور ۷۰ رن سے جیتنا زور آکار ہے دارد۔ امسال خدا ہی ہے ہندوستان میں کوئی کلب مہاراجہ ٹیم سے بازی لیجائے۔

ضلع بجنور میں ایک ٹھاکر صاحب اپنے والد کو منیجری علاقہ سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں۔ اور جناب نواب صاحب پاٹودی اپنے خسر اور ماموں نواب قاسم علیخاں صاحب کو نظامت ریاست سے ہٹانے کی فکر میں ہیں۔ دو اخبار ایک بقول اخبارات دونوں جگہ انتظام اچھا ہے۔ اور موجودہ منتظمین کی تبدیلی مناسب نہیں۔ واقعی کیا اپنے بزرگوں سے زیادہ کوئی خیر خواہ ہو سکتا ہے۔

مجرم تو ہمیشہ سر زد ہوتے ہی رہتے ہیں۔ مگر بعض مجرم اپنے کام میں اس غضب کی چالاکی برت جاتے ہیں کہ اگر وہ دوسرے پیشوں میں اتنی جدت صرف کریں تو بہت زیادہ ترقی پالیں۔ حال میں اخبار دکن پوسٹ نے ایک عیار کا حال لکھا ہے۔ جو سکندرآباد دکن کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کو جل دیکر کچھ روپیہ ٹھگ لے گیا۔ اس نے صاحب سے بلکہ پہ جا کر روز روشن میں ملاقات کی اور اپنے آپ کو کسی ضلع مدراس کی پولیس کا ملازم بتایا۔ پاس بھی دکھلایا اور ظاہر کیا کہ وہ کسی مجرم کی تفتیش پر یہاں آیا ہوا ہے اور اس کے پاس حیج بالکل نہیں۔ صاحب نے سرکاری ملازم سمجھ کر کچھ روپئے حوالے کر دیئے ہیں خیال کہ بعد میں وصول ہو جائینگے۔ لیکن معلوم ہوا کہ وہ کوئی عیار تھا۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ کو جو دوسروں کے [illegible] کا [illegible] کا [illegible]

آمدہ سے پاینیر کو خبر پہنچی ہے کہ وہاں یکم نومبر کو محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علیگڈھ کے برائے سکول کا سالانہ جلسہ تقسیم انعام نہایت رونق سے منعقد ہوا۔ صاحب کلکٹر ضلع صدارت پر تھے۔ بہ دفعیران بارئین ضیاء الدین و افتخار عالم علیگڈھ سے بغرض شرکت جلسہ تشریف لے گئے تھے۔ سکول کی سالانہ رپورٹ و معمولی تقریروں کے بعد جس میں مولوی بشیر الدین ایڈیٹر مجم الاخبار و منیجر مدرسہ نے نمایاں حصہ لیا تھا۔ سرسید میموریل فنڈ کے متعلق نہایت چندہ کھولی گئی۔ اور ۷۰۰ روپے کے قریب چندہ جمع ہو گیا۔

انتخاب گورنمنٹ گزٹ پنجاب مطبوعہ ۱۱ نومبر ۱۸۹۸ء

[ہوم ڈیپارٹمنٹ]

رخصت:۔ مسٹر ڈیلیوبی۔ مارٹن انڈر سکرٹری گورنمنٹ پنجاب نے ۴ اکتوبر سے ۲۷ یوم کی۔ ارباب شیر بہادر خاں کمشنر اسسٹنٹ کمشنر گجرات نے ۲ نومبر سے ۲ ماہ ۴ یوم کی۔ [illegible] لکھمیداس اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ نے تاریخ سبکدوشی سے ۲ سال کی۔ ولیم مسٹر آر کلارک کمشنر ملٹری ڈویژن نے ۵ نومبر سے ۲۶ یوم کی رخصت حاصل کی۔

[کمیٹی ڈیپارٹمنٹ]

STEARNS INSTANT HEADACHE CURE

سٹیرنس صاحب کا تیار کردہ

فوری علاج درد سر

ہر قسم کے درد سر کے لئے جو عفونت خواہ صفرایا سکتہ سے پیدا ہوئی ہو۔ ایک فوری علاج ہے۔ اور درد اعصاب کی حالت میں فی الواقع افاقہ بخش ہے۔ سفر و حضر کے لئے ۱۲ خوراک کے بکس میں دنیا کے کل دوافروشوں سے دستیاب ہو سکتی ہیں۔ نقلی دغابازوں سے خبردار ہو۔ اصلی پر فریڈرک سٹیرنس کمپنی کے دستخط سرخ سیاہی [illegible] لیبل پر لکھے ہیں۔ اور خوراک دوائی کا کوئی ذائقہ نہیں۔ لہذا اسکے استعمال میں کوئی تکلیف نہیں ہے۔

اگر آپ نے "انتخاب لاجواب نہیں خریدا۔ تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ابتک اس کا نمونہ نہیں دیکھا۔

دورہ یا کونین اُن کی شکایات کو رفع کر سکتا ہے۔ ایسی اخبارات میں ایک سے زیادہ مرتبہ شور مچایا گیا لیکن کافی توجہ نہ ہوئی۔ اب اخبار پائونیر نے جو اس قصے کو چھیڑا ہے (اور اس کی وجہ سے گورنمنٹ کے متوجہ ہونے کی بھی امید ہے) تو وہ صرف ضلع چمپارن تک اسے محدود نہ رکھے اور تمام ہندوستان کے باشندوں کو اس آفت سے نجات دلوانے کی کوشش کرے۔

ڈاکخانہ کی ایک اور رعائت

ہندوستان کے ہر مقام ڈاکخانہ میں چلک کے لئے جتنی رعایات اب تک منظور ہوئی ہیں وہ سب قابل مشکوی ہیں۔ دلائتی اندرون ملک کی چھٹیوں کے محصول میں تخفیف ہونے کی خبر چھپ چکی ہے۔ اس مشتہر کیا گیا ہے کہ پارسل کی رجسٹری کا محصول بھی گھٹایا جائے۔ اور معمولی خطوط وغیرہ کی طرح ہر ایک پارسل کو رجسٹری کرانے کی فیس دو آنے لئے جایا کریں۔ گو یا رجسٹری کی فیس دو آنے مقرر ہو گی۔ خواہ خط رجسٹری کرایا جائے خواہ پیکٹ اور پارسل اس سے گو ابتدا میں ڈاکخانے کو کسی قدر نقصان ہوگا۔ لیکن بعد میں جب لوگ تخفیف محصول کے باعث زیادہ اس طرف متوجہ ہوں گے تو آمدنی بڑھ جائیگی۔

جس کی نہ پھٹے بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی

ایک انگلو انڈین مصنف کو ان شدید اور تکالیف کا اعتبار ہی نہیں آتا جو ہندوستان کے مفلوک الحال باشندے آفات ارضی و سماوی سے آئے دن برداشت کرتے رہتے ہیں۔ چنانچہ گورنمنٹ آف انڈیا کی رپورٹ میں مارگزیدگی سے واقع ہونیوالی اموات کی تعداد دس ہزار سے زیادہ لکھی ہے اور اس کی رائے میں یہ زراعام خیال ہی خیال ہے کہ ہزاروں آدمی سانپ کے کاٹنے سے فوت ہوتے ہیں"۔ اسی پر بس نہیں بلکہ آگے چل کر وہ لکھتا ہے کہ "بہت سی اموات جو مارگزیدگی کے جانے میں درج رجسٹر اموات کیجاتی ہیں۔ دراصل ہندوستانی زہر خوران حضرات کے ہاتھوں وقوع میں آتی ہیں جن کا خبردار تحقیقات وتحریر وغیرہ کی دقت سے بچنے کے لئے مارگزیدہ کے باعث لکھوا دیتے ہیں"۔ واہ واہ کیسا دور کا مضمون ہے۔ خوب بھی اخبار مدراس ٹائمز اسے لکھتا ہے کہ سانپ کے کاٹنے کی قدر اُن کو جب ہو کہ ایڈیٹر صاحب اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ اپنے دفتر کے پرتکلف وشاندار کمرے سے نکل کر میں کو سی ٹھہرے باہر جنگل میں جائیں اور پھر وہاں اپنی پتلون گھٹنوں تک چڑھا لیں۔ صرف ایک لنگوٹی پہنے رہیں اور ننگی قلم کے بدلے داہنی ہاتھ میں لے کر اور گھٹنوں گھٹنوں گھاس میں جا کر اسے کاٹنا شروع کریں۔ پھر مارگزیدگی کی حقیقت کھلا جائے۔ ہندوستان میں کروڑوں آدمیوں کو عمر بھر جنگلوں۔ میدانوں میں کام کرنا پڑتا ہے۔ پھر اگر بیس ہزار سالانہ سانپ کے کاٹنے سے مر جاتے ہوں تو کونسے تعجب کی بات ہے۔ لیکن سول اینڈ ملٹری گزٹ اسے کیونکر سمجھے "جس کی زیچٹی بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی"۔

سرسری نظر

سرنگ گی ہولناک آتشزدگی (جس میں بقول پائونیر قریباً دو کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے) کے بعد کراچی میں بھی ایک ہی وقت چار مقامات پر آگ لگ جانا اور اس میں دو آدمیوں کا ہلاک ہونا تاسف انگیز ہے۔ مگر ساتھ ہی اس کے امید ہے کہ وبا کا خدشہ وہاں سے رفع ہو جائیگا۔ کیونکہ آگ وبا کا اثر بالکل زائل کر دیتی ہے۔ جیسا کہ لنڈن کی ۱۶۶۶ء والی خوفناک تباہی کے بعد وہاں وبائے طاعون کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا تھا۔ ع خدا شر سے برانگیزد کہ خیر ما دراں باشد۔

یہ دریافت ہونا باعث مسرت ہے کہ دہلی کے روزانہ اخبار میں مولانا محمد علی صاحب عرشی رامپوری ایڈیٹر مقرر ہو کر آئے ہیں۔ گو ایک دہلوی اخبار میں باہر سے آدمی لگایا جانا صاحبان اخبار نویس باشندگان دہلی کے لئے موجب ننگ کہا جائیگا۔ مگر امید ہے کہ مولانا صاحب کا قیام دہلی میں وسعت پذیر ہوگا۔ اور اُن کے ہاتھوں میں رہ کر اخبار بھی اچھی ترقی کریگا۔

اخبار ریویو سے معلوم ہوا کہ "ایک بنگالی کائستھ صاحب نے ذرگی پوجا کے زمانے میں پرائے طریقے کی فیاضی پر ڈیڑھ لاکھ روپیہ صرف کیا۔ بابو صاحب نے ہر ایک شخص کو۔ جو ان کے مکان پر گیا پوجا کے زمانہ بھر کھانے کو دیا۔ اور بعد پوجا کے ایک دھوتی اور کچھ نقد نذر کیا۔ اسی طرح سے ہر ایک برہمن کو جو انکو دولتخانے پر افیر بلا دیتے گیا۔ پر جا کر لانے کے بعد تین روپے نقد اور ایک دھوتی نذر کی اور ایک برتن دیا۔ غربا کو بھی کھانا کھلایا"۔

سکہ قلب بنانے والوں کی گرفتاریاں ملک کے ہر حصے میں برابر ہو رہی ہیں۔ چنانچہ حال میں کلکتہ کی خفیہ پولیس نے ایک شخص باشندہ مقام مینا کو مع آلات گرفتار کیا ہے۔ جب اتنے لوگ پکڑے جا چکے ہیں تو ممکن ہے کہ ان سے بھی زیادہ ابھی تک نہ پکڑے گئے ہوں اور اپنا کام بالاطمینان انجام دے رہے ہوں۔ اس لئے لوگوں کو اس خرابی کی جڑ کو مٹا دینا چاہئے۔ جو یہ ہے کہ چاندی سستی ہوگئی ہے اور لوگ کھری چاندی کا روپیہ صرف کرانے کی لاگت میں تیار کر سکتے ہیں۔ جب تک چاندی کی یہ ارزانی رہیگی مشکل ہے کہ یہ لوگ ایسے پر منفعت کام سے باز آئیں۔

دہلی میں اہل اسلام کے سرمایہ سے دو کلیں کھلی ہیں۔ ایک میں صابون و تیل بنایا جائیگا۔ اور دوسری میں کنبدلہ۔ تارکشی وغیرہ کا کام ہوگا۔ اول الذکر نے کام شروع کر دیا ہے اور دوسری کے مکان کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ دہلی میں کاغذ۔ شیشے۔ چوب آہا پیسنے۔ بسکٹ بنانے۔ دوائی صاف کرنے وغیرہ وغیرہ کے کاموں کی بہت سی کلیں ہیں۔ اور مذکورہ بالا دو کلوں کے علاوہ سیگرٹ بنانے اور کپڑے دھونے کی کلیں بھی جاری ہونیوالی ہیں۔

اچھا ہے کہ پنجاب گورنمنٹ کوپن کی پیسہ پیسہ والی پڑیاں ڈاکخانے کے ذریعے فروخت کئے جانے کا طریقہ جاری رکھنے پر آمادہ ہے چونکہ دہلی میں اس تجربے کو کامیابی نہیں ہوئی تھی اس لئے اندیشہ تھا کہ شاید یہ فروخت کا طریقہ موقوف کر دیا جائے

نایاب کتابیں

نواب کرانی نیشنل تھیٹر کمپنی جو ان دنوں میں نوشیکھلو۔ قیمت ۱۰ر
نظیر روزگار رشید دہلی کا جواب کتاب۔ ہل اپرٹ بہادر " ۱۰ر
تحفہ حیدر آگرہ فاضل اور دلی ہونا چاہئے تو ہر اس کتاب کو خرید لو ۱۰ر
عجب قافیہ ستان کہ ایسا نظم میں بقدر کشیدہ نراز کا نوٹ تصویر ۱ر
ستارہ تحقیق ایسی ہر اطبائوں کے نہایت مفید۔ قیمت ۱ر
طلسم جوان بڑا پکی شادی کا عمدہ نتیجہ نظم میں " ۱ر
من موہنی حسن و عشق کا نہایت پاکیزہ سلام " ۱ر
سدرس اخلاق قیمت ۲ر " قصہ بہرام بھروار " ۲ر
لیلۃ القدر " ۲ر " دیوان شاکر نعت میں " ۲ر
فن تماشینی۔ برادی تحش فرقہ ضوالگان کی خوب قلعی کھولی ہے۔ قیمت ۵ر
مسعود جنگی سوانح عمری حضرت مہدی موعود و فرقہ مہدوی کے لئے خاصکر نہایت لاجواب کتاب ہے۔ قیمت ۲ر
نجوم کی کتاب قیمت ایک روپیہ
اوداز سیدرسی نہایت مقبول قیمت ملے ۱۰ر " داداداد بسم گرا تکلیف نہیں دیتی ۱۰ر " رحم خارش خشک قیمت فی روپیہ ۱۰ر " تصویر داسا خوبصورت قیمت معاصی انگوٹھی قیمت عمر ۱۰ر

منیجر اخبار کرنسیل مراد آباد

تمدن عجیب

یہ ایک بے نظیر فرانسیسی تصنیف ہے جس کو شمس العلماء مولوی سید علی صاحب بلگرامی معتمد تعلیمات عالیہ ریاست فرمانروائے نظام حیدرآباد دکن نے اہل زبان سے ترجمہ کر کے خیر مقدم اہتمام سے چھپوایا ہے۔ کتاب بڑی تقطیع کے قریباً ۴۰۰ صفحے کی ہے اور اس میں تمدن اسلام کے متعلق (۲۴) تصاویر اعلیٰ درجے کی ہیں۔ جو امریکہ میں تیار کرائی گئی ہیں۔ اور ان کے علاوہ تین نقشے بھی ہیں۔ جلد بھی اعلیٰ قسم کی امریکہ میں بنی ہے۔ قیمت کتاب مع محصول ڈاک و رجسٹری پیکنگ پیسہ پیسہ کم از کم ۵ روپیہ (اکاون روپے آٹھ آنے) ہے۔ جو کتاب کی قیمت کے مقابل میں کچھ بھی نہیں۔ اس کتاب کا ایک نمونہ بھی چھاپا گیا ہے جس میں تہنیتہ کتاب۔ فہرست مضامین و فہرست تصاویر دیباچہ مترجم اور مقدمہ مصنف اور ایک تصویر شامل ہے۔ اور اس سے پورا اندازہ مذکورہ بالا کتاب کا ہو سکتا ہے۔ نمونے کی قیمت بمحصول ڈاک ۴ آنے ہے (جو چار آنے کے ٹکٹ بھیجے گا وہ بھی بھیج دیا جائیگا) جن صاحبوں کو کتاب مطلوب ہو۔ خواہ اصل کتاب یا نمونے کو مترجم سے طلب فرمائیں۔

اگر آپ نے اب تک انتخاب لاجواب نہیں خریدا تو معلوم ہوتا ہے آپ نے اب تک اس کا نمونہ نہیں دیکھا

جسنے بہت سے عیسائیوں کے دلوں کو خدا کے شکر سے بھر دیا ہے اور وہ خدا کے اس فضل و کرم پر دل ممنون ہیں لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا خدا اس قسم کی خونریزیوں میں کسی قسم کی دلچسپی لیتا ہے نہیں۔ مسیح کی ذات اس سے مبرا و منزہ ہے وہ ان کشت و خون کے معرکوں سے خود بھی لگاؤ نہیں رکھتا۔ اور ان امور کو متخاصمین ہی کی ذمہ داری پر چھوڑ دیتا ہے۔ کیا خدا اپنے عیسائی بچوں کو مسلمانوں کے قتل کرنے کی اجازت دیسکتا ہے۔ حالانکہ وہ بھی اسی کے بچے ہیں۔ اگر خدا کو اس قسم کی خونریزیوں میں کسی قسم کی دلچسپی ہوتی تو وہ کبھی مسیح کو اس مشن پر نہ بھیجتا۔ بقول عیسائیوں کے خود متشکل بشکل انسان ہو کر یقین نہ کرتا کہ خدا کی عبادت کریں۔ اور تمام بنی نوع انسان باہمی اخوت برادرانہ تعلقات رکھیں وہ نیکوکاری عفو۔ رحم۔ فیاضی۔ ایثار نفس وغیرہ صفات کی ہدایت بھی نہ کرتا۔ اگر خدا کو خونریز ہنگامے پسند ہوتے۔ تو وہ بجائے امن پسند مسیح کے ایک جنگی مسیح نازل کرتا۔ جو اسلحہ و توپ بندوق ہمراہ لیکر آتا۔

ایک سول سروس

ولایت جا کر سول سروس کا امتحان دینا پاس شدہ دیسی کی بدقسمتی

اور باوجود پاس ہو جانے کے عہدے سے محروم رہنا واقعی ایک نہایت قابل تاسف بدقسمتی ہے۔ اور ان دنوں ایک بیچارہ دیسی اس بدقسمتی کا شکار ہو لیا ہے اس غریب کی صحت ولایت جا کر خراب ہو گئی اور ہر چند سوٹو گاپس ٹوئیل جیسے نامور ڈاکٹروں کا علاج کیا گیا لیکن طبیعت درباصلاح نہ آئی۔ جب امتحان قریب آگیا تو ڈاکٹر صاحب نے سول سروس کمشنروں کو اپنے مریض کی کیفیت سے مطلع کیا اور وہاں سے امتحان میں شریک ہونے کی اجازت مل گئی۔ مگر تقدیر کی خوبی دیکھئے کہ جب امتحان میں پاس ہو گیا تو میڈیکل بورڈ نے اس کو طبی سرٹیفکیٹ دینے سے انکار کر دیا۔ اور کمشنروں نے حکم صادر فرمایا کہ آئندہ سال اس کو پھر امتحان دینا چاہیئے۔ بقول ایک ہمعصر کے اس فیصلہ کی منطق سمجھ میں نہیں آتی۔ اگر یہ توقع ہے کہ وہ سال بھر میں اپنی تندرست ہو جائیگا تو دوسری مرتبہ امتحان کی تکلیف بیجا ضرور تھی۔ مناسب طرز عمل یہ تھا کہ ہر امیدوار امتحان سول سروس میں کامیاب ہونے کے بعد جو ایک سال تک یونیورسٹی تعلیم پاتا ہے اس کی اسے بھی اجازت دے دیجاتی۔ اور اختتام سال پر پھر اس کا ڈاکٹری معائنہ کیا جاتا اگر اس کی صحت درست ہوتی تو عہدہ دیا جاتا ورنہ اخراجات تعلیم یونیورسٹی اس سے وصول کر لئے جاتے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ کسی شخص کو صرف بیماری پر جو اس کے اپنے اختیار میں نہیں ہے پھر وہ امتحان پاس کرنے کی تکلیف دیجائے جس میں وہ ایک دفعہ کامیاب ہو چکا ہے۔ بیچارے انگریز سول سرونٹ ہندوستان میں ایسے موجود ہیں جو ولایت جانے کر صرف دو تین سال اچھے رہے۔ اگر کاش مقننین اس کی محنت۔ اخراجات تعلیم اور آئندہ امیدوں پر خیال کرتے اور اس نقصان کا اندازہ لگاتے جو اس کو ولایت میں ایک سال زیادہ رہنے سے پہنچیگا۔ پھر یہ بھی کوئی امر ضروری نہیں کہ وہ آئندہ امتحان میں پاس بھی ہو جائے۔ اس بیچارے کی بدنصیبی پر سب کو افسوس ہوگا۔ واقعی ؎

قسمت پہ اس مسافر بیکس کی روئیے
جو تھک کے گر پڑا ہو بیٹھ کے منزل کے سامنے

فرانس مقام

آخر کار سرکاری طور پر اس امر کی تصدیق ہو گئی کہ فرانس فشودا خالی کر دیگا

فشودا خالی کر دینگا ہے۔ لارڈ سالسبری نے سردار گورنر پاشا کی دعوت کے جلسے میں تخلیہ فشودا کی خبر پر اظہار مسرت کرتے ہوئے فرمایا کہ اگرچہ دقتیں بالکل رفع نہیں ہو گئیں تو بھی نوری نظر سے کوئی وجہ باقی نہیں رہی ہے۔ ابھی ایک یہ بھی کھٹکا کہ فرانس نے کس شرائط پر فشودا خالی کر دینا منظور کیا ہے۔ اور وہ شرائط کہاں تک برٹش گورنمنٹ کے منافی ہونگی۔ تخلیہ فشودا سے گو اس وقت جنگ ٹل گئی لیکن جیسا کہ صاحب وزیر اعظم و وزیر خارجہ انگلستان نے فرمایا ہے ابھی صلح طلبیتوں کو اطمینان کامل نصیب نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ صرف فشودا ہی ایک ایسی جگہ نہیں ہے جہاں سے انگلستان فرانس کو ہٹانیکا خواہشمند ہے۔ یہ البتہ مقدم تھا اور اب جبکہ یہ انگلستان کے حق میں تصفیہ پا گیا ہے تو وفاداری سر انجام خالی کرانے میں کوئی تاخیر روا نہ رکھی جائیگی۔ بحر الغزال کو فشودا سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ وہ قدیم مصری سرحد میں واقع اور آبشار نیل کا ایک جزو ہے۔ ظاہر ہے کہ فرانسیسی اس کے چھوڑنے میں بھی بہت کچھ لفظ و حجت کر چکے اور انگلستان کے فارین آفس کی طرف سے ذرا بھی مسامحت برتی گئی تو پھر فرنسیسیوں کے قدم وہاں سے اکھڑنے دشوار ہیں۔ لیکن امید نہیں کہ لارڈ سالسبری قوم کو اس لانے اور فریق مخالف بھی اپنا موئد بنانے کے بعد۔ وہ پالیسی پہنچے جس سے مین و مغربی افریقہ

پھر وقت ملیگا

ڈوئس گوڈس ہنڈریڈ ٹیلر ٹرائل سوٹ جنٹلمین کمفارٹ ایبل سوٹ دس چیزوں کا سوٹ جلد منگائیے

بنیان پوری آستین کا گرم (۱) شالدار اڑگرم (۱) موزہ گرم جوڑا (۱) واسکٹ خوبصورت جوڑا (۱) گارٹر موزہ باندھنے کا جوڑا (۱) گلوبند اونی غینی ۱۰۰ انچ لمبا (۱) نفلی فلٹ کیپ پیسنی ٹوپی (۱) عرقی انگوٹھی دفع جریان (۱) بٹن ٹیشو سٹ (۱) رومال ریشمی (۱)

مندرجہ بالا دس چیزوں کا سوٹ جسکی تفصیل درج ذیل ہے یہ چیزیں آپکو موسم سرما میں بہت آرام دینگی ہمنے آپکی تکلیف رفع کرنے کیلئے یہ سوٹ تیار کرایا ہے جسکا یہی کام ہے کہ امیر غریب ہر ایک شخص اس سوٹ کو خرید کر موسم سرما میں آرام حاصل کر سکیں اس سوٹ میں سب چیزیں بجا آوری عمدہ اور بنائی موفیانہ وضع کی نئی ساختہ نئی چالان کی لی ہوئی ہیں جس وقت یہ سوٹ آپکی خدمت میں پہنچیگا اوسوقت واقعی آپکو معلوم ہوگا کہ کس طرح اس قدر کم قیمت کا یہ سوٹ ہم فروخت کرتے ہیں۔ اور شہروں کے فوٹو کنار آپ خود دیکھ لینگے ہمنے چار روپیہ کو یہ سوٹ نہیں خرید سکتے پہلے آپ ایک سوٹ منگا کر ملاحظہ فرمائیے اوسکے بعد اگر دوسرا سوٹ آپکو ہمیں منگوانا پڑیگا تو ہمارا زور جلدی آرڈر بھیجنے پر ہوگا ہم نے سال کا اسٹاک ختم ہو جانے کی طرح بھی ہم یہ دس چیز کا سوٹ جلد منگوانے کیلئے آپکا خادم مراد علی آپٹی شین ایجنٹ کوٹ محلہ گنیڈا تالاب نمبر ۲۶ انوا کھوا ہاؤ ہاؤ ہاؤ

یورپین کا خلم

اخبار پاکیٹیر میں ایک طویل مراسلہ شائع ہوئی ہے۔ جس میں ضلع جھانسی کی پولیس کو لوگوں کے چھکڑے گاڑیاں جبراً بیگار میں پکڑنے پر مورد الزام ٹھہرایا گیا ہے۔ اخبار پاکیٹیر نے بھی اس معاملے پر پولیس کی مذمت کرکے ایک طویل نوٹ لکھا ہے اور گورنمنٹ سے اپیل کی ہے کہ اس معاملے پر خاص توجہ دے۔ چونکہ جن لوگوں کے چھکڑے بیل وغیرہ پولیس نے پکڑے تھے۔ ضلع جھانسی کے باشندگان جانتے تھے کہ یہ چیزیں واپس نہ ملیں گی اس لئے ان کا کسی قدر نقصان بھی ہوا ہے۔ اس لئے معاملہ پاکیٹیر تک پہنچا۔ اگر یہ چیزیں کاغذ پر نہ ہوتا تو کون کہہ سکتا ہے کہ اس کی کسی کو کانوں کان خبر بھی ہونے پاتی۔ اخبار پاکیٹیر ایک ضلع جھانسی کی پولیس کی شکایت ہے۔ ہم اسے یقین دلانا چاہتا ہیں کہ ہندوستان کے ہر حصے میں ہم ذیش بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس کی گاڑیاں۔ چھکڑے بیل خچر بلکہ بعض حالتوں میں نوکر تک بغیر بیگار پکڑ لیتی ہے۔ اور اپنا کام نکلنے کے بعد انہیں یا تو نام نزدوری دے کر چھوڑ دیتی ہے۔ لوگوں کا اس طرح بہت کچھ نقصان ہو جاتا ہے لیکن وہ بیچارے بیوقوف ہیں مارے ڈر کے وہ یورپین کا شکایت نہیں کرتے بلکہ غریب دیسی زمیندار ہیں جن کو وہ کبھی پاکیٹیر میں شکایت چھپوانے کا خیال آ ہی نہیں سکتا ہے

کے معاملات میں ان کی شہرت کے ساتھ اچھا انصاف نہیں کیا۔ بہر حال آئندہ معاملے کی صورت کچھ ہی ہو لیکن فی الحال یہ امر موجب مسرت ہے کہ جنگ جو فریب بامکان پہنچ چکی تھی۔ ٹل گئی۔ ہاں ہم غنیمت ست ۔

روس و فرانس کی دوستی

اخبار پاکیٹیر کا خاص نامہ نگار لنڈن تار دیتا ہے کہ معتبر حلقوں میں روس و فرانس کی دوستی سے متعلق بڑی افواہیں مشہور ہو رہی ہیں اور وہ روز بروز تقویت آتا معلوم ہوتا ہے جبکہ فرانس اپنی دقت پریشان اور آسمید میں مایوس ہو۔ حالانکہ اگرچہ فوری وجہ اختلاف یہ پیش آئی ہے کہ چین میں فرانس نے اپنے تجارتی مفاد کو روسی دوستی کے خیال پر ترجیح دی۔ اور ترکی علاقے میں عیسائیوں کی حفاظت بھی اپنے ذمے لی لیکن منظر غائر دیکھا جائے تو ان وجوہ سلطنتوں کا اتحاد ظاہر اور کاشی ہونے کے سوا اصلی اور واقعی ہونا کبھی ممکن ہی نہیں تھا۔ کیونکہ فرانس طرز حکومت طریق معاشرت۔ حالات اور رسم و رواج میں روس سے کسی طرح نہیں مل سکتا۔ اور ان سب پر طرہ یہ ہے کہ دونوں سلطنتوں کے مقاصد بھی یکساں اور ایک ہی بنیاد پر قائم نہیں ہو سکتے۔ اس اتحاد سے روس کو البتہ فائدہ ہے جو فرانس کی حمایت سے اپنی باہری قوت کی کمی پوری کر سکتا ہے۔ اور دوسری سلطنتوں پر دباؤ ڈال سکتا ہے۔ اگر اخبار پاکیٹیر کے ہمنوا نگار کا بیان صحیح ہو تو انگلستان کو وادی نیل کے معاملے میں فرانس سے سودا کرنے کا بہت اچھا موقع ملیگا۔

علاوہ کورٹ آف وارڈس میں بھی ایک میدان طیگا جہاں وہ اپنی تقدیر آزمائی کر سکیں۔ ان دنوں کورٹ آف وارڈس کے جو منیجر مقرر کئے جاتے ہیں وہ عموماً زراعت میں خاص قابلیت رکھنے والے نہیں ہوتے۔ سوائے بڑی بڑی جاگیروں کے جہاں سرکاری عہدہ دار بھیجے جاتے ہیں۔ ان سرکاری عہدہ داروں تک بھی بہت کم ایسے ہونگے جو زراعت کی ماہیت سے پورے واقف کہے جا سکیں۔ زرعی کالج کے تعلیم یافتہ لوگ اگر ایسی جاگیروں کے منیجر مقرر کئے جا سکتے تو نہ صرف ان کو فائدہ پہنچتا بلکہ ان لوگوں کو بھی اپنی علمی تحقیقات کا اچھا موقعہ ملتا۔ چھوٹے چھوٹے تجربے کئے جا سکتے جن سے مفید نتائج نکلتے۔ ممالک مغربی و شمالی میں اب سے ۲۴ سال پیشتر ۱۸۷۴ء میں سر جان سٹریچی صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر نے اس تجویز کی عمدگی کو سوچ لیا تھا۔ اور اس وقت وہاں محکمہ زراعت و فلاحت کا نیا سادہ منیجران کورٹ آف وارڈس کے ماتحت مسلسل خط و کتابت جاری رہتی ہے۔ محکمہ ان کو عبدالات کشاورزی و تراکیب تجربہ زمین وغیرہ تحقیقات کی اطلاع دیتا ہے اور وہ اپنے تجربات سے محکمہ مذکورہ کو مطلع کرتے ہیں جو اس محکمہ کے رسالے میں چھپتے جاتے ہیں اور سب کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ پنجاب کے محکمہ زراعت کو شاید اعداد جمع اور شائع کرنے کے سوا عملی کاموں کی طرف متوجہ ہونے کا وقت نہیں ملتا۔ جس کے باعث اکثر فوائد ملتوی رہ جاتے ہیں۔ مقامی ایگلو انڈین ہمعصر نے محکمہ زراعت پنجاب کو یہ وقت یاد دلایا ہے کہ اس سے گورنمنٹ کے ریزولیوشن مجریہ ۱۸۹۸ء میں جیسی کہ چاہئے تعمیل نہیں کی۔ اس ریزولیوشن کا مطلب یہ ہے کہ محکمہ زراعت "زرعی امور میں مزارعین کو تعلیم دینے کے لئے خاص طریقے برتیگا"۔

لارڈ کرزن بہادر اور ہندوستان

اگرچہ پنجاب کا حال سوائے خدائے علیم کے اور کسی کو نہیں جانتا۔ لیکن جہاں تک قرین موجودہ سے پتہ دائسرائے ہندوستان کی پالیسی معلوم ہو سکتی ہے وہ بھی خواہان مملکت کے لئے اطمینان بخش نظر آتی ہے۔ جناب لارڈ کرزن بہادر بالقابہ کو معاملات ہند پر اظہار رائے کرنے کا بہت کم موقع ملا ہے اس لئے سوائے اُن کی سرحدی پالیسی کے (جو زائد مملکت کے لئے مناسب نہیں) یہ دریافت نہیں ہو سکا کہ نظم و نسق مملکت میں اُن کا طریق عمل کیا ہوگا اور کہاں تک وہ اپنے پیشرو سابق کی حکمت عملی سے اختلاف کر سکینگے۔ ہاں ان دنوں جو وعظ اُن کو دیجا رہی ہیں اور اُن میں جو تقریریں وہ فرما رہے ہیں اُن سے بھی پایا جاتا ہے کہ جس طرح لارڈ الجن بالقابہ کے زمانہ حکومت میں اُن کے ایک لبرل وائسرائے ہونے پر بھی دیسیوں کی امید سے کافی انصاف نہیں ہوا اُسی طرح لارڈ کرزن بہادر کی میعاد ملازمت میں (گو وہ کنسرویٹو ہیں) باشندگان ہند کو توقع سے زیادہ فائدہ پہنچیگا۔ پہلے لارڈ ممدوح دعوت ایٹ ہوم کے موقعے پر یہ کہہ کر ہندوستانیوں کا دل خوش کر چکے ہیں۔ کہ "ہندوستان کو انصاف کے بل پر قبضہ میں رکھا جائیگا"۔ اور حال میں اُنہوں نے فرمایا ہے کہ "وہ ہندوستان کی وفاداری کو قبول کرنے پر مفتخر اور شاد ہیں کیونکہ وہ امپیریل سسٹم کا مرکز ثقل ہے"۔ نیز دیسی سپاہ کی شجاعت و وفاداری کی تعریف کرتے ہوئے لارڈ ممدوح نے اظہار کیا ہے کہ "ہم ہندوستان پر اُسی ملک کے باشندوں کی امداد سے قابض ہیں"۔ خدا کرے یہ خیالات فتان حکومت ہند ہاتھ میں لینے کے بعد عملی صورت میں بھی آئیں!

حکیم عبدالمجید خاں صاحب کو خطاب کی جاگیر ملنی چاہیئے

روزانہ اخبار دہلی نے تحریک کی ہے کہ ہندوستان کے مایۂ افتخار طبیب جناب حکیم عبدالمجید خاں صاحب دہلوی بانی و لائف سکرٹری مدرسہ طبیہ دہلی کی جس طرح گورنمنٹ نے اُن کا جدی خطاب حاذق الملک عطا فرمانے سے عزت افزائی فرمائی ہے اسی طرح وہ اُن کی جاگیر بھی آگزا کر دے جو اس خطاب کے ساتھ دہلی کے دربار شاہی سے عطا ہوئی تھی۔ بادشاہی زمانے میں دستور تھا کہ کسی شخص کو اگر خدمات حسنہ کے صلہ یا لیاقت کی قدردانی میں کوئی خطاب عطا کیا جاتا تھا تو اس کے ساتھ معقول گزارہ بھی جاگیر کی صورت میں دیا جاتا تھا تاکہ وہ خطاب شہنشاہی کی عزت برقرار رکھ سکے۔ یہی وجہ تھی کہ لوگ ان خطابات کی آرزو میں کمال تندہی و جانفشانی کرتے تھے۔ اور عامہ خلائق میں بھی خطاب یافتہ کو بنظر اعزاز دیکھا جاتا تھا۔ اب چونکہ گورنمنٹ عالیہ نے سلان امور کا لحاظ رکھنا ترک کر دیا ہے۔ اس لئے نہ تو خطاب پانے والے جیسا کہ چاہیئے اپنی معزز پوزیشن قائم رکھ سکتے ہیں اور نہ لوگ اُنہیں ویسا وہ اعتزام کا مستحق سمجھتے ہیں۔ قاعدہ ہے کہ جب کسی چیز کی کثرت ہو جاتی ہے پھر اُس کی اصلی قدردانی تو قیر باقی نہیں رہتی۔ گو جی سی۔ ایس ٹائی دی جی۔ سی۔ آئی۔ ای نہایت معزز خطاب ہیں۔ لیکن ان میں سے کسی کو ملک نے اس طرح ریسیو نہیں کیا۔ جس طرح خطاب "حاذق الملک" کو کیا تھا۔ کیونکہ یہ خطاب اپنی حیثیت میں زود ہے اور اس سے پہلے پیشگاہ سرکار عالیہ سے کسی حکیم کو کوئی خطاب بھی نہیں ملا تھا۔ خطاب جناب حکیم صاحب کو ملا اور چونکہ گورنمنٹ کی مشکور ہوئی اس لئے کہ حکیم صاحب نہایت ہر دلعزیز ہیں۔ جس طرح انہیں یہ خطاب دیا گیا ہے اسی طرح اگر اس خطاب کی شاہی جاگیر بھی عطا فرمائی جائیگی تو ملک نہایت مسرور اور گورنمنٹ کا ممنون ہوگا۔ حکیم صاحب ممدوح چونکہ خود ماشاءاللہ ذی استطاعت و فالی حوصلہ ہیں اس لئے طب نہیں جو ایسی جاگیر لے کر مدرسہ طبیہ کو عطا فرمادیں جس سے ملک کو فائدہ پہنچیگا۔

طرابلس کی آئندہ حالت

آخر کار ان مدعیان انصاف دول یورپ نے جزیرہ طرابلس کو افواج سلطانی سے خالی کرا ہی لیا۔ تاریخ میں ایسی مثالیں بہت کم ملینگی کہ کسی کو اس کے قبضہ جائز سے صرف اس وجہ پر محروم کر دیا جائے کہ وہاں کے ایک فرقہ رعایا سرکش۔ نافرمان اور باغی ہو گیا ہے اور دوسرے فرقے کو چین سے نہیں بیٹھنے دیتا۔ کون کہہ سکتا ہے کہ کریٹ کے جوش کو دبانے میں سلطان المعظم کو اس وقت کیسی بڑی دقت اٹھانی پڑی ہوگی۔ تو طرابلس کی بدولت روم و یونان میں جنگ بھی ہوئی۔ سیکڑوں جانوں اور کروڑوں روپے کا بھی پانی پھرا مگر آخر کار وہی ہوا۔ جو وہاں کی بدطینت رعایا اول سے چاہتی تھی۔ اور کیوں نہ ہوتا جبکہ تمام یورپین سلطنتیں اُن کی ناجائز حمایت پر آمادہ تھیں۔ عیسائی باشندگان طرابلس نے گزشتہ سال میں اپنے مسلمان ہموطنوں کا خون بھی بہایا اور آزادی بھی حاصل کر لی۔ مگر وہاں کسی قدر فریب سلطانی نظر اظہار حکومت مقیم رہیگی۔ مگر ان طفل تسلیوں سے کیا ہوتا ہے تاریخیاں مظہر ہیں کہ روس بدستور سابق پرنس جارج ولیعہد یونان کو گورنری کے لئے نامزد کر رہا ہے اور اگر پرنس جارج واقعی نامزد ہو گیا تو یونان کی مراد دیرینہ بر آئی۔ ظاہر ہے کہ اُس کا تقرر ترکوں کو ناپسند نہیں۔ اور یہ اُن کے زخم کو اور دوبالا کر دیگا۔ اعوذ باللہ من غضب الحلیم۔

سیلون میں ایک قلی کا روانہ عدم ہونا

کہتے ہیں کہ مسٹر آر ڈبلیو۔ ہیرسن نے ایک تامل قلی کو گھونسا مارا تھا جس صدمہ سے وہ فوراً مر گیا۔ ڈاکٹر نے معائنہ لاش کے بعد یہی رائے دی جو ایسے واقعات میں بیسیوں دفعہ دیجا چکی ہے یعنی گھونسا کھا کر گرنے سے اُس کی تلی پھٹ گئی۔ کسی اخبار نے پارسال گزشتہ اچھی رائے دی تھی کہ دیسیوں کو کسی تلی پر وف کی فکر کرنی چاہیئے تاکہ وہ جان سے جانے اور اصحاب پوسٹ خواہ مخواہ مدنام کرنے سے محفوظ رہ سکیں۔ قلی متوفی رشتہ داروں کی درخواست پر مسٹر ڈرسما لیکو بغرض تحقیقات پر گئے ہیں۔ امید ہے کہ سیلون کے حکام اس مقدمہ کی اچھی طرح تحقیقات فرمائینگے اور حتی الامکان آئندہ اس طرح قلی جانے کے حوادث کے انسداد کی کوشش کرینگے۔

ایک منصف مزاج مجسٹریٹ

مسٹر سٹریسی سب رجسٹرار دلاپور قتل ان کے سپرد کئے گئے ہیں۔ استغاثہ کا بیان ہے کہ میسٹر مذکور نے غیظ و غضب میں اپنے خانساماں کے سر پر چھری ماری جس کے صدمہ سے وہ مر گیا۔ ایک نامہ نگار مدراس کا ہمعصر کو لکھتا ہے کہ جس مجسٹریٹ کی عدالت میں یہ مقدمہ ہے وہاں اس سے پہلے سب رجسٹرار مذکور سے دوستانہ ملتا تھا۔ مگر مقدمے کے دائر ہوتے ہی اُس نے ان تعلقات کو انصاف کو ترجیح دی اور اپنے سابق دوست سے معمولی ملاقات سے بھی بیش آنا پسند نہیں کیا۔ چنانچہ اس نے ملزم کو کٹہرے کے اندر یا باہر کرسی پر بیٹھنے تک کی اجازت نہیں دی۔ میں کچھ تعجب نہیں کہ مجسٹریٹ موصوف پر ایڈیٹ مارا ہو۔ سرکاری ذی الفضل اور انصاف کو ترجیح دینے کے لائق نہایت قدر و عزت کے مستحق ہیں۔

اُم درمان کی فتح پر ایک اخبار کی رائے

اُم درمان کی فتح و نصرت پر ایک اخبار نگار لکھتا ہے کہ تسخیر درمان

اگر آپ نے اب تک "انتخاب لاجواب" نہیں خریدا تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اب تک اُس کا نمونہ نہیں دیکھا

پیسہ اخبار
لاہور یوم شنبہ ۱۹ نومبر ۱۸۹۸ء

پنجاب میں زرعی تعلیم

ہز میجسٹی سلطان المعظم نے مذہبی عباس حلمی پاشا۔ اسکے برادر محمد علی پاشا حسن پاشا اور علی آبادی پاشا ہز ہائینس کے ایڈیکانگ کو جمکسہ دم ویونان کا تمغہ عطا کیا

ذخانہ اور سمرقند ایک ضعیف سے معاصرہ میں رکھے گئے ہیں۔ اندجان میں بغاوت کے باعث ۲۶۳ آدمی سائبریا کو جلاوطن کئے گئے اور صرف ۸ کو پھانسی ملی۔

باہر سے جو ۴۰ مسلمان قسطنطنیہ پہنچے ہیں ایشیا کوچک میں آباد ہونا چاہتے ہیں۔

پیرس میں چین اور امریکہ کی مصالحت کے متعلق جو گفتگو ہو رہی ہے اسکو کیوبا کے سوال پر اتفاق ہو گیا ہے۔ ہسپانیہ والوں نے قرضہ کیوبا کی بابت نرمی اختیار کر لی ہے۔

لاک کمیشن نے فرانسیسی سامل کے سوال کو ختم کر لیا ہے۔

عجیب و غریب



رسٹ واچ یعنی کلائی پر باندھنے کی گھڑی اس گھڑی کا خاص فائدہ یہ ہے کہ وقت پیش نظر رہتا ہے دوسرے گھڑی خواہ جیب میں ہو خواہ کلائی پر ہو کلائی پر گھڑی جیب میں کہ کھینچو۔ اسپرنگ کا بھی جھگڑا نہیں صرف سوئی گھمانے سے چابی دی جاتی ہے پرزے بھی بہت کم ہوتے ہیں ۲۰ گھنٹے کی چابی وقت کی نہایت صحیح۔ سفر اور شکار کی نہایت کارآمد اسکے ساتھ چمڑے کی پیٹی ہے۔ ۱۴ قسم کی گھڑی کی باندھنے کی پیٹی ہے ۱۲ قسم کی گھڑی ۱۲ چھوٹی گھڑی ۱۴ قسم کی بٹن ۱۲ شیشہ ۱۲ کھڑی ۱۲ سال تک ۱۲ گھنٹہ تک خالص چاندی کی ۱۲ بلکہ ۱۲ چینی ۱۲ طرح کی یہ گھڑی کہ خالص چاندی کی ہے۔ دو ڈاکٹر کمپنی نے خاص ڈاکٹر کی ہیں۔ ہر گھڑی کے ساتھ سرٹیفکیٹ ہے۔ ۱۲ سال کی ضمانت ہے۔ ۱۲ سال تک ۱۲ سال تک ۱۲ سال تک

مسٹر ایچ بینٹ نے گزشتہ کانووکیشن بنارس ہندو دھرم یونیورسٹی پر لکچر دیا۔ اس کا اگلا جلسہ مدراس میں ہوگا

امسال دو یورپین لڈی اسٹرینجی زبان کی تحصیل کے واسطے پیکن جاتے ہیں۔

قلعہ سنگر کے قریب بندوبان پر پہاڑی جنگ کی مشق کے واسطے ایک کیمپ قائم کیا جائیگا۔

سر چارلس منرو کمانڈر انچیف حال ۱۰ اکتوبر کو شملہ سے رخصت فرمائے ہوئے۔

لفٹیننٹ کرنل ہالڈین اسسٹنٹ کمشنری جنرل بنگال کمانڈ ماہ آئندہ میں سروس سے علیحدہ ہونگے۔

سالانہ کی سلامی واحد میں افواج امپیریل سروس شامل نہیں ہونگی۔

کمشن آسام کے ممبروں نے صاحب کمشنر کو شیلانگ میں دعوت دی۔

ریلوے سٹیشن ہوڑہ پر ایک مسلمان پر حملہ کیا گیا ہے جس نے ایک مسافر کو زہر سے ہلاک کر کے اس کا مال و اسباب اڑا لیا تھا۔

ایک برہمن تحصیلدار کو ضلع اننت پور میسور سے مسافروں کی آمد و رفت کے واسطے گیا تھا۔ لوگوں نے پتھروں سے ہلاک کر دیا۔

ہائی کورٹ مدراس نے جسٹس ایسٹ دکھنی کو ہارٹ عمری پر ۱۶ دن کو رکھ کے نقصان کی بابت ۱۰ ہزار روپے کی ڈگری دی۔

شہر اور چھاؤنی بنگلور میں طاعون کا بہت زور ہے۔

صاحب کمشنر سندھ نے مکس طاعون منظور کر لیا ہے۔

محاوات سرسالار ہنگ کے کمشنر نے رپورٹ کی ہے کہ ہونگ کونگ میں ۱۰ روز کے اندر ایک سو آدمی طاعون سے ہلاک ہوئے۔

۲ جنوری کو تجارتی چیمبر بنگال کے ممبر لارڈ البن کو دعوت دیں گے۔

لاٹ صاحب بنجور بنارس سے گیا کی جانب کو تشریف لے گئی ہیں۔

سنہ ۱۸۹۵ء و سنہ ۱۹۰۰ء میں کمسریٹ کی ضرورت پورا کرنے کے واسطے کیلنگ راج سیکنڈ اسسٹنٹ سرحد بھیجا ہیں کہ یہوں کا شت کرنے کا حکم ہوا ہے۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

موسم میں بہت خوشگواری پیدا ہو گئی ہے۔ اور بیکار میں اضافہ ہو رہا ہے۔

مسٹر ایس ہیلمان صاحب وہ ہوا نومبر کو شملہ سے روانہ ہوں گے۔

دہلی سے ایک صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ ایجنٹ مالوہ ریلوے کے ملازموں کو جو کہ میل لین میں کام کرتے تھے زہر دیا گیا ہے۔ سخت ہیضہ میں ہسپتال بھیجے گئے ہیں۔ پولیس مجرموں کی تلاش کر رہی ہے۔

کانگڑہ کے کانگڑوں کا یہ خیال صحیح نہیں کہ پالمپور ریلوے سے نقصان ہوگی۔ باغوں کے واسطے مکمل مستر ہوں گے

مقدار کابل بھیجنے کے واسطے پشاور میں پڑی ہے۔

بعض سرحدی فرقوں سے سرکاری شرائط کا نسبت بہت عجیب و غریب افواہیں آزادی ہیں۔

حکام ولایت نے برٹش سفارت کا کابل روانہ ضروری سمجھا ہے۔ اور ممکن ہے کہ لارڈ کرزن خود اسکے ساتھ جائیں

یکم نومبر کو لیجسلیٹو کونسل پنجاب کا اجلاس گورنمنٹ ہوس لاہور میں ہوا۔

منصفی سے گزشتہ امتحان مقابلہ میں ۳ ہندو۔ چھ مسلمان اور ایک عیسائی شامل ہوا۔

امسال صوبہ پنجاب کے تمام حصوں میں دسہرہ کے موقعے پر خوب اتفاق رہا۔

ہمصر ٹریبیون لکھتا ہے کہ صاحب ڈپٹی کمشنر جھنگ نے جوتہ پہننے کا سوال پھر تازہ کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ صاحب موصوف اپنے بنگلہ کے قریب کہیں جوتہ دیکھنا پسند نہیں کرتے

ڈاکٹر مہندر لعل ڈھنگرا کے بھائی ڈاکٹر نرنجن لعل ڈھنگرا نے کیمبرج یونیورسٹی کی ڈگری بی۔ اے سی کی اعلیٰ سند حاصل کی اور گزشتہ گست میں ایم ڈی کا تمغہ حاصل کیا تھا۔

مسٹر ڈبلیو۔ ایچ میکورمٹ جو اپنے بھائی مسٹر ایم۔ جے کورمٹ کے ساتھ انبالہ میں تھے دہلی کو تبدیل ہوئے

میونسپلٹی پشاور نے اندر شہر کو فراخ کرنے کے واسطے گورنمنٹ سے ۶۰ ہزار روپے قرضہ لینے کا انتظام کیا ہے۔

مسٹر جسٹس شاکلڈن پیلیو ریٹ پنجاب بوجہ علالت سروس سے علیحدہ ہوئے۔

سرینگر میں آنریبل ڈی سے مہاراجگنج کا نیا بازار اور کئی دوکانیں۔ تار گھر اور ڈاکخانہ آتشزدگی سے تباہ ہوئے۔ ۱۰ لاکھ سے زیادہ روپے کا نقصان ہوا ہے۔

حاجی جہیل پر جو ڈاکہ پڑا تھا اس میں مجرموں اور مقتولوں کا معمولی معاوضہ اور تمام مویشی اور ۸ سو روپے ہرمانہ طلب کیا گیا ہے۔

لالہ راجندر نشی اسسٹنٹ سرجن اور ڈاکٹر کریم ناتھ میڈیکل کالج لاہور کا امتحان پاس کر کے [illegible]

خان بہادر فدا حسین صاحب سی ایس آئی وزیر اعظم ریاست خیرپور سندھ رفیق افروز لاہور ہوئے۔ انجمن کالج میں فروکش ہیں۔

ہفتہ مختتمہ ۱۰ اکتوبر میں [illegible] ریلوے کی ۶۳۵۱۸۲ روپے تھی جو سال گزشتہ کی نسبت ایک لاکھ روپے کم تھی۔

پچھلے دنوں قریباً ایک سو صندلیوں اور دیگر اقوام کے بہاجنوں نے ہرمال وارد افغانستان پر ڈاکہ مارا۔ اور فتر ہیں کی ایک تعداد لے گئے۔

گورنمنٹ ہند نے ترسیع آبرسانی شملہ کے واسطے ۱۰ لاکھ روپیہ قرض دیا ہے۔

ہز آنر لفٹیننٹ گورنر نے ہز ایکسی لنسی مہاراجہ صاحب جند سر مور سے ملاقات بازدید فرمائی۔

مسز تھامپسن جو گارڈ اسٹریٹ فورڈ شائر کی زوجہ تھی

صداقت کے لئے لوگ لفظی گنجائش نہیں رہی

ادویات کی آزمائش ہی زندہ صداقت ہے

عرق ریحانی

مولدہ منی مقوی اعضائے رئیسہ۔ اس درجہ کا مصفی خون کہ پرانے آتشک کے آثار جڑ سے کھو دیتا ہے۔ کیپٹن سر حسن بی ایس صاحب ورنبذۃ الحکما حکیم غلام مصطفےٰ صاحب ایم او ایل دیگر سو سا ہندنے بعد تجربہ ثابت کر دیا ہے کہ

عرق ریحانی!

ماء اللحم سڈ بکر ہمنوح دل مصفی خون۔ مرہم التامیر

علاوہ منفرد جوہا فوائد کے جسم کو بڑھاتا ہے کارڈیک صحیح کرتا ہے خون کثرت سے پیدا کرتا ہے ضعف دماغ و جگر وغیرہ کو بجد طاقت بخشتا ہے۔ سیل دق عدالی کو دور کرتا ہے کثرت نزلہ و زکام کو رفع کرتا ہے۔ وافر غذا اور کمزور کو موٹا بناتا ہے۔ مطبوعہ نکو۔ ہائی محنت کرنے والوں کو موافق محنت کی بوتل ۱۲ عدد ۱۲ حکیم مولوی مہتاب الدین مالک شفاخانہ معالجہ حکمت۔ لاہور۔ سوچی دروازہ

متعلق ہوئے - اشفاق حسین ہاسپٹل اسسٹنٹ درجہ سوم نے رخصت سے واپس آکر ۱۰ اکتوبر کو سول سرجن جہلم کو اپنی حاضری کی رپورٹ کی تھی - اور عبداللہ خاں ہاسپٹل اسسٹنٹ درجہ سوم تبدیل شدہ کو سبکدوش کر کے شفاخانہ نکانکا چارج لیا ۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— ہز آنریبل گورنر بمبئی ۲ تاریخ کو منڈالی سے روانہ افروز رنگون ہوئے ۔

— مہاراجہ صاحب جودھپور اپنی پولو ٹیم کے ساتھ روانہ افروز کلکتہ ہو کر کلکتہ اور گلوسٹر رجمنٹ کے ساتھ میچ کرینگے ۔

— مسٹر سی - رچرڈسن ملازم میونسپلٹی بمبئی پر جس شخص نے کلہاڑی سے حملہ کیا تھا اس کو ۶ ماہ قید کی سزا ہوئی

— گورنمنٹ ہند نے سردار گوردیال سنگھ صاحب خان سابق ڈویژنل کمشنر جج کی نسبت بجرم رشوت ستانی باضابطہ جوڈیشل کارروائی کرنے کی اجازت دی ہے - اس اثنا میں سردار صاحب یورپ چلے گئے ہیں اور انکی تلاش ہو رہی ہے ۔

— ۸ تاریخ کو چھاؤنی بنگلور کے مسلمانوں نے طاعون کے ایک مریض کو پلیگ ہاسپٹل میں پہنچانے کی اس قدر مزاحمت کی کہ پولیس افسروں پر حملہ کر کے دو یورپین انسپکٹروں کو چھری سے مجروح کیا - ۴۰ ملزم ماخوذ ہیں ۔

— جب کیپٹن سپنسر متعلقہ ۲۷ ویں بلوچ نہر کے کنارے کھیلتے ہوئے پانی کی بوتل بھرنے لگے تو اُن کو مگرمچھ پانی میں کھینچکر لے گیا - ایک ملازم نے جھٹ اپنی پگڑی کا سرا اُن کی طرف پھینک کر اُن کو کنارے کی طرف کھینچ لیا مگر وہ اُن کے ہاتھ کی دو انگلیاں کاٹ کر لے گیا ۔

— پوری میں ریٹ پیئرز بندروں کی تباہی کے موجب ہیں لہذا اُنہوں نے ایک جلسے میں پیئرمین کی اس لئے مخالفت کی انہوں نے ان کا بندوق سے ہلاک کرانا بند کرایا تھا ۔

— راجہ جیپال سنگھ مجسٹریٹ فاضلی پور کسی بدظنی کے باعث نہیں بلکہ بوجہ کم علمی کے سروس سے علیحدہ ہونے کو مجبور کیے گئے تھے مگر انہوں نے اپنی قابلیت کا امتحان دینا منظور کیا ہے ۔

— فیصلہ کیا گیا ہے کہ ہر قیدی سپاہی ولایت بھیجے جایا کریں - اُن کو رہا ہونے پر ولایت ہی میں بھرتی کر لیں

— میونسپلٹی مدراس نے مسٹر رسٹی پوسٹماسٹر جنرل کے نام خلاف ورزی قواعد طاعون کے واسطے سمن جاری کرنے کی درخواست کی ہے ۔

— حضور کمانڈر انچیف نے وہ طریق بسطرح وبسط واضح کرنے کے لئے جو افواج کو مجمع خلاف ورزی قانون کو منتشر کرنے کے واسطے عمل میں لانا چاہیئے - ایکٹ ۱۸۹۷ء کا انتخاب شائع کیا ہے ۔

— گورنمنٹ ہند نے والنٹیر کو رنروں کو سرکاری عمارات عطا کرنے یا خارجاً دینے کی نسبت احکام صادر کئے ہیں ۔

— گورنمنٹ ہند نے لٹری پنشنروں کے میونسپل سروس میں لئے جانے کی مخالفت کی ہے - لہذا مسٹر اپ کو میونسپلٹی امرتسر کی سروس سے علیحدہ ہونا پڑیگا ۔

— بمبئی میں عرصے سے استحصال باالجبر کا جو مقدمہ دائر تھا اُس میں ملزم بسیا تحقیقات کے بعد بری ہوا ۔

— بارس اور بال پور کے امین ایک حسین اور باحیثیت عورت سے آپ ٹرین کے نیچے آکر راہی ملک بقا ہوئی ۔

— گورنمنٹ نظام نے اخبار گبگر کو سماچار کو ۶ ماہ کے واسطے بند کرنے کا حکم دیا ہے ۔

— اُمید ہے کہ ہز میجسٹی کو لارڈ کرزن وارد کلکتہ ہونگے ۔

— مسٹر ایچ - ای - ایم جیمس لیجسلیٹو کونسل سے مستعفی ہوئے

— مسٹر سٹیمن فنانشل کمشنر برہما حضور وائسرائے کی کونسل کے ممبر ہوئے ۔

— مسٹر ریواز ہوم ممبر گورنمنٹ ہند یکم نومبر کو سملہ سے روانہ ہو کر گوالیار - بھوپال - حیدرآباد - ترچناپلی وغیرہ مقامات کا دورہ کرینگے ۔

— گزشتہ امتحان سول سروس میں جس قدر بنگالی نوجوان کامیاب ہوئے ہیں - اُن میں اکثر کائستھ ہیں - جو اس قوم کی دماغی قوت کا اعلیٰ ثبوت ہے ۔

— شہر میسور کے نئے ریلوے سٹیشن اور دفاتر کی تعمیرات قریب الاختتام ہیں - اخیر ایک لاکھ ۸۰ ہزار روپیہ خرچ ہوا ۔

— مسٹر ہیوٹ ۵ نومبر کو بمبئی پہنچکر کمشنر طاعون کا چارج لیں گے ۔

— نواب میگر صاحب حیدرآباد و ممبئی پرنس خاقان مرزا اور مسٹر مرزا شجاعت علی جلوس دارد آگرہ ہوئے ۔

— مسٹر کامرن لاممبر اسپیریل لیجسلیٹو کونسل ۱۰ نومبر کو شملہ سے چل کر آگرہ - جیپور - اجمیر - بیکانیر - جودھپور - اودیپور چیتوڑ - اندور اور بھوپال کا دورہ کرینگے ۔

— ریاست کے ۶ دیہاتی مسٹر لسن قائمقام سپرنٹنڈنٹ پر حملہ کرنے اور استحصال باالجبر کرنے کے جرم میں ماخوذ ہیں - اُنپر فرد قرارداد جرم لگ گیا ہے ۔

— گورنمنٹ نے منظور کیا ہے کہ آئندہ پہاڑی باتریوں کے حمایت بجائے جمعدار اور سردار کے حوالدار اور نائک کہلائیں

— کراچی میں ایک بدمعاش ایک لیڈی کے جیب سے کچھ نکالتا ہوا گرفتار ہوا - جس کی باطلاش میں اُس کو بیس ضرب بید کی سزا ہوئی ۔

— گزشتہ سینچو کو گولری در کلکتہ کو آگ لگنے سے سلسلہ گودام کا مشرقی حصہ جل گیا جس سے فائر بریگیڈ کے آدمی بمشکل جانبر ہوئے ۔

— بوجہ طاعون حیدرآباد کی گھوڑ دوڑیں بند کی گئی ہیں

— میجر ہلٹن پور ایک جینی رجمنٹ بھرتی کرنے کے واسطے ہانگ کانگ جاتے ہیں ۔

— ہندوستانی رجمنٹوں کے مشرقی افریقہ سے واپس آنے کی نسبت ولایت سے جلد احکام جاری ہونگے ۔

موسم سرما کا نیا چالان آگیا ہے

بنیائن نہایت عمدہ بنیائن ہوزری ... ابھی ولایت سے آئی ہیں - اس قابل ہیں کہ آپ ہم سے منگا کر دیکھیں موسم سرما میں ان بنیانوں کے استعمال سے آپ کو بہت آرام ہوگا بنیائن پوری آستین بالکل اونی - رنگ خاکی بھورا فیروزہ اول ... روپیہ ایضاً اونی سوتی گسٹہ دو روپیہ - ایضاً روئیدار ... روپیہ آٹھ آنہ - درجہ دوم ایکروپیہ چار آنہ - ایضاً بچوں کیلئے

فینسی اونی گلوبند نہایت عمدہ ہیں ... موسم سرما کیلئے ... ضرور ہو تو آپ ان گلوبند کو ضرور منگائیں - ایکروپیہ ... نہایت نفیس قیمت درجہ اول ایکروپیہ آٹھ آنہ - درجہ دوم ایکروپیہ چار آنہ - ایضاً بچوں کیلئے لمبا درجہ اول ایکروپیہ چار آنہ - درجہ دوم ایکروپیہ - نوٹ - آسمانی اور ایک رنگی مثل خاکی بنفشی سیاہ - بادامی سبز سرخ ہوتے ہیں جو آپ منگائیں دام دونوں کے ایک ہی ہونگے ۔

بچوں کا اونی کشمیری کوٹ ... بچوں کے موسم سرما میں بہت آرام دہ ہے ملائم مثل ریشم کے ہے - ایک سے تین برس تک اس کو پہن سکتا ہے - قیمت فی ایک روپیہ آٹھ آنہ - درجہ دوم بچوں کے پہننے کا اونی کوٹ ... اچھا ہے - علاوہ خوبصورتی کے ایسا ہے جیسے ریشم - ایسا ایک برس کی عمر کے لڑکے سے چار برس تک کا پہن سکتا ہے - قیمت صرف ایکروپیہ آٹھ آنہ ۔

ولائتی کمبل ... ایک کمبل خریدنے کی ضرورت ہو تو ہمارے ... خوبصورت ریشم کے کلاہ ہے - ایک کمبل خریدنے کی ضرورت ہو تو ہمارے ... ہوگا - طول قریب ۳ گز - عرض قریب ۲ گز - قیمت بہت کم ...

قسام موزہ نہایت عمدہ ... موسم سرما میں ہر شخص کو ... منگا کر ... ہوسکتی ہیں ... اونی سوتی چھ پیسہ درجن ... درجہ سوم چار روپیہ درجن ... انشائی نہایت صوفیانہ خوبصورت ... درجہ دوم چھ پیسہ درجہ سوم چار روپیہ درجن ۔

فلٹ کیپ ... ہمارے ہوٹل میں ... فلٹ کیپ اس وقت منگائی گئی ہیں ... آپ کو پسند ہو تحریر فرمائیں ... قیمت صرف تین ...

ٹرکش تولیا ... قیمت فی درجن چھ روپیہ - نو روپیہ - بارہ روپیہ ...

نہاوتمامی دوشالے ... کشمیری دوشالہ کو ایکروپیہ کا خرید کر ... ایک جگہ رکھ دیجئے دونوں کیساں معلوم ہونگے - سمجھ دار ... دوشالوں سے کم نہیں ہے قیمت فی درجہ ۵ ... ۵ ...

اپنا خادم ... ابی بخش اینڈ کو ... الہ آباد ... ۱۲۷ ... ڈاکخانہ ... طبلہ ...

[illegible]

گورنمنٹ گزٹ پنجاب مطبوعہ ۲۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء

[تقرریاں و تبدیلیاں]

صاحبزادہ عبدالقیوم خاں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے چھٹی پر جانے کے عرصہ میں ڈپٹی کمشنر ہوں گے۔ مسٹر ہوم اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی کے ۱۰ اکتوبر کو سپرنٹنڈنٹ ڈیپارٹمنٹ ان ہلز۔ مسٹر آئی ایم ایف سٹیفنسن اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی کے ۱۱ اکتوبر کو سپرنٹنڈنٹ ڈیپارٹمنٹ ان ہلز۔ مسٹر ایف

دینے کی ڈاکخانہ نے عادت ڈالی ہوئی تھی۔ اب لوگوں کو انہیں خریدنا مشکل معلوم ہوگا۔ بقول ؎

بروئے خود در اطلاع بازنتوان بست
چو باز شد بدرستی فراز نتوان بست

مگر خیر یہ ایک خفیف سا معاملہ ہے۔ اور صرف کارخانداروں کو زحمت اد اکرنی پڑیگی۔ اسلئے اور بھی خفیف بات ہوگئی ہے۔

چھ ہزار روپیہ سالانہ سے زیادہ پنشنیں

۱۸۹۵ء میں صاحب سیکرٹری آف سٹیٹ ہند نے ہندوستان کے بعض مستحق یورپین افسروں کو پنشنیں دینے میں اعلے سے اعلے پنشن کی مقدار معینہ یعنی پانچ ہزار روپیہ سالانہ سے ایک ہزار روپیہ سالانہ تک پنشن دیدی تھیں۔ لیکن پچھلے دنوں میں گورنمنٹ ہند نے بعض افسروں کی خاص اور قابل تعریف خدمات کے حوالہ سے سفارش کی کہ انہیں چھ ہزار روپیہ سالانہ سے بھی زیادہ پنشن دیجاوے۔ اسپر صاحب وزیر ہند لارڈ جارج ہملٹن بہادر نے مقدار مقررہ سے زیادہ پنشنیں دینے سے انکار کردیا ہے۔ اور گورنمنٹ ہند کو سمجھایا ہے کہ جب تک خاص الخاص صورتوں میں کسی افسر نے ایسی خدمات نمایاں نکی ہوں جو اسکے فرائض منصبی کا جزو نہ نہیں اسوقت تک مقدار مقررہ سے زیادہ پنشن دینا مناسب ہے۔ افسوس ہے کہ لارڈ الگن بہادر باوجود ہندوستان کے خزانہ کی ایسی ناگفتہ بہ حالت کے اور

اشتہار

تمدن عرب

یہ ایک بے نظیر انگریزی تصنیف ہے جس کو شمس العلماء مولوی سید علی صاحب بلگرامی معتمد تعلیمات عالیہ دولتمدار دکن سرکار نظام حیدرآباد دکن نے اصل زبان سے ترجمہ کرکے خسرو انعام سے چھپوایا ہے۔ کتاب بڑی تقطیع کے (۲۰۶) صفحے کی ہے۔ اور اس میں تمدن اسلام کے متعلق (۱۴۲) تصاویر اعلی درجے کی ہیں۔ جو امریکہ میں تیار کرائی گئی ہیں۔ اور ان کے علاوہ تین نقشے بھی ہیں۔ جلد بھی اعلی قسم کی امریکہ میں بنی ہے قیمت کتاب مع محصول ڈاک درج ویلیو پے ایبل روپیہ ۵ (کاون روپے ۴ آنے) ہے۔ جو کتاب کی حیثیت کے مقابل میں کچھ نہیں۔ اس کتاب کا ایک نمونہ بھی چھاپا گیا ہے۔ جس میں تمہ یہ کتاب۔ فہرست مضامین۔ فہرست تواریخی و فہرست تصاویر اور دیباچہ مترجم اور مقدمہ کتاب اور ایک تصویر شامل ہے اور اس سے پورا اندازہ مذکورہ بالا کتاب کا ہو سکتا ہے۔ نمونے کی قیمت مع محصول ڈاک عہ (ایک روپیہ چار آنے) معین صاحبوں کو مطلوب ہو۔ خواہ اصل کتاب یا نمونے کو مترجم سے طلب فرمائیں۔

باوجود ہندوستان کے سرکاری ترقہ کے روز افزوں ہونے کے مناسب سمجھتے ہیں کہ اعلے یورپین افسروں کو چھ ہزار روپیہ سالانہ سے بھی زیادہ پنشنیں دیجائیں۔ کیا جبکہ غریب ہندوستانیوں کو کسی نے تمس کا اغریقہ ہے ایسی فضول فیاضیاں فراخ ہند سے ضروری ہیں؟

پنجاب پبلک لائبریری

سال گذشتہ میں پنجاب پبلک لائبریری کی ورنیکولر کتابوں کے حصہ کے متعلق ایک نامہ نگار کی شکایت درج ہوئی تھی۔ وہ لکھتا ہے کہ ان کتابوں کے اوراق جلدوں کے نہ ہونے سے دریدہ ہیں۔ اور کمرے بھی فرش تک نہیں ہے۔ ساتھ ہی یہ امر بھی لائبریری کمیٹی کی توجہ کے قابل ہے کہ ورنیکولر کتابوں کے صیغہ میں نئی کتابیں سوائے پنجاب کے پبلیکیشن کے جو لائبریری کو مفت بھیجی جاتی ہیں۔ بہت کم داخل کیجاتی ہیں۔ مانا کہ انگریزی کتابوں کے مقابلہ کی قابل ورنیکولر کتابوں کا صیغہ نہیں ہے۔ تاہم کئی سال سے سوائے دو فیاض معلموں کے عربی فارسی اور سنسکرت کتابوں کے ذخیروں کی بہت کم کتابیں اسمیں بڑھائی گئی ہیں۔ اور لائبریری کے منتظموں کی اس بے توجہی کی پبلک کو بڑی شکایت ہے۔

اخبار پنجاب ٹائمز راولپنڈی پر لائسنس

ہیڈ ماسٹر مشن سکول راولپنڈی نے صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں استغاثہ دایر کیا ہے کہ اخبار پنجاب ٹائمز راولپنڈی نے ایک ڈراما میں اُن کی توہین کی ہے صاحب مجسٹریٹ نے ایک وارنٹ بنام لالہ جیوارام تنہا پر اور پبلشر ایڈیٹر کے طور کرکے تمام مسودات پروف بلاک اور اشتہارات وغیرہ اس کارخانہ سے باوجود مالک کے اعتراض کرنے کے منگوالئے ہیں۔ مالک اور ایڈیٹر کی بتربیب دو ہزار اور پانسو کی ضمانت لی گئی ہے۔ لیکن استغاثہ کی تحقیقات سے پہلے وارنٹ تلاشی نکالنے کی کیا ضرورت تھی۔

جنوبی ہند میں وبا کی ترقی

جنوبی ہند میں وبا خوفناک رفتار سے ترقی کر رہی ہے۔ دیہاتوں کی مردم شماری اس وقت صرف بارہ ہزار رہ گئی ہے۔ پچیس ہزار باشندے اپنے گھروں کو بالکل چھوڑ گئے ہیں۔ اور ہر طرف سے بیماری کی ترقی کی خبریں آرہی ہیں۔ چہاونی بنگلور میں بھی وبا ترقی پر ہے۔ جسکے لئے چیف اور میڈیکل آفیسر گورنمنٹ سے طلب کئے گئے ہیں۔ بنگلور کے باشندوں نے اب تک اپنی مدد نہیں چھوڑی۔ اور شرائط منظور نہیں کرتے۔ شہر کا چیف پولیس آفیسر بیان کرتا ہے کہ لوگ سیکڑی گنش (عیدگی) سے بچنے کے لئے اپنے گھروں سے بھاگ گئے ہیں۔ اس لئے باقاعدہ تندرستوں اور بیماروں میں خانہ کشی اور معیت کا زور ہے۔ پولیس کمشنر اس ہفتہ میں لوگوں سے تجاویز دریافت کرتے ہیں کہ جو شخص بیمار کا پتہ دے اسکا کیا بندوبست کیا جاوے۔ کمشنر کہتا ہے کہ گھروں سے نوروز کی وبا کا پھیلنا شروع ہوا ہے کہ طاعون بند ہو جاوے۔ گو خاص بمبئی میں اس ہفتہ میں وبا کو ترقی نہیں ہوئی۔ لیکن دوسرے مقامات میں اس احاطہ میں مصیبت بڑھتی جاتی ہے۔

ایک اور دیسی افسر

پنجاب میں سردار گورمکھ سنگھ پر بددیانتی کے الزام کا مقدمہ ختم ہو چکا ہے کہ اب اضلاع مغربی و شمالی میں ایک دیسی مجسٹریٹ راجہ چھال سنگھ جائینٹ مجسٹریٹ خانپور کے خلاف ناجائز کارروائیوں کے الزامات کی تحقیقات ماہ آئندہ میں الہ آباد میں ہونے والی ہے یہ تحقیقات بذریعہ ایک کمشن کے ہوگی جسمیں ای کلبرٹسن اور سی رسٹم جی ممبر ہونگے۔ کمشن کی کارروائی پبلک ہوگی اور اس میں بہت سے گواہوں کی شہادتیں لی جائینگی۔ گذشتہ دو تین سال میں اضلاع مغربی و شمالی میں اس سے پیشتر تین دیسی اعلے افسر اس قسم کی بددیانتی کے جرم میں سزا پا چکے ہیں۔ اور دو پنجاب میں۔ اضلاع مغربی و شمالی میں دو مسلمان اور ایک ہندو افسر سزا پا چکے ہیں اور اب یہ دوسرے ہندو افسر زیر مواخذہ ہیں دیسیوں کے لئے نہایت شرم کا مقام ہے کہ ایسے اعلے

نایاب کتابیں

نوٹ گرانی کا زمانہ ہے۔ چند روز میں ان نوٹس کی قیمت [illegible]
طلسم لعل کار رشید دکھی لاجواب کتاب۔ تل اوٹ ہیار ۱۰
کلید عجب [illegible] ہوتا ہے کتاب کو خرید کر [illegible]
عجیب و ہستان ایک عجیب نظم میں تقدیر کی شیب و فراز [illegible]
شتاخ تحریر قلمدان طلبعلموں کو لئے نہایت مفید۔ قیمت [illegible]
طلسم جوانی۔ بڑھاپے کی شادی کا عمدہ نسخہ۔ نظم میں ۱
من موہنی۔ حسن و عشق کا نہایت پاکیزہ بیان ۱
مسدس اختر قیمت ۲ ر قصہ بہرام بہرداد قیمت ۲
لیلیۃ القدر " ۲ ر دیوان نشاط افکت میں ۲
فن کاشبینی۔ مرادی بخش فقرہ طوائفان کی خوب نقل کھولی ہے۔ قیمت ۵ ر
سیر مسعود۔ یعنی سوانح عمری حضرت مہدی مسعود مفرقہ مہدوی کے لئے خاص کر نہایت لاجواب کتاب ہے۔ قیمت عہ ر
نجوم کی کتاب۔ قیمت عہ ر
دوا رشتہ درستی نہایت مفید قیمت ۱ ر دوا داد کی قسم کی تکلیف نہیں دیتی ۱۲ ر مرہم خارش خشک ہو باز قیمت فی ڈبیہ ۱۲
تصویر دراز انگوٹھی قیمت عمدہ برقی انگوٹھی قیمت [illegible]
المشتہر [illegible]

منیجر اخبار کمپنی مراد آباد

ملک ڈیفنس فنڈ کی بچی ہوئی رقم سے پورا ہو جائیگی اور باقی اس ہزار ملک کے فیاض طبع لوگ چندہ سے فراہم کر دینگے۔ مسٹر ملک نے ڈیفنس فنڈ کی بچی ہوئی رقم کا ایسے کاموں میں خرچ کیا جانا بخوشی منظور کر لیا ہے۔ انگلستان میں ڈیپوٹیشن کے قیام ضروریات۔ سفیر مجالس وغیرہ کا بندوبست کانگرس کی پرتش کمیٹی کریگی۔

فرانس کی نازک حالت ایک وہ وقت تھا جبکہ اس سے سے اوس سرے تک ملک فرانس میں کپتان ڈریفس پر ہر طرف سے لعنت پھٹکار کی بوچھاڑ تھی اور اسکو سوائے اپنے معصوم یہودیوں کی کوئی ہمدردنہ ملسکا اور اگر کوئی ہو بھی۔ تو اسے علانیہ اظہار ہمدردی کی جرات نہ ہوئی اور اب ایک یہ وقت ہے کہ ڈریفس کا معاملہ فرانس کی موجودہ سلطنت کو الٹ دینے کی دھمکی دے رہا ہے اور رعایائے ڈریفس کی حمایت میں گورنمنٹ اور خاصکر فوج سے بالکل بدظن ہو گئی ہے۔ اخبار مارننگ پوسٹ کا نامہ نگار لندن تار دیتا ہے کہ فرانس میں نشودا کے معاملہ پر عام توجہ اسقدر مصروف نہیں ہے جسقدر کہ ڈریفس کنڈل پر مبذول ہے اور لحظہ بلحظہ اندیشہ قوی ہوتا جاتا ہے کہ ملک میں جمہوری گورنمنٹ کے برخلاف انقلاب رونما ہو۔ اور پرنس وکٹر نپولین (جو نپولین اعظم کی اولاد میں ایک شہزادہ ہے) کو تخت سلطنت پر بٹھانے کی کوشش کیجائے۔ کاؤنٹ سیرادلیف روسی وزیر خارجہ کے پیرس جانے اور کئی روز قیام کرنے کے جو نازک خطرناک یعنی معاملہ نشودا کے متعلق آتے جا رہے تھے وہ بقول نامہ نگار پوسٹ محض بے بنیاد ہیں۔ اصل میں کاؤنٹ موصوف نے گورنمنٹ فرانس کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ ایک دوسرے شہزادہ نپولین کو اعلے اختیارات تفویض کریں۔ یہ شہزادہ سلطنت روس میں ڈیوک کے خطاب سے سرفراز ہے اور عنقریب روسی خاندان کی ایک لڑکی سے اسکی شادی ہونے والی ہے۔ فوج کے بعض افسر پرنس وکٹر نپولین پر اس شہزادہ کو ترجیح کئے جانے کے خلاف ہیں۔ لیکن گمان غالب یہ ہے کہ روس کا کہنا مانے۔ وہ دیا جائیگا اور ابھی عنقریب گورنمنٹ قائم ہونے پر لوئیس کو علیحدہ ملیگا۔ جلسہ وزراء فرانس نے استعفاء دیدیا ہے۔ کیونکہ پارلیمنٹ میں اسکی نسبت اعتماد کی رائے پاس نہ ہو سکی۔ وزیر فوج نے ڈریفس کے معاملہ پر جھلا کر استعفا دیدیا۔ فرانس کی حالت نہایت نازک ہے اخبارات بدانتظامی۔ بدامنی۔ بدعملی کے شاکی ہیں۔ رعایا ڈریفس کے بیوجہ قید کئے جانے سے غصہ میں بھری ہوئی ہے اور نشودا کے معاملہ کی پرواہی نہیں کرتی۔

علم موسیقی کا امتحان ہندوستان میں لنڈن کے ٹرینٹی کالج کی طرف سے ایک مشہور و معروف موسیقی دان آیندہ نومبر میں ہندوستان آئینگے۔ اور مختلف مقامات پر دورہ کر کے ان لوگوں کا علم موسیقی میں امتحان لیں گے جو امتحان دینے اور ڈپلومہ لینے کے خواہشمند ہوں امتحان کی فیس ۳۰ گنی یعنی ۳۲۰ روپیہ ہوگی یہ انتظام صرف یورپین لوگوں کی آسانی کے واسطے کیا گیا ہے کیونکہ وہ بوجہ قیام ہندوستانی راج گانے میں سند حاصل کرنے سے محروم رہتے تھے اور انکی محنت اس فن خاص میں نایاں ہو سکتی تھی۔ نہیں معلوم کہ ہندوستانی بھی اس امتحان میں شریک ہو سکیں گے؟ ظاہراً تو کسی قید کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ کیا عجب جو یقین یہی انگریزی علم موسیقی سیکھنے پر راغب ہو جائیں۔ کیونکہ اول تو اس کا زمانہ ہے دوسرے بمقابلہ ہندو علمائی علم موسیقی کے وہ آسان بھی بہت ہے۔ اچھا ہوا کہ انگریزی تہذیب کی بدولت راگ رنگ رقص و سرود کی قدر ہو گئی، گو پہلے بھی اس کی قدر تھی اور اسکے ارباب کمال کو بڑے بڑے فائدے پہنچے مگر عام طور پر فن حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اور اب بھی دیکھا جاتا ہے مگر قرینہ کہہ رہا ہے کہ یہ نفرت کچھ عرصہ بعد باقی نہ رہیگی۔

فرانس کی نازک حالت فرانس میں جمہوری حکومت قائم ہوئے کچھ ایسے بہت برس نہیں گذرے تو بھی ایم ہرلن کی وزارت جو ہفتہ حال ہی میں متشکل ہوئی ہے اپنی نوع میں تیسویں تھی جو اس قلیل عرصہ میں بنگ ڈیٹ گئیں۔ اس سے وہاں کی مضطربانہ حالت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اور واقعی جبکہ ابتدائے آفرینش عالم سے اسوقت تک ہر قوم و ملک میں بادشاہی کی ضرورت محسوس ہوتی رہی تو اب یہ مشکل بھی معلوم ہوتا ہے کہ فرانس اپنے دعویداران سلطنت کو علیحدہ کر کے چین سے بیٹھ سکے۔ گو امریکہ کی شاندار اور خوش انتظام جمہوری کی مثال اسکی تردید میں پیش کیجائیگی مگر تاریخ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ امریکہ ہمیشہ ہی سے اس قسم کی حکومت کا عادی چلا آتا ہے اور وہاں کسی بادشاہ نے شان و شوکت سے کبھی فرمانروائی نہیں کی۔ برخلاف فرانس کے جسکی تاریخ میں شاہی معہ اپنے لوازم کے سینکڑوں ہزاروں برس سے موجود ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہاں طرفداران شاہی کے گروہ کی تعداد زوال پذیر نہیں ہوتی۔ آجکل جو پریشانی وہاں پھیل رہی ہے اس سے گورنمنٹ کو اندیشہ نہیں بلکہ موجودہ طرز حکومت ہی کی بنا دو سال میں زائل ہو جانیکا خطرہ ہے۔ اچھا ہے اگر فرانس دوبارہ شاہی ہو جائے کیونکہ اہل فرانس کو جمہوری سے فایدہ نہیں پہونچا بلکہ شروع سے اب تک خود غرض۔ تا انصافی اور نفس پروری کی نہایت مکروہ مثالیں پیش نظر آتی رہیں گو پنامہ سیکنڈل بھی اپنی حیثیت میں کچھ کم نہ تھا مگر معاملہ ڈریفس نے بالکل خود غلبی و ضمیر فروشی کا خاتمہ ہی کر دیا۔ یہ بات نہ چند افراد نہیں بلکہ قوم کو بدنام کرنے والی ہیں لہذا جہاں تک جلدی ممکن ہو سکے فرانس کو اس طرز حکومت سے نجات حاصل کر لینی چاہئے جوان افعال شنیعہ کا موجب ثابت ہوا ہے یا جسکے عہد میں لوگوں کو اسکے ارتکاب کا موقعہ ملتا ہے ابھی تک کوئی وزارت قایم نہیں ہوئی اور نہ یہ معلوم ہوا کہ کون بنایا جائیگا۔ بقول نامہ نگار اخبار مارننگ پوسٹ اس وقت پریسیڈنٹ فارجو شاہی حکومت کے سخت مخالف اور فوج کے گہرے طرفدار ہیں تمام ملکت فرانس کے بغیر تاج کے بادشاہ بنے ہوئے ہیں اور یہ امر حیرت انگیز ہوگا اگر وہ فرانس پر باضابطہ قبضہ کرنے کی کوشش کریں کیونکہ اونہوں نے معاملہ ڈریفس کی از سر نو تحقیقات سے اختلاف کر کے فوج کو اپنا طرفدار بنا لیا ہے۔ اگر اونہوں نے یہ کوشش کی تو فرانس میں فوج کے خلاف بسر کردگی پرنس لوئیس نپولین بغاوت ہوگی۔ نیز اگر فوجی اثر غالب رہا تو عجب نہیں جو اوسکا جوش انگلستان سے جنگ کرا دے۔

انکم ٹیکس پنجاب میں ۱۸۹۷-۹۸ء میں صوبہ ہذا کی آمدنی انکم ٹیکس بمقابلہ سال گذشتہ کے ۱۰ ہزار روپیہ زیادہ تھی اور یہ زیادتی ایسی حالت میں جبکہ تجارت زوال پذیر رہی ہے واقعی تعجب انگیز سمجھی جائیگی۔ اضافہ کی وجہ زیادہ تر یہ بتائی جاتی ہے کہ تجارتی جماعتیں صوبہ میں بڑھ گئیں اور انکی حالت اچھی رہی نیز یہ کہ غلہ فروشوں اور ساہوکاروں نے ایام قحط میں زیادہ نفع کمایا مگر صاحب فنانشل کمشنر کو اضافہ کے یہ بواعث تسلیم کرنے میں تامل ہے اور تامل ہونا بھی چاہئے کیونکہ جب تجارت کی حالت خراب رہی تو تجارت پیشہ لوگوں کو نفع کیونکر ہوا؟ چونکہ دہلی اور لاہور میں بمقابلہ دیگر بڑے شہروں کے انکم ٹیکس کا حصہ نفی کس کم ہے۔ اسلئے صاحب فنانشل کمشنر نے حکم دیا ہے کہ از سر نو تحقیقات کر کے ٹیکس بڑھایا جاوے کیونکہ ان کی رائے میں ان دونوں شہروں کے بعض لوگ غیر واجبی طور پر ٹیکس سے بچ گئے ہیں۔ مگر ایکاش وہ بجائے اسکے یہ نتیجہ نکالتے کہ دوسرے شہروں میں بعض لوگوں پر غیر واجبی طور پر ٹیکس لگایا گیا ہے۔

صاحب پوسٹماسٹر جنرل پنجاب کی چٹھی ۲۰ ستمبر ۱۸۹۸ء کے پیسہ اخبار میں منی آڈروں وغیرہ کے فارموں کے آئندہ مفت فروخت ہونے کے متعلق جو پیسہ اخبار نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ اگر پچاس فارموں کی کتاب ۲ر کر دی گئی تو جن لوگوں کو ایک آدھ فارم کی ضرورت ہوگی وہ کس قیمت پر خرید کرینگے۔ اسکے حوالہ سے جناب پوسٹماسٹر جنرل صاحب پیسہ اخبار کے اس خیال کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اپنی چٹھی مورخہ ۲۱ اکتوبر میں لکھتے ہیں کہ کتابی فارم جو چلک کو مطلوب ہونگے ان کی قیمت نہیں لیجائیگی بلکہ وہ مفت ڈاکخانہ سے دے جائینگے۔ صرف وہ فارم جو بصورت مثنی کے مجلد کتابوں کی صورت میں ہونگے فی کتاب بقیمت دو آنہ فروخت ہونگے۔ جو چھپائی اور جلد بندی کی لاگت سے بہت کم قیمت ہے۔ ہمنے سمجھا تھا کہ سب فارم مفت ملینگے اور حساب دو آنہ فی پچاس فارموں کی کتاب ملے گی۔ اچھا ہوا کہ اس غلطی کی اصلاح ہو گئی۔ اس معاملہ کے متعلق ہماری بات تو یہ تھی کہ جن فارموں کی پہلے مفت

اس کے لئے تاریخ کی ورق گردانی یا گزشتہ صدیوں کے حالات پر نظر دوڑانے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ صرف یہ دیکھنا چاہیے کہ حالیہ جنگ یورپ میں وجہ نزاع کیا ہوئی؟ ظاہر ہے کہ انگریزی قبضہ مصر کے سوا کوئی نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ ابھی سے فرانس نے اس میں حجتیں نکالنی شروع کر دی ہیں۔ اور جیسا کہ لنڈنی تار برقی سورخہ ۴ ماہ حال مظہر ہے اس نے کہا ہے کہ انگلستان کو مصر کی قائمقامی کا کوئی حق حاصل نہیں اور اگر حاصل ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ فرانس کو بھی ویسا ہی حق حاصل نہ ہو۔ فرانس نے ۱۸۹۰ء کے اعتکاد جرمن معاہدے کو بھی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ اور انگریزوں کی حقیت مصر پر سخت اعتراض کیا جس سے اس کی غرض یہ ہے کہ یورپ کی سلطنتوں کو جو انگریزی قبضہ مصر کی مخالف ہیں۔ اس معاملے میں اپنا ہمدرد بنا لے۔ انگلستان کے فوجی افسروں سے ایک بڑی غلطی یہ بھی ہوئی ہے کہ انہوں نے خرطوم پر انگریزی نشان اڑایا۔ اور خدیو مصر سے کہا کہ سوڈان میں انگریزی حق مصری حق پر مقدم ہے۔ اس سے مصر میں سخت ناراضی پیدا ہوئی ہے۔ اور وہاں کے اخبارات بہت زور سے اس امر کی شکایت کر رہے ہیں کہ انگلستان آخر کار مصر کو بالکل ہضم کر جانا چاہتا ہے۔ یہ امر ایک کھلا ہوا راز ہے کہ مصری نوجوانوں کی پارلیمنٹ علی العموم انگلستان کی وزارت اختیارات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتی۔ اور انہوں نے علانیہ کہنا شروع کر دیا ہے کہ "مصر اہالیان مصر اور ترکوں کے لئے ہے"۔ خدیو مصر کی نسبت بھی ایک سے زیادہ مرتبہ شبہات وارد کئے جا چکے ہیں کہ وہ اپنے انگریز مشیروں سے بشگفتگی خاطر نہیں ملتے۔ اور یہ تمام باتیں مل کر اندیشہ ڈالتی ہیں کہ ایسا نہ ہو کہ عام جنگ یورپ کے نازک وقت میں مصری خود اپنا ملک تصرف انگریزی سے نکالنے کی کوشش کرنے لگیں۔ اگر وہ اس کوشش میں ناکام بھی رہے تو بھی انگلستان کے ایک بڑے حصہ سپاہ بری و بحری کی توجہ اپنی طرف منعطف کر لینگے جس کی اس وقت یورپ میں اشد ضرورت ہو گی۔ لہذا انگلستان کو سوکام چھوڑ کر سب سے پہلے ٹرکی سے اپنے تعلقات درست کرنے چاہئیں تاکہ مصریوں کے خدشے اور دول یورپ کے اعتراضات سے نجات مل جائے۔ مصریوں کو یقین ہو جائے کہ انگلستان سے اختلاف کا مادہ ترقی کرتا جاتا ہے۔ وہاں ساتھ ہی سلطنت عثمانیہ کے ساتھ اخلاص اور عقیدت بھی بڑھتی جاتی ہے۔ اور اگر انگلستان ٹرکی سے بدستور قدیم رشتہ اتحاد کو مضبوط کر لیگا اور عملی کارروائی سے یہ ثابت کر دیگا کہ وہ مصر میں بطور قائمقام سلطنت عثمانیہ مقیم ہے تو مصریوں کی ناراضی ایک بڑے درجہ تک دور ہو جائے گی۔ اور دول یورپ کو بھی مجال چون و چرا نہ رہیگی۔

کرکٹ ہندوستان میں

امسال ہندوستان میں کرکٹ سیزن بمقابلہ سالہائے گزشتہ کے نہایت شان و شکت سے شروع ہوا ہے۔ جس کا کریڈٹ دنیا کے مشہور ترین کرکٹر جناب پرنس رنجیت سنگھ جی صاحب کی موجودگی ہندوستان کو ملنا چاہیئے۔ شملہ میں ایک سے زیادہ دھوم دھامی میچ ہوئے اور ان میں پرنس ممدوح نے اپنی شہرت کے ساتھ بہت اچھا انصاف کیا۔ ہفتہ گزشتہ میں پٹیالہ کرکٹ کلب کا سنٹر بنا ہوا تھا۔ جہاں ہز ہائینس مہاراجہ صاحب بہادر کی ٹیم نے پارسیوں اور پنجاب کلب سے دو میچ کھیلے۔ پارسی اس دفعہ اپنی گزشتہ شکست کا دھبہ مٹا گئے مگر پنجاب کلب کو ناکام ہونا پڑا ہز ہائینس مہاراجہ پٹیالہ کا ٹیم چنیدہ رازدیں تمام ہندوستان کی ناک ہو جائیگا جبکہ مسٹر اڈرک "اعلیٰ درجہ کے کھلاڑی" اور مسٹر ہرن "انگلستان کے عمدہ ترین بولر" اس میں شریک ہو جائینگے۔ علیگڈھ محمڈن کالج کرکٹ ٹیم نے ابھی تک کوئی نمایاں میچ نہیں کیا۔ مگر امید ہے کہ وہ ضرور اپنی سابقہ ناموری تازہ کرنے کے لئے زور کریگا۔

صاحب ڈائرکٹر محکمہ تعلیم نے معقول اعتراضات کی کچھ پرواہ نہیں کی

یہ بات معلوم کر کے کتنا تعجب ہوتا ہے کہ باوجود دیسی اور انگریزی اخبارات کی ایسی سخت محکمہ چینی اور باوجود ان کی معقول اور زبردست دلائل کی موجود ہونے کے ڈاکٹر سائم صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب نے لالہ ہریاس ایم۔ اے کو ان کے والد کی سامی پر جسٹر سررشتہ تعلیم مقرر کر دیا یا کرنے والے ہیں خود ڈاکٹر سائم صاحب کے پاس کچھ وجوہ ہوں۔ لیکن وہ ان زبردست دلائل کا کچھ بھی جواب نہیں دے سکتے کہ جو ان کاموں اور دیگر ہمعصروں کے کاموں میں اس بارے میں چھپ چکی ہیں اور یہ صرف ان اعتراضات کے معقول ہونے کی وجہ سے تھا کہ اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ اور اخبار پائونیر نے ان کی تائید کی۔ ایک نوجوان ناتجربہ کار ایم۔ اے جو کالج سے دو تین سال پیشتر نکلا ہو۔ اور ابھی اس کے دوسرے ہم جماعت کسی چالیس پچاس روپے کی ملازمت کی ہی تلاش میں ہوں اسے ایسے اعلیٰ درجہ کی ملازمت پراونشل سروس اس وجہ سے ملجانے کہ اس کا باپ اس عہدے پر عرصے تک مامور رہا ہے اور جب ارادتاً اپنے بیٹے کا حق قائم کرنے کے لئے اس نے دو تین مرتبہ پچھلے دو سال میں رخصت لی ہے تو اس کے ناتجربہ کار بیٹے کو تھوڑا بہت تجربہ ہو گیا۔ بجائیکہ اور کئی مستحقین کے سر پر اس کو بلند کیا گیا کہ جن کی ۱۵-۱۰ سال ملازمت بھی ایسے معزز اخبارات کے واویلا کا افسوس کہ ذرہ بھی محکمہ تعلیم کے افسر علی پر اثر نہ ہوا۔ سر ڈینس فٹز پیٹرک بہادر کے زمانے میں اخبار کی ایسی معقول فریاد بے اثر نہیں رہتی تھی۔

لاہور کا دسہرہ

لاہور کے اہل ہنود نے امسال کا تیوہار نہایت دھوم دھام سے منایا ہے۔ گو کئی دنوں سے شہر میں دسہرہ کے سوانگ پھر کر رونق کو بڑھا رہے ہیں اور ڈاڑھ کس کے پاس جو بیکلف سامان دھوم دھام سے دسہرہ کی کمیٹی نے بہم پہنچایا تھا وہ اس سال کے دسہرہ منانے کی غیر معمولی کوشش کا پتہ دیتا تھا۔ تاہم میدان پریڈ میں پیر کی شام کو جس قدر مجمع و حساب ہجوم تماشائیوں کا تھا ویسا پہلے سالوں میں کبھی نہیں دیکھا گیا۔ انتظام دسہرہ کی کمیٹی کی طرف سے ہندو مسلمان معززین شہر کو سنہری رقعہ بھی تقسیم کئے گئے تھے کہ جن کے ذریعہ جناب ہز ہنس سنگھ صاحب۔ جناب پنڈت جنار دھن صاحب۔ جناب لالہ رام سرن داس صاحب۔ جناب لالہ بالمکند صاحب۔ اور جناب لالہ موہن لعل صاحب کے دستخط تھے۔ اور انتظام بھی کمیٹی کے پریسیڈنٹ لالہ ہرنام داس صاحب کی طرف سے تقسیم کئے گئے تھے۔ میدان پریڈ میں جہاں بہت سے بڑے بڑے کاغذی بت لنکا کے راجہ راون کے کھڑے کئے گئے تھے وہاں ان تماشا کے آرام سے دسہرہ کی رونق دیکھنے کے لئے دو چبوترے استادہ کئے گئے تھے۔ غرض ہر طرح سے امسال دسہرہ کی تیاری غیر معمولی اور رونق بھی غیر معمولی ہو گئی تھی۔ سنا گیا ہے کہ دیوالی مسلمانوں نے اہل ہنود کی خاطر سبیلیں بھی لگا دی تھیں۔ خوشی کی بات ہے کہ لاہور کے ہندو مسلمانوں کے تعلقات پچھلے محرم کی طرح بالکل دوستانہ ہیں۔ اور خدا کرے کہ ہمیشہ تک ایسے ہی رہیں۔

ایک مناسب تجویز

انڈین نیشنل کانگرس کی روز روان سے چھٹی کانگرس کی تمام پراونشل کمیٹیوں کے نام یہ ضمون بھیجی ہے کہ کانگرس کا کوئی آئندہ اجلاس انگلستان میں منعقد نہ کیا جائے تو کم از کم اتنا ضرور ہو کہ آئندہ انتخاب پارلیمنٹ جو ۱۹۰۰ء میں ہونے والا ہے اس موقعہ پر چند لائق ہی ممبر ملک کا ایک ڈیپوٹیشن انگلینڈ بھیجا جائے۔ جو مختلف مقامات کا دورہ کر کے بذریعہ تحریر و تقریر انتظام ہندوستان کے تقاضا رعایا کی مشکلات اور خاصکر جدید قانون کی سیڈیشن کی نامناسبت پر قوم انگریزی کا خیال رجوع کریں۔ اور اہالیان انگلستان اب تک اصلی حالت ہند سے بہت کم واقف ہیں آگاہ کی حالت زار پر توجہ دلائیں۔ جس سے امید قوی ہے کہ بدرجہا بہتر آری ہو گی۔ کیونکہ انگریزوں میں بطور ایک قوم کے انصاف پروری اور انسانی ہمدردی کا مادہ بہت زیادہ ہے۔ اور انہیں تمام کیفیت اصل من وعن معلوم ہو گی تو امید قوی ہے کہ وہ ہرگز ہندوستان کے ساتھ یہ سخت کو نہ رکھیں گے۔ اور کارکنان گورنمنٹ کو ایسے غیر انصاف قانون کی ترمیم پر مجبور کر دیں گے۔ مسٹر ہیوم کی رواگی انگلستان کو اتنا ضروری سمجھا ہے کہ ان کی انتظار میں آئندہ اجلاس کانگریس کو اسوقت تک ملتوی رکھنا چاہئے جبتک کہ وہ اس ڈیپوٹیشن کے لئے ممبر نہ چن لے اور اخراجات کی منظوری نہ دیدے۔ مسٹر ہیوم اسکے خرچ کی خاطر ایک رقم الگ نہ رکھدے۔ کانگریس کی تجویز بہت معقول و مفید ہے اور اس میں مشکل کیسی کو اس سے اختلاف ہو گا انگریزوں میں اعلے اوصاف قومی کے دیکھتے ہوئے ڈیپوٹیشن کی کامیابی چنداں خلاف امید نہیں۔ البتہ اگر خیال ہے تو خرچ کا جو قریباً بیس ہزار اندازہ ہوا ہے کہا جاتا ہے کہ اتنی رقم

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ ۵ نومبر ۱۸۹۸ء

فرانس و انگلستان آپس میں بھڑ جائینگے؟

خدا کرے کہ ایسا ہو۔ مگر آثار منحوس ہے کہ قرائن اس امر کی روز بروز مضبوطی کر رہے ہیں۔ فشودا کے معاملے پر انگلستان و فرانس کے تعلقات میں جو کشیدگی واقع ہوئی ہے وہ کسی طرح رفع ہونے کی بجائے روز بروز بڑھتی آتی ہے۔ اور ہر ایک سلطنت بجائے خود کھنچتی جاتی ہے۔ جس کا ممکن الوقوع نتیجہ یہ نظر آتا ہے کہ وہ روز بروز ذہن و زبان سے دور اور جنگ و جدل سے قریب تر ہوتی جائیگی۔ مخالفت جدیدہ اُن کا اتصال ایک ایسے نقطے پر ہوگا جو خونریزی۔ بربادی اور تباہی کے دائرے کے نقطۂ مرکز ہوگا۔ بنا عذاب الناد۔ ہفتہ حال میں جس قدر تار اس بارے میں موصول ہوئے۔ اُن کے معائنہ سے ہر ایک صاحب طبیعت کو خواہ مخواہ مضطرب ہونا پڑتا ہے۔ اِدھر انگریزی گورنمنٹ نہیں بلکہ انگریزی قوم اس بات پر تلی ہوئی ہے کہ فشودا کے سودے میں ہزاروں جانوں اور کروڑوں روپے کا فشودہ ہی کیوں نہ بن جائے۔ پیچھے نہ ہٹیں گے۔ دوسری طرف فرانس اسپر جما ہوا ہے کہ اپنے حق سے کسی حالت سے نہ اُکھاڑے۔ خواہ کچھ ہی آن پڑے۔ مگر ؎

نامردی و مردی قدمے فاصلہ دارد
اے فرماسے تصفیہ ہو دیکھو مگر ؎

ملک الموت کو لکھ رہے کہ میں جاں لے کے ٹلوں
سر بسجدہ ہے مسیحا کہ میری بات رہے

کمانڈر کو مسٹر ایڈمنڈ مونسون سفیر انگلستان متعینہ پیرس۔ اور مسٹر ایسکو بیچھ سفیر فرانس متعینہ لندن نے جو گفتگو اس امر سے آگاہ ہونے کے لئے کی کہ آیا فرانس کا باوجود اس امر سے آگاہ ہونے کے کہ انگریزی دعاوی کے دریائے نیل کو انگریزی احاطہ اثر میں تسلیم کیا ہے۔ اشتعال کرنا گویا انگلستان کو اشتعال جنگ دلانا ہے۔ دوسری طرف ایسکو بیچھ نے صاف کہدیا کہ فرانس کی بلند آواز میں ہرگز انگلستان کے خلاف معنی پیدا نہیں کئے جا سکتے اور جس وقت پیشقدمی کی گئی ہے (یعنی میجر مارچند صاحب فشودا پہنچے ہیں) اُس وقت انگلستان کے دوبدو سوڈان کے کسی حصے کی کوئی علامت موجود نہ تھی۔ لہذا فرانس سے قبل از وقت فشودا کی درخواست کرنا محکم ہے جو کسی طرح قبول نہیں کیا جا سکتا۔ دوسرے الفاظ میں اس گفتگو کا مطلب یوں ادا کیا جا سکتا ہے کہ انگریزی سفیر نے فرانس کو آتش جنگ مشتعل کرنے کا الزام دیا اور وزیر خارجہ فرانس نے نہ صرف اپنی گورنمنٹ پر سے وہ الزام رفع کیا۔ بلکہ انگلستان کے سر تھوپ دیا۔ یہ معاملہ زبانی و قلمی معرکہ آرائی سے گزر کے لوہے اور ماسوائے اسی حالت کے کہ دونوں میں سے ایک سلطنت کسی ایک پیش آجانے والے سبب سے اپنی ہٹ چھوڑ دے اور روبا شتی نے آئے کوئی اُمید نہیں ہے۔ فقرہ مندرجہ عنوان کا جواب نفی میں دیا جا سکے۔ فرانس نے جنگ کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ بموجب ایک تازہ تار برقی کے ۴۰ ہٹالین۔ ۵ اسوجری سپاہی۔ ۶ سو جوان توپخانے کے مقام تولون بھیجے گئے ہیں۔ جو انجل ایک عظیم الشان اجتماع فوج کا مرکز بنا ہوا ہے۔ علاوہ ازیں فرانس کی دیگر تیاریوں کے متعلق دو تین روز پہلے بھی خبریں آچکی ہیں۔ اور اگرچہ رویٹر کے نامہ نگار پیرس نے تھوڑی دیر کے لئے یہ کہکر دنیا کی تسکین کر دی تھی کہ فرانس کی موجودہ جنگی سرگرمی کو مخالفت انگلستان پر محمول نہ کرنا چاہیئے لیکن یہ سکا تعلق صرف اندرونی فسادات سے ہے۔ مگر حالات مابعد نے اس خیال کی بخوبی تردید کی۔ اور یہ امر بسان روز روشن سب پر واضح ہو گیا کہ گو آئندہ کسی وجہ خاص سے جنگ رُک جائے۔ اور خدا کرے کہ رُک جائے۔ مگر فی الحال فرانس کی تیاریوں کا مدعا مخالفت انگلستان کے سوا کوئی اور نہیں ہے۔ دوسری طرف انگلستان بھی دب کر نہیں رہنا چاہتا۔ اور اُس نے اپنی مستعدانہ سرگرمی سے بخوبی اس امر کا ثبوت دے دیا ہے کہ وہ مضبوط جہاز و کارتوس اسخوان پہنچ جانے تک بھی اپنے دعاوی کی حفاظت سے ہاتھ نہ اُٹھائیگا اور اپنا دیرینہ پیشقدمی آخر وقت تک قائم رکھیگا جیسکہ نازک موقعوں پر دستور ہے۔ اس دفعہ بھی انگلستان کے دونوں مخالف فرقوں لبرل و کنسرویٹو نے اپنا اختلاف پس پشت ڈال دیا ہے۔ اور قومی و ملکی عزت محفوظ رکھنے پر کمربستہ ہو گئے ہیں۔ چنانچہ فریق لبرل کے سرغنہ مسٹر ایسکوبیچھ ولارڈ سولزبری کی تازہ تازہ پیسچیں اور کنسرویٹو گروہ کے لیڈروں سر مائیکل کیسپیج ہڈبروک آف ڈیونشائر وغیرہ کی تقریریں بجائے متناقض ہونے کے باہم زیادہ مربوط و متفق ہیں۔ علی الخصوص مسٹر ایسکوبیچھ نے تو صاف کہدیا ہے کہ اس خاص معاملے میں اُن کی پارٹی لارڈ سالسبری کا ساتھ دیگی اور آخر وقت تک اُنکی رفاقت کریگی۔ اگرچہ اخبارات فرانس میں بھی فریق لوگوں کی نسبت ایسے ہی خیالات کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ وہ فشودا کو قبضے میں رکھنے پر بدل و جان دپی گورنمنٹ سے متفق ہیں لیکن معاملات کی تہ کو پہنچ جانے والے حضرات فرانسیسیوں کے اتفاق کو بمقابلہ انگلستان کھوکھلا پاتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے خانگی نزاعات و اندرونی اختلافات کا اثر اتنی جلدی طبیعتوں پر سے زائل نہیں کر سکتے۔ یا یوں کہئے کہ وہ نزاعات و اختلافات اپنے اثر میں اتنے گہرے ہیں کہ فوراً زائل نہیں ہو سکتے۔ مگر بجائے اس کے کہ یہ امر فرانس کی کمزوری کا باعث ہو کر اسے جنگ کو ٹالنے کی طرف راغب کرے اُلٹا جنگ پیدا کرنے کا موجب ٹھہرتا ہے کیونکہ جیسا میں پیسہ اخبار مطبوعہ ۲۲ ماہ حال کے نوٹ میں لکھ آیا ہوں قوم مرجع اپنی گورنمنٹ کی طرف سے بوجوہ چند در چند بدگمان ہو رہی ہے۔ اور گورنمنٹ اُن معاملات سے رعایا کا خیال ہٹانے اور دوسری جانب ٹالنے کے باوجود اندیشہ جنگ چھیڑ دینا اولیٰ سمجھتی ہے۔ ڈرفیس سکینڈل کی جو سازشیں گزشتہ چند مہینوں سے متواتر منکشف ہوتی چلی آتی ہیں۔ انہوں نے فرانس کی وزارت کو نہیں بلکہ حکومت کو صدمہ پہنچایا ہے۔ اور اہل الرائے اصحاب میں روز بروز یہ خیال قوت پکڑتا جاتا ہے کہ فرانس میں اب زیادہ عرصے تک جمہوری سلطنت نہ رہ سکیگی۔ رعایا کے غیظ و غضب کی میل کا رُخ پھیر اور انہیں دوسری طرف متوجہ کرنے کی خاطر خیر خواہان جمہوری سلطنت۔ اور انہی لوگوں کے ہاتھ میں فرانس کے نظم و نسق کی باگ ہے۔ عجب نہیں جو جنگ کو ملتوی کرا دینے کی زیادہ کوشش نہ کریں اور انگلستان و فرانس کو آپس میں بھڑا دیں۔

مجھے شائد یہ کہنے کی تو ضرورت نہیں کہ اگر جنگ ہو گئی تو انگلستان کا پلہ ہر طرح بھاری رہیگا کیونکہ جنگ زیادہ تر۔ یا شائد یہ کہنا غلط نہ ہو کہ سراسر بحری ہوگی۔ اور سمندر میں اس وقت انگلستان سے کوئی آنکھ نہیں ملا سکتا۔ دوسرے فرانس ہمیشہ انگلستان سے پٹتا آیا ہے۔ اور "زدہ را می تواں زد" والی مثل ضرور صحیح ہونی چاہیئے۔ لہذا جنگ اپنی ابتدائی حالت میں یا دوسرے الفاظ میں تا حد قبضہ فشودا انگلستان کے لئے چنداں خطرناک نہیں۔ مگر پرنس بسمارک متوفی نے اب سے دس گیارہ سال پیشتر یورپ کی حالت کو ایک میگزین سے تشبیہ دی تھی۔ جو صرف ایک چنگاری سے ہر لحظہ اُڑنے کے لئے تیار ہے۔ اب کوئی وجہ نہیں کہ پرنس موصوف کا وہ قول صحیح نہ مانا جائے۔ بلکہ موجودہ صورت احوال کے دیکھتے ہوئے تو یہ کہنا پڑتا ہے کہ اگر اُس میگزین میں پہلے بارود بھی تو اب ڈائنامیٹ ہے۔ اور اگر سابق میں چنگاری کی ضرورت تھی تو فی الحال صرف رگڑ سے وہ فوراً اُڑ جائیگا۔ نظر بریں کون کہہ سکتا ہے کہ اگر انگلستان و فرانس باہم گتھ گئے تو اُس میگزین پر کوئی اثر نہ پڑیگا اور اُس وقت وہ شہنشاہ جس نے حال میں دول یورپ کو امن و امان قائم رکھنے کا پادریانہ وعظ کیا تھا اور گریسکین بن کر اپنا مطلب نکالنا چاہتا تھا۔ اُس سے متاثر نہ ہوگا۔ پھر عظیم الشان خونریزی۔ تباہی اور بربادی کو کہیں دور لینے جانا ہے۔ یورپ میں ایک قیامت صغریٰ قائم ہو جائیگی۔ جس کا نتیجہ سلطنتوں کی تحطت و قہقرا اور یورپ بلکہ عجب نہیں کہ دنیا کے نقشے میں ایک نمایاں تبدیلی پیدا کر دے ؎

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے

پچھلے دنوں جب امریکہ و سپانیہ میں جنگ ہو رہی تھی تو صلح پسند طبیعتوں کو لحظہ بلحظہ خانگیر جنگ چھڑ جانے کا خیال خوف دلا رہا تھا۔ کہ انگلستان و فرانس خاص یورپ کی دو زبردست قوتیں باہم برسر آرا ہوں۔ یورپ کے اُن کثیر المقدار ذخائر جنگ پر جو سالہا سال سے رعایا کی محنت کے روپے کا بڑا حصہ ہضم کرتے رہے ہیں۔ اور اُس لامتناہی سپاہ پر جو قوموں سے مفت کی خوا رہی ہے اُس کا اثر بالکل نہ پڑے ؎

ایں خیانت و محالست و جنوں

اثر پڑے اور ضرور پڑے۔ اور یہ اثر ہی بڑی خوف دلانے والی چیز ہے ؛

اب سوچنا یہ ہے کہ عام جنگ یورپ چھڑ جانے کی صورت میں انگلستان کا رویہ کیا ہونا چاہیئے۔ نیز یہ کہ آیا اُس کا موجودہ طرز عمل اُس وقت مفید پڑیگا یا نہیں۔

حفظِ صحت

استفسار

۱۱۴- جوانی میں ضعف :- بندہ عرصہ سے زرد رنگ ہوتا جاتا ہے خشکی بہت ہے منہ سے پانی بھی جاتا ہے۔ بدن پر داغ مثل داغ پڑتے جاتے ہیں کاہلی بہت بڑھ گئی ہے۔ درد اعضاء خصوصاً درد کمر بھی ہے۔ عمر ۳۰ سال ہے۔ کوئی صاحب سہل الترکیب علاج سے مطلع فرماویں (راقم آسا رام خریدار اخبار ۱۹۴۱۵ء)

۱۱۵- کثرتِ مباشرت سے چہرہ پچک جانا :- پیسہ اخبار میں ایک صاحب نے اسکا علاج یوں بتلایا ہے کہ "ایک عدد کیلہ کی گہیر نصف سیر شیر دہ گائے میں پکا کر نہار کھانا بہتیر ہے"۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ خام کیلہ کی گہیر لگائی جاوے یا پختہ کیلہ دودھ میں ڈالا جاوے۔ میں امید کرتا ہوں جناب ایڈیٹر صاحب!! آپ میرے اس شبہ کو پیسہ اخبار میں شایع فرما کر رفع فرماینگے (راقم م۔ ق انصاری)

۱۱۶- زچہ کا روگ - میرے گھر میں عرصہ ایکسال کا ہوا کہ لڑکی پیدا ہوئی تھی اور یہ پہلا لڑکا ہوا ہے حالت زچگی میں ایلیہ بیمار ہو گئی عرصہ تک بخار وغیرہ رہا تب کچھ دوا دوش کے بعد بخار تو اچھا ہو گیا۔ اب حالت یہ ہے کہ ناتھ پیروں میں اکثر درد رہتا ہے اور بائیں جانب پیڑو میں نیز دائیں جانب کی رگ کچھ کھچی ہوئی ہے اس میں درد ہوتا ہے۔ اور اسی وجہ سے پیڑو میں بھی درد ہوتا ہے۔ پاخانہ ہوتا ہے تھوڑا دن رات میں چار مرتبہ ہوتا ہے۔ پاخانہ پھرنے میں بھی درد ہوتا ہے یہاں کی مسہل دوائیوں کا علاج کیا مگر یہ شکایت نہیں برخ ہوتی۔ دائیاں کہتی ہیں کہ رگیں ہیچیں ہو گئی ہیں۔ ضعف بہت ہے۔ غذا بہت کم ہوتی۔ مہربانی فرما کر کوئی صاحب اس کا تدارک بتلائیں میں بہت پریشان ہوں۔ (محمد حسن علی حیدرآباد دکن)

۱۱۷- ناسور :- میری گال میں عرصہ آٹھ نو ماہ سے ہو گیا ہے۔ اسوقت کبھی بند ہو جاتا ہے اور ایک دانہ مثل مٹر کے ابھر کر پھوٹ جاتا ہے اور پھر ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹروں نے نشتر بھی دیئے۔ مگر اچھا نہیں ہوا اور گال میں قریب آنکھ کے گڑھا بھی پڑ گیا ہے۔ کوئی صاحب مجرب نسخہ عنایت فرماویں (راقم ای۔ ایچ ۔۔۔ کے سوری گہاٹ ضلع اعظم گڑھ)

۱۱۸- استقاط حمل کا علاج :- میری اہلیہ کو قریب سات ماہ سے استقاط حمل ہو جاتا کرتا ہے بباعث آسیب اور کوئی شخص خواب میں آکر بتاتا ہے جب ۳ ماہ ہوتا ہے استقاط ہو جاتا کرتا ہے چند تدبیر عمل وغیرہ کئے مگر کچھ نہ ہوا (خریدار ۱۹۴۱۵ء)

علاج

۱۱۹- ہکلا پن :- بجواب سوال پیسہ اخبار جس شخص کی زبان اٹکتی ہو پہلے اس کے لیے ایک مجرب نسخہ درج کیا جاتا ہے۔ کریلا ۱ عدد لیموں ۔ گھر کا بنا ہوا گھی ۱ تولہ کریلے کو لیموں کیساتھ ملا کر بھنا جاوے دن میں دو دفعہ دو ہفتہ صبح کو اور دوسرا

عام

سوال

۱۰۲- رجمنٹ نمبر ۱ ول بنگال لانسرز جن کی چھاؤنی آجکل پشاور میں ہے۔ دو دفعہ چھاؤنی سیالکوٹ میں آ رجمنٹ گئی ہے۔ خریداران پیسہ اخبار میں کوئی صاحب یہ بتلا سکتے ہیں کہ شروع چھاؤنی کونسی تاریخ میں یہ رجمنٹ سیالکوٹ گئی۔ اور کونسی تاریخ کوچ ہوا اور سیالکوٹ سے کوچ کر کے کس جگہ گئی۔ اور دوسری دفعہ بھی علی ہذا القیاس۔ رقیمہ نیاز عمر الدین ولد پیر بخش عرضی نویس خریدار پیسہ اخبار ۱۳۳۴۵

۱۰۳- زری سے پسینہ کا رنگ دور کرنا :- بعض اوقات اکثر برادر لوگ اپنی لونگیاں وغیرہ جو کہ پسینہ لگنے کے سبب سے خراب ہو جاتی ہیں ہمارے پاس صاف کروانے کے واسطے بھیجدیتے ہیں۔ اگر کوئی صاحب اس رنگ یا سیاہی کو زری سے دور کرنے کی ترکیب جانتا ہو از راہ عنایت اس سے مطلع فرما کر مرہون احسان فرماوے۔ خریدار ۱۶۰۸۵

۱۰۴- سول لسٹ - ممالک شمال مغرب و اودھ کی سول لسٹ اردو میں کہیں چھپی ہے یا نہیں۔ اگر چھپی ہے تو کہاں سے دستیاب ہو گی۔ رقیمہ خریدار ۵۲۳۷

[جہانتک مجھے علم ہے نہیں چھپتی - ایڈیٹر]

۱۰۵- ۱۰ دام کا تیل :- لگانے کی چھوٹی دستی مشین جس میں پاؤ بھر یا چھٹانک ۱۰ دام کا تیل بآسانی سے نکال لیا جاتا ہو کہاں سے دستیاب ہو گی اور اسکی کیا قیمت ہے مجھکو ایسی کل کی سخت ضرورت ہے اگرچہ یہاں چھوٹے چھوٹے کولہو موجود ہیں لیکن خالی از دقت نہیں۔ آپکو اخبار کا خریدار ۱۶۱۹

۱۰۶- ربڑ - ایک ایسی ربڑ کی ضرورت ہے جس کے ذریعہ سے چھپے ہوئے یا انگریزی رنگ کے لکھے ہوئے حروف آسانی سے چھیلے جاویں اور کاغذ خراب نہ ہو۔ (نور الٰہی محمر)

جواب

۸۲- مستقل ٹکٹ - کسی نے استعمال شدہ ٹکٹوں کی بابت دریافت کیا تھا لہٰذا عرض ہے کہ ایجنٹ جگلہ ۳۸ بریلی لیتے ہیں اُن کے پاس عمدہ کامنی آدھ درجن بھیجکر ایک کتاب منگانی پڑتی ہے جس میں تین سو استعمال شدہ ٹکٹ یا لفافہ اور پوسٹ کارڈ کی مہریں لگانی پڑتی ہیں اور وہ کتاب واپس کیجاتی ہے منظوری پر ۵ کی مگھڑی انعام میں دیجاتی ہے چنانچہ میں ابتک ۴ لیچکا ہوں اور ٹکٹ جمع کر رہا ہوں۔ عبد الحق خریدار ۱۳۳۸ از انبالہ

۸۴- دفع کھٹمل کا مجرب نسخہ :- اور اس کا نسخہ یاد ہے وہ یہ ہے۔ کہ کیروسین یعنی مٹی کا تیل جو کہ عام رائج ہوتا ہے تیل تخم کے ہمراہ ملا کر جوڑ چارپائی میں ٹپکانا موجب دفع کھٹمل ہو گا۔ (خریدار ۱۳۳۸)

۸۵- صاف کرنا :- بجواب سوال پیسہ اخبار مورخہ ۱۵ اکتوبر ۱۸ء پیتل کے ہوئے چونے سے جسے پانی ڈال کر نرم کر لیا جاوے چنی لی جائے اور بعد میں موٹے کپڑے سے مل کر دھو لی جائے۔ صاف ہو جائیگی۔ (عبد الرزاق محکمہ کمسریٹ بریلی)

شعر و سخن

محبت

نتیجہ طبع جناب منشی احمد حسین خاں صاحب بی۔ اے

[برائے پیسہ اخبار]

کونسے منہ سے ہو تعریف محبت تیری
بسکتی دل میں مرے جاندی صورت تیری

مرتے دم تک بھی نہ بھولیگی مروت تیری
بھلدا ساری زمانہ کو ہی چاہت تیری

چشم بد دور رہے کیا پیار کی ہے ذات تیری
دل جو پوجے تو پھر رنگ نیا تو ہو
دل جو مجنوں ہو تو پھر روپ لیلیٰ تو ہو

زندگی شہد ہے گر شہد میں میٹھا تو ہے
تلخ گر ہے تو مٹھاس کری میں تلخی تو ہو

گھر وہ ویراں ہی نہیں جسمیں صورت تیری
بزم میں نکہت گل سبز کبھی جنگل میں
ستم ڈھاتی ہی بنکے تبسم کبھی گلزار میں ہو
بنکے پروانہ کبھی شمع پہ جل جاتی ہے

سخت حیران ہوں میں دیکھی ہمت تیری
شہادت میں تجھے ہنستے ہی چکھتے دیکھا
تجھکو آغوش میں دار کی چکھتے دیکھا
تجھکو خنجر میں عقیدت کے چکھتے دیکھا
تجھکو صحرائے ارادت میں منکتے دیکھا

اور ہر رنگ میں کی ہمنے زیارت تیری
حال دنیا پہ جہالت میں ہے ڈالا تو نے
عقل کو نور کے سانچہ میں ہے ڈھالا تو نے
اکثر اوقات کی ہنسی کو ہے ٹالا تو نے
ہمکو گرداب بلا سے ہے نکالا تو نے

دل وہ پتھر ہو بے جسمیں نہ صورت تیری
تیری کوشش سے زمانہ میں بھلا ہوتا ہی
تیری تلقین سے ہر بندہ خدا ہوتا ہے
تیری تدبیر سے ہر عقدہ جدا ہوتا ہی
دل کے آئینہ کو تجھ سے ہی جلا ہوتی ہے

جان پر کھیل کے کرتے ہیں حفاظت تیری
تو نہ ہوتی تو زمانہ میں نہ چلتے
شجر خشک ہری ہوتی نہ گر پھلتے
کبھی ترتیب کیسے نہ دیتے تک جلتی
مختصر یہ کہ زمانہ کے نہ دھندے چلتے

دنیا قایم ہی تو قایم ہے بدولت تیری
کشور حسن خداوندی کی تو رانی ہے
اور آسایش گیتی کی تو ہی بانی ہے
تجھکو سو واسطے کہتا ہوں کہ لاثانی ہے
کالی کوسوں پہ گئی تجھ سے پریشانی ہے

دور سے دیکھ لی اے حور دو صورت تیری
مجھکو مسجد سے محبت کی ہوا آتی ہے
شور ناقوس میں اسکی ہی صدا آتی ہے
ذرہ ذرہ میں نظر جلوہ نما آتی ہے
اسلئے مجھکو یہی ایک دعا آتی ہے

گر خدا دیوے محبت تو محبت تیری
شیر کی غار میں بھی ہنستا ہے بھیرا تیرا
اور نشیمن میں ہے چڑیوں کے بسیرا تیرا
مجھکو ہر جگہ نظر آتا ہے ڈیرا تیرا
روشنی تیری ہے اسے جان منیرا تیرا

بڑھگئی چرخ معظم سے بھی رفعت تیری
خوشنما دولہا کا سہرا ہے یہ سر پر تجھ سے
اور دولہن کا کھلا ہے یہ دلبر تجھ سے
اور دلاویز ہیں کاکل و گیسو تجھ سے
مہک بھاتی ہیں روشن ہیں شبو تجھ سے

گل فردوس سے بھی ہے کہیں بڑھکر نکہت تیری
سخت نادان ہیں جو تجھکو برا کہتے ہیں
انکی قسمت ہی بری صدمے اٹھاتے ہیں
زیر سایہ تیری کب درد و الم رہتے ہیں
تجھسے تو جیتے ہیں عزت و حرمت پاتے ہیں

کس کا دل لاکے کروں جان شکایت تیری
تو جوانی ہی تو پھر دولت و حشمت کیا ہی
مال کیا مال ہی اور زر کی کثرت کیا ہی
تندرستی مقابل تیرے نعمت کیا ہی
حسن کیا شی ہی جوانی کی ضرورت کیا ہی

مجھکو ہر چیز میسر ہے بدولت تیری
کوئی ہنستا ہو تو ہنستی ہو نہیں ہی پروا
مجھکو گر ناچ نچاتی ہے محبت تیری

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۱۴۴	یوم شنبہ - ۵ - نومبر سنہ ۱۸۹۸ء مطابق ۱۹ - جمادی الآخر سنہ ۱۳۱۶ ہجری - موافق ۲۴ کاتک سمت ۱۹۵۵ بکرمی	جلد ۱۲

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

[illegible] ۱۲ اگست سنہ ۱۸۹۸ء تک ۱۳ ہفتہ میں [illegible] ۱۲ اپریل سنہ ۱۸۹۸ء تک ۱۳ ہفتہ میں مندرجہ ذیل اشیاء تجارت [illegible] ممالک غیر سے ہندوستان میں داخل ہوئیں:-

	ماہ اگست میں		۳۱ اگست تک	
	سنہ ۱۸۹۸ء	سنہ ۱۸۹۷ء	سنہ ۱۸۹۸ء	سنہ ۱۸۹۷ء
(حیوانات)				
گھوڑے	۰	۰	۶	۲
خچر	۰	۲۰	۰	۲۰
سینگ والے مویشی	۱۱۹	۳۷۴	۲۰۲	۱۱۷۵
بھیڑ بکری	۲	۱۴	۴۲	۶۵
میزان	۱۲۳	۴۰۸	۲۵۰	۱۲۶۲
(اشیاء مکولہ)	۵۴۲	۳۲۴	۱۴۷۵	۸۴۴
(حیوانات و حیوانات)	۶۹۴	۷۳۲	۱۷۲۵	۲۱۰۶
(اشیاء متفرقہ)				
[illegible]	۱۲۹۵۱	۴۱۶۷	۵۶۶۳	۷۵۳۷
[illegible]	۱۱۹۳۲۱	۴۳۷۰۹۹	۱۹۷۳۲۹	۴۶۷۶۵۴۱
[illegible]	۵۳۲۵	۸۰۴	۱۵۶۴۹	۵۷۳۷
[illegible]	۱۸۴۷۷۰	۳۲۸۱۹	۲۵۳۲۵۷	۳۱۶۹۰۱
[illegible]	۱۲۷۹۱۱	۱۰۳۹۰	۹۵۳۰۴۹	۴۹۴۲۰
[illegible]	۹۴۲۱۶	۱۹۳۰۶	۱۱۷۹۹۰۴	۱۱۶۰۱۲۳
[illegible]	۱۳۰۶۰	۱۲۰۲۵	۹۲۹۰۸	۹۱۲۳۰
[illegible]	۴۴۸۳۳	۲۶۴۰۹	۲۳۴۷۲۵	۲۸۸۵۱۶
[illegible]	۱۹۵۵۷	۱۱۵۱۱۴	۸۳۰۶۲	۸۳۳۴۴
[illegible]	۱۳۰۸۳	۱۸۵۹۲	۹۲۴۲۴	۷۱۶۶۰
[illegible]	۱۵۴۱۰	۱۲۵۷۲	۷۷۰۵۶	۷۳۴۶۹
[illegible]	۳۴۳۰۹	۲۰۶۹۶	۱۴۳۴۰۳	۹۵۴۳۷
[illegible]	۳۸۴۶	۳۴۱۲	۱۶۸۱۶	۸۵۹۸
[illegible]	۲۱۰	۱۲۰	۸۱۵۰	۱۸۰۰۲
[illegible]	۵۴۴۳	۰	۴۳۹۲۴	۴۲۱۸
[illegible]	۹۲۱۰	۸۵۱۰	۱۵۱۶۶	۱۰۶۹۲
[illegible]	۱۱	۰	۷۰۴۹	۲۵۶۹

مذاق

دوست (واشتہار دینے والے سوداگر سے): آپ کی دوائی میں کونسی قیمتی جزو شامل ہے؟

دوائی فروش:- اشاعت اشتہارات +

ننھی لڑکی:- بابا! کیا لوگوں کو شیر خوار بچوں کے دھوکہ دینے کے واسطے پیدا ہوسکتی ہے؟

ماں:- بیٹی تو کیوں پوچھتی ہے؟

ننھی لڑکی:- اسلئے کہ ہماری پڑوسن نے بچہ کو میٹھے شربت دودھ کہکر ایسے کڑوی دوائی چٹادی تھی +

باپ:- میرے پیارے بچے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ تمکو اس ہفتہ میں مدرسہ سے ٹیک چلنی کا تمغہ ملا ہے (جو اسکے گلے میں تھا)

بیٹا:- ہاں اباجان۔ یہ در اصل ٹامی رولنڈ کو ملا تھا لیکن میں نے اسکو کہا کہ اگر تم یہ میرے حوالہ نہیں کردوگے۔ تو میں تمہارا سر توڑ دوں گا +

ایک:- کبھی آپکو کسی ایسی عورت کیساتھ ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ جس کی آواز تمہارے کانوں میں کرخت معلوم ہوئی ہو؟ اور جسکو سنکر تم ہنسا ہو؟

دوسرا:- ہاں ایسی آواز میری ماں کی تھی۔ جب وہ مجھے صبح کے وقت جگایا کرتی تھی +

سوال:- سنا ہے کہ کسی حاکم نے حکم دیا ہے کہ جسکے مرض کا علاج نہیں ہے کہ وہ فوراً مار ڈالے جائے۔ کیا آپ اسکو مانتے ہیں؟

جواب:- ہرگز نہیں۔ آدمی کا فرض ہے کہ جہاں تک ہوسکے بھی ہر کسی کا علاج کرے +

راجو:- کیا وجہ ہے کہ تمہارا دوست ٹیڈی اسقدر سست گام ہوتا جاتا ہے۔ کیا گھوڑ دوڑ میں اس کا روپیہ برباد ہو چکا ہے؟

راؤ:- وہ گھوڑ دوڑ میں کبھی شریک نہیں ہوا۔ اس کا روپیہ انسانی دوڑ میں برباد ہوتا ہے

راجو:- یہ کسطرح؟

راؤ:- اس وقت اسکے ۹ بچے ہیں +

عجیب عجیب باتیں

ماں کے پیٹ میں دانت:- عرب اخبار صباح الخیر ناقل ہے کہ ملک اسٹریا کے ایک شہر جیک کے موضع ترابیا میں جو سمر ناک کے قلعہ سے ہے ایک عجیب الخلقت بچہ پیدا ہوا ہے جسکے پورے دانت ماں کے پیٹ سے نکلنے کو وقت تھے +

مصنوعی دانتوں کی بھاری قیمت:- ایک اخبار ہندی دنداں ساز کو سات سو پونڈ صنعور نظام حیدر آباد نے مصنوعی دانتوں کیواسطے دئے ہیں۔ ان دانتوں کی قیمت ایک گنی سے لیکر ایک پونڈ ہے اور عموماً ۵۰ پونڈ کل تیسی کے ہوا کرتے ہیں اور لندن کے مغربی حصہ میں کامل نصف کیواسطے ۱۰ پونڈ سے لیکر ۲۰ پونڈ تک دئے جاتے ہیں +

ہاتھی کا کورٹ مارشل:- ایک افواہ چاندنی ہو صوبہ وسط ہند میں ایک ہاتھی کو رٹ مارشل کے زیر تجویز ہوا تھا۔ اس پر ایک دیسی فیلبان کو ہلاک کرنے کا جرم لگایا گیا تھا اور تحقیقات سے معلوم ہوا تھا کہ مقتول اس کے کھانے میں چوری کیا کرتا تھا۔ ہاتھی نے اس کو عین موقع پر پکڑ لیا اور اسکو چیر کے پیچھے دبا کر اس کے گرد سونڈ لپیٹ دیا۔ اور بصرور زور سے دبایا یہانتک کہ وہ زمین پر گرتے ہی مر گیا۔ اسکے بعد موقع پر پیشکش کے تمام ہاتھی لا کر دو قطاروں میں کھڑے کئے گئے اور قیدی ان کے بیچ میں کھڑا کیا گیا اس کی گردن کے گرد بہت بھاری زنجیر لپٹی ہوئی تھی۔ اور دونوں چار سوراخوں میں ڈالکر زنجیروں سے جکڑے گئے تھے اور بریگیڈ میجر نے کچھ فاصلہ پر کھڑے ہو کر کاغذ لکھا اور تمام کارروائی مقدمہ پڑھ کر سنائی جس میں ۴۸ ضربت زنجیر لگانیکا اور ۳ ماہ اس کے پاؤں کیساتھ کیلی باندھنے کا حکم تھا۔ سزا دینے والے ہاتھی نے آگے بڑھکر زنجیر لگانے شروع کئے اور بالکل عالم سکوت تھا۔ اور صرف قیدی ہاتھی کی اس وقت آواز نکلتی تھی۔ جب زنجیر اس کی پسلیوں پر پڑتا تھا +

شتر مرغ کی چال:- جانوروں کے علم کے واقفہ جانتے ہیں کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہو تو اس کے قدم بیس بائیس انچہ کے ہوتے ہیں جب معمولی چال چلتا ہو تو ۲۰ انچہ کے اور جب ڈر کر یا بھاگنے لگے تو ۱۴ فیٹ تک اسکا ایک ایک قدم جاتا ہے۔ گویا کہ اسوقت یہ ایسی ریلگاڑی کی رفتار سے بھاگتا ہے۔ جو کہ پچیس میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہو۔ اور اس پر بھی پیدل اور گھوڑوں کے سوار اس کا شکار کرتے ہیں +

مردی کاس

خاص تصدیق شدہ نامردی کا داخلی علاج نظیر العلاج

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ دماغ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردی کاس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی :-

روح حیات دو رتل (حصہ) پانچ روپے۔ روغن دافع سستی ایک شیشی ۱ للعہ

مادہ زا نامردی کے سوا رخواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونیکے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی کی جو ضعف لے کر انسان کو گوشہ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ سیحا صفت ادویات اپنی طلسم شد طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقت کو واپس لاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی کمزوری۔ لاغری وغیرہ شریر پر بھی اثر ہو جاتی ہے۔ اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو + قیمت فیکس آٹھ روپے


(۳) کوئی صاحب مضمون نام بتا کر یہ کہنا تعلق کسی اخبار یا ایسے کارخانہ سے ہو کہ جہاں ناموں کی لسٹ موجود ہوتی ہو وہ اس انعام سے مستفید نہیں ہو سکیں گے کیونکہ انعام دینے سے پہلے مذکورہ بالا آدمیوں کی تصدیق کی جائیگی۔

(۴) ہمارے پرچہ کو ابتک بفضل خدا اکہزار خریدار ہو چکے ہیں ہم کل پندرہ سو خریدار ہونے پر اس انعام کو تقسیم کر دینگے جس صاحب کو انعام میں شامل ہونا ہو وہ بہت جلد کوشش کرے ورنہ پھر پچھتانا فضول ہوگا۔

المشتہر منیجر اخبار خادم الملک چھاؤنی میاں میر ضلع لاہور پنجاب

شملہ سے خبر آئی ہے کہ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے فوج پنجاب، بنگال اور بمبئی کے سواروں کو ایسے گھوڑوں کی قیمت دینا منظور کیا ہے جو سرکاری ملازمت میں تلف ہوں۔

سنا جاتا ہے کہ لاکپور میں ایک ہزار روپے کی لاگت سے گھنٹہ گھر تیار کیا جائیگا۔ بعض لوگ اس کا چوک میں تیار ہونا پسند کرتے ہیں جس سے رونق دوبالا ہوگی۔

پچھلے سال پنجاب میں مویشیوں کے سرقہ کا نمبر خصوص لاہور، گوجرانوالہ، شاہپور، جھنگ، منٹگمری، ملتان، ڈیرہ غازیخان اور گرداس پور میں بہت بڑھا ہوا تھا۔

ممالک غیر

بیرونہ اسپرس چین نے ایک فرمان جاری کیا ہے کہ ملک کی خوشحالی مدنظر رہے گی اور ایک تجارتی بورڈ شنگھائی میں اور دوسرا ہانکو میں قائم کیا جائیگا۔

سلطان المعظم نے بتعمیل رسوم سلاطین غیر تمام رومی افواج کے کریٹ سے نکالنے کا حکم دیا ہے۔

سکندیہ میں کئی انارکسٹ شہنشاہ جرمنی کی جان لینے کے شبہ میں گرفتار ہوئے ہیں۔

کیوبی سکہ ہفتہ میں دو بار کارروائی کریگی۔ اسکی رپورٹ غالباً سال آئندہ تک ملتوی رہیگی۔

سر انٹونی مکڈانل لفٹنٹ گورنر شمال و مغربی صوبجات کو دلائت میں بہت بھاری دعوت دی گئی۔

فرانسیسی اخبارات کہتے ہیں کہ فرانس کو فشودا کی خالی کرنا منظور ہے مگر چاہتا ہے کہ کوئی حرف اسپر نہ آئے۔

لارڈ جارلس بیرسفورڈ وارد پیکن ہوئے۔

اخبار ٹائمز نے لارڈ سالجن کی حکومت کی بہت تعریف کی ہے۔

لارڈ بارن کابنت لیبر ڈین میں منصب کیا جائیگا۔

تاجر سالی لنڈن کو عام لوگوں کی ملکیت اور اقتدار میں رکھنے کی تجویز ہے۔

ارجنٹائن کانگرس نے ۱۱۰۰۰۰ جوان جمع کئے ہیں۔ تاہم سرحدی تنازعہ باہمی مصالحت سے ہونے کی امید ہے۔

فرانس میں ایک بھاری لٹری سازش کا پتہ ملا ہے جس کا مفصل حال اب تک نہیں کھلا۔

فرانسیسی ریلوے ملازموں نے نل کر کام چھوڑ دیا ہے۔

شہنشاہ ولیم نے مصر کا جانا ترک کر دیا ہے۔

جنرل لاکہارٹ ملبورن میں ہز میجسٹی کی ملاقات کے واسطے گئے اور جہاز کیلیڈونیا میں نہضت فرما کر بمبئی ہونگے۔

۲۳ - اٹالین جہاز پیکن پہنچ گئے ہیں۔

ماہ رواں کے اخیر تک ۳ - ڈاکٹر ولانت سے طاعون کی ماہیت دریافت کرنے کے لئے ہند کو آئیں گے۔

سلاطین نے مقدونیہ کے استیصال کے متعلق تدابیر پر غور کرنے کے لئے اٹلی کی دعوت کو قبول کیا ہے۔

لارڈ کرزن کی جگہ آنریبل مسٹر سنٹ جان برادرک پارلیمنٹ میں سکرٹری ہوئے۔

جاپان میں لڑکوں کو دونوں ہاتھ سے لکھنا سکھایا جاتا ہے۔

کبھی انسان سے ۱۳ حقے زیادہ نہ پی سکتی ہے۔

دانیا میں تیرنا، کشتی چلانا اور تار کے کام سے واقف ہونا پولیسمین کی قابلیت میں داخل ہے۔

پرلینڈ کے قصبہ گلیشیا میں ایکنر ارکی آبادی کا ایک قصبہ ہے جس کے باشندوں نے کبھی آفتاب نہیں دیکھا۔

برٹش فوج کے ردی کپڑوں کی فروخت سے جنگی خزانہ کو تین ہزار پونڈ وصول ہوئے ہیں۔

لندن میں معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ مسٹر مارچنڈ اس قدر تنگ ہے کہ مدت تک نشوونما نہیں پھر سکتا۔

نیم سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ فرانس کو فرسٹ سوڈان کی تجارت کو فروغ دینے کے واسطے وادی نیل کے ساتھ لگاؤ رکھنے کا دعوی ہے۔

سلطنت عثمانیہ مختصر فوج کریٹ میں رکھنا چاہتی ہے۔ جو سلطان المعظم کی شہنشاہت کا نشان ہوگی۔

اسکاٹ لینڈ سٹمن مرحوم کی قومی یادگار قائم کرنے کے واسطے جمع کی گئی ہیں کی ایزادیاں کی گئی ہیں۔ ماہ اگست کے اخیر تک ۳۳۲۲ پونڈ ۱۹ شلنگ جمع ہوا تھا۔

ٹونی سین میں بہت بھاری آندھی آئی جس سے صوبجات بلیس اور گرینیڈا میں عظیم نقصان ہوا۔

اٹلی میں کوہ ویسویس کی آتش فشانی سے گرد و نواح کے لوگ معرض خطر میں ہیں۔

شاہ کوریا جن کو کھانے میں زہر دینے کا شبہ ہوا تھا اب صحتیاب ہو رہے ہیں۔ مگر ولیعہد کو افاقہ نہیں ہوا۔ ایک اہلکار شاہ کے کھانے میں زہر ملانے کا حکم دینا قبول کرتا ہے۔

بوسٹن کے ایک پیغام تار سے صاف ہوا کہ قسطنطنیہ کے آگے ایک ماہیگیر جہاز ایک دوسرے جہاز گلاسٹر سے ٹکرایا جس کے صدمہ سے پہلا جہاز نو آدمیوں کو لے ڈوبا۔

گورنمنٹ بین نے شنگھائی ریلوے کی تعمیر کے واسطے بانک کانگ شنگھائی بنک سے ۲ لاکھ پونڈ قرضہ لینا تجویز کیا ہے۔

یہ ثبوق اعتبار کیا جاتا ہے کہ جاپانیہ والے صوبجات بندرگاہ مطالبے قبول کرینگے کیونکہ افواج امریکہ اور بحری طاقت ان کو نافذ کرا سکتی ہیں۔

کونٹ سوراویف وارد پیرس ہوئے اور ایم ڈیگیسی کے ساتھ بہت طول طویل گفتگو کی۔ روسی وزیر معاملات خارجہ اس ہفتے کے وسط تک فرانس میں رہیگا۔

اطلانٹک ٹرانسپورٹ سوسیٹی لیسنر کے آگے خشکی پر اتر گیا اور ۱۴۳ - اشخاص تباہ ہوئے۔ ایک دوسری خبر سے ۸۴ آدمیوں کے ہلاک ہونے کی اطلاع ملی ہے۔

برٹش سفیر مصر کی بیوی لیڈی کرامر نے وفات پائی۔

راجہ صاحب سرادک نے ہوگلاسٹر شائر [illegible] شکار کھیلنا چاہتے ہیں سارن سٹر کے قریب ایک مکان کرایہ پر لیا ہے۔

شہنشاہ ولیم کے مقدس سرزمین میں جانے کے خرچ کا تخمینہ جو سلطنت عثمانیہ کو ادا کرنا پڑتا ۲۸ ہزار پونڈ کیا گیا تھا اس میں قسطنطنیہ کی دعوت کا خرچ بھی شامل تھا۔

شہنشاہ ولیم وارد ڈوار ڈ نیلز ہوئے۔ جہاں قلعوں اور جنگی جہازوں سے آپ سلامی سر ہوئیں۔

سینٹ پیٹرسبرگ سے ان جہازوں کی تفصیل آئی ہے جو جرمنی، فرانس، امریکہ اور انگلستان میں تیار ہونے کا حکم دیا گیا ہے اور لکھتا ہے کہ اس آرڈر کس کمپنی نے کتنے دن میں تیار کرنے کی آمادگی ظاہر کی ہے۔

جرمنی میں ایک سرکاری والا ایک نن کمیشن افسر کو ملٹری تجاویز اور نقشے پکڑوانے کی ترغیب دینے کے جرم میں ۵ سال قید ہوا۔

معقولہ ڈیوک مانڈرائٹ جس کے منی صندوق اور میز اق شاہی اسلحہ اور سکوں پر لکھا ہوا ہوتا ہے۔ سب سے پہلے شیر دل رچرڈ نے ۱۱۹۱ء میں فلپ دوم شاہ فرانس کو شکست دینے کے وقت استعمال کیا تھا۔

Chamberlain's Cough Remedy

چیمبرلینس کف ریمیڈی

(یہ چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی امریکہ میں بنائی ہوئی)

ہر قسم کی کھانسی۔ زکام، نزلہ بچوں کی کھانسی، کالی کھانسی، سیل گلہ کی کھڑکھڑاہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل ختم کر دیتی ہے۔ امریکہ میں ہم ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ایک مرتبہ اس کو آزمائیے اور صحت پائیے۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے

تمام اکثر دوا فروش بذمہ کرتے ہیں

لاہور میں شیخ نصیر الدین نیو ٹین کلکٹن پنجاب میڈیکل ہال اور امرتسر میں یہاں فیروز الدین سوداگر ادویات مگر دوا فروش بازار سے مل سکتی ہے۔

عجیب و غریب

ناظرین ہم کو بہت تعریف اور شکریہ کے خط لکھتے ہیں۔ ہم صرف یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ ہم تعریف کرتے ہیں کہ گھڑی ہماری گھڑی بنانے والی کمپنی نے اندر گھڑی اپنی کمپنی کی قیمت دینے کے لئے بھیجی ہے۔ ہم اس گھڑی کی ڈبیہ کی تعریف کرتے ہیں۔ ہماری

لیجسلیٹو کونسل کے سیشن کلکتہ میں ایکٹ معاہدہ شاگان دیسی مسافران پاس ہونگے - اور شاید کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی بھی ترمیم ہو ؛

ہفتہ گذشتہ ۲۴ ستمبر کو ہندوستانی ریلوں کی آمد میں ۷ لاکھ روپے کی کمی تھی ؛

گورنر جنرل باجلاس کونسل کے ایکٹوں کی دو جلدیں ۱۸۹۷ء والی کے اخیر میں شائع ہونگی ؛

مسٹر سی - مارڈ افسر ڈاکخانجات حیدرآباد کی میعاد دلائو ۲ سال قریب الاختتام ہے - لہذا اُس کو وسعت دلانے کی کوشش کیجارہی ہے

آنریبل مسٹر جسٹس پارسنز اکٹنگ چیف جسٹس نے سر چارلس سارجنٹ سابق چیف جسٹس کا بت کھولا اور بیان کیا کہ صاحب موصوف ۲۹ سال اس عہدے پر اجلاس فرما رہے

صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند طاعون کی اہمیت دریافت کرنے کے لئے ہند میں ایک کمیشن قائم کرینگے۔

مسلمانان ترچناپلی نے کپ طاعون جلا دیا۔ اور ہاسپٹل اسسٹنٹوں کو پتھراؤ کیا۔

پبلک ورکس اور ملٹری ڈیپارٹمنٹ کے بنگالی دفاتر کے شملہ میں رہنے سے بہت بدحواس ہو رہے ہیں اور اس کے خلاف گورنمنٹ کی خدمت میں میموریل بھیجنے والے ہیں۔

ڈویژن اور ۳ ڈیسی افسر ۱۹۲ جولان۔ ۲۱ ملازم ۳ ہاسپٹل اسسٹنٹ ایسٹ افریقہ فوج میں بھرتی ہونے کے واسطے روانہ ہوئے ہیں۔

ریلوے طنگ سٹیشن جہانگیر آباد اودھ کا ڈاکہ پر ڈاکوؤں نے حملہ کیا۔

گوداگیر مقامات میں سردی بڑھتی جاتی ہے گرمیکنڈ آباد اور حیدرآباد سندھ میں مقیاس الحرارت ۱۰۵۔ اور ۱۰۶۔ درجے تک چڑھا ہوا ہے۔

پریسیڈنسی بمبئی میں اب تک قحط زدہ لوگ امدادی کاموں پر ہیں جن کی تعداد ۷ ستمبر کو ۲۲ ہزار تھی۔

آنریبل کلکتہ میں سبز مکھی کا بہت زور ہے۔ شہر کے بعض حصوں میں آفتاب غروب ہونے کے بعد مکانوں کے دروازے بند کر لئے جاتے ہیں۔

مسٹر اوکڈن جائنٹ مجسٹریٹ میرٹھ نے نواب سلطان محمد خاں۔ خلف نواب سردار بہادر پولیٹیکل قیدی اور اس کے چچا اور ۳ ملازموں کو جھوٹا دعوی کرنے کے جرم میں سزا دی۔

آئندہ جو دیسی سپاہی اپنے لوز سے علیحدہ کر کے ٹرانسپورٹ فرائض پر لگائے جائینگے ان کو نائد الاونس طاکر کلاں کمشن افسروں کو ۴ روپے سواروں اور سپاہیوں کو ۳ روپے۔

لارڈ ڈفرن کے ورود بمبئی میں لیجسلیٹو کونسل کے ممبر مسٹر اور لیڈی الیگزنڈر میتھم سر ولیم کنسم۔ کرنل ڈیوڈ سن اور کرنل ڈنکلن وغیرہ ساتھ جائینگے۔

پیتاپور میں مسٹر بیگ پر حملہ کرنے کے جرم میں ۴ سکھ چپراسی کو ڈپٹی کمشنر مان بھوم کے اجلاس سے سات سال قید بامشقت کی سزا ہوئی۔

ہائیکورٹ بمبئی کا سالسٹر جس کو ۷۹۰۰ سرکاری روپے ادا کرنے کا حکم تھا۔ بھاگ گیا۔

نہر بیگو کے افسر مہر سکری اور اس کی بیوی کو ڈاکوؤں کے ایک مجمع نے ہلاک کیا۔ ملزموں کی تحقیقات ہو رہی ہے۔

مدراس میں صاعقہ برق ایک درخت پر گرا۔ بہت سے ٹکڑوں میں چیر گئی۔

کپتان کانجی اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ جھلوٹ کے اجلاس میں سوتی چند۔ نانک چند۔ لدھا بھائی کاروباریوں پر بھاگدڑی کے متعلق مقدمہ سن رہے ہیں۔

منشی محمد امیر سب انسپکٹر ضلع علیگڈھ کو ڈکیتی وغیرہ

ایک سرائے میں نہایت بیرحمی سے ہلاک کیا اس وقت وہ ضلع لگان کے مقدمہ کی پیروی کے واسطے گئے ہوئے تھے۔

باغی نہادی ورتع ضلع سلیم کے مسلمانوں نے طاعون کے ایک کیس کو علیحدہ کرنے پر فساد کیا جس کے فرو کرنے کے واسطے ۴ سو سپاہی جمع کئے گئے۔

ٹرننپور ٹ کمیٹی اس ماہ کے اخیر میں اپنی ابتدائی رپورٹ بھیجنے والی ہے۔

کپتان پرینڈ گاسٹ متعلقہ ۲۰ ویں پنجاب انفنٹری کپتان کمندرو کی جگہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ افسر خبر مہوئے۔

۱۲ تاریخ کو کلکتہ میں بہت بھاری طوفان آیا اور بارش بھی ہوئی۔

مدار المہام صاحب ریاست پونچھ کی توسیع ملازمت کی نسبت گورنمنٹ ہند سے منظوری ہو گئی ہے۔

تعمیرات آبپاشی رام پور کا کام بہت جلد تیار ہو رہا ہے جس کی طفیل شہر کو وبائی امراض سے نجات ہوگی۔

مسٹر ہیوبک کمشنر فیض آباد سروس سے علیحدہ ہونے والے ہیں۔

مسٹر ڈاس اگزیکٹو انجنیر آسام قائم مقام انجنیر انچیف فاڑی آباد و مراد آباد ریلوے ہوئے۔

مسٹر جی۔ ڈبلیو۔ لین متعلقہ مدراس پولیس۔ اور مسٹر ایم۔ ایف۔ جی۔ مارش متعلقہ محکمہ جنگلات کی خدمات گورنمنٹ سیام کے زیر اقتدار کی گئی ہیں۔

منسٹر پول اور اس کا خانساماں مسٹر پول کو قید دینے کے جرم میں مسٹر مجسٹریٹ آگرہ کے اجلاس میں پیش ہونگے۔

پولیس کورٹ کلکتہ میں ایک شخص گوپی ناتھ سود نے مسٹر ڈبلیو۔ اے لکسے کے نام جس پر مزاحمت پیجا اور حملہ مجرمانہ کے جرم میں سمن جاری کرنے کی درخواست کی۔

رنگون میں حضور ایڈورڈ ہفتم کے استقبال کے واسطے جو فنڈ جمع ہو رہا ہے اب تک ۶۶۰۰ روپے تک پہنچ گیا ہے۔

بگل لانس گرنگھ متعلقہ ۳ پنجاب کیواری کی سزائے قصاص بجرم قتل رسالدار کمانڈر انچیف ہند کے اجلاس سے بحال رہی۔

فوجی وردی کا کارخانہ ۱۸ سے ۲۰۔ اکتوبر تک بوجہ مرگا پوجا بند رہیگا۔

سکول ماسٹر ڈیسوزا متعلقہ پانچ پیڈ رنگون گارڈ چہارم سرکل بنگلور حال مقام انسپکٹر مدراس مقرر ہوئے۔

میجر آنریبل چارلس ہارپور ڈسنے لارڈ کرزن کا سکرٹری ہونا منظور کیا۔ لارڈ موصوف کے سٹاف کی بڑی بڑی اسامیاں تا حال خالی ہیں۔

مسٹر گرنیل جنگلات کے اسسٹنٹ ریاضی کا رسالہ لکھ رہے ہیں۔

گورنمنٹ ہند سروے جنگلات کا انتظام کر رہی ہے۔

صاحب ڈائرکٹر جنرل ڈاکخانجات نے بمبئی اور مدراس کے مابین ولایتی ڈاک کے واسطے سپیشل ٹرین کا رکھنا منظور کیا ہے۔ کیونکہ اس طرح نصف لاکھ سالانہ خرچ بڑھ جاتا ہے۔

موسم سرما کا نیا چالان آگیا

بنیان نہایت عمدہ یہ بنیان جو اس وقت ہمارے کارخانہ میں تیار ہو کر آئی ہے اس قابل ہے کہ آپ ہمیشہ منگا کر استعمال کیجئے۔ موسم سرما میں ان بنیانوں کی استعمال سے آپکو بہت آرام ملیگا۔ بنیانیں پوری آستین بالکل اونی رنگ خاکی بھورہ وغیرہ درجہ اول تین روپیہ ایضاً اونی سوتی مکسڈ دوگرو پیہ ایضاً روئیدار اونی ایک روپیہ آٹھ آنہ درجہ دوم ایکروپیہ چار آنہ ایضاً بچوں کیلئے ایکروپیہ

فینسی اونی گلوبند یہ گلوبند نہایت عمدہ ہیں ہمیں ضرور منگوائیں موسم سرما کیواسطے گلے میں باندھنے کو گلوبند کی ضرورت ہوتو آپ ان گلوبند کو ضرور منگوائیں۔ نہایت فینسی ایکسوا اچھا لمبا نہایت درجہ اول ایکروپیہ آٹھ آنہ درجہ دوم ایکروپیہ چار آنہ ایضاً ۸۰۔ انچ لمبا درجہ اول ایکروپیہ چار آنہ درجہ دوم ایکروپیہ نوٹ:۔ ان میں بچرنگی اور ایک رنگی شل خاکی عنابی۔ سیاہ۔ بادامی۔ سبز۔ رنگ ہونگے چاہے جو رنگ میں دام دونوں کے ایک ہی ہونگے۔

بچوں کا اونی کنٹوپ یہ کنٹوپ بچوں کو موسم سرما میں بہت آرام دیتے ہیں ملائم شل ریشم کے ہے۔ ایک کے تین برس تک کا بچہ اس کو پہن سکتا ہے قیمت فی ایک روپیہ آٹھ آنہ مگر

بچوں کے پہننے کا اونی کوٹ یہ اون کا کوٹ دبازت اسکی قریب پاؤ بھر کے ہے علاوہ خوبصورتی کے ملائم شل ریشم کے ہے ایک برس کی عمر کے لڑکے سے چار برس تک کا لڑکا پہن سکتا ہے قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنہ مگر

ولایتی کمل یہ کمل نہایت گران قیمت کو بھا کرتے تھے۔ مگر اس مرتبہ اپنے خاص آرڈر سے منگوائے ہیں۔ یہ کمل دھاری دار نہایت خوبصورت ملائم شل ریشم کے ہے ایک کمل خریدنے دس پانچ برس کے لئے کافی ہوگا۔ طول قریب ۳ گز عرض قریب ۲ گز۔ قیمت بہت کم یعنی پانچ روپیہ مگر

اقسام موزہ نہایت عمدہ موسم سرما میں آپ کو موزہ پہن پہننے کی ضرورت ہوتی ہے یہ موزے بہت اچھی تفصیل ہم نے لکھ رہے ہیں ضرور منگوائیں ان موزوں کی مضبوطی سے جو تا پناہ مانگتا ہے۔ کم سے کم تین جوڑ روانہ ہونے چاہئیں موزہ اونی خاکی سیاہ بھورا درجہ اول بارہ روپیہ درجن درجہ دوم اونی سوتی چھ روپیہ درجن درجہ سوم چار روپیہ درجن ایضاً موزہ دھاری دار انبالائی نہایت صوفیانہ خوبصورت ڈبل درجہ اول بارہ روپیہ درجن۔ درجہ دوم چھ روپیہ درجن درجہ سوم چار روپیہ درجن

فلٹ کیپ ان بٹن دار فلٹ کیپ کا رواج اس وقت صاحبان میں ہو رہا ہے محتاج بیان نہیں ہمارے کارخانہ میں تیار ہیں اس وقت منگائی گئی ہیں اونی رنگ۔ خاکی۔ عنابی۔ سیاہ ہیں جو آپکو پسند ہو فرمائیں روانہ کیجائیں قیمت صرف تین روپیہ

ٹرکش تولیا یہ روئیدار تولیا نہایت ملائم ہیں قابل امراء روسا۔ فی درجن چھ روپیہ۔ نو روپیہ۔ بارہ روپیہ

بہت خوشنما ولایتی دوشالے ان ولایتی دوشالے کے مقابلہ میں کشمیری دوشالوں کی کیا ہستی ہے یہ ولایتی دوشالے دیکھنے سے نہایت خوشنما معلوم ہوتے ہیں قیمت صرف روپیہ کا خریدکر ولایتی دوشالہ نہ روپیہ کا سمجھ کر رکھ دیں ایک بکچہ رکھنے دار ہیں عیسان معلوم ہونگے ریشہ دار ہیں کشمیری دوشالوں کی کم نہیں۔ قیمتی جوڑے ۱۰ روپیہ سے ۱۵ روپیہ تک ہیں۔

ایس۔ اے۔ بی بخشی اینڈ کمپنی۔ ۱۰ لالہ بکلا ڈاکخانہ بھائیکلہ بمبئی

...کی کمی ہوتی ہے۔

...مشیر کاش صاحب کا انتقال

...مشیر کاش صاحب ایک بڑے ... تھے ... ۷۴ سال کی عمر میں ... کا انتقال کیا۔ ... اول درجے کے منتظم اور دور اندیش ... ریاست ... ان کے زمانہ میں بڑی ترقی کی ریاست ... انتظام بالکل سرکاری طرز ... ریاست سرو ہونے کے کارخانے ... چراگاہیں وقف ... آمدنی کیجاتی ہیں۔ ... افغانستان کے حملے میں انہیں جی ... صاحب ... چند سال سے بتلا ... تھا کہ مہاراجہ ... ولی میں کچھ بعض آگیا تھا۔ لاہور میں لارڈ الجن ... دیا تھا اور اس میں تمام ... موجود ... سب سے سادہ لباس ... مہاراجہ صاحب ... شمشان کی پوشاک ایک معمولی بابو کی تھی۔ لیکن ... تمام موجودہ چھوٹے اور بڑے والیان ریاست ... انتظامی قابلیت کے بھی تھے وہ فرد تھے۔ ... بہادر و جہاندیدہ ریاست ... ایک قابل اور تعلیم یافتہ ... ملقین ہو کہ اپنے باپ کے نقش قدم پر چلینگے۔

...اور گیارہ

ضلع پونہ میں ہوضع اور ... کی اشد ضرورت ... ڈاکخانے ... ایک جماعت ... والوں کی طرح ... کیا جاتا ہے ... پونہ کی طرف سے آئے تھے ... گاؤں ... دکان ... مکان پر جو کہ ... مکان ... گئے تھے۔ ... ان سب کی ناکیں ... ان بختوں نے کاٹ ... اس مکان میں جس ... قسم کے ... حساب کے ... سب کو جمع کر کے ... لگا دی ... پھر دوسرے لوگوں ... اور غائب ... مار دالی ... ہے ... حقیقت ... ہے ... کہ ... کا ... ہے؟

مجوزہ کمشن طاعون

طاعون کی تحقیقات کے لئے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے جس کمشن کے تقرر کا ارادہ گورنمنٹ سے ظاہر کیا ہے اس میں تین انگلستان کے اور ڈاکٹر دو ہندوستان سے یورپین اور ایک سویلین سکرٹری ہونگے چونکہ بلائے طاعون کو اب ہندوستان میں تیسرا سال آنے کو ہے اور ابھی وبا کے کم ہونے کے کوئی آثار نظر نہیں آتے کیونکہ اگر ایک جگہ سے تھوڑے دن وبا کم ہوتی ہے یا بند ہو جاتی ہے تو تھوڑے عرصے کے بعد وہیں یا کسی دوسری جگہ نمودار ہوتی ہے اور ترقی کر جاتی ہے۔ گویا مزاج یار ہے کہ کہیں اس کا ٹھکانا نہیں۔ پنجاب بالکل وبا سے صاف ظاہر کیا تھا۔ مگر پھر یہاں اس کا پیش خیمہ آگیا ہے۔ بنگلور اور ہوبلی میں ترقی پر ہے۔ میسور میں زیادہ پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ بمبئی میں بھی اگر کسی روز ۱۰۰ یا ۱۵۰ سے کم ہیں تو دوسرے روز زیادہ ہیں۔ البتہ کلکتہ کی مدت سے مامون ہے لیکن یہ صرف اتفاق بات ہے اس لئے اندیشہ ہے کہ اس سرما میں کہیں بہت زیادہ ترقی نہ کر جاوے۔ ترقی کرے یا ساکن رہے بہرحال یہ بڑی بربادی بخش مصیبت ہے اور یہاں تک ڈاکٹر حل نے اس کے متعلق تقدیر اور علاج میں کوشش کی ہے بہت تھوڑی کامیابی ہوئی ہے اس لئے بات ضرورت ہے کہ ایک کمشن ڈاکٹروں کی وبا کے حالات پر غور کرے۔ ہندوستان میں بہت کچھ مصالح تحقیقات کے لئے موجود ہے۔

ترچناپلی میں طاعون کا فساد

ترچناپلی میں طاعون کا فساد کل ... میونسپل کمیشنر ... گوشت بیچنے ... طاعون ... ایک ... کچھ دیا تھا۔ اور اس میں ... احتیاطوں کا ذکر ... تھا جو طاعون کے لئے عمل میں لانی ضروری ہیں۔ اس سے چند روز گذشتہ اتوار کے روز چند مسلمانوں نے ... گوشت کی ... چلہ کیا اور اس کو ... دیا۔ اور ... میونسپل ممبروں کو پتھر مارے۔ لیکن اسی وقت بارش شروع ہوئی جس سے فساد کرنے والے بھاگ گئے۔ ان کے تین سرغنے دوسرے روز پکڑے گئے اور اضافتاً پانچ کمپنیاں سپاہیوں کی انتظام کے لئے بلائی گئیں۔ باوجود یکہ اس کے مسلمانوں نے ایک جلسہ کر کے اس احاطہ کے ہمقوموں کو سختہ بھی کیا تھا کہ طاعون کے انتظام کے متعلق فساد نہ کریں۔ لیکن گورنمنٹ کو اس کے انتظام میں مدد دیتا۔ تاہم افسوس ہے کہ جاہل مسلمان فساد کرنے سے نہ ٹوکے جس کے عوض سزا پائینگے۔ اگر ان کمبختوں کو انتظام کی تفصیل کے متعلق کچھ شکایت تھی تو وہ مناسب پیرایہ میں اس کو سرکار کی خدمت میں پیش کر سکتے تھے گورنمنٹ مدراس نے اس وقت تک انتظام طاعون کے متعلق کہنے آپ کو نہایت دور اندیش ثابت کیا ہے۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— مسٹر جی سی۔ بریم کا نام کارٹ ہند کے ممبر ہونگے۔

— آئندہ پنشنر ملٹری افسروں کو یونیفارم پہننے کی اجازت ہوگی۔

— مسٹر اے۔ ایچ جی ہیر سٹر ایٹ لا مسٹر ڈبلیو بیگلی کی جگہ جوڈیکاڈر ہونگے مادل ہائی مطالبہ جات حنفیہ مقرر ہوئے۔

— مسٹر اے۔ سی۔ سارشل اگزیکٹو انجینر ریعت سندھ بیس آگر بارا۔ انجینر اوجامہ ڈیریوژن کی سپروے پر مامور ہوئے۔

— مسٹر جی سی برامنیا آئینگے ہو ہندو اخبار کے ایڈیٹر اور مترکا بیں سے تھے اس اخبار سے علیحدگی اختیار کر لیا ہے۔

— میونسپلٹی حیدرآباد سندھ نے گورنمنٹ بمبئی سے قرضہ ... روپیہ سالانہ کے واسطے ایک لاکھ روپیہ قرضہ ...

— ۱۰ اکتوبر کو گورنمنٹ ... نے میونسپلٹ ... سوال پر غور کرنے کے واسطے میٹنگ منعقد کیا۔

— بمبئی میں ... سے ... کیس آگر ... ہے۔

DR LYONS' IODIZED COMPOUND EXTRACT OF SARSAPARILLA

ڈاکٹر لائن صاحب کا آیوڈائین سے ملا ہوا مرکب سارسا پیرلا کا عرق

... ہے ... صفائی کرنے والا جوہر ... آلات ہضم ... ہے اور ان رطوبات کو جو خون کی صفائی میں حائل ہوتی ہیں ... سو لیوں ... پھوڑوں ... پھنسیوں ... ہر قسم کے خون اور جلد کی امراض کو دفع کرتا ہے۔ ہندوستان اور دنیا کے تمام انگریزی دوا فروشوں کے ہاں سے ملسکتا ہے۔ صرف عالم ... کے وزیٹر کمپنی ... اور کمپنی سے ملسکتا ہے۔

لوگوں نے اپنے ملک میں مداخلت بیجا کرنے والے سمجھ کر بہت کچھ ستایا بھی۔ اور بعض اوقات یورپین باشندوں اور امریکہ کے انڈین لوگوں سے دوستیاں بھی قائم کرتے رہے لیکن انجیر میں جب نو آبادیں بسانے والے بہت طاقتور ہو گئے تو انہوں نے انڈین لوگوں سے لڑائیاں کر کے اور طرح طرح سے اُن کو تباہ اور برباد کر ڈالا۔ ان باتوں میں اس قدر انڈین مارے گئے کہ انڈین کیا جاتا ہے۔ تمام کے تمام قریب کچھ عرصے کے بعد امریکہ کے انڈین لوگوں کی نسل بھی برباد ہو جائے۔ آخر ضلع بنی ہوئی ریکے از جملہ مختلف انڈین لوگوں نے غور شور ہو کر کے امریکہ کی فوج کے ایک سپہ سالار کو مار ڈالا ہے۔ اب ان کے مقابلے کے لئے گورنمنٹ توپیں بھیج گئی ہیں۔ بعلاوہ ان سے کیا نتیجہ ہوتا ہے کہنا مشکل ہے۔ البتہ اس کی جمعیت اندھیرے سے دنیا سے منقطع ہو جائے گی۔

ایجوکیشنل کانفرنس پنجاب میں

جناب نواب محسن الملک بہادر اپنا نشاط ظاہر فرمانے ہیں کہ اس موسم سرما میں قریب اوائل ڈسمبر کے اُن کا ارادہ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے متعلق تحریک کرنے کی غرض سے پنجاب کے مختلف شہروں میں دورہ کرنے کا ہے جیسا کہ آپ نے اس کانفرنس کے اجلاس سے پیشتر دورہ مغربی و شمالی کے مختلف مقامات میں دورہ کر کے ایجوکیشنل کانفرنس کے مقاصد و اغراض سے پبلک کو آگاہ کیا۔ اور اس سے بیٹھ کی کانفرنس کو نہایت فائدہ پہنچا تھا ہو کی آئندہ دسمبر میں

نایاب کتابیں

[illegible] ہیں صرف تھوڑی ہی دن ہیں فوٹو سیکھ لو۔ قیمت ۱۰ر
[illegible] بزرگ سعیدہ کی لاجواب کتاب۔ تل اوٹ پہاڑ ۱۰ر
[illegible] اگر تم قابل اور دلی ہونا چاہتے ہو تو اس کتاب کو خرید کر پڑھو۔ ۱ر
[illegible] شاہی بنانے کے نظم میں تعدیے نسیب فراز کا فوٹو تصویر ۱ر
[illegible] تاریخ تحریر اقلیدس طالبعلموں کے لئے نہایت مفید قیمت ۶ر
[illegible] طلسم جوانی کہانی کی شادی کا عمدہ نتیجہ نظم میں ۱ر
[illegible] حسن و عشق کا نہایت پاکیزہ سلام ۱ر
[illegible] قصہ بہرام بھروار ۲ر
[illegible] دیوان فگار نعت میں ۲ر
[illegible] ۲ر
[illegible] ۲ر
[illegible] ۵ر
[illegible] ۱ر

منجم کی کتاب۔ قیمت ایک روپیہ

[illegible] قیمت ۱ر

منیجر انجمن کرسچین مشن مراد آباد

رام پور کا پچاس ہزار کا نوٹ

تین چار سفید پوش اخبار میں بیٹھے ہوئے کسی کے متعلق ایک نوٹ لگانے (جو اپنے آپ کو "ہالف غیب" لکھنا پسند کرتے ہیں) اخبار جاپان پہنچتے ہیں۔ ان میں ایک بزرگ مسلمان کے متعلق گول ول سا فقرہ بھی درج تھا۔ اس طرح انہوں نے نواب صاحب رام پور کو صلاح دی کہ وہ اپنی جائداد ہزار روپے کے نوٹ کو اسی شرائط سے مشروط کریں کہ جو متعلقہ کالج قبول کرنے کی مشکل معلوم ہوتی ہیں۔ اب جبکہ نواب صاحب اُن بزرگ کا اس معاملے میں ہاتھ ہونے کا یقین کر لیا چاہیئے کہ انہوں نے اس غرض سے اسی صلاح ہر دی ہوگی۔ کہ خدانخواستہ کہیں کل اس جائداد سے ہاتھ دھونا پڑے۔ بلکہ اس کا منشا اگر زیادہ سے زیادہ کچھ ہو سکتا ہے تو یہی کہ اس سے متولیان پر بوجھ زیادہ ضرورت ثابت کر سکیں۔ یا نواب صاحب رام پور کے ہاتھ میں اس کالج کے متعلق کچھ اختیار آجائے۔ نہ معلوم وہ ان کالج کے متعلق کیا کچھ آپ کو اختیار دینا چاہتے ہیں۔ ہمیں اس سے کچھ غرض نہیں۔ ہمیں تو صرف اس بات کا افسوس ہے کہ ایسی جائداد کا اس بات پر کیا بھروسہ ہو سکتا ہے کہ کل کو کوئی اور ایسا ہی نوٹ نہ لگا دے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اب جبکہ معاملہ یہاں تک پہنچ چکا ہے۔ اور شرائط نواب صاحب کی منظور نہیں تھیں تو صاحب جلدی روپیہ ادا کر دیتے۔ کیونکہ نواب صاحب ایک مرتبہ پھر رام پور سے بے نیل مرام واپس ہوتے ہیں۔

تمدن عرب

یہ ایک بے نظیر فرانسیسی تصنیف ہے جس کو شمس العلماء مولوی سید علی صاحب بلگرامی معتمد تعلیمات عالیہ ریاست نظام سیدآباد دکن نے اہل زبان کی درخواست پر ترجمہ کر کے نیز اہتمام سے چھپوایا ہے۔ کتاب بڑی تقطیع کے ۴۲۰ صفحہ کی ہے اور اس میں تمدن اسلام سے متعلق (۴۲) مضامین درج ہیں۔ جو امریکہ میں تیار کرائی گئی ہیں۔ علاوہ تین نقشے کے ہیں۔ مطبع جس اعلیٰ قسم کا بنی ہے۔ قیمت کتاب مع محصول ڈاک و خرچ ولیو ایبل روپے آٹھ آنے ہے۔ کتاب کے مقابل میں کچھ بھی نہیں۔ اس کا ایک حصہ چھاپا گیا ہے جس میں تمہید سے لے کر [illegible] مضامین حواشی و فہرست مضامین پر دیا چند صفحہ اور مقدمہ کتاب ایک حصہ میں شامل ہے اور اس سے پورا اندازہ کر سکتا ہے۔ [illegible] قیمت محصول ڈاک [illegible] ہے۔ [illegible] ہوتے ہیں۔ [illegible] ہوتے ہیں۔ [illegible] ہوتے ہیں

کی ذمہ داری سے محفوظ رہا ہے۔ اسپیر صاحب لفٹیننٹ گورنر
ہونے فرماتے ہیں کہ کلکتہ کو وبا سے پاک و صاف کرنے
کی تجاویز سے۔ اور صاحب ہی انفلوئنزا وبا کے متعلق
کئی قسم کے ملازم رکھے گئے تھے ان میں تخفیف کرنے کا معاملہ
بھی پیش ہے۔ البتہ میڈیکل سٹاف میں کوئی تغیر بالفعل
نہیں کیا جاوے گا۔ سینٹری آفیسر میں تخفیف ساتھ تغیر ہوگا۔ نیز
کمپونڈر کے علاوہ ڈس انفکٹنگ (صفائی کرنے والے) سٹاف
بھی تغیر کیا جاوے گا۔ غرض یہ کہ تخفیف بہت خفیف ہوگی۔
ہمیں ابھی اندیشہ باقی ہے کہ کہیں وبا پھر نمودار نہ ہو جائے
اس وقت نئے ملازم جمع کرنے میں دقت پیش آئے گی۔ سچ
ہے کہ مزاج یار کی طرح طاعون کا مزاج بھی عجیب چنچل اور
نرالا ہے۔ کسی طبیب کو بھی اس کی نبض کی حرکات کا ٹھیک
پتہ نہیں ملتا۔

ہمارے برادران

اب جبکہ سزا تک کو قبل از وقت قید سے
رہا کر دیا گیا ہے پونہ کے دوسرے ایڈیٹر بھی خلاصی پا چکے
ہیں۔ ہمدرد کی میونسپل کمیٹی تعزیری پولیس کے خرچ سے
خوش ہو گئی ہے۔ اور نوبرادران بھی جیلخانے کی قید سے
خلاص کر صرف مکی سی نظر بندی میں رکھے گئے ہیں۔ اگر لوگ
خیال کرنے لگیں کہ نوبرادران عنقریب رہا کر دیئے جائینگے
تو بہت عجیب نہیں معلوم ہوگا۔ آجکل وہ ضلع بلگام میں نظر بند
ہیں۔ انہوں نے گورنمنٹ سے درخواست کی تھی کہ انہیں پاس
کسی دوسری جگہ بھیجدیا جاوے کیونکہ وہاں طاعون پھوٹ
پڑا ہے اور انہیں اجازت دی گئی ہے کہ ضلع بلگام کی
حدود سے باہر جا رہیں۔ اب صرف اتنی دیر باقی رہ گئی ہے کہ کسی
مکان کا انتظام ہو جائے۔ پونہ میں چلے جانے کی اجازت دیجاوے۔ اور انکی
حاضری ضمانت انہیں ہوبسترا لوٹا دیجاوے۔ کیونکہ جہاں
تک حالات سے ظاہر ہے۔ چاپیکار کو پھانسی کی سزا دینے
کی سفارش بھی مسٹر کرو۔ پونہ کے سشن جج نے صاف تسلیم
کیا تھا کہ یہی قاتل ہے۔ اور اس کے ساتھ کوئی سازش
ثابت نہیں معلوم ہوتی۔ اس صورت میں معلوم ہوتا ہے کہ
گورنمنٹ بمبئی نے جتنی باتیں اس زلزلہ کی گرامی اور جوش
دلانے کے متعلق اختیار کی تھیں وہ قریباً سب غلط تھیں۔
گورنمنٹ صرف ان سے دستکش ہونے میں ان
کی تلافی کر رہی ہے کیونکہ یہ بات بادی النظر میں ہی غلط
معلوم ہوتی ہے کہ ایڈیٹران اخبارات قتل کی سازشوں میں
شریک ہوں۔ اور وہ سازشیں نہ نکلیں۔

۱۰ ہزار روپے کا مقدمہ

مسٹر تلک کے ڈیفنس کے لئے جو رقم چندے
سے جمع کی گئی تھی بمبئی ہائیکورٹ اور
پریوی کونسل میں مقدمہ لڑانے کے بعد اس میں سے نو ہزار روپیہ
بچا تھا۔ بعض اخبارات نے اس طرف توجہ کی ہے کہ یہ
روپیہ کس کے پاس رہنے دیا جائے۔ امرتا بازار پتر کا نے رائے دی تھی کہ
اسے مسز بسنٹ کے ذریعے حصول سوراج میں لگا دیا جائے۔ مگر
پہلے تو اس رقم کو مسٹر تلک کی خدمت میں بطور نذرانہ کے
پیش کرنا چاہئے۔ اور اگر وہ منظور نہ کریں تو اس کے ذریعہ سے
انگلستان میں ایک جماعت قابل آدمیوں کی بھیجی جاوے جو
ہندوستان کے دعاوی کو اہل انگلستان کے سامنے پیش کر کے
ان سے انصاف حاصل کرے۔ اب اخبار ہند بھی اس سے
اتفاق کر کے صرف اتنی بات اور بڑھاتا ہے کہ اس رقم کو
قانون سیڈیشن کی ترمیم کی کوشش میں صرف کیا جاوے۔
کیونکہ اس کی تحریک بھی پونہ سے ہی پیدا ہوئی تھی۔ اور جو
جماعت قابل آدمیوں کی انگلستان میں جا کر اس حدید قانون
کی سختی کو دور کرنے کی کوشش کرے اس کے سرگروہ مسٹر
تلک ہوں۔ کیونکہ ان کا نام پچھلے دنوں میں انگلستان میں
بہت کچھ مشہور ہو چکا ہے۔ یہ آخری تجویز سب سے اچھی ہے
کہ اس زہرناکی رقم کو قانون سیڈیشن کی ترمیم کرانیکی کوشش
میں خرچ کیا جاوے۔ کیونکہ درحقیقت چندہ دینے والے کی غرض
بھی اسی قسم کی تھی۔

پنجاب کے رسول افسر اور گرمیوں میں پہاڑ کا قیام

اخبار پاؤنیر نے ایک مضمون
میں اس بات پر زور دیا ہے
کہ شملہ پر گورنمنٹ پنجاب کے بہت سے ایسے افسر بیکار میں
جاتے ہیں جو کہ اگر نہ جایا کریں تو بالکل مناسب ہے۔ ان میں
زیادہ تر ایسے افسر ہیں کہ جن کا کام دورے کرنا اور اپنی ماتحتوں کا
کام صوبے کے مختلف مقامات میں دیکھنا ہوتا ہے خصوصاً
صاحب فنانشل کمشنر پنجاب کو ایک قاعدے کے مطابق
موسم گرما میں بھی میدان میں دورہ کرنا چاہئے۔ چونکہ فنانشل
کمشنر ایک جوڈیشل افسر ہیں۔ اس قاعدے کی اصل غرض ہے
کہ موسم گرما میں اپیلوں کا کام اپنے ہیڈکوارٹر میں کیا کریں۔
اور اصل مقدمات شملہ پر جانے پر مجبور نہ ہوں۔ ان کے دونوں
سکرٹریوں کے بھی شملہ پر جانے کی ضرورت نہیں۔ مگر فنانشل
کمشنر کا ایک دن بھی شملہ پر رہنا ضروری نہیں۔ کیونکہ نہ تو
بورڈ آف ریونیو کے ممبر شملہ پر نہیں جاتے۔ صاحب انسپکٹر
جنرل رسول ہسپتالہائے پنجاب۔ صاحب انسپکٹر جنرل پولیس
کمشنر صفائی صحت۔ انسپکٹر جنرل رجسٹری و اسٹامپ مذہبی
انسپکٹر جنرل پولیس کے دونوں نائب بھی ضروری نہیں کہ شملہ
پر جایا کریں۔ پاؤنیر کی رائے میں خود پنجاب کے لفٹننٹ گورنر
بھی ہر سال چھ مہینے پانچ مہینے سال میں شملہ پر نہیں رہنا چاہئے۔
بلکہ وہ بنگال اور صوبجات مغربی و شمالی کے لفٹننٹ گورنروں
کی طرح موسم برسات میں ایک آدھ ماہ پہاڑ سے نیچے اتر کر
دورہ کریں۔ تاکہ موسم سرما کے دوری میں ہیڈ دفتر کے ساتھ
انہیں دقت تک دار الخلافہ سے باہر رہنا پڑے۔ لفٹننٹ
گورنر بہار کے ہمراہ چیف سکرٹری کا شملہ پر جانا ضروری ہے لیکن
دوسرے سکرٹریوں اور اسسٹنٹ سکرٹریوں اور انڈر سکرٹریوں
کا بھی اپنے عملوں کے جانا ضروری نہیں۔ اس لئے وہ لاہور
میں گرما بسر کیا کریں۔ پھر کمشنر دہلی کا شملہ میں رہنا ضروری
نہیں۔ اگر یہ صاحب ضرور پہاڑ ہی پر گرمیاں بسر کرنا چاہیں
تو بجائے شملہ کے کسولی چلے جائیں جب تک کہ انبالہ ڈویژن
کمشنری قائم تھی کمشنر انبالہ کسولی جایا کرتے تھے۔ اسکے
ہیڈکوارٹر نیچے ہونے کے چھیوں کمشنریوں کی اجازت کیلئے ہے
کہ گورنمنٹ کی طرف سے انہیں اجازت ہے کہ اپنے اپنے
علاقوں کے پہاڑی مقامات میں گرما کا کچھ حصہ بسر کریں۔
اس عرصے میں بھی چونکہ وہ اپنے ہیڈکوارٹروں سے دور نہیں
ہیں فریقین مقدمہ کو ان کی عدالتوں میں جانے سے سوا تکلیف
تکلیف ہوتی ہے۔ کیونکہ بوجہ بہت سا وقت ضائع کام ان کے
پہنچنے کے ہر وقت رہا یا کو ان سے کام پڑتا ہے بعض
اوقات لوگ خود مقدمات کی پیروی کے لئے بڑی مصیبت
اٹھا کر کمشنروں کی صدر مقاموں میں جاتے ہیں۔ اور وہاں ہیں
قانونی مدد حاصل کرنے میں بڑی مشکل پیش آتی ہے
سو اسکے اس کے علاوہ کمشنر اور بعض دیگر کمشنریوں کے افسر
پہاڑوں پر رہتے ہیں رعایا سے علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ اور
جبکہ میدان میں رہ کر بھی کام چل سکتا تو ان کے پہاڑ پر
جانے کی کیا ضرورت ہے۔ اس وقت چونکہ شملہ کی آبادی
بڑھ رہی ہے اس لئے یہ مسئلہ زیر غور ہے۔ لیکن اگر بطور
اصول کے ان سب افسروں کو برابر گرما اور سرما میدان میں
رہنے کی ہدایت کیجاوے تو اس میں گورنمنٹ اور رعایا
دونوں کے کام کا فائدہ ہے۔

زمیندار اور حقوق فروخت اراضی

اگر گورنمنٹ ہند نے زمینداران پنجاب کی
قرضداری کے مسئلے کو حل کرنے میں
ہندکی خدمت میں بھیجا ہے۔ اور جب تک کہ اس بارے
میں انڈیا آفس کی رائے معلوم نہ ہو اور کوئی کارروائی
نہیں کیجا سکتی لیکن اگر گورنمنٹ ہند نے صاحب سکرٹری
آف سٹیٹ ہند کو یہ مشورہ دیا ہے کہ جس طرح آج کل
صوبجات وسطی کے قانون اراضی میں ایسی طرح ترمیم
کی گئی ہے کہ مالکان اراضی اپنے قرضے کے عوض اراضی
کو بیع بالعلیحدہ نہیں کر سکتے اسی طرح پنجاب کے مالکان
اراضی کے ساتھ بھی سلوک کیا جاوے تو میرے خیال
میں زمیندار لوگ اس سے بہت زیادہ فائدہ اٹھا
جائینگے۔ یہ ٹھیک ہوگا کہ اس وقت کے بعد مالکان اراضی
نہیں ہو سکینگے اور مالکان اراضی کنگال کر ہوا کر دیئے
گئے انہیں کاروبار کے لئے وقت پر روپیہ مل سکتا ہے دقت
ہوا کرے گی۔ ساہوکار جانتا ہے کہ اس کی ادائی میں تو ہے
مثل ہے سکتے سے بھی۔ پھر باقی اس کے پاس کیا ہے
جس کی تمسک پر اپنے روپے کو خطرے میں ڈالا جاوے
اس لئے اگر زمینداروں سے حقوق فروخت اراضی کو
واپس لیا جاتا ہے تو سرکاری مدد اتنی تک قائم کر کے
انہیں بے ضرورت روپیہ دیا کرے۔

ضلع متدامر کے اور امریکہ کے صلی باشندے

ضلع متدامر کے بسنے والوں میں نو
آبادیاں بسانے والوں کے آباد
ہونے سے پیشتر اس سرزمین
صلی باشندے انڈین "ایک وحشی قوم" آباد تھی
یہ بیرونی آبادیاں بسانے والوں کا طریق شروع میں

بھی نہیں جھجکتے۔

جس طرح یورپ میں مختلف وقتوں میں مختلف بندگان خدا نے اپنی زندگیاں اس کام کے لئے وقف کر دی ہیں کہ وہ مصیبت زدہ قیدیوں کی تکلیفات کو کم کرائیں۔ اور ان سے شائستگی کا سلوک کرائیں۔ ایسے ہی ہندوستان میں بھی کسی بڑے جیلخانوں کے ریفارمر کی ضرورت ہے۔ جس شخص کا کام صرف یہی نہیں ہوگا کہ گورنمنٹ سے جیل خانوں کے لئے زیادہ اصلاحیں اور رعائتیں طلب کرے۔ بلکہ وہ قیدیوں پر بھی ایسا نیک اثر ڈالے کہ وہ بیدلی کی قسم کی سزاؤں سے بچیں اور قواعد جیل کی دل سے پابندی کریں۔

پنجاب کی آبکاریاں

معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ ان ضلاع کی آبکاریاں جن میں پرانی بھٹی کے طریقے سے شراب کشید کیجاتی ہے بند کر دیجائیں۔ اور آئندہ صرف ایک دو مقامات پر تمام صوبے میں بذریعہ مشین کے شراب کشید کیجایا کرے جیسے کہ امرتسر میں مشین سے شراب کشید ہوتی ہے۔ اس لئے تمام ضلاع کے ڈپٹی کمشنر صاحبان سے دریافت کیا گیا ہے کہ آبکاری کے متعلق کشید کے بارے میں گورنمنٹ نے یہ اصول قرار دیا ہے۔ لیکن اگر ان ضلاع کو اس کے متعلق کوئی اعتراض ہوں تو وہ گورنمنٹ کو مطلع کریں۔ ظاہرا یہ طریقہ مالی نظر سے بھی مفید معلوم ہوتا ہے کہ بجائے ضلاع کے ملازموں کے بجائے صرف ایک دو چند ملازم رکھے جائینگے۔

الہ آباد میں قصابوں کا ریکٹ

معلوم ہوتا ہے کہ الہ آباد میونسپلٹی نے قصابوں کے مویشی ذبح کرنے کے قواعد میں کچھ ایسی ترمیم کی ہے۔ جسپر وہاں کے قصاب نہایت ناراض ہیں اور انہوں نے ہڑتال کرکے کام بند کر دیا ہے۔ اگر کمیٹی نے صرف اس قدر پابندی بڑھائی ہے کہ شہر کی کسی دوکان میں ایسا گوشت نہ بکنے پائے جو میونسپلٹی کے مذبح میں ذبح نہ کیا گیا ہو تو یہ کوئی عیب کی بات نہیں۔ البتہ اگر آج تک ان قصابوں کو اپنے مکانات پر جا و زبح کرنے کی اجازت تھی تو انہیں تو یہ بیقاعدہ ناگوار گزرا ہی ہوگا۔ لیکن چونکہ قصابوں کے ذاتی آرام کی نسبت پبلک کی صحت زیادہ ضروری چیز ہے اس لئے کمیٹی اس بارے میں حق بجانب معلوم ہوتی ہے۔ اول تو کمیٹی کے مذبح میں ذبح کرنے کا یہ فایدہ ہے کہ جانور کے مرنے سے پہلے بیمار ہونے کا اندیشہ نہیں ہیگا۔ کیونکہ یہاں ڈاکٹر جانوروں کو معائنہ کر لیتا ہے اور دوسرا اس انتظام سے بیشک باقی نہ رہیگا جیسا کہ دو ایک مرتبہ قصابوں پر الزام لگ چکا ہے کہ انہوں نے وہ مویشی کا گوشت فروخت کر دیا۔ قطع نظر اسکے معلوم ہوتا ہے کہ الہ آباد کے قصابوں کے ایکے سے شہر کو کچھ

زیادہ تکلیف بھی نہیں پہنچیگی۔ کیونکہ ابھی سے کمیٹی نے کسرٹ کے گوشت بہم پہنچانے والے ٹھیکیداروں سے گوشت کا عارضی انتظام کر لیا ہے۔

یورپین اور یوریشین لوگوں کا مسئلہ

جنوبی ہند کی یوریشین اور یورپین ایسوسی ایشن نے کہ جس کے ممبر اس وقت ۱۷۷۱ ہیں ۹ اکتوبر کو مدراس میں اپنا اجلاس کیا۔ جلسہ کیا۔ آنریبل مسٹر جسٹس بنسن صدر نشین قرار پائے۔ اس سبھا میں ایسوسی ایشن نے بیس ہزار کے خرچ سے اپنا مکان تعمیر کرایا۔ اور ذہین کی طرح سے ترقی کی۔ صاحب صدر مجلس نے فرمایا کہ قریب ربع صدی کے وہ ہندوستان میں آئے ہوئے ہیں۔ اس اثنا میں انہوں نے دیکھا ہے کہ ہر سال یوریشین لوگوں کی مشکلات بڑھتی جاتی ہیں۔ تاہم اس قوم میں بہت سی خوبیاں ہیں۔ اور ہر ایک انگریز کو نہ صرف ہندوستان میں بلکہ تمام نوآبادیوں برطانیہ میں ان کی ہمدردی میں کوشش کرنی چاہیئے۔ صاحب پریسیڈنٹ نے یہ بالکل صحیح فرمایا ہے کہ یوریشین لوگوں کی مشکلات ہر سال بڑھتی جاتی ہیں۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ جس طرح دوسری قوموں کی آبادی بڑھتی رہتی ہے۔ ایسے ہی یوریشین لوگوں کی بھی بڑھتی رہتی ہے۔ لیکن ابواب ملازمت سرکاری اور تجارت دن بدن مسدود ہوتے جاتے ہیں۔ ملازمت سرکاری جو یورپینوں سے باقی بچتی ہے اس کے لئے ہندوستانی ہزار جدوجہد کرتے ہیں۔ تعلیم حاصل کرنے کی کوشش میں مرتے ہیں۔ اس لئے بلحاظ لیاقت کے یوریشین لوگ بمشکل ان کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ تجارت کے لئے روپیہ درکار ہے۔ اگر یہ یوریشین لوگوں کی سرپرستی نہ کریں تو تاجر تک ان کا مسئلہ اور بھی مشکل ہو گیا ہوتا۔ نقص یہ ہے کہ یورپین انہیں اپنی جماعت میں شامل نہیں کر سکتے اور خود یوریشین لوگوں کی ایک جماعت بنانا بہت مشکل ہے۔ کیونکہ بالکل گورے رنگ سے لے (یورپین) رنگ سے لے کر گندم گون اور خاصی کالے رنگ تک کے لوگ اس نام کی ذیل میں آ سکتے ہیں اگر شک ہو تو دیکھئے دانسٹیروں کی ایک جماعت میں بلحاظ رنگ کے آپس کے سب بھائی نظر آتے ہیں۔ اس لئے آپس میں بھی یہ لوگ معاشرتا مشکل سے متحد ہو سکتے ہیں علاوہ اس کے غرور اور خودداری ان لوگوں میں اب تک فلاح اور یورپین قوم کی سی ہے۔ مگر دولت اور تربیت اور تعلیم میں دن بدن کم ہو رہے ہیں۔

کریٹ کا معاملہ

کریٹ کے متعلق چار متحدہ سلطنتوں نے باب عالی کو جس الٹیمیٹم سے خوف دلایا تھا کہ اگر وہ ان کی تجویز کی تعمیل کرے تو ترکی افواج کو جزیرے سے واپس نہ بلائیگی تو وہ جزیرے پر ترکی شاہی اختیارات کو تسلیم نہیں کرینگی۔ گویا کہ جزیرہ ترکی حکومت میں نہیں رہیگا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ باب عالی نے اس الٹیمیٹم کا جواب دیا ہے۔ اور اس کی بعض باتیں منظور کی ہیں اور بعض کے متعلق تدبیریں پیش کی ہیں۔ گو وہ تدبیریں ابھی تک مخفی رکھی گئی ہیں۔ سنسوبات کی ایک یہ ہے کہ ترکی نے جزیرہ سے افواج کا کلیتاً منظور کر لیا ہے۔ کے قبضے سے نکل گیا۔ اس لئے امید ہے کہ وہ اس کو منظور نہیں کریگی۔

وحشی حیوانات اور حشرات الارض کا استیصال

سنہ ۱۸۹۱ء میں ہندوستان میں آدمی وحشی حیوانات اور زہریلے حشرات الارض سے مارے گئے۔ اور جس قدر اس سال میں سونڈی جانور مارے گئے ہیں متعلق سرکاری رزولیوشن شائع ہو گیا ہے جس سے معلوم ہے کہ سنہ ۱۸۹۷ء میں ۴۲۰۶ آدمی وحشی حیوانات سے اور ۲۰۹۵۹ سانپوں کے کاٹنے سے مرے صوبجات کے لحاظ سے اس کی تفصیل یہ ہے۔ بنگال میں علی الترتیب ۲۲۱۰-۱۰۷۲۳ ضلع شمال مغربی میں ۱۰۰۱-۴۵۴۹ مدراس میں ۲۳۴۲-۱۸۷۲ اور بمبا میں ۱۰۹-۵۱۶ اشخاص وحشی جانوروں سے سانپوں کے کاٹنے سے ہلاک ہوئے۔ سال ماسبق سے تقریباً ایک ہزار آدمی زیادہ حشرات الارض و حیوانات کی غذا ہوئے۔ اس بارے میں بلحاظ کثرت ہلاکت بنگال قابل ذکر ہے۔ جہاں لوگ قحط تک اگر مگلوں کو کاٹ کھاتے تھے اور جیتے پانی نہ ملنے کی وجہ سے جنگلوں کو چھوڑ کر میدانوں میں آنے پر مجبور ہوئے تھے۔ صوبجات شمال مغربی میں بھیڑیوں نے ۴۲۱ آدمی ہلاک کئے۔ صرف گورکھپور میں ان کی غذا ہوئے۔ مگر ضلع بھر میں ایک بھیڑیا بھی نہیں گیا۔ سنہ ۱۸۹۶ء میں ۷۶۶۰ موتی بخلاف ۸۵۵۰ سال ماسبق درندہ حیوانات کا شکار ہوئے۔ جن کی تفصیل صوبجات کے لحاظ سے یہ ہے۔ بنگال ۲۸۵۰۰-۳ سام ۱۶۰۰۰-۱ مدراس ۱۰۰۰۰-۱ صوبجات متوسط ۵۰۰۰-۰ اور بمبا میں ۴۵۶۷ موتی ضلع ہوئے۔ لوئر برہما میں اس زیادتی کی وجہ پیتوں کی کثرت بتائی گئی ہے۔ سانپوں کے کاٹنے سے ۴۵۰۴ موتی ہلاک ہوئے تھے جن میں سے برہما میں ۴۱۱۱-۱ مدراس میں تقریباً ۲ ہزار مرے۔ برہما کی لوکل گورنمنٹ اس مصیبت کے کم کرنے کی نسبت کوئی تجویز پیش کرنے سے ناقابل ہے۔ سنہ ۱۸۹۷ء میں ۱۹۰۴۵ وحشی حیوان یعنی ۲ سے ہزار زیادہ ہلاک کئے گئے جن کے انعام میں گورنمنٹ نے ۱۱۴۶۲۵ روپیہ صرف کیا۔ بنگال میں ۴۶۰۰ چیتے مارے گئے۔ ۴۰۸۰ بنگال اور شمال مغرب میں ۱۲۴۱ بھیڑیے مارے گئے۔ سنہ مذکور میں جس قدر مواشی ہلاک کئے گئے ان کی تعداد ۱۰۵۰۰۰ اٹھاون ہزار تھی۔ ۱۲۲۰۰۰ سال ماسبق کے تھی۔ گورنمنٹ کی طرف سے ان کے مارنے والوں کو ۴۸۶۰ روپیہ انعام دیا گیا۔ صیغہ انعامات کا ایسا ہے کہ جس سے کوئی فائدہ نہیں کی بہبودی کے گورنمنٹ کو پورا راست کوئی فائدہ نہیں۔

کلکتہ میں طاعون سے اموات

ہندوستان کا پایہ تخت کلکتہ ہے۔ اکتوبر

پیسہ اخبار

لاہور - یوم شنبہ - ۲۲ - اکتوبر ۱۸۹۸ء

ہندوستان کے جیلخانوں میں اصلاح کی ضرورت

اخبار ٹائمز ویکلی نے اس عنوان سے ایک مضمون لکھا ہے اور اس میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے دو ایڈیٹران اخبار کے مقیم ہونے سے کم سے کم اس قدر فائدہ ضرور ہوا ہے کہ ہندوستان کے جیلخانہ جات کے بہت سے نقائص اور ان کا تاریک حصہ پبلک کی روشنی میں لایا گیا ہے۔ مسٹر ٹک جیلخانوں کی زندگی کے متعلق اپنے ذاتی تجربوں اور مشاہدوں کی بنا پر کلکتہ کے اخبار "ہتاباری" میں گراں قدر مضامین لکھ چکے ہیں۔ اگر مسٹر مذکور نے بنگال کے قیدیوں کی حالت زار پر ملک کو توجہ دلائی ہے۔ تو دوسری طرف آنریبل مسٹر ٹک بمبئی کے اسی گم گشتہ گروہ کی تکالیف کے نوحہ خوان ہیں۔ ان دونوں کے بیانات تقریباً متفق علیہ ہیں۔ اور یہ ہندوستان کے جیلخانہ جات کے نظم و نسق کی نکمی کے چنداں قابل نہیں ہیں۔ انگلستان میں بھی کئی صاحب ایک جیلخانوں کے بڑے مصلح گزرے ہیں جس شخص نے تمام یورپ کے جیلخانوں کو دیکھ کر ان میں اصلاح کرائی ہے۔ جس طرح ہاورڈ صاحب نے یورپ کے قیدخانوں میں اصلاح پر کمر ہمت باندھی تھی۔ اسی طرح ہندوستان کے گمشدہ قیدیوں کی اصلاح کے لئے بھی کچھ کیا جانا ضروری ہے۔ چونکہ اوپر بالذکر ایڈیٹر کو صرف قید محض کی سزا ہوئی تھی اس لئے اسے بنسبت مسٹر ٹک کے قیدخانوں کے حالات دریافت کرنے کا زیادہ موقع ملا۔ اور اس نے بڑی تفصیل و تشریح و دلائل سے اس مضمون پر خامہ فرسائی کی ہے۔ اہل ہند جن میں ذاتوں کا بہت کچھ امتیاز ہے وہ جیل میں ان تمام پابندیوں کو خیرباد کہے بیٹھ رہتے ہیں جو ان کی ذاتوں کے لئے ہیں۔ ہاورڈی ملازم رکھے جاتے ہیں وہ عموماً برہمن نہیں ہوتے۔ گو ہندو مسلمان قیدی علیحدہ رکھے جاتے ہیں اور ان میں ایک حد تک ذاتوں کا امتیاز رہتا ہے تاہم ان قوموں میں رذیل و شریف کا کوئی امتیاز ملحوظ نہیں رکھا جاتا۔ مسٹر ٹک کے قول کے مطابق بمبئی کے ہاورچی اور دیگر ملازم ادنیٰ ذاتوں کے ہوتے ہیں۔ جو ہمیشہ پاک رہنے کی ذرا بھی پرواہ نہیں کرتے۔ جب ہندو سپرنٹنڈنٹ جیل باورچیخانے میں داخل ہو کر ہر روز خوردنی چیز چھو کر اسے پابند مذہب ہندو قیدیوں کے کھانے کے ناقابل کر دیتے ہیں۔ علاوہ بریں غذا میں گھی کا پھلکا نہیں ڈالا جاتا۔ جو جیلخانہ جات کے قواعد کے صریحاً مخالف ہے۔ بمبئی میں باجرا اور جوار۔ اور بنگال میں موٹے چاول تھوڑی سی دال۔ نمک مرچ یا ساگ پات بطور غذا ویسی قیدیوں کو دی جاتی ہے۔ بمبئی میں قیدیوں کو ہفتہ میں ایک مرتبہ گیہوں کی روٹی اور بنگال میں سات روز میں دو مرتبہ مچھلی نصیب ہوتی ہے۔ ورنہ عام طور پر نہیں شب و روز ایسی ناگوار غذا پر بسر کرنا پڑتا ہے۔ بخلاف اس کے چاول۔ کھچڑی۔ گوشت۔ آلو ترکاری اور ہر قسم کی دالیں یورپین قیدیوں کے کھانے میں آتی ہیں۔ جو ہندی جیلخانوں میں ایسے ہی جرموں کی سزا میں قید ہوتے ہیں۔ یورپین قیدیوں کی غذا پر رشک نہیں کیا جاتا۔ تاہم میں یہ کہنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ دیسی قیدیوں کی صحت اور تندرستی کا قائم رکھنا بھی گورنمنٹ کا ضروری فرض ہے۔ جو اپنے جرائم کے لحاظ سے بیرونی دنیا کی ہمدردی سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اور اس چار دیواری میں حکام گورنمنٹ کے سوا ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا۔ نیز جسمانی سزا کے لئے یہ ضروری نہیں کہ قیدیوں کے مذہب اور صحت میں بھی مداخلت کیجائے۔

قیدیوں کے رہنے کے کمرے اور لباس بھی خوراک سے کچھ کم قابل اعتراض نہیں۔ معمولی قیدیوں کو بلا روشنی کی بارکوں میں قطار باندھ کر سونا پڑتا ہے۔ لیکن محافظ کی لالٹین کی روشنی تھوڑی دیر کے بعد قیدیوں کی آنکھوں پر پڑتی ہے۔ جس سے وہ ڈر کر چونک اٹھتے ہیں اور اس طرح تمام شب آنکھوں میں کٹتی ہے۔ مزید برآں اور بھی کئی ایسی ہی تکلیفیں ہیں جن سے نیند حرام ہو جاتی ہے۔ بادی النظر میں جیلخانوں کا فرش۔ سقف اور دیواریں بجائے خود صفائی کا اعلیٰ نمونہ دکھائی دیتی ہیں۔ لیکن رات ہوتے ہی دیواروں۔ شگافوں اور چھت سے کھٹمل وغیرہ ہجوم کر آتے ہیں۔ اور ان مشت استخوان قیدیوں کا خون چوستے رہتے ہیں قیدیوں کے کپڑوں کی تہوں میں علیحدہ کاٹتی ہیں۔ غرضکہ رات کیا آتی ہے گوناگون مصائب کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ بارکوں میں روشنی بھی نہیں ہوتی۔ کہ وہ ان ناخواندہ مہمانوں کو مار کر ان کے عذاب سے چھوٹ سکیں۔ غرضکہ قیدیوں کا جی ہی جانتا ہوگا کہ جیلخانے میں کیونکر رات بسر ہوتی ہے۔ ان تکالیف میں قیدیوں کا مشت استخوان رہ جانا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ آرام شب بیداری اور بلا ذائقہ غذا کی وجہ سے قیدی اکثر جیل ڈسنٹری (اسہال قیدیانہ) میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اگر جیل آئندہ قیدیوں کی جسمی صفائی کا لحاظ رکھا کریں تو اس سے ان کی ایک بڑی شکایت رفع ہو جائیگی۔

قیدیوں کے لئے تادیبا بید یا دیگر اقسام کی سزائیں بھی چنداں مفید ثابت نہیں ہوئیں۔ بلکہ اس سے وہ اور بھی وحشی اور گستاخ ہو جاتے ہیں۔ بجائے اس کے قیدیوں کی انسانی فیلنگ سے اپیل کرنے اور اسپر اثر ڈالنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ بری عادتوں سے باز آجائیں قیدیوں کو ہاتھ کٹوا کر نے کی سخت مخالفت ہے۔ ایسے شخص کو جس سے پہلی دفعہ جرم سرزد ہوا ہو اور شاید کہ وہ درحقیقت مجرم نہیں ہے۔ بلکہ بدقسمتی سے کسی پیچ میں پھنس گیا ہو عادی ملزموں کے ساتھ یکجا رکھنا بھی مصلحت کے خلاف ہے۔ دیگر قیدیوں پر رعب بٹھانے کے لئے سزا عموماً علانیہ دیجاتی ہے۔ مگر اس سے الٹے برے نتیجے پیدا ہوتے ہیں اور رفتہ رفتہ قیدی ڈھیٹ ہو جاتے ہیں۔

بالعموم قیدیوں کو مذہبی تعلیم نہیں دیجاتی۔ اگر کسی پادری کبھی کبھی عیسائی قیدیوں کے وعظ و تلقین کے لئے آنکلتے ہیں۔ مگر ان کے مواعظ بھی باقاعدہ نہیں ہوتے اس لئے اس نصیحت و پند کا کوئی مفید نتیجہ نہیں نکلتا۔ لہٰذا ہی اگر ہندو مسلمان قیدیوں کو بھی مذہبی تعلیم کا موقع جیلخانے میں دیا جائے تو ان کے چلن۔ اچھا اثر پڑے۔ مسٹر ٹک جیلخانوں میں چھوٹی چھوٹی لائبریریاں قائم کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ جن میں مذہبی و اخلاقی کتابیں بھی کافی تعداد میں موجود ہوں۔ کیونکہ جیلخانے صرف سزا کے لئے نہیں بلکہ قیدیوں کے اخلاق درست کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں۔ پس ان کے اوضاع و اطوار کی اصلاح کے رستے میں ہر قسم کی سہولتیں پیدا کرنی مناسب ہیں۔ غرضکہ یہ اور بہت سی امور انسان کے ہمدردوں کی توجہ کے سخت محتاج ہیں۔

جیلخانوں میں اصلاح کی بنیاد سپرنٹنڈنٹ سے شروع ہونی چاہیے جو بجائے یورپین کے دیسی ہو۔ اور ہر فرقہ و فرقہ کے فضلا۔ فضلا اور معتمد لوگوں کو اپنے مذہب کے گرے ہوئے لوگوں کو راہ راست بتانے اور اخلاق کے اصولوں کی ہدایت کرنے کے لئے طلب کرنا لازم ہے۔

عادی مجرموں کا تیخ سزا یافتوں کے ساتھ یکجا رہنا سخت مضر ہے۔ چنانچہ انگلستان میں دو سال سے کم میعاد کے قیدی لوکل جیلخانوں میں اور اس سے زیادہ میعاد کے مجرم جو عموماً عادی جرائم پیشہ ہوتے ہیں اضلاع کے قیدخانوں میں بھیجے جاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ان دونوں گروہوں کو یک جا رکھ کر یورپی قسم کی اصلاح کے اخلاق کو بالکل تباہ کرنا نہیں چاہتے۔ قانون سیڈیشن کی ترمیم کے متعلق جب یہ کہا جاتا ہے کہ اس بارے میں قانون انگلستان کی تقلید کی گئی ہے۔ تو معلوم نہیں کہ جیلخانہ کی اصلاح کی نسبت انگلستان کے قیدخانوں کے قواعد کی کیوں پیروی نہیں کیجاتی۔

ہندوستان کے جیلخانوں میں اس اصلاح کی بھی سخت ضرورت ہے کہ مسٹر ٹک جیسے قیدیوں کو عام قیدیوں سے علیحدہ رکھا جائے جیل کی تادیب کا اصول وحشیانہ نہیں بلکہ ہمدردی انسانی کو لئے ہوئے ہونا چاہئے۔ قیدیوں پر فضول سختی کرنے سے گورنمنٹ کے روپے کا نقصان ہونا ہے بلکہ بعض اوقات پولیٹیکل خطروں کے پیدا ہونے کا بھی اندیشہ ہوتا ہے۔ لوگ اکٹھا ہو کر پھر ہنگامہ چلنی شروع کر دینگے۔ اس طرح گورنمنٹ کے جیلخانے بھر جانے کے پولیٹیکل پہلو سے بھی کچھ کم باعث تشویش نہیں۔ قیدیوں کی اخلاقی حالت تباہ ہونے سے ان کی زندگی خراب ہو جاتی ہے۔ اور جیل کے مصائب اور تکالیف جھیل کر وہ سخت سے سخت ہنگامے اور فساد جیسا کہ

خط اصحت

استفسار

۱۱۸۔ ناسور۔ میرے گال میں ناسور ہو گیا ہے جس کا تعلق کہ اوائل سے ہے۔ اگر کوئی صاحب بذریعہ پیسہ اخبار کوئی مجرب نسخہ عنایت کریں تو بڑا ممنون ہوں گا۔ مگر دانت نہ اکھاڑنا پڑے تو اچھا ہو گا۔ (ایک نیا خریدار)

علاج

۱۱۹۔ بواسیر خونی (بجواب استفسار ۱۰۹)۔ تخم بارتنگ ۱ ماشہ شربت انار شیریں ۲ تولہ۔ عرق کاسنی ۵ تولہ۔ عرق عنب الثعلب ۲½ تولہ۔ یہ ایک خوراک ہے ایسی ایک خوراک صبح و شام استعمال کریں۔ انشاء اللہ خون آنا بند ہو جاوے گا اور قبض بھی نہ ہونے سے خشک ہو جاوینگے (حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی ارزو)

۱۱۹۔ تحقیق مراق البطن (بجواب استفسار ۱۰۸)۔ تمام عرض سے معلوم ہوتا ہے کہ مریض کو تحقیق مراق البطن نہیں۔ بلکہ تحقیق الاریبہ ہے۔ اس کے بڑھ جانے کا احتمال ہے بہتر علاج یہ ہے کہ کسی ڈاکٹر صاحب کے مشورہ سے (ٹرس) یعنی پیٹی جو خاص اس مرض کے واسطے ایک ترکیبی علاج ہے۔ ضرور کام میں لاویں بہت کچھ آرام ہو گا (ر)

۱۲۰۔ قلت ایاصر (بجواب استفسار ۱۱۰)۔ سفوف مر ۲۰ گرین۔ فیری سلفاس ۲ گرین۔ سوڈا بائی کارب ۴ گرین۔ ایجا شتھی پپ ایک اونس۔ ایک ہفتہ تک ایسی ایک خوراک صبح اور ایک شام پلائیں۔ خدا چاہے اسہال بھی بند ہو جاویگے اور اصل مرض کو بھی آرام ہو گا۔ اگر پھر بھی کچھ شکایت باقی رہے تو بذریعہ اخبار یا بذریعہ خط مجھ سے آور علاج دریافت کر سکتے ہیں (ر)

۱۲۱۔ ایکائیاں (بجواب استفسار ۱۱۳)۔ یہ خود کوئی مرض نہیں بلکہ خاص امراض معدہ۔ امراض جگر۔ امراض گردہ۔ امراض دماغ وغیرہ وغیرہ کی ایک علامت ہے۔ کسی حکیم یا ڈاکٹر سے اصل مرض تشخیص کرا کے علاج کریں۔ (ر)

۱۲۲۔ مسوڑوں کا زخم یا سکروی یا احتراق سودا (بجواب استفسار ۱۱۴)۔ استاخفلی کی دنی شکایت ہو۔ تو اس کا علاج مقدم ہے۔ ورنہ کارڈیل لائم جوس ۲ تولہ۔ عصری ½ اتولہ صبح و شام پلا دیں۔ سبز ترکاریاں کھلا دیں دال سے پرہیز۔ نسخہ سلون (دوسرے پرچہ میں) یاد دیگا۔ (ر)

۱۲۳۔ سوزاک (بجواب استفسار ۱۱۵)۔ مرد جاہل عام سوزاک انہیں دو طریقوں پر مبنی ہے جن سے آپ کو نفرت ہے۔ اور کوئی طریق علاج دریافت کرنے کرانے سے آپ اپنے فرض کو طول دیتے ہیں۔ بہتر ہے کہ انہیں طریقوں پر علاج کرنا پسند فرما دیں۔ (ر)

۱۲۴۔ ضعف دماغ وغیرہ (بجواب استفسار ۱۱۶)۔ دم پاد گرم گرم تازہ جلیبیاں مدتہ کھاتے رہیں۔ ہر ہفتہ کے واسطے ہی مفید ہے۔ انشاء اللہ چالیس روز کے اندر ہی شکایت رفع ہو جائیگی۔ دماغ اور قلب دونوں کو قوت حاصل ہو گی بہت ہی مفید نسخہ ہے۔ (ظفر جہان سہ ماہی دہلی)

گمنام و نشان انگیز

۹۷۔ عرصہ ایک سال کا ہوا سمی قمر الدین ولد داؤد سوات مصاب اپنے والد سے خفا ہو کر کہیں چلا گیا۔ ایک دفعہ پتہ ملا تھا کہ وہ بموقع عرس شہر لدھیانہ (پنجاب) میں موجود تھا۔ پھر کوئی خبر اس کی نہیں پہنچی۔ اس کے ماں باپ شب و روز گریہ و زاری کرتے ہیں۔ اگر کوئی صاحب اس کا پتہ بتا دیں تو غند اللہ ماجو اور غند الناس مشکور ہونگے۔ قمر الدین ولد داؤد قصاب۔ گورا رنگ۔ تنگ پیشانی۔ ماتھے پر نشان ضرب (۲۰) متوسط اندام عمر پندرہ سال۔ قرآن مجید پڑھا ہوا ہے۔ معمولی اردو لکھ پڑھ سکتا ہے (محمد اسمٰعیل خان شائق از مقام ٹوہانہ ضلع حصار)

عام

سوال

۹۶۔ قصیدہ: کسی صاحب کے پاس اگر مندرجہ ذیل مطلع کا قصیدہ ہو تو اس کی نقل مرحمت فرما کر مشکور فرماویں۔

سائلے پرسید نام شاہ مرداں از خدا
شاہ با تفصیل گفتہ نام خود ہر یک جدا

(سید رحمت علیشاہ۔ سید ٹھٹھہ۔ لاہور)

۹۷۔ فوٹوگرافک کیمرا: کچھ عرصے سے اکثر اخباروں کی فہرستوں میں جیبی کیمرا فوٹوگرافی کا اشتہار دیکھا جاتا ہے جس کی قیمت سات روپے سے لیکر بیس پچیس روپے تک ہوتی ہے۔ اگر کسی صاحب نے ایسے کیمروں کا تجربہ کیا ہو تو براہ عنایت مطلع فرماویں کہ ان سے مفید نتیجہ ہو سکتا ہے یا نہیں۔ اور صاف کھچتی ہے یا دھندلی۔ نیز ہندوستان میں عمدہ آلات فوٹوگرافی کی کونسی دوکان ہے؟ اور کارڈ ساز کیمرا مع کل سامان کتنے تک آ سکتا ہے؟ (خریدار پیسہ اخبار ۱۲۲۷)

۹۸۔ ریشمی کپڑے دھونا: دھوبی کی بدمعاشی سے بڑی تکلیف ہے۔ ناظرین پیسہ اخبار میں سے کوئی صاحب آسان نسخہ سوتی و ریشمی کپڑے گھر دھو لینے کا بتا دیں تو عوام کو بہت بڑی اذیت سے پناہ ملے۔ اس زمانے میں کمین لوگ اپنی بیعت سے بہت زیادہ بڑھ گئے ہیں اور شریفوں کو تنگ کرتے ہیں۔ یہ چاہتا ہوں کہ مجھ کمین سے نجات ملے (سید شمس الحسن خریدار پیسہ اخبار)

جواب

۷۵۔ دفعہ کھٹمل (بجواب سوال ۸۰)۔ آول گندھک کی دھونی جہاں کھٹمل ہو دینا چاہیئے۔ دوم گرم پانی خوب کھولتا ہوا مقام کھٹمل پڑا ہو ڈالنا چاہیئے۔ سوم درخت بالنگ (آشٹے) کا عرق نکال کر جگہ کھٹمل پر چھڑک دیں۔ یا اس درخت کو جہاں کھٹمل ہوں رکھ دینا چاہیئے۔ کھٹمل کا فوہ ہو جاویگے (قاضی سید عزیز الدین از کھیری)

۷۶۔ کیمپ کی چمنی (بجواب سوال ۸۰) مندرجہ پیسہ اخبار تحریر ہے۔ کہ لیمپ کی چمنی کو ابلتے ہوئے پانی کے ایکدن میں تھوڑی دیر تک چھوڑ دیں۔ بعد ازاں کپڑے سے اس کو خشک کر کے نرم کاغذ سے پالش کر دیں۔ مثل آئینہ کے شفاف ہو جاویگی۔ (خریدار ۱۲۲۵)

شعر و سخن

ابتدائے اسلام میں عیسائی دریوزہ گر

کرتا ہوں اس نشانے کی حالات اب رقم — جس میں ہیں آئے تھے یہاں عیسائی مثل مور
یورپ میں تھے عروج جہالت وہ دمبدم — انسانیت کو خونکی نہاں تھیں تھامتے
جور و جفا کا سارے زمانے میں شور تھا
جنگ و جدال جہل و تعصب کا زور تھا

گرجا میں پوجتے تھے صلیبوں کو بلا — مریم کے بت کی ہوتی تھی
ہر صومعہ بتوں کی نجاست سے تھا بھرا — بت خانہ نہیں تھے کلیسے
عیسیٰ کرشن جی کی طرح پوجے جاتے تھے
موت — کی زیور و گوہر پہ جھگڑتے تھے

یورپ میں اس کو وہ حاصل تھا دفتر — جھگڑتے تھے کے سامنے
پہ چاہتے تھے جسکو بٹھاتے تھے تخت پر — دونوں جہاں میں ایک غضب
قبضہ تھا ان کا جان و دل و ملک و مال پر
دوزخ بہشت چیختے تھے اک ریال پر

جنت کے تھے یہ مالک قابض جہاں تھا — تھا
دنیا میں اگر دیتا تھا دولت بیشما — بہشت میں بتاتے تھے
تھوڑی سی میں قبیل رقم میں جو آتی تھی
بڑھیا بھی اس میں بھوبڑا بنا لاتی تھی

کہتے تھے پادری کہ ہے دنیا ہی بلا — پیرزال کرتی ہے
کرتا ہے اسکا عشق گناہوں میں مبتلا — دوزخ میں ساتھ بنکے
عاشق کو اسکے چین جہاں میں ملا نہیں
کچھ اپنے ساتھ گور میں بھی لیگیا نہیں

چھوڑو خیال دولت فانی و سیم و زر — انکے حصول سے نہیں
دنیا ہے بے ثبات سمجھ جاؤ گے تم مگر — رہ جائیگا پڑا یہیں
وقت سفر میں کچھ جو ساماں قبیل ہے
باگ جس کے ساتھ دو ناقہ جیل ہے

تحصیل زر کی فکر جنہیں ہے شباندروز — دنیا کے کر رہے
سمجھے ہیں وہ کہ چھوڑ رہے جہاں فروز — آتش یہ مثل نار جہنم
سیخ و سفید آگ ہے یہ سیم و زر نہیں
نار سقر میں پھنکنے کا کچھ بھی خبر نہیں

تھی ہر زبان مذمت دنیا کے یہ کلام — پھر ڈوبکر جاتے تھے
دولت کے جمع کرنیکا تھا انکو اذن عام — مال و متاع دوسروں کو
ان کے لئے حلال بھوں کی کمائی تھی
دنیا فقط انہی کی گھسیٹری میں آئی تھی

ہر پادری کی دولت و ثروت کا تھا چال — نکلا اسی کو کرتے تھے
اسکے مقابلہ میں ہے گیارہ دھیلی اڈمال — قارون بھی کیا بیٹھا ہو دوں
ہم تو اس کا اہل فضا میں کوئی نہ تھا
ہمعصر اس کا اہل جہاں میں کوئی نہ تھا

دنیا پہ حکمراں تھی یہ پوپ پادری — شاہاں ہو کر نہیں
طاقت تھی تعزیر کی ہر کرتے تھے بادری — زبان ان سے
یہ چاہتے تھے جسکو بٹھاتے تھے تخت پر
نافذ تھا ان کا حکم فضا اور تخت پر

رومانیوں پہ پپ کا تھا مثل ضمائر پاک — حکام اسکے حکم

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۴۲ | یوم شنبہ ۲۲ اکتوبر ۱۸۹۹ء مطابق ۱۲ جمادی الآخر ۱۳۱۷ ہجری موافق ۹ کاتک سمت ۱۹۵۶ بکرمی | جلد ۱۲

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

ستاروں کی تعداد:- ستاروں کی جو تعداد بینائی کھوں سے نظر آتی ہے ۶ ہزار سے کم ہے۔ اور جو بڑی دوربین سے ذریعہ دیکھے جاتے ہیں وہ ۱۰ کروڑ سے کم نہیں۔

انگریزی زبان کے الفاظ:- اس وقت انگریزی زبان میں ۲۵۰۰۰۰۰ (اڑھائی لاکھ) الفاظ سے زیادہ ہیں یعنی فرانسیسی، جرمن، سپینش اور اٹالین زبانوں کے مجموعہ سے بھی ۵ لاکھ الفاظ زیادہ ہیں۔

برٹش عوائب خانہ میں کتابیں:- اس ذخیرے کا حال بہت کم لوگوں کو معلوم ہے۔ کیونکہ اس کے انبار اس قدر سے ہو گئے ہیں کہ کوئی شمار نہیں کر سکتا۔ چند سال گذرے ہیں پیمائش سے ان کا تخمینہ (۲۰۰۰۰۰۰) بیس لاکھ جلد کتب کا لیا گیا تھا۔ اس کے بعد یہ ذخیرہ بہت بڑھ گیا ہے۔ اور قائل اب ۳۰۰۰۰۰۰ تیس لاکھ کتب سے کم نہ ہو گا۔

کوہ شملہ کی مردم شماری:- سوال پیدا ہوا ہے کہ شملہ کی آبادی دن بدن گھٹ رہی ہے۔ اس لئے گورنمنٹ نے اس پہاڑی تفریح گاہ کی نئی مردم شماری سال حال میں کرائی ہے جس سے بعض بیانات دلچسپ ہیں۔ ۱۸۸۱ء میں شملہ میں ۱۷۴۴۳ آدمی تھے۔ ۱۲ برس میں یہ آبادی ۲۴۱۷۹ ہو گئی۔ اور اب ۲۰ برس کے بعد اس کی تعداد ۳۴۵۰۱ ہے۔ گویا پہلے کی نسبت دوچند ہو گئی ہے۔ اکتوبر ۱۸۸۹ء سے دسمبر ۱۸۹۹ء تک یورپین کی تعداد ۳۹۴ سے ۴۱۴۶ تک یعنی ۲۸ بڑھی ہے۔ اور اینگلو انڈین کی تعداد ۲۰۷۸۱ سے ۲۹۰۴۸ ہو گئی یعنی ۸۰۰۰ کی زیادتی ہوئی ہے۔ یورپین مردوں کی آبادی ۱۸۸۹ء میں ۲۰۴۲ تھی اب ۲۹۰۷ ہے۔ یعنی ۸۷۴ آدمیوں کی زیادتی ہوئی۔ لیکن یورپین عورتیں ۱۵۶۵ سے ۲۲۱۹ بڑھ گئیں یعنی ۶۵۴ زیادہ ہوئیں۔ دیسی مردوں کی آبادی ۱۶۷۵۷ سے ۲۲۹۴۲ ہو گئی۔ یعنی ۵۸۵ زیادتی ہوئی۔ اور عورتوں نے ۲۴۴۳ سے ۳۰۶۰ تک ترقی کی یعنی ۲۳۸۲ بڑھیں۔

انگلستان کی ریلیں:- تین ماہ کے اندر برطانیہ کی ریلوے پر ۲۸۴ شخص مقتول اور ۳۸۶ مجروح ہوئے۔ ان میں سے اکثر مزدوری پیشہ لوگ تھے۔ اس سال میں ریل پر ایک ارب ۳ کروڑ ۴۰ لاکھ ۲۰ ہزار سوا ایک سفر کیا گیا۔

اوسط حیات:- تخمینہ لگایا گیا ہے کہ دنیا کی کل آبادی [illegible] آدمی ہر ہفتہ مرتے ہیں۔

نارنگی کی عمر:- نارنگی کے درخت کی عمر ڈیڑھ سو برس تک ہوتی ہے۔

مذاق

ایک آدمی کے پاس ایک لڑکا نوکر ہوا۔ ایک دن اس سے طشتری ٹوٹ گئی۔ اس نے نہایت عاجزی سے آقا سے کہا آقا (جو برہم بیٹھا تھا):- "سور کے بچے۔ حرامزادے۔ الو کے پٹھے۔ تو بڑا شریر ہے"۔ (لڑکا رونے لگا اور آقا کو ذرا رحم آگیا)۔

آقا:- "تو میری گالیوں سے روتا ہے؟"

لڑکا:- "نہیں۔ مجھے افسوس آتا ہے"۔

آقا:- "کس پر؟"

لڑکا:- "آپ پر"۔

آقا:- "کیوں؟"

لڑکا:- "کیونکہ آپ نے اپنے آپ کو گالیاں دی ہیں"۔

آقا:- "کس طرح؟"

لڑکا:- "کیونکہ آپ ہی میرے ماں باپ ہیں"۔ مالک ہنس پڑا اور اس کا قصور معاف کر دیا۔ (تاج محل۔ لاہور)۔

ایک طالبعلم:- "آگرہ کا دیوانہ کہاں دفن ہوا تھا؟"

دوسرا طالبعلم:- "ہنڈیا میں" (ایک گاؤں کا نام ہے)۔

تیسرا آن پڑھ:- "سچ مچ؟"

طالبعلم:- "ہاں"۔

آن پڑھ:- "خدا جانے کتنی بڑی ہنڈیا ہو گی۔ بادشاہوں کی بنائی ہوئی ہو گی"۔ (؟)

پادری (نئے جوڑے سے):- "نکاح کے بعد میاں بیوی پر مختلف ذمائض عائد ہوتے ہیں۔ خاوند کا فرض ہے کہ اپنی بیوی کی حفاظت کرے۔ اور بیوی کو لازم ہے وہ جہاں میں جلائے اس کے پیچھے جائے"۔

دلہن:- "کیا یہ قانون ہماری حالت میں تبدیل نہیں ہو سکتا؟ میرا خاوند ڈاک تقسیم کرنے کے واسطے ہر روز دیہات کو جاتا ہے"۔

عورت (خوش ہو کر):- "آپ نے اس عورت کا ہاتھ پالیا ہے؟ (یعنی اس سے شادی ہو گئی ہے؟)"

مرد:- "ہاں میں بھی ایسا ہی خیال کرتا ہوں۔ اس لئے اب میں اسکی انگلیوں پر ناچ رہا ہوں"۔

خاوند (صبح کے وقت):- "اب تو ضرور تنگ دست ہو گیا ہو گا بیوی"۔ بیوی:- "خاوند [illegible]"

عجیب عجیب باتیں

ایک عجیب سیامی رسم:- ہر ایک سیامی لڑکی جب شادی کرنے کے بغیر کسی خاص عمر کو پہنچتی ہے۔ تو شاہ سیام کی خاص احتیاط اور نگرانی میں ہو جاتی ہے۔ جو اس کے واسطے خاوند بھی تلاش کرتا ہے۔ جیلخانے کا ہر ایک قیدی اس کو بیاہنے کے واسطے جیل سے رہائی حاصل کر سکتا ہے۔ عام اس سے کہ وہ پہلے بیاہا ہوا ہو یا نہ ہو۔ کیونکہ سیام میں ایک بیوی کی بندش نہیں ہے۔

عالم کبیر عالم صغیر کی باہمی تطبیق و علم سرودہ کا مفصل حال۔ دور اوسکی ذریعہ امراض کا علاج و شغل مہنس و شغل الکہہ و شغل نرگن و شغل چکری و شغل نیولی و شغل گورکھی و شغل باکوجن و شغل احمد شہد و شغل نصبہ و شغل بورکہہ و شغل ہرادت و شغل کنجری و شغل بلکا و شغل کنبہ و شغل ہمان آسن و شغل جگراسن و شغل بجر آسن و شغل بیتلی و شغل ہوم وغیرہ وغیرہ کا مفصل بیان وصبر دم و شغل آفتاب و شغل ماہتاب ہوا و شغل وقائب یا چولہ بدلنے کی ترکیب یعنی اپنی روح کو دوسرے کی مردہ قالب میں لیجانیکا حیرت انگیز طریقہ وغیرہ وغیرہ عجائبات قیمت اکروپیہ

المشتہر سید سعادت علی (صوفی) الہ دھانی برہمن آباد

عجیب و غریب

ناظرین ہم کو بہت تعریف اور ان تزانی ناپسند ہے۔ ہم صرف آپ سے یہ عرض کرتے ہیں کہ اگر آپکو ہماری گھڑی پسند آوے تو ہم ایک مفید گھڑی دیں مگر قیمت دیں کہ دینے کچھ مذدر حیلہ کرینگے فی الحال ہماری گھڑی کی ڈبلکیس جیسی گھڑی پر روڈ ھکنہ کی خالص چاندی کی گھڑی جیسی گھڑی ہے۔ دونوں ڈھکنوں پر خوشنما نقش و نگار ہیں جنکے دیکھنے سے طبیعت خوش ہو جاتی ہے۔ پرزے عمدہ اور ہر وقت جڑے ہیں۔ متعدد سے دیکھ لیجئے گارنٹی ۵ سال قیمت مذ ۲ روپیہ ۱۲ رسٹ واچ دبیع کلائی پر باندھنے کی گھڑی) اس گھڑی کا خاص فائدہ یہ ہے کہ وقت پیش نظر رہتا ہے۔ دوسرے کلائی خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔ تیسرے جب چاہے کلائی پر سے کھول کر اپنی جیب میں رکھ لیجئے۔ ہمیں سکنڈ ٹائم بھی گھیرا ہے۔ صرف گھمانے چابی دیجاتی ہے۔ پرزے باریک مگر نہایت پائیدار ۳۰ چابی وقت کی نہایت سچی۔ سفر اور شکار کے لئے بہت کارآمد۔ اسکے ساتھ چھوٹی گھڑی (۲) اقلیدس تین (۳) عینک (۴) کمپاس (۵) گارنٹی ۵ سال قیمت ہے۔ ریمونٹوئر گولڈ واچ۔ بہت خوشنما اور پائیدار۔ ہر حصہ لاڈ ھکنہ اور لاکھنی خوبصورت گھڑی ہے جو ایک کوک سے ۳۰ گھنٹے چلتی ہے۔ ہر وقت دیتی ہے گارنٹی ۳ سال قیمت صرف ۵ میوزک کلاک اس گھڑی میں دو نغمے تان باجتی ہیں گارنٹی ۳ سال قیمت عہ ڈھرم کلاک اس میں گھنٹہ اور دھاگھنٹہ بجتا ہے گارنٹی ۲ سال قیمت چھ روپیہ الامدار ٹائم پیس گارنٹی ایک سال قیمت ۶

المشتہر حسن فرینڈ اینڈ کو پیپل منڈی۔ مکانہ آگرہ

— مسٹر ہے روسٹر اسسٹنٹ مجسٹریٹ و کلکٹر شاہ آباد ایک ماہ کی بیماری کے بعد ۲۵ ستمبر کو قضا کی۔

— لگاتار بارشوں کی وجہ سے جنوبی مرہٹہ ریلوے کی لائن بنگلور سے پانچ سٹیشنوں کے فاصلے پر ڈوب جانے سے میل ٹرین کی آمد میں ۲۴ گھنٹے کی دیر ہوئی۔

— جنرل جنکنز عارضی طور پر بحیثیت لفٹنٹ جنرل سپاہ بنگال کی کمان پر متعین ہوئے۔

— بمبئی کراچی آر۔ اے۔ سر چارلس مرفی کمانڈر انچیف ہند کے ساتھ ۶ ماہ کی رخصت پر ولایت جا چکے۔

— ریزیڈنٹ حیدر آباد کے فوجی سکرٹری لفٹنٹ کرنل کرسل سے انتقال کیا۔

— میر نائک حبیب خاں۔ شیخ عبد الصمد اور کلن خاں متعلق بہ کمپنی بنگال سیلر مینا گورکھ دار دیسی سپاہیوں کو دب مرنے سے بچانے کے صلے میں دوم درجے کے البرٹ میڈل عطا کئے جانے کی سفارش ہوئی ہے۔

— مسٹر کارلائل متعلق فوج ایک شام کو شملہ میں کسی دوست کے مکان سے واپس آتے ہوئے بھیڑیوں کی نشیبی سڑک پر گر کر مر گئے۔ لاش دوسرے روز دیکھی گئی۔

— مدراس گورنمنٹ نے بوجہ مالی مشکلات میں مبتلا ہونے کے مقام طاعون کے متعلق پریسیڈنسی مدراس کی درخواست فرض مسترد کر دی۔

— لکھنؤ میں ایک لڑکا دستی گاڑی کے نیچے آ گیا۔

— مسٹر مرفی کے قاتل کی سزا اپیل میں بحال ہی۔

— راجہ ہری سنگھ دکاشی پور نے ۴۱ سال کی عمر میں وفات پائی۔ متوفی دو خرد سال بچے اپنے پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔

— بنارس میں ایک اہیر نے ایک مہاجن کو جس کے برخلاف وہ ڈگری کا پروانہ لے کر گیا تھا۔ سر بازار خنجر سے زخمی کیا۔

— بقول ایڈوکیٹ اجمل لکھنؤ میں ایک ایسی عورت آئی ہوئی ہے۔ جو مٹی کو ہاتھ میں لے کر پیسے بنا لیتی ہے۔

— جو فوجی افسر نیچے میں پیچھے سے مجروح ہوا تھا وہ بفوض علاج سر بنگلہ گیا ہے۔ زخم خطرناک نہیں ہے۔

— بازیل کی کثیر التعداد پیداوار اور اس کی وہ سی سالہ مال میں رنج گرجا سے ہندوستانی کاشتکاران اودھ کو سخت نقصان ہوا۔

— برہما و چین کی حد بندی کا کام امید ہے کہ اس موسم میں بہت کچھ درجہ تکمیل کو پہنچ جائیگا۔ صرف دو لدوا کے خود مختار قطعے کے تصفیہ کا کام غالباً آئندہ سال کے لئے اٹھا رکھا جائیگا۔

— یکم اکتوبر سے اخبارات کے محصول کے متعلق قواعد کی تبدیلی سے ہندوستان کے بعض رسالوں کے مسدود ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

— شمال مغرب کے امتحان مقابلہ ڈپٹی کلکٹری میں حسب ذیل تین امیدوار کامیاب ہوئے۔ لالہ گنگا پرشاد ایم اے پروفیسر میرٹھ کالج۔ پنڈت مرلیدھر بی اے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ لکھنؤ اور بابو رادھا چرن ایم۔ اے۔ ایل ایل بی۔

— ایک عورت اپنی سوت سے لڑ کر خودکشی کے ارادے سے ڈفرن پل سے دریائے گنگا میں کود پڑی۔ مگر ساڑھی میں ہوا بھر جانے سے غرق نہ ہو سکی۔ ملاح اسے صحیح و سلامت نکال لائے۔

— کرنل ہچنسن کمشنر لاہور کی خدمات ۲ ماہ کے لئے بغرض شمولیت کمیٹی بار برداری گورنمنٹ ہند کے سپرد ہوئیں۔

— مسٹر جے۔ سی پیٹرسن۔ مسٹر جوتندر و رائے اور مسٹر غضنفر علی ریگال ابھی امتحان سول سروس میں کامیاب ہوئے۔

— چالیسگاؤں سے دھولیا تک ۲۱۷ میل ریلوے کی شاخ بنانے کے لئے سکرٹری آف سٹیٹ نے منظوری دیدی۔ لائن مذکور کے خرچ کا تخمینہ ۹۷۳۰۲ روپے کیا گیا ہے۔

— ایڈوکیٹ لکھنؤ رائے خلعت کی دعوے روپے کی نالیاں بتایا ہے۔

— افیون کی آمدنی میں روز بروز تنزل ہو رہا ہے۔ اس وقت تک کی کل آمدنی ۱۷۰۴۱۵۰ روپے تخمینہ سے بھی بہت کم ہے۔

— مسٹر اسلی گریگ چیرمین کلکتہ کارپوریشن نو مہینے ۴ ماہ کی رخصت پر ولایت جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

— سر جنرل کلیگہاران اپنے عہدے سے بہت جلد مستعفی ہونے والے ہیں۔

— آنریبل مسٹر ملک کے راہنے کی خوشی میں آگرہ اور بنارس میں دھوم دھام سے جلسے ہوئے۔

— یکم اکتوبر کو کراچی میں ایک آدمی طاعون سے فوت ہوا۔ بمبئی میں گزشتہ جمعرات کو ۴۴ آدمی مبتلا بہ طاعون اور ۲۱ ضائع ہوئے۔ جمعہ کو علی الترتیب ۲۲۰ و ۹۰ شنبہ کو ۲۹ و ۱۳۔ یکم اکتوبر کو چھاؤنی میں ۳ کیس ہوئے۔

— بمبئی میں وبا تنزلی پر ہے۔ ۱۔ اکتوبر کو ۵۴ مبتلا اور ۳۷ فوت ہوئے۔

— کوئٹہ میں دبائی تپ کا زور ہے۔ کئی سپاہی اب تک اس بخار کی نذر ہو چکے ہیں۔

— فن قلاب کی خاکی رہم پیچیدگیاں گورنمنٹ کی توشیر کا باعث ہیں۔ پرنس نے دو عورتیں جبراً داخل حرم کر لی تھیں جنہوں نے خودکشی کر لی۔ کیپٹن نوکس تحقیقات کے لئے مامور کئے گئے ہیں۔

— کرنل ولی ایجنٹ بلوچستان نے دورہ ملتوی کر دیا کوئٹہ میں بجائے دیسی سپاہیوں کے گوروں کے پہرے پر متعین ہونے سے جوش برپا ہے۔

— برہما میں ریلوے ٹائن کو سخت صدمہ پہنچا۔ بروم سیکشن ایک پل ٹوٹ گیا۔ ادی محمد خان میں پہاڑ کے اپنے سے لائن رک گئی۔

— مسٹر وہ بس۔ ہارس نگر اوٹاکمنڈ میں مسٹر سوجن ساکن کلکتہ پر از راہ حیثیت عرفی کی نالش دائر کی ہے۔

— ۳۰ ستمبر کو شیانگ میں ایسا سخت زلزلہ آیا کہ لوگ گھروں سے نکل بھاگے۔ سامان آرائش دیواروں اور میزوں سے گر پڑا۔ دار الجلد رفع ہو گیا۔ مدرسہ سخت نقصان ہوا۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

— یونائیٹڈ سروس کلب سملہ کی طرف سے ۱۴ اکتوبر کو حضور وائسرائے اور لیڈی ایجن کو الوداعی ضیافت دی جائے گی۔

— مسٹر ایس ڈین چیف سکرٹری گورنمنٹ پنجاب جن کی طبیعت کچھ عرصے سے ناساز ہے بہت جلد ولایت جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

— ٹرانسپورٹ کمپنی سملہ کا خرچ غالباً ۴۰۰۰ روپے ہوگا۔

حب یا موہنی

جبکہ جب کے واقفوں نے ہنگے اخفا میں اس دلچسپ ناموں اور رنجل تحفہ غلو کو ایک بطور رفقائے فن کے بھی (جو ایک شہ ضروری امر ہے) اس کا پتہ اب تک نہیں چلا تو ہم بعض لائق اشخاص پر اس کا انکشاف فرض ہوا لہذا ایڈیٹر تحریر ہذا عقیدہ بجائی ہے کہ ہم سرمایہ جہت اور متقی آدمی کو ایسے عمل کے قواعد بغیر کسی قسم کی محنت اور پرہیز کے مشوق کو صرف گیارہ روز خفیہ طور پر بھیجنا شروع کر دیں گے۔ مستعد ہیں جو لواخذ خلفنامہ فوجی از جنگی پانچ روپے معمولیاں پیشگی بھیجے جائیں گے۔ اس اعلان کے بعد جو شخص ہمارا سرا پتا مفقود ہے۔

تنبیہ۔ پچاس روپے بغیر برگز نہ بھیجے جائیں گے۔

تنبیہ۔ اگر مندرجہ کیا تھ خلفنامہ ذیل نہ ہو گا تو زر مندرجہ واپس کر دیا جائیگا۔ درخواست کیساتھ اخبار کا نام بھی لکھو۔

تنبیہ۔ اثنائے عمل گاہکوں کی بھلائی کی اصلاح ہمارے ذمہ ہے۔

خلفنامہ۔ سنگہ نلاں بن فلاں ساکن مقام فلاں کا ہونے کی صلاح قرار میرزا ہوں کہ عمل محمد صفی و مسمریزر حکیم حبیب الحق لکھنے بتایا ہے کہ کسی تندرست کی حالت میں کسی شخص پر ظاہر کریں گا اور بذریعہ اس کے بہتا کی بہودی یا تکلیف رسانی کے ہمیشہ ہوں گا اگر ایسا کروں تو شہر شریعت محمدیہ کے مجرم ہوں۔ آمین ثم آمین۔

حکیم حبیب الحق (صوفی و مسمریزر) مقام بانگرمئو ضلع

نایاب کتابیں

فوٹوگرافی بغیر استاد صرف ۲ گھنٹہ میں سیکھ لیجئے قیمت ۱۰ طلسم روزگار رشید دکی لاجواب کتاب۔ تل اوٹ ہیاڑ ۱۰ کلید حب گرتم حاصل ہو دلی مراد چاہتے ہو تو اس کتاب کو خرید و ۱۰ عجیب داستان ایک عجیب نقشہ میں قدیم کشف فوٹو تصویر شتابی تحریر و قدیمی طلسم بطور نہایت مفید۔ قیمت ۲

طلسم جوانی۔ بڑھاپے کی شادی کا عمدہ نتیجہ نظم میں ۱

من موہنی۔ حسن و عشق کا نہایت پاکیزہ سلسلہ ۱

مسدس اختر قیمت ۲ قصہ بہرام ۲ دربیت ۲

لیلۃ القدر ۲ دیوان نشاط نعت میں ۲

فن تماشبینی:۔ بربادی بخش فرقہ طوائفان کی خوب قلعی کھولی ہے۔ قیمت ۵

سیر مسعود:۔ یعنی سوانح عمری حضرت مہدی موعود فرقہ مہدوی کے لئے خاصکر نہایت لاجواب کتاب ہے۔ قیمت ۴

نجوم کی کتاب۔ قیمت ۴

دوا تحفہ۔ نہایت تقوی قیمت ۴ دوا دوا دکی قسم کی تکلیف ۱۲ دن میں ۱۲ ہم خارش بیشک ہو یا زہر قیمت فی شیشہ ۱۲ تصویر دار انگوٹھی الف۔ ۴ برقی انگوٹھی قیمت ۴

ہدایت۔ ناقص

منیجر اخبار کہانیل مراد آباد۔

میں اپنے عہدے کا چارج لیا۔ کپتان اے۔ ای۔ برٹن نے ضلع گورگاؤں کے چارج سے سبکدوش ہو کر ۲ ماہ ۱۰ یوم کی رخصت لی۔ مسٹر ایچ۔ اے۔ انڈرسن سی۔ ایس۔ آئی قائم مقام کمشنر ڈیرہ جات نے ۷ ستمبر سے ۲ ماہ کی رخصت لی۔ مسٹر ڈبلیو۔ آر۔ ایچ مرک سی۔ ایس۔ آئی ڈپٹی کمشنر ہزارہ آپ کی جگہ کمشنر ڈیرہ جات ہوئے۔ مسٹر آر۔ بی۔ ٹارنر اسسٹنٹ کمشنر دہلی نے ۱۹ ستمبر سے ۳ ماہ کی رخصت لی۔

پولیس:۔ مسٹر آر۔ سی۔ پلوڈن ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ڈیرہ غازیخاں کو ۶ ہم اکتوبر سے ایک ماہ کی رخصت عطا ہوئی۔ مسٹر جی۔ ایس۔ ہیلیڈے قائم مقام ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس راولپنڈی مسٹر ایچ۔ جی۔ رائن سے سبکدوش ہونے پر ڈیرہ غازیخاں تبدیل ہوئے۔ مسٹر سی۔ اے۔ میکفرسن قائم مقام ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس جالندھر مسٹر ڈی۔ این۔ ٹرنبل سے سبکدوش ہونے پر اپنے اصلی عہدہ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹی جالندھر پر واپس گئے۔ بعد میں یہاں سے امرتسر تبدیل ہوئے۔

مقدمہ میں دہومل کو ۷ سال اور معین الحسن کو ۳ سال قید سخت کی سزا دی۔

— جوائنٹ وکناب ۲۴-۲۔ اکتوبر بنک گورنمنٹ شمال و مغربی صوبجات کے پاس مبنی تال نہ پہنچ سکے وہ نصیر آباد کے پتہ پر بھیجنی مناسب ہے۔

— مسٹر سمتھ اگزکٹو انجنیر رخصت سے واپس آکر ڈپٹی کنسلنگ انجنیر لکھنؤ مقرر ہوئے۔

— آنریبل مسٹر آر۔ ایف ڈراٹ ایڈووکیٹ جنرل مدراس ۲۹ ستمبر کو عدالت میں شہادت دیتے ہوئے بیہوش ہو گئے۔ ایک علیحدہ کمرے میں لیجانے سے کچھ دیر کے بعد ان کے حواس درست ہوئے۔

— لکھنؤ سے ایک مجرم کی بیوی یا ایک دوسری عورت کے ساتھ شملہ کو جاتے ہوئے ٹرین میں لڑ گئی۔

— بردہ فروشی کے ایک مقدمہ میں دو عورتوں کو صاحب سشن جج میرٹھ کے اجلاس سے ۳-۳ سال قید کی سزا ہوئی۔

— ماجو کنسٹبل لکھنؤ کو ایک سود فروش کو مارنے کے جرم میں سٹی مجسٹریٹ کے اجلاس سے ایک ماہ قید اور ۲۰ روپے جرمانہ ہوا۔ رقم جرمانہ مستغیث کو دلائی جائیگی۔

— سیشن کورٹ آگرہ میں ایک سیم مع خانساماں اپنی خاوند کو زہر دینے کے جرم میں زیر تجویز ہونے والی ہے۔ یہ دونوں عرصے سے بھاگے ہوئے تھے۔

— ۲۴ ستمبر کو ٹاؤن ہال فرخ آباد میں سرسید میموریل فنڈ کے متعلق ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں ۳۰۰ صاحبان بھی شامل تھے۔ ۱۹۱۱ روپے چندہ لکھوایا گیا جس میں سے ۳۲۶ روپے وصول ہو گئے۔

— بنگال و بہار کے دریاؤں کی طغیانی کی وجہ سے بہت سے گاؤں بہ گئے۔ زراعت تباہ ہو گئی۔ مویشیوں کے علاوہ بہت سے جانور بھی تلف ہو گئے۔

— جو تین گورلے بنیت سرقہ مہتمم بارکپور سے مکان میں داخل ہوئے تھے۔ دو ۷ سال اور تیسرا ۵ سال قید سخت کا سزا یاب ہوا۔ جس قدر مشتبہ سکے بغرض امتحان ٹکسال میں بھیجے گئے تھے۔ وہ اصلی روپے برآمد ہوئے۔

— ڈاکٹر جاماسپ جی منوچہر جی بمبئی کے پارسیوں کے پیشوا نے ۶۹ سال کی عمر میں وفات پائی۔

— سر بیکر رسل جنگلات کمانڈ سے سبکدوش ہو کر پونہ کی کمانڈ کا چارج لینگے۔ ہفتہ گزشتہ میں ولایت جانے والے تھے۔

— جنرل افسران تعلیم پشاور میں سے نصف باوردی ۲ ماہ کے بعد سبکدوش کئے جائینگے۔

— جنرل جنگز کمانڈر انچیف اودھ رخصت پر شملہ آئے ہیں۔

— فوجی اسسٹنٹ سرجنوں کی تنخواہوں کی شرح میں حضور سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے اضافہ کر دیا ہے۔

— میجر ولکرسن آئی۔ ایم۔ ایس کو ۶ ماہ گزشتہ سے ریٹائر ہونے کی اجازت دی گئی تھی۔

— میجر الیوٹ متعلقہ اکسفورڈ شائر لائٹ انفنٹری سے جارج ولزلی کی کمانڈ افواج کے اسسٹنٹ ایڈجوٹنٹ سکرٹری مقرر ہوئے۔

— مسز اینی بیسنٹ کا کلکتہ و بنارس کے میٹنگوں میں تھیاسوفیکل سوسائٹی کے متعلق بہت جوش سے استقبال کیا گیا۔

— لکھنؤ کے متصل ایک گاؤں کے چند نیچا ذات لڑکوں کے دانت توڑنے کے جرم میں ماخوذ ہیں۔ جو بقایا وصول کرنے گئے تھا۔

— تازہ بارشوں سے مدراس کی فصلوں کو اچھا فائدہ پہنچا ہے۔

— بنگال پور اور بمبئی کو طغیانی سے سخت نقصان پہنچا ہے۔

رُوئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— بنگلور اور بمبئی میں طاعون کا پھر زور ہو گیا ہے۔

— مدراس میں انسداد طاعون کی تدابیر پر سوچنے کے واسطے ہر روز میٹنگ منعقد ہوتے ہیں۔

— کیپٹن ہینک قائم مقام سکرٹری بورڈ امتحان ۱۲ اسکالرشپ لکھنؤ میں ۱۰ اور ۱۲ اکیمیا میں اردو کا امتحان لینگے۔

— میجر مین مجسٹریٹ چھاؤنی بلگام نے ایک سال کی رخصت لی ہے۔

— سر ولیم کارٹ جہاز کیلیڈونیا میں وارد بمبئی ہو کر سیدھے سملہ کو تشریف لے جائینگے۔ وہاں ۶ نومبر کو عہدہ کمانڈ انچیف کا چارج لیکر ریاض کی طرف دورہ شروع کرینگے۔

— سر جارلس نیپئر کمانڈر انچیف حال اب وبائی بخار سے صحت یاب ہو رہے ہیں۔

— ۳۰ اکتوبر کو کلکتہ میں ۴۰ ۱۵ گھنٹے چار کے فرخندہ ہوئے۔

— یکم اکتوبر کو کلکتہ میں زلزلہ محسوس ہوا۔ جو شیلانگ میں بہت ہی خطرناک تھا۔

— بینک ہند آسٹریلیا ۱۱ رجین کے حصہ داروں نے دس فی صدی منافع تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

— ایکسیلنسی گورنر بمبئی یکم اکتوبر کو رخصت فرمائے سملہ ہوئے۔ وہاں سے ۳ کو مراجعت فرما ہو کر ۵ کو مع رفیق افروز بمبئی ہوں گے۔

— ویسپلٹی بمبئی نے مسٹر کرنن جدید ایڈیشنل ایسوسی ایٹ کے واسطے ایک ہزار روپیہ منظور کیا ہے۔ اس سے پہلے ہمیشہ ۵ سو روپیہ اس کام پر خرچ ہوتا رہا ہے۔

— جناب سشن جج بنارس نے ایک جلسہ سی کے

آفت جوانی

آفت جوانی کیا ہے وہ ناظرین یہ دل میں چبھنا لینے والا اشتہار ہے۔ اس میں دو ہومیو کی شوخی دل لبھان

کل شملہ میں ہیں چاہتے ہیں کہ صاحبزادہ مبارک خان جو
ن کے بڑے بیٹے اور ولیعہد ہیں۔ اور آجکل چیفس کالج میں
تعلیم پاتے ہیں۔ چونکہ وہ آن کی جائز اولاد نہیں ہیں اس لئے
گدی آن کے بجائے آن کے چھوٹے بیٹے صاحبزادہ حاجی
خاں کو جو ایک دوسری بیگم سے ہے آن کا جانشین تسلیم
ے۔ اگر یہ خبر صحیح ہے تو واقعی افسوس کی بات ہے کہ آج
حکومت کے عہد نواب صاحب بہاولپور کو یہ بات سوجھی ابھی
کچھ ہی عرصہ گزرا ہے کہ نواب صاحب نے ان کے بڑے صاحبزادے کو
ہا کا ولیعہد تسلیم کیا ہے۔ اس وقت یاد نہیں چیفس کالج
ن بھیجتے وقت انہیں ایسا خیال نہ آیا۔ صاحبزادہ مبارک خاں
والدہ عدت سے۔ نواب صاحب کی محبت سے گر گئی
ہوں گی۔ اس لئے اس والدہ نے کل کی سازشوں کے
پیش نظر اپنے بیٹے کی جان کی حفاظت کے لئے آج تک
ہاتھ سے اس کی پرورش کی ہے۔ ہاتھ سے کھانا پکا کر کھلایا
اور کبھی اس کو ایک دم آنکھ سے اوجھل نہیں ہونے
ا تھا۔ بلکہ سنا گیا ہے کہ خود نواب صاحب نے ایک مدت
بیٹے فرزند کو نہیں دیکھا تھا۔ جب تک کہ وہ لاہور کو روانہ
ہوا۔

انتخاب گورنمنٹ گزٹ ہند بتاریخ یکم اکتوبر ۱۸۹۸ء

سول اسسٹنٹ سرجن درجہ سوم اودے بھان متعلقہ اسپیشل سیشل
ڈپٹی کمشنر نے ۴ ستمبر سے ۳ ماہ کی رخصت حاصل کی۔

سول اسسٹنٹ سرجن رودنا سنگھ اوڈ متعلقہ اسپیشل اسسٹنٹ
کمشنر صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان کے زیر اقتدار آ
ہیں جنہوں نے ان کو اسسٹنٹ سرجن اودے بھان کی
جگہ پر اسپیشل سٹیشن میں مامور کیا۔

کیپٹن سی۔ اے۔ کیمل لانڈین سٹاف کور (ریٹائرڈ) پولیٹیکل ایجنٹ
خیبر نے یکم اکتوبر سے ایک ماہ ۲۵ یوم کی رخصت لی۔

کیپٹن سی۔ جے۔ ونڈم لانڈین سٹاف کور (۱) اسسٹنٹ کمشنر
ہوتی مردان نے ۱۳ اگست سے ایک ماہ ۲۰ یوم کی رخصت لی۔

میجر ای سی سالسبری۔ آر۔ ای۔ ایگزیکٹو انجینئر ریہلوں
ڈویژن اجمیر کو یکم اکتوبر یا تاریخ استفادہ سے ۶ ماہ کی
رخصت ملی۔

مسٹر سی۔ اے۔ سٹیلے ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ رخصت
ختم کر کے آئے نارتھ ویسٹرن ریلوے میں تعینات ہوئے۔

انتخاب گورنمنٹ گزٹ شمال مغرب و اودھ بتاریخ یکم اکتوبر ۱۸۹۸ء

رخصت:۔ پنڈت تیمبر دتی مونسی منصف متھرا کو ایک ماہ۔ بابو
گیانند اناتھ چیکر ورتی ہیڈ ماسٹر ڈسٹرکٹ ہائی سکول بریلی
کو پراویٹ کاروبار کی وجہ سے ۲ ماہ کی منشی انند سنگھ قائم
مقام ڈپٹی کلکٹر منظفر گڈھ کو ایک ماہ۔ مسٹر ہی لوئر مجسٹریٹ و
کلکٹر الہ آباد کو ہندوستان سے باہر ۲۲ اکتوبر سے ایک سال
۱۵ یوم کی فرلو۔ مسٹر جے سی۔ فون تھاب قائم مقام مجسٹریٹ و کلکٹر
بلیا کو ۲۲ ستمبر سے ایک ماہ۔ مسٹر ڈبلیو جی۔ والکس قائم مقام
ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس بانده کو طبی سرٹیفکیٹ پر یکم ستمبر سے
ایک ماہ۔ منشی محمد شبد اسمیع ڈپٹی کلکٹر ٹمنی تال کو ۵ ستمبر سے
۲ ماہ۔ پنڈت برج نرائن سبارڈینیٹ جج فیض آباد کو ۲۶ ستمبر سے
۱۵ اکتوبر تک مزید رخصت۔ ایم۔ ایل۔ سٹوکر سی۔ ایس۔ آئی کمشنر
کو ایک سال کی مزید فرلو۔ منشی مچھو لال منصف مین پوری کو طبی
سرٹیفکیٹ پر ایک ماہ کی رخصت عطا ہوئی۔

تقرر:۔ پنڈت بھیرو دت جوشی تحصیلدار الہ آباد قائم مقام
ڈپٹی کلکٹر گڑھوال ہوئے۔ سرجن لفٹنٹ کرنل جے میکانگی سول
سرجن لکھنؤ اپنے کام کے علاوہ رائے بریلی کے طبی معائنہ کے
فرائض کو بھی انجام دینگے۔ مسٹر آر ای۔ کرلینڈ اسسٹنٹ
ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ کردی ضلع بانده۔ مسٹر ڈبلیو جی والکاک کے
رخصت لے جانے پر ضلع مذکور کے قائم مقام ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ

مسٹر ڈبلیو۔ ہیچ پاکس ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ مسٹر
سی۔ اے۔ سٹیلے ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کے رخصت سے
واپس آنے پر نارتھ ویسٹرن ریلوے سے سٹیٹ کوسٹ ریلوے
کو تبدیل ہوئے۔

مسٹر ڈی۔ جیل۔ گرکو ایگزیکٹو انجینئر درجہ اول کو حسب الطلب
ورنمنٹ گست سٹیٹس رخصت ۶ ماہ دی گئی ہے اس
کو صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے ۶ ماہ کے وسطے
وسعت دی ہے۔

بابو دنا کا ناتھ سین مسٹر ڈبلیو۔ او گریڈی کی جگہ جو رخصت
پر گئے ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ ڈاکخانجات درجہ چہارم مامور ہوئے۔

مسٹر جی۔ ڈبلیو کے کسیر پاسپرنٹنڈنٹ ڈاکخانجات درجہ
دوم سے اول درجہ میں۔ اور مسٹر ڈبلیو۔ اے۔ روسک سپرنٹنڈنٹ
ڈاکخانجات سوم سے درجہ دوم میں۔ اور مسٹر صفدر حسین بی
اے سپرنٹنڈنٹ ڈاکخانجات درجہ چہارم سے درجہ سوم میں آئے۔

خبر صحت:۔ پنڈت تیمبر دتی منصف متھرا کو ایک ماہ۔ بابو
گیانند اناتھ چیکر ورتی ہیڈ ماسٹر ڈسٹرکٹ ہائی سکول بریلی
کو پراویٹ کاروبار کی وجہ سے ۲ ماہ کی منشی انند سنگھ قائم
مقام ڈپٹی کلکٹر منظفر گڈھ کو ایک ماہ۔ مسٹر ہی لوئر مجسٹریٹ و
کلکٹر الہ آباد کو ہندوستان سے باہر ۲۲ اکتوبر سے ایک سال
۱۵ یوم کی فرلو۔ مسٹر جے سی۔ فون تھاب قائم مقام مجسٹریٹ و کلکٹر
بلیا کو ۲۲ ستمبر سے ایک ماہ۔ مسٹر ڈبلیو جی۔ والکس قائم مقام
ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس بانده کو طبی سرٹیفکیٹ پر یکم ستمبر سے
ایک ماہ۔ منشی محمد شبد اسمیع ڈپٹی کلکٹر ٹمنی تال کو ۵ ستمبر سے
۲ ماہ۔ پنڈت برج نرائن سبارڈینیٹ جج فیض آباد کو ۲۶ ستمبر سے
۱۵ اکتوبر تک مزید رخصت۔ ایم۔ ایل۔ سٹوکر سی۔ ایس۔ آئی کمشنر
کو ایک سال کی مزید فرلو۔ منشی مچھو لال منصف مین پوری کو طبی
سرٹیفکیٹ پر ایک ماہ کی رخصت عطا ہوئی۔

تقرر:۔ پنڈت بھیرو دت جوشی تحصیلدار الہ آباد قائم مقام
ڈپٹی کلکٹر گڑھوال ہوئے۔ سرجن لفٹنٹ کرنل جے میکانگی سول
سرجن لکھنؤ اپنے کام کے علاوہ رائے بریلی کے طبی معائنہ کے
فرائض کو بھی انجام دینگے۔ مسٹر آر ای۔ کرلینڈ اسسٹنٹ
ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ کردی ضلع بانده۔ مسٹر ڈبلیو جی والکاک کے
رخصت لے جانے پر ضلع مذکور کے قائم مقام ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ

انتخاب گورنمنٹ گزٹ پنجاب ۲۹ ستمبر ۱۸۹۸ء

لفٹنٹ ایچ۔ سی۔ بیٹن اسسٹنٹ کمشنر انچارج گسولی
ڈویژن (سملہ) نے ۲۵ جولائی سے ۹۰ دن کی رخصت
لی۔ مسٹر ایچ ہارکورٹ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ سے جہلم
تبدیل ہوئے۔ لفٹنٹ امجد باہر من اسسٹنٹ کمشنری
سب ڈویژن نے میڈیکل سرٹیفکیٹ پر دو ماہ رخصت
۲ ستمبر سے ایسال کی فرلو لی۔ لفٹنٹ ای۔ ایچ بک اسسٹنٹ
کمشنر بجائے مسٹر اے۔ ایچ پارکر کے ضلع ریوہ سے
مسٹر ہارکر نے سب ڈویژن سے سبکدوش ہو کر ساہلوال

پولیس ہوئے۔ بابو گنگا سہائے کونسل مرحمت قائم مقام منصف
تین پوری ہوئے۔ ہیوری۔ ایچ۔ جی آئی ایم پولیس اسسٹنٹ
سرجن ہزارہ نے کام کے علاوہ ۲ ستمبر سے مظفر گڈھ کے
طبی معائنہ کے فرائض بھی انجام دینگے۔ مسٹر سی۔ ایچ کاکٹ
آئی سی ایس اسسٹنٹ مسٹر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جالندھر چھاؤنی
جزا جملہ حقوق ہوئے۔ کیپٹن ایچ۔ ایس۔ ہمفرے آئی ایم ایس
ہیں تا مقام حال سرجن بانڈا ان کی جگہ الہ آباد میں تعینات
ہوئے۔ چودھری سید عبدالحسن قائم مقام منصف متھرا ہوئے۔
تعینات:۔ مسٹر سی۔ اے۔ مضوٹ اسسٹنٹ مجسٹریٹ و کلکٹر
سے واپس آکر رائے بریلی ہیں۔ پنڈت رام شنکر مصر قائم مقام
مجسٹریٹ و کلکٹر رخصت سے واپس آکر بلیا میں اور بابو مدن
لال ڈپٹی کلکٹر رخصت سے واپس آکر فیض آباد میں متعین ہوئے۔

تبدیل:۔ منشی کریم احمد ڈپٹی کلکٹر گڑھوال قائم مقامی تال
بدلے خواجہ ذوالفقار احمد اسسٹنٹ مجسٹریٹ و اسسٹنٹ کمشنر ۱۵ اکتوبر
سے بندوبست کا کام سیکھنے کے لئے ان مقامات میں تبدیل ہونگے
جو ان کے محاذی درج ہیں۔ مسٹر ڈبلیو ایس میرس بلند شہر سے
میرٹھ۔ مسٹر جے سی۔ فرگوسن کانپور سے شاہجہانپور۔ مسٹر ای
ڈی ہیمفریز اعظم گڈھ سے بھرائچ۔ مسٹر جے سی سمتھ سیتاپور
سے کھیری۔ مسٹر ایچ ڈبلیو جل قائم مقام ڈپٹی کلکٹر شاہجہانپور
سہارنپور آباد۔ کنور رام نکاس یکسر ڈپٹی کلکٹر مراد آباد
سے شاہجہانپور۔ مسٹر ای جے ڈبلیو بیلیٹر قائم مقام ڈسٹرکٹ
سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر سی۔ ایچ گورڈن سے سبکدوش ہو کر
غازیپور سے جونپور۔ سید محمل حسین قائم مقام سبارڈینیٹ جج
پنڈت رائے اندر نرائن سے سبکدوش ہو کر اسی حیثیت سے
فرخ آباد سے شاہجہانپور منتقل ہوئے۔

STEARNS' KOLAVIN

سٹیرنس صاحب کا کولاوئن

یہ دوائی تازہ کولائٹ ہی تیار کیجاتی ہے اسطرح کہ اس نٹ کے تمام قیمتی جوہر اسمیں آجاتے ہیں۔ عکساد طبتا کولاوین کو جسمانی اور دلی ضعف کمزوری اعصاب
کل عام خفیف حالتوں کیواسطے بطور قیمتی علاج کے سفارش کرتے ہیں۔ اسکو سوخت استعمال کرنا چاہیے جسکو خوراک ہضم ہوئی ہو کیونکہ یہ معدہ کو بہت تقویت
دیتا ہے اور ہضم کی بنیاد کی بہت کو دور کرتا ہے۔ بندوں کی تمام دواؤں سے نہیں ہو سکتا ہے۔ اسکو چھوٹے نمونہ کی شیشی ہی اسکو فروخت کرنیوالوں سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

کو جائز کی اجازت دیجاتی ہے ایسے ہی ہندو اور مسلمان لیڈروں کی مذہبی بہنائی کے لئے ہندو بنڈتوں اور مسلمان مولویوں کو جیلخانوں میں جاکر لیکچر دینے کی اجازت دیجاوے۔ چنانچہ اب مسٹر گوکھلے بھی اپنی رائے دی ہے کہ اگر گورنمنٹ یا پبلک قیدیوں کے لئے وہاں کتب خانہ قائم کرے اور مقدس مذہبی پیشواؤں کے ذریعے سے قیدیوں کی تعلیم و تلقین کرے تو امید ہے کہ اس سے ان کے حال میں بہت عمدہ اثر پیدا ہو۔ پبلک مسٹر گوکھلے کی رائے کے معقول ہے جیلخانوں میں جو لوگ بار بار جاتے رہتے ہیں مگر ان کے مذہب کے متعلق کچھ واقفیت نہیں جاکر ان کے لئے ہندو مسلمان کو جانا کیونکر ممکن ہے۔ اگر ایسے لوگوں سے جیلخانوں کے اندر تعلیم دلائی جاوے تو بڑا اثر پڑتا ہے۔ اس لئے بھی ضروری ہے کہ ان بدنصیب لوگوں کو ایسے وقت میں مذہبی تعلیم سے فائدہ اٹھانے سے منع نہ کیا جاوے۔ اگر گورنمنٹ اس انتظام کو منظور کرے اور نہایت قابل مذہبی لوگ مل سکیں تو یقین ہے کہ ان کی تلقین کا بہت اچھا اثر ہوگا۔ جیلخانے کے اندر جرائم کی مقدار کم ہو جاوے۔ کیونکہ انگلستان اور دیگر ممالک یورپ میں بعض نہایت ہی نوع انسان نے جیلخانوں کے گرتے ہوئے لوگوں پر ایسے تجربات کئے ہیں اور ایسے ہی نتیجے نکلے ہیں

اہلیلی پر سوں جاکر آزمالو!

کسان سلطنت کا کمزور رہتا سلطنت کے زوال کا پیش خیمہ ہے۔ کسان سلطنت کا رکن ہے جب یہ رکن کمزور ہو گیا تو وہ عمارت [illegible] ہے جس کے ارکان ہی کمزور ہو جائیں۔ اسے بیماریاں گھیر لیتی ہیں۔ ہر طرف سے اسے بیماریاں گھیر لیتی ہیں۔ ان بیماریوں کا کیڑا سلطنت کو تباہ کر ڈالتا ہے۔ ان بیماریوں میں سے ایک بیماری جو ہماری عجب پرسوز نگار کا سلطنت کا [illegible] ہے کیا کہنا ہے ہماری عجب پرسوز نگار کا ..... جسے اس سے بدن کی کمزوری اور خصوصاً پٹھوں اور بازو کی بالکل دور ہو جاتی ہے۔ دل دماغ۔ جگر کو بھی شانہ و پیٹ کو اندر طاقت کرتا ہے اور بار بار پیشاب کی آنیکی دقت ہے ہر [illegible]

طلا

[illegible] ہوں اور [illegible] دنیا کی [illegible] دوم [illegible] وہ اس طلا کو استعمال کریں۔ [illegible] تمام قسم کے [illegible] کسی بادی سوزش کے دور ہو جاتے ہیں اور کہ [illegible] ہیں گویا اس طلا کا استعمال [illegible] دوا ہے [illegible]

عشق ربانی

[illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] ہے [

ہو رقم کرے ۔

تجارت افغانستان و ہندوستان پر محصول

ہندوستان اور افغانستان کے مابین تجارت روز بروز کم ہوتے جانے کی وجہ زیادہ تر امیر صاحب کا تجارت پر بھاری محصول لگانا ہے۔ فرض کرو کہ کوئی سوداگر کابل یا اس سے آگے لیجانا چاہتا ہے۔ تو سب سے پہلے افغانستان میں داخل ہونے کے لئے اس کو پشاور میں امیر صاحب کے ایجنٹ کو مواجب ادا کرنے پڑتے ہیں۔ پھر ڈوگہ میں ہر ایک بوجھ پر چار روپے دینے ہوتے ہیں۔ کابل پہنچ کر ۲ سیر پر ۱ روپے زرنقدی ادا کرنا ہوتا ہے۔ اور اگر اس شہر سے آگے جانا چاہے تو اسی حساب سے ۶۰ روپے آٹھ آنے دینے پڑتے ہیں۔ پشاور اور ڈوگہ کے مواجب ادا کرنے کے علاوہ شکر کی صورت میں ہر پانچ من پر ۵۰ روپے ۴ آنے اور نمک سے آگے لیجانے پر ۶۲ روپے ۸ آنے زرنقدی ادا کرنا ہوتا ہے۔ کپڑے کے ہر ایک بوجھ پر کل قیمت کے پانچ فی صدی کی اصل دینے پڑتے ہیں۔ اس لئے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ ۱۸۹۲ء کے بعد یورپ کی اشیائے روئی کی برآمد امیر صاحب کے علاقے میں بھیجی جاتی تھی ۳۱ لاکھ سے ۱۲ لاکھ رہ گئی ہے۔ ہندوستانی چائے ۳ لاکھ سے ۲۷۶۲۴ پونڈ کی اور ممالک غیر کی چائے ۶ لاکھ سے صرف ۳۲۸۷۵ پونڈ کی رہ گئی ہے۔ مگر ہندوستان کی تیار کردہ روئی کی کابل کی برآمد میں ۱۳۸۵۳۴۴ روپے کے قریب تھیں

۳ لاکھ تیس ہزار روپے کی جائداد کے وقف کے متعلق دلچسپ حالات

جناب محمد احمد سعید خاں صاحب رئیس بھیکن پور نے علیگڈھ کالج کے متعلق جو گزشتہ جولائی کے الٹی میٹم میں درج ہے اپنے ساڑھے تین لاکھ کی جائداد وقف کر دینے کے متعلق بعض شرائط سے سررشتہ خاص فرمائی تھی۔ اب ان کا ارادہ ہے کہ بہت سی جائداد کو "بلک جناب باری" کیا جائے۔ اور چونکہ بعض رفاہ عام کی خاطر اس جائداد کو وقف کرنے چاہتے ہیں کہ اس کی نوعیت۔ انتظام اور محل استعمال کی بابت عام مسلمانان ہندوستان سے رائے لی جائے۔ چنانچہ وہ اپنے ارادہ کو بذریعہ اخبارات مشتہر کرنا چاہتے ہیں۔ مگر اس بارے میں انہیں بہترین رائے مل سکے گی کہ کونسا بہتر مصرف اس وقف کا قوم کے لئے ہو سکتا ہے؟ اس کے متعلق آپ کے ایک خط سے جو روزانہ پیسہ ۲۰ ستمبر میں درج کیا گیا ہے۔ آپ کے خیالات معلوم ہوتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ "میں امید ہے کہ بزرگان قوم اس بیش قرار عطیہ کے متعلق ان کو ایسی اچھی رائیں دینگے کہ وہ اس کو اس طرح خرچ کریں کہ وہ قومی منفعت کے کام سے کہ جس کے متعلق انہوں نے عطیہ کا ذکر کیا تھا منسوب کر سکیں۔ جناب محمد احمد صاحب کو اس بارے میں علیحدہ کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے کہ اول تو آدمی کی زندگی کا بھروسہ ہی کیا ہے۔ اور دوم بقول ان کے جس رقبہ سے اس وقف اور ۵ ہزار چندہ سر سید میموریل فنڈ کی خبر اخبارات میں شائع ہوئی ہے "میری عافیت گداگروں اور بعض ایڈیٹران اخبار نے تنگ کر دی ہے۔ ایک زمانہ ہے کہ اُمڈا چلا آتا ہے۔ نواب صاحب یہ عنایت ہو اور نواب صاحب وہ مرحمت ہو۔ یہ اخبار خریدیئے اور وہ دیکھیئے"۔ واقعی ان گداگرمل اور حضوصاً بدنام گستاخ نکونامے چند ایڈیٹران اخبارات کی حالت نہایت شرمناک ہے کہ جنہوں نے جہاں کسی کو دینے کے قابل سمجھا وہاں جھٹ دست سوال پھیلا دیا۔ اس سے ذلیل زندگی اور کیا ہو سکتی ہے۔ کاش آپ ان ایڈیٹران اخبارات کی درخواستیں شائع کر سکتے۔ تاہم آپ نے ایک سندھ کے پیر صاحب خط استعمال کرنے کے لئے مجھے اجازت دی ہے۔ ہر چند کہ پیر صاحب کا کوئی حق نہیں تھا کہ ایک ایسے رفاہ عام کی رقم کے متعلق درخواست کرنے کی صورت میں کہ جس کو روزانہ اخبار میں چھاپا گیا ہے اُن کا نام مخفی رکھا جاتا۔ مگر چونکہ وہ باوجود ایسی فضول درخواست خیرات کے کرنے کے بھی اپنا نام مخفی رکھنے کے بہت خواہشمند ہیں اس لئے اُن کا نام ظاہر نہیں کیا جاتا۔ محمد احمد سعید خاں صاحب نے جس بددلی افسوس مسلمانوں کی اس افسوسناک حالت خودغرضی پر کیا ہے بالکل بجا ہے۔ قوم میں اس غیرت کے احساس کی قابلیت جب تک پیدا نہ ہوگی کہ مانگ کر کھانا ادنی درجے کی ذلت ہے۔ تب تک لوگ اپنے آپ کو غیروں کی نظروں میں عزت کے قابل نہیں بنا سکیں گے ۔

پھر وہی پنکھا قلی اور گورے سپاہی

نصیر آباد سے مارننگ پوسٹ کو معلوم ہوا ہے کہ رائل فیوزیلیئرس کے سرجنٹ میس کے ایک پنکھا قلی کو دو گورے سپاہیوں نے ۲۵ ستمبر کو ۲ بجے دوپہر کے حبراً پکڑ کر قریب کے ایک کنوئیں میں دھکیل دیا۔ مگر جب اس نے چیخنے اور چلانے کی آواز سنی گئی تو اس کو کنوئیں سے نکالا گیا۔ یہ شخص اپنے حملہ کرنے والوں کو شناخت نہیں کر سکتا۔ اور نہ اُن سے اس سلوک کی کوئی وجہ خصوصت بتلا سکتا ہے۔ اس کے بازوؤں اور ٹانگوں کو سخت ضرب پہنچی ہے اور ہسپتال میں اس کا علاج ہو رہا ہے۔ اس اثنا میں پولیس نے تحقیقات شروع کی ہے۔ تعجب ہے کہ پنکھا قلیوں پر جیسی بزدلی اور کمینہ پن کی بات ہے گورے سپاہیوں سے اس کثرت سے وقوع میں آتے ہیں گو موجودہ صورت میں قلی جان سے مرا نہیں لیکن اس سخت جان کے مار ڈالنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی تھی۔ اگر قلی مجرم سپاہیوں کو شناخت نہیں کر سکتا تو یہ بالکل ایک معمولی بات ہے۔ یہ تو جاہل اور جاگلو قلی ہوگا۔ یہاں میں سے اچھے پڑھے لوگ سو دو سو گوروں میں سے ایک کو نہیں پہچان سکتے۔ مجھے یاد ہے پہلے بھی بعض مقدمات میں شناخت کے وقت وقت پیش آچکی ہے۔ باقی رہا عداوت ہونے کا معاملہ پہلے بھی گورے سپاہیوں اور قلیوں میں کیا وجہ عداوت ہو سکتی ہے۔ شائد پنکھا آہستہ کھینچتا ہوگا۔ لیکن بعض لوگ ایسی بُری طبیعت رکھتے ہیں کہ عاجز جانداروں کو ستانے میں انہیں لطف معلوم ہوتا ہے۔ بعض نادان لڑکے بلا وجہ بھی بچوں پر سے گزرتے ہوئے کنکر یا ڈھیلے مارتے جاتے ہیں۔ اس میں بچوں کا کوئی قصور نہیں ہوتا۔ اگر خدانخواستہ اس سے عشر عشیر وارداتیں بھی قلیوں کی گورے سپاہیوں کو مار پیٹ کی وقوع میں آتیں تو اب تک ضرور سخت انتظام ایسے واقعات کے انسداد کا کیا جاتا۔ مگر اس صورت میں کوئی ایسا قابل اطمینان بندوبست نہیں کیا گیا۔ قابل اطمینان بندوبست فقط قابل عبرت سزاؤں کا سلسلہ ہے ۔

ٹکسالوں کی کارروائی اور جعلی سکے

اوکل انگریزی روزنامہ لکھتا ہے کہ ٹکسال کی کارروائی کے متعلق گورنمنٹ ہند کا ایک ریزولیوشن شائع ہوا ہے۔ ۱۸۹۸-۹۹ء میں سونے کی درآمد سال ماسبق سے ڈگنی تھی ۱۸۹۱ء سے اب تک ہر ایک سال کی نسبت زیادہ تھی۔ ۱۸۹۸-۹۹ء کی اصلی قیمت زر ۴ کروڑ ۹۱ لاکھ تھی۔ حالانکہ ۱۸۹۲-۹۳ء میں صرف ۲ کروڑ ۲۹ لاکھ تھی۔ ۱۸۹۳ء کے کرنسی ایکٹ کے نافذ ہونے سے کلکتہ اور بمبئی کی ٹکسالوں میں سونا پہلی دفعہ بھیجا گیا۔ کلکتہ کی ٹکسال میں کل ۱۵ لاکھ ۵۲ ہزار کی مالیت کا سونا بھیجا گیا۔ اس میں ۱۰۲۹۵ اکی اشرفیاں بھی شامل تھیں۔ بمبئی کی ٹکسال میں ۴۵ ہزار اشرفیاں آئیں۔ اور سونے کی پانسے ایک لاکھ ۵۰ ہزار کی مالیت کے آئے جاوا کی درآمد بہت ہی زیادہ تھی۔ جو کہ ۴ کروڑ ۴۳ لاکھ ۴۴ ہزار اونس تھی۔ حالانکہ تین سال ماسبق کی اوسط ۲ کروڑ ۶۶ لاکھ ۶۲ ہزار تھی۔ اس زیادتی کا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ سکرٹری آف سٹیٹ نے سال کے کچھ حصے میں روپیہ سونا ملتوی کر دیا تھا۔ دوم روپیہ کی قیمت تبادلہ بمقابلہ اس کی اصلی مالیت کے بڑھ گئی تھی۔ لیکن یہ بھی یقین کیا جاتا ہے کہ درآمد پر ایک افواہ کا بھی اثر ہوا جو کہ اگست اور ستمبر میں لوگوں کی زبان پر تھی۔ یعنی کہ گورنمنٹ روپیہ بنانے کے واسطے پھر ٹکسال کھولیگی۔ سال ماسبق کی نسبت بمبئی کی ٹکسال میں تگنے ڈالر بنائے گئے۔ اس سال سکے کے ۱۰۱ مقدمات پیش ہوئے۔ ۲۹۵ اشخاص کی تحقیقات ہوئی۔ ۱۵۶ شخص مجرم قرار دیئے گئے۔ بمقابلہ ۱۸۹۶ء کے ۷۰ مقدمات سکے کے جن میں ۱۰۷۲ اشخاص کی تحقیقات ہوئی اور ۸۹ شخص مجرم قرار دیئے گئے۔ اس طرح فی صدی تینوں حالات میں ۲۶-۲۱-۱۰ اور ۴۵ کی علی الترتیب زیادتی ہوئی ۱۸۹۵ء اور ۱۸۹۶ء کی طرح اس قسم کے مقدمات کی سب سے زیادہ تعداد ممالک مغربی و شمالی ہند کی تھی۔ فی صدی سے زیادہ مقدمات میں بوجہ کہ تحقیقات اس بنا پر کی گئی کہ ان کے قبضے میں جعلی سکے تھے اور وہ دو سو روپے کو بیچتے تھے ۔

دیسی قیدیوں کو مذہبی تعلیم

کچھ مدت گزری ہے پیسہ اخبار نے لکھا تھا کہ نکہ جیلخانوں میں یورپین اور عیسائی قیدیوں کو مذہبی تعلیم دینے کے لئے پادری صاحبان

واقف نہ تھے۔ آج کتنے اخبار ہوتے اور اُن میں کیا کچھ لکھا جاتا اسی طرح حرفتکاری کے مدارس سے ملک کو بیحد فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اخیر میں ان صاحب نے فرمایا کہ "ہندوستان میں گورنمنٹ زراعت میں سے فی صدی ایک روپیہ تعلیم پر خرچ کرتی ہے۔ مگر ملک یورپ میں تعلیم کے لئے ہزارہا گرانقدر عطیات لوگ دے دیتے ہیں۔ اور گو ٹیکل خراج سرکاری سے تین سے پانچ فی صدی تک دیتی ہیں۔ اگر اس سے نصف بھی ہندوستان میں خرچ کیا جائے تو کیا ترقی نہیں ہو سکیگی"۔ امید ہے کہ گورنمنٹ آئندہ ممالک یورپ کے تعلیمی اخراجات سے نصف کے قریب دینے پر غور فرمائیگی۔ تاکہ اخراجات تعلیم صنعت بھی مل سکیں۔

رسالہ مفید المزارعین اردو ہندی میں ضلع مغربی و شمالی کی گورنمنٹ نے کانپور کے زراعتی فارم کے متعلق ایک ماہوار رسالہ فن زراعت کا بغرض ترقی زراعت نکال رکھا ہے۔ اس کا نام مفید المزارعین ہے۔ اس رسالے کو پہلے پہلے کچھ عرصہ گورنمنٹ نے صرف محصول ڈاک لے کر دیا تھا۔ لیکن اب اس کی قیمت ۴ ار سالانہ ہے۔ ہر چند کہ اس میں اچھے اچھے مضامین زراعت کے متعلق چھپتے رہے ہیں لیکن اس وقت اس کی خریداری ۱۲۶۰۱ کافی سے زیادہ نہیں ہے۔ یہ اردو ایڈیشن کا حال ہے۔ اس رسالے کا ایک ہندی ایڈیشن بھی اس خیال سے محکمہ زراعت نے جاری کیا تھا کہ ضلع مغربی و شمالی و اودھ میں ہندی کا زیادہ رواج ہوگا۔ لیکن افسوس ہے کہ ہندی کی اشاعت بوجہ ناقدردانی کے محکمے کو بالکل بند کر دینا پڑی ضمناً اس سے ایک بات تو حل ہو گئی کہ ضلع مغربی و شمالی کے عام لوگوں اور دیہات میں بھی اس وقت اردو ہندی سے زیادہ مروج ہے۔ ہندی پر جاری سیمانوٹ کر رکھے۔ فن زراعت کے متعلق نہایت افسوس ہے کہ پبلک میں اس کی بالکل قدردانی نہیں۔ جو لوگ زراعت پیشہ ہیں وہ لکھے پڑھے نہیں۔ اور جو لکھے پڑھے ہیں وہ پیشہ زراعت سے بھاگتے ہیں۔

بیمہ زندگی کا بیحد مقدمہ زندگی کا بیمہ کرانے والے لوگوں کو اس مقدمے سے ضرور دلچسپی ہوگی جو حال میں مدراس ہائیکورٹ میں فیصل ہوا ہے۔ ایک مدراسی نے کہ جس کی کمائی چند آنے روزانہ سے زیادہ نہ ہوتی ہوگی۔ اور مینل لائف انشورنس کمپنی کے پاس بیس ہزار روپیہ کے لئے اپنی زندگی بیمہ کرائی۔ کچھ عرصے کے بعد یہ شخص مر گیا۔ اور جب اس کے حصص متعینہ نے کمپنی میں بیس ہزار روپیہ وصول کرنے کے لئے درخواست کی تو کمپنی نے روپیہ دینے سے انکار کیا۔ ان وجوہات کی تحقیقات پر بتلائیں کہ متوفی نے بیمہ کرتے وقت اپنی عمر غلط بتلائی تھی۔ اور چونکہ داس کے پاس روپیہ دینے کو نہیں تھا اس کے بجائے دوسرے لوگ روپیہ ادا کرتے رہے ہیں کہ جن کو اس پالیسی کا روپیہ ملنا تھا۔ اسپر کمپنی کے خلاف دعویٰ دائر کیا گیا۔ مدراس ہائیکورٹ نے فیصلہ دیا کہ عمر غلط بتلانے سے پالیسی کالعدم ہو گیا۔ اور علاوہ اس کے گو متوفی نے اپنے نام سے پالیسی رجسٹری کرائی تھی۔ لیکن دوسروں کے روپے کے بل پر کرائی تھی۔ جو بالکل اصول پالیسی کے خلاف ہے۔ اس لئے اورینٹل کمپنی روپیہ نہ دینے میں حق بجانب ہے۔

مدراس میں پلیگ کمشنر کا تقرر اور انتظام وبا مسٹر ہیک انسپکٹر جنرل پولیس مدراس اس پریسیڈنسی میں کمشنر انتظام وبا مقرر کئے گئے ہیں۔ ان کے تقرر کی وجہ بیان کرتے ہوئے صاحب گورنر مدراس بمعیت کونسل اپنے حکم میں لکھتے ہیں کہ کچھ عرصے سے اس صوبے میں وبا کی تمام کارروائیوں کے انتظام کے لئے ایک خاص افسر کی ضرورت تھی۔ چنانچہ معلوم ہوتا ہے کہ اب وہ وقت آگیا ہے۔ جبکہ ایک ایسے افسر کا تقرر نہایت ضروری ہے باوجود احتیاطوں کے وبائے ہاطہ بمبئی و ضلع متصلہ ہاطہ مدراس میں سخت قدم جمائے ہیں۔ اور ضلع ہلاری اور انت پورہ کے بعض دیہات میں چند وارداتیں وبا کی ہو گئی ہیں۔ اس لئے نہایت ضروری ہے کہ تمام قواعد اور احکام جو گورنمنٹ نے انسداد وبا کے متعلق نافذ کئے ہیں۔ ان کی تکمیل کی نگرانی گورنمنٹ کی طرف سے ایک ذمہ دار افسر کے سپرد ہو۔ جو کلکٹروں کو خاص موقعے پر ان کی مشکلات اور محنتوں میں مدد دینے کے قابل ہوگا۔ اس لئے گورنمنٹ ایک پلیگ کمشنر مقرر کرتی ہے۔ ساتھ ہی اس حکم کے گورنمنٹ نے کمشنر کے اختیارات اور دوسرے افسروں کی حالت اس کے متعلق بیان کر دی ہے کمشنر طاعون کو اختیار ہوگا کہ خاص افسر مقرر کرے اور انکو تبدیل کر دے۔ وہ تمام اخراجات کا انتظام کریگا اور جہاں ضرورت معلوم ہوگی بمبئی سے ڈریٹ ہسٹ کی گئی ہے کہ وبا کے بانے اور روکنے میں اس کی مدد کریں۔ اور صاحب کمشنر حفظان صحت اور ان کا محکمہ تمام مدد جو وہ دے سکیں انہیں دیں۔

ٹرکی کو انٹیمیٹم دے دیا گیا اگر روٹر کی خبر معتبر ہے تو انگلستان فرانس روس اور اٹلی چاروں سلطنتوں نے آخرکار باب عالی کو انٹیمیٹم دے دیا ہے کہ ۱۵ اکتوبر تک کریٹ سے اپنی فوجیں واپس بلالیں۔ اور اگر ٹرکی نے اس انٹیمیٹم کی تعمیل نہ کی تو کریٹ کے بعض مقامات پر سلطنتوں کی طرف سے توپ اور خشکی میں بلاکیڈ قائم کیا جائیگا۔ یورپ کی چھ سلطنتوں کے اتحاد کا نتیجہ تو جو نکلا تھا ظاہر ہے۔ مگر ابھی دیکھنا باقی ہے کہ چار سلطنتوں کے اتحاد کا نتیجہ کیا ہوگا۔ سچ تو یہ ہے کہ جب تک کوئی اکیلی سلطنت مرد میدان بن کر آگے نہ بڑھے شاید کوئی بڑا نتیجہ نہ نکلیگا۔

ڈگری پانے کے بعد لیاقت بڑھانا یورپ میں لاکھوں کروڑوں روپے کے یونیورسٹیوں اور پراونشل عطیات کے اس کام پر لگے ہوئے ہیں کہ ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد لوگ خاص خاص تعلیم کے شعبوں میں لیاقتیں بڑھائیں۔ اسی غرض سے حال میں بمبئی کے نامور پارسی سوداگر مسٹر جے۔ این۔ ٹاٹا نے بعض شرائط کے ساتھ ایسی جائداد غیر منقولہ پبلک کو عطا کرنا چاہی ہے کہ جس سے سالانہ آمدنی سوا لاکھ روپئے ہوگی۔ اور اس سے ایک ایسا تعلیمگاہ جاری کیا جاویگا۔ ٹاٹا صاحب بے حد تعریف کے مستحق ہیں۔

فشودا میں تین سلطنتوں کے جھنڈے اخبار سردار کچنر کے فشودا میں کامیاب پہنچنے کی خبر کہ جس کے پہنچنے پر کل اخبار تعجب کیا گیا تھا۔ آج چھاپ گئی۔ رائٹر کو معلوم ہوا ہے کہ اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کے نگار قاہرہ نے اطلاع دی ہے کہ سر ہربرٹ کچنر نے مارچند کو اطلاع دی کہ فشودا مصری حلقہ اثر میں واقع ہے اور ساتھ ہی انگریزی اور مصری جھنڈے گاڑنے کا حکم دیا۔ جب تک کہ یہ بیس سے اس مطلب کا حکم اس کو نہ پہنچا چونکہ کل تک صرف کچنر کے فشودا سے آمد و رفت جاری تھی اس لئے سول ملٹری گزٹ نے نتیجہ نکالا تھا کہ فرانسیسی وہاں موجود ہی نہیں ہو گئے۔ پانچ نے بھی لکھا کہ فرانسیسی آدمی خود وہاں سے چلے آئے تھے یا نہیں صاحب نے نکالے اور مارننگ پوسٹ نے لکھا تھا کہ سردار کچنر کیسی مخفی کارروائیاں کرتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا تھا کہ شائد وہ پہلے خود ہی کچھ کارروائی فشودا میں کر چکے ہونگے اور مجھے اجازت نہ لینگے۔ مگر ڈیلی ٹیلیگراف کی خبر سے معلوم ہوا کہ سردار کچنر نے سوائے اس کے میجر مارچند کے فرانسیسی علم کے بھگو بہلو مصری اور انگریزی علم بھی گاڑ دیئے ہوں۔ اور انگریزی گیریژن وہاں چھوڑا ہو۔ اور کچھ نہیں کہا۔ البتہ ایک دوسری تار برقی سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فرانس اور انگلستان کے مابین فشودا کے معاملہ میں گفتگو شروع ہو گئی ہے۔ فرانس کے ایک اخبار نے چند پیشتر لکھا تھا کہ فرانس کی غرض اس معاملہ مصر و سوڈان کے متعلق کچھ نہ کچھ رعایت یا حصہ حاصل کرنا ہے۔ اور اس

بہار میں طغیانی اور مصیبت مظفر پور بہار سے ایک نامہ نگار صاحب کا خط وزانہ پیسہ اخبار میں درج کیا گیا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مظفر پور چمپارن دربھنگہ اور سارن کی حالت طغیانی اور طوفان کی وجہ سے ناگفتہ بہ ہو رہی ہے۔ لوگوں کے مکان گر رہے ہیں۔ آدمی اور ہزارہا مویشی غرقاب ہو گئے اور ہو رہے ہیں۔ سیلوں تک پانی کی وجہ سے بھی ہوئی ہے فصلیں ضائع ہو گئی ہیں اور مصیبت کی انتہا نہیں۔ خدا اپنے بندوں

پیسہ اخبار
لاہور یوم شنبہ ۱۰ اکتوبر سنہ ۹۸ء

ہندوستان میں صنعت و حرفت کی تعلیم اور آرٹس کی اعلیٰ تعلیم

حال میں انگلستان کی پارلیمنٹ میں ہندوستان میں صنعت و حرفت کی تعلیم کے بارے میں ہندوستان کی طرف سے جاری کئے جانے کا معاملہ بھی پیش ہوا تھا۔ لیکن افسوس ہے کہ ضروری سی ہوا بندی کے سوائے اس کا کچھ نتیجہ نہ نکلا۔ مسٹر بھاؤ نگری جو اس وقت ایکلے ہندوستانی ممبر پارلیمنٹ تھے نے ہندوستان میں صنعتکاری کی تعلیم جاری کرنے کے متعلق ایک معقول ریزولیوشن پیش کیا تھا۔ اور اس میں بیان کیا تھا کہ ہندوستان کا موجودہ طرز تعلیم اہل ہندوستان کو صنعت اور محنت کے کاموں کی جانب متوجہ کرنے میں موثر ثابت نہیں ہوا۔ اس وجہ سے ملک کی اپنے لئے خود چیزیں بنانے کی طاقت مسدود ہو گئی ہے۔ اور ملک کا روز بروز مال ملک کی تیار کردہ اشیاء پر درآمد ہوتا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس قسم کی تعلیم حاصل کر کے سرکاری نوکری حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتے۔ ان میں ناخوشی کا خیال پیدا ہوتا جاتا ہے۔ اس لئے مناسب ہے کہ ہندوستان کے تعلیم عامہ کی طرز میں کچھ تغیر کیا جائے۔ اپنی تحریک کی تائید میں بھاؤ نگری صاحب نے جو تقریر کی تھی اس میں بیان کیا تھا کہ موجودہ طرز تعلیم سے ہندوستان کے محنتی ذرائع میں کچھ ترقی نہیں ہوئی۔ ۱۸۹۵-۹۶ء میں ہندوستان سے گورنمنٹ نو سے لاکھ روپے کا مال غیر ممالک کو گیا تھا۔ اور اس میں سے صرف ڈیڑھ کروڑ کا مال تیار شدہ یا دیسی صنعتکاری کی قسم سے تھا۔ اور باقی سب خام پیداوار تھی۔ بمقابل اس کے اسی سال میں ہندوستان میں سات کروڑ روپے کا مال ممالک غیر کا داخل ہوا جس میں صرف ایک کروڑ کے قریب خام مال تھا۔ باقی سب تیار شدہ اشیا تھیں جیسے کہ یورپ کی صنعت و حرفت کا سامان ہوتا ہے۔ گویا ہندوستان ہر سال جس قدر مال ممالک غیر کو بھیجتا ہے وہ یہاں کی پیداوار کچی حالت میں ہوتی ہے۔ غلہ وغیرہ کے ہوتی ہے۔ مگر یورپ میں کچی چیزوں سے چیزیں مثل جوتے۔ کپڑے۔ مٹھائی اور دیگر مال تجارت کے تیار کیے جاتے ہیں۔ اور وہ پھر ہندوستان میں گراں فروخت ہوتے ہیں۔ اس کاروائی سے ہندوستان جو خام مال ایک روپے کو بیچتا ہے تیار ہو جانے کے بعد اسی کو دس روپے کو خریدتا ہے۔ گویا کہ نو روپے اس محنت اور کاریگری کی قیمت ہے جو یورپ میں اسپر صرف کیجاتی ہے اور اگر ہندوستان ہی میں لوگ ایسے دستکار اور کاریگر موجود ہوتے تو یہ چیزیں ممالک غیر کو نہ بھیجنے اور وہاں سے واپس منگوانے کی ضرورت پیش نہ آتی۔ مگر افسوس ہے کہ ہندوستان میں دستکار بہت ہی کم ہیں۔ بھاؤ نگری صاحب نے اپنی تقریر میں بتلایا کہ انگلستان اور ویلز کی آبادی صرف تین کروڑ بیس لاکھ ہے۔ اور وہاں ستر لاکھ زن و مرد صنعتی کاروبار میں مصروف ہیں۔ مگر ہندوستان کہ جس کی آبادی نیس کروڑ کے قریب ہے اس میں صرف تیس لاکھ حرفت و صنعت پیشہ لوگ ہیں۔ اور چونکہ طریقہ تعلیم جو سرکار نے اس ملک میں جاری کیا ہے وہ محض زنانہ ہی پر مشتمل ہے۔ اس سے تعلیم یافتہ جماعتوں کو بالکل رغبت نہیں ہوتی کہ وہ اپنے ملک یا غیر ممالک کی دستکاریوں اور صنعتوں کو سیکھیں۔ دوسری طرف اس تعلیم کو حاصل کر کے لوگ ایسے بورجن طریق اور رہ اختیار کرتے جاتے ہیں کہ ان کی روزمرہ کی ضرورت کی اشیا بھی یورپ کی تیار شدہ ہوتی جاتی ہیں۔ اس طرح چھوٹی چھوٹی ضرورت کی چیزیں بھی اہل ہندوستان اپنے ملک میں تیار نہیں کر سکتے۔ پھر بیان کیا کہ صوبہ بمبئی میں ۱۰ کالجوں میں علمی تعلیم ہوتی ہے اور وہاں پیشہ ور لوگ مثل ڈاکٹر انجینیر وغیرہ کے تیار ہوتے ہیں..... ڈاکٹر اور طبیب تو سینکڑوں بن جاتے ہیں۔ لیکن اس وقت ملک کے اس سرے سے دوسرے سرے تک ایک بھی فائدہ دیسی دوائی تیار کرنیوالا کیمسٹ نہیں ہے۔" ان وجوہات کے ساتھ مسٹر ایم بھاؤ نگری نے درخواست کی کہ اس تمام مسئلے پر غور کرنے کے لئے ایک مجلس ایک کمیشن تحقیقات ہونی چاہیے۔ اور گورنمنٹ کو ہند کی رعایا سے ہمدردی ہے۔ تاہم اب تک اس نے صنعت و حرفت کو ترقی دینے میں چنداں توجہ نہیں دلایا۔ مسٹر ایم بھاؤ نگری کی یہ تقریر اور اس کے متعلق باقی بحث کسی گذشتہ اشاعت میں درج کی جائیگی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر سوٹار نے بھاؤ نگری صاحب کی تقریر کا جواب کس پیرایہ میں دیا۔ ان صاحب نے نتیجہ نکالا کہ بھاؤ نگری صاحب اعلیٰ تعلیم کی جو ہندوستان میں جاری ہے مخالفت کرتے ہیں۔ اور اس زینہ پر خود چڑھے ہیں اوروں کو اتار کر گرانا چاہتے ہیں۔ اگر واقعی بھاؤ نگری صاحب کی تقریر کا ماحصل یہ تھا تو کسی معقول پسند ہندوستانی کو ان سے اتفاق نہیں ہو سکتا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم کو منسوخ نہیں کرانا چاہتے جبکہ وہ صنعت و حرفت کے مدارس جاری کرانا چاہتے ہیں۔ گویا کہ موجودہ اعلیٰ تعلیم کے مدارس اور کالجوں کے پہلو بہ پہلو صنعت و حرفت کے کالج اور مدارس بھی قائم کر دیئے جائیں تاکہ جو لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا مقدور نہیں رکھتے یا جو لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد کہیں ملازمت حاصل نہیں کر سکتے۔ یا جو لوگ ملازمت کرنا نہیں چاہتے بلکہ جو اعلیٰ تعلیم حاصل کر چکنے کے صنعت و حرفت سیکھنا چاہتے ہیں اُن کے لئے تکنیکل مدارس جاری ہونے ضروری ہیں۔ اس سے ہرگز یہ نتیجہ نہیں نکالنا چاہیے کہ اہل ہندوستان کو اعلیٰ تعلیم کی ضرورت نہیں۔ اعلیٰ تعلیم ضرور ہے لیکن صرف لکھ لکھن گھا کرنوں زندگی بسر کرنا ہے۔ جب تک کہ اس کے ساتھ روٹی کا گھڑا بھی ملا نہ کرے۔ اور علاوہ اس کے لکھن ایک گراں قیمت چیز ہے جو ہر ایک غریب آدمی کو نہیں مل سکتا۔ البتہ سوکھی روٹی کا گھڑا ہر شخص کے لئے ملنا ضروری ہے۔ اور وہ پیشہ اور حرفہ کی تعلیم ہے۔"

سوٹار صاحب نے اپنے جواب کا بڑا حصہ اس بات کی تائید میں صرف کر دیا ہے کہ ہندوستان کو اعلیٰ تعلیم کی بڑی ضرورت ہے۔ اور گورنمنٹ کو بھی اس سے بڑا فائدہ ہے۔ کیونکہ اس کو کم مشاہرہ پر ملازم مل سکتے ہیں۔ اور تجارت کے بڑھنے کے لئے بھی اعلیٰ تعلیم ضروری ہے۔ اور اگر اس طریق کو بدل دیا گیا تو گورنمنٹ کو نائب تعلیم یافتہ ہندوستانی کہاں سے مل سکینگے یہ کتنی ناتجربہ کاری کی بات ہے۔ اگر اس وقت گورنمنٹ تعلیم کی امداد بالکل بند کر دے تو ہم ملک پراویٹ کوششوں سے اعلیٰ تعلیم کا انتظام کر دینگے اور گورنمنٹ کو تعلیم یافتہ ملازموں کی بھی قلت محسوس نہ ہوگی۔ مگر اس وقت تو سوال یہ ہے کہ گورنمنٹ تعلیم صنعت و حرفت اور تعلیم تجارت کے لئے بھی مدد سے کھولے اور وہاں لوگوں کو معاش پیدا کرنے کے طریقے سکھلائے۔ اس دستکاری اور حرفت کا وہ ڈھنگ سکھلایا جاوے جو انگلستان جرمنی اور ضلاع متحدہ امریکہ میں نوجوان شاگرد دوکانوں اور حرفت کے مدرسوں میں سیکھتے ہیں۔ اس میں اگر ظاہر اکوئی نقص ہو سکتا ہے تو وہ صرف یہ ہو سکتا ہے کہ جب ہندوستان اپنے لئے چیزیں خود تیار کرنے لگیگا تو انگلستان کے کئی کروڑ روپے سالانہ مال و تجارت کی کمی کم ہو جائیگی۔ مگر یقین ہے کہ گورنمنٹ انگریزی ایک ایسے ضعیف خیال کے لئے غریب ہندوستانیوں کو صنعت و حرفت کی نعمت سے محروم نہ رکھیگی۔

سوٹار صاحب نے پارلیمنٹ میں بیان کیا ہے کہ پچھلے منو نے یہ تعلیم دی ہے کہ برہمن زراعت اور صنعت و حرفت کے کام نہ کریں۔ بلکہ اعلیٰ اور نیچ قومیں یہ کام کریں۔ اس کی شرمناک ہندوستان محنت اور دستکاری سے نفرت رکھتے ہیں۔ ایک دوسری جگہ بیان کیا کہ ہندوستان میں دستی محنت کی عزت نہیں کیجاتی۔ یعنی عموماً لوگوں میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ قلم سے زیادہ وزنی اوزار کا اٹھانا گویا اپنے آپ کو ذلیل کرنا ہے۔" بیشک ہندوستان میں ذاتوں سے پیشے ممیز رہے ہیں۔ لیکن آجکل اتنی روشنی پیدا ہو گئی ہے کہ سب لوگ فائدہ مند اور کمانے والے پیشے اختیار کرنے کو تیار ہیں۔ اہل ہنود مویشی کی ڈاکٹری سیکھ رہے ہیں۔ آگرہ میں کشمیری پنڈتوں نے بوٹنے بنانے کا کارخانہ کھولا ہے اور سینکڑوں ایسی مثالیں تلاش سے مل سکینگی۔ اس لئے یہ کہنا فضول ہے کہ ہندوستانی محنت کے کام کرنا نہیں چاہتے۔ وہ چاہتے ہیں لیکن جانتے نہیں کہ کس طریق سے انہیں اختیار کریں۔ وہ طریق گورنمنٹ مہربانی کر کے ان لوگوں کو سکھلانے کا بندوبست کر دے۔ یہ بیان کہ آرٹس کی تعلیم کہ ہندوستانی کی سرکار سے مہربانی کر کے بندوبست کرا دیا ہے۔ اگر سرکار اگر ہندوستان میں عام تعلیم جاری نہ کرتی تو آج کتنے لوگ ہندوستانی

حفظ صحت
استفسار

۱۰۷۔ ہوا ہیضہ ہوتے ہیں۔ ہوتی ہے۔ کبھی ہوا ہوتی ہیں کبھی ہفتہ تک ہوتا ہے۔ کون ہوتا ہے۔ اس کثرت سے کہ پھر ہر پر زردی چھا جاتی ہے۔ حیرت ہوتی ہے کہ تماخون کہاں سے آتا ہے۔ کھانے کی دوا ہو تو احسان ہے سو نہ بھیجو ہی۔ مجرب نسخہ منگانے کا بھی احتمال ہو سکتا ہے۔ جو صاحب نسخہ لکھیں تجربہ کیا ہوا لکھیں۔ مریض کو معمول نہ بنا دیں کیونکہ بہت سے علاج لکھے جا چکے ہیں۔ یہ دیکھنا ہے کہ دنیا میں اس کے مصلح ہیں یا محض لاعلاج ہو گیا ہے۔ اگر مریض کو کچھ بھی تخفیف ہو گی تو بہت ہی ممنون ہو گا۔ خریدار نمبر ۱۳۰۰ء

علاج

۱۰۸۔ قلت ایام (رجواب استفسار ۱۰۱) ۳۰ ماشہ سہاگہ اور ایک سیر زعفران ایک سیر سفید ساگ کے علے بصل ریشہ آب نارہ کے ساتھ چھکا نار بس مفید ہے۔ دوسری خوراک کی ضرورت نہیں (مرزا قاسم بیگ از سلمانہ)

۱۰۹۔ قبض (رجواب استفسار ۱۰۰) ایسے علاج قبض کے واسطے لانا ہے۔ تخم۔ اسگند۔ تخم میتھی۔ آنبہ ہلدی۔ سپنجول۔ کندر۔ ایلوہ۔ سال۔ ان سب کو ہموزن لے کر پانی میں اس قدر باریک کریں کہ مثل سرمہ کے لیدار ہو جائے۔ بیس یا چھ مقدار درم ہے۔ اگر سادہ دیا لا مثل مرہم انیسون کر کے مرغ درم درم بچوں کو دیں اور آتش پا چکنی لسی سے سینک دیں۔ جب اندر درم کم ہو تو ریگا پارچہ غلیظ دہ ہوتا جائیگا۔ مقراض سے تراش دیا کریں۔ دو بارہ انشاء اللہ دوائی کے لگانے کی ضرورت نہ رہیگی۔ (ر)

۱۱۰۔ ورید (رجواب استفسار ۹۰) ہاتھوں۔ میتھی۔ جوائن دیسی ہر سہ ہموزن کوب کر کے کفدست بھر آب تازہ نہار کھانا اور ساگ سوداد روغن نجایں جلا کر مالش کرنا اور دھوپ میں۔ اس مالش روغن کے بعد بیٹھنا بس مفید ہے۔ (ر)

۱۱۱۔ کثرت مباشرت سے چہرہ کا پھک جانا (رجواب استفسار ۹۴) ایک مند دگیلہ کی کھیر نصف سیر خالص سیر مادہ گاؤ میں پکا کر نہار کھانا بے نظیر ہے (ر)

۱۱۲۔ دفعیہ طحال (رجواب استفسار ۹۱) تین ماشہ ڈوڈہ بھنا ل جو کوب کر کے اور شب باد کھر پانی میں تر کر کے صبح پارچہ بنوش فرما دیں۔ اگر چند دست یا قے ہوں گھبرا نہ جائیں۔ سہ پہر کو تند امونگ کی کھچڑی۔ اور جہاں تک ممکن ہو دن کھر پانی نہ پئیں۔ تیز دیئے۔ بدال زیادہ مقدار میں استعمال کرنا سم قاتل ہے (ر)

گیا آپ نے انتخاب لاجواب کا
پہلا نمبر

نہیں دیکھا؟ فوراً کارخانہ پیسہ اخبار سے طلب کیجئے۔ اس کے مطالعہ کے بعد آپ کو پچھتانا نہیں پڑیگا۔

گم نام و نشان عزیز

۱۱۳۔ میرا ایک اماں زاد بھائی جس کا حلیہ میں ذیل میں لکھتا ہوں۔ اپنے والدین سے ناراض ہو کر کہیں مفقود ہے۔ اس کی نسبت پتہ ملا تھا کہ وہ لاہور گیا ہے لیکن وہاں سے اس کا کوئی پتہ نہ لگا آیا اور وہ شہر کے مقامات سے بھی واقف نہیں تھا مطلقاً دکھا ہوا ہے اور کرتار سے لمبا۔ اندیشہ ہے کہ وہ ملازم ہو کر (خدانخواستہ) کہیں بیمار نہ ہو گیا ہو۔ اس لئے زیادہ مہربانی اپنے اخبار میں شہر وار دیں۔ اگر اس کا پتہ مجھ کو آئے تو مجھ کو اطلاع دیں۔ اس کا والد بالکل غریب ہے۔ کاریگری مقدور محض ہر روزی پر بنی ہے۔ حلیہ۔ سید حسن شاہ ولد عیاد علی شاہ۔ قوم سید سکنہ سید الوانی۔ تھانہ و ضلع سیالکوٹ۔ عمر قریب ۱۵ سال۔ رنگ گندمی۔ قد وسط اندام۔ (سید فتح شاہ سارجنٹ پولیس جموں)

عام
سوال

۱۱۴۔ لیمپ کی چمنی کس طرح صفا کیجاتی ہے۔ سب لوگوں کی نظر سے چمنی آدھی صاف اور آدھی میلی گزری ہو گی۔ جس صاحب کو عمدہ ترکیب صاف کرنے کی معلوم ہو بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرمائیں؟ (محمد ظہور العالم از سلمانہ)

۱۱۵۔ کیڑے مکوڑے۔ میرے مکان میں مکوڑے بیشمار ہیں۔ اور جہاں کہیں کوئی میٹھی چیز رکھی جاتی ہے فوراً وہاں جا پہنچتے ہیں۔ بالخصوص موسم برسات میں ہر در و دیوار سے بکثرت نکل پڑتے ہیں۔ کوئی صاحب براہ مہربانی ان کے دفعیہ کی تدبیر سے بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرمائیں (خریدار ۱۲۲۴)

۱۱۶۔ لیس کے صاف کرنے کی ترکیب جو کہ میلا ہو گیا ہو۔ یہ فرمائیں (مشکور رہیں) ایک خریدار

۱۱۷۔ گھوڑی کی بیماری۔ میری گھوڑی کی پچھلی دہنی ٹانگ سوج گئی ہے۔ جسکو طب حیوانات میں عرض اڈیما کہتے ہیں۔ ابتدا میں درد زیادہ تھا اور بزم۔ ہم میل ٹھلانے سے فرق ہو جاتا تھا۔ مگر پھر کرنے سے بدستور ہو جاتا رہا۔ ایک سالوتری نے ٹھنڈی ہی کا استعمال بتایا کچھ فائدہ نہوا۔ بعدہ چراکتہ اور مگنیشیا اور بھی شوہ بھی پلایا مگر مفید نہ ہوا۔ اب ورم سخت ہو کر ران تک ہو گیا ہے۔ کوئی صاحب براہ مہربانی مجرب علاج بتائیں (خریدار ۱۴۲۶)

جواب

۱۱۸۔ اردو اخبار (رجواب سوال پیسہ اخبار قلمی ہے کہ اردو اخبار قبل غدر ۱۸۵۷ء شہر دہلی سے جاری ہوا تھا۔ اسکے مہتمم اصلی مولوی محمد حسین صاحب آزاد کے والد تھے۔ انکی تصانیف سے بہت سی کتابیں ہیں جو اوراق فارسی مطبع ہیں۔ مگر دو اخبار ہیں دہلی کے اسی زمانہ کے اکثر کتب دیکھے گئے ہیں جو اب تک بعض حضرات کے پاس موجود ہیں۔ اسکی خبر نہیں کہ آیا کوئی پرچہ اخبار مذکور کا کہیں موجود ہے یا نہیں (مرزا محمد کاظم برلاس)

شعر و سخن
اگلے مسلمان

صفت ملیح الملک جناب سید محمد مرتضیٰ صاحب بہادر وزیر دالی ریاست پٹیالہ

ہیں کیسے ہر فن مولا ملک کے سارے ملک کے پیارے ہیں سب کے دلارے
وہ دیالی ہیں اور دیالو ہیں سارے سچے وزیر پیارے ہمارے

ہو کس منہ سے یارب ان کا ثنا گر
کہ محفل میں ہو چرچا ہر ہر ادا کے

سیاست و حکمت کی باریکیوں کے خبردار دقائق کھیا ریکیوں کے
علاج جہالت کی بیماریوں کے وہ والی وہ وارث شفا بیماریوں کے

وہ بھولے کو رستہ بتانے والے
پیاسے کو پانی پلا دینے والے

کوئی آہ بھرتے کہیں دیکھ پایا تو اک سنسنی آکے دل بھر آیا
اگر کوئی بے کس کہیں تلملایا تو اک زلزلہ ان کے قالب میں آیا

کسی کا اگر ہو گیا بال بیکا
تو پھر دیکھئے پیچ و تاب آپ جی کا

اگر شہر میں کوئی ہوتا تھا گریاں تو یہ اپنی طرح ہوتے تھے پریشاں
گرتن کوئی دیکھتے تھے عریاں تو پھٹتی تھی چھاتی تڑپتی تھی جاں

پھٹے حال ملتا کوئی دست اپنا
تو وہ دیتے تھے کھینچ کر پوست اپنا

اگر کوئی ہمسایہ ہوتا تھا مضطر تو پھر ان کو آتی نہ تھی نیند شب بھر
کلیجے میں چبھتا تھا ہر تار بستر پہنچتے تھے بالین کھا کھا کے ٹھوکر

کسی گھر سے آواز گریے کی آتی
تو کی آپ نے دیر اک غم نے پڑھائی

کرا، اگر کوئی آفت کا مارا بیکل ہوئے جیسے آتش پہ پارا
مڑ اگر کسی کے جگر کا شرارا تو دل بجھ گیا ان کا گھر بار سارا

کوئی رہ گیا گر دم سرد بھر کر
تو بجلی گری کوند کر ان کے دل پر

حکایت

سنا ہے عرب میں کوئی نوجوان تھا نہایت کا پتلا توکل کی جاں تھا
کئی دن سے بیچارہ بے آب و ناں تھا کہ صحرا میں وہ ماندہ کارواں تھا

نقاہت سے منزل نہ ہلنا اسکی کھولی
کئی شب سے آنتوں نے بھی اسکو روٹی

مسافر کوئی آرہا تھا ادھر سے وہ کچھ روٹیاں ساتھ لاتا تھا گھر سے
اسے دیکھ کر رو دیا چشم تر سے دیا کھول کر گوشت رو لی مگر سے

کہا بھائی اے چین سے اسکو کھالے
کہ تجھ کو ہے درپیش رسماں کے حوالے

دکھانے کو تھا مرگ سحر انگیز کرا تنے میں کتا کسی کھیت سے آکر
گیا سامنے لوٹ دم ہلا کر دو سوکھی ٹکیاں اسکو دیں اٹھا کر

برا حال تھا گو کہ اس نیک خو کا (تلم کلیم)
نہ دیکھا گیا اک کتا بھی بھوکا

ایشیا کے سب سے بڑے مسلمان
کے حالات پڑھنے کا آپ کو ضرور شوق ہو گا۔ میر غلام علی رئیس
خاں کے سوانح عمری کارخانہ پیسہ اخبار سے منگوا کر ضرور دیکھئے

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۴۰ جلد ۱ یوم ۔۔۔ شنبہ ۸۔ اکتوبر ۱۸۹۸ء مطابق ۲۲ جمادی الاول ۱۳۱۶ھ ہجری موافق ۲۵ سوج ۱۹۵۵ بکرمی ۔۔۔ حساب الملہ

مختلف ممالک کے کئی شمار اور اعداد

محاصل ہند۔ اخبار کیپٹل لکھتا ہے کہ ہم یہ سن کر خوش ہوئے ہیں کہ ہندوستان کے محاصل گذشتہ تین سالوں کے محاصل کا سے بہتر ہیں اور قریباً لاکھ روپیہ زیادہ ہے۔ یہ یاد رہے کہ تمام روپیہ اگست سے پہلے ہر سال وصول ہو چکا ہے اور ہر ایک رقم ہزار روپیہ کی ہے۔ شمار کرنے چاہئے:۔

سنہ ۹۶ء	سنہ ۹۷ء	سنہ ۹۸ء
۲۶۴۱۶	۰	۴۷
۶۸۷	۶۹	۲۹۳۹۱
۸۳۲۹۷	۸	۸۹۱۶۵
۴۷۷۴۸	۸۴۳۹۹	
۵۴۵۷۷	۵۶۰۱۰	
۳۴۷۶۷	۳۹۵۸۱	
۴۳۲	۴۹۴۹۹	
۸۶۶	۱۶۸۶۵	

ہر قسم کے پچھلے سال تقریباً ہر قسم کے محاصل طور پر کم ہو گئے ہیں۔ محاصل افیون محسوس طور پر کم ہو گئے ہیں۔ مجموعی طور پر کم ہو گئے ہیں۔ مجموعی طور پر کم ہو گئے ہیں۔ مجموعی طور پر کم ہو گئے ہیں۔

سنہ ۹۶ء	سنہ ۹۷ء	سنہ ۹۸ء
۶۸۷۶۹	۶۹۱۳۰	۴۹۳۹۱
۲۳۲۲۳	۲۳۵۵۹	۲۳۱۲۵
۴۳۹۴۶	۳۱۵۷۱	۲۶۲۶۶

ہر قسم کے جو ہم نے خرچ کا لحاظ رکھ کر کل بچت اٹھائی ہے وہ ہی زیادہ ہے۔

کانیں۔ دنیا میں ایک لاکھ ۸ ہزار سالانہ کانیں ہیں اور یہ تعداد پیدا ہو رہی ہے۔ ان کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے اور قریباً ۲۰ ہزار کانیں ہیں۔ ان کانوں سے ۲۰ ہزار کانیں ہیں۔ ان کانوں سے ۲۰ ہزار کانیں ہیں۔

کانوں کا خرچ:۔ برٹن کانوں کے باشندوں کی تعداد ۲۰ لاکھ ہے۔ ہر سال ۲۱ ملین پونڈ کا چمڑا برطانیہ کانوں میں تقریباً ۱۵۰ عورتیں لوہار کا

مذاق

ایک مولوی صاحب نے ایک مفلس مسلمان کو اپنی بکریاں چرانے کے واسطے ایک ملازم رکھا بعد چند روز کے ایک بکری زخمی ہو گئی۔ مولوی صاحب نے چرواہے سے دریافت فرمایا کہ میاں یہ بکری بہت زخمی ہو گئی ہے۔ کیا بچنے کی بھی امید ہے یا نہیں؟ چرواہے نے نہایت سعب ہوا جواب دیا کہ مولوی صاحب تو بہ کرو تو۔ مولویوں کی بکری اور حرام کرانی پھر بچے گی؟ مولوی صاحب کو سخت غصہ آیا اور اس کو ڈانٹ کر نکال دیا۔ (مختار احمد صدیقی از بدین پوری)

ایک شخص اسپیدوار ملازمت ایک رئیس کے حضور میں حاضر ہوئے اور یہ درخواست کی کہ میں آپ کے ملازموں سے دونی تنخواہ اور خوراک لونگا۔ رئیس صاحب نے دریافت کیا کہ بھلا کوئی ایسا ہنر رکھتے ہو جس سے تمہاری یہ درخواست قبول ہو؟ کہا کہ "آپ کو اور اہل معاملہ کو خوش رکھونگا اور اس بھی زیادہ میں نے اس بات کو منظور کر لیا۔ ایک روز اتفاق سے ملازم صاحب کو ایک مہمان کرانے کے لئے بھیجا گیا۔ مہمان کا نام محمد محسن تھا۔ مگر لفظ "محمد" کو چھوڑ کر دیا کرتا تھا۔ آپ نے اس سے جا کر یہ درخواست کی کہ ہمارے آقا کا نام محمد محسن ہے۔ مہربانی کر کے "محمد" کو چھوڑ کر نام نہ لیا کرو۔ اس سے یہ استدعا کی کہ بھائی تم ایک نقطہ شین کے پیٹ میں رکھ دیا کرو۔ آپ تین روپے دیکر چلتے بنے۔ ملازم صاحب بہت خوش ہوئے۔ (؎)

ایک تحصیلدار صاحب ریاست کے بہت عادی تھے اور سالگرہوں سے روپیہ قسم کھایا کرتے تھے کہ آج ہی روپیہ لونگا۔ وہ تھی۔ اس وجہ سے ان کو یہ خیال ہوا کہ کسی دوسری چاہئے تو انہوں نے شغال بیابانی اور خدا سمجھ والی کی قسم کی۔ ایک روز جب دو مالگزار گرفتار ہو آئے تو تحصیلدار صاحب نے ان سے بھی بدستور قسم شغال بیابانی اور خدا کی کھائی کہ "آج ہی روپیہ لے لگا"۔ اس کے جواب میں مالگزار نے کہا کہ سرکار اپنے بزرگوں کی قسم کھا چکے۔ اب روپے کی فکر ضرور کرنا چاہئے۔ اس روز سے تحصیلدار صاحب نے قسم کھانا چھوڑ دیا۔ (فرحت علیگیں)

بھوپال کے جو قسم کھانے وصول کرتے وقت اکثر بھی غلط بھی ہو جاتی چیز کی قسم کھانا کھانا شکر ہے ماد صاحب سچائی اور

عجیب عجیب باتیں

۵۲۔ جواہر خاں ولد صلابت خاں ذات پٹھان سکنہ وطن قصبہ چنیور ضلع سلطانپور (اودھ)۔ عمر ۲۶ سال، رنگ سانولا چہرہ گول۔ قد درمیانہ۔ ہاتھ پاؤں مضبوط۔ موٹے موٹے خوب بھرے ہوئے۔ دیس گنجان۔ عرصہ ۵ سال سے گم ہے۔ پہلے مقام شیبو ٹلک پر بہاولپور گاٹ میں نوکر تھا۔ اور اسی جگہ سے گم ہوا۔ اسکی جدائی میں اسکے والدین کا برا حال ہے۔ ناظرین پیسہ اخبار للہ پتہ لگائیں۔ (محمد حسن خاں، ۱۷۵۴۸)۔

۵۳۔ میرا لڑکا سمی چونجی لال قوم برہمن ساکن قصبہ باول ریاست نابھہ جس کا قد میانہ۔ رنگ گندمی۔ ناک چپٹی یعنی اوپر سے بیٹھی ہوئی۔ بدن پہلوانی عمر ۲۳ سال۔ ڈاڑھی مونچھ کا آغاز۔ عرصہ تقریباً ۴ سال سے مفقود الخبر ہے۔ ہر چند تلاش کیا مگر کچھ پتہ نہیں ملا اور غالباً وہ علاقہ پنجاب میں ہے۔ اس کے والدین شب و روز فکر سے پریشان ہو رہے ہیں آپ کے جان و مال کو دعا دیں (رام ناتھ برہمن قصبہ باول)۔

عام

سوال

۷۳۔ مقناطیس۔ کچھ خالص مقناطیس پتھر کی ضرورت ہے ازراہ عنایت کوئی کرم فرما بتا دیں کہ یہ چیز کہاں سے دستیاب ہو سکتی ہے اور کس نرخ سے؟ بازار میں گھوڑی کے نعل کی شکل کا آہن مقناطیسی شدہ ملتا ہے۔ مگر ہم کو اصلی کی ضرورت ہے جس سے آپ ہی نعل بنا سکتا ہے کیا کیا جائے (پیسہ اخبار کا پرانا خریدار ۵۹)۔

۷۴۔ کبوتر کو لقوہ۔ میرے ایک کبوتر کی گردن کو لقوہ کی ہوا نے ستایا ہے۔ گردن مڑ گئی ہے۔ دانہ پانی بدقت کھاتا ہے۔ پیشانی پر داغ بھی دیا گیا۔ مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ کوئی صاحب اس پیربان پر رحم فرما کر دوائی مجرب سے مطلع فرمادیں۔ عند اللہ ماجور ہوں گے (رلتن لال، ۱۷۱۲ از ضلع ہیجی)۔

۷۵۔ بندوق کا تیل۔ اگر کسی صاحب کو بندوق کے تیل کا عمدہ نسخہ معلوم ہو تو براہ مہربانی بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرما کر ممنون فرمادیں۔ تیل ایسا ہونا چاہیے جس کے لگانے سے نلی کے اندر اور پر کبھی زنگ نہ لگے (محمد حسین خریدار)۔

جواب

۶۳۔ مرغیوں کی جوؤں کا مجرب علاج دنیا میں ایک ہی ہے۔ وہ یہ ہے کہ ہلدی باریک کپڑے چھان کر کے اور نمک بھی باریک پیس کر دونوں چیزوں کو ہموزن لے کر اور تھوڑا سا پانی آمیز کر کے مرغیوں کے تمام بدن پر لگا دیں۔ اور کچھ تھوڑا سا پلا بھی دیں۔ اسی طرح مینڈھوں کے عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ نہایت جلد آرام ہوگا۔ اور پھر پیدا نہ ہونگی۔ (ایک غیر خواہ عوام)۔

شعر و سخن

پردہ کے متعلق ایک تعلیم یافتہ اور شریف پردہ نشین کا خیال

الٰہی تری ہاتھ ہے اپنی عزت
فقط تجھ کو درکار ہے اپنی شہرت
انوکھی خیالات معتقد ہیں وہ
الٰہی میری آبرو کو بچا لے
لکھے جاتے ہیں ایسے مضمون نرالے
کہاں کی ہوا ہمسروں میں سمائی
گئی ہائے اسلام کی سب حمیت
کہاں اب وہ ہمت کہاں اب وہ غیرت
ہے منقض اولاد ان فاتحوں کی
کسی گھر میں اب کچھ حکومت نہ گھر ہے
نہ دنیا نہ دولت نہ گھر ہے نہ در ہے
غرض ہر طرح پریشانی و مفلسی ہے
حماقت سے پہلے تو کھوئی حکومت
ہوئے فسق کی نذر حکم شریعت
گھروں میں فقط ایک پردہ رہا ہے
کہو بے پردے کے پھر کیا رہیگا
یہ مضمون تمہارا بھی اچھا رہیگا
نہ نکلا اگر کام ناکامیوں سے
جنہیں فکر پردہ دری ہے زیادہ
نہ وہ بھاگ کر بیٹھ سرمست باد
ہوا سطح پھیلی ہوئی لال انکی
مری فکر ناقص تو لڑتی ہے اپنی
کمائی تو پرکٹے کرتے ہیں دن بھر
ہر اک وصلان کا ٹوٹا ہوا ہے
یہ خواہش ہے ہم رسم پردہ اٹھا دیں
دفاتر میں جا بیٹھیں فوجوں میں جائیں
بلا سے خراب اپنا گھر ہو رہیگا
نہ سرحد پہ مرنے کو جانا پڑیگا
نہ فوجوں میں گھوڑا اٹھانا پڑیگا
نہ خچر مخالف کا گھانا پڑیگا
نہ دفتر میں حکام کی فکر ہوگی
تجارت میں خوف خسارہ نہ ہوگا
قواعد سے دل پارہ پارہ نہ ہوگا
ہمیں ان دنیہی کا غم کب رہیگا
جدا اپنی ملت کا جب ہم نے چھوڑا
چلیگا جو دن رات چرخہ تو نکوڑا
بچا گھر کے کونہیں اک چارپائی
ہیں اس عہد میں جسکی ہم سب کمائی
ہماری کیوں عورتوں میں ہو جرأت

اشتہار

پیسہ اخبار سے شائع ہوگا۔

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۳۱ | یوم شنبہ ۲۷ اگست ۱۸۹۸ء مطابق ۲۰ ربیع الثانی ۱۳۱۶ ہجری موافق ۱۴ بھادوں سمت ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۱۲

مخلوقات کے لئے شمار اور اعداد

مچھلیوں کی آمد:- ۱۸۹۷ء میں انگلستان اور ویلز کے ساحل پر ۷۹۶۰۰۰ مینڈ رڈ ویٹ مچھلیاں لائی گئیں جن کا وزن حساب سے ۳۹۷۰۰۰ ٹن۔ مالیتی ۵۵۶۹۰۰۰ پونڈ تھی۔ ۱۸۹۶ء میں جن کی قیمت شل فش سے ملا کر ۹۰۴۰۰۰ پونڈ تھی۔ ۱۸۹۵ء کی یہی قیمت ۵۴۳۰۰۰ پونڈ اور ۱۸۹۴ء میں ۱۵۱۰۰۰ پونڈ تھی۔

اموات و پیدائش ۱۸۹۷ء:- پچھلے سال انگلستان کی آبادی کی تعداد پیدائش ۹۲۱۱۰۴ تھی۔ بموجب آبادی ۹۷۰۷ تھی۔ اوسط پیدائش گزشتہ ۲۰ سال سے ۲۶۳۴۲۶ تھی۔ بموجب ظنی ہزار آبادی ۱۷۰۴ تھی۔

برائے سلائی کا خرچ:- ہر سال دنیا میں ۳۰ کروڑ ۷۰ لاکھ سوئیاں خرچ ہوتی ہیں۔

آبادی:- سپین کے سب سے بڑے آباد شہر سے باشندے ۵۱۲۰۰۰ ہیں اور میڈرڈ کے ۵۰۷۰۰۰ ہیں۔

روشنی کا مینار:- ساحل انگلستان کے ہر ۱۴ میل کے فاصلے پر ایک لائٹ ہوس ہے۔ جو سکاٹ لینڈ کے ساحل کے فاصلے پر ہے۔

انجنوں کا خرچ:- صوبجات متحدہ امریکہ میں قریباً ۲۵ ہزار انجنوں کا خرچ ہے۔

کھجور:- فارس میں قریباً ۵۰۰۰۰۰ مینڈ رڈ ویٹ کھجور پیدا ہوتی ہیں۔

کثرت شراب خوری:- سینٹ جیمس ڈوچی لندن کے ۱۲ میں سے ایک مکان شراب کی خورد و فروشی کا ہے۔ ڈربی میں ۲۰ دوکانوں میں ایک ایسی دوکان ہے۔ ریڈ ڈنگ میں ۱۲ میں ایک ہے۔

ملکی رسالے:- جن رسالوں میں صرف بجلی یا زیادہ تر اس کا ذکر ہے۔ کل یورپ میں ۶۶ چھپتے ہیں۔ ان میں ۱۸ انگلستان میں۔ ۱۲ صوبجات متحدہ میں ۱۳ جرمنی میں ۴ سکاٹلینڈ میں ۳ سوئٹزرلینڈ میں۔ اور ۲-۲-۲ آسٹریا۔ بلجیم۔ النیڈ کی اور سپین میں۔ اور ایک ایک کینیڈا۔ جاپان اور سرویا میں چھپتا ہے۔

مذاق

بیوی (شوہر سے):- "میں وہ چٹھی دیکھنا چاہتی ہوں۔"

خاوند:- "کون سی؟"

بیوی:- "یہی جو ابھی آپ نے کھولی ہے۔ میں خط سے پہچان لیا ہے کہ کسی عورت کی ہے۔ جس کو پڑھتے ہی تمہارا چہرہ زرد ہو گیا تھا۔ اس لئے میں اس کو ضرور ہی پڑھوں گی۔ بس مجھے دے دیجئے۔"

خاوند:- "اچھا لیجئے۔ یہ تو تمہارے درزی کا بل ہے۔"

پادری (شاگردوں سے):- "یونس اور ماہی کی مثال سے ہمیں کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟"

شاگرد:- "یہی کہ ہمیشہ خشکی پر رہیں۔"

گھر کی مالکہ:- "کیوں وہ پرسیمن ہر روز شام کو ہمارے باورچی خانے میں آتا ہے؟"

باورچن:- "غالباً اس کو شبہ ہو گیا ہے کہ میں اپنے فرائض ادا کرنے میں غفلت کرتی ہوں۔"

راوی:- بیچارہ بیوہ باورچن کے آشنا ہیں۔

ایڈیٹر:- "آپ ہمارے پروف ریڈروں کے سٹاف میں داخل ہونا چاہتے ہیں؟"

سائل:- "ہاں حضور۔"

ایڈیٹر:- "کیا آپ اس ذمہ داری کے منصب کی قابلیتوں کو سمجھتے ہیں؟"

سائل:- "بہت اچھی طرح سے۔ جب کبھی آپ کسی مضمون میں غلطی ہو جائے تو اس کا الزام میرے ماتھے تھوپ دیجئے۔ میں مطلق چون و چرا نہیں کروں گا۔"

جج (ملزم سے):- "تم نے اپنے محسن و مربی کو بہت شرمناک حالت میں لوٹا ہے۔ کیا تمہارا ضمیر تمہیں ملامت نہیں کرتا؟"

ملزم:- "حضور اس کا جواب دینے سے پہلے مجھے وکیل سے مشورہ کر لینے دیجئے۔"

عجیب عجیب باتیں

بلا بھوجن زندہ رہنا:- ہادی النظر میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص کی قوت ہاضمہ کا نہ ہونا اس کا سر کاٹنے جانے کے برابر ہے۔ لیکن بہرکیف سائنس میں مصنوعی بات کی گنجائش نہیں۔ چنانچہ اس وقت زورچ میں ایک لیڈی موجود ہے۔ جو معدے کے بغیر خوب کھاتی ہے۔ خوب سوتی ہے اور بہت بشاش رہتی ہے۔ ۶ ماہ گزرے ہیں کہ اس کا معدہ اسی شہر کے ڈاکٹر شلیٹر نے نکال لیا تھا۔ اور بجائے اس کے انتڑی کا اوپر کے اعضاء سے ملا دیا تھا۔ مریضہ دودھ۔ شوربہ اور پتلا پرگاہ کرتی ہیں۔ بہت حوصلے کا تھا جس میں بے نظیر کامیابی ہوئی ہے۔ اور غالباً آئندہ اس کی کئی نظیریں وقوع میں آئینگی۔ کامیابی بلاشبہ اس امر میں پائی گئی ہے کہ ایک قسم کے رس کے ذریعہ قوت ہاضمہ قائم رہتی ہے۔ تاہم ہمیں یقین نہیں کر لینا چاہئے کہ معدہ انسان کے جسم میں فضول ہے۔ کیونکہ ایک ابابیل موسم سرما نہیں بنا سکتا۔ لہٰذا یقین نہیں کہ ہر ایک نظیر میں قوت ہاضمہ قائم رہے۔

چینی لوگ اور بائیسکل:- اخبار سائیکل لکھتا ہے آخرش ہم بھانپ گئے ہیں کہ کیوں چینی بائیسکل استعمال نہیں کرتے۔ ہمارا سفیر ایوے سے لکھتا ہے کہ اس کا باعث محض ٹریڈ مارک یعنی تجارتی نشان ہیں۔ جو ان بائیسکلوں پر منقوش ہوتے ہیں۔ چینی چاہتے ہیں کہ انکے بائیسکل بھی اسی طرح منقوش ہونے چاہئیں۔ بلکہ اس سے بڑھ کر ہونے چاہئیں۔ پس جو سائیکل ساز سب سے پہلے عمدہ نقش مشین اس ملک میں داخل کریگا۔ اسی کے پو بارہ ہیں۔ پس چینیوں کی نفرت کا باعث یہ نہیں کہ اوزار کوئی نہیں ہے۔ نہ تو عمدہ قسم کی اور نہ کسی نوع فیشن کی مشین چاہتے ہیں۔ اور نہ ان کی یہ خواہش ہے کہ انکے واسطے کوئی خاص قسم کی تیز کرشماں تیار کیجائیں۔ یا ان میں اور کوئی خصوصیت ہو۔ سوائے چینی ٹریڈ مارک کے۔

تہذیب:- برمنگھم جلسوں کو خواہ افسر ہمراز موجود ہو یا نہ ہو۔ دن میں ایک دفعہ تختہ ہمارا کو معمولی طور پر سلام کرنا پڑتا ہے۔

جو حکیم مفصلہ ذیل ادویات ہر ملک و موسم میں استعمال ہو سکتی ہیں

مردانہ کمزوری کا داخلی خارجی نظام علاج

مردانہ کمزوری کا بکس

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی:-

روح حیات دو تولہ (حصہ ۲) پانچ روپے۔ روغن دافعہ سستی ایک شیشی للعہ ۱۲ ملور زاد نامردی کے سوا دیگر خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونیکے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی کی جو ضعف قویٰ کا انسان کو گرفتار مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ سیحا صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقت کو واپس لاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی کمزوری سلاخی تغیر شریانے بھگا دور ہو جاتی ہے۔ اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو + قیمت فیکس آٹھ روپے

نوٹ:- اگرچہ ہماری ادویات کے استعمال سے کسی قدر بیماری باقی رہ جاوے تو آزار امرض کے واسطے اور بھی دوائی باقیت دیجئے +

مفصلہ ذیل اجزاء سے روح حیات کو بقوی عضلات کے لئے تیر بہدف بنایا ہے

سنبد جوز بوا پیپل ہلیلہ زرد آملہ بہیڑہ

حکیم محمد حسین قرشی ایم اے

مطب قرشی لاہور

ایلوپیتھی ڈاکٹر و آئیر شفاخانہ لاہور

روغن دافعہ سستی

حب العشق

قرص سوزاک

سنون قوی دندان

جوشاندہ سوزاک

جناب

جناب

جناب

رسالہ

عرق نیشکر

یہ عرق بدرجہ غایت احتیاط کے ساتھ صارس اپریلا اور دوسری نباتات سے جو کہ ہائیسٹ میڈیکل انسٹیچیوٹ کیمیکل فرم سے مقررکردہ اجزاء ہیں مکس کرکے بنایا جاتا ہے جیشمار لائق ڈاکٹروں اور یونانی اطباء کا اس امر پر اتفاق ہے کہ فساد و جوش خون کے واسطے کوئی دیگر دوا اس سے بڑھ کر مصفی خون نہیں ہو سکتی۔ یاد رہے کہ پھنسی۔ پھوڑا۔ خارش جسم۔ جذام۔ خنازیر۔ درد عضو وجع مفاصل۔ ورم غدد ضعف جسمانی ضعف معدہ رطوبتی آشوب تازہ دوریہ۔ تقرس بلغمی۔ آشوب چشم وغیرہ۔ ان تمام خطرناک بیماریوں کے پیدا ہونے کا صحیح باعث فساد خون ہوتا ہے جن سے ناچار بیمار کو اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔ ہر فرد بشر کو صفائی خون کا خیال رکھنا نہایت ضروری اور واجب ہے۔ اس عرق کو چند یوم استعمال کرنے سے ہی صفائی خون ہو کر تمام شکایات مذکورہ بالا رفع ہوتی ہیں اور چند دنوں ہی میں بیمار توی اور طاقتور ہو جاتا ہے۔ تندرست اشخاص بھی اگر اسکا استعمال کریں تو بلاشک و شبہ یہ امر مانا جا چکا ہے کہ صدہ بیماریوں سے جو مختلف اقسام کی چیزیں کھانے کے باعث خون بگڑ کر لاحق ہوتی ہیں محفوظ رہینگے۔ شبہ کے خواص کے بارے میں چند اعلےٰ میڈیکل اینڈ سنٹی فک ایتھارٹیز کی شہادتیں نوٹ فرمائیے +

شبہ و دیگر ادویات مروجہ ہندوستان کے خواص کے دریافت کرنیکے واسطے جناب فقیر ہند ملکہ معظمہ مدظلہا کے سکرٹری آف سٹیٹ فار انڈیا نے مندرجہ ذیل مشہور اور تجربہ کار ڈاکٹروں کی کمیٹی منعقد کی جنہوں نے شبہ کے خواص کی نسبت اسطرح پر تحقیق کی ہے۔ "شبہ مصفی خون اور مقوی ہے۔ شبہ آتشک اور وجع مفاصل مزمن کیواسطے بڑا تریاق والا علاج ہے۔ جگر کی کہنہ بیماریوں اور جلدی امراض کیواسطے خصوصاً و بواسطہ آتشک کے پیدا ہوتی ہیں بہت مفید ثابت ہوا ہے +

ممبران کمیٹی

(۱) سرجے رینلڈ سی۔ بی۔ ایف۔ آر۔ ایس۔ انسپکٹر جنرل آف ہاسپٹلز لیٹ بنگال آرمی (پریسیڈنٹ)
(۲) سر ولیم اوشاگنیسی برک ایم۔ ڈی۔ ایف۔ آر۔ ایس
(۳) الگزینڈر گبن ایسکوائر ایف۔ ایل۔ ایس لیٹ بمبئی آرمی
(۴) ڈینیز منبری ایسکوائر ایف۔ آر۔ ایس۔ آنریبل۔ ایل۔ ایس
(۵) تھامس تھامسن ایم۔ ڈی ایف۔ آر۔ ایس +
(۶) جہان فوربز واٹسن ایم۔ ڈی۔ ایم۔ آر۔ سی۔ پی۔ ایل۔ ایس
(۷) رابرٹ وارٹ ایم۔ ڈی۔ ایف۔ آر۔ ایس لیٹ ایڈیٹر اس آئی
(۸) ایڈورڈ جاہن ویرنگ ایم۔ ڈی۔ ایم۔ آر۔ سی پی۔ ایف۔ ایل۔ ایس۔ ممبر آف ڈی رائل کالج آف فزیشنز آف لنڈن و سرجن افواج ملکہ معظمہ قیصرہ ہند در ہندوستان +

ڈاکٹر تھامسن ایم۔ ڈی۔ ایف۔ ایل۔ ایس اور ڈاکٹر پنی بولٹن۔ ایم۔ ڈی کونسلنگ فزیشن ٹوڈی ہیڈ شفاخانہ آتشک امراض وجع مفاصل کے واسطے عرق شبہ علاج ہے +

ڈاکٹر گوڈ ایتھر سٹڈی آف میڈیسن ہیں ان کہنہ بیماریوں میں شبہ کو استعمال کرانے سے کامیاب ہوا ہوں جنہوں نے بالکل کمزور ہو کر زندگی سے مایوس ہو چکے تھے اور دو بیماری بھی اسی کے استعمال سے شفایاب ہوئے ہیں ایک بیماری پارہ وغیرہ کے بد اثر سے ہوئی تھی

ڈاکٹر ملر لیکچرر میٹریا میڈیکا عرق شبہ وجع مفاصل اور جلدی امراض خون کے واسطے نہایت مفید علاج ہے +

محمد امام الدین کیمسٹ جدلاتی سرمہ ٹان بازار امرتسر

نوٹ:- ہر بوتل پر ہمارا لیبل اور مہر ہوگی۔ مصنوعی عرق سے ہوشیار رہیں۔ قیمت فی بوتل ۱۰ روپیہ

اگر پسند نہ ہو تو ایک ہفتہ کے اندر واپس کر کے قیمت منگا لو

سچے خالص چاندی کے زیورات

مفصلہ ذیل زیورات خالص چاندی کے بہت مضبوط بنے ہوئے ہیں انہیں سونے کا گمان کیا جا سکتا ہے اور بعض جڑاؤ ہیں۔ ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ ہماری کارخانہ کے تیار شدہ زیورات خالص چاندی کے ہیں۔

بازو بند

خالص چاندی کے جڑاؤ۔ یہ بازو بند نونگے نہایت خوبصورت سبک ہونے قابل دید ہیں۔ قیمت فی جوڑ عدد

پھولدار چوڑیاں

ہاتھ کی خالص چاندی کی جن پر ہیرے جڑے ہوئے ہیں۔ نہایت خوبصورت ہوتی ہیں۔ نمبر ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲ ۵۳ ۵۴ ۵۵ ۵۶ ۵۷ ۵۸ ۵۹ ۶۰ ۶۱ ۶۲ ۶۳ ۶۴ ۶۵ ۶۶ ۶۷ ۶۸ ۶۹ ۷۰ ۷۱ ۷۲ ۷۳ ۷۴ ۷۵ ۷۶ ۷۷ ۷۸ ۷۹ ۸۰ ۸۱ ۸۲ ۸۳ ۸۴ ۸۵ ۸۶ ۸۷ ۸۸ ۸۹ ۹۰ ۹۱ ۹۲ ۹۳ ۹۴ ۹۵ ۹۶ ۹۷ ۹۸ ۹۹ ۱۰۰

بالی

خالص چاندی کی جڑاؤ جس سونے کا نہایت مضبوط گمان کیا جاتا ہے

نونگے

جڑاؤ چاندی کے پہننے بازو بند نہایت خوشنما وضع دار۔ قابل پسند قیمت فی جوڑ تین روپے چھ آنے

جگنی خالص چاندی جڑاؤ

نرگ

جڑاؤ خالص چاندی کے

چمپا کلی سنہری

جڑاؤ خالص چاندی کی اطلاعہ کی خوشنما چمپر سنہری گمان کیا ہوا ہے اور نیروزے رنگ نہایت ہی دلفریب ہوتے ہیں قیمت فی عدد چھ روپے

چوڑیاں

خالص چاندی کی جن پر سونے کا گمان کیا ہوا ہے نہایت خوبصورت

ہول لڑی سنہری

جڑاؤ خالص چاندی کی سنہری

ہول دار ہار

ہول لڑی خالص چاندی کی

سنہری بازو بند یعنی سہ نگے میناکار خالص چاندی کے

جڑاؤ جس پر سنہری گمان کیا ہوا ہے۔ اور نہایت ہی خوبصورت ہیں قیمت فی جوڑ ایک روپیہ گیارہ آنے

بٹنوں کے سٹ اصلی چاندی کے

جن سٹوں کے نقشے دیئے گئے ہیں قیمت ہر ایک کی یکصد روپیہ ہے کسی نمبر کے منگانا ہیں جس نمبر کے بٹن آپ منگانا چاہیں۔ ان نمبروں میں بنوا دیئے جائیں گے تاکہ کسی قسم کا حرج نہ کیا جاوے۔ قیمت فی سٹ

انگوٹھی خالص چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

انگوٹھی چاندی کی

المشتہر محمد عبدالعزیز تنویر کمرشل میناکار لاہور مزنگ

زیورات! بہت سے شہارات زیورات کے نمونے ذرا سے گذرے ہونگے۔ مگر مفصلہ ذیل زیورات جنکے آپ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ بعض ان میں سے
ہیں سلور کے ہیں اور بعض پر سونے کی پلیٹ کیا ہوا ہے۔ بہتیرے وضعدار ہیں اور خاص دیسی نمونہ کے مطابق تیار کروائے گئے ہیں۔ انکے بچے ہوئے ہوئے
میں ہرگز تمیز نہیں ہو سکتی۔ اعلیٰ درجہ کا جرمن سلور لگایا گیا ہے۔ سادہ ٹہلا پائدار مضبوط پلیٹ کیا ہے۔ لطف یہ کہ قیمت بھی دیگر کارخانوں سے کم رکھی گئی ہے ؛



محمد عبدالعزیز منیجر مارشل مینی لاہور مرزا

Miles Oriental Balm

کھانسی کا عجیب و غریب علاج

اگر کوئی شخص کسی ایسی کھانسی میں مبتلا ہو جو اس کی زندگی کو تلف کرتی ہے اور جس کا علاج کرنے میں مشہور اور تجربہ کار اطبا قاصر ہو گئے ہوں تو چاہیئے کہ وہ اس عجیب و غریب علاج کو آزماوے۔ اس کا اثر وہ فوراً ہی محسوس کرے گا اس طرح ہو گا کہ کسی دوا میں یا نہ جائیگا اور مریض کے بدن میں ایسی طاقت آویگی جس کو وہ آگے نہیں جانتا تھا۔ مسٹر ایم ڈرسڈیل طمولیشلم ساکن موضع درسلر شائر اسطرح لکھتا ہے کہ مجھ کو سال تک خشک اور بغیر تکلیف کھانسی تھی اور میرا حلق ہمیشہ

اس سے تکلیف آتا تھا۔ اس مرض کے باعث تمام شب بیدار رہتا تھا۔ میرے مکان کے تمام لوگوں کو تکلیف ہوتی تھی۔ میں نے کئی علاج کئے لیکن سوائے عارضی فائدے کے کچھ فائدہ نہ ہوا۔ آخر میں نے ٹرسل صاحب کے ڈسٹل بام کی آزمائش کی۔ ہنوز اس دوا کا آدھا شیشہ ختم نہ ہونے پایا تھا کہ میں دیکھتا ہوں کہ تکلیف دہ کھانسی مجھ پر غلبہ کر رہی ہے۔ غرض میں رات کو آرام سے سونے لگا اور میرا مزاج روبا صلاح ہوا اب میں اپنے تئیں تندرست پاتا ہوں۔

ایضاً

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

لاہور ایجنٹ مسٹر ہای پوسٹ بکسی ۱۰۳

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی ہوئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی سے کام لے الفلوانیزا انفلوئینزا بچوں کی کھانسی۔ کالی کھانسی گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ سمجھتے ہیں کہ کھانسی اور گلے اور پھیپھڑے کے امراض کا علاج اس سے بہتر کہیں نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوف ناک بیماری ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس کے بڑھ جانے اور طرح طرح کی مہلک پیچیدگیاں پیدا کرنے کا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے۔

درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAINS COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور سریع الاثر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے جو تمام مسہل زہریلے بچوں کا ہیضہ اور انتڑیوں کی سب قسم کی بیماریاں اس دوائی کے استعمال سے رفو چکر ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کیا ہے لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ و پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہ گیا ہے۔ علاوہ درد قولنج اور پیچش والے بھی کیوں بیفائدہ تکلیف اٹھاتے فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آزمائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔

اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

AMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کو فوراً دفع کرنے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ کیڑا۔ جی اور درد کے لئے مفید ہے۔ مرطوب حلق۔ نمونیہ مقامات بھی اس عجیب و غریب دوائی کے استعمال سے ہو جاتے ہیں۔ سر درد دندان اور درد گوش کے لئے بہت پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر درد اور دکھ موجود ہے ہیں جو ایک ایک گھنٹہ دور ہونے کے لئے بہت دینے کو تیار ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی دعویٰ ہے کہ اس کو آزمائے تو ضرور مند درد دوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دوگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی

اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

کلمینٹس ٹانک

طاقت کی عمدہ دوائی۔ قیمت فی بوتل

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

[illegible]

[illegible] خریداروں کو ہوشیاری ہے قیمت پیشگی نمونہ [illegible] آرڈر روانہ فرمائیے۔ ہر شے کا نتیجہ حسب تحریر ہائے بالا پیشگی ہے جبکہ اطمینان ہو نوٹ ادا کی ہوگی۔ محصول ڈاک ہمارے ذمہ ہے۔

[illegible] خدا سے دانتوں کا درد میل سے دو ہی دن میں موڑ دیتا ہے ایک خون کو [illegible] کا کیڑا نکالنا منہ کے آبلوں کو نہایت جلد دور کرتا ہے مفید شل سیپ کہتا ہے۔ [illegible] نہیں جمتی۔ دانہ زدہ [illegible] ہی استعمال ہو تو بیٹھے ہوئے دانت شریر کیڑے [illegible] ہوں مضبوط ہو جاویں گے اور تا زندگی نہ اکھڑیں گے۔

قیمت دو شیشے استعمال ایک سال عمدہ۔

حکم خدا سے آنکھوں کی سرخی دھندلاہٹ دھلک سر درد [illegible] خارش دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی صفائی کے واسطے [illegible] استعمال سے عادت [illegible] جاتی ہے ایک ایک [illegible] عائق نہیں [illegible] جاویگی دھندلی ہوئی آنکھ اور تازہ [illegible] کھلی کی دو مفید [illegible] جاویگی دو شیشے استعمال کیسال [illegible] بحکم خدا بالوں سے لگاتے لگاتے سرخ یا سیاہ [illegible] جاہر کر دیتا ہے۔ حاجت دھونے باندھنے کی نہیں۔ ہر ماہ کے واسطے قیمت ہے۔ اندیشہ جلد بالکل نہیں۔ بحکم خدا دس روز میں آرام دیتی ہے۔ اگر اسی وجہ سے کہ عادت میں [illegible] آگیا ہو۔ وہ بھی دور ہو گا۔

قیمت فی شیشی [illegible]

[illegible]

منشی گلاب خاں مدعی [illegible] حکمت تحصیل [illegible] ضلع [illegible]

جیب گھڑیاں، چین، چینکین، بوٹ وغیرہ

(۱) ہر ایک پارسل باہاذف وی پی ایبل یا رجسٹرڈ روانہ ہوگا۔ (۲) وزنی پارسل ریلوے ایبل کے ذریعہ ریلوے اسٹیشن روانہ ہوگا۔ (۳) ہر ایک قسم کے لئے جانے والے صاحب فرمائش کے وعدہ پر بھیجا جائے گا۔ (۴) ہر ایک قسم کی غلطی سے بچانے کسی اور چیز کے بارسل میں بھیجا جائے تو پارسل واپس آنے پر جرمانہ مطلوبہ بذریعہ پیڈ پارسل روانہ کیا جائیگا۔

باجمال

عمدہ شئی



باجمال

عمدہ شئی



باجمال



عمدہ شئی



باجمال

ویسٹرن واچ جسکا کارخانہ پاکٹ میں ہے اور مضبوطی میں کسی سے کم نہیں ہوتی ہے ۵ سال

چاندی کی ہاف ہنٹنگ یہ گھڑی بہت ہی پائیدار ہے ۱۸

چاندی کی ہنٹنگ یہ گھڑی بہت ہی پائیدار ہے ۱۸

چاندی کی لیور ۱۸ لیس واچ ۱۵



تاریخ دن بتانیوالی عجیب و غریب گھڑی



چاندی کی لیور ۱۸ لیس واچ

























































































تمام خریداری منیجر پنجاب ٹریڈنگ کمپنی لاہور کے نام پر آنی چاہئیں

شفاخانہ یونانی عام

کامیابی کا نسخہ

حکیم نظام الدین حکیم یونانی امرتسر

مشہور شیخ نظام الدین حکیم یونانی امرتسر چوک ڈیوڑھی کرمون

...ہاور کا خطاب ملنے کی تقریب پر گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرنے کے واسطے میٹنگ منعقد کیا۔

ممالک غیر

...اخبارات امریکہ کہہ رہے ہیں کہ چین کی موجودہ حالت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ فلپائن پر قابض رہے۔ امریکن اور سپینش کمیشنوں نے شرائط صلح کا فیصلہ کرنے کے واسطے گورنمنٹ فرانس کا شکریہ ادا کیا ہے۔ مصنوعات متحدہ امریکہ نے مزچو جنگ کا تخمینہ ۱۵۰ ۰۰۰۰۰۰۰ ڈالر کیا ہے۔

گورنمنٹ امریکہ نے مزید معاندانہ کارروائی کے واسطے جنگی جہاز نامہ کے نام پر لفظ محفوظ ہونے کی اطلاع ملکوں کو بھیجدی ہے۔

...سوڈان میں بسرعت تمام انتظامیں مکمل ہو رہی ہیں۔ امید ہے جلد پیشقدمی کرنے کی امید کیجا سکتی ہے۔ سوڈان کے جزیرہ راتھیا دافع بخیر علاوہ پر اقتدار ...کی خبر غلط ثابت ہوئی ہے۔

...کے دن ہنیلا پروجکٹائل کمپنی (لمٹڈ) نے ...کی آپ کا انشاد کیا۔ جس کا فیچ ایک ہزار پونڈ تھا۔ ...ادی چوبیس ۲۴ انچ موٹے لکڑی کے سہارے ...ہوئے ۳۰ فیٹ ایک مینڈھ میں گھس گیا۔

...نے ٹیکہ ہوا نیپک میں ایک پھول ہو ...ہیں چند دفعہ رنگ بدلتا ہے۔ صبح سفید دوپہر ...اور شام کو سیاہ ہو جاتا ہے۔

...الاکھا بادی میں ۱۳ سو آدمی نقرس کے مرض ...اسامیت کی طاقت معمولی بارود سے ۸ گنے ...ہے۔

...ین افواج میں ۹ ہزار نامہ بر کبوتروں سے کام لیا جاتا ہے ...ہ روسی ترکی سفیر سر کلاڈ گلڈ انلڈ کی مخالفت کے ...فرمان پیکن دہنگو ریلوے کے واسطے قرضہ ...منظور کر لیا ہے۔

...ائی کمپنی سروس وفرانس تیاری ریلوے کے خلاف ...ان کی اشتہاروں کو باطل کرنا چاہتے ہیں۔

...پیرس اسکلاٹ جدید روسی سفیر روس کو سینٹ ...میں تمام امور متنازعہ طے کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

...س آف کانسٹرینٹ بجٹ ہند کی نسبت اتفاق ہو گیا ہے کہ ...اسپانیا اور امریکہ کے مابین شرائط صلح میں ایک یہ ہے ...آئیسلینڈ بالدیپ کو فوج خالی کر دے۔

...ان دنوں خفیہ مصروف ہیں ہیں۔ اور اپنا وزن ...کے واسطے ڈاکٹروں کے ساتھ مشورہ کر رہے ہیں۔

...اس وقت سنتالوکے گرد جو ۱۲ تمبر جہاز موجود ...کی آنکھوں میں خود بود سرخ ڈنڈے پیدا ہو گئے ہیں۔

...افشان جہازوں کی تعمیری میں فرق آگیا ہے۔

...اس کا منتظر ہیں قانون پریس ہند منسوخ کرنے ...پر تحریک کی گئی ہے۔

...طرح تبادلہ اشتہار ۱۵ ستمبر تک قبضہ کر لیا جائیگا۔

Chamberlain's Pain Balm
چیمبرلینس پین بام

(چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد امریکہ میں بنائی جاتی ہے)

تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کو فوراً دفع کر دینے کے لئے مشہور ہے خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ۔ کمر۔ لمبیگو۔ پٹھوں اور دم کے درد مفید ہے۔ نرم چیزیں جیسے ہیضہ مقامات بھی اچھے ہو جاتے ہیں دانت سر۔ درد دندان اور درد گوش کے لئے بھی نافع ہے۔ درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔ قیمت چھوٹی بوتل ۱۲ بڑی بوتل دو روپے۔

لاہور میں حکیم صلاح الدین اینڈ سنز اور لکشمی فارمیسی اور امرتسر میں میاں فیروز الدین اینڈ سنز اور دیگر ادویات گھریلو استعمال بھی فروخت ہوتی ہیں

قیمت جیبی گھڑی کی چھ روپیہ یکمشت وارنٹی ۳ سال

کہاں ہیں خریداران باوقار اور کس طرف ہیں امرائے قدرشناس۔ براہ مہربانی ایک نظر ادھر بھی ڈالیں کہ ہم کس قدر محنت اور کس جانفشانی سے یہ جیبی گھڑی ریلوے ریگولیٹر تیار کی ہے۔ اور سوئٹزرلینڈ سے خاص ہماری نام کی تیار ہو کر آئی ہیں۔ نہایت مضبوط۔ عمدہ۔ خوبصورت ہی خوبصورتی و پائیداری میں اپنی آپ ہی نظیر ہے۔ وقت صحیح دیتی ہے مگر یہ ہے کہ سکنڈ کی سوئی کم ہے جالی دار کے نیچے مگر ۱۱ اور سوئی لگانے کے واسطے پن ہے۔ ہندسے بہت خوبصورت ہیں۔ ایک گھڑی ہماری خریدیں اور دس بارہ ہیں دوسری خریدنے کی ضرورت نہ ہو۔ اور گھنٹ مونٹ ہو کر اندر شیشہ ہے۔ جس میں سے حرکت تمام پرزوں کی معلوم ہوتی ہے جس سے پرزے مٹی گرد وغیرہ سے محفوظ رہتے ہیں۔ غرض وتوصیف کیا ہوئے کیا ہے۔ گھڑی کے ہمراہ شیشہ و کمانی و کمیں رواں ہوں گے۔

المشتہر گھڑی فروش جی۔ ایم۔ پول۔ ناسک

اشتہار

چڑیاں بیت کی جس کو انگریزی میں ملاکا کین کہتے ہیں۔ ہر قسم موٹی و پتلی ہمارے کارخانہ میں خالص چاندی سے بنائی جاتی ہیں۔ حسب طلب کر دینگے انشاء اللہ بالایمان ارسال کیجائینگی۔ اور جو سوداگر فروخت کرنے کے واسطے منگوائیں گے ان کو بہت رعایت کیجائیگی قیمت نقد پیشگی آنے پر یا بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال ہونگی خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔

چھڑی ہوئی نقشہ دار چاندی والی فی عدد ۱۲ روپے و ۱۵ روپے ۔ ایک رتم ۱۰ تک چھڑی پتلی چاندی والی نقشہ دار فی عدد ۱۰ روپے و ۱۲ تک چھڑی پتلی چاندی والی صاف بے نقشہ ۸ روپے و ۱۰ تک۔

المشتہر عبد العزیز کرم الٰہی چھڑی ساز ناگی کرتلی لوہاراں لدھیانہ۔ ضلع سیالکوٹ

کپڑے کے سوداگر
رامداس مہرہ اینڈ سنز بازار لاہور



ہر قسم کے موجود ہیں۔ ریشمی کپڑے ہر قسم کے موجود ہیں۔ سلک اور صوف ہر قسم کے موجود ہیں۔ بناری مال ہر قسم کا موجود ہے۔ کمیتی کی قسمیں ریشمی ہر قسم کی موجود ہیں۔ وغیرہ وغیرہ

مسلم امداد فنڈ۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ جتنی امدادی انجمنیں اور فنڈ قائم ہوئے اپنے خاص حالتوں میں سب سے فائدہ پہنچا کر مشہور ہوئے مگر یہ بھی ایک انجمن ہے جس کا کسی قسم امداد دینا مقرر کیا ہوا ہے اس لئے مبنا یک بھی خواہان قوم نے ہزار روپیہ جمع کرنے کے بعد ہندوستان مسلم امداد فنڈ قائم کیا ہے جس میں ہر ایک شخص کچھ عرصہ بعد ہزار روپیہ جمع کر کے امداد حاصل کر سکتا ہے۔ یہی وضع ہے کہ اس انجمن کے کارکن اکثر انجمن خیر اندیش ڈائرکٹر ہیں۔ تو امداد کر ملاحظہ فرمائیں۔

المشتہر۔ ادنیٰ سکرٹری مسلم امداد فنڈ لاہور

بابو پرمود لال چندر انبرجی مسٹر گلمان کی جگہ پر ایک ماہ کی رخصت پر گئے ہیں۔ پوسٹماسٹر بابا مقرر ہوئے۔

مسٹر انند موہن بوس نے انگلستان سے روانہ ہونے سے پہلے لارڈ جارج ہملٹن کے ساتھ معاملات ہند پر گفتگو کرنے کا ارادہ کیا ہوا تھا۔

۱۳ تاریخ کو بمبئی کے شام کے ہزائینس آغا خان کا برادر زادہ آغا حکیم شاہ جس کی عمر ۲۰ برس کی تھی اور اس خطاب کا وارث تھا۔ ایک ملازم سمیت ڈوبا کی گولی سے ہلاک ہوا۔ یہ واقعہ کہ ملازمان میں ہوا جس کی وجہ تا حال ظاہر نہیں ہوئی۔ قاتل اس شخص کا بھائی ہے جس نے حدود میں چند سال گزرے ہیں کہ آغا جنگی شاہ اور آغا عباس شاہ کو ہلاک کیا تھا۔

۱۵ تاریخ کو بمبئی میں ۱۲۱ آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے اور ۱۰۴ مرے۔

کراچی میں ۱۴ تاریخ کو ۲ آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے اور ۱ ہی مرے۔ اور ۱۵ کو کوئی مبتلا نہ ہوا مگر ۲ فوت ہوئے۔ اس وقت تک ۳۲۵۸ آدمی مبتلا اور ۲۴۸۶ مر چکے ہیں۔

کلکتہ میں اتوار کو طاعون کے ۲ تازہ کیس ہوئے اور کوئی موت درج نہ ہوئی۔

بنگلور میں طاعون کا جو مشتبہ کیس تھا وہ مہلک ثابت ہوا۔ اس ہفتے میں تا حال کوئی سرکاری رپورٹ شائع نہیں ہوئی۔ تاہم اس ہفتے میں ہیضے کے کیس نہیں ہیضے ہیں۔ ۱۰ تاریخ کو ۷۲ آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے اور ۶۰ مرے۔ ۱۱ کو ۸۸ مبتلا اور ۷۷ مرے۔ اور ۱۲ کو ۴۷ مبتلا اور ۴۴ فوت ہوئے۔

راجکوٹ کے کرکٹ میچ میں پرنس رنجیت سنگھ جی نے ۳۱ اور ۹۳ رنز کئے۔ اور ہر ایک اننگ میں اپنے مخالفوں کی ۴ وکٹ قابو کئے۔

مسٹر اپڈرڈ ہاسکنز جو پچھلے دنوں مانٹ کیچی میں کانہائے کولار کا طلا کیچا نے اور فروخت کرنے کے جرم میں ماخوذ ہوا تھا۔ ضمانت پر چھڑا لیا گیا ہے۔

لاہور۔ پنجاب و سرحد

حضور وائسرائے ماہ نومبر کے دوسرے ہفتے میں شملہ سے روانہ ہونگے۔ مگر ہز ایکسیلنسی کے برہما جانے کی حال کوئی تاریخ معین نہیں ہوئی۔

شمال و مغربی سرحد پر امن ہے۔ زکا خیل سرحدیے وہ لشکریں واپس کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے جو افواج ہند اور پلٹن میر سے سپاہی بے بچائے تھے۔

دفاتر پنجاب ۲۰۔ اکتوبر کو شملہ میں بند ہو کر ۲۵ کو لاہور میں کھلیں گے۔

پچھلے سال اس صوبے کے ۶۴ ویٹرنری اسسٹنٹ نے ۳ ہزار سے زیادہ کیسوں کا علاج کیا۔ جن میں سے ۲ فی صدی مرے۔

آبپاشی لاہور کو دست دینے کے واسطے ۲ لاکھ روپیہ منظور ہوا ہے۔

پچھلے سال ہندیوں کے قصبہ شنکر گڈھ کو لوٹنے اور آگ لگانے سے جو نقصان ہوا تھا۔ گورنمنٹ اس کا معاوضہ ادا کرنا چاہتی ہے۔

وادی توچی میں بعض حملہ آور جو محسود خیال کئے جاتے ہیں بسٹرڈ انڈیکٹ کے مشترے کر رہی ہے۔ مگر اسباب جہاز تھا وہیں چھوڑ گئے۔

جناب خان بہادر محمد برکت علیخاں صاحب مقابلہ جات مولوی فضل الدین صاحب بلیڈ کثرت رائے سے وائس پریسیڈنٹ میونسپل کمیٹی لاہور منتخب ہوئے۔

سر ولیم لاکہارٹ آئندہ کمانڈر انچیف کے سروس سے علیحدہ ہونے کی خبر تصدیق طلب ہے۔

پچھلے دنوں خان بہادر خان نواب خٹی کے جن لشکروں میں معرکہ ہوا تھا۔ اب وہ منتشر ہو گئے ہیں۔

سرحد کے مشہور ملا ہاڈا اور کامست انجل اکامی سے چپ چاپ بیٹھے ہیں۔

گزشتہ اتوار کو جناب خان بہادر ڈاکٹر رحیم خاں صاحب میں لاہور کی صاحبزادی جو پچھلے سال دہلی میں بیاہی گئی تھی۔ عین عالم شباب میں راہی ملک بقا ہوئی۔

۸ ماہ حال کو کم ۲ آدمی حوالہ زمینداری کے تنازع میں ہلاکت کے مرتکب ہوئے تھے۔ جیلخانہ دہلی میں پھانسی پر چڑھائے گئے۔

سردار گورمت سنگھ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہوشیارپور ۱۵ ماہ حال کو امرت سر میں راہی ملک بقا ہوئے۔

شہر لاہور میں ایک ماہ سے بارش کے نہ ہونے سے پھر گرمی اور گرد و غبار کا زور ہو گیا ہے۔

ڈیرہ دون میں ۲۴ گھنٹے کے اندر ۱۰ انچ مینہ برسا۔

مسوری میں کئی بچے طاعون میں مبتلا ہیں۔

مالاکنڈ کے مستقل ڈیفنس تو مکمل ہو گئی ہیں اور کچھ عنقریب ہو جائینگے۔

سارا گڑھی کے جوانوں کی یادگار میں وہاں ایک مینار تعمیر کیا جائیگا۔ جس کے تین طرف ڈھلے ہوئے لوہے کی تختیاں لگائی جائینگی۔

نظام الدین ہاسپٹل اسسٹنٹ متعلقہ سرشتہ بنگال کرم لیشیا میں مامور ہوئے۔

مسز کرزن جدید وائسرائے نوجوان ہیں ماورخاندان لارڈز سے تعلق نہیں رکھتے۔

ہفتہ مختتمہ ۳۰ جولائی میں نارتھ ویسٹرن ریلوے کی کل آمد ۵۹۲۸۵ روپے تھی۔

لاہور میں جو شخص مقدمہ قتل سازی میں گرفتار تھے۔ ان میں سے ۵ سشن سپرد ہوئے ہیں۔

سردار گوربال سنگھ مان ڈویژنل جج پنجاب بجرم رشوت ستانی سروس سے علیحدہ کئے گئے ہیں۔

دہلی کے مشہور حکیم عبد المجید خاں صاحب کو صاحب کمشنر دہلی نے تمغہ قابلیت عطا کیا ہے۔

دہلی میں بارش کا مجا اشتروع ہو گیا ہے۔

لارنس پور میں پرساد بی۔ اے ہیڈ ماسٹر بورڈ سکول ۱۵ ماہ ستمبر کے ہفتہ اول میں سروس سے علیحدہ ہو جائینگے۔

ریلوے کانفرنس کا اجلاس گزشتہ پیر کو وائسرگل شملہ میں بصدارت حضور وائسرائے ہوا۔ اور دوسرا اجلاس اس وقت تک کارروائیاں معمولی قسم کی ہیں۔ اور کوئی نہیں نہیں ہوا۔ امسال یہ کانفرنس بنسبت حلیہ ابنا کا ہر کی

وادی توچی میں بالکل امن ہے۔ قبیلوں کے گزشتہ حملے سے فرقہ والوں میں کوئی جوش پیدا نہیں ہوا۔ بھی ہرجرح سے امن ہے۔

آئندہ ماہ ستمبر میں کیپٹن تھامسن کے سگلٹ میں میز ہمتھ سے سبکدوش ہونے کا قاطع طور پر فیصلہ کیا اور صاحب اول الذکر کو مالاکنڈ اور سوات کی افسری سے سبکدوش کر دینگے۔ اور اسی اثنا میں گورنمنٹ کے ساتھ سپیشل ڈیوٹی پر رہینگے۔

موضع آدمپور میں طاعون کا جو آخری کیس ہوا تھا وہ ہسپتال سے ڈسچارج کیا گیا ہے۔ لہذا اب پنجاب ہر طرح سے اس سوزی کے چنگل سے بچ گیا ہے۔

مسٹر سکاٹ کمشنر جالندھر ڈویژن اور مسٹر تھاربرن فنانشل کمشنر پنجاب ۱۰ تاریخ کو دھرمسالہ سے وارد جالندھر ہونگے۔ کرنل رینک نے ۱۶ کو ضلع مذکور کا چارج لیا۔ ہر دو افسران مذکور ایک ہفتہ جالندھر میں قیام پذیر رہینگے۔

پچھلے ہفتے کشمیری پنڈتان دہلی نے پنڈت جالکی ناتھ مدن سابق اسسٹنٹ کمشنر راجپوتانہ مالوہ ریلوے کو جن خدمت

تحفۃ العاشقین

کے عطر مجموعہ ہے جس میں اول میں عورتوں کی تصویریں دی ہیں جس سے کہ بھلی بری عورت کی تشخیص ہوتی ہے۔ بوڑھے جوان اور جوان نوجوان بنتے ہیں حکیموں تک دوڑنا نہیں پڑتا۔ زندگی تلخ کرنے والے امراض کی ادویہ ہر فرد بشر خود تیار کر سکتا ہے۔ بڑے بڑے لاجواب اور مجرب نسخے درج ہیں۔

یہ کتاب تین نہروں پر منقسم ہے پہلی نہر میں ایک سیر چھ صراحی دوسری نہر میں ایک جلوہ پچیس موہنی شیریں میں ایک آسائش اور پچیس تحریر کی گئی ہیں۔ ساغر میں کے نفع اور نقصان۔ جلوہ میں معشوقان دلربا سے تعلقات بیان۔ خاتمہ پر تمام مجربات کو ختم کر دیا ہے۔ اگر اپنی زندگی عمدگی سے بسر کرنا چاہتے ہو تو اس کتاب کو ضرور منگا

قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے (ڈاک ۲)

زمینوں کا جادو یعنی طوائفوں کا کیا چٹھا

اس کتاب میں تربے پناہ دلنواک جالنکاہ سے بچنے کی تدبیر شاعی قصوں کے ساتھ لکھی گئی ہیں کہ بازاری اور خانگی اور عورتوں سے نوجوانوں کو نجات ملے اور وہ ان کے دام پھنس کر اپنی عمر عزیز برباد نہ کریں۔ نہایت دلچسپ کتابیات کر بغیر ختم کئے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا قیمت صرف

الشتہر منیجر اخبار گلزار محمد آباد

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

آکاٹ اور رانی پیٹ ریلوے کے افتتاح کی تاریخ ۱۵ ستمبر قرار پائی ہے۔

مسودہ ایکٹ عدالتہائے مطالبہ جات مفلسہ بجس پر بنگال کونسل کے آئندہ اجلاس تک غور کیا گیا ہے۔

۱۸۹۷-۹۸ء میں ڈاکخانہ جات ہندمیں ۲ کروڑ ۲ لاکھ ۹۱ ہزار ۴۳۴ اخبار ڈالے گئے جن کی تعداد سال حال میں ۲۹۷۷۲۹۰ تھی۔

لکھنؤ میں جو برہمن اپنی بیٹی پر حملہ کرنے کے جرم میں ماخوذ ہوا تھا۔ اس کی شہادت کو باطل کرنے سوا اسکی بی اور ماں کو بجرم حلف دروغی ۵-۵ سال قید سخت کی سزا ہوئی۔

مسٹر حاجی الحفرد اس پریسیڈنٹ کونسل آف ریجنسی [illegible] کا نشی چندرا کے عہدہ ہونے پر فریدکوٹ [illegible] ہوں گے۔

کرنل ہنگ عہدہ سپرنٹنڈنٹ انجینیر ایا ہوا سپرنٹنڈنٹ کرنل ہنگ کی جگہ پر کمانڈر ٹامسٹر جنرل مقرر ہوئے۔

پھاٹک [illegible] ہزار فٹ سالانہ ٹیکس عائد کرنا منظور کیا ہے۔

لکھا ہے کہ لارڈ سالسبری اس قدر لمبا سفر کرنے میں کہ ہندوستان لارڈ ڈفرن کے مہمان ہوں گے۔

۱۸۹۸ء میں کولار کی کانوں سے ۲۴۰ ٹن سونا پیدا ہوا۔ جون اور مئی میں اس کی تعداد ۴۴ ہزار اونس تھی۔

لفٹنٹ کرنل بوگھی کمانڈنٹ آگرہ بیٹن [illegible] بیماریوں کے بھاری ہجوم کے [illegible] آگرہ کا کارخانہ [illegible] اس کارخانے میں [illegible] سومن آٹا ہر روز تیار ہو سکتا ہے۔

سینی ندھا پور ریلوے لین بہت جلد مسافروں کی آمد و رفت کے واسطے کھولی جائیگی۔

آئندہ موسم سرما کے لیکچر سائنس کے بہت جلد شروع ہونے والا ہے۔

سول و ملٹری ڈسپیچ منٹ نے عربی سانڈنیوں کی قیمت بجائے ۲ ہزار کے ۲۵۰۰ روپے کر دی ہے۔

گورنمنٹ ہند نے تا حال فیصلہ نہیں کیا کہ ایک کروڑ ۲ لاکھ روپے کے قرضہ کا نرخ کم سے کم کیا ہوگا۔

پچھلے سال سرحدی جنگ ہندوستانی افواج نے فرقہ کے سکیدرش کرنے میں حاصل ہوا تھا۔ لفٹنٹ گاؤ ذری متعلقہ ۲۶ ویں رجمنٹ بلوچستان ۱۷۵ آدمی لے کر اس ملک کو جاتے ہیں۔

تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ بجائے ۳ سو کے ۲ سو جوان اوگنڈا ریلوے کی حفاظت کر سکتے ہیں۔

راجکوٹ سے کرکانہائے طلاانڈالی فیلڈ تک ریلوے تیار کرنے کی نسبت گورنمنٹ نظام اور ریذیڈنٹ نے اجازت دے دی ہے۔

سر ولیم لاکہارٹ ماہ اکتوبر میں ولایت سے واپس آکر سیدھے سملہ جائیں گے اور اسکے بعد سرمائی دورہ شروع کرینگے۔

ضلع ناسک کے موضع ورسون کے پاس پولیس اور ڈاکوؤں کی بھیڑ ہوئی جس میں ۱۸ ڈاکو مع اپنے سرغنہ کے کام آئے۔ ایک پولیسمین ہلاک اور ۲ مجروح ہوئے۔

۱۹ فیلڈ بٹاری کے ڈرائیور کنس نے ہلکر پل سے کود کر خودکشی کی۔ جس کی وجہ معلوم نہیں ہوئی۔

۲ شخص گارڈ نام مسز پلیٹنی اور کئی دیگر اشخاص کو کلکتہ میں دھوکہ دے کر بھاگ گیا تھا۔ بذریعہ وائرلیس سنگاپور میں گرفتار کیا گیا ہے۔

۲۵ ویں انفنٹری کے ایک سو جوان بسرکردگی پرمین افسر ڈاکو فلی کی تلاش میں اگنت پہاڑ اور ناسک کو روانہ ہوئے ہیں۔

۱۹ ویں حصار کے جس گورے نے مدراس میں ایک نو جوان کو بندوق سے ہلاک کیا تھا وہ عنقریب سشن سپرد ہونے والا ہے۔

ریاست کشمیر سے ایسٹ انڈیا کمپنی کا ایک گھوڑا جس کی عمر ۱۰ سال ہے ولایتی نسل سے بھاگ گیا ہے۔

بنگلور کنٹونمنٹ میں کی رقتی کے واسطے ۷۲۱۹۰ روپیہ ڈائرکٹروں نے منظور کیا ہے جو یہاں انتقال پانے والی ریلوے سے ملیں گے۔

کلارنس چیمبر بنگال نے گورنمنٹ سے ہتھیار کی [illegible] کو بجائے اتوار کے منگل یوم تعطیل قرار دیا جائے۔

جو کلرک اپنے خاندان میں وبائی امراض کے ہونے پر دفتر سے غیر حاضر ہونے کو مجبور ہوں وہ اپنے افسروں سے قبل از رخصت لے لیں گے۔ جو ان کی کوئی معمولی رخصت لینے کی مانع نہیں ہوگی۔

پچھلے دنوں نینی تال میں اس قدر زور سے بارش ہوئی کہ کئی مکین مارے ڈر کے مکانات چھوڑ بھاگے۔

گورنمنٹ نظام نے ہز ہائینس سے ایجنسی ورنیکولر سکول بلارم کا اہتمام لینے سے انکار کیا ہے۔

حضور نظام نے نندرگ کے چینیوں کو پارسناتھ کا جلوس نکالنے کی اجازت دی۔ اور تحصیلدار متعلقہ کو حفظ امن کا ذمہ دار قرار دیا۔

حیدرآباد دکن میں افضل گنج کے پاس محلہ بگل گوٹہ اور کلمبال گوندا آئندہ عثمان پورہ کہلائیں گے۔

پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ حیدرآباد نے لوگوں کو محکمہ واٹر ورکس کا پانی زراعت میں خرچ کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔

مسٹر جوزف ہمفیلڈ ٹنکاری آئی سی ایس حضور گورنر جنرل کی کونسل کے ایڈیشنل ممبر ہوئے۔

سالانہ سپورٹس بہتا بسر پرستی حضور لفٹنٹ گورنر شروع ہوگئے۔

کرنل ڈنسن نے کرنل مور لیکس کے ۲ ماہ کی رخصت پر جانے کے بعد ضلع کانپور کی سائمنڈ کا چارج لیا۔

ٹیلیگراف دفاتر کراچی میں برقی روشنی کے ذریعے قریباً تمام شیشے پہنچ گئی ہیں۔ یہاں یہ پہلی ہی عمارت ہے جہاں ایسی روشنی کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔

صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے سفر سینا بمبئی کو بڑھانے اور سفر سینا مدراس کو گھٹانے کی تحریک منظور کی ہے۔

ایک دوکاندار بوڑھا سپاہی دا ٹھ نام جس نے رنگون میں بندوقی کی دوکان کھولی ہوئی تھی۔ کئی لوگوں کا دھوکہ دے کر بھاگ گیا ہے۔

سرکاری سانڈ فروخت کرنے کے محکمہ کے افسر سر جان ایڈن کی میعاد ملازمت کو ۳ سال کی وسعت دی گئی ہے۔

پچھلے سال سرحدی جنگ کے فرو کرنے کا خرچ قریباً ۳۰ لاکھ روپیہ تخمینہ ہوا تھا۔

STEARNS' INSTANT COUGH CURE

سٹیرنس صاحب کا سریع التاثیر کھانسی کا علاج

یہ کھانسی زکام، ضیق النفس، گرفتگی گلو، سادر آواز کے بیٹھ جانے اور خراش حلق پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں کی تمام سوزشوں کے واسطے سب سے زیادہ مفید ہے۔ جب کہ استعمال سے معافی ہو جاتا ہے۔ سٹیرنس کے سریع التاثیر علاج کھانسی کے حاصل کرنے کے لیے اصرار کرو اور کوئی دوسری شے مت استعمال کرو۔ ہر شیشی کا باہر زرد رنگ کا کاغذ لپٹا ہوا ہے۔ ہند اور دنیا کے تمام دوا ساز اور دوا فروش دوستہ کی شیشیوں میں فروخت کرتے ہیں۔

کسی گزشتہ پرچے میں یہ خبر دیجا چکی ہے کہ پیرس کی بعض عورتوں نے چھوٹے چھوٹے کھلونوں کو زیور کی طرح پہنے گلے میں آویزاں کرنا شروع کیا ہے۔ طلائی زنجیروں میں لٹکتے ہیں اور ان کی ڈھالوں پر پینے کا نظر فریب کام بنایا جاتا ہے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ بعض لیڈیوں میں سے بعض نے اس سے بھی زیادہ ترقی کی ہے اور چھوٹے چھوٹے بندر کے بچوں سے زینت کا کام لینے لگی ہیں۔ چنانچہ ایک دلائی اخبار لکھتا ہے کہ دو عورت جو ایک مشہور و صاحب اور متمول ہے بندر کے دو چھوٹے چھوٹے بچوں کو جنہیں مختلف رنگوں اور کپڑوں سے آراستہ کیا گیا تھا اپنے کاندھوں سے آزو کی کمر وغیرہ پر بٹھائے ٹہلتی دیکھی گئی۔ خدا لیڈی صاحبہ کو اس اعلیٰ درجے کی آرائش پر نظر بد سے محفوظ رکھے ؛

مراسلت

مدرسۃ العلوم کو تین لاکھ کی عطیہ کے متعلق

ہر کسے از ظن خود شد یار من
(دشمنی ما لا نامد)
وز درون من نہ جست اسرار من

جناب من۔ پس سلام مسنون آنکہ۔ سطور ذیل جو محض غرض اطلاع عام ہیں۔ اُمید ہے کہ آپ ان کو اسی روزانہ

جنٹلمین! سندر رہے یہ لاکھ کی گھڑی دھاتہ ہیل لنگر ہے جی اعلیٰ ہمارے کارخانہ میں آج اس گھڑی کی چابی اور پرزے دیجاتی ہے اور دقت درست کرنے کا کانتا بھی دیکر لگا ہوا ہے۔ رنگین فینسی پینی کا ڈائل جس پر سوئیاں پکڑنے لطف دیتی ہیں۔ چال بھی نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے اور ہر پرزے پانچل (ایرین سٹیل) کی ہے جانا ہر ایک یہ گھڑی اپنی آپ لگیرنٹی۔ سے زیادہ عمدہ گل کی یہ بات ہے۔ اس گھڑی کی کوک چھتیس گھنٹہ کی ہے اندازاً تین سال ایک دیجاتی ہے قیمت بہت ہی کم یعنی مع مندرجہ بالا تحفات کے صرف پانچ روپیہ ہے ڈاک اور پیکنگ علاوہ مع آٹھ تحفات کے ۱۵ عدد تک۔ دس عدد جو صاحب گھڑی منگائے ان کو ہر گھڑی قیمت پانچ روپیہ نو آنہ آوے گی۔ اور کم تحفات کے منگانے والے کو پچھ روپیہ دو آنے دینے جائینگے۔ جنٹلمین ہم دیکھتے ہیں کہ ایک گھڑی منگا کر ہر جنٹلمین گھڑی اپنے احباب کے منگانے پر لیتا ہے۔ ایسے موقع کو ضائع نہ جانے اور جلد گھڑیاں منگا لیجئے ایک گھڑی مفت ملنے کا طریقہ جو صاحب ایکدم بارہ عدد گھڑیاں منگائینگے ان کو ایک گھڑی مفت روانہ کی جائیگی۔

نوٹ۔ ایک عدت چھ عدد کے خریدار کو مصنوعہ لڑاک معاف۔ قیمتے فی گھڑی مع مندرجہ بالا آٹھ تحفات کے پانچ روپیہ دو آنہ محصولہ ڈاک فی خریدار
ان اگر سپرد بھی انگوٹھا پسند ہو تو گھڑی واپس کر سکتے ہیں مگر محصولہ ڈاک آپکو دینا ہوگا۔ اس پتے سے طلب فرمائیے۔

آپکا خادم بیس سے ہے بنکھی سنڈ کو ہمارا گنیڈ اٹلانٹک ۱۰۰ ڈاکخانہ بڑا بازار کلکتہ

پیسہ اخبار نیز ہفتہ وار میں درج فرما کر مجھ کو ممنون کرینگے۔

۲۳ جولائی ۱۸۹۸ء کو جو جلسہ سر سید میموریل فنڈ مدرسۃ العلوم علیگڈھ میں بصدارت حضور نواب گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی و چیف کمشنر اودھ کے ہوا تھا اُس میں سلسلہ وار باریاں میں بھی بلایا گیا تھا۔ چنانچہ بوقت تذکرہ و امداد چندہ مینے بھی اپنے نام پر پانچ ہزار روپے درج کرائے اور اُسی شب کو جو دعوت مدرسہ کی جانب سے طلبائے زیر تعلیم و تعلیم یافتگان سابق کے ہوئی۔ میں مدعو کیا گیا۔ چونکہ اب میں پانچ ہزار روپے کا اشتہاری ہو چکا تھا۔ بقول ع اسے روشنی طبع تو بر من بلا شدی۔ اُس موقعے پر معلوم ہوا کہ اکثر اصحاب بعد تناول طعام کچھ فرمانے کو ہیں۔ جس پر صاحبان منتظم جلسہ سے کچھ عرض کرنے کی مینے اجازت چاہی۔ کیونکہ عرصے سے مجھ کو برپائے بعض نکتہ چینیوں و اعتراضات متعلق بدات و انتظامات سر سید مرحوم زبانی جواب دہی کی بہت آرزو تھی۔ پس اس سے بہتر اور کون موقع اُس کے اظہار کا ہو سکتا تھا جس میں کثرت سے عمائدین بلاد۔ چند و ممبران و ٹرسٹیان و معلمان و منتظمان مدرسہ و معززین موجود تھے۔ بعد محمد رفیق صاحب جج کے میر المنبر مقرر کیا گیا۔ پس اُس وقت جو کچھ میری زبان نے یاری دی۔ اور جہاں تک مجھ کو ذاتی علم متعلق معاملات مدرسہ سر سید مرحوم تھا۔ عرض کیا گیا۔ اسی اثنائے تقریر میں مینے اپنا یہ بھی عہد یہ جو عرصے سے میرے خیال میں تھا ظاہر کیا۔ کہ میرا ارادہ ایک ہزار روپے کی ماہوار آمدنی کی جائداد کے وقف کرنے کا ہے جسکی قیمت بحساب پانچ سیری نوٹ بونڈ ہے فی صدی کے کچھ اوپر ساڑھے تین لاکھ ہوتی ہے۔ اگر مدرسے کا آئندہ انتظام معقول ہو۔ جس پر مجھے اطمینان ہو جائے۔ تو کیا عجب ہے کہ میں اس وقف کی آمدنی کو اس کے صرف میں لکھدوں۔ مگر تعین وقت و محل اُس وقت تک نہیں کیا جا سکتا۔ جب تک کہ آئندہ کے واسطے مدرسے کی چول ٹھیک نہ بیٹھے۔ چونکہ میری تقریر اُس وقت تحریر نہیں کی گئی تھی اور نیز صاحبان یورپین موجود جلسہ بخوبی اس کو سمجھ نہ سکے یا نہ سمجھا سکے بنابریں صاحب رپورٹر پائونیر نے اپنے اخبار کو رپورٹ دیدی کہ فلاں شخص نے تین لاکھ کی جائداد دیدینے کا وعدہ کیا ہے۔ ایسی خبر پر بعض مہربان قوم نے مجھ شکریہ کے تار دیئے۔ اور اخبار پنجاب اور دوسرے اس خبر کو پائونیر سے نقل کر کے کچھ اپنی طرف سے بھی نسبت کامیابی سر سید میموریل فنڈ کے لکھا اور وہ پرچہ بنظر عنایت مجھے بھی بھیجا۔ اسپر جہاں یہ خبر نقل کر گئی تھی سرخی سے نشان دیئے تھے۔ چونکہ رپورٹر پائونیر نے اخیر پر یہ بھی تحریر کیا ہے کہ آئندہ چندہ میموریل فنڈ کے بھی ہو گا۔ لہٰذا مجھے لازم ہوا کہ اگر اسطے آگاہی عام مسلمانوں کے اور نیز اس واسطے کہ وہ کوشش تم دس لاکھ فراہم کرنے میں مطمئن اور سست نہ ہو جائیں۔ اور میرے الفاظ پر بخوبی غور کر کے اس کام کو پورا کریں اور نہ میموریل فنڈ کو ان ہی اعداد و شمار کریں جو نقد دی گئی یا دینے کا وعدہ ہمدردان قوم سے ہوا ہے۔ میرے وعدہ کے ایفا کرنے کا بھی موقع اور وقت ہے مدرسہ کی خوش انتظامی اور کامیابی و مستقل حالت میں آجانیکا وقت ہے جس کو میں ہمیشہ بوجہ بود و باش اپنی کے جو قریب اور متصل ضلع کے ہے دیکھتا اور تجربہ کرتا رہتا ہوں۔ زیادہ تشریح کی مجھ اس وقت ضرورت نہیں۔ اور میں اُمید کرتا ہوں کہ ماحصل میری تقریر کا جو میگزین میں طبع ہوگا۔ اور وہ پرچہ بصد وصول اپنے آپ کی خدمت میں روانہ کر کے خواہش کرونگا کہ میری پوری تقریر چھاپ دی جائے جس سے تمام امور بخوبی منقح ہو جائیں گے ؛

مرقوم (نواب) محمد احمد سعید خاں
بھیکم پور (ضلع علی گڈھ)

مسیحا در لغل

کان علت ہے۔ یہ کوڑے میں اور ہر قسم کی ہے پاکٹ کیس ہے۔ مسیحا در لغل
اس نہایت خوبصورت پاکٹ کیس میں ایسی عمدہ کسی سفوفی کی نوع ہی موجود ہے جو پچاس امراض کی نہایت مجرب و پر تاثیر ادویات مرتبہ ہیں دو سو نفیس نفیس نسخہ جات کریہ پر ترکیب استعمال جدید مرکب اردو لکھے چھپے ہیں۔ آجائے محولہ ہیں ہمارے یہ پاکٹ کیس میں ہیں اتنا فرق ہے ہاتھ میں آ جاتا ہے اور ہمکو ہر وقت ہمراہ رکھ سکتے ہیں۔ بوقت ضرورت مجھ حکیم جانی کا کام دیسکتے ہیں۔ حکیموں ڈاکٹروں کے لئے بھی کارآمد اور ضروری چیز ہے کہ ایک جیب میں اوزاروں کا پاکٹ کیس اور دوسری میں یہ ہماری ہی ایجاد۔ اگر پسند ہو یہ ادویہ پر تاثیر ہوں تو علاوہ کیجائیگی قیمت پاکٹ کیس بالکس فی حصہ ۔ کلاں ۵ ؛

المشتہر حکیم ڈاکٹر چراغ الدین جوہر خیر خواہ

اشتہار

تمدن عرب

یہ ایک بے نظیر فرانسیسی تصنیف ہے۔ جس کو شمس العلماء مولوی سید علی صاحب بلگرامی معتمد تعلیمات ریلوے وغیرہ سرکار نظام حیدرآباد دکن نے اصل (فرانسیسی) سے ترجمہ کر کے بغیر معمولی اہتمام سے چھپوایا ہے۔ کتاب بڑی تقطیع کے تقریباً (۶۶۰) صفحے کی ہے اور اس میں تمدن اسلام کے متعلق (۱۴۲) تصاویر اعلیٰ درجہ کی ہیں۔ جو عام یکہ میں تیار کرائی گئی ہیں اور ان کے تین نقشے ہیں۔ جلد بھی اعلیٰ قسم کی ہے۔ قیمت کتاب مع محصول ڈاک و خرچ ولیو ایبل (اکاون روپے آٹھ آنے) ہے۔ جو کتاب کی مقابل میں کچھ نہیں۔ اس کتاب کا ایک نمونہ بھیجا گیا ہے۔ جس میں ابتدہ یہ کتاب۔ فہرست مضامین فہرست حواشی و فہرست تصاویر اور دیباچہ مترجم مقدمہ مکتاب اور ایک تصویر شامل ہے۔ اس پورا اندازہ مذکورہ بالا کتاب کا ہو سکتا ہے۔ نمونہ قیمت مع محصول ڈاک بعد ایک روپیہ چار آنہ ہے۔ جن صاحبوں کو مطلوب ہو فوراً اصل قیمت نمونے کو مترجم سے طلب فرمائیں ؛

شوخی کو قید کیجئے نیچی نگاہ میں

نظربازی کا لپکا بس کی گانٹھ خرابیوں کی جڑ ہے۔ اس سے اجتناب اولیٰ تر۔ لوگوں پر جتنی فتنیں اس نظربازی کی بدولت جتنی مصیبتیں پڑیں کسی اور کھلی بھلائی کے باعث۔ ایک فلاسفر کا قول ہے۔ "آنکھ کی نظر کھو اور دنیا کے راستے سے بیخطر گزر جاؤ گے" مگر لوگ کہینگے کہ نظر نیچی رکھیں تو دل کیونکر بہلائیں۔

انتخاب لاجواب

جن صاحبوں کا سامان مہیا کیا گیا ہے کہ نظر نیچی رہے اور دل بھی نہ گھبرائے۔

درخواست ہو بنام

محبوب عالم۔ دفتر پیسہ اخبار لاہور

قیمت سالانہ ۶ ایشٹ شماہی ۳ ہے

باجوڑ میں خرخشہ

باجوڑ میں نواب دیر نے جو بھڑوں کے چھتے کو چھیڑ کر فساد کا اندیشہ پیدا کر دیا تھا۔ وہ اب رفع ہوا چاہتا ہے۔ کیونکہ خان نوشہی اور نواب دیر دونوں کو اپنی اپنی پڑ گئی ہے اور بھی مخالصت کا خیال ہو تو صلح کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ سادل الذکر نے اپنی فوج کا بڑا حصہ وادی جنبڑول کے شمالی کنارے سے ہٹا کر اپنے علاقے میں بھیجا ہے تاکہ خان پشت کے حملے کی مدافعت کر سکے۔ ہوا سکا قدیمی دشمن ہے اور نوشہی کے مغرب میں ایک چھوٹے سے سخر علاقے اور چند قبائل پر حکمران ہے۔ اس طرف نوشہی کو یہ تقویت پیش آئی ہے۔ اور دوسری جانب نواب دیر کو مکا دیوانہ کا کھٹکا ہو گیا ہے۔ جو اس کے برخلاف لوگوں کو جہاد کی ترغیب دیتا ہوا بیان کیا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ خبر چنداں معتبر نہیں تھی۔ مگر نواب دیر نے اپنی سیاہ وادی باجوڑ سے واپس کر لی ہے۔ اور اب کم از کم اس وقت کے لئے وہاں کوئی فتنہ باقی نہیں رہا ہے۔ افسوس ہے کہ نواب دیر کی اس حرکت نے ہندوستان کے ذمہ آدھ چند ہزار روپے کا خرچ بڑھایا اور ایک ہر وقت کا اندیشہ پیدا کر دیا۔ کیونکہ گورنمنٹ نے سوات و باجوڑ میں کسی قدر فوج مقیم رکھنے کا ارادہ کر لیا ہے جس کی تکمیل کے لئے کچھ کارروائی بھی شروع کر دی گئی ہے۔ چند ہزار کے خرچ کا اتنا خیال نہیں جتنا اس امر کا۔ افسوس ہے کہ ان سرحدی اقوام کے علاقوں میں فوج کا قیام اکثر اوقات انہیں بگڑنے والا ثابت ہوا ہے۔

جدید دوائے ہند

انگلستان سے مسٹر کینسی نے اطلاع دی ہے کہ ڈاکٹر آرنیل جی۔ این سکدر نے ہندوستان کا دورہ کرنے کا منظور کر لیا ہے۔ ٹانک کو یاد ہوگا کہ باوجودیکہ پارلیمنٹ میں مسٹر کرزن نے ظاہر کیا تھا کہ ان کے تقرر کی خبر مستند نہیں۔ لیکن ان کے طریق بیان سے معلوم ہوتا تھا کہ خبر غلط بھی نہیں ہے۔ بہرحال ہندوستان میں ان کا آنا کچھ ولی عہد کا اور ان کے برابر ممالک مشرق کا لیکن کوئی ایسا سفیر آج تک نہیں آیا۔ یہ کمسن و بیخیال کے نوجوان ہیں۔ اور ان کی بڑی امریکہ کی زینت والی ہیں۔

علیگڑھ کالج اور تین لاکھ کا عطیہ

آج کے ہر مراسلات میں نواب محمد احمد سعید خاں صاحب رئیس بھیکپور کے سر سید میموریل فنڈ میں تین لاکھ روپے کی جائداد وقف کرنے کے متعلق خود نواب صاحب ممدوح کی ایک سرسلت درج کیجاتی ہے۔ اس کے دوزانہ پیسہ اخبار میں اس وعدہ عطیہ کی نسبت کچھ ریمارکس مختصر سی نظر میں درج کئے گئے تھے۔ جن کا حاصل یہ تھا کہ گو اصلی نواب صاحب ایسا کرتے پر خود زور دے رہے ہیں تو ان سے بڑھ کر کوئی مخلص ان کے لئے ہو نہیں سکتا ہے۔ اور نہ اس سے بڑھ کر نواب صاحب کی اولوالعزمی اور ایثار کی ثبوت ہو سکتی ہے۔ کیونکہ نامہ نگار پائونیر نے نواب صاحب کے وعدہ عطیہ کی بابت جو کچھ دو مرتبہ لکھا تھا اس کے پڑھنے اور پیسہ اخبار کے معتبر نامہ نگار ان علیگڈھ کی تحریریں دیکھ لینے کے بعد ایسا ہی نتیجہ نکالا جا سکتا تھا۔ جو ظاہر کر دیا گیا۔ اب نواب صاحب بہادر بڑی مہربانی سے سارا واقعہ بالتفصیل تحریر کر کے فرماتے ہیں کہ وہ مدت سے مرکب تین لاکھ اسٹیٹ یا ایک ہزار ماہوار آمدنی کی جائداد تعلیم کے واسطے وقف کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اور اس پر بہت کچھ غور کرتے رہے ہیں۔ مگر چونکہ مدرسے کی حالت میں وہ زیادہ اطمینان اور اصلاح چاہتے تھے نواہشمند ہیں۔ اس لئے اس عطیہ کے وقت کا تعین نہیں فرماتے۔ لیکن حال میں جو چند اصلاحات کی تجویز ہوئی ہیں ان کے دیکھتے ہوئے یقین ہے کہ اب تعہد وقف میں زیادہ عرصہ صرف نہ ہوگا۔ نواب صاحب کی یہ تحریر دیکھنے کے بعد کسی شخص کو اس گراں قدر عطیہ کے ایک نہ ایک وقت ملنے میں ذرا شک باقی نہیں رہیگا۔ مگر نواب صاحب نہایت دانشمندی سے مسلمانوں کو صلاح دیتے ہیں کہ وہ اس تین لاکھ کی امید پر اپنی مجوزہ رقم دس لاکھ کے فراہم کرنے میں تعویق نہ کریں۔

نہایت افسوس اور رنج کی بات ہے کہ ۲ اگست کو ۲ بجے دن کے جناب مرزا احمد بیگ صاحب پنشنر تحصیلدار فیروزپور خلف الرشید جناب میر اعظم بیگ صاحب پنشن اسسٹنٹ کمشنر رئیس اعظم لاہور سے کسی طویل بیماری میں مبتلا ہونے کے بغیر اس جہان فانی سے رحلت کی۔ مرزا صاحب مرحوم نہایت قابل شخص تھے اور ایک عالی قدر خاندان کے نونہال تھے افسوس کہ ابھی ان کے مرنے کی عمر نہیں تھی جو وہ اپنے بزرگ اور نیک بخت باپ کو داغ دے گئے۔ خدا مرحوم کو جنت نصیب کرے اور ان کے متعلقین کو صبر جمیل بخشے۔

کسی اخبار میں یہ خبر دیکھی گئی تھی کہ سر آسمان جاہ مرحوم دس ہزار روپیہ سر سید میموریل فنڈ کو دینے جانے کی وصیت فرما گئے ہیں۔ مگر بعد میں کسی معتبر ذریعے سے اسکی تصدیق نہیں ہوئی۔ ایک صاحب مستفسر ہیں کہ یہ خبر صحیح مانی جائے یا غلط شمار ہو۔ میں ایسی پوزیشن میں نہیں ہوں جو اس کا شافی جواب دے سکوں۔ لیکن کیا معاصرین حیدرآباد اس کی تحقیقات کرینگے جو امید ہے کہ صحیح ثابت ہوگی۔

اخبار مارننگ پوسٹ میں پچھلے ہفتے ایک گمنام خط بدیں مضمون چھپا تھا کہ اخبار پائونیر نے مقدمہ قتل بارکپور کے فیصلے کی نسبت جو پسندیدگی کا اظہار کیا اس نے کسی گمنام یورپین کلب میں اس کا دھجنا بنا دیا گیا ہے۔ یہ ہے بعض یورپینوں کے خیالات کا نمونہ جو وہ ہندوستانیوں کی نسبت رکھتے ہیں۔ اس میں باعزت مستثنیات بھی ضرور ہیں۔ خیر ان خیالات کو خدا جہاں تک جلدی ہو سکے دور کرے۔ لیکن کیا اخبار مارننگ پوسٹ کو یہ دریافت کرنے کا کچھ افسوس نہ ہوگا کہ دو ایک دیسیوں سے جو اس کی خبر باری پر بالکل آمادہ ہو گئے تھے۔ صرف قتل بارک پور قتل پیر بخش کی نسبت اسکی رائے دیکھ کر اپنا ارادہ موقوف کر دیا۔

کر لیا کہ جس کا منصب عہدہ داران ہند کے دائیں پر بیٹھا رہے اور جس کے سامنے جواب دہ ہونے کا خیال انکو اداے فرائض میں سرگرم رکھے۔ یہ رائے ۱۸۸۳ء میں مس صاحبہ نے پیش کی تھی۔ اور میں منظر حیرت دیکھتا ہوں کہ ۱۹۰۸ء میں صاحب وزیر ہند کے۔ الطین پونڈ قرضے کی اجازت لیتے وقت جو مباحثہ پارلیمنٹ میں ہوا اس میں سر ونیم ویلبرفورس نے یہی تجویز پیش کی تھی جو افسوس کہ منظور نہ ہوئی۔

ضلع دہلی میں کثرت اموات

پیسہ اخبار اپنے معزز ہمعصر اخبارات پنجاب اور سرحد وغیرہ سے اس امر میں متفق ہے جنہوں نے اس اضوسناک گورنمنٹ کے سرکیولر پر توجہ اس طرف منعطف کرائی۔ امید ہے کہ دیگر اخبارات علی الخصوص معاصرین دہلی و چیف اس معاملہ کو روشنی میں لانا سب سے زیادہ فرض ہے۔ اس قدیم تاریخی شہر کو ایسی حالت زار میں نہ دیکھ سکیں گے۔ اور ذمہ دار آنکھوں پر توجہ دلانے کے ساتھ ہی میں یہ بھی بدست تمام ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ ہفتہ مختتمہ ۱۱ جولائی دہلی والوں کے لئے بڑا خوش نصیب ہفتہ ہے۔ جس میں تعداد اموات بمقابلہ پیدائش کم رہی۔ اس میں پیدائش کا شمارہ ۱۰۴ اور موت کا ۱۰۲۔ اگرچہ ۱۱ کا فرق ایسا نہیں ہے جس پر مفتہائے ماسبق کے ۲۰۴ و ۲۰۹ و۔ ضمناً اموات کو دیکھتے ہوئے اظہار شادمانی کیا جا سکے۔ لیکن اتنی ترقی۔ اور آئندہ زیادتی کی امید کسی قدر اطمینان دلاتی ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ جتنے ہفتوں کے بعد یہ ترقی پیدائش والا ہفتہ آتا ہے اتنا ہی زیادہ عرصے تک قائم رہے۔

ایران۔ روس اور انگلستان

کسی ترجی اشاعت گزشتہ میں اس عنوان سے ایک نوٹ لکھتے ہوئے ہم نے اس افواہ کا ذکر کیا تھا کہ روسی گورنمنٹ ایران پر دباؤ ڈال کر خلیج فارس میں ایک بندرگاہ حاصل کرنا چاہتی ہے۔ ساتھ ہی بتایا تھا کہ گورنمنٹ روس کی یہ طرز عمل خواہ برطانیہ کے سخت منافی ہے۔ اور یہ روش گورنمنٹ ایسی کارروائی ٹھنڈے دل سے گوارا نہیں کر سکتی۔ کیونکہ ہندوستان کے تعلقات اسے خلیج فارس پر اپنا کامل اقتدار بلا مداخلت غیرے قائم رکھنے کے لئے مجبور کرتے ہیں۔ ۶ ماہ حال کو مسٹر کرزن نے پارلیمنٹ میں اس افواہ کو قابل وثوق نہیں بتایا اور نہ اس قوت کا نام لیا جس کی نسبت افواہ تھی۔ مگر ان سے نام نہ لینے سے یہ نتیجہ ہرگز نہیں نکلتا کہ وہ قوت روس کے سوا کوئی اور ہے۔ ممکن ہے کہ اس وقت اس نے اپنے ارادے کا اظہار مناسب نہ سمجھا ہو۔ یا جیسا کہ بعض اس نے ایک سے زیادہ مرتبہ کوئی مطالبہ کرنے کے بعد دیکھ لیا ہے۔ ایسا ہی ایران میں بھی کیا ہو۔ مگر ہم کام نہیں کہ وہ خاموشی سے چاہتا ہے اور اپنے ارادوں کی تکمیل کے دلائل بھی ڈھونڈ رہا ہے۔ مسٹر کرزن نے یہ بھی فرمایا کہ انگریزی دعوداریاں برٹش گورنمنٹ کو خلیج مذکور میں خاص دلچسپی لینے پر مجبور کرتی ہیں جس سے صریح پر مطلب نکلتا ہے کہ وہ ان ذمہ داریوں کی آخر وقت تک حفاظت کریگی۔ قرضے کے بارے میں مسٹر کرزن نے کہا کہ ایران کی درخواست زائد تھی۔ اس لئے قرضے کا معاملہ نہیں چلا۔ نیز یہ بھی بے بنیاد ہے کہ روس نے ایران کو دھمکایا تھا۔ اگر یہ واقعات صحیح ہیں تو ابھی ایران میں کوئی اندیشہ نہیں ہے۔

چین۔ روس اور انگلستان

جناب من۔ کوٹہ درج ہونے کے بیڑے نے جنیلا پر ... گولہ اندازی دکھائی۔ اس کو اس واقعہ سے منسوب ... ہے کہ اس کے جہازوں پر سے بڑے گولہ انداز ... ہو ہمارے انگلستان کے جنگی بیڑے سے ... ماہر ہوا کے دعوے پر بھاگ کر آئے تھے۔ ... کسی تحریر فرمبر پارلیمنٹ کو اس معاملے کے متعلق ... میں ایک سوال آپ کی جسارت ہوگی؟

آر۔ بی۔ کننگھم گرہم

اس چٹھی کا مہتمم بالشان تھا۔ اس لئے اخبار مذکور کے ... راقم خط سے ملنے بھیجا۔ جس نے مسٹر کننگھم ... درخواست کی کہ وہ اپنے بیان کی صداقت پیش ... مسٹر موصوف نے اظہار افسوس کیا کہ وہ اپنے ... کا نام نہیں بتا سکتے۔ لیکن خبر معتبر ہے اور ... کہ کچھ ہوا تھا وہ یہ تھا کہ امیرالبحر ڈیوے یا ایڈمرل ... بڑے جہاز مقیمہ ہانگ کانگ کے چند بڑے ... کو امریکن بیڑے میں جانے کی ترغیب دینے ... ہوگئے اور اقرار کیا کہ ... ڈالر ماہوار پینشن دو ... یہاں۔ یہ یقین کرنے کی بھی وجوہ موجود ہیں ... اگر اس حال سے اطلاع تھی۔ امید نہیں ... ہو کہ ایڈمرل سینٹ جیمس گرٹ کے ... اکر

گفتگو کرنے میں مسٹر کننگھم گریم نے خود کو پین کا طرفدار ظاہر کیا ہے۔ لہذا امریکہ کی نسبت اُن کے اقوال ع

باطل ست آنچہ مدعی گوید

کی ذیل میں آسکتے ہیں۔ لیکن اگر یہ درست ہے تو اس میں شک نہیں کہ امریکہ والوں کی یہ چالبازی اُن کا وہ تمام کریڈٹ ضائع کر دیگی جو گزشتہ فتوحات کے لئے اُنہیں دیا جا سکتا ہے۔ انگلستان پر عجب نہیں جو دیگر دول پر بھی یہ اعتراض کر بیٹھیں کہ اُس نے بے طرفداری کے قواعد کی خلاف ورزی کا ارتکاب کیا۔ اس میں شک نہیں کہ امریکہ پہلے ایسی کارروائیاں کرتا رہا ہے کہ جہاں کہیں اُس کے جہازات کسی انگریزی بندر میں داخل ہوتے ہیں۔ وہ اولی افسروں۔ ملاحوں اور گولہ اندازوں کو تحریص و ترغیب سے لیجاتے ہیں۔ لیکن سخت تعجب اور افسوس ہوگا اگر جنگ کے زمانے میں بھی ایسی حرکت اُس سے سرزد ہونے والی بتائی گئی!

کیا روس و انگلستان میں جنگ ہوا چاہتی ہے؟

چین میں انگریزی اور روسی سفیروں نے جو طریق عمل اخیر ہفتہ جولائی کے اندر اختیار کیا ہے۔ وہ اگر دو چار درجہ اور زیادہ بڑھا گیا تو عجب نہیں کہ ان دونوں عظیم الشان سلطنتوں میں کھلم کھلا معرکہ آرائی کی نوبت پہنچ جائے۔ اور جس جنگ کا دنیا کو عرصہ دراز سے انتظار ہے۔ تیرہویں اہل الرائے کے نزدیک "اگل اور لازمی" سمجھی جاتی ہے اُس کا سہرا انیسویں صدی ہی کے سر رہے گویہ تنازعہ اُس سے بالکل علیحدہ ہے جس کے لئے لوگ چشم براہ ہیں کیونکہ وہ جنگ ہندوستان کی شمال مغربی سرحد پر ہوگی چاہئے لیکن اگر چین ہی کی موجودہ معاملہ (خدانخواستہ) طوالت پکڑ گیا اور جنگ چھڑ گئی تو سرحد ہندکا مسئلہ بھی شاید ہمیشہ کے لئے تصفیہ پا جائیگا۔ بحالت موجودہ سراسر روس کی زیادتی ہے۔ اور اگر جنگ کسی صورت سے ٹل سکتی ہے تو وہ یہی ہے کہ روس اپنے مطالبات واپس لے۔ چنانچہ ہفتہ گزشتہ کو انگریزی سفیر نے پین گورنمنٹ کو بھی نہایت کے گویا بالواسطہ روس کے کان کھول دیئے ہیں۔ مگر عجب ہے کہ اس کے دوسرے روز سفیر روس کو یہ جسارت کس طرح ہوئی کہ وہ پھر چینی گورنمنٹ پر زور دے کہ تو سین نیو چانگ ریلوے کے لئے برطانیہ سے قرضہ لیا جائے۔ مذبذب اور عہد شکن ہونے میں یقین ہوا چاہتے ہیں کہ انگلستان اپنے حقوق پر دوسروں کی دستبردار گز نہیں رکھ سکتا۔ وہ آخر کب تک ان کی حفاظت کر سکتا ہے۔ لارڈ سالسبری بات بھی تو یہی امید ہے کہ اس موقعے پر ضبط و تحمل سے کام لینگے کیونکہ پیکن میں ان کے سفیر نے استعفا دیدیا ہے اور پین میں اپنے استعفا دیدیا ہے اور پین میں اپنے استعفا دیدیا ہے اور پین میں اپن

حقیقی دلچسپی اور دلاویزی!

دلچسپی اور دلاویزی کی تلاش میں لاکھوں بندگان خدا سرگردان پھرتے ہیں۔ اور دنیا میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں روپے اس کام پر خرچ کئے جاتے ہیں تاہم سب سے ارزاں اور سہل طریق دلچسپی اور دلاویزی حاصل کرنیکا یہ ہے کہ آپ

انتخاب لاجواب

کو پیشگی قیمت دے کر خرید لیں۔ پھر یقین ہے کہ آپ بھی ہمارے قول کی تصدیق کرینگے۔

درخواستیں فوراً وصول ہونی چاہئیں۔

المشتہر محبوب عالم، مقیم پیسہ اخبار لاہور۔

جزوی حرکات سے برابر ترقی پذیر رہی۔ ۱۸۶۶ء میں بسمارک نے کچھ عرصہ کے لئے پبلک لائف سے کنارہ کشی اختیار کرلی۔ مگر اکتوبر ۱۸۶۶ء میں وہ پھر برلن کو واپس آگیا۔ اور یکم جنوری کو بطور وزیر خارجہ مارتھ جیسن کنفیڈریشن اس نے کام شروع کیا۔ جولائی ۱۸۷۰ء میں خبر آئی کہ جنرل پرم نے پرشیا کو ایک ڈیوپیشن بھیج کر سپانیہ کا تخت سونپنا چاہا ہے۔ شہزادہ لیوپولڈ کو پیش کیا ہے۔ فرانس والے اس حرکت سے برہم ہوئے اور انہوں نے دربار پرشیا سے جواب طلب کیا۔ بسمارک نے لکھا کہ بیشک شہنشاہ نے لیوپولڈ کے تخت سپانیہ پر بطور ایک عزیز خاندان ہوہنزولرن بیٹھنے کی منظوری دی ہے۔ فرانس کو کھلا یہ گوارا تھا کہ کوئی پرشیا کی نسل کا شہزادہ سپانیہ کے تخت پر بیٹھ جائے۔ چنانچہ اس نے فوراً جنگ کا اعلان کردیا۔ اور اگرچہ شہزادہ لیوپولڈ نے اپنی امیدواری موقوف بھی کردی گئی۔ مگر جنگ ہوئی۔ اس جنگ کے واقعات فرد شہرت سے محتاج بیان نہیں ہیں۔ شاہ بویریا، ڈیوک آف ہیسن، ڈیوک آف ورٹمبرگ نے اپنی فوجیں جرمنی کے ساتھ میدان میں بھیجیں۔ بسمارک معہ کے میں شاہ کے ساتھ ساتھ رہا۔ لڑائی کے مشورے میں اس نے بہت کچھ حصہ لیا۔ اکثر کام اس کی رائے کے مطابق انجام دیئے گئے۔ فرانس کو ہر لڑائی میں شکست ہوئی۔ اور جرمنی نے سیدان فتح کرلی ہوئی پیرس پہنچ گئی۔ جہاں بسمارک نے شرائط صلح لکھیں۔ اور فرانکفرٹ کا معاہدہ جنگ۔ جو ۱۰ مئی ۱۸۷۱ء کو اس لارین خیر پر صلح ہوئی۔ اس جنگ نے فرانس کو نقصان پہنچایا۔ اتنا ہی جرمنی کی عظمت و شان کو دوبالا کردیا۔ اور کاؤنٹ بسمارک کی شہرت کو حد سے زیادہ بڑھایا کہا جاتا ہے کہ اس جنگ پر ان سے اپنی فوجی قابلیت کا حیرت انگیز ثبوت اس طرح دیا تھا کہ پہلے ایک نقشہ کھینچ کر تمام مرحلے اور معرکے اپنے شہنشاہ کو سمجھا دیئے جو بعد میں اکثر درست ثابت ہوئے۔ اور اگر یہ سچ ہے تو واقعی بسمارک کی اس قدر تعریف کیجائے بجا نہ ہوگی۔ کیونکہ نپولین کے سوا۔ قدیم کسی جنرل میں بھی نہیں آئی گئی کہ وہ اس طرح سچ تمام لگا سکے۔ چہ جائیکہ ایک پولیٹیشن جسے فوج سے بہت کم سابقہ پڑتا ہو اتنا واقفکار نکلے۔ دراصل یہ جنگ بسمارک کی شہرت اور سیاسی زیرکی انتہا کے کمال پر پہنچا دیتی ہے۔ آخری چیز بھی۔ جس کی ضمانت شائستہ کرتے ہیں وہ پرنس کے خطاب سے مفتخر ہونا بعد ازاں اگرچہ وہ بھی پرنس بسمارک وزارت خلیجی اور صدارت اعلیٰ کے عہدے پر سرفراز رہا۔ لیکن کوئی ایسی غیر معمولی بات پیش نہیں آئی جو دنیا میں بسمارک کی نسبت کوئی سنسیشن پیدا کردیتی۔ اور واقعی اگر بغور دیکھا جائے۔ تو ایک شخص تمام صفات کا جامع نہیں ہوسکتا۔ بطور ایک منتظم کے لوگ مسٹر گلیڈسٹون کو پرنس بسمارک پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور یہ خیال غیر صحیح بھی نہیں کہا جاسکتا۔ کیونکہ گلیڈسٹون مالی معاملات میں تمام اگلے پچھلے وزیروں سے گوئے سبقت لے گیا تھا۔ اور ساٹھ بجٹ میں خواہ لارڈ بیکنسفیلڈ ہوتے خواہ لارڈ سالسبری۔ مگر کوئی اس سے لگا نہیں کھاتا۔ اس کا منشاء ہمیشہ یہ رہا کہ رعایا پر سے ٹیکس کا بار کم کیا جائے۔ اور اگر کبھی ٹیکس بڑھانے کی ضرورت بھی ہو تو تو تمانتی کاموں کے بدلے ایسی مدوں میں صرف کیا جائے جو رعایا کی آسائش بڑھانے والی یا تکلیف کم کرنے والی ہوں۔ تجارت کی ترقی میں اس سے بڑا انٹرسٹ تھا۔ اور اس کی بنائی اور بنائی ہوئی تدابیر سے انگریزی تجارت میں کروڑوں روپے کا اضافہ ہوا۔ پرنس بسمارک اس کے برخلاف خارجہ تعلقات میں دلچسپی لیتا تھا۔ اور ان معاملات میں اس کا ذہن بھی غضب لڑتا تھا۔ برسوں پہلے وہ سمجھ گیا تھا کہ فرانس و روس ایک نہ ایک دن دوست ہو جائینگے۔ نظر بریں ان سے پہلے روس کو اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کی۔ اور جب اس میں کامیابی ہوئی تو ہمارا ثلاثہ مابین جرمنی۔ اٹلی اور آسٹریا کے کرا دیا۔ مذہبی معاملات میں اس کی مکروی ایک سے زیادہ دفعہ نمایاں ہوئی۔ وہ شروع میں آزادی تجارت کا حامی تھا اور بعد ازاں اپنی تجارت کو فروغ دینے کی خاطر دوسرے ملکوں کے مال پر زیادہ محصول لگانے لگا۔ ان سے پہلے محصولات بحری کے لئے اور دس برس بعد جملہ سے زیادہ بڑھا دیئے۔ مقوانین مے کے نفاذ سے اس نے رومن کیتھلک فرقے کو اپنا دشمن بنا لیا۔ جس نے کہا تھا کہ دو مرتبہ اسکی جان لینے کا بھی ارادہ کیا۔ اس نے زمانے کی رفتار سے بالکل قطع نظر کرلی اور سوشلسٹ لوگوں پر جو در اصل ریڈیکل ہیں سخت قیود عائد کردیں جس نے سب سے زیادہ پبلک کی نظر میں اس کو مخالف آزادی قرار دلوا دیا۔ اس نے جرمن کے صوبجات کو دیگر بعض دنیا میں وسعت دینے اور ایک کولونیل ایمپائر قائم کرنے کی جدوجہد کی۔ اگرچہ اس میں ایسا کامیاب نہیں ہوا۔ مگر پھر بھی اس کی بدولت جرمنی کی تجارت کو باہر بہت کچھ فروغ ۱۸۷۶ء میں عہدنامہ سینٹ سٹیفانو کی ترتیب کے دول عظام کے قائمقام برلن میں جمع ہوئے تھے اس کا فرسٹ کلاس پریسیڈنٹ تھا۔ اور پھر ۱۸۷۸ء میں برلن کانگریس کا صدر ہوا۔ لیکن سلطنت علیہ عثمانیہ کے نسبت پرنس کی جو پالیسی رہی وہ ظاہر ہوگی ہے بہت سے اختر اصل واقف ہوسکتے ہیں۔ مگر میں ان معاملات کو بھید نہیں سمجھتا۔ ۱۸۷۸ء میں اس نے وزارت خلجی سے استعفا دے دیا اور کمال احترام برلن سے رخصت کیا گیا جس کے متعلق اس نے خود بیان کیا ہے کہ گویا کسی بڑے آدمی کا جنازہ تھا۔ میں معلوم ہوا کہ شہنشاہ ولیم نے جبراً پرنس سے استعفا ہے۔ کئی سال سے شہنشاہ اور پرنس کے تعلقات کشیدہ رہے۔ پرنس اپنے اخبارات میں گورنمنٹ کی چھلے کرتا رہا۔ اور شہنشاہ نے ڈاکٹر لیکسی اور ڈاکٹر کی کہ پرنس کی وقعت لوگوں کی نظروں میں گھٹ جائے شہنشاہ نے اس کے مستعفی ہونے کے بعد جس سلطنت جرمنی کے تمام قائمقاموں کے نام یہ جاری کیا کہ پرنس بسمارک سابق اور پرنس بسمارک شہنشاہ امتیاز کرتے ہیں۔ اور اختیارات جن معاملات یہ لکھیں۔ کہ وہ پرنس کی رائے سے موافق ہیں وقعت نہ سمجھا جائے۔ سچ یہ ہے کہ پرنس جس طرح پوری قوت حاصل نہ ہونے کا خواہشمند تھا۔ اسی طرح بھی چاہتا تھا کہ اس کے اختیارات سب پر حاوی چنانچہ اس نے تجویز کیا تھا کہ محکمانہ معاملات کے صدر اعظم کو اپنے افعال کے جوابدہ ہوں اور صرف شہنشاہ کے ماتحت رہے۔ ایک مرتبہ لبرل پارٹی کا پرنس سے ملنے گیا۔ شہنشاہ نے خبر پائی اور پرنس بسمارک کہا کہ وہ بغیر اجازت شہنشاہ کسی پولیٹیکل ہستی سے ملے۔ اسپر اس نے جواب دیا کہ شہنشاہ کی حکومت میرے پر نہیں ہے۔ ایسی ہی اور بہت سی باتیں مشہور ہیں پرنس کی حرکات بعض اوقات گستاخی کی حد تک گئی ہیں۔ اصل یہ ہے کہ پرنس کو سلطنت جرمن کے اور موجودہ عظمت و شوکت تک پہنچانے کا بانی جانتا تھا کہ شہنشاہ کے باپ اور دادا کا میں دوست ہوں۔ اس کی نظر میں بمشکل ایسے شخص کی عزت تھی جس کو اس نے گولیوں کھلایا اور جس کی کو بنایا ہو۔ یہ بات مرحوم لارڈ بیکنسفیلڈ میں تھی کہ اگر نظام سکولات شیر خاری کبھی دایہ وغیرہ کی گود میں تھی تو وہ بادب تمام ان کے پیچھے ہاتھ باندھ کر پرنس نے اس مقولے کا خیال نہ کیا کہ "خدا سے شہنشاہ کی تو بھی عزت کر" ۱۸۹۰ء میں آخر شہنشاہ

پیسہ اخبار

لاہور - یوم شنبہ - ۱۳ اگست سنہ ۱۸۹۸ء

پرنس بسمارک کی وفات

پرنس بسمارک شونہاسین کارل اوٹوایڈورڈ لیوپولڈ سابق صدر اعظم و مدار المہام سلطنت جرمنی کی حیثیت میں ایسا شخص ۳۰ ماہ گزشتہ کو دنیا سے اُٹھ گیا۔ جس کا وجود صرف اُس کے ملک اور قوم کے لئے موجب خیر نہ تھا۔ بلکہ انیسویں صدی کے واسطے باعث فخر و ناز سمجھا جانا چاہئے۔ پرنس بسمارک کے انتقال سے مدبرین زمانہ میں ایک بہت بڑا شان نسل قطع ہوگئی جولارڈ بیکنسفیلڈ۔ گلیڈسٹون اور گرچکاف جیسے مشہور اصحاب پر مشتمل تھی۔ اور جن میں سے ہر ایک کے کارنامے سنہرے حروف میں تاریخ کے اوراق پر ثبت رہینگے۔ پرنس بسمارک کی فتحیابی کوششوں نے جرمنی کو جو متفرق چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے بدلے ایک عظیم الشان سلطنت بنایا۔ اور پھر اُس سلطنت کو معراج ترقی پر پہنچایا۔ سنہ ۱۸۷۱ء میں جبکہ پرنس موصوف ایک شریف و متوسط الحال گھر میں پیدا ہوا۔ جرمنی کی وقعت سمندر یا ملتوں کے مجموعے سے زیادہ نہ تھی جن میں سے کسی کو بھی خطاب شاہی سے مخاطب نہ کرنے کو دول یورپ کے نزدیک سبب ننگ و عار سمجھا جاتا تھا۔ اس شخص نے اپنی مساعی جمیلہ سے ان سب کو ایک رشتہ اتحاد میں جکڑا اور سلطنت کر دکھایا۔ پھر سلطنت بھی ایسی عظیم الشان و زبردست جس کے سامنے تمام دنیا سر تسلیم خم کرنے پر مجبور ہوئی۔ اور جس کی فوجی قوت نے یورپین ٹیکو کو یورپ پر اپنا رعب بٹھائے رکھا۔ پرنس موصوف نے جوانی برلن اور گریفسوالڈ میں تعلیم پانے کے بعد اپنی پہلی لائف فوجی ملازمت سے شروع کی۔ سنہ ۱۸۳۵ء میں جب بسمارک بطور ایک ادنیٰ لفٹنٹ کے فوج میں کام کرتے تھے۔ کون کہہ سکتا ہوگا کہ اہالیان جرمن کے لئے جو ترقی و اقبال کا خزانہ ودیعت رکھا گیا ہے اُس کی کنجیاں اس شخص کے ہاتھوں میں ہیں۔ یا یہ کبھی فوج سے روگردان ہو کر امور ملکی میں حصہ لیگا۔ فوجی ملازمت کے دوران میں بھی بسمارک کا چال چلن قابل اطمینان رہا۔ لیکن چند ہی سال میں اُسے اپنی کمی محسوس ہونے لگی۔ اور اس کام کے لئے اپنی ناموزونیت اور غیر مناسبت کا پتہ چل گیا۔ چنانچہ وہ اس صیغے سے دستکش ہوگیا۔ اور کچھ عرصہ ایک معمولی و غیر سرکاری شخص کی زندگی بسر کرنے کے بعد سنہ ۱۸۴۷ء میں سیلیسی کی پراونشل ڈائیٹ (پارلیمنٹ صوبہ) کا ممبر بنا۔ جہاں سے اُسے اپنی زبردست قوت تقریر و معاملہ فہمی کے ظہار کا اچھا موقع ملا۔ وہ گہرے کنسرویٹو خیالات کا پیرو تھا۔ اور اس کی حمایت میں اُس نے کوشش کا کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ ایک موقعے پر اثنائے تقریر میں اُسے سخت جوش آیا اور اُس نے کہہ دیا کہ بڑے بڑے شہر صفحہ عالم سے یکقلم محو ہو جانے چاہئیں کیونکہ یہ جمہوری خیالات کے مرکز ہیں۔ اُن دنوں شاہی اختیارات حد سے زیادہ بڑھے ہوئے تھے اور پبلک میں حصول آزادی کے لئے سنسیشن پھیل گیا تھا۔ سنہ ۱۸۴۸ء میں عام بغاوت ہوئی۔ بسمارک گو الگ رہا مگر اُس کی رائے دربارہ حمایت حقوق شاہی جوں کی توں رہی۔ سنہ ۱۸۵۱ء میں اُس نے پھر سرکاری ملازمت اختیار کی۔ اور قدیم جرمنی بند کی ڈائیٹ واقع فرینکفرٹ میں پرشیا کا قائم مقام بنایا گیا۔ اس بند (پنچایت۔ یا کونسل) میں اُس وقت تک آسٹریا کا سب سے بڑا اقتدار تھا۔ لیکن جس وقت سے بسمارک پہنچا پرشیا کی آواز بھی سنائی دینے لگی۔ اور رفتہ رفتہ وہ وزندار ہوتی گئی۔ اس نے جرمن بند میں وقتاً فوقتاً جس قابلیت سے آسٹریا کی خود غرضانہ تجاویز سے اختلاف کیا۔ اُس نے اس کا وقار دن بدن پرشیا کی نظروں میں بڑھایا۔ آسٹریا کو اپنا مخالف بنایا جسکا انجام یہ ہوا کہ بسمارک کی فاطر پرشیا اور آسٹریا کے تعلقات میں کشیدگی نمایاں ہونے لگی۔ سنہ ۱۸۵۹ء میں ایک پمفلٹ نکلا۔ جس میں پرشیا اور آسٹریا کی روز افزوں مخالفت کو ایک نہ ایک دن منہ چنگ ہونے والا بتایا گیا تھا۔ اور پرشیا۔ فرانس و روس میں اتحاد کی ضرورت جتائی گئی تھی۔ لوگوں نے اس کی تالیف کو بسمارک سے منسوب کیا اور خواہ بسمارک اُس کا راقم ہوا یا نہ ہو۔ مگر اس میں شک نہیں کہ اس کے نام سے رسالہ مذکور کا اثر بہت کچھ بڑھ گیا۔

مارچ سنہ ۱۸۵۹ء میں پرشیا کی طرف سے سینٹ پیٹرز برگ میں سفیر مقرر ہوا۔ اور بڑی لیاقت کے ساتھ اپنے فرائض منصبی برضامندی دولتین ادا کرتا رہا۔ چنانچہ مئی سنہ ۱۸۶۲ء میں جب وہاں سے سفارت پیرس پر اس کی تبدیلی ہوئی تو شہنشاہ روس نے اس کو اپنی سلطنت کا تمغہ امتیاز مرحمت فرمایا۔ پیرس میں پانچ ہی مہینے کے اندر اس نے نپولین شہنشاہ فرانس کی خوشنودی حاصل کر لی۔ اور ستمبر سنہ مذکور میں وہاں سے گرینڈ کراس آف دی لیجن آف اونر کے خطاب پر پرشیا کو واپس آیا۔ جہاں اس کو وزارت خارجہ کے عہدے پر سرفرازی دی گئی۔ اب اس کے اختیارات بہت کچھ بڑھ گئے۔ اور اسے اپنے سابقہ کنسرویٹو خیالات کے اظہار کا خوب موقع ہاتھ آیا۔ ڈیپوٹیز یعنی ممبران ہوس آف کامنز نے بجٹ نامنظور کیا۔ اور ہوس آف لارڈز نے پاس کر دیا۔ اس پر بسمارک نے بادشاہ کے نام سے ہوس آف کامنز کو متفرق کیا۔ اور جن اخبارات یا اشخاص نے اس کارروائی پر اعتراض کیا انہیں سخت سزائیں دیں۔ جنوری سنہ ۱۸۶۳ء میں اس نے ایک ایڈریس کے برخلاف حجتیں نکالیں۔ جو ڈیپوٹیز نے بادشاہ کو پیش کیا تھا۔ مگر اس معاملے میں اسپر خلاف وزری انتظام کا الزام لگایا گیا۔ اس کے تھوڑے ہی عرصہ بعد پولینڈ کا قضیہ پیش آگیا اور چیمبر آف ڈیپوٹیز نے کثرت رائے سے وزارت کی نسبت عتاب ظاہر کیا۔ اس نے ۸ فروری کو اس سے ایک خفیہ معاہدہ کر لیا ہے۔ سنہ ۱۸۶۴ء میں بسمارک کی تحریک پر جرمن بند نے یہ تجویز پاس کی کہ ڈیوک آف آگسٹنبرگ کے دعاوی کی حمایت میں ڈنمارک پر چڑھائی کیجائے۔ آسٹریا پرشیا اور سیکسنی کو یہ کام سپرد کیا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ڈنمارک نے شکست کھائی اور سلیسوگ ہولسٹن و لاسبرگ کے علاقے اُس کے قبضے سے نکل گئے۔ اس اثنار میں بسمارک کاؤنٹ کے اعزازی درجے پر ممتاز کیا گیا۔ اور الکنبرگ میں ایک بڑی جاگیر عطا ہوئی۔ اُس نے نظر خیر خواہی یہ کوشش کی کہ علاقجات متنازعہ ڈیوک آف آگسٹنبرگ کو دیئے جانے کے بدلے پرشیا سے ملحق کئے جائیں۔ بسمارک کا یہ فعل اگرچہ بے ایمانی پر محمول کیا جائیگا۔ مگر جب یہ خیال کیا جائے کہ اس میں اُس کو اپنی سلطنت کا فائدہ مدنظر تھا۔ اور آجکل پولیٹیشن وہی اچھا سمجھا جاتا ہے جو اپنے فوائد مالاتر رکھے تو اہل نظر ضرور اس کو معذور رکھیں گے۔ بسمارک نے سیکسنی اور آسٹریا کی فوجیں واپس بلالیں اور سپاہ پرشیا کو علاقہ جات سلیسوگ ہولسٹن و لاسبرگ پر قابض رہنے دیا۔ آسٹریا کو جب یہ معلوم ہوا تو اُسے سخت ناگوار گزرا۔ اور سنہ ۱۸۶۶ء میں پرشیا و آسٹریا کے مابین جنگ ہوئی۔ جس میں ریاستہائے ہانوور۔ بویریا۔ ہیسی کیسل۔ ہیسی ڈارمسٹیڈٹ اور ناساو وغیرہ آسٹریا کی طرفدار ہوئیں۔ جنگ سات ہفتے جاری رہی۔ آسٹریا اور اُس کے طرفداروں نے شکست فاش کھائی۔ مقام نکولسبرگ پر عہدنامہ ہوا۔ جس کے رو سے آسٹریا۔ جرمن بند سے ہمیشہ کے لئے خارج کر دیا گیا۔ اور ریاستہائے ہانوور۔ نساو۔ ہیسی کیسل۔ فرینکفرٹ۔ سلیسوگ ہولسٹن و لاسبرگ پرشیا میں ضم کر لی گئیں۔ قدیم بند کی نا ہنج جرمن کنفیڈریشن قائم ہوئی۔ جس کا سرغنہ پرشیا قرار پایا۔ جنوبی جرمن کی ریاستوں سے ایک "اوفنسو و ڈیفنسو" اتحاد ہو گیا جس کے رو سے شاہ پرشیا کو یہ اختیار ملا کہ بروقت جنگ وہ اُن سب کی فوج کا اعلیٰ افسر ہوگا۔ بسمارک کی زندگانی کا اعلیٰ ترین مقصد یہی تھا کہ جرمن کی متفرق ریاستوں کو ایک ایک کر کے پرشیا کو اُن کا سرغنہ قرار دیا جائے۔ اور اس طرح ایک عظیم الشان سلطنت بنا لیجائے۔ چنانچہ وہ بوجہ احسن پورا ہوا۔ اور اپنی کوششوں کے صلے میں وہ نا ہنج جرمن کنفیڈریشن کا چانسلر اور فیڈرل کونسل کا پریسیڈنٹ بنایا گیا۔ پہلے جلسہ کنفیڈریشن میں ۴۱ کروڑ ۹۰ لاکھ آبادی جرمن کے قائمقام جمع ہوئے تھے۔ اور وہ سب اس اتحاد و یکجہتی کے لئے بسمارک کی خدمات کے معترف و مشکور ہوئے۔ پھر گلسبرگ کا جھگڑا کھڑا ہوا جسے شاہ ہالینڈ فرانس کو دینا چاہتے تھے۔ بسمارک نے اس کی سخت مخالفت کی اور اگرچہ اُس وقت بات اس طرح بڑھنے نہ پائی کہ گلسبرگ آزاد قرار دیا گیا۔ اور اُس کے استحکامات قلعجات منہدم کر دیئے گئے۔ مگر دونوں سلطنتوں میں ناچاقی پیدا ہو گئی۔ اور جو

حفظِ صحت

استفسار

۸۴ - چھائی پر گلٹی :- ایک شخص مسمی اسمٰعیل خان سپاہی ریاست کی عرصہ ۳-۴ سال کا ہوا کہ تمام بدن میں خارش کی پھنسیاں نکل آئیں تھیں - بجملہ اُن کے ایک پھوڑیا دہنی چھاتی کے منہ پر بھی تھی - بعد علاج خارش جاتی رہی اور چھاتی میں اندر گرہ سی پڑ گئی - اُس وقت کچھ نہیں خیال کیا گیا - اب وہ چھاتی بہت بڑھ گئی ہے اور اندر گرہ بھی معلوم ہوتی ہے - چند دوائیں لگائی گئیں مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا (خریدار پیسہ اخبار از بلوچ پور) ؛

۸۵ - آشوب چشم :- میری والدہ کو عرصہ چھ سات سال سے آشوب چشم کا عارضہ ہے - پہلے آنکھوں میں درد ہو کر مُنہ مثل خون کے سُرخ ہو جاتی ہیں اور پھر سُرخی سے سفیدی آنی شروع ہوتی ہے اور بصارت میں بھی کمی ہو جاتی ہے - پھر سہل دیا جاتا ہے اور دماغ پر کھمن گاؤ لگایا جاتا ہے - تب پھر اصلی حالت پر آجاتی ہے - مگر چھ سات ماہ بعد پھر وہی حالت ہو جاتی ہے - (وجیہ الدین احمد) ؛

علاج

۸۶ - موتیا بند :- ایک کلی میں ۱۰ تا ۱۲ جوار جوائن ڈال کر اُس کے بیچ میں ایک تولہ سنکھیا کی ڈلی رکھ کر اوپر سے ڈھانپ دیں - پھر اجوائن کے اوپر آدھ سیر پرانی شکر جو قریباً آٹھ سال کی ہو ٹوٹال کر کلیا کو مل حکمت کر کے ایک گلیس نیٹ گڑھا کھود کر اُس میں بھیڑ کی مینگنیاں بھر کر - اُس کے بیچوں بیچ کلیا مذکور رکھ کر آگ لگا دیں - یہ آگ آٹھ دن برابر یکساں لگی رہے - اگر مینگنیاں ختم ہو جائیں تو اور ڈال دیں - پھر نکال کر سنکھیا مذکور کو علیحدہ کر کے پیس کر بوتل میں رکھ دیں - ایک موتیا بند والے آدمی کو ۳ یا ۴ بیج حنظل کے جو شاندہ کے حلاب دے کر بقدر ایک چاول سنکھیا مذکور ہمراہ ۲ تولہ شہد خالص ملا کر ہر روز دیں - ۲۰ دن میں موتیا بند بالکل دور ہو جائیگا - اور غذا ارزن زرد وافر اور پتے کی روٹی - اور گیہوں کی روٹی ہو تو پتے کا شوربہ پانی گوشت - کھٹائی - تیل وغیرہ سے بالکل پرہیز (فتح چند حکیم - امرتسر) ؛

۸۷ - کند ذہن (بجواب استفسار ۶۲) :- مشک زعفران مینہ کے پانی میں حل کر کے اُس سے سورۂ اقرأ و عہد نامہ لکھے اور پھر مینہ کے پانی میں گھول کر پانی بوتل میں محفوظ رکھے اور صبح کے وقت بقدر ۱ تولہ پانی پیا کرے - مجرب ہے - میں اوائل عمر میں بہت کند ذہن تھی - اس عمل کی برکت سے اب مجھکو نوشت و خواند میں پوری دسترس ہے (رقیہ فدویہ متعلمہ زنانی مقام میر) ؛

ایضاً :- دوا تو کوئی معلوم نہیں - ایک یمانی دعا بتاتا ہوں - جی چاہے عمل کیجئے - غذا نامعلوم دیگا - رات کو ایک تکیہ گیہوں کی پکا کر صبح اُسپر یہ آیت لکھ کر بچے کو کھلا دیں - چند روز یہی التزام ہو تو بہتر ہے - بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم (س ح - راجکوٹ) ؛

گمنام و نشان انگیز

۴۸ - میرے ایک عنایت فرما پنڈت ستیانند کا لڑکا جکا نام کنہیا لال اور چھاؤنی بابو لگڈھ ضلع میرٹھ کا باشندہ ہے - عرصہ ایک ماہ سے غائب ہے - کہیں اُس کا پتہ نہیں چند یوم ہوئے اُس کا خط اپنے والد کے نام آیا تھا کہ میں پنڈت کرشن دت شرما جوتشی پہاڑی برہمن کے ساتھ جاتا ہوں لیکن سائن کا کوئی نام یا نشان تحریر نہیں تھا - حلیہ یہ ہے - چیچک رو - گورا رنگ - عمر ۲۰ سال - قد لمبا بھاری - بوچھیں بڑی بڑی - ریش تراشیدہ - علم ناگری عمدہ جانتا ہے - ناظرین اخبار میں سے کوئی صاحب براہ مہربانی اُس کا پتہ دے کر مشکور فرمائیں کیونکہ اُس کے باپ کا حال اُس کی جدائی میں بہت ابتر ہے (شیخ فقیر علی سوداگر و پیٹرنری ڈاکٹر ضلع مراد آباد) ؛

۴۹ - میرا ایک بھائی مسمی روڑا رام ولد جیون مل ذات سائی مقام پٹی ضلع لاہور کا ہے اور نواسا بھنڈاریوں کا ہے - جوان قد ریش دار - چیچک رو - رنگ گندم - عمر قریباً بتیس سال - عرصہ اڑھائی برس کا ہوا کہ پہلے راولپنڈی میں گیا تھا - بعد میں کچھ پتہ نہیں ملا - (رامدتا مل بھنڈاری) ؛

عام

سوال

۵۰ - نمک کا محکمہ کہاں ہے اور اُس کا صدر مقام کون ہے ؟ اور کس طرح کون کون پاس کئے ہوئے لوگ لئے جاتے ہیں ؟ کتنی تنخواہ سے نوکری شروع ہوتی ہے ؟ اور درخواست کس کے پاس بھیجنی ہوگی (محمد سعید از آرہ) ؛

جواب

۵۷ - خدام (بجواب سوال ۴۶) :- خدام کے علاج کے واسطے پنڈت جوالا پرشاد صاحب منصف مہابن ضلع متھرا - یا اُن کے برادر پنڈت شمبھو ناتھ صاحب سپرنٹنڈنٹ انجینر لاہور کو درخواست کریں (رام رکھا انسپکٹر بسی) ؛

۵۸ - تجارت (بجواب سوال ۵۵) :- جو شخص پانچ روپے کا نیل و چائے کے کر سیستان برادر کو گئہ کا سفر کرے تو اُس کو بہت فائدہ ہوگا - کیونکہ وہاں نیل - چائے چینی کی بڑی مانگ ہے (؟) ؛

۵۹ - تجارت (بجواب سوال ۵۶) :- دہلی کا بنا ہوا اسباب چاندی کا سادہ کاری زیور دبتن گلٹ کا زیور مکیش اور کلاہ وغیرہ کی تجارت کریں - یہ سب چیزیں ہر ایک کے کار آمد ہیں کم سے کم ۵۰ روپے کا ہو - ہر منافع پانسو کا ہوتا رہیگا - بشرطیکہ اتنا اسباب فروخت کر سکیں - رسائی سے اور ریل بھیجکے ہر ایک جگہ پہنچ کر میلوں وغیرہ میں ہو جانا ممکن ہے - اگر ایسا کرنا چاہیں تو جوابی ٹکٹ بھیج کر ہم سے خط و کتابت کریں (ظفر جہان برادرز دہلی) ؛

۶۰ - چمڑا سینے کی دستی مشین سنگر کمپنی کی عمدہ ہوتی ہے اور سب بڑے بڑے شہروں میں اس کے ایجنٹ ڈپو رہتے کرتے ہیں جہاں کہیں چاہیں منگوا لیں قیمت بھی ہیں معلوم ہوگی

شعر و سخن

"دوشیزگی"

(یہ نظم پیسہ اخبار کے کسی پرچہ میں پہلے شائع ہو چکی ہے جس کو حالی مذاق منشی ارتضا علی صاحب شیر مکا کوروی انگریزی سے ترجمہ فرمایا اور اب اسیر مصر عرصے لگا کر مخمس کیا ہے)

(برائے پیسہ اخبار)

نہ بیچ گردش دوراں نہ موج کا غم ہے — خزاں کا فکر نہ پژمردگی کا ڈر ہے
دو روز شو ہے جوش نمود بہیم ہے — کنوار پن ہی عجب سادگی کا عالم ہے
یہ سچ ہے کیجئے کیا تعریف جس قدر کم ہے
جہاں میں لاکھ ذوالکمال ہوتا ہے — کسی کا ہمسر کسی کا ہمخیال ہوتا ہے
کوئی نہال کوئی پایمال ہوتا ہے — بہت عروج پہ مہر کمال ہوتا ہے
مگر حسیں کو نہیں کچھ خیال ہوتا ہے
ملائے فتنہ دوراں ہے نرگس مخمور — جواب شوخ ستم گر ہے غمزہ خونخوار
غضب کی نشو و نما ہے بلا کی تمکنت — نہیں دبا ہے کسی کا نہ کسی سے وہ مرعوب
مگر دباتا ہے اسکو خیال شرم و حجاب
بدن سڈول سراپا متاع عصمت ہے — صراحی دل و دین جان جام عفت ہے
جہاں فریب کرشمے ہیں دلربا قامت — وہ دیکھتی ہے کنکھی سے کنکھیوں سے مگر
ہے بھولی بھولی عجب بانکپن کی بیباکی — عجب ہے شوخ مگر شرم بھی ہے کیا کیا کچھ
رہی ہیں دست دعا جاں نثار صرف دعا — جہاں میں ہوتے ہیں حوروں کے کیا کیا چرچے
پڑا ہے پرتو عصمت جناب مریم کا — بہت دعاؤں کی تاثیر ہے یہ جوبن بھی
متاع شرم و حیا وہ حسین ماہ لقا
نہ آرزو ہے صبوحی نہ غرض ساغر مل — نہ شوق چشمی پرگش نہ فکر فردوس
نہ زیب عارض گلگوں نہ زینت کاکل — بری ہے حسن تکلف سے بدن سڈول کی فطرت
کھلا ہے گلشن قدرت میں بے نظیر گل
وہ دونوں چشم جیادار سربسر افسوں — وہ پیچ پیچ ہیں گیسو کہ ہیں گرہ در گرہ
فدائے عشوہ گری ہے بہار گونا گوں — بدن سڈول کی فطرت ہے ناز و عشوہ گری
بنا کے صنعت صانع بھی ہو گئی مفتوں
وہ لعل بھر میں ہیں وہ نشین چون پیکاں — پیا کی پریم کی ہیں وہ امنگ کی برچھی
حیا کی پریاں ہیں وہ عروس عصمت فرد — ہیں بھولی بھولی نگاہیں ہیں بھولی بھولی ادا
حزہ نے ڈالی ہے شرم و حجاب کی چلمن
نہ حرف جرعہ تسخیر سامری کی ہے — لبوں میں جوہر تسخیر دلبری کی ہے
ہر ایک چیز مگر ایک موہنی سی ہے — اُن آنکھوں میں ہے کیا جانے کیا کشش کیا ہے
ملک پہ جو کہ سر شام روز ہوتی ہے
وہ گوری گال ہیں شنگرف و جواہر — دہان تنگ ہے یا غنچہ شگفتہ تر
وہ آنکھیں نام خدا شعر میں چیا میکر — سنہری بال کی کنواری ہے کیا بہار
شعاع مہر درخشاں ہے بال کی جھلک
نشاط خیز سماں ہے سرور کا سا عالم — گرفتہ خاطر ہے کیا کیا ہے کیا نہیں ہے یہاں
ظہور صنعت صنعتگر زمین و زماں — ملے ہیں چشمہ حیواں سے چشمہ نوشیں
وہ دیکھتی ہے عجب ہی نظر فریب
وہ اسکا اب مصفا وہ اسکی شیرینی — ہر ایک لفظ ہے کیا کیا ہے کیا نہیں ہے یہاں
یہ کہہ رہی ہے کہ سچ مچ کنواری پری نہیں کہاں
نگاہ ہوتی ہے خیرہ وہ روشنی اس میں

خاکسار رشید احمد متوطن تھانہ بھون سہارنپور

"تو پاک باش برادر از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۱۲ | یوم شنبہ ۱۳ اگست سنہ ۱۹۰۹ء مطابق ۲۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۲۷ ہجری موافق ۳۱ سون سمت ۱۹۶۶ بکرمی | جلد ۱۲

مذاق

ایک ننگ دھڑنگا جوگی مسجد سے جا رہا تھا۔ دو کھڑے ہوئے لڑکوں نے اسے گالیاں دینی شروع کیں۔ ایک ظریف نے جواب دیا "حضت۔ آپ اس قدر پریشان کیوں ہوتے ہیں۔ ننگا جوگی کار خیر میں گیا ہے۔ وہ دونوں دنیا ہنستا در آخرت کے امیدوار رہتے ہیں۔" (ع۔ س)

مینجر:۔ چوکیداری کے لئے تم کونسا خاص وصف رکھتے ہو؟

سائل:۔ ذرہ سی آواز پر چونک اٹھتا ہوں۔ اور شور مچا دیتا ہوں۔"

مس ۔۔۔ "میں نہیں خیال کرتی کہ میں کبھی بائیسکل پر سوار ہونا سیکھ سکوں۔"

مس جالی:۔ کیا دلیل ہے۔ مسٹر ہوکر سٹیٹو نے ۸۰ سال کی عمر میں یونانی سیکھی تھی۔ ہر گز ہوصلہ نا نہیں چاہیے۔"

مسٹر گبز نے تصویر خانے میں کھڑے ہو کر کہا۔ کہ "روبن کیسا اچھا نقاش تھا۔"

مسز گبز:۔ "واقعی۔ اس کی نسبت روائت ہے کہ ہنستے ہوئے جہز اس کو قلم کے اشارے سے رولا دیتا تھا۔"

صاحبزادہ (نفرت سے):۔ "کیا عمدہ وصف بیان کیا ہے۔ یہ تو میرا سکول ماسٹر بھی کر سکتا ہے۔"

ایک روز ایک جنٹلمین ہاتھ میں بندوق لئے میدان میں شکار کی تلاش میں نکلا۔ اتفاق سے اس کو ایک سکول کا لڑکا ملا۔ اس نے دریافت کیا کہ "بیٹا یہاں کوئی چیز شکار کرنے کے قابل ہے؟"

بچہ:۔ "ہاں۔ بیشک۔ دیکھو وہ سکول ماسٹر پہاڑی پر نظر آتا ہے۔"

"جب تم نے مسٹر ہرج کی بیٹی سے شادی کرنیکی خواہش ظاہر کی تھی۔ تو اس نے کیا جواب دیا تھا؟"

"اس نے صاف انکار نہیں کیا تھا مگر اسکے واسطے ایک بھاری شرط بھی قائم کی تھی۔"

"وہ شرط کیا ہے؟"

"اس نے کہا تھا کہ پہلے میں تم کو پھانسی پر لٹکتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہوں۔"

عجیب عجیب باتیں

ایک عجیب رواج:۔ زولو قوم کا۔ جو جنوبی افریقہ کے زولو لوگوں میں ایک بہت ہی عجیب رواج ہے اور شادیہ بہت قدیم زمانے سے چلا آتا ہے۔ وہ بجلی کو اپنی بھیجوں اور سپرٹل سے اس طرح ڈراتے ہیں جس طرح کہ مندرجہ بالا تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ چنانچہ مشہور یونانی شاعر ہومر ایک رسمی ہی رسم کا بیان کرتا ہے۔ نیز وڈس اوغ بھی لکھتا ہے کہ کچھ لوگ جن کو ایٹی کہتے ہیں۔ جو کہ تہ کے نزدیک خیال کئے گئے ہیں وہ بجلی کے طوفانوں میں اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکا کرتے تھے۔ تاکہ بجلی کا دیوتا ڈر جائے۔ زمانہ اخیر کے لوگوں نے بجلی کو اس طرح سے ڈرانے کا ڈھنگ نکالا ہے۔ یعنی کہ لوہے کی سلاخوں کا سرا آسمان کی طرف کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعہ سے بجلی کی رو سیدھی کر دی جاتی ہے۔ جہاں کہ اونچے اونچے میناروں پر لوہے کی سلاخیں لگائی جاتی ہیں۔

فوٹو گرافک پتہ:۔ دو چھپکلیوں کے فوٹو گراف ہماری پاس پہنچے ہیں جو پچھلے دنوں انگلستان الیہم سٹڈی ایس ہیمر اور مسٹر جی۔ ٹی ٹریوز ساکن للینڈوز کے پاس پہنچی ہیں انہیں مکتوب الیہم کے نام بھیجا جائے انکے نوکر ہیں اور جنہ انکی شبیہوں کو لگایا گیا تھا۔ گو للینڈلوز جیسے مقام میں ان چھپکلیوں کے تقسیم ہونے

کیلئے شمار اور اعداد

کہاں انگریزی بولی جاتی ہے؟ جزائر برطانیہ [illegible] کر ۴۵۰۰۰۰۰ اشخاص اور صوبجات [illegible] کے چھ کروڑ ۶۰۰۰۰۰۰ باشندوں میں سے [illegible] لاکھ ۵۷۰۰۰۰۰ آدمی۔ کینیڈا و آسٹریلیا ۳۰۰۰۰۰۰ آدمی۔ ۳۷۰۰۰۰۰ دسٹ انڈیز اور روس [illegible] اور ہر قسم آبادیوں کے لوگ انگریزی زبان [illegible] اس طرح ان لوگوں کی کل تعداد سے کروڑ سے [illegible]

[illegible] جانے کا خوف۔ گذشتہ سال ہیضہ انگلستان [illegible] ۱۰۰۰۰ آدمی ہلاک کئے گئے تھے جن کے [illegible] موجودہ ہیں۔ اس سے بیس گنا زیادہ ڈیڑھ کروڑ ۱۵۰۰۰۰۰ اشخاص یعنی تیس لاکھ ۳۰۰۰۰۰۰ سالانہ [illegible] خطرے میں تھے۔ اس طرح ہر لاکھ [illegible] میں ایک کی جان سے [illegible] خطرہ تھی۔

سخت ممالک میں سو برس کی عمر والے:۔ [illegible] صد سالہ عمر والے سردیہ میں ہیں۔ اس ملک [illegible] کی آبادی ۱۳۰۰۰۰۰ ہے۔ ۵۷۵۰ ایسے اشخاص ہیں۔ ان کی عمر ایک سو برس سے زیادہ ہے۔ دوسرے آرجنٹائن ہے۔ جہاں ۷۸۵۰ ایسے اشخاص ہیں۔ مگر [illegible] آبادی سردیہ سے بہت زیادہ ہے۔ سپین کی ایک لاکھ ۱۷۰۰۰۰۰ آبادی میں ۴۰۱ اور فرانس ۳۰۰ آبادی میں ۲۱۳ ہیں۔ انگلستان سکاٹلینڈ [illegible] صرف ۱۹۲ ایسے اشخاص جمع کر سکتے ہیں۔ اور [illegible] ۵۵۰۰۰۰۰ آبادی میں صرف ۷۸ ہیں۔ ناروے [illegible] آبادی میں ۲۳۰ سویڈن کی تقریباً ۵۰۰۰۰ [illegible] صرف ۲۰ صدی کی عمر والے ہیں۔ ڈنمارک میں صرف [illegible] چھوٹے ملک سوئٹزرلینڈ میں کوئی بھی ایسا شخص [illegible] ہے جس کی عمر کوڑی سال ہو۔

[illegible] مشکل:۔ صحرائے اعظم افریقہ کے ریگستان [illegible] کروڑ بیس لاکھ ۱۲۰۰۰۰۰۰ اکیڑ اراضی [illegible] ہے۔ یہ ان کنوؤں کی عنایت ہے۔ جو ہموار [illegible] کھودے جا سکتے ہیں۔ اور جن کی تعداد [illegible] قریب چالیس ہزار ۴۰۰۰۰ کے پہنچ

[illegible] جرمنی فوج میں ۸ ہزار نامہ بر کبوتروں [illegible]

(مفصلہ ذیل ادویات ہر ایک موسم میں استعمال ہو سکتی ہیں)

صحت کا تصدق کردہ نامردی کا داخلی خارجی نظیر شرطیہ علاج

مردی کا بکس

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی:-

روح حیات دو بوتل (صہ ر) پانچ روپے۔ روغن اعضا بستی ایک شیشی ۱۲ للعہ

مادر زاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری کیوں نہ ہو مندرجہ بالا ادویات کے استعمال سے دو ہفتہ کے اندر علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف تمام کالانسان کو گوشہ نشین تربت میں بٹھا دیتا ہے یہ بیمثل صفت ادویات اپنی طلسم شر طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقتوں کو واپس لاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی کمزوری سلامتی خیر و شر پہلوان ہو جاتی ہے۔ ادویہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو + قیمت فیکس آٹھ روپے

نوٹ:- بکس ہذا ادویات کے استعمال سے کسی قدر بیماری باقی رہ جاوے تو از الہ مرض کے واسطے از سر نو علاج کی بابت دیا جائے گا +

مفصلہ ذیل اصلاحی روح حیات کو تقویٰ مضاعف نامردی کے لئے تیر بہدف ہے

تصدیق نامہ ڈاکٹر شفا خانہ

تصدیق نامہ ڈاکٹر شفا خانہ

تصدیق نامہ ڈاکٹر شفا خانہ

ضرورت! بہت سے اشتہارات زیورات کے آپ نظر سے گذرے ہونگے۔ مگر مفصلہ ذیل زیورات جنکے نقشے آپ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ بعض ان میں سے بہت حسن سلوک کے ہیں اور بعض بہ سنہری کلمت کیا ہوا ہے۔ بہت ہی وضعدار ہیں اور خاص ایسی نمونہ کے مطابق تیار کروائے گئے ہیں۔ انکے بچے اور چھوٹے ہونے میں ہرگز تیز نہیں ہو سکتی۔ اعلےٰ درجہ کا جرمن سلور لگایا گیا ہے۔ اور بڑا بڑا مضبوط گلٹ کیا ہے۔ لطف یہ کہ قیمت کسی نیچر کا خانوں سے کم رکھی گئی ہے ✦

بالا سنہری ہر دلعزیز

اسے حسینوں کی ہر ہر ادا پر فریفتہ ہے والے صفحہ یہ بالا جسکی بہار ان مستانی دلربا دیکھ کے دل سے ہو جائے ہوں نے کسی پر جوبن آئے ہیں کہ زیب گلوبند دیکھ رہے بالا اس آب و تاب کی ہے کہ اختیار خریدنے کو جی چاہتا ہے۔ نہایت خوب صورت قابل دید ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے

کوکھڑو کڑے سنہری

کڑے نہری

بالے سادے سنہری

موتیوں کا ہار

چوڑی

گلوبند سنہری جڑاؤ

لچھا

لگنیاں

بالیاں نہری

جھانجھر

جڑاؤ سنہری

جڑاؤ نہری

بندے موتیوں اور فیروزے والے نہایت خوشنما

بندے

چوٹیاں سنہری

ہتھ پھول

بالے

بالیاں

بالے

بالے

بالے

اگر پسند نہ ہو تو ایک ہفتہ کے اندر واپس بھیج کر قیمت منگوا لو

خالص چاندی کے زیورات

مندرجہ ذیل زیورات خالص چاندی کے بہت ضمدار بنے ہوئے ہیں انمیں سے بعض پر سونے کا گلٹ کیا ہوا اور بعض جڑاؤ ہیں۔ ہم دعوے کرتے ہیں کہ ہماری کارخانہ کے تیار شدہ زیورات خالص چاندی کے ہیں

بازو بند

چاندی کے جڑاؤ۔ یہ بازو بند بہت عمدہ بنے ہوئے ہیں۔ خوبصورت سبک اور قابل دید ہیں۔ قیمت فی جوڑ عدد ۱۲

چھوا چھوٹیاں

ہاتھ کی خالص چاندی کی جن پر ہیرے جڑے ہوئے ہیں اور سنہری گلٹ کیا ہوا ہے نہایت خوبصورت

بالی

خالص چاندی کی جڑاؤ جس پر سونے کا نہایت مضبوط گلٹ کیا ہوا ہے

نونگے

جڑاؤ چاندی کے بنے بازو بند جو بہت نہایت خوشنما و ضمدار۔ قابل پسند قیمت فی جوڑ تین روپے چھ آنے

سنہری چمپا کلی

جڑاؤ خالص چاندی کی اعلےٰ درجہ کی خوشنما چمپا سنہری گلٹ کیا ہوا ہے اور فیروزے و نگ نہایت ہی دھوکہ دار جڑے ہوئے ہیں قیمت فی عدد چھ روپے چھ آنے

چوڑیاں

ہاتھ کی ڈائمنڈ کٹ کھسلی چاندی کی جن پر سونے کا گلٹ کیا ہوا ہے نہایت خوبصورت

سنہری

ہاتھ کی چاندی کی نہایت عمدہ سنہری گلٹ کیا ہوا ہے نہایت خوبصورت و سبک قیمت فی عدد

سنہری پتے

جڑاؤ خالص چاندی کے پتے جن پر سنہری گلٹ کیا ہوا ہے۔ قیمت فی جوڑ تین روپے

جگنی خالص چاندی جڑاؤ

سنہری جڑاؤ

سنہری بازو بند یعنی سہ نگے مینا کار خالص چاندی کے

جڑاؤ جن پر سنہری گلٹ کیا ہوا ہے۔ اور بہت ہی خوبصورت ہیں۔ قیمت فی جوڑ ایک روپیہ گیارہ آنے

ہول دلیو کا ہار

اس ہار کی ہول دلیوں میں اسماء الٰہی لکھے ہوئے ہیں بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ زیور کا زیور۔ عورتوں اور بچوں کا پورا محافظ ہے۔

بٹنوں کے سٹ اصلی چاندی کے

جن سٹوں کے نقشے دیئے گئے ہیں قیمت ہر ایک کی علیحدہ ہے خواہ کسی نمبر کے منگائیں جس قسم کے بٹن آپ منگانا چاہیں ہمیں بتا دیں گے تاکہ اسی قسم کا روانہ کیا جاوے۔ قیمت فی سٹ دوروپے

نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴

نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴ — نمبر ۵ — نمبر ۶ — نمبر ۷ — نمبر ۸ — نمبر ۹ — نمبر ۱۰

انگوٹھی خالص چاندی کی جن پر سنہری گلٹ کیا ہوا ہے

انگوٹھی چاندی کی نہایت خوبصورت فی عدد

انگوٹھی چاندی کی نگینہ والی نہایت مضبوط فی عدد

انگوٹھی مینا کار خالص چاندی کی فی عدد

انگوٹھی خالص چاندی کی فی عدد

انگوٹھی خالص چاندی کی فی عدد

انگوٹھی خالص چاندی کی فی عدد

انگوٹھی خالص چاندی کی فی عدد

انگوٹھی خالص چاندی کی فی عدد

انگوٹھی خالص چاندی کی فی عدد

از المشتہر محمد عبید الغفور تاجر کمرشل مینیجر لاہور ہوزری منگ

کپڑے کے سوداگر

رامداس مہرہ اینڈ سنز بازار کاہو

بازار ہٹہ



Little's Oriental Balm.

سخت درد غصب کا پانچ منٹ میں دور ہونا

مسٹر سامویل ہالٹن ساکن موضع ورہام ہلوٹ بروچ کا بیان ہے کہ کئی سال سے میرا سر اور تمام بدن یعنی درد غصب میں مبتلا تھا۔ بہت سے تجربہ کار اطبا نے علاج کئے لیکن کامیاب نہ ہوئے۔ آخر میں کو کہا کہ تیرا مرض لاعلاج ہے میں بھی مایوس ہو گیا۔ لٹل صاحب کا اورینٹل بام مستعمل کرنے کے آگے میں ہفتے تک درد کے باعث شب و روز بیقرار رہتا تھا اور کوئی کام نہ کر سکتا تھا اور سوائے اپنے درد کے کوئی بات سوجھتی نہ تھی۔ لٹل صاحب کے اورینٹل بام کی پرتاثیر کیفیت کے معلوم ہونے سے میں نے اس دوا کا ایک شیشہ خرید کر اس کو کام میں لانے لگا۔ اس کا اثر عجیب و غریب پایا

یعنی جس وقت میں نے اس شیشے کو لیکر روغن اپنی دونوں کنپٹی اور سر کی جانب رگڑنا شروع کیا تب اس سے اس قدر بیتاب تھا کہ وہ کب دفع ہو سو مجھے کچھ خبر نہ ہوئی۔ غرض ۱۰ منٹ کے عرصے میں میرا درد سر جاتا رہا۔ اگرچہ مجھے یہ علاج کرتے اب تین ہفتے گزرے تاہم مرض نے اب تک عود نہیں کیا۔ الحاصل اب میں اپنے تئیں کامل تندرست و صحیح و سالم پاتا ہوں۔

ایسا۔ یہ دوا ہر ایک دواخانے میں فروخت ہوتی ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

لاہور کے ایجنٹ مسرز ای پلومر اینڈ کمپنی ہیں

ضرورت ہے

(۱) ایک مسلمان گریجوایٹ۔ انڈر گریجوایٹ یا ایک زبردست مدرس کی جو انگریزی میں عمدہ لیاقت رکھتا ہو۔ مدرسۃ الاسلام ایکوٹلہ میں مدرس اوّل انگریزی ہونے کے لئے تنخواہ:۔ انڈر گریجوایٹ جو ٹرینڈ نہ ہو ۵۰ ٹرینڈ انڈر گریجوایٹ ۶۰ گریجوایٹ ۸۰ ٹرینڈ گریجوایٹ ۱۰۰۔

(۲) اسی مدرسہ میں ایک مسلمان معلم ریاضی کی جو انگریزی میں مڈل کی جماعتوں کو ریاضی پڑھا سکے۔ انٹرنس یا ایف۔ اے پاس ہو۔ ۴۰ سے ۶۰ تک۔

ان دونوں متذکرہ بالا اسامیوں میں ہیں سند یافتہ کو ترجیح دی جائے گی۔

(۳) ایک ایسے عالم کی بھی جو عربی میں اعلےٰ لیاقت رکھتا ہو۔ یعنی حدیث میں صحاح ستہ اور فقہ میں ہدایہ اور تفسیر میں بیضاوی اور ادب میں حماسہ اور متنبی اور معنی اللبیب الخ امام مالک وغیرہ کتب پڑھا سکے تنخواہ ۱۰۰ سے ۱۵۰ تک

نوٹ بشرطیکہ کوئی گریجوایٹ عربی دان اور دینیات سے واقف دستیاب نہ ہو کہ معلم نمبر ۳ مدرس اعلےٰ یعنی ہیڈ ماسٹر ہوں گے۔

(۴) بموجب نمبر ۱۔ اگر کوئی صاحب ایسے ہوں کہ جو علاوہ گریجوایٹ ہونے کے عربی دان اور دینیات میں کسی قدر حدیث اور قرآن شریف کا ترجمہ عمدہ طور پر جانتے ہوں۔ اور بابند شرع ہوں تو ان کو تنخواہ ۳۰۰ سے ۴۵۰ تک ۵۰ علی التربیب دیے جائیں گے۔ شرائط ملازمت بذریعہ خط و کتابت طے کئے جائیں گے۔ درخواستیں بیع سندات ۱۵- اگست ۱۸۹۸ء تک بتہ ذیل پر آنی چاہئیں:۔

المشتہر

خان صاحب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ و لائف جنرل سکریٹری انجمن مصلح الاخوان مالیر کوٹلہ ضلع لدھیانہ

نئی لمز کی مشکوۃ شریف مترجم و محشی اردو

اہل اسلام کو مژدہ ہو کہ حدیث کی مقبول کتاب یعنی مشکوۃ شریف کا ترجمہ متن السطور تحت لفظ کے حاشیہ پر وہ فوائد صحیحہ مفصلہ طور پر لکھے گئے ہیں جو شروح مشکوۃ میں نایاب ہیں۔ متن خط عربی میں جلی قلم سے باعراب لکھا گیا ہے اور نہایت صحت اور صفائی اور خوشخطی کے ساتھ چار رنگ کر کے مطبع القرآن دہلی میں چھاپی گئی ہے قیمت فی ربع عمدہ کامل کتاب ۱۰ قیمت موجول ڈاک و فیس ۱۰ علیحدہ علیحدہ روپیہ ہے۔ اگر کوئی شخص کامل کتاب چاروں ربع خریدے تو اسکو فی روپیہ ۲ کمیشن دیا جائیگا۔ کتاب نہایت مفید اور قابل دید ہے۔ ہر مسلمان اسکو خرید کر حظ اٹھا سکتا ہے اور دیگر کل قیمتی کتابوں کی فہرست موجود ہے جو صاحب چاہیں دو پیسہ کا ٹکٹ بھیج کر منگا لیں۔

المشتہر ان عبد الغفور و عبد الاول عرف مولوی مالکان مطبع القرآن دہلی۔ مرتب سرمہ غزنوی

گورنمنٹ گزٹ پنجاب مطبوعہ ۳۰ جولائی سنہ ۹۸ء

[ہوم ڈیپارٹمنٹ]

امتحان۔ اسسٹنٹ کمشنری کے آئندہ امتحان مقابلہ کے واسطے ۱۰ اکتوبر ۹۸ء کو شروع ہوگا۔ ۲ اسامیاں خالی ہونگی۔

رخصت۔ مسٹر اے بی کیٹلول قائمقام پولیٹیکل افسر وانا کو ۲ ماہ کی رخصت۔ اور ایکساہ کی خاص رخصت۔ لالہ سنسار چند ڈپٹی قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر نے ۲۱ جولائی سے ۳ ماہ کی رخصت لی۔

تقرر۔ مسٹر اے۔ ڈبلیو مرس اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس پولیٹیکل افسر وانا۔ خل خاں قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر جہلم ۱۱ جولائی کو مسٹر ایف ٹی ٹکن کی جگہ سب ڈویژن سوہاوہ کے انتظام میں تعینات ہو کر قائمقام ڈپٹی کمشنر جہلم ہوئے۔ عطاء اللہ خاں تحصیلدار خان تاج محمد خان قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر تبدیل شدہ کی جگہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر منڈی بہاؤالدین مقرر ہوئے۔ کرامت اللہ خاں تحصیلدار ۲۱ جولائی کو اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر منڈی بہاؤالدین مقرر ہوئے۔

تبدیل۔ مسٹر ٹی ایچ۔ برڈ اسسٹنٹ کمشنر ۱۹ جولائی کو جلاوطن ضلع لاہور کو نشی ہوا رج قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر گورداسپور تک سے حصار کو۔ مسٹر ایس ایس ہیرس بی اے اسسٹنٹ کمشنر ۲۵ جولائی کو فیروزپور سے ضلع راولپنڈی کو۔ لالہ دیوی ڈیکو رسی قائمقام ڈپٹی کمشنر ۲۵ جولائی کو جہلم سے ضلع انبالہ کو تبدیل ہوئے۔

تعیناتی۔ مسٹر اے منگے اسسٹنٹ کمشنر ضلع ہوشیارپور نے چھوڑنے پر ۳۰ جولائی کو دہلی میں مسٹر سی۔ ڈبلیو گلسٹن اسسٹنٹ کمشنر ہوشیارپور کا اہتمام چھوڑنے پر ضلع سیالکوٹ میں تعینات ہوئے۔

اخلاف۔ مسٹر ایم ایس۔ ٹوی بٹلر اسسٹنٹ کمشنر ضلع گورداسپور کا اہتمام چھوڑنے پر ۲۹ جولائی کو سول سکرٹریٹ شملہ میں سپیشل ڈیوٹی پر تعینات ہوئے۔ مولوی انعام علی صاحب اے قائمقام ڈپٹی کمشنر نظر گڑھ مع اپنے اصلی فرائض کے قائمقام ڈپٹی کمشنر ضلع ہوشیارپور جن مسلح متوفی کی جگہ بندوبست میں مسٹر ہیگ مکڈونلڈ کے اہتمام سے سبکدوش ہو کر ۲۲ جولائی کو ہیئت ڈپٹی کمشنر گورداسپور۔ لالہ دیوید یال قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر رخصت سے واپس آنے پر ضلع فیروزپور کی جگہ ملتان میں تعینات ہوئے۔

[سررشتہ تعلیم]

تقرر۔ لالہ امر ناتھ سنگھ ایم اے اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس لاہور سرکل۔ مع اپنے معمولی فرائض کے قائمقام ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم بھی ہوئے۔

[چیف کورٹ]

اعلان۔ چیف کورٹ پنجاب نے مہتہ بہادر چند ایم اے۔ ایل ایل بی۔ خلف مہتہ منصدی مل کو پلیڈر درجہ اول درج رجسٹر فرمایا۔

رخصت۔ لالہ دوبی چند منصف بھکر ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں نے ۲۰ جولائی سے ایک ماہ کی رخصت لی۔ نفی خدا بخش منصف شدہ امیدوار اختیارات منصف درجہ دوم انہی کی جگہ مقرر ہوئے۔

[محکمہ صاحب فنانشل کمشنر]

رخصت۔ حافظ غلام رسول قائمقام سپرنٹنڈنٹ تحصیلدار ڈیرہ غازیخاں کو ۲۶ مئی سے ۲ ماہ کی رخصت ملی۔ محمد ظفر خاں جمعدار سرحدی ملتری پولیس ان کی جگہ مامور ہوئے۔

باوا دھنگہ سنگھ تحصیلدار رجیہ کو ۲ ماہ کی توسیع رخصت دی گئی تھی سوہ ۹ مئی سے میڈیکل سارٹیفکیٹ پر رخصت میں تبدیل کی گئی۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

حضور سکرٹری آف سٹیٹ ہند گورنمنٹ ہند کی توجہ اس ملک میں کارٹرائٹ تیار کرنے کی اجازت دینے والے ہیں جس کے واسطے فیکٹریاں کھولی جائینگی۔

آئندہ حضور وائسرائے کی کونسل کے ممبروں کو بجائے ۶۴۰۰ روپے کے ۶۶۶۶ اور بمبئی و مدراس کی کونسلوں کے ممبروں کو بجائے ۵۲۲۰ روپے کے ۴۴۴۴ ماہوار ملا کرینگے۔

۲۰ تاریخ کو بنک بنگال کا سو سالہ جشن صدی۔ بنک بمبئی کا دو صدی اور بنک انگلستان کا ۲ نیصدی ہوا۔

امسال ڈوبیٹی کی دو ڈیٹیاں مس ایلی اور مس مارگریٹ گپتا نے امتحان بی اے کی سند حاصل کی۔ اور اگلے سال فلسفہ میں ایم۔ اے کی تیاری کر رہی ہیں۔

سر اکسلینس لارڈ سینڈہرسٹ گھوڑدوڑ دیکھنے کے واسطے بگام جا پہنچے۔ ۲۳ ماہ آئندہ کو شروع ہوگی۔

۲۱ تاریخ کو کلکتہ میں چاندی کے قریب ۱۲ ہزار گھٹے۔

پچھلے ہفتہ مدراس میں اموات کا اوسط ۱۳۰۰ اور بمبئی میں ۲۱۸۴۵ آدمی تھے۔

ہز ہائینس مہاراجہ آدھیہ مہاراجا صاحب بہادر جو مہاراجہ صاحب مرحوم دھار کے نیشر ہستبنی ہیں ۹ تاریخ کو گدی نشین ہوئے۔

لارڈ لینسڈون کا ۲۰ تاریخ کو کلکتہ میں لارڈ رابرٹس کے بت کے مواجہ میں کھڑا کیا جانا ماہ ستمبر کے اخیر میں کلکتہ پہنچیگا۔ اور حضور وائسرائے اس کو کھولیں گے۔

میونسپل حساب ریوبند کے کئی ملازم دھوکا دہی کے سلسلے میں معطل کئے گئے ہیں۔ صاحب کلکٹر سہارنپور اور اگزامینر آف اکونٹس کتب کی پڑتال کر رہے ہیں۔

ضلع کوئمبتور میں کنگایام کے قریب ایک شخص سے چند گھنٹے کے اندر ۹۰ آدمی ہلاک کئے۔

ہز ہائینس نواب صاحب رام پور نے میونسپل فنڈ کے واسطے ۱۰ ہزار روپیہ عطا فرمایا۔ اور ہر سال بجٹ میں ایک سو روپیہ کا دینا منظور کیا۔

ٹرچناپلی میں ہاکر شاہ نامی مشہور قاتل کے گرفتار ہونے کی خبر غلط ثابت ہوئی ہے۔

ضلع ناسک کے تین شخص ایک مشورہ قتل کر گرفتار کرانے کے بہانے سے ۳ روز تھانے میں رہ کر چار سو کی رائفلیں چرا کر چمپت ہوئے۔

صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے تجویز کی ہے کہ آئندہ بوقت جنگ ملک کی فوج کو بجائے برٹش انڈین کے دیسی انفنٹری سے کمک بہم پہنچائی جایا کرے۔

ایکٹ دفعل رعیا در سطی صوبجات ماہ آئندہ میں اجلاس کونسل سے منظور ہو جائیگا۔

ہز آنریبل سٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی گزشتہ منگل کو اپنا دورہ ختم کر کے واردنینی تال ہوئے۔

افواج افزیتہ کی سکندرہ سے واسطے فرح ہمسہ سے ماہ اکتوبر میں جائینگی۔

ایک انگریز نے میونسپلٹی منگلور پر سڑکوں کی خرابی کے بابت ڈاک کارڈ کو صدمہ پہنچنے کی بابت ہرجے کا دعوی دائر کیا ہے۔

مسٹر سی دے۔ سوداگر سکندرآباد سنگاپور پہنچے

STEARNS' KOLAVIN

سٹیرنس صاحب کا کولاوئین

یہ دوائی تازہ کولایٹ سے تیار کیجاتی ہے اسطرح کہ اس نٹ کے تمام قیمتی جوہر اسمیں آجاتے ہیں۔ مکمل طبقا کولاوین کو جسمانی اور دلی ضعف کمزوری اعصاب اور ہر قسم کی عام خفیف بیماریوں کیواسطے بطور قیمتی علاج کے سفارش کرتے ہیں۔ اسکو سوفت استعمال کرنا چاہیے جسکا طور اک نہ مضمر ہوئی ہو کیونکہ یہ مادہ کو بہت تقویت دیتا ہے اور ہر قسم کی خشکی یا شیار کی بدہضمی کو دور کرتا ہے۔ ہر شیشہ میں ۱۰۰ گولیاں ہوتی ہیں اور ہر شیشہ کی قیمت ۱ روپیہ ہے۔ یہ دوا ہر دوکان پر دستیاب ہو سکتی ہے۔

گیا ہے۔ بعض قرضخواہ اس کی گرفتاری کے واسطے وارنٹ جاری کرانا چاہتے ہیں۔

صاحب سشن جج علی پور نے بنگلور کے مقدمہ دیلوے میں ایک ملزم کو ۲ سال اور ۲ کو ۳-۳ سال قید کی سزا دی۔

میونسپل بورڈ لوہ کے ممبروں کی تعداد بڑھ کر ۱۲ کی گئی نئے ممبر گورنمنٹ نامزد کرے گی۔

پچھلے دنوں بحر الکاہل کے ۱۸ جزائر برٹش سلطنت کے ساتھ شامل کئے گئے۔ یہ مجمع الجزائر گوڈف اور سنٹا کروز سالون کے مشرق میں واقع ہے۔

سر جارلس لائل سی۔ آئی۔ ای۔ کے سی۔ ایس آئی ۱۰ اگست کو مع عیال و اطفال رخصت فرمائے لنڈن ہوئے۔

انگلستان میں ہند کے واسطے ایک ہی گیس کمپنی بھاری سرمایہ سے قائم کی گئی ہے۔ یہ خلیج بنگالہ میں کاروائی شروع کریگی۔

۹۹-۱۸۹۸ء میں ایک کروڑ ۶۰ لاکھ پونڈ ہند سے ولایت بھیجے تھے۔ جن میں سے یکم اپریل سے ۱۶ مئی تک ۲۲۱۸۰۰۰ پونڈ جا چکے ہیں۔

مسٹر ٹی۔ ایل۔ گپتا۔ جو مسٹر جسٹس گھوس کی جگہ جج ہائی کورٹ رہ چکے ہیں۔ اب سشن جج ڈسٹرکٹ جج مقرر ہوئے ہیں۔

عدالت سشن کراچی نے مسٹر مرنی کے قاتل جواہر سنگھ کی نسبت پھانسی کا حکم صادر کیا۔

کرنسی کمیشن بہت جلد توڑا جائیگا۔ اور جو شہادتیں قلمبند کی گئی ہیں۔ شائع کیجائیں گی۔

اگلے دن جہاز خانہ بمبئی میں بجائے ۳ ہزار کے صرف ۶۰ قلی کام کرتے ہوئے دکھائی دئے۔ جو غلہ کی روانگی میں کمی واقع ہونے کا ثبوت ہے۔

مسٹر نسبٹ کنسرویٹر جنگلات لاہور من سرکل بہاولپور ۱۶ ماہ کی رخصت پر جاتے ہیں۔

حضور لفٹنٹ گورنر بنگال نے دربار ڈھاکہ میں نواب سر احسن اللہ خاں بہادر کے سی۔ آئی۔ ای کا خطاب دیا۔

گزشتہ جنوری میں ستاروگا کے مندر سے ایک لاکھ روپے کا مال نقصان ہونے کے شبہ میں جو چھ چٹھیار گرفتار ہوئے تھے۔ ان کی شناخت ہو گئی ہے لہذا وہ دیگر ملزموں کے ساتھ بلگام میں زیر مقدمہ ہونگے۔

نگلہ کے ہیروں کی کانوں سے ایک دیہاتی کو ایک ہزار فیروزہ دستیاب ہوا۔ جو اس نے ایک جوہری کے پاس برائے نام قیمت پر فروخت کر دیا۔ اب یہ لکھنؤ کے ایک جوہری کے پاس ہے جس کا وزن ۲۳ ماشہ اور قیمت ۲۰ ہزار روپیہ ہے

بمبئی سے خبر آئی ہے کہ گجرات میں لگاتار بارشوں نے بمبئی بڑودہ اور سنٹرل انڈیا ریلوے کی آمد و رفت روک دی ہے۔

کچھار کے ایک پیغام تار سے واضح ہوا ہے کہ مسٹر والڈی کے ۳ قاتلوں کی نسبت علی الترتیب پھانسی، ۷ سال اور ۲ سال قید کی سزا ہوئی۔

بمبئی میں یکم تا ۱۶ تاریخ ۱۶۷ آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے۔ ۱۰۱ مرے۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

۱۰ اجرمیں امن سے تصفیہ ہونے کی توقع ہے۔ ۳۰ تاریخ تک مطلق کوئی لڑائی نہیں ہوئی۔ خان نواگائی تا حال اتحاد کی طرف مائل ہے۔

شملہ میں سپرنمبر کجسلیٹو کونسل کا آئندہ اجلاس ۲۲ ماہ حال کو ہوگا۔ جس میں غالباً مویشیوں کی حفاظت کا مسودہ پاس کیا جائیگا۔

کوہ مری کی آب و ہوا بہت ناقص ہو گئی ہے۔ حتی کہ یہ گرم اور مرطوب کرنے والی ہے۔

پنجاب میں طاعون پھر نمودار ہوا ہے۔ ۲۲ جولائی کو موضع آدار ضلع جالندھر میں ۴ نئے کیس ہوئے۔ یہ مقام شملہ سے ۶۰ میل دور ہے جب پہلے اس موذی وبا کا اثر موضع میں دورہ ہوا تھا۔ اس کے تمام باشندوں کو کیمپ میں رکھنا ضروری خیال نہیں کیا گیا تھا۔

ہز اکسیلنسی حضور وائسرائے کے سرمائی دورہ کی نسبت شملہ میں مختلف افواہیں اڑ رہی ہیں۔ جن میں سے زیادہ تر قرین قیاس یہ ہے کہ حضور مورخ یکم اکتوبر کو شملہ سے چلینگے۔ اور ان کی عدم موجودگی میں سر جیمس ولیٹلینڈ کونسل کے پریسیڈنٹ ہونگے۔ مگر تا حال سرکاری طور پر کوئی امر پختہ قرار نہیں پایا۔

سنڈیکیٹ نے رندھیر کالج کپورتھلہ کو زیر قاعدہ ۱۰ وظائف عطا کرنے کی نسبت امتحان انٹرمیڈیٹ تک اپنے ساتھ شامل کر لیا ہے۔

وسطی صوبجات سے جو یتیم بچے پنجاب میں لائے گئے ہیں۔ لاہور اور امرتسر میں قالین کے کارخانوں میں کام پر لگائے گئے ہیں۔ جہاں ان کو معقول اجرت ملتی ہے۔

پالمپور میں رات دن بارشیں ہو رہی ہیں۔ گزشتہ جمعہ کی رات کو سخت بارش ہوئی۔ جس کی اوسط ۹ انچ تھی پالمپور اور جیناتھ کے مابین آواگاہل پر گیا ہے۔ لہذا ڈاک دیر میں پہنچتی ہے۔

۲۸ جولائی کو گورنمنٹ سنٹرل ماڈل سکول کے کامیاب طلبا کو انعام تقسیم کیا گیا۔ مسٹر ایچ۔ ای۔ نولٹن اس جلسے کے صدر نشین تھے۔

تیسری سہ ماہی کی سول لسٹ کو دیکھنے سے معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ نے اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنروں کی اسامیاں پر کرنے میں تامل کیا ہے۔ اس وقت ایسے ۸ عہدے ہیں۔ جن میں سے دو اکتوبر ۹۸ء سے پر نہیں ہوئے۔

لفٹنٹ کرنل اسلم خاں نے عہدہ پریسیڈنسی افسر خیبر کا اہتمام ڈاکٹر ڈاملڈ کو دے دیا۔

مسٹر فشر چیف سکرٹری گورنمنٹ پنجاب سال رواں کے اخیر میں رخصت سے واپس آکر اپنے عہدہ کا چارج لینگے۔ اور آنریبل ایل۔ ڈبلیو ڈین سبکدوش ہو کر رخصت پر جائینگے۔

سردار محمد اسمٰعیل خاں ایجنٹ ہیر صاحب کابل شملہ کو جاتے ہوئے چند روز لاہور میں قیام فرما رہے۔

کشمیر میں برسات شروع ہو گیا ہے۔ دریائے جہلم بہت طغیانی پر ہے۔

نارتھ ویسٹرن ریلوے متھری اور ہیلی پٹ کے مابین بارشوں سے ٹوٹ گئی تھی۔ مگر اب چین بار کر دی گئی ہے۔

خان بہادر خان نواگائی کے آدمیوں کے مابین باہم میں سخت معرکہ ہوا۔ مگر مسٹر ڈین یان کی مصالحت کرانے میں مصروف اور ساعی ہیں۔

مسٹر ولبر فورس اسسٹنٹ کمشنر شملہ لفٹنٹ بیڈن کی جگہ کسولی کو تبدیل ہوئے۔

سر جدپال اور پرزکا خیل اور شنواری موضع سالگرہ کے مویشیوں کا ایک بڑا حصہ لے گئے تھے۔ مگر ملک یار محمد خان رئیس ملک دین خیل نے واپس لے لیا۔

۳½ فی صدی سود کے ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے کے قرضے کے واسطے درخواستیں ۲۴۔ اگست کو کھولی جائینگی اس کی بابت پرامیسری نوٹ یکم اگست سنہ ۹۹ء کے بعد واجب الادا ہوں گے۔

سر جن کرنل ڈی۔ ایس۔ سی رے انسپکٹر جنرل ہسپتالات ۱۰ اگست کو ماہ کی رخصت فرلو پر جاتے ہیں۔ سر جن کرنل ان سٹیفن ان کی جگہ کام کرینگے۔

میونسپلٹی شملہ نے فیصلہ کیا ہے کہ انتظامات بند روک کے ساتھ روزانہ آبرسانی سرکاری استعمال کے واسطے..... گیلن اور ۵ ہزار آبادی کے واسطے ۴ لاکھ گیلن ہوگی سر کے خرچ کا تخمینہ ۱۰ لاکھ روپے کیا گیا ہے۔

۲۸ تاریخ کو راجہ صاحب جیند شملہ سے رخصت پر ریاست ہوئے۔

لفٹنٹ کرنل پیروٹ آر سای جن کو چترال میں واسطے مکان تعمیر کرنے کا کام سپرد ہوا ہے۔ عنقریب شملہ میں گورنمنٹ کے ساتھ اس بارے میں مشورہ کریگا۔

سڑک لداخ کو ترقی دیجارہی ہے۔ اس کے بعض تعمیر ہو رہے ہیں۔

صاحب ڈیوٹینٹ کشمیر گلگت سے مراجعت فرمائے سرینگر ہوئے۔

گزشتہ اگست میں مسٹر بارنس نے کوہستان میں جن سرداروں کو گرفتار کیا تھا ان میں سے ایک کابل کو بھاگ گیا اس کا نام یار محمد ہے اور سارا دان ہو پستان میں گرفتار کیا گیا۔

پنجاب میں بصدارت حضور لفٹنٹ گورنر ایک کمیٹی زمینداروں کی زیبداری کے سوال پر غور کر رہی ہے۔

اب ٹریبونل لاہور کسی دن کی اجلاس سے بند ہو گا۔ اسکے بعض حصے جو کام نہیں آتے۔ اٹھانے کا حکم ہوا۔

ملا ہاڈا ٹھگ کہ ہند ملک میں ایک مدت کی بعد میں بیٹھ گیا ہے سکا مست بالائی سوات میں ہے۔

رسالدار کاشی ناتھ متعلقہ دفتر ملٹری اکاؤنٹس کے افسر مقرر ہوئے ہیں۔ جو زیر نگرانی آنریبل سر مکنزی کی حفاظت پر مامور ہے۔

میجر آر۔ جی۔ ایجرٹن پرائیویٹ سکرٹری گورنر آجکل رخصت پر ہیں۔

غریب خانہ لاہور میں جو چند نابالغ لڑکے رہتے ہیں

ممالک غیر

سفیر کارٹینی سفیر بارقند جو رخصت پر ولایت جاتے ہوئے ہندوستان سے سفر کریں گے۔

ہسپانیہ اور مراکو کے مابین شرائط صلح تجویز ہو رہی ہیں۔

مراکو کے تصفیہ کے واسطے کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔

فرانس کی افواج فلوریڈا میں سخت وبائی تپ پھیل گیا ہے۔

شہنشاہ جرمنی پرنس بسمارک وفات سے سخت متفکر ہیں۔

فرانس کے غدار زولا کا ناروے بھاگ جانا غلط ثابت ہوا ہے۔

پرنس آف ویلز مع اخبار وارد کوپنہاگن ہوئے۔ جہاں ان کی ملاقات کے واسطے آئے۔

ہالی ناگپور میں ٹرائبسی مہم کا کمانڈنگ افسر مع انچارج کے ہلاک کیا گیا۔ یہ حادثہ ناگپور اور چاڑکا بین ہوا۔

مدرسہ سرائیلیہ واقع وائٹ شائن (انگلستان) دنیا کا سب سے بڑا ہے۔ اس میں ۲۵۰۰ طلبا اسوقت موجود ہیں۔

قلعہ جبرالٹر دنیا میں سب سے بڑا ہے۔ اسکی بلندی ۱۴۰۰ قدم اور تمام و کمال پتھر کا بنا ہوا ہے۔ اس کے دامن میں بڑے بڑے مورچوں میں توپیں ہیں۔

مسز رات نزیل کو کرنیلی کا خطاب ملا ہوا ہے۔ ملکہ انگلستان۔ ملکہ جرمنی۔ فریڈرک سوم کی بیوی۔ شاہزادی فریڈرک چارلس۔ ملکہ صوفیا۔ ملکہ الیگزینڈ۔ ڈچز کونٹ۔ ڈچز ایڈنبرا۔

شہنشاہ روس کی ہمشیرہ۔

شکاگو میں ایک شخص کے دل کی دھڑک چند قدموں کے فاصلے سے سنائی دیتی ہے۔ فوٹوگرافی کے نئے طریق پر اس کی تصویر لی گئی ہے۔

آئرش نیشنل کونونشن کا سودہ تیسری دفعہ ہوس آف لارڈز میں پاس ہو کر منظور ہوا۔

لنڈن میں ہیمس انگریز نے جرمن سفارت کے سکرٹری کو ہلاک کیا تھا۔ اس کو جوری نے پاگل قرار دیا ہے۔

شاہ سین جو خسرے میں مبتلا تھے اب صحتیاب ہو رہے ہیں۔

شہنشاہ جرمنی نے سیاہ عقاب کا تمغہ جس میں ہیرے لگے ہوئے ہیں۔ شہنشاہ چین کو دیا ہے۔

میجر مارٹن نے ایک زبردست ہندوستانی فوج کے ساتھ دریائے نیل عبور کر کے نوبیا کے ۴ سو باغیوں پر حملہ کیا۔ لفٹننٹ گیج مجروح ہوا اور ۴۲ ہندوستانی مجروح و مقتول ہوئے۔

جنگ یونان کے تاوان کی آخری قسط ہیرس میں ادا ہو گئی ہے۔

بنگال کی شاخ لنڈن و پیرس میں ادا ہو گئی ہے۔

چینی شاہی افواج کے ۱۵۰۰ آدمی وچاہ کے پاس باغیوں کے مقابلے پر کام آئے۔

افواج کیوبا میں تپ پھیل گیا ہے۔

مسلمان جو روس اور امریکا سے ترک الوطن ہو کر روم میں آباد ہونا چاہتے ہیں۔ وارد قسطنطنیہ ہوئے۔

فرانس کی آئندہ سالانہ مہنگی قواعد میں ایک روسی افسر گورنمنٹ عثمانیہ کی طرف سے شامل ہوگا۔

گریٹ کے یتیم بچے قسطنطنیہ پہنچے۔ ان میں سے ۱۷ اصیبہ جنگ کے کارخانے میں داخل کئے گئے۔

ہز رائل ہائینس پرنس وکٹوریہ آف ویلز ایک پرنس نو بلیمن کے ساتھ منسوب ہونے والی ہیں۔

مسز اینی بیسنٹ آجکل لنڈن میں ہے اور ماہ اکتوبر میں ہند کو لوٹے گی۔

پچھلے دنوں ولایت میں ایک ایسی مشین ایجاد ہوئی ہے۔ جو دس گھنٹے میں پوسٹل کارڈ کے..... ٹکٹے شمار کرتی اور باندھتی ہے۔

Chamberlain's Pain Balm

چیمبرلین پین بام

(چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد۔ امریکہ میں بنائی ہوئی)

تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کے فوراً دفع کر دینے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ۔ کمر۔ اعصاب۔ سیاٹکا۔ اعصاب اور ورم کے لئے مفید ہے۔ زخم۔ چوٹ۔ جلے ہوئے مقامات بھی اچھے ہو جاتے ہیں۔ دردسر۔ دردِ دندان اور دردِ گوش کے لئے بھی نافع ہے۔ درد پہلو اور دردِ پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔ قیمت چھوٹی بوتل ۱۴ بڑی بوتل ۲۸

لاہور میں شیخ نصیر الدین اینڈ سنز تاجران پنجاب میڈیکل ہال اور امرتسر میں میاں فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے مل سکتی ہے

مہاجنی کمرشل کارڈ

ہمارے احباب ہر ایک شہر و قصبہ میں ہمارے نمونہ کے موافق کارڈ تیار کرا سکتے ہیں۔ مثلاً پارچات بنارسی۔ سلک سلاطے۔ زیرے۔ پشمینہ۔ لوئی۔ عطریات۔ تیل۔ چٹی دوری وغیرہ۔ ادویات دیسی انگریزی۔ مرہم۔ عمدہ عطریات۔ تیل ہر قسم تیار شدہ جو پور۔ رچیپو وغیرہ۔ کہتھا ہی فانوسی۔ نیلسی۔ ریشم۔ ناول ہر قسم و ہر زبان شائع ہیں۔ بلاک وچیک گڑیاں۔ ہر قسم کاغذ۔ جراب دیسی انگریزی۔ سیاہی و دیگر اشیا متعلق دکان۔ بساطی۔ کارڈ ٹائر۔ سامان کرکٹ و ٹینس و بیڈمنٹن۔ خریدار کو روزمرہ استعمال کی ہر ایک چیز ملے گی۔ ہمارے ہیڈ منیجر پنجاب کمرشل بورڈ ہاؤس

لوخیار و سودا کی بادی ہے قیمت فی شیشی ۱۲ روپیہ فرما کر ہر غرض کا نفع جب تحریر بائے۔ بلا پیشگی قیمت بہت مدت ہے نوٹ لاوے گی ہوگی۔ محصول ڈاک ہماری ذمہ ہے۔ فقط والسلام خدا سبز و شاداب رکھے۔ ۱۲ دسمبر ۱۸۹۲ء

خون کا کیڑا۔ اگر صفحہ کے آبلے کھٹا بہت جلد دور کرتا ہے۔ سفید مثل سیسہ ہر گھتا ہے۔ سرخی نہیں جمتی۔ دوا زدہ ماہی مصنوعی ہے تو لتے ہوئے کہ ہات بشرطیکہ جڑیں نہ چھوڑ دی ہوں۔ مصنوعی ہو جاوے جیتے اور سازندگی نہ انگریز کے بہت دا سطے استعمال ایک سال ایک روپیہ آٹھ آنے۔

حکم خدا بسی آنکھوں کی سرخی۔ دھندلا پن۔ دھلکہ۔ درد۔ ورم اور خارش دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی صفائی کے واسطے مفید۔ روزانہ استعمال ہے عینک کی حاجت نہ رہیگی ایسے ساتھ ایک دفعہ فقیر آزمودہ بھی جاوے گی۔ دکھتی ہوئی آنکھ دستار ہلکی نیلی کی دوا سے بھی جاوے گی۔ دا سطے استعمال ایک سال ۱۲ روپیہ۔

حکم خدا بالوں کو لگانے لگانے سے سرخ یا سیاہ جیسا چاہو کر دیتا ہے۔ حاجت دھونے باندھنے کی نہیں ۱۲ ماہ کے واسطے قیمت ۱۲ روپیہ۔ اندیشہ جلد بالکل نہیں۔

حکم خدا دانوں مؤذی آرام ہوتی ہے۔ اگر ہی وجہ سے ہاتھ میں فرق آگیا ہو وہ بھی دور ہوگا۔ قیمت فی شیشی ۱۲ روپیہ۔

المشتہر منشی غلام خاں مدرس سرائیکی انگریزی گنج نیلہ ہیڈ

عجیب و غریب ناول

مصنفہ قاضی محمد سرفراز حسین صاحب غزنوی علوی سعید۔ یعنی ایک نوجوان مسلمان کا فضل نفس سرشار میں شریک ہونے اور طوائف کے مکان پر جانے سے تب ہدایت پھر اصل و سعادت۔ یعنی چند شریف زادوں اور ایک مسلمان طوائف کا راہ راست پر آنا۔ قیمت مع محصول ڈاک ۱۲ روپیہ

شاہد رعنا۔ یعنی دہلی کی ایک مسلمان نائکہ طوائف کی انجمن قلم سے کھنچی ہوئی سوانح عمری۔ دلچسپ۔ خصوصاً بعض دلکش مناظر اور انجام قیمت فی جلد مع محصول ڈاک ۱۲ روپیہ

المشتہر رحمت خاں اینڈ سنز سوداگران یونی مال

محصول اکسیر سیماب کا گٹھہ

جس صاحب کے شیر موافق مزاج نہ ہوگا موافق آجائیگا۔ قوت کو بڑھانیوالا..... کو گاڑھا کرنے میں بے نظیر ہے۔ اور اس کی قوت زائل ہونے کا راز ہمراہ بتلا دیا جائیگا۔ ہمارا سرٹیفکیٹ ایک گولی یا رکی قیمتی عمدہ ارسال کرکے مشکور فرمائیں۔ مارہ مقدر بکار نہ ہو بیعانہ آپ لے لالہ دولکا پرشاد۔ بعد فانوگر کو بھیجا ہے۔ بالفرض نایاب تحصیلدار پھاٹک حبش گنج لاہور ۱۲ اپریل ۱۸۹۲ء عمدہ منصفانہ۔ عرق اہل قسم کا جو شربت مارہ منت میں مفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ مالک شکایتی ہے۔ ۱۲ دانہ ملتا کا فی ہے۔ بلا نقص قیمت ۱۲ روپیہ۔ چند قطرہ عشر آب کی دکان سے منصفانہ مشکر اگر ایک دوست کو دیا تھا۔ آپ کو شکر گزار ہے۔ بہت عمدہ صاف ہے۔ ایک شیشی ہی اہل ہوا۔ کہ ہر ہفتہ ۱۲ بوتل بہت مفید ہے۔ خاکسار دیان دولت رام مالک مہاجنی کمرشل بورڈ ہاؤس

خالص چاندی و نیکل کے قابل دید سنہری زیورات

نظیر شاید مشکل ملیگی۔ جس کا فائدہ نسلاً بعد نسلاً اور بطناً بعد بطناً سینکڑوں برس تک جاری رہے۔ سب سے بڑی وجہ اس فیاضی پر مسلمانوں کو مشکور ہونے کی یہ ہے کہ نہ صرف ہز ہائینس ممدوح نے ایک گراں قدر عطیہ سے قوم کی اور فرمائی بلکہ آئندہ کے لئے ایک نمونہ نظیر قائم کردی۔ لاہور میں جب ڈیپوٹیشن آنے لگا ہے تو لینے لکھا تھا کہ لاہور والوں کو یہ امر مدنظر رکھنا چاہیے کہ پہلے پہل ڈیپوٹیشن اُن کے ہاں آتا ہے اور جو سلوک وہ اُس کے ساتھ کرینگے وہ بطور مثال دوسرے شہروں کے روبرو پیش کیا جائیگا۔ بعینہٖ یہی حالت رام پور کی ہے۔ ڈیپوٹیشن کو ابھی کئی اسلامی ریاستوں میں جانا ہے اور جو اعلیٰ نظیر نواب صاحب رام پور بالفعل نے قائم کی ہے اُس کے دیکھتے ہوئے اب بہت کچھ اُمید بندھ گئی ہے سچ تو یہ ہے کہ اب تک دس لاکھ روپیہ یونیورسٹی کے لئے جمع ہونے میں خدشہ ہی تھا۔ لیکن ہز ہائینس ممدوح کے دو ہزار والے عطیہ اور ماہواری گرانٹ کے اضافہ نے ڈھارس بندھادی۔

فیروزپور کے حکیم چراغ الدین صاحب جوہر نے ایک پاکٹ کیس ادویہ کا تیار کیا ہے جسے جیب میں رکھ سکتے ہیں۔ اس میں مختلف ادویہ کی شیشیاں اور دو پڑیاں ہیں جو اکثر امراض روزمرہ کے لئے مفید ثابت ہوگی۔ پاکٹ کیس کی دو تین شیشیاں میں نے اپنے تجربہ میں بھی لائیں اور مجھے یہ کہنے میں تامل نہیں ہے کہ اُن کی تعریف میں مبالغہ یا غلط بیانی سے کام نہیں لیا گیا۔ جن لوگوں کو اکثر سفر کا اتفاق ہوتا ہے یا جو ایسے علاقوں میں رہتے ہیں جہاں بروقت حکیم اور ڈاکٹر میسر نہیں آسکتا وہ اس پاکٹ کیس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

مسئلہ سکہ کے متعلق جو کمیشن مقرر کی گئی ہے اُسکے اجلاس برابر لاہور میں منعقد ہو رہے ہیں مگر ہندوستانی تو درکنار ہے انگریزی پبلک کو بھی اُس کی کارروائی پر کوئی اطلاع نہیں ہوتی۔ قبل از انعقاد کمیشن صاحب وزیر ہند سے استدعا کی گئی تھی کہ کمیشن کے اجلاس پبلک کے جائیں اور اخبارات کے قائم مقاموں کو کارروائی دیکھنے کا موقع دیا جائے۔ اگر درخواست منظور ہو جاتی تو پبلک کا اشتیاق بہار پورا ہوتا رہتا۔ اور پریس کے ذریعے سے کمیشن کو وقتاً فوقتاً مناسب مشورہ بہم پہنچتا۔ اب ایک تاریکی چھائی ہوئی ہے جس نے لوگوں کو تذبذب میں ڈال رکھا۔

سرحد یار سے خبر آئی ہے جو بقول اخبار پایونیر غالباً صحیح ہوگی کہ نواب دیر نے دریائے پنجکورہ کے اوپر سے سوات میں کچھ فوج بھیجی ہے۔ اگرچہ ابھی تک روانگی سیاہ کا منشا نہیں بتایا گیا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ نواب ریاست وقت باجوڑیوں کو خاطر میں نہ لاکر اپنا سابقہ انتقام لینا چاہتا ہے۔ اندیشہ ہے کہ کہیں اس میں کسی ناکامی نہو اور وہ ناکامی پھر شاہراہ مالاکنڈ کے کھلا رکھنے میں ہرج نہ ڈالے کیونکہ باجوری زبردست ہیں۔ اور گو اس وقت باہم لڑ رہے ہوں لیکن بیرونی غنیم کے مقابلے میں مل جائینگے۔

کل نواب دیر کی طرف سے جو فوج بجانب وادی جندول روانہ کیے جانے کا حال لکھا گیا تھا اُسکی بابت آوز کوئی خبر ہنوز موصول نہیں ہوئی۔ نواب صاحب سے در اصل ایک سخت غلطی ہوئی ہے جس کا خمیازہ خدا کرے اُنہی تک محدود رہے۔ میجر ٹوین صاحب پولیٹیکل ایجنٹ سوات وباجور وغیرہ نے اُنہیں متنبہ کردیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو تہلکے میں ڈال رہے ہیں۔ اور اگر کوئی ایسی ویسی بات ہوگئی تو اُن کی خاطر گورنمنٹ انگلشیہ ایک سرحدی مہم کے لئے تیار نہیں ہے کہ شاہراہ مالاکنڈ جس کے کھلا رکھنے کا وظیفہ اُن کو دیا جاتا ہے۔ اگر بند ہو گئی تو اُن سے اُلٹا مواخذہ کیا جائیگا۔ میجر صاحب نے دراصل یہ جتا دینے میں کمال عقلمندی سے کام لیا ہے جس سے اُمید ہے کہ نواب صاحب کے حواس بھی بر جا آگئے ہونگے۔

ہملم کا سراج الاخبار اپنے نوکل میں لکھتا ہے کہ "ان دنوں کراچی کے سیٹھ ایشر داس دھرم چند نے جو دھوتیاں تیار کرا کے فروخت کرنی شروع کی ہیں۔ اُنپر ہاتھی کی شکل کا ایسا مارکہ منقوش ہے جس میں خادِ ھلیتا الی آخرہ لکھا طرفہ امر قوم ہے۔ یہ دھوتیاں سیالکوٹ کے بنارسیوں کے ہاں تیار پائی گئی ہیں۔ جہاں کے اہل اسلام نے اس سنسکرت کلمہ کو دیکھ کر کے اس بات پر کمر باندھ لی ہے کہ دھوتیوں پر یہ مارک چسپاں کرا لیا جائے۔ محضر تیار ہو رہے ہیں جو گورنمنٹ کو بھیجے جائینگے۔ سیٹھ ایشر داس صاحب نے اگر واقعی ایسی دھوتیاں تیار کرائی ہیں تو سخت افسوس ہے کہ انہوں نے اپنے ہم وطن مسلمانوں کے مذہبی فیلنگ کا بھی پاس نہ کیا۔ اور اگر نادانستگی میں اُن سے یہ حرکت ہوئی ہے تو انہیں چاہیئے کہ معاملہ گورنمنٹ تک پہنچنے سے پہلے ہی وہ مسلمانوں کی تشفی کردیں۔

مسیحا بغل

کان حکمت یا ہے یہ کوزے میں دریا بند کیا ہے یا پاکٹ کیس یا ہے یہ مسیحا در بغل

اس نہایت خوبصورت پاکٹ کیس میں بھی ہمارے حکیم صاحب موصوف نے متفرق پچاس امراض کی نہایت مجرب اور پُر تاثیر ادویات جو تجربہ و سند کے لئے کفایت کرتی ہیں بہ ترکیب استعمال جو ہر ایک دوا کے ساتھ لکھی ہوئی ہے سمجھ میں بخوبی آجائے محفوظ رہیں۔ ہمارے یہاں پاکٹ کیس میں ہر ایک دوا کی شیشی علیحدہ علیحدہ ہوتی ہے جس کو ہر وقت نکالنا اور رکھنا پڑتا ہے اور ہر مرتبہ تاسانی ہیجان ہوتا ہے کہ اُسکو ہاتھ میں اُٹھانا پڑتا تھا

انتخاب لاجواب

ہمارے کام نہایت دلچسپ اور مفید کتابوں اخباروں رسالوں اور تحریروں سے
[illegible] اور فروری شہ ۹۸ء کے ہمراہ رسالہ انتخاب لاجواب کے نمونے کا نمبر
[illegible] ہزار تقسیم کر دیا تھا تاکہ لوگ اپنے لئے خود اندازہ لگا سکیں کہ
[illegible] کا رسالہ ہے یا اخبار ہوگا کیونکہ اس سے پیشتر اردو زبان میں
[illegible] رسالہ اب تک موجود نہیں ہے اُس وقت
[illegible] جاری کرنے کے لئے یہ قید لگائی تھی کہ اگر سات سو درخواستیں
[illegible] خریداری کے لئے پیشگی قیمت کے وعدے پائیں تو
[illegible] دوسرا نمبر جاری کرونگا ورنہ نہیں کرونگا۔ کیونکہ اس کی
[illegible] محنت اور خرچ کا کام ہوگا مگر افسوس کہ اس قدر
[illegible] سو بھی سات سو درخواستیں خریداری کی وصول نہوئیں
[illegible] چار سو درخواستیں جمع ہوئیں۔ اور باوجودیکہ ان چار سو
[illegible] سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ لوگ اس رسالے کے مطالعہ کے
[illegible] اور قدر آرزومند تھے تاہم اپنے وعدے کے مطابق ان
[illegible] کے لئے "انتخاب لاجواب" کو اس وقت تک جاری
[illegible]

[illegible] سلطنتی تین سال گزر جانے کے بعد پھر مجھے شوق نے
[illegible] مفید اور دلچسپ مطالعہ کا رسالہ اردو زبان میں بھی
[illegible] چاہیئے تاکہ اسکی ہزارہا دانشمندی کی باتوں عجائب
[illegible] اور علمی معلومات دلچسپ موا اور حکایات حیرت انگیز
[illegible] سے اردو خوان اہل ملک بھی مستفید ہوں انگریزی
[illegible] کم ایک جن ایسے رسالے ہفتہ وار شائع ہوتے ہیں
[illegible] کیونکہ اس ایک میں اُن سب سے کئی مضامین
[illegible] یقین ہے کہ جو اس کو ایک مرتبہ دیکھ لینگے اگر زر بھی
[illegible] میں رکھتے ہونگے تو دوبارہ دیکھنے کی بھی آرزو کرینگے
[illegible] کہ تو کلت علی اللہ اس کو ۱۵ اگست سنہ ۹۸ء تک
[illegible] صرف نمونے کا پرچہ مفت دیا جائیگا۔

[illegible] انتخاب لاجواب ہفتہ وار کو خریدنا چاہیں چھ روپے
[illegible] قیمت ششماہی بدیشگی عنایت کریں یا دوسرا
[illegible] بذریعہ منی آرڈر کی اجازت دیں۔ اس رسالے کے ناظرین میں
[illegible] تقسیم ہوا کرینگے۔ جو صرف اُن خریداروں کو مل سکینگے
[illegible] وصول ہونگی درخواستیں بہت جلد مع قیمت
[illegible] بھیجنا چاہیں۔

[illegible] عالم دفتر پیسہ اخبار لاہور آنی چاہیئں

اس معدمے کا ہائی کورٹ بنگال سے

جو کسی قدر آنسو پونچھ دینے والا فیصلہ
[illegible] اخبار ہذا میں عدالت کا شکریہ اور اظہار
[illegible] افسوس ہے کہ بعض اطراف میں
[illegible] کی گئی ہے۔ اور اُسے ناجائز استعمال
[illegible] یا ہے۔ اسپر طرہ یہ ہے کہ مخالفت کرنے
[illegible] میں جن سے ایسی اُمید نہیں تھی یعنی
[illegible] اور اسٹیٹسمن ڈیلی نیوز کلکتہ دونوں اس
[illegible] پر از رد ے شہادت جرم ثابت
نہیں تھا۔ وہ مجبور تھے اور یہ کسی کی گواہی سے ثابت نہیں ہوا
کہ اُنہوں نے ٹھوکروں سے ڈاکٹر سیشچندر کو مار ڈالا ممکن
ہے ڈاکٹر خود گر پڑا ہو یا گھوڑے نے لات ماری ہو۔ غرض جا
کچھ ہی ہوا ہو۔ مگر موجودہ شہادت سزا دہی کو جائز ٹھہرانے
کے لئے بالکل ناکافی ہے۔ مارننگ پوسٹ تو اس قدر غضب
ناک ہے کہ ہائی کورٹ بنگال کے چیف جسٹس کو بھی بنگالی اخبارات
کی تحریر سے متاثر ہونے کا الزام دینے سے نہیں چوکا اور
اپنے خیال کی تائید میں چیف جسٹس ممدوح کے وہی فقرات
پیش کئے جن میں اُنہوں نے اُس اثر کا ذکر کیا تھا جو اس
مقدمہ سے ملک میں پیدا ہوا ہے۔ مارننگ پوسٹ و ڈیلی
نیوز کی دلائل اختلاف صاحب چیف جسٹس بہادر کے فیصلے
کے مقابلے میں جس قدر کمزور اور غیر موثر ہے محتاج بیان
نہیں۔ مگر تعجب اسپر آتا ہے کہ جس معاملے میں تمام ہندوستان
کے اینگلو انڈین اخبارات خلاف اُمید اظہار مسرت کریں۔
اُس سے ان دونوں پرچوں کو وجہ شکایت پیدا ہوا۔ اخبار
پائونیر ٹائمز وغیرہ اگر حکم سزا کے خلاف خامہ فرسائی کرتے تو
چنداں حیرت انگیز نہ ہوتا۔ اس لئے کہ وہ اخبارات اپنی اس
طرز عمل کے لئے سالہا سال سے مشہور چلے آتے ہیں اور
اکثر دیسیوں کے مقابلے میں یورپینوں کی جا و بیجا حمایت
کرتے رہے ہیں۔ لیکن مارننگ پوسٹ و ڈیلی نیوز سے
تعجب اور سخت تعجب ہے کیونکہ یہ اپنے دیگر ہمچشموں میں
دیسیوں کی حمایت کے لئے بدنام ہیں اور گورنمنٹ سے بھی
اُن کی برابر فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ دونوں کا ہندوستانی
حلقوں میں اچھا اثر ہے۔ اور بعض معاملات میں دیسی ان
کی طرف دیکھنے بھی لگے ہیں۔ ان کو قد اچھالنے کیا ہو گیا کہ
ایسی کمزور بنا پر ایک ایسے فیصلے سے جو عام ملک کو مسرت و
اطمینان دلانے والا ہے اختلاف کرتے ہیں۔ یہ بھی
نہیں کہا جا سکتا کہ مجرم گوروں یا اُن کے ہمجنسوں کا اُن
پرچوں پر بوجہ کثرت خریداری کچھ زیادہ اثر ہے۔ کیونکہ مضمون
تحریر کے وقت اخبار کا کام نہیں دیتا۔ بہرحال یہ ہندوستانیوں
کی بدقسمتی سمجھنی چاہیئے کہ اُن کے قدیمی حامی اُن سے
اس معاملے پر الگ ہو گئے۔ مارننگ پوسٹ یاد رکھے کہ گزشتہ
چند ماہ میں یہ تیسری غلطی اُس سے سرزد ہوئی ہے اور
ہر ایک نے اُس کے دیسی بھی خواہوں کو صدمہ پہنچایا ہے۔

معارف

یہ رسالہ جسپر گزشتہ دو تین ماہ سے علمدوست
حضرات کی آنکھیں لگی ہوئی تھیں۔ آخر اس مہینے کے
شروع میں شائع ہوا۔ جو اُمیدیں اس کے اشتہار میں
دلائی گئی تھیں۔ اُن میں سے اکثر کی تکمیل کا ابتدائی نمبر
میں التزام کیا گیا ہے۔ کل بارہ مضامین ہیں۔ جو اگرچہ
بجائے خود نہایت اعلیٰ درجے کے اور مفید کہے جا سکیں گے۔
مگر افسوس کہ سوائے ایک کے باقی تمام ایڈیٹران رسالہ نے
لکھے ہیں۔ پانچ مضمون جناب حاجی محمد اسمٰعیلخاں صاحب
بہادر رئیس دتاولی کے لکھے ہوئے ہیں اور چھ مولوی
وحید الدین صاحب سلیم کے۔ یہ دونوں رسالے کے ایڈیٹر
ہیں۔ ایک مضمون مولوی رشید الدین اسلم صاحب کا ہے
جن کا نام اور تخلص مولوی وحید الدین صاحب سلیم کے
رشتے کی تصریح کر رہا ہے۔ اور اس لئے کسی غیر کا سمجھا جا کر
زیادہ اظہار مسرت کے قابل نہیں۔ میں نہایت خوش ہوتا
اگر یہ دیکھتا کہ ملک کے لائق حضرات نے ایڈیٹروں کو صرف
ضروری معاملات پر متوجہ ہونے کی کافی مہلت دی ہے۔
خاصکر معارف کے معاملے میں تو سخت حیرت ہوتی ہے جبکہ
جناب حاجی محمد اسمٰعیلخاں صاحب کے وسیع حلقہ اثر پر خیال
دوڑایا جاتا ہے اور اس میں بڑے بڑے لائق لوگ نظر
آتے ہیں۔ خیر مجھے آئندہ دو چار نمبروں تک اُمید کا سہارا
دے کر لے چلنا چاہیئے۔ موجودہ رسالہ بجائے خود جن مضامین
پر مشتمل ہے وہ سب کے سب غور سے پڑھنے اور دل میں
رکھ لئے جانے کے قابل ہیں۔ جناب حاجی صاحب بالقاب
نے سید مرحوم کی وفات پر ایک پُرزور مضمون لکھ کر مرحوم کا
ماتم نئے سر سے بپا کر دیا ہے۔ صاحب موصوف کا ایک
مضمون اجلاس محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے آئندہ
انعقاد پنجاب پر ہے۔ اور ایک میں کسی بیمہ کمپنی کے سالانہ
جلسے کی رپورٹ سے طاعون کے متعلق مفید نتائج اخذ
کئے گئے ہیں۔ مولوی وحید الدین صاحب سلیم کے تاریخی
مضامین بلند پایہ اور سفرنامہ ابن جبیر نہایت ہی قیمتی ہیں جن
کے ذیل میں اکثر اسلامی علما۔ فضلا۔ سیاح اور اہل کمال
اصحاب کا تذکرہ آ گیا ہے۔ شاعری پر آپ نے معقول بحث
کی ہے جو گویا مقدمہ ہے اس امر کی کہ آئندہ رسالے
میں لوگوں کو کچھ نظم بھی دیکھنے کا موقع ملا کریگا۔ مولوی
رشید الدین صاحب کا مضمون طرز معاشرت کو بہت خوش
اسلوبی سے اپنے پہلو میں لئے ہوئے ہے اور معتبر ترین
ذرائع سے اخذ کیا گیا ہے۔ بحیثیت مجموعی رسالے میں
سوائے باریک اور گنجان کتابت کے باقتضائے ضرورت
زمانہ اصلاح کی بہت کم ضرورت ہے۔ اور کتابت بھی
اس باریکی پر مجبوراً اختیار کی گئی ہے بری نہیں نہایت
اس کی دو ورقہ ٹائٹل پیج سے الگ ۲ جزو ہے۔ اور جو
قیمت اس کی مقرر کی گئی ہے وہ محنت اور لاگت کے دیکھتے
زائد نہیں معلوم ہوتی۔ علیگڈھ دفتر معارف سے ملیگا

سر سید میموریل فنڈ اور نواب صاحب رام پور کی فیاضی

جناب نواب محسن الملک بہادر نے عالیجناب
ہز ہائینس میجر نواب حامد علیخاں صاحب فرزند دلپذیر
دولت انگلشیہ فرمانفرمائے ریاست رام پور کی جس
فیاضی سے بذریعہ تار برقی مطلع کیا ہے وہ نہ صرف
ہز ہائینس ممدوح کے علو ہمت۔ بلندی حوصلہ اور زبردست
پر دال ہے۔ بلکہ کئی وجہ سے اس قابل ہے کہ تمام مسلمانان
ہند بخلوص نیت بزبان ہیکر اُن کا شکریہ ادا کریں۔ ریاست
رام پور کی فیاضی پشتہا پشت سے مشہور چلی آتی ہے
اور ہزاروں للکھوں آدمی اُن کے خرمن کرم سے زندہ رہا
اور خوان نعمت سے شکم سیر ہوئے۔ ایسی ایک ریاست

کرنی۔ آخر یہ قرار پایا کہ بذریعہ اخبار اس کے فوائد و نقائص سے گورنمنٹ کو مطلع کیا جائے۔ اور ممبران میونسپلٹی کے یہ امر ذہن نشین کر دیا جائے کہ اگر اب بھی وہ اپنے ادائے فرائض پر خبردار نہیں ہوئے تو پبلک کو گورنمنٹ سے ضروری طلب کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ اور اس وقت اختیارات کا عذر پیش نہ جائیگا۔ سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ دہلی میونسپلٹی گورنمنٹ پنجاب سے عرض حال کر کے ایک لائق اور تجربہ کار ڈاکٹر کی خدمات عارضی طور پر طلب کرے۔ اور اس افسر کو دہلی کے تمام اطبا علی الخصوص جناب حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب کے مشورے سے اس کام کی تحقیق و تفتیش پر مامور کیا جائے کہ اس تفتیح نفوس کا بڑا سبب کیا ہے۔ پھر بعد غور و تحقیق جو سبب قرار پائے اس کے انسداد اور فساد کا انتظام کیا جائے۔ دہلی میونسپلٹی کو اب سے برس دو برس پہلے ہی یہ سٹیپ لینا چاہئے تھا۔ مگر خیر اب بھی بہت کچھ نقصان کی حفاظت متصور ہے۔ اگر مستعدی کا اظہار کیا جائے۔ میونسپلٹی آخر خدا کے ہاں تو بخشوانے سے رہی۔ جب ایسے ہی معاملے میں پبلک کے کام نہ آئی تو پھر اس سے کیا امید ہو سکتی ہے۔ دہلی کے اخبار بھی اس الزام سے اپنے آپ کو محفوظ نہیں رکھ سکتے کہ انہوں نے خلاح و ہسو در عایا کے اس تاریک پہلو کو ہمیشہ نظر انداز کیا۔ اور اگر میونسپلٹی غافل تھی تو اسے جگا نہ دیا۔ مگر اب توقع ہے کہ سب تلافی مافات کی پوری کوشش کریں گے۔ ایک طرف میونسپلٹی گورنمنٹ کو توجہ دلائیگی۔ اور دوسری طرف اخبارات بتائیں گے کہ پبلک اب عرصہ تک اپنے نقصان سے غافل اور بے پروا نہیں رہ سکتی مجھ کو مسرت ہوگی اور دہلی والوں کو خوشنودی اور مشکوری کا مرتبہ بہم پہنچیگا۔ اگر دیگر معاصرین بھی اس پر اپنی قیمتی توجہ سے دریغ نہ فرمائینگے۔

بمبئی یونیورسٹی کی ایک مفید تجویز

اس عنوان سے ایک نوٹ کسی گزشتہ اشاعت میں لکھا گیا تھا اور اب ہندوستانی پبلک کے لئے یہ دریافت کرنا باعث مسرت ہوگا کہ مسٹر جسٹس رانڈے صاحب کی تجویز بمبئی یونیورسٹی کے جلسہ سینٹ میں بکثرت رائے پاس ہو گئی۔ جو منتخب کمیٹی اس پر غور کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی اس نے اس کی تائید میں رائے دی اور بعد مباحثہ بسیار آخر مسٹر جسٹس موصوف اپنے مصرعے کے کلمات پر یہ احسان کرنے میں کامیاب ہو گئے کہ آئندہ جس مضمون میں وہ فیل ہونگے دوسرے سال صرف اس میں امتحان دینگے یا ہر مضمون بجائے خود علیحدہ سمجھا جائیگا۔ اور صرف ایک ہی دفعہ اس میں کامیابی حاصل کرنا کافی ہوگا۔ مسٹر جسٹس تمام ہندوستان کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں اور ان کی تجویز اس قابل ہے کہ سب یونیورسٹیوں [illegible] اختیار کریں۔ کیونکہ ایک مضمون میں فیل ہونے والے طالبعلم پر اس کا از سر نو تمام مضامین میں امتحان لئے جانے سے جو جبر کیا جاتا ہے اس کا انسداد ہو جائے۔

صاحب لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی علیگڈھ میں

جیسا کہ پیشتر سے قرار دیا اور مشتہر کیا گیا تھا۔ ہز آنریبل جناب جے۔ ڈی۔ لاٹوش صاحب بہادر قائمقام لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی ۲۳ ماہ حال روز شنبہ کو اس جلسے میں تشریف لے گئے جو علیگڈھ کالج کے سٹریچی ہال میں سر سید میموریل فنڈ کمیٹی نے منعقد کیا تھا۔ قریبی اضلاع سے اکثر حضرات بغرض شرکت جلسہ تشریف لائے تھے اور بہت سے گرد و نواحی مسلمان رؤسا بھی جمع تھے۔ ہز آنر ممدوح کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے۔ میموریل فنڈ کمیٹی کی طرف سے ایک ایڈریس بزبان انگریزی پیش کیا گیا۔ جسے صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب بیرسٹرایٹ لاء نے پڑھ کر سنایا۔ ایڈریس میں سر سید مرحوم کی گزشتہ قومی خدمات۔ کالج کی مالی حالت اور بغرض قیام یادگار دس لاکھ روپیہ جمع کرنے کی ضرورت کا تذکرہ تھا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ کالج کے تمام چھوٹے اور بڑے قرضوں کی مقدار ایک لاکھ کے قریب ہے جس کے لئے قریباً ۳ ہزار روپیہ اس کو بابت سود ادا کرنے پڑتے ہیں مستقل آمدنی سے اخراجات بڑھے ہوئے ہیں۔ اور باوجود یکہ ایک انگریز پروفیسر کی جگہ بھرنے کا انتظام نہیں کیا گیا پھر بھی خرچ آمدنی سے بقدر ۳۰۰ ہزار کے زیادہ رہتا ہے۔ دس لاکھ روپیہ لینے کی علت غائی یہ ہے کہ کالج کو قوضے کے بار سے سبکدوش کر کے ایک مضبوط اور قابل اطمینان بنیاد پر قائم کیا جائے۔ جس سے آئندہ کا تذبذب دور ہو جائے۔ اور پھر رفتہ رفتہ اسے آکسفورڈ و کیمبرج کے مثل بڑھانے اور امتحان لینے والی یونیورسٹی کے درجے تک پہنچا دیا جائے۔ اس وقت تک ۶۰ ہزار روپے کے چندہ کا وعدہ ہوا ہے جس میں سے ۲۱ ہزار سے زائد وصول ہو گیا ہے۔ آخر میں ہز آنر سے درخواست کی گئی تھی کہ برٹش انڈین ایسوسی ایشن لکھنؤ کی طرح علی گڈھ کالج کے لئے گورنمنٹ یہ قاعدہ مقرر فرما دے کہ اس کی نیز بورڈ آف ڈائرکٹرز کی اطلاع و منظوری بغیر میموریل فنڈ کا کسی جائیداد کا نیلام یا اس کے روپے کا انتقال نہ ہو سکے۔ ایڈریس میں اس تجویز کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ فنڈ میں چندہ دینے والوں کا اپنے روپے کی بابت اطمینان ہو جانا چاہئے۔ صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر بالقابہ کا جواب نہایت پسندیدہ تھا۔ جس میں انہوں نے سر سید مرحوم کی قومی و تعلیمی خدمات کا تذکرہ شاندار الفاظ میں کیا۔ مسلمانوں پر کالج کی ضرورت کے لئے زور دیا۔ ایڈریس کو پسند فرمایا اور مسلمانان ہند کو امداد کالج کا حوصلہ دلایا۔ اس کی ذیل میں صاحب ممدوح نے ہز اکسیلنسی حضور وائسرائے کی ایک چٹھی جو ان کے نام آئی تھی پڑھی۔ اس میں لارڈ لنس صاحب بہادر بالقابہ نے بانی کالج اور علیگڈھ کالج کی نہایت تعریف لکھی تھی اور اپنی سال گزشتہ کی تشریف آوری کالج و ملاقات سر سید مرحوم کے متعلق اپنے آپ کو خوش نصیب بتایا تھا اور ترقی کالج کی نسبت خیالات امداد اظہار فرماتے ہوئے مبلغ دو ہزار روپے کا گراں قدر عطیہ فنڈ میں دیا تھا۔ ہز آنر نے میموریل فنڈ کمیٹی کی تجویز کو بھی منظور کر لینے کا ارادہ ظاہر فرمایا۔ اور اپنی طرف سے ۵ سو روپے فنڈ میں عطا کئے۔ کل چندہ کی مقدار قریباً ۳۰ ہزار اندازہ کی گئی ہے۔ جس کی تفصیل قریبی آئندہ اشاعت میں درج کیجائیگی۔

ہز آنر کی تشریف آوری علیگڈھ کا خوشگوار اثر

مندرجہ بالا کیفیت کے دفاتر ہمیں وصول ہوئی ہیں۔ ان کے دیکھنے سے یہ کہنے کا موقع حاصل ہے کہ ہز آنر نے اپنی توجہ صرف سر سید میموریل فنڈ کمیٹی کا ایڈریس لینے اور جواب ہی پر محدود نہیں رکھی بلکہ صاحب ممدوح نے کچھ کام بھی کئے ہیں جو آئندہ کالج کے مقاصد کی استحکام کے لئے نہایت مفید اور ضروری تھے۔ ان میں سب سے مہتم بالشان کام یہ ہے کہ جناب مولوی اللہ خاں صاحب بہادر سی۔ ایم۔ جی اور مسٹر بک کالج میں اتفاق کرا دیا گیا ہے۔ مولوی صاحب سے میموریل فنڈ کمیٹی کے ممبر ہونگے اور اس صاحب کو ان کی ناراضی دور کرنے کا اچھا موقع فنڈ کے متعلق جو ڈیپوٹیشن ریاست رام پور والا ہے۔ اس میں مولوی صاحب موصوف بھی ہونگے اور آئندہ اس کالج کی امداد و اعانت میں حصہ لے سکینگے۔ جس کی بنیاد اگر صرف اتفاق نہیں تو کم از کم ان کی مساعی جمیلہ سے پڑی ایک بڑی کسر تھی جو پوری ہو گئی ہے اور اس سے مسلمانوں کی بیحد مشکوری کے مستحق ہیں۔ یہ بھی فرمایا ہے کہ مسٹر بک کو پرنسپل اور صرف چاہئے۔ نیز سکرٹری کے عہدہ کا معقول انتظام اور اطمینان بخش نہیں کیا جا سکتا۔ درحقیقت بڑھے ہوئے اختیارات جن کی بدولت وہ کالج افسر سمجھے جانے لگے تھے اور سکرٹری شپ کا غیر ہی ایسی باتیں تھیں جنہیں لوگوں کو کچھ کھٹکتا ملتا تھا۔ اور جب مسٹر بک اپنی پرنسپلی کے محدود کر دئے گئے اور سکرٹری لائف۔ مستقل علمیہ ثابت ہو تو پھر انشاء اللہ کالج کی امداد آگے بڑھیں گے جو سر سید مرحوم کے ملجی سے آج تک الگ تھلگ رہے تھے۔ یہی کہتا آیا ہے۔ جو اب ہز آنر نے فرمایا۔

پیسہ اخبار
لاہور یوم شنبہ ۷ اگست ۱۸۹۹ء

دہلی میں گزشتہ چند سال سے اموات کی تاسف انگیز کثرت

تذکرہ دہلی مرحوم کا اے دوست چھیڑ
نہ سنتا جائیگا ہم سے یہ فسانہ ہرگز (حالی)

دہلی اور ہوتم بالشان شہر وہ فخر الامصار وہ عروس الہند وہ ہندی بغداد۔ وہ اردو زبان کا مہد و منشا وہ تہذیب کا مجسمہ و مادہ گو بیسیوں برس سے اپنی سابقہ حکومت و دستور و زمانہ کی نذر کر چکنے کے بعد "اجڑا دیار" بننے لگا ہے۔ اور اس کے شکستہ و ریختہ آثار صنادید وہاں کے پر فضا منظروں میں بھی دیکھنے والے کو وحشت پہنچانے کے بجائے عبرت دلانے کا مادہ پیدا ہو گیا ہے۔ لیکن باینہمہ بمصداق "ہو بھی لاکھ خراب پھر بھی سوا لاکھ" دہلی کا شمار آبادی کے لحاظ سے اپنے صوبہ میں اول درجے کا شہر ہے۔ تجارتی حیثیت سے بھی سارے شمالی ہندوستان کے اندر دلی شہر کو فوقیت دی گئی ہے۔ اور بطور ایک ریلوے سنٹر (مرکز) کے شاید دنیا بھر میں اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ ہر سمت کی لائنیں وہاں سے مختلف مقامات کو چھوٹتی ہیں۔ ریل کی منظوری ہو گئی ہے جو چند سال میں بنائی جانے والی ہے جس کے ذریعہ سے آگرے چل کر دہلی کا تمام یاتری اثر حصہ ملک پر بالواسطہ یا براہ راست پڑتا ہے۔ ہر ملک بہت بڑی چیز ہے۔ اور اگر بدقسمتی سے مقاصد ملک کے لیے مفید نہیں مگر اس سے فضیلت میں فرق نہیں آسکتا۔ مسٹر بنی نژاد احمد نے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس منعقدہ علیگڈھ میں سرسید مرحوم کو الزام دیا تھا کہ اگر علیگڈھ میں کالج قائم کرنے سے ایک سخت غلطی اور احسان فراموشی کا ارتکاب ہوا اس لیے کہ اگر دہلی میں کالج قائم کیا جاتا تو مضافات اطراف و جوانب ملک پر زیادہ تر پرتو پڑتا۔ یہ بات بوجہ اتم کامیابی میسر آتی تو واقعی مگر علیگڈھ میں بھی دہلی سے بہر دیکھات کے پہنچ سکتے ہیں۔ اور اس کی تنقید بوجہ ایک مستقل انتظامی افسر دہلی کے ہونے کے اکثر اوقات کرتا ہے کہ "یہ شہر سینیٹری طور پر نکما ہے اور ہر قسم کی تعلیمی یا خلائی

تمدنی اور مذہبی تعلیم کا سالہا سال سے مرکز قرار پانے کے باعث باشندگان ہندوستان کی نظر میں ایک مدتوں نہ مٹنے والی وقعت پیدا کر چکا ہے۔ اور لوگ لباس گفتار سر رفتار۔ اطوار وغیرہ کے معاملے میں اس کا اتباع سبب افتخار و ناز سمجھتے ہیں۔ اس کی وقعت ایسی پائیدار ہے کہ اگر آئندہ نصف صدی میں کوئی مدینہ فضیلت و نیوداالا پیدا ہو تو بھی وہ بدستور باقی رہیگی۔ خیر اس اثر و وقعت کو بھی جانے دیجئے۔ کتنا ایک ایسے تاریخی شہر کو جس کی اینٹ اینٹ مختلف زمانوں کے نامور بادشاہ پولیٹیشنوں۔ بہادروں۔ عالموں سنہ ہی پیشواؤں۔ اور صاحبان کمال کے کارناموں کی تاریخ ہو۔ برقرار رکھنا گورنمنٹ کا فرض نہیں ہے۔ مہذب ممالک میں مختلف سوسائٹیاں آثار عتیق و اقوام قدیمہ کے قائم رکھنے کی غرض سے کھلی ہوئی ہیں۔ اور اپنے فرائض نہایت سرگرمی سے ادا کرتی ہیں۔ مگر افسوس ہے دہلی کی قسمت پر کہ اس کا کوئی پرسان حال نہیں ؎

بس گرسنہ خفت و کس ندانست کہ کیست
بس جاں بلب آمد کہ برو کس نگریست

پنجاب گورنمنٹ گزٹ کے پچھلے فائل اٹھا کر دیکھے جائیں تو تشویش پیدائش و اموات میں "دہلی" پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ گزشتہ ڈھائی تین سال میں ایسے ہفتوں کا شمار طویل ہے۔ جن میں شہر مذکور کی پیدائش و اموات کی نسبت قریباً مساوی رہی ہو۔ یا اول الذکر موخر الذکر سے زیادہ ہو گئی ہو۔ ورنہ اکثر ہفتہ ایسے نکلیں گے جن میں مرگ کی وارداتوں کو بلحاظ تعداد پیدائش پر فضیلت حاصل ہے اور دونوں میں ایک دو نہیں بیسیوں کا فرق ہوتا ہے۔ بعض بعض ہفتوں میں یہ فرق ۷۰۔ اور ۸۰ کے مابین ہو گا ہے ماہے اس سے بھی تجاوز۔ اس شہر کا انسخام کیا ہونے والا ہے۔ جس کی آبادی اس طرح ہر ہفتے گھٹتی جا رہی ہے۔ لوگ کہتے ہیں ؎

قطرہ قطرہ جمع شود دریا — دانہ دانہ جمع شود خرمن

اگر اضافہ تعداد اموات ۴۰-۵۰ فی ہفتہ ہو تو بھی خطرے سے خالی نہیں۔ نہ کہ ۲۰-۳۰-۵۰۔ اور بعض دفعتوں میں ۷۰، ۸۰ جس حساب سے ایک مہینے کی تعداد سو سے متجاوز ہو گی۔ اور سال میں ڈیڑھ دو ہزار پر نوبت جا پڑی۔ میں وسط ۱۸۹۹ء سے برابر دیکھ رہا ہوں کہ سال میں کم اور بہت کم ملکیت ہی کم ہفتے ایسے پائے گئے ہیں۔ جن کی پیدائش و اموات کے نتائج پر کسی خیر خواہ دہلی کو مسرت ہو سکے۔ اور کسی خیر خواہ دہلی ہی پر کیا منحصر ہے۔ جس شخص کے دل میں خدا نے درد دیا ہو گا اور جو بنی نوع انسان سے کچھ بھی ہمدردی رکھتا ہو گا۔ اسی کو وہاں کی کثرت اموات پر سخت افسوس آئیگا۔ سنہ ۱۸۹۵ء کے آخری اور سنہ ۱۸۹۶ء کے شروع میں گو دہلی امراض متعدیہ سے پاک نہیں تھا۔ مگر پھر بھی آٹھ نو مہینے میں قلت آبادی کا شمار ۳۔ ۴ ہزار سے گزر جانا کچھ ایسا کم خوفناک امر نہیں ہے۔ جسے نوش لیے بغیر گزرنے دیا جاتا۔ مگر جہاں تک کثرت اموات کا تعلق ہے۔ اس کے دیکھتے ہوئے میں بوقوف تمام مل سکتا ہوں کہ کافی نوٹس نہیں لیا گیا۔ سو نہ سہی بعد پیدائش اموات کی نسبت عنقریب بدل جاتی۔ مگر ایسا نہیں ہوا۔ ہاں کمی تو ضرور آ گئی۔ لیکن چاہیے کہ کبھی تعداد پیدائش شمار اموات سے بڑھ جانے یا برابر ہی رہنے۔ ممکن ہے کہ ان سالوں میں کثیر التعداد لوگ نقل مکان کر کے دہلی جا بسے ہوں۔ اور اس طرح وہاں ۱۸۹۴ء-۱۸۹۶ء آدمی کے شمار آبادی کو قائم رکھ سکے ہوں۔ مگر اس میں ذرا بھی کلام نہیں کیا جا سکتا کہ سنہ ۱۸۹۱ء کی مردم شماری کے وقت پر جس قدر آبادی دہلی میں اندازہ کی گئی تھی اس کا ایک اچھا خاصا حصہ کم ہو گیا ہے۔ اور اگر خدا نخواستہ آئندہ سالوں میں بھی شرح اموات یہی رہی تو سنہ ۱۹۰۱ء میں دہلی کو اپنے اس فخر سے محروم ہونا پڑیگا کہ وہ صوبہ بھر میں بلحاظ آبادی اول درجے کا شہر ہے۔ اگر میرا قیاس غلط کرے تو کہہ سکتا ہوں کہ سنہ ۱۸۹۱ء سے لے کر اس وقت تک اس شرح اموات کے حساب سے آبادی بقدر آٹھ دس ہزار کے گھٹ گئی ہو گی۔ اور نیکلز نہ سکے جبکہ ہفتہ منتہیہ ۲۵ جون سنہ حال میں اموات پیدائش سے تقریباً ۸۴ کے زائد ہیں۔ اور اس کے بعد ان کی زیادتی ۶۲ تک پہنچی ہوئی ہے۔ سو ہفتوں میں آبادی کا تقریباً ۷۰۰ کے گھٹ جانا کس درجے افسوسناک ہے۔ خاصکر جبکہ گزشتہ ڈھائی تین سال سے برابر کم و بیش یہی حال رہا ہو۔ اس وقت دہلی میں کسی خاص مہلک مرض کی شکایت نہیں۔ مگر اموات کا نمبر پیدائش سے اس قدر بڑھا ہوا پایا جاتا ہے۔ اور اگر خدانخواستہ کوئی ایسی ویسی بیماری پھیل جائے تو شاید سو ڈیڑھ سو پر نوبت آئے۔ دہلی میونسپلٹی کا فرض تھا اور ہے کہ وہ اس نقصان جان سے متاثر ہوتی اور اطراف نفوس کے انسداد میں اپنی پوری قوت اور کوشش سے کام لیتی۔ اور اگر یہ کام اس کے بس کا نہ ہوتا تو گورنمنٹ سے امداد طلب کرتی۔ بجز ایسی نازک حالت میں ہرگز مدد سے دریغ نہ فرماتی۔ روشنی صفائی۔ پانی کے نل۔ نالیوں۔ موریوں۔ بدرو۔ رڈ وغیرہ وغیرہ کا فقط اس لیے انتظام کیا جاتا ہے کہ لوگوں کی صحت درست رہے۔ اور کثافت ہوا یا غلاظت آب کے اثر سے تندرستی کو صدمہ نہ پہنچے۔ مگر جب اس سے برابر صدمہ پہنچ رہا ہے اور شمار پیدائش و تعداد اموات میں ایک تفاوت عظیم نمایاں ہے۔ تو ان چیزوں پر جو کچھ صرف ہوا وہ گویا بالکل اکارت گیا۔ کیونکہ یہ اپنی غرض پوری کرنے سے قاصر رہیں۔ لہٰذا ان کی طرف سے توجہ ہٹا کر ان وسائل اسباب کی طرف رجوع کرنی چاہیے جو صحت برقرار رکھنے اور مرض دفع کر دینے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ میونسپلٹی کا مناسب تھا کہ ابتدا میں اس معاملہ کی خوب چھان بین کر لیتی۔ اور اگر سول سرجن صاحب متعینہ شہر سے اطمینان نہ ہوتو کسی دوسرے افسر کی مشورت سے [illegible]

حفظِ صحت

استفسار

۸۱۔ کھیگاؤ: میرے ایک مخلص مہربان کی عورت کے گلے میں عرصہ ایک سال سے کچھ ماس پھولا ہوا ہے جس کو پنجابی زبان میں گلگڑ کہتے ہیں۔ یہ ابھی شروع ہوا ہے۔ جس صاحب کو اس کی تجربت دوا معلوم ہو وہ براہ مہربانی اخبار کے ذریعے سے مطلع فرمائیں۔ آپکی نوازش اور آپکی عنایات کا مشکور ہونگا (بادا رارجن سنگھ مینیجر اخبار سنگھ سبھائے پنجاب گزٹ)۔

۸۲۔ ککرے: مجھ کو ککرے بہت ستاتے ہیں اور اسی سبب سے اکثر اوقات چشم میں مبتلا رہتا ہوں کوئی صاحب ایسا نسخہ تحریر فرماویں جس کے کچھ مدت تک استعمال کرنے سے ککرے ہمیشہ کے لئے دور ہو جاویں اور جو ضعف بصر کو بھی فائدہ کرے کیونکہ ککروں کے غلبہ آنکھوں میں زخم ہو کر اب مجھے قدرے ضعف بصر بھی لاحق ہو گیا ہے (غلام حیدر سنٹرل ماڈل سکول لاہور)۔

۸۳۔ سفید داغ: میرے ایک عزیز کی چھاتی پر سفید داغ کثرت نکل آئے ہیں اور وہ پھیلتے پھیلتے شانے تک پہنچ گئے ہیں یہ داغ غرقے سے ہیں۔ اب بہت بڑھ گئے ہیں اور ان داغوں کے اوپر جو بال جلد پر نکلتے ہیں وہ بھی سپید ہی ہیں۔ مریض کی عمر ۲۲ سال کی ہے۔ اس کثیر الاشاعت پرچے کے ناظرین سے امید ہے کہ اگر وہ اپنے تجربے کے علاج کو اسی پرچے کے ذریعے سے خاکسار تک پہنچا دینگے تو باعث ممنونی پذیرائی ہوگا۔ (محمد عبد السلام۔ انبالہ)۔

علاج

۸۴۔ فربہی (جواب استفسار ۱۰۸)۔ کسی سوداگر کے ہاں سے ایک جس سڈ از پوڈر کا لیجئے۔ آٹھویں روز اس کا استعمال کیجئے۔ گوشت کا شوربہ نوش کیا کریں۔ بوٹی نہ کھائیں۔ ایک دو گھنٹے بعد پھر لیا کریں۔ بھوک سے دو چار لقمے کم کھایا کریں۔ نصف کھانا کھا کر پانی پیا کریں۔ کھانے کے بعد چار پانچ گھنٹے بعد پانی پیا کریں۔ دبلے ہو جائینگے۔ اگر اس سے بھی دبلے نہ ہوں تو کوئی ایسا کام اپنے ذمے لیں کہ جس کا ہر وقت فکر لگا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلدی ہی دبلے ہو جائینگے (ظفر جہان برادر دہلی)۔

۸۵۔ ضعف جگر و معدہ (جواب استفسار ۴۲)۔ کچے چنے پکا کر جن میں صرف نمک ملایا جائے مرچ نہ ہو۔ ۲۱ روز تک دوپہر کی۔ بعد دوپہر بھوکوں کو چھٹانک بھر پھٹانک تک کھائیں۔ پانی فوراً نہ پیا جائے۔ دو چار گھنٹے بعد مضائقہ نہیں۔ بفضلہ تعالیٰ شکایت جاتی رہیگی (۱۲)۔

۸۶۔ خشک کھانسی (جواب استفسار ۴۵)۔ دودھ کی ملائی (بالائی) اترتی کو کھلا دیں۔ مگر ٹھنڈی ہو نہ زیادہ گرم ہو۔ اور شب کو دودھ پلا دیا کریں۔ سونٹھ بھی نیم گرم جنگ کھانسی کا یہی علاج ہے۔ انشاء اللہ بخوبی آرام ہوگا (۱۲)۔

گمنام و نشان عزیز

۴۶۔ سمی یا بھرام: قوم قبال ساکن موضع نگر ڈل تحصیل جلال آباد ضلع شاہجہانپور لینے والدین سے بوجہ محبت نوشتہ اند کے ناراض ہو کر ۴ جون ۱۹۰۸ء کو کہیں چلا گیا ہے۔ ہر چند تلاش کیا گیا۔ پتہ ندارد۔ حلیہ یہ ہے۔ عمر ۱۶ سال۔ رنگ گندمی۔ چہرہ لمبا۔ دہنا کان اوپر چھدا ہوا ہے اور ایک بالی مع دو موتیوں کے پڑی ہے۔ دہنی آنکھ کی پلک کے اوپر ایک داغ پھوڑے کا ہے۔ والدین نہایت پریشان ہیں (خریدار اخبار ۱۵۱۲۳)۔

۴۷۔ تاج الدین: والد میاں غلام محمد۔ قوم قریشی ساکن موضع آڈہ تحصیل و ضلع سیالکوٹ گم ہے۔ اس کا حلیہ یہ ہے۔ گندم رنگ صاف چہرہ۔ اوپر کے جبڑے کے دو دانت متہ نمایاں۔ درمیانہ قد۔ عمر جب گم ہوا ۱۴½ سال کی تھی۔ فارسی اردو عمدہ لکھ پڑھ سکتا ہے۔ کسی قدر انگریزی بھی جانتا ہے۔ تقریباً ۹ برس سے کہیں چلا گیا ہے۔ ایک دفعہ خبر ملی تھی کہ بعد فراغت حج ملک شام کی طرف جاتا ہے (ایک سائل)۔

عام

سوال

۶۵۔ نہر کا کام: کوئی صاحب بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرماویں کہ نہر جہلم کا کام شروع ہو گیا ہے یا نہیں؟ اور درخواست کس صاحب کے پاس کونسی جگہ بھیجنی چاہیئے؟ (۱۲۰۶۸)۔

۶۶۔ جلد بندی: سمع ہے کہ فن جلد بندی میں کوئی نسخہ انگریزی میں طبع ہوا ہے۔ جس میں تمام تراکیب متعلقہ اس فن بوضاحت تمام درج ہیں۔ گویا آستانہ ہے۔ اگر یہ تعین ہو تو اس کتاب کا نام اور ملنے کا پتہ اور قیمت اور اگر اس کا ترجمہ بھی اردو۔ فارسی یا گجراتی میں ہوا ہو تو اس کی قیمت وغیرہ سے اطلاع ہو تو نہایت احسان ہوگا (خریدار ۱۶۰۶۳)۔

[میرے خیال میں انگریزی میں کئی کتابیں اس مطلب کی ہونگی۔ اردو اور گجراتی میں نہیں۔ ایڈیٹر]۔

۶۷۔ نوشادر پکانے بنانے کی ترکیب مطلوب ہے اور اچھے برے کی کیا شناخت ہے؟ (شنکر لال۔ ڈیرہ دون)۔

۶۸۔ انڈے کا بدل: چونکہ اکثر اہل ہنود انڈا کھانے سے پرہیز کرتے ہیں اور اکثر طب یونانی میں طاقت کے لئے انڈا بہت استعمال کیا گیا ہے۔ لہذا انڈے کا بدل اہل ہنود کے لئے کیا ہو سکتا ہے؟ عوام سے عموماً اور حکیم شیخ چند صاحب سے خصوصاً جواب کا ملتجی ہوں۔ (۱۲)۔

۶۹۔ کرشنا ابرک: سیپارہ کشتہ کرنے کی ترکیب مطلوب ہے (۱۲)۔

جواب

۵۶۔ مرغیوں کا علاج (جواب سوال ۶۲)۔ مرغیوں کے چیچڑ یا جوؤں کا علاج یہ ہے کہ تارپین کا تیل یا فنائل (جو صفائی کے لئے شہر کی نالیوں میں ڈالا جاتا ہے) بغیر طاپ پانی کے قلم پر روئی کیساتھ کر جوؤں کے مقامات پر لگا دیں صرف ایک ہی دفعہ کا لگانا کافی ہوگا (راقم فقرہ ۱۲)۔

شعر و سخن

قطعہ تہنیت خطاب حاذق الملک

(از تصنیف سرمایہ سخنوری منشی سید امجد علی صاحب اشہری)

آنکہ عبد المجید خاں باشد — شد مخاطب زہے شرف بالا
آمد از بہر او خطاب شگرف — چوں نسیمے کہ آید از بطحا
ہمچو روح مسیح در قالب — ہمچو جان حسن اندر اعضا
لارڈ الجن بہ شملہ کرد عطا — آں خطا را کہ آمد از دانا
گشت اندر جہاں بحکم خدا — حاذق الملک از خرد والا
طب یوناں بذات او نازد — فلسفہ چوں بدانش او نازد
فخر سینا و رشک علویاں — رشک دوران و غبطہ ہمتاں
ہمچو بوعلی نصر حکمت — ابن رشد است از شناسائی
نازد دہلی بذات او در ہند — ہمچو بنگال نازش جیسی
واقف راز ہو سیا پیتھک — ماہر سر و جہر پلینٹکس
نکتہ دان رموز پلینٹکس — حکمت آموز نکتہ ہائے
حمید آباد در امراض خاص — بہر دہلی طبیب خاص
فاضل عالم ست اندر طب — کامل اہل ست در
در شمال ست شہرۂ ناموش — شہرت فضل او ست
خانہ اش را خلا محال بود — ہمہ وقت شورش تو
وحدت از کثرت ست مستغنی — بہر کثرت ز وحدتش
آں علاجے نمودہ بہت مرا — کہ بحیرت بود زمانہ
از مراق و نہال ضعف کبد — سہ مرض جمع بود و یک
تا جہان ست در جہاں باشد — شکر از ماو زاد
انجمن جمع گشت در دہلی — بہر شکر و سپاس
محسن الملک محسن الدولہ — کرد تقریر ہمچو
فاضل دہلوی نذیر احمد — مجلس افروخت
تہنیت گر بے آمد نہ ہمہ — از نوید خطاب
در مضاف بلاد ہندوستاں — از خطابش خوشی ست
اشہری نیز گفت سلک گہر
از پئے یادگار او سخن

رباعیات محب

(بتصحیح جناب مولوی محب حسین صاحب بدیر رسالہ معلم نسواں حیدر آباد)

بالذات مفتخر ہو نہ کوئی نہ رذیل — ہے علم و عمل اصل فضیلت دلیل
اس قوم کا دعوائے شرافت معلوم — ہیں جس قوم میں علم کی تب

طاعت سے خدا کو نہیں کچھ نفع و ضرر — بندے ہی کو ملتے ہیں ثمرات
ہے افضل اعمال جو ہے ردی فکر — کیا فرض نہیں قوم کی خدمت

خلقت کے تسلسل کی نہیں جنکو خبر — دیتی ہیں وہ مرد کو نہ
آدم تو ہے خاک سے حوا ان سے — اول ہے یہ کیوں آخر

بیتے نہیں عاقل کبھی تقلید کا نام — ہر بات کا خود سوچتے ہیں
مرد اسی آزاد خیالی سے بڑھا — ہے مسلم مگر نقش رواں

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

جلد ۱۲ | ۱۹ بکرمی | ۲۴ ساون | ۱۳ ہجری | ۱۶ ربیع الاول | ۹۰ء | ۸ اگست | یوم شنبہ | ۳۱

مقابلہ میں کیلئے شمار اور اعداد

امریکہ میں وکیل:- اس وقت صوبجات متحدہ امریکہ میں ۹۰ ہزار قانون پیشہ اشخاص موجود ہیں۔ جن کی اوسط فی آبادی کو واسطے ایک وکیل ہے۔ بڑے بڑے شہروں میں ان کی تعداد اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ مثلاً شکاگو میں ۲ ہزار قانون پیشہ معتدبہ گزارے کے واسطے کام کر رہے ہیں۔ جہاں ہر ۳۵۰ اشخاص کے واسطے ایک وکیل ہے۔ امریکہ کے نصف درجن دیگر شہروں کی اوسط یہی ہے۔ دوسرے مہذب ملکوں میں یہ پیشہ اشخاص کی اپنے موکلوں کے ساتھ اوسط ممالک متحدہ سے کم ہے۔ یورپین ممالک میں حسب ذیل ہے:- فرانس کی ۴۰۰۰۰۰ آبادی میں صرف ۷ وکیل ہیں۔ یعنی ۵ ہزار کی آبادی میں ایک۔ جرمنی کی ۴۵۰۰۰۰۰ آبادی میں صرف ۷ ہزار قانون پیشہ ہیں۔ بہ الفاظ دیگر ۶۵۰۰ کی آبادی میں ایک وکیل ہے۔ ان کلاں میں قانون پیشہ اشخاص کی اوسط وہی ہے جو برٹین کی ہے۔

کنٹر اور باغ:- دنیا میں بڑے بڑے کنٹر اور باغ جمیکا میں ہیں۔ جن کی مالک اور کام کرنے والی ایک نیگرو قوم ہے۔ ان باغوں کا رقبہ ۴۰۰۰۰ ایکڑ ہے۔ یہ کمپنی ۴۰۰۰ ایکڑ زمین کی مالک ہے اور باقی ۱۶۰۰۰ ایکڑ کا ٹھیکا دیا ہوا ہے۔

لنڈن کے پلوں کا خرچ:- لنڈن کونسل لنڈن کے پلوں کو قائم رکھنے کے واسطے خرچ کرتی ہے۔ پلوں میں چار دریائے ٹیمز پر ہیں۔ یعنی لنڈن پل ۱۸۲۰ء کا پل۔ بلیک فرائر پل اور ووٹرلو پل۔ جو شہر کی ملکیت سے تعلق رکھتے ہیں۔

ایجادوں کی رجسٹری:- ۱۸۹۰ء میں برٹن کلاں میں ایجادوں کی رجسٹری کے واسطے درخواستیں سال سابق سے ۲۷۴ زیادہ تھیں جو شمار کی نسبت ۵۸۷۱ زائد ہیں۔

الکلریاں:- اس وقت سکاٹ لینڈ میں ۱۵۸ الکلریاں کام کر رہی ہیں جن کی پیداوار سال گزشتہ میں ۴۰۰۰۰ گیلن خراب تھی جس میں سال سابق کی ۲۰۰۰۰ گیلن بھی کا اضافہ تھا۔ ان میں سے ۷۰۰۰۰ گیلن کے واسطے ذخیرہ کئے گئے ہیں۔ پچھلے سال اسکی تعداد ۳۰ فی صدی کا اور انگریزی وسکی ۱۵ فی صدی کا اضافہ تھا۔

مذاق

کلیم:- "مشفق سلیم مزاج بخیر ہے"۔

سلیم:- "الحمدللہ۔ آپ کا مزاج۔ آج تو آپ بھول کر آ گئے"۔

کلیم:- "آپ کو تکلیف دینے آیا ہوں"۔

سلیم:- "ارشاد فرمائیے۔ وہ کیا تکلیف ہے"۔

کلیم:- "دو روپئے قرض عنایت کیجئے صرف آٹھ یوم بعد حاضر کر دونگا"۔

سلیم (کنایۃً):- "میرے پاس موجود نہیں"۔

کلیم:- "جناب اشارہ میں نہیں سمجھتا۔ زبان مبارک سے ارشاد فرمائیے"۔

سلیم:- "زبان سے جواب دلونگا تو غیر آدمی آپ کی مفلسی سے آگاہ ہو جائینگے"۔ (ملک محمد عمر۔ از بڑودہ)

بعض دلائل لاجواب ہوتی ہیں۔ اور بچے ان سے اپنا خوب مطلب نکالتے ہیں۔ جس کی مثال یہ ہے کہ ننھی مارجوری دہی کی بہت شائق ہے۔ ایک دن وہ اپنی نانی کے ہاں تھی۔ اس نے دوسری دہی کی رکابی مانگی تو نانی نے کہا "بیٹی تو بیمار ہو جائیگی۔ اور مجھے ملنے نہیں آسکے گی"۔

مارجوری:- "نہیں نانی میں صحتیاب ہوتے ہی تمہارے پاس پہنچونگی۔ اس بات کا مطلق وسواس نہ کرو"۔

منتظم ایڈیٹر:- "سائل سے پہلے کیا تم خیال کرتے ہو کہ تم میں اپنے آپ کو ضبط رکھنے اور رپورٹر بننے کی لیاقت ہے؟"

سائل:- "بلاشبہ۔ گو اس وقت میری عمر بیس برس کی ہے۔ مگر پانچ مختلف لڑکیوں سے لو لگا چکا ہوں۔ اور کسی دوسرے کو خبر تک نہیں ہوئی"۔

ایڈیٹر نے خوش ہو کر اس کو رکھ لیا۔

ڈاکٹر:- "میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ ہر روز صبح کھانا کھانے سے پہلے خوب پیدل چلا کرو"۔

مریض:- "حضرت کیا فرماتے ہیں۔ ہوش بجا ہے۔ بندہ اس وقت تو بمشکل نے خرمے لیتا ہے"۔

سوال:- "فلسفہ کیا ہے؟" جواب:- "یہ ایسی شے ہے جو معقول کو کہو کہ سمجھ کر کہا ہے مفلس ہو تو کوئی بھی نہیں"۔

عجیب عجیب باتیں

انسانی بالوں کا بڑھنا:- اس کی نسبت انادس کا اختلاف رائے ہے۔ یہ مختلف اشخاص میں مختلف طور پر نشوونما پاتے ہیں۔ جس کی معمولی اوسط ۱/۶ انچہ سالانہ ہے۔ اگر انگریزوں کے بال پوری لمبائی تک بڑھنے دیئے جائیں تو یہ ۱۲ یا ۱۴ انچہ سے زیادہ نہیں ہوتے۔ اور عورتوں کے ۲۰ یا ۲۵ انچہ سے زیادہ نہیں ہوتے۔ گمران کی اوسط ۲۵ انچہ سے لیکر ۳۰ انچہ تک ہوتی ہے۔

ناروے میں مردوں کا جلانا:- پارلیمنٹ ناروے نے مردوں کے جلانے کی نسبت قانون نافذ کیا ہے۔ اس ایکٹ کے رو سے ہر ایک شخص جس کی عمر ۱۵ سال سے اوپر ہو۔ بعد وفات جلایا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس نے دو گواہوں کے روبرو اپنی یہ خواہش ظاہر کی ہو۔ اور جن کی عمر ۲۱ سال کے اندر ہو ان کے والدین کی مرضی پر موقوف ہوگا۔ اور جو پولیس میڈیکل مجسٹریٹ اور ڈاکٹر مستونی کو دیکھتے رہے ہوں۔ لاشوں کے دفن یا جلانے جانے کے پہلے بیماری کی وجہ کی نسبت تحریری شہادت دینگے۔

ایک عورت کی مردانہ کارروائی:- سرحد مکران کے گزشتہ معرکے میں کیپٹن برن کی سروے پارٹی کے دس خلاصیوں کی جانیں ایک وفادار بلوچی عورت نے جس جسارت کے ساتھ بچائی ہیں وہ تاریخی واقعہ ہو گئی ہے۔ یہ قلعہ جیمر کے سردار میر محمد کی بیوی ہے۔ جس نے اپنے خاوند کی عدم موجودگی میں ان لوگوں کو پناہ دی۔ اور ان کو یہاں تک حوصلہ دلایا تھا کہ بلوچ خان اور دیگر دشمن ان تک نہیں پہنچ سکینگے تاوقتیکہ وہ انکی لاشوں کے اوپر سے نہ گزریں۔ اور اس کے بعد انچہ آدمیوں کے ساتھ ان کو سرحد پر بھیجدیا تھا۔ بلوچ خان کے ساتھ اس کی گفتگو بہت ہی دلچسپ ہوئی۔ اس نے دروازہ کے پاس کھڑے ہو کر اس کو بتایا کہ گو میں تنہا عورت ہوں اور میرا خاوند موجود نہیں ہے۔ تاہم یاد رہے کہ ہماری لاشوں کے اوپر سے گزرنے کے بغیر تم اندر داخل نہیں ہو سکو گے۔ کیونکہ میں ان کو انتہا تک بچانے کی کوشش کرونگی۔

خطاب مجسٹری:- یہ خطاب پہلے پہل ۱۱ لوئس کے لوئس یازدہم نے اختیار کیا تھا۔ اس سے پہلے تمام بادشاہ لفظ "بشپ" سے مخاطب کئے جاتے تھے۔

جیب گھڑیاں۔ چین۔ بٹنکین۔ بوٹ وغیرہ

نوٹ:- (۱) ہر ایک پارسل وی پی روانہ ہوگا۔ (۲) منگوانے والے کو پارسل کی قیمت کے علاوہ ۱۰ فیصدی محصول ڈاک ادا کرنا ہوگا۔ (۳) ہر ایک چیز ہماری تحویل سے کیا ہے کسی اور چیز سے بدلی جا سکتی ہے۔ (۴) ہر ایک قسم کے اشتہارات ڈاک صاحب زائد کے لئے (۵) جو چیز ہماری تحویل سے کیا ہے کسی اور چیز سے بدلی جا سکتی ہے۔ نوٹ پارسل واپس آنے پر چیز حوالہ ڈاک کر دی جائے گی۔

کارنٹی پانچسال

میسل کی ڈبل کیس واچ

کارنٹی پانچسال

ڈبل کیس واچ جدید کاریگری

کارنٹی پانچسال

چاندی کی ہاف ہنٹنگ

کارنٹی پانچسال

چاندی کی لیور وین کیس واچ

کارنٹی پانچسال

تاریخ و دن بتانیوالی عجیب گھڑی



فل بوٹ چمڑا سیاہ یا بادامی قیمت پاؤنڈ

نمبر ۱ ہاف ایڑ شو بادامی چمڑا

نمبر ۲ ڈریسنگ شوز

نمبر ۳ اصلی گورنگابی دلایتی چمڑا سیاہ یا بادامی قیمت

نمونہ پا

سوزاک و قرحہ کا مجرب علاج

سوزاک جسقدر یہ خوفناک مرض ہے اُسیقدر کثرت سے بندگان خدا اس عارضہ میں مبتلا ہیں۔ آغاز میں ہر ایک شخص اسکی تشخیص کر سکتا ہے کیونکہ یہ پیشاب کی نالی کے میوکس ممبرین سے ریم نکلنے اور درد ہونے سے بآسانی شناخت ہو سکتا ہے۔ درد۔ جلن۔ پیشاب کا قطرہ قطرہ بند ہونا۔ ریم کا جاری ہونا۔ اکثر حالتوں میں ورم کا ہو جانا۔ سوزش کے ساتھ بار بار حاجت بول۔ پنڈلیوں اور کمر میں درد وغیرہ وغیرہ۔ ان سخت تکالیف کا تو ابتداء مرض میں ہی سامنا ہوتا ہے۔ علاوہ بریں مابعد کے پچیدگیاں شنز اور خرابیاں جو بے احتیاطی سے علاج اور فضول ادویات کے استعمال کرنے سے نمایاں ہوتی ہیں۔ انکو تو خیال کرتے ہوئے بھی روح کانپتی ہے۔ مرض کے بگڑنے یا گرانک ہونے کی بہانتیں میں ایک مشہور عالم ڈاکٹر ایچ۔ ڈی۔ مرک سرجن فرانس و لنڈن ہاسپٹل کے مشاہدہ جو انہوں نے اپنی ایک کتاب سوم میں درج فرمائے ہیں لکھا ہے کہ میں نے پریکٹس کرتے ہوئے متعدد بار ڈاکٹر برکلی ہل اور ڈاکٹر ہنری تھامسن نے بھی ان ہی کی طرح اسی سبب سے اتفاق رائے کیا ہے۔ انکے وسیع تجربہ میں سوزاک کے بگڑ جانے سے مرض ایپی ڈیڈ میز خصیوں کا بڑھ جانا۔ ارکائیٹس خصیوں کا ورم اور پیچاندہ ہو جانا یورتھرل اسٹیبس پیشاب کی نالی میں پھوڑا ہو جانا سٹرکچر پیشاب کی نالی کا ٹیڑھا بڑھکر بند ہو جانا۔ گنوریل رہا ہے چلنے پھرنے سے عاجز ہو جانا وغیرہ وغیرہ لاحق ہوتی ہیں۔ اب مقام غور ہے کہ اس موذی مرض کا دفعیہ کیسا ضروری اور لازمی امر ہے جسکا لطف زندگی میں ہی فرق نہیں آتا بلکہ زیست بھی وبال جان ہو جاتی ہے۔ مجھے اس امر کے ظاہر کرنے میں بھی تامل نہیں۔ کہ مرض سوزاک کا قرحہ کا مجرب علاج کن کن ادویات سے مرکب ہے؟ اسکے اجزاء اولیم کیوب۔ سنڈل۔ کوپے با۔ بوکو۔ سارسپ وغیرہ ہیں جو خاص ترکیب سے مرکب کئے جاتے ہیں اور ان اجزاء کو تمام موجودالوقت اعلیٰ قزنشن مرض سوزاک قرحہ کا مجرب اور نہایت علاج ہیں۔ یہ تمام ادویات حسب ہدایت کمیٹی آف قدی کونسل تیار ہوتی ہیں جنکو ڈاکٹر بروز۔ ڈاکٹر ایچ جانسن۔ ڈاکٹر کرسٹی سن ڈاکٹر کوین نے بوساطت پروفیسر ریڈ و آف قدی فارماسیوٹیکل سوسائٹی اور مسٹر وارنگٹن آف قدی ایپا سٹ کیمسٹ رائل قرار دادیں میں تجویز کر دی ہیں۔ القصہ مختصر اس مرکب کا اوّل ہی کرشمہ یہ ہے کہ اسکے استعمال سے مریض کو ۱۲ یا ۲۴ گھنٹے میں سوزاک آلہ ذکر سے لکھتی ہے۔ اور دن بدن مرض کم ہوتی جاتی ہے حتے کہ مرض بیخ و بن سے دور ہو کر ایسی حالت ہو جاتی ہے جیسی کہ مرض کبھی ہوا ہی نہ تھا ✦ باایں ہمہ اوصاف قیمت صرف تین روپے (۳ر) محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

ایجکشن فار گنوریا

قیمت دو روپے

یہ امر پوشیدہ نہیں کہ یورپ میں یوگانیو مائنٹی ایجادات کی اسقدر ترقی ہو رہی ہے جسے دیکھکر عقل متحیر ہوتی ہے۔ نئی نئی مؤثر ادویات جو سوزاک و قرحہ میں پچکاری کرنیکے واسطے حال میں ایجاد ہوئی ہیں انسے یہ مرکب تیار کیا گیا ہے جو بعض بعض حالتوں میں پچکاری کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہوتی ہے اسلئے آپ سوزاک و قرحہ کے مجرب علاج کی فرمائش کرتے وقت مرض کی مفصل حالات سے آگاہ کیا کریں تاکہ میں نتیجہ کمال لوں کہ موجودہ صورت میں پچکاری کرنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔ بصورت ضرورت دوائی پچکاری ارسال کیجاویگی ورنہ روانہ نہ ہوگی ✦

تمام دواخانہ جات میں ملتا ہے محمد امام الدین کیمسٹ موجد ولایتی سرمہ مال بازار امرتسر پنجاب

خالص چاندی کے زیورات

مفصلہ ذیل زیورات خالص چاندی کے بہت ضمانت بنے ہوئے ہیں انمیں سونے کا گلٹ کیا ہوا ہے اور بعض جڑاؤ ہیں۔ ہم دعوے کرتے ہیں کہ ہماری کارخانہ کے تیار شدہ زیورات خالص چاندی کے ہیں +

بازو بند

خالص چاندی کے جڑاؤ۔ یہ بازو بند نونگے نہایت خوبصورت سبک عمدہ قابل دید ہیں۔ قیمت فی جوڑ عہ ۱۲

پھولدار چوٹیاں

ہاتھ کی خالص چاندی کی جن پر ہیرے جڑے ہوئے ہیں اور سنہری گلوریکیا ہوا ہے اور نہایت خوشنما

بالی

خالص چاندی کی جڑاؤ سونے کا نہایت مضبوط گلٹ کیا ہوا ہے

نونگے

جڑاؤ چاندی کے بعینہٖ بازو بند مگر نہایت خوشنما وضعدار۔ قابل پسند قیمت فی جوڑ تین روپے چھ آنے۔

سنہری چمپا کلی

جڑاؤ خالص چاندی کی اعلےٰ درجہ کی خوشنما چمپا سنہری گلٹ کیا ہوا ہے اور فیروزے و نگ نہایت ہی وضعدار جڑے ہوئے ہیں قیمت فی عدد چھ روپے چھ آنے

چوڑیاں

ہاتھ کی ڈائمنڈ کٹ پھولی چاندی کی جن پر سونے کا گلٹ کیا ہوا ہے نہایت خوبصورت

قیمت فی جوڑ تین روپے

ہولدلی خالص چاندی کی سنہری

اس ہولدلی پر نہایت عمدہ سنہری کام کیا ہوا ہے۔ نہایت خوبصورت ہے قیمت فی عدد عہ

سنہری پتے

جڑاؤ خالص چاندی کے جن پر سنہری کیا ہوا ہے۔ قیمت فی جوڑ تین روپے

جگنی خالص چاندی جڑاؤ

جڑاؤ سنہری خالص چاندی

سنہری بازو بند یعنی سہ نگے میناکار

خالص چاندی کے جڑاؤ بن پر سنہری گلٹ کیا ہوا ہے۔ اور بہت ہی خوبصورت ہے قیمت فی جوڑ ایک روپیہ گیارہ آنے عہ ۱۱

ہول دلیو کا ہار

اس ہار کی ہول دلیوں میں اسماء الٰہی لکھے ہوئے ہیں جو بچوں کے گلے میں ٹالنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ زیور کا زیور۔ عورتوں اور بچوں کا پورا محافظ ہے۔

بٹن خالص چاندی کے

جن پر سنہری ملمع کیا ہوا ہے۔ نہایت نفیس۔ وضعدار۔ خوشنما۔ خوبصورت ہیں۔

فی سٹ دو روپے (نمبر) الفی نمبر ملحہ فی سٹ ایک روپیہ بارہ آنے (نمبر)

بٹنوں کے سٹ اصلی چاندی کے

جن سٹوں کے نقشے دیئے گئے ہیں قیمت ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ ہے۔ کسی نمبر کے منگانے میں جس قسم کے بٹن آپ منگانا چاہیں۔ نمبر دیدیجئے گا تاکہ اسی قسم کا روانہ کیا جاوے۔ قیمت فی سٹ

نمبر ۱	نمبر ۲	نمبر ۳	نمبر ۴	نمبر ۵	نمبر ۶	نمبر ۷	نمبر ۸	نمبر ۹	نمبر ۱۰
خالص چاندی کی انگوٹھی دست ساز پر سنہری کٹ کیا ہوا ہے۔ فی عدد ۱۳ سے	خالص چاندی کی انگوٹھی چمپا سنہری کٹ کیا ہوا ہے فی عدد ۲ سے	خالص چاندی کی انگوٹھی بہت نگی جس پر سنہری کٹ کیا ہوا ہے فی عدد ۷ سے	خالص چاندی کی انگوٹھی جس پر سنہری کٹ ہیرے لگا ہوا ہے فی عدد دو روپے ۸ سے	انگوٹھی خالص چاندی کی شجرہ جس پر خوبصورت نگینہ لگا ہوا ہے فی عدد عہ	انگوٹھی نگینہ والی چاندی کی نہایت خوبصورت فی عدد ۸	انگوٹھی نگینہ والی چاندی کی نہایت مضبوط فی عدد ۸	انگوٹھی بال نما خالص چاندی کی فی عدد ۸ سے	انگوٹھی عطردان والی خالص چاندی کی فی عدد ۸ سے	

المشتہر محمد عبدالعزیز مینجر کمرشل کمپنی لاہور مزنگ

حضرات! بہت سے اشتہارات زیورات کے آپکی نظر سے گذرے ہونگے۔ مگر مفصلہ ذیل زیورات جنکے نقشے آپ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ بعض ان میں سے جرمن سلور کے ہیں اور بعض پر سنہری گلٹ کیا ہوا ہے۔ بہت ہی وضعداریں اور خاص ایسی نمونہ کے مطابق تیار کروائے گئے ہیں۔ نیچے کچے اور مبھوٹے ہونے میں ہرگز تمیز نہیں ہو سکتی۔ اعلےٰ درجہ کا جرمن سلور لگایا گیا ہے۔ اور بڑا پائدار مضبوط گلٹ کیا ہے۔ لطف یہ کہ قیمت بھی دیگر کارخانوں سے کم رکھی گئی ہے +

داؤنی سنہری جڑاؤ

مستورات ملاحظہ فرمائیں

سنہری جڑاؤ داؤنی جسکی خوبصورتی ہم اس نقشہ میں نہیں دکھا سکتے جو پہننے سے تعلق رکھتا ہے۔ اسکی خوبی اور نفاست کا جڑاؤ کام اسقدر ہے کہ دیکھنے سے

قیمت ایک جوڑہ ۱۴ عدد

لوکھڑ وکڑے سنہری

بالا سنہری

ہر دلعزیز

اے حسینوں کی ہر ہر ادا پر فریفتہ ہوتے ورنہ مجھ یہ بالا جسکی بہار ان عشاق دلدادہ کے دل سے پوچھئے جنہوں نے کسی پر جمال حسین کے زیب گلو اسے دیکھا ہے مالا اس آب و تاب کی ہے۔ کہ بے اختیار خریدنے کو جی چاہتا ہے۔ نہایت خوب صورت قابل دید ہے۔ قیمت ۱۲ روپے ۸ آنے

سنہری جھومر

موتیوں کا ہار

یہ ہار کا نقشہ آپ دیکھ رہے ہیں اسمیں سچے موتی پنچ اور فیروزے اس خوبصورتی سے پروئے گئے ہیں کہ اگر جب چھوٹے ہیں مگر اسکے چھوٹے ہونے کی قیمت محال ہے۔ قیمت فی ہار

بالے سنہری سادے

سادہ جھمکوں کی صورت کا اور آراستہ نمونہ جو

چوڑی

چوڑے پچھے کی۔ ان چوڑیوں کو عام مستورات ہاتھ میں پہنتی ہیں۔ رواج اور عام پسند ہے +

قیمت فی جوڑہ ۱۱

گلوبند سنہری جڑاؤ

صناع کی کاریگری دیکھئے کہ بالکل سونے کا معلوم ہوتا ہے۔ جڑاؤ کام دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ ضرور منگوا کر اسکی خوبصورت طرز کو دیکھئے

قیمت ایک گلوبند کی

چھلا انگشتری

کنگنیاں سنہری

جرمن سلور کی ہاتھ کی

بندن سنہری

بالیاں سنہری

جھومر سنہری

(مفصلہ ذیل ادویات ہر ایک موسم میں استعمال ہو سکتی ہیں)

بصحت کلی تصدیق کردہ نامدی کا داخلی خارجی نظیر اثر علاج

مردی کا بس

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی:۔

روح حیات دو بوتل (صہ ر) پانچ روپے۔ **روغن دافع سستی** ایک شیشی ۲ للعہ

مادر زاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دو سہ ہونیکے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قویٰ کہ انسان کو گوشہ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ مسیحا صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقتوں کو واپس لاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لاغری وغیرہ شرطیہ یکھگاد ور ہو جاتی ہے۔ اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو + قیمت فنیکس آٹھ روپے

نوٹ:۔ اگر بیماری ادویات کے استعمال سے کسی قدر بیماری باقی رہ جاوے تو از الہ مرض کے واسطے آدر مکتفی دوائی بلا قیمت دینگے +

(مفصلہ ذیل ادویات روح حیات کو مقوی معاون ثابت ہوئی ہیں)

تمام فرمائشیں مندرجہ ذیل پتہ پر آنی چاہئیں

ڈاکٹر و سرجن آئی شفاخانہ عام لاہور

روغن دافع سستی

رگوں۔ پٹھوں کی سستی۔ لاغری وغیرہ امراض جو بہشت پیرانہ سالی۔ غلط کاریوں یا کثرت فحشت وغیرہ سے لاحق ہوتی ہوں ایک ہفتہ میں رفع ہو جاتی ہے + قیمت فی شیشی ...

حب المشک

ان گولیوں کے استعمال سے بواسیر انشک کے زخم خشک ہو جاتے ہیں اور دو ہفتے میں قیمت ایک ہفتہ میں

قرحہ و سوزاک

خواہ کیسا ہی پرانا سوزاک کیوں نہ ہو ایک ہفتہ میں کامل صحت۔ فی شیشی

جوشاندہ عشبہ

تمام دنیا نے عشبہ کہا ہے مصفی خون۔ خارش جسم۔ دمہ عصبی۔ قیمت شیشی

سنون قوی دندان

مقوی دندان و مسوڑھے کے واسطے بے نظیر ہے قیمت فی بکس

جوب سوال

دیکھنے کے لئے کیسہ صاحب قیمت بہت کم فی بکس

جناب

انیس اسسٹنٹ خان بہادر ڈاکٹر امیر شاہ صاحب

جناب

انڈیا (رحم الہند) خان بہادر محمد فیروز کی کالہ

جناب

مہتمم دار فنجہ خان بہادر لاہور

جناب

خان بہادر ڈاکٹر بہادر

جناب

خان بہادر

جنوری ۱۸۹۸ء

رسالہ

۱۸۹۸ء

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی ہوئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی خواہ سادہ لاینحل انفلوئنزا دیسی کھانسی کالی کھانسی سخت کھانسی کھڑکھڑاہٹ اور ہر قسم کی تکلیف دہ کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ کے ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ کسی دوائی سے اس تکلیف دہ مرض کا علاج اس سے عمدہ نہیں ہوتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے کھانسی بڑی خوفناک ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس سے پھیپھڑے اور دل میں مرض کی مہلک پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے۔ درخواست باجازت ویلیو پیایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAINS COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ۔ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور سریع التاثیر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے۔ جو تمام معدے کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج۔ ہیضہ۔ پیچش۔ زحیر (دستی زحیر) بچوں کا ہیضہ اور انتڑیوں کی سب قسم کی بیماریاں اس دوائی کے استعمال سے رفو چکر ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کیا ہے لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ و پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہیگا ہے۔ علاوہ اسکے درد قولنج اور پیچش والے بھی کیوں بیفائدہ تکلیف اٹھاتے ہیں فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آزمائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔ اور درخواست باجازت ویلیو پیایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کو فوراً دفع کر دینے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ۔ کمر۔ ران۔ ہپ لمبیگو۔ ہپ اور ورم کے لئے مفید ہے۔ خراب حلق۔ زخم۔ چوٹیں جلے ہوئے مقامات بھی اس عجیب و غریب دوائی کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ سر درد۔ دندان اور درد گوش کے لئے بھی مفید ہے۔ سر درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر صدا اور دکھ موجود ہے۔ پھر کتنے لوگ ہیں جو ایک ایک لمحہ درد ہونے کے لئے بہت کچھ دے دینے کو تیار ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا بھی دعویٰ ہے کہ اس کو آزمائے تو ضرور مندرجہ بالا قسم کی دردوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے اور درخواست باجازت ویلیو پیایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

ضابطہ فوجداری جدید

سوال و جواب ترمیمات ضابطہ فوجداری

ایک مختصر رسالہ بزبان اردو جس میں صرف و ترمیمات اردو دجدل درج ہیں۔ ضابطہ فوجداری جدید یعنی ایکٹ ۵ ۱۹۰۸ء مورخہ یکم جولائی سنہ ۱۹۰۸ء کے ۱ سی یکم جولائی سنہ ۱۹۰۸ء کو نافذ ہونگے۔ سب عام فہم سوال و جواب میں جس سے فوراً ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ پرانے قانون میں اور نئے قانون میں کیا فرق ہو گیا ہے جس کے پاس یہ رسالہ ہو اس کو جدید قانون کی خریداری کی ضرورت باقی نہ رہیگی۔ یہ رسالہ بہت جلد تیار ہو جائیگا اور قیمت صرف (۴) یا اس سے کسی قدر کم و بیش ہوگی۔ اہلکاران پولیس و مختاران جو جدید کتاب خریدنا چاہیں ان کے لئے از بس مفید ہے۔

المشتہر عزیز الدین احمد مجسٹریٹ درجہ اول ضلع بارہ بنکی

اشتہار عطر و تیل

کارخانہ عبد العلیم خان و عبد الحکیم خان مقام فتوح ضلع فتح گڈھ

یہ کارخانہ عرصے سے جاری ہے اور مستند مانتے ہیں کہ ہندوستان میں یہ فتوح عطر کی کان ہے۔ عطر گلاب۔ شمامۃ۔ موتیا۔ مہواگ۔ خسہ۔ موگرا۔ عرق دس شمامۃ العنبر مجموعہ وغیرہ پانچ روپے سے آٹھ آنہ تولہ تک۔ گرعطر گلاب دہ تولہ تک ہی۔ عطر نارنگی جنبیلی جنبا زعفران۔ ہاڑی کیوڑا ۱ تولہ سے ۱ تولہ تک۔ عطر مس ۱ تولہ سے ۱ رتی تک۔ عطر چنبیلی للعہ سے ۱ رتی تک۔ عطر اگر ۱ تولہ سے ۱ تولہ تک ہے۔

روح گلاب ۱ ساڑھے ۱ روپے فی تولہ۔ روح خس فی تولہ ۱ للعہ ۱ روح ہاڑی ۱ تولہ ہے۔

روغن ۱ موگرا چنبیلی ۱ بیلہ ۱ صہ ۱ سیر سے صہ ۱ سیر تک ہے روغن خس الیچی ۱ صہ ۱ سیر سے معاسیر تک سندل و عرق بنفشہ و خوشبودار گلاب۔ دہلیز بھی موجود ہیں۔ طلب کے لئے پہلی درخواست کارخانے کی روانہ کیجاوے۔

المشتہر
عبد العلیم خان و عبد الحکیم خان کارخانہ عطر فتوح ضلع فتح گڈھ

— سیفیض عام سہارنپور۔ افسوس ہے کہ اس سال یہ مدرسہ بند رہا جس سے طلبا کو سخت نقصان تعلیم عمدہ اور مدرس لائق وفائق تھے۔

— گورکھپور کی میونسپلٹی کی بہت شکایت ہے۔ سڑکیں ان کی ایسی خراب ہیں کہ مسافروں کو چلنا محال ہے۔ ذرہ سی بارش سے کیچڑ میں دم کردیتا ہے اور وبائی امراض کے پھیلنے کا خطرہ ہوجاتا ہے۔ کاش ڈاکٹر ہوئی صاحب اس کی طرف توجہ دیں۔

استفسار۔ نواب محسن الملک صاحب نے ہندکی تمام انجمنوں کے نام اور پتے دریافت کئے ہیں۔ جو سرسید میموریل فنڈ کے واسطے چندہ جمع کررہے ہیں تاکہ ان کے حصول کی اشاعت بند کیجائے۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— سرحد برہما چین کا کام آئندہ موسم سرما میں پھر شروع کیا جائے گا۔

— مسٹر ہیرڈ ڈپٹی کمشنر مسٹر کرافورڈ کی جگہ جو سرٹی۔ سی ایس آئی کی جگہ ریزیڈنٹ حیدرآباد ہوئے ہیں) اضلاع حیدرآباد کے کمشنر ہوئے۔

— بی پور اور گولکنڈہ کی طرح ریاستہائے میسور اور حیدرآباد بھی پیل اور سوار جنٹلوں کے بجائے ڈسٹرکٹ بورڈ بنا رہے ہیں۔

— آجکل بنگال کی طرح سود دی صدی۔ بمبئی کی ۱۰ فی صدی۔ بینک مدراس ۶۔ اور بینک انگلستان کی ۲½ ہے کونیا کے قریب دریائے ٹسٹا پر ۱۳ دروں کا ۱۵۰ فیٹ کا پل تیار ہونے والا ہے۔

— آنریبل ڈی۔ ایم چامرس ممبر لیجسلیٹو کونسل حضور ڈسٹرکٹ آئندہ موسم سرما کے بعد سردوس کو خیرباد کہینگے۔

— کنکوار میں جو شخص گرفتار ہوا ہے وہ بالکرشن نہیں ہے اور نہ اس کو مسٹر رینڈ اور لفٹننٹ آئرسٹ کی وفات کے ساتھ کچھ تعلق ہے۔

— کپتان ریجز کا گورہ دھیلین نام ایک بنگھا قلی کو قتل کرنے کے جرم میں ہائی کورٹ ممالک مغربی و شمالی سے زیر تجویز ہوگا۔

— امسال ڈاکی نجات ہند کے ذریعے گزرنے والی اشیا میں ۵ فی صدی کا اضافہ ہے۔

— آنریبل مسٹر نیوجنٹ سینیر ممبر کونسل بمبئی ۳۰ ماہ حال کو رخصت پر جانے ہیں۔ مسٹر ہیچ۔ ای۔ ایم جیمس کمشنر سندھ ان کی جگہ کام کرینگے۔

— بتاریخ گزشتہ کو جس شخص لچھمن نامی نے صاحب پوسٹ ماسٹر جنرل شمالمغربی صوبجات کا اسباب ریل گاڑی سے چرایا تھا۔ اس کو دائم الحبس کی سزا ہوئی۔

— ۱۲ تاریخ کی رات کو کراچی میں انج کو مینہ سے نقصان پہنچا ہوا کر بگا جس سے ظاہر ہے کہ گورنمنٹ ہند کو ان کا انتظام کرنا منظور ہے۔

— ہند سے فوج سوڈان کے واسطے جو تین افسر بھیجنے کی تحریک ہوئی تھی۔ وہ حکام ولایت نے نامنظور کی۔

— پچھلے دنوں جس گورنیس ڈیوریز نام نے ریلوے لین پر دو لیڈیوں کی گت بنائی تھی اس کا مقدمہ ہائیکورٹ شمال مغربی صوبجات کو منتقل کیا گیا۔

— ۲۰ تاریخ کو منی پور میں زلزلہ آیا۔ گو ۱۵ سیکنڈ تک محسوس رہا۔ مگر مطلق نقصان نہ ہوا۔

— کلکتہ کے ایک مقدمہ طلاق میں جس میں ایک دیسی ڈاکٹر پر مین عورت سے طلاق چاہتا ہے عجیب تجویز اُدھر ٹھہری ہے۔ گزشتہ ۵ سال کی نسبت اب کے رقبہ زیر کاشت ۱۸ فی صدی سے زیادہ تھا۔

— دکن اور گجرات میں قحط سے بچنے کا نسخہ صرف آب پاشی کو فروغ دینا ہے۔

— آئندہ تین سال کے واسطے ریلوے بجٹ ۶ پاکر وڑ سالانہ سے زیادہ نہیں ہوگی۔ اس میں جاری لائنوں کی مرمت اور درستی کا صرف شامل ہوگا۔

— سر آسمانجاہ کی وفات پر حیدرآباد دکن کی عدالتیں دو روز تک بند رہیں۔

— بنگال و آسام سٹیٹ ریلوے پر مسٹر الڈی اگوکٹو انجنیر کی ہلاکت کے شبہ میں جو چھان گرفتار ہوا تھا وہ اپنے جرم سے اقبالی ہے۔

— ضلع ستارا کے ۳ مشہور ڈاکو بمبئی میں گرفتار ہوئے۔

— ۲۸ ویں فیلڈ بائری کے جن سوگوروں نے ڈاکٹر سرشچندر کو ہلاک کیا تھا۔ ان کی نسبت اہل جوری نے ضرب شدید لگانے کا فتوی صادر کیا۔ لہذا ان کو ہائی کورٹ نے ۷ سال قید بامشقت کی سزا دی۔

— رنگون کے بازاروں میں لکڑی کے فرش کا بھر فاطر خواہ پایا گیا ہے۔ اس لئے اس کو وسعت دیجائیگی۔

— انگلستان لندن میں سول سروس کا جو امتحان ہونے والا ہے۔ اس کے متعلق ۶۵ اسامیاں خالی ہونگی۔ ۱۸۹۴ء میں ان کی تعداد صرف ۳۶ تھی۔ لیکن برہما کے الحاق سے یہ تعداد بڑھ گئی ہے۔

— گورنمنٹ ٹراونکور اپنی لاگت سے ٹریونڈرم سے رام یوتی تک ۵۷ میل ہلکی ریلوے تیار کرنے والی ہے۔

— ہز ہائینس نواب صاحب جاورہ کے اتالیق کیپٹن نیپیئر کا جنازہ ہز ہائینس مہاراجہ صاحب ٹلکی توپ والی گاڑی میں نہایت عزت کے ساتھ اٹھایا گیا۔

— مسٹر سی۔ وے سابق منیجر مکڈول ایجنسی و مالک ملک ڈیپو قرضخواہوں کے خوف سے بھاگ گیا ہے۔ اسکی اثاثہ دگرگیوں کے انتظام کے واسطے عدالت میں پہنچایا گیا۔

— راجہ جیتپال سنگھ نے اپنے پرائویٹ سکرٹری پر کلکتہ میں سرقہ کا جو استغاثہ دائر کیا ہوا تھا خارج ہوگیا ہے۔

— ماہ مئی میں ۴۳۷۶۵۳۳ روپے کا سونا۔ اور ۷۱۰۰۵۱۹ روپے کی چاندی باہر سے ہند میں آئی۔

— ہوڑہ میں ایک شخص پران ناتھ نے ایک شخص تارا چند کو جو اس کی بیوی سے آشنائی رکھتا تھا۔ ہر چند بازر ہنے کو کہا یا۔ مگر جب کچھ اثر نہ ہوا تو اس کو دعوت کے بہانے سے بلوا کر قتل کر کے دریا میں پھینک دیا۔

— مسز آسمانجاہ مرحوم کا جنازہ ۲۶ تاریخ کی شام کو ملکہ پیٹ میں دفن کیا گیا۔

— ہز ہائینس حضور نظام نے اپنے وزیر اعظم کی وفات کی خبر سنتے ہی حیدرآباد کو مراجعت فرمائی۔

— تخمیناً ساڑھے طلبہ گرگون سے انگلستان جانے ہیں۔

— پولیس کورٹ کلکتہ میں ایک شخص پی سٹوبلیو رابرٹس پر لفافے مجرم کو بیچا اس روپے کا سائڈ چوری کرنے کی علت میں ۶ ماہ قید کی سزا ہوئی۔

— ہائی کورٹ الہ آباد کا فوجداری سشن یکم اگست کو الہ آباد میں شروع ہوگا۔

DR. LYONS' IODIZED COMPOUND EXTRACT OF SARSAPARILLA.

ڈاکٹر لائن صاحب کا آیوڈائن سے ملا ہوا مرکب سارسپاریلا کا سست

خون کا نہایت عمدہ صفائی کرنے والا جو بذریعہ آکسائیڈ عمل کرتا ہے اور ان رطوبات کو جو خون کی صفائی میں خلل ڈالتی ہیں۔ پسینوں پھوڑوں پھنسیوں۔ آتشک اور ہر قسم کے خون اور جلد کی امراض کو دفع کرتا ہے۔ ہندوستان اور ونیک کے تمام انگریزی دواخانوں سے یہاں سے مل سکتا ہے۔ صرف خالص دوائی امریکہ کے ڈیڈرک سٹیرلنس اور کمپنی سے ملسکتا ہے۔

سر آسمانجاہ مرحوم کی آمدنی جاگیر اور اراضیات پائیگاہ سے ۱۲ لاکھ روپے سالانہ ہے۔

عجیل رنگون میں چوریوں کی بہت کثرت ہے۔

کبھی اقسام کے سانپ۔ سوسمار اور دیگر حشرات الارض پانی کے بغیر زندہ رہتے ہیں۔ صحرائی پرندے بھی چمگادڑ۔ فرانس کے بعض حصوں میں بکریاں اور گائیں شاذ ہی پانی پیتی ہیں۔ تاہم خوب دودھ دیتی ہیں۔

گزشتہ جمعہ کو ناگپور میں بجلی طوفان آیا چند گھنٹے موسلا دھار بارش ہوئی۔ جس کی اوسط ۸۰ انچ تھی۔ آناً فاناً دریا کی میں سیلاب آگیا اور کئی جانیں تلف ہوگئیں۔ ایک اندازہ میں ۵ لاکھ کے بہ گئے۔

۵ جولائی کو بمبئی میں ۹ آدمی متبادل طاعون سے اور ۱۰ کراچی میں اسی تاریخ کو ۲ آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے اور ۳ مرے۔ اس وقت تک ۴۰۳۴ مبتلا اور ۳۹۰۲ فوت ہو چکے ہیں۔

آنریبل کرنل سر جارج میور چیئرمین میونسپلٹی مدراس گاڑی سے گر کر زخمی ہوئے۔ اب ہسپتال میں صحت یاب ہو رہے ہیں۔

گزشتہ اتوار کو ۱۹ ویں بنگال لینسرز کے ایک سوار نے اپنی رجمنٹ کے دوسرے سوار کو ہلاک کیا۔

سیجوڈبلیو۔ ای غلب ۲۸ ویں پنجاب انفنٹری کی کمانڈ لینگے جہاں سے مسٹر ایچ۔ ایل فنیقہ فل سکیدوش ہو کر لفٹننٹ کرنل ہوگس کی جگہ ۳۲ ویں پنجاب انفنٹری کے افسر ہوئے ہیں۔

پنگلہ گزشتہ سرحدی مہم میں بہت افسر کام آئے ہیں اس لئے رائل ملٹری کالج سنڈہرسٹ کے نوجوان طلبہ کا امتحان معمول سے بہت پہلے ہوگا۔

(لاہور۔ انتخاب و سرحد)

۲۲ تاریخ کی صبح کو لینڈسی کوٹل میں آگسفورڈ لائٹ انفنٹری کے لیفٹن سے دو مچھر چوری گئے۔ جو تاجران کا کام معلوم ہوتا ہے۔

۱۱ تاریخ کو ہز صاحب کابل شیر پور کے قریب باغ تولا دجہاں موسم گرما بسر کیا کرتے ہیں تشریف لے گئے اور معلوم ہوتا ہے کہ امسال تکماں نہیں جائینگے۔

مسٹر جے ولسن آئی سی ایس۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی بہت جلد رعائتی رخصت پر جائینگے ہیں۔

ایکٹ سیکرٹری میونسپلٹی کو جو انوالہ میں بھی نامزد کیا گیا ہے۔

میر منشی گورنمنٹ پنجاب کے مکان سے جو اسباب چوری گیا ہے۔ اس میں ایک ریوالور بھی تھا۔

ٹوکیو سوسائٹی امرتسر نے آرگنٹھ صاحب کی مکمل اخلاق تیار کی ہے جو عنقریب چھپ کر شائع ہوگی۔

دہلی کے ایک پلیٹ فارم پر ایک عورت کیتھرائن کبر نے مداحلت بچہ کی جو نالش دائر کی تھی وہ بوجہ عدم ثبوت خارج ہوگئی۔

گزشتہ بدھ کو ریلوے سٹیشن لنصرت ۱۲ فرلانگ دور ایک ۱۸ سالہ ہندو نوجوان لڑکے کی لاش پائی گئی جس کی نسبت تحقیقات ہو رہی ہے۔

خیبر کے افسروں کو باتبلغ ۲۴ گھنٹوں کے اندر واپس طلبی کی ۳ ماہ کی عام رخصت ملنے کا ایما ہوا ہے۔

نکدر بازار متھرا لینن کی تجویز مکمل ہونے تک دہلی و آگرہ ریلوے کا کام ملتوی رہیگا۔

وادی کرم میں سدا کے قریب ایک نئی چوکی کے واسطے موقع پسند کیا گیا ہے۔

۱۸ جولائی کو صاحب ریزیڈنٹ نے سری نگر جا کر ہز ہائینس مہاراجہ صاحب سے ملاقات کی۔

۱۴ جولائی کو سری نگر میں ہز ہائینس مہاراجہ صاحب کی سالگرہ کا جشن تھا۔

اخبارات نے اس رسالے کی (حق) تعریف کی ہے کہ کسی دوسرے اخبار یا رسالے کی نہیں کی

انتخاب لاجواب

(دنیا کی تمام نہایت دلچسپ اور مفید کتابوں اخباروں رسالوں اور تحریروں سے)

منجو ۱۹ فروری ۱۹۰۹ء کے پیسہ اخبار کے ہمراہ رسالہ انتخاب لاجواب نمونے کا نمبر اس لئے کئی ہزار تقسیم کر دیا تھا کہ لوگ اپنے لئے خود اندازہ لگا سکیں کہ کس قسم کا رسالہ یا اخبار ہوگا کیونکہ اس سی پیشتر اردو زبان میں ایک بھی اس نمونے کا رسالہ اب تک موجود نہیں ہے۔ اس وقت ہمنے اس کے جاری کرنے کے لئے یہ قید لگائی تھی کہ اگر سات سو درخواستیں اس رسالہ کی خریداری کے لئے پیشگی قیمت کے وعدہ پر آئیں تو میں اس کا دوسرا نمبر جاری کرونگا۔ کیونکہ اس کی ایڈیٹری بڑی محنت اور خرچ کا کام ہوگا۔ مگر افسوس کہ اس صدا فرش سے بھی سات سو درخواستیں خریداری کی وصول نہوئیں۔ بلکہ صرف ۴ سو درخواستیں جمع ہوئیں اور باوجود یکہ ان ۴ سو درخواستوں سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ لوگ اس رسالے کے مطالعہ کے بعید شائق اور دلی آرزومند تھے۔ تاہم اپنے وعدہ کے مطابق ان ۴ سو خریداروں کے لئے ہم "انتخاب لاجواب" کو اس وقت جاری نہیں کیا گیا۔

لیکن اب ساڑھے تین سال گزر جانے کے بعد پھر مجھے شوق نے گدگدایا ہے کہ ایسے مفید اور دلچسپ مطالعہ کا رسالہ اردو زبان میں بھی ضرور جاری ہونا چاہیئے۔ تاکہ اس کی ہزارہا دلچسپ باتوں عجائب تجربات علمی اور عملی معلومات دلچسپ امور اور حکایات حیرت انگیز واقعات اور فسانوں سے اردو خوان اہل ملک بھی مستفید ہوں۔ مالگزاری میں اس وقت کم از کم ایک درجن ایسے رسالے ہفتہ وار شائع ہوتے اور لاکھوں کی تعداد میں بکتے ہیں۔ جن کا ایک ایک ورق ایسی ایک ایک اس سے کئی گنا مضامین نرالے ہونگے مجھے یقین ہے کہ جو اس کا ایک نمبر دیکھ لینگے اگر ذرہ بھی مذاق طبیعت میں رکھتے ہونگے تو دوبارہ دیکھنے کی بھی آرزو کرینگے میں نے ارادہ کیا ہے کہ تو کلت علی اللہ اس کو ۱۵ اگست ۱۹۰۹ء سے جاری کر دیا جائے۔

صرف نمونے کا پرچہ مفت دیا جائیگا۔

ہر صاحب جو انتخاب لاجواب ہفتہ وار کو خریدنا چاہیں چھ روپے قیمت سالانہ سوا تین روپے قیمت ششماہی پیشگی بھیجیں۔ کریں یا دو سہ ماہ کا وی پی بھیجیں۔ بیرونی کی اجازت نہیں کے خلاف میں کسی قسم کے انعام تقسیم نہ ہوا کرینگے۔ خریداروں کو ول سیکنے جن سے پیشگی قیمتیں وصول ہو چکی ہیں بہت جلد مع قیمت یا اجازت وی پی ایبل بنام دفتر پیسہ اخبار لاہور آنی چاہیئں۔

۲۲ تاریخ کو قبل دوپہر لاہور میں بہت بڑا آتشزدگی سٹیشن پر ایک بہت بھاری بارڈر ٹرالیوں پست دو آدمی ہلاک ہوگئے۔

کیپٹن جے ماکر متعلقہ چہارم پنجاب انفنٹری سپیشل اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ مقرر ہوئے۔

سندی پور سے ذخار گلگت کو جانے شروع ہیں۔ یہ کارروائی ۳۰ ستمبر تک جاری رہیگی۔

ہز آنر سر ڈینس فٹز پیٹرک کے سی ایس آئی اہل ڈوی سابق لفٹننٹ گورنر کی شبیہ دلائت سے تیار لاہور پہنچ گئی ہے۔

علی مسجد کے مکپ مسافران میں گولیاں سے دو مچھر مجروح ہوئے۔

۱۵ اگست کو حضور وائسرائے نمائش صنعت شملہ کھولینگے۔ جس میں کامیاب ہونے کی پوری امید ہیں۔ جن کو بہت ضروری کام سکھایا جاتا ہے۔

شہر لاہور کے مدرسہ ہندو بیوگان میں ۱۹ عورتیں

اشتہار

تمدن عرب

شمس العلماء مولوی سید علی صاحب بلگرامی معتمد تعلیمات عامہ دریاسے وغیرہ سرکار نظام حیدرآباد دکن نے فصیح اردو زبان سے ترجمہ کر کے غیر معمولی اہتمام سے چھپوایا ہے۔ کتاب بڑی تقطیع کے تقریباً (۸۶۰) صفحے کی ہے۔ اور اس میں تمدن اسلام کے متعلق (۱۴۲) تصاویر اعلیٰ درجے کی جو امریکہ میں تیار کرائی گئی ہیں۔ اور ان کے علاوہ تین نقشے ہیں۔ جلد بھی اعلیٰ قسم کی امریکہ میں بنی ہے۔ قیمت کتاب مع محصول ڈاک و خرچ وی پی ایبل لہ عہ ۸ (اکاون روپے آٹھ آنے) ہے۔ جو کتاب کی حیثیت کے مقابل میں کچھ نہیں۔ اس کتاب کا ایک نمونہ بھی چھاپا گیا ہے جس میں تہدیہ کتاب۔ فہرست مضامین و فہرست نوادر و فہرست تصاویر۔ اور دیباچہ مترجم اور مقدمہ کتاب اور ایک تصویر شامل ہے۔ اور اس سے پورا اندازہ کر کے بالکتاب کا ہو سکتا ہے۔ نمونے کی قیمت مع محصول ڈاک عہ ۴ (ایک روپیہ چار آنے)۔ جن صاحبوں کو مطلوب ہو۔ خواہ اصل کتاب یا نمونے کو مترجم سے طلب فرمائیں۔

— ... گست کی شام کو سٹیشن شملہ اور اُس کے ملحقہ ... ہزار کی شمار ہوگی۔

— ... ہائینس امیر صاحب کابل کے سفیر ... ہزار محمد یعقوب خان ... سلیمان بہت جلد وارد شملہ ہونے والے ہیں۔

— ... ڈسٹرکٹ جج ہزارہ موسمی بخار سے سخت ... ہیں۔

— ... چارڈ سپرنٹنڈنٹ ڈاکخانہ جات لاہور ڈویژن ... ڈائرکٹر جنرل کے اسسٹنٹ ہوئے۔

ممالک غیر

— ... والے کہتے ہیں کہ اب شراگٹ صلح تجویز ... کا بات چیت آگیا ہے۔

— ... کا سالانہ حج عملی طور پر ختم ہوگیا ہے ... ہیں حاجیوں کا کوئی کیس نہیں ہوا۔

— ... کرشین نے ہوس آف کامنز میں بیان کیا کہ ... کرنے والے اور ۱۴ تارپیڈو تباہ کرنے والے) جہاز ... ۸۰ پونڈ کی لاگت سے تیار کئے جائیں۔ روسی بحری پروگرام ... ہیں کی ضرورت ہوئی ہے کیونکہ بحری افسروں کے خیال ... ٹش جنگی بیڑا دیگر دو سلطنتوں کے ملے جلے بیڑوں ... مساوی ہونا چاہیے۔

— ... میں بغاوت کو گستی ابھی فرو نہیں ہوئی اس ... ہے کہ دیسائے باغیوں کے مقابلے پر فوج بھیج رہا ہے۔

— ... گورنمنٹ آکلینڈ کا مسودہ دوسری دفعہ ہوکر ... ڈنگ میں بلا تفریق پڑھا گیا۔

تحفۃ العاشقین

کتاب کیا ہے ایک نادر الوجود جواب ... عطر مجموعہ ہے۔ جس میں دل میں ... ہوں کی تصویریں دی ہیں۔ جس سے کہ بھلی بری عورت ... خصیں ہوتی ہے۔ بوڑھے جوان اور جوان نوجوان بننے ... حیلوں تک دوڑنا نہیں پڑتا۔ زندگی تلخ کرنے والے ... امراض کی ادویہ ہر فرد بشر خود تیار کر سکتا ہے۔ بڑے ... جواب اور مجرب نسخے درج ہیں۔

یہ کتاب تین حصوں پر منقسم ہے۔ پہلی بزم میں ایک ... مراحی۔ دوسری بزم میں ایک جلوہ پھیکا اور تیسری ... میں ایک آسائش اور صحبتیں تحریر کی گئی ہیں۔ ساغر میں ... سے نفسے اور نقصان۔ جلوہ میں معشوقان دلربا سے ... کا بیان۔ خاتمے پر تمام برکات کو ختم کر دیا ہے۔ ... زندگی کو عمدگی سے بسر کرنا چاہتے ہو تو اس کتاب کو ... قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے (صفحہ ۳۰)

دلیوں کا جادو یعنی طوائفوں کا کچا چٹھا

اس کتاب میں تیر بے پناہ اور ناوک جادو کا ... ہیں مثالی قصوں کے ساتھ لکھی گئی ہیں کہ بازاری ... اور عیاش عورتوں سے نوجوانوں کو نجات ملے۔ ... کے دام میں پھنس کر اپنی عمر عزیز برباد نہ کریں ... چکا یا ہے بغیر ختم کو چھوڑنا نہیں چاہتا قیمت ... المشتہر مینیجر اخبار کریمل مراد آباد

— مسٹر کرزن نے ایک زائد اسسٹنٹ سکرٹری کے مقرر کئے جانے کی تصدیق کی۔ یہ عہدہ وارنی احوال معاملات افریقہ کا تصفیہ کریگا۔

— حضور پرنس آف ویلز کو گھٹنے میں جو ضرب لگی ہے اب اُس میں بہت افاقہ ہے۔

— ہندو مصر برلن تشریف لے گئے ہیں۔ جہاں ۲ روز قیام کر کے پیرس جائیں گے۔

— امریکہ والوں اور کیوبہ کے باغیوں میں ناچاقی ہوگئی ہے۔ ان کا سفید کار رشیا اپنے علیحدہ اڑھائی چاول پکا رہا ہے

— ایک ہلمرچن گشت کرنے والے جہاز نے ایک برٹش جہاز کو سن چیوس کے ناکے پر ذخائر اُتارتے ہوئے گرفتار کیا۔

— فرانس کا غدار زولا عدالت کی کھلکھٹ سے بچنے کے واسطے اپنے ملک سے بھاگ گیا ہے۔

— سنٹیاگو میں ہسپانیہ کے قیدیوں اور افواج امریکہ کے مابین دوستانہ برتاؤ شروع ہوگیا ہے۔

— باوجود برٹن کلاں اور فرانس کے باضابطہ مطالبہ کے سلطنت عثمانیہ نے اُن نقصانوں کا کرنی معاوضہ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ جو قسطنطنیہ میں عیسائیوں کی خونریزی سے ہوا ہے۔

— سپین میں جو سپاہی جنگ میں نکمے ہو جائیں اُن کو گوشت اور بازاروں میں بھیک مانگنے کی اجازت ہو جاتی ہے۔

— آئندہ موسم گرما میں ایک غبارہ مازکوہ الپس سے گزرنے کی کوشش کریگا اور اوپر سے اس کا فوٹو لیگا۔

— ایک نئی طرح کے قفلوں کے اندر ایک خانہ میں قمع بارود رکھا گیا ہے جو بے موقع ہاتھ لگانے سے بندوق کی طرح آواز دیتا ہے۔

— اب بچے ایکھی کے کاغذ کی چاسلائیاں بننے لگی ہیں۔ جو سستا اور زاں اور سبک ہیں۔

— پرنس آف ویلز کے پاس کئی گمنام پارسل دھماکہ خیز پہنچے ہیں۔ پچھلے دونوں ایک صندوق سے تباہ آمد ہوا جو اب تک ہر رائل ہائینس کے پاس موجود ہے۔

— اس وقت ہسپانیہ کے قیدیوں کی تعداد ۲۷۸۰ ہے جو جنرل شفٹر کی ماتحت فوج سے زیادہ ہیں۔

— پریسیڈنٹ میکنلے نے امریکہ والوں کی طرف سے جنرل شیفٹر کا شکریہ ادا کیا ہے۔

— جب فوج سنٹیاگو نے سلحہ پھینکدیا تو اسپین جنرل نے ہسپانیہ کے جنرل کی تلوار لوٹا دی اور اُس کے ساتھ گھوڑے پر شہر میں داخل ہو کر اُس کا باضابطہ قبضہ لیا۔

— اخبار ٹائمز لکھتا ہے کہ اگر امریکہ والے فلپائن پر قابض ہوں تو برطانیہ کا اس کو مطلق حسد نہیں ہوگا۔

— چین کی نئی پارلیمنٹ کے ممبر دنیا کے تمام حصوں سے باغیوں کی مدد کے واسطے جمع ہو رہے ہیں۔ اور اُن کی کوشش ہے کہ مغربی طاقتوں سے مطالبہ چین میں گورنمنٹ قائم کیجائے۔

— ایڈرک کو شنگھائی میں بلوہ کا آغاز ہوا۔ اور ایشیائی ملاحوں نے ۱۰ جینیوں کو گولیوں سے ہلاک کیا۔

— روسی سرحد کے قریب چینی صوبہ کانسو میں بغاوت پھیل گئی ہے۔

— پچھلے سال پرسلم اور ضلع سے نارنگیوں کی بھاری مقدار ممالک غیر کو بھیجی گئی۔ قریباً ۲ لاکھ نوے ہزار بکس انگلستان لوگئے۔

— ۱۸۹۹ء کی نمائش پیرس کے واسطے برٹش گورنمنٹ نے جو ۵۰ ہزار پونڈ دینا کیا تھا۔ اب اُس کے دگنا کرنے کی ضرورت معلوم ہوئی ہے۔

— ایک رسمی لیڈی ۱۹۰۰ء کی نمائش پیرس میں صنائی مذہب کے اخلاق کا سکشن قائم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

Chamberlain's Cough Remedy

چیمبرلینس کف ریمیڈی

(چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی امریکہ میں بنائی ہوئی)

ہر قسم کی کھانسی سے کام۔ نزلہ۔ بچوں کی کھانسی کالی کھانسی سیل۔ گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل رفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ایک مرتبہ اس کو آزمانے سے اور صحت پائے۔ قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے۔

تمام انگریزی دوائی فروش فروخت کرتے ہیں۔

لاہور میں شیخ نصیر الدین اینڈ سن بالمکان پنجاب میڈیکل ہال ریلوے اسٹیشن امرتسر میں میاں فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے ملتی ہے



بسفری حمائل شریف مترجم و محشی اردو پوری چھپنے جا رہی ہے جس کی ایجنسی ہمارے سپرد ہوئی ہے

مسلمانان ہمالک یورپ حمائل شریف یعنی مجموعہ اسماء الحسنیٰ کو اچھی طرح جانتے ہیں اس ہمالک حمائل کی صفات میں ہم اور زیادہ مبالغہ نہیں کرسکتے صرف مختصر طور پر عرض کرتے ہیں کہ اگر کوئی صاحب بمالہ مجموعی صفات ہمکی نظیر تلاش کرنا چاہیں تو ہم اسکو ایک حمائل مفت دینگے۔ تفصیل اوصاف یہ ہے (۱) نہایت صحیح (۲) اعلیٰ درجہ کی خوشخط (۳) صفائی طبع میں بے نظیر (۴) بہت واضح (۵) ثمن ایک بہت بڑی خوبی جس سے اکثر لوگ ناواقف ہیں ہمارے ایجنٹ کے ذریعہ سے ایک حمائل پر علاوہ محمدا احمد خان عبدالغفور صاحب مترجم اور بہت سے مفید فوائد جدید تفسیروں مثل تفسیر ابن کثیر و تفسیر فتح البیان و تفسیر جامع البیان و تفسیر وحیدی اور کتب حدیث سے مختصراً طور پر لکھے ہیں جو آج تک کسی نے نہ کسی قرآن یعنی حمائل شریف میں نہیں لکھوائے۔ لہٰذا ضرور اس حمائل کو منگوا کر پڑھیں یہ ایک فقہ اس مجلد سادہ کی قیمت ہم نے صرف ۱۲ رکھی اور آئندہ بھی قیمت یہی رہیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حمائل شریف ہمارے رنگا رنگ کاغذ پر چھپائی گئی ہے سفید۔ بنفشی۔ نیلا۔ سرخ۔ سبز۔ بادجود ان تمام خوبیوں کے قیمت محصول ڈاک پہلے قیمت سے جلد سہ محصول ڈاک ہے اور جو شخص آٹھ حمائل بکشت خریدے اسکو ایک حمائل مفت بھیجی جائیگی۔

المشتہر ان عبدالغفور و محمد احمد خان عفی عنہ نوجوان اکابان مدرسہ القرآن دارالسرور فیروزپور

نئی طرز کی مشکوٰۃ شریف مترجم و محشی اردو

اس اسلام کو خدا ہو کہ عربی کی مقبول کتاب یعنی مشکوٰۃ شریف کا ترجمہ میں اسطور رعایت لفظ کرکے حاشیہ پر وہ فوائد صحیحہ محققانہ طور پر لکھے گئے ہیں جو اب تک مشکوٰۃ میں نایاب ہیں۔ متن خط عربی میں جلی قلم سے بااعراب لکھا گیا ہے اور نہایت صحت اور صفائی اور خوشخطی کے ساتھ چار رنگ کرکے مطبع القرآن دارالسرور میں چھاپی گئی ہے قیمت فی ربع عاکہ سہ کاہل کتاب کی قیمت سہ محصول ڈاک ایضاً ہے۔ وجہ سے۔ اگر کوئی شخص کامل کتاب چاروں ربع خرید کرے ڈاکٹر کو فی ربع ۱۲ رکھیں دیا جائیگا۔ کتاب نہایت مفید اور قابل دید ہے۔ جملہ مسلمان اسکا مطالعہ کرکے حظ وافر اٹھاویں اور دیگر کارآمد دینی کتابوں کی فہرست کو جو مفت چاہیں دو پیسہ کا ٹکٹ بھیجکر منگا لیں۔

المشتہر ان عبدالغفور و محمد احمد خان عفی عنہ نوجوان اکابان مدرسہ القرآن دارالسرور فیروزپور

دو ہزار آٹھ سو تین روپے مفت تقسیم کئے گئے

سلم ٹیلر ماسٹر گوجرانوالہ اپریل ۱۹۰۵ء میں کھولا گیا تھا۔ اور اپریل ۱۹۰۶ء تک (۱۲۰۰) اشخاص ممبر ہو چکے ہیں اور (۲۴۰۰) درخواستیں منظور ہونے کے لئے پیش ہو چکی ہیں۔ ۱۲۰۰ اشخاص کے نام شماریاں ہیں اور ان کو فی کس روپیہ ۱۵ ہو سو تیس روپے ادا ہو چکی ہے۔ ان کو فی کس مبلغ تین روپیہ فنڈ میں داخل کرنے تھے۔

اس فنڈ میں ہر ایک مسلمان مرد یا عورت ممبر ہو سکتا ہے۔ روزانہ داخل ہے اور ماہواری چندہ پیشے کے لحاظ سے ۱۲ تک ہے۔ اگر ناغہ ہو۔ اس فنڈ کل عیدگاہ روپیہ دے کر شاہ ہی کے موقعے پر ایک ہزار روپے تک مدد مل جاتی ہے مؤثل قرضہ کے لئے ایک آدمی کا ٹکٹ ارسال فرما دیا جائیگا۔ داخلہ مفت ارسال ہوتی ہیں۔

المشتہر حکیم یعقوب شاہ صاحب سیکرٹری مسلم ٹیلر ماسٹر فنڈ گوجرانوالہ

ضرورت

(۱) ایک مسلمان گریجوایٹ۔ ایک زنانہ مدرس کی جو انگریزی کی واقفیت رکھتا ہو۔ مدرستہ میں مدرس اوّل انگریزی ہوسکے تنخواہ ۔۔۔ انڈر گریجوایٹ جو فرسٹ ڈویژن میں انڈر گریجوایٹ ضرور فرسٹ گریجوایٹ للعہ۔

(۲) اسی مدرسہ میں ایک مسلمان ریاضی کی جو انگریزی میں فرسٹ کلاس ریاضی پڑھا سکے۔ انٹرنس یا ایف پاس ہو۔ ۔۔۔ سے ۔۔۔ تک۔

ان دونوں مذکرہ بالا اسامیوں پر سند یافتہ کو ترجیح دی جائے گی۔

(۳) ایک ایسے عالم کی بھی جو عربی میں لیاقت رکھتا ہو۔ یعنی حدیث میں صحیح اور فقہ میں ہدایہ اور تفسیر میں بیضاوی ادب میں حماسہ اور متنبی اور معنی الادیب امام مالک وغیرہ کتب پڑھا سکے تنخواہ ۔۔۔

نوٹ۔ بشرطیکہ کوئی گریجوایٹ اور دینیات سے واقف نہ ہو کہ مدرس اعلےٰ یعنی ہیڈ ماسٹر ہوں گے۔

(۴) بمد جب نمبر ۱۔ اگر کوئی صاحب جو علاوہ گریجوایٹ ہونے کے عربی ان اور میں کسی قدر حدیث اور قرآن شریف کا طور پر جانتے ہوں۔ اور پابند نماز ہوں تو تنخواہ ۔۔۔ سے ۔۔۔ تک دیئے جائیں گے۔ شرائط ملازمت بذریعہ خط کئے جائیں گے۔ درخواستیں ۱۵۔ اگست ۱۹۰۶ء تک پتہ ذیل پر چاہئیں۔

المشتہر

خاں صاحب محمد علی صاحب ایم اے ایل ایل بی پلیڈر و سیکرٹری انجمن مصلح الاخوان ایسوسی ایشن ضلع

تھوڑا سا گر سیماب کا گٹکہ

جس سے حاسد کا شیر موافق مزاج ہو گا موافق آجائیگا طاقت کو بڑھانیوالا۔۔۔ بگو گا ڈھا کرنے میں بے نظیر ہے۔ اور مرد کی قوت زائل ہونے کا راز ہمراہ جلا دیا جاتا ہے۔ صاف ایک گولی یاری کی بیمثل صفا اور سال کرکے مشکور فرماویں۔ ہمارا معتمد لیکا ہے جو جیالکا آپ کے نظارہ دوار کا پرشاد صاحب قانونگو کو بھیجا ہے۔ عبدالعزیز نائب تحصیلدار بچہ اپنے ضلع گوجرانوالہ ۱۲ اپریل ۱۹۰۶ء محمد مظفر اعلیٰ قسم کا نوشہ ۵ منٹ میں سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ ایک شیشی ۱۲ اونس ۱۲ تک کافی ہے۔ بلا نقص ہے قیمت عمدہ۔ چند روز پیشتر آپ کی دکان سے خضاب منگوا کر ایک دوست کو دیا تھا۔ بیکار ثابت ہوا۔ بہت عمدہ خضاب ہے ایک سیتی بھی اعلیٰ درجہ کی ۱۷ اپریل ۱۹۰۶ء خانخانان ضلع جھنگ شاہ مالک گیہ۔ خریدار میں اخبار ۔۔۔ خاکسار دیان مفت سلم مالک دیانند میڈیکل ہال امرتسر

عجیب و غریب ناول

مصنفہ قاری محمد سرفراز حسین صاحب عزمی دہلوی

سعید۔ یعنی ایک نوجوان مسلمان کا فضل عقل و سمجھ میں مشغول اپنے اور طوائف کے مکان پر جا پہنچا۔ بہ ہمراہ تحریک مع محصول ڈاک ۱۲ سعادو۔ یعنی چند شریف زادوں اور ایک مسلمان طوائف کا راہ راست پر آنا۔ قیمت مع محصول ڈاک ۱۲

شاہد رعنا۔ یعنی دہلی کی ایک مسلمان نائب طوائف کی اپنے قلم سے لکھی ہوئی سوانح عمری۔ شکایہ۔ مصنف یعنی نرگس شباب اور بجام قیمت فی حصہ محصول ڈاک ۱۲

المشتہر حسن رحمت خاں بینڈ سنز سوداگران میلی ٹال

شکر ہونا چاہیے لیکن میرے خیال میں ہمارا وہ جذبہ شکر نہایت عمدہ قسم کے بصد سپاس کے قابل ہے کہ جو بلند کہنے اور کرنے میں ظاہر ہوا کرتا ہے۔

عنقریب یہ تجویز عمل لائی جانے والی ہے کہ فوجی نقطہ نگاہ سے سرحدی چوکیوں کا وقتاً فوقتاً اس نظر سے معائنہ کیا کریں کہ ان کے استحکامات کہیں سے منہدم یا مرمت طلب تو نہیں ہو گئے۔ گزشتہ سرحدی فسادوں نے بہت سے سبق دیئے ہیں اور ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ سرحدی چوکیوں کی حفاظت میں سخت احتیاط کیجائے اور ہر وقت مہیا کیا جائے۔ محافظ اور سامان جنگ کے اس قابل رکھا جائے کہ کسی ناچاہ جنگ کی مدافعت کر سکیں۔

افسون نام ہے ایک ناول کا جو منشی سجاوت حسین صاحب بی۔ اے ہیڈ ماسٹر ہائی سکول نے انگریزی زبان سے ترجمہ کیا ہے اور ابن علی صاحب منیجر اخبار زمیر اعظم مراد آباد نے اپنے مطبع میں چھاپا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر مسرت ہوئی کہ ناول مذکورہ نہ صرف ان عیوب و اسقام سے پاک ہے جو آجکل اردو ناولوں۔ علی الخصوص فرخ اور انگریزی زبان کے ترجموں میں پائے جاتے ہیں بلکہ مزید برآں اس میں ناظرین کا دل بہلانے اور لگا رکھنے کے لئے غیر معمولی دلچسپی کے متعدد سامان مہیا ہیں۔ زبان پاکیزہ و سلیس ہے اور پلاٹ اتنا دلچسپ ہے کہ تھکے ہوئے دماغ کو آرام دینے کے لئے مضبوط نات ہوگا جس اسے بالاستیعاب دیکھنے کے بعد جو رائے قائم کر سکا ہوں وہ بہت کم ترجموں کو ایسا پر توجہ ملتی ہے۔ مخرب اخلاق باتیں، بیہودہ سین مغلق الفاظ اور جیسے عبارت کے بہلے اس میں کا آلہ نصائح۔ خوشگوار سین اور زبان کی سادگی زیادہ قابل قدر ہے۔ جو لوگ دل بہلانے کے لئے بہتر مشغل تلاش کرتے ہیں وہ اس کے پڑھنے میں لطف اٹھائیں گے۔ قیمت ۳ مراد آباد دفتر اخبار زمیر اعظم سے مل سکتا ہے۔

دائل آرڈیش رائفلز یعنی وہ رجمنٹ جو گزشتہ سرحدی جنگ کے وقت پیمان کارزار سے انبالہ واپس بھیجدی گئی تھی اور امیگو انڈین اخباروں نے اس ایکشن سے اس کی طرز عمل پر بعض رکیک الزامات قائم کئے تھے۔ جنرل کی تحقیقات کے بعد اب جنرل سر ہنری آرتھر ہیو میک ایلین کو موت کشاں کشاں ولایت سے ہندوستان لائی تھی اور وہاں سے سرحد پر لے گئی تھی نے فقط ہر قسم کے الزام سے پاک قرار دی گئی۔ بلکہ جنرل سر ہنری لارڈ ولڈ ولی صاحب بہادر سپہ سالار افواج برطانیہ اس کے آنریری کرنل بنائے گئے۔ امید ہے کہ رجمنٹ مذکور کے بھی خواہ ایسے شاندار اور عزت شخص اپنے سے متعلق دیکھ کر سابقہ کوتاہیوں کو فراموش کرنے کے قابل ہو جائینگے۔

خبروں کے خطوط کا خلاصہ

زیور بنانے کا نتیجہ: ۱۵ جولائی کو ضلع گورکھپور میں ایک مسلمان ساکن اردو بازار کی لڑکی جمیع زیور چھانسی دے کر ہلاک کی گئی۔ زیور کی مالیت صرف پچیس روپے بتائی گئی ہے۔ قاتل ہاتھ لگوں کا اب تک پتہ نہیں ملا۔ (روزانہ ۲۶ جولائی)

انجمن اسلامیہ قصور: شہزادہ جواں بخت محمد اعلیٰ صاحب سفیر انجمن اسلامیہ قصور ۲۶ جون کو انجمن کے واسطے چندہ جمع کرنے کے واسطے قصور سے روانہ ہوئے۔ سب سے پہلے فیروزپور میں ۱۲۱ روپے جمع کر کے ۱۹ تاریخ کی شام کو امرتسر پہنچ گئے۔ (ر)

محمڈن بینک روم و انبالہ: مدراس کے اس روم کی رپورٹ شائع ہوئی ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ دارالاخبار نے جو سال سے یہاں آتا ہے لوگوں میں اخبار بینی کا ذوق پیدا کر دیا ہے۔ علاوہ اس کے اٹھارہ اور پرچے جاتے ہیں۔ مگر انگریزی ایک بھی نہیں اور نہ ہی اسکا کوئی ممبر انگریزی خوان ہے۔ (ر)

باقی زر چندہ: لاہور میں ۲۶۔ اور ۲۷ جون کے بعد حسب ذیل چندہ ہوا۔ آنریبل جناب حاجی نواب فتح علیخاں صاحب بہادر قزلباش الر۔ لالہ ملکھی رام صاحب سپرنٹنڈنٹ دفتر صاحب منیجر صاحب لالہ رنجندا

واٹر پروف! واٹر پروف!! واٹر پروف!!!



اس نئی ایجاد کے زمانہ میں نقاہت بیچنے والوں کی کمی نہیں ہے ایسا ظاہر کر دیا ہے جیسے قالب میں روح۔ یا آنکھوں نور۔ یہ واٹر پروف جیسے نقشہ آپکے پیش نظر ہے اس کا رواج تمام دنیا کے تمام حصے میں ہو رہا ہے موسم بارش میں استعمال کیا جاتا ہے موسلا دھار پانی برسے میں جسکے پاس کوٹ یا پوشاک پر پروف اگر ہے تو فکر کیجئے جو ایک بوند پانی اندر جائے۔ چھاتا اول تو ہر ایک سوٹ خرید لیجئے دس بار سے زیادہ ہو گئی اور پھر نہایت خوبصورت چیز۔ اس سوٹ میں ایک پتلون اور ایک کوٹ اور ایک ٹوپی ہے جیت سوٹ برنگ خاکی قیمت ۱۵ روپے صرف کوٹ آٹھ روپے سفید سوٹ سیاہ قیمت پینتیس روپے صرف کوٹ پچیس روپے

پتہ خاص واسطے خریداری کو محکمہ گیند تالاب کمپنی ۱۳۲ کی نمبر بلڈنگ

پلیڈر ضلع۔ سید فضل شاہ صاحب رئیس اہو ضلع گ
محمد خاں صاحب بی اے رئیس شمس آباد ضلع
کٹرہ (ضلع) جہاں (پور) یہاں بارش خوب ہو
شالی کٹرت سے ہو رہی ہے ایک نیل کی چیت
امتحال ڈرمل ۲۷ صفر کو ۱۱ بجے دن
جناب باب سرو سہائے صاحب بہادر بیرسٹ لا
ہوئے اور اسی دن شب کو دفن کئے گئے۔ (ر)
بندر ہے۔
مین پوری (یہاں ۱۴ جولائی کو
ہوئی۔ اس اثنا میں ایک بیل صاعقہ برق سے
مولوی محمد فضل کریم صاحب وکیل بھی آنریری
میونسپل بورڈ مقرر ہوئے۔

سیماب و نعل

کان صحت یا ہر کوئے
یا ہے پاکٹ نہیں یا ہے

اس تمام خوبصورت پاکٹ بک میں بھی ہمارے
پچاس امراض کی نہایت مجرب اور پرتاثیر دوا
کفائت کر بیع ترکیب استعمال جو ہر ایک اردو
آسانی سمجھ لیں ہماری یہ پاکٹ بک ہر
اٹھانا نہ پڑتا تھا اب ہر وقت آسانی جیب میں
ضرورت بھی ہر ایک کا کام ہے ہر ایک جیب میں
کارآمد ضرور ہے ہر ایک جیب میں ہونا چاہیے
ہماری یہ پاکٹ بک صرف ۱۱ روپے

حب یا موہنی

کوئی دوہرہ ہے
ہرگز دوہرہ
جبکہ دیکھ
غلو کر دیا کہ
اب کہیں نہیں
ذریعہ تحریر
کے قواعد جو
کے انداز اندر
انعام کا زائچہ
کے بعد بھی
سنیہ یا میروں
متنیہ یا گرو
کو دیا جائیگا
متنیہ شاگرد
علاقہ سنگ
اقرار کرتا ہوں
ہے وہ کسی
اسکے بہانے
ایسا کروں تو

مہاراجہ صاحب متوفی خیر خواہی گورنمنٹ اور حسن انتظام ریاست میں مشہور تھے۔ ان کے بھتیجے اب والیٔ ریاست ہونگے۔ جن کو اپنے مرنے سے ایک دن قبل مہاراجہ صاحب نے باضابطہ متبنّٰی کر لیا تھا۔

ریلوے کے پلوں کی فوجی حفاظت

حال میں چار ممبروں اور ایک سکرٹری کی مختصر کانفرنس مسئلہ اس غرض سے منعقد ہوئی تھی کہ بروقت اندیشہ یا انتظام فتنہ و فساد ریلوے پلوں کی حفاظت کے لئے کونسی تدابیر عمل لائی جائیں۔ سوا سٹیٹ ایلم کیسی اور کتنی فوج درکار ہوگی۔ اور وہ کہاں تک ملکی مصالح کے مناسب ہیں؟ یہ بحث اُس وقت ہوگی جب تجاویز مشتہر کیجائینگی لیکن اس وقت صرف اتنا کہنا ہے کہ اب گورنمنٹ کو پلوں کی حفاظت کا خیال اتنے برس بعد کیونکر پیدا ہوا۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ پلوں یا ریلوے لائن کی حفاظت ضروری نہیں ہے کیونکہ یورپ میں جہاں رعایا کی اپنی حکومت ہے ایسی حفاظت ملحوظ رکھی جاتی ہے۔ مگر اتنے عرصے بعد ہندوستان میں اس کا جاری کیا جانا کیا رقیب سلطنتوں کو یہ کہنے کا موقع نہ دیگا کہ گورنمنٹ ہندوستان کو اس کی رعایا کے تعلقات مثل سابق نہیں رہے یا گورنمنٹ رعایا سے بدظن ہو گئی ہے جو دیسی پریس کا گلا گھونٹا گیا ہے۔ برسوں کے بعد پلوں کی حفاظت کا بندوبست کیا ہے۔ کلکتہ میں جدید قانون میونسپل پاس کر کے رعایا سے سیلف گورنمنٹ کا استحقاق چھینتی ہے۔ فواہوں کے لئے قانون بناتی ہے۔ اور خدا جانے کیا کیا مشکلات پریس کی آزادی میں پیش لاتی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ گورنمنٹ رعایا سے بدظن نہیں ہے اور یہ انتظامات خاص مصلحتوں پر مبنی ہیں۔ مگر کہنے والے کی کوئی زبان نہیں پکڑ سکتا۔ خاصکر جبکہ اُسے اپنے قول کی تائید میں واقعات مل سکتے ہوں۔

گورنمنٹ انگلستان کی عنایت مصر و ہندوستان کی قسمت

مقامی اینگلو انڈین ہمعصر نے مشہور فوجی رسالہ سیٹرڈے ریویو سے ایک پیراگراف نقل کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انگلستان کی عنایت کے پلڑے میں مصر و ہندوستان کہاں تک مستحق یا غیر مستحق ہیں۔ اور کس درجہ خوش نصیب یا بدقسمت ہیں۔ رسالہ مذکور میں مرکور کسی قدر حیرت انگیز خیال کرتا ہے کہ گزشتہ عظیم جنگ کے کسی نکتہ چین نے اُس موقعے سے فائدہ اُٹھایا جو برٹش گورنمنٹ نے مصر کو بطور امداد مہم نیل کے لئے سات لاکھ پونڈ عطا فرمانے سے پیدا کیا تھا۔ اس مہم نیل کی امداد میں قریباً ایک کروڑ ساڑھے سات لاکھ روپیہ دے دیا گیا۔ لیکن جو خواہان ہندوستان کو عظیم جنگ کے متعلق عطیہ کی درخواست کی تھی اُنکا کان نہیں دھرا گیا۔ ہندوستان کو ایک یہی حالت میں جبکہ وہ قحط۔ وبا مسئلہ سکہ اور دیگر مشکلات میں پھنس کر تکلیف اُٹھا رہا تھا۔ تن تنہا اُس مہم کا خرچ برداشت کرنا پڑا۔ جو فوا مگر گورنمنٹ انگلستان سے بھی ہندوستان کے برابر تعلق رکھتی ہے۔ ہندوستان سلطنت انگلشیہ کا ایک حصہ ہے۔ برخلاف ازیں مصر کو ایک نہ ایک دن خالی کرنے کی ہم نے قسم کھا رکھی ہے۔ اس طرف ہندوستان کی مالی حالت اس قدر نازک ہے کہ ۱۰ لاکھ پونڈ کا قرضہ لینے کی ضرورت پیش آئی۔ اُس طرف مصر دن بدن ترقی پا رہا ہے اور اُس نے کچھ روپیہ بھی جمع کر لیا ہے۔ باینہمہ گورنمنٹ انگلستان خزانہ ہند کو ایک حصہ دینے سے انکار کرتی ہے اور مصر کو (۷۹۸۰۰۰) پونڈ عطا فرماتی ہے۔ یہ معاملات ہیں جن میں فلاسفروں کو بھی قسمت کا قائل ہونا پڑیگا۔ کیونکہ خواہ کسی پہلو سے دیکھئے استحقاق ہندوستان کا زیادہ نکلیگا۔ مگر یہ تقدیر ہے کہ مصر اُس سے زیادہ مستحق عنایت ٹھہرے

ع
ہے اپنا اپنا مقدر جذب نصیب جدا

ہندوستان نے اس پچھلی جنگ سے جس میں وہ گورنمنٹ کی خارجی حکمت عملی کے باعث پھنس گیا تھا سوائے جانی و مالی نقصان کے کچھ حاصل نہیں کیا۔ مگر مصر کو فتح سوڈان سے جو کچھ فائدہ پہنچیگا۔ وہ اظہر من الشمس ہے۔ مصر کے حق میں کوئی بھی امر ایسا نہیں ہے جو اُس سے بہت زیادہ زور کے ساتھ ہندوستان کے حق میں کہا جا سکتا ہے۔ افسوس کہ اس موقعے پر انگریزی گورنمنٹ نے اپنے ہاں کی اس مشہور مثل کو بھی دل سے بھلا دیا کہ "خیرات گھر سے شروع ہوتی ہے"۔ ہندوستان کی قسمت!

پنجاب چیف کورٹ میں زیادہ ججوں کی ضرورت

پچھلے سال اخبار ہذا میں پنجاب چیف کورٹ کی کثرت کار پر کئی لیڈر لکھ کر گورنمنٹ کو توجہ دلائی گئی تھی کہ وہ عدالت مذکور میں ججوں کی تعداد بڑھا کر پبلک اور موجودہ عملے کو دقت اور پریشانی سے بچائے۔ چنانچہ نومبر ۱۸۹۷ء میں صاحب وزیر ہند بالقابہ نے ایک جج کا عارضی تقرر ایک سال کے لئے منظور فرمایا۔ مگر افسوس کہ اس اضافے سے مشکلات کا خاتمہ نہ ہو سکا۔ بلکہ خاتمہ تو درکنار پبلک کی دقت اور ججوں کی سخت مصروفیت میں مطلق کمی نہ ہوئی اور وہی سابقہ حالت برقرار رہی۔ بقول مقامی اینگلو انڈین ہمعصر اس وقت دیوانی کے ۱۶ سو اپیل عدالت مذکور میں ہوا کیں جو بیچ میں سنے جانے چاہئیں۔ یہ ۱۶ سو اپیل اُن چار یا پانچ سو نگرانی اور نظر ثانی کے مقدمات سے علیحدہ ہیں جنہیں جج فوراً فوراً غور کرینگے۔ ان کے علاوہ فوجداری کا کام تمام صوبہ کا ہے جو بجائے خود نصف سے زائد ججوں کو بالکل مشغول رکھنے کے لئے کافی ہے۔ پنجاب چیف کورٹ کے لائق جج جس محنت اور جفاکشی کو گوارا کر رہے ہیں اُس کی نظیر صوبہ ہذا کی کسی ماتحت عدالت میں بھی نظر نہیں آ سکتی۔ کہا جاتا ہے کہ صاحبان ممدوح دس دس اور بارہ بارہ گھنٹے روزانہ کام کرنے پر اس میں کامیاب نہیں ہو سکے کہ اپیلوں کی تعداد باقی نہ رہے۔ اور آخر کار مایوس ہو کر کہ کام زیادہ اور آدمی تھوڑے۔ باقی تو آپ سے آپ ہوگی یہ باقی پبلک کو سخت پریشان کرنے والی ہے۔ بعض مقدمات میں ڈھائی اور تین سال آئندہ کی تاریخیں لگی ہوئی ہیں۔ جس سے انصاف کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ انصاف نہیں ہوتا۔ مگر وہ انصاف کیسا جو برسوں کی سرگردانی اور صرف کثیر سے حاصل ہو۔ ساتھ ہی چیف کورٹ کے جج بھی رعایت کے مستحق ہیں۔ جنہیں کام کی کثرت نے تھکا رکھا ہوگا۔ معزز ہمعصر نے لوکل گورنمنٹ کو یہ بہت معقول صلاح دی ہے کہ وہ نہ فقط چھٹے جج کا تقرر مستقل کرلے بلکہ ساتویں جج کے لئے بھی گورنمنٹ آف انڈیا سے منظوری لے۔ اور قبل ازیں کہ اپیلوں کے تعداد گھٹانے والا قانون پاس ہو۔ پنجاب چیف کورٹ کو ان مقدمات سے سبکدوش ہو جانے میں مدد دے جو برسوں سے باقی چلے آتے ہیں۔

سرسری نظر

ایک جالندھری ہمعصر میں مسطورہ ذیل دلچسپی سے پڑھی گئیں۔ جو بعنوان "رشوت ستانی کا انسداد" شائع ہوئی ہیں:۔ "چند کانسٹیبل ملازموں کو رشوت ستانی کا مجرم پا کر گورنمنٹ صوبجات متحدہ نے ایک ریزولیوشن جاری کیا ہے کہ آئندہ اُس صوبے میں کانسٹیبلوں کو جوڈیشل یا مال کی ملازمت نہ دیجائے۔ ہم نہیں جانتے کہ صاحب کارنامہ نے اس ریزولیوشن کو خود بھی دیکھا ہے یا نہیں۔ ہمارے نزدیک اگر ایسا ریزولیوشن جاری ہوا ہے تو ہم ہی ادب سے درخواست کرتے ہیں کہ اُسپر نظر ثانی فرمائی جاوے۔ عالمانہ رورگار اُسی شخص یا انہیں اشخاص کے لئے ہونی چاہئے جو مجرم ثابت ہوئے ہیں۔ کیونکہ دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے کہ جس میں بیانتدار اور دیانت نہ ہوں۔ پس کسی خاص شخص یا چند خاص اشخاص کے مجرم ثابت ہونے سے ساری قوم واجب التعزیر نہیں ہو سکتی۔

ہز ہائینس جناب مہاراجہ صاحب پٹیالہ بالقابہ کے پرائیویٹ سکرٹریٹ سے حال میں ایک حکم نکلا ہے کہ جو نوکل بعض اہلکاران ریاست کی شکایت بایں کمتر عرائض سنتے ہیں اُن کو چاہئے کہ آئندہ ایسی درخواستیں براہ راست حکم صاحب پرائیویٹ سکرٹری میں پورا نام و پتہ مع باضابطہ ثبوت شکایت لکھ کر بھیجیں۔ لوگوں کو تصور دلایا گیا ہے کہ ایسی درخواستوں پر غور اور تحقیقات کیجائیگی اخبار پاؤنیر نے بھی اسپر مہاراجہ صاحب کا تعریفی الفاظ میں تذکرہ کیا ہے۔ جسپر اُن کے خیر خواہوں کو اخبار مذکور کا

اتفاق کے مفید خیال سے لوگ متاثر ہونے لگے ہیں اور سلطنت علیہ ایران و دولت عالیہ عثمانیہ کے تعلقات میں نہ فقط سابق کشیدگی کا نام و نشان نہیں پایا جاتا بلکہ باہم ایک خاص وابستگی کا مرتبہ بہم پہنچا ہے۔ شاہ مظفر الدین قاچار ادام اللہ اقبالہ نے جنگ یونان سے پیشتر ایک تیغ آبدار اعلیٰ حضرت سلطان المعظم کی خدمت میں بھیجی۔ جس پر "نصر من اللہ و فتح قریب" لکھا ہوا تھا ۱۹ ہزار سپاہ اللہ دفتہ آرمینیا کے لئے نذر کرنے کی آمادگی ظاہر فرمائی اور بہت کچھ اظہار وفاق و اتحاد کیا۔ علاوہ بریں لکھی ہوئی آمد سلطنت عثمانیہ میں فتح تھسلی کی فال نیک سمجھی گئی اور ترکوں کو ایرانیوں کی طرف ایک طرح کا میلان ہو گیا۔ ادھر سے بھی دوران جنگ میں فتوحات پر مبارکباد کا سلسلہ جاری رہا اور اس کے بعد بھی اب تک دونوں سلطنتوں میں اخلاص و اتحاد کو برابر ترقی ہوئی جس کا نتیجہ یہ ہے کہ دونوں ملکوں کے تعصبات دور ہونے لگے۔ چنانچہ جیسا کسی گزشتہ اشاعت میں لکھا گیا ہے۔ سلطان المعظم نے اہلکاران ایران کو مختلف تمغہ جات و خطابات و امتیاز عطا فرمائے۔ عشرہ محرم میں ایک شب ماتم کرنے والی جماعت سفارت خانہ عثمانیہ واقع طہران میں گئی۔ اور سفیر روم نے بکمال فراخ حوصلگی ان کا ماتم دیکھا اور چلتے وقت ایک۔ دوشالہ اور کچھ زر نقد مرحمت کیا۔ اسی قسم کی آذر مراسم بھی دونوں سلطنتوں میں زیر عمل لائی گئی ہیں۔ جن سے ترکوں اور ایرانیوں کے تعلقات اتفاق کی طرف مائل ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ حال میں موتمر ہمعصر جبل اللبنین کلکتہ میں جو شیعوں کا آرگن سمجھنا چاہیے اس معاملے پر کئی قابل قدر تحریریں چھپی ہیں اور پچھلے ہی پرچے میں حاجی آقا سید ابوطالب موسوی مجتہد نجفی (جو دار السلطنت ایران کے فضلاء اجل و علمائے اکمل میں وقیع درجہ رکھتے ہیں) کا ایک خط شائع ہوا ہے۔ جس میں مجتہد ممدوح اس اتحاد اتفاق کو اسلام کی خوش قسمتی پر محمول فرماتے ہیں اور صلاح دیتے ہیں کہ اگر سنی اور شیعہ باہمی اختلافات سے گزر کر ایک بیرق توحید کے سایہ میں جمع ہوں۔ تو اسلام کی پہلی قوت عود کر آئیگی۔ مولانا صاحب کے نزدیک اب مناسب وقت یہ ہے کہ دونوں فرقوں کے علمائے کرام ایک سلسلہ مشاورہ منعقد کریں اور اس میں آمکدہ اتفاق کی ترقی و استحکام کے وسائل سوچے کر اپنے عمل پیرا ہوں۔ ممزہ ہمعصر جبل اللبنین نے مولانا ممدوح کی رائے سے اتفاق کیا ہے اور میرے نزدیک بھی ایسی مجلس منفعت خیز ہوگی اگر بامور سوائے مسائل اتفاق اور امور دینی بھی کو اس میں دخل نہ دیا جائے۔ مسلمانان ہندوستان کے لئے ایسی مجلس خاص ندوۃ العلماء کی اس متعلقات میں زیادہ بہتر نمونہ ہو سکتی ہے۔ کیونکہ مذاہب کو مذہب سے دخل نہیں ہے۔ اور علمائے مختلف فرقہائے اسلام حیثیت دینی کے اس نے بالغرض قرار دیا ہے۔ پھر کیوں ہیئت

سو عشیم الشان فرقے کو اپنے ساتھ شریک نہ کرے۔ مجھے یاد ہے کہ ابتدائی جلسہ ندوۃ العلماء منعقدہ کانپور میں مجتہد العصر سید غلام حسین صاحب کنتوری مع چند دیگر شیعہ صاحبان کے تشریف لائے تھے اور انہوں نے کچھ تقریر بھی کی تھی۔ اس کے بعد پھر کسی جلسے میں یہ صورت واقع نہیں ہوئی۔ اور شائد ندوۃ العلماء کی طرف سے کوشش بھی نہیں کی گئی۔ ورنہ امید واثق ہے کہ ایسی کوشش رائیگاں نہ جائیگی۔ خیر جب نہیں اب بھی ندوۃ العلماء کے کارکنوں کو اس طرف ضرور متوجہ ہونا چاہیے۔ جب اس کے مقاصد صرف رفعداد اختلافات و ترقی تعلیم ہی محمدیہ میں ہیں تو وہ کیوں شیعوں کے علماء و مجتہدین کو بغرض شرکت مدعو نہ کرے۔ اور حضرات شیعہ بھی ایک ایسے مفید اور ضروری قومی کام سے کس لئے الگ تھلگ رہیں؟ امید ہے کہ دیگر معاصرین بھی اس معاملے کو بہت زور سے مسلمان پبلک کے سامنے پیش کرینگے۔ اور بہی خواہان قوم اپنی رائے۔ وزن۔ قلم۔ قدم سے کوشش کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھینگے۔ مجھے یہ دیکھ کر بدرجہ کمال مسرت ہوگی کہ اس تحریر نے ملک میں کچھ احساس پیدا کر دیا اور لوگوں نے بذریعہ تحریر و تقریر سلسلہ جنبانی شروع کر دی۔

یارب ایں آرزو من چہ خوش ست
تو بدیں آرزو مرا برساں

سرحدی فرقوں کے پاس کارتوس کہاں سے آتے ہیں؟

گزشتہ سرحدی جنگ کے آغاز سے یہ مسئلہ چھڑا ہوا ہے کہ "سرحدی فرقوں کے پاس ہتھیار کہاں سے آتے ہیں" مگر ہنوز مقبول ہونے پر نہیں آیا۔ اور نہ امید ہے کہ ابھی کچھ عرصے تک تصفیہ پا سکیگا۔ خیر یہ بحث ختم ہونے پر نہ آئی تھی کہ انگلو انڈین اخباروں نے مذکورہ عنوان معاملے کو پیش کرنے سے دماغوں کے لئے دلچسپی کا سامان مہیا کر دیا۔ مقامی انگلو انڈین ہمعصر نے اس کو پبلک اسٹیج پر لاتے ہوئے تین ریمارک خود کئے ہیں۔ اول یہ کہ سرحد پر لوگوں کی دو کانیں ہیں جنہیں کارتوس۔ چھرا۔ بارود وغیرہ فروخت کرنے کا لائسنس منجانب گورنمنٹ عطا کیا جاتا ہے۔ ان سے فوج کے انگریز اور دیسی افسر جو سامان خریدتے ہیں اور بعض دیسی جن کے اس ہتھیار کا لائسنس ہے وہ بھی لے سکتے ہیں۔ تاجروں کو کئی کتابیں کھنی پڑتی ہیں اور اس میں کارتوس وغیرہ کی فروخت کا جزو کل حال لکھنا پڑتا ہے۔ لیکن ان کتابوں کا سختی کے ساتھ معائنہ نہیں ہوتا۔ خاصکر جب سرحد پر کوئی فساد ہو تو ان دوکانداروں کو بوجہ مصروفیت افسران نگرانی کا ذرا بھی اندیشہ نہیں رہتا۔ اور کون کہہ سکتا ہے کہ وہ ان لوگوں سے نفع حاصل کرنے میں تامل کرتے ہونگے۔ جن کی نسبت انہیں یقین ہے کہ یہ انگریزی سپاہ کے خلاف استعمال کئے جائینگے۔ چنانچہ اس وقت ۵۰۰ دوکانداروں کے پاس ۱۰ ہزار کارتوس ہنری مارٹینی

بندوق کے ہیں۔ اور ایسا کہ ایسی بندوقیں بمشکل پانچ سات بھی گردونواحی انگریزی علاقے میں نہ نکل سکیں۔ ان چند بندوقوں کی امید پر یہ ذخیرہ جمع کیا گیا ہے۔ ہی کرنی اسے باور کرے۔ بہرحال اخبار ہذا کو یہ معلوم کرنا ہے کہ ایسی دوکانیں سرحدی مقامات سے بہت زیادہ جانیں۔ افسر اپنے اپنے کلب یا مسکوٹوں میں کارتوس وغیرہ رکھیں اور دیسی باہر سے منگائیں۔ دوسرا ذریعہ سرحدی اقوام کو کارتوس وغیرہ بہم پہنچنے کا یہ ہے کہ لیشنیں جب سلح خانوں کو سامان جنگ دیتی ہیں تو نہایت بے احتیاطی سے کام لیتی ہیں۔ جس میں کچھ بعد الجد ادھر ادھر ہو جاتا ہے۔ تیسرا وسیلہ یہ ہے کہ والنٹیر لوگ جو فوج نہ بازی کے لئے جاتے ہیں بہ نوکر کے ہاتھ بندوق اور کارتوس منگوا لیتے ہیں اور وقتاً فوقتاً اس سے لے کر فیر کرتے جاتے ہیں نوکر ہر دفعہ دو چار اڑا لیتا ہے اور پھر سرحد والوں کے ہاتھ بیچ ڈالتا ہے۔ ممکن ہے ان تینوں میں کوئی بات صداقت پر مبنی ہو۔ لیکن میرے نزدیک اگر ان میں سے کچھ نہیں تو ان کے علاوہ اور ذرائع بھی ہیں جن سے فرنٹیر کے اسلحہ اور سامان جنگ بہم پہنچائے جاتے ہیں۔ ورنہ بیدردی سے عیب کہ پچھلی جنگ میں دیکھا گیا ہے کہ غیر موثر فیر کرنے سے کارتوس ضائع نہ کرتے ہ

مہاراجہ صاحب دھار کا انتقال

واللہ اعلم مہاراجہ سر انند راؤ دھار کے انتقال کی خبر ۱۱ اگ کے پورہ ایک ہفتہ بعد کیسی مشتہر ہوئی۔ مہاراجہ ریاست دھار واقع ممالک متوسط کے فرمانروا جس کا رقبہ ۱۷۹۴ مربع میل اور آبادی قریباً ۱۰ لاکھ باشندے اگرچہ زیادہ تر ہندو ہیں۔ لیکن ۱۲ ہزار اور ۱۹ ہزار بھیل۔ ناگا۔ ٹوڈا وغیرہ بھی پائے جاتے اصلی خطاب اس ریاست کے رئیسوں کا راجہ ہے کو مہاراجہ کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے منجانب عطا ہوا تھا۔ مہاراجہ صاحب سر انند راؤ متوفی میں پیدا ہوئے اور نومبر ۱۸۶۴ء میں ان کی شرکت بغاوت غدر ۱۸۵۷ء کے جرم پر ضبط کر لی گئی آنریری اگزشت کی گئی۔ ۱۸۷۰ء میں آپ دربار کے پر خطاب کے سی۔ ایس۔ آئی سے سرفراز کئے گئے تعجب ہے کہ اس کے چھ برس بعد پھر آپ کو خطاب آئی۔ ای ملا جو ان کے سابقہ خطاب سے کمتر ہے دیسیان دھار کا سلسلہ نسب مہاراجہ بکر ماجیت بھوج سے ملتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ موسز الذکر جو بھوج میں آئے۔ ۱۸۵۳ء کے قریب راجہ صاحب اجی راؤ پیشوا نے راجپوتوں کے خاندان پوار کا کیا۔ اور اس وقت سے آج تک یہ برابر اس مقتدر ہیں۔ ریاست کو ۲۹ توپ کی ۲۱ توپیں رکھنے کی اجازت سرکار سے ملی ہوئی ہے تعینات حاصل ہیں اور ۱۵ ضرب اتوپ کی سلامی

پیسہ اخبار

لاہور سہ یوم شنبہ ۳۰ جولائی سنہ ۱۸۹۸ء

ایک نہایت ہی ضروری سبق

[illegible] صاحب سے اپنی قوم کو توجہ [illegible] اس وقت میں جبکہ ہندو مسلمانوں نے باہم [illegible] کی ضرورت کو محسوس کیا اور اکثر حصص ملک [illegible] عمدہ نظیریں قائم ہو گئیں۔ مسلمانوں کے دو [illegible] فرقے یعنی شیعہ و سنی کیوں ایک دوسرے [illegible] و متبائن رہیں۔ اور کس لئے گزشتہ رنجشوں [illegible] دور کر کے یہ کہتے ہوئے آپس میں گلے نہ مل [illegible] "گزشت آنچہ گزشت"۔

از دست زلف مشکینت خطائے رفت رفت
از ہندوئے شمار من جفائے رفت رفت

[illegible] پہلے پہل خواہان قوم مدت مدید سے یہ کوشش [illegible] چلے آئے ہیں۔ مگر افسوس کہ اب تک تمام کلمہ گویوں [illegible] دنیا سے یہ کہنے کا موقع نہیں ملا کہ جس طرح اُن کا [illegible] احدیت الوجود کی اعلیٰ تعلیم کا مبدا و منشا ہے اسی [illegible] کے فوائد بھی باہم متحد اور گویا ایک ہی ہیں۔

من تو شدم تو من شدی من جاں شدم تو تن شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

[illegible] کرنا اتفاقی کے مضار اور اتفاق کے فوائد پر کوئی [illegible] مضمون لکھنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ ادنیٰ تا اعلیٰ [illegible] کے نزدیک وہ مسلمہ ہیں اور کوئی بھی اس سے انکار [illegible] کی جرأت نہیں کر سکتا کہ ؎

ہمہ اتفاق خیزد بے دولتی از نفاق خیزد

خصوص وہ اتفاق جو بہت سے پولیٹیکل مقاصد اپنی [illegible] لئے ہوئے ہو جس میں آئندہ ترقی اور عزت کے [illegible] ہوش کن بلکہ مسلمانوں کے لئے نہایت ضروری [illegible] آئیں۔ کون کہہ سکتا ہے کہ شیعہ اور سنیوں کا [illegible] نصرت و رفع مضرت کے لئے "ضروری" اور [illegible] ضروری" بلکہ اس سے بھی بڑھ کر "نہایت ہی [illegible] نہیں ہے۔ اور افراد ہر دو فرقہ کو سوکام چھوڑ کر پہلے [illegible] اس کی طرف توجہ کرنا چاہئے۔ میں مانتا ہوں کہ مذہبی [illegible] کی گتھیاں جن کو استاد زمانہ نے آج بھی پیچیدہ [illegible] کی ناخن تدبیر سے نہیں سلجھ سکتیں۔ اور [illegible] عقائد میں ہرگز اتفاق نہیں کر سکتے۔ مگر یہ کیا [illegible] ان اختلافات کو جو محض فروعی ہیں اتنا وسیع [illegible] معمول سے گزر جائیں اور ایک ایسے مذہب کے [illegible] بنائے مخاصمت قرار پائے جس نے ابتدائے اشاعت سے اتفاق کا سبق پڑھایا۔ اور "تمام مومن آپس میں بھائی ہیں" کی تعلیم سے رشتہ اخوت و اتحاد کو مضبوط کرنا چاہا ہے۔ بقول ایک فلاسفر کے "شیعہ و سنی مسئلہ الوہیت میں باہم متفق۔ دونوں یکساں صفات کے ساتھ خدا تعالیٰ کو مانتے والے۔ دونوں ایک ہی رسول کی امت دونوں کی یکساں سیادت۔ دونوں میں احکام اوامر و نواہی باہم مشترک۔ دونوں کا منبع و مرجع وہی ایک قرآن اور احادیث رسول۔ پھر تعجب اور افسوس ہے جو ایک دوسرے کے درپے آزار ہوں"۔ لوگ یکجہتی کے لئے صرف ایک بات تک اتفاق رائے کافی سمجھا کرتے ہیں۔ مگر وائے برقسمت مسلمانان کہ یہاں اتنے امور ضروریہ متفق اور مشترک ہیں لیکن مل کر نہیں رہتے۔ یا یوں کہنا چاہئے کہ نہیں رہ سکتے۔ آخر معلوم تو ہو وہ کونسی چیز ہے جو انہیں اتفاق کے ایسے گراں قدر فوائد کا احساس نہیں ہونے دیتی۔ مذہبی عقائد کی آرٹیکلی مناسب نہیں۔ گو میں ان معاملات میں کسی امتیاز کا دعویٰ نہیں کرتا۔ لیکن بقول علامہ برہان الدین بخاری اتنا ضرور کہوں گا کہ "شیعہ و سنی اختلاف باہمی کی ایک وجہ بھی ایسی نہیں بتا سکتے جسے وہ اپنے اپنے مذہبی عقائد کو صدمہ پہنچائے بغیر نظر انداز نہ کر سکتے ہوں۔ اگر ہر دو فریق نفسانیت کو مطلق دخل نہ دیں اور ادائے فرائض مذہبی کے وہ سادہ طریقوں پر عمل پیرا رہیں۔ پھر دیکھیں کیونکر وجہ شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ سب سے بڑی بات جو اس اتفاق کی تاکید کرتی ہے اسلام کا کلمہ اور کلام مجید کی وہ آیت و آمنت بالکتاب الخ ہے جس میں ایمان کی شرائط بوضاحت بیان کی گئی ہیں۔ جب سنی اور شیعہ دونوں اس ایک ہی آیت کو مانتے والے ہیں۔ تو کیوں اس میں نااتفاقی پیدا ہو سکے۔ اختلاف رائے کا دنیا میں ہر ایک شخص مجاز ہے۔ ایک خاندان بلکہ ایک بھائی باپ بیٹوں۔ خاوند۔ زوجہ میں بعض معاملات پر اتفاق رائے نہیں ہو سکتا۔ مگر کیا اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ایسا اختلاف کو ذاتیات تک وسعت دے بجائے سنی شیعہ اور کیا ایسا کرنے کی حالت میں کوئی عقل سلیم رکھنے والا شخص انہیں اچھا کہیگا۔ ہرگز نہیں۔ یہ روزمرہ کا تجربہ ہے کہ اس قسم کی مثالیں ہمیشہ "نقصان پایہ و شماتت ہمسایہ" کی مصداق ہوتی ہیں۔ اور ایک لمحہ کے لئے بھی اصحاب بانیہ ضرور انہیں بنظر پسندیدگی نہیں دیکھتے۔ جس صورت میں مسلمان اتنی مدت دراز تک ہندوؤں کے ساتھ گزارہ کر سکے جو دین و آئین میں بالکل اُن سے لگا نہیں کھاتے۔ جبکہ وہ اب اتفاق کی ضرورت کو محسوس کرتے ہیں اور اسے فوائد عظیمہ کا موجب سمجھتے ہیں۔ تو کیوں ایک ہی مذہب کے دو فریق باہم صلح و آشتی ادوات بسر کرنے کے قابل نہ ہوں۔ شائستہ خیالات دملے تو یہاں تک ہدایت کرتے ہیں ؎

چناں بانیک و بد خوکن کہ بعد از مرفت عرفی
مسلمانت بزمزم شوید و مینہ۔ ۔ ۔

حفظِ صحت

استفسار

۷۹۔ خش ۔ ایک بتیر دایا جارضہ بلغم خش ۔ بادی ہو کھانا ہے تمام دن میں بلغم کرنے کھانس دیتا ہے ۔ اور ہمیشہ نفخ اور پریشان رہتا ہے اس کی حالت پر توجہ علاج بتلا کر کرائی صاحب ہم کریں (از نجا سنگھ سکول ماسٹر مراد آباد)

۸۰۔ ضعف دماغ وغیرہ ۔ خاکسار پیسہ خبار کے سدا ناظرین میں سے ان کا ہمت ہی ممنون و مشکور ہوگا جو ضعف دماغ اور اختلاج قلب کا مجرب نسخہ تحریر فرمائینگے تکلیف گوارا فرمائینگے (سید عبدالرحمن کلرک پٹیالی)

اعلان

۷۹۔ کھانسی ۔ کسی شخص نے کھانسی کا نسخہ دریافت کیا ہے لہذا مجرب ہے ۔ جاکھار ۳ ماشہ پیپل خودرد ۴ ماشہ ۔ مرچ سیاہ ۱۰ ماشہ ۔ انار دانہ ۲۴ ماشہ ۔ قند سیاہ ۴۸ ماشہ ۔ بہتر اس نسخے کا تہائی حصہ لیں اور پیس کر ہر مرتبہ کے برابر گولیاں بنا لیں اور ایک صبح اور ایک شام نہار منہ میں رکھ کر ان کو چوس چوس کر آرام نہ چھوڑیں ۔ اس کو استعمال کریں ۔ دو ہفتہ اک کے اندر اندر کھانسی سے نجات ہوگی ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ ۔ کاکڑا سینگی سوختہ ۱۰ ماشہ ۔ کھیل سوختہ ۳ ماشہ ۔ ہڑ بریاں ۶ ماشہ ۔ سینہ ۱۰ ماشہ ۔ سب چیزوں کو پیس کر مٹر کے برابر گولیاں بنا لیں ۔ اور جب کے نفی زور کے منہ میں رکھ کر چوستے رہیں ۔ اگر برگ پان کا عرق ملے تو بہتر اور نہ پانی کی بھی بہت ہیں (از نشا احمد ضرورباقی نویس (سید عبدالرحمن کلرک پٹیالی)

۸۰۔ پرانے بخار کا نسخہ ۔ آنولہ سار یک تولہ ۔ آک کے ۲ پتے پاؤ بھر ایک پاؤ ۱۱ گنجی خرد و ماشہ ۔ ہر سہ اجزا کو پانی میں کھرل میں لوہے کے دستہ سے کھرل کر کے بقدر مونگ کی گولیاں بنا دیں ۔ سوتے وقت ہمراہ دودھ پھینس کے ایک گولی کھا لیں تو کل اعصابی طاقتیں بازسر نو پیدا ہو جائینگی بواسیر کی بیماری سے روغن طلا وغیرہ کی جو اکثر اخراج قبیحہ سے نفس ہو جاتا ہے کچھ بھی ضرورت نہیں ہے ۔ اس مرض کے لئے بے نظیر ہے ۔ عام آدمی یا ضعیف آدمی ضعف مردی کے واسطے بھی استعمال کر سکتا ہے ۔ میں خود استعمال کیا کرتا ہوں (از مرغوبہ ہے و فتح چند حکیم)

۸۱۔ فربہی (جواب استفسار نمبر ۷۹) ۔ اگر کسی صاحب اہل ایم ایس ۔ ان کے لڑکی لڑکی کے وضع فربہی کے واسطے ۱۔ ایک تولہ شہد خالص صاف پانی میں ملا کر مثل شربت نہار منہ پلا دیں ۔ اور ایک ہفتہ کے بعد ڈیڑھ تولہ ۔ دو ہفتے کے استعمال میں اگر فائدہ ہو تو کچھ وقفہ کے بعد پھر بھی عمل فرما دیں ۔ یہ نسخہ بے ضرر اور مفید ہے (میرزا قاسم بیگ دہلوی از شملہ ۱۲۹۲ھ)

۸۲۔ ایضاً (جواب استفسار نمبر ۸۰) ۔ اس ناکتوہ الرکی کو کتخدا کر دینا ہی اس کا علاج ہے ۔ آپ دیکھینگے کہ ہر سال و ہر ماہ اس کی کیفیت تغیر ہی ایک مقدار معینہ کے ساتھ متغیر ہوتی چلی جائیگی (محمد حسین خاں خریدار نمبر ۱۵۵۵ از رامپور)

گمنام و نشان خیز

۷۵۔ سمی غدائی رحم ولد ابلق ذات پانی زمنی چوہان سکنہ کلی ایک خاک شاہ ۔ علاقہ قلعہ عبداللہ ۔ بلوچستان قدر درمیانہ ۔ گندم رنگ ۔ موئے سیاہ ۔ عمر ۵۰ سال کے مفقود الخبر ہے ۔ بتدہ نے دا کے کچھ نشان بھی نہ رکھا ہے اس غریب مفقود الخبر کا بھائی نہایت بیچین و پریشان ہے ۔ (دقاد حسین خریدار روزانہ پیسہ اخبار)

۷۵۔ جواب گمنام ۔ گزارش ہے کہ سمی غزالدین ذات ملاح ایچی ہشیرہ کا نام سمانہ عمری و سیدی اور والدہ کا نام بھاگو بتلاتا تھا ۔ بندہ کے پاس عرصہ قریباً ۳ سال فارمین کا کام بملازمت سرکاری کرتا رہا ۔ کچھ عرصے سے بقضائے الٰہی فوت ہو گیا ۔ اور عورت کا نام بھی عمری بتلاتا تھا (راقم عبدالعزیز مسافر ذیل آمدہ از کمپ پشاور)

عام

سوال

۷۶۔ مرغیوں کی جو ہیں (سر غیوں کے دڑبے میں جوئیں (جنہیں رمبین بھی کہتے ہیں) بہت کثرت سے ہوتی ہیں ۔ خصوصاً بارش میں زیادہ ستاتی ہیں ۔ اکثر دیکھا ان کی وجہ سے مر جاتی ہیں ۔ اور مکان میں بھی پھیل کر تکلیف دیتی ہیں ۔ کوئی صاحب برادران جو توں کے دفیہ کا مجرب علاج بتا کر ممنون فرمائیں (خریدار نمبر ۹۶۲)

۷۳۔ سو روپے سے تجارت ۔ میرے پاس سو روپیہ نقد موجود ہے ۔ پیسہ اخبار کے ہزارہا ناظرین ہیں ۔ کوئی برادرانہ ایسی تدبیر بتائیں کہ اس روپے کے ذریعے سے دس روپے ماہوار یا اس سے کسی قدر کم یا زیادہ پیدا کر سکوں کوئی آسان تدبیر ہو تو بہتر ہے (خریدار نمبر ۹۶۴)

۷۴۔ پارہ (سیماب) کہاں سے آتا ہے ؟ کس طرح نکلتا ہے ؟ ۔ اس کی پیدائش کا حال ۔ الغرض مناسب طور پر کل کیفیت سے جو صاحب مطلع فرمائینگے ان کی نہایت مہربانی ہوگی ۔ (ایک خریدار اخبار)

جواب

۷۵۔ تاریخی نام (جواب سوال چودھری صوبہ دار خاں صاحب) ۔ سرتاج خاں ۔ جسارت خاں ۔ ذوق احمد خاں ۔ محمد شمشاد خاں ۔ اشتیاق احمد خاں ۔ تقدیم علیخاں ۔ مستند علی خاں ۔ بعث محمد خاں ۔ توسیع حسن خاں ۔ انصاف محمد خاں (ثابت علیخاں ۔ محمد اسمٰعیل خاں ۔ وسعت حسین خاں ۔ توسل حسین خاں ۔ معتمد علیخاں ۔ جنید الدین حمید ۔ شیخ مرزا علی ریاض سرور ۔ مظہر قدوس ۔ شیخ عمر الدین ۔ عزہ علی ۔ نادر غنی ۔ ابو النظفر الدین ۔ مظفر الدین ۔ اکا بالغنی ۔ ان سب انہا سے ۱۳۱۵ھ نکلتے ہیں (عبدالکریم مضطر از اولنپڈی)

۷۵۔ دیگ (جواب سوال ۷۵) ۔ جہاں دیگ ہو وہاں سرس کے پتے مع شاخ رکھ دو دیگ نہ بہکی عمدہ نسخہ ہے (ظفر جہان بہ لاہور ۔ دہلی)

شعر و سخن

نظم جو خطبہ فیض عام سکول میرٹھ میں پڑھی گئی

[از جمیع الملک رشک ۔ انوری ۔ وفاقانی جناب سید محمد مرتضیٰ صاحب بیان ویژ والی رئیس میرٹھ]

آج مسکن کیا مبارک ہے مرا — منزل فورشید میں اترے ہما
چھاؤں میں تاروں کی یا اقبال کے — صبح دم تشریف لائے پورب
شہریار شہر میرٹھ جم جشم — مہرباں خوش خلق خوش دیدار دا
ماہ بھی ہے رشید کا ہو ہمراں — جلوہ آرا ہیں جناب صدیقی
اردلی میں ہیں جوانان کہن — نستہ ہے نارنگ گل سے مکر
لال کرتی کا سپاہی ہے گلاب — کالی پلٹن کا ہے سنبل سوچ
جھانکتی ہے صورت نرگس نوی — کھلتی ہیں کلیاں جھک کر کر
دیتے ہیں تحریر کی چیز نرگ — پڑھتے ہیں طالب سے کل مالی
لیتی ہے بلبل کنار شوق میں — کھتے ہیں بلبل سے گل مالی
پنجے پنجے کے چاب پر دیکھ — ہر آ اتر کر رہے ہیں جانور
رہتے ہیں فیض سلطانی آپ کے — شرق میں فورشید مغرب میں
صبح کو کہتا ہے وہ گڈ مارننگ — شام کو کہتا ہے وہ گڈ نائٹ سر
علم و دانش کی فضا در شو ہوتی — جبکے طالبعلم ہے گھنٹا سے
صاحبان فرد شان فضل جہاں — ابر تر ہیں یہ رئیس نامدار
ہوں نہ کیونکر اسکے پودے ہو نما — آبیار بلغ ہیں والا گہر
باغ ان کی تربیت سے ہے نہال — جب سے ہمرنگ گل ہیں ہو
آپ ہیں سرچشمہ لطف عمیم — نگاہ خاص فیض عام
یہ گلستاں کیوں نہ مالا مال ہو — ہے اسکے مالی ہیں یہ ملی
آفتاب روشن ضمیر اسد — رکھتے ہیں اسپر گہ فیض
کیوں نہ جنت نشاں آثار خیز — خیر اس نواب ثانی در
یاں فروغ مدد ہے وجد کمال — اختر تاباں ہے تابناں
گرچہ آب زندگی ہو فیض عام — دور ہے کلفت سے لیکن
تھا مشن اس مدرسہ کا آسماں — چرخ سے ٹوٹا ہے
قابل توصیف ہیں ایک ایک رکن — مولوی
جہل ہے جیسی ہے موت اتنا تو دیکھ — اہل ہو جب قطع
علم سے روشن ہوا ہے ہند کی — علم سے روشن ہو
علم قندیل اس سینا کی ہے — ہوتے ہیں پانی سے
علم ہے اس باغ کا آب رواں — علم کے پروانہ ہیں
علم ہے ہیں انجمن کا شب چراغ — ہے اس مرغ کی
عرش کی چوٹی پہ اڑتا ہے علم — تار برقی دے
علم نے تسخیر کی ہیں بجلیاں — علم سے پہنچا
رہ نہیں سکتا بلندی پر غبار — علم سے
علم اے ہند و مسلمانوں پڑھو — ہے یہی تاکید

بارگاہ علم و حکمت اے بیاں
مرجع کون و مکاں ہے المختصر

لہ کلکٹر میرٹھ ۔ لہ اسسٹنٹ کلکٹر ۔ لہ نواب

انگریزی سیاح

مسٹر ولیم رش سیاح جو کہ ۔ ساتھ چینی ترکستان گیا تھا ۔ اور اس نے پامیر سے روسیوں کو جانے سے روکا تھا ۔ اور اس کا ارادہ کیا ہوا تھا ۔ امیر صاحب بخارا کے حکم سے گرفتار کیا گیا ہے ۔

"تو یاب باش برادر بدار از سر باد" (سعدی)

۱۸۹۸ء

پیسہ اخبار

نمبر ۳۰ | یوم شنبہ ۳۰ جولائی ۱۸۹۸ء موافق ۱۲ ربیع الاول ۱۳۱۶ھ ہجری مطابق ۱۷ ساون سمت ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۲

واقعیت عاجلہ کیلئے تمار اور امداد

جہازوں میں جانوں کی تباہی۔ جو فراسیسی جہاز لابرگن نامی بحر اسلانٹک میں تباہ ہوا ہے۔ اسکے ساتھ پانچسو آدمیوں کا تلف ہو جانا تمام ایسے گزشتہ واقعات سے بڑھ کر ہے۔ پہلے بھی ایسی چند نظیریں وقوع میں آچکی ہیں۔ چنانچہ ۱۸۵۴ء میں بحیرہ روم میں مگدشارلٹ کا جہاز ۲۰۰ آدمیوں کو لے ڈوبا تھا۔ اور ۱۸۵۴ء میں قریبا ۵۰۰ جانیں جنگی جہاز ایگیکس کے ساتھ تلف ہوئی تھیں۔

دسمبر ۱۸۵۴ء میں جہاز سالٹانا ۵۰ اہل جہاز سے مرا کلہ اور اسی تاریخ میں آور ۴۰۰ جانیں سینٹ جارج۔ ڈیفنس اور پرنس نام جہازوں کے ساتھ غرق ہوئی تھیں۔

سب سے خوفناک ہمری واقعہ اس کے ۴۰ سال بعد وقوع میں آیا تھا۔ جبکہ جہاز میڈوس کے ۸۰۰ قیدیوں میں سے اہل جہاز سے صرف ۴ کس جانبر ہوئے تھے۔ اس کے بعد ذیل حادثے وقوع پذیر ہوئے۔

جہاز	جانوں کا نقصان	نام جہاز	جانوں کا نقصان
ہیرو	۵۰۰	سرجان لارنس	۴۵۰
ریک	۳۶۰	یوریڈائس	۳۰۰
[illegible]	۴۰۰	پرنسس ایلس	۶۰۰
[illegible] کاسگو	۵۰۰	کیپٹن	۴۷۲
[illegible] خیرجٹ	۴۰۰	اٹلانٹا	۲۸۰
[illegible]	۴۰۰	وکٹوریہ	۵۰۰
[illegible] چارٹر	۵۰۰	[illegible]	[illegible]

آبادی۔ سنہ ۱۶ کے وقت انگلستان کی آبادی ۲۰۰۰۰۰۰ سے زیادہ نہیں تھی۔

بھیڑوں کی پیدائش۔ ۱۸۸۸ء میں آسٹریلیا کی آبادی میں جو ۲۹ بھیڑیں داخل کی گئی تھیں سب اُن کی بدولت ۱۲ کروڑ بھیڑوں سے زیادہ آون اتاریجاتی ہے۔

دیاسلائیاں۔ آسٹریا کا ایک کارخانہ ۱۰ ٹن سلفر سالانہ خرچ کرنے سے ۵۰۰۰۰۰۰۰ آگیس دیاسلائیاں تیار کرتا ہے۔ اور ایک برٹش کمپنی ۱۰۰۰ ٹن گندھک ۷۰۰۰۰۰۰ ٹن گڑھی۔ اور ۱۵۰ ٹن دیاسلائی کے بکسوں کے واسطے چوب خرچ کرتا ہے۔

اسلحہ خانہ۔ ووچ (انگلستان) کے شاہی اسلحہ خانہ میں ۱۵۰۰ (پندرہ ہزار) آدمی کام کرتے ہیں۔ اور قریبا ۲۰ لاکھ پونڈ (۳ کروڑ روپیہ) کے سامان اسلحہ کا ذخیرہ اور پرزے لانے لیجانے کا کام دیتی ہے۔

مذاق

یورپین عورت:۔ "عورت ہمیشہ اپنے اعمال سے گرجا جانے کا منشا ظاہر کرتی ہے مردوں میں یہ وصف نہیں ہے۔ جب عورت گھبراہٹ میں پڑتی ہے تو پنکھے کی طرف رغبت ہوتی ہے اور مرد چوٹ اٹھاتا ہے۔ عورت فوراً آئینے پر پہنچتی ہے اور نشانہ لگاتی ہے۔ مرد مطبخ و دائل میں پڑا رہتا ہے اور عموماً خطا کرتا ہے۔ عورت بچے کو دیکھتی ہے اس کی طرف دوڑتی ہے حالانکہ مرد اس کے برعکس ہوتا ہے۔ عورت اپنا نقدی کا کیسہ ہاتھوں میں رکھتی ہے۔ اور مرد اس کو بغل میں دباتا ہے تاکہ بیوی کی نظر نہ پڑے۔"

میاں مقروض کی بیگم (رات کے تین بجے):۔ "اجی اٹھو۔ باہر کوئی چور گھس آیا ہے۔"

میاں مقروض (عادت مستمرہ کے مطابق):۔ "کہدو۔ اس وقت ہم گھر میں نہیں۔"

جب ڈیرک آف کینائٹ الڈر شاٹ کے قریب کسی سنسان سڑک پر سائکل چلانے کی مشق کر رہے تھے۔ اُن کو ایک موٹر سائکلر بھی اسی قسم کی ایکسرسائز کرتا ہوا ملا۔ سائکلر نے سلام کرتے ہی سائکل سے گرا۔ ڈیرک نے بھی مذاق سے جواب دیتے ہوئے ایسا ہی کیا۔

ڈیرک نے جھٹ سائکلر سے دریافت کیا کہ چوٹ تو نہیں لگی؟ سپاہی فوراً بول اٹھا کہ کیا بادشاہ کو گرتے ہوئے دیکھنے سے کسی سپاہی کو چوٹ نہیں لگنی چاہئے؟"

کارخانہ کا افسر (ایک کلرک سے جو دیر کر کے آیا تھا):۔ "دیکھو اب ۸½ بج چکے ہیں۔ تمہارا کیا عذر ہے۔ کیا تم اس وقت تک سوتے رہے تھے؟"

کلرک:۔ افسوس ہے کہ میں سو رہا تھا۔ مگر خواب میں بھی مجھے دفتر ہی دکھائی دیتا رہا۔"

ایڈیٹر:۔ "دیکھو کل کے پرچے میں زلزلے کی کیفیت درج نہیں ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟"

سب ایڈیٹر:۔ "اس میں اُس آرٹیکل نے باقی مضامین کے لئے جگہ نہ چھوڑی۔ جس میں دعوی کیا گیا تھا کہ ہمارے پرچے میں دوسرے تمام حصوں سے پہلے تار کی خبریں درج ہوا کرتی ہیں۔"

عجیب مجیب باتیں

چینی سے روشنی۔ پچھلے دنوں یہ عجیب دریافت ہوئی ہے کہ عام چینی یا مصری سے روشنی پیدا کیجا سکتی ہے۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ چند پوٹاشیم کے ڈھیلے چینی کے ٹکڑے دھوپ میں رکھو۔ اور پھر ان کو ایک تاریک کمرہ کے اندر لیجاؤ۔ وہاں پہلے خفیف روشنی دینگے۔ مگر بعد میں خوب چمکنے لگینگے۔ یہ روشنی بعض دفعہ ایسی تیز چلتی ہے کہ اس میں نوٹ پڑھے جا سکتے ہیں۔ یہ چینی کی روشنی کے فوٹو بہت صاف و شفاف پائے گئے ہیں۔

دیاسلائیوں کے خرچ کی اوسط۔ ایک آسٹرین کیمسٹ دیاسلائیوں کی کیفیت تحقیق کرنے کے درپے ہوا اور اس نے بڑے تجسس سے معلوم کیا ہے کہ یورپ کے ہر شخص کو دیاسلائیاں روزانہ خرچ کرنا ہے۔ حالانکہ اہل بھیم صرف ۷۰ امریکہ والے ۶۰ آسٹریلیسی ۵۰ اور آسٹرین ۴ خرچ کرتے ہیں۔

پرنس آف ویلز کی شبیہ والے ٹکٹ۔ شمالی امریکہ کی برٹش آبادی نیو فونڈلینڈ نے پرنس آف ویلز کی شبیہ والے ٹکٹ ڈاک جاری ہیں۔ یہ گزشتہ ڈسمبر میں ۲ سنٹ قیمت کے جاری ہوئے تھے۔ اس وقت اور پھر اس شبیہ کے ٹکٹ جاری نہیں ہیں۔ دو دفعہ پہلے ایسے ٹکٹ اسی جگہ جاری ہو چکے ہیں۔ ایک پرنس موصوف نیو فونڈلینڈ کی پرشاکیں میں خوبصورت جوان دکھائی دیتے ہیں اور یہ ۱۸۶۰ء میں جاری ہوئے تھے۔ اور اس کے بعد ۱۸۶۶ء میں۔ جو ان کے عین عالم شباب کی شبیہ ہے۔ نیو فونڈلینڈ کے ٹکٹوں (۲۵۰۰۰ آبادی) کے نباتات اور پرندے ہیں۔

شادی کا جرمانہ۔ ناروے میں بیاہے ہوئے میاں بیوی صرف ڈیڑھ آنہ ادا کرنے پر بذریعہ ریل سفر کر سکتے ہیں۔

نامہ بر کبوتروں کی رفتار۔ جب موسم عمدہ ہو نامہ بر کبوتر فی منٹ ۱۲۰۰ گز چلتا ہے۔ اور جب ہوا تیز ہو اور اس کی رفتار کو مدد دیتی ہو۔ تو فی منٹ ۱۹ سو گز گزر جاتا ہے۔

بانسوں کا لائٹ ہوس۔ جاپان میں بانسوں کا ایک لائٹ ہوس تیار کیا گیا ہے جو دیگر قسم کے لکڑی کے روشنی کے میناروں سے لہروں کو زیادہ تر روک سکتا ہے۔ اور اس کی طرح گھٹتا بھی نہیں۔

ہماری ملی اوسط۔ فی انسان زندگی [illegible]

رسالہ مشکل کشا کہ جس میں ہر ایک بیماری کے متعلق ہدایت جواب کی صورت میں دی گئی ہے مفصلہ ذیل ادویات ہر ایک مریض میں مستعمل ہو سکتی ہیں ۴ ادویات کی فصل نمبر ۱ پتہ مصنف ۶ پائی کا ٹکٹ مفت نمبر

شفاخانہ عام لاہور

حکیم محمد شریف آنی ڈاکٹر و پریذیڈنٹ

مردی نامردی

قیمت آٹھ روپے

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں و جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو اور جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردمی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی۔

روح حیات دو بوتل پانچ روپے ۰ ۰ ۰ ۰

روغن دافعہ سستی اکسیری چار روپے چار آنہ

مادر زاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی کمزوری وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونے کے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف تو بے کہ انسان کو گوشہ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے۔ یہ سبھا صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقت کو پھر لاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لاغری۔ کجی وغیرہ شطیدہ دور ہو جاتی ہے۔ اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو۔

نوٹ اگر بیماری ادویات کے استعمال سے کسی قسم بیماری بال روہ جائے تو ڈاکٹر مرض کے واسطے ایک مکتوبی دوائی بلا قیمت دیتا ہے۔

تعریفی خطوط

جناب ڈاکٹر محمد حسین صاحب ہیڈ اسسٹنٹ سرجن

جناب خان بہادر ڈاکٹر پیر شاہ صاحب

جناب خان بہادر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خان صاحب

جناب ڈاکٹر عبدالغنی صاحب

جناب ڈاکٹر عبدالحمید صاحب

جناب ڈاکٹر عبدالحمید صاحب

جناب ڈاکٹر عبدالحمید

ولایتی سُرمہ

ولایتی سُرمہ سیاہ فیتولہ دو روپے

محصول ڈاک ایک تولہ کے خریدار کو معاف

ولایتی سُرمہ سفید فیتولہ دو روپے

محصول ڈاک ایک تولہ کے خریدار کو معاف

ہمارے ولایتی سُرمہ کے متعلق ایک سو پانچ روپے کا انعام اسی اخبار میں شائع ہوا تھا

وہ ہے اپنا نظیر نہیں رکھتا ہمیں خود اسکی تعریف لکھنے کی ضرورت نہیں دیکھیئے کہ پبلک کی رائے اسکی نسبت کیا ہے۔ اور انہوں نے اسکی کتنی قدر کی ہے

جناب مولوی غلام محمد صاحب مالک مطبع وکیل مرزا پور:۔ آپ کا بنایا ہوا سُرمہ میں نے استعمال کیا اور اپنے کاتبوں و منشیوں کو استعمال کرایا۔ واقعی نہایت مفید ہے۔ اشتہارات غریب اور مبالغہ آمیز کی تحریرات میں پھنسنے والوں کا مینے اسوقت تک استعمال کیا ہے جب آپ کے سُرمہ کو ترجیح دیتا ہوں۔ ضعف بصارت اور آنکھوں کی جلن کے لئے سُرمہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے +

جناب شیخ محمد شاہ صاحب وکیل ہیڈ کلرک ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر مینیجنگ کمیٹی مدرسۃ المسلمین امرتسر:۔ حکیم امام الدین کا بنایا ہوا سُرمہ استعمال کیا ہے اسکے لئے بہت ہی خنکی بخش پایا۔ بیشک کسی قسم کی ضرر رساں دوائی کی آمیزش نہیں ہے۔ اسکے اجزاء ضعف بصارت کو بہت مفید ہیں۔ چونکہ ان دنوں کثرت مطالعہ کا شوق ہے۔ اور بہت سے نوجوان ضعف بصارت کی میں مبتلا ہیں میں جرأت سے کہتا ہوں کہ ایسی حالت میں ولایتی سُرمہ نہایت ہی فرحبخش اثر دکھلائیگا۔ سادہ بوجہ اپنے اعلے خواص کے عوام الناس میں شہرت پذیر ہوگا +

جناب شیخ علی احمد صاحب وکیل رجسٹرار ڈویژنل کمشنر صاحب بہادر پریذیڈنٹ میونسپل بورڈ و گورنمنٹ پرائمری سکول کمیٹی:۔ سُرمہ مرتبہ حکیم امام الدین استعمال کیا۔ پہلے سے بہتر و مفید معلوم ہوا۔ واقعی بصارت کے لئے مفید ہے +

جناب سید انور حسین صاحب منصف اجالہ ضلع امرتسر:۔ آپ کا ولایتی سُرمہ میرے استعمال میں آیا۔ اور میرے چند احباب نے استعمال کیا۔ واقعی آنکھوں کی سوزش اور ضعف بصارت کو بہت مفید ہے۔ میرے جن احباب کو زیادہ پرزور کی تعریف کرتے ہیں امید ہے کہ آپکی کوشش کا اللہ عزوجل آپ کو ضرور نعم البدل دینگے۔

جناب سید النسا بیگم صاحبہ خفی زوجہ مکرم خواجہ جعفر حسین صاحب مینیجر ریاست پونچھ:۔ آپ کا سُرمہ میں نے استعمال سے آنکھوں میں بہت ہی ٹھنڈک پیدا ہوئی۔ ماشاء اللہ چشم بد دور۔ آپ کا ایجاد کردہ سُرمہ نہایت فائدہ مند ہے جسکی تعریف میں زبان قلم قاصر ہے مکلف ہوں کہ ایک تولہ ولایتی سُرمہ سیاہ اور بھیجدیں تاکہ میرے ضعیف چشم کو تقسیم کیا جاوے۔ واقعی اگر صاحبان بصیرت چشم غور دیکھیں تو آپ کے ایجاد کردہ سرمہ کی نہایت تعریف کریں اور فوائد مندرجہ اشتہار کو فضل کو عین الیقین سمجھیں۔ میں اس سُرمہ کی خریداری کے لئے حتے الوسع اپنی سمجھ کو ترغیب دونگی +

جناب گنگا پرشاد صاحب اگرسن ماتی سکول ڈیرہ دون:۔ آپکے سرمہ سے مجھے اور میری اہلیہ کو فائدہ پہنچا۔ علاوہ روشنی چشم کے فرحت قلب بھی محسوس ہوتی ہے۔ ایک تولہ سرمہ سیاہ اور ارسال فرمایئے +

جناب ڈاکٹر ڈی۔ ایچ۔ سالگلے بی۔ اینڈ۔ ایچ۔ ایس۔ ایڈیشنل انیوریٹر سٹی ایسوسی ایشن:۔ مجھے محمد امام الدین ڈسپنسنگ کیمسٹ امرتسر نے اپنے ولایتی سُرمہ کو سیل ایجنٹ مقرر کرنے اور بیماروں پر آزمانے کے لئے دیا۔ بیشک یہ سُرمہ یونانی ادویات سے مرتب شدہ ہے۔ ہندوستان کے بڑے بڑے سرجن ایکسلنسی کا معالجہ نہیں کر سکتے میں اپنے ذاتی تجربے اور بھرپور شہادت دیتا ہوں کہ اس سرمہ کے خواص بے نظیر ہیں۔ یہ ایک گھریلو دوائی نہیں بلکہ یہ سُرمہ بڑی قیمتی انگریزی اور یونانی ادویات کو ترکیب دیکر بڑی محنت اور جانفشانی سے تیار کیا گیا ہے۔ میں ان ادویات کا سُرمہ جو حکیم و ولایت کے ڈاکٹر اور یونانی حکیم بڑی قدر کرتے ہیں کیا کون فخص ہے کہ جو کبھی سُرمہ کی آنکھ سے پانی جاتا جیسی جھلی کا زخم آنکھوں کی ورم ضعف بصارت اور دھند کا عارضہ ہو میں بے پورے اطمینان خاطر سے کہتا ہوں کہ مندرجہ بالا شکایتوں کے رفع کرنے کے لئے ولایتی سُرمہ مفید ہے کیونکہ یہ نہایت عمدہ ادویات سے مرکب ہے۔ اسکے استعمال سے آنکھیں نئی الفور سرد ہوتی ہیں اور چند دنوں میں مندرجہ بالا شکایات سے مخلصی ہوتی ہے۔ علاوہ بریں تندرستوں کے لئے اس سُرمہ کا لگانا مفید ہے کہ استعمال کرنا آنکھوں کی بصارت قائم رہنے کے لئے ازحد مفید ہے +

جناب صوبہ دار غلام رسول صاحب سکندرآباد (حیدرآباد دکن):۔ العجز دہدست ہونے اس کارڈ کے ۲ تولہ ولایتی سُرمہ بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل بھیجدیں۔ آپکے سُرمہ کے ہفتہ کے استعمال سے چشمہ لگانا موقوف ہو گیا +

انکے ہاں دو صد شہادت موجود ہیں +

حکیم محمد امام الدین کیمسٹ و جنرل ولایتی سُرمہ مال بازار امرتسر

(ہر بکس آنی چاہیئے)

نوٹ:۔ ولایتی سُرمے کا انگریزی اور اردو مفصل اشتہار سُرمے کے ہمراہ روانہ کیا جاتا ہے +

نوٹ

کثرت اشتہارات کی وجہ سے لوگوں کو مفید اور غیر مفید دوائیوں میں تمیز کرنا محال ہو گیا ہے۔ چونکہ یہ کارخانہ عرصہ ۳۶ سال سے جاری ہے اور اسکی بے نظیر ادویہ کے متواتر تجربوں نے اہل ملک کو خود بخود قدردانی کا موقعہ دیدیا ہے۔ آپ کو ایک نسخہ کے تجربہ سے ان ادویات کے عجیب الاثر ہونے کا ثبوت مل سکتا ہے

حکیم انور ٹانک پیز

عرق دافع سوداک

عرق دافع طحال

عرق دافع بواسیر

جوب جریان

جوب حسیمی

سفوف تریاق

عرق نجار چوتھیہ تیجہ

حب ذیابیطس

عرق ہاضمہ

عرق دافعہ لیمانی

عرق دافعہ درگردہ

ہیرا ئیل

منجن دانت

بال ڈائنہ کا پوڈر

عرق وجع مفاصل

عرق مسیحا

عرق دافعہ ضیق النفس (دمہ)

عجیب وغریب مرہم

خضاب

عرق

جناب

عالیجناب

ایک دافع تہمت

نوٹ

تمام فرمائشیں بنام شیخ خیر الدین رحیم بخش سوداگران ادویات انگریزی و غیرہ کٹڑہ گنھیاں امرتسر

Little's Oriental Bo

مفاصل پنجسالہ کا علاج

یہ شخص جس کا نام نیچے موجود ہے لکھتا ہے
سخت درد رہا اور شب کو تاروں گنتے ہوئے
ہم کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ بجز لٹل صاحب کے
شیشہ اور نیٹل بام کے۔

ٹاٹ سکوئر لنڈن۔ مورخہ ۲ جون سنہ ۱۸۹۵ء

سات پانچ سال تک اس خوفناک مرض میں مبتلا تھا
مفاصل کے نام سے مشہور ہے۔ ہر ایک ڈاکٹر سے رجوع لایا
کا علاج کیا اور ایک عمدہ اور پہلے درجے کے شفا
انچ علاج کے دستخط مقرر کیا۔ لیکن کچھ نتیجہ نہ ہوا
صحت کی امید منقطع ہو گئی خانہ نشین ہو گیا۔ ہر شب
بیدار رہتا تھا۔ تمام مفصلوں میں سخت درد جاگیر ہو

صاحب کے ویٹیل بام کی بڑی بڑی تعریف سنی تھی۔
کا ایک شیشہ خرید کرنے پر عازم ہوا۔ غرض نیچے
کر جوڑوں پر ملا۔ بعد درد اور تڑک رفع ہونے لگی
شروع ہوئی۔ اس کے ساتھ درد بھی جاتا رہا۔
صحیح سالم ہو گیا۔ اب میں امید رکھتا ہوں
جوان جو جمیع مفاصل کی علت میں مبتلا ہو دوسری
دوائیوں کو ترک کر کے لٹل صاحب کے ویٹیل
بام کا استعمال کریں گے جمیع مفاصل کے
کوئی عمدہ اور سریع التاثیر علاج نہیں ہے۔
ایک شیشہ ارسال کرنے میں ڈاک خرچ فی شیشہ ۳۰
ایجنٹ مسٹر ای پلومر کمپنی میں

کپڑے کے سوداگر

راما اس مہہ اینڈ سنز بزازان
بزازہ ہٹہ بازار لاہور

ہر قسم کے موجود
ہیں۔ ریشمی کپڑے ہر
قسم کے موجود ہیں۔ اسرار صوف
ہر قسم کے موجود ہیں۔ بنارسی مال ہر
قسم کا موجود ہے۔ بمبئی کی معتبر
ریشمی ہر قسم کی موجود
ہیں۔ وغیرہ
وغیرہ

اشتہار عطر و تیل

کارخانہ عبدالعلیم خان و عبدالحکیم خان
مقام فتوح ضلع فتح گڈھ

یہ کارخانہ عرصے سے جاری ہے اور سب مانتے ہیں کہ ہندوستان میں یہ فتوح عطر کی کان ہے۔ عطر گلاب۔ شہنازہ موتیا۔ سہاگ۔ فتنہ۔ موگرا عود رس۔ شمامۃ العنبر۔ مجموعہ وغیرہ پانچ روپے سے آٹھ آنہ تولہ تک۔ مگر عطر گلاب ۵ تولہ تک ہے۔ عطر نارنگی موتیا کیوڑا چمپا زعفران۔ پانڑی کیوڑا ۱ تولہ سے ۵ تولہ تک۔ عطر خس ۱ تولہ سے ۵ تولہ تک۔ عطر چنبیلی ۱ تولہ سے ۵ تولہ تک۔ عطر اگر یا بچھو ۱ تولہ سے ۵ تولہ تک ہے۔

روح گلاب ۔ ساٹھ روپے فی تولہ۔ روح خس فی تولہ ۱ روپیہ۔ روح پانڑی ۱ تولہ ہے۔

روغن ۔ موگرا چمبیلی ۱ پیالہ ۱ سیر سے ۱ سو روپیہ تک ہے روغن حنا و کیوڑہ ۱ پیالہ ۵ سیر سے ۱ سو روپیہ تک۔ عطر دان و عرق متا کو فوری و گولیاں روحیلی بھی موجود ہیں۔ طلب کرنے پر پوری فہرست کارخانے کی روانہ کیجاوے گی۔

المشتہر
عبدالعلیم خان عبدالحکیم خان کارخانہ عطر فتوح ضلع فتح گڈھ

دو ہزار آٹھ سو تین روپے

منت تقسیم کئے گئے

مسلم نیشنل فنڈ گورداسپور اپریل سنہ ۱۹۰۴ء میں کھولا گیا تھا۔ اور اپریل سنہ ۱۹۰۵ء تک ۱۵۰۰ (پندرہ سو) اشخاص ممبر ہو چکے ہیں اور ۲۴۰۰ (دو ہزار چار سو) درخواستیں منظور ہو چکی ہیں۔ اپریل سنہ ۱۹۰۵ء تک گیارہ اشخاص کے ہاں شادیاں ہوئیں اور ان کو فی کس ۲۵ (پچیس) روپے ادا دی گئی جانکی۔ انہوں نے فی کس بیلغ تین تین روپے فنڈ میں داخل کر دیئے تھے۔

اس فنڈ میں ہر ایک مسلمان مرد ہو یا عورت ممبر ہو سکتا ہے۔ ۱ روپیہ داخلہ ہے اور ماہواری چندہ ۱ پیسے سے لے کر ۱ روپیہ تک ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس طرح کل ۱۰ روپے دے کر شادی کے موقعے پر ایک ہزار روپے تک مدد دی جاتی ہے مفصل قواعد کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ ارسال فرماویں۔ درخواست داخلہ بمعہ اعانت ارسال ہونی چاہئیں۔

المشتہر یعقوب خان بی اے ایڈیٹر۔ سکرٹری مسلم نیشنل فنڈ گورداسپور

کلینٹس ٹانک

طاقت کی عمدہ دوائی۔ قیمت فی بوتل دو روپے
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکیگی

ہندلعل بزاز لاہور

ہاری ویجیٹیبل پارسل فوڈ

خواہش مند ریلوے پارسل بک ہر ایک ریلوے اسٹیشن پر
سکتے ہیں۔ شالا پارچات بنارسی۔ سلک سلاٹ پٹرے پشمینہ لوئی تھان
چٹی دری وغیرہ۔ ادویات دیسی انگریزی۔ عمدہ عطریات تیل
ہر قسم تیار شدہ جوتے پشاوری وغیرہ۔ کمتھائی قالینی نیوی سرمہ۔
نادلی ہر قسم دھرمان شامیانے کلاک وجیب گھڑیاں علم۔ دوات پیتل
کاغذ حراب دیسی انگریزی۔ بنیان و دیگر اشیا متعلق دکان اسلحی
کارتوس سامان کرکٹ و لانس و ہیڈ منٹن خرید کرو۔ نرخ مرسلہ
استعمال کی ہر ایک چیز ملتی ہے۔ منیجر پنجاب کمرشل بورڈ لاہور

بال اڑانے کا پوڈر

قیمت فی بکس ۸ تین بکس ۲۵
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا

سوال و جواب ترمیمات ضابطہ فوجداری

ایک مختصر رسالہ بزبان اردو جس میں صرف و ترمیمات اول و دوم درج ہیں جو ضابطہ فوجداری جدید یعنی ایکٹ ۵ ۱۸۹۸ء کے روسے یکم جولائی ۱۸۹۸ء کو نافذ ہونگے۔ سب عام فہم سوالی و جواب میں جس سے فوراً ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ پرانے قانون میں اور نئے قانون میں کیا فرق ہوگیا ہے جس کے پاس یہ رسالہ ہو اس کو جدید قانون کی خریداری کی ضرورت باقی نہ رہیگی۔ یہ رسالہ بہت جلد تیار ہو جائیگا اور قیمت صرف (۴) ہے۔ یا اس سے کسی قدر کم و بیش ہوگی۔ اہلکاران پولیس و مختاران جو جدید کتاب خریدنا چاہیں ان کے لئے از بس مفید ہے۔

المشتہر عزیز الدین احمد مجسٹریٹ درجہ اول ضلع بارہ بنکی

شرح ضابطہ فوجداری جدید

مجموعہ ضابطہ فوجداری یعنی ایکٹ ۱۰ ۱۸۸۲ء منسوخ ہوگیا۔ اور یکم جولائی سے ایکٹ ۵ ۱۸۹۸ء نافذ ہو جائیگا۔ مینے بہت محنت سے آسان اردو زبان میں شرح مجموعہ ضابطہ فوجداری کی ترتیب دی ہے جس میں کل نظائر ہائی کورٹ و سب تبدیل قانون مرکلات گورنمنٹ وغیرہ درج ہیں۔ یہ کتاب قبل یکم جولائی ۹۸ء انشاء اللہ مرتب ہو جائیگی۔ شائقین قانون سے التماس ہے کہ وہ قبل اس کے کہ دوسری جگہ سے ضابطہ فوجداری جدید طلب فرمائیں اس شرح کا انتظار فرمائیں خاکسار کو امید ہے کہ یہ شرح صاحبان قانون پیشہ و نیز حکام اردو دان کو بہت پسند آئیگی علاوہ ایکٹ ۵ ۹۸ء کے اس میں ضابطہ فوجداری تا این ڈیل ایکٹ پولیس وغیرہ کے بھی جو نئے سے ۱۸۹۸ء بہت سا بدلا ہوا ہے شائقین قانون سے دارد ہے

المشتہر عزیز الدین احمد ڈپٹی کلکٹر و مجسٹریٹ درجہ اول ضلع بارہ بنکی

اہل اسلام کو خوشخبری

ہم ایک حاشیہ مترجم و محشی اردو بطرز جدید چھاپ رہے ہیں جو آج ۲۵ مارچ ۱۸۹۸ء تک پچیس ۲۵ پارہ چھپ چکے ہیں اس کے حاشیہ پر وہ حواشی مفید صحیحہ محققانہ طور پر معتبر تفاسیر سے لکھے گئے ہیں جو آج تک کسی قرآن مجید پر نہیں چڑھائے۔ یہ حاشیہ کثرت حواشی و طبعی خط و صحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی۔ اگر کوئی شخص مجموعی صفات میں نظیر اس حاشیہ کا دکھلا دیگا تو اس کو یہ حاشیہ مفت دی جاویگی۔ علاوہ اس کے اس کی صحت میں اس قدر کوشش کی گئی تھی جو حد امکان سے بعید ہے۔ قیمت مجلد چھپی ہے۔ بغیر جلد ہے۔ محصول بذمہ خریدار۔ اور نیز ہم نے حدیث شریف کی معتبر اکتاب یعنی مشکوٰۃ شریف کا ترجمہ بین سطور رعایت لفظ کر کے چار جلدوں میں چھاپا ہے اس کے حاشیہ پر ڈھائی ہزار فوائد صحیحہ محققانہ طور پر چڑھائے ہیں جو اور شروح مشکوٰۃ میں کہیں نہیں یہ مشکوٰۃ خوبی حواشی خوبی خط و وضاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی قیمت فی جلد ۱ محصول بذمہ خریدار جس شخص کے پاس ہماری یہ حاشیہ اور یہ مشکوٰۃ موجود ہوگی اس کو اور کسی کتاب تفسیر و حدیث کی ضرورت نہیں ہوگی جو شخص ہمیں حاشیہ کی پیشگی بھیجنے والے کے نام عید الضحیٰ تک حاشیہ شریف پہنچا دیگا کا وعدہ کیا ہوا تھا اس لئے مندرجہ لکھا جاتا ہے کہ بسبب واقع ہو جانے حج کے وعدہ موعودہ سے ایک مہینہ پیچھے ہے۔ ہیضہ تپ کے مبتلا ہونے کے سبب سے ہم نے ۱۵ ربیع الاول عزیزاں الکاں مطبع القرآن السنہ اسلامیہ لاہور

محصول اک سیماب کا گٹکہ

جس صاحب کے شیر موافق مزاج نہ ہو گا موافق آجائیگا۔ قوت کم بڑھانیوالا..... کو گاڑھا کرنے میں بے نظیر ہے۔ اور اس کی قوت زائل ہونے کا راز ہمراہ بتلا دیا جاتا ہے۔ سارٹیفکیٹ ایک گورنمنٹ کی میعتی عطا ہوا ہے کہ سکہ فرماویں۔ یارہ مقدر بکار ہے جیسا کہ آپ لالہ دوارکا پرشاد صاحب قانونگو کو بھیجا ہے عبد العزیز نائب تحصیلدار پھالیہ ضلع گجرات ۲۰ اپریل ۹۸ء عمر منصاب یہ عرق اعلیٰ قسم کا خوشبودار دنت میں سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ ایک شیشی ۲ ۱ دس ۱۰ ماہ تک کافی ہے۔ بلا نقص ہے قیمت معہ محصول چھ عدد بذریعہ پیشہ آب کی دکان سے خضاب منگوا کر ایک دوست کو دیا تھا آپکا بڑا گرویدہ ہے۔ سید محمد ضیاء ہے ایک شیشی وہی اصلی روانہ کریں ۲۰ اپریل ۹۸ء سید محمد ضیاء خانقاہ ضلع غیظ آباد ملکانہ گیا۔ خریدار پیسہ اخبار ۱۸۸۰ء

خاکسار دیوان دولت رام مالک دیانند میڈیکل ہال امرتسر

چھپ گئی۔ لیجئے چھپ گئی

مکمل تاریخ جنگ روم و یونان ۹۷ء

جو اس احتیاط اور انتظام سے لکھی گئی ہے کہ تاریخ وار کیا بلکہ ساعت بساعت جو واقعات اور معرکہ جات گزرے ہے اُن کی گویا سچی تصویر ہے۔ عبارت طرز نالویت سے قطعاً مبرا۔ اول سے آخر تک تاریخی حیثیت کو ہر پہلو سے لئے ہوئے بار یک بہ مضمون تحریر میں پوری تین سو صفحہ کی چھپی ہے ہر نقشہائے سلطنت عثمانیہ و رگمین اور مقامات جنگ و کریٹ و قسطنطنیہ و ڈارڈنیز و ضمائم و کیپٹن ان شہید حضرت سلطان سنہری مجلد فی عہ سالنامہ شہزادہ گورنمنٹ اور وزیر فنون معلمہ کا خیر میں اول سالنامہ صحیح باقیہ سالانہ پیشگی پا ۱ فضل محمد منیجر شراوہ زمین ہاؤس مراد آباد

عجیب و غریب ناول

مصنفہ قاضی محمد سرفراز حسین صاحب ہری

سعید۔ یعنی ایک نوجوان مسلمان کا فضل مفلسی و سرگردانی سے ہوئے اور طوائف کے مکان پر جانے سے بچنا قیمت مع محصول ڈاک ۸ ہے سعادو یعنی چند شریف زادوں اور ایک مسلمان طوائف کی راہ راست پر آنا۔ قیمت مع محصول ڈاک ۸ ہے شاہد رعنا۔ یعنی ہندی کی ایک مسلمان تاجدار فلم سے لکھی ہوئی سوانح عمری۔ مشتہر ہے شخص بھی رنگین شباب اور بجام قیمت فی صحیح محصول ڈاک ۱ ہے

المشتہر حضرت خاں اینڈ منسز سوداگران بنی نال

— بنک فرانس بنک انگلستان سے چوگنا ہے۔
— ایک جرمن جہاز نے باغیوں کو جزیرہ گرینڈی پر حملہ کرنے میں مدد دی۔
— چینیوں نے بسکردگی ڈاکٹر سینٹ بغاوت کی۔
— کینیڈا کے لوگ ان کے بہت ہمدرد ہیں۔
— فارس میں ۵ لاکھ مینڈرڈ ویٹ کھجور سالانہ پیدا ہوتی ہے جس کا نصف حصہ یورپ اور امریکہ کو جاتا ہے۔
— مصر ہی ایک ایسا ملک ہے۔ جہاں مرد عورتوں سے زیادہ ہیں۔ تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ سلطنت مصر میں عورتوں سے ایک لاکھ ۹۰ ہزار مرد زیادہ ہیں۔
— ہسپانیہ میں کیبنیٹ ٹوٹ جانے سے آگ فتنہ مشتعل ہو گئی ہے۔
— امریکن لائنوں میں زرد بخار کے پھیلنے سے واشنگٹن میں زرد ہو رہا ہے۔ سازشوں کا سلسلہ بھی باعث تکلیف ہو رہا ہے۔
— ڈیوک آف نارفوک پوسٹماسٹر جنرل برطانیہ کلاں نے کینیڈا، نیوفونڈلینڈ، کیپ اور ٹال وغیرہ کے واسطے ایک نئے کے ٹکٹ ڈاک جاری کئے ہیں۔
— گزشتہ سنیچر کو ایک امریکن جہاز بحر اطلانتک میں آگ سے تباہ ہوا۔ ۳۴۰ اہل جہاز اور ۲ مسافر بمشکل جان بچا کر ۱۲ تاریخ کو ڈیوک آف کیمبرج نے وہ زمین دوز برقی کیبل جاری کی جو شہر کو واٹرلو کے ساتھ ملاتی ہے۔
— شہنشاہ یونان کی بیٹیوں کی امداد کے واسطے مسز کیسلنسی محمد احمد فتحی پاشا نے مصر سے ۳۷۱۲ قرش روانہ کئے ہیں۔
— سلطان المعظم نے حکم دیا ہے کہ یونان سے جو تاوان وصول ہوا ہے۔ اس میں سے ۱۰ ہزار پونڈ کریٹ کے مصیبت زدہ مسلمانوں کی امداد پر خرچ کئے جائیں۔
— شاہ ڈنمارک نے گرینڈ کراس کا اعلیٰ تمغہ برٹش گورنمنٹ کے وزیر مارسیلز کارتھیوڈری آفندی کو عطا کیا ہے۔
— روسی اخبار کے ایک نامہ نگار مسٹر کازموف نے قسطنطنیہ میں روسی زبان کا اخبار جاری کرنے کی اجازت چاہی ہے۔
— سلطان المعظم کی قلمرو سے بلا اجازت عربی گھوڑوں کے باہر جانے کی ممانعت ہے۔
— صوبہ تھسلی کے تین یونانی اسمبلی میں مشترک ہونے اور تینوں اعلیحضرت کی خاص عنایت کے مورد ہیں۔
— پرنس عبدالعزیز یلدیم بھی زیارت امیرالمومنین کو پرپول گئے ہیں۔ حضرت سلطان المعظم نے ان کو ۹ ہزار روپیہ ماہوار میں مسجد تعمیر کرنے کے واسطے دیا ہے۔
— سنہ ۱۸۹۶ء میں ۴۵۰ مسلمانوں نے بگیریہ اور کریٹ سے ہجرت کر کے سلطنت عثمانیہ میں پناہ لی۔
— آنریبل گھکھیل۔ اس کا سود ۲½ فی صدی مقرر کیا گیا ہے۔
— جن کے جنہیں ہز میجسٹی کوئن وکٹوریہ نے ٹرانسوال میں فوج کا معائنہ کیا۔ اور کیمبرج ہاسپٹل کے رجمنٹل ہاسپٹل کھولا۔
— یونیکلاں میں سب سے بڑا اور عظیم الشان مقبرہ ڈیوک آف ولنگٹن کا ہے جس کے اوپر ۱۲ لاکھ پونڈ لاگت ہوئی تھا

— جرمنی میں ۶۵۳۲ رسالے شائع ہوتے ہیں۔ جو بلحاظ آبادی ۱۲۹۰۲ آدمیوں کے واسطے ایک ہے۔
— شاہی اسلحہ خانہ ولوچ میں ۱۵ ہزار آدمی کام کرتے ہیں۔ اور اس کے اندر ۴ میل ریل چلتی ہے۔
— گورنمنٹ روس نے اجنبیوں کو روسی اراضی اور محاصل پر اپنا سرمایہ صرف کرنے کی اجازت دی ہے۔
— گورنمنٹ روس نے آمن ۴ ہزار ارمنیوں کا معاوضہ طلب کیا ہے جو کوہ قاف میں پناہ گزین ہیں۔
— ۱۸۸۸ء میں آسٹریلیا کی آبادیوں میں جو ۲۹ بھیڑیں داخل کی گئی تھیں۔ انہوں نے اس قدر ترقی کی ہے کہ اب وہاں ۱۲ کروڑ دنبہ و پشم دینے والی بھیڑیں موجود ہیں۔
— چین نے چانیہ کلاں کو ۹۹ سال کے واسطے ۲۰ مربع میل اراضی کا اجارہ ہانگ کانگ کی حفاظت کے واسطے دیا ہے۔

Chamberlain's Cough Remedy
چیمبرلینس کف ریمیڈی
(چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی امریکہ میں بنائی ہوئی)
ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ نزلہ۔ بچوں کی کھانسی۔ کالی کھانسی سل۔ گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل رفع کر دیتی ہے امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ایک مرتبہ اس کو آزما کے اور صحت پائیے۔
قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ بڑی بوتل دو روپے۔
تمام انگریزی دوائی فروش فروخت کرتے ہیں
لاہور میں شیخ نصیرالدین اینڈ سنز مالکان پنجاب میڈیکل ہال اور امرتسر میں میاں غلام فرید الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے ملتی ہے

استہار
تمدن عرب

یہ ایک بے نظیر فرانسیسی تصنیف ہے جس کو شمس العلماء مولوی سید علی صاحب بلگرامی معتمد تعمیرات عامہ ریاست وغیرہ سرکار نظام حیدرآباد دکن نے اصل زبان سے ترجمہ کر کے غیر معمولی اہتمام سے چھپوایا ہے۔ کتاب بڑی تقطیع کے تقریباً ۸۶۰ صفحہ کی ہے اور اس میں تمدن اسلام کے متعلق ۱۴۲ تصاویر اعلیٰ درجہ کی ہیں۔ جو امریکہ میں تیار کرائی گئی ہیں۔ اور ان کے علاوہ تین نقشے ہیں جلد بھی اعلیٰ قسم کی امریکہ میں بنی ہے۔ قیمت کتاب مع محصول ڈاک و پیکنگ ولیو پے ایبل ۵ روپے (اکاون روپے آٹھ آنے) ہے جو کتاب کی حیثیت کے مقابلہ کچھ نہیں۔ اس کتاب کا ایک نمونہ بھی چھاپا گیا ہے۔ جس میں اندر کتاب کا سفرنامہ مضامین و فہرست حواشی و فہرست تصاویر۔ اور دیباچہ مترجم اور مقدمہ کتاب اور ایک مقدمہ شامل ہے۔ اور اس سے پورا اندازہ مذکورہ بالا کتاب کا ہو سکتا ہے۔ نمونے کی قیمت مع محصول ڈاک ۴ (ایک روپیہ چار آنے) ہے جن صاحبوں کو مطلوب ہو۔ [illegible]

ضرورت ہے

(۱) ایک مسلمان گریجوایٹ۔ انڈر گریجوایٹ یا ایک زبردست مدرس کی جو انگریزی میں عمدہ لیاقت رکھتا ہو۔ مدرسۃ الاسلام ملیر کوٹلہ میں مدرس اوّل انگریزی ہونے کے لئے تنخواہ:۔ انڈر گریجوایٹ جو ٹرینڈ نہ ہو ۵۰ ٹرینڈ انڈر گریجوایٹ ۵۰ گریجوایٹ ۵۰ ٹرینڈ گریجوایٹ ۱۰۰۔

(۲) اسی مدرسہ میں ایک مسلمان معلم ریاضی کی جو انگریزی میں مڈل کی جماعتوں کو ریاضی پڑھا سکے۔ انٹرنس یا ایف۔ اے پاس ہو۔ ۴۰ سے ۵۰ تک۔

ان دونوں متذکرہ بالا اسامیوں میں ہیں سند یافتہ کو ترجیح دی جائے گی۔

(۳) ایک ایسے عالم کی بھی جو عربی میں اعلےٰ لیاقت رکھتا ہو۔ یعنی حدیث میں صحاح ستہ اور فقہ میں ہدایہ اور تفسیر میں بیضاوی اور ادب میں حماسہ اور متنبی اور معنی اللبیب اور امام مالک وغیرہ کتب پڑھا سکے تنخواہ ۱۰۰ ۱۵۰

نوٹ بشرطیکہ کوئی گریجوایٹ عربی دان اور دینیات سے واقف میسر نہ ہو کہ معلم نمبر ۳ مدرس اعلےٰ یعنی ہیڈ ماسٹر ہوں گے۔

(۴) بموجب نمبر ۱۔ اگر کوئی صاحب ایسے ہوں کہ جو علاوہ گریجوایٹ وغیرہ ہونے کے عربی دان اور دینیات میں کسی قدر حدیث اور قرآن شریف کا ترجمہ عمدہ طور پر جانتے ہوں۔ اور پابند شرع ہوں تو ان کو تنخواہ ۱۵۰ ۔ ۲۵۰ ۔ ۳۵۰ ۔ ۵۰۰ علی الترتیب دیئے جائیں گے۔ شرائط ملازمت بذریعہ خط و کتابت طے کئے جائیں گے۔ درخواستیں بیع سنداد ۱۵ اگست ۱۸۹۸ء تک بتہ ذیل پر آنی چاہئیں۔

المشتہر
خان صاحب محمد علی خان صاحب رئیس اعظم کوٹلہ لائق سیکرٹری کمیٹی مصالح مدرسۃ الاسلام

وہ سب بجزہ کے گرفتار ہو گئے ہیں۔

بنک مدراس نے اپنی شرح سود ۷ فی صدی کر دی ہے۔

اس وقت ہند میں سب سے زیادہ بارش چیرا پونجی واقع کوہستان آسام میں ہوئی۔ جہاں ۲۰-۲۱-۲۲ تاریخ کو ۱۲ر۸۶-۱۰-۵۵ اور ۵-۱۱ر۰-انچ ہوئی۔

افسوس ہے کہ کلکتہ میں ہیضہ دفعتاً نمودار ہو گیا قلعہ میں ایک ہی دن میں ۳ کیس ہوئے۔ اور یہ تینوں قلی تھے۔

امید نہیں کہ سر چارلس نیپیر آئندہ سرما میں پلیگ دور کر سکیں۔ کیونکہ ماہ نومبر میں ہر ولیم لاکہارٹ کے وارد ہند ہونے کی امید قوی ہوتی جاتی ہے۔

ہندو ستانیوں کی عمر کی اوسط ۲۴ سال ہے حالانکہ انگلستان میں یہ اوسط ۴۴ سال ہے۔

الفرڈ چارلس پارکر۔ جس نے پونہ میں ایک دیسی رنڈی کو ہندستانی طریق میں پھینکا تھا اور جس کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی۔ جس کو کاسٹے کی ضرورت معلوم ہوئی تھی۔ ہائی کورٹ بمبئی سے صاف بری ہوا۔

حیدرآباد کا ایک نواب جو لکھنؤ کے ایک ہوٹل میں ایک بیگم کے ساتھ فروکش تھا۔ گورنمنٹ نظام کے حکم سے گرفتار کر کے حیدرآباد بھیجا گیا ہے پولیس کو اطلاع دی گئی تھی کہ وہ بیگم مذکور کو اغوا کر کے لے گیا تھا۔

کالی گھاٹ کے مندر سے جس ہندو نے ایک سونے کا خیال کر کے چرایا تھا۔ اس کو مولوی سراج الحق صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ علی پور کے اجلاس سے چھ ماہ قید سخت کی سزا ہوئی۔

وہ خانہ بدوش جنکے مویشیوں کے آگے سے جو آپ ہیضہ کی بیماری کی وجہ سے ۲۰۰ مویشیوں کی تحقیقات سے ٹھیکہ داروں دشمن کی شرارت ثابت ہوئی جس نے ٹھیکہ داروں کو بدنام کرنا چاہا گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بورڈ ہیں جدید ایکٹ دانی نجات ہند کے رد و بدل کے بعد ٹولز کی آمد اور ریلوے سے رسید میں زیادتی ہوئی ہے۔

ہیضہ بہار میں بھیجے کی نسبت اعلان شائع ہوا ہے۔

الواح میرٹھ میں تپ کا زور ہے۔ جس کی وجہ دریافت کیا جاتا ہے۔

ہز آنریبل لفٹننٹ گورنر بہ ماہ ۲ ماہ حال کورنگلن میں دربار منعقد فرمائیں گے۔

نواب صاحب بہادر والی ریاست رام پور کو بعض کامل اختیارات ریاست مل گئے ہیں۔ اور نواب محمد اسحاق خاں صاحب بہادر مدار المہام ریاست اپنے اصلی عہدہ ڈسٹرکٹ وسشن جج پر کسی ضلع میں بھیجے جائیں گے۔

کلکتہ میں جن تین شخصوں نے ایک آسٹرین عورت نامی کا تعاقب کیا تھا اور وہ مخوف ہو کر دریا میں کود کر مر گیا تھا۔ ان کو عدالت سسشن میں پانچ پانچ ہنگالی پل جوری نے بری کر دیا۔ مگر صاحب جج نے اختلاف رائے کر کے مسل مقدمہ ہائی کورٹ کے فیصلے کے واسطے بھیجدی۔

میونسپلٹی مدراس نے شہر کے چوہے ہلاک کرانے شروع کئے ہیں۔ فی چوہا دو پیسے انعام ملتا ہے۔

(لاہور) پنجاب و سرحد

سرحد سے ایک شخص اطلاع دیتا ہے کہ آفریدی اسلحہ کو جان سے عزیز رکھتے ہیں۔ اگر ہم عمدہ اسلحہ لیتے تو اب تک سرحد پر ہی ہوتے۔ کیونکہ یہ لوگ اسلحہ کے واسطے اپنی جورو اور سب اثاثہ بیدریغ فروخت کر دیتے ہیں۔

پبلک ضلع لاہور میں آنریبل مجسٹریٹی کی بنچ پر مرزا مبارک بیگ۔ سردار نارائن سنگھ اور لالہ نانک چند اجلاس کرتے ہیں۔

کرنل ہیکبنری سی۔ ایس۔ آئی منیجر نارتھ ویسٹرن سٹیٹ کو ۱۴ جولائی ۹۸ء کو مسٹر سانڈیمن کو چارج دے کر ۳ ماہ کی رخصت پر کشمیر گئے۔ اسی روز مسٹر ڈنلی نے مسٹر سانڈیمن سے لوکو موٹو کا چارج لیا۔

لاہور کے مختلف آرٹس کالج۔ سنٹرل ٹریننگ کالج اور سکول آف آرٹس کم ماہ آئندہ کو موسم گرما کی تعطیلوں کے باعث بند ہو جائینگے۔ گورنمنٹ کالج کے ۴ پروفیسروں میں سے تین یہ ایام انگلستان اور آسٹریلیا میں بسر کرینگے۔

ریلوں کی آمد میں سال گزشتہ کی نسبت ۱۸ لاکھ روپیہ کا اضافہ ہوا۔ سب سے زیادہ توفیر ۱۴ لاکھ روپیہ کی نارتھ ویسٹرن ریلوے پر ہوئی۔

مسٹر سٹیوارٹ ولسن ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل ڈاکخانہ جات ہند کراچی اور بمبئی کے دورے پر سملہ سے روانہ ہوئے۔

گزشتہ جمعرات کو نوشہرہ کی بارکوں میں سات لی مٹفورڈ رائفلیں چوری ہوئیں۔ چور دروازہ کی سلاخیں توڑ کر داخل ہوئے تھے۔

سملہ کالکا ریلوے کا کام آئندہ موسم سرما میں شروع کیا جائیگا۔ اس کے انجنیر مسٹر ہیمنگٹن شروع نومبر میں ولایت سے یہاں پہنچیں گے۔

گزشتہ سرحدی مہم میں جو شتر کام پر لگائے گئے تھے ان کے حساب بے باق کئے گئے ہیں۔

لیجسلیٹو کونسل میں کرسمنڈ کا مسودہ پاس ہوا۔

لنڈی کوتل میں امن ہے۔ فلاگوری جرگہ جو گزشتہ معرکوں میں الگ تھلگ رہا تھا۔ سلام کرنے اور اپنا وظیفہ لینے آیا۔

مسز ہیوز ڈلیڈی سپرنٹنڈنٹ زنانہ ہاسپٹل شملہ میں سوزش گلو سے راہی ملک بقا ہوئیں۔

سر جون نفٹننٹ کرنل ڈبلیو۔ ای سی۔ رو کیشر حفظان صحت پنجاب و آنریری سکرٹری سنٹرل کمیٹی پاسچر انسٹیٹیوٹ لمبی رخصت پر یورپ جاتے ہیں۔

اب مست لاٹھ کرداری سات میں ہوس ہو بیٹھا ہے اس کی طرف سے کسی ضرر رسانی کا اندیشہ نہیں رہا۔

کرنل ہل اور کرنل ٹھکر نے سرحدی قوموں کو اسلحہ بیچنے کی تحقیقات شروع کر دی ہے اور ۶ ماہ میں اپنی رپورٹ ختم کرینگے۔

سنا جاتا ہے کہ مسٹر ٹرٹن ہمعہ کرنل ٹھکر کی جگہ کمشنر جنرل بولیس پنجاب اور مسٹر ہیمنگٹن مسٹر ٹرٹن کی جگہ ڈائرکٹر تعلیم پنجاب ہو کر آئینگے۔

رخصت لی۔ مسٹر ڈبلیو۔ بل ایم۔ اے ان کی جگہ کام کرینگے۔

کپتان میکمہن برٹش ایجنٹ گلگت ۲۶ جون کو گلگت سے روانہ ہو کر ۹ جولائی کی شام کو وارد سری نگر ہوئے۔

۱۰ تاریخ کو خالصہ کالج کونسل کا سالانہ جنرل میٹنگ کالج ہال لاہور میں ہوا۔ سردار جگت سنگھ صاحب چیف کورٹ ریاست کپورتھلہ اس کے صدر نشین تھے۔

ڈاکٹر تابو سنگھ شاہ۔ ہسٹنٹ سرجن راولپنڈی گزٹ میں راہی ملک بقا ہوئے۔ آپ کی عمر پچاس سال کی تھی اور ۲۸ سال سے ملازم تھے۔

جون ۹۵ء میں ۱۸۱۶۶۶ روپیہ اور ۹۶ء میں ۱۱۱۸۴۷۰۰۰ روپیہ سرکاری خزانوں اور بنکوں میں جمع تھا۔

حکم ہوا ہے کہ جو افسر معرکہ مکران میں شریک ہوئے تھے۔ وہ اس سروس کو جنگی خیال کر سکتے ہیں۔

ریاست کشمیر کی طرف سے ایک ٹھیکہ دار پر ۲۴ روپے کا دعوی دائر ہوا تھا۔ وہ جیفکورٹ کشمیر سے خارج ہوا۔

ممالک غیر

امریکہ والوں نے سنتیاگو خالی کرا لیا ہے۔ تمام فوج نے باہر نکل کر اسلحہ دشمنوں کے آگے ڈال دیئے جو خالی بندرگاہ جہاز سپانیہ کو روانہ کئے جائینگے۔

جنرل شفٹر امریکن افسر نے اطلاع دی ہے کہ ہسپانیہ کی حوالگی سے اُن کے قیدیوں کی تعداد ۱۲-۱۵ ہزار کے مابین ہو گی ہے۔

تحفۃ العاشقین

کتاب کیا ہے ایک نادر الوجود مجموعہ ہے جس میں اہل ہند کی عورتوں کی تصویریں دی ہیں۔ جس سے کہ بھلی بری عورت کی تمیز ہوتی ہے۔ بوڑھے جوان اور جوان نوجوان بنتے ہیں۔ جنکیوں تک دوڑنا نہیں پڑتا۔ زندگی تلخ کرنے والے امراض کی ادویہ ہر فرد بشر خود تیار کر سکتا ہے۔ بڑے بڑے لاجواب اور مجرب نسخے درج ہیں۔

یہ کتاب تین بابوں پر منقسم ہے۔ پہلی بزم میں ایک سفر چھ صراحی سودا سری بزم میں ایک جلوہ تجسیں امور تیسری بزم میں ایک آسائش اور مصیبتیں تحریر کی گئی ہیں۔ ساغر میں شراب کے لطف اور نقصان۔ جلوہ میں معشوقان دلربا سے تعلقات کا بیان۔ خاتمہ پر تمام مجربات کو ختم کر دیا ہے۔

اگر اپنی زندگی کو عمدگی سے بسر کرنا چاہتے ہو تو اس کتاب کو ضرور منگواؤ۔ قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے (دہلی)

رنڈیوں کا جادو یعنی طوائفوں کا کچا چٹھا۔

اس کتاب میں تیرہ بے پناہ اور نادک حالکاہ سے بچنے کی تدبیریں مثالی قصوں کے ساتھ لکھی گئی ہیں کہ بازاری اور خانگی امور پیشہ در عورتوں سے نوجوانوں کو بچا لے۔ اور ان کے دام میں پھنس کر اپنی عمر عزیز برباد نہ کریں۔ نہایت دلچسپ حکایات ہیں کہ بغیر ختم کئے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا قیمت صرف بارہ آنے (۱۲ر)

کم استعداد کے اُستاد ہیں۔ لہٰذا اکثر بدل ہو کر مدرسے کو چھوڑتے جاتے ہیں حکام اس کی طرف نظر ورتوجہ کریں۔

طاعون کا علاج۔ منشی غلام رسول سارجنٹ درجہ اول تھانہ ظفروال لکھتے ہیں کہ واقفکار لوگوں سے تحقیق کیا گیا ہے کہ اگر طاعون کا آبلہ کاٹ کر اُس کے اردگرد فوراً چوکھیں لگا دی جائیں تو بیماری زور نہیں کریگی۔ پہلی دفعہ جو مکھیں مرجائینگی۔ اور پھر دوسری دفعہ تین چار سو لگا دینی چاہیئے۔

زبان کاٹنے کا جنط۔ فیروزپور میں ایک سیزدہ سالہ ہندو لڑکے نے ملتانی دروازہ کے باہر مندر میں اپنی زبان کاٹ کر رکھ دی۔ ڈپٹی انسپکٹر پولیس نے فوراً موقعہ پر جا کر اُس کا معائنہ کیا۔ یہ قریباً نصف کٹی ہوئی تھی اور خون کے فوارے بہ رہے تھے۔

نیا سکہ۔ آئین میں یکم مئی سنہ ۹۹ء سے ڈبل پیسہ کی جنگل کا نیا پیسہ چلایا گیا ہے۔ اس کے درمیان بھالے اور سانپ کی شکل ہے اور ارد گرد مہاراجہ صاحب کا نام ہے۔

رُوئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— میڈیکل سروس ہند کا سالانہ امتحان ۵ ماہ آئندہ کو لنڈن میں ہوگا۔ اس کی ۱۶ اسامیاں خالی ہیں۔

— ۱۳ تاریخ کی صبح کو لیبن کارپورل تھربورن متعلقہ سفوکس رجمنٹ صدر ساز ڈھینکنو کے قریب مُردہ پایا گیا اس کے قاتلوں کا مطلق پتہ نہیں ہے۔

— ڈاکٹر شفرڈ رسی افسر پر دھوکہ دہی کا جو مقدمہ دارجیلنگ میں دائر تھا۔ اس میں ملزم کو ایک سال قید بامشقت کی سزا ہوئی۔

— مسٹر ٹی۔ آر۔ کلارک جن کی خدمات گورنمنٹ ہند کے زراعتی کی گئی ہیں سلہٹ اور بالستان کے بندوبست پر مامور ہونگے۔

— مہاراجہ صاحب کوچ بہار کے محل میں جس کلرک نے شرارت سے گھاس کے انبار وں میں دیا سلائی جلا کر پھینک دی تھی اور فوراً گرفتار کر دیا گیا تھا وہ ۶ ماہ قید کا سزا یاب ہوا

— سر جان وڈبرن لفٹنٹ گورنر بنگال تمام دریائی سٹیشنوں کا دورہ کرنے والے ہیں۔

— ہز اکسیلنسی حضور وائسرائے کے ہنوز سیر روانہ ہونے کے پہلے برہما کا دورہ کرنے کی خبر تصدیق طلب ہے۔

— مسٹر جوزف بیلی میمبر پارلیمنٹ پروپرائٹر کیپور ٹائمز دفعتاً راہی ملک بقا ہوئے۔

— گورنمنٹ برہما نے سب ڈویژنل آفیسر مہنلا کو ایک گورے کی طرف کتاب پھینکنے اور عدالت سے نکلوانے کے واسطے سرزنش کی گئی ہے۔

— پٹنہ کے شیعوں کی درخواست علم نکالنے کی نسبت صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے امن خانہ میں خلل پیدا ہونے کے خیال سے نامنظور کی۔

— پچھلے سال ۱۰ لاکھ پونڈ چاول کلمبو سے سیدھی روس کو بھیجی گئی۔ اسکی مقدار یکم جنوری سے ۲۱ جون تک ۱۱ لاکھ ۹۸ ہزار ۵ سو ۵۵ پونڈ تھی۔

— ولائت میں ہندوستانی آبادیوں کے واسطے نئے پینی پوسٹ جاری کئے گئے ہیں۔

— بمبئی میں مسٹر چارلس ورتھ نے کئی اشخاص کے ساتھ مل کر اوگنڈا ریلوے کمپنی کے لئے بعض اراضیات کے معاوضہ کی بابت جو ۳ لاکھ روپے کا دعوی دائر کیا ہوا تھا اُس میں ایک لاکھ روپے کی ڈگری سرکار سے عطا ہوئی اب مدعی اپیل کرنے والے ہیں۔

— تعمیرات آبرسانی سپاٹو کھولی گئی ہیں جن کی افتتاح اس سیشن کی تحقیقات کو بہت فائدہ پہنچیگا۔

— برہما میں عورتیں تمام اہم امور میں حصہ لیتی ہیں جن کی نسبت مارکوئس آف ڈفرن لکھتے ہیں کہ صرف یہی ایک مشرقی قوم ہے جو عورتوں کی عزت کرتی ہے۔

— پولیس لکھنؤ نے بعض پنجابی گرفتار کئے ہیں جن کے قبضے سے چند خوبصورت عورتیں نکلی ہیں۔

— کٹک میں جگناتھ کی رتھ جاترا کا میلہ خیر و عافیت سے اختتام کو پہنچا۔

— بالائی سندھ میں گرمی کا اس قدر زور ہے کہ ہاپور اور حیدرآباد کے مابین ایک ڈرائیور راہی ملک عدم ہوا۔

— سمیدھاں کنسٹبل تھانہ ہری ہر پت (ہوشنگ آباد) کو بجرم جعلسازی ۳ سال قید بامشقت کی سزا ہوئی اور سب انسپکٹر طبعلت غفلت علیحدہ ہوا۔ اس کی عدم موجودگی میں ضمیمہ دار شورہ سے ۲۰ روپے پھنکارے گئے تھے۔

— پولیس کلکتہ نے آپر چیت پور روڈ سے نوٹوں کے جعلسازوں کو گرفتار کیا۔ اس وقت دس دس روپے کے دس نوٹ اُن کے پاس موجود تھے۔

— حسب انتظام کے مطابق سر ولیم لاکہارٹ ۵ نومبر کو جہاز کیلیڈونیا میں وارد ہندوستان ہونگے۔

— گورنمنٹ سیام نے گورنمنٹ ہند سے ایک کونسل جنرل کی خدمات عاریتاً طلب کی ہیں۔

— گورنمنٹ ہند زیر بار اراضیوں کے بڑے سوال کے متعلق چارہ جوئیوں پر غور کر رہی ہے۔ اس پارہ میں عنقریب لوکل گورنمنٹوں سے رائیں طلب کی جائینگی۔

— فیصلہ ہو گیا ہے کہ ٹی۔ ٹی۔ پنڈون کے ۳۰ جولائی سے ۳ ماہ کی رخصت پر جانے کے بعد مسٹر کرافورڈ ریذیڈنٹ حیدرآباد ہوں گے۔

— ۲۸ ویں فیلڈ بیٹری مارکیہ پر ہ کے جن دو گولندازوں نے ۳۰ اپریل کو ایک ڈاکٹر کو ہلاک کیا تھا۔ وہ زیر تجویز عدالت ہوئے ہیں۔

— گورنمنٹ مدراس نے پورٹ افسر گوپال پلی کی کوٹھی کے واسطے ۶ ہزار ۵ سو روپے کی منظوری دی ہے۔

— مسٹر بوسٹس مورڈ سٹرکٹ جج ہاری چیف جسٹس کی عدم موجودگی میں جج ہائی کورٹ مدراس مقرر ہوئے۔

— پیرس کی نشنل الکی نمائش کے واسطے سر ہنری سمیتھ نے ۱۲ ہزار روپے ہندوستانی سکشن کے واسطے منظور کیا ہے۔

— راجپوتانہ میں طاعون کا زور بدستور قائم ہے۔ ہند کے دیگر مقامات میں بھی یہی حال ہے۔

— صاحب سشن جج لکھنؤ نے قلب ماہی کے ایک مجمع کو دس دس سال قید بامشقت کی سزا دی۔

— ہز آنریبل لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی ۱۴ تاریخ کو وارد الہ آباد ہوئے۔

— ۹ تاریخ کو میونسپلٹی مدراس نے ۱۳ دھوبیوں کو بوجہ خلاف ورزی قواعد مجرم گردانا۔

— بنگال و آسام ریلوے پر جو یورپین وانڈی نام مُردہ پایا گیا تھا۔ اس کے قاتلوں کا تا حال پتہ نہیں ملا۔

— مسٹر ایم۔ ای۔ مولز پوسٹماسٹر رنگون مسٹر جے واکر مرحوم کی جگہ پوسٹ ماسٹر مدراس مقرر ہوئے۔

— پچھلے دنوں کانے پانی سے جو قیدی بھاگ گئے تھے

STEARNS' WINE OF COD LIVER OIL
WITH PEPTONATE OF IRON.

سٹیرنس صاحب کا تیار کردہ

مچھلی کے تیل کا نفیس مرکب جسمیں فولاد کی آمیزش ہے

ہر قسم کی تپ دق۔ زکام۔ کھانسی۔ سردی بتدریج ضعف ہو جانے کیلئے نہایت ہی بیش قیمت دوا ہے۔ اور بخار و دیگر حالات نکاہت بدنی کو عموماً فایدہ بخش ہے۔ مچھلی کے تیل کا سب سے بہتر مرکب ہے۔ یہ خوش ذائقہ اور بلا بو ہے بچے اور مستورات بلا کراہت استعمال کرتے ہیں اور بیحد فوائد حاصل کرتے ہیں

جرمن کو مصر کی مالی، علمی اور اخلاقی ترقیاں (جو انگریزوں کی بدولت اسے نصیب ہوئی ہیں) بچشم خود معائنہ فرمانے کے بعد ہمارے دعاوی کی تائید کا زیادہ موقع ملیگا لیکن بعض دیگر اہل الرائے کا خیال ہے کہ شہنشاہ جرمنی کے زمانہ قیام مصر میں فدیو اُس کشیدگی کو آخیر بوضاحت ظاہر کر سکیں گے جو اُن میں اور انگریزوں میں بیان کیجاتی ہے۔ اور پھر مصر سے قسطنطنیہ آنے پر ممکن ہے کہ قیصر اور سلطان المعظم مسئلہ مصر پر باہمی مشورہ سے کوئی خاص قرارداد کر لیں ؛

آج بمقام علیگڈھ سر سید میموریل فنڈ کمیٹی کا ایک اجلاس ہوگا۔ جس میں اصناف مغربی شمالی کے نقسٹ گورنر بہادر میر مجلس ہونگے۔ اور اس بزرگ مرحوم کی یادگار قائم رکھنے کے لئے چندے کی تحریک بھی کریں گے اگر ان صوبجات کے اکثر رؤسا اور تعلقدار جمع ہو گئے تو یقین ہے کہ اس موقعے پر ایک معقول مقدار چندہ کی جمع ہو جائے گی ؛

سرکاری نقشہ جات حساب میں اختتام جون پر غیر معمولی اضافہ نمایاں تھا۔ کل رقم ۱۵ کروڑ ۱۹ لاکھ روپیہ ہے جو ماہ مئی سے بقدر ۲ کروڑ ۳۹ لاکھ اور جون سال گزشتہ سے ۴ کروڑ ایک لاکھ۔ نیز جون ۹۶ء سے ۶۶ لاکھ روپے زیادہ ہے۔ اس ترقی میں بڑا حصہ یعنی قریباً سوا کروڑ روپیہ تو روپیوں کی بدولت ہے۔ اور باقی کا کریڈٹ اُمید سے زیادہ مالگزاری وصول ہو جانے کو ملیگا۔ دیگر صیغہ جات میں بھی زیادتی ہوئی ہے۔ مگر چنداں قابل امتیاز نہیں۔ جناب سر جیمس ولسٹلنڈ صاحب مالی ممبر کو اگر جلدی کہیں تقریر کا موقع مل گیا تو وہ ضرور اس فاضلانہ رپورٹ گورنمنٹ کو اور اپنے آپ کو مبارکباد دینگے اور اپنی اس تشویش کی عدم اصابت جتائینگے کہ سنہ رواں میں زیادہ روپیہ لئے بغیر کام چل جائیگا۔ فضہ انچنیں کند!

وسط ہند کی ایک ریاست سے ایک مدگار نے مجھے اطلاع دی ہے کہ ریاست کے وزیر صاحب سے اردلی کا نام شیخ وزیر تھا۔ اسپر وزیر صاحب نے کہا کہ ریاست میں وزیر نہیں ہو سکتے۔ اس لئے اردلی کا نام بھی تبدیل کر دیا اور کتاب جہر ملازمان میں سے بھی شیخ وزیر نام کو اکبدیہ نیستی حکمنامہ اہل عملہ سے اطلاعیابی سے محفوظ فرمائے۔ اگر یہ قصہ صحیح ہے تو چاہئے کہ تمام ریاست کے وزیر بدلی اور وزیر خاں وغیرہ لوگوں کے نام مدار تخلص اور سلار تخلص رکھے جائیں ورنہ پھر اسی غلط فہمی کا اندیشہ باقی رہیگا ؛

خبروں کے خطوط

سہارنپور۔ یہاں فصل آم کشتنے ہوئی جس کی نظیر گزشتہ ۳۰ سال سے نہیں ملتی۔ ۴ سو آموں کا ٹوکرا اس وقت اڑھائی تین آنے کو بک رہا ہے۔ مسلمانوں نے محلہ بھلول میں قریباً ۴ لاکھ آم جمع کر کے تمام شہر کے لوگوں کو ان کی دعوت دی اور ہر قوم کے جو دھریوں کو ایک ایک روپیہ اور ایک ایک پگڑی دی ؛ (روزانہ ۱۵ جولائی)

عجیب الخلقت ۱۔ ۹ جولائی کو گورکھپور محلہ گھاسی کٹرہ میں بھنی لوہار کے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا۔ جس کے پاخانے اور پیشاب کا راستہ بالکل نہیں ہے اور ڈاکٹروں نے بھی اس کا علاج کرنے سے جواب دے دیا ہے۔ لڑکا دودھ پیتا ہے اور اب تک زندہ ہے ؛ (ر)

ہندو مسلمانوں کا اتفاق ۔ گزشتہ منگل کو سہارنپور میں ہندو مسلمانوں نے جن کی تعداد ۲۰ ہزار ہوگی۔ ملکر جلسہ کیا۔ اور محفل رقص و سرود گرم رکھی۔ جو ان دونوں قوموں کے اتفاق و اتحاد کا کامل ثبوت ہے (ر) ؛

لدھیانہ میں روداعی جلسہ ۔ ڈاکٹر دیانت رائے صاحب ایم ڈی میڈیکل پریکٹیشنر و ایڈیٹر پنجاب میڈیکل جرنل کی روانگی لاہور کے وقت لدھیانہ میں ایک عام جلسہ کیا گیا جس میں شہر کے تمام جیدہ اور برگزیدہ اصحاب شریک ہوئے۔ ڈاکٹر صاحب نے شہر لاہور کے بازار سوتر منڈی میں اپنی شفاخانہ کی ایک شاخ کھولی ہے۔ روزانہ ۱۶ جولائی

محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس ۱۔ اس کا بارہواں اجلاس ۲ دسمبر سنہ ۹۵ء کو بمقام لاہور منعقد ہوگا (ر) ؛

جلسہ اظہار افسوس ۔ مولوی سید غنی حیدر صاحب

وکیل ہائیکورٹ و آنریری مجسٹریٹ گیا کے مکان پر آنریبل سید احمد خاں کی وفات پر اظہار افسوس کے واسطے جلسہ ہوا۔ جس میں اہل ہنود و اہل اسلام کثرت سے جمع ہوئے اور عام حاضرین نے ہمصفیہ ہو کر سر سید کی وفات پر دلی رنج و الم ظاہر کیا۔ اور ۵۴۵ روپے محمڈن یونیورسٹی کے واسطے چندہ جمع ہوا۔ (ر) ؛

مدرسہ تجارہ کی ابتری ۔ ریاست الور میں یہ ایک بہت ہی ضروری مدرسہ قائم کیا گیا ہے۔ مگر گزشتہ ۲۵-۳۰ سال میں اس نے مطلق کوئی نمایاں ترقی نہیں کی۔ امتحان مڈل میں اس وقت تک صرف ۶ طالبعلم کامیاب ہوئے ہیں اور اب کے جو ۳-۴ امیدوار بھیجے گئے بیرنگ واپس آئے اور بہت

مسیحا در بغل

کان حکمت یا ہے یہ کوزے میں نسیا در بغل
یا ہے یہ پاکٹ کیس یا ہے یہ مسیحا در بغل

اس نہایت خوبصورت پاکٹ کیس میں بھی ہمارے عکس سفری کی طرح وہی متفرق پچاس امراض کی نہایت مجرب اور پرتاثیر ادویات جو تجربہ کار دو سو طبیب کی کفایت کریں بمع پتہ بکیفیت استعمال جو ہر ایک دوا لکھی پڑھی کی سمجھ میں آجائے محفوظ ہیں ہمارے عکس اور اس پاکٹ کیس میں صرف اتنا فرق ہے کہ اس کو یا پیسے اٹھانا پڑتا تھا اور اسکو ہر وقت آسانی جیب میں رکھ سکتے ہیں جس کو ضرورت اچھی حکیمی حاذق کا کام دیتی ہیں حکیموں ڈاکٹروں کے لئے بھی نہایت کارآمد و ضرورت کی چیز ہے کہ ایک جیب میں اور دراز میں پاکٹ کیس رکھ تو دیں ہمیشہ ہماری ہی بجا۔ اگر پسند ہو تو یا دو پیسہ ٹکٹ ہو تو مفت قیمت واپس کیجائیگی

پاکٹ کیس بکس خوبصورت کلاں ۵ بشمول حکیم ڈاکٹر ضیاء الدین ہر فروش

حب یاموہنی

جبکہ حب کے موجدوں نے اس کے اخفا میں اس درجہ ناموزوں اور سخت تاکید فرما کر دیا کہ بطور بقائے فیض کے کبھی (ایک اشد ضروری امر ہے) اس کا استعمال اب کہیں نہیں چلتا تو ہم کو بعض لائق اشخاص کے اس کا افشا فرض ہوا۔ لہذا بذریعہ تحریر اطلاع دیجاتی ہے کہ ہم ہر سخت دلسوز آدمی کو ایسے عمل کے مواعد جو بغیر کسی قسم کی محنت اور پرہیز کے مشوق صرف گیارہ روز کے اندر اندر مجبوراً حاضر ہونے کے لکھ لانے پر متعہد ہیں جو بعد اخذ حلفنامہ اخفا کے ساتھ پیشگی پانچ روپے وصول لیا جائیگا۔ اس اعلان کے بعد بھی غافل رہنا سراسر اپنا نقصان ہے ؛

تنبیہ ۔ ہیروں روپوں کو پچاس روپے کے کم نہیں بھیجے جائینگے ؛

تنبیہ ۔ اگر زندہ رہا کے ساتھ حلفنامہ نہ مل نہ ہوگا تو زندہ رہا کر دیا جائیگا۔ درخواست کے ساتھ اخبار کا نام بھی لکھو ؛

تنبیہ ۔ اثنائے عمل میں اگر دوائی بھول چوک کی اصلاح ہمارے ذمہ نہیں ہے

حلفنامہ ۔ میں بندہ فلاں ابن فلاں ساکن مقام فلاں کا ہوں بحالت صحت اقرار معتبر کرتا ہوں کہ جو عمل مجھ کو موصوف حکیم صاحب نے بتایا ہے اگر میں وہ کسی وقت اور کسی حالت میں کسی شخص پر ظاہر کروں گا اور بتانے کسی کی آبروریزی یا کلیف رسانی کے درپے ہوں گا۔ اگر ایسا کروں تو قہر خداوند ذوالجلال مجھ پر نازل ہو۔ آمین ثم آمین ؛

استدعا حکیم حبیب الحق موصوفی و مسمار (ر) اعظم پاکٹ حکیم

ہم کو آجکل روپے کی سخت ضرورت ہے

کیلس لیور واچ

اس گھڑی کو نوٹس دینے سے قبل ہم سمجھ لیا ہے کہ تمہاری سمجھ میں آگئی ہوگی اور اس گھڑی کی قیمت دیکھکر ہم کو بھیجدیگے کہ ہم کریں تو کیا کریں بنک کے کروڑ روپیہ کیکر اسوقت نوٹس دینے میں آنا کافی کرتا ہوں اس لئے تو ہم گرفتار ہیں بہتر ہے کہ کچھ نہ کہیے اپنا مال فروخت کرکے اپنی ضرورت رفع کر لیں چاہے ہم کو ممنون احسان آپ سمجھیں یا نہ سمجھیں ہم کو عنقریب ہی ضرورت ہوگی اس گھڑی کی ضرورت کو ذیل میں ہم ۱۲ نکات میں بیان کرتے ہیں ۱ گھڑی کیلس ہر گھڑی سے بہتر ہے ۲ گھڑی صبح اور شام دو وقت چابی دینا ہوگی نیتیس روز تک چلتی ہے ۳ گھڑی سے ہمارا دعوی ہے کہ اس گھڑی کا نام سچا ہوگا۔ اور مضبوطی کی ضمانت ایک سال کی گارنٹی دیجائیگی اچھا اگر ہم ۳۰ جولائی ۹۵ء تک ہمارے پاس اس گھڑی کی فرمائش نہ بھیجا تو گھڑی تم کو ۳۰ روپے میں نہ دینگے ۴ گھڑی کی اور تاریخ مقرر کرکے بعد اسکی قیمت چار روپے ہو جائیگی ؛

نوٹ ۔ لیکن ۱۲ گھڑی خریدار کو ہر گھڑی کی قیمت تیس جائیگی ؛

آپکا خادم ایم شرائیڈ ایڈریس ۱۱۴ ہائیکٹ سٹریٹ ڈالمنڈ بازار کلکتہ

نہیں قرار دے گئے۔ عالیجناب لارڈ جارج ہملٹن صاحب بہادر نے مسودہ قانون قبضہ ہند کے دوبارہ پڑھے جانے کے وقت جہاں یہ فرمایا کہ جیسا میرے حصے میں موجود ہونے والے اعداد و شمار سے صاف ثابت ہوتا ہے پچھلے ۴۰ سال میں ہندوستان کے اندر اس سرمایہ کے صرف کا نتیجہ حیرت انگیز فائدہ بخش ہوا ہے۔ اور اس نتیجہ نے محصول کے بڑھانے میں نہیں بلکہ بڑھانے میں مدد دی ہے وہاں انہیں ایسے لوگوں کے لئے کوئی عبرت انگیز سزا بھی تجویز کرنی چاہیئے تھی۔ جو گورنمنٹ کو خواہ مخواہ اس بارے میں بدنام کر رہے ہیں جھوٹ بھی تو کتنا صاحب وزیر ہند و سیکرٹس کی تخفیف جائیں اور یہ اس میں ترقی نہ ہو لیکن لارڈ ممدوح امید نہیں کہ ایسی کوئی سزا تجویز فرمائیں۔ کیونکہ اگر صرف ویسی ہی مورد الزام ہونے تو شاید خدا مضائقہ نہ کیا جاتا۔ مگر وقت یہ ہے کہ بڑے بڑے سرکاری افسر اعلیٰ عہدہ دار کونسلوں کے ممبر مختلف محکمہ جات سرکاری کے سکریٹری اور ہندوستان کے تمام وائسرائے اس کی ذیل میں آجائینگے۔ جنہوں نے وقتاً فوقتاً ٹیکس بڑھائے جانے کے متعلق تقریریں کی ہیں مگر انڈین اخبار بھی ان سے نہیں بچ سکتے۔ کیونکہ ان کے کالموں میں بیسیوں مضامین خواہ جواز خواہ عدم جواز مگر زیادہ محس کی نسبت نکل چکے ہیں۔ عالیجناب لارڈ جارج ہملٹن صاحب بہادر کے ثوق و اعتبار پر تو صرف رکھنے کی مجال نہیں میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اب تک ایسے بڑے بڑے لوگ کس سخت غلط فہمی میں مبتلا کیوں رہے۔ اور محصول نمک محصول پارچہ۔ محصول آبدانی۔ محصول اراضی محصول آبکاری۔ محصول آبیانہ اور محصول اسباب تجارت وغیرہ وغیرہ پچھلے سالوں میں براہ راست یا بالواسطہ باشندگان ہندوستان کے ذمہ عائد کئے گئے ہیں ان کی اصلیت کیا ہے اور ان کا نام محصول کس لئے رکھا گیا ہے۔ کیونکہ بقول لارڈ ممدوح گزشتہ ۴۰ برس میں محصول تو بڑھنے کے جائے گھٹتا ہی رہا ہے۔ کیا کوئی اس معمہ کو حل کر سکیگا۔ لارڈ جارج ہملٹن صاحب بہادر نے اس میں کونسا امر پوشیدہ رکھا ہے؟

سینیٹ یونیورسٹی کی تجویز سینیٹ عنقریب اس معاملے پر غور کریگی کہ جو طالبعلم کسی ایک مضمون میں رہ گیا ہو اور باقی میں کامیاب ہوا ہو اس کا دوسرے سال پھر انہی مضمونوں میں کیوں امتحان لیا جائے جبکہ وہ پاس کر چکا ہو۔ اس تجویز کے پیش ہونے کی خبر سے ہم بھی خوش ہیں اور اب سے دو سال قبل اسپر اخبارات میں کچھ لکھا پڑھا گیا تھا خاصکر ایک ڈاکٹر صاحب کے محرک بیان کئے جاتے ہیں۔ سینیٹ کی توجہ ایک دفعہ سے زیادہ منعطف بھی کرائی تھی۔ مگر وجہ غلبہ کا پھر یہ معاملہ معرض التواء و تضیع گمنامی میں پڑ گیا۔ اس کی جان بھی ہوئی تھی۔ اسپر متوجہ ہوتا تو کون ہوتا۔

مولوی یوسف الدین کی نالش ناظرین کو یاد دہانی چاہیئے کہ سنہ ۹۶ء میں نظام گورنمنٹ کے اول تعلقدار ریزیڈنسی کمشنر مولوی یوسف الدین صاحب نظام گارنٹیڈ سٹیٹس ریلوے کے سٹیشن پر بموجب امر وارنٹ کے گرفتار کئے گئے تھے جو صاحب مجسٹریٹ شملہ نے ایک فوجداری جرم میں شرکت رکھنے کے الزام پر اُن کے نام جاری کیا تھا۔ اور وہ الزام یہ تھا کہ انہوں نے سرکاری فارین آفس کے ایک کلرک کو چند کاغذات کا مطلب معلوم کرنے یا دیکھنے کے لئے رشوت دینی چاہی۔ اس الزام کے متعلق شملہ میں آپ مقدمہ چلایا گیا تھا۔ انہوں نے پنجاب چیف کورٹ میں اس بنا پر اپیل دائر کیا کہ علاقہ نظام کے ریلوے سٹیشن پر اپنی گرفتاری ایک انگریزی مجسٹریٹ کے وارنٹ سے ناجائز تھی۔ پنجاب چیف کورٹ نے اُن کے خلاف فیصلہ دیا اور ریلوے کی اراضی کو بمنزلہ انگریزی علاقے کے ٹھہرایا۔ اب یہ صرف اُن کا مقدمہ ہی نہیں رہا بلکہ ایک ایسا مسئلہ بن گیا جس سے تمام دیسی ریاستوں اور پبلک کو از حد دلچسپی تھی۔ انہوں نے پریوی کونسل سے رجوع کی۔ اور وہاں سے اُن کی گرفتاری ناجائز اور ریلوے سٹیشن یا سوائے اُن جرائم کے جو ریلوے سے متعلق ہوں سریاستی علاقہ قرار پایا۔ پھر احتمال تھا کہ سابقہ گرفتاری ناجائز قرار پائی تو پایا کرے مگر گورنمنٹ ساحل ہند پر قدم رکھتے ہی حسب ضابطہ انہیں گرفتار کر کے مقدمہ چلائے گی چنانچہ گورنمنٹ نظام نے اپنی رضامندی ظاہر کر دی تھی کہ اس جھگڑے کا بودا تصفیہ کر دیا جائے لیکن گورنمنٹ ہند نے خود ہی خدا جانے کیوں لیت و لعل سے کام لیا اور مقدمہ چلانا موقوف کر دیا۔ اسپر یوسف الدین صاحب نے اپنے ہرجہ اور خرچہ کی بابت ۳ لاکھ ۱۳ ہزار چند سو روپیہ کی نالش گورنمنٹ (صاحب وزیر ہند) پر عدالت ریذیڈنسی میں کی ہے۔ یہ مقدمہ جب ذرا بڑھیگا تو بہت کچھ دلچسپی

اہل انگلستان اور پرتگال بقول اخبار پایونیر انگلستان کے اکثر حلقوں میں یہ خبر مشہور ہو رہی ہے کہ برطانیہ کلاں سلطنت پرتگال کا تمام بیرونی قرضہ جو ۶ کروڑ پونڈ کے قریب ہے اپنے ذمے لے لیگا اور اس کے سارنی کا فدی روپے کو سونے میں تبدیل کر دیگا اس کے بدلے میں پرتگال انگلستان کو اپنے تمام مقبوضات جو افریقہ کے مشرقی ساحل پر واقع ہیں مع خلیج ڈیلاگوا اور کنیما کے دیگا اور یہ اتحاق بھی تسلیم کر لیگا کہ جنگ کے وقت انگلستان اُس کے بعض جزائر و راج بحر اوقیانوس میرا وغیرہ سے کوئلہ رکھنے اور بھرنے کا کام لے سکے۔ یہ تجویز نئی نہیں ہے بلکہ جہاں تک پرتگیزی مقبوضات ساحل مشرقی اور خلیج ڈیلاگوا کا تعلق ہے کئی سال سے انگلستان ان کے لئے اور پرتگال دینے پر آمادہ تھا۔ اور اب تک جو تعویق ہوئی وہ قیمت یا معاوضہ کے متعلق نہیں بلکہ اس خیال سے ہوئی کہ جرمنی کو یہ سودا ناگوار ہوگا۔ مگر اب کہا جاتا ہے کہ اسے چین میں ایک مقام دلانے اور بعض دیگر رعایات ملحوظ رکھنے کے وعدے پر رضامند کر لیا گیا ہے اور اگر یہ خبر صحیح نکلی تو انگلستان اس تبادلہ سے فوائد کثیر حاصل کریگا۔ کیونکہ افریقہ میں ٹرانسوال کے گستاخانہ رویہ کے باعث اُس کی ذمہ واریاں گزشتہ دو سال میں بہت بڑھ گئی ہیں۔ اور خلیج ڈیلاگوا کا مستقل اور بلا مداخلت غیر قبضہ اُس کے لئے نہ صرف مفید بلکہ ضروری ہو گیا ہے مگر جرمنی کی طرف سے مجھے اتنا اطمینان نہیں ہو سکتا۔ جتنا اس خبر میں بیان کیا گیا ہے۔ کیونکہ گو چین میں ہم نے اُس کی دعاوی کی منظوری میں کمی تجویز نہ لگائی ہو اور اُس کے لئے خاطر خواہ فائدہ حاصل کر لیا ہو۔ اور آئندہ رعایتیں دلانے کا بھی وعدہ کیا ہو۔ لیکن قیصر کا مزاج علی الخصوص مشرقی افریقہ کے معاملہ میں اتنی جلدی قبضہ انگلستان پر رضامندی ظاہر کرنے والا معلوم نہیں ہوتا۔

سرسری نظر

قیصر جرمن کے سفر یروشلم کی دھوم دھام سے تیاریاں ہو رہی ہیں۔ جب الحکم سلطان المعظم اُس علاقے کی صفائی و آراستگی میں اہتمام بلیغ کیا جا رہا ہے۔ جو اُن کے گہرے دوست "کی گزرگاہ ہوگا۔ ایک قطعہ اراضی خاص طور پر خرید کیا گیا ہے جو خانقاہ بنانے کے لئے بروقت زیارت خلیفۃ المومنین کی طرف سے مقرر کر دیا جائیگا۔ ۱۸ اکتوبر کو شہنشاہ جرمن ارض مقدس میں ایک جرمن گرجے کا افتتاح فرمائینگے۔ ہز امپیریل مجسٹی نے اپنے اس سفر کو یہاں تک مذہبی عقائد پر مبنی کیا ہے کہ بندرجافہ میں جہاز سے اُترنے کے بعد باوجود ریل موجود ہونے کے وہ مع حشم و خدم پیدل یروشلم تک تشریف لے جائینگے۔

مذکورہ بالا سفر کے پولیٹیکل معنی بھی لگائے جا رہے ہیں۔ جنہوں نے قیصر کے اس ارادے کو مزید قوت دی ہے کہ وہ سفر یروشلم سے معاودت فرماتے وقت مصر بھی سیر کریں۔ گو اخبار ٹائمز نے سیاحت مصر پر بجائے اندیشہ کے اس خیال سے مسرت ظاہر کی ہے کہ شہنشاہ

کہیں آذر سے بھی لیا جا سکتا ہے۔" بیشک۔ تبادلہ بہت ضروری ہے کہ اگر ولایت سے مال نہ لیا جائے تو کہاں سے لیا جائے۔ اگر ہندوستان سے لینے کی تجویز ہو تو کیسے یہاں کی کمپنیوں اور کارخانوں کو کافی مدد پہنچائی جائے تاکہ بمقدور مال باہر سے نہیں منگایا جائیگا اور نہیں کے مال پر جس طرح بن سکے گزارہ کیا جائیگا تو امید واثق ہے کہ چند ہی سال میں مختلف ملکی کارخانوں کی حالت بہت کچھ ترقی کر جائے۔

اس مسئلے میں ایک پیچیدگی یہ آن کر واقع ہوئی ہے کہ گورنمنٹ تو چاہتی ہے کارخانے پہلے ولایت جیسا مال تیار کرنے لگیں۔ پھر وہ ولایت کے انڈنٹ گھٹائے۔ اور کارخانوں کی خواہش ہے کہ گورنمنٹ پہلے ان کی مدد کرے تو ترقی پا سکیں۔ یہاں کے لوگوں پر تجارت و کارخانجات کے فوائد ابھی جیسے کہ چاہئیں منکشف نہیں ہوئے۔ اس لئے ضرور ہے کہ گورنمنٹ کچھ سہارا دے۔ اور رفتہ رفتہ اسے بڑھائی جائے۔ کانپور کی کوپر ملز اپنی (مصری فوج میں بوٹوں کی سپلائی کر رہی ہے۔ اور ہوس آف کامنز میں ان بوٹوں کے متعلق خوب چرچا بحث مباحثہ پچھلے دنوں ہوا تھا۔ اس میں نارتھمپٹن کے بوٹوں پر ان کی فضیلت ثابت ہو گئی ہے۔ حال میں حضور وائسرائے بہادر نے ایک ریزولیوشن بابت مضمون نافذ فرمایا ہے کہ بڑے بڑے انجینیر محکمہ اور ریلوے کاموں کے سوا ہائی لوہے کی جو آذر چینیں سرکاری یا پبلک استعمال کے لئے درکار ہوں وہ ولایت سے نہ منگوائی جاویں۔ بلکہ خاص خاص انڈنٹ کے ساتھ ہمیں خرید لیجایا کریں۔ اس ریزولیوشن کا مضمون شرائط کی تفصیل اور ان کارخانوں کے نام جن کو یہ استحقاق عطا ہوا ہے پہلے لکھے جا چکے ہیں۔ اگرچہ یہ رعایت ضروری ہے مگر اس سے کارخانوں کو ترقی کا بہت کچھ حوصلہ ہوگا اخبار پایونیر کو بھی اس امر کے تسلیم کرنے میں تامل نہیں ہے کہ ہندوستان میں اگر کارخانوں کو سہارا دیا جائے اور حوصلہ دلایا جائے تو وہ بہت سی چیزیں جو اب ولایت سے منگوائی جاتی ہیں تیار کر سکتے ہیں اور ولایت کی نسبت ہلکے خرچ میں تیار کر سکتے ہیں۔ کچھ ہی عرصے میں ہندوستان کو ۹ ہزار سے لے کر ۷۰ ہزار ٹن تک فولاد کی سپلائی درکار ہوگی۔ اور کچے لوہے کا غیر بننے بھی خیرہ یہاں موجود ہے۔ ولایت کی نسبت مزدوری بھی قلیل اجرت پر میسر آ سکتے ہیں۔ ہاں اگر کچھ دقت ہے تو یہ کہ کام جاننے والے آدمی ملیں۔ سو ایسا غالب آجانا بھی ہندالی مشکل نہیں بشرطیکہ گورنمنٹ لوگوں سے وعدے نرے۔ کیے فوراً کی بات ہے کہ ریلوے کے متعلق تمام سامان ولایت سے بہم پہنچایا جاتا ہے۔ درانحالیکہ یہاں اگر اس سے اچھا نہیں تو سب ضرورت تیار ہونا ابھی طرح ممکن ہے۔ ایسٹ انڈین ریلوے کے خود کو ولایت کے احسان سے ایک بڑے درجے تک سبکدوش کر رکھا ہے۔ وہ اپنے سلیپر خود ڈھالتی ہے۔ لوہے کو اسٹیل بنانے کی ترکیب پر اس نے عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔ اگر ضرورت ہو تو قریب قریب سالم انجن بھی تیار ہو سکتا ہے۔ اگر دوسری کمپنیاں بھی ایسٹ انڈین ریلوے کی تراکیب پر کاربند ہوں تو امید واثق ہے کہ نہ فقط ہندوستان کو فائدہ پہنچا سکنگی بلکہ خود بھی معقول نفع اٹھاوینگی۔ بقول اخبار پایونیر اگر کوئی شخص ان اشیاء کی فہرستیں دیکھنے کی تکلیف گوارا کرے جو سرکاری محکمہ جات ریلوے اور دیگر کمپنیاں ولایت سے منگواتی ہیں تو معلوم ہوگا کہ اس ملک میں ہی صنعتوں کے قائم کرنے اور موجودہ کارگروں کو ترقی دینے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ مگر ان کے موزوں مقام پر واقع ہونے سے پیشتر یہ امر ضروری ہے کہ ابتدا میں ان کو سہارا دیا جائے۔ اور چاہے مال کیسا ہی گھٹیا ہو مگر بدل نہ کیا جائے یہی طریقہ ہے جس سے ممالک یورپ موجودہ معراج ترقی تک پہنچے ہیں۔ وما علینا الا البلاغ۔

چین میں روسی دراندازیاں

روس بے طور پیچھے جھاڑ کر چین کے پیچھے پڑا ہے۔ جنگ جاپان کے خاتمہ پر اس نے ادائیگی تاوان جنگ وغیرہ میں چین کو ذرہ سہارا کیا دیا کہ بے داموں مول ہی لے لیا۔ اس وقت سے آج تک بیسیوں تو رعائتیں حاصل کر چکا ہے اور علاوہ بندر تالینوان دیورٹ آرتھر کے صدہا میل علاقہ ریلوے کی خاطر سے لے چکا ہے۔ مگر حرص کی آگ بھلا کہیں بجھتی ہے؟ ہرگز نہیں۔ وہ تو کہئے کہ انگلستان کا دم تھا جو چین اس قدر محفوظ بھی رہا ورنہ پچھلے دنوں روس و جرمنی نے ساز باز کر کے اس بیچارے کو تو کبھی کا اکثر سواحل سے محروم کر دیا ہوتا۔ روس کی چالبازیاں پناہ بخدا۔ الغائی دعدہ کا اسے خیال نہیں۔ خواہ مخواہ کسی کو دبانے میں اس کو شرم نہیں۔ چاہے کچھ ہو مگر مملکت وسعت پکڑے۔ کوئی نہ کوئی علاقہ آئے دن بڑھتا رہے۔ مکر۔ فریب۔ چالبازی۔ دھوکہ دہی سے جس طرح بنے اپنا مطلب نکال لے مسٹر یاولوف روس کی طرف سے چین میں سفیر ہیں۔ یہ حضرت ایسے مرشد ہیں کہ اپنی گورنمنٹ کا اس مزاج لینے سے پہلے ہی چین پر زور دینا شروع کر دیتے ہیں۔ اگر کامیاب ہو گئے تو فبہا المراد ورنہ گورنمنٹ نے تردید کر دی کہ سفیر صاحب اس معاملے میں اپنے حدود اختیارات سے تجاوز کر گئے تھے۔ کیا خوب؟ گزشتہ اکتوبر میں آپ نے چین پر زور ڈالا۔ کہ مسٹر کنڈر لانگرین کو جو شمالی ریلوے جات چین کے بخیر تعمیر ہیں موقوف کر دیئے جائیں اور ان کے بدلے کوئی روسی رکھا جائے۔ اس لئے کہ گورنمنٹ چین نے سلطنت روس سے وعدہ کیا ہے کہ شمال میں روسی روپے اور روسی اثر سے ریل تیار کی جائیگی۔ دوسرے وہاں کوئی انگریز افسر اسی طرح گوارا نہیں کیا جا سکتا جس طرح برہما کی سرحد پر روسی نہ قبول کیے جائینگے۔ اسپر سر کلاڈ میکڈانلڈ سفیر سلطنت انگلشیہ متعینہ پیکن نے ایسا اڑے ہاتھوں لیا کہ گورنمنٹ روس کو بھی کہنا پڑا کہ اس کا سفیر حد اعتدال سے گر گیا تھا۔ اس کو چند روز گزرے تھے کہ پھر ایک اور کمال کھڑا کیا۔ یعنی چین سے چاہا کہ جب سر رابرٹ ہارٹ انسپکٹر جنرل محصولات بحری علیحدہ ہوں تو یہ عہدہ ایک روسی افسر کے لئے مختص کر دیجائے۔ اس میں بھی سفیر موصوف کے روبرو دال نہ گل سکی۔ اور انگلستان کا یہ ادعا تسلیم کر لیا گیا ہے کہ جب تک اس کی تجارت باقی تمام سلطنتوں سے زیادہ ہے۔ محصولات بحری کا انسپکٹر جنرل انگریز مقرر ہوگا۔ غرض اس کے بعد روسی سفیر نے اب [illegible] کی لی کہ چونکہ بغرض تیاری ریلوے ہانگ کانگ شنگھائی بنک سے روپیہ (اگریزی ہے) روپیہ لیا گیا ہے اور اس کو اختیار بھی ایک وجے تک بنک مذکور ہی کو دینے کا ہے۔ یہ انتظام موقوف ہونا چاہیئے۔ تاکہ لائن انگریز کے پاس نہ جانے پائے۔ ورنہ روس مقام کلدیہ پر پہنچ کیونکہ گورنمنٹ روس چین سے ایسے وعدے کر چکی ہے۔ اسپر پھر انگریزی سفیر متحرک ہوا۔ مگر روس نے ٹال دیا کہ ہم نے اپنے سفیر کو ایسی کوئی ہدایت نہیں کیا مزے کی سیر ہے اور کیسا فرمانبردار سفیر ہے کہ گورنمنٹ سے اجازت لئے بغیر ہی لوگوں پر زور ڈال دیتا ہے۔ وسط ایشیا میں روسی سپہ سالار دگورنر صرف اتنی پر معزول کر دیئے گئے کہ انہوں نے رعایا کے حق [illegible] نہ رکھی مگر چین میں یہ عجیب بات ہے کہ وہاں کا روسی اپنے ہی اختیارات سے روس ایسی عظیم الشان [illegible] پر زور دے دیتا ہے۔ اور پھر گورنمنٹ روس کی تردید کر دیتی ہے۔ مگر سفیر متعینہ چین کی ذات پر اس کا اثر نہیں پڑتا۔ وہ صریحاً اپنی گورنمنٹ کے خلاف کم از کم رضامندی بغیر ایسی جسارت کر بیٹھتا۔ اس کی گورنمنٹ اسے بجائے تادیب و سرزنش سرفراز کرتی ہے۔ جس کے دیکھتے ہوئے خواہ مخواہ یہ ہے کہ سفیر کی صرف آڑ ہے ورنہ سب تحریکیں گورنمنٹ کے اشارے سے ہوتی ہیں۔ اگر ترکیب چل گئی تو فبہا سفیر کے سر الزام رکھ کے اپنی عقب گزاری کر لی۔ ہی کون ہے؟

چالیس برس سے دیسیوں پر کوئی ٹیکس نہیں بڑھا!

شادی کو تین مہینے قید سخت کی سزا دیتے ہوئے لکھا ہے "جس روز بلوہ ہوا یہ ڈھول بجانے گئے۔ اور اگرچہ ایام چہلم کو درگاہوں پر ڈھول بجنا کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے۔ لیکن ان کا اس روز ڈھول بجانا جس روز کہ ان سے موقع کا تخلیہ چاہا گیا تھا نیز باوجود ہدایت اشتعال کے بجاتے رہنا ایک شخص کو یقین دلا دیگا کہ ان کا فعل شبہ سے خالی نہیں تھا۔" اس میں بادل تو شبہ کا یقین دلانے کا ثبوت ہی کمزور ہے۔ اور اگر شبہ مسلم ہو بھی جائے تو پروسیے قانون اس کا فائدہ ملزم کو ملنا چاہیئے۔ نبی بخش و عمر شاہ متولیان درگاہ پر دس دس روپے جرمانہ کرتے وقت تسلیم کر لیا گیا ہے کہ حملہ کرنے یا فساد برپا کرانے میں انہوں نے کوئی خاص کارروائی نہیں کی۔ مگر وہ صرف اس لئے مستوجب سزا سمجھے گئے ہیں کہ وہ ایسے وقت میں جبکہ ان کے سامنے ڈھول بجائے جا رہے تھے اور افسران صیغہ پولیس ڈیوٹی انبوہ فساد کا مفسدانہ برتاؤ موقوف کرانے کی کوششوں میں لگے ہوئے تھے ان کی حرکات ایک مجمع خلاف قانون کی مشترک مقصد برآری میں مدد دے رہے تھے۔" حملہ انہوں نے نہیں کیا۔ فساد انہوں نے برپا نہیں کرایا۔ کسی کو مفسدہ پردازی کا ایماء یا اشارہ ان کی طرف سے نہیں ہوا۔ پھر وہ کونسی حرکات تھیں جنہوں نے خلاف قانون کی مددگاری میں مدد دی۔ چند اور لوگوں کو صرف اس بنا پر سزا دی گئی ہے کہ "ان کے جسم پر چوٹوں کے نشان موجود ہیں۔" اور اس سے صاف اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ انہوں نے اس افسوسناک معاملے میں حصہ لیا تھا کیونکہ چوٹوں کے نشان جسم پر موجود ہونے سے یہ مراد نہیں لیجا سکتی کہ یہ الگ تھلگ رہے اور خواہ مخواہ پیٹے گئے۔ جیسا کہ اکثر فسادوں کے موقعوں پر ہوتا ہے سزا کے لئے ثبوت کامل ہونا چاہیئے۔ کیونکہ عقلائے زمانہ کے نزدیک کسی مجرم کا سزا خذے سے بچ رہنا اتنا افسوسناک نہیں ہے جتنا کسی بے گناہ کا سزا پا جانا۔ ایسے مقدمات میں مجسٹریٹ کو نہ صرف قانون بلکہ اپنے ضمیر اور تجربے سے بھی کام لینا چاہیئے۔ تاکہ کوئی بیقصور نہ پھنس جائے مجسٹریٹ صاحب خود آخر میں لکھتے ہیں:۔

"مقدمہ کے ایسے حصہ کے متعلق میں (جیسا کہ یہ ہے جس کے بیانوں کی تصدیق کی ہے۔ بے گناہ اور واقعی مجرم کے مابین تمیز کرنی سخت مشکل ہے اور ویسی کہ شہادت اس مقدمہ میں پیش کی گئی ہے میں اس سے بہتر نتائج کی امید نہیں کر سکتی۔"

جس سے صاف مترشح ہوتا ہے کہ شہادت جب دستیاب قابل اعتماد نہیں تھی۔ اور ایسی شہادت کا ہونا جو کہ میں بہت زیادہ مناسب ہوتا۔ اگر مجسٹریٹ صاحب نتائج کی ذرہ بھی پرواہ نہ کرتے تو فیصلے کو ایسی وجوہ و دلائل پر مبنی نہ رکھتے جن کا نمونہ اوپر لکھا گیا ہے۔ تاکہ ملزمان کو اپیل کی گنجائش اور ہائیکورٹ کو شہادت وارد کرنے کا موقع نہ ملتا ع

اوّل اندیش و آنگہ گفتار

ہندوستان کی بری تجارت سرکاری سال مختتمہ ۳۱ مارچ سنہ حال میں بری تجارت ہندکی کل مقدار ۱۰۵۵۲۴۷۶۱ روپیہ جو ۱۹۰۸ء سے بفدر ۲۲۱۲۱۷۶۱ روپے کے زیادہ ہے۔ سب سے زیادہ پنجاب کی تجارت کو ڈوال آیا۔ تجارت درآمد ایک کروڑ ۴۰ لاکھ ہوئی۔ اور تجارت برآمد ایک کروڑ ۳۰ لاکھ۔ ان دونوں میں بمقابلہ سال ماسبق علی الترتیب ۹۷۴۷۰۰۰ روپے کی کمی ہے۔ جس کی وجہ گزشتہ سرحدی جنگ کے سوا کوئی اور قرار نہیں دیجا سکتی جن علاقوں میں تجارتی مال بکتا تھا وہاں کئی مہینے جدال و قتال کا بازار گرم رہا اور غیر کے بند رہنے کے باعث تجارت کابل میں ۱۰ لاکھ کا گھاٹا ہوا۔ علی ہذا تجارت سیستان میں ۱۰ لاکھ۔ اور تجارت باجور میں ۲۷ لاکھ سے زائد خسارہ رہا۔ راج نے بھی ۳ لاکھ کا مال پہلے سال کی نسبت کم خریدا۔ سندھ و دیگر انگریزی بلوچستان کی تجارت بقدر ۱۱ لاکھ روپے کے ہوئی۔ مگر اس میں بھی ۱۲ لاکھ کی تخفیف ہے۔ تندھا کی تجارت سنہ ماسبق میں ۴۵۷۸۱۷ روپے کی تھی مگر سال گزشتہ ۴۷۳۰۸۳ روپے کی رہ گئی۔ آسام کے سوائے بہت تھوڑا سا گھاٹا رہا۔ باقی تمامیں صوبجات۔ ممالک مغربی و شمالی اور بنگال و برہما کی تجارت میں کچھ نہ کچھ اضافہ ہوا ہے۔

خلاف اسلام سوسائیٹیاں دشمنان اسلام کے عنوان سے مصنفے خلیل بک صاحب رنگون دربار ہا ہیں ایک سراسلت فرنگی زبان میں بھیجتے ہیں۔ کیا اچھا ہو جو میں اس کو بجنسہ چھاپ سکتا۔ لیکن اس میں انہوں نے بعض فریقوں پر ناروا ریمارک کئے ہیں خصوصاً لورپول مسلم انسٹیٹیوٹ کے مسٹر عبداللہ کو پکچرم و مسلم کی نسبت جو اپنے آپ کو شیخ الاسلام جزائر برطانیہ قرار دیتے ہیں ان کی رائے مخالفانہ ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ان کے کام کا بڑا حصہ مکھی سیدھے کرنے کی غرض سے ہے۔ اور چونکہ یہ صاحب لورپول کے مسلم انسٹیٹیوٹ میں کچھ عرصہ رہ چکے ہیں۔ بلکہ غالباً یہ وہی ہیں جو وہاں ملازم رہ چکے ہیں۔ اس سے ان کی رائے ممکن ہے کسی غرض پر مبنی ہو۔ بہرحال رائیں مختلف ہوا کرتی ہیں۔ ممکن ہے کہ مسٹر کولیم میں کچھ نقص ہوں۔ ممکن ہے کہ وہ سب روپیہ اپنا خیانتاً اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہتے ہوں اور اپنی کامیابیوں پر ضرورت سے زیادہ رنگ آمیزی کرتے ہوں لیکن ان کے مسلمان ہونے میں ہمیں شک نہیں کرنا چاہیئے۔ اور اصل اس خط میں راقم مضمون کو مرتب کی بعض سوسائیٹیوں اور انجمنوں کا اظہار کرتے ہیں جو اسلام کی تخریب کے لئے قائم اور جاری ہیں۔ اور ان میں سے کئی اپنی عیسائی گورنمنٹوں سے امداد پاتی ہیں۔ اس وہ چاہتے ہیں کہ مسلمان بھی ان کمیٹیوں کے قواعد کا مقابلہ کرنے کی فکر کریں اور اپنے مذہب اور قوم کو محفوظ رکھنے کی کوشش کریں۔

قرضہ ہند ہائی حالت ہندوستان کا قرضہ اب اس درجہ پہنچ گیا ہے جس سے آگے بڑھنا اس ملک کو دیوالیہ کر دینے کا باعث ہوگا۔ انتظام کی جو حالت آجکل ہے اس کے دیکھتے ہوئے اور آمدنی کی ہوئی ہوئی کوئی قلتی معلوم نہیں ہوتی۔ اور غیر معمولی اخراجات اب قریب قریب معمولی ہو گئے ہیں۔ وبا و زلزلہ و قحط کے اختیار میں ہیں۔ لیکن جب تک موجودہ نظم و نسق میں جڑ سے بڑھ کر تبدیلی ترمیم نہ کی جائیگی ہر بارہویں بلکہ پانچویں چھٹے سال ملک میں قحط پڑتا رہیگا دوسرے تیسرے برس سرحدی جنگ کا پیش آنا بھی سمجھ لینا چاہیئے۔ یہ آمد و خرچ کہاں تک قرضہ سے جائیں گے اور کس امید پر دیکھے جائینگے ع

ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا ہوگی

مانا کہ انہیں سود و بار تو پہنچے جاتا ہے لیکن ترقی قرضہ کی اگر یہی رفتار کچھ عرصے تک چلی گئی اور ہر دو سال کے بعد ڈھائی کروڑ قرضہ کا اضافہ ہوتا رہا تو وہ وقت بھی آجائیگا کہ یا تو ہندوستان سود ہی نہ دے سکیگا اور اگر دیگا تو رعایا کے سینکڑوں خواندہ قربان کریگا۔ صاحب وزیر ہند نے اس تقریر میں فرمایا کہ اگر فارضی تدابیر سے تبادلہ کو حسب دلخواہ نہ کیا جاتا تو ہندوستان کے دیوالیہ ہو جانے میں کسر نہ رہی تھی۔ خیر اب (ان فارضی تدابیر سے) بچ گیا سہی مگر کب تک۔ کب تک خیر منائیں گے ایک نہ ایک دن (خدانخواستہ) یہ مصیبت پیش آ ہی جائیگی۔ جو طفل تسلیاں اور بہانہ بازیاں آجکل اختیار کر رکھی ہیں ان سے کام چلنے والا نہیں۔ اس قرضہ اپنے کا خیال تو بالکل اٹھا ہی دینا چاہیئے اور کمی کروڑ کی بچت پچھلا قرضہ ادا کرنے کے لئے رکھنا چاہیئے۔ تاکہ سود کا بار کسی قدر ہلکا ہو اور ضروری کاموں پر خرچ کرنے کی خاطر روپیہ مل سکے۔ ورنہ اعتبار بھی جاتا رہیگا اور نقصان بھی ہوگا۔

قرضہ ہند کی کفالت ایک عجیب بات قرضہ ہند کے متعلق یہ ہے کہ انگلستان یونان چین وغیرہ کے سارے زمانے کو قرضہ دلوانے کی ضمانت کرتا ہے مگر ہندوستان کے لئے حامی نہیں بھرتا ہے۔ بیس برس سے برابر سنت کیجا رہی ہے کہ اگر انگلستان ہندوستان کو اپنے نام سے قرضہ لے کر دے تو کم از کم ذمہ داری ہی کرلے۔ مگر جب سے نہ شد۔ یہ انکار اس کی ضمانت سے ہے جو برٹش تاج میں سب سے زیادہ بیکار اور "بوجھ" ہونے کا فخر رکھتا ہے اور جس کی بدولت

ہفتہ وار
پیسہ اخبار
لاہور یوم شنبہ ۱۶ جولائی ۱۸۹۸ء

گڈھ شنکر کی قسمت کا فیصلہ

قصبہ گڈھ شنکر ضلع ہوشیار پور میں نامزد طاعون کی تشخیص ہوئی ہے۔ ڈائریکٹر صاحب ہیلتھ آفیسر ہوشیار پور نے اس کی تصدیق کر دی ہے۔ اور ڈپٹی کمشنر صاحب

حفظِ صحت

استفسار

۷۶۔ کُند ذہن۔ میرے ایک دوست کے لڑکے کا ایسا ذہن خراب ہے کہ اگر اُس کو آج سبق یاد کرا دیا جائے اور دوسرے روز اُسے وہی سبق دریافت کیا جائے تو ایک لفظ بھی یاد نہیں نکلتا۔ اگر ناظرین پیسہ اخبار کو کوئی مجرب نسخہ کشادگیِ ذہن کا معلوم ہو تو بذریعہ اخبار ہذا کے مطلع فرمائیں (رسید محمد عبدالرحمن از ملتان پورا)۔

۷۷۔ تشخیص طلب۔ ایک پونے دو برس کے لڑکے کا سر معمول سے بڑا ہے۔ تالو (یعنی کاسہ سر کا وسط) حصہ بچپن میں نرم رہتا ہے اب تک اچھی طرح سخت نہیں ہوا۔ قوت ہضم اور تندرستی خراب ہے اور ہمیشہ لاغر رہتا ہے۔ بو صاحب نام مرض و علاج وغیرہ سے مجھ کو مطلع فرمائیں گے۔ محمد واجد حسین از ضلع بارہ بنکی)۔

علاج

۷۸۔ کچلہ کا بُرادہ (جواب استفسار ۷۴)۔ کچلہ موسم بہار میں یا موسم بہار میں مارچ اپریل میں لینا چاہیئے۔ ایک شخص کو آتشک کی بیماری سے یہی عارضہ ہوا تھا۔ کہ بدن میں سیاہ داغ ہو کر بدنمائی اور کراہیت ہوتی تھی۔ دو ماہ کچلہ پیتے اور علاج کرتے کوئی کارگر نہ ہوا مگر مارچ اپریل سے بالکل آرام ہو گیا۔ اس کے سوا اور کوئی عمدہ علاج نہیں ہے (نظر محمد خان برادر ولی)۔

۷۹۔ نزلہ (جواب استفسار ۷۶)۔ دانتی کے خواب میں دیکھنے سے مکتب پرچہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرض کا علاج یہ ہے کہ صبح نہار تازہ لینے سے پہلے گل بابونہ کو نیلگوں پھول ہوتا ہے تازہ ہو تو اولیٰ ہے ورنہ خشک ہی سہی ایک تولہ کے ساتھ کھا لیا جاوے۔ اُمید ہے کہ کئی روز میں شکایت جاتی رہیگی۔ (درد)۔

۸۰۔ حقائق الشعر (جواب استفسار ۷۸)۔ بابونہ کا ٹوٹنا چیٹے ہوتا۔ پھٹنا یہ قتائی نمی کے دھونے سے ہوتا ہے۔ کھلی یا آملہ سے دھوئے جاویں۔ اور خالص چنبیلی کا تیل بالوں کی جڑوں میں روزمرہ لگایا جاوے۔ بہت مفید علاج ہے۔ (درد)۔

۸۱۔ گلٹی (جواب استفسار ۷۹)۔ جو کنکر بنجر زمین سے نکلتا ہے اور سڑکوں پر ڈالا جاتا ہے اُس کی مٹی اور نیم کا کچلی (مولی چھال) سرسوں کے تیل میں خوب رگڑ رگڑ کر بار بار لگا کر لو اور گلٹی پر لگاتے رہو۔ انشاء اللہ آسانی کے ساتھ گلٹی جاتی رہے گی (درد)۔

۸۲۔ سینہ پر بلغم (جواب استفسار ۸۰)۔ بھونے چنے کی پھانکی دفعہ دو تین مرتبہ کھانے سے اور تبدیل کی والدہ کھانی رہیں۔ وقت اندرونی جانب ہونے کے آرام ہو گا۔ یہ مطالبی دوا میں لاسپنی پیسہ بھی ہے۔ عمدہ چیز ہے (درد)۔

۸۳۔ کیل (جواب استفسار ۸۱)۔ درخت یاگھا کی جو شبنم اوس ہے جس کو چہرہ پر لگا کر سو جاوے صبح کیل دور ہو گا (درد)۔

گمنام و نشان خیز

۸۴۔ میرا حقیقی بھائی سید اعتبار علی ولد سید امداد علی رہنے والا فتح آباد پٹن ضلع کرنال ریاست پٹیالہ دکن میں ملازم تھا اور جس نے مجھے تار بھیجا کہ میری طبیعت بند کر دی تھی۔ میرے استفسار بذریعہ پیسہ اخبار سلسلہ گمنام نشان عزیز کے جناب میر لیاقت علی صاحب کلکٹر رچنور نے براہ کرم کرنل صاحب کمانڈنگ آفسر پلٹن مذکور سے بذریعہ تحصیلی ضابطہ اس کا حال دریافت کر کے اخبار موصوف ہی کے ذریعہ جواب سے مفصل مطلع فرمایا تھا۔ میں اب تک منتظر رہا۔ اب پھر عرصہ ڈیڑھ سال سے اس کا کچھ حال معلوم نہیں ہوا۔ باوجودیکہ دو بار ارسال خلاط کے جواب تک ندارد۔ کرنل صاحب کے پاس بھی ایک چٹھی استفسار حال کی غرض سے بھیجی تھی اُس جانب سے بھی بادی ہے۔ والدہ صاحبہ اس کی فرقت میں سخت بیتاب و پریشان ہیں برادرانہ مہربانی کوئی صاحب بذریعہ پیسہ اخبار پھر اُس کے حال سے مطلع کریں (رسید محمد امداد علی ۱۴ ہانسی رام پور)۔

عام

سوال

۸۵۔ دانٹیر۔ میں مسلمان سنات شیخ۔ ایک سکول میں مدرس ہوں میرا دلی منشا ہے کہ میں ضرورت کے وقت اپنی سرکار و اقتدار کے کام آؤں (یعنی دانٹیر بننا چاہتا ہوں) جملہ واقفکاران سے ملتمس ہوں کہ کوئی صاحب مطلع فرمائیں کہ میں کہاں اور کس صاحب بہادر کی خدمت میں درخواست دوں (محمد لطیف الدین مدرس ۱۳۲ ہانسی)۔

[ہندوستانیوں کو گورنمنٹ دانٹیر بنانا منظور نہیں کرتی۔ سوائے پارسیوں کے کہ جن میں سے بعض دانٹیر ہیں اور نہ یورپین اور یورپین دانٹیر ہندوستانی دانٹیروں کو ساتھ رکھنا پسند کرتے ہیں۔ ایڈیٹر]

جواب

۸۶۔ مینا کے کانٹے (جواب سوال ۸۴)۔ مینا کے کانٹا کبھی نہیں نکلتا۔ بلکہ اس کے حلق میں درد ہو جاتا ہے جیسا کہ اکثر آدمیوں کو ہوا کرتا ہے کہ حلق سے کوئی چیز نگلی نہیں جاتی جسے عرف عام میں "مُرغا گیا" کہتے ہیں۔ کبھی مرض اس پرند کو بھی ہوتا ہے جس سے وہ جانبر نہیں ہو سکتی۔ اور غلطی سے لوگ اس کی دُم کے اوپر جو کانٹا ہوتا ہے اُس کو داغ دیتے ہیں۔ اول تو ہمیشہ اس کا یہ علاج نہیں پایا گیا کہ اس سے انشاء اللہ کبھی یہ مرض نہ ہوگا۔ اور مرض کی حالت میں بھاڑ (جوا) اور کلیجن باریک پیس کر کھلانے سے اس کے حلق میں جمی ہوئی بھدر (جوا) کو دانہ دانہ کر کے نکال دیتا ہے۔ اگر ہمیشہ یہ دوا کرتے رہو ایک گروسے کو گوشت میں کھانے دو جب گوشت ہضم ہو جائے گروسے کو نکال کر سہاگہ بھوے ہوئے دانوں کی دال کے ساتھ کھلا دیا کرو۔ اس میں کلیجن اور فاقرہ (جوا) ۳۔ حاشیہ علاوہ ازیں اس کا بند خلاص کرنا

شعر و سخن

آم کی گٹھلی

(برائے پیسہ اخبار)

[از تصنیف جناب منشی سید احمد علی صاحب امروہی]

ایک جوانِ جہیز آنکھ اٹھی — دیکھا اک شوخ پڑی ہے سوتی
بولی وہ مجھ سے کہ کچھ بھولا ذرا — تھی میں کیا کیا ہوا حال اس کا
تازش ہست و بود تھی میں کبھی — تھم تحمل وجود تھی میں کبھی
بھینچے میں نہال ہستی تھی — میری ترتی پہ سال ہستی تھی
میری پوشاک رنگ و نکہت تھی — ہو گیا۔ سبز۔ سبز۔ نارنگی
پیار کرتے تھے مجھ کو ماہ جبیں — چوستے تھے مجھ کو تمام حسیں
تھی میں پستاں کسی سہی تن کی — ایک عالم کو شیشہ بادہ تھی
خاص میں تھی میں صاحب تمیز — عام رکھتے تھے مجھ کو دل سے عزیز
سب امیروں کو میری چاہت تھی — بی کی محکوم بادشاہت تھی
جب جوانی کا جب عالم تھا — بجلیاں جسم سے ہوتی تھیں بپا
دل مرا طاق باغ رہتا تھا — آسماں پر دماغ رہتا تھا
کھیل گھر گھر میں تھی حسینوں کا — تھی پسپا میں جبینوں کا
میری گردن میں آ کے بھی جھولی — کونسی میرے دل میں تھی کھولی
مجھ کو دل سے نے محو ناز کیا — لکھنؤ ہے سرافراز کیا
کوکھ اور گیں میں تھی آگ سی — تھی بھری ہاتی بانک کی کچھ ہی
اتنی اڑا رنگ کی تھی جھانی — تھی میں اک قند کی عجب دانی
بال میرے سے سنہرے تھے بال — سینہ پر تھی چھپی ہوئی ہال
جسم میرا تھا ایسا کندن سا — جس نے دیکھا اسے پسند آیا
تھی لگیں میں ترشرو لیکن — ہو گئی نرم جب ہوا ساون
سب رفع احتیاج تھی میں — معدہ و کبد کا علاج تھی میں
سیکڑوں بار میں کھی چوسی — مُنہ سے میرا کبھی نہ چھوٹا رس
زر و پوشاک نیلگوں محرم — جیسے پھر اس پہ ہوں نہ رنج و الم
بوندی بھی گنبد مشبہ میں — جیسے نیلم جڑا ہو زر میں
میری پوشاک پہلے دھانی تھی — پھوٹ نکلی ہوا سرا ہو کی
میں جہاں میں بھی زینت گلشن — بل سے اٹکا ہوا سرا ہو کی
تھی میں لو و شیرہ و صورت مرم — انبیا دیتے تھے مجھے مرہم
محکو برسات کا سہانا تھا — میرے رہنے کا کیا ٹھکانا تھا
سرپہ رہتے تھے ابر کے سائے — کھلکھلا پھولا ہوا تھا چوتڑوں سے
گھر میں رہتی ہمیشہ عشرت کے — بوند کو ترسہ عمر بھر کے لئے
اب ہوں اک جل بلکہ ہوں میں کچی — نام میرا ہے آم کی گٹھلی

اشعری دیکھ دوسرے کے اطوار
کل تھی کیا آج کیا ہے کیا نہ رہا

خاوری مختار پاشا سکندریہ میں

ہز ایکسیلنسی خاوری مختار پاشا ایلچی روسیہ سکندریہ میں اس لئے تشریف لے گئے ہیں کہ وہاں سے ہز ایکسیلنسی روانہ ہونے وقت سٹیشن پر ایلچی شاہنشاہ کے کوچ کرنے کے اور سلطان عالم محمد شاہ سکندریہ میں تشریف فرما ہونے کے ہیں۔

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک (سعدی)

پیسہ اخبار

۲۸ سطر | یوم شنبہ ۱۶ جولائی ۱۸۹۸ء موافق ۲۰ صفر ۱۳۱۶ھ مطابق ۳ ساون سمت ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۱۲

اکثریت کے لئے اقلیت کا شمار اور اعداد

دنیا میں تندرست ملک:- دانشمند لوگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا سویڈن یا انگلستان سب سے تندرست ملک ہے۔ رجسٹرار جنرل کی رائے انگلستان کی طرف میں ہے۔ مگر مسٹر ایڈیچا ڈوک جو قوموں کی صحت کا اندازہ کرنے میں بھاری سند ہیں۔ کہتے ہیں کہ حفظان صحت کے سائنس پر زیادہ تر توجہ کرنے سے انگلستان سویڈن کے مساوی تندرست کیا جا سکتا ہے۔ مل ۱۸۸۰ء میں سویڈن اور انگلستان کی اوسط ۱۸۲۱- اور ۲۱۷۰ بتاتے ہیں ۱۸۸۱ء میں ۲۰۷۵ فی ہزار۔ اور ۱۸۸۹ء میں ۱۸۷۸ تک گھٹ گئی۔ جس سے مسٹر ڈوک کے خیال کی تائید ہوتی ہے۔ اور یہ ثابت کرنے کے کہ گو انگلستان اس وقت اول درجے پر نہیں ہے کسی دن سر نکال لیجائے گا۔ بہت آسان ہے۔ عموماً انگلستان کی بیمار آبادی کا تخمینہ ۷۶ فی صدی خیال کیا جاتا ہے۔ اور سویڈن کا ۴۷ فی صدی ہے۔ یہ ہر دو ملک بمقابلہ دیگر ممالک کے اس وصف میں بڑھے ہوئے ہیں۔

دنیا کی متمول عورتیں:- مسٹر ہیرلڈ مکفارلین نے ہی کے رسالہ لیڈی ریلم میں دنیا کی سب سے زیادہ ۶ متمول عورتوں کا تذکرہ کیا ہے:-

(۱) میڈم کا سموساکن سوتھ امریکہ جس کی آمد ۴۹۳۱ پونڈ روزانہ ہے۔ (۲) مس گرین ۳۵۶ پونڈ روزانہ۔ (۳) ڈچس پرڈٹ کوٹس ۴۹۳ پونڈ روزانہ (۴) ویرکوئس اوڈ ۴۹۳ پونڈ روزانہ۔ (۶) مس کیرٹ ویسٹم ۲۴۶ پونڈ روزانہ۔

ان کو گھڑی کے لنگر کی ہر ایک حرکت میں حسب آمد ہے:-

(۱) سینورا کاسیمو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۳/۶۹ پنس
(۲) مسس ہیٹی گرین ۔ ۔ ۔ ۳/۷۶۷ "
(۳) ہیروئس بوڈوٹ کوٹس ۔ ۔ ۱/۳۶۹ "
(۴) مارکوئس ڈی روڈا ۔ ۔ ۱/۳۶۹ "
(۵) مس ہیری گیرٹ ۔ ۔ ۳ فلورنگ

ان ۶ متمول لیڈیوں کا سرمایہ ۲۸۳۵۰۰۰ پونڈ سالانہ (ان کی آمد ۴ ہزار پونڈ سالانہ) لانے کے لئے جمع کیا جائے اور ہر ایک لیڈی کی آمد ۲۰ ہزار پونڈ رکھے تاہم ہو ۷۴۳۶ پونڈ باقی رہیں گے

مذاق

بدقسمت پھیری والا (سخت ناکام ہو کر):- "آپ کھانسی کی ٹکیوں کا ہی بکس خرید لیجئے"۔

پاس کا آدمی:- "مجھے کھانسی نہیں"۔

پھیری والا (سرکہ جبین ہو کر):- اچھا میرے ساتھ دنگہ مشتی کیجئے اور جب آنکھ پر نیل پڑ جائے تو اس کی دوائی لیجئے"۔

پروفیسر (جبین میں عموماً مجرموں کو اس وقت تک بیدار رکھتے ہیں جب تک کہ وہ مر نہ جائیں یا پاگل نہ ہو جائیں۔ اب بتاؤ کہ کس طرح یہ لوگ بیدار رکھے جاتے ہیں؟"

چھوٹی لڑکی:- "ملزم کی گود میں حفاظت کے واسطے ننھا بچہ دے دیتے ہونگے؟"

پہلا گدا:- "کیوں تو نے اس لیڈی سے سوال نہیں کیا؟"

دوسرا:- "مینے اُسے جانے دیا۔ کیونکہ میں اپنا کام بخوبی سمجھ سکتا ہوں۔ جب کبھی کوئی لیڈی تنہا ہوتی ہے میں مطلق سوال نہیں کرتا۔ اور جہاں دو لیڈیاں ہوتی ہیں جھٹ آگے بڑھتا ہوں اور وہ دونوں خوش ہو کر دیتی ہیں تاکہ ایک کو دوسری کی نسبت ممسک ہونے کا خیال پیدا نہ ہو"۔

مجسٹریٹ (نہایت تمتماج ہو کر):- "شہادت تمہارے برخلاف ہے۔ تم نے بلا مرضی عورت کے بوسہ لینے کا ارتکاب کیا۔ کیا تم نے سزا کا حکم دئے جانے سے پہلے کچھ کہنا ہے؟"

نوجوان (جو خود بھی بہت حسین اور قبول صورت تھا):- "صرف یہ کہنا ہے کہ مجھ نہایت ہی افسوس ہے کہ اپنی کوشش میں ناکامی ہوئی! جب میں ان گلرنگ رخساروں اور چاند سے گھٹے پر نظر ڈالتا ہوں تو مجھے خیال پیدا ہوتا ہے کہ اگر مجھے اپنی کوشش میں کامیابی ہوئی تو میں نہایت مسرت سے جرمانہ ادا کرتا"۔

مستغیثہ:- "حضور۔ اگر آپ کچھ مضائقہ نہ سمجھیں تو میں اپنا دعوی واپس لیتی ہوں"۔

مجسٹریٹ نے مسکرا کر ملزم کو بری کر دیا۔

عجیب عجیب باتیں

میسر اعظم پہلوان بھی تھا:- پچھلے دنوں جب زانس کے پریسیڈنٹ فار صاحب سینٹ میسر میں تھے۔ ان کو میسر اعظم نارروس کے پہلوان ہونے کا واقعہ معلوم ہوا۔ جس کی کیفیت یہ ہے کہ ایک دن محفل میں میسر اعظم کے ساتھ کئی شہزادے اور امیر کبیر بیٹھے کھانا کھا رہے تھے کہ زار بہت ہی پریشان تھا۔ آنہوں نے اُٹھ کر کہا کہ حاضرین میں سے کوئی شخص میرے ساتھ کشتی کر سکتا ہے۔ تاکہ میرا کچھ وقت اس تفریح میں بسر ہو۔ کسی رئیس اور امیر کا آگے بڑھنے کا ہیاؤ نہ پڑا۔ آخر ایک فوجی نوجوان میدان میں آیا۔ اور کہنے لگا کہ میں اس شرط پر کشتی کرتا ہوں کہ اگر آپ مجھ پچھاڑیں تو معاف کریں۔ اور اگر میں آپ کو گرا دوں۔ تو آپ کا سر قلم کر دونگا۔ زار نے تاکید سے دریافت کیا کہ تمہارے کشتی کرنے کی صرف یہی شرط ہے؟ سپاہی نے جواب دیا کہ ہاں۔ مجھے یہ شرط منظور ہے۔ یہ کہتے ہی زار جھپٹا۔ اور سپاہی نے اس کو دبوچ کر بائیں بازو سے نیچے جھکا دیا اور دائیں سے اس کو زمین پر گرنے سے روک لیا۔ اس طرح شہنشاہ کو زک دی۔ اسپر زار نے اس کو کہا کہ اس وقت جو انعام چاہو دینے کو تیار ہوں۔ سپاہی نے خوش ہو کر عرض کی کہ مجھے اجازت ہو کہ جہاں کہیں جاؤں بلا روک ٹوک شراب پیا کروں"۔

شادی کے شوقین:- آجکل اگر کسی مرد یا عورت کی تیسری شادی بھی ہو تو یہ بھی ایک قابل تذکرہ بات ہو جاتی ہے۔ بخلاف اگلے زمانے میں بڑھاپے کی شادی کچھ غیر معمولی بات نہ تھی۔ سینٹ جیروم ایک بیوہ کا ذکر کرتا ہے کہ اس نے ۲۲ شوہر کئے تھے۔ اور اس کا سب سے پچھلا خاوند بھی ۲۲ بیویاں کر چکا تھا۔ ایک عورت مسمی الیزبیتھ ماسی نے جو فلارنس میں ۱۷۶۸ء میں ہوئی تھی، شوہر کئے تھے۔ جن سب کو اس نے اپنی حیات میں سپرد زمین کیا تھا۔ ساتواں شوہر اس نے ۷۰ برس کی عمر میں کیا تھا۔ بورڈو میں ایک جنٹلمین نے ۱۷۰۷ء میں انتقال کیا۔ اس نے ۱۶ شادیاں کی تھیں۔ سینٹ کلیمنس ڈین کے گرجا میں ایک عورت نے اپنا چھٹا عقدہ ۸۰ برس کے سن میں کیا تھا (خیر خواہ ۱۳۲۷ء از ولایتی اخبار)۔

سلسلہ تار کی تیزی:- جب سب سے پہلے سلسلہ تار برقی جاری ہوا تھا تو اس کی تیزی ۵ سوئی والے آلہ سے نی منٹ ۴۰ الفاظ

ٹرکی ٹوپیاں

اصل ٹرکی ٹوپیاں ہندوستان میں ملنا مشکل نہیں۔ شوقین حضرات شریف خیرخواہین بجور معمولی چھوٹی چھوٹی رقمیں ٹرکی ٹوپیاں منگوایا کرتے تھے۔ مگر جب سے ہمنے یہ بہت بڑی بڑی اور خوشنما خوبصورت ٹرکی ٹوپیاں ولایت سے منگوائی ہیں۔ تب سے خریدار نہایت خوش ہوتے ہیں۔ اگر آپ نہایت عمدہ ٹرکی ٹوپی پہننے کے خواہشمند ہیں تو نمونے کی ایک ٹوپی اس کارخانے سے منگا کر دیکھئے۔ بہت بڑے سرکی ٹوپی نمبر ۱ متوسط کی ٹوپی نمبر ۲ معمولی درجہ کے سر کی نمبر ۳ بہت چھوٹے سر والوں کی نمبر ۴۔

فرمائش کے ساتھ ان باتوں کا خیال ضرور رہے۔

(۱) آیا آپ کو مصری نمونے کی ٹوپی درکار ہے یا ٹرکی نمونہ کی۔

(۲) اپنے سر کا ناپ ضرور بھیجیں۔ خواہ بند یا عدد ہو۔ خواہ انچوں کی پیمائش سے۔

(۳) ٹوپی کے لئے آپ سرخ رنگ پسند کرتے ہیں یا عنابی یا گہرا عنابی۔ وغیرہ وغیرہ۔

(۴) ہر صورت میں ٹوپی کی قیمت ٹوپی کی بہت کے علاوہ چار آنے ہوگی۔

منیجر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

کپڑے کے سوداگر

راجہ اس مہر اینڈ سنز بزاز ان

بزاز ہٹہ بازار لاہور



ننگ لعل بزاز



سیماب کا گنگہ



Miss Oriental Bulm

وجع مفاصل پنجبالہ کا علاج







CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی ہوئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی نزلہ زکام انفلوئنزا ڈیپتھیریا کی کھانسی سیالی کھانسی گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ کے ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ سمجھتے ہیں کہ کسی اور گلے اور پھیپھڑے کے امراض کا علاج اس سے نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوا سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوفناک شے ہے اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس سے جلنے اور طرح طرح کی مہلک پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔

محصول ڈاک دو آنے ولیو پے ایبل یا مفت قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAINS COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ۔ اوز پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور سریع الاثر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے۔ یہ تمام معدہ کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج۔ ہیضہ۔ پیچش۔ نیمیریا۔ زیمیریا۔ پیچک کا ہیضہ اور انٹرائٹس کی سب قسم کی بیماریاں اس دوائی کے استعمال سے رفو چکر ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ جیسے سخت مرض کا علاج بہت کم ہے لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہ گیا ہے۔ علاوہ اسکے درد قولنج اور پیچش والے بھی کیوں بیفائدہ تکلیف اٹھاتے ہیں فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آزمائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے۔

اور درخواست باجازت ولیو پے ایبل یا مفت قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کو فوراً دفع کر دینے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ کیڑا پن۔ سیاٹیکا اور درد کے لئے مفید ہے۔ جناب حق سبحانہ و تعالیٰ بھی اس عجیب و غریب دوائی کے استعمال سے شفا ہو جاتے ہیں۔ سر درد۔ دندان اور درد گوش کے لئے بھی مفید ہے۔ درد پیلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے غرض نہایت مفید و نافع دردوں کی دوائی ہے۔

دنیا میں بس قدر درد اور دکھ موجود ہے۔ جس قدر لوگ ہیں ہر ایک ایک لمحہ دور ہونے کے لئے بہت کچھ دے دینے کو تیار ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا بھی یہ دعویٰ ہے کہ اس کو آزمائیے تو ضرور سب درجہ بالا قسم کی دردوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے

اور درخواست باجازت ولیو پے ایبل یا مفت قیمت بھیجنے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے



اہل اسلام کو خوشخبری

مسمی کامل مرتبہ صحتی گرد و بطرز مہذب چھاپے سے ہیں روح ۲۵ اپریل ۱۹۰۲ء تک چھپیں ۲۵ پارہ چھپ چکے ہیں اس کے ہر صفحہ پر صحیح محققانہ طور پر بہتر تقابل سے لکھے گئے ہیں آج تک کسی قرآن مجید میں ایسی صحت نہیں پڑھائے۔ حواشی بھی نہایت خوبی خط و وضاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی اگر کوئی شخص مجموعی صفات میں نظیر اس کلام پاک کی تلاش کرے تو اس کو یہ کامل صفات نہ ملیں گی۔ علاوہ اس کے اس کی صحت میں اس قدر کوشش کی گئی ہے جو حصہ انسان کی بساط سے بعید ہے۔ بغیر جلد ہے۔ محصول بذمہ خریدار۔ اور نیز ہم نے حدیث شریف کی مقبول کتاب یعنی مشکوٰۃ شریف جو محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی نے صحت لفظ کر کے چار جلدوں میں چھاپی ہے اس کا حاشیہ پر فوائد صحیح محققانہ طور پر چڑھائے ہیں یہ مشکوٰۃ خوبی خوشی خوبی خط و وضاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی قیمت فی جلد ۱۰ محصول علیحدہ۔ جس شخص کے پاس ہماری یہ کامل اور یہ مشکوٰۃ موجود ہوگی اس کو اور کسی کتاب تفسیر اور حدیث کی ضرورت نہیں ہوگی۔ جو صاحب کہ ہماری طرف سے بیشگی بھیجنا چاہیں ان کے لئے عید تک کامل تعریف پہنچا دینے کا وعدہ کیا ہوا تھا اس لئے مذکور لکھا جاتا ہے کہ بسبب اتمام ہونے کے ہر ایک حصہ سوا ایک مہینہ تیار ہونے کے نہیں رہ سکتا۔ ۱۲ عبدالغفور عبدالاول غزنوی لاہور۔ ۱۲ اسلام مطبع

جادو کی کتاب

(مسمی بہ جادو نگار) اصلی جادو کی کتاب

یہ کتاب کوئی ایسی ویسی نہیں ہے بلکہ پچھلے اصلی جادو کا پورا سبق ہے اس کتاب کو کر کوئی صاحب جھوٹا ثابت کر دیگا تو مصنف پانسو روپیہ انعام دیگا۔ قیمت کتاب مع محصول ۳ روپیہ۔ رنڈیوں کا جادو شرفی قیمت کتاب مع محصول ۲ روپیہ۔ شوقین آدمیوں کے کام کی ہے۔ جو خواہش کا طالب ہو اس کتاب کو پڑھکر خوش ہوں گے اپنے ایمان سمیت۔ چند کلمہ شریف ۱۲ قیمت ۱۲ کلمہ شریف سونے کا سچا مع محمدی کوٹ ساتا ہوا مثل تصاویر ہونے کے رنگ و قیمت ۴ روپیہ

العبد شاہ بہاری فال کمپنی مراد آباد

نوٹس

بابو امرت کشن بوس صاحب سکرٹری ہند و شادی فنڈ پنجاب کو مدراسیوں نے اپنا تعلق فنڈ سے علیحدہ کر لیا ہے۔ اس لئے ممبران کی خدمت میں التماس ہے کہ آئندہ فنڈ کے متعلق خط و کتابت یا ترسیل زر ہو تو بنام سیکرٹری ہند شادی فنڈ پنجاب گورداسپور تحریر کریں۔ کسی شخص کا نام درج نہ کیا کریں۔

از طرف پریذیڈنٹ ہند شادی فنڈ پنجاب گورداسپور

مورخہ ۲۲ جون ۱۹۰۲ء

بال اڑانے کا پوڈر

قیمت فی بکس ۸ر ۳ بکس ۱۴

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا

لنکا کے کاشتکاروں جائے نے ابھی وار کے ایک ہزار بکس بطور نمونہ کے فوج امریکہ کو بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔

مولوی محمد صبیح پلیڈر و میونسپل کمشنر بنارس پر چند روز ہوا بخار بنارس میں داخل ہوا تھا اس میں وہ رہا ہو گئے ہیں۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

اکاخیل کا سردار اکبر خان اس وقت اکاخیل اور ذکا خیل سرحد پر ہے۔ اور کہتا ہے کہ امیر صاحب کابل نے مجھ کو ایک طلائی کلغی اور تمغہ تمغی دی تھی۔

جنوں اور پری کے اسمعیلخاں میں آپ کی وجہ دریافت کرنے کے واسطے کوئی افسر مقرر ہوگا

راولپنڈی میونسپلٹی کی سخت شکایت ہے کہ کئی آدمی بباعث حدت آفتاب مر چکے ہیں۔

راولپنڈی میں حکم ہوا ہے کہ جھاڑیوں میں جو پانی استعمال کیا جاتا ہے وہ یا تو ابال لیا جایا کرے یا اس میں پرمینگنیٹ آف پوٹاشیا ملا لیا جایا کرے۔

آئندہ اردو پنجاب گزٹ بجائے لیتھو گراف کے ٹائپ کے حروف میں چھاپا کریگا۔

۲۰ جون کو ملک زرین خیل کا ایک بڑا جرگہ آن سپاہیوں کی درخواستیں پیشاور میں لایا جو سرکاری فوج سے بھاگ گئے تھے۔ اور باقی جرگہ دوسرے روز پہنچا۔

مسٹر جی گلڈن پروس ملازم نہک بنگال دہلی میں وقت سوروں کا شکار کھیل رہے تھے ان کی برچھی ٹوٹ کر ان کے جسم پر لگی۔ سول سرجن صاحب موقعہ پر پہنچ کر ان کو ڈولی میں اٹھا لائے۔

ہز ایکسلنسی مہاراجہ صاحب کشمیر ۲۴ ہزار دو رابگان ۲۷ جون کو سیر کے بعد دربار سری نگر میں سر البرٹ ٹالبٹ علالت حضور کے بابت استقبال کرنے کو گئے۔

گزشتہ بارشوں سے شاہپور میں کہیں کوئی نقصان نہیں ہوا

گزشتہ برسات میں ۱۰۰ مویشی مقروقہ اور ۲۰ مارٹینی ہنری بندوقیں نقصان ہوئی ہیں۔ اور مجملہ ۲۳۰ کے جو نمبردار الفت کے جوان لے گئے تھے صرف ۲۹ ضائع ہوئی ہیں اور کرنسیوں اور افریدیوں سے جو رائفلیں جرمانہ میں وصول ہوئی ہیں سب کار آمد ہیں۔

امیر صاحب نے جو دو جرمن کارخانہ شیشہ کے واسطے ملازم رکھے تھے وہ پریشاور کابل گئے ہیں۔

سٹیٹ کونسل کشمیر نے ۱۰ ہزار من گیہوں اور جو کو خیر دلجاج کو دلوائے ہیں۔

کابل میں ۲۰ سو اونٹ کابل سے آئے ہیں قریباً ۵ لاکھ روپیہ اپنے مال کی بابت وصول کر لائے ہیں سترہ بائیس نے اس رقم کی بابت ۲۰ فی صدی رسوم بیمہ وصول کی ہے۔

ولیمے کا انفرنس کا اجلاس شملہ میں قریباً ۱۰ اگست کو ہوگا۔ حضور وائسرائے آپ اس کے پریسیڈنٹ ہونگے اور تمام کارروائی سال گزشتہ کی پیش ہوگی۔

تجارت کوئٹہ و سیستان کو فروغ دینے کے واسطے انگریز تاجر ایک کمپنی قائم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے اس میں بہت

کامیابی ہوئی ہے ۱۸۹۷ء کے پہلے چھ ماہ میں لشکری میں مال کی درآمد و برآمد ۴ لاکھ روپے تک پہنچی ہوئی تھی۔

اب قصبہ بنگہ اور دیہات اردگرد ضلع جالندھر۔ قریہ ضلع جالندھر۔ قصبہ گڈھ شنکر اور موضع پالیوال ضلع ہوشیار پور زیر نگرانی ہیں۔ سکول پھلور کے علاوہ صرف ایک سو جوان ان کی حفاظت پر تعینات ہیں۔

جب سے سرحدی فرقوں کی آمد و رفت کھولی گئی ہے آفریدیوں نے فوج میں بھرتی ہونا شروع کر دیا ہے۔ غالباً ان کے مکانوں کا جلایا جانا اور خوراک کا میسر نہ آنا اس موسم میں ان کو سرد مقام چھوڑنے کا باعث ہوا ہے۔

ضلعہ میں آنریبل کرنل چمپنی کے کلکٹر بیرسٹر تھار بن نے جو تقریر کی تھی اب وہ دائرہ اعتدال سے متجاوز بیان کی جاتی ہے۔ اگر یہ حال تھا تو کیوں سر ایڈورڈ کولن چیرمین نے اس وقت ان کو نہ ٹوکا۔

۲۷ جون کو ضلع جالندھر میں اور ۲۸ کو ہوشیار پور میں طاعون کا کوئی تازہ کیس نہ ہوا۔ ضلع جالندھر کا موضع لدھانہ چھیکا دباسے پاک و صاف قرار دیا گیا ہے۔

کشمیر میں اب تک موسم خشک اور ہوا دار ہے۔

سردار بہادر سردار ارجن سنگھ افسر بندوبست ضلع مظفر گڈھ دفعتاً راہی عدم ہوئے۔

دہلی میں یورپین فوج کی صحت مخدوش ہے ۱۰۰ بیمار کے ۲۰ آدمیوں سے زائد ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

گزشتہ پیر کو ۲ بجے رات کے قریباً پورا چاند گرہن لگا۔

ممالک غیر

۴ جولائی کو سنٹیاگو پر حملہ شام تک جاری رہا۔ اس وقت جنرل ٹوران نے کمانڈ پر قبضہ کیا۔ اور دیگر امریکن افواج نے شہر کے باہر تمام مستحکم مقام قبضہ کئے۔ دوسرے روز صبح ہی پھر لڑائی ہونے والی تھی۔

۴ جولائی کو ہوس آف کامنز میں مسٹر کرزن نے بجواب ایک سوال کے بیان کیا کہ ہز ایکسلنسی ایڈمرل کامرڈ ہیں جنگی جہاز برٹش اغراض کی حفاظت کے واسطے بھیجے جانے کا خیال کر رہا ہے۔ تاہم وہ محتاط کیا گیا ہے کہ اگر ضروری خیال کرے تو فوراً کمک پہنچائے۔

سنٹیاگو کی نسبت امریکہ سے زیادہ تر چھوٹی خبریں آئی ہیں۔ گزشتہ جمعہ کی لڑائی میں امریکہ والوں کے ایک ہزار سے زیادہ جوان کام آئے۔

پرنسٹن میکنلے نے بذریعہ سرکاری تار اطلاع دی ہے کہ لڑائی سنٹیاگو گزشتہ کو پھر شروع ہوئی۔ پیغام سے ظاہر ہے کہ پھر بہت بڑا نقصان ہوا۔ مگر لڑائی کا آخری نتیجہ ابھی تک ظاہر نہیں آیا۔

تمام امریکن احتیاطیہ فوج کو سرحد پر جانے کا ایما ہوا ہے

کیوبا کے مفسدوں نے اطلاع دی ہے کہ جنرل پاتر و ۷ ہزار کمک کے ساتھ سنٹیاگو میں داخل ہوا ہے۔

نیویارک ہیرلڈ مظہر ہے کہ سنیچو کو بہت بھاری معرکہ ہوا جس میں جانبین نے بہت نقصان اٹھایا۔ امریکن افواج ایسی جان توڑ کر لڑیں کہ انہوں نے سنیچو کی بلندی کو فتح کر لیا۔

گزشتہ جمعہ کے معرکے میں امریکہ کے نقصان کا تخمینہ ۸۰۰ سے ۱۰۰۰ تک ہے۔ حالانکہ ہسپانوی بہت پیچھے تک مرے تھے۔ ہسپانیہ کا جنرل لینارس کمانڈنگ انفنٹری سنٹیاگو کو سخت مجروح ہوا۔ لہٰذا اس کی جگہ جنرل ٹوران مقرر ہوا۔

افواج امریکہ ایسے مقامات پر قابض ہو گئی ہیں جہاں سے سنٹیاگو پر حملہ ہو سکے۔

باوجود جرمنی کے سرکاری طور پر یقین دلانے کے کہ معاہدہ امریکہ کا شبہ اور جوش کم نہیں ہوا۔ شکر قسمیاں جرمنی کے ارادوں کی نسبت صبح بحث مفید زیادہ

افواج امریکہ جو تعداد میں ۱۷ ہزار ہیں دشمن کو سمجھنے کے واسطے غبارے استعمال کر رہے ہیں اور غبارہ بلند پرواز ہیں کہ دشمن وہاں تک آگ نہیں برسا سکتے۔

چار امریکن جنگی جہازوں نے منزانیلو پر گولہ باری کی مگر نہایت مستعدی سے مقابلہ ہوا جس کے باعث ان کو ہونا پڑا۔ اور ایک جہاز ناکارہ ہو گیا۔

لارڈ سالسبری نے ایک دعوت کے موقعہ پر کہا کہ جو جنگ سپین و امریکہ میں کسی کو نہ چاہیے تھی ہماری دلی تمنا ہے کہ بہت جلد ختم ہو۔

دنیا میں ایک سو ساٹھ ہزار مشنری ہیں۔ ۱۰ لاکھ نو مسلم ہیں۔ ۱۰ لاکھ چینی ہیں۔ ۱۰ لاکھ ہندو ہیں۔ ۱۰ لاکھ مسلمان ہیں۔ ۱۰ لاکھ یہودی ہیں۔ ۱۰ لاکھ افریکہ کے ہیں۔ ۱۰ لاکھ ہندوستان میں ہیں۔ ۱۰ لاکھ جزیرہ پیسفک میں ہیں۔ ۱۰ لاکھ ایک سو ساٹھ ہزار ایک کروڑ ساٹھ ہزار ہیں۔

گورنمنٹ نارویجین نے ۱۰ سال سے کم عمر کے لڑکوں کے پاس تمباکو بیچنا قانوناً ممنوع کر دیا ہے۔

قسطنطنیہ میں گزشتہ جنگ میں شریک ہونے والے سپاہیوں کی امداد کے واسطے جو بازار کھولا گیا ہے اس کی کارروائی بخوبی ہو رہی ہے۔ بہت دن نہیں لڑی آسٹریا بھی لڑائی کو گئے تھے۔ اس میں ۱۰ لاکھ سپاہی

ایک رمزی اخبار سے واضح ہوا ہے کہ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ سپاہیوں نے آسٹریا کی طرف سے لڑائی میں حصہ لیا۔ ان میں سے ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ کام آئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ زخمی ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ بیمار ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ قید ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ لاپتہ ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ واپس آئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ زخمی ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ بیمار ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ قید ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ لاپتہ ہوئے۔ ۱۰ لاکھ ۱۰ ہزار ۱۰ سو ۱۰ واپس آئے۔

Chamberlain's Colic, Cholera and Diarrhoea Remedy
چیمبرلین کولک ریمیڈی

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوا امریکہ میں بنائی جاتی ہے ہر قسم کی کھانسی سے کام لیتے ہیں۔ کالی کھانسی سل۔ نمونیا کی کھانسی سے کام لیتے ہیں۔ گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر قسم کی کھانسی کو بالکل رفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ایک مرتبہ اس کو آزمائیے اور صحت پائیے۔ قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ بڑی بوتل ۲ روپے

تمام انگریزی دوائی فروش فروخت کرتے ہیں

لاہور میں شیخ نصیر الدین اینڈ سنز تاجران ادویات انگریزی مال اور امرتسر میں بھائی غلام محمد اینڈ برادرز تاجران ادویات انگریزی مال ہائے ہوں

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

آئندہ موسم سرما میں بہامو کے مشرق کی طرف سے سرحد پر دین کا کام شروع ہوگا۔ اسی اثنا میں فارن آفس گورنمنٹ کے ساتھ مشورہ کریگا۔

بالائی بمبئی میل کی کئی گاڑیاں رانی گنج سٹیشن میں پٹری سے اتر گئیں۔ تیسرے درجے کا ایک مسافر ہلاک ہوا اور کئی قدر مجروح ہوئے۔

پچھلے ہفتے کلکتہ میں برف کا اس قدر قحط ہوا کہ ۴ مئی سے ۷ جون تک بکتی رہی۔

کمیشن قحط کے توڑے جانے کے واسطے تاحال کوئی تاریخ مقرر نہیں ہوئی۔ غالباً ماہ جولائی کے اخیر میں ایسا ہوگا۔

کیپٹن ولسن متعلقہ رسالہ ۱۱ سملہ میں سخت بیمار ہیں۔

صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دھنگ نے مسٹر ایم اٹمائر ایک برات کی طرف بندوق سر کرنیکے جرم میں ۱۰۰ روپے کا جرمانہ یا سزا دی۔

چونکہ دو اور تین سال عمر کے قاطر ۲۰۰ اور ۲۵۰ روپے میں ملنے ناممکن ہیں۔ لہذا اب اُن کے واسطے ۳۰۰ اور ۳۵۰ روپے کی منظوری دی گئی ہے۔

ایسٹرن بنگال سٹیٹ ریلوے نے پہلے اور دوسرے درجہ کے مسافروں کے آرام کے واسطے پنکھے لگوائے ہیں۔ یہ بجلی کے انجن سے چلتے ہیں۔

لیجسلیٹو کونسل حضور نظام نے اشخاص جرائم پیشہ کے واسطے قانون پاس کیا ہے جو عنقریب شائع ہونیوالا ہے۔

حضور نظام کو ریلوے پولیس کے خرچ کا نصف حصہ دینا پڑتا ہے۔ ۳۱ دسمبر کو اس کی تعداد ۱۰۶۳۵ روپے تھی۔

حیدرآباد کے ڈاکٹر للاری جن کو بائسکل سے گرنے سے سخت چوٹ لگی تھی۔ اب صحت یاب ہو رہے ہیں۔

گزٹ ہند میں شائع ہوا ہے کہ چونکہ نئی آبادیوں میں ایلس ٹارک الوطنوں کو مدد ملنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ لہذا ان کو وہاں جانے کی اجازت نہیں ہونی چاہیئے۔

تعزیری پولیس پونہ کے جلد اٹھائے جانے کی امید ہے۔

۳۰ لاکھ روپے قرضہ لینے کا سوال میونسپل کارپوریشن کے پیش ہے۔ یہ پانچ فی صدی سود پر ۲۰ سال کے واسطے ہوگا۔

بمبئی میں ایک شخص خنکر گنیش دایو دجو جعلسازی کے جرم میں اسیر ہے رہا کیا جائیگا۔ اور اس کو اور اسکے بھائی کو پونہ کے مشہور قاتل ہری چپیکار کا پتہ دینے کے واسطے ۱۰ ہزار روپے انعام ملیگا۔

ضلع احمد نگر کی سرحد پر بھیل ڈاکوؤں سے جو مقابلہ ہوا تھا۔ اُس میں ۱۶ بھیل ہلاک اور اسی قدر مجروح ہوئے اور گرفتار کئے گئے۔

حضور نظام کے محل میں سرقہ کا پتہ پہلے پہل نواب اکبر شاہ سی۔ ایس آئی کو تو ال نے لگایا تھا۔

پونہ کے مشہور مقتولوں چارلس واکر ریذیڈنٹ لیفٹننٹ لیجرٹن آرسٹ کی یادگار میں برنجی تختیاں سنٹ میری کے گرجا میں رکھی جائینگی۔

بنک بمبئی نے سرکاری پرامیسری نوٹوں کی کفالت پر اپنی شرح سود کو فیصدی کر دی ہے۔

سر ہنری پرنسپ جج ہائیکورٹ بنگال نے جولائی سے ۲ ماہ کی رعایتی رخصت حاصل کی۔

لیگ کمیٹی نے اپنی کارروائی ختم کر دی ہے۔ مگر اس کا نتیجہ تجویز عرصے کے واسطے ملتوی رہیگا۔

مسٹر مائی شنکر ترنجی بھوت بی۔ اے پرنسپل کالا بھون واقع بڑودہ نے علانیہ عیسائی ہونے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ یہ مدت سے پہلے جیسوئٹ تار چکا تھا۔

مسٹر مینوئل سینیر اگزامینر گورنمنٹ پریس رنگون کی ۱۸ سالہ نوجوان بیٹی اپنے پڑوسی کے مدراسی سائیس کے ساتھ بھاگ گئی۔

رنگون میں جس گاڑی والے پر مسز فوار نے بیحرمت کرنے کا دعوی کیا تھا اُس کو ۷ یوم قید سخت کی سزا ہوئی۔

سٹرچوڈ اسسٹنٹ انجنیر رام پور اور سیکنگ کر بامین ایراطی پل تعمیر کرنے کے واسطے نقشے تیار کر رہے ہیں۔

کیرن ستان اور سرحد ہمکی زبانیں تحصیل کرنے کے واسطے گورنمنٹ نے قواعد شائع کئے ہیں۔ اس وقت آٹھ افسر اس غرض سے اُس طرف بھیجے گئے ہیں۔

مسٹر جسٹس کر شاچیف جسٹس ہائیکورٹ الہ آباد کی صحت پر بہت برا اثر ہوا ہے۔ لہذا یہ ۱۳ اگست سے ۲۹ نومبر تک کی تعطیلوں میں رخصت پائینگے۔

کلکتہ میں برقی ٹریمز کا سوال بہت جلد پیش ہوگا۔ کارپوریشن کے پیش ہوگا۔ صاحب چیئرمین میونسپل کمشنرز میں اس کی رپورٹ شائع کر رہے ہیں۔

بمبئی کے ایک اخبار نے اگات بری کے ڈاکوؤں کا ایک گروہ بیان کیا تھا جس کے ہاتھوں سے یورپین بھی نہیں بچے تھے۔ پولیس اُس کے قبضہ میں ہے۔

ریکارڈ ڈکوٹ رنگون میں دوبرس سے معطل ہے۔ ریلوے کمپنی پر ۱۹۲۶ء روپے کا ہرجانہ مسافر کے نقصان کی بابت دعوی دائر کیا ہے۔

کراچی میں ۲ ہزار سے زائد آدمی طاعون کا ٹیکہ لگوا چکے ہیں۔

مسٹر ڈاوت کمشنر وزیر جنگلات اور ۲۸ ماہ کی رخصت پر گئے ہیں۔

بارکپور کے قریب پانچ ہیں ڈاکو کھٹے ایک متمول مسلمان کے مکان پر ڈالہ کیا اور ایک ہزار روپیہ مال لے کر چمپت ہوئے۔

مولوی عبد الحکیم برادر عبد الجبار خان بہادر عبد الکریم صاحب بھی آئی ملکی رئیس اعظم میسور کے ہاں جاودانی ہوئے ہیں۔ آپ ۱۲ ستمبر تک رہینگے۔

رانچی میں ایک مدرسی مینڈک کے کاٹنے سے ہلاک ہوئی۔

افسوس ہے کہ سر آسمان جاہ وزیر اعظم حیدرآباد اب تک علیل ہیں۔

بجگمپور میں خوب بارش ہوئی۔ عام کثرت سے ہیضہ ہوئے ہیں۔ یہاں کے ایک خیر اندیش بابو پریورتا شنکر نے غریب دیہاتیوں کے علاج کے واسطے ایک انگریز ڈاکٹر مقرر کیا ہے۔

بھاگلپور کے شمال میں ایک موضع کا تمام حصہ جل گیا ہے۔ بابو پریورتا شنکر نقدی اور دیگر اشیاء سے گھر کو مکان تعمیر کرنے کے واسطے تقسیم کر رہے ہیں۔

جزیرہ سائپرس سے بمبئی اور مغربی ہندوستان کے جہازوں کے واسطے ۱۰ روز کا فرنظینہ قائم کیا ہے۔

بارکپور میں تین گوروں نے ڈاکٹر سر تشہد سرکار کو ہلاک کیا تھا یکم جولائی کو ہائیکورٹ کے پیش ہوئے۔

لیجسلیٹو کونسل ہاکم مغربی و شمالی کا اجلاس ۲ جولائی کو شروع ہوا۔ اس میں مالی کیفیت درست ہوئی۔

STEARNS' WINE OF COD LIVER OIL
WITH PEPTONATE OF IRON.

سٹیرنس صاحب کا تیار کردہ

مچھلی کے تیل کا نفیس مرکب جسمیں فولاد کی آمیزش ہے

دنیا میں تپ دق۔ زکام۔ کھانسی سردی و بتدریج ضعف ہو جانے کیلئے نہایت ہی بیش قیمت دوا ہے اور بخار و دیگر حالات نکاہت جلی کو عموماً فائدہ بخش ہے مچھلی کے تیل کا سب سے بہتر مرکب ہے۔ یہ خوش ذائقہ اور بلا بو ہے بچے اور مستورات بلا کراہیت استعمال کرتے ہیں اسکے فوائد محافظہ ہونے لگتے ہیں ہندوستان اور دنیا کے تمام دواسازوں اور دوافروشوں سے اسکی بڑی اور چھوٹی بوتلیں دستیاب ہو سکتی ہیں اور چھوٹی نمونہ کی بوتل اس مرکب کے بیچنے والوں سے مفت مل سکتی ہے۔

ہم کو آجکل روپے کی سخت ضرورت ہے

کیلس لیور واچ

اس گھڑی کا نوٹس دیکھ کے ہم نے سمجھ لیا ہے کہ بہت ہی اشتہاری سوداگر ہوگا۔ اور یہ سمجھ کر ہم نے اس کو لکھا کہ ہم کو سینکڑوں گاہک مہیا کرنے ہیں اس لئے ہم کو بہت سستی گھڑی چاہیئے۔ اس نے جواب دیا کہ ہم کو ۱۲ گھڑی کے خریدار چاہئیں۔ ہم نے ۱۲ گھڑی کی قیمت لی جائیگی" اور ہر ایک مقرر کے بعد اسکی قیمت چار روپے ہو جائیگی"

گورنمنٹ کو ہندوستان میں اس وقت یہ فرضہ باسانی وصول ہو جانے کی امید رکھنی مناسب نہیں۔ جبکہ صاحب وزیر ہند نے پارلیمنٹ میں ایک کروڑ پونڈ قرض لینے کی منظوری حاصل کر لی ہے تو پھر کیوں ہندوستان سے تین کروڑ لیا جاتا ہے۔ کیا اس میں کام پورا نہیں ہو گا۔ ہندوستان میں اس وقت قرضہ لینے سے نہ صرف بوجہ قلت روپیہ رعایا کا حرج ہو گا بلکہ گورنمنٹ کو بھی بہت زیادہ خرچ برداشت کرنا پڑیگا۔

پنجاب کا تازہ بجٹ

کسی قدر بھی گزشتہ اشاعت میں صوبہ ہذا کا بجٹ بابت ۹۸-۱۸۹۷ء شائع کیا جا چکا ہے۔ جس کے دیکھتے ہوئے مالی سنہ رواں کا تازہ بجٹ بہت اطمینان بخش معلوم ہوتا ہے۔ آغاز سال کے ساتھ لوکل گورنمنٹ کے پاس ۶ لاکھ ۵۰ ہزار روپے باقی تھے تازہ بجٹ میں آمدنی کا ۲ کروڑ سے زائد اخراجات کا اس سے ۴ لاکھ کم تخمینہ کیا گیا ہے۔ اور اس میں اگر کچھ زیادہ فرق نہ پڑا تو اختتام سال پر قریباً ۱۱ لاکھ روپے کی بچت ہو جائیگی۔ آمدنی بمقابلہ تخمینہ سنہ ۹۷-۱۸۹۶ء کے ۳ لاکھ ۳۶ ہزار زائد اندازہ کی گئی ہے۔ منجملہ اس کے صرف مالگزاری میں ۳ لاکھ ۲۶ ہزار کا اضافہ سوچا گیا ہے اخراجات میں بعض مدات یہ ہیں۔ ۱۰ ہزار روپے سرحد و کابل کی ترسیل ہزارہ خانی پر صرف کئے جائیں گے۔ ۸۳ ہزار روپیہ ضلع ہوشیارپور میں سیلابہائے دریچو کے انسداد

سپہ سالار افغانستان کی وفات پر افواہ

بقول مقامی اینگلو انڈین ہمعصر سرحدی فرقوں میں یہ خبر مشہور ہو رہی ہے کہ اچنی وفات سے تھوڑے ہی دن پہلے سپہ سالار جنرل غلام حیدر خاں کابل کی طرف سفر کر رہے تھے۔ ان کے ہمراہ دو حکیم بھی تھے جنہیں خود امیر صاحب نے معالجہ کے لئے روانہ فرمایا تھا۔ راستے میں یکایک سپہ سالار کا انتقال ہو گیا۔ وہ کچھ عرصے سے علیل تھے۔ لیکن خاتمہ قریب سمجھ کر انہوں نے ایک پرزے پر لکھا کہ میں قریب المرگ ہوں اور میرے ساتھ کوئی چالاکی ہوئی ہے۔ یہ پرزہ ایک وفادار ملازم کے سپرد کیا گیا جس نے امیر صاحب کے حوالے کر دیا جب حکیم کابل میں پہنچے تو امیر صاحب نے فوراً ان کو اپنی حضوری میں طلب فرمایا اور جان کا خوف دلا کر کیفیت دریافت کی۔ ایک حکیم نے اقرار کیا کہ پینے سپہ سالار کو مار ڈالنے کے دو ہزار روپے لئے تھے۔ پینے سنکھیا اور پسے ہوئے شیشے تھوڑی تھوڑی مقدار دے کر ان کا کام تمام کر دیا۔ فوراً قتل کرا دئے گئے۔ مگر افسوس یہاں اتنا دریافت نہ ہو سکا کہ یہ پتہ لگا کر رشوت کس نے دی تھی۔ ان دنوں انگریز اخبار بھی سپہ سالار موصوف کے بہت کچھ مخالف تھے۔ اس مذاکرے رشوت دہی کی افواہ سرحد کے آدھے ہی آدمی

نہیں محتاج زیور کا جسے جوبلی خدا نے دی

حسب الارشاد ہم خود ستائی جائز نہیں سمجھتے لیکن اس صورت میں کہ کلیکیا آپ جیسے جوبلی ٹریکٹ سوسائٹی پر بدظنی کرکے دوبارہ اس کا تجربہ کرنے تمام نقائص آئی کی غلطی کا یقین دلا کر ہم کو دکھائی دیں اگر یہ گولیاں اپنا اثر کما حقہ نہ دکھائیں تو ہم تین گنا قیمت واپس کر دینگے مگر شرط یہ ہے کہ آپ اس قدر تحریر فرما دیں کہ آپ کی طبیعت کس قسم کی تھی ہر ایک آپ اس قدر تحریر فرما دیں کہ آپ کی طبیعت کس قسم کی تھی ہر ایک

سوڈان میں انگلستان کی آئندہ حکمت عملی

۲۶ جون کی رات کو سر مائیکل ہکس بیچ صاحب وزیر خزانہ انگلستان نے ہاؤس آف کامنز میں تحریک کی کہ ۹ لاکھ ۷ ہزار پونڈ جو مصر کو ۱۸۹۷ء کی مہم سوڈان کے موقعے پر دیئے گئے تھے۔ اُن کا قرضہ اب ادا کیا جائیگا تحریک پیش کرنے کے اشتہار میں صاحب موصوف نے بتایا کہ مہم میں کیسی اچھی کامیابی ہوئی ہے۔ تجارت و صنعت از سر نو جاری ہو گئی اور تمام صوبجات یکے بعد دیگرے قبضے میں آ گئے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ خرطوم کی طرف بڑھنا اگرچہ اُن تمام کارروائیوں سے جو اب تک وہاں ہو چکی ہیں زیادہ خطرناک ہو۔ لیکن سردار کچنر اور اس کی فوجیں ہر طرح تیار ہیں۔ جتنی انگریزی فوج سے کام مہمات میں وہاں کام لیا گیا ہے۔ اس مرتبہ اس سے زیادہ بھیجی جائیگی۔ مصری فوج نے بہت کچھ ترقی کر لی ہے اور درویش بدل ہو گئے ہیں۔ گورنمنٹ کا نہ تو یہ خیال ہے کہ کثیر التعداد انگریزی سپاہ مدت دراز تک خرطوم میں مقیم رکھے۔ اور نہ یہ ارادہ ہے کہ خرطوم کے حسب میں جو صوبے واقع ہیں اُن پر قبضہ کرنے کی کوشش میں صرف کثیر گوارا کرے۔ ہاں یہ البتہ سوچا گیا ہے کہ دریائے نیل کے اندر تجارت و اخلی میں جو اندیشہ داخلت ہو وہ گنبوٹوں کے ذریعے سے دور کر دیا جائے۔ گورنمنٹ کو یقین ہے کہ خرطوم کے حکام اور صوبجات جنوبی کی رعایا میں اتحاد پیدا کرنے سے وہ علاقے بھی تجارت کے لئے کھل جائینگے۔ مہم کے خرچے کا اندازہ سات لاکھ ۵۰ ہزار پونڈ ہے جو گورنمنٹ مصر برداشت کریگی۔

سر سید میموریل فنڈ پنجاب میں

اس فنڈ کے متعلق یہ امر قابل ذکر ہے کہ مجملہ تمام موجودہ چندے کے جسکی مقدار قریباً ۴ ہزار روپے تھی کل پنجاب نواب محسن الملک بہادر کے حوالہ کر دیا گیا ہے جسے وہ اپنے ہمراہ لے گئے۔ سوائے اُن رقوم کے جن کی ادائگی کسی خاص میعاد پر منحصر رکھی گئی ہے۔ باقی چندہ بھی امید ہے کہ جلدی وصول ہو جائیگا۔ سب سے بڑی رقم انجمین حنفیہ کالج لاہور کی ہے جس کے لئے چند دن میں بل جانے کا یقین دلایا گیا تھا۔ عطایائے پنجاب میں سب سے گراں قدر خواجہ احمد شاہ صاحب مالک اخبار پنجاب بازار لاہور کا عطیہ ہے جسکی مقدار قریباً تیرہ ہزار روپے ہوتی ہے۔ اس طرح کہ ندھیانہ کا چندہ تو آپ نے ظاہر کرنا مناسب نہ سمجھا اور لاہور میں بھی کی رعائت سے سو روپے کئے۔ علاوہ ازیں اپنے تمام کلاہ مجید و حمائل شریف کی قیمت کا چوتھائی حصہ سپرد کر دیا فنڈ کو عنایت فرمایا۔ ان کلام مجید و حمائل شریف کی کل قیمت ۵۰ ہزار روپے ہے۔ اس حساب سے فنڈ مذکور کا حصہ مالی بارہ ہزار روپے ہوا جو لدھیانہ اور لاہور کا چندہ ملانے سے قریباً ۱۳ ہزار ہو جائیگا۔ خواجہ صاحب اس فرخ حوصلگی پر مسلمانوں کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

ایک خاندان [illegible] سے آئے تھے۔ اور البتہ جنہوں کی خدمتگاری کیلئے خود فاضی ہے۔ اور اگر اس میں کچھ کمی ہوتو اس سے ہرگز یہ مراد نہیں پائی جاتی کہ جلسہ اپنی غرض کے لحاظ سے شاندار نہیں تھا۔ شاید سب سے اچھی بات جو جلسے میں ہوئی وہ نواب محسن الملک بہادر کی اور انجمن حمایت اسلام کے لئے آمادگی ہے۔ جس کا [illegible] خیال کا موقع نہیں تھا کہ سر سید یا اُن کے طرفدار انجمن حمایت اسلام یا اسلامیہ کالج کے برخلاف ہیں۔ اگرچہ ہر سال جناب مولانا نذیر احمد صاحب القابی آدمی ہے اس کی شہادت ملتی تھی۔ مگر اس [illegible] کی بجائے تشریح ہوئی۔ شاید سب سے [illegible] ہے جو صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب [illegible] ہے۔ اور جس میں آنہوں نے بدلائل ثابت کیا ہے کہ سر سید کے [illegible] مسلمانوں میں [illegible] نہیں ہیں بلکہ [illegible] محسن الملک [illegible] ہے۔ [illegible] ہے۔ [illegible] ہے۔

میں لایا۔ وہ کمیونٹی کا اتنا لیڈر نہیں تھا جتنا انٹرپرسٹر تھا وہ اپنے منصب میں گویا رعایا کی زبان تھا۔ اگر رعایا خوش ہوتی تو اس کا لہجہ بھی دھیما اور مسرت آمیز تھا۔ اور اگر رعایا ناراض ہوتی تو اس کے ٹون سے بھی سختی نمایاں ہو جاتی تھی۔ اب جدید قانون مفسدہ انگیزی نے اس کی زبان پر قفل لگا دیا۔ وہ دیکھیگا اور کچھ نہ کہہ سکیگا۔ کیونکہ اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے۔ اور اگر اس نے جان کی پرواہ نہ کر کے کچھ کہنا بھی چاہا تو فوراً اس کا گلا دبا دیا جائیگا کیونکہ جدید قانون کے رو سے ڈاکٹر نے کو یہ اختیار مل گیا ہے کہ جس اخبار میں کوئی تحریر وہ اپنے تئیں مفسدہ انگیز سمجھے اس کی روانگی ملتوی کر دے۔ مفسدہ انگیزی جس کی تشریح میں ہندوستان کی مختلف ہائی کورٹوں کو تذبذب اور تامل رہا ہے قدرت خدا کہ اب اس کی جانچ ڈاکٹر نامہ والوں کے قبضے میں دے دیجئی۔ گویا ایک طرح اہالیٔ ڈاکٹر نامہ انتظامی معاملات اور گورنمنٹ و رعایا کے باہمی تعلقات میں منصف بنا دیے گئے۔ اخبار ان دقتوں کو دیکھتے ہوئے خاموش نہ رہینگے تو کیا کریں گے ادھر گورنمنٹ اور اس کے ناتجربہ کار۔ ناواقف حکام کی ناجائز کارروائیاں دیکھیں۔ ادھر رعایا کے غیر تعلیم یافتہ ضعیف الاعتقاد فرقے کی غلط فہمیاں معائنہ کریں اور کچھ نہ بولیں۔ تنگ و دیم دم نہ کشیدم ؎

بات پڑواں نیان رکتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

کانشکے دیسی پریس کی خاموشی ہی سے یہ شکائتیں پیدا نہ ہونے پائیں اور اگر پیدا بھی ہوئیں تو فوراً رفع ہو جاتیں لیکن افسوس تو اسی امر کا ہے کہ اس کی خاموشی یا عدم موجودگی ایسی شکائتوں یا ناراضیوں کا ذرہ بھی انسداد و دفعداد نہیں کر سکتی بلکہ الٹا انہیں زیادہ پختہ و مستحکم ہو جانے کا موقع دیتی ہے۔ جو کہ گورنمنٹ اور کیا رعایا دونوں کے لئے مضرت رساں ثابت ہونے والا ہے بقول اخبار امرتسر کا۔ اگر گورنمنٹ دیسی پریس کے موجودہ طرز عمل کو سیڈیشس و مفسدہ انگیز قرار دے کر بند کر دیگی تو رعایا کی شکائتیں معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ اپنے پاس نہ رکھیگی۔ تو گو بظاہر ایک اوپری دیکھنے والے کو رعایا خوشحال نظر آئیگی مگر در اصل اندر ہی اندر وہ تکایا پک پک کر اس میں ایک سخت غلط فہمی۔ بدگمانی اور ایک زہریلا مادہ پیدا کر دینگی جو حالت موجودہ سے بہت زیادہ خطرناک ہوگا۔ اطبا نے تذبذب یہ امر مسلمہ ہے کہ کسی ناسور سے تھوڑا تھوڑا سوا دخارج ہوتا رہنا مریض کی صحت کے لئے مفید پڑتا ہے۔ برخلاف اس کے اگر اخراج مواد بند ہو جائے اور ناسور اچھا نہ ہوا ہو تو وہ اندر ہی اندر اپنی بمیت تمام خون میں پھیلا دیگا۔ اس لئے صحت احتیاط کرنی چاہیے کہ جتنا مواد پیدا ہو وہی چھیڑ کر نکال دیا جایا کرے۔ دیسی پریس کی آزادی سلب کرتے وقت یہ باتیں غور طلب تھیں اور گورنمنٹ کے مشیروں نے

اپنی ضرور غور کی ہوگی اور شاید اس غور کرنے ہی کے بعد لارڈ ایلجن کی گورنمنٹ نے یہ رائے دی تھی کہ دفعہ اپنی موجودہ صورت (یعنی قبل از ترمیم) میں بہت کافی ہے لیکن صاحب وزیر ہند نے جدید ترمیم ایک ضمنی کے طور پر پاس کرائی اور ۲۸ کروڑ رعایا کے ہندکر فیلنگ اور بڑے بڑے اینگلو انڈین افسران حتیٰ کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی بھی پروا نہ کی گئی ؎

بیچارہ غریب و خستہ راغوں بسختن فرمودہ است
خلقے بمنت گیطرف آں شوخ تنہا یکطرف

اب دیسی پریس کیا اور اس کی حقیقت کیا؟ ڈرپوک سہی کبھی کچھ کام ہوا بھی ہے جو اس سے ہوگا۔ یہ انڈین پریس کی آزادی نہیں سلب ہوئی بلکہ تمام ملک سے بیباکانہ اپنی شکائتیں پیش کرنے۔ حقوق مانگنے۔ اور ناراضیاں یا غلط فہمیاں دور کرانے کے اختیارات لے لئے گئے۔ ہاں اینگلو انڈین اخبارات مزے میں ہیں خیر دار معقول اور خوش معاملہ۔ گورنمنٹ حامی و مددگار پھر اور کیا چاہیے۔ نہ وہ حکام کی کارروائیوں پر زیادہ نکتہ چینیاں کریں نہ انہیں جدید قانون مفسدہ انگیزی کا کچھ اندیشہ ہو سکے۔ برسوں سے وہ ورنیکلر اخبارات کی آزادی چھنوانے کے فکر میں تھے۔ پچھلے دنوں ملک کی بدمستی سے چند افسوسناک واقعات پیش آ گئے۔ اگرچہ ان سے اخباروں کا ذرا بھی تعلق نہیں تھا۔ مگر ؎

خوئے بد را بہانہ بسیار

جھٹ ورنیکلر پریس کو اس میں سان لیا۔ اس کے مضامین کا انگریزی ترجمہ شائع کرنا شروع کیا اور گورنمنٹ کو کئی کئی طرح دیسی پریس کے خلاف بھڑکایا یہاں تک کہ موجودہ قانون پاس کرا دیا جس سے گو کنل پریس کی آزادی مسلوب ہو گئی۔ لیکن در اصل اینگلو انڈین پریس پر بد گمانی ہو ہی نہیں سکتی۔ اس لئے صرف دیسی پریس کو زبان روکنی پڑیگی۔ زبان روکنا بہت اچھی بات ہے لیکن ضرورت کے وقت بولنا ہی کارآمد ہے ؎

سید میموریل فنڈ کی متعلق لاہور میں جلسہ

دنیا کی ہر چیز آنی جانی ہے۔ کسی حالت کو قیام و قرار نہیں۔ اب سے ہفتہ بھر پہلے اہالیٔ لاہور سر سید میموریل فنڈ کے متعلق ڈیپوٹیشن کی تشریف آوری کا انتظار کر رہے تھے اور اس کے استقبال۔ مہمانداری خاطر تواضع اور جلسے کی تیاریوں میں سرگرم کوشش تھے۔ ۲۴ کو ڈیپوٹیشن مذکور آیا۔ ۲۵ و ۲۶ کو اجلاس ہوئے اور کل تمام واجب الاحترام اراکین مع اخیر تشریف لے گئے۔ جلسہ اور اس کی دھوم دھامی کارروائیوں کا خاتمہ ہوا۔ اب نہ انتظار باقی ہے نہ اضطرار۔ اگر کچھ باقی ہے تو ان تقریروں اور لکچروں کا اثر جو جلسہ مذکور میں دیئے

گئے۔ یا ان چندوں کی ادائگی اور وصولیابی کا خیال لکھے اور لکھوائے گئے۔ ٹاؤن ہال کا وہ متصلہ میدان جو ہفتہ اور اتوار کو انبوہ خلائق سے کسی میلہ یا سرکاری تھا۔ اب سنسان پڑا ہے۔ وہ دھوم دھام اور شور سب ہوا ہو گیا۔ ایسے ضروری اور مفید قومی کام میں افسوس تو کیسے ہوگا۔ ہاں وہ لوگ مبتلائے ناست ہیں و عجب نہیں جن کو بوجوہ چندہ دینے پر چندہ اپنی فیاضی کا موقع نہ مل سکا۔ میں ان لوگوں سے استدعا کرونگا کہ ڈیپوٹیشن اس وقت لاہور میں موجود نہیں ہے گو طرح کہ ایک عطر کی شیشی میں عطر نکال لئے جانے کے بھی عرصے تک خوشبو باقی رہتی ہے اس کی تاثیر کے دلوں سے زائل نہیں ہوئی۔ اور نہ ابھی عرصے تک زائل ہوگی۔ وہ اگر کچھ دینا چاہیں تو پیش فرما دیں جیسا کہ عالیجناب نواب محسن الملک بہادر نے اپنی دلپذیر میں فرمایا تھا کہ گو سر سید مر گئے مگر ان کا کام زندہ ہے مگر تم کو سید کے جسم سے محبت تھی تو وہ مر گیا فنا ہو گیا مگر اس سے محبت کرنی بیکار تھی۔ اگر اس کام سے محبت تھی تو وہ زندہ ہے اور رہیگا اور اس کے ساتھ بدستور سابق اظہار محبت کر سکتے ہو۔ میں بھی امید ہوں کہ گو ڈیپوٹیشن چلا گیا۔ مگر اس کا مقصد موجود ہے اگر جس کو صرف ممبران ڈیپوٹیشن کی خاطر منظور ہی تھی بیشک تشریف نہیں رکھتے۔ اگر ان کے یہاں تشریف فرمانے کی غرض عزیز تھی تو اس غرض کو اب بھی پورا کیا جا سکتا ہے۔ افسوس کر اراکین ڈیپوٹیشن تو در کنار لاہور والوں کو اپنے ہاں سے جتنے جلسے کی امید تھی پوری نہیں ہوئی۔ جیسا کہ میں پہلے کئی بار لکھ چکا ہوں سید کا اثر پنجاب سے زیادہ کسی صوبے پر نہیں ہے لاہور نے پنجاب کا دار الخلافہ ہونے کی وجہ سے اس صوبہ سے زیادہ محسوس کیا ہے یہاں سے اگر ہزار روپیہ اس قومی کام کے لئے وصول ہو جاتے تعجب انگیز امر نہیں تھا۔ ہاں اب تعجب ہے کہ لوگوں خلاف امید کیوں اپنا دست سخاوت دراز نہیں کیا مذکور کے حامیوں کو بدل اور یاس نہ ہونا چاہئے یہ صرف موعودہ چندہ تمام و کمال وصول ہو گا بلکہ اس مقدار ترقی کریگی۔ چند فیاض ابھی باقی ہیں بہت کچھ فلاح کی توقع تھی۔ اور گو اس وقت فنڈ کن باعث سے انہوں نے سہل انگاری ہوئی یہ لاپرواہی عارضی ہے اس معاملے میں ضرور فیاضی سے کام لینگے۔ پس و پیش کا فرق البتہ یہ کیوں نہ سمجھ لیا جائے کہ دیر آید درست آید اگر چندہ اگرچہ توقع سے کسی قدر کم ہوا اور حاضرین کے لحاظ سے پورا کامیاب کہا جائیگا خاص رپورٹر نے جو جامع رپورٹ تیار کی ہے اس میں حاضرین کے اسمائے گرامی لکھے ہیں وہ بھی درج کئے گئے ہیں۔ لاہور کے علاوہ

پیسہ اخبار

یومیہ یوم شنبہ۔ جولائی سنہ ۹۸ء

دیسی پریس اور اُس کی آزادی کا خاتمہ

آمد نسیم مل سکتی ہے وہ زمانیاں
تو دامنے گل پکاریں چلا کر کہ ٹک ٹھہر

ایک فلاسفر کا مقولہ ہے کہ "ہر شخص کو اپنی زندگی میں مسرت و الم کا ایک ایک موقع ایسا پیش آتا ہے جو مدت العمر فراموش نہیں کر سکتا"۔ مسرت تو ایک ہم چیز ہے۔ دیسی پریس اور بالواسطہ تمام ملک کے لیے جس کا سنگ اُس وقت پیش آیا جبکہ ہندوستانی پریس کو آزادی جو اُس کی مایۂ افتخار و سرمایۂ امتیاز تھی۔ وہ آزادی جس کے لیے یہ پرنٹس گورنمنٹ کے عہد معدلت کا دل و جان مشکور تھا اور جو آزادی جس کے بل پر پایۂ گورنمنٹ اور گورنمنٹ کا وفادار قرار دیتا تھا وہ آزادی جس کی موجودگی میں اسے حق بات کہنے کے لیے بڑے سے بڑے حاکم کا خوف بھی ماننے کی ضرورت نہیں وہ آزادی جو اس کی تیغ زبان کا جوہر یا عصائے پیری ہے۔ وہ آزادی جس نے باوجود اُن مشکلات کے جو پریس کو روپے اور امداد کے معاملے میں ہمیشہ پیش آتی تھیں اُس کی ہمت بندھائے رکھی۔ وہ آزادی جو ہمارے سے اُس کو اپنی حالت میں ترقی دینے کا حوصلہ پیدا ہوا اور آخر میں وہ آزادی جس نے اُس کو مفتری و دشنام دہی۔ کلمۂ حرام اور زمانہ ساز بن جانے سے بچا کر اپنے فرائض یا مذہب انسانیت سے خارج نہ ہونے دیا۔

یہ وہ آزادی ہے جو صدر راز کے بعد اُس سے چھینی گئی ہے۔ ہماری کاوش ابھی اُس کو اس آزادی کا نمازی نہ چکھایا جاتا ہے اُس کی ماتم داری نہ کرنی پڑتی مگر امت ہے یا نہیں ہر شخص کو سالہا سال ایک چھوٹے پھلے گلشن میں سیر کا موقع دیں اور جب وہاں کی آب و ہوا۔ رنگ و نکہت و نضا اُس کے دل و دماغ میں اچھی طرح سرایت کر جائے تو وہاں سے نکال کر ایک بیابان خار زار میں چھوڑ دیں اور ایک شخص کو مدتوں تک وہ وقتہ الطیمہ لذیذ و فرحت افزا کھانے۔ بہترین شراب و گلاب پلائیں اور پھر اُن کے بغیر گزارہ نہ کر سکے تو نان خشک و آب گرم کا کھانا کھلا دیں۔ ایک شخص کو مرصع دراز نرم بچھونوں پر لٹائیں اور جب وہ اُس کا عادی ہو چکے تو کھری چارپائی پر لیٹنے کو کہیں۔ ہماری پریس آزادی کے برسوں مزے لے چکا اُس کے چھینے جانے پر وہ کس لیے مغموم ہوگا؟

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں

کئی مہینے سے مفسدہ انگیزی کا نیا قانون نفاذ پذیر ہے یا دوسرے الفاظ میں یوں کہنا چاہیے کہ دیسی پریس کے قلم پر ممانعت کا ہاتھ رکھا گیا ہے۔ مجال کیا ہے کہ وہ ذرا جنبش کر سکے یا قلم کو ایسی ویسی حرکت دے۔ اُن لوگوں کو اُس پر مقدمہ چلانے کا اختیار مل گیا ہے جن کی کارروائیوں پر اُسے ہمیشہ نکتہ چینی کرنی پڑی تھی۔ کیا وہ اب بھی پہلے کی طرح علی رؤس الاشہاد و بیلاگ فوائد کا اظہار کر سکیگا۔ یا بے باکی سے رعایا کے نقصانات کو روشنی میں لائیگا۔ کیا اب بھی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اپنی بیجا کارروائیوں میں اُسکا ڈر مانیں گے یا کم اُس کو اعلیٰ آتھوریٹی کی طرف سے نگران کار سمجھیں گے۔ کیا اب بھی پبلک اُسے اپنی شکایات سرکار سے عرض کرنے کا آلہ قرار دیگی۔ اپنا پورا ہمدرد و دلسوز سمجھیگی۔ ہرگز نہیں ع

ایں خیالست و محالست و جنوں

وہ دن اب لد گئے۔ اب آزادی کے ساتھ تمام قوت تحریر۔ زور قلم۔ پبلک اوپنین کا لحاظ اور مصیبت رعایا کی ہمدردی کافور ہو گئی۔ وہ کھونٹا ہی نہیں رہا۔ جس کے بل پر بچھڑا کودتا تھا۔

دل ہی نہ رہا امید کیسی — جو ٹکٹ گئی نخل آرزو کی

ہائے دیسی پریس اور اُس کی آزادی "قد ما فیت کسے داند کہ بمصیبتے گرفتار آمد"۔ اب ملک کو معلوم ہوگا کہ اخبار اُس کی کیسی عمیق منفعت انجام دیتے تھے۔ اور کس طرح اُس کو مفاسد و مضار سے محفوظ رکھتے تھے۔ گورنمنٹ بھی دریافت کریگی کہ دیسی پریس سے اُس کو کتنی مدد ملتی تھی اور خیالات رعایا کے اظہار میں وہ کیسا کارآمد تھا۔ لارڈ ولیم بنٹنگ بہادر سابق گورنر جنرل ہندوستان نے اب سے بیالیس برس پہلے ایک ڈیپوٹیشن کو یقین دلایا تھا کہ:۔

"انہوں نے ملک کی اصلی حالات کے متعلق ہندوستانی پریس سے جتنی واقفیت بہم پہنچائی ہے وہ اُن تمام کونسلوں بورڈوں اور سکرٹریوں سے بھی میسر نہیں آئی جو ہر وقت انہیں گھیرے رہتے ہیں"۔

وہ زمانہ دیسی پریس کی طفولیت کا تھا۔ جبکہ ہندوستانی پریس کے فرائض و مقاصد کی اُن کو اتنی قیمت سے بھی اچھی طرح آگاہ نہ ہوئے تھے۔ اخبار نویسی کا انشاء پردازی اور عبارت آرائی پر انحصار تھا۔ اور اسی کی ٹھمگی یا پرائی سے مضمون نگار کی لیاقت و قابلیت کا اندازہ ہوتا تھا بلکی معاملات پر کم لکھا جاتا ہے خامہ فرسائی کیجاتی تھی۔ خبروں کی جمع رسانی کا کوئی معقول ذریعہ موجود نہیں تھا۔ اُس وقت میں انڈین پریس نے واقفیت معاملات کے لیے "تمام کونسلوں بورڈوں اور سکرٹریوں سے زیادہ" مدد دی۔ تو اب جبکہ اخباروں نے ترقی کے متعدد زینے طے کر لیے ہیں۔ اپنے فرائض و مقاصد کی اُن میں بہت کچھ سمجھ آگئی ہے۔ ملک اور اہل ملک کا درد اُن کو پیدا ہو گیا ہے۔ اور اپنی عزت و ذلت کے سوال انہیں محسوس ہونے لگے ہیں۔ وہ کیا کچھ نہ کر دکھلاتے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ انہوں نے کیا کچھ نہیں کر دکھایا۔ بہت سے انگریز حکام اُن کی تعریف میں رطب اللسان رہے ہیں۔ اور ہیں۔ صوبہ و فیصر کاری کونسلوں بلکہ پارلیمنٹ تک میں اُن کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔ جو فوائد رعایا اور گورنمنٹ کو انہوں نے پہنچائے ہیں۔ اُن کی سینکڑوں عملی مثالیں موجود ہیں۔ پبلک اوپنین اور اُس کا قانون جو دراصل اُن کی آزادی چھیننے کا باعث ہوا۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو اُن کی قیمتی خدمات کا زبردست ثبوت ہے۔ اخبارات بطور قائمقام رعایا ابتدا سے یہی کہتے آئے کہ مجوزہ قواعد طاعون خواہ کیسے ہی مفید ہوں مگر انڈین پبلک کی رسم و رواج کے خلاف ہیں اس لئے عوام اس سے بھڑک اٹھیں گے۔ یہ قواعد ہندوستان جیسے ملک میں جہاں کی رعایا کے ۹۰ فی صدی میں خطرناک فساد فسادیاں پیدا ہونے کا احتمال ہے۔ گورنمنٹ بمبئی نے اس وقت ان کی شنوائی مناسب نہ سمجھی۔ ان کی عرضداشت پر کان نہ دھرا بلکہ الٹا انہیں رعایا کو اشتعال دینے والا قرار دیا۔ لیکن "آخر سچائی کی فتح ہوئی"۔ اور گورنمنٹ کو اپنی سابقہ طرز عمل کی تبدیلی سے ان کی راست بیانی کا اقرار کرنا پڑا۔ اس نے گو بالواسطہ تسلیم کیا کہ اخبار جو کہتے تھے وہ غلط نہیں تھا۔ لیکن ولے ملت کہ باوجود اس اعتراف و اقرار کے اخباروں کو عالم بے قراری میں جس آزادی سے محروم کر دیا گیا تھا۔ وہ واپس نہ ملی۔ کیا اس نے سمجھ لیا ہے کہ آئندہ رعایا کو اشتعال حقوق یا رفع شکایات کی ضرورت ہی نہ پڑیگی۔ صریح واقعات سے چشم پوشی کرنا ہے۔ جب تک کہ طریق نظم و نسق اور حکام انگریزی کے برتاؤ میں مناسب تبدیلی نہ کی جائیگی اور رعایا کو اُس کے ملک کی حکومت میں ضروری حصہ نہ دیا جائیگا یہ ضرورت مٹ ہی نہیں سکتی۔ اینگلو انڈین اخبارات تک یہ امر تسلیم کر چکے ہیں کہ حکام یورپین نے خود کو رعایا کے حالات سے بخوبی واقف نہیں کیا۔ حاکم و محکوم کے درمیان اس ملک میں ایک گہری اجنبیت ہے اور جب تک یہ بخوبی دور نہ ہو جائے ناممکن ہے کہ پبلک کو شکایات یا ناراضی کا موقع پیش نہ آئے۔ شکایتیں پیدا ہونگی اور آئے دن پیدا ہونگی۔ یورپین حکام بدنیتی سے نہیں بلکہ بوجہ ناواقفیت رعایا کو ناراضی کے موقع دینگے۔ رعایا براہ سرکشی نہیں بلکہ بجا مشورہ بدگمانی حکام کی وجوہ کارروائیوں کے اظہار شکایت کریگی۔ اب تک اس کا انسداد نیٹو پریس نے اپنا فرض قرار دے رکھا تھا۔ جہاں رعایا کو کسی قسم کی وجہ شکایت گورنمنٹ یا اُس کے عمال سے پیدا ہوئی اور اُس نے فوراً اُس کا رفع کیا۔ اُس کی ناراضی ابطرز شائستہ گورنمنٹ کے روبرو

حفظِ صحت

استفسار

۴۳۔ افیون چھڑانے کا نسخہ اگر کوئی صاحب جانتے ہوں تو ضرور مرحمت فرماویں۔ تا کہ بلا تکلیف کے یہ موذی عادت چھوٹ جاوے تو ثواب ہو جاویں بلند حوصلہ رحم سمجھیئے۔ (رحیم بخش پیسہ اخبار مئی ۱۸۷۵ء)

۴۴۔ آنکھ کی سرخی۔ میرے ۱۲ سالہ بچہ کی آنکھ سے خراب رہتی ہے۔ گرمی یا زیادہ سردی سے سرخ ہو جاتی ہے۔ آنکھ میں خارش ہوتی ہے۔ بہت کچھ علاج کیا کچھ دنوں کے لئے فائدہ ہو جاتا ہے۔ جہاں دماغی محنت کی کتب بینی وغیرہ سے فوراً سرخ ہو جاتی ہیں آنکھ سے پانی بہتا ہے۔ تمام رگیں سرخ رہتی ہیں ساگر کوئی حضرت کوئی مجرب نسخہ بتا دیں۔ یا کسی بینا اور مجرب دوا کا پتہ دیں۔ شکر گزار ہونگا (حقی از ریوان)

۴۵۔ خشک کھانسی۔ میری لڑکی جو عمر بہار سال ہے مرض دمہ سے خشک کھانسی سے مبتلا ہے۔ کھانسی رات کو زور کر جاتی ہے۔ چھاتی بسبب شدت کھانسی کے درد کرتی ہے۔ دوم بھی بسبب کھانسی کے زیادہ ہے۔ یہاں تک کہ بات بھی مشکل سے بامشکل کرتی ہے۔ براہ مہربانی جو نسخہ یا علاج اس کے متعلق ہو مرحمت فرماویں گا (رگھوبان چندر بدانی سوداگر بازار گھوڑی)

علاج

۴۶۔ ہیضہ و قے دست کا علاج۔ ہینگ۔ کافور۔ ہینگ ہمسہ کا دن بھر پانی میں گھول کر ان سب کے برابر سے کچھ زائد ڈال کر خوب گھوٹیئے۔ پھر اوپر مذکور ہوئی سی قدر سونٹھ ڈال کر دوبارہ خوب گھوٹیئے۔ اسی طرح بار بار شوق سے گھوٹیئے۔ اس عرق کو بوتلوں میں نگاہ رکھو۔ خواہ کیسا ہی سخت کالرا یعنی ہیضہ ہو کیا ہو صرف ۱۰ شوق تک دن میں ۳ دفعہ عرق سونف یا تازہ پانی میں ملا کر پلاؤ۔ فوراً ہی آرام ہو جائیگا۔ پاس دور ہو گی ہیضہ کھل کر آویگا۔ اگر اس نسخہ سے بھی خلاصی نہ ہو تو اور بجائے اس کے چراتہ شامل کر کے یہ دوائی پلائیے سو پلائے تپ دق کو شربت بنفشہ کے ہمراہ دینے سے کامل دو تین روز میں دور کر دیتی ہے۔ خوراک دو دو ہضم اور پتلی واجب ہے۔ ایام ہیضہ اور ملیریا میں بقدر ۴ بوند مصری پر ڈال کر کھانا ہر ایک آدمی کے واسطے اکسیر اعظم ہے۔ (فتح چند حکیم اورت سر)

۴۷۔ کثرت پیشاب۔ گلنار ۱ ماشہ۔ مازو سبز ۱ ماشہ۔ مائیں ۱ ماشہ۔ بذر البنج ۳ ماشہ کشنیز ۳ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۱ ماشہ۔ سعد کوفی ۱ ماشہ مرجان سوختہ ۵ ماشہ مرجان کو گودہ کشنار گنڈل میں رکھ کر سوختہ کر لیں) خوراک ۵ ماشہ صبح و شام (زمرد احمد بلگرامی آرام دہ گار حکیم شاہ محمد طوت صوفی)

۴۸۔ شقاق الشعر بجواب استفسار ۴۲)۔ آملہ خشک کو تر کر کے اس سے بالوں کو دھونے سے علاوہ بالوں کے سیاہ ہونے کے بال بھی بہت ہو جائینگے اور دماغ سر شفا پا جاویں (۱۱)

گمنام و نشان انگیز

۴۰۔ ایک شخص سمی راجھا جیسے یعنی ماشکی سکنہ قصبہ ہریانہ ضلع ہوشیار پور۔ جوان عمر قریباً ۳۴ سال سرخ سفید اور سوکھے سر تراشیدہ۔ درازقد۔ گندمی رنگ۔ عصہ ۱۰ ماہ کا ہوا کہ بندش روزگار گھر سے نکلا۔ قریباً ۲ سال سبی اور بولان لائن پر ورکر گانج کی ملازمت میں مزدوری کرتا رہا۔ سبی غلام نبی سب اوورسیر بولان لائن کے پاس بھی کچھ عرصہ رہا اب قریباً عرصہ ۲ سال سے اس کی کوئی خبر نہیں۔ اس کی عورت اور دو چھوٹے بچے سخت تکلیف میں ہیں۔ اگر آپ کے ناظرین سے کوئی صاحب اس کا پتہ بتلا دیں تو بہت ثواب ہوگا۔ (م ع ۱۱۶۲ از بلوچستان)

۴۱۔ مکترین کاغز سید علی احمد ولد نثار علی کن ٹین پرگنہ کرنپور ضلع بجنور ۵ اجلاس کو میرے پاس سے گم ہو گیا ہے۔ علاقہ ہوا پر چودھری دھرم سنگھ کے یہاں ملازم کرایا تھا۔ میانہ قد۔ عمر ۲۰ سال۔ گندمی رنگ (مبارک حسین ۱۱۴۲۲)

عام

سوال

۴۸۔ ڈاڑھی پیدا کرنا۔ میرے ایک دلی دوست جن کی عمر ۲۲ برس کی ہے مگر شکیل اور وجیہ آدمی ہیں کہ ڈاڑھی نہیں نکلی۔ ڈاڑھی کے بال صرف ٹھوڑی پر ہیں۔ ناظرین پیسہ اخبار سے جو صاحب مجرب نسخہ بال پیدا کرنیکا جانتے ہوں (مع پتہ پیسہ اخبار فرماویں (خ۔ مارچ ۱۹۰۲ء از چیچہ)

۴۹۔ چمڑا سینے کی دستی مشین کس قیمت پر اور کہاں سے دستیاب ہو سکتی ہے؟ اور کونسے میکر کی مشین عمدہ اور مضبوط ہوتی ہے؟ (عبدالکریم)

جواب

۴۹۔ ریاستوں کے حالات (بجواب سوال ۵۳) کتاب ریاض الامرا اردو میں نہایت کار آمد ہے۔ اس میں والیان ریاست متعلقہ گورنمنٹ آف انڈیا اور نوابوں رئیسوں کا تذکرہ نہایت وضاحت کے ساتھ بقید ریاست۔ آمدنی۔ تعداد افواج۔ سلامی توپ۔ تعداد فوج۔ حالات بیدار حکومت غرضیکہ ہر ایک تاریخی واقعات سے بحث کی گئی اور مطبع نولکشور پریس لکھنؤ میں طبع ہوئی ہے۔ (حکیم خان بہادر خاں صاحب ریوان کے تاریخی حالات۔ بقید مردم شماری۔ حکومت۔ تعداد افواج۔ اور ماتحت امرا اور خاندانوں کا تذکرہ ہے۔ نہایت جامع کتاب ان دونوں کتابوں کے مصنف خان بہادر مولوی حکیم رحمان علیخاں سیکرٹری کونسل ہائے حفی۔ از ریوان)

۵۰۔ چیونٹیوں کا وفعیہ بجواب سوال ۴۶۔ شب کو چاروں پایوں کے نیچے چار کونڈے پانی سے بھر کر لگا دیں۔ چیونٹیاں پانی ہی میں رہینگی۔ اور اگر اس پانی میں ذرا سا فینل ڈال دیں تو وہ بہت ہی اچھا ہوگا فینل کی شیشی ہر سوداگر کی دوکان پر ۶ ر ۱ مر کو ملتی ہے جو ایک مدت کر کافی ہوگی۔ (بلند خاں سردار ۱۱۳۳۶)

شعر و سخن

جنت الفردوس

ترجمہ دی پیرلیڈائز مصنفہ مسٹر ملٹن

(از محمد عبدالستار صاحب صدیقی سنبھلوی مخلص نشق)

"ذکر جنت کا سنا ہے ترے منہ سے اکثر"

واں سے بچوں کو تو کہتا ہے کہ وہ خوشتر

پیارا ماں! وہ فرح بخش زمیں ہے کہ جہاں

ڈھونڈھ کر اس کو ذرا ہم دور کریں غم اپنا

کیا وہ واں ہے گل نارنج جہاں سے کھلتا

یا جہاں مہندی کی شاخوں پہ ہے جاذب تر

"وہ نہیں واں وہ نہیں واں مرے پیارے بچے"

کیا وہ واں ہے جہاں سے کھلتا

یا جھلکتی ہوئی بحروں کے جزیروں کے میں

اور مرجان نواسنج و نوا اور خوش رنگ

اپنے پر رکھتے ہیں رنگین مثال

"وہ نہیں واں وہ نہیں واں مرے پیارے بچے"

کیا کسی خطہ دریں میں ہے واقع وہ زمیں

لعل و یاقوت سے چمکائے شعاعیں روشن

اور کرتا ہے جہاں کان کو ہیرا روشن

موتی مرجان کے جزیروں سے چنے ہیں جہاں

کیا وہاں ہے میری ماں اور وہ رنگین شاداں

"وہ نہیں واں وہ نہیں واں مرے پیارے بچے"

آنکھ نے ہے نہ تو دیکھا ہے پیارے بچے

کان نے ہیں نہ سنے اس کے خوشی کے نغمے

خواب بھلانا سکے ایسا خط عیش جہاں

موت اور غم کی نہ ہیں زہر فشاں آنکھیں

ساعت و سال کا جھگڑا نہیں وقت وہ یارا

آسماں سے کہیں اونچا اور دہن کو کرے

"وہ وہاں ہے وہ وہاں ہے مرے پیارے بچے"

کنجر پاشا کے حالات

اخبار سٹینڈرڈ نے اس بیان کی تصحیح کی ہے جو اخبار نگار نے سردار کنجر پاشا کی بابت لکھا تھا کہ سردار موصوف کی عمر ستاون (۵۷) برس کی ہے۔ سٹینڈرڈ لکھتا ہے کہ میجر جنرل ہیرٹ کنجر پاشا ابھی ستاون (۵۷) برس کے عمر کو نہیں پہنچے کیونکہ ۱۸۵۱ء میں پیدا ہوئے تھے اور کو فوج میں لفٹنٹ مقرر ہوئے۔ اور اخیر میں انگریزی کے میجر تھے۔ سنہ ۱۸۷۰ء میں آپ فرانس کو گئے اور جرمن اور فرانس کی مشہور زمانہ جنگ کے واقعات بچشم خود دیکھے ہیں۔

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۲۷ | یوم شنبہ - ۹ جولائی ۱۸۹۸ء موافق ۹ صفر ۱۳۱۶ ہجری مطابق ۲۷ - اساڑھ سمت ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۱۲

وقفیت معاملہ کیلئے شمار اور اعداد

سیاحان یورپ :- ۱۸۹۶ء میں سلطنت برطانیہ سے ۲۱۳۴۵۰ آدمی ممالک غیر کو گئے - جن کی تعداد ۱۸۹۵ء میں ۲۸۵۰۲ تھی ۔

تعداد اخبارات :- اس وقت لنڈن میں ۴۷۰ اخبار چھپتے ہیں - ویلز و سمار انگلستان میں ۴۰۸ - اسکاٹلینڈ میں ۲۳۶ - آئرلینڈ میں ۱۷۹ - ہندوستان میں ۲۲۰ رسالوں کی تعداد ۲۱۲۵ ہے جن میں سے ۴۹ بلاشبہ مذہبی ہیں ۔

پیداوار معادن :- ۱۸۹۶ء میں کوئلہ کی پیداوار کان کی نسبت ۴۶۶۳۴۱۱ پونڈ کی تھی جس میں ۱۸۹۷ء کی نسبت ۱۲۵۰۴۳ پونڈ کا اضافہ ہے - پیداوار طلا میں ۱۵۰۵ پونڈ کا اور تانبے میں ۳۶۹۰ پونڈ کا اضافہ ہوا ۔ اجماعات کے کان کنوں کی تعداد ۴۰۸۵۵ تھی جو سال ۱۸۹۵ء میں ۳۹۹۳۸ تھی ۔

برطانیہ بطور ایشیائی سلطنت کے :- انگلستان کی ایشیائی سلطنت اور اس کے تعلقات ..... ۲۵۰۰۰۰۰ میل لمبی ہیں - اس کی حکومت کے تابع ..... ۲۷۰۰۰۰۰ مربع میل ہیں جو ۲۰ زبانیں بولتی ہیں - اس کی یورپین ملٹری طاقت ایشیا میں ..... ۷۵۰۰۰ ہے - جس کے ..... ۱۵۰۰۰ دیسی جوان مددگار ہیں - حالانکہ اس کی بحری فوج کسی دیگر سلطنت سے بجز جاپان کے زیادہ تر مضبوط ہے اس کی ..... ۲۱۰۰ میل ریلوے اور ..... ۴۷۰۰ میل سلسلہ تار ایشیا میں اور ۲۰ ہزار میل بحری سلسلہ تار ہے اس نے اپنے ملک میں سرکاری قرضوں یا ریلوں پر ..... ۲۵۰۰۰۰۰ پونڈ سے زیادہ رقم لگائی ہے - علاوہ اس کے لکھوکھا روپیہ زراعتی کاشتکاری اور محنتی کاموں پر لگایا گیا ہے - ان ممالک کے ساتھ سالانہ فاریہ تجارت ..... ۱۶۰۰۰۰۰ پونڈ سے زیادہ ہے جس کا نصف انگلستان کے ساتھ ہے یورپ کے دیگر ایشیائی ممالک کی تجارت ..... ۶۰۰۰۰۰۰ پونڈ سے زیادہ ہے جس کا بڑا حصہ انگریزی ممالک کے ساتھ ہے مشرق ایشیا اور آسٹریلیا کی آبادیوں کے مابین تجارت کا اندازہ ہے اور ابھی اس نے بہت کچھ ترقی کرنی ہے ۔ کاشت تمباکو :- دنیا میں ..... ۱۲۵۰۰۰۰ ایکڑ سے زیادہ زمین پر کاشت تمباکو ہے ۔

نمکین مطبخ :- دنیا میں سب سے بڑا مطبخ بدک لیان واقع ہے جہاں ہر روز ۷۰ ہزار روٹیاں تیار ہوتی ہیں ۔

مذاق

ایک سادہ لوح صاحب کے والد کا انتقال ہو گیا تو انہوں نے اپنی والدہ کو خط تعزیت لکھا - جس کا مضمون یہ تھا :- "جناب والد ماجد صاحب کے انتقال سے جو کچھ صدمہ آپ کو ہوا اس کا کون اندازہ کر سکتا ہے - لیکن سوائے صبر کے کوئی چارہ نہیں - خدا آپ کو نعم البدل عطا فرمائے" (س - از حیدرآباد) ۔

ایک صاحب نے اپنے ایک ہم محلہ صاحب سے آکر بیان کیا کہ آپ کے فرزند کے استاد کا انتقال ہو گیا - اور فلاں قبرستان میں دفن کر دیئے گئے - وہ بیچارے متحیر ہو گئے کہ اگر ایسا ہوتا تو ان کی بیوی مجھے ضرور اطلاع دیتی - اور پھر لڑکے سے کہا کہ "ذرا جا کر دیکھ تو آؤ تمہارے استاد جی کیا کر رہے ہیں" - لڑکے نے آکر کہا کہ "وہ اپنے دروازے پر ٹہل رہے ہیں" - باپ نے یہ سن کر کہا کہ "شیخ جی بھی عجب چیز ہیں - بھی آکر کہہ دیا کہ استاد جی مر گئے" - یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ استاد جی کے یہاں سے آنب آئے تو لڑکے نے باپ سے ہنس کر کہا :- "ابا جان - ہمارے استاد جی نے اقدہ میاں کے باغ کے آنب چرائے اس لئے وہاں سے مار کر نکال دیئے گئے - یہ وہی آنب ہیں - اور چونکہ راہ دور دراز تھی خوب گل گئے ہیں" (؟) ۔

مریض :- "جناب حکیم صاحب کھانسی نے بہت تنگ کر رکھا ہے" ۔

ایک ظریف (مریض سے) :- "خواش کے ساتھ پیچش بھی ہو گی؟" ۔

مریض (سادہ لوحی کے طرز میں) :- "جی ہاں" ۔

ظریف :- "آؤں بھی آتی ہو گی" ۔

مریض :- "اجی حضت کچھ پوچھئے نہ - گالدان کے گالدان بھر جاتے ہیں" ۔ (؟) ۔

ولی :- "ہاں اب میں پولیسمین سے مطلق نہیں ڈروں گا"

مسز ولیمز :- "کیوں بیٹا - یہ کس طرح ہوا؟"

ولی :- "کل رات بادرچی خانہ میں باورچن کے پاس ایک سپاہی بیٹھا تھا - اور جب میں آگے بڑھا - تو وہ کالپٹے لگا - اب میں کس طرح ڈر سکتا ہوں" ۔

راوی :- "در اصل وہ سپاہی باورچن کا آشنا تھا" ۔

عجیب عجیب باتیں

گھوڑے کی طاقت :- گھوڑا پچیس روز کھانے کے بغیر صرف پانی پر گزارہ کر سکتا ہے ۔

کیوبہ کا کوئلہ :- کیوبہ میں کوئلہ کی کانیں موجود ہیں مگر ان میں سے اب تک ایک بھی نہیں کھودی گئی - اور اس جزیرے میں جس قدر کوئلہ خرچ ہوتا ہے بذریعہ جہاز امریکہ سے لایا جاتا ہے ۔

گانے والے :- لنڈن میں دس ہزار ایسے شخص موجود ہیں جن کا شغل گانے کا ہے - ان میں سو لفت کے قریب عورتیں ہیں ۔

طاقتور مقناطیس :- سٹیل کمپنی آگینا سن پانچ پانچ ٹن کے بھاری فولادی بیم دوکان کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں منتقل کرنے کے واسطے زبردست مقناطیس استعمال کرتی ہے ۔

بائیں ہاتھ والوں کا کلب :- جنوبی کیلیفورنیا میں ایسے دو ہزار ممبروں کا ایک کلب ہے جن کا بایاں ہاتھ زیادہ تر کام دیتا ہے - اس میں صرف وہی شخص شامل ہو سکتا ہے جس کا بایاں ہاتھ زیادہ چلتا ہو ۔

۹۱ برس کی عمر میں شادی :- پچھلے دنوں رجسٹری آفس بارنٹ میں ایک ۹۱ برس کے پیر نابینا کی ایک ۷۲ برس کی دلہن کے ساتھ شادی مرج رجسٹر ہوئی ہے - دولہا باوجود اس سن کے قوی ہیکل معلوم ہوتا ہے اب اچھی طرح دیکھ نہیں سکتا - حق کہ بجائے دستخط کرنے کے اس نے رجسٹر میں نشانی کی - غنیمت ہے کہ دونوں رجسٹری آفس سے پیدل چل کر گئے ۔

دنیا میں سب سے بڑا مینار :- پیرس کا بڑا مینار دنیا میں سب سے عظیم ہے - تہ میں اس کا رقبہ ۷۶۷ فیٹ ہے - اور اس کی عمودی بلندی ۱۰۴۸ فیٹ ہے - یہ چار ایکڑ ایک روڈ اور ۲۲ پول زمین پر ہے - جس کے خرچ کا تخمینہ ایک تجربہ کار برٹش ماہر نے تین کروڑ ۵۰ لاکھ پونڈ کیا تھا ۔

پنچورریا :- یہ مشہور چینی شہر ایشیائی دنیا میں بہت ہی عظیم الشان ہے جس کی سرزمین نہایت سرسبز گھری اور چھوٹی سی صاف ہے - یہاں سالانہ چار فصل پیدا ہوتے ہیں - پانی بکثرت بہتا ہے اور قریباً ہر ملک کے ہر شہر کے لوگ اس کے ہمسطح سوداگر ہیں ہے - یہاں کے باشندے نہایت جفاکش اور محنتی ہیں - اور پنچوریا کی معدنی دولت اس کے زراعتی

ان سے بڑھ کر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے

اشتہاری طبیب

ہندوستان میں مصنوعی طبیبوں کی کبھی یہ کثرت نہ ہوتی اگر بدقسمتی سے ہندوستان کے لوگ اسقدر بے علم و ناواقف نہ ہوتے۔ یہ تو سچ ہے کہ مرض مگس کا پر و بال سن ترش ست۔ لیکن یہ مریض کا فرض ہے کہ وہ اپنی جان کو کسی معالج کے ہاتھ دینے سے پہلے اتنا تو دیکھ بھال لے کہ طب یونانی ڈاکٹری۔ ویدک یا اور کوئی طریقہ علاج اُسکے معالج نے باقاعدہ سیکھا ہے یا نہیں۔ سوائے الفاظی ٹیم ٹام کے کوئی سند بھی اسکے پاس ہے یا نہیں۔ یہ کیسا دردناک بیان و تاسف ہے کہ بیشمار ناواقف مریضیں ایسے اشتہاری چکنی چپڑی باتوں پر پھسلکر جاہل اور مصنوعی طبیبوں کے ہاتھوں اپنی عزیز جانیں گنوا بیٹھے یا اپنی حالت ناقابل اصلاح بنالی ہے لیکن اُنہوں نے اپنی غلطی کی سزا پائی۔ خود کردہ را علاجے نیست۔ میرا دعوے یہ ہے کہ بے سند طبابت کی کی سرکار سے ملی ہو اور یہ وہ مسئلہ ہے جو صرف انہیں لوگوں کو ملتی ہے جو طب یونانی و ڈاکٹری کو چار سال تک باقاعدہ میڈیکل کالج میں تحصیل کرکے امتحان میں پورے اُترے اور بھر بورڈ

ڈاکٹروں کے سامنے میں ایک مرض متعلقہ

تک رہکر سرکاری ہسپتال میں تجربہ بہم پہنچائیں

حاصل کریں ✦ مایوس مریضوں کا علاج

ٹھیکہ کے ساتھ بھی کرتے ہیں۔ مریضیں کو فرض ہے کہ ہمیں

رجوع دار ہے فارم تشخیص مرض ہم سے طلب کرکے اور اسمیں

کل حالات قلمبند کرکے ہمارے پاس بھیجدے اور پھر ٹھیک کرے

حب مسک

ناسازوں کے لئے مرادِ نا کامیوں کے لئے کامیاب کنندہ کو لیاں ہیں بیحد رفتار کو سست کنندہ کو لیاں ہیں۔ ایک روپیہ (عہ)

حب چوب چینی

خرابی خون اور عورت کے ایام سموم کی کارگر ہے۔ ہر قسم جسم۔ اور پرانے جلدی امراض۔ دیرینہ مفاصل۔ مثانہ کی کمزوری۔ پیشاب کی جلن۔ سوزش۔ درد گردہ۔ اختلاج۔ خفقان۔ ضعف اعضاء و غیرہ کو جذب کرنے کے لئے بے مثل اور بے نظیر ہے۔ ۲۰ روپیہ (عہ)

حب جبان

گرمی اور دردِ طبیعت میں پریشانی نسیان۔ اکلاسی۔ پیشاب میں بہت سفیدی ملتی ہو تو آزماؤ۔ گرمی ۲ ہفتہ قیمت (عہ)

روغن عجاز

ناسور۔ سرطان۔ بہ کنندہ کے دور کرنے کا علاج ہے۔ بعد۔ شنادیہ۔ تالو کا سنسنی۔ مردہ عضو پر سوئی کے جاری ہوں ان کا چارہ کچھ ہے تو یہ ہے۔ زخم میں جب درد و ریم کی کثرت اور کیڑا پڑنا کی جاوے سے مرتفع ہو تو لگاؤ۔ فدا سکا افر چند منٹ میں آرام ہو۔ ۲ تولہ (عہ)

حب قرنفل

اس سے ہر قسم کی سرخی کے دور کرنے کے لئے کوئی دوا ہی نہیں ۲ ہفتہ میں فائدہ ہوتا ہے (عہ)

روغن

وہ ملاہ ہے جو کہ چہرہ کے کیل مہاسے۔ چھائیاں۔ کلف۔ ناپسند یدہ سیاہی کو دور کرکے چہرہ کو خوبصورت چمکدار بنا دیتا ہے ایک چٹکی کی قیمت صرف ایک روپیہ (عہ)

روغن پیسہ عام

صحت خواہ کتنے بچوں کی ماں ہو جائے پستان نہیں ڈھلتے کرزانے فیشیلی۔ (عہ)

دوائی خارش خشک و تر

تین دن میں نئے تر ہوں یا خشک مدتوں سے جسم پاک صاف ہو جاتا ہے ان لوگوں کی آنکھوں میں سفید چھائیاں پڑ گئی ہو ان کیلئے بہت سستا جوکر آزمائش ۲ تولہ (عہ)

حب یمیتام امین

افیون و چنڈو ہلاہر جھوٹ جاتے ہیں اسکے کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی بہت سستا (عہ)

ترياق السعال

کھانسی گرفتگی سینہ پھیپھڑے کی خرابی بوجہ کثرت اخراج بلغم حلق کا بند ہو جانا زکام بگڑا ہوا ہو تو دور ہو جاتا ہے۔ بہت ایک تولہ (عہ)

حب یابیس

بار بار پیشاب آنے سے پیاس زیادہ لگتی ہے۔ دھوپ کی برداشت نہیں رہتی۔ جسم لاغر۔ قلیہ خراب ضعف اعضاء دیگر۔ پیشاب سے شکر جاتی ہو تو آزماؤ۔ کمزوری کیلئے بیشمار ہے۔ بہت ایک تولہ (عہ)

اختباس نکہت

بعض لوگ کہتا ہے کہ ہمارا آپ یا دوسرے کا بیت الخلاء میں۔ تو اس کے لئے کوئی دوا ہی نہیں ۲ ہفتہ میں فائدہ ہوتا ہے (عہ)

جریان الدم

عورتوں کی سمت پیچھے کی پانی جیسے جاری رہتے سے خراب ہو جاتی ہے۔ رنگ زرد و مشابہ نارہ۔ جسم لاغر و سوجن ہو۔ دو تولہ بن گولیوں کے کھانے سے عشرت ہو سکتی ہے۔ ۲ ہفتہ (عہ)

دوائی خارش خشک و تر

تین دن میں نئے تر ہوں یا خشک مدتوں سے جسم پاک صاف ہو جاتا ہے ان لوگوں کی آنکھوں میں سفید چھائیاں پڑ گئی ہو ان کیلئے بہت سستا جوکر آزمائش ۲ تولہ (عہ)

سرمہ

بعد انقضی مدت دو قطرے دو کے بیٹھنے سے چہرہ بارانق ذرانی گفتار کا سامنا ہو کبھی نہ ہوگا (عہ)

پاکدامن

نوجوان بیوہ کو اپنی عصمت رکھنا اور جوش جوانی مرد و زن کو کم کرنا چاہو تو اس دوا کو استعمال کرو (عہ)

زود کن

جن لوگوں کا منی پھر کر نہیں آتی بلکہ لگنے سے ہال نکل جاتے ہیں قیمت نیشیلی (عہ)

ملذذ

لگانے سے مرد خاب ہو جاتا ہے پھر صبور کی کیفیت دیکھئے (عہ)

حرز جال

وہ قوت جسے پانے سے انسانی مدت عمر اور قوت جسمانی اور قوت حافظہ اور قوت عقل بڑھ جاتی ہے اور انسان کو ہر قسم کی بیماری سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر اسکے ماننے والے کو تاہ اعتقاد نہ ہوں تو ضرور فائدہ اٹھائیں۔ قیمت ۳ روپیہ (عہ)

نعمت دنیا

بہرہ پن کان میں ڈالتے ہی فوراً صاف ہو جاتا ہے اور پھر کبھی نہیں ہوتا۔ کانوں کی بیماری دور ہو جاتی ہے ایک تولہ (عہ)

بخار کا حکمی علاج

۴ رتی کے مینے سے پسینہ آکر بخار۔ ۱۰ سو درد گردہ وغیرہ سب کا فور ۲ تولہ (عہ)

دوسری دوائی

دوسرا حکماء دوسرا ہو (عہ)

مفت

یہ اشتہار پڑھنے والے کو مفت ہے۔ ہمارے ہاں مفت کی چیز کی قدر نہیں۔ تعلیم یافتہ حضرات کے لئے ہیچ ہے لیکن نوٹ۔ اجہل کے لئے نہایت کارآمد ہے۔ آپ کی مرضی

حسنون

ہلتے دانتوں کو مضبوط کرکے بدبودار کرتا۔ گوشت خوڑ کو دور کرکے موتی کی طرح چمکدار بناتا ہے۔ مسوڑوں کا گوشت پیدا کرتا ہے اور دانتوں کے درد کو دور کرتا ہے ۲ تولہ (عہ)

حب بواسیر

خونی ہو یا بادی۔ یرقی ہو یا سادی سے اندرونی یا باہر اپنے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ ۲ ہفتہ (عہ)

حب دائمی قبض

پرتقان۔ پیٹ کا گولہ۔ نلوں کا درد گھسی اکائیاں۔ ورم جگر۔ درد سر دائمی بھر سوڈ۔ دل کا دھڑکنا۔ کمی شہوت جسم کا پھڑکنا۔ دن بھر غنودگی رہنا سر کا چکر آنا اور کرتی ہیں۔ جنکا سفر کثرت شراب خوری سے خراب ہو جاتے یا جگر بڑھ گھٹ جاتے۔ ۱۰ تولہ ہیں رعشہ ہو تو اسکا ایک بار آزماؤ ۳ درجن (عہ)

جوشاندہ

خون کی خرابی جو بوجہ آتشک یا سوزاک یا کسی وجہ سے پھوڑے پھنسیاں نکلتے ہوں۔ جسم پر جہ خارش ہوں۔ اسکے فعلیہ کے لئے بالاتفاق حکماء یونان طہران انگلستان تیر بہدف ہے گنوریزی سخت کوچہ شراب وغیرہ ہونے کے لوگوں کو ناموافق ہوا ہی ہنے باجزا مناسب اس ملک کے آئے ہوئے بنایا ہے ✦ قیمت فیسول (عہ)

حب مقوی اعضاء رئیسہ

جب جوانی کی خلط کاریوں نے مایوس کر دیا ہو تو یہ دستگیر نہ کرکے منزل مقصود تک پہنچا دیتی ہیں گرد بی دور کرکے بدن کو پیدا کرتا چاقو بنا بناتی ہیں۔ ضعف اعصاب۔ ترک سرعت۔ ضعف حفظ۔ ضعف سر کا بھاری اور خالی معلوم ہونا۔ سر کا گھومنا۔ سر کا جلنا۔ غرض ان تمام مقصدوں کو جو جانے نا نہوں پیدا کرتی ہوں انکے دفعیہ کے لئے بے مثل اور بے نظیر دوا ہے حافظہ کے بڑھانے نسیان کے دور کرنے میں تیر بہدف ہیں۔ ان کو جیب میں رکھو اور پھر امتحان میں شامل ہو کر دیکھ لو اور پھر احسان مانو۔ ۱۰ تولہ ۱۰ روپیہ

حب سبز

ہر قسم کے اور پرانے زخم خوب ہوتے علاوہ بال سیاہ کرنے کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں مقصد دماغ و اعصاب و نگاہ۔ درد سر۔ ضعف باہ۔ ضعف جگر۔ ضعف مثانہ۔ ضعف ہضم۔ ضعف قلب۔ ضعف دماغ۔ ضعف حافظہ۔ ضعف نگاہ۔ ضعف اعصاب

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی ہوئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی بشمول انفلوئنزا انڈا بیل بچوں کی کالی کھانسی کھانسی کھوکھراہٹ اور ہر قسم کی حلقی کھانسی کو بالکل رفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ کہتے ہیں کہ کھانسی ہو جانے اور پھیپھڑے کے مرض کا علاج اس سے بہتر نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوفناک بیماری ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس کے بڑھ جانے اور دق تک کی نوبت پہنچ جانے کا خطرہ ہے۔

قیمت بڑی بوتل کی ایک روپیہ۔ چھوٹی بوتل کی دو روپے۔ اور درخواست بابت قیمت و پیکنگ بابت ٹیبل بالا قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAINS COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور مجرب الاثر دوائی ہے ہوتا ہو جائیں استعمال اور اپنے کیا ہی سے یہ تمام مصیبتوں کو دور کر کے فوراً نفع کرتی ہے۔ قولنج ہیضہ پیچش زہریلا دق زہریلی قے کا ہیضہ اور آنتوں کی سب قسم کی تکالیف اس دوائی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسا خوفناک مرض کا ملک ہوتا ہے لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی یہ ثابت کر دیتی ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو ہوتا کم اذیت دیگر ہو جاتا ہے اور قولنج اور پیچش اتنی بھی کیوں بیفائدہ تکلیف دیتے ہیں فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آرام پائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔ اور درخواست بابت قیمت و پیکنگ بابت ٹیبل بالا قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی گاہ بگاہ ہر قسم کے درد کے دور کرنے کے لئے مشہور ہے۔ خواہ ہر قسم کے گٹھیا بلغمی درد ہوں اور ورم کے لئے مفید ہے۔ نیز تمام قسم کے حادثات کے لئے بھی عجیب و غریب دوائی ہے۔ استعمال سے ہو جاتے ہیں سر درد دندان درد کے لئے بھی ہے۔ پہلو اور پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب الخواص دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر لوگ ہیں جو ہر ایک لمحہ درد ہونے کے لئے تیار ہیں ہر ایک لمحہ درد ہونے کے لئے تیار ہیں چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا علاج ہے دعوی ہے کہ اس کو آزمائے تو ضرور مفید ہو گا۔ دردوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔ اور درخواست بابت قیمت و پیکنگ بابت ٹیبل بالا قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

سوال و جواب تعزیرات ضابطہ فوجداری

ایک انگریز مسلمان افسر جس کو اردو میں بات چیت اور دستخط کرنے ہیں ضابطہ فوجداری جدید یعنی ایکٹ ۱۹۸۲ء کے ردوبدل کے بعد یکم جولائی ۱۹۸۳ء سے نافذ ہو گئے سب وہ تمام سوال و جواب ہیں جس سے فوراً ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ پرانے قانون میں اور نئے قانون میں کیا فرق ہو گیا ہے جس کے پاس یہ رسالہ ہو اس کو جدید قانون کی خریداری کی ضرورت باقی نہ رہیگی۔ یہ رسالہ بہت جلد تیار ہو جائیگا اور قیمت صرف (۲) ہو گی اس کے کسی قدر کم و بیش ہو گی۔ اہلکاران پولیس و مختاران جو جدید کتاب خریدنا چاہیں ان کے لئے از بس ضروری ہے۔

المشتہر عزیز الدین احمد سپرنٹنڈنٹ ضلع بارہ بنکی

میٹریا میڈیکا

حیوانات کی دیسی ہندی سنسکرت عربی فارسی یونانی میں مکمل امریکہ اندرونی و متعلق طبابت و بیرونی متعلق جڑی بوٹی مرا کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ اور ہر ایک کی حلال کی علامات بھی ہیں ہیں آگئی ہیں۔ یہ صرف گھر گھر ہی کی بیماریوں کی تیمار داری نہیں بلکہ ہر قسم کے مفید فوجیہ ۵۰ کی تشخیص علاج اور نسخے بھی ہے۔ جن پر کیا اسر ہے دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے اس سے دیکھی گئی ہیں جس حیوانات کی اس سے پیشتر نہیں چھپیں۔ قیمتیں جس تفصیل ذیل ہیں۔

ویٹرنری سرجری طب سے علاوہ دیگر دن سے لئے جلد صفحہ ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔

اہل اسلام کو خوشخبری

[illegible] ہمارا رسالہ [illegible] ۱۹۰۸ء تک پچیس ۲۵ برس کا ہو چکے ہیں اس کے [illegible] صحیح مفید مضمون مختلف طور پر مستقل تقاریر سے لکھے گئے ہیں آج تک کسی قرآن ہمائل پر نہیں پڑھا ہے۔ یہ حال خوبی [illegible] خوبی خوش خط و صاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی۔ اگر کوئی محض مجموعی صفات میں نظیر اس [illegible] دیگا تو اس کی یہ حائل مفت نہیں جائیگی۔ علاوہ اس کے اس کی صحت میں اس قدر کوشش کی گئی ہے جو صلاحیت [illegible] قیمت مجلد چوتھی پیسے۔ بغیر جلد ۳ پیسے۔ محصول بذمہ خریدار۔ اور نیز ہم نے مدینہ شریف کی مشہور کتاب یعنی مشکوٰۃ [illegible] جس میں اسطور تحت لفظ کر کے چار جلدوں میں چھاپی ہے اس کے حاشیہ پر فوائد صحیحہ مختصراً طور پر چڑھائے ہیں [illegible] مشکوٰۃ کی کسی جلد میں یہ مشکوٰۃ خوبی و خوش خطی و صاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی قیمت فی جلد ۱۰ محصول [illegible] جس کسی کو اس کی ضرورت ہو۔ حال اور یہ مشکوٰۃ موجود ہوگی اس کو آئندہ کسی کتاب تفسیر احادیث کی ضرورت نہیں ہوگی [illegible] ہمارے رسالہ کی پیشگی بھیجنے والے کے نام صیغہ داری میں نام کا حائل شریعت پہنچا دیا کرتے ہیں [illegible] ہمارا رسالہ [illegible] ہوگا اس لئے عذر رکھا جاتا ہے کہ بسبب [illegible] ہوئے [illegible] موجود ہے ایک صیغہ [illegible] ہر مطبع [illegible] ہمارے [illegible] عبد الغفور عبد الاول فرخ [illegible] ہمارا [illegible] استمبار [illegible]

کپڑے کے سوداگر

[illegible] اینڈ سنز بزاز [illegible] لاہور



کلینٹس ٹانک

[illegible] کی عمدہ دوائی۔ قیمت فی بوتل ۲ روپے
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور۔ سول کمپنی

لمعہ دل سیماب کا گنگہ

جس جماعت کے شہر حوالی فراخ ہونگا موافق آجائیگا۔ قرعہ کہ [illegible] پڑھانے والا ہے۔ ۔ ۔ کو کاڑھا کے ہیں بے نظیر ہے اور اسکی [illegible] قوت ذائل ہونے کا مادہ ہمراہ بتلا دیا جاتا ہے۔ سارے ٹکٹ [illegible] ایک گنی بازاری کی قیمتی مقدار سال کے [illegible] فرماویں پانچ [illegible] بکار ہو جیسا کہ آپ نے [illegible] والکا پرشاد صاحب تانوگو کو [illegible] بھیجا ہے عبد العزیز [illegible] ہمارا [illegible] ضلع گجرات ۴ اپریل [illegible] ۱۹۰۸ء عمدہ خضاب۔ عرق اہل ستم کا خوشبودار منٹ میں [illegible] سفید بال کو سیاہ کرتا ہے ایکشن ۲ آنہ ۱ بوتل کا [illegible] ہو۔ خالص ہے تحت [illegible] ۲ چھ ہفتہ کے بیشتر آپ کی مکان [illegible] خضاب ملنگا کر ایک دوست کو دیا تھا آپکا انگریزی [illegible] نمایاں ہے ایکشن ہی اصل ہے [illegible] ۔ ۔ ۔ ہمارا [illegible] خانخانان صنیع [illegible] گئے زخم [illegible] خدا [illegible] ۱۹۰۸ء خاکسار [illegible] دولت [illegible] بانندہ [illegible] ال [illegible]

اہل اسلام کو مالی امداد

مسلمانوں کی مالی حالت بجز [illegible] دیکھ کر کہ شادی کے موقعوں پر مسلمان اکثر مرتا پا مرض میں مبتلا ہو جانے سے باز نہیں رہتے۔ محض ان کی مالی امداد کی غرض سے یہ انجمن خیر اندیش ہو سو مسلمانوں [illegible] ہو۔ سلف صلیب کے اصول پر قائم کی گئی ہے [illegible] ہر دو فریق [illegible] ہو اپنے چندگی اور تحلف طور پر کل [illegible] ۵۰ روپے ادا کرے اور سالانہ چندہ ۲ روپیہ ہو پہلے پانچ [illegible] سال کے [illegible] ہر سال انجمن [illegible] سو نوادہ ایک ہزار روپے تک [illegible] کے موقع پر [illegible] ہو جاتا ہے چنانچہ اس انجمن کی امداد [illegible] شروع ہونے والی ہے مفصل حالات مطبوعہ [illegible] انجمن [illegible] دیکھئے [illegible] سال میں [illegible] کی [illegible] ۔

المشتہر۔ کاکنان انجمن خیر اندیش لاہور

Little's Oriental Balsam

ایشیاٹک بلسم کے کشتہ یعنی دوا ایک یا دو سو

اگر تم لٹل صاحب کے اورینٹل بام کا استعمال کرو تو تم کو ضرور صحت نصیب ہوگی تم اپنی زندگی کو تلخ نہ بناؤ گے۔ اس روغن کو کام میں لانے سے تم کو سر درد کی سنسناہٹ کشش اور بیزاری ہو تو فوراً تم کو شفا بخش اور آرام بخش نیند آئیگی۔ اگر تم کچھ دوا کھاؤ تو کچھ فائدہ نہ ہوگا لیکن لٹل صاحب کے اورینٹل بام کا اثر چند لمحوں میں عجیب و غریب نظر آئیگا۔ مذکورہ علاج کی تاثیر کے بارے میں مسٹر [illegible] پرسول ساکن ٹیچرٹن کو مس سوڈ اس طرح لکھتے ہیں کہ میری عورت دس سال سے زیادہ مدت تک بدترین قسم کی [illegible] میں مبتلا تھی۔ جس سبب سے وہ اکثر بیقراری کے ساتھ [illegible] پر بیٹھی رہتی تھی ایک سانس

اور کبھی تمام شب دم کی کشش اور سنسناہٹ اس طرح رہتی کہ بارہا مجھے یہ خیال کیا کہ صبح تک مر جائیگی باوجود اس [illegible] کے جبکہ لٹل صاحب کے اورینٹل بام کا استعمال ہوا ایک مہینہ تک کیا تو اس کو افاقہ حاصل ہوا اور بعد ازاں وہ کوئی [illegible] ایک سہ ماہت سے زیادہ عرصہ تک اپنے [illegible] پر بیمار نہیں رہی سانس پھیپھڑہ کو مرض کے خفیف حملے ہوتے ہیں لیکن لٹل صاحب کے روغن کے استعمال کے اثر سے اس کو آرام ہوتا ہے ہر ایک شخص جو ضیق النفس میں مبتلا ہو میں نصیحت کرتا ہوں کہ وہ اس روغن کا استعمال کرے اور آزماوے۔

ایسا یہ دوا ہر ایک دواخانے میں فروخت ہوتی ہے

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

لاہور کے لئے ایجنٹ مسٹر ای پلومر کمپنی ہیں

اصلی جادو کی کتاب (معروف بہ جادو نگار) اصلی جادو کی کتاب کوئی تعویذوں کی کتاب نہیں ہے بلکہ سچے اور اصلی جادو کا پورا سبق ہے۔ اس کتاب سے ایک جنتر کو کوئی صاحب جھوٹا ثابت کر دیگا تو مصنف پانسو روپے انعام بطور جرمانہ دینے کو تیار ہے قیمت عمدہ رنگین بوں کا جادو۔ شریف کے لئے لیقیت کا دفتر اور شوقین آدمیوں کے لئے اکثر می نوٹوں کا آلہ ہے۔ اگر آپ اس کتاب کو پڑھکر خوش ہوں تو اپنا ایمان سے دیدیں قیمت واپس کر دیجئے قیمت ۱۲ر۔ کلمہ شریف۔ وہ کونسا سچا مسلمان ہے جو کلمہ محمدی کو نہ جانتا ہو۔ مثل تصاویر ہونے کے رنگ و روغن سے آراستہ ہیں۔ قیمت ۴ر

المشتہر عس للناپرشاد بہاری لال کمپنی ہمراہ آمار

لو خریدار واسوائے ایمانداری ہے قیمت پیشگی مقررہ ذیل مندرجہ ہی آرڈر روانہ فرمائے۔ ہر شے کا نقع حسب تحریر پائے بلا پیشگی قیمت بہت دریافت ہو نوبت ادائگی ہوگی۔ محصول ڈاک ہمارے ذمہ ہے۔

اصل خداسی دانتوں کا درد سیل۔ سدبودہن۔ مسوڑوں کا بادی خون۔ ڈاڑھ کا کیڑا لگنا۔ منہ کے آبلے نکلنا بہت جلد دور کرتا ہے سفید مثل سیپ کھتا ہے۔ ریخیں نہیں جمتی۔ دوازدہ ماہی استعمال رہتے ہتھے ہوئے دانت مضبوط ہو جاوینگے اور تازندگی نہ اکھڑینگے۔ قیمت واسطے استعمال ایک سال عمدہ ۴ر

حکم خداسی آنکھوں کی سرخی دھندلکہ۔ درد چشم اور خارش دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی صفائی کے واسطے نہیں روزانہ استعمال سے عادت معینک رہیگی۔ اس کے ساتھ ایک دوائی مفت دی جاویگی۔ دکھتی ہوئی آنکھ اور تازہ آنکھ پھولی کی ۲ ہفتہ بھیجی جاویگی واسطے استعمال ایک سال عمدہ ۴ر

حکم خدا بالوں سے لگاتے لگاتے سرخ یا سیاہ جیسا ہو کر دیتا ہے۔ حاجت دھونے باندھنے کی نہیں ۴ ماہ کے واسطے قیمت ہے۔ اندیشہ جلد بالکل نہیں ۴ر

بحکم خدا دس روز میں آرام دیتی ہے۔ اگر اسی عرصہ سے کساعت میں فرق آگیا ہو۔ وہ بھی دور ہو گا۔ قیمت فی شیشی عمدہ ۴ر

المشتہر

نشہ گاہ ہمراہ بہت کمپنی

عہد حکومت

خلیفۃ المسلمین سلطان عبدالحمید خان ثانی

شہنشاہ ٹرکی (روم)

مجلد

جس پر سنہری حروف میں

کندہ ہے

دوسری مرتبہ چھپکر بھی قریب الاختتام ہے

شایقین

جو سلطنت اسلام میں حضرت سلطان المعظم کے زمانے کی قیائل دیکھنا چاہتے ہوں تو ضرور منگوائیں

قیمت عہ کی بجائے صرف دو روپیہ کر دیگئی ہے دس جلد کے خریدار کو

خرچہ ڈاک معاف

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

تذکرۂ امیر

یعنی

ضیاء الملت والدین

امیر عبدالرحمن خاں

بادشاہ افغانستان

کی

زندگی کے مفصل اور معتبر حالات

مع

اس زمانے کے تاریخی واقعات اور ہندوستان و افغانستان کے باہمی تعلقات کے

جسکو

منشی محبوب عالم ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور نے کئی سال کی محنت اور جستجو سے فراہم کر کے مرتب کیا ہے

اس کتاب میں بہت سی تصویریں اور نقشے ہیں

حجم ۳۴۴ صفحہ کاغذ و چھپائی عمدہ کتاب مجلد

قیمت صرف عہ خرچ ڈاک ذمہ خریدار

شایقین کی درخواستیں بہت جلد آنی چاہئیں

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

سے جنت کی بحری اور بری طاقت قائم کرنے کی پھر کوشش ہو رہی ہے۔

سویلین کان کنوں کے اتفاق کر کے کام چھوڑ دینے کی وجہ سے کوئلہ اس قدر کم ہو گیا ہے کہ اس کے باعث سالانہ قواعد ملتوی کرنی پڑیں گی۔

انگلستان میں سخت قحط سالی پڑ گئی ہے اور شاہ کی حکومت کے باعث دونوں ہوسکوں کا اتحاد ملتوی کیا گیا ہے۔

بمبئی میں کارشد وزی کے مدارس قائم کئے گئے ہیں۔

ڈاکٹر کوہس ڈاک خانہ ہند کے انسپکٹر جنرل اور سر ہنری سٹافورڈ نارتھ کوٹ ہند کی بہت تعریف کی اور بالخصوص ہندوستانی سروس کو پسند کیا۔

انڈین کمیٹی کی نشستوں میں ہر یکسو کر حل نہیں ہو سکا۔

سیمین اور ام کچہ کے مابین برٹش گورنمنٹ کا معاہدہ فریقین کو منظور ہو گا۔

جب مسٹر گلیڈسٹون مطالعہ میں مصروف ہوتے تو ان کو کسی شخص کا پیچھا سنائی نہ دیتا تھا۔

سینٹ کلاں اور آئرلینڈ میں ۲۸ بنک موجود ہیں۔

یونان اور روم کی سڑک مکمل ہو گئی ہے۔

اگر گھڑی کے پہیوں کی گردش برابر جاری رکھی جائے تو ایک سال میں ۳۰۵۵ میل چلتے ہیں۔

کل دنیا کے سمندر کی لمبائی پچاس لاکھ میل سے زیادہ ہے اور ۱۸۱۴۰۰۰ میل سمندر کے اندر ہے۔

تفصیل حسب ذیل ہے۔ یورپ ۱۷۶۵۰۰۰-
ایشیا ۳۱۱۰۰۰۰۰-۱ افریقہ ۲۱۸۰۰۰۰-
آسٹریلیا ۲۵۰۰۰۰۰

جنگال کے بعد اہل ہالینڈ دنیا میں اول درجے کے مقفوش ہیں۔

چین کی ہنگ چنگ وزیر اعظم چین کا محل ایک سو محلوں کا مجموعہ ہے۔ جن کے گرد بہت بلند دیوار ہے۔

۱۸۷۰ء میں صوبجات متحدہ امریکہ میں صرف ایک ہزار سے کم اخبار انگلستان۔ فرانس اور جرمنی کے اخبارات کی تعداد سے زیادہ ہیں۔

سرجارج وائٹ سابق کمانڈر انچیف ہند کی ٹانگ جو ہلاک ہو گئی تھی اب تک درست نہیں ہوئی۔ لہٰذا آپریشن کرا ئینگے۔

سمندر کا پانی اور مجمع البحرین میں ایک قسم کی مچھلی ہوتی ہے جو پانی سے باہر رہتی ہے۔ اور اپنے پنکھڑوں اور دم کے سہارے دو گھنٹے تک چل سکتی ہے۔

ایسٹ انڈیا ریل گرنٹ برٹن کی صرف دو گاڑیاں چھپتی ہیں جو صرف شہنشاہ کے ملاحظے سے گزرتی ہیں۔

ہندوستان میں بلیوں کی بہت عزت ہوتی ہے امیر ہندوؤں کے پاس ۵۰ بلیاں ہیں۔ جن کی بہت سی ذمہ داری تعینات ہیں۔ جب شاہ سوار ہو کر جلوس نکالتے ہیں تو ان کو بھی ملازم گھوڑوں پر چڑھا کر ساتھ رکھتے ہیں۔

Chamberlain's Cholic Cholera & Diarrhoea Remedy.

چیمبرلینس کولک کالرا اینڈ ڈائریا میڈیسن

(چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی)

[ہمارے ملک میں بنائی گئی ہے]

فائدہ عجیب دوائی کسی قسم کی ہو جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے تمام حد کے درد کو دور کرتی ہے قولنج ہیضہ پیچش زہریلی زہریلے کیڑوں کا بیضہ۔ آنتڑیوں کی ہر قسم کی بیماریاں۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے۔

ڈاکٹر سید فضیلت حسین اینڈ سنز ڈسپنسنگ کیمسٹ پنجاب میڈیکل ہال ڈرائیور سیالکوٹ فیروز الدین سنز کارخانہ ادویات انگریزی ہال بنا سے مسکتی ہے

دی پنجاب ٹرسٹ لمیٹڈ

ہماری فرم کا ہر دا سے سجا بہ ایک

ہر قسم کے سٹیشنری سامان کا خطاط بنانی سے سلائے کپڑے۔ پیشنسونی عثمان ہی۔ مصری وغیرہ۔ ادویات انگریزی و دیسی عمدہ عطریات و تیل ہر قسم تیار شدہ جوتے وغیرہ کنسٹرکٹو نانوئی مذہبی لٹریچر۔ کامل ہر قسم ہر زبان تمام میں سلاک بھیجنگڑیاں قلم دوات پنسل کاغذ چراغ دیسی و گھریلو جیلیں و دیگر اشیا متعلق وکلا بسلطی کلرو تاگر و سلان کرکٹ و لاکٹس مسیڈسٹن ہر قسم کے سامان کی ہر ایک چیز ہاتھ ہمیشہ ہر حاضر ہے۔ کمرشل بورڈ لاہور

نوٹس

بابو امرت کشن بوس صاحب سکرٹری ہندو شادی فنڈ پنجاب گورداسپور نے اپنا تعلق فنڈ سے علیحدہ کر لیا ہے۔ اس لئے ممبران کی خدمت میں التماس ہے کہ آئندہ فنڈ کے متعلق خط و کتابت یا ترسیل زر ہو تو بنام سکرٹری ہندو شادی فنڈ پنجاب گورداسپور تحریر کریں۔ کسی شخص کا نام درج نہ کیا کریں۔

از طرف پریذیڈنٹ ہندو شادی فنڈ پنجاب گورداسپور مورخہ ۲۲ جون ۱۹۱۳ء

ٹرکی ٹوپیاں

اصل ٹرکی ٹوپیاں ہندوستان میں بنتی مشکل تھیں شوقین اور شریف جنٹلمین مجبوراً معمولی ایرانی پھندنا ٹرکی ٹوپیاں بنا کر پہنتے تھے مگر جب سے ہم نے بہت بڑی بڑی اور خوشنما خوبصورت ٹوپیاں ولایت سے منگوائی ہیں تب سے خریدار نہایت خوش ہوتے ہیں۔ اگر آپ نہایت عمدہ ٹرکی ٹوپی پہننے کے شائق ہوں تو نمونہ کی ایک ٹوپی اس کاغذ سے ناپ کر بھیجئے۔ سب سے سستی ٹوپی تو سلک کی ٹوپی ہے جو معمولی ۱۲ روپے کی ہوتی ہے مگر بہت اچھے سرخ کی ۱۳ روپے۔

فرمائش کے ساتھ ان باتوں کا خیال ضرور رہے۔

(۱) آیا آپ کو مصری پھندنے کی ٹوپی درکار ہے یا ٹرکی پھندنے کی۔

(۲) اپنے سر کا ناپ ضرور بھیجیں۔ خواہ بندیدہ ہو یا تنگ۔ خواہ انچوں کی پیمائش سے۔

(۳) ٹوپی کے لئے آپ کونسا رنگ پسند کرتے ہیں۔ لال یا غنابی یا گہرا غنابی۔ وغیرہ وغیرہ۔

(۴) ہر صورت میں ٹوپی کے قیمت کے علاوہ چار آنے ہوگی۔

منیجر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

اشتہا نا باب ادویہ

جو کثرت اجابت سے بنتی ہوتی مگر کبھی نہ ہوتی۔ اپنے منہ ان کو کمال محنت سے پیدا کیا ہے۔ سلسل بول شانکی دوائی قیمت صرف فی خرص۔ تمام بدن کے دردوں کے لئے قیمت عہ۔ دوائی آتشک یا ضرام ابتدائی ہے سوزاک دنزیہ وجریان ہے۔ یا سیر فرنی دبادی کی بوتل صبح زہر خورانی کے لئے ایک گھنٹہ میں بوتل کے رتب ہر قسم اور بھونسی کا ہے سر کمزوری نظر۔ دھند جالہ دھبولہ چڑ بال اور بال کا آنا موتیا بند شروع قیمت فی تولہ ہمارے ممبر جس کی تعریف مخزن ادویہ میں درج ہے عہ تولہ کشتہ ہر قسم سونا ۔ چاندی تانبہ سفید ہرتال سفید۔ شنگرف بوٹی کی کشتہ کی ہوئی فی تولہ ۔ قوت باہ کی نادر دوائی قیمت ۱۲ خوراک ۔ درد کمر جاتے کیسا ہو لیپ وغیرہ سے اچھا کرتا ہے حصہ نسوار اور دوسرے نشے اور دوائی کھانے سے چاہے دس برس سے زیادہ کا ہو قیمت ۔ خضاب لاجواب جو کچھ منٹوں میں بال بالکل سیاہ کر دیتا ہے پارچہ دھونے کے لئے بھی۔ بیش کی بھسم گولیاں قیمت فی گولہ ۱۲ المشتہر ۔ سید حیدر جی سوداگر سیالکوٹ

بال اڑانے کا پوڈر

قیمت فی بکس ۳/۸ بکس ۱۴

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا

سر ہیو اگ ٹائن کی رپورٹ گذشتہ سرحدی جنگ میں جن لوگوں کے مارے جانے کی رپورٹ تھی ان کی جائداد سالانہ عطا کیا گیا ہے۔ اگر صاحب مذکور خود زندہ رہتے تو ان کو ۱۰ ہزار پونڈ سالانہ ملتے۔

کلکتہ کے بڑے ہسپتالوں اور پرائیویٹ مکانات میں صاحبوں کے مریضوں کو دیکھنے کے واسطے نرس اور ڈاکٹر بھیجنے والے ہیں۔

۳۱ مارچ کو ختم ہوا ہے ۱۸۹۶ء میں نمک بمبئی سے اور ۹۹۷۵ من مدراس سے حضور نظام کی سلطنت میں آیا۔

مولوی فرامرز خلیفہ سلیمان یار جنگ علی یاور الدولہ رئیس حیدرآباد کو ڈاکہ اور قتل کے علاوہ تمام اختیارات جن کو وہ اپنی جاگیروں میں استعمال کر سکتے عطا کئے گئے ہیں۔

نیرا بانہ میں دریائے سندھ طغیانی کا معائنہ کرنے کے لئے ۲ پہلے ۲۰ فیٹ سے زیادہ تھا اب صرف ۲۵ فیٹ ہے اور ہر ان بدن گھٹتا جاتا ہے۔ جس کے یعنی ہیں کہ کھیت میں والی بیماری پھیلنے والے ہیں۔

گذشتہ جمعہ کو بمبئی پر امیسری نوٹ پھر ۱۰ فی صدی پر بکنے گیا۔

ہز آنریبل گورنر ممالک مغربی و شمالی ۵ جولائی کو نینی تال سے روانہ ہونگے۔ ۹ سے ۹ تک لکھنؤ میں۔ ۱۰ سے ۱۳ تک بنارس میں۔ ۱۴ کو چنار میں۔ ۱۵ سے ۱۹ تک الہ آباد میں۔ ۲۰ اور ۲۱ آگرہ میں۔ ۲۲ سے ۲۴ تک علیگڈھ میں۔ ۲۵ و ۲۶ بریلی میں۔ ۲۷ کو پھر الہ آباد میں۔

کرنول کے پاس جنوبی مرہٹہ ریلوے لائن کی مرمت ہو جانے سے آمد و رفت پھر شروع ہو گئی ہے۔

مسٹر آرتھر ماس سپرنٹنڈنٹ ٹیلیگراف بالائی برہما آئندہ ماہ میں رخصت فرلو پر جاتے ہیں۔ مسٹر میریڈیتھ مدراس سے جلگران کی جگہ کام کریں گے۔

مہاراجہ صاحب بھرتپور کی نسبت جو خبر مشہور ہوئی تھی کہ انہوں نے میسرز ٹھیکر و کمپنی سے فحش کتاب لانے کے لئے آدمی بھیجا ہے اس کی تردید کی گئی ہے۔

ضلع احمد نگر کی سرحد پر بھیل ڈاکوؤں سے جو مقابلہ ہوا تھا اس میں ۱۶ بھیل ہلاک اور اسی قدر مجروح ہوئے تھے۔ اور کئی گرفتار کر لئے گئے۔

حضور نظام کے محل میں سرقہ کا پتہ پہلے پہل نواب اکبر جنگ سی۔ ایس۔ آئی۔ کو تو ال نے لگایا تھا۔

(انا ہور۔ پنجاب و سرحد)

پچھلے سال ماہ جولائی میں جن امامل میں جو آدمی آفریدی ایک بی متعور ڈر انفل۔ ایک سنائڈر قرابین اور ایک ارمینی رائفل اور گولیاں اور کارتوس اور بندوق کی قیمت بیان کیا جاتا ہوا گرفتار ہوا تھا اس کو صاحب ڈپٹی کمشنر اولنڈیڈی نے ۷ سال قید سخت کی سزا دی۔

پچھلے دنوں جو آفریدی جرگہ کابل گیا تھا اس میں ۵ ترکزئی خیل تھے اور خال خال کوکے خیل اور ملک دین کمبر خیل بھی تھے۔ اس کی نسبت کمبر خیل کا ایک نامہ نگار لکھتا ہے کہ یہ جرگہ جلال آباد نہیں ٹھہرایا گیا تھا۔ بلکہ سیدھا کابل گیا تھا جہاں امیر صاحب بذات خود اپنے ساتھ ملاقات کی اور ۲ روز اس کو وہاں رکھیں۔

گزشتہ مہم سے سبق حاصل ہوا ہے کہ فیلڈ ٹیلیگراف کے سامان ہمیشہ کام کرنے ضروری ہیں۔ اسپر غور کر کے اگلے سال شملہ میں ایک کمیٹی منعقد ہو جائے گی۔

صاحب چیف سکریٹری گورنمنٹ پنجاب کی طرف سے صاحب کمشنر کے نام ایک چٹھی پہنچی ہے جس میں سرحدی مہم میں سفر میانا مالیر کوٹلہ کی حسن کارگزاری کی تعریف کی گئی ہے اور اس کا ۳۱ مارچ ۱۸۹۷ء کی رپورٹ میں بھی خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کیا گیا ہے۔

۲۴ جون ۱۸۹۷ء کی رات کو ۱۰ بج کر ۴۰ منٹ گرنے پر مغربی میانمیر و کا منگ کا چھاؤنی کے مابین ریلوے ٹرین میلوں کی گاڑی کے اوپر سے گزری۔ ایک بیل ہلاک ہوا۔ اور گاڑی ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی۔

وزیرستان اور باجور میں ہیضہ پھیلنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں۔ اس کا پولیٹیکل اور ڈسٹرکٹ افسروں کو مطلق علم نہیں ہے۔

سالکوٹ کی مستقل حفاظت کے واسطے انتظام ہو رہا ہے۔

پچھلے ہفتے شہر پشاور میں بصدارت لالہ ہرجیمل ان لوگوں کا ایک جلسہ منعقد ہوا جن کے مکان بھاری آتشزدگی سے جل گئے ہیں۔ اس میں اتفاق رائے سے قرار پایا کہ میونسپلٹی کو توجہ دلائی جائے کہ بانار اور کوچے فراخ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

کوئٹہ کانو میں ڈاکہ کے دو روز بعد یعنی ۱۷ تاریخ کو صاحب رجسٹرار کے گھر میں چوری ہوئی۔ اس وقت صاحبہ دہلی گئے ہوئے تھے۔ چور موقع پا کر چاندی کے تمام برتن مع اثاث البیت کے لے گئے۔

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب کشمیر ۲۳ جون کو جموں سے رخصت فرمائے کشمیر ہوئے۔ جہاں ۲۷ کو رونق فروز ہوئے۔

افسوس ہے کہ لالہ لجپت رائے صاحب پلیڈر کے بھائی لالہ دلیپت رائے صاحب وکیل ہائی کورٹ ملک بقا ہوئے۔

پچھلے دنوں پشاور میں آتشزدگی کا جو دردناک واقعہ ہوا تھا اس کی نظیر اپریل ۱۸۴۲ء میں ملتی ہے جبکہ شہر سورت واقع پریسیڈنسی بمبئی کی ناف میں آگ لگی تھی۔ اور ۳ دن میں ۲ سے لے کر ۱ بجے تک شہر جل گیا تھا۔ اور ۹۳۷۳ گھر خاکستر سیاہ ہو گئے تھے اور ۴۵ لاکھ روپے کی جائداد پر پانی پھر گیا تھا۔

کشمیر میں ہوسم تک خشک سے سارش ہونے سے شہر کے تمام دریاؤں کی ریگ نظر آنے لگی ہے جو دھوپ میں سخت بدبو دیتی ہے۔

کیپٹن مورٹن کمانڈنگ خیبر رائفل لنڈی کوتل میں علیل ہیں۔ لہذا وہ سفر کرنے کے لائق ہوتے ہی رخصت پر روانہ ولایت ہونگے۔

لیفٹیننٹ کرنل کا ہیڈ اسٹاف میں تقرر ماہ جولائی میں ہوگا۔

مس بلنگ مقامی ہسپتال میں نرس ہیں۔ کرمستان میں خود کشی کی۔ سر ہنری مس سے اپنا حال کشمیر پشاور بڑے بازار میں جو بلاک کے اور بچوں کو ہر بیٹی نے منظر ترحم خسروانہ ایک سو روپے ماہوار کی پنشن عطا کی ہے۔

بلیک ہوشی کی بابت کہ وہ ہندی امرت [illegible] کے باہر مستورات کے [illegible] اعتیاد ہوا تھا [illegible] چھ دن گزرنے ہیں کہ دریائے راوی کے دوسرے کنارے پر ایک بہت ہی دردناک واقعہ ہوا۔ جب دھوم دھام سے برات صبح ڈولی دریا کے قریب پہنچی۔ کھوٹی کو نہلانے واسطے باپ نے دولہا کو نیچے اتارا۔ اور دولہا ابھی نیچے رکھتے ہی باپ کے پاؤں میں گرا اور اس کے منہ سے خون گرنے لگی اور چند منٹ میں سرد ہو گیا۔ تمام برات حیران و تلاش کرنے سے دولہا کی لاش سے ایک فٹ کے فاصلے پر ایک چھوٹا سا زہریلا سانپ پیٹا ہوا ملا۔ دولہا کے باپ نے جھٹ اس کو اٹھا کر اس کے منہ میں اپنی انگلی دے دی۔ تاکہ اپنے بیٹے کا۔ ساتھ ہی مگر سانپ نے ایک دندانی اور ہاتھ سے گر کر آنکھوں سے غائب ہو گیا۔

ضلع میرٹھ کے جن ۳۰ ڈاکوؤں کو ہائی کورٹ الہ آباد حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا ہوئی تھی اس کے متعلق دیسی پالیمنٹ کے ذریعے ایک ہزار روپیہ انعام منظور ہوا ہے۔

جنرل سر ڈبلیو ولزلی ۶ جولائی کو افواج پنجاب کا چارج لینگے۔ اس روز سر ولیم لاکہارٹ اس عہدے سے علیحدہ ہونگے۔

ممالک غیر

اخبارات ہسپانیہ بہت جلد امریکہ کے ساتھ جنگ ختم کرنے کی تحریک کر رہے ہیں۔ اور ملک کی دستکاری کو اس سے جو نقصان پہنچ رہا ہے اس کو بوضاحت بیان کر رہے ہیں۔

سابق پریسیڈنٹ امریکہ نے بیان کیا کہ بوجہ فتح نصرت ملک کا کوئی حصہ اپنے ساتھ نہ ملایا جائے۔

ایک برٹش و اٹالین سنڈیکیٹ کو ملک کے شمالی حصے کی کانہائے آہن و کوئلہ کا قطعی اجارہ مل گیا ہے۔

سردار کچنر کمانڈر انچیف افواج مصر اپنے افسروں کے ساتھ سرحد کو روانہ ہوئے ہیں۔ آمدرمان کے فتح ہونے تک وہیں رہینگے۔

البانیہ اور سرویہ والوں کا کوہ ملقان میں مقابلہ ہوا۔ سرویہ والوں نے البانیہ والوں کا تعاقب کیا۔ مگر آخر میں ایک رومی باتری نے انکی پیشقدمی کو روک لیا۔

امیر البحر بلنکو نے امریکہ کی درخواست ان قیدیوں کے متبدل کرنے کی نسبت نامنظور کی ہے جو ہسپانیہ والوں نے بندرگاہ سنتیاگو کے دہانے پر گرفتار کئے تھے۔

ئے زمین کی خبریں

ہندوستان

اس ہفتہ بمبئی میں نئی مکان خود بخود بیٹھ گئے
آدمی کسی قدر مجروح ہوئے۔ آخری مکان ۲۱
تھا جس کے مکین حسن اتفاق سے بچ گئے۔
نئی پور کے لوگ اب وبا سے جانبر ہوتے ہیں۔
سے کہ اس وقت تک ۲۰۱۳ کیس ہو چکے ہیں۔
ں سے ۶۵۰ قصبہ اضلع میں واقع ہوئے۔ جس کی
ن صحی آبادی اس موذی کی نذر ہوئی۔
فورٹ سنٹ جارج مدراس میں دو گورے ٹامس
نس نام آپس میں لڑے۔ ٹامس بیہوش ہو کر اس
ہسپتال پہنچنے تک سرد ہو گیا۔
گجرات میں سخت بارش ہوئی۔ بمبئی۔ بڑودہ۔
ہندار گائیکوار ریلوے پر ریلوے سڑک کئی جگہ ٹوٹ گئی
سر جن کرنل جے ولیمسن پرنسپل میڈیکل افسر اودھ
کھنؤ لکھنؤ میں ریگ نے عالم جاودانی ہوئے۔
کراچی کے تمام گھاٹ اناج سے پھر پر ہونے لگے
حالانکہ امریکہ کی گیہوں نے اس تجارت کو مات کر دیا ہے۔
ماہ جولائی میں ہز آنر لفٹنٹ گورنر بنگال مع
ڈائریکٹ دارجیلنگ سے واپس جائینگے۔
۲ جولائی کو مسٹر ہولڈ صیغہ مال و زراعت کے
سیکرٹریٹ کا چارج لیں گے اور مسٹر ایمٹسن اسکے
روز بعد وسطی صوبجات میں چارج لینے کے واسطے
سے روانہ ہونگے۔
سال ۱۸۹۹ء میں ۸۰۰،۴۰ افیون کے بکس
فروخت پیش کئے جائینگے۔ جن کی تعداد ہر ماہ میں
یا ۴۰،۳ بکس ہوگی۔ اور بنارس کے ۱۹ سو اور پٹنہ
۱۴۵۰ بکس ہوں گے۔
کراچی میں جو شخص محکمہ مال کے افسر مسٹر مرفی کو
ل کرنے کے شبہ میں گرفتار ہوا تھا وہ اپنے جرم کا اقبالی
گیا ہے۔ یہ ایک پٹھان ہے جس کو مقتول نے موقوف
تھا۔ اور اس کا انتقام لینے کو ٹھہر گیا تھا۔
کیاب میں ۲۴ گھنٹے میں ۱۱ انچ مینہ برسا۔

سر جن میجر کلیرنس ہمراہ حضور نظام کے بھنوئی سر
خورشید جاہ کے علاج کے واسطے جو سخت علیل ہیں کراچی
سے حیدرآباد آئے ہیں۔
مدناپور میں بربادی بخش طوفان آئے۔ کئی دیہات
ہو گئے ہیں اور لوگوں کی بھاری تعداد ڈوب گئی اور جانداروں
بھی بہت بھاری نقصان ہوا۔ دریائے کوسی سخت بارشوں
کے باعث کئی میلوں میں پھیل گیا ہے۔ اس طرح تمام
سلسلہ آمد و رفت رک گیا ہے۔
صاحب ایجنٹ ساؤتھ انڈین ریلوے نے دلایورام
جنکشن کے سٹیشن پر ہر قوم کے لوگوں کے واسطے رفع حاجت
بہم پہنچانے کا انتظام کیا ہے۔ اس کی مدت سخ شکایت
ہو رہی تھی۔ تمام دیگر بڑے بڑے سٹیشنوں پر بھی ایسا
ہی کیا جائیگا۔
مولمین میں طاعون کا ایک کیس ہوا۔ یہ بمبئی کے
ایک جہاز میں دریافت ہوا تھا۔
پلیگ کمیٹی رنگون نے قائم مقام رومن کیتھلک
پادری کی وہ درخواست نامنظور کی جو اس نے اپنے لوگوں
کے واسطے ایک علیحدہ ہسپتال قائم کرانے کے واسطے کی
تھی۔ البتہ وہ اپنے خرچ سے ایسا کرا سکتا ہے۔
ممالک مغربی و شمالی کا آئندہ فوجداری سشن ۲۷ جون
کو الہ آباد میں شروع ہوگا۔
مسٹر الف۔ ٹی بلیو کو سشن جج جھانسی کو دیوانہ
کتے نے کاٹا ہے۔ اس لئے وہ علاج کے واسطے پیرس
کو روانہ ہوئے ہیں۔
کلکتہ میں ہر قسم کے مزدوروں اور ملازموں کا سخت
قحط ہو گیا ہے۔
پولیس حیدرآباد نے سرکاری خزانے میں ایک بھاری
سرقہ کے جرم میں کئی آدمی گرفتار کئے ہیں۔ ایک لاکھ ۲۴
ہزار روپے کی چوری ہوئی ہے۔
انیا فیون اسٹیمنج کے اضافہ کی وجہ سے گھٹتا جاتا ہے۔
میجر جینگ آر۔ ای۔ پولیٹیکل ایجنٹ الور مع اپنی دیگر
مع اپنی دیگر خدمات کے مسٹر نورو سی۔ ایس کی جگہ جو رخصت
پر گئے ہیں قائم مقام ریزیڈنٹ جے پور مقرر ہوئے ہیں۔
جس ٹیلیگراف ماسٹر کلیو کو سرکاری روپیہ خورد برد
کرنے کے جرم میں ۲ سال قید بامشقت کی سزا ہوئی تھی
اس کا اپیل گزرنے پر صرف ۲ سو روپے جرمانہ ہوا۔
آنریبل پی۔ ایم۔ مہتہ بمبئی کی طرف سے لیجسلیٹو کونسل
کے ممبر منتخب ہوئے ہیں۔ آپ مسٹر نوروجی والا پر سقف
لے گئے ہیں۔
ایک نامہ نگار مدن سے اطلاع دیتا ہے کہ جہاز
کیلیڈونیا نام بمبئی سے روانہ ہوا تھا۔ راستہ میں ۲۴
گھنٹے آگ لگنے سے اب پرواننت نہ پہنچ سکا۔
مسز جن لفٹنٹ کرنل لاری حیدرآباد میں بائیسکل پر
ماکر گر گئے اور ان کے بازو کو ضرر پہنچا۔
۱۵ اپریل میں ۲۲۰۵۴ ہنڈ ڈوب ہوں گی
قیمت ۲۳۷۱۵۷۵ روپے تھی کراچی کو روانہ ہوئے۔
لیجسلیٹو کونسل بمبئی میں بھی میں انسٹرنس کمپنی
انسداد کا مسودہ پیش ہونے والا ہے۔
مسٹر کرالی کنٹرولر حیدرآباد رخصت سے واپس آتے
ہیں اور مسٹر ڈنلوپ ۲۶ ماہ حال کو روانہ ہوئے ہوں گے
مسٹر ڈنلوپ کی جگہ رائے مرلیدھر گورنمنٹ نظام کی
گورنمنٹ پر قواعد نامشات مرتب کریں گے۔
آسام کی پہاڑیوں میں ۲۴ گھنٹے کے اندر ۱۲ انچ مینہ برسا۔
عام لوگوں کو اطلاع دی گئی ہے کہ ہر قسم کی غزل
شاہ بھیبا اپنی جائداد پر کوئی مالی منفعت حاصل
سکیں۔ ان کی کل جائداد منقولہ غیر منقولہ ان کے
کی طرف سے سکرٹری آف سٹیٹ کے نمائندہ کر دی گئی ہے
مسٹر ابونرڈ ڈی کمشنر جلپائگوڑی نے ایک ایسے
۱۰ انچ لمبا شیر شکار کیا۔
۴۰ دم کی گولیاں جو مسٹر ڈان میں
اس وقت تک صرف آفریدیوں کے مقابلے میں استعمال
کی گئی ہیں۔
بمبئی اناج کو ہوائی جہاز کے ذریعہ
ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ موسم سرما میں
کے واسطے چھوٹے چھوٹے کیمپ قائم کئے جائینگے۔
بریچ سٹریٹ بمبئی میں ایک منزلہ مکان گر
بیٹھ گیا جس کے ملبے کئی آدمی دب گئے جن
ایک عورت کو بچانے کی کوشش کی تھی سخت مجروح ہوئے
مسٹر کسول متعلقہ پورٹ کمیشن کلکتہ پر جو ۳ آدمیوں
حملہ کیا تھا ان کو ۲-۲ سال قید بامشقت کی سزا ہوئی۔

STEARNS' INSTANT COUGH CURE

سٹیرنس صاحب کا سریع التاثیر کھانسی کا علاج

یہ کھانسی۔ زکام۔ ہوپنگ۔ گلے۔ اور آواز کے بیٹھ جانے اور خراش حلق۔ پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں کی تمام سوزشوں کے واسطے سب سے زیادہ بہتر ہے
اس کے استعمال سے معا افاقہ ہو جاتا ہے۔ سٹیرنس کے سریع التاثیر علاج کھانسی کے حاصل کرنے کے لئے اصرار کرو۔ اور کوئی دوسری شے مت استعمال
کرو۔ اصلی دوائی پر زرد رنگ کا کاغذ لپٹا ہوا ہے۔ یہ ہند اور دنیا کے تمام دواساز اور دوافروش دو قسم کی شیشیوں میں فروخت کرتے ہیں۔

ہم کو ہل روڈ کی سخت ضرورت ہے

اس گھڑی کی نوش رہنے کے قبل سے سمجھ لیا ہو کہ ہمت سے استعاری نوٹس ہوا ہے اس گھڑی کی قیمت دیکھکر ہم کو ایسا فکر ہم کرن تو کیا کرین بھلا کر دو روپیہ سیکڑہ بھی ہر وقت قرض دینے میں آنا کانی کرتا ہے تو ہزار گونا ہونا چاہیے کچھ پرواہ نہیں اپنا اس فرخشکے اپنی ضرورت رفع کرنا چاہیے پس آسمر ناظرین۔ آپ اس وقت کو ہمت کمپنی گھڑی فرخ الانشین گھڑی کی ضرورت ہو تو ابھی موقع پھرا تھ آئے گا۔ یہ کیس لیور گھڑی جمعین صبح اور شام دو وقت چابی دینا ہوتی ہے تیتی گھڑی سے مقابلہ کرتی ہے۔ ہمارا ہاتھوں ہے اس گھڑی کا نام کیا ہوگا اور مضبوطی کی صداقت کیسا کی گھڑی رہا تھی۔ بھا گھڑی ۔۔۔ ہو جو ہی شدہ ہے ہمارے پاس اس گھڑی فرمایش ہوتے ہیں گھڑی ہم کو بھیجنے ہوئے ہمارے خط لکھ دیں گے اور تاج مقرر کر کے بھیجنے جائیں گے

نوٹ ایک نمبر گھڑی کے خریدنے سے بارہ گھڑی مفت لیجائیگی۔

ایکہ خادم ہیں ایم شمس الدین اینڈ برادرز نمبر ۳۰ ایبٹ روڈ لاہور

ہمیں محتاج زیبو کا جے خوبی خدائے دی

مستقل ہم نہ ہندوستانی ہیں تو ہمارا خاص عبارت تعداد کی اتنا ہے کہ ہمیں ہے ہم بھائی اور ہمکا مستر پشت پشت ہے رہنا ان ہوگا آیا ہی کا بجزہ کرو ہم تمام ناقص ان کی غلط کار یکو دور کر کے وہ دلعت ہمارا دکھاتی ہیں یہ کہ کو دیا ہمارا کہ آپ فرمائیں کہ ہم آپکی ٹوٹ تدین پر کیوں اتنا چھوڑ اعتبار کیا ہے کہ ہم ہمارا ہے کہ ہم ہمارا ہے ہمارا ہے ہمارا ہے

ہیں گزارا جائے تو شکار کے پاس پہنچ کر اگر وہ مقررہ حد میں سے کسی کی خلاف ورزی کرے تو اس کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے۔ اس سے شکار کی حفاظت ہو جائے گی اور شکار کرنے والوں کی تعداد بھی کم ہو جائے گی۔ اس سے شکار کی حفاظت ہو جائے گی اور شکار کرنے والوں کی تعداد بھی کم ہو جائے گی۔

انڈیا کی مجسٹریٹ ڈول

مدراس گورنمنٹ نے ہندوستان کی حکومت کے لئے ایک نئی تجویز پیش کی ہے۔ اس تجویز کے مطابق ہندوستان میں ایک نئی قسم کی مجسٹریٹ ڈول کی تعداد بڑھائی جائے گی۔ اس تجویز کے مطابق ہندوستان میں ایک نئی قسم کی مجسٹریٹ ڈول کی تعداد بڑھائی جائے گی۔

دول پورپ کی فوجی آراستگی

ایچ۔ ڈبلیو۔ ولسن صاحب نے لنڈن کے مشہور ہفت روزہ نائنٹینتھ سینچری (اٹھارویں صدی) میں دنیا کی فوجی آراستگی پر بڑی تحقیقات اور قابلیت سے ایک مضمون لکھا ہے۔ جس میں بروئے شمار و اعداد یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ اگر موجودہ زمانے کو جسے ہم غلطی سے علمی زمانہ کہتے ہیں آراستگی فوج کا زمانہ کہا جائے تو ہرگز بیجا نہ ہوگا۔ مختلف دول یورپ کی حرص فوج کے معاملے میں اس قدر بڑھ گئی ہے کہ رفاہ عام و بہبود خلائق کی ضروری تجاویز پر بھی اس کو ترجیح دے دی جاتی ہے۔ ورنہ صرف ملک کی سالانہ آمدنی کا ایک بڑا حصہ اسپر خرچ ہوتا ہے۔ مگر قرض لے کر صرف کرنے میں بھی تامل نہیں کیا جاتا۔ بیلنس آف پاور Balance of power۔ موازنہ قوت) کا مسئلہ یہ سارا رائج ہوا ہے کہ ہر سلطنت دوسری کی فوجی ترقی کو بنظر اندیشہ دیکھتی ہے۔ اور جب تک اپنے آپ اس کے برابر بلکہ زیادہ نہ ہو جائے چین نہیں لیتی۔ اگر یہ سلطنتیں صرف عیسائی کہلائے جانے پر اکتفا کرتے بدلے مذہب عیسوی کے اصول بھی مدنظر رکھیں تو ضرور انہیں خونریزی خلائق کے سامان پر کروڑوں روپے صرف کرنے میں تامل ہو۔ مگر افسوس ہے کہ بقول مسٹر ولسن صاحب انجیل مقدس کے نسخے کثرت سے دیکھنے اور پڑھنے میں دلچسپی اس انٹرنل نہیں ہو سکتا۔ ولسن صاحب نے اپنے مضمون میں متعدد نقشے دیئے ہیں۔ جن سے مختلف سلطنتوں کے فوجی اخراجات تعداد فوج۔ وسعت سلطنت۔ آبادی۔ آمدنی وغیرہ وغیرہ کی ترقی و تنزل کا بآسانی پتہ چل سکتا ہے۔ ہمیں ان نقشوں کے چھاپنے کی گنجائش نہیں۔ اس لئے ہم صرف ۱۸۶۰ء اور ۱۸۹۰ء کے فوجی اخراجات و تعداد سپاہ کا مقابلہ کر کے دکھایا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے ناظرین ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

سلطنت	۱۸۶۰ء			۱۸۹۰ء		
	تعداد فوج	اخراجات فوجی	نفوس	تعداد فوج	اخراجات فوجی	نفوس
فرانس	۶۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰۰۰	۳۷۴۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰۰۰	۳۸۲۰۰۰۰۰
روس	۱۹۰۰۰۰۰	۲۰۱۰۰۰۰۰	۶۵۰۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰۰	۱۱۵۰۰۰۰۰۰
آسٹریا	۱۹۰۰۰۰۰	۱۳۰۰۰۰۰۰	۳۵۰۰۰۰۰۰	۱۸۰۰۰۰۰	۱۸۰۰۰۰۰۰	۴۱۰۰۰۰۰۰
جرمنی	۸۰۰۰۰۰	۸۰۰۰۰۰۰	۴۰۰۰۰۰۰۰	۱۸۰۰۰۰۰	۱۸۰۰۰۰۰۰	۴۹۰۰۰۰۰۰
اٹلی	۴۰۰۰۰۰	۴۰۰۰۰۰۰	۲۲۰۰۰۰۰۰	۱۲۰۰۰۰۰	۱۲۰۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰۰
انگلستان	۲۰۰۰۰۰	۱۰۰۰۰۰۰	۲۹۰۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰۰	۱۰۰۰۰۰۰۰	۳۷۰۰۰۰۰۰

مندرجہ بالا نقشے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰ برس میں آراستگی سپاہ کا فوج دوگنا اور فوج کا شمار چوگنا ہو گیا ہے۔ مدعیان ہمدردی انسانی ۹ کروڑ ۹ لاکھ پونڈ سالانہ ایسے کام پر خرچ کرنے میں جن سے ایک نہ ایک وقت قتل و غارت متصور ہے۔ کیوں اعتراض نہیں کرتے۔ تعداد فوج میں انگلستان کی صرف تخواہ دار گورہ فوج شامل کی گئی ہے۔ اور باقی سلطنتوں میں چونکہ فوجی تعلیم لازمی ہے۔ اس لئے سپاہ سے قواعد دان اشخاص سنے گئے ہیں۔ انگلستان بھی اگر اپنی ہندوستانی نوآبادت کی سپاہ شامل کرے تو تعداد ۱۰ لاکھ ہو جائیگی۔ انگلستان کے لئے یہ امر بھی موجب مسرت ہے کہ اس ۲۰ برس کے عرصے میں جبکہ اور سلطنتوں کا قرضہ تر تر آ گیا ہے۔ انگلستان نے قریباً ۲۵ کروڑ پونڈ ادا کئے ہیں۔

وبا کا اثر کراچی

کسی گزشتہ اشاعت میں ایک نوٹ میونسپلٹی کے بارے میں ہوئی ہے کہ وبائی طاعون کی اندراجی کا دورہ ہے۔ کیوں نہیں ہوا۔ مگر افسوس ہے کہ

سالسبری پر اعتراض کرتا ہے۔ ہاں اگر یہ کہا جائے کہ دونوں فریقوں سے فروگزاشت ہوئی اور اب موجودہ وزارت کو اُس کا ردعمل کرنا چاہیئے تھا تو ایک بات بھی ہے۔

لارڈ سالسبری کی وزارت کا صرف یہی قصور ہو سکتا ہے کہ اس نے اپنے پیشرو کی حکمت عملی کو درست نہ کیا مگر یہ قصور نظر انداز کیے جانے کے قابل نہیں ہے۔ لارڈ روزبری نے اگر مداخلت نہ کی تو خیر مگر کنسرویٹو گروہ کو روسی قبضہ پورٹ آرتھر اور ہندتالیسوان کے بارے میں کیا ہو گیا تھا۔ چین کی بلو بک میں جو مراسلات شائع ہوئی ہیں اُن سے پایا جاتا ہے کہ ابتدا اس لارڈ سالسبری اور مسٹر بالفور نے متفق اللفظ اسپر یہ کہ کر اعتراض کیا تھا کہ "اس سے چین کو دبانے اور چین کے حصے بانٹنے کا آغاز ہوتا ہے"۔ مگر اس اعتراض کو آخر تک نہ نباہا۔ اور کچھ اسی پر منحصر نہیں۔ مدبرین انگلستان نے خواہ وہ لبرل ہوں خواہ کنسرویٹو گزشتہ چند سال سے یہی طریقہ اختیار کر رکھا ہے کہ درگزر اور تحمل سے کام لیتے ہیں یہ نہیں سمجھتے کہ اس تحمل سے ہماری رعب داب میں فرق آتا چلا ہے لبرل پارٹی تو خیر لڑائی بھڑائی سے ہمیشہ متنفر رہی ہے۔ اور حتی الامکان خونریزی خلائق کی روادار نہیں ہوتی مگر کنسرویٹو فریق کو جو شان شوکت کا زیادہ شائق ہے کیا ہو گیا۔ کیا اسٹریٹیجکا یہ قول بالکل درست ہے کہ لبرل پارٹی اگرچہ زیادہ عرصہ تک برسر وزارت نہیں رہی مگر اس نے اپنی اغراض و مقاصد میں بہ نسبت قدامت کے کامیابی حاصل کر لی ہے جس کی بدولت آج وہ حکومت قانون سے بخوبی ل سکتی ہے جو کنسرویٹو فریق کے زمانہ حکومت میں بجز تیز اور پاس ہوئے ہیں۔ کیونکر کہی جا سکتا ہے کہ کنسرویٹو فرقے کا موجودہ لارڈ اس اسمبلی میں پاس ہیں کہ پہلے کے لبرل سے بعینہٖ شاید نہیں ہے اور کیا اس طرح انتظار کرنے لبرل مقصد کو کامیابی نہیں ہوئی مگر ایسی کامیابی کس کام کی جس سے نفس کو سرچشمے کا موقع ان کے ذہن داری والی تربیت صفات انسانی میں دخل ہے۔ مگر اگر بیٹی مثل "بھوکے پاکیٹ نیکیاں جیب میں" کے ہو جب معاملات سلطنت میں تحمل سے کام لیا جاتا ہے۔ انگلستان کے پولیٹیشن کئی بار اس سے نقصان اٹھا چکے ہیں کہ جس جہاز میں اپنا نقصان ہوتا دیکھتے ہیں اُس پر اعتراض ضرور کر دیتے ہیں لیکن پھر اس اعتراض کی حفاظت و تائید علمی شور پر نہیں ہوتی۔ روس نے وسط ایشیا میں متواتر ترقی کی اس پر ہم نے اعتراض اٹھائے مگر بہ درگزر کرتے گئے۔ یہاں تک کہ روس ہماری حدود کے متصل آ پہنچا۔ اگر ہم اپنے سابقہ اعتراضات کو قائم رکھتے اور قول مردان جان اور "

عمل کرتے تو آج سر ہنری میر سے سینڈرس کو ہوئی کو ہمارا اور اس کا اتصال ہوتا۔ علی ہذا فرانس نے سر ہمارا کیا تو ہم خاموش ہو گئے مگر جب اس کے

برآئے تو ہم نے حجت کی۔ لیکن یہ حجت اُس وقت کیا کام دیتی۔ فرانس کا اقتدار اُس علاقے میں بڑھ گیا اور ہم وادی نگسی کیانگ کی طرف آئندہ ترقی کرنے سے محروم ہو گئے۔ اسی طرح صیڈغاسکر پر فرانس متصرف ہو گیا۔ اور ہم منہ ہی دیکھتے رہے۔ اعتراض اٹھانے سے کیا فائدہ بلکہ اس حق آفرنگ تائیگر نے کا ارادہ نہ کر لیا جائے روس نے پورٹ آرتھر اور ہندتالیسوان پر جب قبضے کا ارادہ کیا اور ہم نے حجت نکالی تو چاہیئے تھا کہ اسپر قائم رہتے اور جنگ چھڑ جانے کی بھی پروا نہ کرتے۔ ہمارے اس رویہ سے دیگر ملطنتیں اب یہ سمجھنے لگی ہیں کہ انگلستان کی صرف دھمکی ہی دھمکی ہے۔ بقول اخبار سول ملٹری گزٹ اگر ہم شروع ہی میں بجائے معمولی امتناع کے زور سے یہ کہتے کہ "تم نے پورٹ آرتھر لیا اور ہم نے جنگ شروع کی" تو آئے دن جنگ بھی نہ ہوتی اور وہ مقام بھی روس کے قبضے میں نہ ہوتا۔ لیکن جب اُس نے وہ جگہ لیلی تو اب ایسا کہنا عقلمندی سے بعید ہے۔ کیونکہ اگر ہم زور اپنے حقوق لینے کے لئے تیار ہو جایا کریں تو کوئی سلطنت ہماری بات نہ ٹالیگی۔ لیکن موجودہ طرز عمل سے وہ متنبہ نہیں ہو سکتیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جن اصحاب کے ہاتھوں میں زمام سلطنت ہے وہ کسی قدر تنگ نظر ہو گئے ہیں۔ ایک مقام اُن کی توجہ مصروف رکھنے کے لئے کافی ہے۔ مگر وہ نہ جانتے کہ ہماری سلطنت جس قدر وسیع ہے۔ اسی قدر نوعیت واریاں بھی بڑھی ہوئی ہیں۔ خدا نہ کرے کہ کبھی ایسا وقت آئے۔ مگر جب تمام متعصب عالم میں ہمارے مقبوضات ہیں تو یہ امر بھی پیش آنا ممکن نہیں کہ ایک ہی وقت میں سب جگہ جنگ چھڑ جائے۔ اُس وقت ہم کیا کریں گے۔ موجودہ پالیسی تو بالکل ہی ہمارے برباد کرادینے کا باعث ثابت ہوگی۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہم اپنی دوسری پالیسی پر سرسری نظر ڈالیں اور حسب

علاج حاقہ قبل از وقوع باندکرد

یہ عملدرآمد شروع کریں۔ مثلاً روس ہی کے معاملے میں ہمیں وقت کا منتظر نہ رہنا چاہیئے کہ ٹرینس سائبیرین ریلوے تعمیر ہو جائے جس کے بعد ہم اگر اسپر پورٹ آرتھر میں زور ڈالیں گے تو وہ سر حد ہندوستان پر ہمیں ستا سکیگا۔ خواہ اس ستانے کا اندیشہ ہم کو ذرا بھی نہ ہو۔ مگر عقلا کے نزدیک "انسداد علاج سے بہتر ہوتا ہے"۔

اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی پیچیدگیوں۔ مشکلات اور کمزوریوں کو محسوس کر کے اُن کی اصلاح کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ اور نہ دول یورپ کی خواہش و سعی ترقی ہمارے تحمل اور درگزر سے بال بر نہ صرف دنیا کی نظر میں ہمارا پرستیج گھٹانے بلکہ ہم کو ملکی۔ مالی اور تجارتی نقصان پہنچانے کا باعث ہوگی۔ گزشتہ آئندہ گزشت۔ اب ضرورت ہے ایک پالیسی کی "جو بجائے خود مستقل اور تمام مصالح اسے کار رکھنے والی ہو"۔ یہ مرحب داب قائم رکھنے کی حاصل کر لیں کسی سے اختلاف بھی کرنا پڑے تو

کچھ مضائقہ نہیں۔ کیونکہ اتحاد روس و فرانس کے بعد انگلستان کا یہ خیال پہلا سا سدید نہیں رہا کہ سب سے الگ تھلگ رہے۔ اب صورت معاملات دگرگوں ہو گئی ہے ع زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز

پنجاب کا ترمیم شدہ بجٹ

بابت ۱۹۰۸-۹ء و ۱۹۰۹-۱۰ء اُمید سے بڑھ کر قابل اطمینان ہوا ہے۔ آمدنی میں بمقابلہ تخمینہ سابق ۱۱ لاکھ کا ہوا اور خرچ اندازے سے ۵ لاکھ بڑھ کر ہے۔ گویا ۱۴ لاکھ کی بچت ہوئی۔ جسپر پبلک کو ضرور اطمینار مسرت کا موقع ہے اگر آمدنی میں یہ ترقی وصولیابی لگان کے پرانے طریقے سے ہوتی۔ ترتیب بجٹ کے وقت چونکہ خیال تھا اس لئے معافی والتوائے مالگزاری کے خیال سے کئی لاکھ روپیہ حساب میں شامل نہیں کیے گئے تھے ایک طرف تو یہ آفت رفع ہو گئی۔ دوسرے فصل حسب مراد ہوئی۔ لہذا آٹھ لاکھ ۳۶ ہزار کا صرف میں اضافہ ہوا۔ اینگلو انڈین ہمعصر نے اگرچہ بجٹ کرتے وقت اس اضافے پر نوٹس نہیں لیا مگر ضرور ان مشکلات کا خیال کریگی جو اولئے مالگزاری زمینداروں کو اُٹھانی پڑتی ہونگی۔ سرکاری حصہ وصول کرنے کے لئے جو طریقے اختیار کیے جاتے ہیں وہ پوشیدہ نہیں۔ زمینداران پنجاب کی حالت خراب چلی جاتی ہے اور قحط نے رہا سہا بھی چوس لیا ہے۔ اگر مالگزاری وصول کرنے میں از حد آئندہ فضل تک آدھ تاہل کرتی تو زیادہ مناسب مالگزاری کے علاوہ آبکاری۔ رجسٹری و دیگر محصول یافت بھی زیادہ ہوئی ہے۔ ہاں عشر اسٹامپ ہوں پاکٹ گزٹ نے نہیں لکھی۔ گو بہاں ہے رپچھلے سال چونکہ قحط طاری تھا اس سے فروخت زیادہ ہوئی۔ لوگوں نے آبائی جا رہن رکھ کے گزارہ کیا۔ غرض میں جو ۱۴ لاکھ کی ہے وہ اصل میں کسی پبلک کام پر نہیں قحط کا جو صرف پہلے امپیریل گورنمنٹ کے گیا تھا اُسے لوکل گورنمنٹ کو برداشت کرنا پڑا۔ میں پنجاب کا خرچہ امداد قحط ۱۰ لاکھ ہوا ہے۔

گوروں کو اجازت شکار ملنے کے قواعد

غنیمت ہے کہ صاحب بہادر کی توجہ ان مرکات پر مبذول ہوئی جو اشتہائے شکار میں سیاہیوں سے سرزد ہوتی ہیں۔ حال میں ایک جنرل آرڈر جاری کر کے گوروں کو اجازت کے قواعد زیادہ سخت بنا دیے ہیں۔ اور حکم دیا ہے کہ وہ مزید برآں جو گورنمنٹ ہند کے شکار رولز ہیں

ہفت روزہ اخبارین پیسہ اخبار کی ضرورت ہی ایک پالیسی کی

کند تحمل بسیار مرد دانا بے قدر
کہاں چو تن بخشیدن آید کیا دشوار شود

اخبار پیسہ اخبار کے کثیر اخراجات و قریب تیس ہزار روپیہ کے ہوتے ہیں۔ وہ یقیناً اسی قیمت سے ادا ہو جاتے ہیں جو ہفت روزہ اخبارین پیسہ اخبار قیمت سالانہ کے حساب سے مقرر ہیں۔ تعداد خریداران ہفت روزہ اخبارین پیسہ اخبار تقریباً ۳۵ ہزار ہے۔ اس میں سے ہزار ڈیڑھ ہزار روپے محصول ڈاک کے نکال دیجئے تو ۳۳ ہزار روپیہ ہفتہ وار اور روزانہ پیسہ اخبار کا ڈاک خرچ بنتا ہے۔ اس حساب سے ہفتہ وار اور روزانہ پیسہ اخبار کا ڈاک خرچ محصول ڈاک کے سوا ۴ آنہ کا ہوتا ہے۔ اور ایک روپیہ کے محصول ڈاک کے سوا ۵ آنہ کا اخبار روانہ نہیں کرتا۔ سینکڑوں اخبارات کا خدا اور اخبار مطبع کی نگاہوں میں دیوتا ہے۔ ہفت روزہ کی قیمت ایک روپیہ نہ دیجئے تو وہ سخت تقاضا کرتا ہے۔ اخبار ہفت روزہ ملازمان مطبع میں ایڈیٹر ان کاتبان محرران فیلیر وغیرہ ایک مہینہ گزرنے کے بعد تنخواہ وصول کرتے ہیں۔ بلکہ بعض نو ہفتہ وصول کرتے رہتے ہیں۔ لیکن بعض ناظرین پیسہ اخبار ہیں کہ انہیں سالانہ قیمت کا مطالبہ تو نہیں ہوتی کیا ہوا کہ ذرہ بھی پیسہ اخبار کی قدر و منزلت کے خیال سے کہ اگر آپ کے کھانے کی چیزوں کے دام روک دیئے جائیں تو آپ کو کتنی تکلیف ہوگی۔ اگر آپ نہ دیجئے تو پیسہ اخبار نہیں بھیجا جائے گا۔ اخبار بند کر دیجئے۔ آپ کا پچھلا حساب باقی نہیں کریں گے۔ اخبار بند نہیں ہوتا۔ آپ کی خدمت میں اخبار کی قیمت وصول کرنے کا کوئی اور مناسب بذریعہ ویلیو پیبل کر بھیجنے کا انتظام نہیں ہو سکتا۔ بھیجا جاتا ہے۔ اس کو وصول کرنے کے لئے ہمارا ایجنٹ آپ کے پاس کوئی خزانہ نہیں ہوگا۔ اگر آپ کو ایسی تکلیف دہ طریقہ سے بذریعہ عدالت وصول کی جائے۔ اس وقت آپ کو اشتعال ہوگا۔ کیونکہ ہم ایسا کرنے پر مجبور ہیں۔ اور ہمارے پاس کوئی خزانہ نہیں ہے کہ اخبار جرم پہنچانے کے لئے موجود نہیں ہے۔

منشی مینیجر پیسہ اخبار لاہور

ہفت روزہ پیسہ اخبار

یوم پنجشنبہ - ۲۵ جون سنہ ۱۹۰۸ء

ضرورت ہی ایک پالیسی کی

کند تحمل بسیار مرد دانا بے قدر
کہاں چو تن بخشیدن آید کیا دشوار شود

گو عنوان مضمون پر کچھ لکھنے سے قبل میں اخبار وقائع والی اشاعت سے ایک نوٹ نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ جو مسٹر چیمبرلین وزیر نوآبادیات انگلستان کے متعلق حوالہ رقم ہوا تھا۔ وہ یہ ہے۔

"مسٹر چیمبرلین جیسے مدبر اور زمانہ شناس کو اتنا بڑا تقریر کرنے کا وقت کہ انگلستان بغیر کسی مددگار کے جنگ نہیں چھیڑ سکتا تھا۔ ۵ کروڑ عیاش

ہندوستان کے فیلڈ گاڈ بھی خیال کرنا چاہئے تھا۔ جاپان سے انگلشیہ کو بھاری مدد و شرکت تمام دنیا میں عدیم المثیل اور قوت اتحاد جانتے ہیں۔ ہمیں یہ بتانا کیا ہے اور کچھ غلط نہیں بتایا گیا کہ روئے زمین پر کوئی قوت ایسی نہیں ہے جو جرمنی بر حملہ کرے۔ ہمارا اور اتحاد اپنے ارد گرد کا لوہا ہی ہو۔ یا اپنے آپ کو کسی قوت جرمنی وہسپی میں اسکا ہمسر جانتی ہو۔ ساہل ہند کے لئے ایسی گورنمنٹ کے زیر سایہ زندگی بسر کرنا موجب امتیاز و افتخار ہے اور اس کے خلاف ایسا ایک لفظ بھی جس سے دولت انگلشیہ کی سرشان متقور ہوتا ہے سخت ناگوار۔ ہم ہندوستانی جانتے ہیں اور بہتر صحیح جانتے ہیں کہ یوں بالکل وفاداری چاہتے انگلستان و مسٹر کو نقصان پہنچتے دیکھ کر بھی درگزر کر جائے۔ اور زبان و سی باتوں پر جھگڑنے سے نوٹس نہیں خلاف کارروائی ہو لیکن ایسے معاملات میں جن سے ان کی عزت پر ذرا سا بھی حرف آتا ہے وہ خاموش بیٹھنے والا نہیں ہے کیونکہ ؎

کند تحمل بسیار مرد دانا بے قدر
کہاں چو تن بخشیدن آید کیا دشوار شود

روس ایشیا میں بیشک ہمارا رقیب ہے اور اس لئے ہمیں حکمت عملی بھی جگہ ہم سے بہتر لیجانے میں اچھی طرح صرف بھی کی ہے لیکن وہ ہرگز اس قدر قوت دیکھ بھالنے کے قابل نہیں سمجھا جا سکتا تھا جو مسٹر چیمبرلین کے ذکر کردہ بالا فقرے نے اس کو بخش دی ہے۔ خدا کی شان کہ انگلستان کو روس سے جنگ چھیڑنے کے لئے کسی مددگار کی ضرورت ہو گئی۔ جہاں تک دیکھا جاتا ہے ہماری جنگی قوت تنہا سے تباہ کر دینے کو کافی سے بہت زیادہ ہے۔ خاص جنگی سمندر میں جہاں کے متعلق مسٹر چیمبرلین نے تقریر کی تھی ہم اس سے زبردست ہیں۔ پھر کیوں کسی مددگار کو تلاش کریں۔ مسٹر چیمبرلین کی تقریر سے مترشح ہوتا ہے کہ روسی کارروائیاں ضرور اس قدر انگلستان کے منافی فوائد تھیں کہ اگر کوئی مددگار ہوتا تو جنگ چھیڑ دیجاتی۔ اس سے ہماری مجبوری ثابت ہوتی ہے جو کمزوری کی دلیل ہے اور بجائے ایکدلی ہم کیلئے روس کیا اس کے مددگار دانش سے بھی دوبدو کر رہنے والے نہیں"!

جیسا کہ امید کیجا سکتی تھی۔ مسٹر چیمبرلین کی تقریر نے نہ صرف ممالک متحدہ برطانیہ بلکہ تمام مہذب دنیا میں ایک ایسا سنسیشن پھیلا دیا جس کی نظیر بآسانی مشکل مل سکتی ہے۔ ہر اعظم اور امریکہ کے اخباروں نے اسپر زور شور سے تبصرے کیے اور انقلاب انگیز نتیجوں کو ایک بھاری حصہ مسٹر چیمبرلین کے ان اقوال سے ہاتھ لگ گیا کہ انگلستان کو گزشتہ معاملات چین پر روس سے لڑنے کے لئے ایک مددگار کی ضرورت تھی یا فی الحال اسے امریکہ کی سابقہ رشتہ داری زیادہ مستحکم کر لینی چاہئے۔ اس وقت مسٹر چیمبرلین کی پوری تقریر اور مختلف اخبارات یورپ و امریکہ نے جو اس کی نسبت اظہار رائے کیا ہے اسکا اجمالی مبصری پیش نظر ہے اور ان سب کو پڑھنے کے بعد بھی کوئی نتیجہ اس سے زیادہ پیدا نہیں کیا جا سکتا کہ مسٹر چیمبرلین نے یہ باتیں اس طرح علانیہ کہنے میں ذرا تامل کرنا مناسب تھا۔ ۲ جون کی رات کو ہوم آف کامنز میں اس تقریر پر سر جارلس ڈلک مسٹر لیسکو چیتھ اور سر ولیم ہارکورٹ نے جو حملے کئے ہیں ان کی تفصیل اگرچہ ہنوز معلوم نہیں ہو سکی مگر خدوخد سے کہ وہ جرمنی زبردست دلائل پر مبنی ہونگے۔ مسٹر چیمبرلین نے عذر لنگ پیش کرتے کہ جلسہ وزرا کا ہر ایک ممکن وزارت کی تقریر یا اختلاف رائے کا ذمہ دار نہیں ہو سکتا۔ اس عذر سے اگر ان کی یہ مراد ہو کہ وہ تقریر صرف اپنی کے نتیجہ خاندان کیجائے اور موجودہ گورنمنٹ کی رائے نہ سمجھی جائے تو وہ سخت غلط فہمی میں مبتلا ہیں اور اپنی اس دیرینہ شہرت کو نہایت صدمہ پہنچا رہے ہیں جو بطور ایک زبردست مدبر اور تجربہ کار پولیٹیشن کے انہیں حاصل ہو چکی ہے کیا ان کا یہ کہنا کہ مجھ میں اور لارڈ سالسبری میں ذرا بھی اختلاف رائے نہیں ہے۔ ان کی یہ تقریر درحقیقت انگلستان اور بعد ازاں سارے جلسہ وزارت کے سر نہیں منڈھتا؟ اور بالفرض اگر یہ تنہا انہی کی ذاتی رائے بھی ہو تو کیا وہ ایسے کامیاب اور معتمد شخص نہیں ہیں کہ ان کی تقریر سے انگلستان کی خارجی حکمت عملی کا اندازہ نہ کیا جا سکے؟ اور اگر ایسا اندازہ کیا جا سکتا ہے اور وہ اندازہ جہاں تک نظر فائدہ دیکھا جائے موجودہ خارجی پالیسی کو کمزور اور دبا ہوا ثابت کرتا ہے جس کے ذمہ دار لارڈ سالسبری ہیں۔ تو پھر کامنز میں ۲ سو بیس ممبر ملاقہ حاصل کرنے سے اگرچہ انہوں نے اس الزام کو کسی قدر رفع کیا ہے مگر اس سے اس نقصان کی تلافی نہیں ہو سکتی جو انگلستان کے رعب و داب کو ان کی سہل انگاری سے پہنچ گیا۔ لارڈ سالسبری کی خارجی حکمت عملی پر ان دنوں بہت ہی سخت حملے کئے گئے ہیں یہاں تک کہ جو اخبار خاص ان کی پارٹی کے ہیں انہوں نے بھی زور و شور سے ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ مگر ہم آج نہیں دریافت کر سکتا کہ اس چند سال کی مرغوبہ پالیسی پر لارڈ سالسبری کیوں اور وہ الزام کیے جائیں جبکہ انہوں نے اپنی تقریر جلسہ پر مرور لیگ میں بیان کیا تھا انہیں ایک ایسی حکمت عملی سے کام پڑا ہے جو سابق میں قائم ہوئی اور جاری کی ہوئی تھی۔ اس کا الزام ان لوگوں کے سر ہے جو اس کے جاری کرنے کا باعث ہوئے۔ چین کے معاملے میں اگر غور کیجائے تو غلطی اس وقت سے چلی آتی ہے جبکہ ونگ چین و جاپان کی سخت پر انگلستان نے مداخلت سے انکار کیا اور روس نے جاپان سے سکر دیا اور لیا تونگ خالی کرایا۔ اور اپنی صرف چین کر تا اور جنگ لڑا کرنے کے لئے قرضہ دلایا جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ چین میں اس کا اثر بڑھ گیا۔ شمال میں اس نے چند رعایتیں حاصل کر لیں اور سخو سا ریلوے کا ٹھیکہ اس کو دے دیا گیا۔ لارڈ روزبری کی وزارت کا زمانہ تھا۔ پھر لبرل فرینڈ کیا تھے کہ لارڈ

حفظِ صحت

استفسار

۵۱- مزمن بواسیر سے ایک دوست کا بدن بادی کے سبب سے پھولا ہوا ہے۔ اگر کوئی صاحب ناظرین اخبار سے مجرب نسخہ سے اطلاع فرماویں گے کہ وہ دُبلے ہو جاویں تو مشکور ہونگا۔ (شیخ صفدر اللہ ۱۶۲۷ء)

۵۲- خرابی وضعف جگر و معدہ۔ برس ڈیڑھ برس سے ضعف جگر وضعف معدہ میں مبتلا ہوں۔ پاخانہ میں خون اور بلغم پڑتے آتے ہیں۔ درد شکم اکثر اوقات رہتی ہے ہضم کا حال یہ ہے کہ ہوتی خون جگر میں نہیں بنتا اور جو بنتا ہے وہ قصد مدہم جگر بھی ہوا تھا جسم کے موجودہ خون میں شوریت بہت ہے کہ ناخن تک شکنجدار ہوتے جاتے ہیں۔ علاوہ بریں تمام اعضا کمزور رئیسکمزور ہو گئے ہیں۔ کوئی صاحب للہ کرم فرما کر کوئی نسخہ تحریر فرماویں۔ دعائے خیر کرونگا ایک مسکین غریب الوطن (از بختیار پور)

علاج

۵۸- صرع (بجواب استفسار ۵۳)- درخت آک یعنی مدار کا بڈا جس کو گرم خرک بھی کہتے ہیں۔ سایہ میں خشک کر کے اس کے نصف وزن مرچ سیاہ ملا کر ایک پیسہ ایں قبیل بحالت وقوع عارضہ دو بصہ اس کے مصروع کی ناک میں نفوخ کرنا مجرب دل ہے صرع (عبدالعزیز جہلمی)

۵۹- کیل (بجواب استفسار ۵۵)- پیٹرولیم آئیوڈائڈ ۳ گرین۔ ڈاکٹر کشن سہائے لگو ڈا ایک ڈرام۔ شربت عناب ایک تولہ۔ عرق بید مشک اور کیوڑا ہر دو زن ۲ تولہ۔ پانی مقطر ملایا ہوا آدھ چھٹانک۔ ایسی دو خوراک صبح و شام استعمال کریں۔ اور سمپل آئنٹمنٹ ایک اونس میں سبالمائڈ سلفر ۵ گرین۔ کاربالک ایسڈ ۱ بوند ملا کر بوقت خفتن رات کو آنکھیں بند کر کے تمام چہرہ پر مل لیا کریں۔ علی الصبح گرم پانی سے دھو لیں۔ بہت جلد فائدہ ظہور میں آویگا۔ (محمد اسمٰعیل منیجر میڈیکل ہال جنڈیالہ)

۶۰- آنکھوں کے سامنے مچھلیاں (بجواب استفسار ۵۹)- مغز بادام ۶ ماشہ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ ہر دو زن ۳ ماشہ۔ مغز کدو ۳ ماشہ کاسنی ۶ ماشہ سب کو گھونٹ کر پاؤ پختہ شیر گاؤ ملا کر صبح ۲ تولہ حل کر کے علی الصبح نہار پی لیا کریں۔ اور رات کو کھانا مضر ہونے کے بعد ہر بار ہڑ کلاں گرم دودھ کے ساتھ استعمال کیا کریں۔ ایک ہفتہ تک خواہ کیسی ہی کمزوری کیوں نہ ہو صفرا دور ہو جاویگی (ر)

۶۱- بالوں کی کمزوری (بجواب استفسار ۶۰)- ہڑ کلاں ایک عدد رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور نسخہ مندرجہ ذیل بوقت بجھ دن کے پی لیا کریں۔ بالوں کی بہت جلد طاقتور بنا دیگا۔ سانسرلٹ ڈاسپانہ ۱۵ بوند۔ سپرٹ ایمی بھائی ۲ ڈرام۔ گلوسروفارم ۱۰ بوند۔ ایسٹن سیرپ ۱۵ بوند۔ پانی ایک اونس۔ یہ خوراک پی کر ایک گھنٹہ کے بعد شیر گاؤ پاؤ پختہ مصری ڈال کر نوش فرما لیا کریں۔ مجرب ہے (ر)

گمنام و نشان خیز

۳۹- عرصے سے میرا بھائی مسمی عمر الدین ولد نہالا قوم ملاح سکنہ موضع سنڈا ضلع امرتسر برائے تلاش ملازمت تین سال سے گیا ہوا ہے۔ پچھلے سال اس کے خط علاقہ راولپنڈی سے آتے رہے۔ مگر پھر کوئی خط نہیں آیا۔ لہذا آپ کی خدمت میں التماس ہے کہ آپ براہ نوازش اپنے پرچہ میں مشتہر کر دیں کہ اگر کسی صاحب کے پاس ملازم ہو تو اس کا مفصل پتہ ارقام فرماویں تاکہ اس کے متعلق خط و کتابت کیجاوے یا جا کر لایا جاوے (گوندا ملاح از میانی ضلع ہوشیار پور)

عام

سوال

۵۶- میرے پاس ۵ سو روپیہ نقد موجود ہے۔ میں اس سے اس قسم کی تجارت کرنا چاہتا ہوں جس سے مجھے ماہوار بچت کم سے کم ۴۰ روپے ہو جایا کرے۔ اگر کسی صاحب کو کوئی ایسی ترکیب معلوم ہو تو براہ مہربانی بذریعہ اخبار ہذا مجھے مطلع فرما کر ممنون فرماویں (سوحیت سنگھ از گھڑل)

۵۷- تاریخی نام- بتاریخ ۱۸ شوال ۱۳۱۵ھ کو خدا تعالیٰ نے کمترین کو پوتا نونہال عنایت فرمایا ہے۔ لہذا التماس ہے کہ ایک مبارک نام جس سے سنہ تولید معلوم ہو چند نام تحریر فرماویں۔ برخوردار مذکور کے بڑے بھائی کا نام محمد نور خاں اور منجھلا کا نام محمد اختر خاں و محمد اکبر خاں۔ اور والد کا نام فتح اللہ خاں ہے۔ اور نام شرعی ہو۔ اور خاندان سے متعلق ہو (چودھری صوبیدار رحمٰن خاں ۵۵۰۰)

جواب

۴۷- سانپوں کا مکان سے دفعیہ (بجواب سوال ۴۵)- کسی صاحب نے ہفتہ وار پیسہ اخبار میں جنکا نام مجھ کو یاد نہیں سانپ کے بھگانے کے واسطے کوئی مجرب نسخہ دریافت فرمایا تھا۔ آپ مندرجہ ذیل ترکیب مشتہر فرما کر داخل حسنات ہوں۔ سنو شادر ورائی ہو زن بیس کہ مکان میں جا بجا چھڑک دیں سانپ ہرگز نہ رہیگا (میر سجاد علی)

۴۸- ایضاً- استفسار ۴۶ میں ایک صاحب خریدار ۱۹۱۳ء سانپوں کے دفعیہ کی دوا دریافت فرماتے ہیں۔ چونکہ سانپوں کا موسم ہے بغرض اطلاع سائل و برائے رفاہ عام جواب تحریر ہے۔ (۱) معلوم ہو کہ بنبا کو کے مرکبات تفتیش حکما میں سانپ کے زہر کے لئے تریاق ثابت ہوئے ہیں۔ نظر بریں اجمال حقہ کا پانی مکان کی گزرگاہوں پر چھڑکنے سے سانپ دفع رہتے ہیں (۲) آیوڈائڈ آف سٹرچ جس مکان میں رکھا جاوے سانپ اس میں داخل نہیں ہوتے۔ یہ سادہ طور سو اس طرح بھی بن سکتا ہے کہ ٹنکچر آیوڈین ایک حصہ اور صیہ ۴ حصہ ملا کر رکھ چھوڑیں (۳) کاربالک پوڈر عرف میکدونلڈ پوڈر جو ایک قسم کی دافع عفونت بودر ہوتی ہے۔ مکان کے میلی اور سوراخ دار حصوں مشتبہ جگہوں میں چھڑکنے سے سانپ کافور ہو جاتے ہیں (محمد بخشاں ضلعدار ساہوتری)

شعر و سخن

ستاروں کی روشنی

(برائے پیسہ اخبار)

[منشی ارتضا علی صاحب شرر کاکوروی مال نائب تحصیلدار شاہ آباد نے ایک انگریزی نظم سے اردو نظم میں ترجمہ فرمایا۔ اخلاقی نتیجہ جو اس سے پیدا ہوتا ہے وہ نہایت لطف انگیز ہے۔ مترجم ایک شاہ آبادی ہیں]

رات آئی مگر بہ دیر آئی — ظلمت شب ہر اک طرف چھائی
چپکے چپکے یہ چاند چھوٹا سا — آڑ میں آسمان کی آیا
بے ضیا ہو گئی ہیں ارض و سما — محملہ لمعۂ ہیں ماہ و نجوم
اب کوئی روشنی نہیں باقی — ہاں ستاروں کی روشنی ہے ضو
جو کہ پہلا تھا رات کا پہرا — ہم نے مریخ سرخ کو سوچا
کیا یہ مریخ چرخ الفت کا — ہے کوئی سرخ ہیرے کا ٹکڑا
یا کہ اس رات کا ہے یہ اختر — جس میں دیکھی تھی خواب خوش
یہ نہیں اور کچھ ہے اسکے سوا — چرخ ہے ایک نیلگوں دریا
اس میں بیٹھا ہے اک دلیر جوان — اس کا ہتیار ہے یہ نور افشاں
چرخ پر وہ ستارۂ احمر — یوں چمکتا ہے جس طرح خنجر
نظر آتا ہے جب وہ سیارۂ — دل کا ہوتا ہے اور بھی بیتاب
اے درخشاں ستارۂ احمر — اب تو چشمک زنی نہ کر مجھ پر
دور مجھ کو خدا نے بخشا ہے — ہم ضعیفوں پہ مسکرا تا ہے
دیکھ پھر دیکھ تو قوی ہوں میں — ایک مضبوط آدمی ہوں میں
ہے اگر دن میں روشنی کچھ بھی — تو ستاروں کی روشنی بھی ہے
اپنی دھن کا ہے پورا یہ سیار — ہے یہ خاموش مستقل خود بھی
اک نئے رنگ کا ستارا ہے — میرے سینے سے یہ نکلتا ہے
جتنی سینے میں ہیں تمنائیں — اور آتی ہوں جس قدر ہائے
سب کو اک روز دل سے ہٹنا ہے — ہر تمنا حباب دریا ہے
ہاتھ سے دو کبھی نہ استقلال — زور ہمت کو ہو کہیں زوال
ہے فنا ایک روز دنیا کو — نہ کرو اس سے خوف تم قدر ہیں
اُف نہ کرنا کسی مصیبت میں — ہو تغیر کبھی نہ حالت میں

عقل کی باریکیاں

عقل کی باریکیاں دکھلا رہی ہیں جا بجا — جدھر دیکھو نظر آتا ہے تیرا ہی جلال
ہر زمین شور حکمت سے تری ہے گوشہ گوشہ — خاک سے ہوتی ہے پیدا لطف و رحمت کی مثال
کیوں نہ عقل سالم بھی کبریا کی شان ہے — آدمی وہ ماخذ ہے عقل کی جو کان ہے
آئینہ جس نے بنایا تھا سکندر کی عقل — آپ بھی جس نے تھی پائی بوعلی کی عقل
ہوتی ظاہر ہیں سونگی نہ چھوئی وہ عقل — کام کرتی ہے پرے حد حواس و ادراک
عقل اگر ہوتی نہ دنیا میں تو دنیا خاک تھی — جسم بے جاں نہ گر موزوں تو کیا پوشاک تھی
عقل کی باریکیاں دیکھ کر کیا نیچر نے — جس طرف دیکھیے ہے عقل ہی کا جلوہ
دیکھ کر سامان حیرت اہل دنیا رنگ اپ — موتیوں کی شکل میں اب یہ ہے
پل کہتی ہے ہوا سے ہیں باد تیز ہوں
تار کہتا ہے کہ میں بھی تو تحیر خیز ہوں
(از اخبار سررشتہ تعلیم اودھ)

"تو پاک باش ہر اور بدار از کس پاک" (سعدی)

پیسہ اخبار

یوم پنجشنبہ - ۲۴ جون سنہ ۹۸ء موافق ۹ صفر سنہ ۱۳ ہجری مطابق ۱۷-۱-اسلڈھ سمت ۹۵ بکرمی | جلد ۱۲

مذاق

ایک دفعہ ایک لڑکے نے اپنے یاروں کے پاس گپ ماری کہ آج بادشاہ نے ہمارے ساتھ گفتگو کی۔ اور جب اُس سے پوچھا گیا کہ "کیا فرمایا تھا؟" تو کہنے لگا کہ "آؤ تو کچھ نہیں کہا صرف یہ کہا تھا کہ دستہ چھوڑ کر کھڑے ہو جاؤ"۔

ایک شخص اپنی بہادری بیان کر رہا تھا کہ ہم نے ایک دفعہ بیس غریبوں کو بھگا یا۔ لوگ حیران ہوئے کہ یہ تو بہت تعجب کی بات ہے۔ آپ نے کس طرح ایسے بہادر آدمیوں کو بھگا دیا۔ کہنے لگا کہ یار اس میں تو کچھ بھی تعجب کی بات نہیں ہے۔ بھی میں آگے آگے بھاگا اور وہ میرے پیچھے بھاگے"۔

ایک چھوٹا سا لڑکا: "اماں جان میں سمجھتا ہوں کہ حسن کی ماں سوتی ماں نہیں ہے وہ ضرور اس کی سوتیلی ماں ہے"۔

والدہ: "کیوں؟"

چھوٹا لڑکا: "کیوں کیا وہ ضرور ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ جب وہ اُسے کہتی ہے کہ اچھا دیکھنا آج میں تیرے ابا جان کو تیری بات کہوں گی تو وہ ضرور کہہ ہی دیتی ہے"۔

ایک بوڑھے آدمی کے ہاں توام بیٹے پیدا ہوئے۔ سارا محلہ میں بڑا ان بڑے میاں کو اُن کے ایک پرانے دوست ملنے گئے اور یوں کہنے لگے:-

دوست: "یہ کہو حضرت مبارکباد سنتا ہے کہ آپ کے گھر میں نئے آدمی آئے ہیں"۔

بڑے میاں: "جی ہاں آپکی عنایت ہے" (یہ ان کا تکیہ کلام تھا)

دوست: "بہت خوب۔ تو پھر ایک بوتل تو ضرور منگائیے گا"۔

بڑے میاں: "ایک چھوڑ دو"۔

آکسفورڈ اور کیمبرج انگلستان میں جہاں کی یونیورسٹی دنیا بھر میں مشہور ہے کالج کے ایک ہیڈ دار پادری صاحب سے اپنا پیدائشی لے چلے جاتے تھے سو کئی طالبعلم آرہے تھے مگر انگوٹھی نہ تھی۔ کوئی آثار کو سلام نہ کیا۔ انہوں نے اس کو تحقیر سمجھ کر ایک طالبعلم اپنے پاس بلایا اور اس سے پوچھا۔ پادری: "کیا تم مجھے جانتے ہو؟" طالبعلم: "جی نہیں جناب"۔ پادری: "تعجب کالج میں آئے کتنے دن ہوئے؟" طالبعلم: "صرف آٹھ روز"۔ پادری: "اوہ۔ ٹھیک ہے۔ کتے کے پلے نئے ہی پیدائش سے نو دن پہلے آنکھیں نہیں کھولتے"۔

عجیب عجیب باتیں

یورپ میں شادی کے متعلق اعتقاد اور رسوم

یگیریہ میں شادی کے لئے چہار شنبہ اور پنجشنبہ بالخصوص اچھے دن تصور کیا جاتا ہے۔

اکثر ملکوں میں رسم ہے کہ دولہا اور دولہن کے پیچھے چاول پھینکتے ہیں۔

سکاٹلینڈ میں سال کا آخری دن شادی کے لئے عموماً بہت پسند کیا جاتا ہے۔

ڈربی شائر اور انگلینڈ میں شہد کی مکھیوں کو شادی میں دعوت دیجاتی ہے اور اُن کے چھتے آراستہ کئے جاتے ہیں۔

ہندوستان اور نیز اکثر ممالک یورپ میں شادی کے روز سنیچر منحوس سمجھا جاتا ہے۔

اٹلی میں ایک مثل ہے کہ جمعہ اور سہ شنبہ کے دن نہ شادی کرنی چاہیے نہ سفر۔

انگلستان میں دولہن کا سبز لباس پہننا بہت نحس خیال کیا جاتا ہے۔

یونان میں جب تک دولہا کا باپ کچھ دینے کا وعدہ نہ کرے اُس وقت تک دولہا مکان کے اندر داخل ہوتا ہی نہیں۔

شمالی انگلستان میں رسم ہے کہ شادی کی روٹی کو لکھوٹے کر کے چھلنے میں چھید کر کے مجمع میں پھینک دیتے ہیں۔

روس میں شادی کے دن شام کو شادی کی روٹی دولہن کو نہیں کھانے دیتے اور نہ خیال کرتے ہیں کہ دولہا کی صحبت نہ رہیگی۔

سکاٹ لینڈ میں دولہن کے سر پر روٹی کے ٹکڑے کر کے ڈالے جاتے ہیں۔

اسپنسر (یونان) میں دولہا کے گھوڑے پر شراب کی پیالی انڈھائی جاتی ہے۔

اکثر لوگ چاند کے بڑھنے کے دنوں میں شادی کرنا نیک سمجھتے ہیں۔ دریا میں رہنے والے جلد دولہ کے دنوں میں اور ہیجنز والے رمضان ہلال کے روز۔

جرمنی میں کنواری لڑکیاں پسندیدہ اشخاص کے نام چاندی کی عینکوں پر کندہ کرا کے اپنے نام کے ساتھ ہاتھی تیراتی ہیں۔ جس نام کی عینک لڑکی کے نام کی تختی کے قریب آجائے اُسی سے شادی قرار پاتی ہے۔

زمانہ متوسط میں شادی کے دن بلی کا چھینکنا نقصان نیک سمجھا جاتا تھا۔ لیکن کتے کا بھونکنا مثل زمانہ حال جب بھی فال بد خیال کیا جاتا تھا۔

روس کے بعض ملکوں میں شادی کے لئے وہ لڑکیوں پر

رعایت — محصول ڈاک معاف

نقالوں کے منہ پر لعنت

نوٹ ہمنے اپنے خریداروں کے فائدہ کی خاطر محصول ڈاک معاف کر دیا ہے۔ قیمت مقررہ سے صرف ۴ر کمیشن منی آرڈر زیادہ دینے ہونگے۔

عرق عشرت مرکب

خارش جسم۔ ریزہ جسمی کھجلیاں۔ آتشک کے لئے تریاق ہر شیشی عرق ۱۲ کا ۱۲ (۱۲)

آتشک کی گولیاں

آتشک کے لئے اکسیر ہیں قیمت ۴۸ پڑیہ ۸ عدد

پوڈر دافع آتشک

آتشک کے زخموں پر چھڑکنے سے زخم آتشک جاتے ہیں فی پیکٹ ۱ عدد

عرق دافع سوزاک و قرحہ

۲۴ گھنٹے میں مدہ پیپ کو دافع جراثیم اور چند یوم میں صحت کلی ہو جاتی ہے قیمت فیشیشی ۱۲ ۱۲

دوائی پچکاری

برائے سوزاک (قرحہ) سے دوائی پچکاری کرنے کے واسطے بھیجی جاتی ہے

عرق طحال

ہلیپ تلی کے واسطے لاثانی علاج ہے ۲۴ خوراک ۸ عدد ۴۸ خوراک ۱۲ عدد

سرمایہ عشرت

اسم باسمی مقوی تخمین نیم جان کی تیر بہدف کمالنے کے واسطے ۱۶ گولی ۱۲

نوٹ۔ مریض کی عمر اور حالات مرض سے مفصل اطلاع دیں۔

نقالوں کے منہ پر لعنت

الفروڈیزیاک

مقوی باہ۔ دل ضعف اعصاب وغیرہ قیمت فیشیشی (۱۲)

نروائن ٹانک

علاج نامردی۔ کم طاقتی و کمزوری ۶۰ گولی ۱۲ ۱۲۰ گولی

روغن طلا

مالش سے رگوں پٹھوں میں طاقت آتی ہے۔ پھالا (۱۲) انہیں فیشیشی دو روپے (۲)

نوایجاد خضاب

صرف ایک منٹ میں بال سیاہ کرتا ہے فیشیشی

بابو کی خوشبودار کشتہ

یہ روغن خوشبو کے علاوہ دماغ اور کو طاقت بخشتا ہے۔ ایک چھٹانک ۲ چھٹانک ۸ عدد

ولایتی سرمہ

یہ سرمہ ضعف بصارت۔ قائم رکھنے کے لئے بہتر سیاہ فیتولہ ۱۲

بچھو کاٹے کا علاج

ہاتھ نیش پر لگانے سے ۸ ۹۰ بوند

تمام فرمائشوں کی تعمیل بطرز احسن ہر ایک ۸ عدد

کاف مکسچر

تر و خشک کھانسی کا مسلمہ علاج ہے۔ فیشیشی ۱۲

کالرا کیور

سیفہ بہال پیچش کا بے نظیر علاج ہے فیشیشی ۱۲ عدد ۸

امنوریہ پلز

احتباس بول ایام افراط شاں آنے اور دیگر امراض کو ۲۰ گولی ۱۲ اور ۴۰ گولی

اسپرمٹوریہ پلز

واسع کثرت احتلام و خیالات ۴۰ گولی۔ عدد ۸ ۸۰ گولی

تمام فرمائشیں بنام محمد امام الدین مینجر و کنور یہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر

غلامی

اشتہاری طبیب

ہندوستان میں سینکڑوں طبیبوں کی جمعی یہ کثرت ہونے پر بھی اگر یہ کہا جائے کہ ہندوستان کے لوگ اسقدر بے علم و ناواقف نہیں ہے۔ یہ تو ہے کہ کم کس کو دیدہ کہ دیدہ ممکن ترش مت۔ لیکن یہ مریض کا فرض ہے کہ وہ اپنی جان کو کسی سیانے کے ہاتھ دینے سے پہلے اتنا تو دیکھ بھال لے کہ طبیب یونانی ڈاکٹری۔ دیسی یا ہومیو کوئی طریقہ علاج کیے۔ معالج نے باقاعدہ سیکھا ہے یا نہیں۔ سوائے انتظامی نیم ملا کے کوئی سند بھی اسکے پاس ہے یا نہیں۔ یہ کیسا ستم ہے کہ بیشتر ناواقف مریضوں کے شفا یا بی چیز کی باگوں پر بیٹھکر جاہل اور بیوقوف لوگ اپنی عزیز جانیں گنوا بیٹھتے ہیں اپنی حالت ناقابل علاج بنا لیتے ہیں۔ لیکن ہمیں تو اپنی غلطی کی سزا ملتی ہے۔ خود کردہ را علاجے نیست۔ میرا مدعا یہ ہے کہ کبھی سند لیکر بیٹھنا کسی کو پیشہ کرنا ہے تو وہ سند ہو جو صرف انہیں لوگوں کو ملتی ہے جو طب یونانی و ڈاکٹری کو چار سال تک باقاعدہ میڈیکل کالج میں تحصیل کرکے امتحان میں پاس ہوئے ہوں۔ اور پھر ہاؤس سرجنی کے ڈاکٹروں کے سامنے میں پاس ہوئے ہوں۔

ہمکو سرکاری ہسپتال میں اکثر ہومیو پیتھس

ہاؤس سرجن کام کریں + ہاؤس مریضوں کا علاج

کیسکے ساتھ بھی کرتے ہیں۔ مریضوں کا فرض ہے کہ قابل ڈ

ڈاکٹروں سے مشورہ لیں۔ ہمارے ہاں ہر قسم کے مزمن اور پرانے تشخیص امراض ہم سے طلب کریں اور اسمیں کی حالات قابل بیان ہیں۔ ہمارے پاس آجائے اور پھر ٹھیک کرے

حب مسہل

تازہ دانتوں کو مضبوط کرکے بہ برسیل گیزہ۔ گوشت خوک کو دور کرکے خوش رنگی ملیح چکدار بناتا ہے۔ معدوں کی کمزوری نیا پیدا کرتا ہے اور امتحان سے دور رکھتا ہے تو تولہ (عہ)

حب لوا سیر

خونی ہو یا بادی۔ ریحی ہو یا سادی سے اندرونی یا بیرونی استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ ۲ تولہ (عہ)

حب ہیضہ

ہر قسم ہیضہ کا توڑ۔ نالوں کا قلعہ قمعی کا کایاں۔ درد شکم۔ درد سر دردی تپ سوزش معدہ۔ جلن کا دور دورہ جس کی چپیٹ کا دن بھر تڑپتے رہنا سر کا چکرانا دھڑکتی ہیں۔ جگا سفید کثرت شرب خوری سے خراب ہو جانے پر بڑھ جاتے۔ ناقابل رحشہ تو ایک ایک بار آزما ۲ درم (عہ)

جوشاندہ

خون کی خرابی جو پھوڑے پھنسیاں نکلتی ہوتی۔ سم ہو جو خارش ہوں۔ اسکے دفعیہ کے لئے اتفاق حکماء یونان ہندوستان انگلستان تیر بہدف ہے۔ انگریزی علاج سے شراب وغیرہ ہونے کے لوگوں کو اسکا استعمال بہت سے باجزا مناسب اس ملک کے بنایا ہے +

قیمت فیصل (عہ)

حب مقوی اعضاء

جب جوانی کی خطاکاریوں سے ہو گیا ہو تو یہ اکسیر ہے۔ ضعف دماغ ضعف قلب ضعف جگر ضعف معدہ ضعف باہ ضعف اعصاب۔ ضعف بصارت۔ ضعف سوء ہاضمہ ضعف مثانہ ضعف جملہ اعضاء رئیسہ کی بیماری اور خرابی کا علاج ہے۔ ہر قسم کے ضعف کو جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔ تمام نقصوں کو جو جسم میں ناقصوں پیدا کر دیں انکے رفع کے لئے مثل اور بے نظیر دوا ہے حافظہ بڑھاتا ضعیفان کے دور کرتا ہے۔ ان کو جیسے رکھتا ہے۔ استعمال کرتے ہی فائدہ نظر آتا ہے۔ دافع امراض۔ جمیع مفاسد شہوانیہ مخصوص بیماریوں کا درد۔ چہرہ پر چھائیں۔ پیلاہٹ۔ ناقہ میں جلن۔ درد مقعد۔ تپ دق۔ دق۔ دائمی سوزش گرمی جاتا ہے تو ہم رفیق شفا ہے۔

قیمت دو درجن صرف (عہ)

حب چوب چینی

خرابی خون اور عورت کے ایام معمولی کا نگاڑ۔ درد جسم۔ اس پرانے جوڑوں کے امراض۔ جمیع مفاسد شہوانیہ مخصوص بیماریوں کا درد۔ چہرہ پر چھائیں۔ پیلاہٹ۔ ناقہ میں جلن۔ درد مقعد۔ تپ دق۔ دق۔ دائمی سوزش گرمی جاتا ہے تو ہم رفیق شفا ہے۔

قیمت دو درجن صرف (عہ)

حب مسہل

ناسوروں کے لئے مرہم ناکاموں کے لئے کامیاب نکتہ کو نیاں کے لئے بہتر کو مست گفتار کی (عہ) ایک درجن (عہ)

حب جریان

کمزوری۔ درد۔ طبیعت میں پریشانی نسیان۔ اوقاتی۔ پیشاب میں بہت سفیدی نکلتی ہو تو آزما ۲ گولی ۲ ہفتہ قیمت (عہ)

روغن اعجاز

ناسور سرطان بہ سکندر کے دور کرنے کا خلاف ہے۔ بڑھ ہوئی تیز تاکو کو سوکھا دیتا ہے۔ جو بہت سے جاری ہیں ان کا چارہ کرتا ہے۔ زخم میں جب درد و ورم کی کثرت اور گلیوں کی بہت سے تو تنگ ۲ تولہ اور اسی چند قطرے ۲ تولہ (عہ)

بخاروں کا حکمی علاج

۴ پڑیوں کے دینے سے ہر قسم کا بخار دور ہو جاتا ہے۔ ۲ تولہ (عہ)

ورد سر کی دوائی

سر درد کا دورہ ہو (عہ)

اصلاح صحت

جیض کا رک جانا۔ یا بند ہو آنا یا درد ہونا لکھا ہے۔ تو ان کو ہمیں مکمل استعمال سے سب تکالیف دور ۲ ہفتہ (عہ)

جریان بالدم

عورتوں کی سوت پیچک چیچک خسرہ پانی ریم سے جاری ہے۔ ہر قسم کا خون ہو کر آتا ہے۔ رنگ زرد ہو جاتا ہے۔ جسم لاغر و سر میں درد و ضعف بین گولیوں کے کھانے سے عافیت ہو سکتی ہے۔ ۲ ہفتہ (عہ)

دوائی خارش خشک

تین دن میں ڈالے ترتیبوں یا خشک صرف ملنے سے جسم پاک و صاف ہو جاتا ہے جن لوگوں کی رانوں میں سیسہ چوتڑ سیاہ پڑ گیا ہو اور کھجلی بہت ستاتی ہو آزما ئیل ۲ تولہ (عہ)

روغن سپند عالم

عورت خواہ کتنے بچوں کی ماں ہو چاہے بہتان نہیں رہتے آزمائے فیشہ ہی۔ (عہ)

سرمہ

بعد فصل صرف سرمہ نظر دور کرنے سے چہرہ پر بارونق۔ لوزی گلفام سا ہو جاتا ہے تولہ (عہ)

حب یمقام ایون

ایون و ہنڈ و بلا ضرر جھوٹ جانتے ہیں اور کبھی قسم کی تکلیف نہ ہو گی بہت

پالدامن

نوجوان بیوہ کو عصمت رکھتا اور جوش جوانی مرد ان کو کرنا چاہیے تو اس دوا کو ضرور استعمال کرے (عہ)

تریاق النعال

گلو کی گرنتھی اور چھاتی کی ہاتھ بوجہ کثرت اخراج بلغم۔ کھانسی اور سرد کام کھانسی تردد۔ دمہ ہو جاتا ہے قیمت ایک تولہ (عہ)

ترود کش

جن لوگوں کو ذرا سی ہوا لگنے سے بال آنکھ آنے لگتے ہیں ان کو ضرور استعمال کرنا چاہیے قیمت فیصل

ملذذ

اسکے کھانے سے مرد غالب دخول پر پھر منی کی کیفیت۔ بچھڑا ذوق

حب یابیس

بار بار پیشاب آنے سے پیاس تیز لگتی ہے۔ دھوپ کی برداشت نہیں رہتی۔ جسم لاغر۔ قلت غرب ضعف اعضاء رنگ پیلا ہے شکستہ و در کرکے قوت بحال اور کمزوری نہیں ہوتا۔ جو اکثر مریضوں کو ہوتا ہے بہت ایک تولہ (عہ)

حرز جال

وہ قوت جسے نقاہت سل سلی ہو جاتی ہے وہ قوت بچے زیادہ مرد ہوتے اور عورت طوطے ہوتی ہے اسکے بغیر غریب و دگدا اکھڑے ہوئے ہیں اگر آپ قوتہ کو تازہ رکھنا چاہتے ہیں اولاد خوبصورت خوب سیرت اور خانہ آباد ہو جاتی ہے ایک تولہ (عہ)

نعمت و بہا

بہرہ پن کان میں ڈالتے ہی فوراً سماعت دور ہو جاتا ہے اور پھر کبھی نہیں ہوتا۔ کانوں کی بیرونی حصہ ہو جاتی ہے ایک تولہ (عہ)

سفت (۲ ہفتہ) سفت

یہ مرتبہ بچوں کو لگی کرنے سے جاتا ہے کہ ماؤں کو ضرور استعمال کرنا چاہیے۔ ماؤں کو تو ضرور ہی ہے۔ اسکے استعمال سے ہر قسم کے دانے دانہ کا فائدہ ہو جاتا ہے اور آپ کسی مرض سے محفوظ رہتے ہیں

حب شمال

اس سے بہتر اس مرض کے دور کرنے کے لئے کوئی دوائی نہیں ہے تین لازمہ ہوتے ہے (عہ)

رعنا

وہ دوا ہے جو بچے کو کیسی بیماری کو دور کرکے چہرہ کو نور چمن کی طرح شگفتہ کر دیتا ہے۔ بچہ کی نشست صرف ایک دو ہفتہ (عہ)

روغن سپند عالم

عورت خواہ کتنے بچوں کی ماں ہو چاہے بہتان نہیں رہتے آزمائے فیشہ ہی۔ (عہ)

سرمہ

بعد فصل صرف سرمہ نظر دور کرنے سے چہرہ پر بارونق۔ لوزی گلفام سا ہو جاتا ہے تولہ (عہ)

پالدامن

نوجوان بیوہ کو عصمت رکھتا اور جوش جوانی مرد ان کو کرنا چاہیے تو اس دوا کو ضرور استعمال کرے (عہ)

ترود کش

جن لوگوں کو ذرا سی ہوا لگنے سے بال آنکھ آنے لگتے ہیں ان کو ضرور استعمال کرنا چاہیے قیمت فیصل

ملذذ

اسکے کھانے سے مرد غالب دخول پر پھر منی کی کیفیت۔ بچھڑا ذوق

حرز جال

وہ قوت جسے نقاہت سل سلی ہو جاتی ہے وہ قوت بچے زیادہ مرد ہوتے اور عورت طوطے ہوتی ہے اسکے بغیر غریب و دگدا اکھڑے ہوئے ہیں اگر آپ قوتہ کو تازہ رکھنا چاہتے ہیں اولاد خوبصورت خوب سیرت اور خانہ آباد ہو جاتی ہے ایک تولہ (عہ)

نعمت و بہا

بہرہ پن کان میں ڈالتے ہی فوراً سماعت دور ہو جاتا ہے اور پھر کبھی نہیں ہوتا۔ کانوں کی بیرونی حصہ ہو جاتی ہے ایک تولہ (عہ)

بخاروں کا حکمی علاج

۴ پڑیوں کے دینے سے ہر قسم کا بخار دور ہو جاتا ہے۔ ۲ تولہ (عہ)

ورد سر کی دوائی

سر درد کا دورہ ہو (عہ)

سفت (۲ ہفتہ) سفت

یہ مرتبہ بچوں کو لگی کرنے سے جاتا ہے کہ ماؤں کو ضرور استعمال کرنا چاہیے۔ ماؤں کو تو ضرور ہی ہے۔ اسکے استعمال سے ہر قسم کے دانے دانہ کا فائدہ ہو جاتا ہے اور آپ کسی مرض سے محفوظ رہتے ہیں

ڈاکٹر حکیم غلامی ٹرسٹ الحکمۃ میونسپل کمیٹی ایڈیٹر رسالہ حاذق صحت یوحی و ۱۱ اعوان انارکلی لاہور

ممالک غیر

— زار روس نے اپنے فوج کے تھکے ہوئے سپاہیوں کے علاوہ سلطان اعظم کو ایک چھٹی جس کا دستہ ہیروں سے مرصع ہے۔ اور چاندنی کے طلائی و نقرئی برتن اور مرتبان بھر بھر کے بھیجے ہیں۔

— مسئلہ ناگپور کے متعلق عہدنامہ مکمل ہو گیا ہے۔ اب صرف برٹن اور فرانس کے دستخطوں کا انتظار ہے۔ اس کے متعلق برٹن بوسار اور فرانس نکی۔ وسطی ناگپور کے دو بندر کاہل اور ڈھوہی کے بڑے حصے پر قبضہ رکھیگا۔

— میسیپی کے دہانے پر مقام مکنہری میں زرد بخار کے کیس ہوئے۔ اور جنوبی صوبے کی فوج میں اس کے پھیلنے کا اندیشہ ہو گیا ہے۔

— جو ہندوستانی سپاہی برٹش سروس میں نکالے ہو گئے ایک سوئیک آف کیمبرج۔ لارڈ جارج ہملٹن۔ اور مارکوئس آف لینسڈون نے ان کی بہت تعریف کی۔

— شاہ الفونسو سیزدہم کی بارہویں سالگرہ کے روز تمام سفارتوں سے بجز امریکہ کے اپنے جھنڈے بلند کیے۔

— امریکہ اور باغیوں کے فیلا مسخر کرنے کی خبر غلط ثابت ہوئی ہے۔

— سٹر مالفورنے ہوس آف کامنز میں بیان کیا کہ گورنمنٹ موقع پاتے ہی سپین اور امریکہ کے مابین عناد کو مٹانے کی کوشش کریگی۔ مگر اس کے واسطے ابھی موقع نہیں ہے۔

— امریکہ کے جنگی جہازوں نے منیلا کو ڈی کیو مائی کے شرق کی طرف ہندکیو میٹا پو کے بیرونی حصے پر قبضہ کر لیا ہے۔

— ہائیانوں نے جین ستا پنی جاپانی بستیوں کا دفاع کیا ہے اور ۱۵ ہزار ہندو جس جادا کے ہر بہ کی بات مانتا تھا جو گزشتہ شائنس کے بلوؤں میں نقصان ہوئی تھی۔

— کہتے ہیں کہ اندجان میں روسیوں پر حملہ ملا کی ترغیب سے کیا گیا تھا۔

— پرنس آف ویلز گارڈن ہائیلینڈرز کے کرنل ہوئے ہیں۔ یہ واقعہ سرکاری طور پر گزٹ میں مشتہر ہوا ہے۔

— لارڈ جارج ہملٹن نے ہوس آف کامنز میں بیان کیا کہ لوئی بھائی ابھی رہا نہیں ہوئے۔ البتہ ان کو دیگر قیدیوں میں برابر طور پر رہنے کی اجازت دی گئی ہے۔

— بابت شہادت ہندوستان کی نسبت گزرتی ہے۔ نامہ نگار یہ کا سدن کی رائے مفید ہوگی۔

— لنکا کی نہروں میں مچھلیوں کے پالنے میں کمیٹی کو مدد کا سایل ہوئی ہے۔ اس وقت ۸۰۰ ۱۱ اچھے مختلف قسم کی مچھلیاں پالے گئے ہیں۔

— ہانگ کانگ میں چیچک طاعون کا زور ہو گیا ہے۔ جو کہ یکم جنوری سے ۲۳ مئی تک ۱۰۳۹ مبتلا ہوئے اور ۹۹۱ فوت ہو گئے۔

— سفیر روس نے تین ولایات کو ہندوستان اور تھراور میں ہندوستان کے جنوب شرقی حصے میں بھیجنے کی اجازت دی ہے۔ ان ولایات کے ساتھ جو عہدنامے ہوئے ہیں ان کی رو سے یہ ملک

— گورنر جنرل سنگاپور نے قلعہ منیلا میں پناہ لی ہے اور گورنمنٹ سپین کو صورت وباس سے اطلاع دی ہے کہ اگر کمک نہ پہنچی تو تمام جزیرے میں کھلبلی مچ جائیگی۔

— ولایت میں ۸ ملین پونڈ پیرانا قرضہ ادا کرنے کے لئے قرضہ لینے کی تجویز ہو رہی ہے۔

— روسی ریلوے کا حصہ مرو سے بے کر پولیتن واقع مقبل بخارہ تک تجارت کے واسطے کھولا گیا ہے۔

— لنڈن میں مشہور ہوا ہے کہ ہمارے آئندہ وائسرائے لارڈ لنڈنڈ نظیری ہونگے۔

— آن امرتسر کی سپاہیوں پر جو پچھلے ہفتے گشتا ہو میں آتے تھے۔ گزشتہ سنیچر کی رات کو ہسپانیہ کے باقاعدہ سپاہیوں نے حملہ کیا۔ صوبجات متحدہ کے ہمراہ "مارسیل ہاڑ" نے فوراً کمک ہم پہنچائی۔ ہسپانیہ والے ایک خفیہ مقام سے بندوقیں سر کرتے رہے۔ اور صرف بندوقوں کی چمک سے ان کا پتہ ملتا تھا۔ امریکہ والوں نے اس جگہ گولہ باری شروع کی۔ ایک امریکن جہاز خلیج میں آدھا آدھی رات کے بعد ہسپانیہ والوں نے امریکہ کے بحری سپاہیوں پر حملہ کیا مگر گولیوں کی بوچھاڑ سے پسپا ہوئے۔ جانبین کے نقصان کا پتہ نہیں ملا۔

— سرکاری طور پر مشتہر ہوا ہے کہ ایک ہوم کی وسٹ سے کیو ماکو روانہ ہوا ہے۔

اصلی جادو کی کتاب (معروف بہ جادو منگا لیہ)

یہ کتاب کوئی معمولی کی کتاب نہیں ہے بلکہ سچے اور اصلی جادو کا پورا سبق ہے۔ اس کتاب کے ایک جملہ کو کوئی صاحب جھوٹا ثابت کر دیگا تو مصنف پانسو روپے انعام بطور جرمانہ دینے کو تیار ہے۔ قیمت عصا ۳ رنڈیوں کا جادو۔ شریفوں کے لئے علیحدہ کا دفتر اور شوقین دیہات کے لئے آنکی مٹی نوچیوں کا آلہ ہے۔ اگر آپ اس کتاب کو پڑھکر نوش نہ ہوں تو اپنا پیمان سے دوچند قیمت واپس کر دیجئے۔ قیمت ۱۲ر۔ **کلمہ شریف**۔ وہ کونسا سچا مسلمان ہے جو کلمہ محمدی کو نہ مانتا ہو۔ مثل تصاویر پونہ کے رنگ و روغن سے آراستہ ہیں۔ قیمت ۴ر۔

المشتہر حکیم لالہ شادی بہاری لال کمپنی مراد آباد

سند لعل بزاز

Chamberlain's Colic Cholera & Diarrhoea Remedy.

چیمبرلین کولک کالرا اینڈ ڈائریا ریمیڈی

(یہ چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی)

[جو امریکہ میں بنائی گئی ہے]

نہایت عجیب دوائی اپنی قسم کی جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے تمام صدمے کے دردوں کو رفع دفع کرتی ہے۔ قولنج ہیضہ پیچش زحیر دموڑی زحیر بچوں کا مہینہ۔ انتڑیوں کی ہر قسم کی بیماریاں۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے ۹۔

لاہور میں حکیم نصیر الدین اینڈ سن بائکان پنجاب میڈیکل ہال اور امرتسر میں حکیم فیض الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے مل سکتی ہے۔

ٹرکی ٹوپیاں

اصل ٹرکی ٹوپیاں ہندوستان میں نہایت مشکل تھیں شوقین اور شریف خبطلیں مجبوراً معمولی چھوٹی چھوٹی بدرنگی ٹوپیاں پہنا کرتے تھے۔ مگر جب سے ہمنے یہ بہت بڑی بڑی اور خوشنما خوبصورت ٹوپیاں ولایت سے منگوانی شروع کی ہیں تب سے خریدار نہایت خوش ہوتے ہیں۔ اگر آپ نہایت عمدہ ٹرکی ٹوپی پہننے کے خواہشمند ہیں تو نمونے کی ایک ٹوپی اس کارخانے سے منگوا کر دیکھئے۔ بہت بڑے سر کی ٹوپی ۴ سائز متوسط کی ٹوپی ۳ سائز۔ معمولی درجے کی سر کی ۲ سائز۔ بہت چھوٹے سروں کی ۱ سائز۔

زائش کے ساتھ ان باتوں کا خیال ضرور رہے:

(۱) آیا آپ کو مصری نمونے کی ٹوپی درکار ہے یا ٹرکی نمونے کی۔

(۲) اپنے سر کا ناپ ضرور بھیجیں۔ خواہ بذریعہ دھاگہ خواہ انچوں کی پیمائش سے۔

(۳) ٹوپی کے لئے آپ سرخ رنگ پسند کرتے ہیں یا عنابی یا گہرا عنابی وغیرہ۔ وغیرہ۔

(۴) ہر صورت میں بڑے چھپنے کی قیمت ٹوپی کی قیمت کے علاوہ پار آنے ہوگی۔

مینجر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور



ہماری فرم سے باہر ۱۱ صحابہ ایک چیز جس خواہش بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل منگوا سکتے ہیں۔ مثلاً پارچات بنارسی۔ سلے سلائے کپڑے۔ لیشینہ لوئی۔ تھان پٹی وغیرہ۔ ادویات انگریزی دیسی سرجیکل عمدہ عطریات دنیل ہر قسم تیار شدہ جوتہ چپکے وغیرہ کتب اردو فارسی عربی ہندی ہر زبان۔ ناول ہر قسم ہر زبان۔ تمام میں سلاک وغیرہ گھڑیاں۔ قلم دوات پنسل کاغذ جوائٹ دیسی و انگریزی۔ جیبان و گرم شال متعلق دکان بسی کلاتھ و ٹمبر و سلائن کرکٹ وغیرہ سٹیشنری غرضیکہ سودا جو کے استعمال کی ہر ایک چیز۔ **ہمدرد پنجاب کمرشل بورڈ لاہور**

تسہیل القاری شرح اردو صحیح البخاری

اس شرح کے فوائد مین فتح الباری و ارشاد الساری و نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار کا تمام خلاصہ مندرج ہے ٭

شائقین حدیث نبویہ کو جب معلوم ہے کہ بعونہ تعالیٰ اس مطبع صدیقی لاہور سے کتب احادیث کے بہت تراجم شائع ہوے جانچہ صحاح ستہ کے باقی تراجم کی اشاعت کے بعد صحیح الکتب بعد کتاب اللہ یعنی تراجم الصحیح لمحمد بن اسمٰعیل البخاری کو خوش اسلوبی زبان اردو جیسی ضروری ہوئی اللہ تعالیٰ کے فضل سے چار پارے تودت سے بدیہ ناظرین ہو چکے ہین جنکی قیمت یہ ہے

پارہ اول الجزء دوم سوم در دو جلد چہارم اپانچوان پارہ ہی دو مہینے سے چھپ رہا ہے انشاء اللہ ماہ صفر المظفر سنہ ۱۳۱۱ ہجری مین پارہ چھ کر فرانسین کی آئندہ کا نور اردو کا سرور زیادہ کریگا تیسرے جزو پر یہ پارہ ختم ہوگا بخیال کفایت خریداران فی جلد عصر قیمت مقرر ہوئی ہے لیکن چونکہ ثلث قیمت کل تصنیف کی جاوے گی لہذا بقیہ ثلث قیمت بھیجنے والون کو دینا ہوگا یہ ثلث قیمت کل تصنیف کی جاوے گی لہذا بقیہ ثلث قیمت بھیجنے والون کو دینا ہوگا گرامیقدر ایک چھپہ مین ہاتھ آجاوینگی اور چوتھا تین اخیر ماہ صفر سنہ ۱۳۱۱ھ تک یا پانچوین بار ہو یک مشت طلب فرمائینگے تو صرف ماہ صفر مین انکو فی پارہ ۸ر کی رعایت دیجاویگی ٭

صاحب نظران ازبہ انصاف پسند ازان چہ قدر کردہ اہم تحریر خواہند فرمود ناظرین از بہ دیگر قسم کی کتب دینیہ و دیگر بہ خاکسار ارسال مسی رسانہ ہو سکتی ہین

اور کتب صحاح ستہ مترجم اردو کی قیمت حسب ذیل ہے۔ محصول غیر ممالک

صحیح مسلم مترجم اردو	۷ جلد	بلوغ المبین	۶
سنن ابی داود مترجم اردو	۷	بلوغ المرام	۶
جامع ترمذی مترجم اردو	۷	مشکوٰۃ مترجم اردو	۸
موطا امام مالک مترجم اردو	۱	رسائل الاصلاحین	عصر
سنن نسائی مترجم اردو	۷	نظم الجید	۴ عصر
ابن ماجہ مترجم اردو	۶	تقویت الایمان بمکالمہ	
	۶	تہذیب الایمان	۱۴ عصر
الف جلد ثالث اخیر	عصر	فقہ محمدیہ کامل	

المشتہر ان بشیر احمد و عبدالحی پسران شیخ محی الدین مرحوم مالکان مطبع صدیقی لاہور

---

۱۳ مارچ کو کراچی و کس بتلائی طاعون اور ۱۸ موت ہوئی

۱۲ جون کو مولوی غنی محمد وکیل کے نوٹس پر گیا میں مسلمانوں کا ایک جلسہ ہوا جس میں غلیگڑھ کالج کی امداد کے واسطے ۳۴۰ روپیہ جمع ہوا ٭

اب کل ہندمیں متوسط درجہ کی بادہواری شروع ہوگئی ہے گزشتہ ۵ روز شملہ میں بارش برابر جاری رہی ٭

ایک ٹن خالص سونے کی قیمت ۱۱ کروڑ روپے آنکی جاتی ہے ٭

غریب مذہب لوگوں میں اکانت کلی طور پر نہیں ہے ٭

انسانی زندگی میں اوسط بیماری ۹ یوم سالانہ ہے ٭

ایک آرٹلری رجمنٹ کی ایک گورہ اسسٹنٹ انجینر کی بیوی مسز گرینٹ اور کلکٹر اعظم گڈھ کی بیوی مسز راجرز کی

رقبہ آگرہ ہے۔ بعض قبوں میں بمبئی کی آبادی ۶۰ فی ایکڑ ہے۔ اور ایسے رقبوں میں قریباً چہارم حصہ کوچوں نے لیا ہوا ہے۔ اگر کل آبادی کسی غرض سے کوچے میں جمع ہو۔ تو نو فی ایکڑ ۳۰۔۴۰ آدمی کے مساوی ہوتی ہے ٭

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

گزشتہ ہفتہ کو دو نوجوان لڑکے دریائے راوی میں ڈوب مرے۔ ایک لڑکا دوسرے کو بچانے کے لئے کود پڑا تھا۔ مگر وہ بھی زندہ نہ نکلا ٭

سرجن کیپٹن ڈیوڈسن جو طاعونی ڈیوٹی سے سبکدوش ہوکر انبالہ میں تعینات ہوئے تھے۔ سول سرجن مری ہوئے ٭

ڈپٹی نیری لفٹنٹ ایچ سی۔ ہیرس جھانسی میں بخار سے راہی ملک بقا ہوئے ٭

اب وبائیہ قصبات میں طاعون کمی پر ہے۔ کاش اس موذی کا جلد سنہ کالا ہو ٭

ہز ہائینس راجہ صاحب بھینسہ کچھ روز کے لئے دارالشملہ میں پہنچے ہیں ٭

پچھلے دنوں شہر دہلی کے باغ ظفرخاں میں ایک مالی کی لاش ملی۔ قاتل یا قاتلوں کا اب تک پتہ نہیں ملا ٭

ایام محرم میں لاہور کے ہندوؤں نے اپنے مسلمان بھائیوں کے واسطے شہر میں جابجا جو سبیلیں لگائی تھیں اس کے عوض میں مسلمان ایام دسہرہ میں ہندوؤں کو مدد دینے کی تجویز کر رہے ہیں ٭

پچھلے ہفتے شہر دہلی میں ایک شخص تجارت آفتاب سے مرگیا۔ وہاں ہاسپٹل بخار کے مریضوں سے پر ہوگیا ہے ٭

بالائی کلو میں سیاہ اور سرخ رنگ غیر معمولی تعداد میں جمع ہوگئے ہیں۔ لہذا شکاری رات دن انکے درپے ہیں ٭

سردار گوردیال سنگھ مان سابق ڈویژنل جج پنجاب کے مقدمات رشوت ستانی کی تحقیقات ہولی۔ اب کشمیر پہنچ دینے کے لئے شملہ گئے ہیں۔ آخری دن سردار صاحب عدالت میں موجود نہیں تھے ٭

انبالہ میں دو گورے ایک دیسی کے ہاتھ سے ہوٹل سے آرہا تھا۔ روپیہ چھین کر بھاگنے کے جرم میں یہ تجویز ہوئے

گزشتہ محرم میں بیرنڈ کے ہندوؤں نے بلا تحریک کسی شخص کے رسوم شادی کو اس طرح ختم ادا کیا کہ مسلمان بھائیوں کو ذرہ بھی شکایت کا موقع نہ ملا ٭

انجمن حمایت اسلام لاہور نے مبارک النساء کی مسجد کے ملنے کے لئے جو درخواست کی تھی وہ گورنمنٹ نے منظور کرلی ہے اس مسجد میں یتیم خانہ قائم کرنے کا ارادہ ہے ٭

شملہ میں ملتوا ترا رشوں سے پانی کا خط دور ہوگیا ہے ٭

مسٹر جے۔ پی ہیوٹ سکرٹری گورنمنٹ ہند۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ اخیر اگست میں ڈھائی ماہ کی رخصت پر جائینگے مسٹر ای۔ ایچ۔ ایل فریزر سی۔ ایس۔ آئی انکی جگہ کام کرینگے

چمکانی کے قزاق جنکی نے گزشتہ جنگ میں گورنمنٹ کی جو رفاقت کی تھی۔ اس کے صلے میں اس کو ایک معقول الاؤنس دیا گیا ہے ٭

ڈاک خانہ صنعت و حرفت شملہ کے انعام زیادہ تر انگریز قوم کے حصے میں آئے ہیں ٭

سر رچرڈ اوڈنی کمشنر لیشا ور رخصت پر جاتے ہیں اور مسٹر کننگھم متعلقہ خیبر پولیٹیکل ایجنسی کی جگہ کام کرینگے ٭

کرنل ولی پولیٹیکل افسر بلوچستان مع سٹاف کوئٹہ سے زیارت کو گئے ٭

بلوچستان میں کھیتوں کو سخت نقصان پہنچا رہا ہے۔ پس بیڈ کے مضافات میں اس نے فصل کو بھاری نقصان پہنچایا ہے ٭

خان بہادر صاحبزادہ عبدالقیوم صاحب ۱۵ ماہ حال ہے میر منشی گورنمنٹ پنجاب مقرر ہوئے۔ پنڈت جالکی ناتھ صاحب میر منشی رخصت پر گئے ہیں ٭

آجکل شہر لاہور میں خربوزے اور ترکاریاں بہتات سے ہیں۔ اور گو یہ بدہضمہ ہیں تاہم غریب لوگ رات انہی پر بسر کرتے ہیں۔ خداوند کریم کا شکریہ بجا لاتے ہیں ٭

اس ہفتہ شہر پشاور کے محلہ کریم پورہ میں آگ لگتی ہوئی نظر آئی۔ بعض مکانوں میں تیل آلود چیتھڑے ملے ہیں کوچہ دھونیاں میں ایک مکان دانستہ جل گیا ہے۔ چونکہ یہ مکان کی شرارت معلوم ہوتی ہے لہذا پولیس کو محو نظر رہنا چاہئے ٭

۹ جون کو پٹیالہ میں ایک مسلمٹ دو عورتوں اور ۳ بچوں کو لے بھاگی۔ بچوں یعنی ۲ لڑکیاں اور ایک لڑکا سڑک کے کنارے پر ایک کوے کے چاہ میں گرپڑے اور مردہ نکالے گئے۔ پلاش چند متعلقہ محکمہ مال کے بچے تھے ٭

پشاور میں بے عدالتی اشیاء کا محصول معاف کرنے کی استدعا کی ہے۔ جس کا کم سے کم اس وقت اور موجودہ حالات میں منظور ہونا قرین انصاف اور انسانی ہمدردی ہے ٭

بارک شائر رجمنٹ ۱۴ جون کو جمرود سے روانہ ہوگی جہاں سے بنوں اور کوہاٹ جائیگی۔ اس کے بعد خیبر میں حسب خبر رائفل کی فوج رہیگی ٭

لفٹنٹ ایئر متعلقہ ۳۴ ویں پائونیر رجمنٹ گورکھا اور ۳۵ کو ہیشاور میں ان کا جنازہ اٹھایا گیا ٭

سے خبر بہت سخت گری ہے۔ تاہم صحت فوج اچھی ہے ٭

جہاز کا بھیجنے جس میں ولایتی ڈاک آتی ہے ٭

۶ بجے صبح کے بمبئی پہنچیگا۔ لہذا ریل ۸ بجے پرسیل ٹرین لاہور سے چھوٹیگی ٭

سفر مینا پیالہ۔ بہادر ولیہ ٭

کوٹ اس وقت ماہیر کوئٹہ میں ہے ٹیپ ٭

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب آخری ہفتہ میں جموں سے سرینگر کو روانہ ہونگے ٭

سنگھ صاحب جو ممبروں کے ساتھ راہ سے ۱۸ تاریخ کو روانہ ہونگے ٭

میں بند ہوکر ۲۹ جون کو سرینگر میں کھلینگے ٭

جناب سردار فتح خاں صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ایک پرسیمین علی محمد کو ایک سفید پوش پٹائی کرنے کی دھمکی دیکر) روپیہ چھیننے کا

۶ ماہ قید کی سزا دی ٭

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

فوج آبادی روکنے کی تجاویز کو روکنے کے واسطے جو انتظام کیا گیا ہے اُس کی نسبت گورنمنٹ ہند نے رپورٹ طلب کی ہے۔

سرجی بلی۔ لزلی۔ بیسی فیلڈ کلارک کی جگہ فوج مدراس کے افسر ہو گئے۔ اور جنرل مارٹن ضلع میانمیر کا انتظام لیں گے۔

ٹرانکور ریلوے کے واسطے جنوبی رستہ زیادہ تر پسند کیا گیا ہے۔ دربار ٹرانکور بھی اسی کا مویدہ ہے۔

۱۸۹۷ء میں بنگال کے جیلخانوں کی آبادی بوجہ قحط بہت بڑھ گئی تھی۔ تعداد قیدیان جو سال بسال ہیں ۹۲۷۰۱ تھی سال مذکور میں ۱۱۲۲۷۰ ہو گئی۔

چیف جسٹس سر فرانسس مکلین آرجلینگ سے دارجلنگ ہوا ہے۔

ہز ہینس نواب صاحب ڈھاکہ نے انسداد طاعون کی تدابیر کے واسطے فی الحال ایک لاکھ روپیہ چندہ دیا ہے اور ایک لاکھ وقتی طاعون نمودار ہونے کے وقت دینگے۔

پیپل منڈی آگرہ میں ایک چور باغات کانسٹبل نصب لگاتا ہوا گرفتار ہوا۔

مدراس سٹینڈرڈ لکھتا ہے کہ ناٹو بھائیوں کی جو جائداد اب تک واپس نہیں ملی یہ ولایت میں لارڈ ٹویج ہلٹن کے بیان کی تصدیق ہے کہ ناٹو بھائی اب تک رہا نہیں ہوئے۔ ان کو بلگام وغیرہ میں صرف پرائیویٹ طور پر رہنے کی اجازت دی گئی ہے۔

جوائی کو حضور لفٹننٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی نے سر ہربرٹ میموریل فنڈ کے متعلق میٹنگ کا صدر نشین ہونا منظور کیا ہے۔

علیگڈھ سے ایک بار سوخ ڈیپوٹیشن پنجاب میں اس فنڈ کے واسطے روپیہ جمع کرنے کے لئے آیا ہے۔

سمتی کی پولیس میں ایک یورپین کے بندوق سر کرنے کا عقدہ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ٹیڈر بھنگ سے زیر تحقیق ہے۔ اکثر رائے اس کو ملیمیٹ کرنے کی تھی۔ مگر صاحب ڈسٹرکٹ جج نے درگزر کرنا مناسب نہ سمجھا۔

امسال برٹش افواج کو ۴۵ لاکھ روپیہ خزانہ ہند سے ادا کیا اور آئندہ اس مد کا ۲۷ لاکھ روپیہ سالانہ خرچ ہوگا۔

آنریبل مسٹر جوگرس ایم۔ اے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ آئی سی ایس ممبر لیجسلیٹو کونسل مدراس ڈنگمنڈ میں راہی عدم ہوئے

گزشتہ ۱۰ سال سے پانڈیچری کی تجارت بدرجہا ترقی ہوئی ہے۔ چنانچہ پچھلے سال ۱۹۰۷-۱۹۰۸ء ۲۶ فرنک کا مال باہر سے آیا اور ۸۶۹۴۶۳۶ فرنک کا باہر گیا۔

۹ تاریخ کو رائے پور میں خوب بارش ہوئی۔ جس سے موسم سرد ہو گیا ہے۔

میونسپلٹی بمبئی کی سٹینڈنگ کمیٹی نے ۱۴۵۰۰۰۰ روپیہ قرض لینے کی اجازت چاہی۔

سندھ میں گھوڑوں اور خچروں کی نسل بڑھانے کا محکمہ گورنمنٹ بمبئی سے ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کیا گیا ہے۔

مشہور ہو رہا ہے کہ آئندہ موسم سرما میں وبا کے کلکتہ میں موجود ہونیکی صورت میں بعض سرکاری دفاتر شملہ میں رہینگے۔

انالین کونسل سنیما بمبئی کا ایک ہزار روپے کا نوٹ گم ہو گیا ہے۔

گزشتہ مارچ کے فساد بمبئی کی نسبت گورنمنٹ کی رائے ہے کہ یہ نہ تو کسی پولیٹیکل ایجیٹیشن کا نتیجہ ہے اور نہ اس کی نسبت کوئی سازش کی گئی تھی۔

سارنگ پوسٹ لکھتا ہے کہ ملک کے نشانات فساد دکھانے کی صورت میں بڑی بڑی ریلوے لائنوں اور بڑے بڑے ریلوے پلوں کی نگرانی کا انتظام کیا گیا ہے۔

گورنمنٹ کا ذخیرہ طلا بتدریج ترقی کر رہا ہے۔ پچھلے ہفتے ۳۵۹۳۸۱۵ روپے کا۔ ہفتہ سابق ۳۴۷۹۷۸۶ روپے کا تھا۔ ۳۱ مئی کو کل سکے اور چاندی ۱۳۲۸۰۰۱۴ روپے کی تھی۔

شہر نصیر آباد کے باہر ایک مندر میں ایک مہاجن کا زیور قیمتی ایک ہزار روپے کا چوری ہوا۔

سال ۱۹۰۷-۱۹۰۸ء میں ۲۵۴۵۴ میل ریلوے ہند میں جاری تھی۔ اس کی منظوری ہو چکی تھی۔ جس میں سے ۲۱۱۵۶ میل تجارت کے واسطے کھلی تھی۔

ریاست بڑودہ کے موضع پلوی کے باشندوں نے ایک سرمے پارٹی پر حملہ کیا۔ ان کی سرکوبی کے واسطے بڑودہ سے فوج بھیجی گئی ہے۔

سائکل کلب بمبئی نے سائکل پر ٹیکس لگانے کی مخالفت کی ہے یہ غریب لوگ ادا کرنے کے ناقابل ہیں۔

صاحب سشن جج کانپور کی عدالت سے ۱۹ اشخاص میں کو ایک بنئے کی ہلاکت کے جرم میں دائم الحبس کی سزا ہوئی تھی۔ اس کا اپیل ہائیکورٹ میں مسموع ہوا ہے۔

جن ۳۳-۱ آدمیوں نے کلکتہ کے قریب ہوڑہ پور میں محکمہ نمک کے ان افسران پر حملہ کیا تھا جو ناجائز نمک تیار کرنے کی تحقیقات کے واسطے گئے تھے لب وزیر بحق ہیں۔

کلکتہ میں پنکھا قلیوں کا قحط ہو گیا ہے۔ یہ بہت بھاری تنخواہیں مانگتے ہیں۔

پیغام واقع ماسک (اضلاع بمبئی) میں ۹۵۰ء میں جو تحریری پولیس قائم کی گئی تھی وہ محکمہ صاحب گورنر باطلاس کونسل یکم مئی سے ۳۱ اکتوبر تک قائم رہیگی۔ بشرطیکہ لوگوں کا عقیدہ برقرار رہے اور اس کی ضرورت کو رفع نہ کرے۔

شاید میجر ٹرنر کمانڈنگ باڈی گارڈ حضور انسرائے کیپٹن لنگسٹن کی جگہ اسٹنگ آفیسر افواج امپیریل سروس جودھپور مقرر ہونگے۔

۷ جون کی صبح کو ایک شخص محمد علی جس نے گزشتہ بلووں میں دو سپاہیوں کو ہلاک کیا تھا عام جگہ بمبئی میں پھانسی دیا گیا۔

ریلوے کمپنی نظام نے بیرار اور ریلوے کی اپیل شاہ گورنمنٹ ہند سے ۱۲ لاکھ روپے کو خرید کرنے کا بندوبست کیا ہے۔

ہز آنر لفٹننٹ گورنر فیروز حال میں ہمیشہ سوموار جمعہ فرمائے برہما ہونگے۔

سر ایڈورڈ کالنز میمبر کونسل گزشتہ جمعہ کو شملہ میں گھوڑے سے گرے۔ مگر بفضل خدا جان بچ گئی۔

کلکتہ کے ایک مارواڑی نے اپنی قوم کے لوگوں کو اطلاع دی ہے کہ طاعون کے خوف سے بھاگنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ ہماری قوم کے دو متمول بھائیوں نے اپنے دو عالیشان مکان تمہارے واسطے کھول دیئے ہیں۔

اوٹاکمنڈ میں مسٹر لین پولو کھیلتے ہوئے گھوڑے سے گرے۔ پیڈو کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ مہاوت کو گولی سے مار دیا گیا

گزشتہ اتوار کو کلکتہ میں دو آدمی طاعون میں مبتلا ہوئے اور ۴ مرے۔ ایام طاعون میں حفظان صحت کا کام ایجنسی ڈیپارٹمنٹ کے سپرد کرنے کا فیصلہ ہوا ہے۔

۱۳ جون کو بمبئی میں ۲۲ آدمی مبتلا ہوئے اور ۱۴ مرے۔

STEARNS' KOLAVIN

سٹیرنس صاحب کا کولاوین

یہ دوائی تازہ کولانٹ سے تیار کیجاتی ہے۔ اس طرح کہ اس نٹ کی قدرتی جوہر اس میں آجاتے ہیں جلد وطب کولاوین کو جسمانی اور دلی ضعف مزدوری اعصاب اور کل امراض کیف طاقتوں کیلئے بطور قیمتی علاج کے سفارش کرتے ہیں اسکو اس غرض استعمال کرنا چاہیئے جسکو خوراک ہضم نہ ہوئی ہو کیونکہ یہ معدہ کو بہت تقویت دیتا ہے۔ خراب ہضمی شبانہ کی استعمال کی بغیت کو دور کرتا ہے۔ ہندوستان کے تمام دواخانوں سے ملتا ہے۔ ایک شیشی ۱۲ آنہ

تباہ کر دیا ہے خیال ہے کہ مکانوں کے ملبے تلے لاکھوں روپے کے بانڈی اور سونے کے ڈلے دبے ہوئے ہیں۔ آگ کی ابتدا ایک چھوٹے سے گھر سے ہوئی جس میں ہندو آباد تھے۔ اس میں کوئی تقریب تھی اور پوریاں تلی جا رہی تھیں گھی جوش کھانے میں پھر گیا اور آگ چھت تک جا پہنچی جب تک کچھ دیر میں خبر ہوئی آگ بہت سے مکانوں پر محیط ہو چکی تھی خبر پہنچتے ہی چھاؤنی سے پلٹنوں کے دستے آگ بجھانے والے انجنوں سمیت بھیجے گئے۔ مگر ان کے آتے آتے آگ نے زور باندھ لیا تھا کہ بجھائے کی تمام کوششیں بیکار ہوئیں۔ کامل ۲۵ گھنٹے آگ اپنا بادی اثر عمل کرتی گئی اور جب تک کہ ایک ایک مکان اہل محلہ کا خانہ پھانک لیا خاموش ہوئی۔ ۳ بجے دن سے رات کے تقریباً آدھی آئی جس نے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو از خود ہی امداد دی۔ خدا نے بڑی خیر کی کہ اس کی شدت ایک ہی حصے میں محدود رہی ورنہ سارے شہر کے جل جانے کا اندیشہ تھا۔ جن لوگوں کا بیان ہے کہ انہوں نے اپنی عمر میں ایسی آگ دیکھی یا سنی بھی نہیں تھی کئی ہزار آدمی بے گھر ہو گئے ہیں جن کی ضروری دوسرے حصہ شہر کے خوش قسمت لوگوں کو دستگیری کرنی چاہیے!

ملتان کا فساد

تازہ حالات موصولہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ملتان میں ہنگامہ فساد پھر یاں چلنے کا واقعہ بالکل صحیح نہیں ہے صرف ایک ہندو چاقو سے زخمی ہوا ہے اور باقی سب کے جو ہیں آئی ہیں موقع فساد چوک بازار تھا جہاں تمام بنیوں کی دوکانیں ہیں۔ لوٹ بہت کم ہوئی صرف مٹھائیاں اور ترکاریاں وغیرہ زمین میں گر کر پامال ہو گئیں۔ مکانوں کی چھتوں پر سے خوب پتھراؤ کیا گیا۔ اور بعض آدمیوں کا سر پھوٹنے پھوٹنے بچا۔ بنیوں کا اگرچہ نقصان بالکل نام سے زیادہ نہیں ہوا مگر انہوں نے آسمان سر پر اٹھا لیا۔ ایک نے مبالغہ کمشنر کو تار دے دیا کہ میرا گیارہ سو روپے کا مال لٹ گیا۔ دراصل کیک پائی کا بھی نقصان نہیں ہوا تھا۔ جس کی دوکان تھانے کے سامنے تھی اس لئے کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکا۔ بنیوں نے عشرہ کے دوسرے روز دوکانیں کھولنے سے اس عذر پر انکار کیا کہ ابھی فساد کا اندیشہ باقی ہے مگر ان کا یہ اندیشہ بالکل غلط ثابت ہوا۔ سارے کا ایک دستہ رات بھر شہر میں گشت کرتا رہا اور کوئی جھگڑا نہیں اٹھا۔ صاحب کمشنر بھی جمعہ کو وہاں پہنچ گئے ہیں۔ جو لوگ گرفتار ہوئے ہیں ان کی تحقیقات شروع ہو گی جس میں امید ہے کہ انصاف اور نہ سی فیصلہ کے خیال کو پیش نظر رکھا جائیگا۔ مسلمانوں کو گشت و خون کا مورد الزام کیا جاتا ہے مگر مکان عالی مقام کو نہائے فساد اصل کے فوری اثر سے ہوئی ہے۔ ملتان میں کامل ۱۹ برس کے بعد اس مرتبہ ہی ہندو مسلم ہوئے۔ ورنہ سنہ ۱۸۹۱ء میں بقر عید کے روز گاؤ کشی پر سخت فساد ہونے کے بعد یہاں والوں کے باہمی تعلقات سلجھ گئے تھے۔ دیکھئے!

جنگ ہسپانیہ و امریکہ اور روس

بزرگو! صرف دو ورق میں پورا قرآن شریف

ہادی اسلام کے نام پر جان و مال فدا کرنے والے اسلامی برادرو ادھر آؤ۔ میں تم کو ایک ایسی خوشخبری سناؤں گا کہ تمہاری امنگ تازہ ہو جائیگی کیا تم کو ایسے نایاب تحفہ کی ضرورت ہے جو آپ کے جان و مال کا محافظ اور آپ کے دین و ایمان کا نگہبان ہو۔ ہمنی آپ کے لئے۔ صرف نذر کشیر اور نہایت ہی ارزانی اور جانفشانی سے خدا کے کلام کو ایک نئی طرز سے اپنے یہاں تیار کرایا ہے۔ آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ قرآن پاک کے پورے تیس پارے دو ورق میں مکمل کئے ہیں اور ہر ورق کا طول ۱۴ انچ ہے اور عرض ۱۰ انچ ہے۔ میرے خیال میں کبھی آپ نے ایسی نعمت بے بہا کو دیکھا کیا سنا بھی نہ ہوگا۔ اس کلام الٰہی کا عمدہ خط باوجود اس قدر باریک ہونے کے بغیر عینک کے نظر آتا ہے۔ ہر گز ایسی نعمت غیر مترقبہ پھر میسر نہ آئیگی۔ منگا کر اپنے غلہ میں رکھو برکت ہوگی تعویذ بنا کر بچوں کے گلے میں پہناؤ۔ پیارے بچے حفاظت الٰہی اور سماوی سے محفوظ رہینگے۔ اپنی مستورات کے زیور میں رکھو اس کی برکت سے کبھی کوئی نقصان نہیں پہنچیگا۔ اپنے گھر کے طاق میں رکھو مالا مال ہو جاؤ گے۔ مثل تعویذ کے اپنے بازو پر باندھو دل کو ہر طرح کی تقویت حاصل ہوگی۔ مسلمانو! اس موقعے کو ہاتھ سے ضائع نہ کرو۔ دو قرآن شریف کا ہدیہ مع محصول ڈاک ایک روپیہ دو آنہ مقرر ہے۔ ہاں زر کو جلد اس پتہ سے منگائیے

ایس۔ اے۔ بی بخشی اینڈ کو ۱۴۷ لیڈے سٹریٹ ڈاک خانہ بڑا بازار۔ کلکتہ

نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی

حضرات! ہم خود ستائی یا تحریر ہٰذا کے الفاظ عبارت آرائی التماس فراست ہے کہ ایجنٹ آپ جیسے شائقین کے دست و پشت ہمارے خاندان میں چلا آیا ہے) کا تجربہ کرو تو تمام نقائص مع الخیر کی غلط فہمی کو دور کر کے دوبارہ لطف شائقین کھلائی ہیں اگر یہ گوہر یکتا آپ کی نظر سے نہ گزرا ہو تو ہم آپ سے دلچسپ تر پیش کرتے ہیں اور اگر یہ گوہر یکتا آپ پر ظاہر ہو چکا ہو تو ہم آپ کو ایک جدید ترین فرمائش کا موقع دیتے ہیں اور

معاملے میں روسی کارروائیاں اندیشہ جنگ پیدا کرتی جاتی ہیں۔ اگر یہ ہم نے دنیا سے لے لیا ہے۔ مگر وہ روسی قبضہ پیٹ آرتھر کا پورا جواب نہیں ہے۔ ایک فرنچ کی یہ بھی رائے ہے اشارہ موجودہ جنگ امریکہ و یورپ ہی میں ہم کو فیصلہ کے لئے خطے کی نسبت اتنی پیش آجائیں۔ غرض ع ہر کس کو دل اندیش بقدر خرد است۔ والا معاملہ ہے۔ مگر اس سب متفق ہیں کہ جو کچھ ہو ہم زیادہ وابستگی پیدا کرنی چاہئے۔ برطانیہ کے اخبارات سے دونوں ایک پیلک رائے کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ مزید یہ ہے کہ اس کو صرف مسٹر چیمبرلین کی ذاتی رائے سمجھتے ہیں۔ غلبہ و زور آکی رائے تو ان نہیں دیتے۔ گویا وہ گورنمنٹ انگلستان کی رائے کو ان خیالات سے بالکل غیر متعلق جانتے ہیں۔ جو مسٹر چیمبرلین نے ظاہر کئے ہیں۔ جو نئی اور ہیں کہ اخبارات ان کے طرز تقریر کو بھی ناپسند کرتے ہیں۔ جس سے ان کے نزدیک موجودہ دقتیں رفع ہونے کے بدلے مزید پیچیدگیاں پیدا ہو جانے کا احتمال ہے۔ البتہ امریکہ میں آزاد معاملات سے قطع نظر کر کے اس امر پر اظہار مسرت کیا جاتا ہے کہ مسٹر چیمبرلین نے امریکہ اور انگلستان میں گہرا اتحاد ہو جانے کی خواہش ظاہر فرمائی ہے۔ اور پھر اس اتحاد کے کارآمد اور مفید ثمرات ہونے کی رائے دی ہے۔ اس کا بالکل برعکس اثر ہم پا نہیں ہوا ہے۔ جہاں کے لوگ مسٹر چیمبرلین کی تقریر سے یہ مطلب نکالتے ہیں کہ انگلستان بڑی جنگ میں امریکہ سے متفق ہو جائیگا۔ چین کے اخباروں نے دول یورپ کو اس امر کی طرف توجہ دلائی ہے۔ تقریر کا اور کچھ بھی بیان کیا جائے۔ اور نتیجہ خواہ کیسا ہی نکلے۔ مگر مسٹر چیمبرلین نے معمولی الفاظ سے مغرب و دنیا میں ایک سنسنی ضرور پیدا کر دیا ہے۔

مجوزہ ایجوکیشنل کانفرنس کا آئندہ اجلاس لاہور میں

اس کے متعلق جناب نواب محسن الملک بہادر کا مراسلہ روزانہ پیسہ اخبار میں شائع کیا گیا ہے۔ جس کے ایک ایک لفظ سے میں بالکل رائے ظاہر کرتا ہوں۔ اور نواب صاحب موصوف کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ آئندہ اجلاس کانفرنس نہ صرف "باعظمت شان" بلکہ تمام گزشتہ اجلاسوں سے "زیادہ باعظمت و شان" ہوگا۔ اور اہالی پنجاب اپنی مساعی جمیلہ سے اس مرحوم کی روح کو ثواب پہنچانے اور خوش کرنے میں کوئی کوشش اٹھا نہ رکھیں گے جو اپنی زندگی میں انہیں زندہ دل کے لقب سے یاد کرتا تھا۔ مسلمان سر سید مغفور کا جھوٹا ماتم نہیں روتے اور اس کے قومی کاموں کو بڑی قدر و منزلت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ جس کا ثبوت نواب صاحب ممدوح کو اپنے دورے میں بخوبی مل جائیگا۔ پنجاب کی طرف سے تو میں اس شریف آوری کے ارادے پر ابھی ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ع اے آمدنت باعث آبادی۔ جناب مولانا مذیر احمد صاحب بالقابہ کی ذات والا صفات سے امید ہے کہ اپنی دل ہلانے والی تقریروں سے سوئے ہوئے لوگوں کا جوش دوبالا کریں گے اور مسلمانان پنجاب کو شکور فرمائیں گے۔

انگلستان کو مددگار کی ضرورت ہے!

مسٹر چیمبرلین جیسے مدبر اور اندر کے افسر کی زبان کے تقریر سے یہ مفہوم میں نے تو کبھی نہ سمجھا تھا کہ انگلستان بغیر کسی مدد گار کے اس سے مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ہاں گو ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ ہندوستان کے لئے بھی خیال کرنا چاہئے تھا۔ مگر سلطنت انگلشیہ کی موجودہ عظمت و شوکت تمام دنیا میں مسلم اور مشہد الطبل جانتے ہیں۔ انہیں یہ بتانا کیا ہے۔ کچھ لفظ ہیں یہ کہا گیا کہ روئے زمین پر کوئی قوت ایسی نہیں ہے جو گریٹ برٹن کی شمشیر آبدار اور آب اژدر دم کا نمونہ مانی ہو۔ یا اپنے آپ کو کسی قوت بحری و بری میں اس کا ہمسر جانتی ہو۔ اہل ہند کے لئے ایسی گورنمنٹ کے زیر سایہ زندگی بسر کرنا موجب امتیاز و افتخار ہے اور اس کے خلاف ایسا ایک لفظ بھی جس سے دولت انگلشیہ کی کسر شان متصور ہو۔ سخت ناگوار ہے۔ ہم ہندوستانی جانتے ہیں اور بہت صحیح جانتے ہیں کہ یوں براہ تحمل و بردباری چاہے انگلستان دوسروں کو نقصان پہنچائے یا کچھ کر بھی درگزر کر جائے اور بڑا ذرا سی باتوں پر جھگڑنے سے خونریزی خلاف کا روادار نہ ہو۔ لیکن ایسے معاملات میں جن سے اس کی عزت پر ذرا سا بھی حرف آئے وہ خاموش بیٹھنے والا نہیں ہے کیونکہ ؎

کند ہم قبل ایں ہموار ریشہ قد — کمال جوشن بکشیدن بود کباده شهو

روس ایشیا میں بیشک ہمارا رقیب ہے اور اس نے اپنی حکمت عملی بعض جگہ ہم سے سبقت لے جانے میں بھی طرح صرف بھی کی ہے۔ لیکن وہ ہرگز اس قدر قوت نہیں جانے کے قابل نہیں سمجھا جا سکتا تھا۔ جو مسٹر چیمبرلین کے مذکورہ بالا فقرے نے اس کو بخش دی ہے۔ خدا کی شان کہ انگلستان کو روس سے جنگ چھیڑنے کے لئے کسی مدد گار کی ضرورت ہو گئی۔ جہاں تک دیکھا جاتا ہے ہماری بحری قوت اس کے بتلا کر دینے کو کافی سے بہت زیادہ ہے۔ خاص جن ہمدردوں میں جہاں کے متعلق مسٹر چیمبرلین نے تقریر کی تھی ہم اس سے زبردست ہیں۔ پھر کہاں کسی مدد گار کو تلاش کریں۔ مسٹر چیمبرلین کی تقریر سے مترشح ہوتا ہے کہ روسی کارروائیاں صرف اس قدر سے انگلستان کے منافی فوائد نہیں کہ اگر کوئی مدد گار ہو تو جنگ چھیڑ دیجائے۔ اس سے ہماری مجبوری ہی ثابت ہوتی ہے جو کمزوری کی دلیل ہے۔ دریا نخالیکہ مدافعی ہم کیلئے روس کیا اس کے مددگار دوائس سے بھی دب کر رہنے والے نہیں!

ڈاکٹر ہافکن کا ملنے طاعون ٹیکہ

ڈاکٹر ہافکن ایک بالکل "دسیلف میڈ مین" ہیں۔ جنہوں نے اپنی جانب معرض ہلاکت میں ڈالنے اور لا تلقوا بایدیکم فی التہلکہ کا خیال نہ کر کے تجربے کئے سو اقعیت بڑھائی محنت شاقہ اٹھائی۔ یہاں تک کہ ان معاملات میں خود ایک زبردست آکٹوپس بنے جانے لگے۔ ان کا تجویز کردہ ٹیکہ مفید و غیر مضر کے لئے تو مفید تسلیم کیا جا چکا ہے مگر حال ہی میں جو انہوں نے مرض طاعون کا ٹیکہ نکالا ہے اور بھی ۶۰ تا ۷۰ فی صدی حالتوں میں کارگر ثابت ہوا ہے۔ مقامات وغیرہ علاقہ ڈردہ ہیں اور صدہا آدمیوں کو ٹیکے کا تجربہ کرنے کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ جس کے نتائج اب حسب دل متصور ہوتے ہیں۔ ۱۰۰ ایسے اشخاص میں سے جن کے ٹیکہ نہیں لگایا گیا تھا۔ علاوہ طور پر مبتلا کئے گئے ہوئے۔ اور ۴۰ ایسے آدمیوں میں سے جن کے ٹیکہ لگایا گیا تھا صرف ۳ دبا میں مرے۔ گویا ٹیکہ لگانے ہوئے اشخاص کی اموات میں ۷۵ فی صدی تخفیف ہوئی ٹیکہ لگائے ہوؤں میں ۴۰ عورتیں تھیں جن میں سے ۱۹ نے مہلک طور پر وبا کا اثر قبول کیا۔ بقابلہ ان سے ٹیکہ لگائی ہوئی ۳۰ عورتوں میں سے کوئی بھی ضائع نہیں ہوئی گویا ۱۰۰ فی صدی اموات کم رہیں۔ دس برس سے کم عمر والے ۱۹ بچوں اور ۵۰ برس سے زائد عمر کے ۸۴ آدمیوں کو ٹیکہ نہیں دیا گیا۔ ان میں علی الترتیب ۵-۱۰ موتیں واقع ہوئیں۔ بخلاف ان میں ٹیکہ دیئے ہوئے ۹۱ بچوں اور ۸۴ آدمیوں میں صرف ایک بچہ مرا گویا ٹیکہ لگے ہوئے بچوں اور بڈھوں کی شرح اموات میں علی الترتیب ۱۳ اور ۱۰ فی صدی کمی رہی۔ ڈاکٹر ہافکن کی تخفیف بقدر ۹۰ کے ہے۔ اہالی کلکتہ کو یہ ٹیکہ سے گھبرا رہے ہیں یہ شمار و اعداد خود سے پڑھنے چاہئیں۔ جن کی صحت میں شبہ نہیں کیا جا سکتا کہا اس سے اطمینان بخش فائدہ نتائج برآمد ہونے پر بھی ڈاکٹر ہافکن کے ٹیکہ کی نسبت کچھ وجہ شک باقی رہ گئی ہے۔ ہرگز نہیں! اور اگر رہ گئی ہو تو جاتی رہنی چاہئے!

علاقہ شمال میں ہندوستانی تارک الوطن

اگریزی علاقہ شمال میں ہندوستانیوں کی جو بہتی پیدا کیجاتی ہے اور جو ہندوستان کا برتاؤ ہوتا ہے اس کے متعلق سال گزشتہ پیسہ اخبار میں متعدد نوٹ شائع کئے جا چکے ہیں۔ بڑا افسوس تو یہ ہے کہ شمال انگریزی عملداری میں ہے۔ گویا ہندوستان اور وہ دونوں خواجہ تاش ہیں۔ اور پھر وہاں ان لوگوں کے ساتھ ایسی بدسلوکی روا رکھی جاتی ہے جس کی کسی غیر سے بھی امید نہیں کیجاتی۔ خیال ہوتا تھا کہ شاید انگلستان والے اس معاملے پر مطلع نہیں ہوتے ورنہ وہ ایسے سب سے زیادہ مہتم بالشان مفوضہ علاقہ کے باشندوں کی یہ جور و ستم ہوتے دیکھ کر شمال والوں کو ضرور متنبہ کرتے۔ چنانچہ ان کی توجہ مبذول کرانے کی غرض سے یکطلب شائع گئے۔ اخباروں میں مضامین چھپے۔ خاص خاص گروہوں نے میمورئیل بھیجے۔ مگر افسوس کہ ہمیشہ سیدھے خلاف نکلا۔ گورنمنٹ انگلستان نے شمال کو ہندوستان کے فیور میں فہمائش کرنے سے صاف انکار کر دیا ہے۔ اس میں وہ جواب درج کیا جاتا ہے جو صاحب وزیر ہند نے

فوج کی نسبت ظاہر کرتے ہیں وہ اپنی نسبت قائم نہیں کرتے۔ ہندوستان میں برٹش سلطنتوں کے زور ہی سے امن و امان قائم رہ سکتا ہے۔ نہ کہ لڑاکوں کی جماعت کو اختیارات حکومت دے دینے سے جنہوں نے ملک کے خرچ سے آزاد انہ تعلیم حاصل کی ہے۔ ان استبداد خیالات کی وجہ سے کوئی تعجب کی بات نہیں کہ گورنمنٹ کی ہر ایک کارروائی خواہ وہ کسی صیغے میں کرے سے کبھی دیسیوں کی نکتہ چینی و ناپسندی سے محفوظ نہیں رہتی۔

بخلاف اس کے بعض مشکل پسند صوبجات کے گورنر دیسی اخبارات کی اس قسم کی جھوٹی اختراع پردازیوں اور تہمتوں کو دقت دے کر دھتکوں کا مالک ہیں دے آئے ہیں۔ پریس اور گماشتہ کل اخبارات کی تحریرات پر نی الواقع جو توجہ کیجاتی ہے۔ وہ نہایت حیرت انگیز ہے۔ خواہ ان اخبارات کے چلانے والے بے علم اور بے حیثیت ہی کیوں نہ ہوں اور خواہ ہمسایوں میں ان کی وقعت بھی کچھ نہ ہو۔

سٹر جیمس اس کے بعد فرماتے ہیں ہندو عموماً تعزیرات ہند پر بحث کرتے ہیں۔ تو وہ اس ترمیم کو ایک قسم کی ڈھال خیال کرتے ہیں۔ مگر اس سے یہ نتیجہ نہیں ان کی رائے میں مرتم مسودہ میں بھی کچھ نہ کچھ نقص ہے۔ اور اسپر پورا اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

کوئی شخص گورنمنٹ کی کسی خاص تجویز مثلاً نمک پر محصول یا اضافہ ڈگنس پر نکتہ چینی کر سکتا ہے۔ مگر یہ بحث ایسے لہجہ میں نہ ہونی چاہیے جس سے گورنمنٹ کے خلاف سخت ناراضی پھیلانے کا احتمال ہو۔ لیکن جب نمکسوں کی نسبت یہ کہا جائے کہ وہ نیم بیضانہ۔ حریصانہ اور جابرانہ وغیرہ ہیں تو اس کا کیا نتیجہ پیدا ہوگا۔ گو یہ الفاظ انگریزی اخبارات کے مباحثوں میں بے ضرر سمجھ جائیں۔ مگر جب کسی ناقابل انتقال گورنمنٹ کی نسبت کہے جائیں۔ تو ان کا اور ہی اثر ہوتا ہے۔ کیا کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ اس قسم کے الفاظ گورنمنٹ کے خلاف نفرت کو ابھارنے والے نہیں پھیلاتے۔ کیا ہم میں سے کوئی شخص ایسی ذاتی آزادی کو خطرے میں ڈال کر بیٹھ سکتا ہے کہ اس سے بُرے نتائج پیدا نہ ہونگے۔ جبکہ استغاثہ کی جانب سے ہر سٹر پیش ہو۔ نیز اس حالت میں کہ ملک کی آب و ہوا میں بھی پولیٹیکل جوش بھرا ہوا ہو۔ نتیجہ جس کا ہو کہا گیا ہے۔ اگر اسی طرح پاس ہو گئی تو اس سے بھی بدتر نتائج نکلیں گے۔

سٹر جیمس کو دیسی اخبارات کی طبعی ترقی سے بالکل ناامیدی ہے۔ اس لئے وہ تو ائین سیڈیشن کی ترمیم سے بھی اس فائدے کی توقع نہیں کرتے۔

اسی پریس ایکٹ سیڈیشن کے بھی اس قدر نقصان بیان کئے ہیں جس قدر کہ سیڈیشن کے مضامین کیونکہ [illegible] اشتعال انگیز۔ اشتراض کو [illegible] اشتراض [illegible] سے بڑھکر [illegible] ان کو [illegible] سے بہت بڑا تعلق رہتا ہے [illegible] ہیں [illegible] ہیں [illegible]

[illegible] سخت حجت کی گئی ہے۔ اوّلاً یہ کہ کمیٹی سکتے میں [illegible] شامل نہیں کئے گئے۔ دوسرے یہ کہ کمیٹی مذکور کے اختیارات چند خاص امور پر بحث محدود کر دئے گئے تیسرے یہ کہ [illegible] کمیٹی میں دوبارہ کھولی جانے کی تجویز پر غور کرنے سے انکار کر دیا گیا۔ اسی میں یہ بھی ظاہر کر دیا گیا ہے کہ کثیر الاقتدار طلائی فرضوں سے انگلستان کی تجارت سخت خطرے میں پڑ جائیگی۔ اور جتایا گیا ہے کہ شہر لنڈن اغراض سکہ کے لئے طلائی فرضے کا بندوبست نہیں کریگا۔ نامہ نگار مذکور نے یہ بھی لکھا ہے کہ گورنمنٹ کوئی رعایت منظور کرتی معلوم نہیں ہوتی کیونکہ تحقیقات کی تجویز کو پارلیمنٹ کے دونوں ہاؤسوں میں منظور کر لیا گیا تھا۔ اور سر ہنری فاؤلر بھی اس سے متفق الرائے ہیں۔ کیونکہ تحقیقات پیشتر گورنمنٹ ہند کی تجاویز کے مناسب ہونے پر غور کرنے اور جہاں تک کے عملدرآمد کی نسبت مفید طریقے سوچنے ہندوستان کے مالی ممبر سر جیمز ولیمسن صاحب جنہیں ان تجاویز کی ترتیب میں سب سے زیادہ دخل ہے اور جو گویا ان کے بانی سمجھے جاتے ہیں شہادت دینے کے لئے طلب کئے جائینگے گورنمنٹ ہند کی تجاویز کے متعلق پہلے رائے دے چکی ہے اور ہندوستانی مکانوں کے معمد و رہنے کا نقصان بھی مشتہر کیا گیا ہے۔ اس لئے اہالی لنڈن کی اس کارروائی پر اس کے سوا کچھ اور نہیں کہا جا سکتا کہ وہ نہ صرف خود فائدہ اٹھائینگے۔ بلکہ اہل ہند کو مشکور بنائینگے اگر کمیٹی میں کھلاوٹ کی تجویز پیش کر دیتے۔

مسٹر چیمبرلین کی سپیچ

مسٹر چیمبرلین ہر دلعزیز وزیر نوآبادیات کی تقریر پر مسلم ہے کہ ایک حد تک کی نسبت میں کسی گزشتہ اشاعت میں اپنا خیال ظاہر کر چکا ہوں امریکہ کے سوا یورپ بلکہ خاص انگلستان ہی میں بہت کم پسندیدگی کی نظر سے دیکھی گئی ہے۔ مسٹر موصوف ترقی پرینٹ کے لیڈر ہیں جس کی تائید کے باعث ۱۸۹۵ء میں لارڈ سالسبری کی پارٹی کو وزارت نصیب ہوئی ہے۔ اور ان چند بیدار مغز مصلحت فہم مدبروں میں سے ایک ہیں جو پر انگلستان اس وقت فخر کر سکتا ہے۔ ایسے شخص کی زبان سے اس قسم کی تقریر کا ادا ہونا چاہیے وہ اس کی اہمیت ذاتی رائے ہی کیوں نہ ہو مگر بہت کچھ وزن رکھتا ہے۔ لکھا تھا کہ روس سے جنگ چھیڑنے کے لئے مدد لگانے ضرورت ظاہر کرنے میں مسٹر موصوف نے ہندوستانیوں فیلنگ کو صدمہ پہنچایا ہے۔ مگر اب اخبارات انگلستان کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اہالی برطانیہ بھی ایک ایسے ذمہ دار عہدہ دار کو اس قسم کے کلمات سے نکاح خطر دیکھنا چاہتے۔ مسٹر چیمبرلین نے تھروں نے کراب خطر کے لئے تیار رہنا اور باہم خوب متفق ہو جانا چاہیے۔ [illegible] کو بہت کچھ رائے زنی کا موقع دیدیا۔ [illegible] اوقیانوس میں فرانس سے جو تعلقات نشیب [illegible] ہیں بھلک سکے [illegible]

جدید سکہ اور اہل انگلستان

اخبار ہائے کثیر الاشاعت کا خاص نامہ نگار لنڈن سے تار دیتا ہے کہ جدید سکہ کے متعلق ایک زبردست میمورئل گورنمنٹ کو بھیجا گیا ہے۔ اسپر سر رابرٹ ہرشل سے زائد آدمیوں کے دستخط ہیں۔ ایک میمورئل آف ایکسچینج والوں کا کثیر التعداد گروہ شامل ہے۔ میمورئل میں تین باتوں کے بیان

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۲۸ مئی سنہ ۹۸ء

ہندوستان کے دیسی اخبارات

نصف صدی سے زیادہ ہندوستان کے دیسی پریس کو آزادی حاصل رہی ہے۔ ایک اجنبی گورنمنٹ کی عملداری میں اس کی یہ غیر محدود آزادی دنیا کی تاریخ میں ایک بے نظیر واقعہ ہے۔ ہندوستان میں اشاعت تعلیم کے طویل زمانے کے بعد جو فی زمانہ یہاں کی یونیورسٹیوں اور کالجوں میں دی جاتی ہے۔ جس سے ابتدا میں اہل ہند ایسے ہی ناواقف تھے جیسے کہ اخبارات سے۔ گورنمنٹ کو حال میں اس بارے میں رشک پڑتی ہے۔ مسٹر جی۔ ڈبلیو چیتی رجسٹرار اخبار پاؤ نیر الہ آباد نے ایک پر مغز مضمون "ہندوستان کے اخبارات" پر نیشنل سپنجری میں لکھا ہے۔ جس کی بے ثوث ہدایات امید ہے کہ اس زیر بحث مسئلہ کے متعلق مفید افتتاحیوں اور دماغی اختراعات کے جاسکے جس میں بگڑا ہوا معاملہ کر دیتے ہیں۔ اس آرٹیکل کی طرز تحریر نہایت مستدل ہے۔ اور مسٹر چیتی نے نہایت عمدگی سے نتائج نکالے ہیں۔ پریس کے بارے میں گورنمنٹ پچاس سال کے بعد خواب غفلت سے بیدار ہوئی ہے۔ اور سولہ سال کے بعد کسی قدر وسیع پیمانے پر سلیٹ گورنمنٹ دیسی اخبارات پر مقدمات سیڈیشن چلائے گئے ہیں۔ گورنمنٹ کی گزشتہ پالیسی کے متعلق مسٹر چیتی کہتے ہیں کہ گورنمنٹ نے کبھی ان اخبارات کی تحریروں پر توجہ نہیں کی اور وہ اسے ایک بے شر چیز خیال کرتی رہی ہے۔ لیکن ملک میں بدامنی کے صحیح آثار سے گورنمنٹ نے اخبارات کو ماخوذ کرنے کا ارادہ کر لیا۔ کو اخبارات اس بدامنی کے پیدا کرنے والے نہ تھے۔ تاہم بعض حالتوں میں انہوں نے اس اضطراب کو بہت سے بدتر بنا دیا۔ مقدمات سیڈیشن اور ان کے کامیاب نتائج پبلک پر روشن ہیں۔ اور انہیں کا یہ نتیجہ ہوا کہ تعزیرات ہند میں ترمیم کی گئی ہے۔ مسٹر چیتی نے ایسی عمدگی سے دیسی پریس اور ان بواعث پر جنہوں نے دیسی اخبارات کو موجودہ حالت پر پہنچا دیا ہے۔ بحث کی ہے کہ ہم ان کی کسی قدر تحریر ذیل میں اقتباس کرتے ہیں۔

"ممکن ہے کہ اس کے ادا کرنے میں مشکل سے خالی نہ ہوں۔ مخالف اس کے برائیاں صریحی دکھائی دیں۔ مال۔ فصل کو آتا ہے ایک انگریزی اخبار کو ہندو یا مسلمان ہمعصر کا منصف کے یہ تصور کرانا چاہئے کہ اسے آزادی حاصل ہے اور جس امر کو ظن ہو ان سے آگے نکل جائے۔ اس طرح سے معلوم ہوگا کہ اس کا رتبہ کس قدر مشکل ہے نصیحت اور نکتہ چینی کا میدان تنگ لکھا ہوا ہے لیکن اہل ہند کے زیادہ تر پبلک کا روبار اس قسم کے ہیں جن سے کسی قسم کی ترغیب نہیں ہوتی اگر کوئی نمائندہ اخبار نویس اپنے ہم پیشہ تجربہ کار اخبار نویس کی تحریروں کے مطالعہ کے بعد ان کے نقش قدم پر چلنا چاہیں۔ تو اس کے مضامین کو ناظرین نہیں سمجھ سکیں گے۔ بالفرض اگر کوئی نیا شخص ان مشکلات کو دیکھ کر کوئی جدید پالیسی اختیار کرنا چاہے۔ تو وہ کیا کرے گا؟ کیونکہ غیر ممالک کے پولیٹیکل حالات پر ایسے اخبارات میں کم بحث ہوتی ہے اور آبادی کا زیادہ تر حصہ ان سے کچھ دلچسپی رکھتا ہے۔ ہاں خاص خاص مواقع پر پیرولی پالیٹکس میں یہ بھی حصہ لیتے ہیں۔ مثلاً یونان پر سلطان کی فتوحات وغیرہ یہاں ادب و لعب۔ سوشیل۔ کیسی۔ موسیقی۔ ڈراما۔ لٹریچر۔ سائنس۔ فنون اور سیاحت۔ نیز اور بہت سی باتیں اہل ہند کی زندگی میں داخل نہیں ہیں۔ اس سے زیادہ حیرت انگیز یہ امر ہے کہ ان اخبارات میں تجارتی خبریں بھی نہیں ہوتیں۔ ایسے ملک میں جو زراعتی سرزمین ہو۔ زراعتی مضامین پر بھی توجہ نہیں کیجاتی۔ گورنمنٹ پرامیسری نوٹ بلکوں اور کمپنیوں کے حصوں کی خرید و فروخت کی خبریں جن کو یورپ میں اس قدر ضروری تصور کیا جاتا ہے۔ دیسی اخبارات میں ان کا بھی پتہ نہیں ملتا۔ ہندوستان کے سوداگر۔ مہاجن۔ غلہ فروش اور ساہوکار یہاں کی سوسائٹی میں اوسط درجہ رکھتے ہیں۔ یہ غیر معلوم وقت سے ان تمام امور سے اچھی طرح باخبر رہتے چلے آئے ہیں۔ جن سے ان کے مختلف النوع فوائد پر کسی قسم کے اثر پڑنے کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ اور گزشتہ زمانے میں بسا اوقات ملک کے دیگر حصص کے متعلق صحیح معلومات اور اپنے پیشے کے بارے میں نہایت سچی طرز میں بنا کر لوگوں کو حیرت میں ڈال دیتے تھے۔ تاہم دیسی اخبارات ان کی آگاہی کو وسعت دینے کی نسبت کچھ کوشش نہیں کرتے۔ غرضکہ تجارتی و مالی کالم صرف انگریزی اخبارات ہی کا حصہ ہیں۔ جن سے دیسی اخبارات کھلے طور پر اقتباس نہیں کرتے"۔

بلاشبہ اس میں کچھ مستثنیات بھی ہیں۔ لیکن وہ اخبارات جو عمدہ مضامین اور خبریں بہم پہنچاتے ہیں ان کی دیسی قدر و منزلت نہیں ہوتی جیسی کہ ان اخبارات کی جو گورنمنٹ پر ہمیشہ زہر اگلتے رہتے ہیں۔ اور ہر ہفتے اپنے ناظرین کو ذاتیات سے بھلاتے رہتے ہیں۔ ذاتیات پر حملہ کرنے سے بڑھ کر کوئی دلچسپ مضمون دیسی پریس کے لئے نہیں پایا جاتا۔ چنانچہ ہر جگہ ایسے پرچے جاری ہیں۔ جو پیٹ بھر کر گو سا کرتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ جس کی مخالفت کیجائے وہ یورپین افسر ہی ہو۔ جس کے لئے بہتانوں کی کوئی کمی نہیں۔ بلکہ یہ کھیل ایسی ہی دلچسپی اور زیادہ محظوظ طور سے پورشین اور دیسی ماتحتوں کو بھی کھیلا جاتا ہے۔ ہندو و مسلمان سرکاری ملازمتوں کے متعلق بھی اپنے اپنے حامی رکھتے ہیں۔ نظایہ کسی مسلمان سب ڈویژنل افسر پر اس قسم کا الزام لگانا شاذ و نادر نہیں کہ اس نے ہندو چپڑاسی یا ہرکارے کو موقوف کر کے اس کی جگہ مسلمان بھرتی کر لیا ہے یا بخلاف اس کے ہندو مہتمم نے کسی مسلمان چپڑاسی کی جگہ ہندو کو دے دی ہے۔ ہر ہفتے ایک اخبار کو جاتا ہوں جو ہر ہفتے ادنیٰ کلرکوں کے چھوٹے چھوٹے جھگڑوں کے متعلق کثیر التعداد و نام اور مذہبی اصطلاحات و نام انصافیوں کی فہرست لمبا نے میں کام نہیں رہتا ہے کہ ایک دیسی رئیس کے ایک تازہ خریدے لکھا تھا۔ کہ ناظرین ایک اخبار سے کیا پاتے ہیں جس کی قیمت اخبار نے میں وہ اس قدر پیش کرتے ہیں؟ وہ اخبار میں ایسے مضامین کے خواہاں ہیں۔ جو ایڈیٹر کو جیل میں پہنچا دیں جس قدر ایڈیٹر جیل میں جانے کے لئے آمادہ ہوگا اسی قدر اس کے اخبار کی تعریف زیادہ کی جائیگی۔ ناظرین اس پر لکھا دینے والی خبریں چاہتے ہیں۔ اور یہ جس قدر زیادہ ہو پُرزور اور گستاخانہ لہجے میں لکھی ہوئی ہوگی۔ اسی قدر ناظرین کو خوشی سے پڑھینگے۔ اگر ہی ریمارک کسی انگریزی اخبار میں شہر ہوتے تو سخت لائق تعزیر کئے جاتے۔ مسٹر چیتی لکھتے ہیں:۔

"دیسی مضمون نگاروں اور پبلک سپیکروں کے منہ میں بورڈ پر کر دیسی رعایا حکومت ہمراہ کی مذمت کرنے والوں یا ریسپر ایبل گورنمنٹ کی توہین کرنے والوں سے بڑھ کر الفاظ نہیں ہوتے۔ لیکن ان کے ساتھ ہی ان کے بھیجے سے بوکے بھاپ جاتے ہیں کہ دور پیرز نیٹو امیدواروں کی شخصی بربادی کی بربادی کے خواہاں نہیں ہیں۔ ایک ایسے ملک میں جہاں ہر ایک شخص سرکاری ملازمت کا خواہاں ہو۔ عام رائے کا دباؤ اور لوگوں کی بھی خواہش پائی جاتی ہے کہ مزید عہدے ملیں اور دفاتر کو اور بھی وسعت دیجائے۔ کسی دفتر یا اسٹیبلشمنٹ کے بڑھانے سے زیادہ گورنمنٹ کوئی عام کام نہیں کر سکتی۔ چنگی ناکہ کے ادنیٰ محرر سے لے کر اپنے چپیرے بھائی کو دفتر پنگی میں جگہ دلوانے کے لئے کوشش کر رہا ہے۔ نیشنل کانگرس کے سپیکروں تک۔ ہندوستان و انگلستان دونوں جگہ یکساں اتحاد رسول ہروس ہونے کے لئے چلا رہے ہیں۔ غرضکہ ہر ایک شخص پوری طرح کی ترقی دینے میں ساعی ہے۔ ہم نے سنا ہے کہ جیلخانے کا ایک قیدی ایک دوسرے قیدی سے راز و نیاز ہو کر کہہ رہا تھا کہ دیکھو مجھ کو سرکاری وردی ملی ہوئی ہے۔ لیکن بتاؤ تم کون ہو؟

دیسی اخبار کے نمائندہ کو معلوم کرنا بہت مشکل ہے۔ بایں اس کے نقصانات ظاہر ہیں۔ بہرکیف یہ حالات کا کیڑا ہوتا ایک انگریزی اخبار اگر کسی ہندو یا مسلمان ہمعصر کے اخبار کا چارج لے۔ اس قلم کے ساتھ کہ سیدھا وہ ناک کے نوک چلا جائے۔ تو اس کا منزل مقصود پر پہنچنا کس قدر مشکل ہوگا پر کہ یہاں ایسی گورنمنٹ نہیں جسے دوسری گورنمنٹ سے بدل لیا جائے۔ اس مرتبہ وہ ملازمت کا بڑا حصہ دیسی کی لگاہوں میں یہ ٹھہرایا ہے کہ اس کا تمام و کمال انتظام ان کے ہاتھوں میں رہے۔ اسی امر پر ہمارا اس طرح حملہ کرتے ہیں کہ گویا طریق گورنمنٹ کی توصیف کرتے ہیں مثلاً انگریزی فوج کو بھیشہ متہم کیا جاتا ہے۔ اسی پوشش کی استعداد نہیں ہے۔ اسی سے معلوم ہو سکتی ہیں کہ جو وہ کیف

حفظ صحت

استفسار

۶۱۔ ہاتھ پاؤں میں پسینہ۔ گذشتہ برس سے ہاتھ پاؤں میں ہر وقت پسینہ آتا ہے۔ یہاں تک کہ کاغذ وغیرہ لکھنے سے مجبور رہتا ہوں۔ موسم سرما میں بند ہو جاتا ہے۔ بارش میں تھوڑا سا تھوڑا آتا ہے۔ لیکن موسم گرما میں اس قدر نکلتا ہے کہ ہاتھ پاؤں سے پانی ٹپکتا رہتا ہے۔ سرد کے وقت پسینہ بند ہو کر خارش معلوم ہوتی ہے۔ پھر جس وقت ہاتھ پاؤں کو پانی سے دھوتا ہوں تو آرام معلوم ہوتا ہے طبیعت کو فرحت ہوتی ہے۔ اس لئے کوئی صاحب مجرب نسخہ سے اطلاع دے کر شکور فرماویں۔ (عبد الحمید بھیک دار از مکتل کھاٹ)۔

۶۲۔ نیند کا غلبہ۔ عرصہ ۴ سال سے میری نیند کمال درجہ چوپٹ ہو گئی ہے۔ اداس کی وجہ سے نسیان اور کاہلی بھی پیدا ہو گئی ہے۔ میری عمر اس وقت ۲۰ سال کی ہے۔ چند علاج کئے کچھ فائدہ نہ ہوا۔ امید ہے کوئی صاحب اس کے مجرب اور سہل علاج سے بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرما کر عند اللہ ماجور و عند الناس مشکور ہوں۔ (فرید بشکتلا از چاند پور)۔

۶۳۔ قوت شامہ کی عدم موجودگی۔ میرے ایک دوست کو پرسوں خشکی کے یہ عارضہ ہو گیا ہے کہ عرصہ دس سال سے خوشبو بدبو کو تمیز نہیں کر سکتا۔ گویا ناک سے بیکار ہو گیا ہے عمر اس کی ۳۵ سال کی ہے۔ اگر کوئی صاحب اس مرض کا مجرب نسخہ جانتے ہوں یاد دلا بقیمت دے سکتے ہوں تو بہ مہربانی اطلاع دیں۔ (محمد منظور حسین۔ از ضلع ہزارہ)۔

علاج

۴۸۔ بواسیر۔ (محمد ہاشم۔ مقام ستھ)۔ اس کو زبان مقامی میں سیدھن کہتے ہیں۔ ہمارے بزرگ اس مرض کا علاج عمدہ کرتے تھے۔ یہ ترکیب سینہ بسینہ چلی آئی ہے۔ تفلفل دراز مہ تولہ کو نیم تولی باریک کر کے مشیر ۱ روز گاؤ شیر خام میں خوش کریں۔ جب خشک ہو جاوے تو پھر کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ اور مصری نصف کل کے ساتھ دیں۔ خوراک ایک درم ہے۔ دو درم ہے حسب حال۔ بیمار یقین ہو گا کہ ۴ ہفتے میں مرض مذکور کو جڑ سے اکھاڑ دیگا۔ اگر چہ ایسے نسخوں کی بزرگوں سے انتظار رکھنے کی اشد حاجت ہے مگر اس وقت میں بمقابلہ خاوت دار شہد زیادہ پسند کرتا ہوں۔ (خیال خادم فرحت کے رقم کیا۔ از ثانہ)۔

۶۹۔ تشقاق المقعدہ۔ (جواب ہفتہ ۱۸ سے تعلق رکھتا ہے۔ مرتب) کے مستعمل کریں۔ سفیدی کا شوری کچھ دم کچھ نمک۔ ان کو باریک کوٹ کر ۱ ماشہ مثقل ۹ ماشہ ترکیب یہ ہے کہ اول تل کو بھون کر پھر نمک کے ساتھ کوٹ کر دوں میں ڈال کر رکھیں اور صبح کو ۱ ماشہ ڈالیں اور کھا کر اوپر سے دودھ گرم کا جس میں شکر ملی ہو جاویں۔ سفید طلق کی قبض ہے جاتی ہے۔ مرتب کہتا ہے کہ مستعمل ہے۔ (۱۲)۔

گمنام و نشان عزیز

۳۲۔ بندہ کا ایک دوست عرصہ ایک ماہ سے ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے نارمل سکول کی جماعت سپیشل کلاس سے فیل ہوا تھا۔ بیٹ خبر ساری کسی طرف منقطع ہو گیا ہے۔ والدہ اس کی بیحد جدائی میں حیران ہے۔ افواہ ہے کہ وہ دہلی یا ملتان ہو گا اور تعلیم پاتا ہو گا۔ طلبیہ یہ ہے ہمارا المعروف جند انجام ولد عظمت خان قوم متور۔ سکنہ موضع متور تحصیل تھانہ ٹانک ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں۔ سانولا رنگ۔ پستہ قد۔ ہر دو گوش میں سوراخ کیسوئی۔ عمر تخمیناً ۲۰ سال (غلام مصطفےٰ خاں خریدار پیسہ اخبار)۔

۳۳۔ بسلسلہ گمشدگی المعروف بلند کی زوجہ دلہن چند ولد بھرمن ساکن جنڈیالا گورو ضلع امرتسر جس کا علیحدہ نزول ہے۔ قد متوسط فربہ۔ آنکھیں آبی اور خوبصورت۔ پاؤں کی انگلیاں چھدری ہیں۔ سوا خ دہنی رخسار کنپٹی جانب چپ بگ گندم۔ عمر تخمیناً ۱۹ سال۔ جس کو عرصہ ۱ سال کا ہو گیا ہے قصر سے ناراض ہو کر گھر سے کہیں چلی گئی ہے۔ لہٰذا ہو۔ لہٰذا سر کیو ڈھلہ میں اکثر سنا گیا کہ کئی شخصوں نے اس کو دیکھا۔ مگر ہنوز پتہ تا حال نہیں ملا۔ اب عمر ۲۶ سال ہو گی۔ کوئی صاحب براہ مہربانی مجھ غریب پر رحم کر کے اس کے پتہ سے مطلع فرما دیں تو عین احسان ہو گا (سماں کلیان سنگھ ہمشیر خورد موضع مذکور۔ ڈاکخانہ جنڈیالا)۔

عام

سوال

۵۰۔ سانپوں کا وفور۔ (تلب مائی لگڈھ علاقہ ریاست میوار) میں سانپوں کی نہایت کثرت ہے۔ آخر ایام گرما سے آخر ایام برسات تک کوئی گھر خالی نہیں رہتا کہ جہاں ایک دو سانپ نہ نکلتے نہ دکھائی دیں۔ اس موسم میں بہت سے بنگان خدا ان کے کاٹنے سے فصل ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی صاحب کو ان کے دفع کی کوئی ایسی دوا معلوم ہو کہ سانپ اس کے پاس نہ آوے یا اس جگہ کو چھوڑ دیں تو مطلع فرماویں (خریدار مکتوب ۱۷۹)۔

۵۱۔ (ایک مکان میں چیونٹیوں کا کثرت سے ہونا۔ جب دیکھو کوئی نہ کوئی چیونٹی آئی ہوئی اور کوئی چیز کھاتی ہوئی ہے۔ جس سے میرا نقصان ہوتا ہے۔ مکان کی دیواریں چونکہ یہاں کچی ہیں مٹی کی ہوتی ہیں۔ اس لئے اگر کوئی یا اور کوئی ایسی قسم کی دوا ڈالی جاوے تو شاید ایک آدھ دیوار کی پرنڈ جذب کر لیگی۔ براہ مہربانی کوئی ترکیب بتائیے (خریدار مکتوب ۱۷۹)۔

جواب

۴۰۔ ظروف چینی اور شیشہ آلات جڑنے کا مصالحہ۔ (جواب سوال ۱۷۸۔ مچھلی کے سریش کو بلک اسپرٹ آف وائن میں گلاویں۔ اور تھوڑا سا گم ایبو نیا ملا دیں۔ اس کا جوڑ پختہ ہوتا ہے۔ اور اس مصالحہ کا ظرف معلوم نہیں ہوتا۔ اگر ایسی بات چھڑنا ہو جس میں آگ سے دانی اور دیات رکھنا ہو تو اس کے لئے یہ مصالحہ ہے۔ بارک لیپا ہوا الفتاح اس اندازہ سے کیسیوں میں ملا دیں کہ گاڑھا ہو جاوے اور اس سے بتل جوڑ لیں (ایک خریدار از دہلی)۔

شعر و سخن

مکروہات زمانہ

(برائے پیسہ اخبار)

(ممالک متحدہ امریکہ کے ملک [illegible] فیلو کی نظم سمجھ رہی ہوں۔ کا ترجمہ۔ جس کو شکستی اور تقاضائی صاحب کاکوروی رقمال نائب تحصیلدار شاہ آباد نے فرمایا ہے۔ رقم شاد کس تیا۔

کہاں ہے سردی کیسی جمائی ہوئی ہے تاریکی
مینہ ہے چلے ہیں بادل دم نہیں لیتی ہوا ایک پل
بیل انگور کی ہے اب بھی چڑھی اور دیوار ہے ہنوز خالی
ہاں مگر تیز سرد جھونکوں سے گرتے جاتے ہیں خشک سب پتے
ہے دم سرد زندگی سب کی آپ جھائی ہوئی ہے تاریکی
یہ نہ گرمی نہیں طبیعت میں ہر طرف ہی ہر ایک حالت ہے
ہے یہ بارش کہ ہے تو دل بلا نہیں رکتی ہیں آنکھیں بہتے
جیسے دیوار پر ہے بیل چڑھی حافظے پر زمانہ ماضی
ہیں امیدیں جوانی کے پتے اور حوادث زمانہ کے جھونکے
بیل تو ہے چڑھی مگر پتے گر رہے ہیں ہر ایک جھونکوں
ہاں مگر رگ میں نہیں دل میں نہیں کسی پہلو کھٹکتے تیر ہنوز
روشنی صاف مہرتاباں کی آڑیں بادلوں کی ہے اب حائل
ہے مصیبت ہر ایک کا حصہ سچ حصہ نہیں فقط میرا
کبھی فرحت کبھی اداسی ہے یہی حالت زمانے بھر کی ہے

بہار زندگی کے اسباب

بہار زندگی ہے نیکنامی بہار زندگی ہے خوش کلامی
بہار زندگی ہے بردباری بہار زندگی ہے خاکساری
بہار زندگی ہے تندرستی بہار زندگی ہے تیزی و چستی
بہار زندگی ہے جامہ صاف بہار زندگی ہو دے شفاف
ہے یار مروی خوش اطواری کا عشرت ہے ہمدردی و غمخواری کا
بہار بلغ دل ہے راست گوئی گل بلغ سنانت ہے نکوئی
بہار گلشن ہستی کرم ہے وفا و طبع بنیاد شرم ہے
بہار دنیوی ہے خواہش علم بہار خوشدلی ہے عافیت ہم
بہار شاعری ہو خوش بیانی ہے اعزاز شکت حاصل

رباعیات

اے خالق انس و جان رزق گذار ہو تو — چارہ فرمائے درد و آزار ہے تو
بے تیرے حکم کے زور تقدیر ہیچ — سچ ہے ہر ایک شے کا مختار ہے تو
اے قوت بخش ہر ضعیف و ناتواں — طاقت تو نے دی ہے ناتوانوں کو بھی
ہر حال میں ہو جی تمنا کا خیال — اس ٹوٹے جہاں کا مہربان تو ہی
ہر چیز میں ہے تیری قدرت کا ظہور — طاقت بھی تن نحیف میں ہے تو ہی
جیسا نہیں حال تن کا خیال — قدرت نہیں کس کی میری ہستی ہے تو ہی
اے فاعل حضرت زبردست ہے تو — قدرت تو ہی کارفرمائے ہے تو
کب غیر کے ساتھ بیٹھتا ہے حضرت — جو بات تیرے جی میں لگ جائے ہے تو
عقل سے عقل کی افزائش ہو — روح سے جسم کی آرائش ہو
اے شفا نہیں شک اس میں ہرگز — نرمی علم سے آسائش ہو

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

جلد ۱۲ | یوم شنبہ ۲۸ مئی ۱۸۹۸ء مطابق ۷ محرم ۱۳۱۵ ہجری موافق ۱۰ اجیٹھ سمت ۱۹۵۵ بکرمی | نمبر ۲۱

آگ بجھانے کا خرچ

آگ بجھانے پر لنڈن میں ۴۰ پونڈ خرچ ہوتا ہے۔ آجکل ممالک آتشزدگی کے واقعات ظہور میں آنے کے باعث ہر جگہ اس کے دفعیہ کے وہ اسباب سوچے جا رہے ہیں۔ لہذا اس کام میں جو خرچ ملکوں میں ہوتا ہے اُس کی کیفیت دلچسپی سے خالی نہ ہوگی۔

امریکہ اور یورپ میں آتشزدگی سے سالانہ نقصان ۷ کروڑ پونڈ سے کم نہیں ہوتا۔ سب سے زیادہ نقصان ۱۲ لاکھ پونڈ ہوتا ہے۔ اس کے بعد دس کا نقصان ۲ لاکھ پونڈ۔ یونائٹڈ کنگڈم کا ایک کروڑ پونڈ۔ جرمنی کا ۹۰ لاکھ پونڈ۔ آسٹریا کا ۸۰ لاکھ پونڈ۔ فرانس اور آسٹریلیا کا ۳۵ لاکھ پونڈ۔ بلجیم کا صرف ۱۰ لاکھ پونڈ ہوتا ہے۔ فی الحقیقت بڑے شہر آتشزدگی سے زیادہ نقصان اُٹھاتے ہیں۔ مگر اس امر میں بھی فوق ہے۔ اگر کل نقصان کو سدی یا دی کیا جاوے تو سکیڈیو میں فی کس سالانہ نقصان ۵ شلنگ ہے۔ لنڈن میں ۱۲ شلنگ۔ فلاڈلفیا میں ۴ شلنگ اور سین سکو میں ۱۰ شلنگ ہوتا ہے۔

اس بارے میں لنڈن والے خوش قسمت ہیں جہاں سالانہ نقصان ۱۰ شلنگ اور مانچسٹر میں ۴ ہے۔ لیکن پیرس لنڈن سے بھی سبقت لے گیا ہے۔ وہاں لوگوں نے اپنے انتظام سے سالانہ نقصان گھٹا کر ۱ شلنگ تک پہنچایا ہوا ہے۔ واشنگٹن میں اس سے بھی کم صرف ۲ پنس ہے۔ جبکہ امریکہ میں آتشزدگی سے زیادہ نقصان ہے وہاں باعتبار آدمی ملکوں کے اس کے دفعیہ کے لئے خرچ کیا جاتا ہے۔ نیویارک میں فائر بریگیڈ آگ بجھانے کا خرچ ۲ لاکھ ۵۰ ہزار پونڈ ہے جو بحساب فی مرد و عورت ۱ شلنگ سالانہ ہوتا ہے۔ بوسٹن اور فلاڈلفیا کا خرچ دو دو شلنگ ہے جبکہ تخمینہ ایک لاکھ ۱۰ ہزار پونڈ کیا گیا ہے۔ لنڈن کا خرچ جس کی آبادی ان شہروں سے دُگنی ہے صرف ۷۰ ہزار پونڈ یا فی کس ½ شلنگ ہے۔

ملک کی آگ بجھانے میں ۱۴۰ پونڈ اور ۱۸ ہزار گیلن پانی خرچ ہوتا ہے۔ لنڈن کی آگ صرف ۴۰ پونڈ اور ۱۰ ہزار گیلن پانی کے صرف سے بجھ جاتی ہے۔ شکاگو میں ۱۸ پونڈ اور ۱۵۲ پونڈ بالٹیمور میں ۲۳۰ پونڈ۔ بوسٹن میں ۲۹۵ پونڈ صرف ہوتا ہے۔ سڈنی (آسٹریلیا) میں ۸۰ پونڈ کی ہے۔

مذاق

مرد اہمدردی سے:۔ "آپ کو بہت سخت زکام ہے"۔

عورت:۔ "بیشک۔ اور اس کے ساتھ ہی میرا گلا اس قدر کمزور ہے کہ اگر تم میرا بوسہ لو۔ تو بھی میں چیخ نہ سکوں گی"۔

تجارتی کمپنی کا حصہ دار:۔ "آپ ذرہ بھی فکر نہ کریں کمپنی بالکل محفوظ ہے"۔

حصہ دار:۔ "کمپنی کے محفوظ ہونے میں تو مطلق شبہ نہیں ہے۔ میں تو اپنے روپے کے محفوظ ہونے کے واسطے متردد ہوں"۔

بیوپاری شوہر:۔ "میں سمجھتا ہوں کہ تم ضرورت سے بڑھ کر میرے دفتر میں آتی ہو"۔

بیوی:۔ "پیارے میں رُک نہیں سکتی۔ دفتر میں آپ کے اطوار ایسے عمدہ ہیں کہ مجھے گھر میں کبھی دیکھنے نصیب نہیں ہوئے اس لئے مقابلہ کرنے سے خط اُٹھاتی ہوں"۔

ایک نوجوان نے اپنے باپ کو۔ جو ایک بڑھا دیہاتی زمیندار تھا اپنا فوٹو بھیج کر درخواست کی کہ میں بہت تنگدست ہوں۔ لہذا آپ میری دستگیری کیجئے۔ بوڑھے آدمی نے فوٹو کی طرف دیکھ کر جواب دیا "آؤ اور شریر اکٹھے۔ مرد و دیں تیرے قریب میں نہیں آسکتا تو سنگ مرمر کے گلدانوں اور عجیب و غریب پردوں۔ گلزاروں اور پاکیزہ اثاث البیت میں رہتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ میں غریب ہوں؟"

خاوند:۔ "پیاری۔ تیرے خیال میں کوئی ایسا شخص ہے جو صدق دل سے اپنی بیوی کو کہہ سکے۔ صرف تو ہی ایک عورت ہے جس کے ساتھ میں نے اپنی زندگی میں پیار کیا تھا"۔

عورت:۔ "صرف ایک۔ اور کوئی دوسرا میرے خیال میں نہیں ہے"۔

خاوند:۔ "وہ کون ہے۔ جلد بتاؤ میری جان"۔

بیوی:۔ "تم تو نہیں۔ وہ بابا آدم تھا"۔

پاوری:۔ "میرے دوستو دنیا میں نقدی سے بہتر چیزیں موجود ہیں"۔

نوجوان دوست:۔ "بیشک صاحب میں خوب جانتا ہوں۔ لیکن اُن کی خرید کے واسطے بھی نقدی چاہئے"۔

عجیب عجیب باتیں

لڑکوں کی سب سے بھاری جمعیت ۱۹ جون ۱۸۹۷ء کو بمقام ڈائمنڈ جوبلی کرنن ڈکٹوریہ گلاسگو میں نوے ہزار لڑکوں کو عام دعوت دی گئی تھی۔ بدقسمتی (واقعہ صوبجات متحدہ) میں مئی ۱۸۹۹ء کو سنڈے سکول یونین میں پچھتر ہزار لڑکے مدعو کئے گئے تھے۔ لڑکے کئی قطاروں میں چراگاہ کے بیچ سے گزرے جن کا نظارہ قابل دید تھا۔ اور سنڈے سکول یونین کے گورنر سوپرنٹنڈنٹ۔ میئر۔ سوسٹر اور پریسیڈنٹ وغیرہ ان کے ہمراہ تھے۔ پریڈ کے بعد ان بچوں کو سٹرابیری۔ کیک۔ چاول۔ بالائی وغیرہ نوش کرنے کو دی گئی تھی۔ آکسفورڈ شائر میں ستر ہزار بچے پیبل پارک میں کوئن کے سلام کو حاضر ہوئے تھے۔ اس وقت ملکہ معظمہ وسط میں بیٹھی تھیں اور اُن کے ارد گرد بچے تشکل انتظم یعنی قومی دعائیہ گیت گا رہے تھے۔ ۱۸۹۲ء میں سنڈے سکول کے بچوں کی ایک بڑی جماعت شیفیلڈ میں جمع ہوئی تھی۔ اس وقت بھی اکتیس ہزار ایک سو نوے کم ہجوم نہ تھا۔ ۲۲ جون ۱۸۸۷ء کو کوئن کی جوبلی کے موقعہ پر ستائیس ہزار بچوں کو ہائڈ پارک میں دعوت دی گئی تھی۔

بے شاخ گائے:۔ اہل امریکہ نے تحقیق کیا ہے کہ بے شاخ گائے مقابلہ شاخدار کے زیادہ دودھ دیتی ہے چنانچہ تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ شاخدار گائے دن بھر میں ساڑھے چھ سیر دودھ دیتی ہے۔ جبکہ بے شاخ نو سے ساڑھے نو سیر تک دودھ دیتی ہے۔ اگر گائے کے سینگوں کو کاٹ کر اس مقام کو داغ دے دیا جائے تو اس کی قوت اضافہ ہو جاتی ہے سے وہ چند ہو جاتی ہے۔ گائے کو بے شاخ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب سینگ پیدا ہونے لگیں تو دونوں سینگوں کے درمیان بال دور کر کے کھرنی نمک اور پوٹاش کی خوب زور سے مالش کریں کہ پوست کے نارک ہو جانے سے مسامات سے خون نکل آوے۔ اس عمل سے سینگ بڑھنے سے رک جائینگے۔

ایک حمل سے چار بچے:۔ فوخیا واقع الی میں ایک کاریگر کی بیوی نے ایک حمل سے چار بچے جنے۔ جو اس وقت تک بالکل صحیح و سالم ہیں۔ اور وہاں کے میئر نے ایجاد کیا ہے کہ اس کے اصطباغ کے روز عام تعطیل ہوگی۔ لوگ جوق جوق ان بچوں کے دیکھنے کے واسطے جاتے ہیں۔ ان کی شکل و شباہت ایک ہی ہے۔ گویا تمیز کرنے کے لئے ان کی گردنوں میں مختلف رنگوں کے تعویذ باندھے گئے ہیں۔

غلام نبی

اشتہار طبیب

ہندوستان میں مشہور طبیبوں کی کمی نہیں۔ مگر وہ نہ ہونے کی برابر ہیں جو ہندوستان کے لوگوں کو مفید عام و فائدہ خاص پہنچا سکیں۔ یہ تو ہے کہ کس کو مدد کرنا فرض ہے۔ مگر ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی جان کو کسی معالج کے ہاتھ دیتے سے پہلے اتنا تو دیکھ بھال لے کہ طب یونانی ڈاکٹری۔ ویدک یا اور کوئی چیز ہے۔ اور معالج نے باقاعدہ سیکھا ہے یا نہیں۔ سوائے فاضل حکیم نابینا کے کوئی مسند نہیں اس کے پاس ہے یا نہیں۔ یہ کیسا دردناک بیان ہے۔ تو یہ ہے کہ ہشیار ناواقف مریضوں کے ہاتھوں اپنی عزیز جانیں کھو بیٹھتے ہیں یا اپنی حالت ناقابل علاج بنا لیتے ہیں۔ لیکن انہوں نے اپنی غلطی کی سزا پائی۔ خود کردہ را علاجے نیست۔ میرا دعوٰی ہے کہ ہندوستان بھر میں کوئی طبیب ایسا نہیں ہے جو میرا مقابلہ کر سکے۔ اور یہ وہ مسئلہ ہے جو حضرات (خواہ) لوگوں کو بھی ہو جب یونانی ڈاکٹری کو چار سال تک باقاعدہ میڈیکل سکول میں تعلیم پا کر امتحان میں پاس ہوئے ہیں اور پھر ان میں سے ڈاکٹروں کے مقابلہ میں ایک مرتبہ مسند تک پہنچ کر سرکاری ہسپتال میں اکثر بڑے بڑے عہدے حاصل کرتے ہیں اور پھر ان کے ساتھ بھی ایک مرتبہ مقابلہ کر کے دیکھ لیا ہے۔ اور ہر طرح سے ان کو کمزور پایا ہے۔ اور پھر ان کے مقابلہ میں ہم کو کوئی نہیں ملا۔ اور ہم ہمیشہ ہر میدان میں فتح پاتے رہے ہیں۔ اسکے ثبوت میں ہمارے بہت سے سرٹیفکیٹ موجود ہیں۔ اور ہمارا دعوٰی ہے کہ ہندوستان بھر میں ہمارا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا۔ اور ہم ہر مقابلہ کے لئے تیار

خیر الدین شاہین سوداگران ادویات انگریزی

جوب خیری

جوہر عشبہ

عرق بخار نوبتی

عرق طحال

عرق مطبوخ

روغن طلا

روغن دافعہ سوزاک

خضاب

پکٹورل بام

بال اڑانیکا پاؤڈر

ثمر خیری

حب مسہل

مسجن

نام فرمائشیں بنام خیر الدین شاہین سوداگران ہال بازار امرتسر روانہ کی جائیں

اُردو زبان میں ایک نیا میگزین

یعنی

"معارف"

ایڈیٹر حاجی محمد اسمٰعیل خاں رئیس علیگڈھ

سب ایڈیٹر سید سلیمان ندوی و عبدالدین سلیم۔ رئیس باقی پت

قصد ہے کہ معارف نامی ایک علمی رسالہ جاری کیا جائے۔ جو کم سے کم ۳۲ صفحہ کا ہوا کریگا۔ تقطیع اس کی ۱۰×۷ کی ہوگی۔ اور الفاقہ کاغذ پر چہ اس کا یکم جون سنہ حال کو نکلے گا۔

ضروریات ملک پر لحاظ کر کے یہ قرار دیا گیا ہے کہ اس رسالہ میں ان اقسام کے مضامین ہونگے۔

۱۔ مسلمانوں کے اگلی حقوق کی حمایت اور ان کی تنہائی کے متعلق پولیٹیکل مضامین لکھے جائینگے۔

۲۔ نام آوران اسلام کی با کمال فیاض و سوانح عمریاں۔ جن کا نہایت عمدہ ذخیرہ ترکی زبان میں ہمارے پاس موجود ہے چھاپی جائینگی۔ اور نیز اسی سلسلے میں زمانہ حال کے نام آوران ہند کی دو سو ایک عمریاں شامل کی جائینگی۔ جن کو میلے علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ میں شہر کرنا شروع کیا تھا۔

۳۔ علی زبان کی قدیم و جدید کتابوں پر سالوں سے ہر قسم کے علمی و ادبی مضامین لکھ کر درج کئے جائینگے۔

۴۔ اور نیز انگریزی زبان سے ان مضامین کے ترجمے کئے جائیں گے جو ہمارے مقاصد کے متعلق ہوں۔

۵۔ مذہب۔ اخلاق اور فلسفہ کے اوپر ایسے لکھے جائیں گے۔ اور اس کے متعلق ترکی۔ عربی اور انگریزی زبان میں سے مضامین لے کر ان کے ترجمے درج کئے جائینگے۔

۶۔ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج یعنی مدرسۃ العلوم علیگڈھ کے انتظام اور مضبوطی۔ اور اس کو اہل ملک اور مسلمانوں کے واسطے زیادہ تر مفید کرنے کی تدابیر بحث کی جائیگی۔

۷۔ اردو زبان کی جدید علمی تصانیف پر ریویو کر کے ان کی اشاعت میں مدد دیجاوے گی۔

غرض اپنے ملک کی زبان میں ذخیرہ معلومات کو بڑھانے اور اپنی قوم و ملک کی خدمت میں جس قدر کہ ہم اپنی ناچیز اد کوششیں کر سکتے ہیں۔ ان میں دریغ نہیں کیا جائیگا۔

یہ رسالہ صرف اپنے ایڈیٹروں کے مضامین کے واسطے ہی محدود نہیں ہوگا۔ بلکہ تمام اہل علم حضرات سے التجا کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بیش بہا مضامین سے اس سلسلے کی مدد کریں

معارف کی قیمت چار روپے سالانہ ہوگی جس میں محصول ڈاکہ بھی شامل ہے پیشگی قیمت بھیجنے والے خریداروں کے نام پیکٹ کے ذریعہ سے بھیجدیئے جانے کی عادت پر روانہ کیا جائیگا۔ امید ہے کہ اہل ملک ہماری ناچیز خدمات کو قبول کر کے بس کی خریداری منظور کرینگے اور بہت جلد ہمارے پاس کافی نام خریداروں کے جمع ہو جاوینگے۔

المشتہر حاجی محمد اسمٰعیل خاں۔ مقام علی گڈھ

اشتہار عطر و تیل

کارخانہ عبدالعلیم خان و عبدالحکیم خان

مقام فتوح ضلع فتح گڈھ

یہ کارخانہ عرصے سے جاری ہے اور سب شخص جو ہندوستان میں یہ قسم عطر کی کان ہے۔ عطر گلاب۔ خشنا۔ نہ نیا۔ سہاگ۔ دھنہ۔ موگرا۔ عود۔ شمامۃ العنبر۔ مجموعہ۔ خیرہ۔ بابونہ روپے کا آٹھ آنہ تولہ تک۔ گرد گلاب ۵ تولہ تک ہے۔ عطر نارنگی۔ بیلا۔ سری چمپا زعفران۔ بانڈی کیوڑا فی تولہ سے ۴ تولہ تک۔ عطر خس ۴ تولہ سے ۸ تک۔ عطر چنبیلی للعہ سے ۱۰ تک۔ عطر اگر یا پنجہ ۱۲ تولہ سے ۱۶ تولہ تک ہے۔

روح گلاب ۔ ساٹھ روپے فی تولہ۔ روح خس فی تولہ للعہ۔ روح بانڈی ۱۶ تولہ ہے۔

روغن ۔ موگرا چنبیلی۔ بیلہ صد سیر سے عطر سیر تک ہے

روغن خاکیوڑہ ۵ سیر سے ۱۰ سیر تک۔ عطر دان و عرق بنا کو غور دلی دوگولیاں روہیلی بھی موجود ہیں۔ طلب کرنے پر پوری بہرت کار خانے کی روانہ کیجاوے گی۔

المشتہر

عبدالعلیم خان و عبدالحکیم خان کارخانہ دار عطر فتوح ضلع فتحگڈھ

کپڑے کے سوداگر

رامداس مہرہ۔ بزازہ بانہ لاہور

ہر قسم کا ادنی سے ادنی اور اعلی سے اعلی

کپڑا ریشمی۔ سوتی اونی بنارسی بھاگلپوری تسر صافے وغیرہ وغیرہ

فروخت کرنے والے

بچے سے بوڑھے تک سب سے ایک نرخ

ایک مرتبہ کی فرمائش سے امتحان ہو سکتا ہے

دوسری بعض دکانوں کی طرح جو فروش گندم نما کی نہیں

سب سے آسان ترین اور باکفایت ذریعہ

کپڑا خریدنے کا اگر کوئی ہے تو صرف

دکان رامداس مہرہ۔ بزازہ بازار لاہور

ناظرین کے رفع تکلیف کی خاطر

ہر ناپ کے لیے سلائے کپڑے ہر وقت تیار رہتے ہیں اور حسب خواہش ناپ دینے پر خاطر خواہ کہ از کم وقت میں تیار ہو سکتے ہیں فرمائش بھیجنے پر ناپ گلا۔ آستین کہاں کی ضرور لکھئے

فرمائشی کارڈ بھیجنے پر آپ کے پاس بذریعہ ویلیو ایبل پارسل جائیگی

مسلمانوں کی خالص توجہ کے قابل

اشاعت علوم اسلامیہ و ترویج کتب

جماعت

سرمایہ پچیس ہزار روپے منقسم بہ دو ہزار پانچ حصص فی حصہ مبلغ دس روپے۔ یہ کمپنی مرتبان قوم اور خیر اندیش سرپرستی میں محض بر اغراض سے قائم ہوئی ہے کہ علمائے متقدمین و متاخرین کی نادر تصنیفات سے شائع کرے۔ نیز کتب درسی اسلامی وغیرہ کو تمام چھپوا کر طلبہ کے راستے سے دور اشکال دور کرے۔ کتب صحیحہ میں ان کو پیش آتی ہیں۔ اس کمپنی کرنا ہے۔ اور موجودہ منافع ۱۴ فی صدی سالانہ ابھی بہت سے حصے فروخت کے لئے باقی ہیں۔ ترقی اسلام سے استدعا ہے کہ وہ اس کمپنی میں شرکت دینی و دنیوی حاصل فرمائیں۔ تو اصول قیمت و محصول ڈاک حاصل ہوں گے۔

المشتہر ہوا ہے غلام احمد خاں بہریان ممبر

مطبع مسلم پریس لیتھوگرافک آرٹسٹ طباعت

اہل اسلام کو مالی امداد

مسلمانوں کی مالی حالت ابتدا سے یہ بات دیکھ کر ہوتے ہوں پر مسلمان اکثر سرتاپا قرض میں غرق ہو جاتے ہیں رہتے۔ محض ان کی مالی امداد کی غرض سے خیر اندیش موسومہ شادی فنڈ لاہور۔ سیلف میلپ پر ان کی گئی ہے۔ جو صرف تین دے روپے ادا کرنے اور طور پر کل چھ میں ۱۵۰ روپے ادا کرنے اور روپیہ دینے پر تاریخ داخلہ سے دو سال کے سو روپے سے زیادہ ایک ہزار روپے تک شادی کے مستحق ہو جاتا ہے چنانچہ اس انجمن کی امداد شروع ہونے والی ہے مفصل حالات مطبوعہ قواعد جو بہت آسان ہیں۔ دیگر انجمنوں کی طرح مجمل نہیں

المشتہر ہیں کارکنان انجمن خیر اندیش لاہور

اشتہار

شاہ علی مالک و مینجر پھلوار ایجنسی سہارنپور محلہ

ضرورت ہو اور تازہ تازہ میوجات منگانا ہو تو طلب کرو المشتہر مینجر پھلوار ایجنسی

کلینٹس ٹانک

طاقت کی عمدہ دوائی۔ قیمت فی بوتل

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

CHAMBERLAIN COUGH REMEDY

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی ہوئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ انفلوانیز انسزلہ۔ سیل کی کھانسی۔ کالی کھانسی۔ گلے کی کھرکھراہٹ اور ہر قسم کی کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ سمجھتے ہیں کہ کھانسی اور گلے اور پھیپھڑے کے امراض کا علاج اس سے بہتر نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی دوسری دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوف ناک چیز ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس سے بڑھ جانے اور طرح طرح کی مہلک پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔ درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMDERLAINS COLIC CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ۔ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور سریع التاثیر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے۔ جو تمام معدہ کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج۔ ہیضہ۔ پیچش۔ زحیر۔ دستوں زحیر۔ بچوں کا ہیضہ۔ اور انتڑیوں کی سب قسم کی بیماریاں اس دوائی کے استعمال سے رفو چکر ہو جاتی ہیں۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کم ہے لیکن چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اندیشہ رہ گیا ہے۔ علاوہ اسکے درد قولنج اور پیچش والے بھی کیوں بیفائدہ تکلیف اٹھاتے ہیں فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آزمائیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔ اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

CHAMBERLAIN PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کے فوراً دفع کر دینے کے لئے مشہور ہے۔ خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ۔ بکڑ۔ اپن۔ موچ۔ لمبیگو۔ اپن اور درد کے لئے مفید ہے۔ خراب حلق۔ سینہ۔ چوٹیں جلے ہوئے مقامات بھی اس عجیب و غریب دوائی کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ سر درد۔ دندان اور درد گوش کے لئے بھی مفید ہے۔ درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب دافع درد دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر مصائب اور دکھ موجود ہے۔ پھر کتنے لوگ ہیں جو ایک ایک گھنٹہ دور ہونے کے لئے بہت کچھ دے دینے کو تیار ہیں۔ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا بھی یہ دعویٰ ہے کہ اس کو آزمائیے تو ضرور مندرجہ بالا قسم کے دردوں کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے۔ اور درخواست باجازت ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت بھیجنے پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

اہل اسلام کو خوشخبری

ہم ایک حمائل مترجم و محشی اردو بطرز مبسط چھاپ رہے ہیں جو آج ۲۵ اپریل ۱۸۹۸ء تک پچیس ۲۵ پارے چھپ چکے ہیں۔ اس کے ہر صفحہ پر دو حواشی مفید صحیحہ محققانہ طور پر معتبر تفاسیر سے لکھے گئے ہیں جو آج تک کسی قرآن حمائل پر نہیں چڑھائے۔ یہ حمائل عربی متن حواشی دو خوبی خط و وضاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی۔ اگر کوئی شخص مجموعی صفات میں نظیر اس کا دکھلا دیگا تو اس کو یہ حمائل مفت دی جاویگی۔ علاوہ اس کے اس کی صحت میں اس قدر کوشش کی گئی ہے جو حوصلہ انسان سے باہر ہے۔ قیمت مجلد چرمی ہے۔ بغیر جلد ہے۔ محصول بذمہ خریدار۔ اور نیز ہم نے حدیث شریف کی مقبول کتاب یعنی مشکوٰۃ شریف کا ترجمہ بین السطور سخت لفظ کر کے چار جلدوں میں چھاپا ہے۔ اس کے حاشیہ پر فوائد صحیحہ محققانہ طور پر چڑھائے ہیں اور شروع سے شائع کر رہے ہیں۔ یہ مشکوٰۃ خوبی حواشی خوبی خط و وضاحت تحریر و صفائی طبع میں اپنا نظیر نہیں رکھتی۔ قیمت فی جلد تا محصول خریدار جس شخص کے پاس ہماری یہ حمائل اور یہ مشکوٰۃ موجود ہوگی اس کو اور کسی کتاب تفسیر اور حدیث کی ضرورت نہیں ہوگی حمائل شریف کی پیشگی بھیجنے والوں کے لئے عید الضحیٰ تک حمائل شریف پہنچا دینے کا وعدہ کیا ہوا تھا اس لئے عذر لکھا جاتا ہے کہ بسبب واقع ہونے کے وعدہ موعودہ سے ایک مہینہ پیچھے ہو رہے ہیں نظرین کریں گے انشاء اللہ

مشتہر حاجی عبد الغفور عبد الاول غزنوی بمقام لاہور کتب فروش و ناشر مطبع القرآن و السنہ امرتسر

عمدہ خضاب

یہ عرق دو منٹ میں بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ ہفتہ تک کھونٹی نہیں نکلتی۔ کوئی نقص نہیں ہوتا۔ جلد خراب نہیں کرتا اور نہ بالوں پر سیاہی کا دھبہ بتاتا ہے۔ فیل قدرتی سیاہی کے رنگ ہو جاتا ہے۔ ایک شیشی کی قیمت ۶ ماہ تک کافی ہے۔ قیمت ۱۲ تازہ سارٹیفکیٹ

اہل توشیہ خانہ اب دیدہ ہی سوختہ ۱۰ ہزار درخواست پر ۲ ہزار کے گیارہ انعام مقرر ہیں۔ محصول ڈاک وغیرہ بذمہ خریدار۔ اور ہر ایک مرض کی دوا اس کارخانے سے مل سکتی ہے۔ دیکھو نمبر پیسہ اخبار جلد ۱۰ مورخہ ۱۸۹۸ء حوالہ اخبار درج فرمایا کریں المشتہر نیشنل دیوان دولت (ام مالک) یا نند میڈیکل ہال امرتسر (پنجاب)

ایک پھڑکتا ہوا اور دلچسپ ناول

معزز ناظرین۔ ہمارے کارخانے سے ایک "نیا کرشمہ" ناول ۱۵ مارچ ۱۸۹۸ء سے ۱۶ صفحے پر ماہواری چھپنا شروع ہوا ہے۔ اگر دیکھے ہی پھڑک نہ جائے تو ہمارا ذمہ۔ قیمت سالانہ پیشگی ایک روپیہ ہے۔ ایک مرتبہ ہی منگا کر ملاحظہ کیجئے۔ یہ ناول منگا کر شہ ان صاحبوں کو مفت ہی دیا جاویگا جو اپنے شہر کے معزز رؤسا کے نام دو پتے صحیح لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ جدید دلچسپی چیزیں بابت ۱۸۹۸ء جن کی عمدگی کو ایک عالم نے مان لیا ہے اب بہت کم باقی رہ گئی ہیں۔ اگر دیکھنا ہو تو جلدی منگائیے ورنہ پھر نہ ملیں گی۔ قیمت مع محصول ۱۲ آنہ

المشتہر سید محمد عبد اللہ علم۔ سوداگر کان پور بازار رام زائن۔ گھڑی ساز ان کو بھی

دو ہزار آٹھ سو تین روپے مفت تقسیم کئے گئے

مسلم مبغول فنڈ گورداسپور اپریل ۱۸۹۷ء میں کھولا گیا تھا۔ اور اپریل ۱۸۹۸ء تک ۱۵۵۰ اشخاص ممبر ہو چکے ہیں اور ۲۴۰۰ درخواستیں منظور ہو چکی ہیں۔ اپریل ۱۸۹۸ء تک جن اشخاص کے ہاں شادیاں ہوئیں اور ان کو فی کس (۱۱ صد) دو سو پچاس روپے امداد دی گئی جالانکہ ممبروں نے فی کس مبلغ تین تین روپے فنڈ میں داخل کئے تھے۔

اس فنڈ میں ہر ایک مسلمان مرد ہو یا عورت ممبر ہو سکتا ہے۔ روزہ داخلہ پانچ آنے اور ماہواری چندہ پانچ سے لیکر ۸ روپیہ ماہوار تک ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس طرح کل چھ سو روپے دے کر شادی کے موقعے پر ایک ہزار روپے تک مدد مل جاتی ہے مفصل قواعد کے لئے ایک آنہ کا ٹکٹ ارسال فرمائیں۔ درخواست داخلہ مفت ارسال ہوتی ہیں۔

المشتہر یعقوب خاں ایم اے پلیڈر ریکارڈ مسلم مبغول فنڈ گورداسپور

میٹیریا میڈیکا

حیوانات کی ویٹیریزی سرجری اور میڈیسن میں کل امراض اندرونی متعلق طبابت و بیرونی متعلق جراحی بڑی صراحت کے ساتھ بیان کئے گئی ہیں۔ اور یورپ کی حال کی معلومات بھی اس میں آگئی ہیں۔ یہ صرف گھوڑوں ہی کی بیماریوں کی عادی نہیں بلکہ ہر قسم کے پالتو حیوانات کی تشخیص۔ علاج اور تشریح پر ہے۔ تحریر پر کیا حصر ہے دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔ اس سے اچھی کتابیں طب حیوانات کی اس سے پیشتر نہیں چھپیں۔ قیمتیں حسب تفصیل ذیل ہیں۔

ویٹیریزی سرجری طبعہ ثالث و دیگر فن سے پہلے فی جلد ۔۔۔ ۵ صفحہ
ویٹیریزی میڈیسن " طبعہ " " " ۔۔۔ ۵ "
کیمسٹری " " " " ۔۔۔ ۱ "
ویٹیریزی میٹریا میڈیکا فی طبع شدہ طبعہ ۱ " ۔۔۔ ۵ "
عمل تغلیس ہذہی " " " " ۔۔۔ ۱ "
ویٹیریزی ڈائگرام بابت عمر و عیب و بے عیب تغلیسی اور بیرونی انامی فی نقشہ مع روغن و کپڑا عصار
" " " بلا روغن ۔۔۔ عصار

خریدار جو بیس روپے کی کتابیں یکمشت لیگا۔ اس کو دس روپے فی صدی کمیشن دیا جاویگا۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

درخواست اس پتہ پر آنی چاہیئے۔

کلینیکل کلرک لاہور ویٹیرینری کالج و لکچرار میٹریا میڈیکا و کیمسٹری ویٹیرینری کالج لاہور سید مہر شاہ خان بہادر اسسٹنٹ سرجن

لو خریدار اوسوائے ایمانداری سے قیمت پیشگی مقررہ ذیل مذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیے۔ ہر شے کا نقع حسب تحریر پائیے۔ بلا پیشگی قیمت بہت دیر میں نوبت ادائگی ہوگی۔ محصول ڈاک ہمارے ذمہ ہے۔

فضل خدا سے دانتوں کا درد میل سبد بو کرم دہن سوزش کا بادی خون۔ ڈاڑھ کا کیڑا گلنا۔ منہ کے آبلے لکنا بہت جلد دور کرتا ہے۔ سفید مثل سیپ رکھتا ہے۔ رگیں نہیں جمتی۔ دوازدہ ماہی استعمال رہے تر لیتے ہوئے دانت بفضلہ جڑیں نہ چھوڑی ہوں مضبوط ہو جاویگے اور تازندگی نہ اکھڑیں گے۔ قیمت واسطے استعمال ایک سال عیسوی

فضل خدا سے آنکھوں کی سرخی۔ دھندہ۔ دھلکہ۔ درد چشم۔ اور خارش دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی صفائی کے واسطے مفید۔ روزانہ استعمال سے عادت عینک نہ رہیگی۔ اس کے ساتھ ایک دعائے فقیر اور بھی بھیجی جاویگی۔ مکتوبہ ہوئی آنکھ اور تازہ ہلکی پھلکی کی دوا مفت بھیجی جاویگی

واسطے استعمال ایک سال عیسوی

بجگر خدا بالوں سے لگاتے لگاتے سفید یا سیاہ جیسا چاہو کر دیتا ہے۔ حاجت دھونے باندھنے کی نہیں۔ ہمارے واسطے قیمت ہے۔ اندیشہ جلد بالکل نہیں

المشتہر
منشی گلاب خاں مدرس مدرسہ اہلحدیث تحصیل علیگنج ضلع ایٹہ

ہوائی بندوق

یہ بندوق ۳۱ انچ لمبی ہے۔ اسکی نلی بالکل سکی ہوئی نہایت ہی چکدار ہے۔ اس بندوق سے چھوٹا جانور شکل کبوتر۔ طوطی مینا۔ بلکہ تیتر بٹیر تک اچھل۔ چڑیا وغیرہ وغیرہ نہایت آسانی سے شکار ہو سکتے ہیں یہ بندوق ۲۰ سو قدم کے فاصلہ سے بخوبی نشانہ لگا سکتی ہے۔ اس بندوق کے واسطے لائسنس کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ بندوق ہر ایک شخص بغیر لائسنس رکھ سکتا ہے۔ قیمت فی عدد مع ایک بکس گولی صرف گولی کا بکس مفت۔ ہر جو صاحب نشانہ بازی کا شوق رکھتے ہوں ان کے لئے یہ بندوق نہایت عمدہ چیز ہے۔ بندوق بذریعہ ریل جا سکتی ہے۔ فرمائش کے وقت اپنے قریب کے ریلوے سٹیشن ضرور لکھیں تا کہ محصول میں کفایت ہو۔

مرتبہ ہیں بڑھانیکا نسخہ۔ اگر آپ کو اپنی مونچھیں بڑھانے کا شوق ہے تو یہ ایک ڈبیہ منگا کر استعمال کیجئے اور اگلے ڈبہ کی ۳ ڈبہ مفت پھر ملاحظہ کیجئے کہ کتنی بڑھ جاتی ہیں۔ قیمت فی ڈبیہ عصار

بال اڑانیکا تیل۔ اس تیل سے صرف ۵ منٹ میں بال بلا کسی تکلیف کے دور ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی شیشی عصار

دستی لکڑی میں قلمدان۔ یہ لکڑی ایک گز لمبی ہے۔ اسکے چار ٹکڑے ہو جاتے ہیں اور جاروں سے ایک ایک کارآمد چیز نکل آتی ہے۔ یعنی ایک میں ہولڈر دوسرے میں دوات تیسرے میں پنسل چوتھے میں کاغذ نافہ۔ کٹکنی کی سوئی ایک انچ سے بھی کم ہے۔ ہر ایک جوڑ پر کتل سلہری کی تسلم لگی ہوئی ہے۔ جو ٹوٹوں کو چھپا کر لکڑی کی خوبصورتی کو چھپا دیتی ہے۔ قیمت فی عدد عصار

معجون اکسیر اعظم۔ اس معجون کی زیادہ تعریف کرنی اپنے منہ سے میاں مٹھو بننا ہے۔ اتنا لکھنا ضروری ہے کہ یہ معجون خون بادگی۔ قرحہ جریان کو تر سے کھونے۔ خون کو صاف کرنے۔ دائی قبض کو کھولنے اور اشتہا کے بڑھانے میں لاثانی ہے۔ علاوہ ان کے ازبہت سے مفردات کے ایک عمدہ ہے اگر بیمار ہو کر آپ سالہا سال علاج کریں ضرور صرف ایک ڈبیہ منگا کر نوش کریں۔ اگر کوئی خوراکیں کھانے سے کچھ بھی فائدہ نہ معلوم ہو تو نوٹ واپس دیں۔ قیمت فی ڈبیہ عصار

تمام دنیا میں بمطبع فرقان شریف۔ قرآن شریف ایک سو دس صفحہ کا ہے اور ایک صفحہ کے ۳ حصے کئے ہیں اور ایک حصہ کے ۳ حصے کئے ہیں۔ ہر ایک حصہ میں ۱۲ سطر ہیں۔ ہر ایک سطر میں ۱۲ حرف ہیں۔ ہر ایک حرف کے ۱۰ نیکیاں ہیں۔ ہر ایک نیکی کے ۱۰ درجے ہیں۔ ہر ایک درجہ کے ۱۰ محل ہیں۔ ہر ایک محل کے ۱۰ قصر ہیں۔ ہر ایک قصر کے ۱۰ باغ ہیں۔ ہر ایک باغ کے ۱۰ درخت ہیں۔ ہر ایک درخت کے ۱۰ شاخ ہیں۔ ہر ایک شاخ کے ۱۰ برگ ہیں۔ ہر ایک برگ کے ۱۰ میوے ہیں۔ ہر ایک میوہ کے ۱۰ حور ہیں۔ ہر ایک حور کے ۱۰ خدمتگار ہیں۔ ہر ایک خدمتگار کے ۱۰ کنیزیں ہیں۔ ہر ایک کنیز کے ۱۰ ہاتھ ہیں۔ ہر ایک ہاتھ میں ۱۰ طبق ہیں۔ ہر ایک طبق میں ۱۰ نعمتیں ہیں۔ ہر ایک نعمت کے ۱۰ ذائقے ہیں۔ ہر ایک ذائقہ کے ۱۰ لذتیں ہیں۔ ہر ایک لذت کے ۱۰ ساعتیں ہیں۔ ہر ایک ساعت کے ۱۰ دن ہیں۔ ہر ایک دن کے ۱۰ مہینے ہیں۔ ہر ایک مہینہ کے ۱۰ سال ہیں۔ ہر ایک سال کے ۱۰ عمریں ہیں۔ ہر ایک عمر کے ۱۰ ہزار برس ہیں۔ ہر ایک ہزار برس کے ۱۰ ہزار فرشتے ہیں۔ ہر ایک فرشتہ کے ۱۰ ہزار لشکر ہیں۔ ہر ایک لشکر کے ۱۰ ہزار ملک ہیں۔ ہر ایک ملک کے ۱۰ ہزار ملائکہ ہیں۔ ہر ایک ملائکہ کے ۱۰ ہزار پر ہیں۔ ہر ایک پر کے ۱۰ ہزار رنگ ہیں۔ ہر ایک رنگ کے ۱۰ ہزار ذکر ہیں۔ ہر ایک ذکر کے ۱۰ ہزار تسبیح ہیں۔ ہر ایک تسبیح کے ۱۰ ہزار تحمید ہیں۔ ہر ایک تحمید کے ۱۰ ہزار تہلیل ہیں۔ ہر ایک تہلیل کے ۱۰ ہزار تکبیر ہیں۔ ہر ایک تکبیر کے ۱۰ ہزار تمجید ہیں۔ ہر ایک تمجید کے ۱۰ ہزار تقدیس ہیں۔ ہر ایک تقدیس

ایک کمیٹی قائم ہونے والی ہے۔

۲۱ مئی کو حضور ملکہ معظمہ کی سالگرہ کا دن ہے۔

لاہور سے قریب سرائے شاہدرہ میں ٹھیکہ داروں کے بھاگ جانے پر صاحب ڈپٹی کمشنر لاہور نے جو رنگل اپنی ذمہ داری سے کرایا تھا، اور اس پر ہیڈ سے والے نے بالی دانے کو صاف کرا دیا تھا، صاحب موصوف نے دونوں پہلوانوں کو علی الترتیب ۲۱ سو اور ۱۳ سو روپیہ انعام دینا منظور کر دیا ہے۔

حضور لفٹننٹ گورنر پنجاب ۱۲ مئی کو صبح لاہور وارد شملہ ہونگے۔

مہاراجہ صاحب کپورتھلہ بحالی صحت کے واسطے سفر یورپ کو جانے والے ہیں۔

لفٹننٹ سی۔ اے۔ ایلیٹ قائم مقام ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ موسمی بخار میں مبتلا ہیں۔

راولپنڈی میں افسران کمسریٹ گزشتہ جنگ کے اخراجات کے تصفیہ میں شب و روز مصروف ہیں۔

افواج یتیم راولپنڈی میں وبائی تپ روز افزوں ترقی پر ہے۔

لشکر ہمرکاب شہر انبالہ میں ہیضہ نے ترقی نہیں کی۔ فوج کی حفاظت کے سامان بہم پہنچائے گئے ہیں۔

مسٹر ایل۔ ڈبلیو ٹین رعائتی رخصت سے واپس آکر سکرٹری گورنمنٹ پنجاب ہوگئے۔

خزانچی مس امیر صاحب کابل نے اپنے متوفی پیشکار غلام حیدر خاں کے خاندان پر خاص عنایات مرعی فرمائی ہیں۔

دہلی میں عید اضحی کے دن ہندو اور مسلمانوں کے اتحاد کو تقویت دینے کے واسطے اہل اسلام نے کہیں گاؤکشی نہ ہونے دی۔

ممالک غیر

لندن میں سکوائرن کی حرکات و مناورل کی نگرانی کے واسطے امریکہ میں ایک کمیٹی قائم ہوئی ہے۔

سیرالیون میں فوج اور باغیوں میں ہنٹر لینڈ میں لڑائی ہوئی جس میں باغی سخت نقصان اٹھا کر پسپا ہوئے۔

جرمنی کے پرنس ہنری نے نفسور جین اور ان کی والدہ سے ملاقات کی۔ اور چونکہ تمام گفتگو خفیہ تھی اس لئے سوائے ترجمان کے کسی کو موجود رہنے کی اجازت نہ تھی۔

ایک انگریزی جہاز بندرگاہ ویہیو سے کی پیمائش کے واسطے روانہ ہوا ہے۔

ہندوستان کے سرکاری ملازم اس خبر سے حیران ہونگے کہ آئرلینڈ کے مقام سکاروا میں ۱۲۴ برس کی عمر کا ایک پوسٹ ماسٹر موجود ہے اور اب بھی پنشن لینے سے انکار کرتا ہے۔

امریکن جنگی جہازوں نے ضیلا میں ہسپانیہ کے ایک آبدوز جنگ سے ناواقف تھا۔

ہسپانیہ کے پرے ہسپانیہ کے دوگشت کرنے والے جہازوں نے اسی قسم کے پانچ امریکن جہازوں پر حملہ کیا جن میں سے ایک کو سخت نقصان پہنچا اور باقی لوٹنے پر مجبور ہوئے۔

مسٹر چیمبرلین نے جو بیان کیا تھا کہ انگلستان کو روس کے ساتھ جنگ کرنے میں ایک مددگار سلطنت کی ضرورت ہے اسکو بالغلم کے اخبار اُن کی ذاتی رائے بیان کر رہے ہیں۔

آلمی میں سلطنت کے تہ و بالا کرنے کے واسطے جو خانہ جنگی فساد برپا ہو گیا تھا اب فرو ہو گیا ہے۔

ہسپانیہ کے ایجنٹ فرانس میں اسلحہ اور سامان جنگ خرید رہے ہیں۔

پورٹوریکو میں بنک ہسپانیہ نے دو دستہ بند کر دی ہیں۔

جنرل ہیوٹ ۵ ہزار امریکن سپاہیوں کا افسر مقرر ہوا ہے۔

سینر سگسٹانے کونسل ہسپانیہ میں کھڑے ہو کر بیان کیا کہ موجودہ یا آئندہ گورنمنٹ انتہا درجہ تک جنگ کریگی۔

۱۱ تاریخ کو لیم کمپنی والوں نے معاً ایک وقت میں کیوبا کے دو بندرگاہوں پر حملہ کیا۔ مگر فوج کو خشکی پر نہ اتار سکے۔

مسٹر گلیڈسٹون سابق وزیر اعظم انگلستان کے ہر لمحہ دنیا کو خیرباد کہنے کا انتظار ہو رہا ہے۔

ہز میجسٹی کوئن وکٹوریہ نے ایک داس چٹھی میں ان کی طویل پبلک خدمات کے واسطے شکریہ ادا کیا ہے۔ دوپر پنس آف ویلز ان کی صحت کے واسطے دعا مانگ رہی ہیں۔

جزائر فلپائن میں سکھ شاہی کے علاوہ قحط کا بھی بہت زور ہو گیا ہے۔

موجودہ انتظام کے رہ سے جاپان ایک مہینے میں ویہیو سے خالی کر دیگا۔

معاملات کوریا میں جاپان اور روس کی دست اندازی کو روکنے کے واسطے عہدنامہ لکھا گیا ہے۔

یونان کی ملکہ کو مرحوم زار روس سے اعزاز اہیر السحر کا خطاب دیا تھا۔

حال میں اس مضمون کا ایک قانون نافذ ہوا ہے کہ جو قلی ہند سے پیشگی روپیہ لے کر نئی آبادیوں کو جائیں اور وہاں کام نہ کریں وہ مستوجب سزا ہونگے۔

جرمنی میں ۱۵ ہزار آدمی ستار ساز ہیں۔

اس وقت ۱۳ ہزار مختلف قیمتوں کے ٹکٹ مروج ہیں۔

پرشن سلطنت میں ۷۰ مختلف مذاہب ہیں۔

انگلستان میں ہر ۶ عورتوں میں ایک اپنی روزی خود کما سکتی ہے۔

اس وقت مکہ معظمہ کے ۵۷ حی القائم بالحج میں ۴ شہنشاہ اور ۹ ولیعہد ہیں۔

Chamberlains Pain Balm

چیمبرلینس پین بام

(چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد۔ امریکہ میں بنائی گئی ہے)

تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کو فوراً رفع کر دینے کے لئے مشہور ہے خصوصاً ہر قسم کے کھچاؤ کٹر اپن موچ سنگ گوا پن اور ورم کے لئے سکینہ ہے۔ زخم چوٹیں جلے ہوئے مقامات بھی اچھے ہو جاتے ہیں سر درد دندان اور درد گوش کے لئے بھی نافع ہے۔ درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب و نافع درد دوائی ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ بڑی بوتل دو روپے۔

پتہ منیجر نصیر الدین اینڈ سنز ٹکان پنجاب ہیڈ آفس لاہور شہر میں یہاں خیر الدین سوداگر ادویات انگریزی مال بازار سے ملتی ہے

ٹرکی ٹوپیاں

اصل ٹرکی ٹوپیاں ہندوستان میں بہت مشکل سے ملتی ہیں۔ شوقین اور شریف مسلمین مجبوراً معمولی بھدی چپڑی ہوئی ہندوستانی ٹرکی ٹوپیاں پہنا کرتے تھے۔ مگر جب سے ہم نے بہت بڑی بڑی اور خوشنما خوبصورت ٹوپیاں ولایت سے منگوائی ہیں۔ تب سے خریدار نہایت خوش ہوتے ہیں۔ اگر آپ نہایت عمدہ ٹرکی ٹوپی پہننے کے خواہشمند ہیں تو ہمارے ہی ایجنٹ کارخانے سے منگا کر دیکھئے۔ بہت بڑے سرکی ٹوپی ۱۲ متوسط کی ٹوپی ۱۰ معمولی درجہ کے سر کی ٹوپی ۸ بہت چھوٹے سروں کی ۶

فرمائش کے ساتھ ان باتوں کا خیال ضرور رکھیں۔

(۱) آیا آپ کو مصری ہونے کی ٹوپی رکھنا ہے یا ٹرکی ہمدوستانی کی

(۲) اپنے سر کا ناپ ضرور بھیجیں۔ خواہ بند یا دھاگہ۔ کرتہ انگرکھی کی پیمائش سے۔

(۳) ٹوپی کے لئے آپ سبز رنگ پسند کرتے ہیں یا عنابی یا گہرا عنابی۔ وغیرہ وغیرہ۔

(۴) ہر صورت میں بڑے چھپنے کی قیمت ٹوپی کی قیمت کے علاوہ چار آنے ہوگی۔

منیجر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

بال اڑانے کا پوڈر

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔ اس بال اڑانے کے پوڈر کو اس قدر شہرت حاصل ہوئی ہے کہ اب اس کی زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ ذرہ شیر گرم پانی میں گھول کر لگا دیجئے فوراً بال صاف ہو جائیں گے۔ نازک مقامات پر زیادہ دیر نہ رہنے دیجئے۔

قیمت فی بکس ۸ رتین بکس چھ روپے نصف درجن ۳ روپے

ملنے کا پتہ

منیجر پیسہ اخبار لاہور

بزرگو! صرف دو ورق میں سچ مچ قرآن شریف

ہادی ہدایت کے نام پر جان و مال فدا کرنے والے اسلامی برادر۔ اور خدا کے لئے ہم کو ایک ایسی خوشخبری سنا دیجئے کہ تمہاری روح تازہ ہو جائے۔ کیا تم کو ایسے نایاب تحفہ کی ضرورت ہے جو آپ کے جان و مال کا محافظ اور آپ کے دین و ایمان کا نگہبان ہو۔ جسکے آپ کے لئے حفظ زیر اور نہایت ہی خوبصورتی اور خوشنمائی سے خدا کے کلام کو ایک نئی طرز سے اپنے یہاں چھپوایا ہے۔ آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ قرآن پاک کے پورے تیس پارے صرف دو ورق میں مکمل کئے ہیں۔ سائز ہر ورق کا طول ۱۳ انچ ہے اور عرض ۱۰ انچ ہے۔ میرے خیال میں کبھی آپ نے ایسی نعمت بے بہا کو دیکھا کیا سنا بھی نہ ہوگا۔ اس کلام الٰہی کا عزلی خط باوجود اس قدر باریک ہونے کے اس صفائی کے نظر آتا ہے۔ زندگی ایسی نعمت غیر مترقبہ پھر میسر نہ آئیگی۔ لہٰذا کر اپنے قدیمی رکھو برکت ہوگی تعویذ بنا کر بچوں کے گلے میں پہناؤ پیارے بچو جملہ آفات ارضی اور سماوی سے محفوظ رہیں گے۔ اپنی مستورات کے زیور میں رکھو۔ اس کی برکت سے کبھی کوئی نقصان نہ پہنچیگا۔ اپنے گھروں میں رکھو مالا مال ہو جاؤ گے۔ مثل تعویذ کے اپنے بازو پر باندھو۔ دل کو بہت طرح کی تقویت حاصل ہوگی۔ مسلمانو اس کو متبرک ہاتھ سے صنائع نہ کرو۔ سودا نہ بادیہ کف افسوس ملنا پڑیگا۔ ذرا اس کلام ایزدی کو دیکھو تو لوح محفوظ کا نقشہ پیش نظر ہو جائیگا۔ حافظ قرآن بہت آسانی کے ساتھ اس میں تلاوت کر سکتا ہے۔ اور کون اہل اسلام ہے جو ہماری اس اطلاع کو دیکھ کر اس بے بہا قرآن مجید کے لینے کا شائق نہ ہو گیا ہوگا۔ ہاں سب طالبو دوڑو خریدو جلدی کرو۔ دولت ہر دو جہاں حاصل کرو۔ نعمت اس نعمت بے بہا کی کوئی گراوٹ نہیں ہے۔ اور سچ ہے۔ اس کی بزرگی کے مقابلہ میں دولت کیا حقیقت رکھتی ہے۔ کم ہے کہ اس کا ہدیہ اس لئے کم مقرر کیا گیا ہے کہ ہر کس و ناکس اس سے فیضیاب ہو سکے۔ قرآن شریف کا ہدیہ مع محصول وغیرہ صرف ۱۲ روپیہ ہے۔ اگر نعمت کبھی تو فوراً ہی منگائیے۔ اب نہ ہو پھر ہم کو فرماؤ کہ ہمیں اس کی خبر نہ تھی۔ اس لئے پیشتر سے منگا لیجئے۔

نوٹ:۔ ایسی ایسی نعمتیں ہمیشہ نہیں ملتی ہیں۔ لہٰذا جلد منگائیے۔

نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی

معلوم ہو کہ ہم تو یہ بتانا بھول ہی گئے تھے کہ اس قدر سستا کیوں ہے۔ سو یہ ہے کہ ہماری دلی خواہش ہے کہ ہر خاندان میں چار اشخاص قرآن شریف کے حافظ ہوں۔ اور ہر ایک کے دو بازو پر تعویذ بندھے ہوں۔ اگر آپ ہمارے اس تحفہ کو دیکھ کر خریدار نہ ہوں تو ہم آپ سے کچھ نہیں کہتے۔ مگر شرط یہ ہے کہ ہمارے اس اشتہار کو دوستوں کے سامنے پیش کریں۔ اور ہماری کوشش میں مدد دیں۔ ہم آپ کے ممنون ہونگے۔ اور دعا گو رہیں گے۔ ہم کو امید ہے کہ ہر ایک صاحب ہماری کوشش میں ضرور مدد دیں گے۔ ہم کو یقین ہے کہ ہر ایک صاحب اس کو دیکھ کر خریدار ہو جائیں گے۔ ہم کو امید ہے کہ ہر ایک صاحب اس کو دیکھ کر خریدار ہو جائیں گے۔

المشتہر محمد اکبر سوداگر بازار کوچہ ٹوپیاں۔ لاہور۔

آئندہ موسم میں فوج کا تغیر و تبدل اس طرح کیا جائیگا کہ ہندستانی فوج کے دو دو رسالے ناؤ ڈیمبر میں وہیرے (چین) میں جا سکیں۔

لنکا میں بھی باد بہاری شروع ہو گئی ہے۔

بندرگاہ رنگون میں افسران صحت کا سارٹیفکٹ حاصل کرنے کے بغیر کسی جہاز کو داخل ہونے کی اجازت نہیں۔

افسوس ہے کہ فارسی پور کے مشہور واعظ حاجی امان احمد راہی ملک بقا ہو گئے۔

اگلے سال مہاراجہ صاحب سندھیا سیر یورپ کرینگے۔

مشتہر ہوا ہے کہ آئندہ کوئی شخص جو ۲۵ مارچ گزشتہ سے سندھ میں موجود ہو بحیثیت تارک الوطن ہند کے کسی بندرگاہ سے بذریعہ جہاز روانہ نہیں ہوگا۔

میڈیکل سکول آگرہ میں یکم جولائی کو وہ طلبہ داخل کئے جائینگے ہیں جنہوں نے امتحان داخلہ پاس کیا ہوا ہو۔

گزشتہ جمعرات کو مہاراجہ سوسائٹی کلکتہ نے بڑھ کی ۲۴۴۲ ویں سالگرہ کا جلسہ کیا۔

چرام کومن جھمار بنگلور کا خزانچی جو اسی پیٹن کا گورو تھا۔ ایک ہزار روپیہ لے کر رفو چکر ہو گیا۔

ہادی جان بلک متعلقہ سنٹ مارک جگلوہ جو دفعتاً رخصت لے کر ولایت کو روانہ ہوا تھا۔ راستے میں جہاز پر سے کود پڑا اور اپنے ساتھی کو لکھ گیا کہ میں نہیں چاہتا تھا کہ مجھ کوئی شخص نہیں پہچانتا تاہم میں اپنی اس حرکت کی وجہ بتانا نہیں چاہتا۔

بمبئی کے ایک جلسے میں الیشوری فیمیل ہاسپٹل کے واسطے ۱۳۰۰ روپیہ چندہ ہوا۔

کرنل بارنگٹن گورنر جنرل وسط ہند ۳ ماہ کی طویل رخصت پر جاتے ہیں۔ مسٹر ایس بیلی افسر محکمہ تھگی ان کی جگہ کام کرینگے۔

نہیں جہاں کہیں رائفلوں کی چوری ہونے کا اندیشہ ہے سنتری دونالی والے ریوالوروں سے مسلح کئے جائینگے۔

وائسرائیوں کے بعض اسلحہ خانوں پر ڈبل پہرے لگائے گئے ہیں اور اسلحہ خانہ ہوڑہ کی حفاظت پر خود وائسرائیگل فیلیٹ ہیں۔

مصریوں نے کلکتہ کے جہازوں پر قواعد طاعون جاری کر دیئے ہیں۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

سردار رام سنگھ ہوا ایک سال تبلیغ امرتسر میں مع اہل و عیال پشاور آئے۔ یہ کلیں اور دیگر اسباب لانے کے لئے کلکتہ جائینگے۔

سر ولیم لاکہارٹ نے محمد یسین خاں صوبیدار ۲۲ پنجاب انفنٹری کی معرفت آفریدی دوستوں کو مذہبیہ تا سلام بھیج کر آئندہ موسم سرما میں ان سے ملاقات کرنے کی توقع ظاہر کی ہے۔

انجمن اسلامیہ گوجرانوالہ نے ایک عیسائی کی فحش کتاب امہات المومنین کی اشاعت کو بند کرانے کے لئے گورنمنٹ کی خدمت میں میموریل بھیجا ہے۔

سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ بلوہ گڈھ مکتیشور میں ۱۰ آدمی ہلاک اور ۱۷ مجروح ہوئے تھے۔ ممکن ہے کہ گورنمنٹ اس بارے میں ضرور تحقیقات کریگی۔

۵ مئی کو خیبر کے آفریدیوں نے آکسفورڈ ڈاکٹر فرنٹیر کے ایک سپاہی کو گولی ماری مگر نشانہ خطا ہوا۔ پھر جاتی ایک بلا آکھاڑے اور بکٹ کی پناہ گاہ کو آگ لگا گئے۔

سر رچرڈ اوڈین کمشنر پشاور کلیئر کئے گئے ہیں۔ مسٹر ایف کنگھم سیف پولیٹیکل افسر خیبر جو نرس امدادی آگل گئے۔

بخشی موہن لال پنشنر دھرم سالہ کی طرف سے ڈپٹی انسپکٹر ضلع پیمائشی حیثیت عرضی کا جو استغاثہ دائر تھا اس میں ملزم کو ایک پیسہ جرمانہ ہوا۔

لدھیانہ کے جس سید نے ایک مشنری لیڈی کو قتل کیا تھا اس کو ۲ سال قید بجبور دریائے شور کی سزا ملی۔

گزشتہ ہفتے کی بارشوں کی وجہ سے سردی کے جانے سے طاعون پھیلنے کا خدشہ ہو رہا ہے۔

راولپنڈی میں بارشوں سے موسم سرد ہو گیا ہے تاہم فوج میں بخار کی شکایت ہے۔

سر ولیم لاکہارٹ ولایت میں سرحدی اقوام کے متعلق فیصلہ کرینگے۔

تا حال مہاراجہ صاحب بہاولپور جموں و کشمیر نے روانگی سری نگر کا کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

اب کے گلمرگ میں موسمی بارش ۵ مئی کو کھل گئی جو پہلے ماہ جون میں کھلا کرتا تھا۔

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب سندھیا والیٔ گوالیار شملہ ایک ہفتہ قیام کرنے کے بعد مراجعت فرمائے ریاست ہوئے۔

پرنس رنجیت سنگھ جی جنہوں نے ولایت میں کرکٹ میں اعلیٰ درجہ کی ناموری حاصل کی ہے۔ اب پٹیالہ ٹیم میں شامل ہونے کے لئے سمانہ جاتے ہیں۔

لاہور میں گزشتہ ہفتے کی آندھیوں اور مینہ سے موسم سرد ہو گیا ہے۔ تمام ہزاروں درختوں کو بہت نقصان پہنچا۔

اسے گڈھ ضلع میں طاعون روبہ تنزل ہے۔ جہاں دس آغاز بہت سنجیدگی سے شروع ہوا تھا یعنی ایک دن میں ۱۳۸ مبتلا اور ۵۴ ضلع ہوئے تھے۔

پنجاب یونیورسٹی کی سنڈیکیٹ نے فیصلہ کیا ہے چارلس آرتھر روصاحب سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی کو ڈاکٹر آف لاز کی اعزازی ڈگری دیجائے۔

ڈیپارٹمنٹ تحصیل ڈیرہ) اور بورنا ر تحصیل ۱۷ اور ۱۸ مئی کو ہیضہ اور چیچک کے ٹیکوں کی حاجت ہے۔

شملہ ریلوے کے متعلق ملہ اکسٹ میں تمام لنڈن میں

پنجاب میں غلہ کے خرمنوں کو بارش سے نقصان ہوا مگر لوگ خوش ہیں کہ اب یہ اناج مما لک غیر کو بھیجنے کے لائق نہیں

نادرداں میں جہاں پہلے صرف مشن اسکول تھا اب ایک رعیہ نے دھیت راج کی کوشش سے ہندو مسلمان لڑکوں کی تعلیم کے واسطے ایک نیا مدرسہ جاری کیا گیا ہے۔

آبپاشی علاقہ کو وسعت دینے کے واسطے

روئے زمین کی خیر ث

ہندوستان

کلکتہ سے ٹیوف طاعون ۲۰ اپریل سے ۷ مئی تک ۳۸۸ جاں گئے۔ ایسٹرن بنگال ریلوے پر جانے والوں کی روزانہ تعداد ۱۲ ہزار تک بڑھی ہوئی تھی۔

گزشتہ ہفتہ والے ہنگامہ کے سرغنوں کی گرفتاری کے متعلق پولیس نے دو سو روپے انعام کا اشتہار دیا ہے۔

جیلنگ میں طاعون کے خوف سے قلی اور خانگی نوکر چھوڑ کر بھاگے جا رہے ہیں۔ بازار اجڑ رہے ہیں۔

بمبئی میں بھی کلکتہ سا اضطراب پھیلا ہوا ہے۔ شہر چھوڑے جاتے ہیں۔

اب کلکتہ میں طاعون کا ٹیکہ عام پسند ہوتا جاتا ہے۔ معززوں اور فرقوں سے اس کے متعلق درخواستیں آ رہی ہیں۔

۲ مئی کو ایک مریض کے طاعونی ہسپتال میں بھیجنے پر چار سو آدمیوں نے لاٹھیوں سے مسلح ہو کر ڈاکٹری ملازمین کو ہنکا دیا۔

کلکتہ میں جو مشہور ڈاکو گرفتار ہوا ہے۔ اس کو ۱۸۷۹ء کے مقدمہ میں دس سال قید کی سزا ہوئی تھی۔ مگر جیل پیرو دا سے بھاگ گیا تھا۔

میونسپل کمیٹی کونسل مدراس کا جو پہلا اجلاس اوٹا کمنڈ میں ہوا اس میں ایک دخل رعیتانہ کا مسودہ پیش ہوا۔

ڈائرکٹر جنرل آف اسسٹنٹ سینیٹری کمشنر مدراس میڈیکل کالج کلکتہ میں داخل ہوئے۔

تعلیم کیا جاتا ہے کہ سر ولیم لاکہارٹ بعد اختتام رخصت واپس تشریف فرما ہندوستان ہوں گے۔ غالباً ۸ جولائی کو جنرل نیئر کمانڈر انچیف ہند کا چارج لیں گے۔

سٹنکلچ کے سٹاف کورنر کے واسطے جو عمارتیں تعمیر ہو رہی ہیں۔ اس میں گھوڑوں، اصطبل اور کتابوں کا بھی انتظام ہے۔

نہنیارائن تنجور نے گورنر مدراس سے بذریعہ تار درخواست کی ہے کہ مسودہ ایکٹ دخل رعیتانہ گورنمنٹ کے چار ماہ تک غور کے لئے ملتوی رہے تاکہ پبلک کو اس کے حسن و قبح پر غور کرنے کے واسطے کافی موقع ملے۔

تھانہ بیرو سے ۲۳۶ قیدی کراچی بھیجے گئے ہیں۔ وہاں سے آگے ۷۰ لنڈی سپاہیوں کی حفاظت میں حیدر آباد سندھ کو روانہ کئے جائینگے۔

ماہ اپریل میں ۸ گھوڑے اور ۷ خچر ممالک غیر سے بمبئی لائے گئے۔

ایسوسی ایشن کاشتکاران جنوبی ہند کو جو درخواست کرنسی ایسوسی ایشن میں شہادت دینے کے واسطے بھیجی گئی ہے۔ امید ہے کہ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند اس کو منظور کرینگے۔

سال مختتمہ ۳۱ مارچ میں تجارت برہما کی درآمد برآمد کی مالیت ۲۹۲۴۷ لاکھ روپے تھی۔ یعنی ۱۲۶۱ لاکھ کا مال آیا اور ۱۶۸۶ لاکھ کا باہر گیا۔

کنٹنجنٹ حیدر آباد کی خواہوں کے متعلق گورنمنٹ عنقریب قواعد مشتہر کرنے والی ہے۔

بمبئی کے نئے بشپ پیرسٹر ایٹ لا بھی ہیں مگر انہوں نے دنیاوی کام پر روحانی کو ترجیح دی ہے۔

سلہٹ اور شیلانگ کی پرانی سڑک جس کو زلزلوں سے نقصان پہنچا ہے صرف مرمت کیجائیگی اور از سر نو تعمیر نہ ہوگی۔

آئندہ اس ملک کے مہاجن پیسوں کی نقرئی سلاخیں خرید کرنے سے پہلے توڑ کر ان کا امتحان کر لیا کرینگے۔ کیونکہ ان میں دوسری دھاتوں کی آمیزش کا شبہ ہوا ہے۔

سال رواں کے پہلے ۴ ماہ میں بمقابلہ سال ۱۸۹۰ء ایسٹ انڈیا ریلوے کی آمد میں ۶ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔

۳½ فی صدی سود والے پرامیسری نوٹوں کا نرخ گزشتہ منگل کو ۱۰۰ فی صدی تک پہنچ گیا۔

کلکتہ میں ہر مسلمان خوف طاعون پھیلاتا پھرتا تھا اس کو ۱۰ ماہ قید کی سزا ہوئی۔

ہند کی تمام ماؤنٹین بیٹریوں کا احتیاط سے امتحان کرکے ناکارہ توپوں کے بجائے نئی توپیں بھرتی کی جائینگی۔ یہ گزشتہ جنگ میں تجربے میں ضروری معلوم ہوا ہے۔

خیبر فورس کے ٹوٹے جانے پر بریگیڈیر جنرل ہارٹ بلگام جائینگے اور بریگیڈیر جنرل رولنڈسکدوش ہو کر ضلع رنگون کا چارج لیں گے۔

ریاست گائیکوار کے سرحدی ضلع اس نگر سے علانیہ فساد ہونے کی خبریں پہنچ رہی ہیں۔ لہذا ایک بھاری فوج لبسر کردگی کرنل ہل اس طرف روانہ کی جائیگی۔

جو جہاز بلوچستان نام ممالک غیر سے اسلحہ لانے کے جرم میں سر حد فارس پر گرفتار ہوا تھا۔ تحقیقات کرنے والی کمیٹی نے اس کی گرفتاری جائز قرار دی ہے۔ اب یہ معاملہ ولایت کی عدالتوں کے سپرد ہوگا۔

آخر کار ناتو برادر قید سے رہا ہوئے۔ فی الحال وہ بنگلور میں رہینگے۔ جہاں اپنے عیال و اطفال کو بلوانے کی فکر کر رہے ہیں۔

۱۸ مئی کو ۱۷ کشتے پانی جانے والے قیدی بذریعہ جہاز دلموزی بمبئی سے منزل مقصود کو روانہ ہوئے۔

ہند کے مختلف شہروں میں بادبہاری کے شروع ہونے سے موسم سرد ہو گیا ہے۔

کلکتہ میں روئی کے مال کی آمد میں ۹ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔ سوائے اس کے اور چینی کے باقی سب مدوں میں کمی پائی جاتی ہے۔ چنانچہ سونے اور چاندی میں ۱۰ لاکھ کی کمی تھی۔

منشی چنجی لال کی بیوہ نے اپنے خاوند اور بیٹے کی یادگار میں رنگون میں ہندو مسافروں کے آرام کے واسطے ایک دھرم سالہ تعمیر کرائی ہے۔

بہادران ہند کے فنڈ کی پانچویں فہرست ولایت میں ۱۶۶۵ پونڈ اسٹرلنگ تک پہنچ گئی ہے۔

کراچی میں طاعون کا ٹیکہ کرانے والوں سے خاص رعائتیں کیجاری ہیں۔

عورتوں کا مغز ۳۰ سال کی عمر کے بعد اور مردوں کا اس سے ۱۰ سال بعد زنان میں کم ہونا شروع ہو تا ہے۔

بلگام کے لوگ مسٹر تلک کی رہائی کے واسطے ہز ایکسی لنسی گورنر کی خدمت میں ہیمورئیل بھیجنے والے ہیں۔

گھوڑا جیتے ہے ناک کی مدد سے اپنی غذا تلاش کرتا ہے۔ اس لئے اندھے گھوڑے کبھی گھاس اکھیڑنے میں خطا نہیں کرتے۔

گزشتہ سنیچر کو کلکتہ کے قریب بارنگر میں کارخانہ سن کے ملازموں نے میگزین کے ایک چپراسی کو ٹیکا کرنے والا سمجھ کر قریب المرگ کر دیا۔

مہاراجہ صاحب سندھ کی شبیہ مہاراجہ صاحب پٹیالہ نے اپنے صرفہ سے تیار کرائی ہے۔

STEARNS' INSTANT COUGH CURE.

سٹیرنس صاحب کا سریع التاثیر کھانسی کا علاج

ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ ضیق النفس۔ گرنگی گلو۔ اور آواز کے بیٹھ جانے اور خراش حلق۔ پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں کی تمام سوزشوں کے واسطے یہ دوا مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے معاً افاقہ ہو جاتا ہے۔ سٹیرنس کے سریع التاثیر علاج کھانسی کے حاصل کرنے کیلئے اصرار کرو۔ اور کوئی دوسری شے ہرگز استعمال کرو۔ ہر دوائی پر زرد رنگ کا کاغذ لپٹا ہوا ہے۔ یہ ہند اور دنیا کے تمام دوا ساز اور دوا فروش ہر قسم کی شیشیوں میں فروخت کرتے ہیں۔

انتخاب گورنمنٹ گزٹ پنجاب مطبوعہ ۲۱ مئی ۱۹۰۸ء

تقرر:- مسٹر ایف۔ ایچ انڈریو کی جگہ جم فرلو پر گئے ہیں بھائی رام سنگھ قائمقام پرنسپل میو آرٹ سکول لاہور سنڈیل تا وقت جم لاہور کے قائمقام کیوریٹر ہوئے۔ شیخ رحیم بخش صاحب ایم۔ اے اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بجائے لفٹنٹ سی۔ پی۔ ڈاؤن اسسٹنٹ کمشنر کے بوصف زمی سب ڈویژن کے انچارج ہوئے بمنظوری گورنر جنرل باجلاس کونسل بتابع منظوری سکرٹری آف سٹیٹ ہند۔ مسٹر جی۔ ایس ایس بی اے اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر بجائے مسٹر ٹی جی۔ واکر کے قائم مقام ڈویژنل جج لاہور۔ میجر جی۔ اے۔ ولیمین مستلقہ ۱۲ مدراس انفنٹری جن کی خدمات گورنمنٹ پنجاب کے سپرد ہوئی ہیں بجائے لفٹنٹ ای سی۔ براؤن لو کے قائمقام مجسٹریٹ جھانگ سیالکوٹ۔ مسٹر ڈبلیو اے۔ ہیرس اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر بمنظوری گورنر جنرل و باتباع منظوری سکرٹری آف ہند۔ بجائے مسٹر ایف۔ اے رابرٹس رخصت یافتہ کے ڈویژنل جج انبالہ مقرر ہوئے۔ مسٹر آر۔ بی۔ واربرٹن اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کیتھل سب ڈویژن کے انچارج ہوئے۔

تبدیل:- مسٹر اے ہیر بیٹھ ڈپٹی کمشنر لاہور سے ثملہ بدلے جہاں انہوں نے مسٹر آر۔ جی۔ ٹامسن کو سبکدوش کیا جو رخصت پر جاتے ہیں۔ مسٹر ایل۔ ایچ جانسٹن اسسٹنٹ کمشنر جالندھر سے ہوشیارپور۔ لالہ نرائن داس آہلووالیا ایم اے اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر لاہور سے انبالہ۔ لالہ رام ناتھ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر جالندھر سے امرتسر بدلے سردار شیر محمد خاں صاحب سی۔ آئی۔ ای کو سبکدوش کیا۔ نظر خاں قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مظفر گڑھ سے جہلم تبدیل ہوئے۔ سردار چرنجت سنگھ سے عہدہ کا چارج لیا۔ بھائی دلیپ سنگھ بی۔ اے قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر شاہپور سے راولپنڈی۔ لالہ بنارسی داس قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر لاہور سے گوجرانوالہ۔ شیخ نصیر الدین اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ملتان سے لاہور تعینات ہوئے۔ مسٹر سی ڈبلیو واکٹن اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ ضلع ہوشیارپور میں تعینات ہوئے۔ مسٹر جے پی ٹامسن اسسٹنٹ کمشنر لاہور ضلع جالندھر میں۔ مسٹر ایف۔ اے برٹن اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی جالندھر میں۔ میاں امام الدین رخصت سے واپس آکر جالندھر میں تعینات ہوئے۔

رخصت:- رائے صاحب کرم چند اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر لدھیانہ نے ایک ماہ کی۔ لفٹنٹ سی۔ پی۔ ڈاؤن اسسٹنٹ کمشنر انچارج بوصف زمی سب ڈویژن نے ۳ ماہ کی۔ مسٹر آر۔ ہیفرلے اسسٹنٹ کمشنر کیتھل سب ڈویژن نے ۲ ماہ ۲۷ یوم کی رخصت لی۔ مسٹر ایچ سکاٹ سمتھ ڈسٹرکٹ جج نے جن کو فرلو رخصت عطا ہوئی ہے ۲۳۔ اپریل کو بمبئی سے روانہ ہونے کی رپورٹ کی۔

اعلان:- مسٹر جم فرنیل نے ۲۰۔ اپریل کو چیف کورٹ پنجاب کی چیف ججی کا چارج لیا۔ اور سر اے۔ رو کو سبکدوش کیا۔ جو ملازمت سے کنارہ کش ہوئے ہیں۔ مسٹر ٹی جی واکر ڈویژنل جج لاہور نے اسی تاریخ کو چیف کورٹ پنجاب کی ججی کا چارج لیا۔ رخصت سے واپس طلب کئے جاکر سردار دلاگو ہر صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر نے جہلم میں اپنے عہدے کا انتہام لیا لالہ ہرنرائن صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و کلرک دفتر فنانشل کمشنر نے ۳ مئی کو لاہور میں اپنے عہدے کا چارج لیا۔

پولیس ڈیپارٹمنٹ:- مسٹر جے۔ ڈی۔ سی۔ ڈبلیو ین ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس راولپنڈی نے ڈاکٹری سرٹیفکیٹ پر ۱۰ ماہ کی۔ مسٹر سی۔ ہراون ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس مغربی سرکل نے ایک ماہ ۲۸ یوم کی رخصت لی۔ مسٹر ایچ۔ ڈبلیو جیکسن ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس دہلی بجائے ان کے عارضی طور پر کام کرینگے۔ مسٹر ایچ ایس ڈنسفورڈ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ انبالہ سے دہلی تبدیل ہوئے۔ مسٹر ایف ایچ آرگینڈی اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس قائمقام ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس انبالہ ہوئے۔

چیف کورٹ:- بھائی بدھ سنگھ سب پروٹم منصف لالہ دسوندی رام کی جگہ سیالکوٹ میں تعینات ہوئے۔ رام سرن داس و رحمان مل کو چیف کورٹ نے بطور مختار تسلیم کیا۔ منشی نامہ علیخاں منظور شدہ امیدوار بجائے بھائی امر سنگھ کے جو قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہوئے ہیں قائمقام منصف رہتک ہوئے۔ لالہ کرمچند امیدوار منظور شدہ بجائے احمد شاہ کے جو قائمقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پھلور مقرر ہوئے ہیں قائمقام منصف جالندھر ہوئے سکدار ناتھ بطور وکیل چیف کورٹ پنجاب میں درج رجسٹر ہوئے۔ سید عباس علیشاہ منصف جہلم سے شرقپور۔ ضلع لاہور۔ لالہ امجد علیا پرشاد شرقپور سے جہلم۔ بھائی اجیرا سنگھ جالندھر سے مری۔ لالہ نتھو رام جینیوٹ ضلع جھنگ سے کوہاٹ۔ بھائی پریم سنگھ کوہاٹ سے جینیوٹ کو بدلے۔

دفتر فنانشل کمشنر:- سوڈھی شیر سنگھ تحصیلدار پھلور سے نواشہر اور لالہ رامچند تحصیلدار نواشہر سے نکودر تبدیل ہوئے۔ موخرالذکر نے منشی برکت علی قائمقام تحصیلدار کو سبکدوش کیا جنہوں نے اپنی اصلی عہدہ نائب تحصیلداری کو دوبارہ عہدہ کیا۔ مرزا ظفر اللہ خاں رخصت سے واپس آکر پھلور میں متعین ہوئے۔

انتخاب گزٹ آف انڈیا مطبوعہ ۴ مئی

کورٹ وفد ارکمال الدین بجائے عبدالکریم خاں کے جو پنشن میں منتقل ہوئے ہیں جمعدار اول کر جمنٹ بنگال لینسرز ہوئے۔ جمعدار رامانجب سنگھ ۱۳ شنجا والی رجمنٹ بنگال انفنٹری بجائے ٹھاکر رام سنگھ جو پنشن پر منتقل ہوئے ہیں صوبیدار مقرر ہوئے۔ اور حوالدار دل سنگھ جمعدار ہوئے۔ ہزارا سنگھ جمعدار ۵ سکھ رجمنٹ بنگال انفنٹری بجائے بشن سنگھ بہادر کے جو پنشن میں تبدیل ہوئے ہیں صوبیدار اور حوالدار رام سنگھ جمعدار ہوئے۔ محمد عباس صوبیدار ۱۴ سکھ رجمنٹ رائس انفنٹری بجائے مخلص خاں مرحوم کے صوبیدار میجر ہوئے۔ حوالدار میجر غلام محمد بجائے بھوپ سنگھ کے جو صیغہ مذکور میں منتقل ہوئے ۲ ڈیرہ جات پہاڑی توپخانہ کے جمعدار ہوئے۔

خبروں کے خطوط کا خلاصہ

علامت طاعون:- چوہوں کا خود بخود مر جانا بھی کسی موضع میں زہر طاعون کے پھیلنے کا پیش خیمہ ہے۔ اس ضلع جالندھر کے جن دیہات میں وبا کا گزر نہیں ہوا وہاں یہی پڑتال ہو رہی ہے (روزانہ ۱۱ مئی)۔

منٹگمری:- جوالا سنگھ کانسٹبل نے اپنی بھاوج اس لئے بضرب تشمیر ہلاک کیا کہ اس نے اس کے ساتھ منہ کالا کرنے سے انکار کیا تھا۔ اور اب پاگل ہونے کا بہانہ کر رہا ہے۔ ایک دوسرا شخص محمد اجب اپنی عورت کو بدچلنی کلہاڑی سے قتل کرنے کے جرم میں ماخوذ ہے۔ ضلع میں بھی زبانوں کے دیوی ماتا کی بھینٹ کرنے کا خبط پھیلا ہوا ہے۔ مگر کاٹنے والے لکنت کر رہے ہیں۔ بندوبست ضلع مذکور قریب الاختتام ہے۔ بنا راضی اپیلوں کے انبار لگ گئے ہیں (۱۰ مئی)۔

مارکیپور کا حادثہ قتل:- تھوڑے دن ہوئے ہیں ایک مختصر نما اس مضمون کا سیول اینڈ ملٹری گزٹ میں چھپا تھا کہ تین مخمور سپاہیوں نے بارک پور میں ایک بنگالی ڈاکٹر کو اس وجہ سے مارا تھا کہ اس نے ان زمنوں کی جو بظاہر بدمستی میں لڑنے سے ان کے جسم تھے۔ اچھی طرح مرہم پٹی نہیں کی تھی۔ لیکن امرتا بازار نے اس حادثہ کی جو کیفیت شائع کی ہے۔ وہ نہایت ناک ہے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ ڈاکٹر ہریش چندر بارکپور کے ایک سرآمدہ اور ممتاز ڈاکٹر تھے۔ جہاں وہ ہر روز شام کو کلکتہ جاتے تھے۔ کیونکہ ان کا اہل عیال یہیں رہتا تھا۔ گزشتہ جمعہ کی شام کو وہ بارکپور شفاخانے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ بازار میں شور و غل سن کر باہر نکلے تو انہوں نے تین گوروں کو شراب میں ڈاکٹر کے کوچبان کو مارتے اور گاڑی کو توڑتے ہوئے دیکھا۔ ڈاکٹر نے ان گوروں کو سمجھایا۔ جس پر وہ اس طرح بڑھ کر چلے جائینگے۔ ان میں سے ایک نے ڈاکٹر کو الٹا سخت مارا کہ وہ زمین پر آرہے۔ رپورٹ کے مطابق ان شرابیوں نے اُسے ایک فٹ بال بنالیا۔ اور لکڑی کے کندے کی طرح ایک پاس کے سب اسے پاؤں کی ٹھوکروں سے اِدھر اُدھر لڑھکانے لگے۔ جو لوگ وہاں جمع ہو گئے تھے اس حالت کو دیکھ کر سخت خوف زدہ ہوئے مگر وہ اپنے میں بدقسمت ڈاکٹر کی امداد کو پہنچے۔ جبکہ اس کا دم پڑتا تھا اور منہ کھولے ہوئے زندگی کے آخری سانس لے رہا تھا۔ کھوپری کے ایک مہلک زخم سے بکثرت خون بہ رہا تھا۔ گوروں نے بھاگ جانے کی کوشش کی مگر لوگوں نے ان کو پکڑ لیا (۱۰ مئی)۔

حالت میں نہ کیجاوے۔ انگلو انڈین اخبارات اس اعتراض کے اٹھانے میں بہت کچھ الفاظ خرچ کرتے تھے مگر پبلک کا دل نہ بھرتی تھی۔ ہاں ایک بڑی خاص آن کے ہیر بھی اس قدر میں نہ بیٹھ سکے۔ بار بار انہوں نے گورنمنٹ کو مشورہ دیا کہ بلا کسی فساد کے چھوڑ دیا جاوے۔ گورنمنٹ نے ان کو روکر کے یہ ثابت کر دکھایا کہ وہ حق کی طرفدار اور انصاف پرست ہے۔ بے وجہ کسی کو ستانا نہیں چاہتی۔ یہ میں برملا تسلیم کرتا ہوں کہ گورنمنٹ کا یہ کارروائی سے ہندوستانی پبلک جو بڑے ناخن کی خیال خاصکر اس کی بیوی کی درخواست پڑھ کر افسوسناک ہوئی تھی۔ بیحد سرد ہو گئی اور سرکار کی مشکور ہوئی ہے اگرچہ ابھی ان کو رہا نہ جانے کی اجازت نہیں ملی اور بیلگام میں بھیجا گیا ہے۔ مگر امید ہے کہ عنقریب بیلگام میں بھی نظر بندی نہ رہے گی۔ ہم لوگ خوشی سے تعبیر کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ بلکہ اس کی بیوی کو تعزیری پولیس سے بھی گورنمنٹ نہیں بھیجوا دے گی۔ اور جس کے اخراجات اپنے سر لیتی ہے۔

سر لیپل گریفن کی مراجعت

اگرچہ مسئلہ مشرق کو اس وقت معاملات چین اور جنگ امریکہ و سپین نے دھیما کر رکھا ہے اور اسی وجہ سے انگلو انڈین اخباروں نے سر لیپل گریفن کی مراجعت پر بہت کچھ نہیں لکھا۔ مگر ایک دو اخباروں نے اس کی مراجعت کو بہت کچھ اہمیت دی ہے۔ ہم بھی اس کی مراجعت کو ضروری سمجھتے ہیں۔ اس لئے کہ سر لیپل گریفن نے افغانستان میں رہ کر جو کچھ کیا تھا اس کا برتاؤ سلطنت عثمانیہ کے ساتھ کس قدر گستاخانہ تھا یہ ہم بارہا لکھ چکے ہیں۔ اس کی مراجعت سے ہم کو امید ہے کہ ہندوستان اور سلطنت عثمانیہ کے تعلقات میں کسی قدر کشیدگی واقع ہو گئی ہے۔ چونکہ اس تدبیر کے باقی مبانی سر لیپل گریفن کے ہاتھ سے اس نازک وقت پر جبکہ دنیا کی توجہ مسئلہ مشرق کی طرف نہیں مبذول نہیں ہے بدل دینا مناسب سمجھا گیا۔ سر لیپل گریفن کی نسبت پچھلے سال ایک لیڈر لکھا تھا کہ ان کا برتاؤ سلطنت عثمانیہ کے ساتھ کس قدر گستاخانہ ہے۔ ہم کو امید ہے کہ ایسے برتاؤ سے نوابِ انگلستان کو کنارہ کیا جائے گا۔ اس وقت اس کے اعادہ کی تو ضرورت نہیں مگر اتنا ضرور کہونگا کہ یہ تبادلہ سفارت بہت ہی مناسب ہوا۔ امید ہے کہ سر ہارمیٹر ڈیورنڈ صاحب جن کے اس عہدہ جلیلہ پر سرفراز ہونے کی خبر ہے اپنے اس تجربے کو جو کابل کمیشن اور سفارت ایران سے ایشیائی فرمانرواؤں کی نسبت انہیں حاصل ہوا ہے پیش نظر رکھیں گے۔ اور جو کچھ اچھا دونوں سلطنتوں کے اتحاد میں سر لیپل گریفن کی ناعاقبت اندیشانہ حکمت عملی سے

سرکاری عہدہ داروں کا اپیڈریس وغیرہ لینا

۱۰ جولائی ۱۸۹۸ء کو ایک پیپر ڈیوشن گورنمنٹ آف انڈیا نے ہمیں شمولیت اس کیا تھا کہ سرکاری عہدہ داروں کو کسی قسم کے تعزیتی ایڈریس وغیرہ پبلک جلسہ عام میں نہ لینے جانے کی ممانعت ہے۔ جو ان عہدہ داروں کی خاطر میں مستثنیٰ کیا جائیں۔ یہ حکم جیسا مناسب اور رعایا کے لئے سعد ہے اس کی تشریح چنداں ضروری نہیں۔ سب جانتے ہیں کہ اس کی بدولت پبلک کا روپیہ ضائع ہونے سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ ورنہ خوشامدین حضرات اپنے آپ تو ہرگز باز نہ آتے۔ اصل میں تو یہ عہدہ داروں کا فرض ہونا چاہئے کہ وہ ایسے خوشامدانہ ایڈریسوں کی لوگوں کو جرأت نہ دلائیں مگر ملک کی بدقسمتی سے وہ اپنا یہ فرض ادا کرنے میں قاصر رہے۔ جس پر گورنمنٹ کو ایسا حکم صادر فرمانا پڑا۔ افسوس ہے کہ باوجود نفاذ حکم بھی بعض عہدہ داروں کو کان نہیں ہوئے۔ ورنہ گورنمنٹ کو گیارہ برس بعد اس وقت قواعد پر توجہ دلانے اور گزٹ میں شائع کرانے کی ضرورت پیش نہ آتی۔ مگر ابھی ضرورت پیش آئی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض خوشامد پسند حکام ان قواعد کی پوری پابندی نہیں کرتے۔ اس وجہ گورنمنٹ نے زور سے لکھا ہے کہ ایسی کارروائیاں نظم مسدود ہونی چاہئیں۔ مجھے یاد ہے کہ عالیجناب سر ٹیمس فٹز پیٹرک بالقابہ نے لفٹنٹ گورنری صوبہ بنگالہ کے وقت میں ایک باردبی میونسپلٹی کو ایڈریس دینے سے یہ کہکر منع کیا تھا کہ پبلک فنڈ ایسے فضول کاموں پر ضائع نہ ہونا چاہئے۔ بہرحال امید ہے کہ اب اس حکم کے لوگ بجالائے خود ہوں تو کم از کم بہ تعمیل حکم گورنمنٹ باز رہیں گے۔

ہندوستان کا افلاس اور انگلستان کا محصول

نامزد شمار اعداد سے معلوم ہوا ہے کہ انگلستان میں ۳ ہزار ایسے اشخاص موجود ہیں جو دس ہزار پونڈ سالانہ سے زائد کی آمدنی پر ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ دس ہزار پونڈ سالانہ سے زائد۔ گویا ڈیڑھ لاکھ روپے سالانہ سے بڑھ کر۔ کیا کوئی کر سکتا ہے کہ ہندوستان میں ایسے ۳۰۰ شخص بھی ہونگے؟ والیان ریاست کا ذکر نہیں کیونکہ وہ مستقل فرمانروا ہیں۔ ایسے مستقل فرمانروا جیسے کہ جرمنی میں سیکسنی۔ سیکس کوبرگ۔ ہانوور وغیرہ کے بادشاہ ہیں ہندوستان میں وسط آمدنی فی کس ۲ روپے سے زائد نہیں ہے۔ اسپر بھی بہت کم یہ دیکھا جاتا ہے کہ گورنمنٹ ٹیکس میں تخفیف ہو بلکہ کسی نئے محصول ہی کا اندیشہ لگا رہتا ہے۔

بلا ہنوز ٹلی نہیں ہے

گزشتہ سرحدی حادثات کا اگرچہ دھواں تو نظر کے سامنے سے گزر گیا۔ مگر آخری خبروں سے ابھی دم نہیں ہوا ہے۔ ابھی آخری دم باقی ہے۔ خود دیکھئے کب تک رکتے اور کس رنگ سے بلائی الموم خیال کیا جاتا تھا کہ سرحدی افواج نے بلا استثنا کے اعادہ حاضر قبول کر لی اور ہماری اخبار الناس کی یہ حسن ظن بھی قبول کر لی اور ہماری اخبار الناس کی یہ حسن ظن بھی گزرا خبار یا بخیر کی یہ اطلاع کہ آزادی لوگ ہمیشہ کی قید ہوس کے لئے اپنے جرگے کا اہل سمجھے ہیں۔ اگر یہ واقعی بات ہو تو اس فوج سے آخری پولیٹیکل قصیہ ہونے کے قبل کسی وقت انگیز خیزی کا پیدا ہو جانا ممکن ہے۔ اس خیال کو ایک حد تک باطل کرنے والی ثابت ہوئی ہے۔ ابھی آخری پولیٹیکل قصیہ [illegible] جاتا ہے۔ سر ولیم لاکہارٹ ہیں اور ابھی آخری سر دربار نہم شہنشاہ کو گورنمنٹ ہند کی خدمت میں [illegible] کر کے واپس تشریف لے گئے۔ وہیں واپس کابل افسروں کو کارروائے خیابان کے جیسے ہی خلاف تنخواہ اور انعامات اعزاز سے سرفراز کر کے [illegible] ہو گئیں اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ ابھی ایک ہفتہ زیادہ بعد نہیں ہوا ہے کہ آخری پولیٹیکل قصیہ ہنوز باقی ہے۔ اور ہر وقت الخیز خیزی کا پیدا ہو جانا بھی ممکن ہے۔ خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے۔ لیکن امید ہے کہ امیر صاحب کے پاس صرف اسی غرض سے [illegible] رہے ہیں کہ ان کی ہمعنت گورنمنٹ سے فیصلہ کریں۔ اور ان جرگوں کے بھیجنے کا مطلب ملک [illegible] ملک خواص خاں کو واپس بلانے وغیرہ کا نہیں ہے۔ تو وہ بہت کم اس کوشش میں کامیاب ہو سکے ہیں۔ کیونکہ امیر صاحب ہرگز فرقہ والوں کی بات پر کان نہ دھریں گے۔ کوئی ایکشن لینا تو درکنار۔ عجب نہیں کہ وہ جلال آباد ہی سے ان کو جھڑک دیں۔ کیونکہ اس کا [illegible] پوزیشن اور عہدہ سے گند مکہ مرتبہ ۱۸۹۷ء کا مفصلہ خوب معلوم ہے۔ جس کے رو سے آفریدیوں پر [illegible] کوئی اثر باقی نہیں رہا۔ آخر انہوں نے آفریدیوں کو کوئی جواب بھی دینا چاہا تو وہ یہی ہوگا کہ گورنمنٹ سے برادر است تصفیہ کر لو۔ اور جیسا کہ پہلے وہ ان کی عضداشت کے جواب میں لکھ چکے ہیں۔ وہ اپنے [illegible] خود بھی بھگتو۔ آخر کار یہ معاملہ بھی معرض التوا میں آجائیگا۔

بخلاف اس کے افغانستان میں ہر سال محصولات کسی نہ کسی قدر گھٹ ہی جاتے ہیں۔ اس سال بجٹ میں کچھ اضافہ نمک اور غیرہ کا محصول ہو گیا ہے۔ ہندوستان کو یوں تب نصیب ہوگی جب حکام افراجات حکومت کم کرنے کی جانب متوجہ ہونگے۔

یہاں لکھ کر اسنا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ اسپیرو لکھتے ہیں کہ "ایسے جان بوجھ کر سچ دبانے سے نقص امن کا اندیشہ ہے" جب وہ اس بات کو مان چکے ہیں کہ اس نقص امن کا اندیشہ ہے تو پھر کیوں انجمن حمایت اسلام سے اس بارے میں اتفاق نہیں کرتے کہ اس کتاب کی اشاعت بند کیجاوے۔ تاکہ اندیشہ نقص امن کا باقی نہ رہے۔ شائد مرزا صاحب کو اس میموریل کا مطلب بھول گیا ہو جس میں اس کے بعد ایک اس سے بھی دلچسپ فقرہ موجود ہے:۔

"اس قسم کی زہر دار کتابوں کو روکنے کے لئے گورنمنٹ کو کچھ دانشمندانہ طریق اختیار کرنے چاہئے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ملک کے امن میں ترقی ہوگی۔ اگر گورنمنٹ تمام مذہبی بحث کرنے والوں کو تاکید کردے کہ اعتدال و نرمی خلق کو مدنظر رکھیں اور اپنی نکتہ چینیوں کو مذہب مقابل کے معتبر و مستند کتب پر مبنی کریں۔ اور ایسے لفظوں سے پرہیز کریں کہ جو ویسے ہی ان کے مذاہب پر بھی عائد ہو سکیں"۔

اس اقتباس سے صاف ظاہر ہے کہ مرزا صاحب اُمہات المومنین کے متعلق گورنمنٹ کی مدد کی ضرورت سمجھتے ہیں اور ایسی مدد مانگتے ہیں۔ غرض ایسی اندھی ہوتی ہے کہ اب جیسا انجمن حمایت اسلام نے ایک ایسی ہی رعایت کی درخواست کی ہے تو مرزا صاحب پہلو بدل کر لکھتے ہیں کہ کتاب کی اشاعت روک دینے سے "ہماری دینی عزت کو اس سے بھی زیادہ ضرر پہنچتا ہے جو مخالف نے گالیوں سے پہنچانا چاہا ہے"۔

مرزا صاحب کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود اس کتاب کا جواب لکھنے والے ہیں۔ لیکن واضح رہے کہ مباحثی کی کتابیں لکھنے میں وہ خود بھی ایسے شخص نہیں ہیں کہ جن کی تحریرات اندیشے سے محفوظ ہوں۔ پنجاب اپر دور کے بارے میں اتفاق کرتا ہوں کہ سال گزشتہ میں پنجاب میں جو افسوسناک حالت پنڈت لیکھرام کے قتل کئے جانے کے بعد ہندو مسلمانوں کے مابین پیدا ہوئی تھی اس کے دفعہ وار ایک حد تک مرزا صاحب بھی تھے۔ اگر مرزا صاحب نے حصہ سرمہ چشم آریہ نہ لکھا ہوتا تو پنڈت لیکھرام تکذیب براہین احمدیہ میں قابل اعتراض باتیں نہ لکھتا کیونکہ پنڈت اندرمن مراد آبادی کے مباحثے بالکل پرانے اور از بار در فتہ ہو چکے تھے۔ بہرحال کسی مذہب کی کمزوری یا زور آوری اس کے مباحثہ کرنے والے چند لکھاؤں یا واعظوں پر منحصر نہیں ہوتی۔ اور قطع نظر اس کے مباحثہ کی کتابیں کثرت سے پہلے ہی موجود ہیں۔ پھر ایسے جواب کی کچھ ضرورت نہیں۔ اور بالفرض اگر ضرورت سمجھی بھی جاوے تو اس سے لازم نہیں آتا کہ فعلی کتاب تالیف نہ کیجاوے۔ اعتراض اصل کتاب کے مضامین کے متعلق نہیں ہے بلکہ اس کی بدتہذیبی اور درشتی الفاظ کے متعلق ہے۔ میرے خیال میں مرزا صاحب کے میموریل کا منشا سوائے اس کے کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ پنجاب گورنمنٹ سمجھ جاوے کہ تمام تعلیم یافتہ معزز اور مہذب مسلمانوں کے (جیسا کہ اس کا دعوی ہے) معتمد الیہ اور لیڈر مرزا صاحب ہی ہیں اور انجمن حمایت اسلام اُن سے مشورہ کر کے اور اجازت لے کر چلتی ہے۔ اور چونکہ یہ دونوں باتیں درست نہیں ہیں اس لئے صاف ظاہر ہے کہ گورنمنٹ اس غلط بیانی سے دھوکا کھا سکتی ہے اور اسی طرح پبلک کے بعض حصے بھی دھوکے میں آسکتے ہیں۔ اور صرف گورنمنٹ اور پبلک کو اس دھوکے سے محفوظ رکھنے کے لئے یہ چند سطور لکھی گئی ہیں۔ ورنہ مرزا صاحب کے ضدی اشتہار اور میموریل چھپتے رہتے ہیں جو کسی توجہ کے قابل نہیں ہوتے۔

جنگ سپین و امریکہ

اس میں کلام نہیں کہ ہسپانیہ نے غیر ضروری حفاظت فلپائن کی خاطر اپنے بحر الکاہل والے بیڑے کو تباہ کرا دینے میں سخت غلط کاری برتی ہے جس کا خمیازہ عجب نہیں جو اس کے کسی سخت اور مستقل نقصان کی صورت میں بھگتنا پڑے۔ اس کے لئے مناسب یہ تھا کہ جزائر فلپائن کو اُن کی قسمت پر چھوڑ دیتا۔ اور اپنے بیڑے سے غیر محفوظ مقامات امریکہ پر حملہ کرتے اور اس نزاع میں پریشانی اور اضطراب پھیلا دینے کا کام لیتا۔ سامنے کے مقابلہ سے حتی الامکان بچتا مگر امریکن بیڑے کو وہیں مصروف رکھتا اب اس کی ناعاقبت اندیشی سے امریکہ کا بحر الکاہل والا بیڑا آزاد ہو گیا۔ جو اگر اپنے بحر اوقیانوس والے بیڑوں سے جا ملا تو امریکہ کے لئے مزید قوت اور سپین کے لئے ہزیمت کا سبب ہوگا۔ اور اگر جیسا کہ تازہ خبر سے احتمال ہوتا ہے۔ براہ بحر ہند نہر سویز سے ٹل کر بحیرہ روم میں جا پہنچا تو پھر سپین کو سخت دقت اور مصیبت اٹھانی پڑیگی۔ اس نے یہ تو عقلمندی کی ہے کہ اپنے کیڈز والے سکواڈرن کو کیپ بارہ روانہ کر دیا جہاں وہ دوسرے بیڑے سے ملحق ہو کر امریکہ کو جواب دے سکیگا لیکن اب بھی مناسب طرز عمل ہسپانیہ کے لئے یہی ہے کہ وہ امریکن بیڑوں سے دست بدست معرکہ آرا ہونے کے بدلے لڑائی کا وہ طریقہ اختیار کرے جسے ہرگیلا فائٹ کہتے ہیں۔ یعنی جب موقع پائے دشمن کو نقصان پہنچائے اور جم کر مقابلہ کرنے سے بچتا رہے۔ لیکن یہ امید بری ہوتی نظر نہیں آتی۔ کیونکہ سپین والے فوج جوش کے اشتعال و دشمن سے فیصلہ کر لینے کے زیادہ تر خواہشمند ہیں جس میں اگر چہ کامیابی ہوئی تو اعلیٰ درجے کی نتیجہ خیز ہوگی مگر ساتھ ہی نقصان کا اندیشہ لگا ہوا ہے۔

اگر یہ سچ ہے تو افسوس! اور سخت افسوس!!

مجھے یہ اطلاع دی گئی ہے اور اس کی صحت کا بھی کچھ کچھ پتہ دریجے تک یقین دلایا گیا ہے کہ گرد و پیرو و جالندھر کے حکام ضلع نے اپنے علاقوں میں یہ مضمون احکام جاری فرما دئے ہیں کہ وہاں سے آم بالکل باہر نہ لیجایا جائے۔ اگر یہ اطلاع صحیح ہے تو غالباً اس کی وجہ ضرور طاعونی روک تھام کی نہ ہیں پوشیدہ ہوگی۔ لیکن کیا آموں کے باہر جانے کا انسداد کرنے سے طاعون رک جائیگا؟ اگر یہی خیال ہے تو سب سے پہلے ضلع بہاولپور اس اضلاع مذکور سے موقوف کر دینی چاہئے ورنہ جب یہ جاری رکھی گئی تو پھر آم ہی کیوں جانے دینے میں کونسا خاص نقصان متصور ہے۔ آم میں اکثر بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ خاصکر اب کے تو بہت ہی بتایا جاتا ہے۔ اگر یہ وقتی روک دیا گیا تو باغ والوں ٹھیکہ داروں کو سخت نقصان اٹھانا پڑیگا۔ یہ زیادہ سے زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ آن آموں کو نہیں دفن کر دیئے جانے کا حکم نکلا ہے کیا جس میں دفن کئے جائینگے۔ اس میں اپنا فاسد اثر نہ پائینگے۔ سنا جاتا ہے کہ زمینداروں وغیرہ کو اسے دفن کرنے کے لئے بڑی دقتوں کا سامنا ہو رہا ہے۔ ایک تو خاص آدمی اسی دفن کرنے کے کام پر تعینات کئے ہیں۔ واللہ اعلم جبکہ ڈس انفکشن کو بمبئی اور کلکتہ سے آفیسر دہندان ملوفہ" نہیں قرار دے چکے ہیں تو کیوں اضلاع کے باشندوں پر آم باہر نہ لیجانے کی قید عائد کی جاتی ہے؟

نرخ غلہ گراں کیوں ہے؟

واقعی یہ حیرت انگیز بات ہے کہ باوجود فضل عمدہ ہونے کے غلے کا نرخ کہ چاہئے یا جتنی کہ امید تھی ارزاں نہیں ہوا۔ اخبار نے اس کی یہ وجہ بتائی ہے کہ ریلی برادرز لاکھوں من خرید کرنے کے لئے جاتے ہیں۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے کی کوئی خالی نہیں جاتی جس میں ریلی برادرز کی بوریاں نہ ہوں۔ سال اول تو فصل اچھی نہ ہوئی تھی۔ دوسرے سر صرف ہو رہی تھی۔ جہاں غلہ کی ایک مقدار کثیر باہر بھیجی جاتی ہو وہاں نرخ کا گراں ہونا ضرور ہے۔ اب کے نہ تو فصل کی شکایت ہے نہ کوئی جنگ درپیش پھر بھی جو چنے کا بھاؤ ۲۰-۲۲ سیر سے متجاوز نہیں ملکہ اب گھٹتا ہی جاتا ہے۔ اس کا سبب بقول اخبار یہ ہے کہ ریلی برادرز کی خریداری گندم کے باعث لوگ اناجوں پر متوجہ ہوئے اور کثرت استعمال نے ان کو سستا کر دیا۔ افسوس ہے کہ گورنمنٹ ہندوستان سے نہ لیجائے جانے کا کوئی معقول بندوبست نہیں کرتی کہ اسی مقدار میں جائے پائے جو باشندوں کی ضرورت زائد ہے۔ یہ نہیں کہ باہر والوں کی خاطر گھر ہی کو بھوکا مرنا پڑے۔

ناٹو برادرز کی رہائی

علی العموم اعتراض کیا جاتا ہے کہ جس صورت میں مسٹر ہینڈ اور لفٹننٹ آرمسٹرانگ گرفتار ہو کر اپنے کیفر کردار کو پہنچ گیا۔ اور دوران مقدمہ میں کوئی بات ایسی بھی ظاہر نہیں ہوئی جس سے ناٹو برادرز کا قاتل کے ذاتی ضبط یا خصومت سے بڑھ کر کوئی سازش کی صورت اختیار کرنا تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ ناٹو برادرز کو جن کا کوئی قصور بمبئی گورنمنٹ سے ثابت نہیں وزیر ہند تک نے سوائے دو ایک بہت ہی معمولی باتوں کے ظاہر نہیں کیا رہا نہ کر دیا جاوے۔ دیا اگر کوئی اپنی خلاف کیا جا سکتا ہے تو اس کی باضابطہ تحقیقات

ہر زبان کے نواب وقار الامرا کام میں اپنی ہے ہتھیار جو تم نے رکھا
ہر شور پلوٹن کا تھا راضی رکھنا ایک صد شکر انہوں نے اخیر راضی رکھا

اب پلوٹن نے کیا شاہ کو ان سے راضی
دونوں راضی ہوں تو کچھ کر نہیں سکتا قاضی

ہی سے فسٹر کا معرف ہر جا اردو اخبار میں بھی خبر آئی ہے دشا
ہوس نے وزارت کا اڑایا خاکا پمفلٹ چھپا ہے کہ ولک میں اکثر رکھا

لیک ہر بات میں اقبال بہادر نکلا راقم ۱-م
اور محبوب کا اقبال سکندر نکلا

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ - ۲۱ مئی ۱۸۹۸ء

کیا یہ گورنمنٹ کو یا پبلک کو دھوکا دینا منظور ہے؟

گوجرانوالہ کے ایک عیسائی مصنف نے جو ایک تصنیف "امہات المومنین" مسلمانوں کی دل شکنی کرنے اور دکھ پہنچانے کی غرض سے شائع کی ہے۔ اس کا ذکر پیسہ میں ہو چکا ہے۔ اور یہ بھی بیان ہو چکا ہے کہ انجمن حمائت اسلام نے اس مفسدہ انگیز کتاب کے مقتضائے اپنے فرض کے گورنمنٹ پنجاب کی خدمت میں ایک میموریل ارسال کیا ہے۔ کہ یہ کتاب جو سخت دل دکھانے والے الفاظ سے پُر ہے اور اندیشہ ہے کہ اس کے سبب سے نقص امن نہ ہو جاوے۔ اسکی اشاعت روک دی جاوے۔ اس کے بعد انجمن اسلامیہ لاہور نے بھی اپنے ہاں سے ایک ایسا ہی میموریل کتاب "امہات المومنین" کے واپس بھیجنا منظور کیا تھا۔ جو غالباً اب تک بھیجا گیا ہوگا۔ اب ایک دو روز قبل پہنچے ہوئے کاغذ سے معلوم ہوا ہے کہ انجمن حمائت اسلام نے بھی ایک میموریل پنجاب گورنمنٹ کی خدمت میں اسی کتاب کے متعلق ارسال کیا ہے لیکن اس کتاب کی اشاعت فی الحال روک دینے کی تائید نہیں کی بلکہ اس کے خلاف ہے۔ قادیان سے میموریل کا مضمون یہ ہے کہ انجمن حمائت اسلام نے اس کتاب کی اشاعت کے فی الحال روک دینے کی درخواست کے متعلق جو میموریل بھیجا ہے۔ وہ "شتاب کاری" سے بھیجا گیا ہے اور اس میں مرزا صاحب سے مشورہ نہیں کیا گیا اور نہ اجازت لی گئی ہے۔ اور جو بات بالکل غیر ضروری تھا۔ اس کتاب کو گورنمنٹ کی طرف سے ضبط کرنے کی درخواست کی ہے۔ اور اس طرح سے آزادی میں خلل ڈالا ہے۔ اور عوام الناس یہ نتیجہ نکال لیں گے کہ مسلمان اعتراضات کا جواب دینے سے عاجز ہو گئے تھے۔ اس لئے انہوں نے یہ طریقہ اختیار کیا۔ اس واسطے مرزا صاحب کی رائے میں اس کتاب کی اشاعت گورنمنٹ سے حکماً بند کرانے کے بجائے وہ خود اس کے اعتراضات کا جواب لکھ دینگے۔ اور وہی کافی ہوگا۔"

مرزا صاحب اپنے میموریل میں انجمن حمائت اسلام کی کارروائی کے متعلق لکھتے ہیں:-

"مگر میں مع اپنی جماعت کثیر اور مع دیگر معزز مسلمانوں کے اس میموریل کا سخت مخالف ہوں۔ اور ہم سب لوگ اس بات پر افسوس کرتے ہیں کہ کیوں اس انجمن کے ممبروں نے محض شتاب کاری سے یہ کارروائی کی"۔

اور ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں:-

"انجمن حمائت اسلام لاہور نے جو میموریل گورنمنٹ میں اس بارے میں روانہ کیا ہے وہ ہمارے مشورہ اور اجازت سے نہیں لکھا گیا۔ بلکہ چند شتاب کاروں نے جلدی سے یہ جرأت کی ہے جو درحقیقت قابل اعتراض ہے"۔

مندرجہ بالا اقتباسات سے اس بیہودگی اور بدیانتی کا اندازہ لگ سکتا ہے جس سے مرزا صاحب کا میموریل بھرا ہوا ہے۔ گویا کہ آپ گورنمنٹ پنجاب کو بتلانا چاہتے ہیں کہ انجمن حمائت اسلام صرف چند شتاب کاروں کا مجموعہ ہے کہ جنہوں نے جلدی سے گورنمنٹ کی خدمت میں اس کتاب کے خلاف میموریل بھیجدیا ہے۔ اور خود مرزا صاحب مع اپنی جماعت کثیر کے مسلمانوں کے لیڈر ہیں۔ ہر ایک معقول پسند شخص سمجھ سکتا ہے کہ مرزا صاحب کا یہ دعویٰ کیسا جھوٹا اور بے بنیاد ہے۔ مرزا صاحب کو اس سے زیادہ ایک ذرہ حیثیت حاصل نہیں کہ وہ ایک ملّا یا مولوی یا مناظر یا مجادل ہیں۔ انہیں کوئی حق حاصل نہیں ہے کہ اپنے آپ کو تمام مسلمانوں اور خصوصاً اہل الرائے تعلیم یافتہ اور معزز مسلمانوں کا معتمد علیہ قرار دیں۔ جیسا کہ ایک جگہ اس میموریل میں وہ دعویٰ کرتے ہیں۔ مسلمانوں کو بطور ایک جماعت کے انپر کوئی بھی پولیٹیکل یا سوشل اعتبار نہیں ہے اور نہ وہ ان کو کسی نوع کا فرد بھی اعتبار دینا چاہتے ہیں۔ اور نہ کسی اعتبار کے مستحق سمجھتے ہیں۔ اگر چند آدمی مانند آپ کو مرزا صاحب کا معتقد سمجھتے ہیں اور جن کی تعداد وہ خود مارچ ۹۸ء کے میموریل میں باوجود ہر طرح کی کوشش تان کے ۳۱۸ سے زیادہ نہیں بتلا سکتے۔ تو اس سے انہیں کیا حق حاصل ہے کہ انجمن حمائت اسلام کے میموریل کو چند شتاب کار آدمیوں کی بیجا جرأت کا نتیجہ کہیں اور انجمن کی کارروائی کو بیہودہ قرار دیں کہ جس انجمن کے ممبر اور ہمدرد ہزارہا مسلمان ہیں۔ اور جس کی وقت بوقت ذمہ داری مسلمہ ہے۔ پھر صوبہ پنجاب کے مسلمانوں کے پولیٹیکل مہام کا سرانجام کرانا انجمن اسلامیہ لاہور کا کام ہے۔ نہ ایک دور افتادہ ضلع کی ایک قصبہ میں رہنے والے سے۔ کیا مرزا صاحب ہیں کون کہ جن سے مشورہ کرنے اور جن سے اجازت لینے کے سوا انجمن حمائت اسلام کوئی کام نہ کیا کرے؟ اور اس سے پہلے انجمن نے کس کس کام میں ان سے مشورہ کیا ہے؟ جب انجمن نے اس قسم کا کام شروع کیا تھا تو مرزا صاحب کہاں تھے اور انہوں نے اس سے پہلے کیوں کبھی اس کے کام پر اعتراض نہیں کیا۔ ۱۸۹۲ء میں انجمن حمائت اسلام نے پرواڑی کے ایک پادری رحیمن صاحب کی اسی طرح کی کتاب کی اشاعت روکنے کے لئے گورنمنٹ پنجاب کی خدمت میں میموریل بھیجا تھا۔ اور گورنمنٹ نے انجمن کی معروضات کو مناسب سمجھ کر اس کتاب کی اشاعت بند کرا دی تھی اُس وقت مرزا صاحب کہاں تھے؟ اور انہوں نے جب کیوں اعتراض نہ کیا؟ لیکن سچ تو یہ ہے کہ یہ پولیٹیکل امور میں دخل در معقولات دینا اور آئے دن اپنی نمود کے لئے میموریل بھیجنا انہیں اس سے بعد کے زمانے میں سوجھا ہے مگر حقیقت میں یہ کام ان کے بس کا نہیں ہے "کارے کہ نہ کارست زنہار مکن"۔

اس سے پیشتر مرزا صاحب کو ایک شخص نے "دو پیسہ کتب فروش" کا بہت موزوں خطاب دیا تھا۔ اور اب اگر کوئی شخص انہیں "میموریل بھیجنے والا مہدی"۔ اور "اشتہار دینے والا امام" کہدے تو نامناسب نہیں معلوم ہوتا۔ کیونکہ مرزا صاحب نے اشتہار کے معنی ایسے اچھے سمجھے ہیں کہ اچھے سے اچھے مشتہر کرنے والے سوداگر ایسے نہیں سمجھے۔ اور اسی طرح جس قدر میموریل قادیان سے بھیجے جاتے ہیں اتنے عرصے میں امید ہے کہ لاہور سے اس سے آدھے بھی نہ بھیجے گئے ہونگے۔ گویا کہ مرزا صاحب نے بات بات پر میموریل بھیجنے کا ٹھیکہ لے لیا ہے۔ ان میں سے بعض تو اپنے نام سے بھیجتے ہیں اور بعض اپنے مریدوں کے نام سے۔ اگر کسی شخص نے ان کے اشتہارات کا جواب دے دیا تو اس کے خلاف بھی انہوں نے ایک میموریل دھر گھسیٹا۔ کیونکہ آجکل ایک میموریل مینے دیکھا ہے جو لاہور کے ایک شخص کے خلاف قادیان سے بھیجا گیا ہے۔ مرزا صاحب "امہات المومنین" کے خلاف میموریل بھیجنے کو لوگوں کی بے صبری قرار دیتے ہیں اور اس کو ناجائز بتلاتے ہیں۔ حالانکہ لاہور سے جس شخص نے چند مرتبہ ان کی ذات کے متعلق چند ورق شائع کئے ہیں اُس کے خلاف ان کے مرید میموریل بھیجتے ہیں اور سرکار سے اس کی تحریرات کے اسقاط کی التجا کرتے ہیں اس موقع پر وہ بتلائیں کہ صبر کرنے والا اُصول کہاں گیا جس کی اس میموریل میں زور شور سے تاکید کی گئی ہے "آپکے برخودہ پسندی پر حیران ہیں"۔

سچ تو یہ ہے۔ اگر مرزا صاحب کی تحریرات اور خیالات میں تناقض نہ ہوتا تو وہ کچھ بھی نہیں ہیں۔ جس کتاب "امہات المومنین" کی اشاعت روک دینے کی استدعا سے گورنمنٹ کی خدمت میں میموریل بھیجنے کے الزام پر وہ انجمن حمائت اسلام کو شتاب کار اور اس کی کارروائی کو بیہودہ قرار دیتے ہیں اس کتاب کا وہ اس سے پہلے بھی اپنے ایک میموریل میں ذکر کر چکے ہیں۔ وہاں انہوں نے اس کتاب کے چند قابل اعتراض اور شرمناک الفاظ کو نقل کیا ہے کہ جن کو

حفظِ صحت

استفسار

۲۸۔ سینہ پر بلغم۔ میری لڑکی کی عمر اس وقت دس سال کی ہوگی۔ اس کے سینے پر بلغم بہت رہتا ہے اور بعض اوقات کھانسی بھی ہو جاتی ہے اور ناک بہنے لگتی ہے یا کبھی کبھی بلغم آتا ہے۔ دوسرے تیسرے روز عصار پر ذرا خفیف سا بخار کے ساتھ دیا جاتا ہے جس سے دو چار قے بلغم کی آ جاتی ہے اور دو ایک اجابت بھی بلغم کے ہو جاتے ہیں۔ ہر بار اکثر اوقات یہی علاج ہماری ہے۔ مگر بلغم جاتا نہیں بہت پریشان ہوں۔ یہی میرے ایک لڑکی ہے۔ اس کا خیال ہے کہ دودھ بہت تیز ہے۔ لڑکی نازک مزاج بہت ہے۔ جب سے پیدا ہوئی ہے ایک ماہ بعد سے یہ حالت ہے۔ (محمد محسن علی وکیل اورنگ آباد دکن)۔

۲۹۔ کیل۔ میرے منہ پر عرصہ ڈیڑھ سال سے بہت کیل یا پھنسیاں ہیں جس سے چہرہ بدنما معلوم ہوتا ہے کوئی صاحب اس کا مجرب علاج تحریر فرماویں (بشیر الدین سرگانہ)

۳۰۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا۔ میری آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے اور کچھ دیر تک یہ اندھیرا رہتا ہے۔ یہ حالت تین سال سے ہے کوئی صاحب بذریعہ پیسہ اخبار اطلاع دیں۔ عین نوازش ہوگی۔ مگر نسخہ جو کہ ہو سہل الحصول ہو (گمنام)

۳۱۔ بالوں کی کمزوری۔ میرے سر کے بال نہایت کمزور ہو گئے ہیں۔ بالوں میں کنگھا کرنے سے بال گر پڑتے ہیں کوئی صاحب راہ مہربانی مجرب نسخہ سے مطلع فرماویں سنیز مچھ اکثر دی بہت ہو گئی ہے اور روز بروز داغ ہوتا جاتا ہوں (د)۔

علاج

۲۶۔ کثرتِ پیشاب (بجواب استفسار ۴۹ مندرجہ ۳۰ اپریل) سنکونا فبری فیوج ڈرگن سلیسائیٹ سوڈا نائٹریٹ ڈائیوٹ۔ ابونہ۔ ٹنکچر بکوبا سی۔ ۲ ڈرگن۔ سپرٹ ایتھر سائی۔ ابونہ۔ پانی آدھ چھٹانک۔ پہلے کیلسیائی سلفائڈ ایک گولی منہ میں ڈال کر اوپر سے مکسچر مذکورہ بالا آدھ چھٹانک پی لیا کریں۔ ایسی دو خوراکیں صبح و شام استعمال کیا کریں۔ غذا مقوی سبز و ہضم معتدل اور نرم نوش فرمایا کریں۔ قلیل اشیاء مثلی وغیرہ سے احتراز ضروری ہے۔ اگر کسی کو دو صد مرتبہ پیشاب دن میں آتا ہو تو انشاء اللہ آپ کو بھی آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے لکھا (ہضم ہوئے کے بعد دوا کا استعمال فرمایا کریں۔ محمد اسمٰعیل۔ جنڈیالہ)۔

۴۷۔ بشانہ کی خرابی (بجواب استفسار ۴۵ مندرجہ اخبار ۳۰۔ اپریل) ۱۔ آئل آف بالسم کوپیا ۱۵ بوند۔ ٹنکچر بنزین کمپوزٹ ۱۵ بوند۔ سپرٹ ایتھی فائیٹک ایتھرائیڈ ۱ ڈرام۔ لنیمنٹ ٹرن ٹائن ۱ چوتھائی تولہ۔ ایسی دو خوراک صبح و شام لگانا مضم ہونے کے بعد ملا دیا کریں۔ ۲۔ سینہ پر ایک گرم اشیاء کی ٹکور لازمی ہے۔ دن میں دو دفعہ غسل کر کے کپڑا بدن نیا بدلنا چاہیے (محمد اسمٰعیل ایم ڈی۔ جنڈیالہ)۔

گمنام و نشان عنیز

۳۰۔ بیرا کا جس کا حلیہ ذیل میں لکھتا ہوں عرصہ ۲ ماہ سے لاپتہ ہے۔ کسی شخص کو بھیج کر دریافت کرایا گیا کچھ پتہ نہیں ملتا۔ براہ نوازش درج اخبار فرما دیں شاید گھر کہیں سراغ مل جائے۔ ابراہیم ولد فضل قادر پشاوری۔ عمر تقریباً ۲۵ سال گندم رنگ میانہ قد۔ دبلا جسم۔ ایک دانہ گوش راست کے نیچے سر پر لمبی سفید۔ گلے میں علاوہ کرتہ کے ایک واسکٹ گجراتی کپڑے کی برنگ نسواری (فضل قادر پشاوری معرفت محمد امین رنگریز)۔

۳۱۔ بیرا کا نام خواجہ ابراہیم شریف عرضہ بیراں ساکن معسکر بنگلور۔ عمر ۲۳ سال سرخ رنگ۔ کھڑا چہرہ۔ متوسط اٹھی ہوئی ناک۔ بائیں رخسار پر ایک داغ فدرے سیاہی مائل اور پیشانی پر ایک خفیف داغ۔ لباس ایک جبہ سفید اور ایک واسکٹ خاکل کا ایک صدریہ اودی مخمل کا۔ اور پاجامہ ریشمی الاچہ زرد یا سفید جس میں اودی سلائی ہے اور ٹوپی پشاوری جنی دار یا اودی مخملی مدرسہ نہ جانے پر مار کے خوف سے ۲۵ مارچ کو کہیں نکل گیا ہے کوئی صاحب براہ مہربانی اس سے اطلاع بخشیں (سود اگر خواجہ عبدالقدوس۔ معسکر بنگلور)۔

عام

سوال

۴۷۔ خضاب کا تیل (ایک نسخہ خضاب کے تیل کا درکار ہے۔ جو کہ نہایت عمدہ ہو۔ آپ کے اخبار میں ہزاروں نسخے لکھے مگر تیل کا کوئی نہیں ہے (عبدالرحمن۔ کلکتہ)۔

۴۸۔ سیدہ پسینے کی نشین کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کس قیمت پر کس جگہ سے مل سکتی ہے۔ اور مشین تیل سرشف کی قیمت کا حال مفصل درکار ہے؟ (دلگیر پرشاد۔ مقام بٹالہ ۱۷۵۹۲)۔

۴۹۔ علامہ ابن جبیر۔ اگر کوئی صاحب یہ جانتے ہوں کہ سفرنامہ علامہ ابن جبیر اندلسی کا اردو ترجمہ ہوا ہے یا نہیں۔ اور اگر ہوا ہے تو کہاں سے دستیاب ہوتا ہے براہ نوازش بذریعہ پیسہ اخبار کے مشکور فرماویں (خادم قاضی عطا حسین ۱۷۶۱۲)۔

جواب

۳۸۔ بالوں کا تیل (بجواب سوال ۲۴ مندرجہ پیسہ اخبار مورخہ ۲۔ اپریل ۱۸۹۸ء)۔ ۱۔ ایس۔ ایم۔ ایچ نے لکھا ہے کہ بالوں کے واسطے کونسا تیل مفید ہے۔ میری رائے میں سرسوں کا تیل مفید ہے۔ ۲۔ سرسوں کا تیل تلوں کے تیل سے زیادہ مفید ہے (سید محمد زبیر)۔

۳۹۔ یتیمہ یہ ہے (بجواب سوال ۳۱ مندرجہ پیسہ اخبار ۱۹ مارچ صفحہ ۴ کالم ۴)۔ شیخ محمد صاحب فرزند شیخ مرحوم شیخ اکبال ایک عرصہ سے حیدرآباد دکن میں نواب محبوب یار جنگ بہادر کے مکان پر مقیم ہیں اور اعلیٰ حضرت نے ان کو بھیجا ہے (زمادر جیبو دعلی)۔

شعر و سخن

حیدرآباد کا واسوخت

[از راہ عنایت پیسہ اخبار]

حیدرآباد سے پارب کوئی آگاہ نہ ہو
اسکے یوسف کی کوئی قدر خریدار نہیں
میرا محبوب نہیں کوئی جو یوں شاد نہ ہو
اس حکومت کا زمانہ میں وزارت کا نہیں
اک جہاں جس کا ہے طالب یہ وہ بازار نہیں
جسپہ معشوق بھی عاشق ہوں وہ کوچے ہے یہ
یاں کے معشوق کو پروا نہیں چاہت کسی کی
کینیٹ ہوتی ہو کیا اور وزارت کیسی
سب بھرے بیٹھے ہیں یاں حامد و مدحت کیسی
اپنے مطلب کے ہیں سب عہدہ و منصب والے
کلرکر سکرسی نوکر کو سروکار نہیں
جان نثاروں کا یہاں کوئی خریدار نہیں
سازشوں کے لئے ہر ایک تیار ہے
جس کو دیکھو وہی غماز بنا پھرتا ہے
سو ہزاری ہیں مگر خیر سو کچھ کام نہیں
عہدہ داروں کو ملازمت و آرام نہیں
جتنے عہدے ہیں لیاقت کا نہیں کام انہیں
جاہے کام کو انگریزی کا ادھام آن میں
کام کو لوگ جو دو چار تھے وہ بھی نہ رہے
کام کرنے پہ جو تیار تھے وہ بھی نہ رہے
بعض عشاق کو انداز ادا نے مارا
بعض کو شیر کے ہاتھوں سے جانے نہ دیا
حیدرآباد کی سنتے ہیں یہ حالت کیسی
ناخوشی کرتے ہیں اظہار یہ حضرت کیسی
حیدرآباد ہے کچھ اور ہی کھونے والا
انقلاب اور نیا سنتے ہیں ہونے والا
کام کو پوچھو تو ہر ایک کا حیلہ ہے نیا
کوئی کہتا ہے کہ حضرت کا
کوئی کہتا ہے وزارت ہے کسے دی جائے
ہر مذہب بھی حیراں کہ یہ ہوتا کیا ہے
کوئی کل سیدھی نہیں ہوتی ہر ایک جا ہے
اک طرف غیر سے تخفیف کی ہوتی تدبیر
ہیکو کس کم ہو کوئی اسکی جگہ پر
معتمد آپ کو حیراں کہ یہ کیا ہوتا ہے
ایک کہتے ہیں جس کا دبدبہ دس کھوتا ہے
فوج کو دیکھو تو اسکی ہے عجب حالت ابتر
حل میں کہ فرنیا قرضہ بڑھا ہی پر
حیدرآباد میں چیچ پڑے ہیں
ایسے دیکھو نہ کسے ایک جگہ
خوش ہیں اس اقتصامی ملک حضرت کیسے
کام جب تک چلے نوکر رعیت کیسے
جس زمانے میں ترقی چاہیے
وہ صفتیں ہیں

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۲۰ | یوم شنبہ ۲۱ مئی سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۲۹ ذی الحجہ سنہ ۱۳۰۷ ہجری - موافق ۳ جیٹھ سمت ۱۹۴۷ بکرمی | جلد ۱۲

نعمت نامہ کھلے شکار اور اعداد

برن کلاں میں بال ہونڈے چھاپن کا نیچ۔
ہر روز قریباً ۳۰ چھاپن بال ہونڈے پر ہیں
بشن جزائر کی نوبت آتی ہے۔
اسے زیادہ ۲۰ سال کی عمر سے ہیں۔
بال ہونڈتے ہیں۔ اس حساب
خرچ کی کس سال خرچ ہوتا ہے
جس کی نوبت ۱۵ پونڈ تک پہنچتی ہے۔ علاوہ
اس عرصہ میں ہر ایک شخص کو ۶ دفعہ مجام کی خدمت
اور ہر دفعہ ۳ شلنگ دینے پڑتے ہیں۔ جن کی کل
۳ پونڈ سالانہ ہوتی ہے۔ پھر ہر شخص کو حجامت
اس کو حساب ۱ دفعہ ماہوار ایسا کرنا پڑتا ہے۔ اور ہر
مرتبہ خرچ کرنے سے اس کو ۱۲ گھنٹے سالانہ کام کرنا پڑتا
اس حساب سے ہر ۴۰ آدمی خود ہونڈتے ہیں
۴۸۰۰ دن ہونڈتے ہیں۔ اس طرح اگر
ان کی اوسط ۴ شلنگ یومیہ لیا جائے تو سال میں
پونڈ کا نقصان ہوتا ہے۔ اس طرح جو لوگ ہونڈتے
ہیں ان کا سالانہ نقصان ۲۷۶۰۰ پونڈ ہوتا
جو شخص خود نہیں ہونڈتا۔ اس کو حجامت کرانے پر
سالانہ خرچ کرنے پڑتے ہیں۔ جو ۱ گھنٹے کو
کے حساب کی ہیں۔ جن کی بابت ۷ پونڈ نقصان
ہے۔

کشید شراب کے خانے

۱۰۰۰ دنیا کی
ہیں سے ۷۶۰۰ ہر بنی ہیں۔

تنخواہ

لنڈن اور نارتھ ویسٹرن ریلوے کمپنی ۸
ہزار پونڈ یومیہ تنخواہ دیتی ہے۔

گھڑیوں کے پیچکش

گھڑیوں میں بعض پیچکش
چھوٹے ہوتے ہیں کہ ۳۸۰۰۰ پیچ کشوں کا دن درست
پیمائش ہوتا ہے۔

بائسکل

۱۵ سال گزرے ہیں کہ انگلستان میں
۳۰ بائسکل سالانہ تیار ہوتے تھے۔ پچھلے سال ۷ لاکھ
سے زیادہ تیار ہوئے۔

ہاتھی دانت کے لئے ہاتھیوں کا شکار

افریقہ میں ہر سال کم سے کم ۶۵ ہزار ۱۹۰ ہاتھی آن کے
دانت حاصل کرنے کے واسطے ہلاک کئے جاتے ہیں۔
انگلستان آٹھ لاکھ سیجاس ہزار ۸۵۰۰۰ شکاریوں
اسلحہ رکھتا ہے۔

مذاق

ایک یورپین افسر نے اپنی خادمہ کو ملازمت چھوڑنے پر
حسب ذیل سند لکھ دی۔ "خادمہ گیارہ ماہ کم ایک سال میرے
گھر میں رہی ہے۔ اس اثنا میں وہ مکان کے دروازے پر
مستعد رہی۔ کھانے میں کفایت شعار۔ باورچی خانہ میں چست
بچوں میں طرار۔ سردی سے مانوس۔ اپنے چاہنے والوں
سے ایثار۔ اور جب سب کچھ ہو چکا ہو تو دیانت دار
ثابت ہوئی ہے۔"

مریض:- "ڈاکٹر تم میرے کس مرض کا علاج کرتے ہو؟"
ڈاکٹر:- "نسیان کا۔"
مریض:- "کیوں؟"
ڈاکٹر:- "اس لئے کہ تم نے ۲ سال سے میرا دس پونڈ کا بل
ادا کرنا ہے۔"

پہلا شخص:- "تم کس طرح ان شخصوں کو پائے مدت
دگرے دست بدست دگرے کہتا تھا تو کیا یہ چل نہیں سکتے؟"
دوسرا شخص:- "صرف یہی ایک ڈھنگ آن کے
نکالنے کا ہے کیونکہ یہ صرف بیچنے کے عادی ہیں۔"

معالج:- "اچھا میں تمہیں مبارک باد دیتا ہوں۔"
مریض:- "خوش ہو کر" "سب تمہاری دوست میں
میں صحت یاب ہو گیا۔"
معالج:- "یہ تو صحیح نہیں لیکن مشورے سے یہ ٹھہری
ہے کہ تمہارا مرض بالکل نئی قسم کا ہے۔ اور اگر تجربہ سے کیا ہی
انجام پائے تو یہ تمہارے نام سے منسوب کیا جائے۔"

مسٹر ہگن:- "ڈاکٹروں نے بوسہ لینے کو جو مضر صحت بتایا
ہے اس کی نسبت تمہارا کیا خیال ہے؟"
مسٹر ہنری:- "بالکل صحیح ہے۔ ایک دفعہ مسز ہگن نے
مجھے اس کی مجھی لا بوسہ لیتے ہوئے دیکھ لیا تھا تو میں
ہفتہ بھر بستر پر سے نہیں اٹھ سکا تھا۔"

دوست:- "اب تم گزارے کے واسطے کیا کرتے ہو؟"
مزاح:- "میں اخبارات میں لکھتا ہوں۔"
دوست:- "یہ کیونکر طرح۔ تم تو اخبار بھی نہیں بیچ سکتے۔"
مزاح:- "پھر اس صورت کے واسطے تجھ سے کیا ہو گا؟"

عجیب عجیب باتیں

ایک غبارہ میں سب سے لمبا سفر ۲۰ گھنٹے
کوپیرس کے غبارہ باز ایم سودن نام نے دار الخلافہ نارویے
کے قریب ۱۵ گھنٹے سے کم عرصے میں ۲۲۵ میل سفر کیا تھا
غبارے کی رفتار کی اوسط بلندی ۲۵۰۰ گز تھی۔ ۲۳ جون
۱۸۵۹ء کو مسٹر ڈائر۔ مسٹر لا مونٹن اور دیگر دو اشخاص نے
سنٹ لوئس سے پرواز کی تھی۔ ۱۸ گھنٹے سے کم عرصے میں
۱۱۵۰ میل طے کئے تھے۔ اور آخر باد مخالف کی لہروں میں
پھنسنے سے صوبہ نیو یارک میں اترنے کو مجبور ہوئے تھے
جہاں پہنچنے کا ارادہ ترک کر دیا تھا۔

جاپان میں رسم ملاقات

جاپان کی کوچوں میں
دوستوں کی ملاقات کا نظارہ بہت ہی دلچسپ ہوتا ہے
جب یہ ایک دوسرے کو دیکھ لیتے ہیں آہستہ رفتہ کم کر دیتے ہیں
اور اس طرح ایک دوسرے کی طرف سرجھکاتے ہوئے بڑھتے
ہیں کہ گویا دو چور ہونے سے سخت نادم ہیں۔ اور قریب پہنچ
کر گھٹنوں پر ہاتھ ٹیک کر ان کی سطح تک جھک جاتے ہیں۔
اور دانت بند کر کے فی زبانوں سے سلام کے جملوں کا سلسلہ
شروع کرتے ہیں۔ جس میں ایک دوسرے کو سبقت دینے
کی کوشش کرتے ہیں۔ اور بیحد جلد سانس لینے کے سوا کچھ
میں نہیں آتا۔ اور ساتھ ساتھ ہتھیلیاں زور سے پیٹتے جاتے
ہیں۔ آخر انتہا کی نوبت پہنچتی ہے اور ایک دوسرے کو فوقیت
دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کے بعد ایک منٹ شرافت
بحث رہتی ہے۔ اور یہ رسم دفعتاً بند کی جاتی ہے۔ اور دونوں
اطمینان خاطر کے ساتھ ایک دوسرے کو فوقیت ہوئے پاس
سے گزر جاتے ہیں۔

تیس ہزار پونڈ کی ایک پوشاک

شنگا گو کی ایک
بڑھیا پچھلے دنوں ۳۰ ہزار پونڈ کی پوشاک پہن کر گھر سے
نکلی تھی۔ اس کا نام مسز سیلا واس ہے۔ اس کا شوہر لاکھی کا
بیوپار کرتا تھا اور ایک ملین ڈالر کی جائداد اس کے واسطے
چھوڑ گیا ہے۔
اس موقعہ پر اس کی گون کی قیمت ۳ ہزار پونڈ تھی اور
۲۷ ہزار روپے کے جواہرات مرصع تھے۔ کسی عورت نے
ایک دفعہ میں ایسا قیمتی لباس نہیں پہنا۔ اور یہ بلا مبالغہ
سر سے لے کر پیر تک زر جواہرات سے لدی ہوئی تھی اور اس کے
پاؤں پر ۲ ہزار پونڈ کا گوٹہ ٹکا ہوا تھا۔ یہ عورت گو شہ تنہائی میں رہتی
ہے۔ اور کسی مجلس یا سوسائٹی میں نہیں جاتی۔ اور صرف
ایک دفعہ اوپیرا کے ایام میں نکلتی ہے۔



تعریف آئی ڈاکٹر پریمیئر شفاخانہ عام لاہور

غلام نبی

اشتہاری طبیب

ہادی اسلام کے نام پر جان و مال فدا کرنے والے اسلامی بھائیو! ادھر آؤ میں تم کو ایک ایسی خوشخبری سناؤنگا کہ تمہاری روح تازہ ہو جائیگی۔ کیا تم کو کسی ایسے نایاب تحفہ کی ضرورت ہے جو آپ کے جان و مال کا محافظ اور آپ کے دین و ایمان کا نگہبان ہو جسے آپ کے لئے صرف زر کثیر اور نہایت ہی عرق ریزی اور جانفشانی سے خدا کے کلام کو ایک نئی طرز سے اپنے یہاں چھپوایا ہے۔ آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ قرآن پاک کے پوری بیس پارے صرف دو ورق میں مکمل کئے ہیں۔ اور ہر ورق کا طول ۱۲- انچ ہے اور عرض ۱۰- انچ ہے۔ میرے خیال میں کبھی آپ نے ایسی نعمت بے بہا کو دیکھا کیا سنا بھی نہ ہوگا۔ اس کلام الٰہی کا خوبی خط باوجود اس قدر باریک ہونے کے مثل موتی کے نظر آتا ہے۔ بزرگو ایسی نعمت غیر مترقبہ پھر میسر نہ آئیگی۔ منگا کر اپنے گھر میں رکھو برکت ہوگی۔ تعویذ بنا کر بچوں کے گلے میں پہناؤ۔ بیمارے بچے جملہ آفات ارضی اور سماوی سے محفوظ رہینگے۔ اپنی مستورات کے زیور میں رکھو اس کی برکت سے کبھی کوئی نقصان نہ پہنچیگا۔ اپنے گھروں میں رکھو مالا مال ہو جاؤ گے۔ مثل تعویذ کے اپنے بازو پر باندھو مدعا کو ہر طرح کی تقویت حاصل ہوگی۔ مسلمانو اس موقع کو ہاتھ سے ضائع نہ کرو۔ ورنہ یاد رہے کف افسوس ملنا پڑیگا دنیا اس کلام ایزدی کو دیکھو تو لوح محفوظ کا نقشہ پیش نظر ہو جائیگا حافظ قرآن بہت آسانی کے ساتھ اس میں تلاوت کرسکتا ہے اور کون اہل اسلام جو اس میری اطلاع کو دیکھ کر اس بے بہا قرآن مجید کے لینے کا شائق نہ ہوگیا ہوگا۔ ہاں ۵ طالبو دوڑو خرید و جلد لو دولت ہر دو جہاں حاصل کرو۔ قیمت اس نعمت بے بہا کی کوئی کیا دے سکتا ہے۔ اور سچ ہے۔ اس کی بزرگی کے مقابلے میں ہفت اقلیم کا مول بھی کم ہے۔ مگر اس کا ہدیہ اس لئے کم مقرر کیا گیا ہے کہ ہر کس و ناکس اس سے فیضیاب ہوں۔ سن لیجئے۔ دو قرآن شریف کا ہدیہ مع محصول وغیرہ ۱۴ مقرر ہے اگر ضرورت سمجھو تو فوراً ہی منگائے۔ ایسا نہ ہو پھر ہم کو کرایہ ڈاک واپس کرنا پڑے۔ اس پتہ سے منگائیے:-

ایس ساے بخش اینڈ کو ۱۲۵ محلہ گینڈ آتالاب انکی نئی بڑا بازار کلکتہ

رسالہ علم غیب

جو شخص ایک دھلا اس کا مطالعہ کریگا وہ اور دوسرے مسئلوں کی بات بتا دیگا۔ نیز اس میں چند عمدہ عملیات ہیں دھوکہ جوتشیوں اور پنڈتوں کے درج ہیں صرف ۱۰ر کا ٹکٹ بھیجکر منگوالیں۔ رسالہ سحر زم ۱۰ قیمت صرف ۱۰ر ہر دو رسالہ ۵ کے ٹکٹ آنے پر روانہ ہو سکتے ہیں۔ جو یوں مشاک زیادہ تعریف فضول ہے اس قدر کہنا کافی ہے کہ جب تک گولی مفت میں نہ ملے کوئی خواہش نہیں۔ قیمت فی گولی ۱۰ر ۳۲ گولی عمدہ روغن سستی کمزوری سستی ہو جانیکی دور ہوتا ہے۔ تازہ خشک سوزاک۔ غلط کاری سے حریان ہونا۔ اجریان سوچ چار نقص پیدا ہو جاتے ہیں۔ آنکھوں کی بینائی کمزور ہو جاتی ہے۔ کمر میں درد جسم کا لاغر ہونا۔ قوت باہ میں فرق پڑجانا ہے۔ یا لبد فراغت سے انزال ہو جانا کیا موتہ بھی سستی ہو جاتی ہے۔ ان سب نقصوں کا علاج ہمارے پاس موجود ہے۔ روغن کی مالش سے کسی طرح کی تکلیف نہ ہوگی۔ قیمت فی شیشی ۱۴ر سرمہ صیقل کو ہری۔ سرمہ قرآن لوگو کو

لاہور میں قوانین طاعون کے متعلق جلسہ

گزشتہ جمعہ کے پرچے میں اس جلسہ کی روئیداد کا خلاصہ چھاپا جا چکا ہے جو ہفتہ کی شام کو منشی محرم علی صاحب چشتی کے مکان پر منعقد ہوا تھا۔ جلسہ بہت بارونق تھا۔ حتیٰ کہ اندر کا مکان اور صحن اور ڈیوڑھی بھی بھر گئے۔ اور بہت سے اشخاص کے ہجوم کو سڑک پر کھڑے ہو کر جلسے کی کارروائی دیکھنے کے لئے مجبور ہونا پڑا۔ ایک خاص بات اس جلسے میں یہ تھی کہ ہر فرقہ اور طبقہ اور ہر ایک معزز پیشہ کے نائب شریک جلسہ تھے۔ اور زیادہ تر ایسے اشخاص تھے جن کو عوام الناس باشندگان شہر کا لیڈر اصلی معنوں میں کہنا چاہیے۔ دوسری خصوصیت یہ تھی کہ ہندو اور مسلمان معززین انتہا درجے کے جوش محبت کے ساتھ یکساں انٹرسٹ سے شریک جلسہ ہوئے۔ تیسری خصوصیت یہ تھی کہ یہ جلسہ پہلے جلسوں میں عام باشندگان لاہور کی رائے کا آئینہ تھا۔ اور عوام الناس کے خیالات کو حقیقی طور پر ظاہر کرتا تھا۔ چوتھی خصوصیت یہ تھی کہ تواعد طاعون پر نکتہ چینی کرنے کا ڈھنگ گورنمنٹ کی نسبت نہایت موقرانہ تھا۔ اور کمال درجے کی معتدل تقریریں اس جلسے میں ہوئیں۔ جن کا نتیجہ یہ ہوا کہ خوف و ہراس اور اضطراب اور دہشت کے خیالات عام باشندوں میں پھیلے گئے تھے ان کو مصلحت وقت کے مطابق بڑی خوبی سے دور کرنے کی کوشش کی گئی۔ اور اس لحاظ سے یہ جلسہ نہایت شکریہ کے قابل ہے جس نے گورنمنٹ کی نیک منشا کو ملحوظ رکھنے کے علاوہ رعایا کے خیالات کی دلداری سے بھی خوبی کی۔ افسوس ہے باوجود ایسے مخلصانہ جذبات کے شہر میں نہایت ہی بری قسم کی افواہوں کے اڑنے سے ایک بے تابی پھیلا دی تھی کہ لوگ بہت اضطراب کی حالت میں مبتلا ہو گئے تھے۔ اور اکثر محلوں میں مستورات نے خوف و ہراس سے کئی کئی وقت کا کھانا نہ کھایا تھا۔ مگر بارہا کہہ چکا ہوں کہ اتنے بڑے شہر میں رعایا کے خیالات کی ہدایت اور لوگوں کے نفع نقصان اور نرخ و قیمت کے لئے کوئی چندہ خدا سیدان میں نہ رہا بلکہ بعض موقعوں پر ست چن کی پالیسی پر عمل کر کے رعایا کے جذبات کو حکام سے مخفی رکھنے کی کوشش کی گئی۔ اور جب کبھی ایسے جذبات کا اراده کیا گیا تو بڑے دلائل اور ڈپلومیٹک خیالات سے اس کے روکنے کی کوشش کی گئی۔ ایسی حالت میں ریٹ پیئر ز ایسوسی ایشن لاہور کا یہ کارنامہ واقعی قابل تحسین ہے۔ اور دراصل رعایا کی طرف سے گورنمنٹ کی طرف سے بھی شکریہ کے قابل ہے کیونکہ یہی ایسوسی ایشن ہے جس سے اس بارے میں تمام تجاویز صادر ہوئی۔

ہمیں امید ہے کہ ایسوسی ایشن کے ذمہ دار ممبر ریزولیوشنوں پر گورنمنٹ کی طرف سے کال ہو گی۔ خصوصاً جس ریزولیوشن میں مکانہ مقامی کو عام رعایا کے اضطراب دور کرنے کے لئے صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر دہلی کی طرح اعلان جاری کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے وہ بہت ہی جلد منظوری کے قابل ہے۔ یورپین حکیموں اور طبیبوں کا بھی مشورہ حاصل کرنے کا خیال نہایت ہی قابل قدر ہے۔ اور اس اہم کام میں طبیبوں کی شمولیت عوام الناس کی خلط طبیبوں کے دور کرنے میں بہت کچھ امداد کرے گی۔

ایسٹ انڈین ریلوے کے دیسی اور یورپین ملازم

سپریم لیجسلیٹو کونسل کے پچھلے جلسے میں آنریبل مسٹر جسٹس شاہ سیانی نے چند نہایت اہم سوالات دریافت کئے تھے ان میں سے ایک ایسٹ انڈین ریلوے کے دیسی اور یورپین ملازموں کے متعلق تھا۔ مسٹر سیانی نے دریافت کیا کہ کیا گورنمنٹ مہربانی کر کے ایک نقشہ پیش کرے گی۔ جس سے معلوم ہو کہ ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی کی ملازمت میں کس کس قوم کے کتنے آدمی ملازم ہیں۔ بحیثیت سٹیشن ماسٹر سسٹنٹ سٹیشن ماسٹر اور کلرکوں کے کام کرتے ہیں اور نیز یہ دکھلائیگی کہ مختلف مدارج ملازمت کے لئے کون تعلیمی شرائط کی ضرورت ہے۔ آنریبل مسٹر ٹروہ نے جواب دیا کہ ایسٹ انڈین ریلوے کا کام سرکار کی جانب سے ایک کمیٹی کرتی ہے جو اپنے ملازم خود ہی مقرر کر سکتی ہے۔ یورپین ایسٹ انڈین اور ہندوستانی ملازمین جو مختلف صیغوں میں نوکر ہیں۔ ان کی تعداد صیغہ ۹۶-۱۸۹۵ء میں تعداد ذیل تھی۔

[عام انتظام]

یورپین	ایسٹ انڈین	ہندوستانی	میزان
۶۰	۳۸	۲۷۶۹۹	۲۷۸۰۵

[صیغہ ٹریفک]

۹۴۰	۲۸۵	۱۲۲۶۴	۱۲۹۵۸

[صیغہ اکنیری]

۵۳	۵۱	۱۹۶۰۵	۱۹۷۳۹

[صیغہ لوکو]

۳۳۵	۲۸۵	۱۳۸۶۲	۱۴۹۰۲

[میزان]

۹۹۵	۶۵۹	۴۶۱۹۰	۴۷۷۵۴

اس کے علاوہ سرکار کو معلوم نہیں کہ ہر ایک صیغہ کی ملازمت کے لئے کیا کیا تعلیمی اوصاف ضروری سمجھے گئے ہیں۔ ہر چند کہ ہندوستانی بمقابلہ یورپین لوگوں کے بہت زیادہ ملازم بتلائے گئے ہیں۔ تاہم یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ یہ ایسٹ انڈین ریلوے کی ملازمت کے روپیہ بھی بہت سا کماتے ہیں۔ ہندوستانی بہت ادنیٰ کاموں پر ملازم ہیں۔ بجالیکہ تمام اعلیٰ عہدے یورپین اور یورپشین لوگوں کو ملتے ہیں۔ ہندوؤں کی تعداد ۴۶ ہزار بتلائی گئی ہے۔ اگر ان میں سے بھی ہندو مسلمانوں کی تفریق کر دی جاتی تو اور بھی حیرت انگیز انکشاف ہوتا۔

درمیانی درجے کے مسافر

ہر چند کہ تیسرے درجے کے ریلوے مسافروں کی سب سے زیادہ شکایت کی وجوہات ہیں۔ تاہم انٹرمیڈیٹ یعنی درمیانی یا ڈیوڑھے درجے کے مسافروں کی شکایتیں بھی کچھ سے کچھ کم نہیں۔ اور جو آسائش ڈیوڑھے درجے کے مسافروں کیلئے ہم پہنچانا چاہتے ہیں وہ درمیانی درجے کے مسافروں کیلئے بھی ہم پہنچانا چاہتے ہیں۔ تمام ٹرینوں میں صرف ایک ڈیوڑھے درجے کی گاڑی ہوتی ہے جو عموماً تین حصوں میں تقسیم ہوتی ہے۔ ایک کمرہ ہندو عورتوں کے لئے اور ایک کمرہ یورپین مسافروں کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔ باقی درمیانی کمرے میں سب ہندوستانی سفید پوشوں اور شریفوں کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔ جو دوسرے یا پہلے درجے میں سفر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور نہ تیسرے درجے میں سفر کرنے کی جرأت رکھتے ہیں۔ کیونکہ یا تو وہ عوام الناس سے کچھ ممتاز رہنا چاہتے ہیں اور یا کسی قدر تیسرے درجے سے زیادہ آرام رسانی کے سفر میں طلب کرتے ہیں۔ لیکن ان لوگوں کے بارہا تیسرے درجے کے مسافروں سے زیادہ بری گت ہوتی ہے جبکہ تیسرے درجے میں تو ہر کمرہ میں دو دو چار چار مسافر ہی ہوتے ہیں۔ لیکن درمیانی درجے میں ایک ایک کمرہ میں دس دس پندرہ پندرہ مسافر سفر کرتے ہوتے ہیں۔ اس پر بعض کمروں میں پاخانہ نہیں ہوتا اور تیسرے درجے اور درمیانی میں صرف پاخانہ ہی کا فرق ہوتا ہے پھر نارتھ ویسٹرن ریلوے کی انٹرمیڈیٹ کلاس میں تو پاخانے اکثر ہوتے ہیں لیکن ایسٹ انڈیا ریلوے میں یہ بھی رعایت نہیں۔ دوسری طرف ویسے ہی نارتھ ویسٹرن ریلوے میں بچوں میں درمیانی درجہ میں گنے جاتے ہیں۔ ان سب باتوں پر غور کر کے سب لوگ انصاف کرینگے کہ درمیانی درجے کے مسافروں کی حالت بھی عموماً بڑی گت ہوتی ہے۔

ایک صاحب رجسٹرار بنائے گئے

سید محمد صاحب مرحوم کے انتقال کے بعد کالج کے سکرٹری قرار پائے تو انہوں نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ ینگ مینز کمپنی کا ایک جلسہ منعقد کیا۔ اور اس میں مسٹر بک پرنسپل اورینٹل کالج اور ٹیل صاحب ایجوکیشنل کمشنر کو ان اختیارات کے روسے جو بذریعہ قانون برٹسٹان کے انہیں حاصل تھے۔ رجسٹرار کالج کا مقرر کر دیا۔ رجسٹرار دراصل ایک ذمہ دار سکرٹری کا مترادف ہے۔ اور اگر رجسٹرار چاہے تو وہ سکرٹری کے اختیارات استعمال کر سکتا ہے اور بشرطیکہ سکرٹری اپنے اختیارات استعمال کرنے کی اجازت دے۔ بہرحال قانون برٹسٹان کی رو سے حسب دلیل ہے کہ جس میں رجسٹرار کے فرائض اور اختیارات درج ہیں۔

"آنریری سکرٹری بجائے کرنے کے کمیٹیوں سے ایک آنریری جائنٹ سکرٹری کی درخواست [illegible] مدہ (۴۰) کے کر سکتی ہے۔ ایسی صورت کے لئے جو وہ مناسب سمجھے کسی شخص کو بلا تنخواہ کالج کا رجسٹرار مقرر کر سکتے ہے۔ کالج کا رجسٹرار سکرٹری کے ماتحت ہوگا اور سکرٹری بذریعہ تحریر کے اس کو ہدایت کریگا کہ وہ سکرٹری کے کسی کاموں کو خواہ بالعموم یا کسی خاص معاملے کی نسبت اور اس مدت کے واسطے انجام دے جو سکے نزدیک مناسب معلوم ہو بشرطیکہ وہ کام ایسے ہوں جو سکرٹری کے اختیارات کے اندر ہوں۔"

ایک یورپین کے ہاتھوں میں ایک طرح سے سکرٹری کے اختیارات منتقل ہو جانے سے ایک نہایت خطرناک نتیجہ پیدا ہو جانیکی بڑی معلوم نہیں کالج کے ٹرسٹی اس کی نسبت کیا رائے رکھتے ہیں۔

کی ذاتِ اس سے الٹے اُن کے خیالات فاسد کی مطلق خبر نہیں ہوتی ۔

محمڈن اینگلو اورینٹل یونیورسٹی اور سید احمد میموریل | مرحوم سرسید نے علیگڈھ میں مدرسۃ العلوم مسلمانان قائم کیا تھا تو اس کا مقصد بھی کسی روز یہ مدرسہ ترقی کرکے آکسفورڈ کی طرح یونیورسٹی بن جاوے۔ مگر اُن کی زندگی میں یہ آرزو پوری نہیں ہوئی۔ اب معلوم ہوتا ہے کہ بزرگان علیگڈھ نے سمجھا ہے کہ اُن کی یادگار اس سے بہتر قائم نہیں کی جا سکتی کہ علیگڈھ کالج کو یونیورسٹی بنا دیا جاوے۔ اور یہ سچ ہے اس سے بہتر موقع ہی نہیں پیدا ہوگا جبکہ لوگوں کی توجہ زیادہ توجہ ہوگی چنانچہ علیگڈھ میں سرسید کے محبوں کی یونیورسٹی فنڈ کے متعلق ایک علیحدہ کمیٹی قائم ہوئی ہے۔ اس کے پریسیڈنٹ جناب نواب محسن الملک کے متعلق مشہور ہے کہ قول تا بر فعل میخکنند ہیں:۔

سرسید احمد میموریل کا ایک جلسہ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علیگڈھ میں محمڈن یونیورسٹی فنڈ کے متعلق منعقد ہوا تھا۔ اس کے فراہم کرنے کا عزم کیا گیا ہے۔ اس تجویز کی ہندوستان کے تمام حصوں میں کمیٹیاں قائم کرکے تجویز کیا گیا تھا۔ علاوہ اس کے تجویز کیا گیا تھا کہ خان بہادر گلزار حسین اور مسٹر شاہ دین سے درخواست کیجاوے کہ لاہور کی کمیٹی کے پریسیڈنٹ اور سکرٹری کا کام کریں۔ اور نواب عماد الملک مرحوم سید حسین بلگرامی سے درخواست کیجاوے کہ وہ حیدرآباد کی کمیٹی کا کام کریں جن لوگوں کو ایسی تحریک سے دلچسپی ہو اُن سے درخواست ہے کہ وہ فرما نواب محسن الملک کمیٹی کے سیکرٹری سے خط و کتابت کریں ۔

فرخ فنڈ | ہز ایکسیلنسی حضور وائسرائے نے جبکہ وہ فرخ فنڈ کی سنٹرل کمیٹی کے سالانہ جلسے میں صدر نشین تھے اپنے بھائی کی نسبت ظاہر کیا کہ یہ میری رائے میں وائسرائے کے عہدے میں تبدیلی آئندہ سیشن کے آغاز میں ہونی چاہئے جس میں اس وقت جبکہ اس کا آئندہ اجلاس کلکتہ میں ہوتا ہے والا ہے۔ اور مجھے انتظام کے آغاز میں تمام رائے دہندگان سے ملنے کا موقع حاصل ہونے والا ہے۔ میں صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند کو [illegible] اگر یہ بات منظور ہوگئی تو لارڈ الگن ماؤ دسمبر میں [illegible] جلسے سے سبکدوش ہو جائینگے۔ مگر یہ دیکھنا ہے کہ [illegible] تک اُن کے جانشین مسٹر بالفور چارج لینے کے [illegible] ہیں یا نہیں۔ ہز ایکسیلنسی نے دوسرا فقرہ اس امر کی [illegible] کی تھی۔ امید ہے کہ ان فنڈ کے ساتھ بہت جلد [illegible] حضور محترم علیہ السلام [illegible] کے [illegible] سکرٹری [illegible] اپنے [illegible] ہے۔ [illegible] ہوا ہے۔ [illegible] ہوا ہے۔ مگر سوال [illegible] قائم ہونے کا نہ تھا بلکہ اس [illegible] ہے [illegible] نشین مسئولات کے فائدہ کے واسطے ہاسپٹل قائم کرنے میں صرف کیجاتی ہے۔ حالانکہ پردہ نشینوں کے واسطے ہاسپٹلوں میں آنے کی وہی اہمیت اور بے حرمتی چلی جاتی ہے کہ جس کا دور کرنا نظر تھا۔ اگر لیڈی ڈاکٹر اور نرس پردہ نشین مستورات کو اُن کے گھروں میں بلا فیس یا برائے نام فیس سے معائنہ کریں۔ تب ہی اس فنڈ کا مقاصد پورا ہو سکتا ہے۔ ورنہ جو مستورات ہاسپٹلوں میں جا سکتی ہیں۔ اُن کو جنرل ہاسپٹل جانے سے کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ لہٰذا مجھ کو محال کہنا پڑتا ہے کہ اس فنڈ کا مقاصد حال پورا ہونا جائز ہے جس کی طرف منتظمان فنڈ کی توجہ درکار ہے ۔

دیوناگری گزٹ کا دعوے | میرٹھ کے اخبار دیوناگری گزٹ نے جو دیوناگری کی اشاعت میں کوشش کرنے کے لئے جاری ہوا ہے ۲۵ مارچ کے پرچے میں لکھا ہے کہ اس شہر کے ایک اُردو کے مختار کالہ مرہنس رائے بائنٹ مجسٹریٹ صاحب کی عدالت سے معطل کئے گئے۔ وہ معطل کئے جانے کی کسی کاغذ کی تحریر میں کچھ نقص معلوم ہوتا ہے کہ جس کو دیوناگری اخبار اُردو کی تحریر کا نقصان بتلاتا ہے۔ اس کی رائے میں اگر ہر جنس رائے دیوناگری کے مختار ہوتے تو اُن کے کاغذات میں ایسی غلطی نہ ہوتی۔ اور اُردو کے کاغذات میں تو ایسی غلطی ہونا معمولی بات ہے۔ میں نے اس سے نامعقول دعوی کم تر نہیں دیکھا ہے۔ گویا اس کا مطلب یہ ہے کہ اُردو تحریر میں جلسا ری یا غلطی نا سائی ہو سکتی ہے اور دیوناگری خط میں نہیں ہو سکتی۔ میرے خیال میں یہ بالکل غلط الزام اُردو تحریر پر ہے۔ اور اگر اُردو میں ایسی باتیں ہو سکتی ہیں تو دیوناگری تحریر بھی اس الزام سے بری نہیں ہو سکتی۔ اگر ہندی کے موید حلقہ کے ترکش میں ایسی ہی دلیلیں ہیں تو اُردو والوں کو ہراساں نہ ہونا چاہئے۔ دیوناگری گزٹ کے اس دعوی کا جواب صرف یہی کافی ہے ؎

باطل ست آں چہ مدعی گوید

ساہوکاروں کے دیوالے | بمبئی میں جس دیسی ساہوکاروں کی کوٹھی نے ساٹھ لاکھ روپے کی زمہ داریوں کے ساتھ کہا جاتا ہے کہ دیوالہ نکال دیا ہے یا کم از کم کچھ عرصے کے لئے ہنڈیوں کا بھرنا بند کر دیا ہے اس کی اس بدنصیبی کی وجہ یہ ہے کہ بوجھ بانار بہت مندا ہونے کے وہ اپنے قرضے وصول نہیں کر سکی۔ میرے خیال میں یہ بھی بمبئی میں طاعون کی مصیبت کا نتیجہ ہے کہ لوگوں نے کاروبار بالکل بے رونق بند کر دئے ہیں اور اپنے روپے جس طرح ہوتا ہے وصول کر لئے جاتے ہیں۔ دہلی اور دوسرے مقامات میں جو کئی کوٹھیوں کے دیوالے نکلے ہیں یہ بھی کسی وجہ سے معلوم ہوتے ہیں۔ مقروض اور سیٹھ کو روپیہ دینے والے کے درمیان میں جس کی دلالی کی کوٹھی نے گزشتہ مفلسہ میں ہنڈی کا روپیہ اُدھار دینا سکھا کر دیا تھا۔ کئی مقامات میں یکجا ہو کر اس نے چار لاکھ روپے کا گورنمنٹ پیپر بطور ضمانت کے رکھا ہوا ہے سرکاری فراہمی کا کام کرتے ہیں۔ انہوں نے بمبئی میں تین لاکھ روپیہ قرضہ دینا ہے اور اس میں بمبئی کا حصہ محفوظ ہے۔ ذمہ داریوں سے اس کا رخانے کی جائداد بہت زیادہ بیان کیجاتی ہے۔ ان کی کلکتہ کی جائداد کا کرایہ ایک لاکھ روپے سالانہ سے زیادہ بیان کیا جاتا ہے اور اس کے علاوہ دہلی۔ آگرہ۔ کانپور اور متھرا میں بہت بڑی جائداد ہے ؎

سید صاحب کا تذکرہ | روزانہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۱۰ اپریل کے بہو مراسلات میں اقبال کے نامہ نگار صاحب نے خبر دی ہے کہ سر سید احمد خاں صاحب کا تذکرہ ضرور لکھا جاوے معلوم ہوتا ہے کہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ خواجہ الطاف حسین صاحب حالی نے گزشتہ چھ ماہ میں بمقام علیگڈھ قیام کرکے سر سید احمد خاں کی زندگی کے حالات کو بڑی تحقیق اور تدقیق سے قلمبند کیا ہے۔ اور قریب قریب اس کام کو ختم کر لیا ہے۔ خواجہ حالی صاحب نے جس خوبی سے سعدی اور غالب کے تذکرات اور زندگی کے حالات لکھے ہیں اور اُن کے کاموں کی کریٹیکل بحث کی ہے اُس سے ہر شخص اندازہ کر سکتا ہے کہ انہوں نے اگر سوسی کے اس بہت بڑے مسلمان لیڈر کے حالات اور خیالات کیسی عمدگی سے لکھے ہونگے کہ جس کے احسان ہوا نصاریٰ دونوں ایک مدت تک شامل رہے۔ خواجہ صاحب کو تمام موقعے سر سید کے حالات معلوم کرنے اور انہوں غور کرنے کے حاصل رہے ہونگے۔ جو اور چند آدمیوں کو اُن کے سوائے حاصل رہے ہونگے۔ لیکن مزید براں اُن کی قابلیت معاملات پر نکتہ چینی بحث کرنے اور مختلف حالات کو جانچنے کی اور بہت کم لوگوں میں ہوگی۔ اس لئے خواجہ الطاف حسین صاحب حالی جو تذکرہ سر سید احمد خاں کا لکھ چکے ہیں اور مجھ کو انہوں نے بتلایا ہے کہ وہ عنقریب اس کو شائع کر دینگے وہ یقیناً بہترین کام ہوگا کہ جس کی توقع کیجا سکتی ہے ؎

بہتے مین تاریخ وفات | اس وقت سید صاحب کے انتقال پر جو رنج و ملال کا اظہار ہو رہا ہے اور مختلف تقریروں اور تحریروں میں اُن کی وفات کی تاریخیں موزون کیجا رہی ہیں۔ ان سب میں جو سب سے عمدہ تاریخ سید صاحب کی وفات کی ہاتھ آئی ہے وہ مسٹر محمد اقبال سوڈنٹ گورنمنٹ کالج لاہور کی تلاش کی ہوئی ہے۔ جو انہوں نے "کلام اللہ" سے نکالی ہے۔ میرے خیال میں اس سے بہتر تاریخ اب تک تو کوئی نہیں نکلی۔ اور اگر نکلے گی بھی تو کتاب اللہ سے ہی نکلیگی۔ بہر حال اُن کا خط حسب ذیل ہے:۔

کرم بندہ۔ جناب ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار!

"مجھ حضرت سر سید مرحوم مغفور کی ایک نہایت عمدہ تاریخ سوجھی ہے۔ اخبار میں درج فرما کر ممنون فرماویں۔ والسلام۔

اِنَّا مُسْتَوْفُوْهُمْ وَمَا نَنْقُصُهُمْ اِلَّا وَهُمْ مُّطِيْعُوْنَ ۱۳

(پارہ ۲۳ سورہ صافات ع ۵)

راقم محمد اقبال سوڈنٹ گورنمنٹ کالج لاہور"

سب ہندو اظہارات ان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ اور ہندو بلکہ مسلمانوں کے ساتھ شریک ہو کر مختلف مقامات میں رنج و ملال کا اظہار کر رہے ہیں۔

سید صاحب کے انتقال سے مسلمانوں کو جو نقصان پہنچا ہے اس کی تو تلافی ہی ممکن نہیں نظر آتی۔ کیونکہ ان کے سے وہ ایک سپر تھی۔ تاہم حکام وقت اور گورنمنٹ انگریزی کو بھی ایک ایسے وفادار۔ دانشمند اور تجربہ کار مصلح کار کے گزر جانے سے جو گورنمنٹ اور رعایا کے درمیان ایک واسطہ تھا جو نقصان پہنچا ہے اس کی تلافی ہونا مشکل ہے۔ اخبار پائنیر ایلچو انڈین جماعت کا نہایت صحیح خیال ظاہر کرتا ہے جبکہ وہ لکھتا ہے کہ بزرگ سید کے نقصان سے مسلمان ہی مرتفع نہیں ہوئے بلکہ انگریز بھی ہوئے ہیں کہ جو دونوں طریق آپس پر لے درجہ کا اعتبار رکھتے تھے۔

اس وقت سب سے بڑی بات جو بزرگ سید کے گزر جانے سے زمانے کے پیش نظر ہے وہ ان کا کام ہے سید صاحب نے جس کالج کی بنیاد ڈالی تھی وہ ابھی اس تکمیل کو نہیں پہنچا تھا کہ ان کا سایہ اٹھ جانے سے وہ بلا اندیشہ پہنچا رہے۔ ہر چند کہ سید صاحب نے اپنا جانشین اپنی زندگی میں آنریبل سید محمود کو تجویز کیا تھا۔ لیکن اب عام طور پر لوگوں کو اندیشہ ہے کہ سید محمود اس کام کو قابل اطمینان طور پر نہیں چلا سکینگے۔ اس لئے سب سے بڑا کام جو مرحوم سید کے بعد اس کی قوم کو کرنا چاہئے وہ علیگڈھ کالج کے لئے بہترین سرکڑی کا تلاش کرنا ہے۔ قوم کا لاکھوں روپیہ جس تعلیم گاہ پر صرف ہو چکا ہے اور جس پر قوم کا سب سے بڑا آدمی فدا ہو چکا ہے وہ ہر طرح خطرناک اور مخدوش ہے۔ کالج کے ٹرسٹیوں کی دلی توجہ حاصل کرنے کا مستحق ہے۔ اس وقت سید صاحب کے تمام تعریف کرنے والے اور ان کے کام کی قدر کرنے والے ان کی افسوسناک مرگ کا ماتم کر رہے ہیں۔ لیکن ایک اس سے زیادہ ضروری بات ان کی توجہ کی محتاج ہے۔ اور وہ ان کے ادھورے کام کی تکمیل اور اس کا سنبھالنا ہے۔ تاہم گو سر سید نہیں رہے لیکن نواب محسن الملک صاحب۔ حاجی محمد اسمٰعیل صاحب۔ مولوی سمیع اللہ خاں صاحب۔ مولوی مشتاق حسین صاحب اور کئی دوسرے بزرگ جو سید مرحوم کے دست و بازو رہے ہیں۔ خدا کے فضل سے ابھی جی القائم ہیں۔ اور یقین ہے کہ وہ کالج کا ایسا اچھا انتظام کر لیں گے کہ سب تشویش رفع ہو جائیگی۔

ہندوستان کی عورتیں

دو تین سال کی بات ہے کہ مس بلنگٹن انگلستان سے خاص اس غرض سے ہندوستان کی سیر و سیاحت کو آئی تھیں کہ یہاں کی عورتوں کی حالت کا صحیح اندازہ کریں۔ چنانچہ اس ملک میں انہوں نے ایک سرے سے دوسرے سرے تک سفر کیا اور دوران میں جہاں جہاں قیام کر سکے ہر درجہ ہر فرقہ اور ہر حالت کی عورتوں سے ملاقات کی بیگموں سے لے کر ٹکے کی محنت تک سے ملیں۔ اور ایک نہایت معتبر قابل قدر اور عمدہ کتاب زنان ہند کے حالات کے متعلق لکھی جس کا نام "وومن آف انڈیا" رکھا ہے۔ اس کتاب کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عورت کس پایہ کی مضمون نویس ہے۔ اور ہمدردی انسانی کا مادہ اس میں کس قدر ودیعت ہوا ہے۔ ہندوستان میں "پردہ" ہر امر کے واسطے بڑی بھاری مزاحمت اور روک ہے۔ لیکن اس کے عورت ہونے کی وجہ سے اکثر اس کو اپنی ناربابی میں بڑی آسانی ہوتی تھی۔ اور اس طرح ہمیشہ رسم و رسم کے مذہبی مجلسی اور گھریلو خیالات و مراسم کو نظر غور سے دیکھنے کا موقع ملتا تھا۔ ہندوستانی عورتوں کے حالات مختلف حصص عمر کے گہوارہ دامن آغوش مادر سے لے کر گور تک اس نے بیان کئے ہیں۔ ان کے کھیل اور کام دونوں کی حالت کا ذکر کیا ہے۔ کھیتوں اور کارخانوں وغیرہ ہر ایک مقام کے حالات یکساں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس کتاب کے تین ابواب میں ہندوستان کی عورتوں کے لباس اور زیورات کا حال تشریح کے ساتھ تحریر کیا گیا ہے جس کو یورپ کی لیڈیاں نہایت اشتیاق سے پڑھتی ہیں۔ جہاں مس بلنگٹن نے عورتوں کی طبی امداد دینے اور ان کے جرائم کے شمار اور اعداد اور حالات لکھے ہیں۔ یہ حصہ کسی قدر بے نمک ہے۔ مجلسی اصلاحوں کے دشوار ترین مسئلے پر اس لیڈی نے جو پیش بینیاں کی ہیں وہ غیر معمولی دلچسپی رکھتی ہیں۔ یہ لکھتی ہے کہ ہندوستانی عورتوں کی سوشل و مجلسی معاشرتی حالت پر لوگوں نے جو اظہار رحم و تاسف کیا ہے وہ محض بے موقع اور بے محل ہے۔ اس سے بہتر ہو تا کہ یہی رحم اور کسی ایسی جگہ پر صرف کیا جاتا جو درحقیقت اس کی محتاج ہوتی۔

مغربی تہذیب چینیوں کو اس نے اکثر مخاطب کیا ہے اور ان کو بار بار دلایا ہے کہ ہندوستان کی مجلسی رسم و رواج۔ اور اقوال و افعال کی بابت بے سوچے سمجھے لوگوں نے رائے قائم کر دی ہے۔ اس کا باعث یہ ہے کہ اس ملک کی تہذیب و شائستگی اس وقت میں بڑھی ہوئی تھی جبکہ ان نکتہ چینیوں کی قوم کی شائستگی کا بچپن ہی تھا۔ اور بڑی زبردست منطق کے ساتھ اس نے ثابت کیا ہے کہ ہندوستان کے مجلسی اطوار اور ہندوستانی عورتوں کی موجودہ حالت کی نسبت جو کچھ ناواقف لوگ کہہ گئے یا لکھ گئے ہیں۔ اور ان کے قول کی تائید ہوتی ہے۔ محض غیر ضروری ہے۔ لہذا یہ موقوف ہونی چاہئے۔ اصلاح کا کام جیسا کہ ظاہری جوش دکھلانے والوں نے اپنے نزدیک مسئلہ کا خواہ سمجھ رکھا ہے مس بلنگٹن ایسا آسان خیال نہیں کرتی۔ وہ کہتی ہے۔ ممکن ہے کہ ہماری کوششیں اصلاح کے بارے میں نیک نیتی پر مبنی ہوں۔ لیکن گردان کی ہندوستان کے اندازہ کرنے میں ہم سے غلطی ہوئی ہے تو کسی نیک نتیجہ کی امید فضول ہے۔ دخل در معقولات کرنے والوں کو وہ نہایت نفرت و حقارت سے سمجھاتی ہے کہ تو ہمیشہ اور زمانے کے ساتھ ساتھ لازم و ملزوم ہیں۔ اور دونوں مل کر ہندوستان کو مشکل زمانہ کے مستقبل کے لئے درست کر رہے ہیں۔ اور ہی وہ طاقتیں اس زندگانی پر حکمران ہیں۔ جب تک یہ اسی حالت پر ہیں یورپ کیا کسی کی پند یا نظیر سے کوئی مفید تغیر نہیں پیدا ہو سکتا۔ اور دونوں کے دور کرنے سے اتنا بڑا انقلاب عظیم پیدا ہو گا۔ کہ بدھ ہندو مسلمان بلکہ تاریخ عالم کا ہندوستان مٹ کر از سر نو ایک جدید قوم روئے زمین پر پیدا ہو جائیگی۔ اگرچہ اس بیان رائع پر مس صاحبہ نے بہت زور دیا ہے کہ مشرقی عورات اپنی موجودہ حالت میں نہایت مطمئن اور خوش ہیں۔ لیکن اس سے اس کی یہ مراد نہیں ہے کہ کسی اصلاح کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ یا اب تک جو مغربی شائستگی نے سختی کی ہے بالکل اس کے خلاف کوئی پہلو اس بارے میں اختیار کیا جائے۔ مس بلنگٹن نہایت پسندیدگی سے اس اصلاح کو خیر مقدم کہتی ہیں جو استقلال اور آہستگی کے ساتھ رفتہ رفتہ ایسے ڈھنگ پر جاری رہے کہ پرانے خیالات بھی اس کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے بڑھتے چلے جائیں۔

یہ کتاب ہندوستانیوں کے لئے بھی آئینہ ہے۔ جس میں وہ اپنی حالت خود بھی اسی طرح دیکھ سکتے ہیں جیسے کہ اور لوگ۔ اور یہ کتاب یورپین لوگوں کے جوش و خروش کو بھی ٹھنڈا کرتی ہے۔ اور سکھلاتی ہے کہ "ہنڈیا کو آہستہ آہستہ ہلاؤ ایسا نہ ہو کہ ہنڈیا چولھے میں آ رہے"۔

کوہاٹ میں دربار

ہز آنر حضور لفٹنٹ گورنر پنجاب نے ۲۰ تاریخ کو کوہاٹ میں ایک عظیم الشان دربار منعقد فرمایا۔ جس میں خٹک کوہاٹ اور پشاور کے رؤسا اور کرم اور آدم خیل کے جرگے کثرت سے شریک ہوئے۔ دوسری سکھ پلٹن کا باجہ اور کرم ملیشیا کی ایک کمپنی جو خاص اس مطلب کے واسطے موقع پر بلائی گئی تھی۔ کمپ کے باہر تعظیماً کھڑی تھی۔ کوہاٹ اور پشاور کے تمام ملٹری اور سول افسر بھی اس میں شریک تھے۔ حسب معمول دربار میں کے پیش ہونے کے بعد ہز آنر نے ان لوگوں کو خلاف تقسیم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا جنہوں نے سرحدی مہم کے موقع پر "لشکر افواج انگلشیہ" کو دشمنوں کے مقابلے پر مدد دی۔ اور کرم کے لوگوں کو کہ انکے نائبوں کی وساطت سے پیغام بھیجا کہ جن لوگوں نے اس مہم عظیم میں اپنی وفاداری کا کامل ثبوت دیا ہے۔ ان کو مالیہ سرکار میں تخفیف کیجائے گی اور ان کے سرگروہوں اور سرداروں کو خلعتیان اور موروثی رضعتالے تقسیم کے جائینگے اور اخیر میں فرمایا کہ گورنمنٹ آدم خیلوں سے اندازہ کی بہت مدح ہے۔ جنہوں نے اس کے دشمنوں کے ساتھ اتحاد کرنے سے اپنی بہادری اور مذہب دونوں کا غصہ اپنے سر پر لیا۔ آنریبل مسٹر ایل ڈبلیو۔ ڈین سکرٹری نے ہز آنر کی انگریزی سپیچ کا پشتو میں ترجمہ سنایا۔ اور حسب اظہار خلعتیں تقسیم کرنے پر جلسہ خاتمہ ہوا۔ اس کارروائی کا نتیجہ بہت عمدہ ہو گا۔ اور جن لوگوں نے پچھلے فتنوں میں سر اٹھانے کی حماقت کی تھی وہ خود بخود اپنے دلوں میں پشیمان ہونگے۔ کیونکہ اس وقت تک جو کچھ فتح

پیسہ اخبار

لاہور مورخہ ۲ اپریل ۱۹۰۰ء

سر سید احمد خاں کا انتقال قومی نقصان کا کام

فلک کج رفتار کی ستم کاریوں کا شکوہ کرنا بیجا ہے۔ اس نے ہمیشہ ایسے ہی لوگوں کو اٹھایا ہے جن کے اٹھ جانے سے دنیا کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ اس کی بے رحم تلوار نے ہمیشہ ایسے ہی لوگوں کو کاٹا ہے جن کے کٹ جانے سے ملک و ملت کی کمر ٹوٹ گئی ہے۔ اس کے ہاتھ سے ہمیشہ ایسے ہی لوگ مارے گئے ہیں جن کے مرنے سے ایک عالم ماتم کدہ بن گیا ہے۔ اس کے ستم کا نشانہ ہمیشہ ایسے ہی لوگ ہوئے ہیں جن کے نہ ہونے سے ایک دنیا سونی ہو گئی ہے۔ اس کے ظلم کا شکار ہمیشہ ایسے ہی لوگ ہوئے ہیں جن کے بعد ان کی جگہ کا پر ہونا مشکل ہو گیا ہے۔ اس کے ہاتھ سے ہمیشہ ایسے ہی لوگ مارے گئے ہیں جن کے مرنے سے ایک عالم ماتم کدہ بن گیا ہے۔ اس کے ستم کا نشانہ ہمیشہ ایسے ہی لوگ ہوئے ہیں جن کے نہ ہونے سے ایک دنیا سونی ہو گئی ہے۔ اس کے ظلم کا شکار ہمیشہ ایسے ہی لوگ ہوئے ہیں جن کے بعد ان کی جگہ کا پر ہونا مشکل ہو گیا ہے۔

سر سید احمد خاں کا انتقال بھی ایک ایسا ہی قومی نقصان ہے جس کا ماتم ایک دنیا کو کرنا چاہیے۔ تمام ملک میں تمام افراد کی تاریکی چھائی ہوئی ہے۔ ایسے ہی شخص کا ایسی ہی عزت کے بعد دنیا سے اٹھ جانا افسوس نہ ہوتا۔ اگر کوئی اس کا جانشین ویسا ہی قابل۔ اتنا ہی اولوالعزم اور دور اندیش۔ صاحب تدبیر۔ سخن آموز قوم اور گورنمنٹ کا معتمد الیہ قومی ہوتا اور ملک کو اس کی علمی تعلیم سے فائدہ پہنچ سکتا۔ چونکہ اس بزرگ نے کم و بیش چالیس سال تک اپنی قوم اور اپنی ملت کی بہبودی کے لئے وقف کر رکھی تھی اس سے اس کے انتقال پر ملال کو قومی مصیبت کہنا ذرہ بھی مبالغے کی بات نہیں۔ اس بات کو عام طور پر تسلیم کیا گیا ہے کہ اگر سر سید احمد خاں ہندوستان کے مسلمانوں کی اصلاح کے لئے اس قدر کوشش نہ کرتے اور مشقت نہ اٹھاتے تو آج مسلمانان ہندوستان تعلیم کے میدان میں ایک نصف صدی پیچھے ہوتے۔ ممکن ہے کہ اس دعوی میں کسی قدر مبالغہ ہو۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ اگر مرحوم سید مسلمانوں کی انگریزی تعلیم کی طرف اپنی مساعی جمیلہ مصروف نہ کرتے تو اگر چند مسلمان انگریزی تعلیم سے مستفید بھی ہو جاتے تو بھی عام طور پر مسلمان زمانے کی ضروریات اور وقت کے حالات سے اس قدر آگاہ اور اپنی غفلت اور نا اہلی کے اس قدر قائل نہ ہوتے جیسے کہ اب ہیں۔ ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد جو گرفت مسلمانوں کی ہوئی اس سے سید صاحب کی حالت زار کا ایسا دل پر اثر ہوا کہ سید صاحب نے ہندوستان سے ہجرت کر جانے کا ارادہ کر لیا جیسا کہ ایک مرتبہ انہوں نے علیگڈھ میں اپنے ایک لکچر میں بیان کیا تھا۔ لیکن مزید غور و فکر کے بعد اپنے ارادے میں انہیں بزدلی اور بے ہمتی کے آثار نظر آئے اور سمجھ گئے کہ اس سے کہ وہ مایوس ہو کر ہندوستان کے مسلمانوں کو اپنے حال پر چھوڑ جاتے انہوں نے عزم کر لیا کہ میں ساری عمر ان کی بہتری کی کوشش میں صرف کر دوں گا۔ چنانچہ مسلمانوں کی بہتری کی تدابیر سوچنے میں سید صاحب معاً مشغول ہو گئے۔ ان کا عظیم الشان محمڈن اینگلو اورینٹل کالج انہیں تدابیر کا ثمرہ شیریں ہے۔ گو فی الفور سید صاحب کو یہ تدبیر نہیں سوجھ گئی تھی کہ مشرقی علوم کی بہ نسبت صرف انگریزی زبان کے سیکھنے ہی سے کیا ہو سکتی ہے کیونکہ پہلے پہل انہوں نے انگریزی علوم کی چند عمدہ کتابوں کو اردو میں ترجمہ کر کے شائع کرنے کے لئے علیگڈھ میں سائنٹیفک سوسائٹی قائم کی تھی اور اس کے ذریعے کئی عمدہ علمی کتابیں بھی اردو میں ترجمہ کی گئیں لیکن اس کے بعد سید صاحب اس بات کے قائل نہ رہے کہ اردو زبان کے ذریعے سے یورپین سائنس اور لٹریچر کی آمدی کا سلسلہ جاری رہنے میں وہ کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ صحیح منزل مقصود تک پہنچنے کے لئے سید صاحب نے لوگوں کو مشورے دیئے۔ انعامی مضامین لکھوائے اور خود انگلستان گئے تاکہ اس انگلستان کی ترقی کے اسباب اور وجوہات دریافت کریں اور وہ آخر کار اس نتیجے پر پہنچے کہ مسلمانوں کو اعلیٰ تعلیم دلانے اور انگریزوں سے ان کا میل ملاپ کرانے کے سوائے اور کسی طرح ان کی حالت کی اصلاح ممکن نہیں اور اس کے لئے انہوں نے علیگڈھ کالج کی بنیاد ڈالی۔

ہر چند کہ ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے لئے کئی ایک سرکاری اور پرائیویٹ کالج اور بیت العلوم موجود ہیں۔ لیکن علیگڈھ کالج ان سب سے نرالے انداز پر قائم کیا گیا ہے۔ سید صاحب کا اصول بقول ان کے تمام عمر میں "ایک پرواہ سو اڑھائی" رہا ہے۔ جو کام انہوں نے کیا ہے وہ اول درجے کے پہلے پر کیا ہے۔ اور ایسا ہی شروع سے لے کر ان کا ارادہ علیگڈھ کالج کی نسبت معلوم ہوتا ہے۔ کالج کا پہلا کمرہ ہی اس انداز پر بنایا گیا ہے کہ اس کے آخری عالیشان ہال کی تعمیر کے بعد بھی پہلے مکان کو گرانے کی ضرورت نہیں پڑی۔

سید صاحب نے اپنی زندگی میں بارہا ریفارمیٹ جیسا کہ ایک مرتبہ انہوں نے لاہور کے آخری لکچر میں بھی ذکر کیا تھا کہ میری غرض اس کالج کے قائم کرنے سے صرف ایسے لوگ پیدا کرنے کی نہیں ہے جو بی۔ اے۔ ایم۔ اے یا ایل۔ ایل۔ اے پاس کر نکلیں۔ بلکہ مسلمانوں کو اعلیٰ تعلیم کے ساتھ اعلیٰ تربیت دینا بھی منظور ہے کیونکہ تعلیم بلا تربیت کے کسی کو پورا جنٹلمین نہیں بنا سکتی۔ اور ان کی تربیت کے طریق پر خرچ کسی قدر زیادہ پڑتا ہے۔ اسی پر لوگوں نے اعتراض کئے ہیں کہ سید صاحب نے اپنے کالج میں تعلیم کو اس قدر گراں کر دیا ہے کہ اس سے غریب لوگ مستفید نہیں ہو سکتے۔ تاہم سید صاحب ارزاں بعلت کو ہمیشہ گراں بحکمت سمجھتے رہے۔ اور اس میں شک نہیں کہ علیگڈھ کالج کے تعلیم یافتہ طالبعلم صرف ڈگریاں ہی حاصل نہیں کرتے۔ بلکہ اکثر ان میں سے ایسی تمیز اور لیاقت حاصل کر لیتے ہیں جو صرف کتابوں سے حاصل نہیں ہو سکتی۔ جب تک کہ بورڈنگ پروفیسروں کا ہمہ روزانہ میل جول اور ان کی دوستانہ مصاحبت حاصل نہ ہو۔ اس سے سید صاحب نے یہ مصلحت مدنظر رکھی تھی کہ مسلمان انگریزوں سے ملنا جلنا سیکھیں اور حکام انگریزی کی نظروں میں وقعت حاصل کریں۔ کیونکہ قوم مسلمانان کو ممتاز بنانے کے لئے جو سکیم انہوں نے تجویز کیا تھا یہ بھی اس کا جزو لاینفک تھا کہ مسلمان رعایا اور گورنمنٹ حکام کے مابین جو مغائرت ہے اس کو دور کر کے ان دونوں قوموں میں زیادہ قریبی اور دوستانہ تعلقات پیدا کئے جاویں اس لئے وہ نوجوان شریف مسلمانوں کو یورپین استادوں کی نہ صرف تعلیم دلانا ہی ضروری سمجھتے تھے بلکہ تربیت دلانا ان کے نزدیک اہل سے بھی اہم کام تھا۔ مسلمانوں کا محروم رہ جانا افسوس کرنے کے لئے سید صاحب نے مسلمانوں کو ہر طرح سے مستحق سمجھا۔ چنانچہ اس وقت بھی قریب قریب

حفظ صحت

استفسار

۴۰- فوطہ میں درد:- قریب دو سال کے ہوتا ہے کہ فوطہ میں سخت درد ہے۔ ایک دفعہ غیر معمولی درد ہو کر سخت تکلیف رہی۔ اور پیپ پڑگئی تھی۔ ڈاکٹر کے نشتر لگانے سے پیپ نکلی۔ اب اوپر کی رگوں میں تکلیف ہے اور مہینہ کو ایک گرہ لگی ہوئی ہے۔ اس میں اکثر درد رہتا ہے (محمد حسن۔ ساکن راجکوٹ)

علاج

۳۶- شیب غیر طبعی:- آپ کے اخبار مطبوعہ ۲۹ مارچ استفسار ۳۲ میں ایک صاحب نسخہ شیب غیر طبعی طلب کرتے ہیں۔ لہذا برائے اندراج ارسال خدمت ہے۔ حموضات۔ جماع۔ فصد وغیرہ استفراغات سے محترز رہیں۔ پوست ہلیلہ کابلی ۴ تولہ ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۹ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۴ تولہ ۳ ماشہ۔ آملہ منقی ۱۴ تولہ ۳ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۹ تولہ۔ شونیز ۹ تولہ۔ پوست ترنج ۹ تولہ۔ فلفل سیاہ ۸ تولہ ۲ ماشہ۔ دارفلفل ۸ تولہ ۳ ماشہ۔ سونٹھ ۴ تولہ۔ پہلا مول ۴ تولہ۔ ناوشک ۴ تولہ۔ چھوٹی الائچی ۴ تولہ۔ بڑی الائچی ۴ تولہ۔ کبابہ ۴ تولہ۔ بلادر ۴ تولہ۔ اشق ۴ تولہ۔ مویز منقی ۲ تولہ ۷ ماشہ۔ تخم خیارین ۵ تولہ ۳ ماشہ۔ سب دوائیں کوٹ چھان کر نبات سفید ۱۳۱ تولہ پانی میں توام کریں اور ان سب ادویہ کو ملائیں۔ اور ۳۶ گولی بنائیں۔ ہر صبح ایک گولی نگل لیں۔ سال بھر مداومت رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بال سیاہ نکلینگے (منشی شیخ محمد ابن خیرالدین پیش امام مسجد سنگتراشاں۔ بمبئی)

۲۷- قبض الہی دہاضمہ:- آپ کے پرچہ ۲۶ مارچ ۹۸ء کے استفسار کالم میں ایک صاحب ۳۳ قبض دائمی اور اضمہ کا نسخہ دریافت فرماتے ہیں۔ بجواب اس کے نہایت عمدہ مجرب نسخہ ذیل میں تحریر کرتا ہوں۔ ہلیلہ سیاہ یک تولہ۔ مار کے پھول کے اندر کے لونگ یکتولہ۔ مرچ سیاہ یکتولہ۔ قرنفل یکتولہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ کر عرق لیموں میں نخود کے برابر گولی بناویں۔ دو گولی کھانا کھانے کے بعد ہر روز منہ میں رکھیں۔ اور اس کا رس چوسیں۔ اس کے استعمال سے تمام پیٹ کی بیماریاں دور ہونگی اور بھوک تیز ہوگی۔ (زندہ کرپال سنگھ کھوسلہ مالک کارخانہ ادویات۔ لاہور)

۲۸- جلندھرہ (بجواب استفسار ۱۸ پرچہ اخبار مورخہ ۲۹ جنوری۔ نقل کتاب اکسیر الامراض۔ چونہ صاف۔ چونہ سنگ مرمر۔ بیضہ مرغ۔ گوگل بھینسا۔ بیلگری۔ آردماش۔ ہر ایک تین تولہ۔ فند سیاہ ۴ تولہ باہم ملا کر مصالحہ بناویں۔ اور یہ جلندھرہ اس موقعے پر کارآمد ہوتا ہے کہ جہاں دوا بنا کر کے پانی میں پکائی جاتی ہیں۔ کہ پانی اندر نہیں جا سکتا (نامہ نگار)

۲۹- سنک گزیدہ (بجواب سوال ۲۱ مورخہ ۱۲ فروری ۹۸ء)۔ سنکے کے پتے آدھ سیر لے کر اس کو سیر بھر پانی میں اُبال لیں۔ اور اس میں سنک گزیدہ ملا دیا جاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب تک زندہ رہیگا آزار نہ ہوگا۔ خود آزمودہ ہے۔ (ابرار محمد خاں۔ رائے پور)

گمنام و نشان عزیز

۲۳- بندہ کا برادر زادہ مسمی بہار ارام ولد خوشی رام ذات کھتری ہے۔ ساکن موضع رڑکہ کلاں تحصیل پھلور ضلع جالندھر بعمر ۱۶ سال۔ گندم گون۔ درمیانہ قد ملاخ اندام۔ صاف چہرہ۔ دراز بینی۔ اگلے دانت ذرہ چوڑے جیسے۔ عرصہ ۱۱ ماہ سے مفقود الخبر ہے۔ عرصہ ۸ ماہ کا گزرا کہ دہلی میں اور پھر سانگلے علاقہ لائل پور میں پتہ ملا تھا۔ پھر معلوم نہیں کہ کہاں ہے۔ اس کے والدین اسی رنج راندوہ میں گھلے جاتے ہیں۔ آپ کے اخبار کے معزز ناظرینوں کی خدمت میں التماس ہے کہ کوئی نہ کوئی صاحب پتہ دے کر ممنون فرماویں (رام ہورام انگلش ماسٹر ہائی سکول پالم پور)

عام سوال

۳۷- کشمیری زبان:- کوئی صاحب براہ مہربانی کشمیری زبان سیکھنے کی کسی کتاب کا نام مع جگہ دستیابی درج اخبار فرماویں۔ اور کتاب مذکورہ کی قیمت۔ نام مصنف سے بھی مطلع فرماویں بکمال احسان ہوگا (خریدار ۱۴۹۴)

۳۸- فوجی بھرتی:- فوج ہندوستان سے بھرتی ہو کر کسی غیر ملک کو جانے والی ہے۔ اگر ہے تو اس کے ایجنٹ کون مقرر ہونگے۔ اور کون شخص بھرتی کئے جاوینگے۔ اگر ناظرین پیسہ اخبار میں سے کسی صاحب کو معلوم ہو تو بذریعہ اخبار ہذا مہربانی فرما کر اطلاع بخشیں (مرادخاں از سلطان پور۔ ریاست کپورتھلہ)

۳۹- بوتل جوڑنا:- کوئی صاحب ایسا نسخہ بتلاویں کہ کٹی ہوئی بوتل بے معلوم جڑ جاوے۔ بندہ اس کا مشکور ہوگا؟ (ابرار محمد خاں از رائے پور)

جواب

۲۶- مستقل ٹکٹ (بجواب سوال ۳۵ اخبار ۲- اپریل)۔ The Standard Philatelic coy. 6-1 Municipal office street Calcutta سے ہر ایک قسم کے ٹکٹ مل سکتے ہیں اور یہ کمپنی آپ سے بھی خرید لیگی۔ اگر آپ کے پاس عمدہ اور کمیاب ٹکٹ ہوں گے (محمود شاہ پنجاب آبزرور پریس)

۲۷- پتہ یہ ہے:- پیسہ اخبار میں کسی صاحب نے دریافت فرمایا ہے کہ علامہ آقا شیخ محمد مازندرانی مجتہد خلف مرحوم حاجی آقا شیخ زین العابدین کہاں تشریف رکھتے ہیں۔ سو اس وقت حیدرآباد دکن ناظم الدولہ محبوب یار جنگ بہادر کے مہمان ہیں (مینیجر جبل المتین)

۲۸- تصاویر دہلی:- بجواب سوال ۳۸ محمد سعید صاحب یترانوالیہ)۔ شاہان و بیگمات خاندان مغلیہ اور دیگر شہنشاہوں کی تصویرات عمدہ سے عمدہ دہلی پتہ ذیل سے مل سکتی ہیں۔ محمد نذیر حسین صاحب مصور مقابل مسجد چاندنی چوک دہلی۔ سررشتہ کیمیکل شیشہ اگھڑی اسسٹنٹ کوکٹ۔ (بخشن

شعر و سخن

مرثیہ سر سید احمد خاں

[از جناب مرزا محمد عبدالغنی صاحب ارشد گورگانی]

ہائے اے سر سید احمد خاں ہمدرد ہائے ہائے
بحر ہمت میں تجھے آپ ایک بہادر ہائے ہائے

قوم کو تھا آپ سے عزو تفاخر ہائے ہائے
آپ کا اب رہ گیا ہم میں تصور ہائے ہائے

دل دریا چھپ گئی آنکھوں سے صورت آپ کی
دل میں ہے باقی مگر اب تک محبت آپ کی

کون ہے وہ جس کی اس صدمے سے آنکھیں تر نہیں
کونسی جاں ہے جو اس اندوہ میں مضطر نہیں

جسم کی کیا ہو ہو جو سر پر جب سر نہیں
آج سر سید نہیں تو دل کو کل دم بھر نہیں

اے حکیم قوم اٹھ حالت ہماری زار ہے
منہ کفن سے کھول سید قوم کل بیمار ہے

یوں نہ منہ موڑ کر چلے ہیں آپ تو سوئے عدم
یہ بھی فرماتے نہیں منہ سے کہ لو جاتے ہیں ہم

کر لیا کیا مشن پورا اپنا اے عالی ہمم
کیا مرادیں آپ کی بر آگئی ہیں بیش و کم

آپ کی باتی نہ تھی کیا اب ضرورت قوم کو
اتنی جلدی کیوں کیا حضرت نے رخصت قوم کو

اے خردمند جہاں وہ وقت ابھی آیا نہ تھا
تو نے چھوڑا ہم کو تنہا یک بیک واحسرتا

زندگی تیری ہمارے واسطے تھی کیمیا
تو نہیں تو خاک اب جینے میں ہے اپنے مزا

روشنی تھی قوم کی مجلس میں تیرے نور کی
ہو گیا تو دور ہم سے یہ محبت دور کی

سینہ اونچا تھا ہمارا اٹھ کے پا اے عالی ہمم
ہم پہ کہتے تھے رہے دنیا میں تیرا دم قدم

تو سلامت تھا تو کچھ ہم کو نہ کھٹکا تھا ذرا
کس مصیبت میں پڑے ہیں اب ترے ہمدرد سارے

جو سہارا تھا ہمارا وہ سہارا اب نہیں
کھل گیا سید ہمیں۔ کوئی ہمارا اب نہیں

تجھ پہ ہم قربان اے پیر بزرگ و مصلح
قوم کے صدمے سے زخمی ہو گیا ہے تیرا دل

اے مقدس ذات اک دن خواب میں آ کر ہی مل
یہ بتا زخم جگر کیا ہو گئے اب مندمل

کیا دوائے درد فرقت تھی قضا تیرے لئے
اور کچھ قدرت کو دینی تھی دوا تیرے لئے

دیکھ تو لے بانیان اٹھ کر چمن کا اپنے حال
للہ اے تیرے پودے ہو گئے سب پائمال

غنچے مرجھائے ہوئے ہیں کیا ہوا اس کو خدا
پھول مرجھائے ہوئے ہیں حال ہے اتنا برا

"تو پاک باش برادر مدار اندکہ ناپاک است" (سعدی)

پیسہ اخبار

سلسلہ ۱۲ | یوم شنبہ ۹ اپریل ۱۸۹۸ء مطابق ۷ ذیقعدہ ۱۳۱۵ ہجری - موافق ۲۱ چیت سمت ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۱۲

مذاق

مرد:- "کبھی مجھے بھی کسی امر میں اپنے ڈھنگ پر چلنے کا موقع نصیب ہوگا؟"

عورت:- "کیوں نہیں۔ جہاں کہیں میرا اور آپ کا ایک ہی ڈھنگ ہوگا۔ مگر جہاں اختلاف ہوگا۔ میں اپنے ڈھنگ سے تجاوز کرنے نہیں دونگی"

پیر مرد اپنی گاڑی میں سوار تھا۔ اور اس نے اٹھ کر لیڈی کو جگہ نہیں دی تھی:- "جب میں جوان تھا اس وقت میں تعظیماً اٹھ کر لیڈی کے واسطے جگہ خالی کیا کرتا تھا"

نوجوان لیڈی:- "تب صاحب مجھے افسوس ہے کہ آپ کی شرافت بھی آپ کی جوانی کے ساتھ زائل ہوگئی"

پولیس سارجنٹ:- "کیا تم سب تمار خانے پر دھاوا کرنے کے لیے تیار ہو؟"

کانسٹبل:- "بیشک۔ میں نے اس کے مالک کو بھی کل خبردار کر دیا تھا"

غضبناک باپ:- "جب میں مروں گا۔ ایک کوڑی بھی تیرے واسطے نہیں چھوڑ جاؤنگا"

بیٹا:- "منہ دھو رکھو۔ ایک کوڑی کو بھی تو ساتھ لیجا کر دکھاتا"

عورت:- "مسٹر جلبرٹ اپنی بیوی کی طرف بہت متوجہ نہیں ہوتا"

مرد:- "نہیں۔ جہاں تک مجھے یاد ہے میں نے اس کو صرف اس دن باہر جاتے دیکھا تھا جس دن گیس کی آگ لگی تھی"

مستقبل خبر:- "تم میری لڑکی کو آسودہ رکھنے کی حیثیت رکھتی ہو؟"

مستقبل داماد:- "بلاشبہ۔ بشرطیکہ میں اس عرصہ استوا میں تباہ نہ کیا جاؤں"

ماں:- "پیاری لڑکی کہاں گئی تھی؟"

بیٹی:- "یہاں باغ میں ٹہلنے کے واسطے نکلی تھی"

ماں:- "کون ساتھ تھا؟" بیٹی:- "کوئی نہیں۔ اکیلی تھی" ماں:- "تب تم بجائے گھومنے کے جو ہاتھ میں تھا سیب تھیلے والی چھڑی کہاں سے لائی ہو؟"

راوی:- "کیوں کیسی ہوئی۔ ذرہ آنکھ تو ملاؤ"

عجیب عجیب باتیں

سب سے چھوٹی گھڑی:- برلن میں ایک نہایت چھوٹی گھڑی کی نمائش ہو رہی ہے۔ جس کے ایک سو سے زائد اجزا خوردبین سے دکھائی دیتے ہیں۔ اس کا کل وزن ایک اونس کا تیسواں حصہ ہے۔ اور قطر انچہ کا ۱/۵ حصہ ہے اگر اس قسم کی دس گھڑیاں ایک دوسری کے اوپر رکھ دی جائیں تو ان کی اونچائی ایک انچہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ منٹ کی سوئی انچہ کا گیارہواں حصہ ہے اور گھنٹے کی سوئی اسکے نصف سے کچھ زیادہ۔ پہیہ کا گرد انچہ کا چودھواں حصہ اور اس کا وزن گرین کا ۱/۵ حصہ ہے۔ ۲۴ گھنٹوں میں منٹ کی سوئی ۱۴۴۰ دفعہ گھومتی ہے۔ جو ۲۴ میل کے سفر کے برابر ہے۔ چونکہ اس گھڑی کے بنانے کے لئے خاص طور پر چھوٹے چھوٹے اوزار بنانے پڑتے ہیں۔ لہذا اسکی قیمت ۲۵۰ پونڈ ہے جو اسکے وزن سے ۶۵ گنا زیادہ ہے۔

سب سے عمدہ شاہی سواری والا جہاز:- شاہی سواری کے واسطے سب سے عمدہ اور قیمتی جہاز شہنشاہ روس کا "سولر سٹار" نامہ ہے۔ جو دس لاکھ پونڈ کی لاگت سے تیار ہوا تھا۔ اور سٹنڈرڈ کمپنی نصف تہ ہو چکی تھی وہ دوسرے درجہ پر سب سے عمدہ ہے۔ اور جہاز "پولر سٹار" کے محاذ کے حصے پر ۴ لاکھ پونڈ خرچ ہوئے تھے۔ جس کا کھانے والا کمرہ ۲۰ ہزار پونڈ کی لاگت سے آراستہ و پیراستہ کیا گیا تھا۔ یہ کمرہ سب سے اعلیٰ درجہ کے ہیں۔ جن کے فرش سرخ سیاہ اور سفید سنگ مرمر کے ہیں۔ اور ان کے بیچ سنگ مرمر کا فوارہ ہے۔ بڑے کھانے والے کمرے میں ایک وقت میں ۱۰۰ سو معزز مہمان بیٹھ سکتے ہیں۔ تمام کمروں میں اعلیٰ درجہ کا پتھر اور لکڑی لگی ہوئی ہے۔ اس کے ملاح اور خدمتگار پورے چار سو ہیں۔ شاہی جہاز سٹنڈرڈ اپنی نظیر آپ ہے۔ اور یہ جہاز پیرس اور دیگر اعلیٰ درجے کے جہازوں کے نمونے کا ہے جو سوکھٹپٹن اور نیویارک کے مابین چلتے ہیں۔ نیچے کی نشست بہت عظیم الشان ہے۔ جہاں ایک وقت میں شاہی خاندان کے ۱۲ ممبر باسانی بیٹھ سکتے ہیں۔

تار برقی سے دوربین کا کام:- ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار ایتا سے اطلاع دیتا ہے کہ ایک غریب گلشین سکول ماسٹر نے ایک ایسی برقی آلہ ایجاد کیا ہے جسکے ذریعہ سے بعید اشیا قریب دکھائی دیتی ہیں۔ اور اسکے متعلق اپنے تمام حقوق ۱۹۰۰ء کی نمائش پیرس کے واسطے ۶۰ ہزار فرینک کر کے محفوظ کر چکا ہے۔ پیٹنٹ آفس برلن میں اس ایجاد کو بھی کچھ محفوظ کر چکا ہے اور اس کا موجد اسکی کیفیت عنقریب چھاپنے والا ہے۔

تعداد عامہ کیلئے شمار اور اعداد

حروف ابجد و حروف تہجی و حروف ہجا و حرکات و سکنات قرآن شریف

[illegible] عبدالعزیز بن عبداللہ الخلیفی البستان للفقیہ [illegible] سمرقندی:-

۸۶۴۳۰	- -	اعشار کوفی	- ۴۲۳
۳۲۰۲۶۷۰	- -	اعشار بصری	- ۶۲۳
۳۵۲۴۳	- -	اخماس کوفی	- ۸۴۷
۸۸۰۴	- -	اخماس بصری	- ۱۲۴۶
۲۹۵۰۶۴	- -	آیات کوفی	- ۶۲۳۶
۱۰۵۹۰۴	- -	آیات بصری	- ۶۲۱۶
۱۶۷۱	- -	آیات شامی	- ۶۲۵۰
۱۲۵۳	- -	آیات مکی	- ۶۲۱۲
۱۱۴	- -	آیات عراقی	- ۶۲۱۴
۵۴۰	- -	آیات عامہ	- ۶۶۶۶
۴۸۸۸۲	- -	ط	- ۱۲۷۴
۱۱۴۴۵	- -	ظ	- ۸۴۲
۱۱۹۹	- -	ع	- ۹۲۲۰۰
۱۲۷۶	- -	غ	- ۲۲۰۸
۳۲۰۳	- -	ف	- ۸۴۹۹
۹۶۳	- -	ق	- ۶۸۱۳
۲۴۱۶	- -	ک	- ۹۵۲۲
۵۶۶۲	- -	ل	- ۳۴۳۲
۴۴۹۵	- -	م	- ۲۶۵۳۵
۱۱۷۴۳	- -	ن	- ۲۲۵۶۰
۱۵۹۱	- -	و	- ۱۵۵۳۶
۵۸۹۱	- -	ہ	- ۱۹۰۷۰
۲۲۵۳	- -	لا	- ۳۷۲۰
۲۰۱۳	- -	ی	- ۲۵۹۱۹
۱۹۰۲	- -		

حروف ابجد			
حروف تہجی			
حروف مقطعات			
حروف مشترکہ			
حروف مفردہ			
حروف مرکبہ			
حروف مہملہ			
حروف معجمہ			
حروف مذکرہ			
حروف مؤنثہ			
حروف مجہورہ			
حروف مہموسہ			
حروف شدیدہ			
حروف رخوہ			
حروف مطبقہ			
حروف منفتحہ			
حروف مصمتہ			
حروف ذلقیہ			
حروف شفویہ			
حروف حلقیہ			
حروف لثویہ			
حروف اسلیہ			
حروف نطعیہ			
حروف لہویہ			
حروف صفیریہ			
حروف قلقلہ			
حروف انحرافیہ			
حروف تکریریہ			
حروف تفشیہ			
حروف استطالیہ			
حروف ہوائیہ			
حروف مائعہ			
حروف جوفیہ			
حروف ہاویہ			
حروف نازلہ			

- - اتفاقی
- - اختلافی

	نامہ	نامہ	میزان کل
	۳۹	۲۰	۹۶
	۹۲۰	۲۶۰	۱۱۸۰
	۲۳۲۱۴	۷۹۵۹	۳۱۱۷۳
	۵۹۲۴۵۳	۱۸۱۲۵۳	۷۷۳۷۴۶
	۲۷۲۸۱۰۰	۸۳۹۴۸۰	۳۵۶۶۴۸۰

روح حیات

نامردی کا شرطیہ علاج

روغن دافعی

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردمی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ دخیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی

روح حیات	دو بوتل (صرف) یا پنجروپے	روغن دافعہ ستی	ایک شیشی چار روپے چار آنے للعہ ۱۴

مادر داد نامردی کے سواء خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری وغیرہ کیسوا ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونیکے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوے کہ انسان کو گوشہ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ مسیحا صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور لطف جوانی دکھاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لاغری۔ تپی وغیرہ شرطیہ و حکماً دور ہو جاتی ہے اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کیطرح عارضی ہو

نوٹ:۔ اگر ہماری ادویہ کے استعمال سے کوئی تکلیف پیدا ہو جاوے تو انالہ عرض کے دام واپس اور مکمل دوائی بلا قیمت دیں گے۔

روغن دافعی

مصنوعی احتلام و سرعت انزال و سیلان منی و ہر قسم کی مصنوعی معصیت

(رسالہ مشکوٰۃ الشباب) جس میں ہر قسم کی بیماری کے متعلق ہر قسم جوانی کی غلط کاریوں کے نتائج مضرت بد کا اثر۔ شفاخانہ عام کی ادویات کی مفصل تعریف و مہمندات ۶ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت

حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر و پریکٹیشنر شفاخانہ عام لاہور متصل چوک مسجد وزیر خاں

جنرل منیجر شفاخانہ ہذا

جزی شفاخانہ ہذا کا رسالہ مسمی بہ مشکوٰۃ الشباب ۱۰ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت نذر کی جاتی ہے۔

غلام نبی

اشتہاری طبابت

ہندوستان میں مصنوعی طبیبوں کی کبھی یہ کثرت نہ ہوئی اگر یہ قسمت سے ہندوستان کے لوگ اسقدر بے علم و ناواقف نہ ہوتے۔ یہ تو سچ ہے کہ جو کسی نکسی پر فریب سن تراش ست۔ لیکن یہ مرتبض کا فرض ہے کہ وہ اپنی جان کو کسی معالج کے ہاتھ دینے سے پہلے اتنا تو دیکھ بھال لے کہ اب یونانی ڈاکٹری۔ ویدک یا اور کوئی طریقہ علاج اسکے معالج نے باقاعدہ سیکھا ہے یا نہیں۔ معالج الفاطمی ہیم نام کے کوئی سند بھی اسکے پاس ہے یا نہیں۔ یہ کیسا دردناک بیان و آلمہ ہے کہ بیشمار ناواقف مریضوں نے اشتہاری چکنی چپڑی باتوں پر پھسلکر جاہل اور مصنوعی طبیبوں کے ہاتھوں اپنی عزیز جانیں گنوائیں یا اپنی حالت ناقابل اصلاح بنالی ہے۔ لیکن انہوں نے اپنی غلطی کی سزا پائی۔ خود کردہ را علاجے نیست۔ میرا دعوے یہ ہے کہ مجھے سند دینے کا حکام کی سرکار نے ملی ہے اور یہ وہ سند ہے جو صرف انہیں لوگوں کو ملتی ہے جو طب یونانی و ڈاکٹری کو چار سال تک باقاعدہ میڈیکل کالج میں تحصیل کرکے امتحان میں پورے اترتے اور پھر پورے پین ڈاکٹروں کے سٹاف میں ایک معزز عہدہ پر تک سرکار سرکاری ہسپتال میں کام کرچکے ہیں

حاصل کریں ✦ مایوس مریضوں کا علاج

کھٹیکہ کے ساتھ بھی کرتے ہیں۔ مریضوں کا فرض ہے کہ جبل از رجوع ہمارے فارم تشخیص امراض ہم سے طلب کریں اور اسمیں کل حالات قلمبند کرکے ہمارے پاس بھیجدے اور پھر ٹھیک کرے

حب ممسک

نامرادوں کے لئے مراد۔ ناکاموں کے لئے کامیاب۔ کنندہ گو ہیاں ہیں سیر رفتار کو سست گفتار کرتی ہیں۔ ایک درجن (عہ)

حب جریان

کمر میں درد۔ طبیعت میں پریشانی نسیان۔ آوارگی۔ پیشاب میں بہت سفیدی نکلتی ہو تو زیادہ گرفتگی ۲ ہفتہ قیمت (عہ)

حب چوب چینی

خرابی خون اور عورت کے ایام معمولی کا لگانا۔ درد جسم۔ اور ہر قسم جلدی امراض۔ درج مفاسد مشاہدوں کے مخصوص ہیں۔ دو ہفتہ میں پورے کھائیں یا کیسل۔ ۴ تولہ میں جلتی۔ درد کو جذب کرنے کے لئے بے مثل اور بے نظیر ہے۔ ۲ درجن (عہ)

روغن اعجاز

ناسور۔ سرطان۔ بہ گندر کے دور کرنے کا ملاک ہے۔ تو یہ ہے۔ بدھ۔ خنازیر۔ تالو کا سوراخ اور دو زخم جو برسوں کے جاری ہیں ان کا چارہ کرتا ہے۔ زخم میں جب درد و ریم کی کثرت اور کیڑوں کی بدبو سے تم تنگ ہو تو لگاؤ اور اسکا اثر چند منٹ میں آئیگا۔ ۲ تولہ (عہ)

حب سنون

ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتے ہر قسم کے درد۔ گوشت خوری کو دور کرکے صورتی کی طرح چمکدار بناتا ہے۔ مسوڑوں کا گوشت نیا پیدا کرتا ہے اور دانتوں کے کیڑے کو دور کرتا ہے ۴ تولہ (عہ)

حب بواسیر

خونی ہو یا بادی۔ ریحی ہو یا سادی سے اندر ہوں یا باہر ایسے ہفتہ میں دور ہو جاتی ہے۔ ۲ ہفتہ (عہ)

حب دائمی قبض

پرتقان۔ پیٹ کا گولہ۔ نالوں کا درد گھٹی۔ اکھیاں۔ ورم جگر۔ درد سر دائمی۔ ہیضہ۔ سل کا رکنا۔ کبھی ہچکی جسم کا پھڑکنا۔ کمر۔ ران۔ پنڈلیوں کا درد۔ سر کا چکرانا دور کرتی ہیں۔ جنکا معدہ کثرت شراب خوری سے خراب ہو جائے یا جگر بڑھ گھٹ جائے۔ ہاضمہ میں رعشہ ہو تو اسکو ایک بار آزماؤ ۳ درجن (عہ)

جوہر عنبر

خون کی خرابی جو بوجہ آتشک یا سوزاک یا کسی دبہ سے پھوڑے پھنسیاں نکلتی ہوں۔ جسم پر بد نما داغ ہوں۔ اسکے دفعیہ کے لئے بالاتفاق حکماء یونان طبرستان انگلستان تیر بہدف ہے انگریزی سخت بد بودہ شراب و غیرہ ہونے کے لوگوں کو ناموافق ہوتا ہے اسنے بیشمار مناسب اس ملک کے آب و ہوا کے بنایا ہے ✦ قیمت فیصد تولہ ۲ روپے

حب مقوی اعضاء رئیسہ

جب جوانی کی غلط کاریوں نے مایوس کر دیا ہو تو یہ دستگیری کرکے فشار خصوصی تک پہنچا دیتی ہیں کمزوری دور کرکے بدن کو کیسے چالاک بنا دیتی ہیں۔ ضعف اعصاب۔ رقت سرعت۔ ضعف سوء۔ ضعف دماغ سر کا بھاری اور خالی معلوم ہونا۔ سر کا گھومنا۔ سر کا جلنا۔ عرض ان تمام نقصوں کو جو اپنے ہاتھوں پیدا کئے ہوں انکے دفعیہ کے لئے بے مثل اور بے نظیر دوا ہے۔ حافظہ کے بڑھانے نسیان کے دور کرنے میں تیر بہدف ہیں۔ ان کو جیب میں رکھو اور کبھی امتحان پر امتحان ان کرتے جاؤ۔ دائمی محنت کرنی چاہو تو اسے رفیق بناؤ۔

قیمت دو درجن صرف (عہ)

سوزاک نو قرحہ

اس مرض سے انسان کی زندگی حرام ہو جاتی ہے۔ اس دوا سے بہتر کوئی دوا نہیں۔ ریم جلن۔ تقطیر البول دور ہو کر جسم میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے شہوت کی خواہش اور سوزاک کی تکلیفات کا شرطیہ علاج ہے ✦ شیشی بڑا دل (صہ) نمبر ۲ (ے)

حب آتشک

بلا منہ دیئے دوست مرض ایک ہفتہ میں صدمہ کے تمام عرصہ سے آتشکی دور کرکے اور دوبارہ پھوٹنے سے بچاتا ہے ✦ قیمت ۲ ہفتہ (للہ)

ہیر آئیل

بہتے بال بڑھانے اور پیدا کرنے کا خوب توڑ کا۔ دماغ بانو شبو کے علاوہ بال سیاہ کو سفید نہیں ہونے دیتا۔ ضعف دماغ ضعف آنکھ۔ نزلہ۔ زکام۔ درد سر۔ نسیان۔ سر کا چکرانا کانوں کی شاں شاں دور کرتا ہے۔ فیصد تولہ (ے)

سرمہ اکرامی

مدہ سلائی سنگ یشب مقوی بصر۔ حافظہ۔ بینائی۔ سوزش جالا۔ رعشہ بینائی کا بہترین ہے ہو سرخی۔ تھکاوٹ نظر۔ کیڑوں کا گرنا پانی کا جھانا۔ آنکھ کا تھکا دینا دور کرتا ہے۔ آنکھوں کو تر و تازہ رکھتا ہے سال بھر کے لئے ایک تولہ کافی ہے ✦ قیمت فیصد تولہ (عہ)

حب یابسیٹ

بار بار پیشاب آنے سے پیاس زیادہ لگتی ہے۔ دھوپ کی برداشت نہیں رہتی۔ جسم لاغر۔ نقاہت خراب ضعف اعضاء و جگر۔ پیشاب سے شکر دور کرکے قوت بحال اور کارآمد بناتی ہیں ہر قسم کے ذیابیطس کو ہر قسم کی ہیئت ایک تولہ (عہ)

حرز جال

وہ قوت جسے قدرت نے انسانی ستون میں اور وہ قوت جسکے ذریعہ مرد عورت سے اور عورت مرد سے لطف اٹھاتے ہیں وہ لاکھوں میں سے ایسی واقف نظر آتے ہیں جو ان کی غریب ہے وہ گدا انکے حاجتمند ہیں اگر آپ قوت کا کوئی ذریعہ رکھنا چاہتے ہیں۔ اولاد خوبصورت۔ خوب سیرت اور فرمانبردار عاقبت اندیشی پر مبنی ہو تو ہمارے مقصود کو تو اسکو مطالعہ کیجئے ہیئت ۸ تولہ (عہ)

مفت (حل المشکلات)

یہ کتابچہ ہر مرد و عورت کے لئے ہے۔ اگر آپ بیماریوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینکنا چاہتے ہیں تو اسکو ضرور منگوائیے۔ ورنہ ہمارے مقصود کو نہ سمجھ سکیں گے۔ مفت

انجنائنس

ہر قسم کی بربادی۔ ناامیدی۔ یاد داشت کی کمزوری کا لیقت تمایل۔ تو ان کو دور کرنے کے لئے ہمارے پاس ایک ہی دوا ہے جو ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ۲ ہفتہ (عہ)

جریان اکسیر

کمزوری کی صورت پیشاب کے ساتھ پانی جسم سے جاری رہتی ہے شراب پیدا کرتی ہے۔ رنگ زرد و سیاہ ہو جاتا ہے۔ جسم لاغر و سر درد۔ رعشہ و غیرہ ان گولیوں کے کھانے سے عشرت صحت ہو سکتی ہے ۲ ہفتہ (عہ)

دوائی خارش خشک

تین دن میں دانے تر ہوں یا خشک صرف ملنے سے جسم پاک و صاف ہو جاتا ہے جن لوگوں کی راتیں اس سفید چڑ سے پریشان ہو رہی ہیں آزمائے ویشیشی (عہ)

روغن سپند

عورت خواہ کتنے ہی بچوں کی ماں ہو جیسے پستان ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی ہیئت (صہ)

سرمہ

بھدا نرمل صرف دو لفظ ہے دو کے ملنے سے چہرہ بارونق۔ نورانی کھلتا کھلا ہو جاتا ہے ایسا ہوتا ہے (عہ)

پاکدامن

نوجوان بیوہ کو یا عصمت رکھنا اور جوش جوانی مردوں کو کم کرنا چاہو تو اس دوا کو منگاؤ۔ (عہ)

زود کن

جن لوگوں کو منی جلد نہیں آتی اور کھڑے کھڑے بالکل بیکار ہیں ہیئت (عہ)

لذوذ

زبکے لگانے سے مرد طالب ہو جاتا ہے پھر معشوقہ کی کیا طاقت ہے ایک تولہ

ترياق السعال

کھڑکی گرفتگی اور چھاتی کی جلن کو بوجہ کثرت اخراج بلغم۔ کھڑکی اور نزلہ زکام۔ کھانسی تر و خشک دور ہو جاتا ہے۔ ہیئت ایک تولہ (عہ)

حب یابسیٹ

بار بار پیشاب آنے سے پیاس زیادہ لگتی ہے۔ دھوپ کی برداشت نہیں رہتی۔ جسم لاغر۔ نقاہت خراب ضعف اعضاء و جگر۔ پیشاب سے شکر دور کرکے قوت بحال اور کارآمد بناتی ہیں ہر قسم کے ذیابیطس کو ہر قسم کی ہیئت ایک تولہ (عہ)

نعمت دنیا

بہرہ پن کان میں ڈالتے ہی فوراً سماعت دور ہو جاتا ہے اور پھر کبھی نہیں ہوتا۔ کانوں کی بیوت دور ہو جاتی ہے ایک تولہ (عہ)

بخاروں کا حکمی علاج

۴ رتی کے دینے سے پسینہ آکر بخار دفعہ۔ درد سر دور کرکے طبیعت کو فرحت۔ ۲ تولہ (عہ)

دوسری دوائی

صدر سر حکماء دوسرا ہو (عہ)

رعنا

یہ وہ لاجواب شے ہے جو چہرہ کے کیل جھائیاں۔ کلف۔ سیاہی۔ سرخی۔ دور کرکے چہرہ کو خوبصورت بناتا ہے ایک تولہ ہیئت صرف ایک روپیہ

روغن سپند

عورت خواہ کتنے ہی بچوں کی ماں ہو جیسے پستان ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی ہیئت (صہ)

سرمہ

بھدا نرمل صرف دو لفظ ہے دو کے ملنے سے چہرہ بارونق۔ نورانی کھلتا کھلا ہو جاتا ہے ایسا ہوتا ہے (عہ)

پاکدامن

نوجوان بیوہ کو یا عصمت رکھنا اور جوش جوانی مردوں کو کم کرنا چاہو تو اس دوا کو منگاؤ۔ (عہ)

زود کن

جن لوگوں کو منی جلد نہیں آتی اور کھڑے کھڑے بالکل بیکار ہیں ہیئت (عہ)

لذوذ

زبکے لگانے سے مرد طالب ہو جاتا ہے پھر معشوقہ کی کیا طاقت ہے ایک تولہ

حرز جال

وہ قوت جسے قدرت نے انسانی ستون میں اور وہ قوت جسکے ذریعہ مرد عورت سے اور عورت مرد سے لطف اٹھاتے ہیں وہ لاکھوں میں سے ایسی واقف نظر آتے ہیں جو ان کی غریب ہے وہ گدا انکے حاجتمند ہیں اگر آپ قوت کا کوئی ذریعہ رکھنا چاہتے ہیں۔ اولاد خوبصورت۔ خوب سیرت اور فرمانبردار عاقبت اندیشی پر مبنی ہو تو ہمارے مقصود کو تو اسکو مطالعہ کیجئے ہیئت ۸ تولہ (عہ)

مفت (حل المشکلات)

یہ کتابچہ ہر مرد و عورت کے لئے ہے۔ اگر آپ بیماریوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینکنا چاہتے ہیں تو اسکو ضرور منگوائیے۔ ورنہ ہمارے مقصود کو نہ سمجھ سکیں گے۔ مفت

انجنائنس

ہر قسم کی بربادی۔ ناامیدی۔ یاد داشت کی کمزوری کا لیقت تمایل۔ تو ان کو دور کرنے کے لئے ہمارے پاس ایک ہی دوا ہے جو ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ۲ ہفتہ (عہ)

جریان اکسیر

کمزوری کی صورت پیشاب کے ساتھ پانی جسم سے جاری رہتی ہے شراب پیدا کرتی ہے۔ رنگ زرد و سیاہ ہو جاتا ہے۔ جسم لاغر و سر درد۔ رعشہ و غیرہ ان گولیوں کے کھانے سے عشرت صحت ہو سکتی ہے ۲ ہفتہ (عہ)

دوائی خارش خشک

تین دن میں دانے تر ہوں یا خشک صرف ملنے سے جسم پاک و صاف ہو جاتا ہے جن لوگوں کی راتیں اس سفید چڑ سے پریشان ہو رہی ہیں آزمائے ویشیشی (عہ)

سرمہ

بھدا نرمل صرف دو لفظ ہے دو کے ملنے سے چہرہ بارونق۔ نورانی کھلتا کھلا ہو جاتا ہے ایسا ہوتا ہے (عہ)

پاکدامن

نوجوان بیوہ کو یا عصمت رکھنا اور جوش جوانی مردوں کو کم کرنا چاہو تو اس دوا کو منگاؤ۔ (عہ)

زود کن

جن لوگوں کو منی جلد نہیں آتی اور کھڑے کھڑے بالکل بیکار ہیں ہیئت (عہ)

لذوذ

زبکے لگانے سے مرد طالب ہو جاتا ہے پھر معشوقہ کی کیا طاقت ہے ایک تولہ

ترياق السعال

کھڑکی گرفتگی اور چھاتی کی جلن کو بوجہ کثرت اخراج بلغم۔ کھڑکی اور نزلہ زکام۔ کھانسی تر و خشک دور ہو جاتا ہے۔ ہیئت ایک تولہ (عہ)

حب یابسیٹ

بار بار پیشاب آنے سے پیاس زیادہ لگتی ہے۔ دھوپ کی برداشت نہیں رہتی۔ جسم لاغر۔ نقاہت خراب ضعف اعضاء و جگر۔ پیشاب سے شکر دور کرکے قوت بحال اور کارآمد بناتی ہیں ہر قسم کے ذیابیطس کو ہر قسم کی ہیئت ایک تولہ (عہ)

حرز جال

وہ قوت جسے قدرت نے انسانی ستون میں اور وہ قوت جسکے ذریعہ مرد عورت سے اور عورت مرد سے لطف اٹھاتے ہیں وہ لاکھوں میں سے ایسی واقف نظر آتے ہیں جو ان کی غریب ہے وہ گدا انکے حاجتمند ہیں اگر آپ قوت کا کوئی ذریعہ رکھنا چاہتے ہیں۔ اولاد خوبصورت۔ خوب سیرت اور فرمانبردار عاقبت اندیشی پر مبنی ہو تو ہمارے مقصود کو تو اسکو مطالعہ کیجئے ہیئت ۸ تولہ (عہ)

مفت (حل المشکلات)

یہ کتابچہ ہر مرد و عورت کے لئے ہے۔ اگر آپ بیماریوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینکنا چاہتے ہیں تو اسکو ضرور منگوائیے۔ ورنہ ہمارے مقصود کو نہ سمجھ سکیں گے۔ مفت

تمام درخواستیں بنام ڈاکٹر حکیم غلام نبی زبدۃ الحکماء میونسپل کمشنر ایڈیٹر رسالہ ناصحت و مجری دواخانہ منزل لاہور

پیسہ اخبار لاہور (اس اشتہار کو ضرور ملاحظہ کریں) ۱۸۹۹ء

قیصرہ ہند دام اقبالہا کے لکھنے والوں کو مبلغ ایک سو پانچ روپیہ شاہی پانچ انعام

(۱) ہر ایک شخص ان انعاموں کے حاصل کرنے میں شامل ہو سکتا ہے

(۲) پوسٹ کارڈ بھیجکر **قیصرہ ہند** لکھنا ہوگا ہمارے پاس سے ملینگے ہر ایک کارڈ پر ۸۰ سطریں چھپی ہوئی ہیں اخیر کی سطر پر اپنا نام و پتہ لکھنا ہوگا۔

(۳) جو شخص اس انعام میں شامل ہونا چاہے وہ مبلغ ایک روپیہ بذریعہ منی آرڈر ارسال کرے تاکہ چھپا ہوا پوسٹ کارڈ اور نصف تولہ ولایتی سرمہ اسکے پاس بھیجا جاوے۔

(۴) ایسے تمام لکھے ہوئے کارڈ بھیجکر **قیصرہ ہند** لکھا جائیگا وہ ۳۱ دسمبر ۱۸۹۹ء تک موصول ہونے چاہئیں ورنہ شامل انعام نہ ہونگے۔ جنوری ۱۹۰۰ء میں تمام انعامی کارڈ معزز احباب کے مجمع میں دکھائے جائینگے۔ اور تمام انعامات بذریعہ منی آرڈر ارسال ہونگے۔

(۵) تمام کارڈ انگریزی قلم سے جسقدر بار یک لکھے جاسکیں لکھیں مگر ایسا نہ لکھیں جو خوردبین سے بھی نہ پڑھے جاویں۔ اور ہر ایک کارڈ پر صرف قیصرہ ہند قیصرہ ہند قیصرہ ہند لکھنا ہوگا

(۶) انعامات اس طرح پر تقسیم ہونگے:-

جسکا کارڈ تعداد میں نمبر اول رہیگا ۵ ۔ نمبر ۲ ۵ ۔
نمبر ۳ ۵ ۔ نمبر ۴ ۵ ۔ نمبر ۵ ۵ ۔

(۷) اتفاقاً اگر دو یا دو سے زیادہ صاحبوں کے کارڈ تعداد میں برابر نکلے تو متذکرہ بالا انعاموں میں سے جس انعام کے مستحق وہ قرار دیئے جائینگے بحصہ مساوی تقسیم ہونگے۔

(۸) متمول اصحاب بھی اس انعام میں شامل ہونے سے دریغ نہ فرماویں کیونکہ یہ کارڈ بطور یادگار جناب قیصرہ ہند دام اقبالہا الٹمٹن کے عجائب خانہ میں بھیجے جائینگے۔

(۹) بہت جلد منی آرڈر ارسال کریں تاکہ چھپے ہوئے کارڈ اور ولایتی سرمہ بھیجا جائے اور آپ سہولت اور آسانی سے لکھنا شروع کردیں جتنا زیادہ وقت آپکو لکھنے کا ملیگا ویسے ہی کامیابی کی امید ہوگی۔

(۱۰) جب تک کہ مبلغ ایک روپیہ کا پیشگی منی آرڈر موصول نہ ہوگا چھپا ہوا پوسٹ کارڈ اور نصف تولہ ولایتی سرمہ ارسال نہ ہوگا۔

(۱۱) تمام انعامی کارڈ بنام **محمد امام الدین** کیمسٹ موجد ولایتی سرمہ ہال بازار امرتسر آنے چاہئیں ۔

ہماری خوش معاملگی اور صداقت کا ثبوت

اس سے پہلے سینکڑوں روپیہ کی سونے کی چیزیں گھڑی انعام دیگئی ہیں جو قبل از اعلان ہوئی تھیں۔

جناب رحیم بخش صاحب شیدا گھڑتل ضلع سیالکوٹ:- میں بڑی خوشی سے ولایتی سرمہ کے فوائد مشتہرہ کی تصدیق کرتا ہوں۔ علاوہ ازیں میں جناب کے کارخانہ کی خوش معاملگی اور عنایت اور کچھ کہتا ہوں کہ آپنے وعدہ کے موافق مجھ کو انعام ہوئی (سونے کی گھڑی) ۔۔۔ ۔۔۔

تمام منی آرڈر بنام محمد امام الدین کیمسٹ موجد ولایتی سرمہ ہال بازار امرتسر

نوٹ۔ ۔۔۔ اشتہار چھپنے کی تاریخ سے ۔۔۔ ارسال ہوگی۔ انعامی کارڈ موصولہ ہونگے اسی وقت ۔۔۔ ارسال ہوگی۔

اردو انڈیا گائڈ بک کی فہرست منگوا لیجئے

ڈاکٹر کرنلی کی مشہور عالم فاسفورین کی گولیاں

اردو انڈیا گائڈ بک کی فہرست منگوا لیجئے

دنیا میں تو ہمیشہ وبائیں رہتی ہیں جن سے وہ وقتاً فوقتاً تباہ ہوتی رہتی ہے لیکن بعض ایسی بیماریاں ہیں جن میں مبتلا ہو کر قوی سے قوی انسان کی ہمت ٹوٹ جاتی ہے اور وہ ہمیشہ کے لئے نامرد ہو جاتا ہے۔ ایسے مریض کا علاج کرنا ڈاکٹروں کے لئے بھی مشکل ہو

ترکی اور خلافت عظمیٰ عثمانیہ کے متعلق چند مفید کتابیں!

سنہ ۱۸۷۶ء عہد حکومت اعلیحضرت خلیفۃ المسلمین سلطان عبد الحمید خان ثانی شہنشاہ روم - انگلستان کی ایک شہزادی نے متعصبانہ من مستک ہزار ہا ذاتی تجربہ اور چشمدید واقعات کی بنا پر سلطان اعظم کی حکومت کے متعلق یک کتاب لکھی تھی۔ مولف مترجم نے اس کتاب کا اردو ترجمہ پہلی دفعہ مطبع دم التعلیم پیسہ اخبار میں چھپوایا تھا جو عام پسند ہوئی تھی اب یہ کتاب ۱۳۰ صفحہ زیادہ ہو گئے اور ملک کے مشہور اور قابل دیکھنے اپنی قیمتی رائیں لکھدی ہیں نہایت تعریف کی پہلی ایڈیشن میں صرف ۱۲ سال کے واقعات تھے لیکن اب دوسری ایڈیشن میں اس کے بعد کے سات سال کے حالات بھی بڑی وضاحت اور عمدگی سے درج کر دیئے گئے ہیں جس موقعہ نہایت خوبصورت اور رنگا رنگ تصویریں اضافہ کی گئی ہیں اب یہ چیز ۵۰ صفحہ زیادہ ہو گئے ہیں چھپائی نہایت عمدہ اور کاغذ نفیس ڈمی۔ بااینہمہ قیمت وہی پہلی تھی یعنی صرف اعجاز شہزادی صاحب کی انگریزی کتاب کی قیمت فقط سوا روپیہ دیں گیا مصنف دیا گیا ہے مترجمہ مولوی محمد عنایت اللہ +

مظفر و ضیہ مظالم ارمینیا - یہ کتاب بھی مولوی محمد انشاء اللہ صاحب نیمدار انعام آبادی کی تالیف ہے۔ ارمینین عالی دماغ اور فاضل مؤلف نے سات مسائل متعلقہ ٹرکی ارمینیا کی مختلف پہلوؤں پر بدلائل شائستہ و رنگین بایۂ بحث کی ہے۔ تمام مہذب دنیا نے جنہوں نے اس کتاب کے مضامین کو پڑھا ہے نہایت زور دار الفاظ میں تعریف کی ہے اردو زبان میں اسی جامع اور بسیط ہونیکی حیثیت سے یہ پہلی کتاب ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے ارمینیا کے حالات سے کامل آگاہی ہو جاتی ہے ایک تالیف نہیں ہوئی۔ عہد نامہ برلن عہد نامہ سینی فانو خطوط نپولین بونا پارٹ تقریر گلیڈسٹون وغیرہ کے علاوہ ارمینیا کا نقشہ بھی شامل کر دیا ہے۔ ہر انصاف پسند کو علی العموم اور مسلمانوں کو علی الخصوص یہ کتاب ضرور دیکھنا چاہیئے ..... قیمت عمدہ مجلد ۱۲ صفحہ ۱۲۰ قیمت بارہ آنہ یکے یا ڈیانہ۔ یکمیں ڈگنہ کی تصنیف لطیف جس کا ترجمہ مولوی محمد انشاء اللہ صاحب نیمدار انعام آبادی نے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ اس کتاب میں بھلا تمام وہ ترقیاں درج ہیں جو موجودہ سلطان کے عہد میں ہوئی ہیں اسمین اس مصنف نے کوئی مبینہ بغیر ذکر نہیں چھوڑا۔ یہ کتاب کئی حصوں میں شروع کیا ہے۔ اور تمامی ضروری محکموں کی کیفیت نہایت وضاحت سے سمجھائی ہے اسمین فاضل مترجم کے نوٹ اصل کتاب کے لطف کو دوبالا کئے دیتے ہیں اس کتاب کو دیکھنے کے وقت غور سے پڑھنے والا ایسا محو ہو جاتا ہے کہ وہ خود ٹرکی میں بیٹھا ہوا ہر صیغہ اور محکمہ کی پڑتال کر رہا ہے اس کتاب کو پڑھ کر ظالم ارمینیا کو دیکھنے کے بعد روم کے متعلق بہت ہی کم معلوم کرنا چاہتا ہے جو اسمین خود جا کر دیکھنے سے تعلق ہے۔ قیمت ۱۲ر

ترکی کی موجودہ حالت اور اسکی مالجگذاریاں مترجمہ مولوی محمد انشاء اللہ اس سال میں ترکی بصرہ سمرنہ شہر حیز ٹیونس بلغاریا۔ بوسینیا۔ ہرزی گوینا۔ ساموس اور قبرص کے تمدن شائستہ بری و بحری۔ طاقت تعلیم ریسرچ۔ قرضجات قومی صنعت و حرفت۔ زراعت مردم شماری۔ قدیم طرز حکومت اور موجودہ پولیٹکل حالت پر بحث کیگئی ہے نہایت جامع کتاب ہے۔ ڈمی کاغذ پر خوشخط چھاپی گئی ہے۔ قیمت ..... عمدہ مجلد ۱۲ر

تاریخ خاندان عثمانیہ مصنفہ مولوی محمد انشاء اللہ [illegible] خاندان سے یکے حضرت [illegible] کی تخت نشینی تک [illegible] کے سلطنت عثمانیہ کے عروج [illegible] کے ابتدائی حالات [illegible] کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں بہت دلچسپ کتاب ہے ۱۰ر

قسطنطنیہ

اس کتاب میں اسلامی دارالخلافت کی گذشتہ تاریخ دینے کے بعد شہر کی موجودہ کیفیت و عمارتی پبلک عمارات شاہی محلات بلغریب سیری و تفریح گاہیں اور ترکوں کی موجودہ طرز معاشرت اور خلقی امتیازات کا بالتفصیل ذکر کیا گیا ہے اور ہمنا آپ مینیوں کی لمبی خباثت بھی واضح کر دیگئی ہے۔ اس کتاب میں انگلستان کے مشہور سیاح اور مؤرخ مسٹر سوین کراڈر ڈی کی کتاب کانسٹنٹی نوپل کا ترجمہ دینے کے علاوہ گبن اڈمنڈ اولیور۔ مسز ایڈورڈ ڈکرسی اور دیگر مستند یورپین ٹرکی مؤرخین کی کتابوں سے لیا گیا ہے۔ دو حصوں میں جو زیر طبع ہیں قیمت فی حصہ ..... عمدہ مجلد ۱۲ر

محاربات پلیونا - یہ کتاب ایک انگریز نوجوان نے جو ۱۸۷۷ء میں ترکی کی فوج میں بطور والنٹیر سارجنٹ عساکر عثمانیہ میں داخل ہو کر غازی عثمان پاشا شیر پلیونا کے ساتھ رہا تھا سنہ ۱۸۷۷ء میں بان انگریزی تحریر کی تھی۔ اس کتاب کا ترجمہ مولوی محمد انشاء اللہ صاحب نیمدار انعام آبادی نے بنا کر ملک کو ان معرکوں کے مفصل حالات سے آگاہ کر دیا ہے اردو زبان میں کیا ہے اور جب ضرورت جا بجا مفید حواشی بھی شامل کر دیئے گئے ہیں اور پلیونا کے چاروں مجالوں کے رنگین نقشے بھی دیدیئے گئے ہیں تین حصوں میں قیمت فی حصہ ..... عمدہ مجلد ۱۲ر

فیوچر آف اسلام یعنی اسلام کی حالت مستقبلہ۔ یہ کتاب مسٹر وانفرڈ بلنٹ صاحب نے جو اکثر بلاد اسلامی و ہندوستان کی سیاحت کر چکے ہیں بنظر ہمدردی مسلمانوں کی بہتری کی خیالات سے تحریر کی تھی مگر در اصل انکا مدعا عثمانیہ خلافت کو ضعف پہنچانا تھا لیکن ہمارے خلیفۃ المسلمین کے اوصاف حمیدہ ایسے ہیں کہ اس قسم کی بری نیت رکھنے والا شخص بھی انکا معترف ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اس کتاب کا ترجمہ کر دینا جبتک کہ مصنف کو خیالات کی تردید بھی ساتھ ساتھ نہ کیجائے صرف نامناسب ہی نہیں بلکہ سخت مضر ہے اسلئے مولوی محمد انشاء اللہ صاحب نیمدار انعام آبادی نے اس کمی کو پورا کرنیکے لئے کتاب ہذا کا ترجمہ کر کے شروع کر دیا ہے اور جہاں کہیں غرورت تھی حواشی میں اسکی تحریر کی تردید بھی کر دی ہے کتاب زیر طبع ہے۔ قیمت ..... عمدہ

رسم سلامتی اعلیحضرت امیر المومنین خلیفۃ المسلمین خادم الحرمین الشریفین سلطان عبد الحمید خان ثانی غازی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ہر جمعہ کو نماز دوگانہ ادا فرمانے کے لئے بمجلس شاہانہ کل ہمایوں سے جامع مسجد حمیدیہ کو تشریف لیجانیکی تصویر موٹے ڈمی کاغذ پر ۲۰ انچ لمبی ۱۸ انچ چوڑی قیمت ..... عمدہ

غایۃ الامانی (ترکی صرف و نحو) اب تک ترکی میں اردو کی کوئی کتاب نہیں ہوئی۔ جو صاحب عربی زبان سے واقف ہوں وہ ترکی کی قواعد اس سے تھوڑے عرصہ میں کامل طور پر سیکھ سکتے ہیں۔ یہ کتاب خاص قبول جامع ہے۔ حجم پانسو صفحوں سے زیادہ ہے۔ اسکے ساتھ علم ادب کی چند ابتدائی کتابیں لغات کی مدد سے پڑھتے رہنے سے ذہین شاگرد تین چار مہینوں میں ترکی زبان میں نوشت و خواند کے قابل ہو سکتے ہیں اس غرض کے لئے لغات اور ادب کی کتابوں کے بھی چند نسخے منگوائے گئے ہیں جن کے نام و قیمت کتابوں کے موصول ہونے پر شہر کئے جائینگے۔ غایۃ الامانی کی قیمت فی جلد چھ روپیہ ہے۔ جو اسکے خواہاں ہوں جلد کے لحاظ سے ان ترکی گرامروں سے جو انگریزی میں تیار کیگئی ہیں بہت ہی کم ہے جنہیں سے معمولی سی گرامر بھی اس قیمت پر دستیاب نہیں ہوتی +

تحفہ حمیدیہ

یہ کتاب بھی ترکی صرف و نحو یعنی قواعد پر ترکی میں تیار کیگئی ہے۔ اس میں مندرجہ بالا کتاب کی نسبت بہت اختصار سے کام لیا ہے۔ سوا پرچہ شقی کہانیان اور جملے دینے سے شائقین کے لئے بہت کچھ سہولت پیدا کر دی گئی ہے قیمت فی نسخہ تین روپیہ ہے +

مسٹر ایڈی کورٹ آف لنڈن

یعنی

دربار لنڈن کے سہ ماہہ سلسلہ سوم

یہ عجیب و غریب ناول انگلستان کے مشہور ناولسٹ مسٹر ریناڈ کی تصنیف ہے اس کتاب میں مصنف نے چار علیحدہ علیحدہ سلسلوں میں جنکا ایک دوسرے سے کوئی تعلق نہیں اعلے اور ادنے طبقے کے لوگوں کی تالیف کا فوٹو کھینچا ہے علاوہ عیاشی بدکاری۔ دغابازی۔ شراب خوری اور ریاکاری کے برے اور نیکی۔ راستبازی۔ دیانتداری اور غریبوں پر رحم کرنے کی نیک خصلت بڑی وضاحت سے مفصل حال لکھا ہے۔ ہماری ناقص رائے تو ہر شخص کی طرز معاشرت طبعی اور جبلی عادات کا پورا پورا اور بالتشریح خاکہ کھینچ لیا ہے۔ اس کتاب کے پہلے سلسلے کا ترجمہ اردو میں ہو چکا ہے۔ لیکن اس ترجمہ میں اخلاقی مضامین اور مفید نتائج کو چھوڑ کر صرف عشقیہ قصوں ہی کو لے لیا ہے۔ چونکہ ناول کی غرض یہ ہوتی ہے کہ عشقیہ قصص کی چاشنی دیکر اخلاقی اور علمی مضامین اور انکے نتائج حسنہ سے ناظرین کو مستفید کیا جاوے لہذا ہمنے اس حصہ کو پورا کرنیکے لئے تیسرے سلسلے کا جسے پہلے دو سلسلوں سے کچھ بھی تعلق نہیں ہے ترجمہ کیا ہے۔ باایہمہ زبان کی خوبی اور لٹریچر کی عمدگی کہیں نہیں گئی ہے اور حسب موقعہ اردو اور فارسی کے پھڑکتے ہوئے شعر بھی دیئے ہیں۔ کاغذ عمدہ اور چھپائی نفیس۔ کل کتاب چار ضخیم جلدوں میں تمام کی گئی ہے۔ پہلی جلد تقریباً تیار ہے اور باقی تینوں بھی زیر طبع ہیں قیمت فی جلد تین روپیہ (۳ر) +

اگر آپ کو تازہ ترین مشرح و غیر مشرح عمدہ قانونی کتاب کی ضرورت ہو تو مطبع روز بازار (جنرل آرڈر لائبریری) امرتسر سے طلب فرمائیے۔ مفصل فہرست آدھ کا ٹکٹ آنے پر بلا رسال خدمت کیجا سکتی ہے

المشتہر

منشی فاضل شیخ غلام محمد سپرنٹنڈنٹ مطبع و جنرل آرڈر لائبریری ایجنسی۔ و مالک اخبار وکیل امرتسر

(پنجاب)

استمہار صادق الاقرار ناظرین

اخبار کا رخانہ عرصہ دراز سے کانپور چوک میں جاری ہے جسمین نہایت ایمانداری سے مال بیرونجات کو بھیجا جاتا ہے۔ صدہا سارٹیفکٹ اعزاز ملے کی صفائی پر مرحمت کیے ہین جو صاحبان جاری معاملہ کی آزمائش کرنا چاہین کوئی اوسنے فرمائش بھیجکر دیکھ لین کارخانہ ہذا سے مال بصیغہ ویلیو پی ایبل یا نقد قیمت آنے پر بھیجا جاتا ہے اور مال حسب مرضی خریدار روانہ کیا جاتا ہے تاہم ناپسند ہونے پر اگر صرف مین نہ آیا ہو اور خود اپنے ہی خریدار اصلاح دین تو بدل دیا جاتا ہے۔ کل خط کتابت مشتہر کے نام کیجائے جواب کیلئے جوابی کارڈ یا اوہ آنہ کا ٹکٹ آنا چاہیے

سب سے سستی جیبی ولایتی گھڑی عمدہ

یہ گھڑی جنیوا ہے بہت مضبوط سکنڈ کی سوئی شامل ہے وقت نہایت صحیح دیتی ہے ہندوستان کے سول سرجن ریل وڈاک کے ملازمان فوجی عہدی کے سب سیاح نے اپنے ہین مع ایک گھڑی اور کیس کے قیمت صرف

سنہری ڈبل کیس منقش ولایتی گھڑی

یہ گھڑی ڈبل کیس ہے دونون ڈھکنون پر سنہرا کام بنا ہوا ہے پرزہ فی مضبوطی خوشنمائی قابل دیکھنے کے ایسے خوشنما ہین کہ اگر بیس روپیہ کی بھی جائین تو ہندوستان مین نہین بن سکتی قیمت صرف

زین سواری کامع سب سامان کے

کمپلیٹ عمدہ ومضبوط جسکی عمدگی وخوشنمائی قابل دید ہے باگ پھولدار ڈبل بکسوے کی وتنگ اونی اور رکاب چروان ہے سلائی اسکی نہایت پائدار ہے قیمت نمبر ۱ روپیہ نمبر ۲ روپیہ

ایضاً مع سامان مندرجہ بالا قیمت نمبر ۳ روپیہ

ایضاً مع جملہ سامان نمبر ۴ روپیہ

ریلوی فشن کی جیبی ولایتی جنیوا

کم خرچ بالا نشین کی مثل اگر صادق آتی ہے تو اس گھڑی پر کہ علاوہ بالائی خوشنمائی کے اسکے اندرونی پرزے نہایت پائدار رکھے گئے ہین قدر موٹا گھنگھرو بھر جاتی ہے تاہم پائدار کارنٹی ۱ سال قیمت صرف

کلائی پر باندھنے کی جیبی گھڑی

یہ گھڑی اون اشخاص کے زیادہ مفید مطلب ہے جنکو ہر وقت ضروری اور جلدی کا کام رہتا ہو وہ اسکو کلائی پر باندھتے ہین یہ ہر گھڑی گھڑی پیش نظر رہے قیمت صرف

زین واسطے اطفال چکردار

وچوکیدار سامان کے زین خاص بچون کی سوار کیلئے مع جملہ سامان کمپلیٹ پائدار سلائی دار جسکا شنگ دونی قضے بلدار ہے قیمت نمبر ۱

ایضاً مع جملہ سامان قیمت نمبر ۲

ایضاً مع جملہ سامان نہایت مضبوط نمبر ۳

زین بلا چکر واسطے ہوشیار اطفال کے مع جملہ سامان نہایت مضبوط نمبر ۱ ایضاً مع سامان نمبر ۲ قیمت نمبر ۳

خالص چاندی کی جیبی گھڑی جنیوا

یہ گھڑی نہایت خوشنما مضبوط حال بڑے زور شور کی لیور کا پرزہ بڑے جھٹکے سے گھومتا ہے اسکو سول ومیلٹری افسران نے پسند کیا ہے گارنٹی ۵ سال قیمت

گول ٹائم پیس نہایت مضبوط

ٹائم پیس مثل گرجا کلاک کے ہر گھنٹہ اور آدھا گھنٹہ بجاتی ہے وقت نہایت ٹھیک دیتی ہے اسمین اور کلاک مین صرف اتنا فرق ہے کہ یہ گول ہے اور کلاک گرجا تا اور نیز چابی کی جگہ اور کلاک ۸ روزہ

ساز فٹ وارنش ولایتی

دیا دامی پرزہ دمن سلور قلعی نقرئی نہایت ہی خوشنما اور مضبوط وارنش عمدہ پرزے جلادار سلائی پائدار قیمت نمبر ۱

نمبر ۲ قیمت نمبر ۳

ایضاً سادہ چمڑا پرزہ برنجی قلعی نقرئی نہایت عمدہ اور خوشنما ساخت نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳

ایضاً باوامی چمڑا اور سلور نہایت مضبوط پرزہ مثل نمبر ۱ نمبر ۲

گرجا کلاک

یہ کلاک ۸ روزہ چابی کا ہے گھنٹہ کے ۱۲ الارم بھی بجاتی ہے یہ پرانی وضع کا کلاک ہے مگر ہمون کیونکہ جو مستقل عالم نمبر ۱ ایضاً پندرہ روزہ کو کلاک

آفس کلاک

اس کلاک کے پرزے نہایت پائدار وقت درست دیتی ہے کنجی آٹھ دن کے بعد بجاتی ہے بڑے بڑے افسرون کے کانون میں ڈال اور عدالت دفتر مین برابر لگایا جاتا ہے کارنٹی برس

سازجوڑی وارنش ولایتی

پرزہ جرمن سلور قلعی نقرئی عمدہ وارنش خاص نہایت مضبوط سلائی پائدار چمڑا آبدار اور ایسا عمدہ کہ نہ کبھی بدنگ ہوتا ہے نہ پچکتا ہے اسکی مکسو کی چمک دمک اور صفائی پر نگاہ نہین ٹھہرتی ہے قیمت اڑتان نمبر ۱ نمبر ۲

نمبر ۳ ایضاً پرزہ برنجی چمڑا سیاہ یا دامی نہایت عمدہ اور مضبوط چمڑا آبدار سلائی پائدار نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳

دیوان طاہر

ای شعر وشاعری کے مذاق رکھنے والے شائقو افسوس کیا آپنے ابتک دیوان طاہر نہین دیکھا جسکے معائنہ کرنے کی خواہش ایک مدت سے چین دلون مین چٹکیان لے رہی تھی واقعی اس نامی گرامی سیتاپور شاعر نے دیوان نہین لکھا ہی بلکہ اپنی اس علم وکمال اور رنگینی طبیعت کا اظہار کیا ہے جو قدرتی طور پر اسکو حاصل ہوا تھا درحقیقت اس میں ہزارہا ایسی غزلین نہین کسی ہین بلکہ مسیحا کی سرمایہ ناز آفرین غنچہ ہے۔ حرمخانہ نظم ونثر جو فانی کے دلدادہ عشاق کی ضرورت تحمل وفاداری کی بھی تصویرین کھینچکر زمانہ کی رو روبرو میں کردی ہین پس آپ بھی بازار ہاتھ میں لیکر دیکھیے جو فی کمال ۸ ستیاب ہے مصنف کا نذر ۳۰ سے ۱۰ تک

CHAMBERLAINS GOUGH REMEDY.

چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی

(جو امریکہ کی بنائی ہوئی ہے)

یہ دوائی ہر قسم کی کھانسی - زکام - انفلوئینزا - نزلہ - سیل - دمہ کی کھانسی - کالی کھانسی کے لئے اکسیر ہے اور ہر وقت کی تھوڑی سی خوراک بالکل فوراً فائدہ کرتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ کھانسی اور گلے اور سینہ کے امراض کا علاج اس سے بہتر کہیں نہیں ملتا۔

ہندوستان میں بھی اس دوائی سے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اگر آپ کھانسی میں مبتلا ہیں تو کسی اور دوائی سے پہلے اسی کو آزمائیے۔ کھانسی بڑی خوفناک بیماری ہے۔ اگر آپ نے تھوڑی سی بے توجہی کی تو اس سے پھیپھڑے اور حلق کی خطرناک پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے ہے۔ اور درخواست باجارت ویلیو پے ایبل بالقیمت بھیجئے۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے۔

CHAMBERLAINS PAIN BALM

چیمبرلین صاحب کی دوائی دافع درد

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ دوائی تمام دنیا میں ہر قسم کی درد کو فوراً دفع کرنے کے لئے مشہور ہے۔ صدمہ ہر قسم کے کٹنے کٹنے - زخم - پرانے زخم - سڑے ہوئے زخم اور درد کے لئے مفید ہے۔ خراب قسم کے دانے۔ پھنسیاں۔ پھوڑے ہوئے مقامات بھی اس عجیب طبیب دوائی کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ سر درد - کمر درد - ہر قسم کے درد کے لئے بھی بہت نافع ہے۔ ہر قسم کے درد - پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض تمام جسم میں ہر درد کو دوائی ہے۔

دنیا میں کس قدر درد اور دکھ ہر جگہ ہو رہے ہیں کہ ہر ایک کم از کم ان کو ہلکا کرنے کے لئے بہت کچھ روپیہ خرچ کرنے کو تیار ہیں۔ یہ چیمبرلین صاحب کی دوائی درد کا بھی یہ دعوے ہے کہ اس کو آزمائیے تو ضرور صدہا قسم کی دردوں کو گھر سے اٹھا کر پھینک دیگا۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ بڑی بوتل کی دو روپے اور درخواست باجارت ویلیو پے ایبل بالقیمت بھیجئے۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے۔

CHAMBERLAINS COLIC. CHOLERA & DIARRHOEA REMEDY.

چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

یہ اپنی قسم کی سب سے عجیب اور سریع الاثر دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال میں پسند کی جاتی ہے۔ جو تمام دوائیوں کو فوراً رد کر دیتی ہے۔ قولنج - ہیضہ - پیچش - ڈیجنٹری - بچوں کا ہیضہ اور انتڑیوں کی سب خرابی ہمیشہ اس دوائی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

ہیضہ ایسے سخت مرض کا علاج بہت کم ہے لیکن چیمبرلین صاحب کے قولنج - ہیضہ اور پیچش کی دوائی نے ثابت کر دیا ہے کہ آئندہ ہیضہ کے مریضوں کو بہت کم اذیت ہو گی ہے۔ علاوہ اس کے درد قولنج اور پیچش والے بھی کیوں بے فائدہ تکلیف اٹھاتے ہیں۔ فوراً اس دوائی کا استعمال کر کے آزما لیں۔

قیمت چھوٹی بوتل کی ایک روپیہ۔ بڑی بوتل کی دو روپے

اور درخواست باجارت ویلیو پے ایبل بالقیمت بھیجئے پر

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

سے مل سکتی ہے۔

اشتہار عطر و تیل

کارخانہ عبدالعلیم خان و عبدالحکیم خان

مقام فتوح ضلع فتح گڑھ

یہ کارخانہ عرصے سے جاری ہے اور سب جانتے ہیں ہندوستان میں یہ فتوح عطر کی کان ہے۔ عطر گلاب خاص۔ شمامہ۔ موتیا۔ شہنائی۔ خسہ۔ مگر اعروس۔ شمامۃ العنبر مجموعہ وغیرہ پانچ روپے سے ۱۵ آنہ تولہ تک ہیں۔ مگر عطر گلاب ۱۵ سے ۱ تولہ تک ہے۔ عطر نارنگی - موتیا - چمپا - زعفران - پانڈی کیوڑہ - ہار تولے سے ۱ تولہ تک ہے۔ عطر گلاب ۱ سے ۱ تولہ تک ہے۔ عطر جمیلی ۱ سے ۱ تولہ تک ہے۔

روح گلاب ۱ - ساٹھ روپے فی تولہ - روح خس فی تولہ ۱ روپیہ - روح پانڈی ۱ سے ۱ تولہ ہے۔

روغن بادام - چمبیلی - بیلہ - موتیا - چنبیلی - کیوڑہ - خمیرہ بنفشہ - روغن خاد کیوڑہ - روغن بادام - روغن زرد - روغن بنفشہ - روغن بید مشک - روغن بید مشک - روغن بید مشک

ممالک غیر

— ہانگ کانگ کے تمام جنگی جہازوں کو بحری سفر کے لئے تیار رہنے کا حکم ہوا ہے۔

— پیکن سے رپوٹر نے اطلاع دی ہے کہ تالیوان کے ضلع میں کرسٹانی مذہب کے تجارت پیشہ اقوام میں اتفاق ہو رہا ہے کہ روس پنجوں پر قبضہ کرنے سے پہلے اپنی طاقت کو بنگی کر رہا ہے۔

— گورنمنٹ امریکہ نے چین کو اطلاع دی ہے کہ اس کی مالی خانہ کشی حالت ناقابل برداشت حد تک پہنچ گئی ہے اس لئے اس جزیرے سے مزید مالی نفت مناسب نہیں ہے۔

— امریکہ باوجود اس نوٹ کے جنگی تیاریاں کر رہا ہے۔

— مسٹر ہیگنسٹرن کے معالجوں نے ان کا معائنہ کیا ہے تو ان کو نمونیا ظاہر کیا ہے۔ مسٹر ہیگنسٹون نے یہ خبر خوشی سے سنی۔

— چین نے روس کو بندرگاہ آرتھر اور تالیوان کا اجارہ دو سال کے واسطے دیا ہے۔ اور تالیوان سے پورٹ آرتھر تک ریلوے تعمیر کرنے کا بھی حق دیا ہے۔

— پریسیڈنٹ امریکہ کی بابت متعلق اپنی گورنمنٹ کی پالیسی پر مصر ہے اور صلح یا جنگ کا مدار سپین کے انداز پر منحصر ہے۔

— افسوس ہے جدہ میں طاعون کے ۳ کیس ہوئے۔

— بورڈ حفظان صحت قسطنطنیہ نے فیصلہ کیا کہ ہندکا کوئی حاجی مکہ معظمہ میں داخل نہ ہونے پائے۔

— مسٹر ہیرنگٹن انگلستان کی طرف سے سفارت ہسپانیہ گئے

نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی

حضرات! ہم نہ خوشامدی ہیں نہ لفاظی عبارت آرائی۔ الناس صرف اس قدر ہی کہا کہ آپ جیسے خوبصورت چہرہ کی نسبت یہ پشت ہمارے خاندان میں کبھی نہیں ہوا۔ ہی کا تجربہ ہر فرد و تمام نقائص جوانی کی غلط کاریوں کو دور کرکے دوبارہ لطف شباب دکھلاتی ہیں اگر یہ گولیاں اپنا اثر نہ کریں تو ہم بیک نوٹ قیمت واپس کر دینگے مگر شرط یہ ہے کہ فرمائش کے ہمراہ آپ اس قدر تحریر فرما دیں آیا آپکی طبیعت کو مزاج گرم ہے یا سرد۔ پھر تو ہم اپنے عہد کے ذمہ دار ہونگے۔ ایک نصف روپیہ زائد دیں کیونکہ بجز بہت سے زیادت شہادت ہی قیمت فی بکس ۴ عدد علاوہ محصول ڈاک

المشتہر محمد اکبر۔ سوہا بازار۔ کوچہ ٹوپیاں۔ لاہور

— انگلستان کے مشہور زاہد لیڈ مسٹر جیمس ہین ارسکاہا مدت سے عالم بقا کو رحلت کر گئے۔

— انگلستان میں ۳۰ فی صدی قرضہ چین کے واسطے درخواستیں گزری ہیں۔

— گورنر ہسالیسبری کی صحت کسی قدر اچھی ہے۔ تاہم ان کو کام سے بکسر دوشی حاصل کرنی پڑیگی۔

— آسٹریا اپنی سپاہ کریٹ سے واپس طلب کر رہا ہے۔

— دریائے اجز اسے ایل دو مصری سواروں اور دو ترکی سپاہیوں بدست بدست لڑائی ہوئی دو ترکی پس پا ہوئے۔

— پورٹ آرتھر اور تالیوان پر روسی پھر یلغار ہے چینی فوجیں دو مقامات سے نکل گئی ہے۔

Chamberlain's Cough Remedy

چیمبرلینس کف ریمیڈی

(چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی۔ امریکہ میں بنائی ہوئی) ہر قسم کی کھانسی۔ زکام۔ نزلہ۔ بچوں کی کھانسی کالی کھانسی۔ گلا بیٹھ جانا۔ گلا کھرا ہٹ اور ہر وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل رفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ایک مرتبہ اس کو آزمائیے اور صحت پائیے۔

قیمت ۱۔ چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے۔

تمام انگریزی دوائی فروش فروخت کرتے ہیں۔

اہل پنجاب کو مفت تعلیم انڈسن ٹائپ رائٹنگ سکول بمقابل ٹاؤن ہال اور ٹائپ رائٹر میں سہولیت دیتا ہے۔ سوداگر اور بیات انگریزی ہال بازار سے ممکن ہے

اہل اسلام کو مالی امداد

مسلمانوں کی مالی حالت ابتر اور یہ بات دیکھ کر کہ شادی کے موقعوں پر مسلمان اکثر سخت قرض میں غرق ہو جاتے ہیں بار خاطر ہوتے ہیں محض ان کی مالی امداد کی غرض سے یہ انجمن خیر اندیش ہوسومہ شادی فنڈ لاہور۔ سیلف ہیلپ کے اصول پر قائم کی گئی ہے۔ جو صرف تین (۳) روپے پیشگی اور مختلف طور پر کل پچیس (۲۵ عدد) روپے ادا کرنے اور سالانہ چندہ ڈیڑھ روپیہ دینے پر تاریخ داخلہ سے دو سال کے بعد ہر ممبر انجمن زیادہ سے زیادہ ایک ہزار روپے تک شادی کے موقع پر مدد پانے کا مستحق ہو جاتا ہے چنانچہ اس انجمن کی امداد ماہ جون ۱۹۰۸ء میں شروع ہونیوالی ہے مفصل حالات مطبوعہ قواعد انجمن منگا کر دیکھئے جو بہت آسان ہیں۔ دیگر انجمنوں کی طرح مجمل نہیں۔

المشتہر کارکنان انجمن خیر اندیش۔ لاہور



شیخ حبیب اللہ اینڈ سنز سوداگر انارکلی لاہور سے

ہر ایک قسم کے بوٹ شوز کرگابی چپلی سلیپر وغیرہ طلب فرمائیں۔ قیمت رعایتی۔

ضرورت ہے ایک لائق تجربہ کار سب اوورسیر کی جو تعمیر کے کام میں خاص مہارت رکھتا ہو۔ تنخواہ تعداد ۵۰ روپیہ ماہوار تک ملاقات۔ روبرو بتاریخ ۱۰ اپریل ۱۹۰۸ء بوقت ۱۰ بجے صبح صرف بمقام چیلیانوالہ

اب اس سستی گھڑیاں اور کیا ہوگی؟

میرے اس حال میں تین نمبر کی گھڑیاں آئی ہیں جو قیمت کی نہایت صحیح ہیں اور قیمت میں بالکل کم ہیں۔ کم قیمت بالا قسم گھڑیوں ہیں تو نہ ہیں۔ یہ گھڑیاں کم درجہ فروزان وغیرہ کو انعام میں دینے کے لئے نہایت ہی اچھی چیز ہے اور ان کے واسطے کمی عرصہ ہیں جو کہ وقت کی پابندی کرنا چاہتے ہیں۔ ضرور اور جلدی منگا لیجئے۔ دوسرا نہ پھر تعاقبی مشکل ہوں گی

کلائی پر باندھنے کی گھڑی

یہ گھڑی چھوٹے سائز کی جرمل لیڈی واچ کے ہے۔ یہ گھڑی سفید ہوتی ہے جو۔ اس کی پشت کے ڈھکنے پر نقش لگا کیا ہوا ہی اس گھڑی میں ۲۰ گھنٹے کے بعد چابی دینی ہوتی ہے۔ گھڑی مضبوط اور خوبصورت بھی ہے۔ نام کی بھی سچی ہے۔ گارنٹی بھی دو سال کی ہے قیمت فی عدد ۱۲

بتیس گھنٹے کی کوک کی بنگال واچ

یہ گھڑی رنگین ڈائل کی ہے۔ کل پرزوں کی نہایت مضبوط ہے خوبصورت بھی ہے اور نام کی بھی اچھی ہے۔ گارنٹی بھی دو سال کی ہمراہ ہے۔ قیمت کی بھی سستی ہے یعنی ۱۲ روپے فی عدد

تیس گھنٹے کی کوک کی پنجاب واچ

اس گھڑی کا ڈائل سفید ہے۔ چال اور مضبوطی میں اعلیٰ درجہ کی ہے۔ گھنٹوں میں بھی خوبصورت ہے۔ گارنٹی دو سال۔ قیمت فی عدد ۱۲ روپے

اخبار دارالحکومت کلکتہ

یہ اخبار جنوری ۱۹۰۸ء سے آٹھویں روز ہر جمعہ کو نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہونا شروع ہو گیا ہے۔ ایک پیسہ خرچ کر کے منگانے کا پتہ نگار حلقہ کیجئے۔ اگر پسند ہو تو خریداری کے واسطے ۱۲ پیسے خرچ کر ڈالئے ورنہ خاموشی اختیار کیجئے۔ قیمت سالانہ عام خریداروں سے معاصل محصول ڈاک قیمت ہو قیمت درخواست کے ساتھ ارسال نہیں بعد ۱۵ دن کے وصول کرنی جائیگی جب تک درخواست خریداری کی نہ آئیگی دوسرا پرچہ نہیں بھیجا جاویگا۔ تین نمبر کی گھڑیاں جو اوپر لکھی گئی ہیں ان میں سے ایک نمبر کی ۱ گھڑیاں بکمیت منگانے سے ایک سال تک اخبار دارالحکومت مفت ملیگا۔ تمام دنیا میں بے نظیر قرآن شریف جو ایک ورق میں پورا کیا گیا ہے سورہ قرآن شریف کا ہدیہ مع محصول ڈاک ۱ عدد مجموعہ کبیر اعظم جو بہت مرضوں کے لئے مفید ہے قیمت فی ڈبیہ عدد ۱ بال بڑھانیکے لئے تیل کی شیشی عدد ۱ بال اگانے کا تیل دو شیشی کی قیمت عدد ۱ دل کا نقش فی عدد ۱ کھڑی کی کامل حفاظتی مدد ۱ ڈاکٹری چشمہ رنگین تاروں کا فی عدد ۱ ترکی ٹاک حوا پنی برقی قوت کو چڑیوں اور لڑکوں کو ہلاک بیماری سے بچاتا ہے قیمت فی عدد ۱ گلاب کے پھول کے عطر زبردست تین بوتل کا سٹ ۱ عدد ۱ کا مدار سفید ہو۔ کاہے قیمت فی عدد ۱ چادر جس کا پھیلاؤ عدد ۱ ہے۔ ایضاً ایک بچھونا عدد ۱ ایک صفحہ کا اشتہار مفت دیا جاویگا۔ مالک اخبار دارالحکومت کلکتہ۔ کوٹر۔ محمد خان۔

جنوبی مالابار پر دفعہ ۱۲۴ تعزیرات ہند عدالت سشن کا کیس ہے ۲ سال قید سخت اور ۲ سو روپے جرمانہ کی سزا ملی۔

مسٹر گفرسن جج ہائیکورٹ کلکتہ یکم اپریل سے اپنے عہدے سے کنارہ کش ہونے والے تھے۔

گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ یکم اپریل سے قیمت مطلب پارسلوں کا رجسٹری کرانا لازم نہیں ہے۔

راولپنڈی کے مویشی خانہ اور دودھ دینے کے کارخانہ کے مویشیوں میں منہ اور خسم کی وبا پھیل گئی ہے۔

بجنور کے دس دیہات میں طاعون کی موجودگی کا شبہ ہونے سے ایک ہسپتال اسسٹنٹ اور ایک نرس مقرر کی گئی ہے۔

میر صاحب کابل کے گنجینہ سر سالٹر پائن ۹ اپریل کو بمبئی سے ٹرسیلز کو روانہ ہوں گے۔ انہوں نے براہ امریکہ واپس جانے کا ارادہ تبدیل کر دیا ہے۔

بمبئی کے ۲۴۶ گرفتار شدہ مفسدوں کو سزائیں ہو چکی ہیں۔ اور ۳۲ زیر تجویز ہیں۔

گذشتہ ہفتہ بمبئی میں ۲۴۹۸ اموات درج رجسٹر ہوئیں منجملہ جن کے ۱۲۵۹ دیہات سے ہوئے۔

ایک یورپین ملازم میسرز کاکرین طاعون سے فوت ہوا۔ اور ایک نفیر جو بمبئی سے آیا تھا۔ اور کیماری میں ضروری قرنطینہ تھا۔ طاعون میں مبتلا ہوا۔

میونسپلٹی بمبئی نے فیصلہ کیا ہے کہ اہل شہر کی بہبودی اور مالی فوائد کے خیال سے کیٹی طاعون کے منتظمانہ اختیارات میونسپلٹی کے سپرد کئے جائیں۔ سالمہ پلیگ کمشنر میونسپل کمشنروں کو مدد دے۔

کرنل کریہ ڈیپٹی سرجن جنرل پونہ کو روانگی عدن کے وقت بمبئی شہر میں عظیم الشان دعوت دی گئی۔ جس میں قریباً ۵ ہزار آدمی شامل تھے۔

ایسکیری بنگلور ریلوے کے بقیہ حصے کی پیمائش کے واسطے ۳۰ ہزار روپیہ منظور ہوا ہے۔ جس میں سے ۳ ہزار سال میں صرف ہوگا۔

جمیز بن جو پلیگ کمیٹی بمبئی میں کام کرتا تھا۔ اور چند پولیسیوں کو ایک گھڑی اور کپڑا چوری کرنے کے جرم میں دو دو ماہ قید کی سزا ہوئی۔

بمبئی میں تیلیوں کا اس قدر قحط ہے کہ تین روپے یومیہ پر بھی مشکل سے میسر آتے ہیں۔

مہاراجہ صاحب بلرام پور نے یورپین ہسپتال لکھنؤ کے واسطے ۱۵ ہزار روپے بھیجنے فرمائے ہیں۔

راجہ درگا پرساد جاگیردار حیدرآباد کی نصف آمدنی ان کے متوفی ہوں کو تقسیم ہونے کا ایما ہوا ہے۔

ریاست حیدرآباد سے اور ایک نوجوان ہندو اعلیٰ تعلیم کے لئے ولایت بھیجے گئے ہیں۔

گورنمنٹ نظام نے ملازمان ریاست کی ہڑتال بمبئی کے خبر کرنے کی جو ممانعت کی تھی اس کا اپیل ہوم لارڈ صاحب کے حکم سے منسوخ کر دیا گیا ہے۔

بمبئی میں ۱۰ مارچ کو ۲۴ گھنٹے میں ۱۰۰ اموات طاعون کی ہوئیں۔

ریاست جموں و کشمیر اور پونچھ کے مابین جہاں سرحدی نشان لگائے گئے ہیں عنقریب ستون تعمیر کئے جائیں گے۔

تحصیلداران و نائب تحصیلداران اور بندوبست کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹوں اور اسسٹنٹ تحصیلداری کا امتحان ۱۸ اپریل ۱۹۱۸ء کو لاہور میں ہوگا۔

سمہ کو طاعون سے بچانے کے واسطے کالکا اور پوکیچ میں میڈیکل معائنہ ہوا کریگا۔ اور دھرمسالہ وغیرہ مقامات چوکیاں قائم کی جائینگی۔

پولیس کو ابھی سرحدی شورش کی مشقتوں سے فاقہ نہیں ہوا تھا کہ ضلاع ہوشیارپور اور جالندھر میں طاعون کی سخت ڈیوٹی اسپر عائد کی گئی ہے۔

فلاح حیدر خاں کی لاش ۲۱ مارچ کو جلال آباد سے کابل کو بھیجی گئی بہت لوگ جنازے کے ہمراہ تھے۔

سرحدی قرقوں سے قریباً اپنے ہر سالہ دادا کر دہی ہیں۔ اس لئے سرحدی افواج منتشر ہونی شروع ہو گئی ہیں۔

سرحدی سرغنہ ولی محمد اور جوا میں خاں اب تک خانہ جنگ کے مقام گردی میں ہیں۔

گورنمنٹ نے آفریدیوں اور اورکزئیوں کے فرقہ ملک دین کو فوج میں بھرتی کرنا منظور کر لیا ہے۔

شیر کوٹ مضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ ضلع جہلم میں طاعونی قسم کی ایک بیماری کے پھیلنے سے تشویش پھیل گئی ہے ۱۶ مبتلا شدہ میں سے ۱۰ اس وقت تک مر چکے ہیں۔

۱۵ مارچ کو چترال میں زلزلہ سے پرانا ٹیل ٹوٹ گیا۔

ایک چترالی سردار فتح علیشاہ نے ۱۲ مارچ کو انتقال کیا۔

۲۱ مارچ کو وزیریوں نے کیمپ کے باہر گھاس کے انباروں کو آگ لگا دی۔ اور جو سپاہی فرو کرنے کے لئے گئے انہوں پر گولیاں برسائیں۔

ہز آنر لفٹننٹ گورنر نے ۲۰ مارچ کو کوہاٹ میں دربار منعقد فرمایا۔ جس میں سرحدی قرقوں کے سرکردہ لوگوں کو خلاع اور انعام و اکرام تقسیم کئے۔

رائے سیتا رام کاٹن مل لاہور کے واسطے ۳ ہزار ٹن کوئلہ ولایت سے منگائے گئے ہیں۔ جنپر ۱۱ لاکھ روپے سے کم خرچ نہیں ہوگا۔

راجہ صاحب کپورتھلہ نے جوبلی ہندو ٹکنیکل انسٹیٹیوٹ کی امداد کے واسطے ۵ ہزار روپے چندہ دیا ہے۔

مسٹر ڈبلیو ایچ کوبلی منیجر نارتھ ویسٹرن ریلوے ۲ فروری کو سروس سے علیحدہ ہوئے۔

منشی ہربنس رائے کے رہا ہونے پر انبالہ گزٹ پھر جاری ہوا ہے۔

شہر جالندھر کے محلہ کریم خاں میں چوروں۔ قمار بازوں اور دیگر بدمعاشوں نے آفت مچا رکھی ہے۔ کاش پولیس اُن کی طرف متوجہ ہو۔

سکول شاہدرہ ضلع لاہور کے جو ۷ اسپیشل امتحان مڈل سکول میں شریک ہوئے تھے سب کے سب پاس ہوئے۔

سر ولیم لاکہارٹ ۹ اپریل کو ولایت جاتے ہوئے جنرل انکلن کو بھی ساتھ لے جائیں گے۔

ٹھیکہ داران پشاور نے مشہور کر رکھا تھا کہ کوہی اور کبر خیل ابھی سرکش ہیں۔ اور آخری دم تک لڑتے رہینگے مگر یہ خبر قابل اعتبار نہیں ہے۔

ہز ہائینس راجہ صاحب کپورتھلہ سردار رتاب سنگھ فاتی سٹاف کے ساتھ جمعہ کی شام کو گوالیار روانہ ہوئے گوالیار میں معزز مہمان کے خوش کرنے کے لئے شیر کا شکار بھی کیا جائیگا۔

دہلی کے تجارتی حلقہ ساہوکاروں کے متواتر دیوالے نکل جانے سے سخت بےچینی پھیلی ہوئی ہے۔ چند روز ہوئے کہ یہاں کی ایک بڑی تجارتی کوٹھی کا دیوالہ نکل گیا تھا۔ کھلکھ کے ایک مشہور کارخانے سے متعلق تھا۔ اب لاہور کا ناتھ تو نچانہ والے کا بھی دیوالہ نکل گیا ہے۔ سوداگر ناکامی سے ساہوکار اس درجہ خوف ہو گئے ہیں کہ روپیہ زیادہ دیتے نہیں دیتے۔ اور کام کا معمولی نقد روپے سے چلائے جاتے ہیں

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— صاحب مجسٹریٹ علی پور نے اُن دو مسلمانوں کو جو اس لئے اس لئے کی بے حرمتی کی تھی ایک ایک ماہ قید سخت کی سزا دی۔

— لارڈ ولیم ہیرسفورڈ ڈائرکٹر ایسٹ انڈیا بیمار ہو گئے۔

— منشی محمد نواز خان تحصیلدار مقام ڈیرہ غازیخان بندوبست سلطانپور کے ڈیپارٹمنٹ سے ۲۰ ماہ کی رخصت حاصل کی۔

— صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ رنگون کی عدالت میں ایک مقدمہ دائر ہے جس میں ایک ۹ سالہ لڑکی بارضامندی والدین ایک کرسچن گارڈینر شپ کے ایک ملازم کے ساتھ بیاہی گئی ہے۔ لڑکی نے خود اس ظلم کی پولیس کو اطلاع دی۔

— گورکھپور کے مشہور بقدر سنہ زہر خورانی میں کریم خان کی بیوی مرگئی ہے اپنے خاوند کو زہر سے ہلاک کرنے کے جرم میں فوجداری سشن کورٹ مجسٹریٹ جونپور کے اجلاس سے بری ہوا۔ شہادت استغاثہ بالکل لچر تھی اور نسبت جرم ثابت نہ کر سکی۔

— لیڈی ڈفرن فنڈ کا سالانہ جلسہ ۲۲ مارچ کو ٹاؤن ہال کلکتہ میں ہوا۔ حضور وائسرائے اس کے صدر نشین تھے۔

— لفٹننٹ آر بی۔ ہکولس افسر حفظان صحت کانپور طاعون کے متعلق ہر دوار میں ڈیوٹی پر لگائے گئے ہیں۔

— سندھ میں کے ضلع کو داوری میں کپاس کی اور جنوبی کرناٹ میں اسلک باران سے فصل نیشکر کو نقصان پہنچا۔ بقیہ صوبجات میں اس کی حالت اچھی ہے۔

— شروع ۱۹۰۰ء میں گیہوں کا جو ذخیرہ بمبئی سے ممالک غیر کو بھیجا گیا تھا۔ وہ اب نیپلز اور لیورپول سے روانہ ہوا ہے۔

— ۲۴ مارچ کو سر سالٹر بائن نے حضور وائسرائے سے ملاقات کی۔ گورنمنٹ بمبئی نے حکم دیا ہے کہ آئندہ صرف وہی مکان خالی کرائے جائیں جن میں طاعونی کیس واقع ہوں۔

— سٹینڈنگ کمیٹی طاعون نے فیصلہ کیا ہے کہ کارپوریشن بمبئی سے اور ایک لاکھ روپیہ لیا جائے۔

— ڈاکٹر کرٹن ہیوبرین پلیگ وارڈ بمبئی میں طاعون سے چل بسا۔

— پروفیسر اسٹک کے طاعونی ٹیکے کے تجربے میں ناکامی ہوئی ۲۴-۲۰ اشخاص میں سے جن کو ٹیکہ کیا گیا تھا ۱۶ اچل بسے اس کا خلاف کا جو بہتر بیان کیا جاتا ہے۔ تجربہ کیا جائیگا۔

— لارڈ لگن کی جگہ لارڈ بالفور رئیس لیسے کے گورنر جنرل ہند ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔

— ڈائمنڈ جوبلی کی یادگار میں جو دھرم صبا حیدرآباد میں قائم کی گئی ہے ۲۰ مارچ کو مسٹر پلڈون پریذیڈنٹ حیدرآباد نے اس کی رسم افتتاح ادا کی۔

— کرنل رابرٹسن برنٹن ریزیڈنٹ میسور نے حسب ایما گورنمنٹ ہند اعلان دیا ہے کہ میسور میں کونسل تعلقہ قائم کی جائیگی۔ اور مسٹر عبدالرحمن سوم ریذیڈنٹ علیحدہ ہو گئے۔ کونسل کی میعاد ابھی قائم نہیں ہوئی۔

— کمیٹی کونسل کے ۲۰ تاریخ کے اجلاس میں مالی کیفیتوں پر بحث ہوئی۔

— ہز ایکسی نواب بیگم صاحبہ مرشد آباد نے ۵ سال کے واسطے سالانہ ۱۰۰ روپیہ بطور تنخواہ کے کونٹس لگن کے نام سے خلائی تعطیل منظور کیا ہے۔

— کمیٹی کونسل حیدرآباد کے رہنے والے دو ممبر مقامی نواب سید محمد غلام جہاد اور حافظ لطیف اللہ منتخب ہوئے۔

— سر سید احمد خاں صاحب ۲۷ مارچ کو علیگڈھ میں ہی ملک بقا ہوئے جس کو تمام ہندوستان بالخصوص مسلمان ہندوستان اور اینگلو محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا اندوہ تو ہے جاں گسل کی بابت جو مقدمہ خیانت ۱۱ سال سے گرم تھا فیصلہ ہو کر ختم ہوا تھا۔ اس میں ۲۰ ہزار روپیہ مدعی کو دے کر مصالحت کی گئی ہے۔

— فیلڈ ٹوپخانہ نمبر ۱ کو لکھنؤ سے نوشہرہ میں آباد ہونا لکھا ہوا ہے۔

— شکوہ آباد (مضلع بہرائچ) میں ایک مشہور ڈاکو بیرہ نام کی پولیس سے مڈبھیڑ ہوئی۔ اس معرکے میں یہ ڈاکو مذکور کام آیا۔

— الہ آباد کی ایسوسی ایشن وکلا نے سر جان ایج چیف جسٹس اینکوٹ کو الیکٹرک پنکھا بنگلہ میں لگوانے کی دعوت پارٹی دی۔

— مسٹر ہیوسپ ایڈیٹر اخبار سیل سراج صاحب کو پین اور پریس آرگنائزیشن سوسائٹی مدراس کے ممبر منتخب ہوئے۔

— لفٹننٹ کرنل الف۔ ایچ پوٹن متعلقہ دوم پلٹن نمبر ۱ لائٹ انفنٹری کو جو دورہ حیدر میں مجروح ہوا تھا۔ اور لفٹننٹ ڈبلیو کاسٹیلو ویٹرینری سرجن بنگال انفنٹری کو دو دفعہ مجروح ہونے کے صلے میں علی الترتیب ۶-۱۰ اور ۹ ماہ کی تنخواہ انعام دینی۔

— میرٹھ میں آتشزدگی سے ۵ گھر جل کر خاک سیاہ ہو گئے جس سے کئی ہزار مسافرین بے خانماں ہو گئے۔

— کپتان جی۔ ڈاکر جو جیکب آباد میں بیمار تھے ۲۳ مارچ کو ۹ بجے شام کے راہی ملک بقا ہوئے۔

— ہز آنریبل لفٹننٹ گورنر شمال و مغربی صوبجات ۲۱ مارچ کو لکھنؤ سے میرٹھ کو روانہ ہوئے۔

— ۲۷ فیلڈ بیٹری کا ایک توپ خانہ سٹیشن نصیر آباد چھاؤنی میں مبتلا ہونے کے شبہ سے آ گیا۔

— آسام میں جن روسا نے زلزلہ کی مصیبتوں کے وقت گورنمنٹ کو مدد دی تھی ان کو صاحب چیف کمشنر خلاعی گھڑیاں تقسیم کرنے والے ہیں۔

— مسٹر ایچ ٹی۔ اس متعلقہ انڈین سول سروس مدراس کمیٹی کونسل کے ایڈیشنل ممبر مقرر ہوئے۔

— جس جہاز سے سوری میں کئی آدمیوں کی جانیں تلف کی تھیں اس کو مہاراجہ صاحب گدھوا نے بندوق سے ہلاک کیا۔

— سرحدی پارٹی نوشکی پہاڑیوں پر اپنا کام خوبی و تعمیر سے انجام دے رہی ہے۔ امید ہے کہ اخیر اپریل تک واپس آجائیگی۔

— سپرنٹنڈنٹ مجسٹریٹ ہوشیارپور ڈنگ گاڑی سے

مسلمانو غنیمت سمجھو!

انجمن محمدی برادران ہندوستان لاہور

اپنے ممبروں کی وفات کے بعد ان کے متعلقین کو سینکڑوں روپے کی امداد دیتی ہے

بجز اسکے ممبر کو زیادہ سے زیادہ اپنی زندگی میں ایک روپیہ ماہوار اور

چہ سالانہ چندہ دینا پڑتا ہے

خود ممبر بنیں اور اپنے رشتہ داروں کو خبر دیں

اعلان مفت کا ملاحظہ فرمائیں

المشتہر ابراہیم گھمن ممبر انجمن ہذا و سیکرٹری انجمن محمدی لاہور

اگر اس طرح کام بخوبی چل گیا۔ تو پھر لاشی لینے والی پارٹیوں کے کام کی ضرورت نہ رہیگی۔ اور خصوصاً اُن کی کہ جن کے ہمراہ گورے سپاہی ہوتے تھے۔ کاش اگر صاحب گورنر بمبئی شروع ہی میں یہ تجربہ کرتے تو اس قدر خرابی نہ ہونے اور بمبئی میں نہ ہوتی۔ اب بھی یہ رعائت بسا غنیمت ہے ؛

طاعون بمبئی میں | امسال گزشتہ کے اس زمانے میں بمبئی میں وبا گھٹنی شروع ہوئی تھی۔ یہ بھی واضح رہے کہ سال گزشتہ میں انتظام انسداد و باقی پابندی ایسی سخت نہیں تھی جیسی کہ امسال ہے۔ اور نہ یقیناً خرچ اڑھائی لاکھ روپے ہفتہ وار تھا۔ تاہم امسال باوجود ان سب باتوں کے وبا بہت تھوڑی گھٹی ہے۔ خصوصاً اعداد تاریخ کو موتوں اور واردانوں کی نہایت خوفناک تعداد معلوم ہوئی ہے ؛

ستارے اتنے قہرناک نہیں ہونگے | اہل واتقان علم جوتش کا خیال ہے کہ آج سے کر سنہ ۱۹۰۱ء کے ختم تک آسمان پر ستاروں کی ایسی حالت پیش آئیگی کہ جو ہندوستان میں کورو پانڈوں کی عظیم الشان جنگ کے زمانے میں آئی تھی۔ بعض تو کہتے ہیں کہ تمام ملک ہندوستان میں معدودے چند آدمی ہی مختلف قسم کی بیماریوں۔ مصیبتوں سے جانبر ہوسکیں گے۔ لیکن بعض زیادہ سمجھدار پنڈت کہتے ہیں کہ یہ صحیح نہیں۔ ہندوستان پر سنہ ۱۹۰۱ء تک سختیاں ضرور آئینگی۔ لیکن نہ اس قدر جتنے کے ساتھ کہ جیسی بیان کیجاتی ہیں۔ حال میں کاشی کے نامور پنڈت سودھاکر دویدی صاحب فرماتے ہیں کہ چار ارب تینتیس کروڑ ۴۳۲۰۰۰۰۰۰ سال سے پہلے کبھی ستارے ایسی ہی حالت پر نہیں آسکتے۔ کہ جیسے کبھی پہلے آئے تھے۔ چنانچہ مسٹر جوئت رام رائچند اسسٹنٹ کمشنر سندھ نے ایک چھوٹے سے رسالے میں کاشی کے پنڈت صاحب کی دلائل چھاپی ہیں جو درخواست کرنے پر اُن سے مل سکتی ہیں ؛

جس کو خدا رکھے اس کو کون مارسکے | جس روز بمبئی میں ہندن پورہ میں فساد شروع ہوا تھا اور مفسدوں نے وبا کے ہسپتالوں کو جلا دیا تھا۔ اُس روز ایک مجرم کو پھانسی ملنے والی تھی۔ اور اُس کی پھانسی اور اُس کے مقابل میں پردے کی ٹٹیاں۔ وبا کے ہسپتال کے پاس تیار رکھی گئی تھیں۔ وہ بھی بلوائیوں نے جلا دیں۔ اس سے اُس روز اُس قیدی کو پھانسی نہیں دیجا سکتی تھی اور نہ دو تین روز بعد تک دی گئی۔ تین چار روز بعد معلوم ہوا کہ اُس شخص کی پھانسی کی سزا صبر دوام سے بدل دی گئی۔ خدا کی شان ہے کہ اس شخص کی زندگی ابھی اور کچھ زمانے تک باقی تھی۔ اور اُس کے مرنے کے لئے یہ صورت بلوے کی پیدا ہوگئی۔ کئی چنگے بھلے تندرست شخص تو موم زدان میں یا تو بلوائیوں کے ہاتھ سے یا پولیس۔ اور فوج کی گولیوں سے مارے گئے۔ لیکن مجرم کہ جس کے لئے جائز عدالتیں اس روز مار ڈالنے کا حکم دے چکی تھیں۔ وہ اس روز تک جان سے بچ گیا جبکہ قدرتی موت اُس کی زندگی کا خاتمہ نہ کریگی۔ سچ ہے کہ موت ایک ساعت آگے اور پیچھے نہیں آسکتی ؛

ہندی یا اُردو | علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ نے ضلع مغربی و شمالی کی ہندی اُردو کے متعلق میموریل کا ذکر کرتے ہوئے دو نہایت معقول وجوہ پیش کی ہیں کہ جن سے بڑی سہولیت کے ساتھ فیصلہ ہو سکتا ہے کہ اُردو ملک میں زیادہ مروج ہے یا دیوناگری خط اور ہندی زبان۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے۔ "نہایت آسان طریقہ اس بات کے دریافت کرنے کا کہ کونسی زبان اور کونسے حروف عام طور پر رائج ہیں یہ ہے کہ دریافت کیا جائے کہ ملک میں کتنے اخبار ہیں جو اُردو زبان میں اور اُردو حروف میں چھپتے ہیں۔ اور کتنے اخبار ایسے ہیں جو ہندی زبان اور ناگری حروف میں چھپتے ہیں۔ اور کس قدر کتابیں اور رسالے ہر سال اُردو میں چھاپے جاتے ہیں۔ اور کس رسالے اور کتابیں ہندی و ناگری حرفوں میں چھاپی جاتی ہیں۔ پس اگر یہ معلوم ہو کہ اُردو زبان میں اخبار اور کتابیں اور رسالے نہایت کثرت سے چھپتے ہیں تو یہ کافی ثبوت اس بات کا ہے کہ عام زبان اور عام حروف ہیں۔ اور دوسری دلیل یہ لکھی ہے۔ "ایک اور ذریعہ اس بات کے دریافت کرنے کا کہ کونسی زبان اور کونسے حروف ملک میں عام طور پر رائج ہیں۔ سرکاری ڈاکخانہ ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ جس قدر خط و ڈاک میں پڑتے ہیں اُن میں سے کس قدر اُردو کے ہوتے ہیں۔ اور کس قدر ناگری کے۔ بیشک یہ دونوں دلیلیں نہایت معقول اور واقعی مضبوط ہیں۔ اور ان سے بخوبی فیصلہ ہو سکتا ہے کہ اضلاع مغربی و شمالی و دیگر حصص ہندوستان میں اُردو زبان زیادہ پسند کیجاتی ہے۔ اور اظہار خیالات کا ذریعہ ہے یا ہندی زبان اور دیوناگری و خط اور اگر گورنمنٹ اضلاع مغربی و شمالی انہیں دونوں وسائل پر اُردو یا ہندی کے فیصلے کا منحصر رہے تو یقین ہے کہ اُردو کے مقابلے میں ہندی کو دس اور ایک کی نسبت بھی حاصل نہ ہوگی۔ اُردو ہندوستان کا لنگوا فرینکا ہے۔ یعنی جس طرح کہ یورپ میں فرانسیسی زبان تمام ممالک یورپ آپس میں سرکاری یا تجارتی یا علمی خط و کتابت کا مسلمہ ذریعہ ہے۔ ویسے ہی تمام اقطاع ہندوستان میں اُردو ہے۔ اور اُردو کے لئے جیسا فارسی رسم خط موزون ہے۔ دیوناگری کبھی ایسا نہیں ہو سکتا ؛

مسٹر ٹلک اور پروفیسر مکسملر | خبر ہے کہ جب سنسکرت کے مشہور عالم پروفیسر مکسملر کو لنڈن میں اطلاع ملی کہ مسٹر ٹلک کو پولیٹیکل جرم کے پاداش میں قید کی سزا ملی ہے لیکن وہ قید سخت ہے۔ تو اسپر پروفیسر مکسملر کو بڑا تعجب ہوا۔ اور اُنہوں نے مسٹر ٹلک سے اظہار ہمدردی اور اُن کی حوصلہ افزائی اور قدر دوانی کے لئے ارادہ کیا کہ انہیں جیل میں پڑھنے کے لئے اپنی کتاب "رگ وید" کی ایک جلد بھیجدیں۔ چنانچہ اب اخبار "جیمپین" گویرو داسٹنڈ کے سپرنٹنڈنٹ نے کہ جہاں آجکل مسٹر ٹلک نے قید ہیں اطلاع دی ہے کہ "رگ وید" کی جلد اُس کے پاس گئی ہے۔ جو عنقریب مسٹر ٹلک کے حوالہ کی جائے گی۔ ہے کہ آنریبل مسٹر ٹلک کو جیل خانے میں سخت محنت کرنی پڑتی ہے کیونکہ انگلینڈ کی ایک انجمن نے صاحب گورنر کو اس امر کی طرف متوجہ کیا تھا کہ پولیٹیکل مجرموں سے محنت نہیں لینی چاہیئے۔ مسٹر ٹلک کی قید کے زمانے کے ابتدا میں یہ خیال پھیل گیا تھا کہ بوجہ محنت سخت اور خلاف طبیعت کے اُن کا وزن کم ہونا شروع ہو گیا ہے شاید وہ جیل خانے سے زندہ نہ بچیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ اب باقی نہیں رہیں ؛

موجودہ قانون سیڈیشن کہاں سے پیدا ہوا | اخبار ٹروتھ لکھتا ہے کہ سر انٹونی مکڈانل نے ہندوستان کے قانون سیڈیشن کی ترمیم کی صلاح دی تھی۔ بلکہ ذکر کرنے قسم کی ترمیم کا خیال نہیں پیدا ہوا تھا۔ لیکن ہر چند کہ سرکاری راز دار ہونے کا منصب حاصل نہیں ہے تاہم انٹونی مکڈانل اضلاع مغربی و شمالی کے آزاد مزاج روشن نفسٹ گورنر کے حالات جس قدر ظاہر اعلوم ہیں اُن سے ہرگز توقع نہیں ہو سکتی کہ وہ کسی ایسی تجویز کے محرک ہوں سر آکلینڈ کیمپبل نے جو اس موجودہ قانون کی نسبت لکھی تھی۔ اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی کسی ایسے کے موجد نہیں ہو سکتے۔ لارڈ الگن بہادر کے جس قدر معلوم ہیں اُن جیسے آزاد اور صحیح خیال مدبر سے بھی قانون کے ابتدائی محرک ہونے کی اُمید نہیں۔ سر آکلینڈ میکنزی اور سر انٹونی مکڈانل دونوں اس قانون کی ملنے سے پہلے ظاہر کر چکے تھے کہ اُن کے صوبجات اخبارات میں سیڈیشن کا وجود نہیں۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اس قانون کے محرک وہ نہیں ہونگے۔ اور بمبئی میں دو پورپین افسروں کے مارے جانے کے بعد اس احاطے کے اخبارات کے مفسدانہ مضمون لکھنے سے پیدا ہوا تھا۔ ممکن ہے کہ وہاں کے صاحب گورنر کی ترمیم کی ضرورت پیش کی ہوگی۔ مگر اس سے بھی وزیر ہند کی طرف سے اس تحریک کی ابتدا ہونے کا کیونکہ جس ڈھب سے اُنہوں نے اس معاملے کا ڈیفنس کیا ہے۔ اور خود ہندوستان کے معاملات کی اُن کی رائے ہے۔ اس سے بعید نہیں معلوم ہوتا کہ کسی ایسے قانون کے اجرا کی ضرورت محسوس ہوئی ہو بھی اُمید ہے کہ ہندوستان کے ساتھ انہیں وزیر ہند کی منظوری کے سراسر پاس ہونے ہے

دوسری تجارتوں پر لگا ہوا ہے۔ اور اس کا منافع ہندوستان سے باہر نکل جاتا ہے۔ اگر وہ یہیں رہتا تو اہل ہندوستان اس دقت کہیں زیادہ آسودہ ہوتے۔ ان حالات پر نظر کرکے جنگ سرحد کے اخراجات میں خزانہ انگلستان سے کوئی مدد نہیں دیجاویگی۔ سر ہنری فاؤلر سابق وزیر ہند نے اپنے اس افسوس کا اظہار کیا۔ کہ مغز لارڈ نے حضور ملکہ معظمہ کی طرف سے ایسی رفد کی امداد سے قطعی انکار کر دیا۔ بحالیکہ ہندوستان میں تین صیغہ جات کام کر رہی ہیں کہ جن کی وجہ سے وہ ہر طرح مہدردی اور مدد کا مستحق ہے۔ ان کی رائے میں ہندوستان ایک نہایت غریب اور انگلستان ایک نہایت دولتمند ملک ہے۔ اور چونکہ سرحد شمال مغربی ہندوستان کی لڑائی محض شہنشاہی پالیسی کا نتیجہ ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ انگلستان ہندوستان کی امداد کرکے اپنے تعلقات اس ملک سے اور بھی مضبوط کر لے۔ آپ نے اس بات پر بڑا زور دیا کہ ہندوستان اور انگلستان کے تعلقات زیادہ قریبی اور دوستانہ ہونے کی ضرورت ہے۔ اور کہ اس سے ہوس آف کامنز کو غفلت نہیں کرنی چاہئے۔ اسی ضمن میں سابق لبرل سکرٹری آف سٹیٹ نے ہندوستان کے اخبارات کا بھی ذکر کر دیا اور بیان کیا کہ وہ بہت قبیح نکتہ چینی کرتے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی بتلایا کہ بہرکیف پریس میں کچھ خوبیاں بھی ہیں کہ جن سے ہندوستان کو محروم کرنا بڑی غلطی ہوگی۔ مسٹر میکلین نے بیان کیا کہ اگر انگلستان کے ماتحت کی کسی نوآبادی کی حالت ایسی زار ہوتی جیسی کہ ہندوستان کی ہے تو آج تک انگلستان اس کی ضرور مدد کرتا۔ باوجود ان ساری باتوں کے بالفعل کنسرویٹو وزارت نے یہی مناسب سمجھا کہ خزانہ ہندوستان خواہ پہلے کتنا ہی کمزور کیوں نہ ہو۔ مگر یہی سرحد شمال مغربی کی جنگ کے بھاری اخراجات کا متحمل رہے۔

جنرل غلام حیدر | ہر چند کہ انگریزی اخبارات نے بار بار اس خبر پر اصرار کیا ہے کہ جنرل غلام حیدر خاں چرخی کا انتقال ہو گیا ہے۔ لیکن اب بھی انہوں نے تصدیق کی گنجائش باقی چھوڑی ہے۔ پھر ۱۰ مارچ کا پاؤنیر تصدیق کرتا ہے کہ جلال آباد سے پھر اسی مطلب کی خبر آئی ہے کہ ہیر صاحب نے جلال آباد اور کافرستان کی فوجوں کی کمان کے لئے کوئی دوسرا جنرل مقرر کیا ہے۔ آج ایک اور اخبار کے نامہ نگار نے پشاور سے اطلاع دی ہے کہ یہ خبر بالکل غلط ہے۔ کیونکہ وہ شجاعت نشان غلام حیدر خاں سپہ سالار درجہ اول دولت افغانستان خدا کے فضل سے اب تک عتید حیات ہے۔ یہ خبر کسی دشمن نے اڑائی ہے۔ اس کی تردید کرنا چاہئے۔ یہی نامہ نگار لکھتا ہے کہ آنریبل جنرل سر ولیم لاکہارٹ کی تدبیر سے آفریدیوں کے ساتھ حسب خواہ صلح ہو گئی۔ انہوں نے سرکار کی شرائط قبول کر لیا ہے۔ پاؤنیر لکھتا ہے کہ بہت سے ذکا خیل افغانستان سے جمرود تک آ گئے ہیں اور شرائط قبول کرنے پر راضی ہیں لیکن جرمانہ دینے میں مہلت مانگتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ خواص خاں اور ولی محمد خاں آج تک ان قوموں کو شرائط آخر سمجھ نہ کرا سکے ہیں۔ اور وہ اسی لئے واپس بھی نہیں آئے ہیں۔

ہندوستانی قحط کو کس طرح برداشت کر سکتے ہیں | مسٹر بیت نوس نے امپیریل لیجسلیٹو کونسل میں کئی ایک سوالات صوبجات وسطی کی رعایا کی حالت مابعد قحط اور زباقی مالیہ کے متعلق کئے۔ گورنمنٹ کی طرف سے جواب دیا گیا کہ گورنمنٹ ہند نے تمام صوبجات کی گورنمنٹوں اور خصوصاً صوبجات وسطی کی گورنمنٹ کو اطلاع دی ہے کہ اپنی رپورٹوں میں اس معاملے پر بھی بحث کریں کہ اس قحط کے بعد لوگوں میں قحط کے برداشت کرنے کی طاقت پہلے سے کم تھی یا زیادہ بھی۔ واقعی یہ معاملہ بڑا دلچسپ ہے۔ اور اسپر رائیں مختلف ہیں۔ اگر مختلف صوبجات کے حکام نے واقعات کی بنا پر اس مسئلے کو حل کر دیا۔ تو اس سے گورنمنٹ کو آئندہ کے طریق عمل میں مدد ملیگی۔ ظاہرا معلوم ہوتا ہے کہ عام لوگ دن بدن زیادہ غریب ہوتے جاتے ہیں۔ گو خاص خاص لوگ زیادہ آسودہ ہوتے جاتے ہیں۔ اور چونکہ قحط میں عام لوگ ہی خصوصیت سے مبتلا ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ معلوم ہونا کچھ ایسی سے خالی نہیں ہوگا کہ ربع صدی پیشتر کی قحط سالیوں کو عوام الناس زیادہ سہولیت سے برداشت کر سکتے تھے۔ بالشبہ ۱۸۹۶ء میں کر سکے ہیں۔

پیدائش و اموات احاطہ بمبئی میں | گو احاطہ بمبئی میں سال گزشتہ کا بڑا حصہ قحط اور وبا میں مبتلا رہا ہے۔ تاہم ۱۸۹۶ء میں اس صوبے کی دیسی آبادی میں تعداد پیدائش کے بہت زیادہ رہی ہے۔ کل دیسیوں کی پیدائشیں (۱۰۰۰۰۰۰ ۱۹۹۲ اور موتیں (۱۰۰۰۰۰۰ ۱۶ سے کچھ بھی کم ہوئیں۔ یعنی کہ پیدائش ۳۸ فی دس ہزار آبادی کے قریب کے لئے۔ اور موتیں ۳۲ فی دس ہزار۔ پیدائشیں اور موتیں اس سے کسی قدر زائد ہوئیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یورپین اور یوریشین آبادی کی نسبت ہندوستانی زیادہ بچے جنانے والے ہیں۔ بحالیکہ یورپ میں جس قدر بچے انگریز جنتے ہیں اتنے ہندوستانی ہرگز نہیں جنا سکتے۔

ذرہ سی غلطی | یہ خبر معلوم ہونے سے کسی قدر تعجب اور کسی قدر افسوس ہوتا ہے کہ بمبئی کی جس مریض عورت کو طاعون کے ہسپتال میں بجائے دینے سے مزاحمت کی تھی۔ اور جس کو ڈاکٹروں نے ایک لیڈی ڈاکٹر کی شہادت پر طاعون کا کیس سمجھ کر باوجود اندیشہ فساد کے اس کا ہسپتال میں لے جانا ضروری سمجھا تھا۔ وہ آخر کار طاعون میں نہیں بلکہ معمولی بخار میں مبتلا ثابت ہوئی۔ اور اگر پہلے ہی وہ لیڈی ڈاکٹر اس غلطی کو معلوم کر لیتی کہ جس نے اس لڑکی کا معائنہ کیا تھا تو اتنا سخت فساد رک جاتا۔ ۱۹۰۵ ہندوستانی اور چار انگریز مرنے سے اور بیسیوں ہندوستانی اور انگریز زخمی ہو جانے سے بچتے۔ اور سینکڑوں گرفتاری اور قید سے محفوظ رہتے۔ ذرہ سی غلطی سے اتنا افسوسناک نقصان ہوا۔

جنت عدن | ایرسن صاحب کے ماہوار رسالے میں ایک صاحب "سٹین کار" نامی کی تحقیقات چھپی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سومالی لینڈ (افریقہ) کے مقام بربرا میں وہ "باغ عدن" تھا کہ جس کو دنیا کا بہشت کہتے ہیں۔ اور اس بات کی تصدیق میں کہ ہبوط آدم کے بعد پورا اس مقام میں آبادی ہو گئی تھی کچھ پتھر کے آثار تین لاکھ سال کے پرانے یہاں سے برآمد کئے گئے ہیں۔ کیونکہ ڈارون اور دوسرے عالموں نے ثابت کیا ہے کہ اتنی ہی مدت انسان کو دنیا پر آئے گزری ہے۔ یورپ کے لوگ بھی طرفہ معجون ہیں جو ہمیشہ نئی نئی کھوجوں کے تراشنے میں مشغول رہتے ہیں۔ اگر اور کچھ نتیجہ نہیں نکلیگا تو دنیا میں اس تحقیقات کے مشتہر کرنے والے کا نام تو مشہور ہو جائیگا۔

فیصلہ قریب ہے | اخبار پاؤنیر لکھتا ہے کہ جمرود سے خبر پہنچی ہے کہ راج گل کوکی خیلوں نے ۱۱۸ مطلوبہ میں سے ۶۰ بندوقیں دے دی ہیں۔ کہ خیلوں نے ۱۵۴ میں سے ۶۴۔ اور ذکا خیلوں نے ۱۵۴ میں سے ۴۰۔ سر ولیم لاکہارٹ نے ان کے جرگوں سے گزشتہ جمعرات کی شام کو آخری ملاقات کرکے انہیں اطلاع دی کہ اگر ۱۹ ماہ حال تک کامل مقدار مطلوبہ بندوقوں کی وصول نہ ہوئی۔ یا مطلوبہ یرغمال قوموں نے سپرد نہ کئے تو پھر سرکاری فوجیں آگے بڑھنا شروع کر دینگی۔ جن قوموں نے شرائط منظور کر لی تھیں۔ اوپر بھیر غارضی طور پر آمد و رفت مال کی بند کیجا دیگی۔ اس اطلاع سے ملکوں پر بہت اچھا اثر پڑا۔ کیونکہ وہ دوبارہ سرکاری حملے سے بہت خائف اور موثر معلوم ہوتے تھے۔ کوکی اور کبیر خیلوں نے کہا کہ اگر ذکا خیلوں نے شرائط منظور نہ کیں تو ہم انہیں نکال دینگے۔ اور اسی اثنا میں ۱۵۰ اور بندوقیں دیں۔ امید ہے کہ یرغمال بھی جلدی ہی سپرد کئے جاوینگے۔ بالفعل ہیلا بریگیڈ بازار وادی میں آگے بڑھنے پر بالکل مستعد ہے۔ اور تیسرا بریگیڈ وادی باڑہ میں سڑک بنانے میں مصروف ہے۔ اس قسم کی مستعدانہ تیاری کو دیکھ کر قوموں نے معلوم کر لیا ہے کہ شرائط قبول کرنے میں وہ زیادہ تامل نہیں کر سکتیں۔

بمبئی کے انتظام طاعون کی سختی بہت کم ہو گئی | نہایت اطمینان کی بات ہے کہ سوائے کچھ ملی والوں اور ایک آدھ دوسری قسم کے مزدوروں کے بمبئی میں اور سب قسم کے مزدوروں نے کام شروع کر دیا ہے۔ جہازوں کے مزدور۔ ریل کے مزدور۔ بیل گاڑیاں والے وغیرہ اپنا اپنا کام کرنے لگے ہیں۔ صاحب گورنر بہادر بمبئی نے منظور فرما لیا ہے کہ بالفعل بطور تجربہ کے تلاشی لینے کی پارٹیوں کا کام بند کر دیا جاوے۔ اور صرف مختلف فورٹوں اور قوموں کے لیڈر اپنے اپنے لوگوں کے گھروں میں وبا کی وارداتوں سے وبائی کمیٹی کو اطلاعیں دیا کریں۔ اس انتظام سے اہل بمبئی کو نہایت اطمینان حاصل ہوا ہے۔ اور

وہ خاصیت رکھتا ہے۔ جو فرانس کے مہری ماتل نے ہسپانیہ کی نسبت کہی تھی۔ اگر بہت بھاری فوج کے ساتھ حملہ کروگے تو بھوکے مروگے۔ اور اگر تھوڑی فوج لیجاؤ گے تو دشمنوں کے فوج کے زغہ میں پھنس کر مغلوب ہوجاؤ گے۔

اخبار سٹار کے مضمون کی زبردست دلائل اور واقعات بخوبی ثابت کردیتے ہیں کہ اس صدی میں تو روس سے ہندوستان پر حملہ کرنے کی اُمید نہیں۔ اس لئے روس کے حملے کے اندیشہ سے جس قدر زر کثیر ہندوستان کی مسول دینے والی رعایا کا ضائع ہورہا ہے۔ اور سرحدی جنگوں میں جس قدر بہادر اور دیسی جوانوں کا نقصان ہورہا ہے۔ یہ کسی کام میں نہیں آتا۔ اور بقول سر ہیبل گرفین کے کہ آئندہ روس ہندوستان پر اُس سرحد کی طرف سے حملہ کرنا معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ نہ دریائی (برہما) کے قریب حملہ کریگا۔ بہت بعید از قیاس نہیں معلوم ہوتا

افلاس ہندوستان پارلیمنٹ میں

ملک ہندوستان کی ۱۹۰۰ء میں انواع واقسام کی ارضی وسماوی آفات سے جو گت ہوئی تھی۔ اور جس قدر سنگین بوجھ سرحد شمال مغربی کی مہم پر اس سال میں ہوا تھا۔ اُسپر خیال کرکے ہر شخص کو پہلے ہی سے اُمید تھی کہ پارلیمنٹ کی اس نشست میں معاملات ہندوستان دربار انگلستان کی بہت کچھ توجہ حاصل کرینگے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ہے اور ہندوستان کے معاملات نے پارلیمنٹ کے کھلنے سے لیکر آج تک معقول حصہ لیمران پارلیمنٹ کی بحث کا حاصل کیا ہے۔ قطع نظر دیگر امور کے افلاس ہندوستان ایک ایسا معاملہ ہے جس سے بہت تھوڑے معقول پسند آدمی اختلاف کرسکتے ہیں۔ مسٹر ایس سمتھ نے اہل ہندوستان کے انتہا درجے کے افلاس کو پیش کرکے پارلیمنٹ کو خزانہ ہندوستان کی نازک حالت کی طرف توجہ دلائی اور خواہش کی کہ ہندوستان کی سرحد کے باہر حال کی تازہ جنگوں پر جو روپیہ صرف ہوا ہے اُس کا سارا بوجھ ہندوستان پر نہیں ڈالنا چاہیئے۔ واضح رہے کہ یہ شکایت نئی نہیں ہے کہ ہندوستان کے باہر کی ایسی جنگیں یا ملکی معاملات پیش آتے ہیں کہ جن سے ہندوستان کو براہ راست کچھ فائدہ نہیں بلکہ محض سلطنت انگلستان اور حکومت برطانیہ کی عظمت اور عزت اور مصلحت کو بحال رکھنا مقصود ہوتا ہے اور اُن کا خرچ ہندوستان کے خزانے سے نہ لیا جاوے۔ اگر بیش میں جنگ ہو یا سوڈان میں تو اُس کے خرچ کا ذمہ دار ہندوستان ہے۔ اگر مدین پر قبضہ رکھا گیا ہے تو خرچ کا اشکفل ہندوستان ہے۔ اگر مالٹا کا ٹاپو انگریزی قبضہ ہے تو ہندوستان خرچ اُٹھاتا ہے۔ حالانکہ خاص ہندوستان کی کوئی منفعت اور اُن بیرونجات ممالک غیر کے مقبوضات اور وہاں کی جنگوں سے نہیں ہے۔ اگر کچھ فائدہ ہوگا تو انگلستان کا ہوگا۔ بلکہ انگلستان کا فائدہ اُن تمام مقتوحات اور مقبوضات سے مدنظر ہے۔ انگلستان کو اُن ملکوں کا مالیہ ملتا ہے۔ اس کی عزت بڑھتی ہے۔

اس کے تاجر اور حرفت پیشہ لوگ اُن ملکوں میں مال تجارت بیچتے ہیں۔ اس کے بیچنے بذریعہ اعلیٰ عہدوں اور فتح توپ کی عزت کے اُن ملکوں سے لاکھوں اور کروڑوں روپے کماتے ہیں۔ اور اس لئے انگلستان کو ضرورت ہے کہ نئے نئے ملک اور تو میں اس کی مطیع ہوں۔ اسی طرح سرحد ہندوستان کو پار کی آزاد قوموں کو مفتوح کرکے ہندوستان کی سلطنت کو وسیع کرنے میں انگلستان کا فائدہ ہوگا۔ لیکن ہندوستان کا اس میں کوئی فائدہ نہیں اور نہ اُس کو ضرورت ہے کہ اُن سرحدی قوموں کو مطیع کرکے جو اپنے پہاڑی گھروں اور بلندیوں پر سادگی اور غریبی سے گزارہ کرتے ہیں۔ اس طرح کرنے میں ہندوستان کا بہت سا خزانہ اور صدہا جیدہ جوان چھن جاتے ہیں کہ جن کو وہ بمشکل خرچ کرسکتا ہے۔ ہند بڑا مفلس ملک ہے۔ اس لئے اس کی رعایا جو خراج ٹیکس بڑی تکلیف سے جمع کرتی ہے۔ اگر وہ اُس کی بہتری کے لئے خرچ کیا جاوے تو اس سے ملک کی بڑی بہتری اور خوشحالی حاصل ہوسکتی ہے۔

اسی لئے سرحد شمال مغربی کی جنگ میں جو ۱۸۹۷ء میں کروڑوں روپے خرچ ہوچکے ہیں اور آج تک بھی ہورہے ہیں۔ سبھی خواہان ہندوستان دیکھتے ہیں کہ چونکہ اس خرچ کے کرنے میں ہندوستان کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ بلکہ صرف انگلستان کی عظمت اور منفعت مقصود ہے۔ اس لئے اس کو خزانہ انگلستان سے ادا کیا جاوے۔ علاوہ اس کے انگلستان میں ہر شخص کی اوسط آمدنی ۳۰ پونڈ سالانہ اندازہ کی گئی ہے جبکہ ہندوستان میں ہر شخص کی سالانہ آمدنی ۳۰ پونڈ بھی نہیں۔ اور فرانس جو یورپ میں سب سے غریب ملک بتلایا جاتا ہے وہاں بھی ہر باشندے کی آمدنی ۴۲ پونڈ سالانہ سے کم نہیں۔ ایسے ہی ٹرکی یورپ میں بڑا مفلس ملک ہے۔ لیکن کہتے ہیں۔ وہاں کا ہر ایک باشندہ بھی ۱۷ پونڈ سالانہ بحساب اوسط کماتا ہے۔ خود سرکاری افسروں نے تسلیم کیا ہے کہ ہندوستان میں بہت سے مفلس لوگ ایسے غریب ہیں کہ اُنہیں ۲۴ گھنٹوں میں بمشکل ایک وقت کھانا ملتا ہے اور وہ بھی شکم سیر ہوکر نہیں ملتا۔ ایسی صورت میں اگر سرحدی جنگ کا خرچ بھی ہندوستان کے خزانے سے دیا گیا تو اندیشہ ہے کہ کہیں گورنمنٹ کو ہندوستان پر ایک اور ٹیکس لگا کر کمی پوری کرنی پڑے۔

اسی قسم کے خیالات سے موثر ہوکر مسٹر سمتھ ممبر پارلیمنٹ نے ۲۲ فروری کے اجلاس پارلیمنٹ میں مفلس ہندوستانیوں سے رحم اور شفقت کا برتاؤ کرنے کی اہل پارلیمنٹ سے التجا کی۔ مسٹر سمتھ نے بیان کیا کہ انسانی ہمدردی کے خیال سے ممبران پارلیمنٹ اُن کی یہ درخواست منظور کرلینگے۔ بعض دیگر ممبروں کے مسٹر ایس کنگ نے عرق سے اتفاق کرتے ہوئے بیان کیا کہ یہ تجویز غیر منصفانہ ہے کہ جبکہ مصر اور سوائم وغیرہ کی جنگوں کے اخراجات ہندوستان کے خزانے سے ادا کئے جائیں۔ اور یہ بھی کہا کہ انگلستان اور ہندوستان کے مالی تعلقات کو واضح کردینا لازم ہے۔ تاکہ معلوم ہوسکے کہ کن اخراجات کا خزانہ ہندوستان ذمہ دار ہے اور کن اخراجات کا انگلستان کو ادا کرنا ہوگا۔ غرضکہ بعض ممبر پارلیمنٹ نے اس تحریک کا تائید کی۔ اور بعض نے اس کی مخالفت کی۔ مخالفت کرنے والا گورنمنٹ کا فریق تھا۔ گورنمنٹ کی تدبیرات فکداری ہیں۔ یہ بڑے عیب کی بات ہے۔ سے مفید علمی کی ایزیارڈ اس وجہ سے شکست کھا جاتی کہ اُن کے پیش کرنے والے معمر کا فریق گورنمنٹ کا فریق ہوتا ہے۔ چنانچہ اس بارے میں ممبران نے یہ اضافت کرنے کی تجویز پیش کی تھی جو بجائے خود نہایت معقول اور مناسب تھی۔ لیکن چونکہ گورنمنٹ کے مخالف فریق نے تجویز پیش کی تھی۔ اور گورنمنٹ کے فریق کی اس کے منظور کرنے میں ہتک تھی کہ اس نے باوجود سرحد ہندوستان پر ایسی جنگ چھیڑی کہ جس سے انگلستان کے لکس دینے والوں کو روپیہ دینا پڑا۔ اس لئے گورنمنٹ کے فریق نے اس تجویز کو ۲۹۲ ووٹوں کی زیادتی سے نامنظور کیا۔ ۹۰ ممبروں نے اس تجویز کی تائید کی اور ۱۸۸ نے اس سے مخالفت کی۔ جارج ہملٹن وزیر ہند نے ہر چند کہ اہل ہندوستان کی مفلسی اور غریبی کو تسلیم کیا۔ تاہم اس بات کی کوئی ضرورت نہ دیکھی کہ اس موقعہ پر اہل انگلستان کے روپے سے اہل ہندوستان کے خزانہ کی مدد کیجاوے۔ اُنہوں نے بیان کیا کہ گورنمنٹ ہند سے دریافت کرچکے ہیں کہ سال آئندہ میں ہندوستان میں اخراجات آمدنی سے کس قدر بڑھ جائیں جس کے جواب میں اُنہیں معلوم ہوا کہ اخراجات نہیں آمدنی بڑھ جاویگی۔ مجھے اندیشہ ہے کہ گورنمنٹ ہند کی پوری ہو۔ کیونکہ اس کی پہلے کوئی نظیر موجود نہیں ہے جبکہ بوجہ جنگ اور قحط وغیرہ کے غیر معمولی اخراجات سنین سابقہ سے کچھ اوپر ۶ کروڑ روپیہ ہندوستان کی آمدنی سے وضع کیا جائیگا۔ تو اس میں سے کچھ باقی نہیں رہیگا بلکہ یقیناً خسارہ ہی رہیگا۔ البتہ صاحب سکریٹری آف ہند کے بیان سے اتنی اُمید بندھتی ہے کہ اگر ہند کو خسارہ رہے اور کوئی اور ٹیکس لگانے کی ضرورت پڑے اس صورت میں انگلستان ہندوستان کی مدد کریگا اور نیا ٹیکس لگانا نہیں پڑیگا۔ اہل ہندوستان کی زراعتی حالت دن بدن ترقی کررہی ہے۔ اور سر اے لیڈ صاحب لفٹیننٹ گورنر صوبجات شمال مغربی وشمالی کی نسبت کہ جہاں قحط بدترین صورت میں پھیلا ہوا ہے ایسی رائے دی ہے۔ واضح رہے کہ یہ تمام یہ امر متنازعہ فیہ ہے کہ اہل ہندوستان میں قحط کا مقابلہ کرنے کی پہلے سے زیادہ طاقت پیدا ہوئی ہے یا پہلے سے کم ہوگئی ہے۔ آپ کی رائے میں انگلستان کے سرمایہ ہندوستان میں داخل ہونے سے ہندوستان کا افلاس زیادہ معلوم ہورہا ہے۔ لیکن میرے خیال میں انگلستان کے زیادہ سرمایہ کے ہندوستان میں خرچ ہونے اور لاکھوں کروڑوں روپے سالانہ بطور منافع کے ہندوستان سے باہر نکل جانے سے بھی ہندوستان روز بروز مفلس ہورہا ہے۔ جس قدر پورپین سرمایہ

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ ۲- اپریل ۱۸۹۸ء

ممکن نہیں کہ روس ہندوستان پر حملہ کر سکے

۱۴ مارچ کے روزانہ پیسہ اخبار میں ایک نقشہ ہندوستان کی سرحد شمالی و مغربی کا درج کیا گیا ہے کہ جو فروری ۱۸۹۸ء کے اخبار لنڈن سٹار میں شائع ہوا ہے۔ اور اس کے ذریعہ سے ہندوستان پر روسی حملے کا ہونا محال بلکہ ناممکن ثابت کیا گیا ہے۔ اخبار سٹار لکھتا ہے کہ یہ ہمارا جو بہت بھاری خزینہ اور بربادی خزانہ کا ذمہ دار ہے۔ اس کا نام "سرحدی پیشقدمی" رکھا گیا ہے۔

نقشے میں فرض کیا گیا ہے کہ اب ہم اسی مقام پر ہیں جہاں ۱۸۷۸ء میں تھے۔ اور اس وقت ابھی لارڈ بیکنس فیلڈ۔ لارڈ سالسبیری اور لارڈ ڈفرن نے "پیشقدمی" کی پالیسی کو ہندوستان میں رواج نہیں دیا تھا۔

اسی وقت ہندوستان کی حفاظت کے واسطے تین بڑی قدرتی قدیں تھیں۔ یعنی ایک ریگستان۔ ایک بہت بھاری سلسلہ کوہ و جبال۔ اور ایک وسیع تیز رود دریا۔ پشاور سے کرد اور تک سلسلہ پہاڑ جو حفاظت ہندکی پہلی حد ہے ۶۰۰ میل لمبا ہے۔ اور اس میں صرف پانچ درے ہیں کہ جن سے صرف پانچ سے ہو کر آدمیوں کی کسی بڑی تعداد کا گزرنا ممکن ہے۔

یہ پانچ راستے یعنی بولان۔ تھل۔ چوتیالی۔ گومل۔ کرم اور خیبر جنکے پر افغانستان کے پہاڑوں اور چٹانوں کے بیچ پانچ سفید لکیروں کے طور پر اس نقشے میں ظاہر کئے گئے ہیں۔ ان کو دکھلانے کے لئے سفید چھوڑنا ضروری تھا۔ تاکہ ایک ہی نظر سے ذہن نشین ہو جائیں۔ لیکن یہ قیاس نہیں کرنا چاہیے کہ یہ راستے ہموار اور آسانی سے قابل گزر ہیں۔ بلکہ برعکس اس کے ان میں سے کسی ایک کی راہ سے سڑک کی مشکلات بڑی بھاری فوج سے بھی مغلوب ہونے کے ناقابل ہیں۔ جیسا کہ کرنل اینچ نے ہندکے اعلیٰ درجے کے چھوٹے سے رسالے سوسوہ "کیا روس ہندپر حملہ کر سکتا ہے" سے بخوبی ثابت ہوگا۔

یاد رکھنا چاہیئے کہ ایگلو انڈین فوج کا ان دروں میں سے کسی سے گزرنا ایک بات ہے۔ اور روسی فوج کا گزرنا بالکل امر دیگر ہے۔ کیونکہ ہماری اصلی بنیاد پشاور یا راولپنڈی یا ملتان پر ہے۔ حالانکہ روس کا سفر یا تو قندھار سے یا آکس سے شروع ہوگا۔ کابل کو ہر موسم سرما میں قحط سے تکلیف ہوتی ہے اور اس کو ہمیشہ اپنی خوراک کا ذخیرہ غزنی سے بہم پہنچانا پڑتا ہے۔ علاوہ ازیں روس کے واسطے موزوں جائے جنگ نہیں ٹھہر سکتی۔ یہی بات قندھار اور آکس پر صادق آتی ہے۔ لیکن سٹار کا مضمون نگار لکھتا ہے کہ ہم اپنی تحقیقات کو افغانستان میں نازل ہونے والی مشکلات کے باہر نہیں لیجائینگے۔

اگر اس نقشے کے بائیں طرف نیچے سے شروع کیا جاوے تو پہلا راستہ بولان اور بلوچستان کے ریگستان کے بیچ سے قندھار کی طرف سے ملتان کو آتا ہے۔ جس کا بُعد ۶۷۰ میل ہے۔ قندھار سے روانہ ہو کر یہ راستہ ۱۰۰ میل تک سنگلاخ ویرانہ ہے اور سلسلہ خواجہ عمران کے ڈھلوانوں کو وادی پشین میں قطع کرتا ہے۔ جو رسالے کی ایک رجمنٹ کے واسطے بھی خوراک بہم نہیں پہنچا سکتا۔ اور اس کا پانی بھی شور ہے۔ درہ بولان فی نفسہ ۵۹ میل لمبا ہے اور ابتدا سے انتہا تک وحشیانہ ویران اور سنسان ملک ہے۔ جہاں مطلق پیداوار نہیں ہوتی۔ اور کہیں بھی کیمپ کے لائق میدان موجود نہیں ہیں۔ یہ موسم گرما میں تنور ہے اور موسم سرما میں طوفانوں سے پُر رہتا ہے پھر حملہ آور فوج کو سندھ پہنچنے سے پہلے ۱۶۰ میل خشک ریگستان پست جنگل اور دریائی دلدل طے کرنے پڑتے ہیں۔ جن کے پانی اس قدر تلخ اور نمکین ہیں کہ پیاسے گھوڑے بھی ان کو منہ نہیں لگاتے۔ یہ پیشقدمی صرف ایسی چھوٹی چھوٹی جماعتیں بھوکی پیاسی رہ کر مشکل سے طے کر سکتی ہیں کہ جن کو ہماری منظم افواج سہولیت سے شکار کر لینگی۔

دوسرا راستہ جو تھل چوتیالی کا ہے۔ درہ خوجک سے وادی پشین۔ کاکر پہاڑیوں اور ڈیرہ غازیخاں کی راہ سے قندھار سے ملتان تک ہے۔ اس کی لمبائی ۴۵۹ میل ہے۔ یہ بھی ویسا ہی ہے۔ جیسا کہ پہلا وادی پشین تک ہے۔ پھر یہ ٹوٹی پھوٹی پہاڑیوں پر سلسلہ بسلسلہ چلا آتا ہے۔ اور اس کے آگے گرم خشک جنگل ہے۔ ۱۸۷۹ء میں جو برٹش فیلڈ فورس اس راہ سے آئی تھی۔ اس کو تمام قسم کی معمولی خوراک کے علاوہ حیوانوں کے واسطے دانہ تک ساتھ اٹھانا پڑا تھا۔

تیسرا راستہ غزنی سے درہ گوالری۔ دریائے گومل اور ڈیرہ اسمٰعیلخاں کے راستے ملتان کو ہے۔ اس کا طول ۶۶۶ میل ہے۔ یہ ایک طرف موسم گرما کی سخت تمازت سے اور دوسری طرف موسم سرما میں سخت سردی کے باعث کسی بھاری فوج کے ناقابل گزر ہے۔ یہ ایک خشک ریگستان سے جا ملتا ہے جس کے طے کرنے کے بعد حملہ آور کو دریائے سندھ پیش آئیگا۔

چوتھا راستہ غزنی اور کابل کی طرف درہ شتر گردن اور درہ پیوار۔ وادی کرم۔ تھل۔ کوہاٹ۔ اور خوشحال گڈھ سے پھرتے ہوئے راولپنڈی کو آتا ہے۔ جس کی لمبائی ۴۴۹ میل ہے۔ ممکن نہیں کہ کوئی بڑی فوج اس راستے کو دیسی خطہ اٹھانے کے بغیر طے کر سکے۔ جو ماسوائے فرانسیسیوں کے مٹنے کے موقع پر ظہور میں آیا تھا۔ اور ظاہر ہے کہ وہ نپولین کی فوج کی کامل تباہی کرنے والا تھا۔

پانچواں راستہ ۴۹۰ میل۔ غزنی۔ کابل۔ سلسلہ ہندوکش اور خیبر کی طرف سے قندھار سے پشاور کو آتا ہے۔ اور یہ راستہ جو سرسبز وادی پشاور سے ملتا ہے۔ تقریباً تمام حملہ آور سکندر اعظم سے لے کر اورنگ زیب تک استعمال کرتے آئے ہیں لیکن کوئی بڑی فوج اقابلہ تربیت یافتہ اور رجمنٹ فوج کے ہندوستان پر حملہ نہیں کر سکتی۔ اگر سڑک اور ریلوے کی منکفت مہیا ہو جائیں تاہم خیبر کے دہانے پر ایک مستحکم کیمپ جہاں ہماری بہت سی فوج پشاور کے پاس جمع ہوگی۔ اس درے کے اس تنگ حصہ کی ایک بھی جھنڈ اس راستے سے سر نہیں نکال سکیگی۔ لیکن ہندپر روس کے حملہ آور ہونے کے امکان کا سوال ذخائر اور ٹرانسپورٹ پر غور کئے جانے کا بھی مقتضی ہے۔

روسیوں کی فوج کو کم سے کم حسب ذیل جمعیت پر مشتمل ہونا پڑیگا:۔

(الف) ۴۰ ہزار آدمی یعنی ہرات میں (۱۰۰۰۰) قندھار میں (۱۰۰۰۰) اور کابل میں (۲۰۰۰۰) رکھنے ہونگے۔

(ب) ۳۰ ہزار مابین ہرات قندھار اور میدان کابل اور پیچھے اصل مقام قیام میں رکھنے ہونگے۔ تاکہ ان دونوں مقامات کے مابین راستے کھلے رکھ سکیں۔

(ج) (۱۵۰۰۰) جوان ہند پر واقعی حملہ کرنے کے واسطے درکار ہونگے۔ اور (د) (۵۰۰۰) ریزرو رکھنے ہونگے۔

یعنی کہ روس کو (۲۷۰۰۰۰) جنگجو فوج کا انتظام کرنا پڑیگا کہ جس کے واسطے بقول ملٹری واقفکاروں کے دو لاکھ ۳۷ ہزار کیمپ کے ملازم یعنی شاگرد پیشہ وغیرہ مطلوب ہونگے۔ اس قدر بھاری فوج کا خوراک بہم پہنچانا کس طرح ممکن ہوگا۔

حملہ آور فوج کو درہ بولان گزر کر قندھار سے ملتان پہنچنے میں ۱۰۰ دن درکار ہونگے۔ اور ہر ایک سپاہ کو کم سے کم ۷۵ دن کی خوراک بہم پہنچانی پڑیگی۔ اس قدر فوج کے واسطے زندگی کی معمولی ضروریات اٹھانے کے لئے ۴۷۵۰۰۰ شتر یا ۷۵۰۰۰۰ خچریں درکار ہونگی۔ علاوہ ان کے خیمے۔ ہسپتال اور دیگر سامان اٹھانے کے واسطے کم سے کم ۷۵۰۰۰ اونٹ یا ۱۵۰۰۰۰ خچریں مطلوب ہونگی۔ حالانکہ ان سترلہوں میں شتروں اور خچروں کا چارہ اٹھانے کے واسطے کم سے کم ۶۳۲۸۱۲ شتر یا ۱۲۶۵۶۲۴ خچریں درکار ہونگی۔

دوسرے الفاظ میں حیوانات باربرداری کا چارہ اٹھانے کے سامان شمار میں لینے کے بغیر اگر شروع سے اخیر تک کوئی دقت واقع نہ ہو تو حملہ آور فوج کو ۲۰۸۲۸۱ شتر۔ یا ۲۱۶۵۶۲۴ خچریں چاہئیں۔

یہ سب کچھ ایسے حملے کو ناممکن ثابت کرنے کے لئے بیان کیا گیا ہے۔ جس کا ہبت بھاری ریلوے لینوں کے تیار کرنے سے علاج نہیں ہو سکیگا کیونکہ ۱۲ سو میلوں سے کم سے کم اس مہم عظیم کے واسطے کارنہیں ہوگی۔ اور اس کام پر ایک سو دن لگیں گے۔ اور ان ممالک میں پکوں کا نہ ہونا یا نہ تیار ہونا اور ندیوں کا پانی سے کم زور نہ ہونا یا نہ ٹوٹنا اور پلوں کا نہ اکھڑنا۔ اور اخیر میں تمام ملٹری ٹھاٹھ کا نہ بگڑنا فرض کرنے سے کم نہ ہوگا۔

الغرض قدرتی سامان ہماری تائید میں ہیں۔ [illegible] ہند پر حملہ آور ہونا ناممکن ہے۔ بقول سر ہنری [illegible]

حفظ صحت

استفسار

۳۸۔ خیالات:۔ ابتدا میں لکھنے پڑھنے کے کام میں چونکہ زیادہ مصروفیت رہی۔ اس وجہ سے دو تین سال ہوئے میری نظر اس قدر کمزور اور ضعیف ہوگئی کہ دو تین گھنٹے برابر نظر کرنے سے آنکھوں میں پانی بھر آتا تھا۔ بعض احباب کے مشورہ اور اپنی رائے سے عینک کا استعمال شروع کیا۔ مگر وہ عینک جو نظر سے ڈیوڑھی اور دوربین تھی۔ عرصے تک اس عینک سے میں برابر کام لیتا رہا۔ اور دور کی چیزیں مجھے بہت صاف اور اچھی طرح معلوم ہوتی تھیں۔ جن کو میں بغیر عینک نہیں دیکھ سکتا تھا۔ پچھلے سال سے میری آنکھوں کے روبرو ایسی چیزیں جن کو یونانی اطبا کی اصطلاح میں خیالات کہتے ہیں نظر آنے لگے۔ ابتدا میں میں اُن خیالات کو ضعف دماغ کی وجہ سے سمجھا اور عرصے تک مقوی دماغ چیزیں حریرے وغیرہ پیتا رہا۔ مگر کوئی فائدہ نہیں نظر آیا۔ چونکہ طب یونانی کی کتابوں کے ورق اُلٹے ہوئے ہیں پھر ان خیالات اور ضعف بصر کو میں معدے کے بخارات کی وجہ سے سمجھ کر غور کرتا رہا اور رمضان شریف میں خاص معدہ اور ہاضمہ کے وقت دیکھتا رہا مگر دونوں حالتوں میں مجھ کوئی فرق محسوس نہیں ہوا۔ غنائت ایذری سے نزول ماء کا شبہ اس وجہ سے نہیں رہا کہ ان خیالات کو چھ ماہ سے زائد مدت ہو چکی ہے۔ جو آخری مدت اطبائے یونانی نے مقرر کی ہے۔ اس وقت میری نظر کی یہ حالت ہے کہ بغیر عینک کے پچاس قدم کے فاصلے سے میں کوئی چیز صاف نہیں دیکھ سکتا اور اسی طرح لکھتے ہوئے بھی۔ مجھ کو میز پر کاغذ سے بہت قریب ہونا پڑتا ہے۔ میرے ایک دوست ڈاکٹر صاحب نے یہ مشورہ دیا تھا کہ میں عینک بدل ڈالوں۔ مگر میں چاہتا ہوں کہ عینک کی عادت بالکل چھوڑ دوں۔ اور میری نظر حالت موجودہ سے کسی قدر تیز اور قوی ہو جاوے۔ جو شکایت مجھے ہے اسی کے قریب قریب ایک درجن آدمی میرے احباب میں شاکی ہیں۔ اور میں خیال کرتا ہوں کہ اس وقت کے نوجوان تعلیم یافتہ بہت ہی اپنی بصارت کے ضعف سے مجبور ہیں ناظرین پیسہ اخبار بہت غور کے بعد اس خاص معاملے پر توجہ فرما کر اپنی قیمتی رائیوں اور مجرب دوائیوں سے بذریعہ پیسہ اخبار ضرور مطلع فرماویں۔ کیا اُن سرموں میں سے جو کثرت سے ہندوستان میں پیدا ہو رہے ہیں "میرے کا سُرمہ" "روشن چراغ" "دلآئی سرمہ" وغیرہ وغیرہ بھی کوئی ہماری شکایت کے واسطے مفید ہے۔ اگر کسی صاحب نے اس خاص شکایت کے واسطے ان سُرموں میں سے کسی کا استعمال کیا ہو تو صرور لکھیں۔ میری عمر اس وقت ۲۷ سال کی ہے اور نظر ابتدا ہی سے دوربین۔ ۲۹ کا اندھ عمر بھر بھی کبھی نہیں دیکھا۔ بغیر عینک کے (راقم محمد ... صرلتیہ کہ معظمہ کا ایک طالبعلم)۔

۳۹۔ مجیب مرض:۔ میری ا... کے کچھ عرصے سے ہوتی ہیں و... جاتا ہر تیسرے ہو جاتے ہیں ... کوئی صاحب علاج بتائیں (ایک ...

گمنام و نشان عزیز

ا پتہ مل گیا ہے:۔ آپ کے اخبار مطبوعہ ۵ مارچ ۱۹۰۸ء کے صفحہ ۴ میں ۲۴ پر ایک صاحب پھیر رام نامی مقیم ریلوے سٹیشن راماں ضلع حصار مولوی گل حسن صاحب مصنف تذکرہ غوثیہ کا پتہ دریافت کرتے ہیں۔ لہذا میں بتلاتا ہوں مولوی صاحب موصوف آجکل ٹونک میں تشریف رکھتے ہیں۔ اور ہر سال عرس خواجہ غریب نواز کے موقع پر اجمیر میں بھی آیا کرتے ہیں۔ امام علی خادم درگاہ کے ہاں ٹھہرا کرتے ہیں۔ اب کے عرسوں میں زیظنہ طاعون کے باعث نہیں آئے۔ پھیر رام صاحب ریاست ٹونک کے پتہ سے مولوی صاحب کے پاس خط بھیج سکتے ہیں (محمد امراد علی مالک مطبع راجپوتانہ گزٹ اجمیر)۔

۴۲۔ حاجی غلام رسول عرصہ گزرا ہے یہاں یعنی قصبہ رائے پور ضلع فتح گڈھ میں ایک عرصے تک مقیم رہے تھے۔ وہ اپنے آپ کو جدید الاسلام بتلاتے تھے۔ شاہجہاں پور میں ایک بزرگ سے بیعت کی تھی۔ اب اُن کا پتہ نہیں لگتا کہ وہ کس جگہ ہیں اگر کوئی صاحب واقف ہوں تو مطلع فرماویں (خریدار ۱۰۳۲۴)

عام

سوال

۳۴۔ آشوب چشم اسپ:۔ میری مادہ اسپ کی ایک آنکھ سے کئی ماہ سے پانی جاری ہے اور درد بھی ہوتا ہے کسی علاج سے فائدہ نہیں ہوا (بوسعادت علیخاں معافیدار تحصیل کوئیرہ)۔

۳۵۔ استعمال ٹکٹ:۔ کیا پیسہ اخبار کے ہزاروں ناظرین میں کوئی صاحب بتا سکتے ہیں کہ استعمال شدہ ٹکٹ کونسی کمپنی لیتی ہے۔ اور دیتی ہے؟ (سردار محمد سلطان خاں)۔

[بمبئی میں ایک فلاٹیلک سوسائٹی ہے اس سے خط و کتابت کیجئے۔ اور انگلستان میں سٹیلی اور گبن کا ایک نامور کارخانہ پرانے ٹکٹ خریدنے اور بیچنے کا ہے۔ ایڈیٹر]

۳۶۔ بالوں کا تیل:۔ تیلوں میں تیل بالوں کے لئے کونسا عمدہ ہے اور سرسوں اور تلوں کے تیل میں کون سا زیادہ مفید ہے۔ (راقم ایس۔ ایم)۔

جواب

۲۴:۔ ایک صاحب کتاب رجوع الشیخ الی الصبا فارسی کا استفسار فرماتے ہیں لیکن میں حیران ہوں کہ وہ خاص عربی زبان میں ہے اور مطبع وہبیہ مصر یا استنبول میں چھپی ہوئی ہے۔ عرصہ ۱۰ سال کا ہوا ہے کہ میرے ایک دوست نے بمبئی کے کتب خانہ حاجی عبد الکریم صاحب سے ۱۲ روپے منگوائی تھی اور ۶ روپے دیگر مصارف ہوئے تھے۔ اس کے صفحہ ۳۶ پر چھاپہ ٹائپ تھا۔ فارسی زبان میں اس کا ترجمہ ہو نہیں سنا گیا۔ درحقیقت کتاب بے نظیر تھی (محمد فضل الدین طبیب از بھنگالہ)۔

۲۵۔ کتاب رجوع الشیخ:۔ (جواب استفسار ۱۰۴۳)۔ طالب کو مطلع فرمائیے کہ ہمارے پاس کتاب رجوع الشیخ عربی اور اس کا ترجمہ فارسی زبان میں ہر دو موجود ہیں۔ قیمت ہر ایک کی پانچ روپے ہے (مرزا محمد کاظم پراس ص ۱۱۶۶)۔

شعر و سخن

بقیہ باسی ہار

اس سمیں کو دیکھ کر ہر ایک شوخ بیتاب تھی ... تھا کچھ ...
جی میں آتا تھا کہ خود ... کر گلے میں ... نوجوان ...
پہلے دیکھا ... گلگوں کیطرف پھر شوق سے ...
... اس گلبدن ... ہمکنار
... عنبر فشاں ... ہاری بھی مہک
... آغوش تھی ... کی بہار
... کشاکش ... کیا کیا ستم
... بھول جاؤ ... کوئی یاد ہو گا ماہ کو
... ہم ... اٹھا ... اور ہم
... پھینکا ... سے اور کچھ پروانہ کی
... فادمہ ... قدر دانی ... کی
... عرش ... ہم ...
... ہائے ... ہیں کیا انقلاب
... خشک ہو جانے ... جڑ کی ... آبیو الاوقت ...
... خاکہ ... ہم ... ہونا لاہے ...

سہانی شام اور ایک ہجور

(از جناب منشی محمد ارتضا علی صاحب شرر کاکوروی)

قریب مغرب ہے شاہ خاور ... افق نے اوڑھی ...
نہیں ہے اب دھوپ میں وہ تیزی ... ہوئی ہے رنگت ...
یہ دھوپ ہے یا کوئی دوپٹا ... رنگا ہوا ارغوانی
عجیب یہ فطرتی سماں ہے ... عجیب یہ رنگ ...
فلک پہ جوبن برس رہا ہے ... جوان پیری ...
ہوا میں آئی مزے کی خنکی ... بڑھی ہے ...
ہوا کی رفتار ہو گئی کم ... دم مسیحی ...
ہوا نے غنچوں کو کر دیا گل ... ہوئی ہے ...
چمن کو پھر باغباں نے سینچا ... ہوا ہے ...
شجر نے کونپل ہری نکالی ... ہے دست ...
عقیق تھے زرد جو خزاں میں ... ہوئے زمرد ...
حسین کتنے ہیں بن سنور کے ... تنہا ...
ہجوم بازار میں ہے ان کا ... وہ خود ...
آدھ میں یہ شام بام زہ ... نہان ...
چراغ سرخ ہیں چھوٹتے ہیں ... مزے ...
وہ گھاگرا اور اس کی موجیں ... کبھی نہ بھولی ...
حسین اک شریر کم سن ... نئی جوانی ...
قریب مغرب نہا رہے ہیں ... عجب ...
اور اگر شمہ غضب ہے آفت ... کرے جو ...
کھڑے وہ پانی اچھالتے ہیں ... نہ دیکھے ...
بلا کے ہیں ہاتھ وہ صفائی ... ستم ...
وہ ساریاں وہ لباس رنگیں ... وہ ان ...
عجب ہے نیرنگ حسن طلعت ... کہ جس ...

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۱۲ | یوم شنبہ ۲ اپریل سنہ ۹۰ء مطابق ۱۰ ذیقعدہ سنہ ۱۳۰۷ ہجری۔ موافق ۱۴ اچیت سمت ۱۹۴۶ بکرمی | جلد ۱۲

مذاق

رپورٹر:۔ "میں کوچوں میں گدا گروں کو خیرات نہیں پاکرتا"۔
گدا گر:۔ "غریب نواز مجھ میں وہ فقر قائم کرنے کی استطاعت کہاں۔ آپ میری حیثیت سے بڑھ کر توہین کرتے ہیں"۔

ہارلے:۔ "کیوں دیکھا۔ یہ وسکی کیسی عمدہ ہے"۔
لالچی:۔ "بیشک ہوگی۔ مگر میں سب عادت دوسرا گلاس لینے کے بغیر کس طرح رائے قائم کرسکوں"۔

ایک دیہاتی نے ایک امریکن ہوٹل میں ملازمت کے واسطے درخواست کی۔ اور جب اس کو جگہ مل گئی۔ تو اس نے دریافت کیا کہ یہاں کھانا کب تقسیم ہوتا ہے۔ اُس کو جواب ملا کہ صبح کا کھانا ۷ بجے سے ۱۱ بجے تک۔ حاضری ۱۱ سے ۳ بجے تک۔ دوپہر کا کھانا ۳ سے ۸ تک۔ اور رات کا کھانا ۸ بجے سے ۱۲ بجے تک"۔ دیہاتی نے اس تقسیم اوقات سے گھبرا کر کہا "تو میں گاؤں کب جاؤنگا"۔

یورپین جنٹلمین:۔ "کمبخت وکٹل کو اس لڑکی کے ساتھ اُس وقت سے کوئی محبت نہیں رہی۔ جب سے اُس نے شادی کا معاہدہ توڑ دیا ہے"۔
عورت:۔ "ہرگز یہ صورت نہیں ہے۔ کیونکہ اُس عورت نے جب اُس کی انگشتری بذریعہ رجسٹر بھیجی تھی۔ تو یہ الفاظ لکھے تھے۔ 'شیشہ ہے۔ لہذا احتیاط ضروری ہے'"۔

مالک دوکان:۔ "میں خیال کرتا ہوں کہ اس لیڈی کے ساتھ ہو کر کسی نے اُس کو چیزیں ملاحظہ نہیں کرائیں"۔
ملازم:۔ "وہ کچھ خریدنا ہی نہیں چاہتی۔ کیونکہ اُس کو جوتے دکھائی گئی ہے۔ اس نے اُس کو بہت عمدہ ظاہر کیا ہے۔ اور کوئی حرف گیری نہیں کی"۔

ایک وزیٹر (معائنہ کرنے والے) نے جیلخانے کے قیدیوں میں سے ایک سے دریافت کیا کہ تم کس طرح یہاں آئے ہو؟
قیدی:۔ "ضرورت لائی ہے"۔
وزیٹر:۔ "کس طرح؟"
قیدی:۔ "سننے۔ مینے دوسرے شخص کی گھڑی لینی چاہی۔ وہ رضامند نہ ہوا۔ تاہم مینے لے لی۔ جج نے مجھے پانچ ماہ یہاں رہنے کے لئے بھیجدیا"۔

عجیب عجیب باتیں

کثیر الاولاد عورتیں:۔ انگلستان کی ایک بیوی نے ۲۲ بچے اپنے خاوند کے پیش کئے۔ دو نے ۲۱-۲۱۔ ایک نے ۲۰۔ دو نے ۱۹۔ ۱۶۔ چھ نے ۱۸-۱۸۔ اور سات نے ۱۷-۱۷ غرضیکہ آجکل نوجوان ماؤں کی بڑی تعداد اپنے اس وصف میں بوڑھی ماؤں کو پیچھے چھوڑ رہی ہے۔ کیونکہ یہ معلوم ہوا ہے کہ ایک نوجوان عورت جس کی عمر ۲۲ سال کی ہے۔ نہم بچے کی ماں ہوئی ہے۔ اور ایک جس کی عمر ۲۱ برس کی ہے سانویں کی۔ اور ایک ۱۹ سالہ پانچویں کی۔ اور پانچ جوان جو ۱۸ برس سے زیادہ عمر کی نہیں ہیں ۳-۳ دفعہ جایلہ ہو چکی ہیں۔ اور ایک جس کی عمر ۱۸ برس کی ہے۔ دو بچے جن چکی ہے

چوہوں کی وبا:۔ اٹلی کے جنوب میں چوہے بانوں کے فصلوں کے جانی دشمن ہیں۔ یہ نارنگیوں کے درختوں پر بلا تکلف چڑھ جاتے ہیں۔ اور ایک طرف سے اُس کو اندر ہی اندر ایسی اُستادی سے کھا جاتے ہیں کہ اُس کا چھلکا بجنسہ درخت کے ساتھ لگا رہتا ہے۔ اور تیسرے چوتھے روز خشک ہو کر گرتا ہے۔ اور جب اعلیٰ درجے کی نارنگیاں صاف چٹ کر جاتے ہیں۔ پھر عام نارنگیوں کی خبر لیتے ہیں۔ لیمنوں سے ان کو مطلق محبت نہیں۔

عجیب قفل:۔ سب سے پرانا اور بڑا تالا وہ ہے جو کسی وقت نینوہ کے دروازوں کو مقفل کرنے کے کام آیا تھا۔ اس کی چابی جو ۳ فیٹ ۶ انچ لمبی ہے ایک جوان شکل سے اُٹھا سکتا ہے اور اسی مقدار سے تالا خیال کیا جاسکتا ہے۔

خوشرنگ انگریز:۔ ایک سائنسدان کہتا ہے کہ انگریزی لڑکیوں کا عمدہ رنگ زمین کے بخارات کی وجہ سے ہے۔ جو انگلستان پر عموماً چھا جاتا ہے۔ رطوبت جلد میں گھس کر جلد کو صاف رکھتی ہے۔ جنگلات کے باشندے پچھلے بیان کا زندہ ثبوت موجود ہیں۔

قدیم ترین لغات:۔ چینی دکشنری (لغات) جو کنفشی نے ۱۱ سو برس قبل عیسیٰ مسیح تیار کی تھی۔ علمی تاریخ میں سب سے پرانی یادگار ہے۔

سزائے قصاص:۔ سزائے قصاص جرمنی۔ آسٹریا۔ ڈنمارک یا سوئیڈن میں برائے نام دی جاتی ہے۔ یو یارک میں ۱۲ میں سے ۱۱ قیدی رہائی پاتے ہیں اور صوبجات متحدہ امریکہ میں ۵۰ فی صدی اس سزا سے بچتے ہیں۔


نامردی کا
شرطیہ علاج
روغن نامردی
مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں
یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر لوگ دنیا کے
علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردی کا جس استعمال
کریں۔ اس بحر میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی
روح حیات
دو بوتل
پانچ روپے
روغن دافع سستی
ایک شیشی
چار روپے چار آنے
مادر زاد نامردی کے سوا، خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری وغیرہ
کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہو جائیگے علاوہ عالم
شباب کی عیاشی یا بیرانہ سالی سے جو ضعف قوے کہ انسان کو گوشہ
سفارت میں بٹھا دیتا ہے یہ بیحد صفت ادویات اپنی طلسماتی
طاقت سے بے الفور لطف جوانی دکھاتی ہیں۔ رگوں
اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لاغری۔ کجی وغیرہ
شرطیہ چھ دور ہو جاتی ہے اور یہ طاقت
ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو
نوٹ:- مکرر اس امر کے اظہار کی ضرورت ہے کہ ہمارا شفاخانہ عام کی ادویات کی مفصل تعریف مصدقہ ۶ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت
بالا ہیئت ہوں گے۔
حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر سپرنٹنڈنٹ شفاخانہ عام لاہور
جنتری ۱۹۱۸ء جس میں سینکڑوں کارآمد معلومات درج ہیں ۱ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت نذر کی جاتی ہے۔
زنانہ امراض
عورتوں اور بچوں کی سستی۔ لاغری کمزوری۔ بے خوابی
ہو جاتی ہے۔ قیمت فی شیشی چار روپے چار آنے (محصول
حب عاشق
ایک ہفتہ میں عاشق کے دل سے بالکل
اور دو ہفتہ کے اندر شادی کی جرأت ہو جاتی ہے
قرہ وسواک
کی حکمی دوائی
قیمت فی شیشی چار روپے چار آنے
جوہر مسک
نیز گولیاں مسکرانے کی
قیمت فی شیشی چار روپے چار آنے
جوہر شبہ
تمام دنیا سے بڑھکر اور کوئی مصفی خون
دوائی نہیں ہو سکتی۔ شباب خون۔ خارش
شیشی خورد (۱۲ گولی) شیشی کلاں
سنون مقوی دندان
دانتوں کو موتی کی طرح چمکدار بناتا ہے۔
کھانسی کی گولیاں خواہ خشک
پانچ روپے میں خانہ
۸/
۸/
۸/
۸/
۸/
۸/

خیر الدین شاہ بن سوداگران اولیات ٹانا بازار امرتسر پنجاب

غلام نبی

اشتہاری طبیب

ہندوستان میں مصنوعی طبیبوں کی کبھی یہ کثرت نہ تھی اگر تجربہ کی سستی سے ہندوستان کے دولت استعداد علم و ہنر و اخلاق عنقریب یہ نوبت پہنچے کہ کس کو دیکھ کر کس کو نسخہ لکھا جائے۔ لیکن یہ مریضوں کا فرض ہے کہ وہ اپنی جان کو کسی معالج کے ہاتھ دینے سے پہلے اتنا تو دیکھ بھال لے کہ طب یونانی ڈاکٹری۔ ہومیو پیتھی اور کونسی طریقہ علاج کا کسے معالج نے باقاعدہ سیکھا ہے یا نہیں۔ سند کا الفاظی ٹیڑھا ہے کوئی سند بھی اسکے پاس ہے یا نہیں۔ یہ کیسا دردناک بیان واقعہ ہے کہ بیشمار ناواقف مریضوں کے اشتہاری چکنی چپڑی باتوں پر پھسل کر جاہل اور مصنوعی طبیبوں کے ہاتھوں اپنی عمر عزیز جانیں کھو بیٹھیں یا اپنی حالت ناقابل اصلاح بنا بیٹھے ہیں۔ لیکن انہوں نے اپنی غلطی کی سزا پائی۔ خود کردہ را علاجے نیست۔ میرا مقصد یہ ہے کہ جسے سند زیادہ اطمینان دے ہی ہو ارادہ یہ دوسند جو صرف انہیں لوگوں کو ملتی ہے جو طب یونانی و ڈاکٹری کو چار سال تک باقاعدہ میڈیکل کالج میں تعلیم پاکر امتحان میں پورے کامیاب اور رجسٹرڈ ڈاکٹروں کے سامنے امتحان دے کر ایک معزز عہدہ حاصل کریں۔ مالیوس مریضوں کا علاج ہمارے مطب میں ہوتا ہے۔ مریضوں کا فرض ہے کہ قبل از وقت ہمارے مطب میں تشریف لاکر ہم سے ملاقات کریں۔ ہم ہر ہفتہ میں ایک دن مفت علاج کرتے ہیں۔ ہمارے مطب میں ہر قسم کی جدید مشینری موجود ہے۔ ہم ہر قسم کے مریضوں کا

ڈاکٹر کرنلی کی مشہور عالم فاسفورس کی گولیاں

آدھا نہ کا ٹکٹ بھیج کر فہرست منگوا لیجئے

ہر وہ آدمی جو مردانہ کمزوری یا جنسی کمزوری کا شکار ہو اور اس کمزوری کی وجہ سے اپنے آپ کو ازدواجی زندگی کے ناقابل سمجھتا ہو اور اس کمزوری کی وجہ سے اپنے آپ کو ازدواجی زندگی کے ناقابل سمجھتا ہو لیکن خجالت کے باعث اپنی اس کمزوری کا ذکر کسی سے نہ کر سک

شیخ نظام الدین حکیم امرتسر (پنجاب) چوک ڈیوڑھی کرمون

ہم نام ہے حق بین حق بین ہر شہر کو بھیڑ نہ ہو تو ہے کوئی الا ولہ مضطر (یعنی ہے حق بین حق بین ہر شہر کو بھیڑ نہ ہو تو ہے کوئی الا ولہ مضطر)

اس خاندان الاطبا کو ۸۳ سال طبیہ تجربات اور مقرار کامین و سیاحین کیفیات ایسیر یہ الاثیر نسخے ہائے آئے ہین کہ اکسیر کا حکم رکھتے ہین خصوصاً اولاد فرزند نرینہ وحیات مولود و دفع استقاط کیلئے تیر بہدف ہین اگرچہ کثرت اشتہارات نے خلق کو ظن کر دیا مگر خدا نے بخشا ہے یکسان کر دیا بندہ کو ہین نعمت خداداد کے پوشیدہ کہنے کا حکم نہین بر رگون کے ارشاد و تعمیل عام کا شوق ہے کہ ادویہ تو وہی ہونگی مگر نمبر (۱) کم مقدار مولے صرف خرچ مندرجہ ہو اور (۲) تو نگر جو دہ و اخرچ دو چند سے ہوا ہین ایسا ہین اور دلی مراد پائین (۳) شرطیہ پیشگی آمدنی بجا ہلاف خرچ دوا دیکر بقیہ تنخواہ لین اگر میعاد مقررہ کے اندر مبلغ آمدنی کا حق ہو دہ واپس لینگا ہے (۴) شرطیہ بعد خرچ دوا دیکر اقرار نامہ آمدنی لکھ لے بشرط پیدائش فرزند نرینہ بمیعاد معینہ اداکرے ورنہ خرچ دوا بھی بذریعہ وی پی واپس لے (۵) زر تصفیہ شدہ فیابین متبرعین کے پاس بصاحندی حکمین امانت کہدین شرط کامیابی بعد پائے زر دہ واپس لین (۶) اسپر بھی اطمینان نہ ہو تو چھ شرطیہ لکھائین مثلاً فرزند نرینہ آمدنی جہاز ماہ لب الحصول ہو تو جاوے حسب قرارداد قبول الفضل عدد اداکی منادی ہر طرح کرادی شرطیہ اقرار نامہ سے چوتھائی شہادتون کی بنیاد ڈالدی اگر طلاق ہین شک تعیش کرے تو اپنے پر دنیا سکوگران ہے فرزند نرینہ لاکھون ہی ادمان ہے ہو گھر اس نعمل سے مسنو نہین وہ عاق ہے گھر نہین برباد ہو شہر ہے سہین شہر نہین گناہ ہے بشرطیکہ پسر نہین کتاب نسخہ ہذا دوکان ہر وقت پر تشخیص امراض ایک ٹکٹ بھیجکر منگوائیے جن مایوسین نے زندگی دوبارہ پائی اور جنکی مراد دلی برائی ناسازی تشخیص مرض کے بعد بذریعہ خط و کتابت علاج ہو سکتا ہے طرق استعمال ادویہ خط ہذا پر ہر نسخہ مفصلہ ذیل سے واضح ہوگا (بیان) ہے اسم امراض ہذا نمبر وار ہے

نمبر شمار	نام مرض	نمبر شمار	نام مرض	نمبر شمار	نام مرض
۱	نام مرض	۱۱	نام مرض	۲۱	نام مرض
۲	مرگی و دورہ	۱۲	لقوہ	۲۲	[illegible]
۳	جنگ	۱۳	جنگ پر	۲۳	[illegible]
۴	سرفت	۱۴	[illegible]	۲۴	[illegible]
۵	جریان	۱۵	[illegible]	۲۵	[illegible]
۶	[illegible]	۱۶	[illegible]	۲۶	[illegible]
۷	[illegible]	۱۷	[illegible]	۲۷	[illegible]
۸	[illegible]	۱۸	[illegible]	۲۸	[illegible]
۹	[illegible]	۱۹	[illegible]	۲۹	[illegible]
۱۰	[illegible]	۲۰	[illegible]	۳۰	[illegible]

شمتہار صادق الاقرار ناظرین! ہمارا کارخانہ عرصہ ۱۲ سے کامیابی جاری ہے جسمین نہایت ایمانداری سے مال بیرونجات کو بھیجا جاتا ہے۔ عمدہ سا سا ٹیکٹ اور فہرست سے ہمارا کارخانہ مشہور ہے اور مال بیعیبہ و بلیل بالکل قیمت آنے پر بھیجا جاتا ہے اور مال بیعیب واپس لیا جاتا ہے اگر ہم ناپسند ہونے پر اگر صرف مین نہ آیا ہو اور فوراً بیونچتے ہی خبردار اطلاع دین تو بدل دیا جاتا ہے۔ کل خط کتابت مشتہر کے نام کیجائے۔ جواب کیلئے جوابی کارڈ یا دو آنہ کا ٹکٹ آنا چاہیے

سستی جیبی ولایتی گھڑی عمدہ	**ریلوی فشن کی جیبی ولایتی گھڑی**	**ریلوی فشن کی لیور جیبی گھڑی**	**خاص چاندی کی جیبی گھڑی**	**چاندی کی اعلیٰ درجہ کی جیبی گھڑی**
یہ گھڑی عمدہ و مضبوط ہے بہت مضبوط سکنڈ کی سوئی لگی ہوئی ہے نہایت صحیح دیتی ہے ہندوستان کے سوا ولایت میں خاص کر ہمارے ملازمان کو اسکی بہت ضرورت ہے ایک گھنٹی اور کیس کے قیمت ۱۲	اگر خریدار بالاشین کی مثل اگر صادق آئی ہر قسم گھڑی پر کہ علاوہ بالائی خوشنمائی کے بہت عمدہ پرزے نہایت ماہرکار رکھے گئے ہین ضرور ہوگا کہ بھر جاتی ہو شائقین ماہرکار قدر اسال کرینگے	یہ گھڑی نہایت خوشنما مضبوط حال ہے عمدہ زور شور کی لیور کا پرزہ بڑے بھلے سے گھر ساتھ ہے اسکو سول اور ملیٹری افسران نے پسند کیا ہے کارنٹی ۲ سال قیمت ۱۲	یہ گھڑی متوسط الحالت خاص چاندی کی دوہرے ڈھکنے کی منقش ہے پرزہ اعلیٰ ہائیڈرالک چال کی صحت لاجواب ہے کارنٹی ۲ سال قیمت ۱۲	یہ گھڑی نہایت مضبوط اور دیکھنے کی منقش ہے اور پکی جیبی ہے ہاتھ منقش ڈبل کیس ہے ہر قسم کی کارنٹی ۲ سال قیمت ۱۲
نہری ڈبل کیس منقش ولایتی گھڑی	**کلائی پر باندھنے کی جیبی گھڑی**	**گول ٹائم پیس نہایت مضبوط**	**آفس کلاک**	**گرجا کلاک**
				
یہ گھڑی ڈبل کیس ایکدو دونون ڈھکنے نہایت منقش ہے ہاتھ کا بنا ہوا ہے پرزہ نکل مضبوط خوشنمائی قابل دیکھنے کے ایسے خوشنما ہین کہ اگر بیش قیمت ہوتے تو بھی ہندوستان مین ضرور بکتے قیمت ۱۲	یہ گھڑی اون اشخاص کے زیادہ مفید مطلب ہے جنکو ہر وقت ضروری اور جلدی کا کام پڑتا ہے وہ اسکو کلائی پر باندھتے ہین کہ ہر گھڑی گھڑی پیش نظر رہے قیمت ۱۲	یہ ٹائم پیس مثل گرجا کلاک کے ہے گھنٹہ اور آدھا گھنٹہ کی بجاتی ہے وقت نہایت ٹھیک دیتی ہے اسمین اور کلاک مین صرف اتنا فرق ہے کہ یہ گول ہے اور کلاک گرجا نما اور نمبر ۲ کی چابی کی ہے اور گھڑی ۱۲	اس کلاک کے پرزے نہایت پائدار وقت درست دیتی ہے کبھی آٹھ دن کے بعد دیجاتی ہے بڑے افسروں کے مکانون بل ڈاک اور عدالت دفتر وغیرہ مین برابر لگایا جاتا ہے کارنٹی ۱۲	یہ کلاک آٹھ روزہ چابی کا ہے گھنٹے سوا الارم بھی بجاتی ہے یہ پانی ضلع کا کلاک اپنی خوبیون کی وجہ سے مقبول ہے نمبر ۱ ایضاً پندرہ روزہ کوک
زین سواری کلاں مع سامان کے	**زین واسطے اطفال چکردار**	**ساز فٹ وارنش ولایتی**	**ساز جوڑی وارنش ولایتی**	**دیوان طاہر**
یہ زین عمدہ و مضبوط جسکی عمدگی اور خوشنمائی ہر شخص دیکھ کر تعریف کرتا ہے باگ پھولدار ڈبل بکسوے ہر رنگ اونی اور رکاب چرمدان ہے سامان اسکی نہایت پائدار ہے قیمت ۱۲ ایضاً مع جلہ سامان قیمت نمبر ۲ ۱۲ ایضاً مع جلہ سامان نہایت مضبوط نمبر ۲ ۱۲	وچکیدار مع سامان کے یہ زین خاص محمد نکی سوار یکا مع جلہ سامان پکلیٹ پائدار سلائی دار جسکا تنگ دونی قطعے بلدار ہے قیمت نمبر ۱ ۱۲ ایضاً مع جلہ سامان قیمت نمبر ۲ ۱۲ زین بلا چکر واسطے ہوشیار اطفال کے مع جلہ سامان نہایت مضبوط نمبر ۱ ۱۲ ایضاً مع سامان نمبر ۲ قیمت ۱۲	دہاماری پرزہ جرمن سلور قلعی نقرئی نہایت ہی خوشنما اور مضبوط وارنش عمدہ پر دے جلادار سلائی پائدار قیمت نمبر ۱ ۱۲ نمبر ۲ ۱۲ نمبر ۳ ۱۲ ایضاً سادہ چرکا پرزہ برنجی قلعی نقرئی نہایت عمدہ اور خوشنما سک نمبر ۱ ۱۲ نمبر ۲ ۱۲ نمبر ۳ ۱۲ ایضاً باماری پرزہ نہایت مضبوط پرزہ پیتل عمدہ نمبر ۱ ۱۲ نمبر ۲ ۱۲	پرزہ جرمن سلور قلعی نقرئی عمدہ وارنش خاص نہایت عمدہ مضبوط سلائی پائدار چمڑا آبدار دلیسا عمدہ کہ کبھی بدنگ نہیں ہوتا ہے نہ چٹختا ہے اسکو مکسو دینے کی چمک دمک اور صفائی پر نگاہ نہین ٹھہرتی ہے قیمت ارزان نمبر ۱ نمبر ۲ ۱۲ نمبر ۳ ۱۲ ایضاً بر نمبر ۱ ۱۲ نمبر ۲ ۱۲ باماری نہایت ہی عمدہ اور مضبوط چمڑا آبدار سلائی پائدار نمبر ۱ ۱۲ نمبر ۲ ۱۲ نمبر ۳ ۱۲	امور خسرو شاعری مشاق رکھتے رہے شائقو افسوس کیا ہے اپنے دیوان طاہر مین دیکھا جسکے معائنہ کرنے کی خواہش ایک مدت سے ہے جسمین دیوان مین ہے لے رہی تھی واقعی اس نامی گرامی شاعر نے دیوان نہین لکھا ہے بلکہ علم و کمال اور رنگینی بلاغت کا اظہار کیا ہے جو قدرتی طور پر زبان سے ادا ہوگیا ہے بھی در حقیقت اس جلیل القدر داستان غزلین نہین کہی ہین بلکہ مسیحا کو سرگرداں انداز عشوہ۔ جرعہ غلط و تیغ چوغائی کے فوٹو عشاق کو ضبط تحمل وفاداری کی سچی تصویرین کھینچکر زمانہ کو دیدہ ور بنا کر دی ہین پس اگر آپکا جیسا مذاق ہو دیکھا جائے تو سو دیکھئے جو اس حال کا نستعلیق سفید کاغذ ۲۶ صفحہ ہے

اخبر فروشی دوائیاں

[illegible] دوائیاں [illegible]

نوٹس

ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بمقام دوراہہ منڈی میں چودہ ہزار سلیپر (شتیری) تسمہ دار موجود ہے۔ جس کسی کو خریدنا منظور ہو۔ وہ فارسٹ رینجر اچھرا منڈی کے پاس درخواست بھیجے۔

دستخط سی۔ ایف۔ ویلیٹ
کنسرویٹر محکمہ جنگلات
(پنجاب)

[illegible] ایکیڈم [illegible]

تمام دنیا میں آنکھ سفری حاذق مترجم و مشہور [illegible] ہے ایک حاذق مترجم [illegible] سے [illegible] جو [illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] ہے

ہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی

اب اس سستی گھڑیاں آوے کیا ہونگی

ہمرے اس عالی ہمرتبہ سیل کی گھڑیاں آئی ہیں جو وقت کی نہایت صحیح ہیں اور قیمت میں بالکل کم ہیں۔ کم جن باتوں سے گھڑیاں ہیں نہ ہیں۔ یہ گھڑیاں کم درجہ ملازمان وغیرہ کو تعلیم میں دینے کے لئے نہایت ہی اچھی چیز ہے اور ان کے واسطے بھی مفید ہیں جو کہ وقت کی پابندی کرنا چاہتے ہیں۔ ضرور اور جلدی منگا لیجئے۔ دیر ہونے پر ہاتھ ملنا مشکل ہیں

کلائی پر باندھنے کی گھڑی

یہ گھڑی چھوٹے نسائی کی ہوتی لیڈی واچ ہے۔ یہ گھڑی سنہری خول سونے کا ہے۔ اس کی پشت کے ڈھکنو پر نقش نگار کیا ہوا ہے۔ اس گھڑی میں ۱۵ گھنٹے کے بعد چابی دینی ہوتی ہے۔ یہ گھڑی بھی خوبصورت بھی ہے۔ نام کی لگی ہوئی ہے۔ گارنٹی بھی دو سال کی ہے قیمت فی صد روپیہ

پندرہ گھنٹے کی کوک کی بنگال واچ

یہ گھڑی نکین ڈائل کی ہوتی ہے۔ ہر ذرہ کی نہایت مضبوط ہے۔ خوبصورت بھی ہے اور ٹائم کی بھی اچھی ہے۔ گارنٹی بھی دو سال کی ہمراہ ہے۔ قیمت کی بھی سستی ہے یعنی سوا تین فی صد روپے

تیس گھنٹے کی کوک کی پنجاب واچ

اس گھڑی کا ڈائل سفید ہے۔ ہاتھ اور مضبوطی میں اعلیٰ درجہ کی ہے۔ دیکھنے میں بھی خوبصورت ہے۔ گارنٹی دو سال۔ قیمت فی صد روپیہ تین ہے

اخبار دارالحکومت کلکتہ

یہ اخبار جنوری ۱۹۰۹ء سے آٹھویں روز ہر جمعہ کو نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہونا شروع ہو گیا ہے۔ ایک پیسہ خرچ کر کے نمونے کا پرچہ منگا ملاحظہ کیجئے۔ اگر پسند ہو تو خریداری کے واسطے دستور پیسہ خرچ کر ڈالئے ورنہ خاموشی اختیار کیجئے۔ قیمت سالانہ خاص خریداروں سے صرف ۴ روپے مقرر ہے۔ قیمت درخواست کے ساتھ درکار ہیں۔ جدید ماہ کے پرچے اس وقت تک جب تک درخواست خریداری کی نہ آوے دوسرا پرچہ نہیں بھیجا جاویگا۔ تین پیسہ کی گھڑیاں جو اوپر لکھی گئی ہیں ان میں سے ایک پیسہ کی ۱۰ گھڑیاں یکمشت منگانے سے ایک سال تک اخبار دارالحکومت مفت ملیگا۔ تمام خریداروں کو بے نظیر قرآن شریف جو ایک ورق پر لکھا گیا ہے مفت دیا جاویگا۔ قرآن شریفوں کا ہدیہ مع محصول ڈاک ۱۲ عدد ۱ روپیہ

معجون اکسیر اعظم جو ہر قسم کے مرضوں کے لئے مفید ہے قیمت فی ڈبیہ ۱۰ مثقال بڑھاپے کو بے نظیر تیل فی شیشی ۱۰ مثقال ۱ روپیہ۔ بال اڑانے کا تیل دو شیشی کی قیمت عمدہ ۱ تولہ کا قتیل فی عدد ۱ روپیہ۔ گھڑی کا کامل حفاظتی عدد ۱ روپیہ۔ برقی انگوٹھی جو مجرموں کی جانی دشمن ہے قیمت فی عدد ۱۰ روپیہ۔ ڈاکٹری چشمہ رنگین تالوں کا فی عدد ۱۲ روپیہ۔ برقی لاکٹ جو اپنی برقی قوت سے چوروں اور ڈاکوؤں کو ہلاک بیماری سے بچاتا ہے قیمت فی عدد ۱۰ روپیہ۔ گلاب کے پھول کے بٹن زیر دار۔ نین بٹن کا سے ۱۲ عدد ۱ روپیہ۔ بارہ مادہ سفید موتیوں کا ہے قیمت فی عدد ۱۰ روپیہ۔ جادو جس دو بھی فی عدد ۱۰ روپیہ۔ الف ایک بھلائی عدد ۱۲ روپیہ۔ ملک کا سچا خدمتگار ہے وہ جو کہ الحق سودا گر دلالک اخبار دارالحکومت کلکتہ۔ کرو ڈوڑہ۔ کٹرہ جمعہ خان

ترقی دینے کا مسودہ داخل کیا گیا ہے۔

— امریکن میڈیکل مشن پر حملہ۔ میں چینیوں کی ایک پارٹی نے حملہ کیا اور امریکہ میڈیکل اسسٹنٹ کو ہلاک کر دیا

— مسٹر کرزن نے ہوس آف کامنز میں کہا کہ ایک سوال کے بیان کیا کہ ہندوستان کا تار گھر میں روس کو جو خاص اور حقوق دیئے گئے ہیں ان کا گورنمنٹ کو اطلاق علم نہیں ہوا

— جرمنی نے اپنی فوج کریٹ سے بالکل ہٹا لی ہے۔ اور پرنس جارج والی یونان کے نامزد ہونے کی نسبت اسکو اعتراض ہے۔ جسپر روس ابا تک مصر ہے۔

— گزشتہ تو اور کو مصروں نے درویشوں کو شکست دی اور ان کے ۳۸ آدمی ہلاک کئے۔ میجر ستول سخت مجروح ہوا۔

— روسی اخبار نوستی زور دے رہے ہیں کہ روس کو اپنے وسطی ایشیائی مقبوضات پر براہ راست نگاہ رکھنا چاہیئے اور ہمیں افغانستان تہذیب کی ترقی کو ہمیشہ کے لئے روکنا نہیں

Chamberlain's Colic Cholera & Diarrhoea Remedy.

چیمبرلین کولک کالرا اینڈ ڈائریا ریمیڈی

[چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی]

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

نہایت عجیب دوائی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے تمام معدے کے دردوں کو فوراً رفع کرتی ہے۔ قولنج ہیضہ پیچش۔ زحیر دوری زحیر بچوں کا ہیضہ۔ انتڑیوں کی ہر قسم کی بیماریاں۔

قیمت چھوٹی بوتل ایکروپیہ بڑی بوتل دو روپے۔

لاہور میں شیخ ضیاء الدین اینڈ سنز مالکان پنجاب میڈیکل ہال اور امرتسر میں سہاں فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے مل سکتی ہے

جامع مسجد وزیر خاں لاہور کے واسطے ایک امام و خطیب عالم متبحر کی ضرورت

مسجد وزیر خاں جو بلحاظ عظیم الشان صناعی قدیم عجائب روزگار عمارت کے نہایت مشہور قابل زیارت عبادت گاہ اہل اسلام ہے۔ لہذا ایسی بے نظیر مسجد کے واسطے ویسا ہی فاضل جلیل القدر امام و خطیب کی ضرورت ہے۔ پس جو شخص اس قدر علمی قابلیت و فضیلت رکھتا ہو کہ تدریس کتب تحصیلی دے سکتا ہو اور وعظ بخوبی کر سکتا ہو۔ اور حافظ قرآن ہو یا قرآن شریف بقراءت پڑھ سکتا ہو سو وہ اپنی درخواست پاس مرزا انور علی صاحب اولاد بابا دستوی مسجد وزیر خاں لاہور کے پاس اخیر مارچ ۱۹۱۰ء تک بھیجدیوے۔ شرح میں تنخواہ وغیرہ معلوم ہو سکتا ہے۔ زیادہ حال بذریعہ خط و کتابت متولی صاحب ہر معلوم ہو سکتا ہے۔

ضرورت ہے ایک لائق کلرک کاریسب اور میکی۔ جو تعمیر کے کام میں خاص مہارت رکھتا ہو۔ تنخواہ لغایت ۵۰ ماہوار تک۔ درخواستیں بصحت نقول اسناد تمام شرائط بصراحت مینجر پیسہ اخبار

ممالک غیر

جرمنیوں نے روس کو تالیوان کا اجارہ دینا منظور کر لیا۔ شنگھائی پورٹ آرتھر ان کے پاس رہنے دیا جائے۔

مصر کے باغی درویش ایلاسیاب میں ٹھہرنے کے بعد پھر سفر کر رہے ہیں۔ لہذا اطلاعیں بھیجنا مشکل ہے۔

افغانستان کوئی تازہ دھمکی نہیں دی۔ ماسٹر اوڈوائر کی طرف سے لہذا مجھ کو انڈا گورنمنٹ کے لئے بھیجے گئے ہیں۔

روس کی کثیر التعداد فوج سرحد بلوچستان کو جا رہی ہے۔ لہذا اس کے سخت جوش ٹھنڈے ہیں۔

روس نے سلطان المعظم کی بلاواسطہ ایلچی منظور کر کے سلطان سے اپنا مطالبہ وصول کرنا ترک کر دیا ہے۔ امید ہے کہ انس جاری کی سپیدہ داری دربارہ گورنری کی منظور کر لیگا۔

ترکی سے بھیجنے سے یہ خواہش کی ہے کہ گورنمنٹ ترکی کو کوئی حصہ کشتی کو نہ دیا جائے۔ اور بچوں کے بھاگنے کو روکنے کا سٹیشن قائم کیا جائے۔

جاپان کے واسطے جنگی جہاز اور چین کے واسطے ۲ جنگی جہاز تیار ہو رہے ہیں۔

چین کی فوج منچوریا اور برلن میں بھرتی ہو گیا ہے۔ چین کا بجٹ ۱۰۳۰۰۰۰۰ روپیہ تک

عدالتوں سے ۷-۷ سال قید بامشقت کی سزا پا چکا تھا۔ پھر بعلت سرقہ ماخوذ ہونے پر حسب دوام بعبور دریائے شور کا سزایاب ہوا ہے

نیشنل بنک لمیٹڈ کو سال مختتمہ ۳۱ دسمبر تک ۱۲۴۲۰۰ روپے منافع ہوا جس میں سے ڈائرکٹروں کو ۷ فی صدی اضافہ اور ایک فی صدی انعام تقسیم کرینگے

سندھ کے سوداگروں نے اندازہ کیا ہے کہ تقریباً ایک ملین ٹن گیہوں آئندہ موسم گرما میں ممالک غیر کو بھیجی جائیگی۔ جس میں سے نصف بندرگاہ کراچی سے روانہ ہوگی

۱۰ فروری میں ۸۸ گھوڑے یعنی ۱۱ انگریزی ۲۰ ویلرز ۳۴ عربی ۲۹ فارسی ۲ دیگر اور ۱ کابلی بمبئی پہنچے

بمبئی میں جس شخص کو پھانسی دینے کے واسطے بانسوں کا پردہ بنایا گیا تھا۔ اور وہ گزشتہ فساد میں بلوائیوں نے جلا دیا تھا اُس کی سزا بجائے پھانسی کے دائم الحبس کی گئی

ملٹری ڈیپارٹمنٹ کلکتہ ۱۶ مارچ کو کلکتہ سے شملہ کو روانہ ہوگا

ہمالیہ پہاڑ کے مشرقی حصے میں بہت برف پڑی جس سے درہ یاتونگ کی تجارت تبت کو بہت نقصان پہنچا

آنریبل جسٹس ٹریویلین جج ہائی کورٹ کلکتہ قبل طلبگی رخصت پر جاتے ہیں۔ ان کا جانشین ملالت سے آئیگا

صاحب مجسٹریٹ بمبئی نے ۲۲ تاریخ کو ۳۰ آدمیوں کو جنہوں نے کنٹیل کینٹین پر حملہ کیا تھا سشن سپرد کیا۔ اور کئی دیگر پر ہینڈل پر حملہ مجرمانہ کرنے کے ملزم ہوئے۔ گزشتہ سینچر تک ۱۲۱ اشخاص گرفتار ہوئے۔ جن میں سے ۹ چھوڑے گئے ہیں۔ اور جو شریک جرم ہوئے اُن میں ۵۰ مسلمان اور ۳۷ ہندو ہیں۔ ابھی پندرہ مقدمات فیصل ہونے ہیں جن میں ۱۱۳ ماخوذ ہیں

۱۰ تا ۱۷ مارچ کو بمبئی میں ۱۴۸ آدمی مبتلائے طاعون اور ۱۴۲ اموات کی کل تعداد تمام براعث سے ۳۱۶ تھی

خادم ہند آگرہ نے جو یہ خبر مشہور کی تھی کہ حب قلندر بخش کوتوال لکھنؤ سے تبدیل ہوا تو اُس کی بیوی کو ڈاکٹر نے مبتلائے طاعون قرار دے کر ہسپتال بھیجنے کا اصرار کیا۔ اور کوتوال نے ناراض ہو کر پہلے بیوی اور پھر ڈاکٹر اور اطبر میں اپنے آپ کو گولی سے ہلاک کیا تھا۔ پاؤنیر نے بعد تحقیقات اسکی تکذیب کی ہے

سُنا جاتا ہے کہ اب طاعون جنوبی مرہٹہ ریلوے کے سٹیشن شولاپور گدگ جنکشن کے مابین کلادگی سٹیشن تک پہنچ گیا ہے

چناگنگ میں ٹرین کو نقصان پہنچانے کی جو کوشش کی گئی تھی اُس میں سرحدی نشان والا ایک بڑا سیاہ پتھر چار فٹ لمبا اور ایک فٹ چوڑا ریلوے لین پر رکھا گیا تھا جس کو چار آدمی بمشکل اُٹھا سکتے تھے۔ اس سے اس حادثہ کی سخت خیال میں لائی جا سکتی ہے

انکورٹ بمبئی کے موسم گرما کا آئندہ سیشن ۲۲ اپریل سے ۱۲ جون تک رہیگا۔ صاحب چیف جسٹس اس عرصہ کے مابین اور کسی وقت کی رخصت لیکر واپس جائینگے

۱۹ تاریخ کو جہاز انوار ۷۴ افسر ۲ لیڈیاں ۷ بچے ۱۱۶ سپاہی ۲۵۰ سپاہیوں کی بیویاں اور ۷ بچے کیمبی پہنچے

۱۰ گورنمنٹ نے بہت جلد سرحد پر لفٹننٹ کرنل لاری کے ۱۰ تحت ایک آبادی قائم کرانا شروع کر دیگی

مسٹر ڈبلیو فریزر لکچرار نلگنڈہ ٹاؤن امپیریل انسٹیٹیوٹ نے ایک علمی تاریخ ہند شائع کی ہے

لاہور۔ پنجاب۔ سرحد

کلکتہ سے خبر آئی ہے کہ کپتان ہوگسٹن متعلقہ آل انڈیا گرینڈ یرٹوحی ہیڈ کوارٹر میں بلا تنخواہ اٹاچی مقرر ہوا ہے۔

گورکھا سکوٹ لنڈی کوتل سے علی مسجد پہنچا۔ اور ۳۰ ویں پنجاب انفنٹری نے جمرود سے پشاور کو کوچ کیا۔ ہر طرح سے خیر و عافیت ہے۔ ۲۰ ویں مہار کا ایک گورہ سنتری کے زخم سے ہلاک ہوا۔ جو اُس نے اپنے ہاتھوں سے لگایا تھا

ہز آنر حضور لفٹننٹ گورنر پنجاب منگل کی صبح کو واہ کو روانہ ہوئے۔ یہاں کیمپ ایک ہفتہ مقیم رہیگا۔ اسی اثنا میں ہز آنر ۲۴ سے ۲۷ تک سمانا کا دورہ کریں گے۔ اور ۲۸ کو کوہاٹ میں دربار منعقد ہوگا۔ اور ۳۱ مارچ کو واردِ لاہور ہونگے

لفٹننٹ کرنل پوپ سپرنٹنڈنگ انجینیر پنجاب کی آنریری ملٹری ورکس ڈیپارٹمنٹ سرہند و لاہور سرکل کا اہتمام لینے

سیجوای انگلس ڈپٹی کمشنر ہوشیارپور ضلع جالندھر اور ہوشیارپور میں جدید انتظامات انسداد طاعون پر تعینات ہوئے ہیں۔ اور سرجن کیپٹن ایونز۔ سرجن منٹگمری۔ آنریری سرجن لفٹننٹ ڈیوز۔ سول سرجن گوجرانوالہ۔ اور ملٹری اسسٹنٹ سرجن میسن سول سرجن گورداسپور ہیجر انگلس کے سٹاف میں شریک ہوئے ہیں۔ ان افسروں کے علاوہ ایک بڑا سبارڈینیٹ میڈیکل سٹاف موقعہ پر موجود کیا گیا ہے

پنجاب میں ۴ نئے قانونی مدرسے کے قائم ہونے کے شائق کم نہیں ہیں۔ اور ناکام اُمیدواران قانونی امتحان کے گئی ایسے ہمدرد پنجاب یونیورسٹی سے فیلوز میں موجود ہیں۔ جو موجودہ سٹینڈرڈ آسان کرانا چاہتے ہیں

گزشتہ منگل کو امرتسر میں ایک جھیور نے اپنی زبان دیوی کی بھینٹ کی

منشی خان محمد انسپکٹر ڈاکخانجات پشاور ۳ ماہ کے واسطے اجمیر ڈویژن کے قائمقام سپرنٹنڈنٹ مقرر ہوئے

ہز ہائینس راجہ صاحب کپورتھلہ ہز ہائینس مہاراجہ پٹیالہ سندھیہ کی بازدید کے واسطے جلد گوالیار تشریف لیجانے والے ہیں

ڈاکٹر جوئی سکول ہندو داونخاں کو مڈل سکول تک ترقی دی گئی ہے۔ اس کے جو طلبہ امتحان مڈل سکول میں شریک ہوئے تھے۔ وہ سب کے سب کامیاب ہوئے

شہر لاہور کے کشمیری پنڈتوں کی دھرم سبھا نے گزشتہ سینچر کو ایک خاص جلسہ انسداد طاعون کی تدابیر سوچنے کے واسطے منعقد کیا۔ امید ہے کہ دیگر مقامی کمیٹیاں بھی اس کی تقلید کرینگی

گزشتہ ہیر اور منگل کو شہر لاہور سے مڈی حل گزرا

کہتے ہیں کہ کپورتھلہ میں دیوان مہتراداس صاحب کی جگہ گنگا رام کی جگہ بابو ہری چند۔ اور اُن کی جگہ دیوان صاحب کے صاحبزادے دیوان جگن ناتھ مقرر ہونگے۔ کمیٹی کا اس انتظام سے ناخوش ہے

میسرز گنڈ اسنگھ اور برائے سنز سیالکوٹ کو گزشتہ نمائش کلکتہ میں اپنی عمدہ صابنت کی اشیاء پیش کرنے کے صلہ میں طلائی تمغہ اور سرٹیفکیٹ ملا

۱۵ مارچ کو خالصہ ہائی سکول گوجرانوالہ کے میجر اور اُستادوں نے ان الطبہ کو جو امرتسر کی پاٹی ای ہوئے آئندہ امتحان داخلہ میں شریک ہونے والے ہیں

ست سبھا لاہور کی ۱۰ ویں سالگرہ حال میں ہوئی ہے

کلکتہ میں مشہور ہو رہا ہے کہ اب سرحدی تکالیف بھی طور پر ختم ہو گئی ہیں۔ خاص جنگی نمائندگان بھی واپس آ رہے ہیں۔ آفریدیوں نے باقی شرائط کی تعمیل کے واسطے ۲۷ یرغمال دیدیئے ہیں۔ جن میں سے ۶۴ سر ولیم لاکہارٹ نے ملاکنڈ کو روانہ کر دیئے ہیں

۲ سو رسالہ سپاہی اور ایک سو دیسی علی مسجد سے لنڈی کوتل دیکھنے آئے ہیں اور قلعہ سے باہر خیمہ زن ہیں

جمعیت انفل کے ۲۲ ذکا خیل جوان کرنل سلم خاں کے پاس آئے اور دوسرے دن جرود کو بھیجے گئے

ہز ایکسیلنسی حضور وائسرائے یکم اپریل کو پٹھان کوٹ پہنچکر بسواری ٹانگہ نورپور بھاگسو وغیرہ مقامات سے ہوتے ہوئے ۲۵ کو رونق افروز شملہ ہونگے

گزشتہ دسمبر میں ڈیرہ اسمٰعیلخاں ڈیرہ غازیخاں کوہاٹ اور بلدھیانہ میں جو کثیر التعداد واقع ہوئی تھیں۔ وہ محض وبائی بخار کی تھیں۔ اُن کو طاعون سے کوئی تعلق نہیں تھا

وزیر آباد و لائل پور کے ریلوے سٹیشن چھتانواں پر ایک کانسٹیبل کی ہلاکت کے جرم میں دیسی گارڈ ماخوذ ہے

ضلع جالندھر و ہوشیارپور میں ۱۴ تاریخ سے طاعون کا کوئی کیس نہیں ہوا۔ اس تاریخ تک ۱۱۰۶ آدمی مبتلا اور ۹۶۲ ہلاک ہوئے

میلہ بیری شاہ لطیف ہر سال نورپور واقع ضلع راولپنڈی میں ہوتا ہے۔ آئندہ بجائے مئی کے ماہ اپریل میں ہوا کریگا

سر ولیم لاکہارٹ نے اپنی روانگی ولایت ۱۵ اپریل تک ملتوی کر دی ہے

۱۵ تاریخ کو آکسفورڈ لائٹ انفنٹری کے ۵۰ جوانوں کے دستہ نے علی مسجد پہنچ کر اپنی جہنگ کو مکمل کیا

وکٹر سکول چھاؤنی جالندھر کے جو ۱۱ طلبہ گزشتہ امتحان مڈل سکول میں شریک ہوئے تھے سب کامیاب ہو گئے

کاغذات امتحان کے سوالات عربی حروف میں شائع ہونے کی شکایت بدستور جاری ہے۔ چونکہ کتب درسی فارسی حروف میں ہوتی ہیں۔ لہذا اکثر طلبہ کو اُن کے پڑھنے میں دقت ہوتی ہے

شہر لاہور میں قواعد پلیگ کے متعلق بہت جوش پھیل گیا ہے

ریاست جموں و کشمیر کے ۴۴ امیدواران امتحان مڈل سکول میں سے ۱۲ ہائی سکول کے سب پاس ہوئے۔ اور لوئر مڈل سکول کے ۲۲ میں سے ۸ کامیاب ہوئے

کرنل گیمنڈ ڈپٹی کمشنر جہلم چوتیالی کو ایک غازی نے بندوق سے ہلاک کیا۔ آپریشن کے وقت مقتول طور پر بیہوشی میں رہا۔ فائر خصت نے کرنل موصوف پر دو فائر کئے تھے

درہ خیبر تجارتی قافلوں کی آمد و شد کے لئے کھولا گیا ہے

میلہ شلامار باغ اور سرائے شاہدرہ میں کشتیوں کی وجہ سے طاعون زدہ مقامات میں مسافروں کو ٹکٹ ملنے بند کئے گئے ہیں

روئے زمین کی خیر ترین

ہندوستان

سر سائمن فریزر لیفٹیننٹ گورنر بنگال دورہ ضلع ہوگلی پر جا رہے ہیں۔ ۱۵ اپریل کو ہوگلی میں دربار ہوگا۔

ہز ایکسیلنسی جنرل سر اسٹینلے کلکتہ سے چل کر ۲۵ اپریل کو شملہ پہنچ جائیں گے۔

پچھلے سال شاعروں میں دونوں گھٹ گئے حالانکہ اس کی تعداد امرات نہایت دلشکن ہیں۔

سال حال میں آمد افیون بنگال میں ۳۰۰۲۴۴ روپے تھی۔ اس سال ۳۰۰۲۴۴ روپے ہو گئی۔

سر جان وڈبرن کمانڈر انچیف ہند کی رخصت کے بعد بنگال کی جہت پر جانا کلکتہ کے حلقوں کی رائے پر موقوف ہے

کم ہو مثلاً ڈیڑھ تولہ ہو۔ اس کے لئے بجائے موجودہ طریق کے محصول لینے کے ڈیڑھ آنہ لینا چاہیئے۔ چنانچہ یہ تجویز صاحب ڈائریکٹر جنرل ڈاکخانجات ہندوستان کی رائے معلوم کرنے کے لئے بھیجی گئی ہے۔

بمبئی میں کاروبار بند ہے

اب معلوم ہوتا ہے کہ بمبئی کے مزدوروں اور گاڑی بانوں نے کام شروع کر دیا ہے۔ لیکن جب تک ان لوگوں نے کام نہیں شروع کیا تھا شہر کے تمام کام جہاز رانی اور ریلوے ورکشاپ کے کام۔ سوت کی ملوں کے کام اور بیل گاڑیاں بالکل بند رہیں۔ بمبئی ایسے شہر میں مزدوروں کی اتنی بڑی طاقت ہے کہ بادی النظر میں سمجھ نہیں آتی۔ حاکموں اور مزدوروں نے تو حکام کے سمجھانے بجھانے اور کسی قدر انجمن کے مقدموں کے سماعت کام شروع کر دیا۔ لیکن کپڑے کے دوکانداروں اور بہت سے دوسرے دیسی دوکانداروں نے ابھی دوکانیں نہیں کھولیں۔ خوجوں کی دوکانیں کھلوانے کے لئے ان کے امام اور پیر طریقت ہز ہائینس آغا خان صاحب سے فرمائش کرائی گئی۔ لیکن ان لوگوں کی دوکانیں بہت زیادہ نہیں تھیں۔ اس لئے ان کا دوسرے دوکانداروں پر کچھ اثر نہیں پڑا۔ لکھمیداس کھیم جی۔ موجی جیٹھا اور منگلداس کی کپڑے کی منڈیاں بند ہیں۔ مانڈوی۔ بھنڈی بازار۔ کاپڑ بازار مکالبا دیوی۔ عبدالرحمن سٹریٹ۔ اسپلینیڈ کراس روڈ میں سوائے چند پارسیوں۔ بوہروں اور خوجوں کے سب دوکانیں بند ہیں۔

پنجاب میں آب پاشی کی نہریں

یہ بات درست ہے کہ خشکسالی اور قحط کے سال میں آبپاشی کے لئے کو محصول سے زیادہ کام کرنا پڑتا ہے کیونکہ پانی کی ضرورت کھیتوں کے لئے بڑھی ہوئی ہوتی ہے جبکہ دریاؤں اور نہروں میں پانی کم ہو جاتا ہے۔ ۱۸۹۶ء کے صوبہ پنجاب کے محکمہ آبپاشی کی رپورٹ کا ریویو کرتے ہوئے لفٹننٹ گورنر بہادر نے اس محکمہ کے افسروں کی محنت اور کارکردگی کی بڑی خوب تعریف کی ہے۔ ۱۸۹۵-۹۶ء میں اس قدر بیجر کی آب پاشی ہوئی تھی کہ اتنی کبھی اس سے پہلے نہیں آئی تھی۔ مگر تاہم وہ رقبہ جو ۴ لاکھ ایکڑ سے زیادہ نہیں تھا۔ لیکن سال زیر ریویو میں ۴ لاکھ ایکڑ اراضی کی آبپاشی ہوئی ہے اور اسی لئے اس سال کی آمدنی بھی اس سال ماسوا سے ۴ لاکھ کے قریب بڑھ گئی ہے۔ کل پنجاب میں ۱۱۴۱۴ میل نہریں آبپاشی کے لئے تیار ہیں۔ اور ۱۰۱۷۰ میل ان کے راجبا ہے اور شاخیں ہیں۔ لیکن راسیر بھی پنجاب میں اور بہت سی نہریں آبپاشی کی گنجائش ہے۔ اگر کبھی پوری کی گئی تو پنجاب قحط سالیوں سے قریب قریب محفوظ ہو جائیگا۔

روسی فوجی افسر بھی اردو سیکھیں گے

ایک جرمن اخبار کے حوالے سے انبالہ میں یہ فقرہ گشت کر رہا ہے کہ شہنشاہ روس نے حکم جاری کیا ہے کہ ایک ریسالہ ہندوستانی یعنی اردو زبان کی تعلیم دینے کے لئے تاشقند کے فوجی ضلع ترکستان میں قائم ہو۔ تمام جنرل افسران جن کو فوجی کاموں سے فرصت ملنا ممکن ہے۔ اور ایک افسر ہر ایک رائفل بٹلین تو پخانہ اور کاسک کاڈس کورس میں شریک ہو۔ یہ کورس تعلیم کا دو برس تک رہیگا۔ تعلیم دینے والے افسر ہندوستانیوں کے تعلیم دینے سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں۔ اور جو افسر اس کورس کو کامیابی کے ساتھ پاس کرینگے ان کو چھ ماہ کی زائد تنخواہ تعلیمی اور ان میں سے ایک ہر سال ہندوستان کو بھیجا جائیگا تاکہ بخوبی اردو زبان حاصل کرے۔ اس کے بعد اس کو پانچ سال تک ترکستان میں ملازمت کرنا پڑیگی۔ یوں تو انگریزی افسر بھی روسی زبان کا امتحان پاس کرتے ہیں۔ اور پھر زبان کی مشق پہنچانے کے لئے روس میں کچھ مدت جا کر قیام کرتے ہیں لیکن انگریز افسروں کے روسی زبان سیکھنے اور روسی افسروں کے اردو زبان سیکھنے میں بڑا فرق ہے۔ روسی افسر انگریزی زبان سیکھتے ہیں تو اس سے کبھی تعجب نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ ایک سلطنت کی زبان ہے۔ گو آپس میں سب یورپین سلطنتوں کی خط و کتابت اور بات چیت رسمی طور پر فرنسیسی زبان میں ہوتی ہے۔ لیکن روسیوں کے اردو سیکھنے سے واقعی شبہ ہوتا ہے کہ وہ ہندوستان کے حالات سے زیادہ واقف ہونا چاہتے ہیں۔ ہر چند کہ پہلے بھی بہت واقف ہو گئے لیکن ہندوستان کی اخلاقی و اقتصادی اُن کے کس کام کی ہے جب تک کہ وہ ہندوستان پر بھی حملہ کرنے کا ارادہ نہ رکھتے ہوں۔ اُن کی کوئی سرحد ہندوستان سے نہیں ملتی۔ اور نہ ایسے علاقے سے ملتی ہے کہ جہاں کی زبان اردو ہو۔ شاید اطراف مغربی و شمالی کے وہ ہندو و امیدوار کہ جنہوں نے حال میں اردو ہندی کے ہیومر سیل پر دستخط کیا تھا رشک کرینگے کہ زار روس نے اردو سیکھنے کا اپنے افسروں کو کیوں حکم دیا۔ بجا کیونکہ ہندی اور دیوناگری سہل تھی۔ اور بقول اُن کے یہی ہندوستان کے زیادہ حصے کی بولی ہے۔ لیکن ابھی وقت ہے اور ممکن ہے کہ بروقت کوشش کرنے سے زار روس اُن کی اتنی درخواست مان جائیں کہ بجائے فارسی تحریر کے اردو دیوناگری میں لکھا جایا کرے۔ مشہور ہے کہ روسی زبان سیکھنے کی بڑی قابلیت رکھتے ہیں۔ اس لئے تعجب نہیں کہ اگر کچھ عرصے کے بعد انگریزی افسروں کی اردو پر تمسخر اڑایا کریں۔

ایران میں بدنظمی

انڈمرو یرمن صیغہ تار برقی کی رپورٹ ۱۸۹۶-۹۷ء میں ان خطرات کی دلچسپ کیفیت درج ہے کہ جن میں اس صیغے کے ملازم سال گزشتہ میں قلمرو ایران میں شاہ ناصرالدین شہید کے قتل ہونے کے بعد رہے ہیں۔ یکم مئی کو شاہ مقتول ہوا۔ اور ۴ کو دست ارگین کی تار برقی کی جو لائن لوٹی گئی۔ اور تار برقی خبروں میں ہرج واقع ہوا۔ ایک سارجنٹ جو مرمت کرنے والی جماعت کے ساتھ تھا۔ حملہ کیا گیا۔ اور دفعتہً وہ بلوہ کا جنگلی غولوں نے محاصرہ کر لیا۔ کارواں لوٹے گئے اور سب سڑکوں کو غیر محفوظ قرار دیا گیا۔

سردار گوردیال سنگھ کا مقدمہ

پنجاب کمیشن کے چند افسر ہیں کہ جن کو رشوت خوری اور بدعملی کے الزام پر معطل کیا گیا ہے اور جوڈیشل تحقیقات کا حکم دیا گیا ہے۔ استغاثہ کی طرف سے گورنمنٹ ایڈووکیٹ شمولیت مسٹر ہنگان پال بار برٹن اور ڈیفنس کی طرف سے سر ولیم ریٹیگن اور لالہ لاجپت رائے اور لالہ اشر داس ایڈیٹران لاہور پیروکار ہونگے ظاہر ہے جبکہ گورنمنٹ نے اپنے ایک سشن جج جیسے اعلیٰ درجے کے افسر کو مقدمہ قائم کیا ہے تو گورنمنٹ نے اس بارے میں اپنا اطمینان پورے طور پر کر لیا ہوگا کہ اس افسر کے خلاف الزام بہت مضبوط اور یقینی نظر آتے ہیں۔ اس بات پر غور کرنے سے گورنمنٹ انگریزی کی عزت اور خصوصاً پنجاب گورنمنٹ کے استقلال کی تعریف کرنی پڑتی ہے کہ جبکہ اس کو معلوم ہو گیا کہ اس کے کسی افسر نے کسی جرم سنگین کا ارتکاب کیا ہے اور اپنے فرائض منصبی کے برعکس کوئی خلاف قانون کارروائی کی ہے تو اس نے اس اتنے بڑے افسر پر بھی مقدمہ قائم کرنے سے پس و پیش نہ کیا۔ انگریزی قانون اور انصاف کی یہ سب سے بڑی بات خوبی کی ہے کہ اس کی نظر میں ہر ایک ادنیٰ اعلیٰ یکساں ہے۔ اور جیسے کہ ایک غریب آدمی پر الزام قائم کر کے اس کو اپنی برأت کے لئے کوشش کرنے کی مہلت دیجاتی ہے ویسے ہی ایک دولتمند اور معزز آدمی کو اپنی برأت ثابت کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ گو دولتمند آدمی کو غریب آدمی کی نسبت اتنا فائدہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے بیشمار روپے کے بہترین قانونی امداد حاصل کر سکتا ہے تاہم قانون غریب کو بھی کوئی مدد حاصل کرنے سے نہیں روکتا۔ ضلع مغربی و شمالی و پنجاب میں سارگزشتہ اور اس سے پیوستہ سال میں بھی تین چار اعلیٰ قسم کے افسران گورنمنٹ پر رشوت ستانی کے مقدمات قائم کر کے انہیں سزا دی گئی تھی۔ لیکن ان میں سے کوئی اتنے بڑے درجے کا افسر نہیں تھا جیسے کہ سردار گوردیال سنگھ پنجاب میں اس وقت

شہر شیراز جوش اور شور کی حالت میں تھا اور یہودیوں کے محلے پر حملہ ہو گیا تھا۔ اس وقت تو فساد تھم گیا۔ لیکن پھر باوجود اس شور و شر کے کھڑا ہو گیا۔ محکمہ تار برقی کا مسٹر مینفیلڈ مرنے سے بچا۔ اور ایک اسسٹنٹ سرجن شیراز کو جاتا ہوا گولی سے زخمی ہو گیا۔ اکتوبر میں کاشان میں فساد ہو کر چار روز تک جاری رہا۔ نومبر میں فارس میں بڑی بدعملی رہی اور قوم کا شگفتی ظاہر ہو گئی۔ مگر حکام نے کسی نہ کسی طرح امن قائم کر لیا۔ بعض حصے جنوبی ایران بدعملی کی حالت میں ہے اور فرنچ مارٹن ہندوستان سے جا رہا ہے۔ اخبار پائنیر لکھتا ہے کہ اسے جلیج فارس میں آکر بسنے والے ہندوؤں کی نسبت یورپین و دیسی ہندو رعایا کے بیان سے اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ یعنی جو ہندو قومیت ایران سے آکر خلیج فارس کے بندرگاہوں میں فروخت ہوتی ہیں وہ افریدیوں تک نہیں پہنچتیں بلکہ ایران۔ عرب اور انگلستان میں کھپ جاتی ہیں۔ اس سے پہلے بھی یورپین لوگوں نے شہادت دی ہیں کہ اس علاقے میں ہندو قومیں عام ہیں اور اس اندیشے سے کہ اگر کبھی فساد ہو گیا تو ایران کے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ کیونکہ ایران کی کمزوری سے روس کا فائدہ ہے اور وہ ایسے ہی فسادوں کا ہمیشہ منتظر رہتا ہے۔

جن کی فیصلہ پر ہم سے ایک قوم دوسرے کو بھی نہیں کچلتی قوموں کے سرغنا اُن کے دوسرے اور اُن کا رہبر بنا کر سوا ایک قابل پولیٹیکل افسر بھیج دیتے ہیں۔ یہ کہنے سے بیس ہزار روپے بچ جاتے ہیں۔ حاصل کر لیتا ہے۔ بیشک اب جبکہ گورنمنٹ نے بھی آئندہ کے لئے فوجی شیخی کا ارادہ چھوڑ دیا ہے۔ اور لارڈ رابرٹس اور سر جارج وائٹ جیسے جنگی افسروں کی سرحدی پالیسی کو ناپسند کیا گیا ہے۔ اس فریق سے اگر کوئی غلطی عجلت یا شکستی وغیرہ کے متعلق ہوگئی ہے تو اب اس کو بھی نظر انداز کر دینا چاہئے۔ سوائے اس کے جو بقول سر لیپل گریفن کے شمالی خانہ بدوشوں کے لئے بڑی فوجی اور تجارتی سڑک ہے۔ لارڈ سالسبری بہادر یہ اطمینان ظاہر کرتے ہیں کہ ہر ایک زائر جو کہ ایک زائر خطرہ اور زائر خرابی ہے۔ اور اس دن کو ملتوی کرنے پر مائل ہوتی ہے کہ جس کی اس قدر خواہش ہے کہ جبکہ آپ تو نہیں ہمارے باقی ہندوستان کی رعایا سے شیر و شکر ہو جائینگی"۔ لارڈ سالسبری صاحب مانتے ہیں کہ بندوقی کے سوائے تو چارہ نہیں۔ بلکہ یہ ناچاری کی فتح نمونہ وشال کے نہایت نرم اور سہیل طاپہ کے ذریعہ سے حاصل ہوگی۔ سر لیپل گریفن بتلاتے ہیں کہ پنجاب گورنمنٹ اسی اصول پر بڑی کامیابی سے کام کرتی رہی ہے۔ اور گزشتہ چند سالوں سے قوس کو بیچ پہنچا ہوئی کارروائی سے اس میں بیچ واقع ہوا ہے۔

پنجاب نیشنل بنک لمیٹڈ لاہور خاص شرح سود پر جو منیجر سے دیانت ہو سکتی ہے تین سے لے کر ۶ تک روپیہ جمع کرنے کو تیار ہے۔

بھاری بھل سیکرٹری

پونانی میں ڈاکو ایک سوپلا رئیس کے سفر کرنے کی خبر پاکر اُسکے راستے میں جا بیٹھے اور اُس کو سات ہزار روپے کے بوجھ سے ہلکا کیا۔

(لاہور - پنجاب و سرحد)

سرحدی فرقوں کو اڑتیس روز کی مہلت دی گئی ہے اور اُن کو سمجھایا کہ اُن کی ظاہری اطاعت کافی نہیں ہوگی۔

۱۱ مارچ کو ۲۰۰ بدمعاشوں نے کیمپ بارکالی پر حملہ کیا۔ گو یہ امر سرحدی تصفیہ کے منافی نہیں ہوگا تاہم فرقوں کی باہمی ناچاقی نقصان رساں ہے۔

نئی فوج اوگنڈا کے افسر لاہور سے روانہ ہوکر بمبئی کی ہر ایک فوج سے دس دس آدمی منتخب کرینگے۔

ضلع جالندھر کے اڑ چند دیہات طاعون میں مبتلا ہوئے ہیں۔ جن میں سے ایک "سین" نام تحصیل پھلور میں ہے۔ موضع بھجال میں ایک یوسین بھی اس کی نذر ہوا۔ اسکے باقی ساتھی ڈیوٹی سے علیحدہ کرکے کیمپ میں لائے گئے ہیں۔

اسید بھی کہ پاسچر انسٹیٹیوٹ کے آزمایشی سکریٹری لاہور پہنچے ہیں اس سررشتہ کے قیام کے واسطے سیٹنگ منعقد کرینگے۔ مگر یہ خیال محال ثابت ہوا ہے۔ حالانکہ دیوانہ کتوں کا زور ہوگیا ہے۔

سردار گوردیال سنگھ ان ڈویژنل جج بوجگم گورنمنٹ معطل کئے گئے ہیں۔ بجرم رشوت ستانی زیر تجویز ہونے والے ہیں۔ ان کی طرف سے سر ولیم رتھین کیو سی۔ لالہ لاجپت اور لالہ ایشر داس اور استغاثہ کی طرف سے گورنمنٹ ایڈووکیٹ۔ اور مسٹر جی۔ پی سوار بٹن پیروکار ہونگے۔

سملہ ریلوے کا کام آئندہ موسم سرما میں شروع کیا جائیگا

ضلع ڈیرہ دون میں ہیضہ و اسہال کے واسطے ٹکٹ مابین جالندھر و لدھیانہ بند کئے گئے ہیں۔

باتری نمبر ۷ کے "پشاور سے راولپنڈی کو آرہی ہے۔

جنرل لاکہارٹ اپنی ملاقاتوں میں کہیں سپاہی کا لفظ استعمال نہیں کرتے بلکہ ہر جگہ "نیٹو سولجر" ہی لکھتے ہیں۔

ہز ہیجسٹی کوئن ایمپرس نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ پرنس دلیپ سنگھ کا درجہ تمام برٹش ڈیپوٹس سے بالاتر ہوگا۔

مسلی دروازہ لاہور کے باہر شمالوں کے تالاب میں نہر کا پانی لیجانے کا کام لالہ رام سرن داس خلف رائے سیلا رام صاحب مرحوم کے سپرد ہوا ہے۔

دیوان بہادر رام ناتھ صاحب عہدہ پریسیڈنٹی اور میونسپل کمشنری لاہور سے مستعفی ہوئے۔

۱۱ تاریخ کو نفٹنٹ کیو جنس متعلقہ ڈویژنل شارٹجارے نوشہرہ میں فوت ہوئے۔

لاہاڑا اور ملاحت سے بلاشبہ ماہ رمضان میں فرقوں کو اُبھارنے کی کوشش کی تھی مگر ناکامی سے اپنا سا منہ لیکر بھاگ گئے۔

شہر لاہور میں بھی طاعون کے خوف سے قواعد بنائے گئے ہیں اور سر برآوردہ اصحاب کی ایک کمیٹی ان کی تعمیل کے واسطے قائم کی گئی ہے۔ اس کا نتیجہ بہت بڑا ہوگا۔

مقام بلغ کے باہر گورکھا سکوٹ کو آفریدیوں کا ایک شیر خوار بچہ ملا۔ جس کو صاحب پریسیڈنٹ مسکوٹ نے ۴ روز زندہ رکھ کر ایک ایسی جگہ رکھ دیا جہاں سے وہ آفریدیوں کے قبضے میں آگیا۔ آفریدی اس کارروائی سے مشکور ہوئے۔

اس وقت اضلاع ہوشیارپور اور جالندھر کے ۲۶ دیہات مبتلائے طاعون ہو چکے ہیں۔ ۱۹ جالندھر اور ۷ ہوشیارپور میں۔

سکشن بازار وادی کے نرکا خیل اس شرط پر اطاعت قبول کرنا چاہتے ہیں کہ اُن کی فصلوں کو مطلق ضرر نہ پہنچایا جائے۔ جو نہریان شنواری ڈکہ کے حدود میں سڑک پر لوٹنے پھرتے تھے اُن کی سزادہی کے واسطے حکام جلال آباد نے فوج روانہ کی ہے۔

سرحد کا امن پر امن ہے۔ اس طرف کے لوگوں نے خان قلات کے ماتحت رہنا منظور کرلیا ہے۔ اور وصولی معاملہ کی شرائط کا فیصلہ ہوگیا ہے۔

یکم اپریل کو انبالہ اور راولپنڈی میں گورنمنٹ پنجاب کے مشیر حفظان صحت مقرر کئے جائیں گے۔

لالہ نانکچند چوپڑا ملازم دفتر ملٹری اکونٹس پنڈی نے چھوٹل پر ہو پر وعظ کرنے کے واسطے ملازمت چھوڑ دی۔

افسوس ہے کہ لالہ ہیرا لعل صاحب پروپرائٹر پنجاب سماچار کی بیوی جو روہتک کے شاہی خاندان سے تھی راہی ملک بقا ہوئی۔

باوجود متواتر استفساروں اور جوابوں کے بعض اخبار اب بھی فرقوں کو اسلحہ بہم پہنچانے کا الزام امیر صاحب کابل کے ماتھے تھوپ رہے ہیں۔

گورنمنٹ نے مساوہی کا میلہ جو ہر سال ۲۶ سے ۳۰ ماہ حال تک متصل کالکا ہوا کرتا ہے بوجہ خوف طاعون بند کر دیا ہے۔

میجر ایچرٹن ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی گارڈن پارٹی میں زمینداروں کے علاوہ روساے شہر بھی شامل تھے۔

درہ خیبر کا راستہ قافلوں کی آمد و رفت کے واسطے پھر کھولا گیا ہے۔ اس کا اثر فرقوں پر بہت عمدہ ہوا ہے۔

کمشن قحط شروع اپریل میں پنجاب میں داخل ہوکر ۴ - اور ۵ تاریخ کو لاہور میں کارروائی کریگا۔

گورنمنٹ پنجاب کا مگرمہ اور جوالا مکھی کا میلہ بند کرنا نہیں چاہتی

ممالک غیر

سینور تھ ہائیلینڈرز کو بربریں بریگیڈ کے ساتھ شامل ہونے کا ایما ہوا ہے۔

پرنس آف ویلز نے کینس میں نیوستون کا بنیادی پتھر رکھتے ہوئے بیان کیا کہ امید ہے کہ اس رسم سے فرانس و انگلینڈ میں رابطہ اتحاد مستحکم ہوگا۔

بعض بے اختیاری امور کی وجہ سے قرضہ چین کا فیصلہ ۱۲ ماہ حال تک ملتوی کیا گیا ہے۔

روٹر بیکن سے اطلاع دیتا ہے کہ کاڈنگٹن ڈالٹر برٹش سفیر نے بندرگاہ ان آرتھر اور تیلیوین کا روس کے نام اجارہ ہونے کی سخت مخالفت کی ہے۔

چین نے کچھ مہلت لینے کے بہانے سے تمام گفتگو سینٹ پیٹرسبرگ کو منتقل کردی ہے۔

کوریہ میں روس کے جنبہ داروں اور مخالفوں کی کشمکش سے بےچینی ہو رہی ہے۔

گارنٹی ۱۲ سال | منقش ریلوے رگولیٹر لیور واچ | گارنٹی ۱۲ سال

جلد منگائیے | جلد منگائیے

ان گھڑیوں کا نوٹس ۱۵ تا ۲۲ جنوری ۱۸۹۸ء کو ہم نے اس قید کے ساتھ اخبارین شائع کیا تھا۔ کہ پندرہ فروری تک جسقدر خریدار کا رخانہ ہذا کے ہیں صاحب ذیل کو ساڑھے تین روپیہ کو یہ گھڑی روانہ ہوگی۔ اسے بحسوقت نوٹس دیا تھا اور بوقت کارخانہ ہذا میں کچھ کم ایک ہزار گھڑیاں موجود تھیں مگر قدر دانوں کی آخر نے ۱۲ تاریخ فروری تک ان گھڑیوں کا اسٹاک ہمارے کارخانہ کا خالی فرما دیا مگر شائقین کے آخر اور خریدار پندیدگی نے ہمکو جلدی یہ بات سمجھا دی کہ ہم ولایت کے اس گھڑی کے فکٹری کو ٹیلی گراف دیا اور مارچ کے پہلے ہی ہفتے میں گھڑیاں آپہنچی گئیں پہلے ہم نے نئے سالگی خوشی میں اس گھڑی کی قیمت ساڑھے تین روپیہ مقرر کی تھی اور اب ہم عید کی خوشی میں صرف مارچ کیلئے ساڑھے تین روپیہ مقرر کرکے اطلاع دیتے ہیں۔ ناظرین ہم کو اس قیمت میں کچھ بھی فائدہ نہیں ہوتا ہے بعد مارچ پھر ہم اس گھڑی کو اس قیمت میں کسیطرح بھی روانہ نہ کرسکینگے ہاں گا ہے تو دیر نہ کیجئے ورنہ شکایت معاف محصول ڈاک خریدار

ایکا سمجا خادم ایس۔ ایل۔ بخش اینڈ سنز کارخانہ گھڑیال تالاب ڈاکخانہ ۱۲۱ لاہور

روغن سستی کمزوری

خواہ آشنک کے ذریعہ ہو گئی ہو خواہ سوزاک کے ذریعہ خواہ غلط کاری یا بعد عفت سٹر پانی سے ہستمنا کیا ہو تب بھی سستی ہو جاتی ہے یا جریان ہو نیسے جریان سے ہم نقص ہو جاتے ہیں۔ آنکھوں کی بینائی کمزور ہو جاتی ہے گردن و جسم کا دبلا ہو جانا قوت میں فرق پڑ جاتا ہے۔ ان سب نقصوں کے روغن بالش کے لئے موجود ہے قیمت فی شیشی ۱۴ روپے

امساک کی گولیاں

جب تک گولی منہ میں رہیگی دواخت ہوگی۔ قیمت فی گولی ۱-۳۲ گولی ایک روپیہ

سرمہ اصل گوہری

یہ سرمہ صرف اُن لوگوں کو جن کی بینائی کثرت پانی کے باعث کمزور ہوگئی ہو فائدہ کرتا ہے۔ فی تولہ ۱۰ روپے

بال اڑا

پوڈر سرپانی کے ساتھ لگانے سے ۳ منٹ میں بغیر کسی تکلیف کے اکثیر بال صاف اڑا دیتا ہے قیمت فی بکس ۵ روپے

رسالہ علم سیمیا

جس کی خوبی و تعریف میں ہماری زبان قاصر ہے۔ اس رسالہ کے ۱۰۵ بیماریوں کا ایک جیدہ نسخہ مع تفصیل بیماریوں کے لکھا ہے۔ صرف بہر کے ٹکٹ تصحیح کرنے استاد کی مدد کے فلم حاصل کرو

الشفاء دینی پرشاد محلہ خراسیاں پوک جھنڈا لوہاری دروازہ لاہور

فیومارک اور سپین میں ایسی چل رہی ہے زدوکوب سے جنگی تیاریاں شروع کردی ہیں۔

روم اور ملیگر یا کے مابین آثار عناد و ترقی پذیر ہیں۔

غدر یو مصر جاہیں کہ کہ معظمہ جانے کے مخالف نہیں ہیں۔

گورنمنٹ کو کنٹریکٹ سکاٹ لینڈ کے خاندانوں کو لینے

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

کوئٹہ کی آمد چنگی میں بعض خیانتوں کے شبہ میں داروغہ چنگی معطل کیا گیا ہے۔ مگر اس کا بجز کسی قدر غفلت کے کوئی قصور نہیں ہے۔

۱۲ فروری کو انگلستان میں ایک ایسا ہوٹل کھولا گیا ہے۔ جس میں ہندوستان کے گوناگون کھانے اور پلاؤ وغیرہ تیار کیا کریں گے۔

سر ڈبلیو ویدربرن نے پونہ کے ناڈو بھائیوں کی نسبت سر جارج ہملٹن کے ساتھ خط وکتابت کی۔ جس کا جواب ملا کہ گورنمنٹ بمبئی کے پاس ایسی اطلاعیں موجود ہیں۔ جو اُن کا چھ عرصے تک حراست میں رکھنا ضروری قرار دیتی ہیں۔

میونسپل کارپوریشن بمبئی نے ۱۵۰۰۰ روپے طاعون کے خرچ کے واسطے منظور کئے ہیں۔ اور علانیہ کہا گیا ہے کہ اگر یہی حالت رہی تو اس کا خرچ کمیٹی کی استطاعت سے باہر ہو جائیگا۔

جنوبی آسٹریلیا نے مویشیوں کی وبا کے انسداد کے واسطے حکم دیا ہے کہ ۲ سال تک ہندوستان سے کوئی مویشی خواہ ایا سینگ اس آبادی میں نہ لایا جائے۔

سرحد بنگال پر ضلع جالندھر کا ایک سکھ ۲ روز کے بعد دریا میں مبتلا ہو کر فوت ہوا۔ یہ واقعہ اس کے جالندھر چھوڑنے کے ۵-۶ روز بعد ہوا تھا۔

میسرز برون ایڈیسن کا جو دعوی کانوں کا اجارہ فسخ کرنے کی بابت حیدر آباد پر تھا۔ اس کا ۲۰ ہزار روپے ادا کرنے سے فیصلہ ہو گیا ہے۔

حیدر آباد کا امپیریل پوسٹ آفس اس بنگلے میں منتقل کیا جائیگا۔ جہاں مسٹر ہرمز جی این وکیل رہا کرتے تھے۔

گورنمنٹ نظام نے راجہ صاحب اناگندی کے واسطے آرڈر ہند میں اسلحہ لیجانے کی جو سفارش کی تھی۔ اس کا جواب ملا ہے کہ یہ ریزیڈنٹ اسلحہ حکام اضلاع سے مل سکتی ہے۔

گزشتہ منگل کو مولوی عبدالجبار سی۔ آئی۔ ای وزیر اعظم بھوپال نے حضور وائسرائے سے ملاقات کی۔

گزشتہ جمعہ کو بہار ریلوے کے ۴۰ ملازموں کے سرکاری مہر کی ادائہ کرنے کے جرم میں زیر حراست ہونے سے کام بند ہو کر بند رہا۔ لہذا یہ رقم تو کو فورمین کو اپنی جیب سے ادا کرنی پڑی۔

کلکتہ کے چند دلی بازار کو آگ لگنے سے صدہا لوگ پریشان حال ہو گئے۔

بدمزاجی کا ہاضمہ پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ کیونکہ خون کے دباؤ کو چھٹنے سے معدہ اپنا کام کرنے کے لائق نہیں رہتا۔

بابو کیشب چندر سین کی بیوہ مہارانی کوچ بہار کی والدہ ۵۲ سال کی عمر میں مقام کلکتہ فوت ہوئیں۔

مسٹر کیچ بہاری بلب کو یونیورسٹی کلکتہ کے امتحان ایم۔ اے میں اوّل رہنے کے صلے میں تمغہ ملا۔

آنریبل مسٹر کامرز لا ممبر سپریم لیجسلیٹو کونسل کے رخصت پر جانے کے بعد سر گرفتھ ایونز بیماری کے باعث اُن کی جگہ کام نہیں کر سکینگے۔

بارک پور میں ہوائی تپ کے انسداد کے واسطے ۱۷۰۰ روپے کی لاگت سے بدرو تعمیر کی جائیگی۔

ضلع بارہ بنکی میں ڈاکو ایک امیر کے گھر میں داخل ہوئے۔ جن میں سے ۴ ہیرے مال مسروقہ صاحب ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس نے گرفتار کر لئے۔

فورٹ ولیم کلکتہ میں ۲۶۹۰۰ روپے کی لاگت سے دیسیوں کے واسطے کوارٹر تعمیر کئے جائیں گے۔

مسٹر جی۔ اے بورڈلن قائمقام کمشنر پٹنہ نے ۱۶ ماہ حال سے ۸ ماہ کی رخصت حاصل کی۔ مسٹر ایف۔ آر کالیر ان کی جگہ کام کرینگے۔

گورنمنٹ ہند اس ملک میں کوئی محصول چاندی پر لگایا نہیں چاہتی۔

ریاست حیدر آباد اور ضلع گوداوری کی سرحد قائم کرنے کے لئے جو ڈپوٹیشن گورنمنٹ مدراس کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اس کو جواب ملا کہ ایسی پولیٹیکل سرحد کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

گورنمنٹ میں لارڈ اگن کی جانشینی پر بہت بحث ہوئی مگر تا حال کوئی صاحب اس عہدہ جلیلہ کے واسطے منتخب ہوئے۔

کنٹرولر ملٹری اکونٹس بنگال کے ہیڈ کوارٹر کلکتہ سے لکھنؤ کو تبدیل کئے جائینگے۔

ضلع دارجلنگ میں پیداوار چائے کی امیدیں اچھی ہیں۔

ہند میں موجودہ قسم کے نقائص ۱۸۳۹ء میں جاری ہوئے تھے۔

شہر بمبئی میں جن باغیوں نے تین انگریز بلاک اور سپاہی مجروح کئے ہیں وہ عنقریب زیر تجویز ہونے والے ہیں۔ تب سے کوئی تازہ فساد اس کے سوا نہیں ہوا کہ پیگ ہاسپٹل نیل وادی کے سنتری کو پتھر مارے گئے۔

۱۲ تاریخ کو سپریم لیجسلیٹو کونسل کلکتہ کے اجلاس میں نیا مجموعہ ضابطہ فوجداری منظور ہوا۔

بمبئی سے خبر آئی ہے کہ ۳ ہزار سے لے کر ۶ ہزار تک رومی افواج کویت اور نجیرہ عرب کے دیگر ان قصبات پر یورش کرنے والی ہیں جن کی حفاظت کرنے کا روم کو دعوی ہے۔

مسٹر جارج لنکفورڈ ڈیپر سسٹر لکھنؤ فوت ہوئے۔

میسرز آر بھجا ناٹ دکھینی سماٹرا سے تیل کی بہت بھاری مقدار کراچی میں لانے والی ہے۔ اس نے اس کے ذخیرہ کے واسطے تالاب تیار کرنے کی اجازت حاصل کر لی ہے۔

میونسپل بیل کراچی وبا میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

بنگال کے کئی قصبات میں آموں کے درختوں کو اس قدر بور لگا ہے کہ گزشتہ ۱۰ سال میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملی۔

پونہ کے مشہور قاتل دھوندھری چاپیکار نے اب ہز میجسٹی کی خدمت میں اپیل کیا ہے۔

مسٹر اے جی ہیتھر سی۔ آئی۔ ای سب ڈپٹی ایجنٹ محکمہ افیون سیوان نے ۶ ماہ کی رخصت فراغ حاصل کی۔ مسٹر فیلڈ ان کی جگہ کام کرینگے۔

ایک شخص ہزاری باغ سے اطلاع دیتا ہے کہ مسٹر ٹیری لوڈرن میں شکار کھیلتے ہوئے ایک لڑکے کو ہلاک کرنے کے جرم میں زیر تجویز ہے۔

کرنل ڈیورینڈ ملٹری سکرٹری حضور وائسرائے کلکتہ سے سملہ کو روانہ ہو گئے ہیں۔ کیپٹن گرمسٹون وائسرینگل پارٹی کے روانہ ہونے تک اُن کی جگہ کام کرینگے۔

حضور وائسرائے کے دورہ میں باوجود تبدیلیوں کے اُن کی تاریخ روانگی اب بھی ۲۹ مارچ قائم رہی ہے۔ اور ۲۰ اپریل کو وارد سملہ ہونگے۔

گزشتہ بدھ کو آرگائل اور سدرلینڈ ہائیلینڈرز کا ایک گورکھا جونس نامی رسی جمنٹ کے سارجنٹ انگس کو وادی توچی میں ہلاک کرنے کے جرم میں سنٹرل جیل بریلی میں پھانسی دیا گیا۔

مہاراجہ صاحب پٹیالہ فالج سے سرگباش ہوئے۔

لیبی میں اس وقت تک ۱۵۴۲۰ آدمیوں کو طاعون سے بچنے کے واسطے ٹیکہ لگایا گیا ہے۔

اڈیشنل پولیس فورس پونہ کا جو ملازم ہنری جارج جونس بھاگ گیا تھا۔ کلکتہ سے گرفتار کر کے پائیجلان بمبئی کو روانہ کیا گیا۔

بیوہ کونس آف الگن کی وفات کے باعث گورنمنٹ ہوس کلکتہ میں تمام تفریحات اور دعوتیں ملتوی کی گئی ہیں۔ لہذا بینک ڈفرن فنڈ کا سالانہ جلسہ بھی بجائے ۱۵ کے ۲۲ ماہ حال کو منعقد کیا جائیگا۔

مالی کمیٹی ہند ۲۱ تاریخ کو سپریم لیجسلیٹو کونسل کے پیش ہوگی۔ سر ولیم لوکہارٹ بلا شبہ کمانڈر انچیف ہند ہونگے۔

سر جیمس میکے شمالی ہند کی مختصر سیاحت پر روانہ ہوئے ہیں۔ موکیڈ اور بمبئی سے ہوتے ہوئے انگلستان چلے جائینگے۔

لکھنؤ میں ایک لیڈی شہد کی مکھیوں کے حملے سے مجروح ہو کر سخت بیمار پڑی ہوئی ہے۔

ماہ فروری میں جو مال کلکتہ میں ممالک غیر سے آیا اس میں ۷ فی صدی کا اضافہ تھا۔

ضلع شاہ آباد وادی کے کاشتکار کہوں سے شالی کی فصلوں کو نقصان پہنچانے کے شاکی ہیں۔ ایک شخص کو بجائے ۱۵۰۰ ٹوکروں کے ۹۰۰ دستیاب ہوئے ہیں۔

رامناد میں ہیضہ پھیل گیا ہے۔ جب اسی وقت یہ حالت ہے تو آئندہ خدا ہی حافظ ہے۔

تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ سائکل کے ۱۵ میل چلانے سے اس قدر تکلیف ہوتی جس قدر کہ ۳ میل پیدل چلنے میں ہوتی ہے۔

حکم ہوا ہے کہ مدراس کا کوئی حاجی بجز کراچی کے کسی بندرگاہ میں نہ اترے۔

کہ توال ملہاری جو ستارے کے باغیوں کا سرغنہ خیال کیا گیا ہے۔ گرفتار کیا گیا ہے۔

صاحب مجسٹریٹ لکھنؤ کی عدالت میں کئی آدمی دوشالوں کے پارسل لاہیانہ اور لکھنؤ کے مابین مال لگانے کے جرم میں زیر تجویز ہوئے تھے۔ جو بری کئے گئے۔ اب صرف ایک شخص جس سے مال مسروقہ برآمد ہوا۔ ماخوذ ہے۔

منی کی ضرورت
ایک مسلمان صاحب جنکا دال روٹی کا معقول گذارہ ہے بیوقلاولدی کی کمی میں چار سال کے لاوارث یتیم بچے کو اپنی بنانا چاہتے ہیں۔ کسی صاحب کی نظر میں ایسا لڑکا ہو تو اطلاع دیکر ثواب حاصل کریں۔
المشتہر۔ معرفت پیسہ اخبار لاہور۔

رائے ہے۔ اور لوگوں نے تجربے کے بعد اس کی ضرورت محسوس کی ہے۔

جاپانی کی اپیل نامنظور ہو گئی

نٹ آرسٹ اور مسٹر بنا کے قتل کی معاونت کرنے کے جرم میں اپیل مسٹر کرسٹن جج پونے جو جاپانی کو سزائے موت دی تھی اور اس نے اپنی کورٹ میں اس کی اپیل کی تھی سو اب سے حکم قصاص بحال رہا۔ چاپے کار نے درمیل ابتدا میں ایسے طور پر اپنے جرم کا اقبال کیا تھا اور ایسا کھلم کھلا ہر ایک جرم اور ہر ایک شرارت کو اپنے آپ سے منسوب کرتا تھا

انہیں پر ہمیں بندر آرتھر اور ٹیلیوین دے دو - اور وہاں کے شاہی حقوق نوے سال کے لئے ہمارے سپرد کرو - اور علاوہ اس کے پیٹوتا سے مدکین اور بندر آرتھر تک ریل بنا لینے دو اور بصورت ان مراعات کے ۵ مارچ کو ہی منظور نہ ہونگی دھمکی دی کہ منچوریا پر فوج کشی کر دیجاویگی - ہر چند کہ انگریزی وزیر نے اس وقت تک کہا کہ ان خبروں کی صداقت ابھی نہیں ہوئی مگر لنڈن کے مراسلہ نگار اس وجہ سے ایک خوف چھا گیا کہ کہیں روس اور انگلستان میں مشاجرہ نہ چھڑ جاوے - بہرحال اس طرف نازک حالت ہے ۔

ہندوستان کی سرحدی پالیسی ۷ مارچ کی شب کو انگلستان کے ہاؤس آف لارڈز میں لارڈ ہارٹس نے گزشتہ فوجی کارروائیوں اور سرحدی قوموں کے تعلقات پر بحث کرتے ہوئے بیان کیا کہ یہ شقندی کی پالیسی بہت مناسب ہے کیونکہ اس ذریعہ سے ہم سرحد پر اثر ڈال سکتے ہیں کہ جہاں ظلم اور فساد کا دور دورہ رہتا ہے - علاوہ اس کے روس بہت قریب آگیا ہے - ہمیں روس کو ہندوکش سے اس پار نہیں گزرنے دینا چاہیئے - لارڈ ہارٹس نے بیان کیا کہ قومی کے معاملات میں دخل دینے کی پالیسی میں کامیابی نہیں ہوئی - اس لئے ہم کو چاہیئے کہ ان سب پر اپنا پولیٹیکل رسوخ پھیلا دینا چاہئے - پھر پیشقدمی کی پالیسی کی تائید میں بیان کیا کہ ان ایام میں چترال اور بلوچستان میں کیسا امن رہا ہے - آپ نے جنرل لاکہارٹ اور ان کی فوجوں کی بڑی تعریف کی اور اپنا یقین ظاہر کیا کہ جب ہمارا قبضہ آفریدیوں کی سرزمین پر ہو جائیگا تو وہ بڑا من ہمسائے اور وفادار سپاہی بن جائینگے - لارڈ انسلو نے بیان کیا کہ لارڈ ہارٹس کی تجویز پر کار بند ہونے سے فوج اس قدر بڑھ جائیگی کہ ہندوستان کی اندرونی ترقی رک جائیگی - لارڈ لینسڈون نے بیان کیا کہ گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہوگی کہ قوموں پر دباؤ رکھیں مگر ان کے اندرونی انتظام میں بہت کم دخل دیں اور درہ خیبر اور گومل کھلا رکھیں - لارڈ ریپن نے درہ خیبر کے قبضے کی مخالفت کی اور قوموں سے دوستی اور سلوک بڑھانے کی صلاح دی - اگر لارڈ ہارٹس ایسے جنگ و جدل کی رائے نہ دیتے تو اپنے فوجی پیشے سے وفادارانہ ثابت ہوتے ۔

جنگ سوڈان روٹر کی تار برقی سے معلوم ہوتا ہے کہ ۳ انگریزی جنگی جہاز دریائے نیل میں اس قدر آگے چلے گئے ہیں کہ دریائے اتبارا تک پہنچ گئے ہیں - اور کہ سردار خیر صاحب کے ماتحت اس وقت ۱۴ ہزار فوج ہے - ایک دوسری خبر سے معلوم ہوتا ہے کہ درویشوں نے بھی اچھی جمعیت اس قدر مضبوط کر لی ہے کہ ان کی ۷۰ ہزار فوج آمادہ جنگ ہے - ایک اور روٹر کی تار برقی سے معلوم ہوتا ہے کہ عثمان دقنا کی پچھلی جنگی قابلیت اس میں باقی ہے تو امید ہے کہ مصری فوج خرطوم پر اتنی جلدی قبضہ نہیں کر سکیگی جیسے کہ بربر پر قبضہ کر لیا تھا - جناب قریب معلوم ہوتی ہے اور درویش بھی بیقرار

نہیں معلوم ہوتے - بلکہ اگر عربی اخبارات کی یہ خبر درست ہو کہ خلیفہ تعایشی نے شاہ منیلک (شاہ حبش) سے دوستی اور امداد کا عہد کر لیا ہے تو واقعی درویشوں سے مقابلہ کرنا مشکل ہو جائیگا ۔

مہم تیراہ کی نسبت حضور وائسرائے کا ارشاد مہم تیراہ کے ڈسپیچ (مراسلات) جو جنرل لاکہارٹ نے بوساطت صاحب کمانڈر انچیف حضور وائسرائے ہند کی خدمت میں ارسال کئے ہیں - اور انہیں نہایت اعلیٰ رائے جنرل لاکہارٹ کی خدمات اور جنگی قابلیت کے متعلق لکھی ہے حضور وائسرائے نے انپر آخری حکم لکھا ہے - اس میں بھی جنرل لاکہارٹ بہادر کی مہم تیراہ کی قابلیت اور مشکلات میں سیاہیانہ بہادری کی تعریف کی ہے - آپ فرماتے ہیں کہ باوجود پیچ جنگ ایسے ملک میں کیا گیا ہے جہاں بہت سی قدرتی رکاوٹیں حائل ہیں - دشمن بیحد شجاع اور چالاک ہے - اور آشتی سے صلح ہے کہ جن کو وہ بخوبی استعمال کر سکتا ہے - حضور وائسرائے صاحب کمانڈر انچیف افواج ہند کی اس رائے سے متفق ہیں کہ جس طور سے یہ جنگ کی گئی ہے سر ولیم لاکہارٹ کی قابلیت و دانشمندی کی اس سے بہت زیادہ نیکنامی ہوتی ہے - علاوہ بریں ہز ایکسیلنسی سے سر جارج وائٹ کمانڈر انچیف افواج ہند کی اس مدد کی قدردانی سے بھی اتفاق کیا کہ جو ہیڈ کوارٹر سر دس فوجوں سے بھیجا گیا ہے - نیز آپ نے ان الیاس ریاست کی وفاداری کا شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے اپنی فوجیں اور باربرداری کا سامان ارسال کرنے کو تفویض کر دیا تھا - جودھپور کے مہاراجہ سر سوتاب سنگھ مہاراجہ صاحب کوچ بہار اور مہاراجہ رانا دھولپور کی ذاتی خدمات کا شکریہ بھی ادا کیا - حضور وائسرائے کے ان احکام سے ایک نئی بات یہ بھی معلوم ہوتی ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ گو مہم تیراہ کا بوجہ موسم کی حالت کے دیر میں آنا ضروری ہو گیا تھا - لیکن ہم شروع سے ہی تدبیر جنگ میں یہ ایسی مثال تھی یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگی کہ ایسی واپسی کی تجویز اتنا سہو ہی ہو چکی تھی - تاہم یہ دلیلی ہے کہ معلوم ہو چکا ہے خاتمہ ہی مشکل اور بحد خوبی ترتیب - شجاعت اور برداشت کا کام تھا جو کہ سرکاری فوجوں اور ان کے سپہ سالار نے پورا کیا ۔

رنگ لائی نگہری آخر معلوم ہوا ہے کہ ضلع گوجرانوالہ میں دیوبوں نے سامنے دہانیں کاٹنے کا شغل بہت بڑھتا جاتا تھا - اس کے روکنے کی صورت پیش آ چکی ہے گوا خبار سول اینڈ ملٹری گزٹ نے لکھا تھا کہ گورنمنٹ زبان کاٹنے کو خود کشی کے ذیل میں لاکر روک نہیں دیگی - مگر معلوم ہوتا ہے کہ واقعات نے خود ایسی صورت اختیار کرنی چاہی ہے کہ زبانیں کاٹنے کی ترتی روکی جاوے - وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ میں کسی بھگت نے سوچا کہ جب زبان کاٹ کر دیوی کی بھینٹ کرنے سے ضرور میں زبان کھلی پتنگی ہو جاتی ہے تو دیوی کے چرنوں میں سر کاٹ کر رکھ دینے سے کیوں بھلا چنگا نہ ہو جاویگا

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ وزیر آباد میں دیویوں کا بڑا جوش و خروش تھا - اور یہ دونوں دیویاں (لڑکیاں) نواح وزیر آباد کے گاؤں کی رہنے والیاں ہیں - اس لئے وہاں کے آریہ سماج کے خیالات والوں نے دیویوں کی کٹی ہوئی زبان کے جوڑے جانے پر اعتراض بھی کیا تھا - ان سب باتوں کے جمع ہو جانے نے ایک خوش اعتقاد شخص کو اپنا سر دیوی کے سامنے بھینٹ چڑھانا مناسب سمجھا - اور اس نے چاقو سے اپنا گلا کاٹنے کی کوشش کی - مگر جیسا کہ دستور ہے کہ اپنے ہاتھ سے اپنی گردن شاہ رگ تک کاٹنا مشکل ہے - اس کا پورا حلقوم نہیں کٹا - پولیس کو فوراً اطلاع دی گئی - خودکشی کرنے والے کو تو ہسپتال میں بھیجا گیا - اور مقدمہ کی تحقیقات شروع کی گئی - ابھی معلوم نہیں کہ نتیجہ کیا نکلا ہے یا نکلیگا - مگر یہ سنا ہے کہ ایک دیوی پولیس کو دیکھ کر رو پڑی - اور منت سماجت کرنے لگی کہ اس نے اس شخص کو گردن کاٹنے کا حکم نہیں دیا تھا - معلوم نہیں اس واقعہ کا اخبار عام کیا ایکسکلپیشن (زبان) دیگا - جو کہ دیوموں کے کاموں کی اس قدر تعریف کرتا رہا ہے - اور ان کے زبان کاٹنے کی کارروائیوں کو خالص مذہبی اور فرق العادت کا سیاپی قرار دیتا ہے - بہرکیف تعلیم یافتہ اہل ہنود کا ایک بڑا گروہ کہتا ہے کہ اگر ہمارے سامنے زبان کو کاٹو اور کاٹا ہوا حصہ بھی دکھا دو یا ہاتھ کی انگلی زبان کے بجائے کاٹو اور وہ ٹھیک بھی ہو جائے تو دیوی کی کرامات ہم بھی مان جائیں ۔

قدر و مت اپنی ضلع لاہور سے جن دو باکی دیوانوں کی خبر آئی تھی صاحب سول سرجن لاہور نے موقع پر جا کر تحقیقات کی تو معلوم ہوا کہ وہ وارداتیں بالکل وبائی نہیں ہیں بلکہ وبا کے مشابہ بھی نہیں ہیں - صرف ایک اسسٹنٹ نے طاعون کے ڈر سے گھبرا کر انہیں طاعون کی وارداتیں سمجھ لیا - یاد رکھنا چاہیئے کہ ایسے خوف کے وقت میں اوسان خطا ہونے نہ دیئے جاویں - بلکہ بڑے استقلال اور تحمل سے تدبیر میں مشغول ہونا چاہیئے - کیونکہ گھبراہٹ سے بسا اوقات زیادہ نقصان ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے ۔

بمبئی میں طاعون بمبئی کے تمام میونسپلوں نے جمع ہو کر ایک جلسہ کیا جس میں ہندو مسلمان پارسی اور انگریزوں اور لیبر یا ورکلاس کے نمائندے موجود تھے - اور سر جیمس میکلارن ممبر ایگزیکٹو کونسل صدر نشین تھے - اس میں سپیکروں نے اس بات پر زور دیا کہ ہر چند کہ وبا کے مقام سے صفائی کرانا مریضوں کا علیحدہ رکھنا اور کوارنٹین وغیرہ کرنا مناسب بجائے خود اچھی باتیں ہیں - تاہم ان سب کے تجربے سے ان میں کم و بیش نقص معلوم ہو چکے ہیں - ٹیکا لگانے میں کوئی قباحت نہیں نکلی - اب اس میں [illegible] ہے کہ [illegible] میں ڈاکٹر ہافکن صاحب کی [illegible] ہے کہ [illegible]

ہر ایک حرف کامل لکھنا پڑتا ہے۔ مگر فارسی تحریر میں ہر حرف کا ذرا سا حصہ بطور اختصار کے مستعمل ہوتا ہے۔ اس کا جواب وہ سوائے اس کے کچھ نہیں دے سکتے کہ جو زیادہ دیر دیوناگری کے لکھنے میں لگتی ہے وہ کسر شکستہ اردو کے پڑھنے میں پوری ہو جاتی ہے۔ یہ جواب نہیں بلکہ ایک طنز ہے۔ اور پھر صحیح بھی نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ یہ اعتراض ذرا سے خط کے طریق تحریر پر فائدہ نہیں ہو سکتا۔ اس کے لئے لازمی بات نہیں ہے کہ اس میں ایسا بڑا شکستہ ہی لکھا جاوے جو پڑھنے میں دقت پیش آوے۔ اور سر مونیئر ولیمز کا اعتراض شکستہ ہی کی نسبت ہے۔ لیکن اگر سرکار حکم دے تو ایسے خراب اردو شکستہ کا رواج معدوم ہو سکتا ہے کہ جو سہولیت سے پڑھا نہ جاوے۔ خط شکستہ کی خوبی اسی میں ہے کہ بڑی آسانی سے پڑھا جا سکے۔ اور اس کے لئے فارسی تحریر کے استادوں نے بہت عمدہ قاعدے بنا رکھے ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ میموریل پر دستخط کرنے والے اصحاب میں سے کسی کو یہ بات معلوم بھی نہ ہوگی اور نہ سر مونیر ولیمز یا پروفیسر ماکس یا یاد ری مڈن صاحب کو کہ جن کی شہادتیں اردو در فارسی بطریق تحریر کے کم و بیش خلاف پیش کی گئی ہیں اردو در فارسی تحریر کی نسبت کوئی سند قرار دیجا سکتی ہیں۔ اور نہ ایسے غیر قوم کے لوگ ہندی تحریر کی خوبی میں بہترین گواہ قبول کئے جا سکتے ہیں۔ ۱۸۷۴ء میں پاؤنیر کا یہ بیان بھی بالکل لایعنی ہے کہ "وہ الفاظ کہ جن کا کوئی حرف ایک قسم کا نہیں ہوتا اور نہ ان کی آواز میں ذرہ بھی مشابہت ہوتی ہے وہ بعینہٖ کاغذ پر ایک صورت کے دکھائی دیتے ہیں۔ اور ریکارڈ کے واسطے اس قسم کا رسمخط ہمارا اس قدر ناقص ہے جس قدر کہ قیاس میں آسکتا ہے"۔ شائد پاؤنیر بھی بتلا سکیگا کہ انگریزی تحریر اس بارے میں فارسی سے بدترین نہیں۔ انگریزی شکستہ خط لکھنے میں m و n و w و u کو ان میں کس قدر تمیز ہوا کرتی ہے کوئی ضعیف مزاج انگریز ہی بتلا دے۔ اور میں اس دعوے کو بلا خوف تردید تمام مصنف مزاج مبصروں کے سامنے پیش کر سکتا ہوں کہ اردو شکستہ انگریزی شکستہ سے زیادہ سہولیت سے پڑھا جا سکتا ہے۔

دیوناگری تحریر میں ایک ایک حرف میں پانچ پانچ سوڑا اور شکن ہیں۔ بخلاف اسکے فارسی تحریر میں صرف ایک دو نقاط یا ایک سوڑا ایک سرے سے ایک حرف بن جاتا ہے۔ مثلاً دیوناگری میں "تقریر و تبدیل"، "پیشہ و پیشہ ور" اس طرح لکھا جاتا ہے

तागजेर वा तावदल,
तपाश्वर वा मनाश्वर

اور انگریزی رسمخط یعنی رومن حروف میں اس طرح

Taghaizar wa tabaddal
Tazhishar wa mzmishar

فارسی خط میں ہی سب سے مختصر اور سب سے جلدی لکھا جاتا ہے۔ اور ایسے ہی جلدی پڑھا جاتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ کوئی انگریز جو خط فارسی کو جلدی پڑھنے کی مہارت نہیں رکھتا وہ اس کی نسبت رائے لکھے سو چونکہ اس میں حرکات و حروف کے بعض میں شامل نہیں لکھی جاتیں۔ اس لئے اس کو بلند آواز سے پڑھنے سے پہلے سوچنا پڑتا ہے۔ بلکہ یہ اس رسمخط کی خوبی ہے کہ بخلاف انگریزی (رومن) ہندی (دیوناگری) کے اس کی حرکات پر سے حروف نہیں ہیں بلکہ ان کا خلاصہ ہے جو بڑی کاملیت اور خوبی کی علامت ہے کہ اس کی تحریر جگہ کم روکتی ہے۔ جلدی لکھی جاتی ہے اور جلدی ہی پڑھی جاتی ہے۔

ایک یہ اعتراض بھی فارسی تحریر کی نسبت میموریل میں کیا گیا ہے کہ لوگوں کی بڑی تعداد کو ان کی مادری زبان میں تعلیم دینے سے تعلیم کی بہت ترقی ہو سکتی ہے۔ یہ درست ہے لیکن یہاں مادری زبان کی ضرورت ہے نہ کہ مادری تحریر کی اردو یا ہندی قریب قریب ایک ہی زبان ہے۔ صرف خط کا فرق ہے۔ پنجاب میں آریہ سماج کے چند اخبارات ہندی زبان کے مگر فارسی خط کے چھپتے ہیں۔ اور ان میں ہندی الفاظ بخوبی ادا کئے اور پڑھے جاتے ہیں۔ غرض اسی طرح بعض دیگر اعتراضات ہیں کہ جن کا بڑی سہولیت سے جواب دیا جا سکتا ہے مگر پنجاب کی زبان پنجابی ہے۔ لیکن یہاں اردو میں ایسی سہولیت سے تعلیم دیجاتی ہے جیسی کہ اضلاع مغربی و شمالی کے بچے اردو سیکھتے ہیں۔ غرض اردو قدرتاً ایسی زبان ہے جو ہندوستان میں ہر ایک دوسری زبان کی نسبت سہولیت سے سیکھی جا سکتی ہے۔ کیونکہ اس کی ترکیب ہی ایسی ہے۔ اور اتفاق سے فارسی خط کہ جس میں یہ لکھی جاتی ہے وہ بھی باقی سب خطوط سے ذو بصورت اور مختصر ہے۔ ہندی و دیوناگری کا تلفظ اس سے نہ ہو مکمل ہے۔ گروہ مکتوبیوں کے نہ اس کی نسبت سے زیادہ مشکل ہے جتنے کہ اس کے ابجد میں حروف زیادہ ہیں۔ اس لئے اس کی تعلیم فارسی خط کی نسبت زیادہ مشکل ہے۔

پنجاب میں طاعون

آج تک کل ۲۶ دیہات اضلاع جالندھر و ہوشیار پور میں طاعون سے موثر ہو چکے ہیں۔ ان میں سے ۱۹ ضلع جالندھر اور ۷ ضلع ہوشیار پور میں ہیں۔ اور سب سے آخر ضلع جالندھر کے موضع لودھی پور میں طاعون نمودار ہوئی ہے۔ ضلع ہوشیار پور کے دیہات میں تو طاعون کا اتنا زور نہیں ہے جتنا کہ جالندھر کے دیہات میں ہے۔ چنانچہ ۸ مارچ کو اس آخری ضلع کے ۹ دیہات سے ۳۵ طاعون کی وارداتوں کی اطلاع ملی تھی۔ ہر چند کہ پولیس کے ذریعہ سے ہمارے دیہات کے لوگوں کو دوسرے دیہات والوں سے الگ رکھنے کی بڑی کوشش کیجاتی ہے۔ مگر پچھلے ایک دو مہینوں میں اس قدر تیزی سے وبا نے نئے موضعات میں دخل پایا ہے کہ جس سے احتمال ہوتا ہے کہ کارن "حلقے بنانے کے لئے آدمی کافی نہیں یا اور کسی وجہ سے مریض دیہات کے لوگ دوسرے دیہات سے مل جل کر انہیں وبا سے موثر کر دیتے ہیں۔ ہر چند کہ موسم گرم ہوتا جاتا ہے کہ جس میں وبا کے کم ہو جانے کی امید ہے۔ مگر ابھی تک وبا کی ترقی میں کوئی قابل ذکر کمی نہیں ہوئی۔

قانون ڈاکخانجات

کچھ سبڈیشن کا وہم مقام کے بارے میں اس قدر مستولی ہوا ہے کہ ڈاکخانجات کے زیر تجویز ہے۔ اس میں بھی پرنٹمسٹروں اور محکمہ ڈاکخانجات کو اجازت دی گئی ہے کہ جس اخبار یا کتاب میں وہ سرکار کی بدخواہی کے خیالات پھیلانے والا یا فحش یا توہین مضمون اس کو اپنے اختیار سے ڈاک میں جانے سے روک دیں۔ اختیار بہت سے اعتراض ہو سکتے ہیں۔ اور در حقیقت ماسٹر اور ڈاکخانے کے ملازم سب سے آخری افسر ایسی تحریر اندازہ کر سکتے کے قابل ہوتے ہیں۔ ان کے ملازم رکھنے ہرگز ان کی ایسی لیاقت کا خیال نہیں کیا جاتا۔ اس ان کے ہاتھ میں ایسا اختیار دے دینا سلامتی کی بات اور نہ در اصل ڈاکخانے کا یہ حق ہی ہونا چاہیے کہ کسی چیز منزل مقصود تک پہنچانے کا محصول وصول کر کے راستے میں روک لے۔ افسوس ہے کہ سیڈیشن کے نے اخبارات کو اس قدر پریشان کر رکھا ہے کہ ڈاکخانے قانون کی ایسی دفعات پر توجہ نہیں ہو سکی جو منظور ہو بعد بہت تکلیف دہ ہو گی۔

امیر صاحب اور ہندو قلی

کریا دیئر کئی مرتبہ لکھ چکا ہے کہ جس ہندو قلیوں قوموں کے لوگوں سے ہیں ان میں سے کسی پر ایسا نشان نہیں جس سے ہو کہ افغانستان سے لائی گئی ہیں۔ لیکن رسول اصرار کرتا ہے کہ ہندوؤں پر نشان کا نہ ہونا ہی دلیل ہے کہ یہ ہندو قلی افغانستان سے بھرتی کئے کیونکہ بقول اس کے جس قدر ہندو قلی ہندوستان سلاح خانوں سے فوجوں میں تقسیم کیجاتی ہیں ان پر نام و نشان ہوتا ہے۔ اور جو علیحدہ نالیوں سے قلی وہ بھرتی ہی ہوئی ہوتی ہیں۔ لیکن ۱۸۷۴ء میں جنہیں مارٹینی ہنری بندوقیں جو امیر صاحب کو دی گئی تھیں تاریخ دینے کی اور سلاح خانے کا نام کندہ تھا لیکن اس میں جب تک کہ نام دوبارہ نہ کھودا جاوے وہ استعمال محو ہو جاتا ہے۔ اس لئے عجب نہیں کہ ان ہندوقوں کچھ امیر صاحب نے قوموں کے لوگوں کو دی ہیں وہ ہوشیار و مشہور ہیں وہ کیوں نشان والی افغانستان سے نکلنے دیتے۔ سچ ہے کہ وہم کا دارو کے پاس بھی نہ تھا۔ جب کوئی دلیل یا واقعہ موجود فرض کر لینے سے کہیں واقعات ثابت ہو جاتے

انگلستان و روس پہنچی سمندروں

جب کہ بننے کی پہلے نوٹ ہیں ہے کہ انگلستان کے متواتر جنگ چینی سمندروں کو ہیچ ہو جاوے۔ اس کی تصدیق اس سے ہوتی ہے وہ اج کو لندن گئی ہے جبکہ اس سے چین سے بہت کچھ طلب نہیں اور کہا کہ جن شرائط پر جرمنی کو

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۱۹ مارچ سنہ ۹۸ء

اضلاع مغربی و شمالی کی عدالتوں میں اردو یا ناگری

ناظرین سے مخفی نہیں کہ اضلاع مغربی و شمالی و اودھ کے صوبجات سرسبز ہائے اردو اور معزز ہندو رؤسا اور مشہور فاضلوں نے اپنے صوبے کے لفٹنٹ گورنر بہادر کی خدمت میں ایک لمبا چوڑا میمورئیل حال میں اس مضمون کا پیش کیا تھا کہ اس صوبے کی عدالتوں اور دفتروں میں بجائے اردو تحریر کے ہندی یعنی دیو ناگری کی تحریر کو مروج کیا جائے۔ کیونکہ آبادی کا زیادہ حصہ ہندی پڑھ سکتا ہے۔ یا ہندی آسانی سے پڑھی جا سکتی ہے۔ اور اردو کے پڑھنے میں عوام الناس کو تکلیف ہوتی ہے۔ کہ اردو کا طریق تحریر مشکل ہے۔ اور فارسی عربی کے الفاظ اس میں داخل ہو کر اس کو اور بھی مشکل کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ میمورئیل میں کئی دیگر وجوہات دیوناگری کے حق میں درج تھیں۔ مگر اُن سب کا خلاصہ یہی ہے جو اوپر بیان کیا گیا ہے۔ اس میمورئیل کو دیکھ کر اس کی دلائل کی کمزوری پر کسی قدر مفصل بحث کرنے کا وعدہ میں کسی پچھلی اشاعت میں کر چکا ہوں۔ اس کے بعد سر انٹونی میکڈانل بہادر اضلاع مغربی شمالی کے معزز و روشن ضمیر لفٹنٹ گورنر نے اس میمورئیل کا جواب دے دیا ہے۔ اس لئے اس میمورئیل پر زیادہ طولانی بحث کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ ان دونوں میمورئیل اور لاٹ صاحب کے جواب کے ترجمہ ۱۲ مارچ کے روزانہ پرچے میں درج کئے گئے ہیں۔ جن کے بغور مطالعہ کر لینے سے بہت سی باتیں اردو اور ہندی کے متعلق دلچسپی زبانیں ہونے کے متعلق لکھی جاتی ہیں کہ جن کا اظہار کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے:۔

میمورئیل اور اس کے جواب سے معلوم ہو جائیگا کہ میمورئیل کے دلائل میں ایک بھی ایسی قوی دلیل نہیں ہے جو گورنمنٹ کو موجودہ قرارداد کے بدل دینے کے قابل ہو۔ پندرہ سال پیشتر جب پنجاب میں ہندی اردو کا جھگڑا پیش آیا تھا اور ہندی کے حمایتیوں نے اپنی دلائل کا ترکش خالی کر دیا تھا اُس وقت ثابت ہو گیا تھا کہ اردو کے مقابلے میں ہندی تحریر ہرگز مشعل کے قابل نہیں ہے۔ اور کہ اردو تحریر مقابل ہندی کے ہر خوبیوں اور سہولیتوں کا ہے۔ اس سے میری یہ غرض نہیں ہے کہ بنگالہ میں یا بمبئی میں اردو سے بہتر طریقہ تحریر عدالتوں اور دفتروں میں جاری ہو سکنا محال ہے۔ سر انٹونی میکڈانل نے میمورئیل پیش کرنے والوں کو بتلایا ہے کہ اضلاع مغربی و شمالی کی کل آبادی ۴۷ ملین (ملین = ۱۰ لاکھ) ہے جس میں سے ۴۵ ملین ہندی یا ہندی جیسی کوئی زبان بولتے ہیں۔ اب اگرچہ ۴ ملین آدمی وہ زبان لکھ سکیں جو وہ بولتے ہیں تو بجائے فارسی حروف کے ناگری یا کیتھی کا استعمال کیا جانا ضروری ہے۔ لیکن ان ۴۵ ملین میں سے ۳ ملین سے کم لوگ لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ اور خواندوں کی اس مقدار میں اگر میں اُن کو خواندہ کہہ سکتا ہوں تو مسلمانوں کی تعداد بہت زیادہ ہے جو اُردو بولتے ہیں اور فارسی دستخط کو ترجیح دیتے ہیں۔ میں خیال کرتا ہوں کہ آپ تسلیم کرینگے کہ یہ واقعات اس تحریک کی خاص ضرورت کی نفی کرتے ہیں جو آپ اس وقت پیش کرتے ہیں"۔ اس سے ظاہر ہے کہ اضلاع مغربی و شمالی کی آبادی کے لکھے پڑھوں کا بڑا حصہ مسلمان ہیں جو اردو تحریر جانتے ہیں اور اُس کو پسند کرتے ہیں۔ اگر اردو کی بجائے ناگری کو پسند کیا جاوے تو میمورئیل دینے والوں کی اپنے قول کی خلاف ورزی ہو جائیگی کہ بڑی جماعت کی زیادہ بہتری مد نظر ہے۔ البتہ لاٹ صاحب تسلیم کرتے ہیں کہ اُن صوبجات میں ابتدائی تعلیم کے ترقی کرتے جانے سے ہندی پڑھے ہوؤں کی تعداد آئندہ بڑھتی جاتی ہے۔ لاٹ صاحب نے ملازمت سرکاری میں مسلمانوں کی تعداد کا بھی ذکر کیا۔ اضلاع مغربی و شمالی میں جس قدر ملازمان سرکاری اس وقت ہیں اُن میں مسلمانوں کی تعداد بھی معقول ہے۔ اور ظاہر ہے کہ وہ کسی طرح بھی اتنی ناگری نہیں جانتے ہیں جتنا اُردو کہ سب کے سب ہندو سرکاری ملازم جانتے ہیں۔ بیشک طرز تحریر کی تبدیلی کے وقت اس بات کو بھی مد نظر رکھنا پڑیگا کہ وہ سرکاری ملازمین کا اتنا بڑا گروہ کیا کریگا۔ اس لئے لاٹ صاحب کی رائے میں "جلدی کرنے کی کوئی ضروری وجہ نہیں ہے"۔ اور کہ کیوں ہمیں ان لوگوں کی اغراض کا خیال نہیں رکھنا چاہئے۔ جو اس تجویز کے مخالف ہیں جیسا کہ آپ خیال کرتے ہیں مسلمان اس تجویز کے مخالف ہونگے۔ اور آپ نے اب تک اس کی مخالفت دور کرنے اور اُن کے دلوں کو قابو کرنے کے واسطے کچھ نہیں کیا۔ سر انٹونی چاہتے ہیں کہ بحیثیت عملی طور پر کام کرنے والوں کے اس کام میں ایسا انداز اختیار کیا جاوے کہ مخالف فریقوں کی مختلف اغراض ایک ہو جاویں۔ ہر چند کہ نہ تو میمورئیل دینے والے اور نہ خود لاٹ صاحب کوئی ایسی تفصیلی کی صورت بتلا سکتے ہیں۔ تاہم لاٹ صاحب ہر چند کہ ہندی کے مسئلے کو ہندی بولنے والی آبادی کے لئے ضروری سمجھتے ہیں۔ مگر ایک ایسے کام میں تعمیر و تبدل کرنے کے لئے کہ جو ۳ سو سال سے چلا آتا ہے جلدی نہیں کرنا چاہتے۔ کیونکہ جب سے شہنشاہ اکبر کے وزیر راجہ ٹوڈرمل نے ہندی تحریر کے بجائے فارسی کو رواج دیا ہے اُس وقت سے برابر فارسی خط میں سرکاری تحریرات ہوتی چلی آئی ہیں۔ مگر اسپر بھی لاٹ صاحب زیادہ گہری نظر سے غور کر کے کل سرکاری تحریرات کو تین قسم پر منقسم کرتے ہیں۔ ایک وہ جو رعایا درخواستوں اور عرضیوں کی صورت میں سرکار کی خدمت میں بھیجتی ہے دوسرے وہ جو سرکار کے حکمنامے اور اطلاعیں رعایا کے پاس بھیجی جاتی ہیں اور تیسرے سرکاری دفاتر کی مسلیں اور عدالتوں کے فیصلے کہ جن سے اگر اُن کی نقلیں لے کر رعایا کو کام بھی پڑتا ہے تو وہ قانونی مشورے لینے یا اور ایسے ہی اہم معاملات میں پڑتا ہے۔ اس لئے اس آخری قسم کی تحریرات کی نسبت ہر چند کہ لاٹ صاحب بتلاتے نہیں کہ اُن کی رائے میں کس زبان میں ہونی چاہئیں۔ لیکن وہ اس طرح سے اپنا مافی الضمیر ظاہر کر دیتے ہیں کہ اُن کی رائے میں ایسے کاغذات کے رومن میں دستخط ہونے کی تجویز کی کافی مخالفت نہیں ہو سکتی۔ گو لاٹ صاحب چاہتے ہیں کہ اگر مسلمین اور روفاتری اندرونی کارروائی بجائے اُردو یا ہندی کے رومن میں ہوا کرے تو بہتر ہے۔ یہ بڑے مزے کی بات ہے۔ اہل ہنود چاہتے ہیں کہ فارسی خط کے بجائے کارروائی دیوناگری خط میں ہوا کرے۔ مسلمان قدرتاً چاہتے ہیں کہ فارسی خط ہی رہے۔ لیکن لاٹ صاحب چاہتے ہیں کہ رومن ہو جاوے تو اچھا ہے۔ چلو چھٹی ہوئی۔ باقی دو پہلی قسموں کے کاغذات کے لئے لاٹ صاحب کا یہ منشا معلوم ہوتا ہے کہ عرائض وغیرہ رعایا سے اب بھی دیوناگری میں منظور کیجاتی ہیں اور جن مواضعات میں کہ صرف ہندی پڑھی جا سکتی ہے وہاں اب بھی حکمنامے اسی دستخط میں جاتے ہیں۔ عربی اور فارسی کے محاورات کے اُردو میں استعمال ہوتے رہنے سے لاٹ صاحب اتفاق نہیں کرتے۔ اور بالفرض اگر ایسا ہوتا ہے تو نہیں ہونا چاہئے۔ لیکن مجھے سمجھ نہیں آتا کہ معمولی سمنوں کے اُردو میں کونسے عربی فارسی کے محاورات اور ترکیبیں ہوتی ہیں جو اطلاع مغربی و شمالی کے ہندی بولنے والے لوگ سمجھ نہیں سکتے۔ مثلاً "اطلاع" ایک عربی لفظ ہے لیکن جاہل سے جاہل شخص بھی جانتا ہے کہ اس کا مطلب کیا ہے۔ اگر یہ کسی سمن یا وہکار میں درج ہو تو اس سے یہ مطلب نہیں لینا چاہئے کہ چونکہ یہ عربی لفظ ہے اس لئے لوگ اسے نہیں سمجھتے۔ مطلب سعدی تو میمورئیل والوں کے اس فقرے سے ٹپکتا ہے کہ ناگری دستخط کے جاری ہو جانے کے بعد آخر کار عربی اور فارسی کے تمام لفظ چھوڑ دینے پڑینگے اور یہی اُن کی آرزو ہے"۔

میمورئیل دینے والوں نے فارسی خط کی مخالفت میں ایک یہ دلیل بھی دی ہے کہ اتنی مدت سے فارسی خط کا رواج ہے مگر پھر بھی بہت تھوڑے لوگ اس کو جانتے ہیں۔ اگر وہ اس بات پر غور کرتے کہ خود دیوناگری جاننے والوں کی نسبت صوبجات متحدہ کی اس اتنی بڑی آبادی میں کس قدر ہے تو وہ یہ اعتراض کرتے ہوئے ضرور جھجکتے۔ اور یہ بات تو قیامت تک باقی رہیگی کہ خواہ کوئی خط سرکار عدالتوں کی کارروائی کے لئے منظور کرے۔ مگر تمام لوگ اس کے پڑھنے والے موجود نہیں ہونگے۔ رہا باقی یہ اعتراض کہ فارسی دستخط میں کوئی قدرتی سقم ہے۔ یہ بالکل بے بنیاد اعتراض ہے۔ فارسی خط کی سب سے بڑی خوبی تو یہی ہے کہ نہایت مختصر طریق تحریر کا ہے۔ شاید سنہ ۹۳ء میں میرے پیسہ اخبار میں ایک بسیط اور مدلل آرٹیکل سے ثابت کیا تھا کہ فارسی خط بجائے خود شارٹ ہینڈ خلاصہ نویسی کا طریق ہے۔ اور جس طرح کہ انگریزی تحریر خلاصہ نویسی کی محتاج ہے فارسی ہرگز نہیں۔ بجائے دیو ناگری انگریزی سے بھی خلاصہ نویسی کے کسی طریق کی زیادہ محتاج ہے۔ اور اس کو خود میمورئیل دینے والوں نے بھی تسلیم کیا ہے کہ دیوناگری دیر میں لکھی جاتی ہے۔ کیونکہ اس کا

حفظ صحت

استفسار

۳۱۔ چکا چوند۔ مگر خشہ سین گرہن جو کہ ۲۷ جنوری کو ہوا اُس روز میرے اُس کو دہنی آنکھ سے زیادہ تر درد تھا۔ اُس روز سے میری بائیں آنکھ میں فرق ہو گیا ہے۔ یعنی دہنی آنکھ بدستور ہے اور بائیں آنکھ میں یہ قصور ہے۔ غریب ۵۰ قدم پر ادھی کی عینک بالکل صاف نظر نہیں آتی اور شناخت ہوتی ہے۔ اور کاغذات پڑھی پوری نگاہ نہیں جمتی و بندہ کیا کرے اس (از بندہ شہر)۔

(گرہن سے چند روز پہلے ہی پیسہ اخبار میں مشتہر کر دیا گیا تھا کہ گرہن کی طرف سے کوئی صاحب گرہن کو نہ دیکھیں بصورت کھلے آنکھ سے دیکھنے کا اندیشہ ہے۔ مناسب ہے کہ دھندلی عینک رکھے اور کچھ دن تاریک کمرے میں بیٹھے۔ ایڈیٹر)۔

۳۲۔ نصیب عینر طبعی:۔ میری عمر تخمیناً ۲۴ سال کی ہے۔ لیکن میرے سر میں سفید بال آنے شروع ہیں اور روز بروز ترقی ہے۔ مہربانی فرما کر کوئی ایسا تیل۔ اگر کہیں سے مل سکتا ہو جس کے لگانے سے سر بال سیاہ ہو جائیں۔ تو اس کے استعمال سے سیاہ ہو جائیں اور اس کے استعمال سے آئندہ سفید بال نہ نکلیں۔ یا کوئی ایسا نسخہ ہو کہ اکثر سفید بال سیاہ ہو جائیں۔ اور آئندہ سفید بال نہ نکلیں۔ (از بندہ)۔

۳۳۔ مختصل دہنی:۔ میرے بھائی کو اکثر دہنی کی شکایت ہے۔ کوئی صاحب اس کا علاج جانتے ہوں تو براہ مہربانی اطلاع بخشیں۔ (از بندہ)۔

۳۴۔ نظارہ پرور:۔ اگر ناظرین و ناظرات پیسہ اخبار میں سے کوئی صاحب نظارہ کا مجرب علاج جانتے ہوں تو براہ مہربانی اطلاع بخشیں۔ (از بندہ)۔

علاج

۳۲۔ آشوب کے زخموں کا مجرب علاج:۔ ہیکہ بیلا کی پھلی کو پیس کر پھیلے میں گھی ڈال کر بھون لیں۔ پھر اس پر سفوف کی ہوئی تیز گندھک اور نوشادر ملا کر زخموں پر چھڑکیں۔ دو تین دن میں زخم اچھے ہو جائیں گے۔ (از بندہ)۔

۳۳۔ جب کھل کر پسینہ ہونا شروع ہو جائے تو ناخن لگنے سے یہاں تک دھوئیں اور تیز تیز اسکی مالش کی جائے۔ اسکو خشک کر کے ملیدہ کر لیں پھر خاص پسینہ لانے کی دوا کے ساتھ اس کو ملا دیں اور سفوف قلمی شورا ذرہ ذرہ ڈال کر بگڑ کی گیلی لکڑی سے ہلاتے جائیں جب سب دوا حل ہو جائے تو اسی دوا کو ہلکی ہلکی دھونی دیں۔ اب ہر دو ادویات کے ہموزن لیا جائے۔ کچھ سفید کچھ نیلا تھوتھا۔ کچھ زرد کاغذ سا جو سوختہ کر دیا جائے۔ ان سب کو ملا کر ایک چٹخ میں بھر لیں کوئے کے مشک کر کے دل میں رکھ چھوڑیں۔ جب زخم گہرا اور کنارے موٹے ہوں تو ذرا سا مرہم شستہ لیکر اس میں حسب زخم دوائی ملا کر خوب ستھرا کر زخموں پر لگا دیں۔ شام تک سارا زخم بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر زخم گہرا ہو تو ذرا سا سفوف ہی اوپر چھڑک دیں۔ خدا چاہے تو ۳۔۴ دن میں ہی صحت ہو گی۔ یہ میشیری کرایا ایک سادھو صاحب جو اس وقت معلوم نہیں کہاں ہیں مجھ کو یہ نسخہ بتایا تھا۔ (از حد مفید اور میرا مجرب ہے) دستخط چند حکیم امرتسر)۔

گمنام و نشان انگیز

۱۸۔ ایک نوجوان ساکن ڈیرہ غازیخاں۔ نام گم۔ بندہ درام عمر ۲۵ سال۔ پستہ قد گندمی رنگ گھونگریالے بال۔ منہ پر کچھ داغ بھی ہیں۔ پیشہ ہوم پلیڈر کا کرتا تھا۔ اپنے وارث باپ سے کسی بات پر ناراض ہو کر گھر سے چلا گیا ہے۔ ہر چند تلاش کی گئی پتہ نہیں ملتا۔ اس کا باپ سخت بیقرار ہے۔ اگر کوئی صاحب اسے کہیں دیکھیں تو براہ عنایت بذریعہ پیسہ اخبار یا براہ راست ہمیں اطلاع بخشیں۔ بڑا ثواب ہوگا۔ (حکیم عبدالرحمن برادر ڈیرہ غازیخاں)۔

۱۹۔ نام و پتہ زیر سنگھ ولد بیوا سنگھ۔ ذات جٹ۔ سکنہ سلطان ونڈ ضلع لاہور۔ عمر تخمیناً ۲۰ سال۔ رنگ سانولا۔ پرچک۔ دو تین دن ہوئے مورخہ ۳ مارچ کو مفقود الخبر ہے اور سنا جاتا ہے کہ وہ سی پلین میں نوکر ہے۔ لیکن پتہ پورا نہیں ملتا۔ کوئی صاحب اس کا پتہ لگا کر اس کے بوڑھے باپ اور ماں کی بیماری استرسی کو مشکور فرمادیں تو کمال شفقت ہوگی (بسیوا سنگھ از سلطان ونڈ)۔

عام

سوال

۳۱۔ زیارت کربلا:۔ اگر کوئی شخص کربلائے معلی جانا چاہے تو وہ کس طرح اور کس راہ سے جا سکتا ہے اور اس کے متعلق کیا کیا ضروری امور قابل لحاظ ہیں۔ (ایڈیٹر)۔ کہ کوئی صاحب جواب میں کربلائے معلی کے مجتہد زمانہ آقائے شیخ محمد صاحب دام ظلہ العالی جو مرجع ہندوستان میں سوائے کہاں تشریف رکھتے ہیں (آقا محمد باقر)۔

۳۲۔ ترکیب سیاہی:۔ جس سے سفید کاغذ پر سیاہ حروف لکھے جائیں خوشخط پڑھے جائیں اور اکثر مدتوں کے استعمال میں پائی جاتی ہے مطلوب ہے۔ کوئی صاحب اسکی ترکیب سے بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرما کر مشکور فرمادیں (ایک طالبعلم)۔

جواب

۱۷۔ عقد سیماب (در جواب سوال ۱۹)۔ صحرائی کنول جو اکثر چھاڑوں پر پایا جاتا ہے۔ جس کا پتہ گول روپے کے برابر ہوتا ہے۔ اس پتہ کا دس ٹکال کر سیماب جس قدر مطلوب ہو ایک چھوٹی نیچی کی پیالی میں دونوں کو ملا کر دھوپ میں رکھ چھوڑیں دو تین روز مسلسل اثر میں عمل کریں۔ بعد سیماب گھن کی طرح ہو جائیگا اگر گولی بنانا منظور ہو تو ایک باریک لکڑی اس میں رکھ کر گولی بنا کر لیموں کے عرق میں دو روز کامل رکھ چھوڑیں۔ گولی سخت ہو جائیگی۔ نیز وہ صاحب طلب فرماتے ہیں۔ از راہ مہربانی معلوم کرا دیں کہ کس کام کے لئے یہ اُن کو درکار ہے (حافظ محمد علی ماسٹر سیلز ڈپو ویلنگٹن ۱۱۲۵)۔

۱۸۔ سلاجیت:۔ سقوی چٹانوں سے ایک اعلیٰ جوہر ہے جو نیپال ترائی اور کوہ نینی تال کی بلند چوٹیوں پر اکثر پایا جاتا ہے۔ جب میں نینی تال پر تھا اپنے پہاڑیوں کو متاکہ دیکھ کچھ جمع کرنی چاہی چنانچہ اب بھی ہے۔ ممکن ہے کہ سست سخت آدمی اس کو پا کر بھر دودھ میں گھس کر کھائے اور رہ سکے۔ جو خریدار پیسہ اخبار اسکی آزمائش کے شائق ہوں ۲ کے ٹکٹ رجسٹری کے لئے بھیج کر ایک خوراک طلب کر لیں (سردار محمد سلطان خاں بنگلہ ۱۰ بریلی)۔

شعر و سخن

ثمار

(از مصنفہ حاضی غلام حیدر صاحب)

شمار کار گر علمی کی جب انگشت ہوا
واہ کیا خشخاشی ہو کیا سمار اور کیا
ہو سکتی ہو ترجمہ کی سے کار دار
سیر گلشن کر چلا تھا
دیکھ کر ہیں
کیا کہوں کس کس خاص
چشم بینا کو تو ہر
کھلی ہے
وہ خاکی کی دکان
سنبل تر کو ہر
جو ہی
کھلا ہے
چشم خلق
دیکھ کر
ہاتھ
دو ہی
ہر
ہر
ہر

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۱۰ | یوم شنبہ ۱۹ ایار سنہ ۹۸ء مطابق ۲۵ شوال سنہ ۱۳ ہجری موافق ۳۰ پھاگن سمت ۱۹۵۴ بکرمی | جلد ۱۲

وقیعت عامہ کیلئے شمار اور اعداد

ممالک محروسہ مصر کی مردم شماری

سنہ ۹۸ء کی مردم شماری مصر کے حساب حسب ذیل بتلائے ہیں:-

[مردم شماری ممالک محروسہ مصر باعتبار مذاہب]

مسلمان ۶۷۸۷۵۰۸۹ - مختلف قبائل کے قبطی ۶۸۴۴۹ - عیسائی (قبطیوں کے علاوہ) ارتھوڈکس ۵۲۴۷۹ - پروٹسٹنٹ ۴۱۱۸۹ - یہودی ۲۵۲۰۰ - مذاہب مختلفہ ۳۶۸ - میزان ۹۷۳۴۴۰۵ ؛

[مصر کی عورتوں اور مردوں کا شمار]

۴۹۴۷۰۰۵۱ - عورت ۴۷۶۹۵۵۵ - میزان ۹۷۳۴۴۰۵ ؛

[مصر کے مشہور شہروں کی آبادی]

قاہرہ ۵۷۰۰۶۲ - اسکندریہ ۳۱۹۷۶۶ - طنطا ۵۷۲۸۹ - پورٹ سعید ۴۲۰۹۵ - اسیوط ۴۲۰۸۲ ؛

[مصر کے لکھے پڑھے اور اُمیوں کی تعداد]

۴۲۵۹۹۳ - عورت ۳۱۸۹۳ - جاہل ۹۲۶۶۵۱۹ - میزان ۹۷۳۴۴۰۵ ؛

[مصر کی آبادی قوموں کے لحاظ سے]

یونانی ۳۸۱۷۵ - اٹالین ۲۴۴۶۷ - انگریز ۱۹۵۵۷ - فرانسیسی ۱۴۱۹۲ - آسٹرین ۷۱۱۷ - عثمانی وغیرہ ۹۶۳۴۴ - میزان ۹۷۳۴۴۰۵ ؛

لیگا کو کا خرچ

برطانیہ کا ایک اخبار مظہر ہے کہ یورپ کے تمام ملکوں کے گل خرچ کی اوسطی فکس ۲۴ پونڈ ہے - ہنڈ رلینڈ میں اس کا خرچ فی کس ۷ پونڈ ہے - آسٹریا ہنگری میں ۳ر۸ ڈنمارک میں ۳ر۷ پونڈ - سوئیٹزرلینڈ میں ۳ر۳ پونڈ - بلجیم میں ۳ر۲ پونڈ - جرمنی میں ۳ پونڈ - ناروے میں ۲ر۳ پونڈ - فرانس میں ۲ر۱ پونڈ - سویڈن میں قریباً ۲ پونڈ - سپین میں ۱ر۱۵ پونڈ - برٹن کلاں اور آئرلینڈ میں ۳ر۴ پونڈ - اٹلی میں ۱ر۱۵ پونڈ اور روس میں ۲ر۱ پونڈ - صوبجات متحدہ امریکہ کی اوسط بجز ہالینڈ کے سب ممالک سے بڑھی ہوئی ہے - یہ فی کس ۴۴ پونڈ ہے ؛

روسی حملہ ہندپر

انگلستان کے اخبار ساز میں ایک مضمون میں ثابت کیا ہے کہ روس کسی طرح حملہ ہند میں کامیاب نہیں ہو سکتا - اس کام کے لئے فوج اسکو درکار ہوگی اس میں سے ۱۰ ہزار آدمی ہرات کی حفاظت کے لئے - ۱۰ ہزار قندھار کے لئے اور ۲۰ ہزار کابل کے لئے درکار ہوگی - ۳۰ ہزار آدمی ہرات اور قندھار کے مابین راستہ کی حفاظت کے لئے - اور ۵۰ ہزار ریزرو فوج درکار ہوگی گویا کہ ۱۱۰ ہزار جنگی فوج اس کام کے لئے درکار ہوگی ؛

مذاق

چاہنے والا:- "میری جان کیا میں تجھ بالکل نہیں بھاتا؟"

مِس (کنواری لڑکی):- "کیوں نہیں - میں بلا تامل اسی حالات سوچتی ہوں - جن میں میں بڑی خوشی سے تمہارے گلے میں لپٹ سکتی ہوں" ؛

چاہنے والا مارے خوشی کے جامے سے باہر ہو کر:- "شکر ہے - شکر ہے - شکر ہے فرمائیے وہ کونسے حالات ہیں" ؛

مِس:- "یہی کہ میں دریا میں ڈوب رہی ہوں - اور تم میرے پاس موجود ہو" ؛

ایک عورت:- "مجھے افسوس ہے کہ میرا بیٹا جان جھوٹ سیکھتا جاتا ہے" ؛

دوسری عورت:- "نہیں سودہ تو موجد ہے" ؛

ایک عورت:- "یہ تو صحیح ہے - مگر ایسی ایجادیں تو اُس کے باپ کے اجارے میں آچکی ہیں - جن کی اُس نے رجسٹری کرائی ہوئی ہے" ؛

کسی یورپین جج کے ساتھ شکار کھیلنے میں ایک ہندی رئیس شامل تھا - جج نے اتفاقیہ پوچھا کہ "آپ نے کوئی ڈگری بھی حاصل کی ہے" - رئیس نے حیران ہو کر کہا "ابھی کل کی بات ہے حضور کے محکمہ سے دو ڈگریاں حاصل کر چکا ہوں" ؛

ایک مغرزیادی اپنے دوستوں میں کہنے لگے - "ہائے مجھ آج کیسے گدھوں کو وعظ سنانا پڑا تھا" - ایک اُن کے ظریف دوست نے کہا - "آہا - تب ہی آپ اُنہیں بار بار میرے پیارے بھائیو کہہ رہے تھے" ؛

ایک بڑھیا کہیں دو ایک روز کے لئے مہمان گئی اور اپنی لڑکی کو گھر کا انتظام سونپ گئی - گھر میں تین جانور تھے - طوطا اور مینا بھی پلے ہوئے تھے - جن سے بہت محبت تھی ان کی بابت خاص تاکید کر گئی - واپس آتے ہی ماں نے بیٹی سے پوچھا - "کہو میرے بعد جانوروں کی خبر گیری سے غافل تو نہیں رہیں" ؛

بیٹی:- "صرف ایک روز بلی کا خیال نہیں رہا تھا" ؛

ماں:- "پھر وہ بھوکی رہی ہوگی؟"

بیٹی:- "نہیں - اُس نے طوطے اور مینا کو کھا لیا" ؛

عجیب عجیب باتیں

ڈاکخانہ کا آغاز:- انگلستان میں محکمہ ڈاکخانہ سنہ ۱۶۴۰ء میں ایڈورڈ چہارم کے عہد میں قائم ہوا تھا - اور سب سے پہلے پوسٹ ماسٹر تعینات کئے گئے تھے - جن کا کام صرف سرکاری گاڑیوں اور ایسے لوگوں کے واسطے گھوڑے بہم پہنچانے کا تھا جو بہت جلد سفر کرنا چاہتے تھے - یا خاص خاص موقعوں پر ضروری پیکٹ بھیجا کرتے تھے - سنہ ۱۶۳۵ء میں چارلس اول نے انگلستان اور سکاٹلینڈ کے مابین چٹھیوں کی ترسیل کے واسطے ایک پوسٹ آفس قائم کیا تھا - لیکن اس غرض سے آمد و رفت چند خاص خاص سڑکوں کے ذریعے سے ہوتی تھی - گاڑیوں کی آمد و رفت کے اوقات معین نہیں تھے - اور ہر ایک سڑک پر پوسٹماسٹروں کو پانچ پنس فی میل کے حساب چٹھیوں کے واسطے گھوڑے دینے کا کام سپرد تھا - ڈاکٹر ہیڈ کہتے ہیں کہ اس محکمہ کو کامیابی نہ ہوئی بلکہ ایک خانہ جنگی کے موقع پر چٹھیوں کی ترسیل میں بہت دقت پیش آئی - آخر کار سنہ ۱۶۴۳ء میں کرومول نے سلطنت کے تمام حصوں میں چٹھیاں پہنچانے کے واسطے ایک ڈاکخانہ قائم کیا ؛

۱۳ کے عدد سے نفرت:- ایک امریکن مصنف کہتا ہے کہ میں پیرس کے تمام کوچہ و برزن میں پھرا مگر مجھے کسی مکان یا ہوٹل میں نمبر ۱۳ نظر نہ آیا - اس لئے میں متعجب ہو کر اس کی تلاش کرنے لگا مگر جہاں کہیں گیا نمبر ۱۲ کے بعد مجھے ۱۴ ہی نظر آیا - آخر معلوم ہوا کہ فرانسیسی اس عدد کو منحوس خیال کرتے ہیں - حتیٰ کہ اس کو کسی شمار میں لانا نہیں چاہتے - انگلستان کے خواص الناس بھی ۱۳ کے عدد کو منحوس خیال کرتے ہیں - اس بیہودہ خیال کے دور کرنے کے لئے چند من چلے آزاد خیال لوگوں نے ایک "۱۳ کلب" قائم کیا ہے - اس کلب میں ۱۳ ممبر ہیں - ۱۳ ہی میزیں - اتنی ہی کرسیاں - اتنی ہی رکابیاں - اتنے ہی پیالے - اتنے ہی چمچے اور کانٹے - غرض سب کچھ ۱۳ ہی ۱۳ ہی تاکہ اس کو دیکھ کر لوگ ۱۳ کے عدد سے نفرت چھوڑ دیں ؛

عجیب سزائیں:- انگلستان میں اگر کوئی شخص کتا چرائے تو وہاں کے قانون فوجداری کے رو سے اُس کو چھ ماہ قید کی سزا ہوگی - لیکن اگر اُس کا پٹہ چرا دے تو دائم الحبس کی سزا ہو سکتی ہے - اگر کوئی شخص اپنے بچے کو جلتی ہوئی آگ پر پھینک دے تو اُس کو ایک ماہ کی سزا ہوگی - لیکن اگر اُس کے پاس تین شلنگ کا مال مسروقہ نکل آوے تو ۱۴ برس کی سزا ہو سکتی ہے - ایک شلنگ کو جیب کترا نکالنے اور سیاہیوں اور ملاحوں کو بھیک مانگنے اور شیشہ کی کھڑکی کو نکسی مار کر توڑنے کے جرم میں تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ سزائے موت دیجاتی تھی - اس ملک میں لوگ دو سو مرتبہ تک قید

نامردی کا شرطیہ علاج

روغن نامردی

روح حیات

مردانگی

مرض نامردی خوبچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردانگی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج دی ہوئی ہیں

روح حیات — دو بوتل (صہ) پانچ روپے

روغن نامردی — ایک شیشی چار روپے چار آنے

مادرزاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے ضرور ہو سکے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوے کہ انسان کو گوشۂ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ مجیب صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور لطف جوانی دکھاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لامزی۔ لجی وغیرہ شرطیہ دور ہو جاتی ہے اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو

حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر و پروپرائیٹر شفاخانہ عام لاہور متصل چوک مسجد وزیر خاں

خیر الدین شاہ مہدین سوداگران ادویات امرتسر پنجاب

روغن طلا

جرح گون کے لئے عصاب جوانی کی غلط کھپون اور بے اعتدالی سے کمزوری ... اور مشی اشیاء دیگر وجوہات سے کمزور ہوتے ہوں اس روغن کا استعمال بڑی آسانی طاقت کو لاتا ہے لوم ہیں میسر آتا ہے اگر حسب ہدایت کی کا اگر ہمیشہ استعمال کیا جاوے تو ہمیشہ ہی جلد فائدہ ہوتا ہے

قیمت فی شیشی ... ... عہ

خضاب شرطیہ

یہ خضاب بالوں کو ایک منٹ میں سیاہ کر دیتا ہے اور بار بار ہونے کی ضرورت نہیں تیل کی طرح جس کو لگایا جاتا ہے بالوں کو سیاہ اور کرکت ہونے نہیں دیتا اگر ایسا نہ ہو تو استعمال کنندہ کی تصدیق واپس قیمت صرف

قیمت ... عہ

حب عمسک

اپنے فوائد میں بیظیر ہیں بایہ تعریف خلاف تہذیب ہے اسے استعمال سے قبل یا صنعت مطلق نہیں ہوتا

قیمت فی گولی ۲ر درجن ۱۸ر

پلسٹر ٹام

اسکا استعمال کہانسی خشک نزلہ کا کی کہانسی نولہ ذکام - دمہ آواز کا بیٹھ جانا اور غیر مامرض کیسنے کا دور صفیہ ثابت ہوا ہے - محمد کہ بالا امراض جو عمر کے سو سے ہر ایمن شروع ہوتے ہیں خصوصیت کے ساتھ جادو کا اثر دکھلاتا ہے آزمائش سے اسکا استعمال مفید ہوگا قیمت ۱۲ر

بال اکھاڑنیکا پوڈر

اس پوڈر کو مطلوبہ جگہ پر پانی گرم کر کے ... چند منٹ میں بال دور ہو جائیں گے

فی بکس ۱۲ر

چند تازہ تسہیلات بطور نمونہ

جناب امام الدین صاحب واسو ضلع کشمیر پہلے پہل آپ کے یہاں سے جو پنجیری منگوائی تھی بہت فایدہ ہوا آپ ایک ڈبیا جس میں ۴۸ گولی ہوتی تھیں بنام منشی حسن الدین صاحب ملازم منٹرل جیل لاہور کے ولیو پیبل روانہ فرماویں منتظر رہوں گا -

جناب پرشاد صاحب اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر ریلوے کیمل پور براہ مہربانی ایک ڈبیہ جوب پنجیری جس میں ۴۸ گولی ہوں بذریعہ ویلیو پے ایبل بھجوادیں ایک ڈبیہ پہلے بھی آپ کی دکان سے منگائی گئی جسکے استعمال سے بیمار کو بہت فایدہ ہوا بہت جلد بھیجو منتظر رہوں گا زیادہ تعریف

جناب عبداللطیف صاحب - آپکے شفاخانہ سے جوب پنجیری منگوا کر آرام پا چکا ہوں فیضیاب ہوا - بنا بنایا ہوا دو جوب پنجیری وی پی بذریعہ پارسل روانہ فرماویں مذکورہ دوا اگر طعام کے اول کھایا جاوے تو کیا تعجب ہے

جناب محمد جمال الدین صاحب آپ کے جوہر شبہ کی جس قدر تعریف کروں بجا ہے براہ مہربانی ایک شیشی خود جوہر شبہ مرصع کی قیمتی مبلغ پندرہ روپیہ ویلیو پیبل بھجوادیں منتظر رہوں گا -

جناب سید نظر علی صاحب ... فی الواقعہ آپ کا جوہر شبہ عمدہ تاثیر رکھتا ہے میری رنگت کو بیماری سے سرخ کر دیا ہے

براہ مہربانی ایک شیشی بطور قیمت طلب پارسل بھجوادیں -

جناب غلام حیدر خان صاحب - تین بڑی شیشی جوہر شبہ کی روانہ فرماویں قبل ازیں بھی دو مرتبہ آپ سے منگوائی تھی درحقیقت جیسا تعریف ہے بڑھ چڑھ کر پایا ہے -

جناب محمد حسین خان بنگلہ گلگپور ریاست مرسلہ آپ کا شبہ جوہر خیری روغن طلا پہنچا ممنون فرمایا - مہربانی فرما کر تین شیشی کلان جوہر شبہ بہت جلد بذریعہ پارسل مع قیمت بھجوا دیں بہت جلد مرحمت فرمایئگا - پارسل کم اکتوبر تک نہ پہنچا تو ہمارے

جناب لچھمی نارائن صاحب مختیار مصطفیٰ آباد: آپکے کارخانے ایک کمبس خضاب کا طلب کیا تھا جسمیں دو شیشی نمبر ۱ و ۲ مع دو برش کے تھا وہ خضاب عمدہ تھا اور اب تک اس نے کام دیا ہے اور تکلیف دیجاتی ہے کہ ایک کمبس خضاب کا بذریعہ پارسل ویلیو پیبل فی الفور بھیجدیں -

جناب امین الدین صاحب کلارک ڈویژنل آفس لکھنؤ - منیجر صاحب جانب ہندوستان سے خضاب منگوا کر آزمایا اگر آپ کا تیار کردہ خضاب لاجواب حسب الخواہ پایا امیدوار ہوں کہ اور دو عدد شیشیاں نمبر ۱ و ۲ بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل روانہ فرماویں -

جناب محمد حسین خان بلوچ ... آپکے بنائے ہوئے دانتون کا استعمال سے بہت آرام ہوا لہذا مزید دانتون کے بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال فرماویں -

جناب سکندر خان بلوچ - آپکے بنائے ہوئے دانتون سے بہت آرام ہوا لہذا مزید دانتون کے بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال فرماویں -

حزب جان طبع دوئم

ہر کتاب الاجواب شروع حرف ۱ سے ۱۰ تک پھیلی ہوئی ہے جو پاکٹ میں اسی مقبول عام شکل کی جامعہ نیز اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کی قیمت صرف ۵۰ روپے مقرر کی گئی ہے۔ اب ۱۰ روپے ۱۵ سے شائقین عزیز تعریم مضامین درج ذیل ہیں۔ دیباچہ طبع اول و دوئم۔ مقدمہ۔ فہرست مضامین۔ ترتیب سے ہے۔ ۱۔ مقدمہ۔ ۲۔ فہرست مضامین۔ ۳۔ ترتیب سے ہے۔ ۴۔ مقدمہ۔ ۵۔ فہرست مضامین۔ ۶۔ ترتیب سے ہے۔ ۷۔ مقدمہ۔ ۸۔ فہرست مضامین۔ ۹۔ ترتیب سے ہے۔ ۱۰۔ مقدمہ۔ ۱۱۔ فہرست مضامین۔ ۱۲۔ ترتیب سے ہے۔

شیخ نظام الدین حکیم امرتسر

جوک ڈیوڑھی کرمون

ہم ثنائے ہین آج لعل و گہر ۔ نہ رہے کوئی لاولد مضطر — اعنی ہے حق ہین ہر شہر کو ہر محل یتیم سے بڑھ کر

اس خادم الاطبا کو ۳۰ سالہ طبیہ تجربات اور فقرا کاملین و سیاحین کیخدمات سے ایسی ایسی اکسیر تاثیر نسخے ہاتھ آئے ہین کہ اگر ہر حکیم کو ہر خصوصاً اولاد فرزند نرینہ وحیات مولود و دفع اسقاط کیلئے تیر بہدف ہین اگرچہ کثرت اشتہارات نے خلق کو ظن کر دیا مگر ۵ خدا پچ انگشت یکسان نکردہ بندہ کو اس نعمت خداداد کے پوشیدہ کہنے کا حکم نہین بزرگون کے ایثار کو فیض عام کا شتہار ہے کہ اور دیہ تو وہی ہونگی مگر نمبر (۱) کم مقدور والے حرف خرچ مندرجہ ہی اور (۲) تونگر عہدہ و اخرچ دو چند سے دین لیجائین اور ولی مراد پائین (۳) شرطیہ پیشگی آمدنی یکجا علاوہ خرچ دوا دیکر رسید تخلی لین اگر میعاد مقررہ کے اندر امید بر آئندہ کا حق ہے دہ دہ واپس لیجائے (۴) شرطیہ بعد خرچ دوا کرا قرارنامہ آمد دو ماہ لکھ دے بشرط پیدائش فرزند نرینہ بمیعاد معینہ اوا کرے ورنہ خرچ دوا بھی بندیعہ رسید واپس لے (۵) زر تصفیہ شدہ فیما بین معتبر شخص کے پاس بضامندی طرفین امانت رکھدین بشرط کامیابی بندہ پائے دہ دہ واپس لین (۶) اسپر بھی اطمینان نہ ہو تو چلکہ شرطیہ لکھائین وقت تولد فرزند نرینہ آمدنی چہار ماہ اصل الوصول دہ دہ حرجانہ حسب قرار داد قبول فضل خداداد کی منادی ہر طرح کرادی شرطیہ اقرارنامہ سے چھوٹی اشتہارون کی بنیاد ڈھادی اگر علاج مین شک ہو تحقیق کر لو مراد پانے پر دنیا کسکو گران ہے فرزند نرینہ لاکھون سے ارزان ہے جو گہر اس لعل سے منور نہین وہ خاخراب ہے گہر نہین برباد ہے شجر ہے کہ جسمین ثمر نہین گمنام وہ بشر ہے کہ جسکا پسر نہین کتاب اسناد و کمال فہرست در پہ تشخیص لاولدی ایک ٹکٹ بھیجکر منگوائیے جن مایوسین نے زندگی دوبارہ پائی اور جنکی مراد دلی برائی ملاحظہ فرمائیے تشخیص مرض کے بعد بذریعہ خط و کتابت علاج ہوگا طرق استعمال دوا و غذا پرہیز بٹکٹ لفافہ ڈبیا سے واضح ہوگا۔ الیان ہاست و امراحسب منشا، خود شرائط مندرجہ سے متفق ہین

نام مرض	نمبر شمار	نام مرض	نمبر شمار	نام مرض	نمبر شمار	نام مرض	نمبر شمار
جس کے اولاد نہ ہو	۱	قوت باہ دہری	۱۰	لقوہ	۱۹	کل اترنا	۲۸
جسکی اولاد جیوتی مرجاوے	۲	سوزاک	۱۱	بیگانہ	۲۰	طلاع عرض دعوی کو جانا	۲۹
جسکا حمل ۲-۳-۶-۸ ماہ گر جاوے	۳	سرعت	۱۲	ناسور	۲۱	قضا سے بلانا	۳۰
جسکے لڑکان ہوان ہو کر نہ ہو	۴	جریان	۱۳	نواسیر خونی و بادی	۲۲	نزلہ جذامی	۳۱
کمزوری	۵	غلط کاری	۱۴	دوہرنگ	۲۳	کھیل لاولدی	۳۲
مرگی	۶	گرہنی	۱۵	ضیق النفس	۲۴	حیضہ بحرب الطب	۳۳
تپ دق	۷	سفیدی	۱۶	پیچش	۲۵	تجویز حوصلہ روزانہ	۳۴
ضعف باہ	۸	سیل	۱۷	انشاء کل بدن	۲۶		

شیخ نظام الدین حکیم امرتسر (پنجاب) چوک ڈیوڑھی کرمون

معجون نشاط افزا

یہ بیمثل تاثیر معجون خلق سے آتے ہی اپنا جادو اثر دکھاتی ہے اس کا بھینا بھینا سرور غم و رنج اور ملال کو دور کر کے طبیعت کو نشاط اور خوشی کی طرف راغب کر دیتا ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ اور بدن کو فربہ کرنے میں بے نظیر ہے۔ عیش پسند احباب کیلئے تو واقعی بہت ہی مفید ہے کہ ایک گھنٹہ قبل از وقت کھانے سے اس قدر طاقت بخشتی ہے کہ جس کا بیان نہیں۔ مسہل کے علاوہ خاصیت ضعف دیتی ہے۔ قیمت فی شیشہ ۱۰ روپیہ علاوہ ازیں ہر ایک بیماری کی نہایت مجرب اور شرطیہ ادویات بھی عالی ہیں۔ فہرست علیحدہ مکیم ڈاکٹر فرخ الدین جو ہر ہومیو۔ یونانی ادویات مالک و مہتمم شفاخانہ ہومیوپیتھی و یونانی فیروزپور روڈ لاہور

شرطیہ اکسیر شہنار

ان ادویات سے ہزارہا امراض مزمنہ شفا پا چکے ہیں۔ سندات موجود ہیں۔ امراض دماغی نفسی۔ سوء ہضم۔ ضعف

جیلی ماس کی گولیاں اکسیر ہے۔ تپ۔ دق۔ سل۔ نزلہ۔ کھانسی۔ دمہ اور سخ کا دور کرنا ان گولیوں کا کام ہے۔ قیمت بکس خورد ۱۰ گولیاں ۱۲ آنہ ایک گولی پندرہ روزہ ۱۰ سو گولی ایک روپیہ آٹھ آنہ ڈاک خرچ علیحدہ

امرگولی ہیضہ کا شرطیہ علاج ہے۔ قیمت پچاس گولی ۵ روپیہ ڈاک خرچ علیحدہ

ممیرہ کاسہ ہر قسم سل۔ نزلہ۔ زکام۔ ضعف۔ بھگندر۔ جلاب۔ ہیضہ۔ مروڑ۔ پیچش۔ قبض۔ دستوں کی کثرت۔ ہاضمہ۔ قے۔ ہچکی۔ دردِ شکم۔ دردِ سر۔ بخار۔ ہر قسم کے درد۔ ہر قسم کے زخم۔ ہر قسم کے پھوڑے۔ پھنسیاں۔ خارش۔ کھجلی۔ دمہ۔ کھانسی۔ تپ۔ دق۔

روغن سستی و کمزوری

خواہ آتشک کے زیعہ ہوگئی ہو۔ خواہ سوزاک کے زیعہ۔ خواہ غلط کاری سے یا بعد ذاعت سرد ہوا سے آتشک کیا ہو تب بھی سستی ہو جاتی ہو یا جریان ہونے سے دجریان سے ہم نقص ہو جاتا ہے۔ آنکھوں کی بیمائی کمزور ہو جاتی ہو۔ کمر تپتی اور جسم کا ڈھلا ہو جانا۔ قوت میں فرق پڑ جاتا ہو ان سب قسموں کا روغن ماش کے لئے موجود ہے۔ قیمت فی شیشی چودہ آنے (۱۴ر)

اسہاک کی گولیاں۔ جب تک گولی ہضم میں نہ ہوگی خراغت نہ ہوگی۔ قیمت فی گولی ار۔ ۳۲ گولی ایک روپیہ (۱۰۰ر)

سرمہ اصل گوہری۔ یہ سرمہ صرف ان لوگوں کو جن کی بینائی کثرت یا جریان کے باعث کمزور ہوگئی ہو فائدہ کرتا ہے۔ فی تولہ ۱ر

بال اڑانیکا پوڈر۔ سرد پانی کے ساتھ لگانے سے منٹ میں بغیر کسی تکلیف کے استرہ کی طرح بال صاف اڑا دیتا ہے قیمت فی بکس

رسالہ علم مسمریزم: جس کی خوبی و تعریف میں ہماری زبان قاصر ہے۔ اس رسالہ کے اخیر میں ۹۵ بیماریوں کا ایک چھپا نسخہ مع تفصیل بیماریوں کے مندرج ہے۔ صرف ۴ کے ٹکٹ بھیج کر بغیر استاد کی مدد کے علم حاصل کر لو۔

المشتہر ھر بنی پرشاد محلہ خراسیاں لچھمی جھنڈا لوہاری دروازہ لاہور

لنڈن کا ایک مشہور اخبار روشن حال میں مرا ہے۔ اسکا منجہ ۲۰ اونس وزن لیکیا گیا تھا۔ حالانکہ اس کی قدرتی مقدار ۴۸ اونس ہوتی ہے۔

گھوڑ دوڑ شاہ جاپان کی مرغوب تفریح ہے جسپر شرط لگانے کا حکم نہیں ہے۔ اور نہ کوئی ادنی حیثیت کا شخص اس میں شامل کیا جاتا ہے۔

ولایت میں ایک شخص مسٹر راسن نے ایسا سفوف ایجاد کیا ہے۔ جسپر آگ مطلق اثر نہیں کرتی۔ یہ فائر پروف مکان تیار کرنے میں استعمال کیا جائیگا۔ یہ آگ بجھانے کا بھی کام دے سکتا ہے۔

ایک امریکن نے برقی بندوق ایجاد کی ہے۔ جو شخص اس کی گرفت کی روشنی میں آتا ہے۔ وہ زندہ نہیں رہتا۔

لنڈن میں ۴۰ ہزار دیوالوں میں ایک شخص خیراتی امداد پر گزارہ کرتا ہے۔ اور نیویارک میں ۲ سو میں ایک ایسا شخص ہے۔

شہنشاہ روس نے قرضہ چین تصدیق کر لیا ہے۔

روس بندرگاہ آرتھر اور تالیان میں حقوق شاہی اور پیتونا سے بندرگاہ اور مدکین تک ریلوے تعمیر کرنے کا دعوی کرتا ہے۔

برٹن کلان اور جرمنی کے چین کو قرضہ دینے کی روس اور فرانس نے مخالفت کی ہے۔ جاپان ماہ مئی میں تاوان جنگ ادا کرنے کی نسبت تحریری اقرار چاہتا ہے۔

ٹائمز کا نامہ نگار قاہرہ سے اطلاع دیتا ہے کہ اب ۱۴ ہزار جوان مصر میں سردار کچنر کے زیر کمانڈ ہیں۔

بورڈ قونطینہ نے گورنمنٹ مصر سے سفارش کی ہے کہ بوجہ طاعون حج کو منسوخ کی ممانعت کیجائے۔

ایلچین چیمبر کا ڈپٹی سیکرٹری کیونٹی۔ ایلچین ٹپٹی کو آئے ساتھ معرکہ ڈوئل میں تلوار سے ہلاک کیا گیا۔

پانچ ہزار روسی جوان مع اتواب و بھاری سامان حرب و ضرب کے کرین واسع سنجو ریا میں پہنچے۔

پچھلے دنوں مسٹر گلیڈسٹون کی مزاج پرسی کے واسطے جو خطوط آئے تھے ان کے جواب دینے میں ۲ لاکھ پونڈ کے ٹکٹ خرچ ہوئے ہیں۔

چین کے شمال میں روسی بہت زور پا گئے ہیں تمام دیسی بحری افسران کے زیر فرمان ہیں۔

شاہ برمان پر مہلک حملہ کرنے والا گرفتار ہونے پر اپنے جرم کا اقبالی ہوا ہے۔

ہوس آف کامنز میں لارڈ جارج ہملٹن نے کہا کہ ناٹو بھائی اس وقت تک قید رہینگے جب تک کہ گورنمنٹ ہند اور گورنمنٹ کو یہ یقین نہ ہو کہ ان کی رہائی امن عامہ کے واسطے خطرناک نہیں ہوگی۔

۷ سو سوڈانی سوڈانی فوج کا ایک بٹالین اور ۴ سو ہندوستانی اوگنڈا میں رہینگے۔

Chamberlain's Colic Cholera & Diarrhoea Remedy.

چیمبرلینس کولک کالرا اینڈ ڈائریا میڈی

(چیمبرلین صاحب کی قولنج ہیضہ و پیچش کی دوائی)

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

نہایت عجیب دوائی اپنی قسم کی ہے۔ جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کیجاتی ہے۔ تمام معدے کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے۔ قولنج ہیضہ پیچش زحیر دموی زحیر بچوں کا ہیضہ انتڑیوں کی ہر قسم کی بیماریاں۔

قیمت چھوٹی بوتل ایکروپیہ۔ بڑی بوتل دو روپئے

لاہور میں شیخ نصیر الدین اینڈ سنز ٹکان جناب سنڈیکل ہال اور امرتسر میں میاں فیر الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سول سکتی ہے۔

ماہنامہ طبی بک یعنی اردو زبان میں تمام ہندوستان کی ماہواریوں کا وقت و محصول آمد و رفت۔ سع سالانہ جنتری۔ و دیگر ضروری قواعد ریل۔ و پوسٹ آفس و تار برقی وغیرہ۔ قیمت ۲ر۔ کے ٹکٹ بھیج کر منگالو۔

المشتہر ھر محمد یوسف محلہ دھامانوالہ ڈیرہ دون

اشتہار مفید

سفوف شفا۔ نہایت ہاضم و مشتہی دافع قبض قرنح و قراقر و درد شکم جو تبخیر و ہیضہ و تہیج محال و درد سر و کھانسی و بخور و ماہیل و جلاپ نظر حدوث مادہ استسقاء و ضرام و رمص و حفظ صحت کے واسطے اکسیر ہے قیمت فی ڈبہ ۲۰ تولہ عصر۔ معجون طلا۔ جملہ اعضائے جسم سے درد کو دیسی سستی دور کرکے دل و دماغ و جگر و گردوں میں محنت و قوت طبیعت میں تازگی باہ میں ترقی پیدا کرتی ہے۔ چند روزہ استعمال سے تہیج محال تبخیر وجع مفاصل وغیرہ امراض بلغمی و سوداوی شفا می پاتی ہے قیمت فی ڈبہ ۲ تولہ عصر۔ سرمہ مروارید۔ اس کے استعمال سے لالی دھندلاہٹ جالہ تیمکوری دھند خیالات تکان سوزش غارش سرخی کیچڑ وغیرہ سے آنکھ کو صاف کرکے نظر میں جلا و صفائی و قوت و صحت پیدا کرتا ہے۔ فی تولہ ۵ فی ماشہ عصر۔ روغن بادام شیرین خوشبو خوشرنگ خوبصورت مجرب مفاصل عضلاتی اعضاء و رگ سست عضلات کو درد کرکے رگ پٹھوں خون میں قوت پیدا کرتا ہے۔ اس روغن کی مالش کے بعد عضو کو سینکنے یا دھنی سے گرم ہوا یا سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ نہایت قیمت فی شیشی ۲ تولہ عصر۔ اکسیر اور اپر چھپہ دھبے چھائیاں سرخ داغ جسم چہرہ کو لالی دور کرکے ضیاء اسم باسمی ہے۔ قیمت فی ڈبہ ۱۲ عصر۔ سفوف مسواک بھینی قسم جہان قوت مژان دہان کے واسطے اکسیر قیمت ۱۰ تولہ عصر۔ گوہر جان۔ یہ جوشاندہ جو دواللبن کے دنوں میں سبز کچے جلد جلد سانس لیتا ہو اور سلیوں میں گڑھے پڑتے ہیں کے نظر سے قیمت فی تولہ عصر۔ پرچہ ترکیب دوا کے ہمراہ ہوتا ہے۔ ادویات بذریعہ ویلو ارسال ہونگی خرچ ڈاک ذمہ خریدار۔ نام و پتہ خریدار صاف تحریر ہو۔

المشتہر حکیم ابوالحسن محترم محلہ ریت گھاٹ شہر بھوپال

اشتہار

بعدالت صاحب منتظم جائداد دیوالیہ لاہور

بقدمہ امام الدین ولد پیر بخش۔ وچن الدین وغیرہ اراہیں۔ ساکن لاہور۔ دیوالیان۔

مقدمہ ہذا میں ایک باغ بنام حوالا سنگھ والہ واقع لاہور متصل جیلو سنگھ رام۔ ملکیت دیوالیان واقع ۲۵ مارچ ۱۸۹۸ء کو ۱۱ بجے صبح عدالت خفیفہ لاہور میں نیلام ہوگا جس شخص کو خریدنا ہو عدالت ہذا میں حاضر ہو کر بولی دیویں۔ زر بہا روپیہ نیلام پر وصول کیا جائیگا۔ مزید حالات اگر کسی کو دریافت کرنا منظور ہوں تو صاحب رجسٹرار عدالت خفیفہ لاہور سے دریافت کر لیوے۔

نیلام ۱۱ بجے دن کے شروع ہوگا۔ ۱۴ فروری ۱۸۹۸ء

دستخط صاحب رجسٹرار عدالت خفیفہ لاہور

ضروری اعلان

پنجاب نیشنل بنک لمیٹڈ لاہور خاص شیخ سودا پر منیجر سے دریافت ہو سکتی ہے تمین سے کم [illegible] کمک روپیہ جمع نہیں کرتے کرنا ہے۔

ہماری [illegible] منیجر

پوروں کے مجمع میں شریک ہے کئی بوریاں چرانے کا اقبال کیا ہے۔

صاحب ایڈجوٹنٹ کوارٹر ماسٹر جنرل اور پرنسپل میڈیکل افسر افواج ہز مجسٹی کے دفاتر مارچ کے آخری ہفتے میں کلکتہ سے سملہ کو روانہ ہونگے۔

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

جنرل غلام حیدر خاں سپہ سالار افغانستان اسمار میں فوت ہوا۔ یہ خبر کئی ذریعوں سے پہنچی ہے۔

سر ولیم لاکہارٹ کہتے ہیں کہ جب تک زکا خیل پوری طور پر اطاعت قبول نہیں کرینگے سلندی کو قتل اور خبر برقبضہ رہیگا۔

ضلع جالندھر کے جس قصبہ میں طاعون کا زور ہے۔ وہاں ۱۰۰ سپاہی ۱۰ سارجنٹ اور ۲ ڈپٹی انسپکٹر ضلع ہوشیارپور کے ۲۰۰ سپاہی ۲۰ سارجنٹ اور ۴ ڈپٹی انسپکٹر روانہ کئے گئے ہیں۔

پنجاب میں طاعون کے معائنہ کے واسطے میڈیکل عورتیں بہم پہنچانے کی کوشش کیجارہی ہے۔

آغا محمد شہباز خاں صاحب رئیس اعظم سیالکوٹ ۱۴ مارچ کو راہی ملک بقا ہوئے۔ آپکی الٰہی مفارقت کا علی العموم رنج ہوا ہے۔

گزشتہ معرکوں میں آفریدیوں اور اورکزئیوں کے نقصان کا تخمینہ ۱۳۰۰ سے ۱۴۰۰ تک کیا گیا ہے جو قریب قریب صحیح ہے۔

خیبر الفل کے فراشہ سپاہیوں میں سے ۱۵۰ واپس گئی ہیں۔

ہیر صاحب نے اُن آفریدی ملکوں کو جو اُن کے ملک میں پناہ گزین ہیں حکم دیا ہے کہ برٹش گورنمنٹ کے ساتھ صلح کرلیں۔ ورنہ وہ افغان ترکستان کو نکال دیئے جاوینگے۔

پشاور اور راولپنڈی میں تمام مدارج کے مجروح صحتیاب ہو رہے ہیں۔

کمپنی باروں افسر سوم گورکھا کو نکے مٹھان ملازم نے دادی بار میں ہلاک کیا۔ صاحب نے اس ظالم کو ڈانٹا تھا۔ جس کا اس نے اس طرح پر انتقام لیا۔

درہ الاہی اور اُس کے گرد نواح میں قوم کا انداز دوستانہ ہے۔

خیبر کے زکا خیلوں کو لالہ چینا میں اپنے کھیت دیکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔

ملا آڈ ڈلنے یونیورسٹی والوں کو پھر اُبھارنے کی کوشش کی تھی۔ جس میں اُس کو ناکامی ہوئی۔

پنجاب میں ۱۸۹۶ء اور ۱۸۹۷ء کے مابین اراضی مرہونہ کی قیمت ۴۴ روپے فی ایکڑ تھی۔ اس کے بعد ۵ روپے فی ایکڑ تک بڑھ گئی تھی۔

نزیرآباد میں اندکھتریوں کی ایک ۱۷ سالہ نوجوان لڑکی جو ۶ سال کی عمر میں بیوہ ہوئی تھی۔ لالہ ماہو رام بیدی سکول ماسٹر شاہدرہ کے ساتھ بیاہی گئی۔

ہسال پراونشل کانفرنس کا سالانہ انعقاد ۷ اور ۸ تاریخ کو انبالہ میں ہوا۔

بخشی دیوی تابل ملازم ریاست کشمیر نے مہاراجہ صاحب کی پراویٹ کوٹ کی تحقیر کرنے میں ماخوذ ہے۔

سناتن دھرم سبھا راولپنڈی کی پانچویں سالگرہ ۱۸، ۱۹ ماہ گزشتہ کو ہوئی۔ اس کے مندر کی تعمیر پر ۱۲ ہزار روپیہ خرچ ہوگا۔

۱۱ مارچ سے ریاست کشمیر کے پرانے سکے غیر مروج ہوگئے۔

لالہ کانشی رام خلف لالہ شہبال پلیڈر منٹگمری کو پرل کالج میں تعلیم پانے کے واسطے ولایت گئے ہیں۔

ہفتہ مختتمہ ۱۹ فروری میں سیونیل حدود میں ۱۰ ہیضے پیدا ہوئے اور ۵۸ اموات ہوئیں۔

سردار گوردیال سنگھ صاحب ڈویژنل جج سیالکوٹ بحکم حضور لفٹنٹ گورنر پنجاب رشوت ستانی کے جرائم کی تحقیقات ہونے تک سروس سے معطل ہوئے۔

مسٹر ہڈ شاڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس جہلم کمانڈر انچیف افواج کشمیر کے پرسنل اسسٹنٹ ہوکر اُن کو اصلاح پولیس میں مدد دیں گے۔

گورنمنٹ نے کانگڑہ اور جوالامکھی کا میلہ بند کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ اس لئے انتظام حفظان صحت کے واسطے ڈاکٹر بھیجے ہیں۔

۲۳ تاریخ کو ہیر صاحب نے سٹی دربار سال میں دربار عید منعقد فرمایا۔ اس وقت اُن کی صحت اچھی تھی۔

بارہویں بنگال انفنٹری کا ایک سپاہی شکور خاں نامی جس کو آفریدی پکڑ کر لے گئے تھے واپس آگیا ہے۔ دشمنوں نے اس کی وردی اور کپڑے چھین لئے ہیں۔

کہان میں دشمنوں کے قلعے یہاں تک مسمار و نابود کئے گئے ہیں کہ اُمید نہیں کہ اب دشمن مدت تک سر اُٹھا کر محفوظہ بگیں۔

سہشٹ ۔ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنروں اور کنٹونمنٹ مجسٹریٹوں کے امتحان لاہور میں ۱۰ اپریل کو شروع ہوکر ۴ روز تک ہونے ہیں۔

راولپنڈی باراری ۵ دسمبر کے ساوی سردی ہوگئی ہے۔

مسٹر ایف ایچ انڈروز پرنسپل آرٹس سکول لاہور کے ۱۳ ماہ ۲۵ یوم کی رخصت پر جانے کے بعد بھائی رام سنگھ وائس پرنسپل اُن کی جگہ کام کرینگے۔ اور منشی شیر محمد ڈرائنگ ماسٹر بھائی رام سنگھ کے جانشین ہونگے۔

آرٹس سکول لاہور کو پراویٹ جماعتوں کے فائدہ کے واسطے شام کو کھولنے کی تجویز ہو رہی ہے۔

ریاست ممدوٹ کے باشندوں نے ریاست کے منتظم رائے بہادر بنیاداس کی وساطت سے ۵۷۳ روپیہ ملکہ معظمہ کے سٹیج فنڈ کے واسطے چندہ بھیجا ہے۔

سر ولیم لاکہارٹ ۲۶ ماہ حال کے پہلے رخصت نہیں لینگے

ملا ہاڈا فرقوں کو اُبھارنے سے ناکام ہوکر ایک نئی مسجد تیار کرانے میں مصروف ہوگیا ہے۔ اس نے اپنا پرانا مسکن جاروبی چھوڑ دیا ہے۔

آفریدی یکے بعد دیگرے اطاعت قبول کر رہے ہیں۔

درہ خیبر ۱۱ مارچ کو پشاور کے سوداگروں کی آمد و رفت کے واسطے کھولا گیا۔

ممالک غیر

سیرالیون میں پولیس اور گوروں میں دنگا ہوا۔ ساحل کے ساتھ تمام تجارت بند ہے۔

ایک فرانسیسی پروفیسر کے پاس ۹۲۰ سر ہیں۔ جو کرۂ ارضی کی مختلف قومیں ظاہر کرتے ہیں۔

اس وقت نیویارک میں کم سے کم ۵۰ کوڑھی عورتیں طبابت پیشہ ہیں۔ جن کی آمدنی ۳ ہزار پونڈ سالانہ تک ہے۔

ان گھڑیوں کا نوٹس ۱۵ تا ۲۳ جنوری شمارہ ۱۸ کو ہم نے اس قسم کے اخبارین شائع کیا تھا۔ کہ پندرہ فروری تک جسقدر فرمائش کا صاحب فرمائش کو ساڑھے تین روپیہ کو یہ گھڑی روانہ ہوگی۔ ہم کو دیا تھا اوسوقت کا خیال نہیں کچھ کہ ایک ہزار گھڑیاں موجود تھیں مگر تا ۱۲ تاریخ فروری تک ان گھڑیوں کا اسٹاک ہمارے گھر آ کر ختم کردیا مگر شائقین کے آدر اور عام پسندیدگی نے ہمکو جلدی سے بلایت بھیجا ولایت کے اس گھڑی کے فکٹری کو ٹیلی گراف دیا اور ۱۵ مارچ کے پہلے ہی گھڑیاں بھی گئیں پہلے ہم نے سالگی خوشی میں اس گھڑی کی قیمت روپیہ مقرر کی تھی اور اب ہم عید کی خوشی میں صرف مارچ کیلئے روپیہ مقرر کے اطلاع دیتے ہیں۔ ناخوش ہم کو اس قیمت میں کچھ بھی ہوتا ہی بعد مارچ پھر ہم اس گھڑی کو اس قیمت میں کسیطرح بھی۔ روانہ کرینگے ورنہ شکایت معاف مخصول ڈاک خریدار

ایکا یکا خادم ایس۔ ایل۔ بخشی اینڈ کو محل گھنٹہ تلاب ۱۲۳ ڈاکی

مسلمانو غنیمت سمجھو

انجمن محمدی برادران ہندوستان لاہور

اپنے ممبروں کی وفات کے بعد اُن کے متعلقین کو سینکڑوں روپے کی امداد دیتی ہے

بشرطیکہ ممبر کو زیادہ سے زیادہ اپنی زندگی میں ایک روپیہ ماہوار اور عہ سالانہ چندہ دینا پڑتا ہے

خود ممبر اور اپنے رشتہ داروں کو خبر دیں قواعد منگا کر ملاحظہ فرماویں

المشتہر شیخ گلاب الدین تحصیلدار و اعزاز سکرٹری انجمن ہمدرد محمدی

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

پہلک سروس کمیشن کی اکاؤنٹس برانچ کا امتحان داخلہ سال ۲۵ مارچ کو مدراس یونیورسٹی کے کانووکیشن میں گریجوایٹس میں تقسیم کی جائینگی۔

خلیج فارس کے جنگی جہاز آذر ایسے برٹش جہاز کے ہمراہ ہیں جسپر اجازت اسلحہ موجود ہونے کا شبہ ہے۔

جہاز پر چیچک پھیلنے کی وجہ سے خیم بنگال رسالہ جنوبی میں رکا ہوا ہے۔ غالباً شروع ماہ اپریل میں بنگال پہنچ جائیگا

سیونیپلٹی کراچی کی طرح سیونیپلٹی حیدرآباد کو بھی قرضہ پہنچانے میں ناکامی ہوئی ہے۔ حالانکہ اس نے ۵ فیصدی دینا منظور کیا تھا۔ ۱۵۰۰۰ روپے کی رقم میں سے صرف ۱۹۰ روپے کے واسطے درخواستیں گزریں۔

۱۹۰۹ء کی آخری سہ ماہی میں بمبئی میں ۷۵ نئی مراوں زیر مشخصہ آئیں۔ اور ۱۶۲ کے مشخصے بڑھائے گئے ۲۲۹ کے گھٹائے گئے۔

حکام بمبئی نے حکم دیا ہے کہ برٹش سپاہی ملٹری اور بحری فسروں کو جب کبھی وہ پاس سے گزریں۔ سلام کیا کریں۔

پونہ کے مشہور قاتل دھوندہری چاپیکار کو ۱۸ تاریخ کو پھانسی دینے کا حکم ہوا ہے۔ اس کو آخری وقت پر تقریر کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ گو اس نے گورنر بمبئی کی خدمت میں اپیل کر دیا ہے۔

کرنل جان شیکسپیئر ارڈائن سابق متعلقہ بنگال رسالہ ۱۷ فروری کو ۵۷ سال کی عمر میں سوتھ ڈیوین میں راہی ملک بقا ہوئے

برٹن کلاں میں پریسیڈنسی بنگال کا سب سے پرانا سینئر کیپٹن جیمس بروس حال میں مرا ہے۔ یہ ۱۸۵۸ء میں ڈیوین کا ہیڈ ماسٹر تھا۔ اور ۱۸۵۸ء کے غدر میں کلکتہ میں وائسرائے تھا

کمیشن محط پریسیڈنسی بمبئی میں اپنا کام ختم کر چکا ہے۔

آج کل ہی دوسرے سٹیشنوں کو روانہ ہونے والا ہے۔

حضور لفٹنٹ گورنر صوبجات مغربی و شمالی نے اس ڈیپوٹیشن کو جو بسلسلہ کرزگی مہاراجہ صاحب اجودھیا اُن کے پیش ہوا تھا۔ جواب دیا کہ بجائے اُردو کے ناگری حروف عدالتوں کی کارروائی میں داخل کرنے کے واسطے ابھی کچھ عرصہ درکار ہے۔

ہندوستان میں شہد کثرت سے استعمال ہوتا ہے جسکا بڑا حصہ سندربنوں سے آتا ہے۔ تاہم یورپ کمیلیفورنیا کی طرح مکھیوں کی پرورش نہیں کرتے۔ جہاں پچھلے سال ایک شخص نے ۲۵۰۰۰ پونڈ شہد جمع کیا تھا۔

امسال ویٹرینری کرنل کوپر ہیل سائپرس جا کر گدھوں کی تجارت کی نسبت رپورٹ کرینگے۔

رائل آبرش ریجمنٹ میٹلین ۱۸ کے پانچ نن کمیشن افسروں کو دو دو ہفتے کے واسطے علاج کے واسطے پیرس بھیجا گیا ہے

بریگیڈیر سرجن جنرل بیچ بیری وائٹ در بھنگہ میڈیکل سکول کے واسطے ۵۰ ہزار روپیہ وصیت کر گئے ہیں۔

یونیورسٹی الہ آباد کے کانووکیشن کی تاریخ بجائے ۱۸ مارچ کے ۱۰ مارچ کی گئی ہے۔

رائل آبرش رجمنٹ جیلپور کا ایک گورہ انٹونی ڈولی نام ایک دیسی عورت کو ہلاک کرنے کے واسطے بجرم قتل انسان مستلزم السزا ہائی کورٹ الہ آباد کے زیر تجویز ہے۔

تجارتی بنک اودھ اینڈ لمیٹڈ نے گزشتہ ۱۰ ماہی کی بابت ۱۰ فیصدی منافع تقسیم کیا ہے۔ اور ۴۰ ہزار روپیہ ریزرو فنڈ میں ملایا ہے اور اس کا سرمایہ ۳ لاکھ روپے تک بڑھایا گیا ہے

بمبئی کے پارسی اپنی قوم کے طاعون زدہ لوگوں کی امداد کے واسطے جو فنڈ جمع کر رہے ہیں۔ اب اُس کی تعداد تیس ہزار روپے ہو گئی ہے۔

کانونشن آف ڈفرن فنڈ کا سالانہ عام جلسہ بصدارت حضور وائسرائے ۱۵ مارچ کو کلکتہ میں منعقد ہوگا۔

ہفتہ مختتمہ ۱۲ فروری میں ہند کی ریلوں کی آمدنی میں ایک لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔

ہز ہائینس نے صوبہ دار بہادر علی متعلقہ پہلی سکھ اور صوبہ دار فتح محمد افسر ۳۲ ویں پنجاب انفنٹری کو زنجبار کا دہ منور تمغہ پہننے کی اجازت دی ہے۔ جو ہز ہائینس سلطان زنجبار مرحوم نے ۱۸ اپریل ۱۸۹۶ء کی حسن خدمات کے صلے میں دیا تھا۔

تحریک کی گئی ہے کہ سیونیپل کمشنران مدراس کو جو اسپیر ہیں اپنے ذرائع آمد کرنے کے واسطے بائسکل دیئے جاویں۔ کیونکہ گورنمنٹ نے ان کا الاؤنس گاڑی بند کر دیا ہے۔

مسٹر جے ایف ہنٹر ٹیلیگراف ماسٹر جنرل پوسٹ آفس کلمبو اپنی بیوی کی دائمی مفارقت سے اس قدر مضمحل ہو گیا ہے کہ کئی بار خودکشی کا ارادہ ظاہر کر چکا ہے۔ چنانچہ اب کئی روز سے اُس کا پتہ نہیں ملتا۔

کرنل جان رابرٹسن چیئرمین سیونیپلٹی سملہ پچھلے ہفتے کراچی سے ولایت کو روانہ ہوئے

برہما اور چین کی سرحدی کارروائی اور ایک ہفتے کے واسطے جاری رکھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔

ریاست میسور کے ضلع کانہ کے طلاکے ممالک محروسہ گورنمنٹ کے ساتھ الحاق کرنے کی خبر غلط ثابت ہوئی ہے۔

مسٹر رچرڈسن رجسٹرار ہائیکورٹ کلکتہ سشن جج دمنیج پور مقرر ہوئے۔ اور مسٹر جیمین مجسٹریٹ سہارنپور انکی جگہ کام کرینگے

مسٹر اسٹ چیئرمین سیونیپلٹی کلکتہ ماہ رواں میں ۱۰ ماہ کی رخصت پر جاتے ہیں۔ مسٹر گریگ کمشنر دار جیلنگ انکی جگہ کام کرینگے

کلکتہ میں لارڈ رابرٹس کا تخت گھوڑے کے وقت ۴ ہزار جنگی جوان پریڈ میں تھے۔ اور ۲۱ توپوں کی سلامی سر ہوئی تھی۔

اب طاعون ناسک میں کمی پر ہے۔

مسٹر ہیوڈن پریذیڈنٹ حیدرآباد کے رخصت لینے کی خبر غلط ہے۔

صاحب چیف کمشنر آسام اب سرکاری دفاتر ایک ہی جگہ تعمیر کرنے کی تجویز کر رہے ہیں۔ پہلی طرح شہر میں بکھرے ہوئے نہیں ہوں گے۔

تالاب دھرم تلا کلکتہ میں ایک بوڑھے مسلمان سید مسیح کی لاش تیرتی ہوئی ملی۔

بنگال میں جیشور ٹوڑ کے قریب مرشد شب پور میں ایک زرگر کیلاس منڈل نامی کے گھر پر پڑے اور ۱۰ ہزار روپے کا مال لے کر راہی ہوئے اور غایت بیرحمی سے عورتوں کے ناک اور کانوں سے نتھیں اور بالیاں کھینچ کر لیگئے۔

مسز آرمسٹرنگ جس کا خاوند جوبلی کے دن پونہ میں ہلاک کیا گیا تھا۔ لڑکی جنی۔

مسٹر اٹل چندر چٹرجی جو سول سروس کے امتحان میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اسسٹنٹ مجسٹریٹ و کلکٹر الہ آباد مقرر ہوئے۔

نظام ریلوے پردہ دار اور گلیگر سٹیشنوں سے جو مسافر آتے ہیں اُن کی خوب احتیاط کیجاتی ہے۔ مسافر گورنمنٹ کے خرچ سے شولاپور لیجا کر صاف کئے جاتے ہیں۔

گورنمنٹ بمبئی نے بذریعہ سرکلر اُستادوں اور طلباء کو پولیٹیکل معاملات سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔

۳ تاریخ کو بمبئی کے کارخانہ مزلگان سپننگ و ویونگ کمپنی کو آگ لگنے سے ۱۰ لاکھ روپے کا نقصان ہوا۔

آنریبل مسٹر کامرن لیگل ممبر لیجسلیٹو کونسل حضور دسمبر ۳ ماہ کی رخصت پر جاتے ہیں۔ آنریبل سر گرفتھ انکی جگہ کام کرینگے۔

سر انٹونی مکڈانل لفٹنٹ گورنر صوبجات مغربی و شمالی ۷ مئی کو بمبئی سے روانہ ہونگے۔ اور نومبر کے پہلے ہفتے میں واپس آکر اپنے فرائض کا چارج لینگے۔

حضور وائسرائے اور صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کی خط و کتابت سے معلوم ہوا ہے کہ تبراہ مستقل قبضہ کرنے کا سوال ۲۹ اکتوبر کو فیصل ہوا تھا۔ ہز ایکسیلنسی اس کے مخالف اور کمانڈر انچیف اس کی تائید میں تھے۔

پونگانی ہند سے ۲۰ قاصد کابل زمین کو بھیجی جائینگی ان کو علاوہ زاد راہ کے ۲۵ ہزار روپیہ نقد ملیگا۔

مدراس یونیورسٹی کے امتحان بی اے کی تین شاخوں میں ایک دیسی عورت مس کملا مام شاہ کرشنا کامیاب ہوئی ہے۔

عورتوں کے بوجھ کی اوسط سے مردوں کے بوجھ کی اوسط ۲۰ پونڈ زیادہ ثابت ہوئی ہے۔

گورنمنٹ ہند بہامیں بہت جلد ریلوے لین تیار کرا رہی ہے

جب آدمی لیٹا ہوا ہو اُس کا دل کھڑی ہوئی حالت کی نسبت ۱۰ منٹ میں ۱۰ دفعہ کم حرکت کرتا ہے۔

پولیس نے پوسٹ آفس رنگون کے محکمہ منی آرڈر کا ایک مدراسی کلرک دھوکا دہی کے بابت سلسلے جرم میں گرفتار کیا ہے۔

تعفن طاعون دور کرنے کے واسطے پریسیڈنسی مدراس کے کئی ریلوے سٹیشنوں پر سیٹیم کا استعمال شروع کیا گیا ہے

بمبئی میں طاعون کے متعلق تلاشی کرنے والی پارٹی پر ہوروں نے حملہ کیا۔ وہ کاندار دوکانیں بند کرنے کی دھمکی دے رہے ہیں۔

گرانٹ انڈین مینٹ لارڈ ریکے کے ملازموں نے تنخواہ میں چھ روپے ایک نئے سلسلے کا پتہ لگایا ہے۔ ایک روپیہ ہر

میں شامل ہو گیا کہ جنہوں اُن کی رعایا نے جان لینے کے لئے حملے کئے ہیں۔ شاید بعض لوگ کہینگے کہ مفسد لوگوں نے ہر قسم کے نعوذ شعار بادشاہوں اور وزیروں پر بھی حملے کئے ہیں۔ ایسے ہی شاہ جاج کی جان لینے کا قصد کیا ہو گا لیکن میرے خیال میں یہ اس ہوا و لعزیزی کی زکوٰۃ شاہ جاج کو دینی پڑی ہے جو اُس نے بلا وجہ اپنی رعایا کے ہزارہا بیگناہوں کو توپوں کی تلوار کی باڑھ سے پار گزار کر حاصل کی ہے۔ یہ تو شروع ہی سے معلوم ہے کہ یونان ہرگز کسی جنگ کے لئے تیار نہیں تھا۔ اور یہ بھی بعض اوقات معلوم ہوا ہے کہ شاہ جاج والئی یونان بھی جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے۔ البتہ یہ کسی مصلحت کے لئے صرف جنگ چھیڑنا چاہتے تھے۔ اور انہیں یقین تھا کہ بلا وقت بعض عیسائی سلطنتوں کی مدد سے یہ ٹرکی کو صدمہ پہنچا سکینگے۔ لیکن نتیجہ اُن کی اُمید کے خلاف نکلا۔ اور یونانیوں نے اپنی تباہی کا سبب شاہ کو قرار دیا۔

مانسہرہ میں عید کے روز کا واقعہ | ایک غیر معمولی نامہ نگار نے تحصیل مانسہرہ۔ ضلع ہزارہ سے اطلاع دی ہے کہ عید کے روز مانسہرہ کے ایک ہندو دوکاندار کی مٹھائی کے کسی دیہاتی مسلمان لڑکے کے چھو دینے پر ہندو مسلمانوں میں کسی قدر فساد ہو گیا۔ ہندوؤں نے صاحب ڈپٹی کمشنر اور بابو مگل سین صاحب مجسٹریٹ علاقہ کی خدمت میں جُدا جُدا تار بھیجدئے۔ دوسرے روز صاحب ڈپٹی کمشنر موقع پر مع ایک اردلی سوار کے پہنچ گئے۔ لیکن فساد کے کوئی آثار نہ پائے۔ مگر بابو مگل سین صاحب جو قریب ہی دورے پر تھے دوسری شام کو موقع پر پہنچے۔ اور بہت سے مسلمانوں کو جنہوں نے شبہ کیا تھا حوالات میں بھیجدیا۔ اور دیہات سے بھی لوگوں کو بلوایا جا رہا ہے۔ کیونکہ عید کے روز دیہات کے لوگ بھی شہر میں کھیل کود اور بازار دیکھنے کے لئے آتے ہیں۔ ابھی اس خبر کی تصدیق اور تفصیل کی ضرورت ہے۔ اس لئے باقی حالات درج کئے نہیں جاتے۔

سردار گوردیال سنگھ ڈویژنل جج پر الزام | سول اینڈ ملٹری گزٹ کو معلوم ہوا ہے کہ سردار گوردیال سنگھ صاحب ڈویژنل جج سیالکوٹ صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب کے حکم سے اُس زمانے تک اپنے عہدہ سے معطل کئے گئے ہیں کہ جب تک اُن کے خلاف جو رشوت ستانی کے الزام عائد کئے گئے ہیں وہ تحقیقات سے غلط ثابت نہوں۔ سردار گوردیال سنگھ صاحب انڈین سول مستعد دیسی ممبر ہیں اور ۱۸۸۳ء میں پنجاب کیڈر میں شریک ہوئے تھے۔ اور اس وقت وہ درجہ دوم کے فائز مقام ڈویژنل جج (۱۴۰۰ روپے ماہوار تنخواہ پاتے ہیں۔ سردار صاحب کی نسبت افواہ تو مدت سے پھیلی ہوئی تھی۔ مگر اب معلوم ہوا ہے کہ وہ بے بنیاد نہ تھی۔ اور یہ دوسرا مقدمہ پنجاب کا ہے جس میں ایک اعلیٰ درجے کے دیسی افسر پر رشوت ستانی اور خرابی کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

ملاکنڈ کی کوشش | پائونیر لکھتا ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ ملاکنڈ کی طرح مستانہ کی فوج نے سوات کے اس پار کی قوم والوں کو بھڑکانا چاہا ہے لیکن اُسے بالکل کامیابی نہیں ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ وہ آجکل نواگئی کے قلعہ میں مقیم رہتا ہے۔ عید کے ایام میں اُس نے باجوڑ والوں کو بھڑکانے میں بھی بڑی کوشش کی ہے۔ مگر انہوں نے بھی اس کی درخواست پر معلوم ہوتا ہے توجہ نہیں کی اس لئے اُمید نہیں ہے کہ ان ملاؤں میں سے کوئی بھی نقص امن پیدا کرنے میں کامیاب ہو۔ عجب نہیں کہ یہ بات صحیح ہو۔ کیونکہ سوات والوں کو اتنی کافی سزا مل چکی ہے کہ وہ مدت تک سر اُٹھانے کے قابل نہیں رہے۔

محبان وطن انگریز | ڈیلی میل لنڈن میں لفٹنٹ کرنل فاس نے اس مطلب کا آرٹیکل بھیجا ہے کہ انگلستان کے جو سوداگر تھوڑے سے طمع کے لئے بندوقیں خلیج فارس کو بھیجتے ہیں۔ اور وہ وہاں سے ہندوستان کی سرحدی قوموں کے ہاتھ تک پہنچ جاتی ہیں۔ اور اسی طرح جو مالکان جہازات تھوڑے سے لالچ کے لئے ان بندوقوں کو ملک سے باہر لیجاتے ہیں۔ وہ سب ملک کے بڑے دشمن ہیں اور چاہئے کہ سب سے قریب کی لالٹین کے کھمبے کے ساتھ ان کو پھانسی دیجاوے۔ کیونکہ یہ صرف تیس چاندی کے سکوں کے بدلے ایک ایسی بندوق اپنے دشمنوں کے ہاتھ بیچ دیتے ہیں۔ جو ملکہ معظمہ کے سپاہیوں کو ایک میل کے فاصلے سے گولی مار کر مار ڈالتے ہیں۔ جبکہ ان سپاہیوں کی بیوہ بچوں اور یتیم بچوں کے آنسو دیکھے نہیں جا سکتے۔ قدیم اہل روما کے زمانے میں جو شخص کسی شہری کی جان بچاتا تھا اُس کو عزت کا تاج پہنایا جاتا تھا۔ اسی طرح ایک عزت کا تاج اُن لوگوں کو پہنانے کی فاس صاحب صلاح دیتے ہیں کہ جو دشمن کے ہاتھ تک بندوقیں پہنچاتے ہیں۔ انگلستان کے اخبارات نے اس مضمون کو بہت پسند کیا ہے۔ اور اکثر اخبارات اس بارے میں متفق الرائے ہو گئے ہیں کہ انگلستان سے اور مار والے آتشبار اسلحہ باہر فروخت کرنا ممنوع کیا جاوے۔ ایک شخص نے سوداگروں کی طرف سے کچھ جواب دینا چاہا تھا لیکن اخبارات کے مقابلے میں اس کو حوصلہ نہ ہوا۔ یہ بالکل دوسرا سوال ہے کہ اگر انگلستان کے سوداگر ایسی لمبی مار والی بندوقیں کہ ملک ایشیا کو روانہ نہ کرینگے۔ تو جرمنی کے سوداگر بھی اپنی بندوقیں خلیج فارس کی منڈیوں میں نہ بھیجینگے۔ لیکن اس میں کلام نہیں کہ اگر یہ بات ثابت ہو جاوے کہ سرحد پر آفریدی جن بندوقوں سے انگریزی فوجوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ وہ انگلستان کی بنی ہوئی ہیں۔ تو انگلستان کے عجب الوطن سوداگروں کے لئے ایسی تجارت سے نفع کمانا شرم کی بات ہے۔

لارڈ الگن ماؤر کی سرحدی پالیسی کی حقیقت | اخبار پائونیر نے سرحد ہندوستان کے فسادات کے متعلق ایک بلیو بک سے ایک مخالفت کی یادداشت کو نقل کیا ہے جو وزیرستان کے متعلق جدید پالیسی اختیار کرنے کے وائسریگل کونسل کے تین نوشتہ دور ممبروں نے قلمبند کی انہیں تین ممبروں میں ایک وزیر خزانہ تھا۔ اس وقت انگلش ہمارے کو ہندوستان میں آئے صرف ۳ مہینے گزرے تھے اور ایک اہم معاملے کا تصفیہ درپیش تھا کہ آئندہ سے وزیرستان کے متعلق ایک نئی پالیسی تر قوموں پر زیادہ بڑھانے مگر ان کے ملک پر پورا قبضہ نہ رکھنے کی اختیار صرف کمانڈر چیف افواج ہند اور کونسل کے تینوں ممبر تو یہ تھی کہ قدیم پالیسی بدلی جاوے۔ لیکن تین نہایت سولین نمبر اس کے خلاف تھے اور انہوں نے نہایت سے اپنے وجود مخالفت کو قلمبند کیا ہے۔ تاہم حضور کی رائے سے نو ممبروں کی کثرت رائے ہو گئی اور نئے کے متعلق گورنمنٹ کی نئی پالیسی ہو گئی۔ معلوم نہیں فاؤلر نے جو اُس وقت سکرٹری آف سٹیٹ تھے۔ مخالفت کے نوٹ کی بابت کیا رائے دی تھی۔ گو موجب معلوم ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آئندہ نو ممبر اور چھ کہنا اس قدر نہ مانا جاوے۔ اس مخالفت کے نوٹ لکھنے والوں نے گورنمنٹ ہند کے اُس ڈسپیچ نقل کئے ہیں جو ۱۸۹۲ء میں وزیرستان کی پالیسی لکھا گیا تھا۔ اس میں صاف صاف اقرار کیا گیا وزیرستان پر ہرگز قبضہ نہیں کیا جاویگا۔ اور اس کو سکرٹری آف سٹیٹ نے صرف منظور ہی نہیں کیا پالیسی پر قائم رہنے کی تاکید کی تھی۔ تاکہ سرحدی سے چھیڑ چھاڑ نہ ہو جاوے اور قومیں ہماری طرف بدظن نہ ہو جاویں۔ مگر آخر ۱۸۹۴ء میں اس پالیسی کشی کر کے سر پر آور آگے بڑھنے کا ارادہ کیا گیا۔ خرابی اور پیچیدگی جو پیش آئی اُسی کا نتیجہ ہے۔

بندوقیں کہاں سے آتی ہیں | سرحد پار کی قوموں قدر بندوقیں حاصل کی گئی ہیں اُن سے آج تک کی تائید ہوتی ہے کہ سوائے اِن تین وسائل کے ذریعہ موجود نہیں کہ جہاں سے آفریدی یا اُن کے کوہستانی بھائی بندوقیں حاصل کرتے ہوں۔ یعنی چوری جاتی ہیں وہ سرحد کے پار پہنچ جاتی ہیں۔ سپاہی بھاگ جاتے ہیں وہ اپنے ہمراہ بندوقیں لیجاتے اور یا جو انعامیاں نکلی سمجھ کر ہندوستان کے سلح خائن لوہے میں تول و بیچا جاتی ہیں وہ وہاں تک پہنچتی ہیں لوگ اُن سے بندوقیں تیار کر لیتے ہیں۔ اور بندوقیں گو ان قوموں کے لوگ بادل ناخواستہ لوٹاتے ہیں لی مظفر ڈونیہ بہت ہی مشکل سے الگ کرنے پڑتی ہیں۔

ہیضہ میں طاعون | خدا کرے کہ یہ خبر غلط ہو کہ موضع تحصیل قصور ضلع لاہور میں بھی طاعون کی ایک دو ہو گئی ہیں اور صاحب سول سرجن تحقیقات کے لئے

ہندوؤں کے لوگوں اور دیہاتیوں کی رائے برابر سمجھی جاتی ہے۔ جس میں صاحب بہادر ڈنگا کو ذرہ بھر بھی حضور والا کے اصل کے تمام قانونی ممبر واقف ہیں کہ جب کوئی مسئلہ پیش ہو کر ذہاد تشریف لاتے ہیں۔ یہ جانتے ہیں تو صرف انہیں صرف ڈنیں بڑے بڑے شہروں کے ووٹ اور رائے نہیں دیا کرتے ہیں۔ اس وقت کبھی نہیں کیا گیا کہ چونکہ ہندوستان کے تمام دیہات اور قصبات کے آدمیوں نے ایسے ایڈریس میں شرکت نہیں کی ہے اس کی کوئی اہمیت نہیں رہی۔ سچ ہے کہ غرض کی دوائی ہے۔ اپنے مطلب کی تائید میں قانونی ممبران جیسے فاضل اور دانشمند لوگ بھی بودی اور کمزور دلیل پیش کر سکتے ہیں۔

جن تجیس عظیم الشان میونسپلٹیوں اور جماعتوں نے اس قانون کی مخالفت میں پیمپلیٹ کونسل میں اپنے ممبر بھیجے ہیں۔ کیا ان سے بھی معزز کوئی جماعت ہندوستان میں موجود ہے۔ کلکتہ کے چیمبر آف کامرس، مدراس، بمبئی اور الہ آباد کی میونسپلٹیوں اور ایسوسی ایشن اور کلکتہ کی مہاجن سبھا نے جن میں یورپین اور ہندوستانی ممبر ہیں، بہت ہی خالص رائے ظاہر کی ہے۔ یہ سب ادارے قانون کی مخالفت میں ہیں۔ صاحب قانونی ممبر نے ان میں صرف رعایا کی رائے کو قابل اعتبار سمجھا تھا۔ دوسرے اخبار پائونیر کے ایڈیٹر یورپین مسٹر کامرس کے معاملات ہندوستان سے واقف نہیں ہیں۔ افسوس کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ جن نامور اور عالیشان میونسپلٹیوں نے اس قانون کی مخالفت میں عرضداشتیں بھیجی ہیں۔ ان میں چیمبر آف کامرس اور یورپین اینڈ یورپین ایسوسی ایشن جیسی بعض خالص یورپین سوسائٹیاں ہیں جن کے یورپین ممبروں کے اکھوں اور کروڑوں روپے کا ہندوستان میں صرف کیا ہوا ہے۔ اور ان لوگوں کی کسی صوبے کے گورنر سے کسی طرح بھی کم نہیں۔ بلکہ کسی قدر زیادہ ہے۔ کیونکہ ملک میں یہ مستقل طور سے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کا انٹرسٹ سے بہت زیادہ ذاتی نقصان ہو سکتا ہے۔ تجربہ کاری کا سوال تجربہ ہی تجربہ کاری کی بات۔ پائونیر کے تجربہ کار کی رائے ہے جس پر یہ ہیں سود اگر نے اپنی تجارت میں چند سال ہندوستان میں خرچ کئے ہیں۔ اس قانونی ممبر سے بدرجہا اولیٰ ہے کہ جس نے دو سال ہندوستان میں قانون بنانے میں صرف کئے ہیں۔ ممبر کے مقرر ہونے سے پہلے دو تین ہفتے ہندوستان کے معلوم کرنے میں صرف کئے ہیں۔

ہر سال بہت سی دلائل اور وجوہات کامرس صاحب بہادر کی درست رائے کے باطل کرنے کے لئے پیش کیجا سکتی ہیں جس کے درست آپ نے قانون میڈیشن کر پاس کیا ہے حقیقت میں کسی شائستہ ملک کی آبادی کے ساتھ کوئی اس ملک کے دوسرے باشندوں کے ایڈیٹر ریاست اور جو کچھ وہ ان نا تعلیم یافتہ اہل ملک کے لئے کچھ کرتا ہے اس کے لئے وہ ان کی وکالت کرتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ گورنمنٹ کے افسر بمقابلہ سرکاری عہدہ داروں کی رائے کے نیک دل اور سمجھدار اشخاص کو کم ذمہ دار سمجھیں لیکن درحقیقت وہ سب سے زیادہ ذمہ دار ہیں۔ ملک میں نیک و بد کے جانچنے والے تو ہیں اپنی سرکار اور اپنے خدا کے ساتھ ہوتے ہیں۔

سلطان ٹرکی اور شاہ ایران کے تعلقات

یہ بات کسی قدر زمانہ حال کے آثار کی نظیر ہے کہ دنیا میں مسلمانوں کی دو بڑی سلطنتوں یعنی ٹرکی و ایران کے سلاطین کو آپس میں دوستانہ تعلقات بڑھانے کی ضرورت پیش آئی ہے۔ کیونکہ یورپ کی عیسائی سلطنتوں کے ایسے تعلقات اور اتحادوں نے کو جو ان میں صرف عیسائی ہونے کی وجہ سے موجود ہیں ان دو مسلمان سلطانوں کی بھی آنکھیں کھول دی ہیں۔ اور روز بروز ان میں ایسے دوستانہ تعلقات اس حد تک بڑھ رہے ہیں کہ کچھ بعید نہیں آئندہ کبھی ترکوں اور ایرانیوں کی زمانہ گزشتہ کی جنگیں دوہرائی جائیں۔ حال میں سلطان المعظم نے شاہ مظفر الدین قاچار کو ایک شمشیر مرصع بطور ہدیہ دوستانہ کے بھیجی تھی اس کے شکریہ کے لئے حضور شاہ نے تار بھیجا۔ اور پھر تار کا جواب حضور سلطان نے تار میں دیا۔ ان دونوں تاروں کی نقلیں جن الفاظ میں نے اخبار ایران سے لی ہیں۔ جو بجنسہ فارسی میں نقل کیجاتی ہیں۔ اگر ایسے ہی دوستانہ تعلقات ایران اور دولت افغانستان میں بھی پیدا ہو جاویں جو وہ ہمسایہ سلطنتیں ہیں۔ تو ان میں بھی زمانہ گزشتہ کی چھیڑ چھاڑ کی نظیریں آئندہ کے لئے محو ہو جاویں۔

ترجمہ تلگرام اعلیحضرت شاہنشاہی یا اعلیحضرت سلطان عثمانی

ناصر الملک رسید و شیشہ۔ کہ آں اعلیحضرت لطف فرمودہ ایصال داشتہ بودند۔ رسایدہ ایں یادگار برائے من بخصوص جلی گرانبہاست چوں از دست مبارک آں اعلیحضرت میرسد آنرا بمنزلہ خال نیک دایں حسن نیت را اسباب تشیید مبانی اتحاد صمیمی کہ فیما بین علیتین مادارست مراتب تشکرات قلبیہ خود را بآں اعلیحضرت اظہار داشتہ متمنی ست کہ ادعیہ خالصانہ را کہ ہموارہ بجہت آں اعلیحضرت دشوکت سلطنت و اقبال ممالک شاں مینمایم قبول فرمائند۔ (مظفر الدین)

ترجمہ جواب اعلیحضرت سلطان عثمانی

یا اعلیحضرت شاہنشاہی

تلیگرامے کہ آں اعلیحضرت از روئے لطف بمن خطاب فرمودہ بودند۔ واصل و در موقع ایصال شمشیر کہ بعنوان علامت دوستی و مودت صمیمی خود کہ بمنزلہ تضمین بقائے روابط مودت آمیز کہ فیما بین دولتین مادارد بودہ بطور ہدیہ ناچیز بآں اعلیحضرت اہدا نمودہ بودم اظہارات و احساسات آں اعلیحضرت اسباب کمال امتنان قلبی و تشکر باطنی گردید و موجب منتہا درجہ مسرت شد لہذا از عین خمیر تیکہ برائے طول عمر گرانبہا و صحت و سلامت ذات وجود مبارک ہموارہ مینمائم۔ تجدید میکنم (عبد الحمید)

دہلی کے ہندو مسلمانوں کا اتفاق

نہایت خوشی کی بات ہے کہ دہلی کے ہندو مسلمانوں نے گزشتہ عید کے روز بالکل وہی برتاؤ محبت اور دوستی کا آپس میں کیا جیسا کہ پہلے ہندو مسلمانوں نے کیا تھا۔ اور نہایت خوشی کی بات ہے کہ اس کی ابتدا ہندوؤں کی طرف سے ہوئی کیونکہ مسلمان مسجد سے نماز پڑھ کر نکلے تھے۔ ہندوؤں نے شرارت پانی سے ان کی خوب خاطر کی۔ چاہئے تھا کہ لاہور کے ہندو مسلمان پہلے یہ مثال پنجاب میں قائم کرتے۔ لیکن دہلی والے اگر کچھ سبقت لے گئے۔ کیا و باکی آمد کے اندیشے نے من سے ایسا کرایا ہے اس صورت میں وبا کا اندیشہ بھی بہت سود مند ثابت ہوا ہے۔

صغیر سنی کی شادی کے مخالف کا مسودہ قانون

ناظرین یہ سن کر بہت خوش ہونگے کہ ازیبل سٹرسی جام بلنگام مدراس سے کیمپلیٹو کونسل مدراس میں ایک ایسا مسودہ قانون پیش کیا ہے جو فی الواقع قابل تعریف ہے۔ ۱۸۹۱ء کی مردم شماری سے معلوم ہوا ہے کہ احاطہ مدراس میں ۳۰۴۳۹ لڑکیاں ۴ سال سے کم عمر میں بیاہی گئی تھیں۔ اور ۱۴۲۹۰۹ لڑکیاں ۵-۸ اور ۹ سال کی عمر کے درمیان بیاہی ہوئی تھیں اور ۹۸ لڑکیاں ۴ سال سے کم عمر میں اور ۱۴۴۷ لڑکیاں ۵-۹ اور ۹ سالوں کی عمر میں بیوہ ہو گئی تھیں۔ ہندو شادی بیوگان کے ایسے مخالف ہیں کہ نہ تو کسی کو نسل کے الیکٹ ہے اور نہ ریفارمر ایسوسی ایشنوں کی سخت کوششوں سے ان پر کوئی نمایاں اثر کیا ہے۔ لہذا ایسے قانون کی ضرورت محسوس ہوئی جو ۱۲ سال سے کم عمر لڑکیوں کی شادی کرنے کا مانع ہو گا۔ جو لوگ اس قانون کی خلاف ورزی کرینگے یا اس کی خلاف ورزی کے مرتکب ہونگے وہ تین ماہ قید اور ۵۰۰ روپے جرمانہ کے مستوجب ہونگے۔ ایسا قانون ازدواج ثانی کے خلاف ہندوؤں کے سخت تعصب کو ضرر پہنچائے بغیر عرتوں کے بیوہ ہونے کے اتفاقات کو کم کر دیگا۔ مردم شماری کے اعداد و شمار صرف ان بیوگان کی تعداد بتلاتے ہیں جو واقعی ۹ سال کی عمر میں بیوہ تھیں۔ اور ممکن ہے کہ اس وقت بڑی عمر کی بیوگان کی بھاری تعداد بھی موجود ہو جو ۹ سال کے اندر عمر میں بیوہ ہوئی ہوں۔ اس مسودے کا شمار مسودہ عمر رضامندی سے بالکل علیحدہ ہے۔ اس وقت میسور میں ایک ایسا قانون موجود ہے جس کے رو سے شادی کرنے کی عمر معین کی گئی ہے۔ اس مسودے میں دولہا کی عمر درج نہیں کی گئی۔ کیونکہ حسب رواج اہل ہنود دولہا دلہن سے عموماً پانچ یا چھ سال بڑا ہوتا ہے۔ اور دلہن کی عمر ۱۲ سال قائم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کی شاستروں سے تائید ہوتی ہے۔ اور کسی ہندو کو فی الحال اس بارے میں شکایت کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے چنانچہ ایک مشہور رسوای کہتے ہیں کہ ۱۰ سال کی عمر کے بعد لڑکی کی شادی قابل تعریف نہیں ہے۔ قانون میسور کی عمدہ طور پر قابل ہو رہی ہے۔ نہ تو اس کے اغراض کی شکایت ہوئی اور نہ اس کے طریق عمل کو کوئی جرم کہتا ہے۔

شاہ یونان کی جان پر حملہ

آخر کار اس بادشاہ یونان کا نام بھی یورپ کے ان بادشاہوں اور وزیروں کی لمبی فہرست

سڑک کی حفاظت آفریدیوں سے کرائی گئی مگر آج تک زیادہ طاقتور ملک صرف خوص خاں اور ولی محمد خاں ہی رہے ہیں اور کئی چھوٹے چھوٹے ملک بھی ہیں جو پلتے ہیں کہ اُن کی بدنامی ہو جاوے اور یہ اُس سے فائدہ اُٹھاویں۔ ان دونوں ملکوں کے امیر صاحب کے علاقے میں چلے جانے کی وجہ سے ان کے رعایا نے کو ان کی بدگوئیاں کرنے اور ان کے خلاف سازشیں کرنے کا موقع مل گیا ہے علاوہ اس کے ملک دین محمد کے لوگ کہ جنہوں نے اسلحہ سرکار کے حوالہ کر دیئے شروع ہو گئے ہیں۔ قدرتاً ہر ایک ایسی [illegible] کی نظر سے دیکھتے ہیں کہ جس کے [illegible] ہو جاوے کہ ذکا خیلوں [illegible] دیں۔ اور صبح جو فریق گھبرایا [illegible] زیادہ مطیع کرنے سے مایوس [illegible] بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ [illegible] کے ہی اس کے دو بڑے ملکوں [illegible] کوئی قرار [illegible] کرے۔ اور شاید بھی وجہ [illegible] ملکوں کا امیر صاحب سے تعلق اور آگے [illegible] دیکھنے کے منصوبے خاص ہو گئے ہیں کیونکہ [illegible] اور پولیٹیکل افسروں کو اس بات کا یقین [illegible] دونوں ملک ہمیشہ کی سی عزت حاصل نہیں کر سکتے [illegible] درہ کی حفاظت کے وظائف دوسرے ملکوں [illegible] جاویں گے۔ اس وقت سازشوں میں مصروف ہیں۔ یہاں تک کہ ان دونوں ذکا خیل ملکوں کی ریت پر لکھ کر یا ذکر امیر صاحب کے بے قصور ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بلکہ وہ ان کے سرکار کے دلی دوست ہونے پر یقین کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ امیر صاحب بڑی مشکل کی حالت میں رہے ہیں۔ ایک طرف تو گورنمنٹ کے ساتھ ان کے دوستانہ عہد و پیمان رہے ہیں۔ اور دوسری طرف وہ اپنی رعایا کے خیالات کو اس کشمکش کے متعلق نظر انداز نہیں کر سکتے جو سرحد پر جاری ہے اور چونکہ سب پٹھان متعصب مسلمان ہیں اور خواہ امیر صاحب کے علاقہ رسوخ میں ہیں یا انگریزی میں۔ ان میں ایک اسلامی اتحاد اور برادری ہے اور اس لئے جب کہیں لڑائی شروع ہو ان سب کی رگوں میں جوش آجاتا ہے۔ سرحد پنجاب پر یا علاقہ افغانستان میں [illegible] اضلاع یا جو روحانی تعلق یا آفریدیوں کے ملک میں جہاں کہیں لڑائی ہوتی ہے دوسرے لوگوں کو لڑنے والوں سے کہری ہمدردی رہتی ہے۔ یہی خیال جلال آباد کے رستے سے کابل تک پہنچتا ہوگا۔ اور امیر حبیب اللہ من اس سے موثر ہوئے بغیر نہ رہ سکتا ہوگا۔ لیکن امیر صاحب چونکہ ایک مضبوط امیر ہیں ان کے دربار کی رائیں اور ان کے اُس مشہور اعلان سے جو قوموں کے نام مقاموں کے لئے انہوں نے شائع کیا تھا ان کی رعایا پر اثر کر دیا ہوگا کہ امیر صاحب کا ارادہ گورنمنٹ انگریزی سے لڑنے کا نہیں۔ ساتھ ہی امیر صاحب نہایت احتیاط سے اُس جوش کو دیکھتے رہے ہونگے کہ جس سے خود اُن کے خاندان کو خطرہ ہو سکتا تھا۔ کیونکہ انہوں نے خود ہی ایک زمانے میں تحلیہ جہاد کی اشاعت کی تھی۔ پھر آفریدی ملکوں اور پناہ گزینوں کی کہ جنہوں نے بدعوے مسلمان ہونے کے امیر کی مہمان نوازی پر بھروسہ کیا تھا۔ آؤ بھگت کرنا بہت بڑی پولیٹیکل غلطی ہوتی۔ کیونکہ ملک چلے ہی افغانستان کے زبردست ہیں سے خوش نہیں۔ اور اذیت تھا کہ اُن کے دشمنوں کو اُن کی بدگوئیاں کرنے اور اُن کے خلاف سازشیں کرنے کا موقع مل گیا ہے علاوہ اس کے ملک دین محمد کے لوگ کہ جنہوں نے اسلحہ سرکار کے حوالہ کر دیئے شروع ہو گئے ہیں۔ قدرتاً ہر ایک ایسی [illegible] کی نظر سے دیکھتے ہیں کہ جس کے [illegible] ہو جاوے کہ ذکا خیلوں [illegible] دیں۔ اور صبح جو فریق گھبرایا [illegible] زیادہ مطیع کرنے سے مایوس [illegible] بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ [illegible] کے ہی اس کے دو بڑے ملکوں [illegible] کوئی قرار [illegible] کرے۔ اور شاید بھی وجہ [illegible] ملکوں کا امیر صاحب سے تعلق اور آگے [illegible] دیکھنے کے منصوبے خاص ہو گئے ہیں کیونکہ [illegible] اور پولیٹیکل افسروں کو اس بات کا یقین [illegible] دونوں ملک ہمیشہ کی سی عزت حاصل نہیں کر سکتے [illegible] درہ کی حفاظت کے وظائف دوسرے ملکوں [illegible] جاویں گے۔ اس وقت سازشوں میں مصروف ہیں۔ یہاں تک کہ ان دونوں ذکا خیل ملکوں کی ریت پر لکھ کر یا ذکر امیر صاحب کے بے قصور ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بلکہ وہ ان کے سرکار کے دلی دوست ہونے پر یقین کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ امیر صاحب بڑی مشکل کی حالت میں رہے ہیں۔ ایک طرف تو گورنمنٹ کے ساتھ ان کے دوستانہ عہد و پیمان رہے ہیں۔ اور دوسری طرف وہ اپنی رعایا کے خیالات کو اس کشمکش کے متعلق نظر انداز نہیں کر سکتے جو سرحد پر جاری ہے اور چونکہ سب پٹھان متعصب مسلمان ہیں اور خواہ امیر صاحب کے علاقہ رسوخ میں ہیں یا انگریزی میں۔ ان میں ایک اسلامی اتحاد اور برادری ہے اور اس لئے جب کہیں لڑائی شروع ہو ان سب کی رگوں میں جوش آجاتا ہے۔ سرحد پنجاب پر یا علاقہ افغانستان میں [illegible] اضلاع یا جو روحانی تعلق یا آفریدیوں کے ملک میں جہاں کہیں لڑائی ہوتی ہے دوسرے لوگوں کو لڑنے والوں سے کہری ہمدردی رہتی ہے۔ یہی خیال جلال آباد کے رستے سے کابل تک پہنچتا ہوگا۔ اور امیر حبیب اللہ من اس سے موثر ہوئے بغیر نہ رہ سکتا ہوگا۔ لیکن امیر صاحب چونکہ ایک مضبوط امیر ہیں ان کے دربار کی رائیں اور ان کے اُس مشہور اعلان سے جو قوموں کے نام مقاموں کے لئے انہوں نے شائع کیا تھا ان کی رعایا پر اثر کر دیا ہوگا کہ امیر صاحب کا ارادہ گورنمنٹ انگریزی سے لڑنے کا نہیں۔ ساتھ ہی امیر صاحب نہایت احتیاط سے اُس جوش کو دیکھتے رہے ہونگے کہ جس سے خود اُن کے خاندان کو خطرہ ہو سکتا تھا۔ کیونکہ

ذمہ دار حکام اور ذمہ دار رعایا کی رائیں

ناظرین کو معلوم ہے کہ تا زیل مسٹر کامرس ممبر قانونی نے قانون سیڈیشن کے مسودے کو کونسل میں پیش کرتے وقت اپنی طرف سے بڑی زبردست دلیل یہ پیش کی تھی کہ ہم نے اس قانون کے متعلق لوکل گورنمنٹوں کی رائیں پہلے معلوم کر لی تھیں۔ اور اُن سب نے اس قانون سے اتفاق کیا ہے۔ دوسری طرف تسلیم کیا تھا کہ رعایا کی طرف سے البتہ بہت سخت نکتہ چینی اس قانون کے متعلق ہوئی ہے۔ مگر چونکہ حکومت کے ذمہ دار اور امن قائم رکھنے کے جوابدہ گورنمنٹ کے افسر ہیں اور رعایا کے لوگ خوش نصیبی سے صرف نکتہ چینی کرنے والے ہی ہیں۔ اس لئے اُس نکتہ چینی کی تجربہ کار افسران سرکاری کی رائے کے مقابلے میں کچھ پرواہ نہیں کی گئی۔ ہر چند کہ ان کی دلیل بادی النظر میں بھی بودی اور بیہودہ معلوم ہوتی ہے۔ اس گورنمنٹ کے ماتحت افسر ضرور اس کو قبول کیا کرتے ہیں کیونکہ وہ خوش نصیبی سے اس قانون سے موثر ہونے کی حالت سے دور ہوتے ہیں۔ اور جن کو مسٹر کامرس موخوش نصیبی سے صرف نکتہ چینی کرنے والے بتلاتے ہیں وہ عنقریب اُس قانون کے سخت یا سخت منشا سے موثر ہونے ہوتے ہیں۔ اس لئے صرف رعایا ہی وہ فریق ہوتا ہے جو اس کے قانون پر نکتہ چینی کیا کرتا ہے۔ اور جس کا ریزولیوشن نکتہ چینی کرنا مناسب اور جائز سمجھا جاتا ہے۔ کیا آنریبل مسٹر کامرس بتلا سکتے ہیں کہ کسی شائستہ ملک میں صورت اس کے برعکس ہو جیسی کہ قانون سیڈیشن پر نکتہ چینی کرنے کے لئے زمانے میں ہندوستان میں ہوئی ہے۔ یعنی کہ کبھی رعایا نے قانون تجویز کرنے منظور ہونے کے لئے پیش کیا ہو اور گورنمنٹ نے بغرض اصلاح یا سپر نکتہ چینی کی ہو۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ قانونی ممبر کی دلیل میں کیا زور باقی رہا کیونکہ گورنمنٹ کے افسروں کا قانون کی پابندی کرنا اور رعایا کے سرگروہوں کا اس کے نرم اور سہل کرانے کے لئے اُس کی مخالفت کرنا ایک بنی ہوئی بات ہے۔

دوم یہ بات بھی صحیح نہیں کہ اچھی اور برائی حکومت کے ذمہ دار صرف حکام گورنمنٹ ہوتے ہیں۔ اور حکومت میں بہتری اور فساد پھیلنے سے صرف انہیں کا نقصان ہوتا ہے۔ اور رعایا کے لوگ خوش نصیبی سے ہر قسم کی ذمہ داریوں سے بری ہوتے ہیں۔ مگر کامرس صاحب کے اس قول کا یہی مطلب ہے کہ رعایا خوش نصیبی سے صرف نکتہ چینی کر سکتی ہے۔ اور ہر قسم کے نقص ان کی ذمہ واری سے محفوظ ہے۔ لیکن حقیقت حال بالکل اس کے برعکس ہے۔ کیونکہ اگر کسی ملک یا شہر میں فساد اور بدامنی پھیلے تو سب سے پہلے وہاں کے شرفا اور خوش گزران لوگوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ اُن کے مال اور مکانات اور پھر اُن کی آبرو اور جانیں ایسی بدامنی سے معرض خطر میں ہوتی ہیں۔ خدانخواستہ اگر کسی ایسے فساد یا شورش سے شرفا اور بھلے مانسوں کو مالی یا جانی صدمہ پہنچ جاوے۔ تو اس کی کیا تلافی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ گورنمنٹ افسروں کو براہ راست ایسے فساد وغیرہ سے کوئی ذاتی۔ مالی یا جانی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔ کیونکہ ایسا فساد یقیناً مفسدوں کو سخت نقصان پہنچا کر فرو کیا جاتا ہے۔ اور حکام گورنمنٹ کا ذاتی طور پر اس سے کچھ نقصان نہیں پہنچتا۔

آنریبل مسٹر کامرس نے رعایا کی معزز انجمنوں اور ایسوسی ایشنوں اور اُن نامور اور مشہور لوگوں کا حوالہ دے کر کہ جنہوں نے قانون سیڈیشن پر نکتہ چینی کی ہے اور اس کی ترمیم پذیرائی فرمایا تھا کہ کلکتہ۔ بمبئی اور مدراس کے شہروں سے ہی اس قانون کی مخالفت کی صدا بلند ہوئی ہے۔ اور گو وہاں بڑے بڑے شہروں کے لوگوں کو کچھ کم درجہ نہیں دینا چاہتے۔ کیونکہ وہ بیشک بڑے بڑے شہروں کے باشندے ہیں۔ لیکن وہ یاد رکھیں کہ بمقابلہ کل ہندوستان کی (۲۶۰) ملین آبادی کے اُن شہروں کی دو ملین آبادی کی رائوں کو کیا وزن دیا جاوے۔ یہ دلیل بھی قانونی ممبر صاحب کی ویسی ہی سبک ہے جیسی کہ پہلی دلیل ہے۔ کیا دنیا کے دوسرے مہذب ملکوں میں دیہات اور قصبات کے لوگ قانونی معاملات کی نگرانی اور اپنے لوگوں کے پولیٹیکل حقوق کی حفاظت کیا کرتے ہیں۔ کیا شاہی شہروں اور

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ۔ ۱۲ مارچ ۱۹۳۸ء

امیر صاحب اور آفریدی ملک

چند روز ہوئے سیول اینڈ ملٹری گزٹ نے ایک آرٹیکل بعنوان "امیر صاحب اور آفریدی ملک" لکھ کر اس میں ذکر کیا تھا کہ اس کو جیسے کہ اخباروں سے معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ جنرل لاکہارٹ مقام سکندرہ خیبر میں فوج بھیجنے کے بعد کافی خیل آفریدیوں کے بعض زبردست اور طاقتور ملک خواص خاں اور ولی محمد خاں امیر صاحب کے علاقے میں گردی اور سرکاتی میں ڈاکہ کے ارتکاب سے شکست گزین ہو گئے ہیں۔ اور یہ تو قطعاً شائبہ شک سے بشرطیکہ جو اطلاع انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں کو بھیجی ہے اور دست مانی جاوے کہ یہ ملک اکثر اوقات جرگہ کنندگان کی معرفت کابل سے نامہ و پیام رکھتے ہیں۔ اور خبر ہے کہ امیر صاحب نے بذات خود راہ راست انہیں جرات دلائی ہے کہ جو شرائط ان کی قوم کے پیش کی گئی ہیں انکے ردے میں پولیٹیکل افسروں کا کہنا نہ ماننے پر قائم رہیں"۔

علاوہ ازیں کے بیان کیا ہے کہ ذکا خیل والوں کا وفد جو بازار وادی میں مقام چورا میں جمع ہوا تھا۔ بہت دیر کی غور کے بعد اس نے قرار دیا تھا کہ وہ ذکا خیلوں کے سات تمام مطالبوں کو جو وہ دیں پولیٹیکل افسروں کے پاس بھیجنے کا کہ شرائط جو سرکار نے طلب کی ہیں۔ ان میں تری لیجاوے۔

اور جس قدر بندوقیں سر ولیم لاکہارٹ نے طلب کی ہیں اس تعداد میں کمی کیجاوے۔ لیکن جرگہ کی کیفیت سن کر ان دونوں ملکوں نے اپنی قوم کے لوگوں کے پاس پیغام بھیجا ہے کہ کوئی بندوق واپس نہ دیں اور بازار وادی کو واپس چلے جاویں۔ اور یہ بھی کہلا بھیجا کہ اگر نقد جرمانہ دینا پڑیگا تو وہ خود ان کی طرف سے ادا کر دینگے۔ کیونکہ امیر صاحب نے مالی مدد بھی دی ہے۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ کو امیر صاحب کے آفریدی ملکوں سے اغماض کرنے کی نسبت ہی نہیں بلکہ انہیں مالی مدد دینے اور گورنمنٹ انگریزی سے خیر خواہی جاری رکھنے کی جرات دلانے کا یقین ہے۔ یہاں تک کہ یہ لکھتا ہے کہ ہمیں وثوق ہے کہ اسکے نے اس بات کی نسبت یقین حاصل کر لینے پر کہ ذکا خیل ملکوں کو امیر صاحب کے افسر اور خالصاً خود امیر صاحب جرات دلاتے ہیں کہ جو صورت تم نے گورنمنٹ کے مقابلے میں اختیار کی ہے اسی پر قائم رہو۔ امیر صاحب کی خدمت میں اس بارے میں ایک سخت اعتراض بھیجا ہے۔

اور اس میں امیر صاحب سے دریافت کیا ہے کہ ادھر تو آپ گورنمنٹ انگریزی کی دوستی کا دعوی کرتے ہیں اور اپنی وفاداری کی صداقت پر زور دیتے ہیں۔ اور ادھر آپ کے افسروں نے گورنمنٹ کے خلاف ہزاد دشمنوں کو اپنے ملک میں پناہ دی ہے۔

اسپر یہ اخبار لکھتا ہے کہ آپ سے امیر صاحب اسکے جواب میں صاف کر دینگے کہ انہیں اس واقعہ کا کچھ علم نہیں۔ جیسا کہ شفقت کے واقعہ کے بعد انہوں نے کر دیا تھا اور اپنے رکھت معظم پشاور کی معرفت وائسرائے ہند کی خدمت میں ایک مراسلہ بھیجا تھا جس میں معلوم ہوتا ہے کہ ظاہر کیا تھا کہ رشتہ گورنمنٹ کے قیام امن اس سے دلچسپی کے ثبوت کے لئے میں اپنا تمام خزانہ اور تمام فوج بلکہ اپنا ملک تک قربان کر دینے کو تیار ہوں"۔

ہر چند کہ اس اخبار نے از سر نو امیر صاحب پر گورنمنٹ انگریزی سے بے وفائی کا برتاؤ کرنے کا الزام لگانے میں کوئی معقول دلیل اور کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ اور ملکوں کی اس کارروائی کی تائید میں بھی سوائے اس خیال کے کوئی دلیل نہیں دی کہ وہ صرف اس امید پر اپنی قوم کو شرائط صلح منظور نہیں کرنے دیتے کہ جوں جوں زیادہ دیر فیصلے میں لگیگی گورنمنٹ ان سے نرم شرائط پر رضامندی کرنا منظور کر لیگی اور کہ امیر صاحب کے گزشتہ چھ سات ماہ کے برتاؤ اور واقعات سے بخوبی ثابت ہو چکا ہے کہ امیر صاحب کا قوموں کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ اور کہ وہ سرکار کی دوستی پر سنگ خارا کی طرح قائم ہیں۔ تاہم سیول اینڈ ملٹری گزٹ کے پاس اس امر کا پھر یقین ہو گیا ہے کہ امیر صاحب بھی آفریدی ملکوں کو ہمکارے ہیں کہ سرکار کی شرائط نہ قبول کریں۔ بالفرض اگر یہ صحیح بھی ہو کہ امیر صاحب خواص خاں اور ولی محمد خاں کو ایسا کرنے کے لئے روپیہ سے مدد دے رہے ہیں اور یہ دونوں شخص گورنمنٹ سے نرم شرائط حاصل کرنے کے لئے توقف کر رہے ہیں۔ تو اس میں امیر صاحب کا کیا فائدہ ہے۔ امیر صاحب اچھی طرح جانتے ہیں کہ کوئی شخص اس بات سے واقف نہیں ہو گا کہ آخر آفریدی شرائط ماننے پر مجبور ہوں گے کیونکہ گورنمنٹ انگریزی سے بگاڑ نہیں کر سکتے۔ تو پھر اس نے اس کام کے لئے روپیہ بے دریغ کیوں منظور کیا۔

جن لوگوں کو امیر صاحب کا وہ مشہور اعلان یاد ہے جو انہوں نے آفریدی اور اورکزئی قوموں کے سرگروہوں کو بیع الثانی گزشتہ میں کابل میں بلانے پر ان کی درخواستوں کے جواب میں لکھ کر کابل کی کرنالی پر مہمان کر دیا تھا اور ان قوموں کو ٹکا سا جواب دے دیا تھا کہ وہ جہاد نہیں کر رہے بلکہ اپنی غرض کے لئے لڑ رہے ہیں۔ وہ بخوبی جانتے ہیں کہ ایسا دل جواب دے کر پھر امیر صاحب کبھی ان قوموں کے ساتھ تعلق نہیں رکھ سکتے کیونکہ جو اسباب قوموں کے ساتھ انکے تعلقات مضبوط کرنے کے لئے پیش کئے جا سکتے ہیں ان کو انہوں نے خود مسترد کر دیا تھا۔ امیر صاحب نے ان لوگوں کو بتلایا تھا کہ تم مذہبی جنگ یا جہاد نہیں کر رہے کیونکہ تمہارا کوئی بادشاہ نہیں اور سوائے بادشاہ یا امیر کی پیروی کے مذہبی جنگ جائز نہیں۔ اس بات کا کوئی کیا جواب دے سکتا ہے۔ ہی اعلان ہے امیر صاحب نے ان قوموں کو سمجھایا تھا کہ گورنمنٹ انگریزی کا ہرگز ارادہ تمہارے ملک پر قبضہ کرنے کا نہیں اور نہ اس قبضہ سے کچھ فائدہ ہے۔ بلکہ اس لئے تو چترال بھی محض روس کے آگے بڑھ آنے کی روک تھام کے لئے قبضہ کیا ہے اور مالی منفعت کو اس قدر نظر انداز کر دیا ہے کہ چترال کے ایک حصے کے مالکان اراضی کو محاصل سرکاری تک معاف کر دیا ہے۔ پھر امیر صاحب نے ان قوموں کو صاف صاف کہہ دیا تھا کہ "تم نے خود سرکار انگریزی سے عہد و پیمان کئے اور مجھے کبھی دعوت نہیں کیا جبکہ میں تمہارے علاقے سے گزر کر راولپنڈی کو گیا تھا اور تمہارے چند ملک مجھے سلام کرنے کو راستے میں چلے تھے۔ انہوں نے ان شکایتوں کا مطلق ذکر نہیں کیا جو آپ کو گورنمنٹ انگریزی کی طرف سے ہیں۔ اور جب سر ہیمیلٹن ڈیورینڈ حد بندی کے لئے میرے پاس کابل میں آیا۔ اس وقت بھی تم لوگوں نے مجھے کچھ نہیں کہا۔ تاکہ میں تمہاری خاطر حضور وائسرائے سے بقضیہ کر لیتا۔ اب تم نے جو خرابی کی ہے اس کی سزا بھگتو"۔ تعجب ہے کہ جو شخص ایسی صاف باتوں آفریدیوں اور اورکزئیوں کو ان کی مصیبت کے زمانے میں کہہ چکا ہے۔ اسی پر بار بار ان قوموں کو خفیہ طور پر لڑائی کی جرات دلانے اور ان کی روپے سے مدد کرنے کا الزام دیا جاتا ہے۔ چونکہ اسلحہ سے مدد کرنیکا الزام واقعات سے بے طور پر رد کر دیا ہے۔ اب اس کے سوا اس کی کوئی جرات نہیں کرتا۔

حال کے الزام میں سب سے بڑی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ آفریدی ملکوں نے امیر صاحب کے علاقے میں پناہ جا لی ہے اور دوسرے آفریدی لوگ بھی بھاگ کر وہاں پناہ جا لیتے ہیں۔ اس کا جواب سر مالٹر پائن امیر صاحب کے انگلینڈ نے بہت ٹھیک دے دیا ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ امیر صاحب اپنے مذہب کے اصول کی پابندی سے مجبور ہیں کہ وہ مسلمان پناہ کے طالبوں کو پناہ دیں۔ اور انہیں اس مہمان نوازی سے محروم نہ کریں کہ جس کے وہ ہر طرح حقدار ہیں۔ اس کے سوائے پائن صاحب نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ اگر امیر صاحب کا ان سرحدی قوموں سے کوئی تعلق یا واسطہ ہوتا تو وہ مجھ کو بھی معلوم ہو جاتا۔ مگر ایسا نہیں ہے۔

یہاں تک لکھ چکنے کے بعد معلوم ہوا کہ اخبار پائونیر نے بھی اس خیال کی زور شور سے تردید کی ہے کہ امیر صاحب کا آفریدی ملکوں کے ساتھ کچھ تعلق ہے۔ اور وہ ان کو روپے سے مدد دیتے ہیں اور سرکار انگریزی کے ساتھ آمادہ بفساد رہنے کی ہدایت کرتے ہیں۔ پائونیر لکھتا ہے کہ چونکہ ہمارے پولیٹیکل افسروں کے پاس افغانوں کی زبانی رپورٹوں پر اعتبار کرنے کے سوائے اور کوئی ذریعہ معلومات کا نہیں۔ اور چونکہ سرحد پار کے آفریدیوں کے تمام سرغنے اپس میں ایک دوسرے سے حسد اور عداوت رکھتے ہیں۔ اس لئے وہ خبریں ان میں سے گزر کر آتی ہیں وہ لامحالہ رنگ آمیزی سے پاک نہیں ہو سکتیں۔ اور چونکہ سب ملک جانتے ہیں کہ آخر کار اس قوم کو شرائط قبول کرنا پڑیں گی لہذا وہ پھر امیر خیبر کے وساطت حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ اگر حسب دستور سابق

حفظِ صحت

استفسار

۲۸۔ ضعفِ بصارت۔ مجھ کو عرصہ ۴ سال سے اس قدر ضعفِ بصارت ہو گیا ہے کہ ایک بات بھی کتابت سے پیسہ اخبار بمشکل پڑھا جا سکتا ہے۔ کئی عمدہ عمدہ سرمے استعمال کئے گئے اور وہ جو ہفتہ وار پیسہ اخبار میں درج ہو چکے ہیں۔ استعمال کئے۔ مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اور باعث آنکھوں کی نظر بہ سبب دہنی کے کچھ کمزور ہے اخبار کے مطالعہ کا زیادہ شوق ہے۔ لہذا کوئی صاحب براہ مہربانی ایسا نسخہ تحریر فرماویں جس سے کہ بندہ کو فائدہ ہو۔ (دیبی راجہ ریاست رام گڑھ۔ ضلع لدھیانہ)

۲۹۔ شقاق المقعد۔ میرا ایک عزیز دوست ایک عرصے سے مرض شقاق المقعد میں مبتلا ہے۔ جو شرم کے مارے اطبا کو اپنا حال بیان نہیں کر سکتا۔ بوقت قضائے حاجت سخت تکلیف ہوتی ہے آدھ گھنٹہ تک پاخانہ سے فارغ ہوتا ہے۔ دو انگشت کے باہر نکل آتے ہیں۔ اور ہاتھ کے دبانے سے بمشکل اندر جاتے ہیں کوئی صاحب مجرب علاج سے مخلوق احسان فرماویں۔ (ایک خریدار پیسہ اخبار امرتسر)

۳۰۔ بدن پر ورم۔ میرے ایک عزیز کے منہ پر ۳ سال سے ورم ہوا اور آجکل تمام جسم پر پیٹ، چہرہ پر بھی معلوم ہوتی ہے۔ بدن کمزور ہوتا جاتا ہے۔ لڑکپن کی ناجائز شرابیاں بھی لاحق ہیں اور سر بھاری اور خالی معلوم ہوتا ہے۔ کاہیگا ہے سر درد معلوم ہوتا ہے۔ بعض اوقات دو ایک قے خلاط کے فائدہ مند ہوئے اگر مسہل دیتے ہیں تو اسہال ہو جاتا ہے۔ (ایک خریدار پیسہ اخبار امرتسر)

علاج

۱۹۔ بھولا۔ (بجواب استفسار ۱۵ مشمولہ پیسہ اخبار ۹ فروری ۹۸ء) پنسٹھ پھلی سے کسی اچھے حکیم سے سند لیجئے خود قصد امراض پر نہ کیجئے۔ ایک بیماری کا کوزہ ہے۔ اس میں آدھ پاؤ برگ سرس ڈال دو۔ اور اوپر سے آدھ چھٹانک تلسی شوره ڈال دو۔ اور پھر آدھ پاؤ برگ سرس ڈال کر اس کے منہ پر سوتی کپڑا باندھ کر خوب مضبوط باندھ دو اور اسے رکھ چھوڑو۔ کچھ عرصہ کے بعد اس میں سے شائیں شائیں کی آواز نکلے گی۔ پس اس کو چھوڑ دو۔ اور پھر اس کو آنکھ میں ایک سلائی صبح و ایک سلائی شام لگاؤ۔ انشاء اللہ ۸ روز میں فائدہ نظر آجاویگا۔ اور اگر کوئی شبہ رہ جاوے تو بذریعہ خط کے مجھ سے دریافت کر لو۔ (ڈاکٹر عبدالصابر پوسٹ ماسٹر فرید۔ شہر امرتسر)

۲۰۔ سگ گزیدہ۔ (بجواب استفسار ۱۱)۔ دندان نہنگ روز اول دسویں و پنجم و ہفتم و نہم علی ہذا ہر یوم طاق کو مکس کر پی لیا کریں۔ ۳ ماہ تک اس کا عمل کریں۔ مدت العمر کے واسطے اسکا رجاتا رہیگا۔ یہ ایک فقیر کا نسخہ ہے۔ اگر تجربی فوائد سے اس کا علاج چاہتے ہیں تو کتاب تریاق اکبلب مولفہ حکیم برکت علیخاں مرحوم جو پوری کی طرف رجوع کریں۔ یہ کتاب ہی میں محمد عبدالاحد نالک مطبع المجتبائی کے بیمار بقیمت ۲ روپیگی (سید عظیم الدین حسن)

۲۱۔ اختلاج قلب۔ (بجواب استفسار ۱۱)۔ اختلاج قلب چاہے کسی سبب سے کیوں نہ ہو۔ مفرحات کے استعمال سے زائل ہو جاتا ہے بشرطیکہ استعمال

گمنام و نشان خیز

۱۶۔ میرے بھائی محمد امیر حسین۔ ساکن ڈبائی ضلع بلند شہر عمر تقریباً ۲۴ سال۔ مرض جنون میں مبتلا۔ رنگ گندمی۔ قد میانہ سے کسی قدر زیادہ۔ جسم پر بوجہ بیماری کے نحیف و لاغر۔ ڈاڑھی سے قریب قریب چہرہ بھرا ہوا۔ زرد چھینٹ کا روئی دار کوٹ پہنے ہوئے۔ لکھنؤ کی فرد ٹوپی سر پر ہے۔ اردو فارسی اور انگریزی پڑھے ہوئے۔ فوجداری مقدمہ علیگڈھ سے اپنی محافظوں کی آنکھ بچا کر کہیں چلے گئے ہیں۔ جو صاحب رحم فرما کر ان کا کچھ پتہ و نشان بتا دینگے۔ علاوہ اس کے کہ چند زخمی جگروں پر مرہم رکھ کر ثواب دارین حاصل کرینگے۔ اس خاکسار کو تمام عمر کے واسطے ممنون بنا دینگے۔ (نظیر عباس۔ طالبعلم مدرسۃ العلوم علیگڈھ)

۱۷۔ غلام کا فرزند نام حاکم شاہ۔ سیہ۔ رنگ گورا۔ عمر ۱۸۔ ۱۹ سال مدت ہوئی کہ گھر سے نکل گیا ہوا ہے۔ میں بہت غریب ہوں اور میرا ایک ہی لڑکا ہے۔ خدا کے لئے اس کی تلاش کا اشتہار پیسہ اخبار میں چھاپ دیجئے۔ (نظام نواب شاہ چنہ۔ ڈاکخانہ دینانگر ضلع گورداسپور)

عام

سوال

۲۸۔ تصاویر دہلی۔ آیا جو تصویرات شاہان و بیگمات خاندان سلیمی کی لاہور کے عجائب خانے میں سجائی گئی ہیں اور انپر دہلی کی ساخت لکھا ہوا ہے۔ وہ دہلی میں مل سکتی ہیں۔ اور اگر مل سکتی ہیں تو کس دوکان سے۔ یا یہ عجائب خانہ ہی کے واسطے تیار کی گئی ہیں (محمد سعید بیسر انوالیہ۔ از لاہور)

۲۹۔ تارکی صاحب۔ ایک کھجور کے درخت میں سے ۲۴ گھنٹے میں کس قدر رس یعنی تاڑی نکل سکتی ہے؟ اور اس سے کس قدر گڑ شکر اور سرکہ بن سکتا ہے؟ اس کے لئے کوئی خاص موسم یا خاص مقام یا خاص کھجور ضروری ہے یا کوئی خصوصیت نہیں ہے اور اس کے متعلق کوئی کتاب ہو تو اسکے نام کے پتہ سے اطلاع بخشیں (رعنا ۹۶۴۲۰)

۳۰۔ تلاش۔ ٹھیکہ۔ مجھ کو ریلوے لائن پر کھدائی۔ جڑائی اور کٹن وغیرہ کا ٹھیکہ لینا منظور ہے۔ ناظرین پیسہ اخبار میں سے کوئی صاحب براہ مہربانی مطلع فرماویں کہ آجکل کس کس جگہ ریل کا کام جاری ہے یا جاری ہوگا۔ اور کہاں سے کس کی معرفت ٹھیکہ لینگا ہو (عبدالکریم بھوپال)

جواب

۱۵۔ سیگرٹ مشین۔ ایک موٹا کاغذ ۸ انچ لمبا اور ۲½ انچ چوڑا لو۔ اور پوڑائی کے رخ ایک پنسل پر گوند لگا کر لپیٹو۔ جب ۳۔ انچ لپیٹا جاوے اور خوب جڑ جاوے تو الٹا کر جس طرف جوڑ نہیں ہے سگرٹ بنانا کو رکھ لو اور پنسل کو گھمائے جاؤ۔ تاکہ تمباکو بتی بنتا جاوے اور جب کاغذ ۳۔ ۱ انچ باقی رہے تو سگرٹ کا کاغذ اندر کے رخ رکھ لو۔ اور پھر گھما دو۔ حتیٰ کہ سگرٹ تیار ہو کر باہر نکل آوے۔ اب جوڑ لو۔ یعنی سگرٹ بنانا بتایا ہو گیا۔ شوق سے پیجئے۔ (محمد عمر جان ریلوے سب انسپکٹر کیمپ جالندھر)

۱۶۔ غمدہ رال۔ (بجواب سوال ۱۱ مطبوعہ پیسہ اخبار ۲۹ جنوری ۹۸ء) غمدہ رال ریاست رام پور میں بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ بارہا میں نے خرید کر جا بجا روانہ کی ہے۔ اگر آپ کو ضرورت ہے تو مفصل نقد ادسی بذریعہ تحریر مجھ کو اطلاع دیکر زخ طرفنا کر جس قدر ضرورت ہو طلب فرمائیے۔ (محمد شیخ محمد مظہر۔ مقام چھپرا ضلع بستی)

شعر و سخن

مسدس

(از ملفوظات جناب اشہری)

اے سیف زبان ہند کے میداں میں علم ہو اے حسن بیاں پہ میں فدا تم ہو
اے کلک سر زبہ گہر ریز رقم ہو اے طبع رسا ناطقہ پرداز تم ہو
چلتے رہیں سکے میری مصار سخن میں
بجتے رہیں ڈنکے میری طرز زمن میں

اردو ہے معلی ہیں سب جلوہ شیراز دلی ہیں کہ اسی کی ہے جھلک یاں
ہے لکھنؤ و آگرہ و اردو سے سرافراز ہیں بھی ہوں الہ آباد میں انیس و فصاحت
ہیں ہند کے الفاظ تو معنی ہیں عرب کے
اردو کے بھی چیتے ہوئے فقرے ہیں غضب کے

لکھوں جو الف کو تو بنے غیرت شاہاں اور لکھ دے ہو سم اللہ تعلیم کرے کاں
ہر سمت سحر ارباب سخن ذال کی ہیں داد انکھوں سے کریں اہل نظر بھی نظر افشاں
حوروں کی ملاحت ہو سو نوں میں نمک ہو
ہر نقطہ میں سو انجم تاباں کی چمک ہو

اوسا ملواس طرح نہ آپس میں کرو جنگ فوجیں شکست کھکے ہی ہیں
جو صلح مصمم ہو وہ ہو صاحب فرہنگ اخبار کے ہاتھوں ہے اسلام کا ناموس
کہتا ہو جو زندہ دل سے تو عقل سے دیکھو
معقول ہیں منقول کو ہر عقل سے دیکھو

جس طرح سے کام اپنا نکل جائے نکالو فائق کے لئے قوم کو آفت سے بچا لو
اسلام کو ضائع نہ کرو دیکھنے والو بیہوش پڑے کیوں ہو ذرا ہوش میں آؤ
ورنہ سر محشر ہو یہ ساماں تمہارا
ہو قوم کا ہاتھ اور گریبان تمہارا

اسلام ہے شمع رہ عرفان الٰہی اسلام نے توحید پڑی حق کے گلے میں
اسلام کے پرتو سے بنے رائت شاہی اسلام نے پائے شرف لاکھ
خاموش کیا اس نے فوجیں جہاں کو
تعلیم کیا نعرہ تکبیر اذاں کو

آداب نماز اس نے نئی خلق کو تعلیم سجدے میں گری شوق سے بت پرست یہ
ہیں اس کے نواماللہ تحیہ ہر رکن ہے سرمایہ صد نیل و نعیم
حکمت ہے۔ ریاضت ہے۔ عبادت ہے ادا ہے
واللہ زمانے کو یہ آئین بخشش رہے

روزوں کے تو اعداد سے اسلام ہے جاری ہر بندہ پہ واجب ہے کرے شکر گزاری
اللہ رے تعدیل زہے رحمت باری پائی نہ کسی قوم نے تقدیر الٰہی
یہ روزے کسی قوم کی ملت میں نہیں ہیں
یہ شام و سحر اوس کی حکمت میں نہیں ہیں

ہر ملک میں ہر قوم میں ہے سود کا دستور لیکن کیا اسلام نے اس فائدے کو
ہے نص الٰہی میں بتصریح یہ مذکور جو سود کو لے وہ ہے خدا اور رسول سے دور
اس مسئلہ کو غور سے دیکھو تو عجب ہے
کیا اس کا جواب اور یہ کیا بخشش رب ہے

اس مسئلہ کے باب میں رکتا تھا دل ایک روز مری طبع تھی اس غور پہ نازاں
صد شکر کہ آساں ہوا یہ عقدہ مشکل تقسیم کا تھا ضرب کو رتبہ ہے عیاں
دیکھا جو فوائد میں زکوٰۃ اور ربوا کو
باقی وہ اڑا لے گئے آنکھوں سے لگا نے لگا فرمان خدا کو

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

سال ۱۰ | یوم شنبہ ۱۲ مارچ سنہ ۹۸ء مطابق ۱۸ شوال سنہ ۱۳۱۵ ہجری - موافق ۲۳ پھاگن سمت ۱۹۵۴ بکرمی | جلد ۱۲

مردم شماری عامہ کیلئے شمار اور اعداد

ریاست خیرپور سندھ:- احاطہ بمبئی میں کُل ساڑھے چھوٹی بڑی ریاستیں ہیں کہ جن میں سے خیرپور سندھ ایک ریاست ہے۔ ۱۸۹۹ء میں پولیس کی فوج ۲۱۰ سے ۲۳۳ ہو گئی۔ کُل ۳۵۹ جرموں کی رپورٹ پولیس میں ہوئی۔ ۱۲۴۰ روپے کی جائداد چرائی گئی۔ جس میں سے ۴۰ فیصدی مل گئی۔ ریاست میں ۲ جیلخانے ہیں۔ جن میں ۶۴۲ قیدی رہ سکتے ہیں۔ ان کا کُل خرچ ۴۶۷۸ روپے ہوا۔ کُل دیوانی عدالتیں ۱۰ تھیں۔ اس سال میں ۱۳۲ مقدمات ہوئے۔ فوج جنگی ۲۰۰ باقاعدہ اور ۱۴۹ بے قاعدہ ہے۔ کُل ۵۸۷۶۲ روپے ہوا۔ آمدنی ریاست کی ۱۲۱۲۷۱۵ خرچ ۹۱۹۶۶۶ روپے اس سال میں ہوا۔ کُل پیدائشیں ۱۳۴۵ اموات ۱۲۰۷ رجسٹر ہوئیں۔ مدارس ۸۷ سے بڑھ گئے۔ جن میں ۲۰۵۸ شاگرد پڑھتے ہیں۔ اور تعلیم کا ۲۵۹ روپے سالانہ ہوا۔

قوت بحری:- اخبار طرابلس ۱۴ فروری کے لکھتا ہے کہ سلطان المعظم نے آہن پوش جہازات حمیدیہ۔ آثار توفیق۔ فتح مبلند۔ مقدمہ خیر۔ معین ظفر۔ اور ۲ جلالیہ کی اصلاح کرکے ان کو نہائت مضبوط بنانے اور ان کی توپیں چڑھانے کا انتظام کیا ہے۔ تفصیل ذیل ان جہاز موجودہ حیثیت مندرجہ ذیل نقشے سے معلوم ہوتی ہے:-

جہاز	طرز آب پر	اقواب				
		مقدار	وزن			
	۱۰-۱ انچ	۹	۱۲	۱۸ ۱/۲ ٹن	۵۵۰۰	۹۱۴۰
	۹-۱ انچ	۸		۱۲ ٹن	۳۰۰۰	۴۲۰۰
	۹-۱ انچ	۴		۱۲ ٹن	۲۸۰۰	۲۶۶۰
	۹-۱ انچ	۴		۱۲ ٹن	۱۸۰۰	۲۷۶۰
	۵ ۱/۲-۱ انچ	۴		۱۲ ٹن	۱۲۰۰	۱۴۰۰
	۵ ۱/۲-۱ انچ	۴		۱۲ ٹن	۱۲۰۰	۱۴۰۰
	۷-۱ انچ	۴		۱۲ ٹن	۱۹۵۰	۲۴۰۰

ڈاکخانجات قلمرو نظام:- سال گزشتہ میں کارکنان ممالک محروسہ میں ۱۹۷ ڈاکخانے چٹھیاں ڈالنے کے ۱۱۲۶ اور چٹھی رسانوں کی تعداد ۴۱۹ تھی۔ سرکاری نمبر ڈاکخانہ نے ۱۵۸۴۷۷۸ پہنچائے گئے۔ خطوط میں سے پیڈ ۴۰۰۰۰۱ اور بیرنگ ۸۹۴۲۰۷ تھے۔ رجسٹری ۱۴۰۴۲ تھے۔

مذاق

ایک جہلسا نے پورٹ لینڈ کے جیلخانے میں اپنے ہوقندانہ کو بتایا کہ "میں واقعی بڑا بدقسمت ہوں۔ میں کامل ایک مہینہ ایک بڑے مہاجن کے دستخط کی مشق کرتا رہا۔ اور جب میں نے اس میں طاق ہو کر چک تیار کیا تو اس کمبخت نے دیوالے کی درخواست دے دی"۔

ڈاکٹر (بمبئی کے مریض سے):- "آپ حوصلہ نہ ہاریئے۔ آپ کا مرض ایسا ہے جس سے کوئی عالم و فاضل بچا ہوا نہیں ہے۔ کیونکہ میں تجربہ کر چکا ہوں کہ جس قدر معدہ کمزور ہو اسی قدر دماغ تیز ہوتا ہے"۔

مریض:- "کیا آپ میرے معدے کی حالت سے کہہ سکتے ہیں کہ میری علمی قابلیت کیسی ہوگی؟"

ڈاکٹر:- "ماشاءاللہ۔ اس وقت تو آپ اخبار ٹائمز کی ایڈیٹری کرنے کے لائق ہیں"۔

ایک لڑکا تین گھنٹے تک دریا میں جال ڈال کر مچھلیوں کے انتظار میں بیٹھا رہا۔ اتنے میں ایک اجنبی نے آکر دریافت کیا۔ کہ "میاں کیا کرتے ہو؟"

لڑکا:- "مچھلیاں پکڑتا ہوں"۔

اجنبی:- "کچھ ملا؟"

لڑکا:- "ہاں"۔ اجنبی:- "کیا؟" لڑکا:- "صبر"۔ اجنبی نے اس کو دس شلنگ دیئے اور کہا کہ "دفتر میں آکر ہر روز اسی طرح سوالوں کا جواب دیا کرو"۔

ایک:- "غریب ہونے کا ایک بڑا فائدہ ہے"۔

دوسرا:- "کیا کیا۔ مجھے ضرور بتائیے"۔

ایک:- "کیا آپ نے کبھی نہیں دیکھا کہ غریب آدمی کیسی ایمانداری اور صدق دل سے کر سکتا ہے کہ اگر میں متمول ہوتا تو غریبوں کو خوب کھلاتا اور محتاجوں کی مدد کرتا"۔

لسٹر:- "کیوں چٹھیوں کی پشت پر مُہر لگائی جاتی ہے؟"

جسٹر:- "اس لیے کہ لوگوں کو معلوم ہو کہ کب چٹھیاں شہر پہنچیں"۔

لسٹر:- "مگر تب کیوں ایسی مُہریں لگائی جاتی ہیں جو پڑھی نہ جائیں"؟

جسٹر:- "تاکہ لوگ یہ معلوم نہ کر سکیں کہ ان کے تقسیم کرنے میں کس قدر عرصہ لگا"۔

عجیب عجیب باتیں

دنیا میں سب سے گہری جھیل:- کوہ کسکیڈ میں جکسون ولی اور کے شمال و مشرق میں قریباً ۵ میلوں کے فاصلے پر متلاشی ایک بہت گہری جھیل پائیگا۔ جس کی دنیا میں کوئی نظیر نہیں ہے۔ نہ بلا مبالغہ الف لیلہ کے میناک سندباد کی وادی کے مساوی ہے۔ یہ چاروں طرف قریباً ۱ ہزار فیٹ گہری ہے۔ جس کے پانی کی گہرائی دریافت نہیں کی گئی۔ اس کا سطح اس قدر ہموار اور صاف ہے کہ جس طرح گلاس میں پانی ہوتا ہے۔ اور چاروں طرف پہاڑوں میں ایسی محصور ہے کہ ہوا کا اس پر مطلق اثر نہیں ہوتا۔ اس کی لمبائی ۵ میل اور عرض ۱/۲ ۴ میل ہے۔

دنیا میں جو جھیلیں معلوم ہوئی ہیں۔ ان میں سے سائبیریا میں ایک جھیل بیکال ہے۔ جو بلحاظ رقبہ کیسپین کی جھیلوں کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ اس کا رقبہ ۹ ہزار مربع میل جھیل ایری کی سطح کے ساتھ اس کو مساوی کرتا ہے۔ اور اس کی ۴ ہزار فیٹ سے لیکر ۵ ہزار فیٹ تک کی گہرائی ہے۔ کوہ جھیل سپیریر کے بعد رقبہ دوسری ہے۔ گو اس کی سطح ۶۰۰ فیٹ سطح سمندر سے بلند ہے تاہم اس کی گہرائی قریباً ۲ ہزار فیٹ اس کے نیچے ہے۔ بحیرہ کیسپین اپنے جنوبی حصے میں ۳ ہزار فیٹ سے زیادہ گہرا ہے۔ اسی طرح جھیل ہیمور ۳ ہزار فیٹ گہری ہے۔ جھیل کومو ۲ ہزار فیٹ۔ اور لیگو ڈی گارڈا ایک دوسری اٹالین جھیل بعض جگہ ۱۹۰۰ فیٹ ہے جھیل کونسٹنس ہزار فیٹ سے زیادہ گہری ہے۔ اور ہارون اور مچیگان ۹۰۰ فیٹ اور ہزار فیٹ گہری ہیں۔

دنیا میں سب سے گرم مقام:- دنیا کے سب سے زیادہ گرم ممالک میں سے ایک خلیج فارس کے ساتھ ساتھ ہے۔ جہاں مطلق بارش نہیں ہوتی۔ بحرین کے خشک کنارے پر کہیں تازہ پانی نہیں ملتا۔ تاہم وہاں نسبتاً بہت لوگ رہتے ہیں۔ اور ان چشموں سے اپنا گزارہ کرتے ہیں جو سمندر کی تہ سے نکلتے ہیں۔ اس تازہ پانی غوطہ لگانے سے ملتا ہے۔ غواص اپنی کشتی میں بیٹھ کر بکری کی کھال کی ایک بڑی مشک اپنے بائیں بازو کے گرد لپیٹ لیتا ہے اور اس کا منہ ہاتھ میں قابو کر لیتا ہے اور اپنے دہنے ہاتھ میں ایک بھاری پتھر لے لیتا ہے۔ جس کے ساتھ ایک مضبوط رسہ ہوتا ہے۔ اور اس طرح غوطہ لگا کر سیدھا تہ میں جاتا ہے۔ اور وہاں پہنچتے ہی مشک کا منہ تازہ پانی کے چشمے کی طرف کر دیتا ہے۔ اس طرح اٹھتی ہوئی لہر سے مشک بھر لیتا ہے اور منہ بند کر کے اوپر چلا آتا ہے۔ اور اس کے پیچھے پتھر پھینک دیا جاتا ہے اور پھر دم لے کر غوطہ لگاتا ہے۔ ان چشموں کے منبع عمان کی پہاڑیوں میں ہیں۔ جن میں ۵ یا ۶ میل کا بُعد ہے۔

نامردی کا شرطیہ علاج

مردانہ

مرض نامردی خوبچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں
یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل
علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردانہ کا بکس استعمال
کریں۔ اس بکس میں اور یہ ذیل داخلی خارجی علاج کی ہونگی

روح حیات	دو بوتل (حصہ ر) پانچ روپے	روغن دافع سستی	ایک شیشی چار روپے چار آنے

مادرزاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری وغیرہ
کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہو نیکے علاوہ عالم
شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوے کہ انسان کو گوشہ
مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ مسیحا صفت ادویات اپنی طلسم اثر
طاقت سے فی الفور لطف جوانی دکھاتی ہیں۔ رگوں
اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لاغری۔ لنجی وغیرہ
شرطیہ حکماً دور ہو جاتی ہے اور یہ طاقت
ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کیطرح عارضی ہو

نوٹ:۔ اگر ہماری ادویہ کے استعمال سے کوئی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس
بھجوا دی جائے گی۔ مریض کے ذمہ صرف محصول ڈاک ہوگا

حکیم محمد حنیف آئی ڈاکٹر و پراپرائٹر شفاخانہ عام لاہور

متصل چوک مسجد وزیر خاں

جنتری ۱۹۰۸ء عیسوی مفید اور کارآمد معلومات درج ہیں ۶ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت نذر کی جاتی ہے۔

حزجان طبع دوئم (۸۶۸) طبع دوئم

یہ کتاب لاجواب شروع ۱۹۰۸ء میں پہلی دفعہ چھاپی گئی تھی جو پبلک میں بہت مقبول عالم تھی کہ چار مہینہ میں سب کی سب فروخت ہوگئی۔ اسوقت اسکا حجم ۶۵۹ صفحہ کا تھا۔ اب دوبارہ اسے شائقین عوام میں ترمیم مضامین اور بہت سے جدید نکات و تجربات جدید شامل کرکے چھپوانا شروع کیا تقاضائے عوام کا مذکورہ بالا نقشہ بنایا گیا ہے۔ مضامین کی زیادتی سے سائز اور ایڈیشن سے ڈیوڑھا حجم ہوگیا ہے۔ قوت باہ کے بارہ میں یوم پیدائش دنیا سے آج تک جسقدر تجربات و معلومات حکماء یونان و ہند و عرب و انگلستان نے دربارہ حفاظت باہ و دفع کمزوری و پیدائش اولاد نرینہ اور قوت باہ کا اکسیر عمر تک قائم رکھنے کی تدابیر خوب صورت و خوب سیرت اولاد کا پیدا کرنا بچوں میں بانی عادات کا سنوارنا۔ وغیرہ وغیرہ الغرض اج تک کوئی کتاب ایسی مکمل جامع نافع قوت باہ کے بارہ میں موجود نہیں جیسے یہ کتاب ہے۔ مصنف کتاب کا دعوے ہے۔ کہ میں ۳۵ سال میں کئے لاکھ حاضر و غائب کا تمام حصہ لک کے باشندوں کی حالات کا مطالعہ کرکے یہ مجموعہ مرتب کیا ہے۔ مگر نہیں کسی قسم کی کمی باہ کا باقی ہو۔ اور وہ حالت اس کتاب میں دیا نہ جائے یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب ایسی پر اثر و فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔ کہ جسنے ایک دفعہ دیکھا وہ اسکی خوبی پر جان دادہ ہوگیا ہے۔ کتاب کو لوگوں میں زیادہ شائع کرنے سے یہی محبت اور حسن خوبی ہی اظہار مقصود ہے۔ اور صاحبان علم پر ظاہر کرنا ہے۔ کہ جس کسقدر محنت و جانفشانی کی گئی ہے اسلئے قرار واقعی ہے۔ کہ اس کتاب کی جسقدر خوبیاں اخیر مارچ ۱۹۰۹ء تک جمع ہوں سو چھ حصہ دوجو استوں میں ایک ایک نوٹ پانچ روپیہ کا رکھکر ایک مجموعہ میں ایک کم عمر کو وہ دوجو استوں سے نام پبلیشر دیو جائیں گے وہ ان موجودہ کتابوں پر نمبر ڈالکر حاضرین کے سامنے لگا دے۔ یہ نقشہ بنایا جاتا ہے۔ صاحبان ذی فہم سمت آزمائی کریں اشعار حاضرین جلسے کے سامنے یہ کام پورا کیا جائے گا۔ مولوی شمس الدین صاحب پلیڈر ہیڈ کورٹ لاہور۔ مولوی محبوب عالم ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور۔ شیخ عبدالقادر بی اے گورنمنٹ سرٹیفکیٹ لاہور۔ جن لوگوں کی کتاب سے نوٹ برآمد ہوں۔ وہ مہربانی سے دفتر پیسہ اخبار میں اپنا نام منتظم کرنیکے لئے نمونہ بھیجیں تاکہ ہمارے دعوے کی تصدیق اور صاحبان فہمت کا پتہ لگ جاوے کوپنس کتاب صفحہ ۹۰ قیمت لکھ اچار روپیہ۔ محصول داک ۶ چھ آنہ

پتہ

حکیم غلام نبی (زبدۃ الحکماء) لاہور ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت

فہرست مضامین کتاب ہذا

ایک تشریح التشاکل ۲ اعضاء کہ جس میں نبی کے مختلف اجزا تیار ہوتے ہیں + تصویر نمبر ۱۳ کے کے حصے کو ۲ کرکے دکھلایا گیا ہے کہ رحم میں نبی کس طرح پیدا ہوتی ہے۔ اس میں وہ ذرات دکھلائے گئے ہیں جو نبی بنتے ہیں + تصویر نمبر ۱۵ ایک جوڑے کا حصہ ہے۔ جنمیں حیوانات منی اور جعبات منی دکھلائے گئے ہیں + تصویر نمبر ۱۶ عورتوں کا اعضائے تناسل داخلی یعنے جس سے خصیہ کی ہاری کار روائی ملتی ہے + تصویر نمبر ۱۶ عورتوں کا اعضائے تناسل داخلی یعنے رحم سانہ۔ امعاء مستقیم اور عم۔ غدود جھلی دکھلانے کے لئے + رحم اس کے فواید و تشریح + پستان کے عجوبہ حالات + عنقائے بکارت کا حال + ایک باکرہ کی بیض کا مقطع + جو اصل گراف وغیرہ + عجوبہ حالات کے حالات + بیضہ بشر جو اصل گراف سے باہر نکلا ہوا ہے + نطفہ منی کی ماہیت اور اس کی جبلیاں + جو اصل گراف سے بیضہ کا نکلنا + حیض کے حالات + منی کی ماہیت + منی کے فواید + کیا عورتوں کی بھی منی ہوتی ہے + منی کے بارے میں تحقیقات ڈاکٹران بایت الطبا قدیم کی اسے + کیا عورتوں کی بھی منی ہوتی ہے + منی کے بارے میں تحقیقات ڈاکٹران سے پہلے منی حصیوں میں بنتی ہے یا نہیں + منی کا جذب ہونا جسم میں۔ دوران منی + عورت کی منی کے انعقال کی جگہ + شہوت و جماع۔ اس کی حقیقت و ماہیت و فواید۔ اور وہ کیا چیز ہے + حالات شہوت + نکاح شادی۔ جماع کی تعریف۔ انتشار کی تحریک کن اعضاء سے ہوتی ہے عورتوں میں تحریک جماع عمل کس طرح ہوتا ہے۔ اس کی ماہیت تشریح وغیرہ۔ حمل واقعہ ہونے میں ارادہ کا دخل ہے یا نہیں + حمل کہاں واقع ہوتا ہے۔ حکماء سلف و خلف کے اقوال۔ کیا بغیر اتحاد کے حمل واقع ہوسکتا ہے۔ ثابت حمل کا درجہ + مختلف حیوانات اور نباتات اور انسانات وغیرہ کی حالت حمل میں ہیئت میں کیا کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں + رحم میں نطفہ ٹھیرنے کی وقوع حمل سے کن بعد جنین کی نمایاں + ماہ صادق ماہ کاذب۔ بلا قصہ عدم شہوت کے اسباب و علاج کے لحاظ سے عمر اوقات جماع۔ جماع بلحاظ مزاج + جماع کے مناسب ایام جماع بلحاظ فصلوں + بیدوں کی تحقیقات ایک جماع سے دوسرے جماع تک کتنا عرصہ ہونا چاہئے۔ سوائے حمل + جماع کرنے کے بہتر طریق + حکمائے فرانس کی تحقیقات + کون عورتیں ناقابل جماع ہیں + عورتوں سے جماع + حاملہ سے جماع + زن حائضہ۔ زن بدصورت سے جماع کے نقصان + ان کن عورتوں سے استوار جایز ہے + والدین کا شکل صورت بچہ پر کسطرح اثر ہوتا ہے + سو روثی امراض + زنان صناعہ۔ زنان مشاغہ۔ زنان نانہ۔ زنان عقیمہ۔ زنان القارہ۔ زنان بعد جماع کے بعد کیا کیا احتیاطیں کرنی چاہئیں۔ کچی تضیب + جہاں جہاں کچی واقع ہوسکتی ہے اقسام کچی و علاج۔ انگریزی و یونانی معالجات اقوال حکماء یونان + بارکی عضو تناسل۔ اس کے اقسام و اس کے علاج + حکیم محمد اندانی و شیخ الرئیس و حکیم جالینوس و حکیم سویدی کے تجربات + کیا یہ ممکن ہے کہ قضیب کے طول عرض میں زیادتی ہوسکے + معطمات۔ ذکر تجربہ حکیم سویدی و حکیم جرجانی و حکیم غذر و حکیم انطاکی و حکیم مجندی و حکیم اعظم علیخان جلق اور اسکے اقسام اور اسکے علامات اور انجلوق کی ساخت اسکے نتایج۔ اور اس کی وجہ سے اعضا میں فتور اور اس کے علاج نسخہ جات مجرب ڈاکٹروں و حکیموں کے۔ طلا اور کھانے کے سفوف وغیرہ وغیرہ + مقوات میں جلق۔ جریان منی + ڈاکٹر کارنیٹرو ڈاکٹر ای۔ جی ملٹر۔ ڈاکٹر ایمرٹرشو۔ ڈاکٹر گریم جی۔ و ڈاکٹر ہمفری و ڈاکٹر ولیناڈ کا تجربہ + تواریخ مرض جریان۔ اسباب جریان جلق کا انزال اور جماع کا انزال۔ یونانی طبیبوں اور بیدوں کے تجربے۔ علامات جریان۔ احتلام کے اسباب۔ نتایج جریان۔ تشخیصات مقوی۔ خولد کے مرکبات۔ کچلے کے مرکبات وغیرہ۔ مختلف نسخہ جات۔ ڈاکٹر گرلصاحب۔ ایم جی کا کیا ہوا علاج + ڈاکٹر کمر تجربہ۔ ڈاکٹر جارج ایم۔ ڈی + و ڈاکٹر جی۔ بی کمن۔ سٹرجے۔ بی کیس و ڈاکٹر لین برد فیلر ولیو صاحب و ڈاکٹر ڈبلیو کا لو صاحب کا تجربہ۔ علاج یونانی مفرد و مرکب ادویہ کے ماسک الہبی۔ سفوف واقع جریان۔ عضلہ منی۔ فتور گردہ۔ اور اس کی علامات اور اسکے علاج۔ فتور ہادی۔ خراش دماغ و ضعف دماغ و ضعف حرام مغز۔ سرعت انزال۔ اس کے اسباب و اسکا علاج۔ اس کی ماہیت۔ نسخہ جات نامردی۔ اقسام عدم شہوت عارضی ادویہ بفردہ جماعت ہندی۔ ادویہ یا میہ۔ اول مقویات باہ بالواسطہ مثلاً مقویات خون۔ مقویات اعصاب اور مقویات دافع تشنج۔ دوم مقویات باہ بلاواسطہ مثلاً کچلہ زرایح۔ قاسفرس۔ بھنگ۔ افیون۔ ڈامیانہ وغیرہ مقویات خون کا کامل مقویات اعصاب کی فہرست یہ ادویہ کس طرح پٹھوں کو طاقت دیتی ہیں۔ جاندی زنگ۔ قوت پیدا کرسکتی ہے دوا و غذا کا طریق عمل۔ خیالات کا اثر۔ ادویات قاطع شہوت و مضرباہ۔ مقوی باہ اغذیہ نقشہ حسب مزاج و حالات مزاج۔ نقشہ اشیا خوردنی ملک ہند طالبان ماہ کے لئے خاص غذا کے بارہ میں ہدایات + کثرت جماع کے نقصانات۔ نہایت سریع الاثر عجیب العمل اغذیہ کے بنانیکے قواعد۔ حکیم محمد ذکریا کا تجربہ۔ حکیم جالینوس بفرط مقوی باہ حلواہ علوی بخاں حلواء زردک۔ حلواہ سندی ماہ الفحم کے چند عجیب نسخہ جات عین یعنی کی باہ۔ اسباب دافع قرحہ۔ جلیل فوقانی۔ اجیل تحتانی + انتشک کی وجہ سے۔ حرام مغز پر چوٹ لگنا۔ رگہائے پس گوش کھٹنا + قلت منی سے نامردی۔ فسادمنی۔ جریان منی۔ سستی قضیب جیسی عوارض فرعی۔ اسباب کمی باہ ضعف باہ بوجہ کمزوری روح بوجہ ضعف و قلت روح دماغی بوجہ ضعف روح طبعی۔ بوجہ ضعف نصب گردہ و مثانہ۔ بوجہ سستی اعصاب۔ بوجہ امور واہمہ۔ بوجہ کربت منقولہ۔ قابل معالجہ لوگوں کے حالات۔ ناقابل علاج علامات۔ ضعف بدنی۔ ضعف اعصاب۔ کثرت محنت دماغی۔ کثرت احتلام جلق۔ اغلام سے نامردی۔ عیاشی سے بعد کمی۔ آتشک کے بعد نامردی سوزاک کے بعد کمی قوت۔ نقص قضیب کی وجہ سے۔ حمید گی عضو سے کمزوری خصیوں کی خرابی سے۔ حرام مغز کے صدمات سے نامردی۔ فرنجل ایبوش مشاغل بدن سے نامردی۔ انفعالات نفسانیہ سے نامردی۔ سفوفہ کے رعب سے نامردی۔ ہم خیال سے نامردی۔ قوت باہ کی غذا اختیار کرنے کی ترکیب۔ شیخ بوعلی سینا کا قوت باہ کے بارہ میں تجربہ۔ علاج ضعف ماہ از استرخاء عضو۔ ادویہ مفرد جو ضعف باہ میں مفید ہوتی ہیں۔ قوت باہ کی نبی اور نسخے۔ ضماد اور ظلا کے نسخے۔ ضعف باہ کا علاج جو اسور و واہمہ سے۔ کبھی کا بیان۔ جماعت انسانی پر فرقہ ارباب لشاطی کی تاثیرات۔ کیا واقعی ۹ لال بی بی سے ۹ نقصانات عاشقی ہاندادے ہوتی۔ ازدواج سے کیا مراد ہے + شادی کی عمر سن بلوغت سرشکل یا تقصر تولیدی کا فرد الدکی طرف سے بچہ نہ ہونے میں مرد کا قصور ہے یا عورت کا + کیا کچھ عورت ابھی ہوسکتی ہے۔ ۵ ہو صدہا تابل علاج ہیں جو باعث عدم گنجایش اشتہار ہذا میں درج نہیں کئے گئے۔

مشتہر
ڈاکٹر حکیم غلام نبی (زبدۃ الحکماء) میونسپل کمشنر اعوان منزل لاہور موچی دروازہ

ڈاکٹر کربی کی مشہور عالم فاسفورس کی گولیاں

[illegible] مفت منگوا لیجئے — آدھ آنہ کا ٹکٹ بھیجکر فہرست منگوا لیجئے

[illegible] بیماریاں ایسی ہیں جنسے ۱۰ فیصدی سے زیادہ [illegible] ہے لیکن تجربہ کے ۲۰ عارضہ اس قدر مہلک تکلیف دہ ہیں کہ جنمیں مبتلا ہو کر قوی ہیکل اور تندرست مرد بھی نکما ہو جاتا ہے [illegible] مرض کا ذکر نہیں اور نامردی سے جو خراب اثر انسانی حیات وطرز معاشرت پر پڑتا ہے اُسکی تفصیل ایسا شخص ایک منٹ بھی خوش نہیں رہ سکتا لہذا ہر آدم کی اس جانگداز تکلیف کے دفعیہ کیلئے ڈاکٹر کربی نے [illegible] سب سے بہتر قسم کی گولیاں فاسفورس ٹومیانہ اسٹرکنیا دروح نولاد وغیرہا کی ملاوٹ سے ایسی شریع التاثیر اور عجیب الاثر تیار کی ہیں کہ چند روز استعمال ایک مُردہ جسم میں تازہ روح پھونک [illegible] جوش شباب پیدا کر دیتے کیلئے بالتفاق حکما روحقت کافی ہے نہیں آنکو چاہئے کہ جس بیماری کی باعث مرض نامردی تمکو لاحق ہوا ہے اُسی نمبر کی گولیاں بمبئی کی مشہور دوکان جوبلی کمپنی اندور [illegible] [illegible] و پلیوپے یا بل منگوا کر استعمال کرو اور یقین کرو بفضل خدا تم ضرور شفایاب ہو گے ان گولیوں میں ۱۰-۹-۱۲-۱۴-۱۷-۲۰ نمبر کی گولیاں بعیدہ قوی وسہی ماہ ہیں جنمیں فاسفورس قبلہ اندر شریک ہے اور [illegible] کا فاسفورس کی اصلی گولیاں اندھیری رات میں چمکتی ہیں اور اسکا طاہر شخص کا کام نہیں ہے اور اسکا طاہر ڈاکٹر کی تصدیق کے بعد ہمیشہ منگوائیے **جوبلی کمپنی برانچ آفس رزیڈنسی اندور**

نمبر گولی	اسباب نامردی	تشریح قیمت
[illegible]	[illegible]	[illegible]
نمبر ۲	ابدان سے خون نکلنیکے سبب ضعف دماغ وضعیف ہو تو ان خون آور حبوب کا استعمال کرو۔	۲
نمبر ۱۹	کسی امراض مزمنہ سے صحت پانیکے بعد تمام فائدہ یا وطاقت کے لئے یہ گولیاں مفید ہیں	۲
نمبر ۲۰	فاسفورس ٹانک ٹیونک جسے نے بنی گئیہ گولیاں فوری طاقت پیدا کرنیکے لئے اکسیر اعظم ہیں کیونکہ خاص کے کلنہ نروس ملکر کھلی سے متصل ہو جاتا ہے اور جس سے آتے ہی شانہ میں ہو کر براہ دماغ سیدھا [illegible] پشاب میں کچھ حرارت غریزی کو دباکر دہ افت پیدا کرتا ہے کہ بلا مباشرت ضبط نہیں ہو سکتا استحکام طاقت کیلئے مہینوں تک کھلی جائیں تو پھر کسی قسم کی تقویت اور دوا کی ضرورت نہیں ہوتی۔	۲
نمبر ۱	حقیقت میں گولیاں مجلوبی دھرکات ناجائز کے دفعیہ کیلئے سریع التاثیر ہیں۔۔۔	۲
نمبر ۲۲	ضعف ہو وشہ کی باعث عارضہ عرشت درقتہ ہو تو نمبر ۲۲ مفید ہے۔۔۔	۲
نمبر ۲۳	وجب حسن عدم تو یک منی کے سبب چھا جاتا ہے ایسی حالتیں نمبر ۲۳ بہت مفید ہے	۲
نمبر ۲۴	گھٹوا ہوا یکسل کی ہوا سی کیباعث جو قوت سے اگر گئی ہو تو نمبر ۲۴ مفید ہے۔	۲
نمبر ۲۵	خرابی بخار جنگ چرس افیون کی عادت سے ضعیف جگر وضعیف ہو تو یہ مفید ہیں۔۔۔	۲
نمبر ۲۶	چھوٹی عمر کی شادی کے سبب لاعلمی سے مایوسی وضعف باہ ہو تو ان گولیوں کا استعمال کرو۔	۲
نمبر ۲۷	قریب ایام حیض آنیسے کے استعمال سے ضعف بصارت ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔۔۔	۲
نمبر ۲۸	پرتقوسیلان جمع مال پیلے مفید پانی کے اخراج کے دفعیہ کیلئے اکسیر اعظم ہیں۔۔۔	۲
نمبر ۲۹	مشک وعنبر وغیرہ گرم ادویہ کے مزاج نقصان کے لئے یہ گولیاں عجیب الاثر ہیں۔۔۔	۲
نمبر ۳۰	عدم برداشت بردباری کے سبب دے ان خون بند ہو کر ضعف لاحق ہو تو یہ مفید ہیں۔	۲
نمبر ۳۱	دفعیہ کثرت استعمال تو یہ عظیم دماغ ضعف گردہ کے لئے اکسیر ہیں۔۔۔	۲
نمبر ۳۲	زیابطیس بند کشا دجلد جلد پشاب آنا وغیرہ امراض میں نقوبت حدہ دشانہ کیلئے اکسیر ہیں۔	۲
نمبر ۳۳	قوت حافظہ بڑھانے وبھول چوک دور کرنے کیلئے طلبا کو یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔	۲
نمبر ۳۴	امراض نامردی کا سبب نہ جانتے ہوا ور نہ حکیم ڈاکٹر نہیں تجربہ کر سکتے ہوں تو ایسی حالت میں ڈاکٹر کربی کا فاسفورس پل کا استعمال کرو اور یقین کرو کہ بلا شک امراض یہ گولیاں مفید ہیں۔	۲

مالوہ کلف خضاب ہیلا جمپیئے کے نیل کیطرح لگانیسے بال سیاہ ہوتے ہیں جلد پر داغ نہیں پڑتا ہے [illegible] تک یہ سیاہی قائم رہتی ہے برابر ان تک گرا برابر لگایا جائے تو جڑ سے کھوپڑی سیاہ نکل آتی ہے باندھنا نہیں پڑتا ضرور نہیں سر پر تیل لگانیسے ۵ منٹ بعد بال سیاہ ہو جاتے ہیں بد بو کا نام نہیں پڑتا [illegible] بکس جس میں ملے کیلئے موسا [illegible] بکس ۶ روپیہ ۶ آنہ کیلئے بغیر سامان امتحان کیلئے۔۔۔۔

المشتہر جوبلی کمپنی برانچ آفس رزیڈنسی اندور

معجون نشاط افزا

یہ معجون اثیر معجون حلق ہوتے ہی اپنا جادو اثر دکھاتی ہے اس کا بھینا جیسا سرد مرد بیمار اور مال کو دور کرکے طبیعت کو نشاط اور خوشی کی طرف راغب کر دیتا ہے۔ مقوی اعضا رئیسہ اور بدن کو فربہ کرنے میں بے نظیر ہے۔ بخش پسند اصحاب کے لیے تو واقعی بہت ہی مفید ہے کہ ایک گھنٹہ قبل از وقت کرنے سے تمام اس تعدد طاقت بخشی ہے کہ جس کا بیان نہیں ہو سکتا کے علاوہ نہایت لطف دیتی ہے۔ قیمت فی ڈبیہ دو روپیہ علاوہ محصول ہر یکہ بیماری کی نہایت مجرب اور شرطیہ دوا بھیجی جاتی ہیں۔ پوری فہرست طلب کرو۔ حکیم ڈاکٹر جنرل ادویہ جات ہر قسم غیر ادویات مالک و مہتمم شفاخانہ انگریزی دوا خانہ فیروز پور

انگریزی دوائیاں

ہماری دوکان میں تمام انگریزی دوائیاں ہسپتالوں اور سرکاری دواخانوں کے استعمال کے لئے اور تمام مشہور اور مفید پیٹنٹ میڈیسن موجود رہتی ہیں۔ بڑی بات یہ ہے کہ تمام سٹاک تازہ اور فلائت ہے۔ ہر ایک گاہک سے نہایت ایمانداری کے ساتھ معاملہ کیا جاتا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ صرف ایک مرتبہ ہم کو آزمائیے پھر ہمارا معاملہ آپ سے خود سفارش کریگا۔ جو اپنے گاہکوں کو تمام ایسی اشیا جو ہمارے ہاں موجود نہ ہونگی تعمیر کرنے کمیشن کے ہم پہنچا دیا کریں گے۔

المشتہر عبدالستار ایم ڈرگسٹ۔ تاجر ادویات سانگلہ کلاں

کپڑے کے سوداگر

رادھا اینڈ سنز ڈبی بازار۔ لاہور

ہر قسم کا اون سے ادنی اور اعلیٰ سے اعلیٰ کپڑا ریشمی سوتی اونی پٹی ہوئی جرابیں سوئٹر وغیرہ وغیرہ

خریدنے کرنے والے کے لئے سب سے ایک نرخ

ایک مرتبہ کی آزمائش سے امتحان ہو جاتا ہے

دوسری دفعہ گاہکوں کی طرح جو فروش گندم نما نہیں

سب سے آسان ترین اور باکفایت ذریعہ

کپڑا خریدنے کا اگر کوئی ہے تو صرف

دکان رادھا مہر بازار مقابل مسجد سنہری ڈبی بازار۔ لاہور

(ناظرین کے رفع تکلیف کی خاطر)

ہر ناپ کے لیے سلائے کپڑے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ اور جب خواہش ناپ دیں بغیر خاطر خواہ کم از کم وقت میں تیار ہو جاتے ہیں۔ دوائی بھیجنے پر ناپ گلا۔ آستین۔ لمبائی لکھ کر بھیجنے

نہایت ارزانی قیمت میں تیار کرنے پر یا بذریعہ وی پی ایبل ہوگا

ہمارے بھائیو یہ وہی نئی کتاب ہے جس کا مطالعہ ہر مسلمان مرد عورت

دنیا کے ہر حصہ و تجارت کر رہے ہو اب دینی تجارت کی طرف بھی توجہ کرو۔ جس کی نفع زاد آخرت ہے۔ وہ یہ ہے کہ حدیث شریف کی مشہور کتاب یعنی مشکوٰۃ کا ترجمہ سلیس اردو میں اسطور کر کے کمال صحت و صفائی سے چار حصوں پر چھاپی گئی ہے۔ اور حاشیہ پر وہ تمام صحیح حدیثیں جو مشکوٰۃ میں نہ تھیں اور شرح میں پائی جاتی ہیں۔ متن عربی حاشیہ جلی قلم سے باعراب ہے جو قیمت فی حصہ ملے گی۔ کتاب نہایت مفید اور نیکی لیاقت والے کو بھی دیکھنے سے حل ہو جاتا ہے اس کی خوبی دیکھنے سے معلوم ہے۔ ایک جلد بطور نمونہ منگوا کر ملاحظہ فرماویں۔ باقی تمام دینی کتابوں کی فہرست موجود ہے۔ آنہ کا ٹکٹ آنے پر بھیج سکتے ہیں۔

المشتہر عبدالغفور و عبدالاول غزنویان کتبہ غزنویہ۔ مطبع القرآن والسنہ امرتسر

شائقین کو مژدہ

ہر قسم کے قطعات عربی فارسی۔ طغرا و خط کوفی۔ اردو اور گورمکھی۔ سنہری۔ کاغذ روغنی۔ قیمت سالم تختہ ۱۲ قیمت نیم تختہ ۶ پائی۔ قیمت چہارم تختہ ۳ پائی۔ خط جلیدار سنہری دینے والے قیمت فی صدی ایک روپیہ۔ نقاشی پر دینے والے فی صدی آٹھ آنے۔ کاپی لکھنے کی سیاہی فی سیر چھ روپے

المشتہر محمد میہ اخبار لاہور

حب لمعلک

گولیاں کیا ہیں افسون ہیں۔ انکی تعریف تو بہ تو بہ خلاف تہذیب۔ صرف کافی ہے۔ دو دفعہ کے استعمال سے یہ اپنی شہادت آپ دینگی۔ آزمایش شرط ہے۔ قیمت ایک درجن صرف

ابی بن کعب

کثرت اشتہارات نے سیاہ و سفید میں تمیز کرنا مشکل کر دیا ہے ہمارے ہاں چنال چنیں الفظ سارٹیفکیٹوں کے بنڈل اور جھوٹے اور سچے تعریفی خطوط نہیں بلکہ سچ بہ زبردست شہادت ہے۔ دوا میں شیر فکیہ ہیں اگر احیاناً سفید ہ پیدا ہو تو حلفیہ کچھ پر پیسے واپس

طلا

جہالی کی غلط کاریوں اور بے احتیاطیوں سے اعصاب کی کمزوری اور خرابیوں کی اصلاح کرکے ایک ہفتہ کے باقاعدہ استعمال سے بغیر کسی قسم کے آباد یا بسوزش کے اصلی حالت پہلا کر بے انداز قوت پیدا کر دیتا ہے

قیمت فیشیل طبی عرت تین روپے

خضاب

بہت سے اشتہاروں میں آپ نے خضاب کے عنوان سے حکماء کے دل و دماغ کے بھتے کو تو دیکھا ہی ہوگا۔ مگر ہر رنگ و بو سے دیگر است۔ شرطیہ ۵ منٹ میں حسب ہدایت استعمال کرنے سے بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ ہو لہان یا سفید ہونیکا عیب غایاں نہیں ہوتا قیمت (۱۲)

سرد پانی سے بال آئینہ کا رنگ

بغیر ترکیب پوڈر صرف ۲ منٹ میں بالکل صاف کر دیتا ہے قیمت فی ڈبیہ ۸

سفوف دافع دہان

عربان کی کثرت استعمال سے دانت کالے ہو جاتے ہیں اور یہ سفوف ان کو سفید کرنے میں بے نظیر ہے۔ قیمت فی ڈبیہ ۸

ہر قسم کی ادویات مالک و مہتمم شفاخانہ انگریزی دوا خانہ فیروز پور

ریاست کشمیر میں فکمہ پولیس بھی ہو گا جس افسر کے تحت کرنے کی تجویز پیش ہے ۔

معتمد لفٹنٹ گورنر پنجاب آجکل دورے میں ہیں ۔

ممالک غیر

شاہ یونان پر اتھنز کے باہر گاڑی پر سوار جاتے ہو کسی شخص نے پستول سر کیے ۔ گردہ بال بال بچ گئے ۔ مبینہ حملہ آور ایک ملازم نکلتا ہے ۔ جو اپنے جرم کا اقبالی ہے ۔ اور اس کو نشانے کے خطا جانے کا رنج ہے ۔

چین نے جرمنی کے بھرا پر دعوے کے حاکم کا تقرر منسوخ کر دیا ۔

انگلستان نے اپنا نصف قرضہ جو ۱۸۱۵ء فیصدی اہل کمپنی ۱۷۹۰ء کی صدی سالانہ سود پر چین کو دے دیا ہے ۔

روٹر نے یہ یقین سے اطلاع دی ہے کہ چین نے پرتگال کو بعوض بندرگاہ عام کھولنا منظور کر لیا ہے ۔

ہیر محمد کے کیمپ اتار پر حملہ کرنیکی تیاریوں کی خبر سکر بش سے گیٹ سمر جنوب کی طرف روانہ کیا گیا ہے ۔

روٹر نے ناری ٹاؤن سے اطلاع دی ہے کہ میرا لین میں عام بغاوت پھیل گئی ہے ۔ باغیوں نے سرحدی پولیس کی خوب خبر لی ۔ ویٹ انڈر جینٹ کے ایکسیو جوان موقع فساد پر روانہ کیے گئے ہیں ۔

کیپٹن ڈنڈاس نے دریائے لیوشن نصب کر دیا ہے ۔ اور تیلیوں کو تعلیمات پبلک کے بارے میں ہدایات دے دی ہیں ۔

فرنچ فرانس نے برٹش وزیر کو کہا کہ فرانس جرمنی کی طرح چین کے کسی بندرگاہ پر قبضہ کرنا نہیں چاہتا ۔

ہنن کلاں ۔ روس اور فرانس نے فرضہ یونان کے وسطی زمانہ کو منظور کر لیا ہے ۔ یہ ۱۸۱۵ء پونڈ فی صدی سود پر ہو گا

مسٹر کرزن نے انگلستان میں ویسٹ منسٹر کا ایک نوٹ پڑھا جس کا مضمون یہ تھا کہ روس چین میں جس بندرگاہ پر قابض ہو گا ۔ وہ دنیا کے جہازوں اور تجارت کے واسطے بند رکھا جائیگا ۔

ہوس آف کامنز میں مسٹر براڈرک انڈر سکرٹری نے تخمینہ فوج پیش کرتے ہوئے کہا کہ ۱۸۰۵-۱۳ آدمیوں کے واسطے درخواست کی گئی ہے ۔ جو صدی حال میں سب سے زیادہ ہے ۔

ہوس مذکور میں سپلائی کمیٹی نے کہا کہ سر مغربی افریقہ کا خرچ کم کیا جائے ۔ جو باعث اشتعال فرانس ہے ۔ کیونکہ برٹن کا اس کو تجنیدہ کرنا نہیں چاہتا ۔

وزیر فرانس نے یقین دلایا ہے کہ کوئی فرانسیسی فوج مغربی افریقہ کے سیشن سکاتو پر قابض نہیں ہے ۔

کہتے ہیں کہ امریکن جہاز میں نام اتفاقاً نہیں پھٹا ۔ اس میں ضرور کوئی سازش پائی جاتی ہے ۔

مسٹر کرزن نے ہوس آف کامنز میں اطلاع دی کہ ہندوستانی فوج لہاسہ کو بھیجی گئی ہے ۔ اس کا خرچ نہ ہندوستان ادا نہیں کیا جائیگا ۔

۲۸ فروری کو کون نے لارڈ فن کیسل کو ڈنڈ سر کیسل میں مخمور یہ کر اس کا نیلہ مرحمت فرمایا ۔

اگلے دن بدکام میں ایک دیسی عورت چاہ میں کود پڑی ۔ مگر مسٹر ہیری بوسول نے جو پاس کھڑا تھا ۔ نیچے اتر کر اس کو بچا لایا ۔ یہ سکول ماسٹر بھی کا بیٹا ہے ۔

Chamberlain's Cholera & Diarrhoea Remedy

چیمبرلینس کولک کالرا اینڈ ڈائریا ریمیڈی

(چیمبرلین صاحب کی تریاق ہیضہ اور پیچش کی دوائی)

(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

نہایت عجیب دوائی اپنی قسم ہو ۔ جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کی جاتی ہے ۔ تمام معدے کے دردوں کو فوراً دفع کرتی ہے ۔ خصوصاً ہیضہ پیچش ۔ زحیر و قے ۔ زحیر بچوں کا ہیضہ ۔ انتڑیوں کی ہر قسم کی بیماریاں

قیمت دو چھوٹی بوتل ایک روپیہ ۔ بڑی بوتل دو روپے ۔

لاہور میں تیجہ ضیاء الدین اینڈ سنز انارکلی پنجاب میڈیکل ہال ۔ اور امرتسر میں میاں فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے مل سکتی ہے ۔

اشتہار

بعدالت صاحب منتظم جائداد دیوالیہ لاہور

بمقدمہ امام الدین ولد پیر بخش ۔ وچن الدین وغیرہ ارائیں ۔ ساکن لاہور ۔ دیوالیہ ان ۔

مقدمہ ہذا میں ایک باغ بنام حوالا سنگھ والا واقع لاہور متصل ہیلو سٹی راہ ۔ ملکیت دیوالیہ ان ۔ مورخہ ۲۵ مارچ سنہ ۹۰ء کو احاطہ کچہری عدالت خفیفہ لاہور میں نیلام ہو گا جس شخص کو خریدنا ہو حاضر عدالت ہذا میں حاضر ہو کر بولی دیوے ۔ زر چہارم حسب نیلام پر وصول کیا جائیگا ۔ مزید حالات اگر کسی کو دریافت کرنا منظور ہوں تو صاحب رجسٹرار عدالت خفیفہ لاہور سے دریافت کر لیوے ۔

نیلام ۱۱ بجے دن کے شروع ہو گا ۔ ۱۴ فروری سنہ ۹۰ء

دستخط صاحب رجسٹرار عدالت خفیفہ لاہور

اگر یہ ثابت نہ ہو کہ پیسہ اخبار تمام ہندوستان کے اردو اخبارات سے بہت زیادہ اشاعت رکھتا ہے یا تمام ہندوستان میں صرف ایک غیر زبان کا اخبار اس سے زیادہ چھپتا ہے تو اشتہارات کی کچھ اجرت نہ لیجاویگی ۔

ضروری اعلان

پنجاب نیشنل بنک لمیٹڈ لاہور خاص شرح پر روپیہ جو منیجر سے دریافت ہو سکتی ہے جمع کرے گا ۔ ہاں کمپنی روپیہ جمع کرنے کو تیار ہے ۔

بھاری مسل منیجر

اب اس سستی گھڑیاں آ گئی کیا ہو گی ؟

میرے پاس حال میں دو تین میل کی گھڑیاں آئی ہیں جو قیمت کی نہایت صحیح ہیں ۔ اور قیمت میں بالکل کم ہیں ۔ کہ جن بالائی نشان گھڑیوں ہیں تریہ ہیں ۔ یہ گھڑیاں کم درجہ ملازمان وغیرہ کو انعام میں دینے کے لئے نہایت ہی اچھی چیز ہے ۔ اور ان کے واسطے بھی مفید ہیں ۔ جو دوست کی بابندی کرنا چاہتے ہیں ۔ ضرور اور جلدی منگا لیجئے ۔ سودا بھرا تھا تھا ہے ۔

نکلی کی پریا لمبے کی گھڑی

یہ گھڑی چھوٹے سائز کی دھاتی لمبی وضع کی ہے ۔ یہ گھڑی سہرے شکل سہنے کے ہے ۔ اس کی بیٹ کے ڈھکنے پر نقش لگا کیا ہوا ہے ۔ اس گھڑی میں دو گھنٹے کے بعد چابی دینی ہوتی ہے ۔ یہ گھڑی مضبوط اور خوبصورت بھی ہے ۔ ٹائم کی بھی سچی ہے ۔ گارنٹی بھی دو سال کی ہے قیمت فی عدد ۔

پندرہ گھنٹے کی کوک کی بنگال واچ

یہ گھڑی رنگین ڈائل کی ہے ۔ کل پرزوں کی نہایت مضبوط ہے خوبصورت بھی ہے اور ٹائم کی بھی اچھی ہے ۔ گارنٹی بھی دو سال کی ہمراہ ہے ۔ قیمت کی بھی سستی ہے یعنی صرف پین فی عدد ۔

تیس گھنٹے کی کوک کی پنجاب واچ

اس گھڑی کا ڈائل سفید ہے ۔ چابی اور مضبوطی میں اعلیٰ درجہ کی ہے ۔ دیکھنے میں بھی خوبصورت ہے ۔ گارنٹی دو سال ۔ قیمت فی عدد صرف چین ہے ۔

اخبار دارالحکومت کلکتہ

یہ اخبار جنوری سنہ ۹۰ء سے آٹھویں روز بہر جمعہ کو نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہونا شروع ہو گیا ہے ۔ ایک پیسہ خرچ کر کے نمونے کا پرچہ منگا کر ملاحظہ کیجئے ۔ اگر پسند ہو تو خریداری کے واسطے دو سہ پیسہ خرچ کر ڈالئے ورنہ خاموشی اختیار کیجئے ۔ قیمت سالانہ عاجز خریداروں سے صرف محصول ڈاک مقرر ہے ۔ قیمت درخواست کے ساتھ درکار نہیں بعد ۱۲ ماہ کے وصول کی جائیگی ۔ جب تک درخواست خریداری کی نہ آوے گی دوسرا پرچہ نہیں بھیجا جاویگا ۔ تین میل کی گھڑیاں جو اوپر لکھی گئی ہیں ان میں سے ایک میل کی ۶ گھڑیاں بکثرت منگانے سے جو ایک سال تک اخبار دارالحکومت مفت ملیگا ۔ تمام دنیا میں بے نظیر قرآن شریف جو ایک ورق میں پورا کیا گیا ہے ۔ دو قرآن شریفوں کا ہدیہ مع محصول ڈاک عدد ۔ معجون کبیر اعظم جو بہت مرضوں کے لئے مفید ہے قیمت فی ڈبیہ عدد ۔ بال بڑھانیکا بے نظیر تیل فی شیشی عدد ۔ بال اڑانے کا تیل دو شیشی کی قیمت عدد ۔ بوتل کا فضل فی صد عدد ۔ گھڑی کا محافظ فی عدد ۔ برقی انگوٹھی جو جریان کی جان دشمن ہے قیمت فی عدد ۔ ڈاکٹری چشمہ رنگین تالوں کا فی عدد ۔ برقی لاکٹ جو اپنی برقی قوت سے بچوں اور بڑوں کو مہلک بیماری سے بچاتا ہے قیمت فی عدد عہ ۔ گلاب کے پھول کے بٹن زنجیر دار ۔ تین بٹن کا سٹ ۔ تین لڑی کا ہار ۔ پارسل مفید موتیوں کا ہے قیمت فی عدد ۔ چار قسم کی دوا جس دو پھلائی عدد عہ ۔ انصاف ایک پھلائی عدد ۔

پبلک کا سچا خدمتگار ۔ محمد بخش احمق سوداگر مالک اخبار دارالحکومت کلکتہ ۔ کرلوٹولہ ۔ کٹڑہ غلمہ خان ۔

— الہ آباد سے کرسٹین مشنری ہیرلڈ کا پرچہ رکنے ہوئی ہے۔

— ۱۰ فروری کو سکھر میں ٹارنٹھ ڈیسٹرکشن ریلوے سٹیشن ایک انجن میں ایک مسافر کی جیب پر نوٹ کے وقت چور سے گتھم گتھا ہوا۔ اسکی ۱۴ سالہ لڑکی چور کو زخمی کرنے پر پکڑی گئی مشہور ہوئے پر چور رہا ہوا۔

— آنریبل نواب سید امیر حسین صاحب سٹرای سٹر لیو جیرد کی جگہ کارونر کلکتہ مقرر ہوئے۔

— بلوہ سنا کے متعلق اماں ۱۰ کے دسمبر تقریری پریس قائم کیا جائیگی جس کا پریس کوگل کے سر سے نکالا جائیگا۔

— سیسلی مدرس ۳۰ ہزار روپے سالانہ پر پرنسپل گورنمنٹ سے لیگی۔ اس کی دانست میں ۱۰ ہیپر سیکل پرچہ ہے جس کو کمیٹی کو کوئی سروکار نہیں۔

— علی پور میں مسٹر چیٹرجن پریس فرانسس کو اغوا کرنیکا مقدمہ دائر ہے۔ جو پریس کو مختلف جگہ چھپاتا پھرا۔

— حضور نظام نے حکم دیا ہے کہ آئندہ جب کبھی ہوڈیشل امتحان ماہ فروری و مئی کے ایام تعطیلات میں آئے۔ یہ ماہ اردو شیر تدا لیا جایا کرے۔

— ہر ہائی نیز اور گورنمنٹ نظام نے سنوں کی تعمیل کرنیکا جس میں انتظام کیا ہے۔ جس کے واسطے کوئی زائد فیس دیگر دوسری ریاست سے نہیں لیجائیگی۔

— میونسپلٹی کراچی کو اپنی ضروریات پوری کرنے کے واسطے لیموں اور دیگر پر محصول لگانے کی اجازت دی گئی ہے۔

— سنگر گیلین کونسل جنرل ائی جو سروس سے علیحدہ ہوا ہے کلکتہ اور بمبئی کی راہ سے واپس گیا ہے۔

(لاہور سے پنجاب و سرحد)

— ۱۰ فریدی اطلاعات جنوبی وزیرستان کی طرف مائل ہیں سوائے کوئی بندوق سر نہیں کرتے۔

— ۲ آفریدیوں نے اپنا گل جرمانہ ادا کر دیا ہے اور زنجیل کی مخالفت کی گفتگو کر رہے ہیں۔

— سٹاف صارجنٹ میٹر شعلہ گمسریٹ ڈیپارٹمنٹ لے ۲۰ [illegible]

— ایم شیل جو سرحد سے نکما ہو کر آیا تھا سیالکوٹ [illegible]

— ڈوراں پنڈی کے گھوڑے اب لغو نہیں [illegible]

— [illegible] کے چوروں کا ایک مجمع [illegible]

— [illegible] نے کئی قصبے تباہ کئے ہیں۔ [illegible]

— [illegible] کے اونٹ [illegible] کے ہاتھ گنگر [illegible]

— [illegible] کے ساتھ [illegible]

— [illegible] کی [illegible]

— کرنل میسی کمشنر جالندھر چھاؤنی اپریل میں ہند سے روانہ ہونگے۔

— مسٹر ڈی ہر مرجی قائمقام ڈپٹی پوسٹ ماسٹر سنگاپور کے ڈپٹی پوسٹ ماسٹر ہوئے۔

— دہلی میں ایک نیا اردو اخبار نکلنے والا ہے۔ جس کی ایڈیٹر ایک عورت ہوگی۔

— ہز ایکسی راجہ صاحب فرید کوٹ نے اب لگت کے مشہور آرڈر دیدک حکیم کو بیاج بنے رتنا سین کا خطاب شروع کیا ہے۔

— پوسٹ آفس گوگیرہ ضلع شیخوپورہ کی صندوقچی نقدی کی حفاظت کے واسطے تھانے میں رکھا کرتا تھا وہاں سے گم ہوا۔

— داؤدی گروہ کا مشہور رقاص چھبی سخت علیل ہے اس کے بعد صحتیابی کے سفر جانے کا ارادہ مصمم کیا ہے۔

— ہیپر صاحب کا انجینیر مسر سالٹر پائن پشاور اور لاہور کی راہ سے ولایت گیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ سرحدی مہموں کا کابل میں مطلق کوئی اثر نہیں ہوا۔ ہیپر صاحب کی صحت غیر معمولی طور پر اچھی ہے۔ مگر لوگوں کے درہ خیبر کے بند ہونے سے بہت مالی نقصان پہنچ رہا ہے۔

— اکبر رایس قزاقوں نے ایک مہاجن کو لوٹ لیا۔ بنیے بہت ڈر گئے ہیں۔

— گزشتہ بدھ کی رات کو صاحب سٹی سپرنٹنڈنٹ امرتسر نے ایک مکان واقع قلعہ بھنگیاں سے ۲۰ مشہور قمار باز مع نقدی وغیرہ کے گرفتار کئے۔

— گزشتہ اگست سے ۲۰ ویں سکھ پلٹن کے پورے آٹھ افسر مجروح و مقتول ہوئے ہیں۔

— فضل کی رپورٹ بہت اطمینان بخش ہے۔ بیماروں کی امیدوں سے لوگوں میں جان پڑ گئی ہے۔

— آفریدی کبھی تو تیدیوں کو ننگا کر کے اور کبھی آفریدیوں کا لباس پہنا کر بھیج دیتے ہیں۔

— زکا خیل ملک خواص خاں اور ولی محمد اجازت ملنے پر افغان ملک سے واپس آنا چاہتے ہیں۔ اگر یہ مل جائے تو بہتر ہے۔

— مقام بارگاہی میں کیپٹن بارول افسر ہم گورکھا اپنے ملازم کے ہاتھ سے گولی لگنے سے ہلاک ہوا۔

— ضلع جالندھر کے نئے موضع سہلوا در ضلع ہوشیار پور کے موضع بھمال میں طاعون نمودار ہوا ہے۔

— ریاست کشمیر کے ضلع کارجل سے کئی آدمی اپنے افسروں کی دربار کی خدمت میں شکایت کرنے کے واسطے جموں آئے ہیں۔

— شہر اسالہ امتحان انٹرنس کا سنٹر مقرر ہوا ہے۔

— گزشتہ منگل کو پشاور میں ۳ رائفلیں چوری اور ایک خون ہوا۔

— کمیشن بمقام ۱۰ اپریل سے ۴ تک لاہور میں شہادتیں لیگا۔

— ہر سالٹر پائن کو آئے ہوئے جلال آباد میں کئی آفریدی فرنٹے نظر آئے۔

— ۱۱ مارچ کے بعد کشمیر کے سکے مروج ہونے سے رہ جائینگے۔

— اس وقت خیبر حافظ کے ۷۰ بھاگے ہوئے سپاہی ڈوگہ خاں اور ولی محمد خاں کے ساتھ ہیں۔

— ۱۲ ویں بنگال انفنٹری کا ایک سپاہی اپنے صوبیدار میجر کو ہلاک کر کے بھاگ گیا ہے۔

مشہور ریلوے کمپنی لیور واچ کمپنی کی [illegible]

[illegible] کا پیچا قادم [illegible]

مسلمانو غنیمت سمجھو

انجمن محمدی ہمدردان ہندوستان لاہور

اپنے ممبروں کی وفات کے بعد اُن کے متعلقین کو سینکڑوں روپے کی امداد دیتی ہے

بجالیکہ ممبر کو زیادہ سے زیادہ اپنی زندگی میں ایک روپیہ ماہوار اور

عہ سالانہ چندہ دینا پڑتا ہے

خود ممبر اور اپنے رشتہ داروں کو خبر دیں

قواعد منگا کر ملاحظہ فرماویں

المشتہر شیخ گلاب الدین مختار عدالت و سکرٹری انجمن محمدی لاہور

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

حضور وائسرائے کی لیجسلیٹو کونسل کا اجلاس آئندہ سوموار ۱۰ مارچ کو ہوگا ۔

راجہ رامپال سنگھ صاحب ڈسٹرکٹ اور سیشن جج گڈھ والا ریپریزنٹیٹو منتخب ہوئے ۔ اور نیز تیسری دفعہ لیجسلیٹو کونسل کی ممبری کے امیدوار ہوئے ۔

پنڈت راج ناتھ صاحب سب جج کے مراد آباد سے جموں پوری کو تبدیل ہونے پر وکلائے کورٹ کے کمرے میں ان کے ریاضات کی تعریف کی اور انکی مفارقت کے دلسوزی اظہار کیا ۔

بمبئی میں جہاز کمڈالا کی مشین اتوار کے تجربہ کرتے ہوئے ایک ملاح کا ہاتھ اڑ گیا ۔

حضور لفٹننٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی کے ماتحتی ... کی رخصت پر جانے کی سرکاری طور پر تصدیق کی گئی ہے انکی جگہ یا تو سر جان وڈ برن یا مسٹر جے ۔ ڈی ۔ ٹوچی کام کرینگے ۔

گورنمنٹ ہند نے اودھ بنگال لیجسلیٹو بنگال مغربی بنگال میں پنجاب الفنٹری اور ۳۵ ویں سکھ کے افسروں کو ... کی بہادری کے صلے میں آنریری میرٹ کا تمغہ دینے کا منظور کیا ۔

ٹریونڈرم سے اطلاع ملی ہے کہ ایک ہزار روپے کی ہیرے ... انگشتری کا جو بمبئی شد ۔ پارسل گم ہوا تھا وہ مل گیا ہے ۔

پریسیڈنسی مدراس میں سارے ڈپٹی مجسٹریٹ ججوں اور منصفوں کے بے ترتیبی سے کام کرنے کی جو شکایت تھی اس کو دور کرنے کے لئے ہائی کورٹ نے حکم دیا ہے کہ تمام دیسی افسر اپنے جوڈیشل کام کے وقت کی نسبت اپنے ڈسٹرکٹ ججوں کو رپورٹ کیا کریں ۔

ایس میگوس گوا میں بمبئی کے تمام مسافروں کے واسطے ۴۸ گھنٹے کا قرنطینہ قائم کیا گیا ہے ۔

ایسٹرن بنگال ریلوے کے سٹیشن جلپائیگوڑی پر سوموار کے ۱۲ سو گھنٹے گم ہو گئے ۔

مسٹر ہیم پونٹ ماسٹر جنرل شمال و مغربی صوبجات و اودھ ماہ اپریل میں رخصت لیتے ہیں ۔ اور اس کے بعد سروس سے علیحدہ ہوں گے ۔

گورنمنٹ مدراس نے لکچر تھیٹر اور کونجارا ملک لائبریری میں گیس کی روشنی کے واسطے ۱۰۴۹۰ روپیہ منظور کیا ہے ۔

کراچی کے ایک وکیل لالچند جوہر مل پر اس کی بیوی نے اس مضمون کی نالش کی تھی کہ وہ اس کی زندگی میں دوسری دفعہ کرنے کا صاحب جج نے عورت کے حق میں ڈگری دی جس کا اپیل ہونے والا ہے ۔

سر جارج رائڈ ڈیکٹ جنرل بنگال کی بیٹی کے سر ہنگ کے ... لوازم جہاز کے ساتھ بھیجنے کا غلبی الصوم پر چھا ہو رہا ہے ۔ ان دنوں کی ابھی لکھنؤ میں شادی ہوئی تھی ۔

گورنمنٹ نے تسلیم کیا ہے کہ ناٹو بھائیوں کی جائداد ضبط کرنے میں جلدی ہوئی ہے ۔ ڈسپر مدراس سنڈیکٹ روڈ کہتا ہے کہ مسٹر ناٹ کو ما خوذ کرنے میں بھی ایسا ہوا ہے ۔

برٹش انڈیا سٹیم نیویگیشن کمپنی کے افسروں کا ایکا دور ہو گیا ہے ۔ رنگون ۔ مدراس ۔ کلکتہ ۔ بمبئی اور کلکتہ میں کام خوب چل رہا ہے ۔

ہائیکورٹ مدراس کے مستقلہ بمبئی کے کارپوریشن اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا پسر خود ایک وکیل ہے ایک ... کے مقدمے میں ماخوذ ہوا ہے مقتول طالبعلم تھا ۔ اس کی لاش ۸ روز کے بعد ملی تھی ۔ تین دیگر ملزم زیر حراست ہیں ۔

ہائیکورٹ پریذیڈنٹ میسور سر کے شیشادری ایگزیکٹو عملہ کے ساتھ لارڈ الگن کی ملاقات کے واسطے گئے ہیں اور واپسی کے وقت بھائی نگر سے ہوتے ہوئے آئینگے ۔ جہاں نوجوان مہاراجہ صاحب کی شادی کا انتظام ہو رہا ہے ۔

پونہ کے مشہور قاتل دھوندو پنت کی چاپیکار کی طرف سے مسٹر برٹن ہیرسٹر ایٹ لا ہائیکورٹ بمبئی اپیل کی پیروی کرینگے ۔

حیدرآباد کا ایک ... انسپکٹر آرچرنام جس نے ۲ سال گزرے ہیں کہ اپنی بندوق ایک دیسی کے پاس فروخت کی تھی ۔ اب پتہ ملنے پر زیر حراست ہو لے ۔

رنگون میں ایک گشت کرنے والے افسر نے جہاز پنٹا گوٹہ میں ۹ اگوے فیجین کے پکڑے ہیں ۔ جن کا وزن ۲۰ ٹن ہے اور مالک کا کوئی پتہ نہیں ۔

بمبئی میں جو نرس طاعون سے مری ہے اس کی نسبت ہز میجسٹی نے دلی اظہار رنج کیا ہے ۔

بنگ بنگال کے ڈائرکٹروں نے اپنی شرح سود ۲ فیصدی کر دی ہے ۔ لہذا سرکاری پرامیسری نوٹوں پر قرضہ ۱۳ فیصدی کے حساب سے ملا کریگا ۔

دریائے جمنا میں ۳ روز کی طغیانی میں چاول ۔ سن اور نمک کی کشتیوں کو بہت نقصان پہنچا ۔ کئی کشتیاں الٹ گئیں اور ملاح بمشکل جانبر ہوئے ۔

۱۸۵۷ء ۹۶ء میں نئی پور میں مقتول برٹش افسروں اور سپاہیوں کی جو یادگار ۲۳۰۳۳ روپے کی لاگت سے تیار ہونی تھی اس کا کتبہ ٹوٹ گیا ہے ۔ جو انگلستان میں نیا تیار کرایا جائیگا ۔

۲۰ جولائی سے ۱۰ اگوری تک ٹیلانگ میں ۲۵۷ زلزلے محسوس ہوئے ۔

رنگون میں اکونٹنٹ جنرل کا جو عہدہ حال میں منظور ہوا ہے اسپر مسٹر سی ریوٹ کا رنگ محکمہ مال کے افسروں کے رخصت سے واپس آنے تک مقرر ہونگے ۔

۴ سو سکھوں اور مسلمانوں کی پلٹن کے علاوہ جو اوگنڈا جا رہی ہے ۔ چوتھا بمبئی انفنٹری کو بھیجا جانے کا ارادہ ہے ۔

مسٹر ایچ جی کک گشنر اور ڈویژن کمشنر بردوان مقرر ہوئے ۔ اور مسٹر جے سٹیونس قائمقام کمشنر بردوان سو اور ڈیسہ کو تبدیل ہوئے ۔

اس وقت تک ۷۰۸ حاجی جہاز گنگ سے جہازوں پر سوار کئے گئے ہیں ۔ اور باوجود کوششوں کے اور کوئی جہاز اس سفر کے واسطے نہیں مل سکا ۔

بنگال میں صرف سنسکرت زبان کی ایک یونیورسٹی قائم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے ۔ بڑے بڑے معزز ہندو اس کے حامی ہیں ۔

طاعون کے متعلق سنا ہے جن لوگوں نے ٹیکہ کیا تھا اس کے اہلکار بمبئی میں زیر تجویز ہیں ۔

مسٹر سیتھ کلکتہ میں پولو کھیلتے ہوئے گھوڑی سے گرے تھے اب تک ہاسپٹل میں بیہوش پڑے ہیں ۔

سنا ہے بمبئی میں اس قدر چاول پیدا ہوتے ہیں کہ فریب ۱۹۳۰ء تک باہر بھیجنے کی گنجائش ہوگی ۔ سال کا چہارم حصہ اس وقت تک رواں ہو چکا ہے ۔

ایسٹرن بنگال ریلوے کا حصہ ملیٹی سے سیالدہ تک اور ایسٹ انڈیا ریلوے کا بردوان سے ہوڑہ تک ڈبل کیا جائیگا ۔

تازہ سرکاری رپورٹ کے مطابق ۲۰ مارچ کو ... ایک ملین پونڈ کی شدہ تخمینہ کے ۳۲۰۵۹۰۰ پونڈ ۳۱ مارچ سے پہلے بذریعہ کونسل ... بھیجنے والے تھے ۔

الہ آباد میں سارگدھی کے جوانوں کی یادگار کے واسطے ۲۴۵۸۸ روپے چندہ ہو چکا ہے ۔ ایک سو روپیہ سو ... کے افسروں نے ... ہے ۔ اس میں ۱۰۰ روپے شامل نہیں ہیں جو سکھوں نے جمع کی ہیں ۔

صاحب لیجسلیٹو کونسل ... کے آنریبل کو بمبئی میں وارد ہو کر دوسرے روز مہاراجہ صاحب جودھپور کو گدی نشین کیا اور ۱۹ کو واپس آ گئے ۔

ایسٹ انڈیا ریلوے کے مہاری سٹیشن پر دو مال گاڑیاں ٹکرا لینے سے ٹکی ہو گئیں ۔ اور تیسری مال گاڑی جو کھڑی تھی اس کو سخت صدمہ پہنچا ۔

فیصلہ ہوا ہے کہ جو ملٹری افسر ۳۰ سال کی سروس کے پہلے علیحدہ ہوں ۔ ضرورت کے موقعوں پر ۵۰ سالہ عمر تک ... کی صورت میں واپس بلوا لئے جایا کریں ۔

صاحب مشن جج پونہ نے ۳ ملیک مقدموں اور ایک پولیسمین کو ایک ہندو مرضیہ عورت کا ہزار روپیہ جو ... علت میں ... کے عقیدی ۔

۲ مارچ کو کلکتہ میں لارڈ ریڈنگ کا بت گلوبنے کے وقت جنگی پریڈ ہوئی ۔ ۲۰ اور ۲۱ توپ کی سلامی سر ہوئی ۔

ٹاٹ ... بوریاں اُن اشیائی فہرست ... جو طاعون پھیلانے کا باعث قرار دی گئی ہیں ۔

میجر جنرل سٹراہن ڈائرکٹر جنرل ... ڈیپارٹمنٹ کی خدمات کو ڈیڑھ سال کی وسعت دی گئی ہے ۔

ہند میں پاسپورٹ ایکٹ ... کی سخت شکایت ہو رہی ہے ۔ لہذا اس ایکٹ کی گنجائش نہیں ہے ۔

سرکاری طور پر مشتہر ہوا ہے کہ ۱۱ اپریل کو ہندوستان میں ایسٹر ڈے کی عام تعطیل ہوگی ۔

مسٹر ڈیلیونگ سلی ۔ ایس ۔ ٹی ۔ سابق جوڈیشل کمشنر اودھ انگلستان میں فوت ہوئے ۔

ہند میں پیداوار روئی کا تخمینہ ۴۷ لاکھ گٹھے کیا گیا ہے ۔ جبکہ تعداد سال گزشتہ میں ۱۸ لاکھ تھی ۔

بڑودہ میں چور ایک جوہری کی دوکان سے ایک لاکھ روپے کے جواہرات نکال کر لے گئے ۔

ذریعوں کو مسدود کر دیا ہے؟

ہمیں لارڈ الگن بالقابہ اور اُن کے قابل مشیروں کی دانشمندی پر کامل بھروسہ ہے کہ وہ اس اہم مسودہ قانون کو جلد بازی کے ساتھ پاس کرنے کے درپے نہ ہونگے وہ ملک کی عام رائے کو حقارت سے نہ دیکھیں گے وہ دیسی ممبران کونسل اور مختلف سوسائیٹیوں اور مجلسوں اور ملک کے اخبارات کی کارروائیوں کو غور سے ملاحظہ فرمائینگے اور جب چاہیے اخبارات ہند کی تحریرات کی نسبت ایک مکمل تحقیقات فرمائینگے جس کا بہترین طریق یہ ہے کہ ایک کمیشن جس میں کم از کم چار ہندو چار مسلمان اور پانچ انگریز ہوں اور نصف سرکاری اور نصف غیر سرکاری ممبر ہوں اُن کے سپرد اس امر کی تحقیقات فرمائیں کہ وہ اخبارات جنکے گزشتہ دس سال کے فائلوں کو غور سے ملاحظہ فرما کر اس امر کا فیصلہ فرمائیں کہ آیا کوئی ایسے واقعات پیش آگئے ہیں جن کی وجہ سے اس سال پیٹ لارڈ ڈفرن نے جو رائے دیسی اخبارات کی نسبت ظاہر فرمائی تھی اُس کی تکذیب کیجائے؟ تین چار سو قابل سترجم جو اردو سے انگریزی ترجمہ کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ دیسی اخبارات کے خاص خاص مضامین کے ترجمے کے لئے مقرر ہوں۔ اور گو اس صورت میں کچھ خرچ بھی برداشت کرنا پڑیگا۔ مگر جس صورت میں سرحدی جنگوں کے لئے کروڑ ہا روپیہ خزانہ ہند سے نکلنے کی گنجائش ہو سکتی ہے تو اس ضروری اور قومی خرچ کے لئے بھی گنجائش نکل ہی آئیگی۔ اور پھر لارڈ الگن بالقابہ کو تمام روپیہ مقدمہ خود پڑھ لینے کے بعد بجھٹ دینے میں بہت سہولت ہوگی۔ اور یوں خیالی اور سنی سنائی بیہودہ شکایتوں کی بنیاد پر اس قدر عام ناراضی رعایا کے دلوں میں پیدا کرنے کی صنعت ملکی کے سراسر خلاف ہے۔

ہم دیسی اخبارات کے حق میں کوئی رعایت نہیں چاہتے ہم ان کے بارے میں ناجائز اغماض کی پالیسی کے محرک نہیں ہوتے۔ ہم اُن کو گورنمنٹ کی مخالفت میں حوصلہ دلانا نہیں چاہتے۔ ہم اُن کو اپنی پیاری برٹش گورنمنٹ کی طاقت ضعیف کرنے کا ذریعہ بنانا نہیں چاہتے۔ ہم ان کو انگلیڈ اور فرانس اور امریکہ کے اخبارات کی طرح منہ پھٹ اور بدلگام اور باغی دیکھنا نہیں چاہتے۔ لیکن ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ وہ بقول لارڈ ڈفرن کے سردنگی اور دلیری اور آزادانہ راست بازی کے ساتھ اپنے ملکی حقوق کی وکالت کر سکیں۔ ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ وہ ظالم اور مردم آزار سرکاری افسروں کی قلعی کھول سکیں۔ ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ وہ آزادی کے ساتھ گورنمنٹ کی لغزشوں اور دانستہ یا نادانستہ کرداری درے تک کے حکام اور افسروں کی ناواجب یا غلط کارروائیوں کی قلعی کھول سکیں۔ ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ ہمارے اخبارات بقول لارڈ ڈفرن گورنمنٹ کی رہنمائی اور مددگاری۔ اور ہماری یہ ضرور خواہش ہے کہ اخبارات کو بے دھڑک رعایا کا ہر ایک بند۔ اور ہر ایک فیلنگ حکام کے سامنے پیش کرنے کا موقع دیا جائے۔ اگر اخبارات سے یہ قابلیتیں ڈرکٹ طور پر معدوم کرنے کے وسائل اختیار کئے گئے۔ تو پھر ہمیں مطلق کسی اخبار کی ضرورت نہیں ایسی حالت میں ایک خوشامدی پریس کی موجودگی کی بہ نسبت ہم ہزار درجہ زیادہ پسند کرینگے کہ ملک میں کوئی ایک اخبار بھی موجود نہ رہنے دیا جائے کیونکہ ایسے ننگ ملک اخبارات قوم کے حق میں طوق لعنت اور ہادیے ہموطنوں کے لئے باعث شرم و ذلت ہونگے۔ اور جس قدر جلد ایسی اخبار نویسی کا قلع قمع کیا جائے اسی قدر گورنمنٹ اور رعایا کے حق میں مفید ہوگا۔ اور واقعی نہایت ہی ذلیل اور پست خیال وہ لوگ ہونگے جو ایسی حالت میں اپنے اختیارات کو جاری رکھیں گے؟

خاکسار محرم علی چشتی

ریل والے نقصان کے ذمہ وار نہیں

گو ابھی تک اس سوال کا پورے طور پر فیصلہ نہیں ہوا کہ ریلوے کمپنیاں اُن اسباب کے نقصان کی ذمہ وار ہیں یا نہیں جو مالک اسباب اپنی ذمہ داری پر ریل کے سپرد کرتے ہیں اور جو رسک نوٹ" پر دستخط کر دیتے ہیں۔ لیکن اب تک جو قانونی رائیں معلوم ہوئی ہیں وہ ریل والوں ہی کے حق میں ہیں۔ چند روز ہوئے ایرانڈیا چیمبر آف کامرس کی کارروائی کے متعلق کلکتہ کے ایک کارخانہ سالسٹران کی رائے ان کالموں میں درج ہو چکی ہے۔ اب اخبار پائونیر ایک دوسرے ایسے واقعہ کی کیفیت درج کرتا ہے کہ جس میں مسز آر رابرٹسن اینڈ برٹل سالسٹران کلکتہ نے اسی قسم کی رائے دی ہے۔ سوری کے ایک بڑے کارخانہ تجارت کے لبوڑہ کے ایجنٹ نے مالک کی ذمہ داری پر انیس گٹھے اسباب کے بہار پر کو روانہ کئے تھے کہ جن میں سے صرف ۱۸ گٹھے منزل مقصود تک پہنچے اور اکتیسواں گٹھا جس میں ایک بڑا پیسہ لیمپ کا اور دیگر قسم کا سامان شیشہ آلات کا تھا اور جو وزن میں سب سے زیادہ اور قیمت میں دو سو روپے سے اوپر کا تھا دوران راستہ میں گم ہو گیا۔ غالباً یہ گٹھا چرایا گیا ہوگا کیونکہ یہ کوئی چھوٹا سا پیکٹ تو نہیں تھا جو ریل والوں نے پس و پیش رکھ دیا ہو۔ مگر ریلوے کمپنی نے اس نقصان کی ذمہ واری سے انکار کیا کیونکہ لبوڑہ کے ایجنٹ نے مالک کی ذمہ واری پر دستخط کر دیا تھا اس معاملے میں قانونی رائے جب لی گئی تو یہ ہوئی ہے "دفعہ ۱۷۲ (۱) ایکٹ ریلوے ہندوستان کے مطابق جو ریلوے کمپنی مال لیجانے کو بحیثیت ایک امین کے ہے۔ اور زیر دفعہ ۱۰۵ ایکٹ معاہدہ امانتداروں کو اس قدر احتیاط اس مال کی کرنی چاہیے جو اُن کی حفاظت میں ہو۔ جیسکہ ذی عقول شخص اپنے اسباب کی کرسکتا ہے۔ اور بالا خر زیر دفعہ ۱۵۲ ایکٹ معاہدہ امانتدار کسی خاص معاہدہ کی صورت میں نقصان کا ذمہ دار نہیں ہے"۔ البتہ اتنی بات باقی رہ جاتی ہے کہ ریلوے کمپنی کے ملازموں کی چوری اُس نقصان کے ذیل میں نہیں آ سکتی۔ لیکن یہ ثابت کرنا مالک کا ذمہ ہوگا کہ ملازمان ریلوے نے فلاں مال چرایا ہے جو ذرہ مشکل کام ہے۔ یہاں تک تو عام قانون کا منشا ہے۔ لیکن "رسک نوٹ" کے متعلق ایکٹ ریلوے بحاظ ہندوستان کی دفعہ ۷۵ (د) کا خلاصہ یہ ہے کہ جبکہ مال قیمت میں سو روپے سے زیادہ کا ہو تو ریلوے کمپنی اسکی ذمہ دار نہ ہوگی جب تک کہ بھیجنے والے نے بھیجنے کے اسباب کی کیفیت اور قیمت سے اطلاع نہ دیدی ہو۔ اور اگر اس کو کہا جاوے تو اس مال پر ذمہ داری (خطرہ) کے واسطے کچھ زیادہ فی صدی رقم ادا کرے تاکہ جب تک کسی اسباب کو خاص نرخ کرایہ دے کر ریلوے کی ذمہ داری پر نہ چھوڑا جائے نقصان کا ذمہ دار مالک ہوگا۔

جوڈیشل افسروں کی توہین

بعد یہ قانون سیڈیشن کے مطابق جو دیسی افسروں کی توہین شائع کرنے والوں کی بھی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسی طرح ضمانت لے سکیں گے جس طرح کہ سیڈیشن شائع کرنے والوں کی لے لیا کرینگے مسٹر ہے نے کونسل میں فرمایا تھا کہ سیڈیشن کا جدید قانون بنانے کی ہماری غرض صرف یہ ہے کہ ہندوستان میں حکومت انگریزی کو الٹا جانے سے بچایا جاوے۔ تو انہوں نے موجودہ قانون افسروں کی توہین یا اُن سے ڈرا دھمکا کر روپیہ وصول کرنے کے وسائل کو سیڈیشن کا جزو قرار دیا ہے۔ معلوم نہیں اس میں انہوں نے کونسا جز ہندوستان میں حکومت انگریزی کو تہ و بالا کرنے کا پایا ہے۔ جبکہ سٹریچی صاحب جج ہائیکورٹ بمبئی کے اس فیصلے پر کہ اعلیٰ حکام پر سختی سے نکتہ چینی کرنا سیڈیشن سمجھا جاوے سخت تعجب کیا گیا تھا تو اب جوڈیشل افسروں کی توہین کو سیڈیشن قرار دینے پر جس قدر تعجب کیا جاوے کم ہے۔

قانون سیڈیشن منظور ہو گیا

آخر کار ۱۸ فروری کی سپریم لیجسلیٹو کونسل میں مسٹر ہے کی نسبت کے بعد بحث اور مباحثہ کے ساتھ قانون سیڈیشن جیسا کہ گورنمنٹ چاہتی تھی ویسا پاس ہو گیا ہے۔ حضور وائسرائے نے اپنی آخری تقریر میں بیان کیا کہ ہم صرف سیڈیشن دبا دینے کے اختیارات چاہتے ہیں۔ ہم اس سے کچھ زیادہ نہیں مانگتے اور اس سے کچھ کم نہیں قبول کرتے۔ ہم ایسا قانون نہیں چاہتے جو کسی خاص فریق رعایا پر کسی معلوم ہو۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ ہم دیسی زبان کے اخبارات کے لئے الگ قانون نہیں بنانا چاہتے کیونکہ یہ اخبارات کا قانون ہی نہیں ہے۔ سیڈیشن کا قانون ہے۔ اور اس کے بعد قانون پاس کیا گیا۔

ایک گورے سیاہی کو سزا

دوم مارچ آنریبل رائکس کے گورے سکھ مین نامی کی عدالت میں ایک کہار کی گردن پر زور سے مکا مارنے کے مقدمے میں پیش کیا گیا تھا۔ اس میں مجسٹریٹ نے زیر دفعہ ۳۲۴ تعزیرات ہند ملزم کو قصوروار ٹھہرا کر تین ماہ قید سخت کی سزا دی۔ اور کہا کہ اگر طبی شہادت سے نہ ہوتا کہ زخم خوفناک نہیں تو قیدی کو ہائیکورٹ کے سپرد کیا جاتا کہ جہاں تک اس کو خاصا گئی سال قید کی سزا ملتی۔ ایسے آزاد اور منصف مزاج بہت سے مجسٹریٹوں کی ضرورت ہے تاکہ بلا لحاظ رنگ و قوم مجرموں کو سزا دیا کریں۔ تاکہ یہ خیال ہندوستان سے دور ہو جائے کہ گوروں سے مجسٹریٹ یورپین مجرموں سے نرمی کر جاتے ہیں۔

میں دکھائیں۔

انگلستان کے اخبارات جن کو بطور موڈل بے نظیر ہمارے اخبارات کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اور جن کو ہمارے لئے مضر اخبار نویسی اور آزادی کا وراء الوراء قرار دیا جاتا ہے۔ اُن کی اہمیت اور طرز تحریر کے بارے میں زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہر ایک ولایتی ڈاک پر پسند سے وہاں کے اخبارات کے جاری ہوتے ہیں۔ اُن کو دیکھ کر بخوبی تخمینہ کیا جاتا ہے کہ اخبارات موصوف کی درشت طرز تحریر کا لاکھواں حصہ بھی ہمارے اخبارات کے مضامین میں نہیں ہوتا۔ وہاں جو الفاظ وزیر اعظم اور ممبران کیبنٹ اور ارکین سلطنت اور حکام عالیشان کی نسبت لکھے جاتے ہیں۔ اگر اُن کا عشر عشیر بھی کوئی دیسی اخبار کسی معمولی اسسٹنٹ کمشنر کی نسبت لکھ بیٹھے تو مسٹر جسٹس سٹریچی کی تشریح قانون کے مطابق (ہر ایک ملازم گورنمنٹ در اصل گورنمنٹ ہے اور اُس کی مخالفت گورنمنٹ کی مخالفت ہے) اُن کا نی ہوا کھاتا ہوا یا پھانسی کے تختے پر لٹکا ہوا دکھائی دے۔ کیونکہ یہاں پر تو عدم محبت کا نام بغاوت ہے۔ اور دل میں خیالات عجب یا عدم محبت کے وجود کی نسبت فیصلہ کرنا تو درکنار (معاذ اللہ عالم الغیب مجسٹریٹ بانچ ہیں بلا کیا جاتا ہے کہ نصف صدی پیشتر انگلستانی اخبارات کو بھی بہت کم آزادی حاصل تھی۔ مگر اس آزادی کی کمی کے [illegible] کچھ الفاظ اور تحریرات خود بادشاہ وقت اور اُس کے کنبے کے متعلقین کی نسبت شائع ہوا کرتی تھیں اُن کو دیکھ کر ہر شخص کا عالم ہو جاتا ہے۔ آجکل میرے زیر مطالعہ حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے شوہر پرنس البرٹ آنجہانی کی سوانح عمری ہے۔ جو حضور ممدوحہ کی امداد اور سرپرستی سے سر تھیوڈور مارٹن نے لکھی ہے۔ سبھی بلی نے تحریر فرمایا ہے جو والی محبت اور عشق حضور ممدوحہ کو اپنے آنجہانی شوہر سے تھا اُس کے زیادہ تذکرہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ حضور ممدوحہ نے بارہا بیلک طور پر تحریر فرمایا کہ مجھے فخر ہے کہ میں ایسے عدیم النظیر متاہل اور مجسم اخلاق مرد شخص کی زوجہ ہوں اور اس شخص کی راحت میں میری راحت۔ اس کی تکلیف میں میری تکلیف ہے۔ اس کی عزت میں میری عزت اور اس کی توہین میں میری توہین ہے۔" اور پرنس ممدوح کی وفات کے بعد حضور ممدوحہ نے اقرار فرمایا کہ "پرنس البرٹ میرا شوہر تھا۔ باپ تھا۔ عاشق تھا۔ آقا تھا۔ دوست تھا۔ مشیر تھا اور راہ نما تھا۔" جس شخص کی یہ عزت و تکریم حضور ممدوحہ کے دل میں تھی۔ اور جو واقعی بھی ایسا ہی کے لائق ترین پرسنیلٹیوں میں سے تھا۔ اور اپنی پرسنیل لیاقت اور شریفانہ اخلاق اور دور رسائی کی بدولت کے لئے ضرب المثل تھا۔ اور جس سے بہتر خیر خواہ تاج برطانیہ کا شاید ہی کوئی پیدا ہوا ہو۔ البتہ بدگزیدہ شخص کی طبیعت پر چھنے سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ تمام غیر اخبارات انگلستان کے پاجیانہ اور کمینہ حملوں سے اُن کا خون نہ جگر ہوا ہو اور سوائے اس کے کہ اخبارات کی گالیوں کے صدموں کو شریفانہ تحمل اور وقار کے ساتھ برداشت کرتے یا کبھی بھی اخبارات کی بے انصافی اور بیدردانہ پالیسی پر دل برداشتہ ہو کر کچھ آپس نکال لیا کرے اور کچھ نہ کر سکا۔ اور باوجودیکہ حضور قیصرہ کو سخت روحانی تکلیف اخبارات کی ایسی درشت اور نامعقول و طعن و تشنیع سے بھری ہوئی تحریرات کے باعث ہوا کرتی تھی۔ مگر سوائے اس کے کہ وہ اپنے دلی دکھ اور درد کا بیان کریں۔ اور کسی قسم کی گرفت اخبارات پر نہ کی گئی۔ ۱۸۵۷ء میں جب سر رابرٹ پیل کی منسٹری کا معرکہ پیش آیا تو صرف اتنی بات پر کہ پرنس البرٹ پارلیمنٹ کے اجلاس میں بطور ایک تماشائی کے تشریف لے گئے۔ یہ نہ زیبا الزام قائم کیا گیا کہ وہ ملکہ معظمہ کی طرف سے ناجائز رعب ممبران پر ڈالنے گئے تھے۔ ۱۸۴۸ء میں جب تجویز پیش ہوئی کہ پرنس البرٹ کو کیمبرج یونیورسٹی کا چانسلر منتخب کیا جائے۔ تو اخبارات کی طرف سے سخت حملے ہوئے۔ اور اُن کے مقابلے میں لارڈ پامرسٹن کو جو رعایا میں سے تھا اور شاہ وقت کے مقابلے پر کھڑا کر دیا گیا۔ اور پرنس البرٹ پر سخت حملے ہوئے معاملہ دونوں پر منحصر تھا۔ اور جس میں ایک ہزار سات سو ۹۰ ووٹوں کے ۵۰۳ ووٹ پرنس ممدوح کے حق میں اور ۴۸۷ لارڈ پامرسٹن کے حق میں گزرے۔ اس موقعے پر جو تحریرات اخبارات میں شائع ہوئیں وہ ناگفتہ بہ ہیں۔ ۱۸۵۰ء میں لارڈ پامرسٹن کے استعفا کے موقعے پر پرنس ممدوح پر سخت الزامات شائع کئے گئے۔ اور ۱۸۵۳ء میں جب پرنس کابینہ بطور یادگار بنانے کی تجویز ہوئی تو اس وقت اخبار ٹائمز نے ایسے نامعقول آرٹیکل چھاپے کہ الامان۔ ان مضامین سے تنگ ہو کر پرنس البرٹ نے لارڈ گرینول کو ایک خط لکھا کہ مجھ بدنصیب کی خواہ مخواہ اخبارات میں شامت آگئی ہے۔ اور مجھ خواہ مخواہ متہم کیا جاتا ہے کہ میں اپنا ثبوت بلوانے کے لئے ناواجب دباؤ قوم پر ڈال رہا ہوں۔ اب میں نہ تو ان نامعقول حملوں کو برداشت کر سکتا ہوں۔ اور نہ میرے تو بہ کا وقار مجھے اجازت دیتا ہے کہ چیخیں مار کر فریاد کروں۔ ۱۸۵۴ء میں اخبارات انگلینڈ میں یہ غل مچا اٹھا تھا کہ پرنس البرٹ ناجائز طریقہ پر امور سلطنت میں دخل دیتے ہیں۔ اور حضور ملکہ معظمہ کی رائے پر ناواجب اثر ڈالتے ہیں۔ اس موقعے پر اخبارات نے سخت طوفان بے تمیزی اٹھایا۔ پرنس البرٹ نے ان دنوں میں ہیرن سٹوکمر کے نام جو خط لکھا تھا اُس سے اُس بیچینی اور رنج والم کا پورا موازنہ نہ ہو سکتا ہے جو اُن کو اخبارات کی تحریروں سے پیدا ہوئی۔ اس خط میں اُنہوں نے لکھا کہ "آپ نے میری ہمیشہ خیر خیریت استفسار فرمائی ہے۔ جسمانی صحت تو اچھی ہے۔ مگر روحانی صحت کا کچھ نہ پوچھئے کہ آجکل اخبارات کی مخالفت کا وہ طوفان اٹھا ہوا ہے کہ زندگی بے مزہ ہو گئی ہے۔ میری اور ملکہ معظمہ کی مخالفت میں ایسی تندی اور درشتی کے ساتھ جھوٹے اتہامات اور بہتان شائع ہوتے ہیں کہ جن کا اندازہ نہ کیا جا سکتا ہے۔ اور اب تو یہ حملے اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ جن کا کچھ ٹھکانا ہی نہیں۔ میں تحمل کے ساتھ ان حملوں کو برداشت کر رہا ہوں۔ اور اُمید ہے کہ پارلیمنٹ کھلنے پر ہماری طرف سے لارڈ ڈربی اور لارڈ رسل ان الزامات کا دندان شکن جواب دے چکے۔ اس وقت ان جھوٹے بہتانوں کی تردید تامی مکمل ہو سکے گی۔ ان حملوں کی درشتی اس حد تک پہنچ گئی کہ خود حضور ملکہ معظمہ نے ۱۸۴۰ء کو ایک خط [illegible] کے نام لکھا جس میں تحریر فرمایا کہ پرنس البرٹ اور میں [illegible] کی ملک ہیں۔ اور پرنس کی توہین کرنا گویا انگلستان کی [illegible] ہے۔ اور مجھے کبھی یہ امید نہ تھی کہ میری رعایا کا کوئی [illegible] کی مخلصتوں کی ایسی اعلانی کرے گا۔ اور گالیاں انگلستان [illegible] توہین کرے گا۔" ۱۰ جنوری ۱۸۴۰ء کو حضور ملکہ معظمہ نے [illegible] چٹھی ہیرن سٹوکمر کے نام لکھی۔ جس میں یہ فقرات لکھے ہماری بدنصیبی ہے کہ ایسے وقت میں جبکہ ہمیں ایسے کمینہ پاجیانہ حملے ہو رہے ہیں۔ اور جبکہ ہمیں سرتاسر مشورہ کی تحریری ضرورت ہے ہماری اکثر تحریرات اخبارات کی طرف سے بھیج رہی ہیں۔ [illegible] ہمارے پاس موجود نہیں میرے خاوند میں بجز اپنے وقار اور عزت کو قائم رکھنے کا ہے۔ اُس کی وجہ سے [illegible] دل اور جان پر چوٹیں لگتی ہیں۔ روز جنی ہو رہا ہے۔ [illegible] ذلیل کیا جا رہا ہے۔ اور گو اُس کا حوصلہ قائم ہے۔ مگر [illegible] تحریرات کے بے انتہا بوجھ کے باعث اُس کے چہرہ پر [illegible] چھائی ہوئی ہے اور وہ سخت بیمار معلوم ہوتا ہے۔ ایسے وقت [illegible] جبکہ ہم ایک غیر سلطنت سے جنگ کرنے پر آمادہ ہیں اخبارات کی اندرونی شورش ہم کو سخت رنج اور ایذا پہنچا رہی ہے۔ [illegible] میں اخبارات پر جو میری رعایا میں ہیں بدظن نہیں ہوں۔ میری رعایا ویسی وفادار رہے جیسی کہ ہمیشہ سے پہلے رہی ہے۔ صرف تھوڑا سا جوش و ولولہ اُن میں آگیا ہے۔"

اللہ اکبر! حضور قیصرہ ہند کا کیسا جوش شفقت ہے اپنی رعایا کے ساتھ ہے کہ ایسے گستاخانہ اور مفسدانہ حملوں کے مقابلے اور ایسی تکلیف اور رنج اور اندوہ و الم اور غصہ اور ناراضی کی حالت میں بھی کوئی خیال قانونی بازپرس کا پیدا نہیں ہوتا۔ اور رعایا پر ویسا ہی اعتبار ظاہر کیا گیا ہے جیسا کہ پہلے سے تھا۔ حالانکہ یہ وہ نازک وقت تھا جبکہ حضور ممدوحہ کے شوہر پرنس البرٹ نے اپنے خط مرقومہ ۱۸۴۰ء میں ہیرن سٹوکمر کو لکھا کہ "کوئی جھوٹا الزام باقی نہیں رہ گیا۔ جو اخبارات نے میرے خلاف شائع نہ کیا ہو۔ مجھے کمینہ اور بدزبانات اور سازشی چکلن کا آدمی ثابت کرنیکی کوشش کی گئی۔ اور یہاں تک افواہیں پھیلائی گئیں۔ کہ میں اور ملکہ معظمہ دونوں قلعے میں گرفتار کر دئے گئے ہیں۔ ملکہ معظمہ کو ان تحریرات نے سخت رنج پہنچایا۔ اور اُن کو سخت جوش پیدا ہوا۔ گو میرا اور میری زوجہ کا حوصلہ قائم رہا۔ مگر اخبارات کی دل آزار تحریرات نے ہمارے صدمے اور قوت ہاضمہ کو سخت نقصان پہنچایا۔ کیونکہ اندر ہی اندر خون جگر کی جانے کا یہی نتیجہ ہوا کرتا ہے۔"

۱۸۵۸ء میں جب حضور ملکہ معظمہ نے بصلاح اپنے شوہر کے اپنی سب سے بڑی دختر کی نسبت شہزادہ جرمنی کے ساتھ کر دی۔ تو اُس موقعے پر ٹائمز اور دیگر اخبارات نے جو حوصلہ افزا [illegible] اس ناطے کی نسبت شائع کئے۔ اُن کی نقل کرنے سے حیا اور ادب مانع ہیں۔ مگر حالانکہ پرنس اور اُن کی زوجہ حضور ملکہ معظمہ نے سوائے صبر و تحمل کے برتاؤ کرنے یا اپنے خیر خواہوں کی طرف پرائیویٹ خطوط میں اخبارات کی بے اعتدالی اور بد

پیسہ اخبار
لاہور یوم شنبہ ۵ مارچ ۱۹۰۹ء

ہندوستانی اخبارات کی آزادی کا خون
اور
اس پر چند آزادانہ ریمارک
نمبر دوم
(کمیونی کیٹڈ)

[illegible] طفل یتیم رابہ گلستاں کہ میبرد
میں جانتا ہوں کہ ہماری تحریریں بے اثر ہیں۔ اور غریب
کہتا ہوں کہ اس بگڑے ہوئے کے لئے چارہ
کے پاس کوئی وقت نہیں ہے۔ لیکن جذبہ دل کو
کیا کروں کہ روکے سے نہیں رکتا۔ اور یہی جذبہ دل مجبور کر رہا
ہے کہ اداء حال سے پہلے جو کچھ لکھنا ہے لکھ لوں۔ کیونکہ ا
کوئی معلوم نہیں کہ کمیلیٹو کونسل کے اجلاس میں دیسی اخبارات
کی قسمتوں کا فیصلہ کس اصول پر ہو۔ اور اس کے بعد غضب میں
آ کر سے دردسند نہ رہے بھی کسی قانونی دفعہ کے مطابق
قابل اشاعت قرار پا جائیں۔

پہلے بہ نسبت جزئیات پر خامہ فرسائی کرنے اور ہر ایک
دفعہ کی مجوزہ ترمیم پر اظہار رائے کرنے کے اصول آزادی دیسی
اخبارات پر بحث کرنا زیادہ مناسب سمجھا ہے۔ کیونکہ دفعات
زیر ترمیم کے متعلق باستثنائے اس خوابیدہ بخت صوبہ پنجاب
کے جہاں کے ہندو اور مسلمان ہمیشہ ایسے ضروری موقعوں پر
خواب غفلت میں مستغرق ہو جایا کرتے ہیں، ہندوستان کے
تمام صوبوں سے پرزور صدائیں آہ و فغان کی بلند ہوئی ہیں اور
بہت سے مستند اور قابل اور فاضل قانون پیشہ صاحبان نے
بال کی کھال نکال کر دکھا دیا ہے کہ مجوزہ تبدیلیاں کیسی مہمل
اور لغو اور نامعقول اور خلاف اصول قانون ہیں۔

میں حیران ہوں کہ دیسی اخبارات نے گورنمنٹ کے مقابل
کونسی شورہ پشتی کونسی گستاخی اور کونسی باغیانہ وضع اختیار کر
لی ہے کہ جس کے باعث آن کی زبانیں بند کیجاتی ہیں اور
گردنیں دبائی جاتی ہیں؟ دنیا بھر کے اخبارات سے بڑھ کر وہ
کونسی مفسدہ پردازی ہے کہ جس کے مرتکب دیسی اخبارات
ہوئے ہیں؟ جو کچھ میرا تجربہ ہے اس کے رو سے صاف طور
پر کہتا ہوں کہ دیسی اخبارات کے برابر مودب، بردبار اور شریف
پریس دنیا کے کسی خطے میں موجود نہیں۔

اس وقت دنیا کے تخت پر فرانس، امریکہ اور انگلینڈ کے

ف۔ یہ مضمون ۱۶ فروری کے روزانہ پیسہ اخبار میں چھپ چکا
ہے۔ اور ہم کو قانون سیڈیشن منظور ہو گیا ہے۔

برابر کسی ملک کو اپنی ترقی تعلیم پر فخر نہیں ہے۔ اور وہاں کے
پریس گورنمنٹ کے ہاتھ میں ہیں۔ اور گو لاکق ترین
اشخاص کے ہاتھ میں ہیں۔ مگر ایسی بہترین وضع گورنمنٹ کے
مقابل اور دیگر اراکین ملک و قوم کے مقابل رہتے ہیں۔ کیا
اس کا شائبہ بھی ہندوستان میں موجود نہیں۔ بلکہ یوں کہا جائے
کہ ان کی ہوا تک بھی ہمارے اخبارات کو نہیں لگی۔

فرانس کے اخبارات کی دریدہ دہنی کی نسبت مجھے زیادہ
لکھنے کی ضرورت نہیں۔ جو واقعات پبلک کرنے اور گندے
اور مخرش مسئلے کرنے کے لئے ضرب المثل ہیں۔ اور جن کی وجہ سے
آئے دن جبکٹ وزیر کی خبریں سننے میں آتی رہتی ہیں۔ مگر اس
بات کا ایک بین ثبوت ہے کہ وہاں کے اخبارات کا دنیا ملک
کے ہیں میں فتور ڈالنے اور مفسدہ پردازی کا باعث ہے۔

امریکہ کو اپنے اخبارات پر بہت بڑا فخر اور ناز ہے۔ اور دنیا
کے کسی ملک میں امریکہ کے برابر اخبارات کی کثرت نہیں۔ وہاں
اخبار نویسی اور اس اخبار بینی نے اس درجہ تک ترقی کی ہے
کہ یہ باشندوں کے کھانے پینے۔ اوڑھنے اور بچھونے کی طرح
لوازمات زندگی میں داخل ہو گئی ہیں۔ امریکہ کے قید خانوں میں
جہاں قیدیوں کے لئے ان کی خوراک کم کر دیجاتی ہے۔ وہاں روزنامہ
بند کر دیجاتی ہے۔ اور طرح طرح کی سزائیں دیجاتی ہیں۔ مگر تو بھی
مجرم کو اس کے معمولی اخبار کے مطالعہ سے نہیں روکا جاتا۔
اور بقول ایک قابل سیاح کے "اخبار پڑھنا باشندگان امریکہ کا
ایک علاج مرض ہے"۔ امریکہ کے ایک ہر دلعزیز مذہبی واعظ
کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ایک مجمع عظیم میں وزنج کی
تکلیفات پر بحث کر رہا تھا۔ مگر سامعین پر اس کی فصاحت و
بلاغت کا کچھ بھی اثر نہ ہوا۔ وزنج کی خوفناک اور مہیب باتیں
جن کی اس نے نقشی تصویر کھینچی تھی اس پر کچھ کارگر نہ ہوئیں اور
وزنج کی آتش سوزان کے فوٹو نے ان سنگدلوں کو ذرا بھی نہ
ڈرایا۔ لیکن جب واعظ مذکور نے یہ کہا کہ "وزنج میں کسی کو اخبار
تک پڑھنے کو بھی نہیں ملتا ہے"۔ تو تمام مجمع میں ایک تہلکہ
عظیم پڑ گیا۔ اور واعظ مذکور کا وعظ سامعین کے دلوں پر پورا
پورا اثر کر گیا۔

جس ملک میں اخبارات کی اس قدر ترقی ہے۔ اور جہاں
اخبارات اس درجہ تک پولیٹیکل اور سوشل زندگی کی روح رواں
ہیں۔ اور جہاں کے باشندے تعلیمی ترقی کے ایسے اعلیٰ زینے
پر پہنچے ہوئے ہیں۔ وہاں کے اخبارات کی نسبت کلکتہ کے شہرہ
برہمو مشنری بابو پرتاب چندر صاحب موزمدار نے دو بعد سیر و سفر
امریکہ اپنی کتاب موسوم بہ "Tour round the world"
میں مندرجہ ذیل رائے ظاہر کی ہے:-

"امریکہ کے اخباروں میں ایک بڑا نقص ہے کہ ان میں اکثر
ذلیل سلے ہوتے ہیں۔ ان کی عبارت بہت سخت اور دشنام آمیز ہوتی
ہے۔ ضلع کنٹوکی کے ایک اخبار نے اخبار ہیرالڈ کے کسی رپورٹر کی
شکایت چھاپی کہ اس نے ہمارے کاغذات پڑھ لئے ہیں۔ اس کے
جواب میں ہیرالڈ نے یہ لکھا کہ کنٹوکی کا اخبار ایک بیشرم گدھا ہے
جس کو ہائیکنوں والی ایک چلتی ہوئی شراب کی بوتل ہے۔ امریکہ کے اکثر
آدمیوں نے جنرل ٹیلر کی بابت سنا ہوگا۔ انہوں نے اندوختہ
فلاں کی جنگ میں بڑی شہرت حاصل کی تھی۔ ایسے مفرور شخص
کی نسبت ایک اخبار نویس نے لکھا کہ ہمارے سامنے وزنج کے
سب سے زیادہ سیاہ چہرہ کا خوفناک نقشہ۔ شیطان کا ہمزاد
بھائی۔ جہنم کا سردار۔ وزنج کا پجاری۔ ناپاک۔ مکار و فگو اور انسانی
ہمدردی کا سب سے کمینہ پھل دکھائی دیتا ہے۔ یہ چہرے سے بھی زیادہ
کینہ۔ خلق اللہ کے مفسدوں میں سب سے زیادہ غلیظ۔ کمینہ
مجمع نجاست۔ بصورت وزنج کا فرزند۔ پاجی اور وحشی ٹیلر ہے"۔

اب فرمائیے کہ اس کا کروڑواں حصہ بھی کبھی کسی دیسی اخبار
نے کسی رسول یا لیفٹیننٹ گورنر کی نسبت لکھا ہے۔ حالانکہ ہمارے
اخبارات کا اثر تک کی آزادی کے کروڑویں حصے پر بھی نہیں پہنچتا
اور امریکن اخبارات اس کثرت کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں۔
کہ جس کا کچھ تذکرہ اوپر کر آیا ہوں۔

ایک معزز سیاح کا ایک مضمون اس وقت میرے سامنے
ہے۔ جو اس نے امریکن پولیٹکس پر لکھا ہے۔ اور جس میں وہ
امریکہ کے اخبارات کے اس رویہ اور چلن کو بیان کرتا ہے جو
پریسیڈنٹ کے انتخاب کے موقع پر وہ اختیار کرتے ہیں۔ وہ لکھتا ہے کہ
"پریسیڈنٹ کے انتخاب کے دنوں میں صرف ایک غیر معمولی
گرمی جوش ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ پرلے درجہ کی ضرارت اور
دھڑلے کی سازشیں وقوع میں آتی ہیں۔ اور یہ جوش تمام جماعتوں
میں پھیل جاتا ہے۔ جو امریکہ کے قومی چلن کو مشتعل کر دیتا ہے
جس کا باعث صرف اخبارات ہیں۔ فریقین کی [illegible]
سازش۔ جھوٹ۔ توہین۔ طعن و تشنیع دھینگا دھینگ۔ اور ہر معمولی
اوباشی کا سوسی نہ ورسل ذکر ایسا ہر اخلاقی کا طوفان برپا کرتے
ہیں جو ہمارے وہم و گمان میں بھی نہیں آسکتا۔ حتیٰ کہ ان کے
انتخاب کا ذکر کرنے سے ہمیں شرم آتی ہے۔ امریکہ کی کوئی مذموم
ترین بری نہ تھی جو بے شرمی سے روزدستن میں ذکی گئی ہو۔
اخبارات نے حسب عادت مستمرہ ایک دوسرے کی توہین کرنے
اور جھوٹ اور ہتک آمیز روایات گھڑنے شائع کرنے میں کوئی دقیقہ
نہیں کی۔ ان دنوں کہ امریکہ کے اڈیٹروں کی ہولی کا زمانہ کہنا
چاہئے۔ انتہا درجہ کی وحشیانہ تحریری ہر کاستان دنوں میں ظہور
ساتھ سرزد ہوتی ہیں۔ یہاں تک کہ سنجیدہ لوگوں کی متانت بھی
خاک میں مل جاتی ہے۔ زبردست اور قابل مضمون لکھنے والے پیشہ
اخبارات میں جھوٹ۔ زبان درازی۔ بہتان اور گالی گلوچ کے پل
باندھ دیتے ہیں۔ اور بڑے شوق کے ساتھ ان کی اشاعت
ہوتی ہے۔ الغرض امریکہ کی سوشل زندگی کے شرمناک اور مہمل
اصول دفعتاً سطح پر آجاتے ہیں۔ جس سے سرکاری حلقوں میں
کھلبلی پڑ جاتی ہے۔ مگر اخبارات سے ذرا بھی باز پرس نہیں ہوتی
اس سے بڑھ کر شرمناک اخبار نویسی کا وجود آج دنیا میں
ممکن ہے تو ہم بڑے شوق کے ساتھ اس کی توہین سننا
چاہتے ہیں۔ اور اس موقع پر ہم دیسی اخبارات کے فاضل ایڈیٹر
صاحبان سے کہ بعض متعصب انگلو انڈین صاحبان کو چیلنج کرتے
ہیں کہ وہ براہ عنایت ان تمام مثالوں کو غیظ و غضب کی نگاہ سے دیکھیں
اور ان تمام عیب کا ایک قطرہ بھی ہمارے دیسی اخبارات

عہ صرف بمبئی کے ایک ضلع میں اس قدر اخبارات چھپتے ہیں
کہ کل انگلستان سکاٹلینڈ اور آئرلینڈ میں بھی اتنے اخبارات نہیں۔

حفظِ صحت

استفسار

۲۶۔ صلابت معدہ:۔ خاکسار کو عرصہ چار پانچ سال سے شکایت ہے۔ کھانا ٹھیک طور پر ہضم نہیں ہوتا۔ بسبب صعوبہ کرنے اجابت کے سر کسی قدر گراں رہتا ہے۔ ہوا اکثر معدہ سے خارج ہوتی رہتی ہے۔ قبض رہتا ہے۔ اگر کوئی مضعف معدہ یا ثقیل و دیر ہضم غذا کھائی جاوے تو اکثر اوقات شکایتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ جیسے کثرت احتلام و خروج وھات (مذی) بوقت قضائے حاجت وغیرہ وغیرہ۔ ترشی بھی نہایت مضر پڑتی ہے۔ البتہ وہ ادویہ جن میں کشتہ فولاد کی کسی قدر آمیزش ہوتی ہے کچھ نہ کچھ فائدہ کرتی ہیں۔ کوئی صاحب ناظرین پیسہ اخبار سے براہ نوازش اس کے علاج سے مطلع فرماویں (رحمت ۲۹۵ از ام تسر)۔

۲۷۔ کاتبوں کے ہاتھ:۔ ایک سال سے میرا ہاتھ تحریر سے بیکار ہو گیا ہے۔ میں نسخ۔ نستعلیق۔ مہندی۔ کجراتی۔ مرہٹی اور انگریزی وغیرہ خطوں کا خوشنویس تھا۔ اول اول انگوٹھے میں گرفت قلم کی جگہ کچھ خلس معلوم ہوئی جو غالباً زود نویسی اور تمام دن لکھتے رہنے کی وجہ سے ہو۔ پھر رفتہ رفتہ ہاتھ لکھنے سے رہ گیا۔ ڈاکٹروں کی رائے ہے کہ ضعف اعصاب کا سبب ہے۔ اسٹرکنیا و جوہر کچلہ کے مرکب کی گولیاں کھائیں کچھ فائدہ نہ ہوا۔ قلم کو پکڑتا ہوں تو اتنا زور کرنا پڑتا ہے اور بعد تا دس سیر بوجھ اٹھانے میں۔ اور ہاتھ کلائی حتی کہ پشت تک کے اعصاب درد کرنے لگتے ہیں۔ لہذا کوئی صاحب نسخہ مجرب عطا فرما کر داخل حسنات ہوں۔ کیونکہ بال اور بچوں کا ذریعہ معاش یہی کتابت ہے۔ جس سے مطلق معذور ہو گیا ہوں۔ ضعف اعصاب بھی ہے۔ مگر اتنا کہ چیز نہ اٹھے۔ (نیاز مند قدرت اللہ از میرٹھ)۔

علاج

۱۶۔ گھٹنوں کا درد:۔ بکری کے گوشت کی وہ ہڈیاں جو کہ ہر جوڑ کی ہوتی ہیں۔ خصوصاً گوٹر کی ہڈیاں (گھٹنوں کی)۔ ان کا عرق نکال کر بقدر ضرورت گھی میں مصالحہ گھلا کر عرق کو گھلا لگا لو۔ ہنگرم پلا دو۔ گرمی بھی نہ کریگا اور انشاء اللہ جلدی آرام ہو گا۔ (ظفر جہان برادر دہلی)۔

۱۷۔ شکم میں گانٹھ:۔ ۶ ماشے کریجہ کے ہرے پتے ۳ ماشے مرچ سیاہ۔ ۱ ایک ماشہ ہیلیلہ۔ ان تینوں کو پانی میں پیس کر بقدر دو تولے پانی میں گھول کر پی لو۔ مگر تھوڑی دیر بائیں کروٹ سے لیٹ رہو۔ تاکہ دوا کا اثر گانٹھ پر ہو جائے۔ انشاء اللہ سات دن روز آرام ہو جائیگا۔ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے (ظفر جہان۔ دہلی)۔

۱۸۔ منہ سے پانی بہنا اور خراب سوڑی (بجواب استفسار نمبر ۱۰ و ۱۲)۔ دونوں امراض کا اصول نہ ہے۔ عاقر قرحہ ایک تولہ۔ ایک ماشہ سیاہ مرچ۔ ایک ماشہ نمک تینوں کو کوٹ چھان کر رکھ لو۔ کھانا کھانے کے دو گھنٹے پہلے اور دو گھنٹے بعد خوب طرح سے مل کر تھوڑی دیر منہ جھکا دو۔ بادی نزلہ کا پانی بہت نکلیگا۔ آرام ہو جائیگا۔ اگر پھر ہو تو پھر ایسا ہی کیا جاوے۔ نسخہ مجرب ہے (ظفر جہان برادر۔ دہلی)۔

گمنام و نشان انگیز

۱۵:۔ میرے ایک رشتہ دار کا بیٹا گم ہو گیا ہے۔ حلیہ اس کا یہ ہے۔ نام ہیرا سنگھ ولد کھر سنگھ۔ عمر ۲۲ برس۔ رنگ گورا۔ بائیں آنکھ میں تل قد قریباً ۶ فیٹ۔ عرصہ ۶ ماہ سے مفقود الخبر ہے۔ پہلے یہاں سے منٹی پور ریاست تک جانیکا پتہ و نشان ملتا ہے۔ اور اب کچھ خبر نہیں ہے۔ اس کے گھر کا پتہ یہ ہے۔ قصبہ مانگی۔ ڈاکخانہ ملوہ۔ ضلع لدھیانہ (رخ دہ پیسہ اخبار ہفتہ وار ۴۸۷)۔

عام سوال

۲۳۔ ہومیوپیتھک:۔ با فضل ہومیوپیتھک طبابت کی پڑھائی کہاں ہوتی ہے اور اس کی پوری پڑھائی کتنے برسوں میں ختم ہوتی ہے۔ اگر کوئی صاحب اس کے پورے حالات سے واقفیت رکھتے ہوں تو براہ مہربانی بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرما کر مشکور فرماویں گے (محمد نجم الدین عظیم آبادی۔ مراد پوری)۔

[کلکتہ میں ہومیوپیتھک کا ایک کالج ہے اور غالباً تعلیم کا عرصہ ۲ سال ہے۔ ایڈیٹر]۔

۲۴۔ مصنف تذکرہ غوثیہ:۔ کوئی صاحب براہ مہربانی آگاہ فرماویں کہ جناب مولوی گل حسن صاحب مصنف کتاب مسمی "تذکرہ غوثیہ" آجکل کہاں رونق افروز ہیں۔ سنا ہے کہ آپ برطرح آزاد منش ہیں۔ اگر میں حاضر خدمت ہونا چاہوں تو نیاز حاصل ہو سکیگا یا نہیں۔ بندہ کو نہ تو کوئی دینی غرض ہے اور نہ دنیاوی مقصد صرف قدمبوسی درکار ہے۔ اگر خط و کتابت کیجاوے تو جواب عنایت فرماوینگے؟ (فدوی پھیرو رام ریلوے سٹیشن رامان ضلع حصار)

۲۵۔ صوبجات متوسط میں امداد قحط:۔ کوئی صاحب مطلع فرماویں کہ صوبجات متوسط ہند ضلع دمو میں سال گزشتہ کی طرح امدادی کام جاری ہیں؟ (رائم ہاسپٹل اسسٹنٹ خوشی لگ بھ)

[آجکل سوائے مقامات دکن اور مدراس کے کہیں امداد قحط کے کام جاری نہیں۔ ایڈیٹر]۔

۲۶۔ گھٹنے:۔ جوتے پہننے کی وجہ سے جو پیروں میں گھٹنے ہو جاتے ہیں اور سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اگر ناظرین پیسہ اخبار کوئی عمدہ اور آسان نسخہ جانتے ہوں تو براہ نوازش بذریعہ اخبار مذکور اطلاع بخشیں۔ نوازش ہو گی (نشتر ممی آبادی۔ از پونہ)۔

۲۷۔ روغن بادامی رنگ:۔ مجھو بادامی رنگ کے بوٹوں کے لئے روغن کی مدت سے تلاش ہے۔ کوئی صاحب مہربانی کر کے بتلائیں؟ (تاج محمد۔ لاہور)۔

جواب

۱۴۔ شرح کافیہ (بجواب سوال ۱۳):۔ شرح ملا جامی جامع العموض وغیرہ کے سوائے تحریر الکافیہ مع تحفۃ الاخا دمنہ و سبنٹ (شریفیہ بھی کافیہ کی شرح ہے۔ تحریر الکافیہ مطبوعہ میور پریس دہلی (شریفیہ بھی میرے پاس موجود ہے۔ لیکن سبنٹ کے مطبع کا پتہ معلوم نہیں۔ ایک مرتبہ ایک کتب فروش کے پاس آرہ میں دیکھی تھی (محمد نجم الدین عظیم آبادی۔ مراد پوری)۔

شعر و سخن

ترانہ معرفت

(بقیہ ہفتہ گزشتہ)

جو دیکھا خاک کو تو اس میں پاک تسخیر و زر کیا کیا
جو ڈھونڈا جا بجا میں تو اسی کے نکلے ہیں گہر کیا کیا
جو سمجھا آگ کو تو صورتیں ہیں قابل گرفت کیا کیا
ہوا میں دیکھتے ہیں آنے جانے کے خبر کیا کیا
الٰہی چاہیئے ہیں اس قدر وسعت میں کامل ہیں
کہ سب نے پایا ہے اس نے اور یہ ہم سب میں شامل ہیں

جو دیکھیں ذرا اپنے کو ہم چشم بصیرت سے
تو ہو معلوم ہم نیا میں ہیں سب سے گئے گزرے
نہ اور کیسی طرح سال آخری پیٹ بھرتے ہیں
نہ تن کے ڈھانکنے کو بال پر تو ہیں نہ کپڑے ہیں
نہ ناظر شیر کے پاؤں نہ جنگل ہیں کمیں اپنے
نہ ریشم موزہ پشمینہ نہ تن پر پوستیں اپنے

اگر کہیں ایک آفت ذرا ہمیں اک مصیبت ہے
جوانی آئی تو انسان امید و دست شہوت سے
بڑھاپا میں عجب ہیئت عجب انداز صورت ہے
نکلتا سانس کا دو بھر ہی چلنا اک قیامت ہے
ہوئے پیدا تو کس مشکل سے آئے ماں کے دامن تک
گئے تو چار کے کاندھے پہ مشکل سے مدفن تک

نہ منطق گر ہو سکو نہ حصہ عقل سے پایا
بشر بھی ایک بن مانس زمانے میں نظر آیا
نہ یہ کپڑے بنا سکتا نہ کھانا اس طرح کھاتا
نہ یہ آرام پاسکتا نہ فخر خلق کہلاتا
کہیں تاجر پھاٹکوں میں ہے کہیں گرگ و ضیغم کے
فقط کچھ پھول پھل ہوتے خوش انبائے آدم کے

الٰہی فضل ہو تیرا یہ انساں فخر عالم ہے
کہیں کاؤس و کیخسرو کہیں اسکندر و جم ہے
کہیں بہرام و زرتاں ہے کہیں اب رستم ہے
زمانے میں عجب حکمت کا پتلا ابن آدم ہے
جہاں میں آدمی دیکھو تو اک چلتی ہوئی کل ہے
جہاں میں جو مفصل دیکھتے ہو سب میں مجمل ہے

بنائے اس نے چیونٹی سے کیا شال و دوشالے
ہرن کی کھال کھینچ کر بنا ہے مرگ چھالے
ہزاروں رنگ اس نقل قدرت کے نکالے ہیں
ہزاروں طرح کے معلوم اسکو استعمالے ہیں

ملایا دوسرا جب اشہری ثانی ہوا پیدا
نئی صورت میں جا کر ذرہ فانی ہوا پیدا

(باقی آئندہ)

غزل اعلیٰ حضرت حضور نظام

ذیل میں حضور نظام کی وہ غزل درج کی جاتی ہے جو حضور نے انتخاب لکھنؤ کے مصرع طرح مرقومہ ہم انہیں خبر نہ ہوئی۔ پر لکھی:۔

کب مرے دل پہ کارگر نہ ہوئی — وہ تو بر چھی ہوئی نظر نہ ہوئی
غیر کو کاوش جگر نہ ہوئی — یہ ادھر کی بلا ادھر نہ ہوئی
نازنیں کو کہاں ہے تاب نگاہ — خواب میں کیا اسے نظر نہ ہوئی
مہربانی تری اس الفت پر — جتنی ہونی تھی اس قدر نہ ہوئی
تیری فرقت میں رونے والوں کی — آستیں کب لہو میں تر نہ ہوئی
میں نے سب کچھ کہا زبانی حال — تیری تسکیں پیا بہر نہ ہوئی
کب ترا غمزہ پر نہ ول آیا — کب تری پیار کی نظر نہ ہوئی
غیر اس بزم ناز میں پہنچے — خیر گزری مجھے خبر نہ ہوئی
تجھ کو دل دے کے اپنی رسوائی — وہ ہوئی اب جو عمر بھر نہ ہوئی
یہ شب وصل ان کو حسرت ہے — شام ہوتے ہی کیوں سحر نہ ہوئی
ہم بھی چھینی ہوئی کہو ہی گئے — کب سزا بات پر نہ ہوئی
پھر کہاں جائیگے الٰہی ہم — خلد میں بھی اگر بسر نہ ہوئی

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۹ | یوم شنبہ ۵ مارچ ۱۸۹۸ء مطابق ۱۱ شوال ۱۳۱۵ ہجری۔ موافق ۶ پھاگن سمت ۱۹۵۴ بکرمی | جلد ۱۲

واقفیت عامہ کیلئے شمار اور اعداد

تجارت و برآمد و برآمد پنجاب (بقیہ ہفتہ گزشتہ)۔ پارچہ اون (لاکھ) ۲۷۱۰ من یعنی ۲۰۳-۶-۷۵۶ اور ۱۷۵۱ من بمبئی سے کراچی اور کلکتہ سے آیا۔ اور صرف ۹ من یعنی ۵ من راجپوتانہ و وسط ہند اور ۴ من صوبجات مغربی و شمالی کو گیا۔ دیا پارچہ اون (لاکھ) ۳۸۰۵ من (جن میں ۴ من دوشالے بمبئی اور کلکتہ کے شامل ہیں) یعنی ۱۱۹۴ من مدراس۔ بمبئی۔ کراچی اور کلکتہ سے ۲۵۳۲ من ممالک مغربی و شمالی سے آئے۔ اور ۱۸۸۹ من یعنی ۴۶۳ اور ۱۱ بمبئی اور کلکتہ کو اور ۴۹۴ اور ۲۰۵ من صوبجات اور سندھ کو گئے۔ (شراب) انگل شراب (۱۷۵۴ من آئی یعنی ۱۰۱ من ممالک مغربی و شمالی سے اور ۵۶۳۰ من کراچی سے آئی۔ اور ۶۹۳ من یعنی ۱۲۸۰ من کلکتہ کو اور ۵۰۱ من ممالک مغربی و شمالی کو گئی۔

سرکاری خزانہ:۔ صاحب اکونٹنٹ جنرل پنجاب اطلاع دیتے ہیں کہ یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو اور اس کے ماقبل سالوں میں سرکاری خزانوں اور اُن کی شاخوں میں سرکاری روپیہ حسب ذیل جمع تھا۔ ۱۸۹۸ء میں ۱۲۹۰۰۰۵۰۰ روپیہ۔ ۱۸۹۷ء میں ۱۲۹۹۶۰۰۰ روپیہ اور ۱۸۹۶ء میں ۱۳۸۷۲۱۰۰۰ روپیہ۔

دنیا کی مختلف زبانوں کا شمار:۔ یہ تو ہر ایک کو معلوم ہے کہ دنیا میں بہت سی مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ لیکن دنیا کی مختلف زبانوں کی ٹھیک ٹھیک تعداد بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگی۔ مسٹر رالٹی جیا گریفرنے ۸۶۰ اصل زبانیں اور ۵ ہزار بولیاں شمار کی ہیں۔ تحقیق السنہ کے ایک دوسرے مصنف ہاڈگنس نے ۳ ہزار اور گزشتہ زبانیں کل ۳ ہزار ۶ شمار کرائی ہیں۔ ان دونوں تعدادوں میں سے کسی تعداد کو صحیح کیوں نہ سمجھا جاوے تاہم اتنا درست ہے کہ بہت سی چھوٹی چھوٹی یعنی مقامی دنیا کے ہر ایک حصہ میں بولی جاتی ہیں۔ بالڈی نے جو ۸۶۰ خاص زبانیں قرار دی ہیں۔ اُن میں سے ۸۹ یورپ کی ہیں۔ ۱۴۰ افریقہ کی۔ ۱۱۲ ایشیا کی۔ ۱۴۷ امریکہ کی اور ۱۱۰ آسٹریلیا کی۔ اور اسی سے وہ یہ بات ثابت کرتا ہے کہ ہندوستان اور جنوبی امریکہ کے درمیان لاتعداد زبانیں بولی جاتی ہیں۔

برطانیہ کی فوجی طاقت:۔ بہت لوگوں کے لئے یہ معلوم کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ برطانیہ کی باقاعدہ جمعیت خود برطانیہ و غیر مقبوضات ممالک ۲۲۱۵۴ ہے۔ اسکے ساتھ رزرو فوج کی تعداد ۸۴۸۷۳ علیحدہ ہے۔ علاوہ فوج ملیشیا کی تعداد ۲۰۵۸۰۰ ہے۔ مجموعہ ۳۰ ہزار فوج رزرو کے۔ فوج کی تعداد ۱ ہزار ۱۴ اور فوج ولنٹیر کی تعداد ۲۳۱۳۶۵ ہے۔ اس طرح برطانیہ کی مجموعی جمعیت ۶ لاکھ ۹ ہزار ۳۰۱ ہے۔

مذاق

مالک:۔ "کیوں؟ بھونڈا کاغذ ہے؟"

ملازم:۔ "نہیں سرکار"۔

مالک:۔ "ایک ہی صفحہ سادہ ہو"۔

ملازم:۔ "کیا شعر لکھے گا؟"

مالک:۔ "ابے دیکھ تو سہی۔ جلد لا"۔

ملازم:۔ "کاغذ تو ایک طرف بھی سادہ نہیں ہے کوئی تو ٹھیکرا دوں"۔

مالک:۔ "ابے ہجکل بھی مجھے کاغذ نہ ملے تو ظلم خدا ہے دیکھ شرک پر کوئی اشتہار والا ہوگا۔ لے آ"۔ (م۔ ی۔ سہیل۔ عظیم آبادی)

شاگرد:۔ "حضرت سعدی علیہ الرحمۃ کو لوگ بچا کیوں کہتے ہیں"؟

اُستاد:۔ "اس کی بین وجہ ہے کہ لوگوں کے باپ بھائی کہتے ہیں"۔

شاگرد:۔ "نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس شعر کی بدولت یہ خطاب دیتے ہیں ؎ چنیں پند از پدر نشنیدہ باشی الا گر ہوشمندی بشنو از عم"۔ (د)

دوست:۔ "آپ مذاق کیوں کرتے ہیں"؟

شفیق:۔ "اجی میں سنت کرتا ہوں"۔

دوست:۔ "آخر یہ کیوں؟"

شفیق:۔ "چونکہ آپ نہیں کرتے ہیں"۔

ماسٹر سیاہ فام:۔ "انسان کن کن چیزوں سے بنا ہے"؟

ایک شاگرد:۔ "چار چیزوں سے"۔

دوسرا شاگرد:۔ "آب و آتش و خاک و باد"۔

تیسرا شاگرد:۔ "پانچ چیزوں سے"۔

ماسٹر سیاہ فام (نہایت غصہ سے):۔ "وہ پانچ چیزیں کون ہیں"؟

تیسرا شاگرد:۔ "تار کول کا مجرا"۔ تمام درجہ کے لڑکوں نے خوب قہقہہ لگایا اور ماسٹر صاحب کو مارے شرمندگی کے سکوت اختیار کرنا پڑا۔ (د)

خاوند:۔ اس بچہ نے یہ عادت کہاں سے حاصل کی ہے میں یقین کرتا ہوں کہ مجھ سے نہیں کی"۔

بیوی:۔ "پیارے ہرگز نہیں۔ کیونکہ میں دیکھتی ہوں کہ تمہاری سب عادتیں بدستور قائم ہیں"۔

عجیب عجیب باتیں

مغز کا وزن اور ذہانت:۔ پچھلے دنوں سر ولیم ٹرو نے مغز کے وزن اور مقدار کی نسبت بعض دلچسپ واقعات بیان کئے ہیں۔ بقول اُن کے یورپین مردوں کا مغز ۴۹ اونس سے لے کر ۵۰ اونس تک ہے۔ اور عورتوں کا ۴۴ اونس سے لے کر ۴۹ اونس تک ہوتا ہے۔ اور یہ عجیب بات ہے کہ جو بچے پیدا ہوتے ہیں اُن میں بھی لڑکوں کا مغز لڑکیوں کی نسبت زیادہ وزندار ہوتا ہے۔ ذہین اور عقیل لوگوں کے مغز کا وزن کرنے سے ۵۵ سے لے کر ۶۰ اونس تک پایا گیا ہے۔ لیکن مسٹر کوویئر اور ڈاکٹر ابرکرومبی کے مغز ۶۰ اونس سے بھی زیادہ ثابت ہوئے ہیں۔ لیکن یہ مرقابل ذکر ہے کہ جن لوگوں کے مغز ۶۰ اونس سے زیادہ نکلے ہیں اُن کی ذہانت میں کوئی خصوصیت پائی نہیں گئی۔ علاوہ اس کے یہ بھی ثابت ہوا ہے کہ جن لوگوں کے مغز اپنے خاص وزن سے کم نکلے ہیں وہ اپنا معمولی فرض ادا کرنے کے قابل تھے۔ مہذب لوگوں کے کم سے کم وزن مردوں کے واسطے ۳۷ اونس اور عورتوں کے واسطے ۳۲ اونس مقرر کیا ہے

دنیا میں سب سے عمدہ انگشتریوں کا ذخیرہ:۔ یہ ذخیرہ بریٹش عجائب گاہ میں ہے کہ جس کے واسطے پچھلے دنوں سر آگسٹس ولسٹن فرنک تین ہزار سے زیادہ انگشتریاں وصیت کر گئے ہیں۔ اور اب اس کا نام "فرنک ذخیرہ" رکھا گیا ہے۔ سر آگسٹس نے بڑی محنت اور صرف سے یہ ذخیرہ بہم پہنچایا تھا۔ اور یہ بلاشبہ دنیا میں بے نظیر ہو گیا ہے۔ مشہور راٹرن ذخیرہ جو سوتھ کنسنگٹن کے عجائب گاہ کو ملا تھا اُس کی نسبت ایک معتبر صاحب کہتے ہیں کہ اس میں تمام قوموں اور تمام زمانوں کی انگشتریاں موجود ہیں۔ بہت عجیب و غریب جواہرات کی انگشتریوں کا ذخیرہ تیسرے ڈیوک آف ڈیونشائر نے گزشتہ صدی میں بہم پہنچایا تھا۔ جواہرات مالبرو ۱۸۷۸ء میں ایک ہی مجموعہ میں مسٹر رمیلو کے ہاں جو ہیٹر سمیپارک میں رہتا تھا ۳۵ ہزار پونڈ کو فروخت کئے گئے تھے۔ بہر و ذخیرہ یورپ کے بہترین ذخائر میں سے ہے برٹن کلاں میں مسز آسٹر کے پاس اپنا پرائیویٹ ذخیرہ بہت ہی اعلیٰ درجے کا تھا جس میں کئی انگشتریاں سابق ایمپریس یوجینی کی تھیں۔ ایک نہایت عجیب و غریب انگشتری جو مائل سانپ کی شکل کی ہے۔ بعینہ زندہ سانپ دکھائی دیتی ہے اور دیکھنے والوں کو اُس کے سانپ ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں رہتا۔

نامردی کا شرطیہ علاج

بخار معزز اشخاص کی تصدیق کردہ نامردی کا داخلی و خارجی مجرب علاج

مردِ میدان

مرض نامردی خوبصورتی کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعفِ جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردمی کا بجس استعمال کریں۔ اس مجس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی

روح حیا	دو بوتل (صہ) پانچ روپے	روغن دافع سستی	ایک شیشی چار روپے چار آنے (لعہ)

مادرزاد نامردی کے سوا، خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی سستی و کمزوری وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونگے علاوہ عالم شباب کی عیاشی یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوے کہ انسان کو گوشہ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ مجرب صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور لطف جوانی دکھاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی سستی۔ کمزوری۔ لاغری۔ نجی وغیرہ شرطیہ و حکماً دور ہو جاتی ہے اور یہ طاقت ایسی نہیں کہ دیگر ادویات کی طرح عارضی ہو

نوٹ:۔ اگر بیماری ادویہ کے استعمال ہی کی پرہیزی باقی رہے جاوے تو انشاء اللہ مرض کے واسطے دور کنندہ دوائی بلا قیمت دیں گے۔

روغن دافع سستی

جو بھاوش پیرانہ سالی یا کثرت مواشات یا ... اپنے ہاتھوں سے بیکار لاحق ہوئی ہوں ایک ہفتہ میں حکماً صحت ہو جاتی ہے۔ قیمت فیشیشی چار روپے چار آنے (لعہ)

حبات اشک

ان گولیوں کے استعمال سے بلا کسی تکلیف کے ایک ہفتہ میں آتشک کے زخم خشک ہو جاتے ہیں اور دو ہفتہ کے اندر بیماری جڑ سے چلی جاتی ہے۔ قیمت دو روپے آٹھ آنے (عا)

قرص سوزاک

پیشاب کی جلن وغیرہ دور ہو جاتی ہے اور ایک ہفتہ میں کیسا ہی پرانا سوزاک کیوں نہ ہو ۲۴ گھنٹہ میں صحت۔ قیمت فیشیشی چار روپے چار آنے (لعہ)

حبوب مسمک

یہ گولیاں مسکلنے کی تیشت دیتی ہیں۔ نیز جن عجیب لطف دکھاتی ہیں۔ قیمت فی ڈبیہ ۱۲ (عا)

جوہر شبہ

تمام دنیا نے شبہ کا مصفی خون تسلیم کیا جس سے بڑھکر اور کوئی مصفی خون دوائی نہیں ہو سکتی۔ مقدار خون۔ خارش جسم درد عضلہ۔ آتشک۔ گٹھیہ کے لئے اکسیر ہے شیشی خورد (عا) شیشی کلاں (عا)

سنون مقوی دندان

دانت مضبوط ہو۔ گوشت خوردہ وغیرہ دور کرے دانتوں کو موتی کی طرح چمکدار بناتا ہے۔ (عا)

کہانسی کی گولیاں

پانچ دیوم میں فائدہ خواہ خشک ہو

مصدقہ ڈاکٹر صاحبان

مصدقہ ڈاکٹر صاحبان

مصدقہ ڈاکٹر صاحبان

مفت (رسالہ نشاط کشاء) جس میں ہر قسم کی بیماری کے متعلق حالات جانچی غلط کاریوں کے نتائج کیفیت بدکاری شفاخانہ عام کی ادویات کی مفصل تعریف موصولہ ۶ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت

حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر و سپرنٹنڈنٹ شفاخانہ عام لاہور

متصل چوک مسجد وزیر خاں

جنتری سنہ ۱۹۳۸ء جس میں مفید اور کارآمد معلومات لکھی ہیں ۶ پائی کا ٹکٹ آنے پر مفت تقسیم کی جاتی ہے۔

محصول لٹاک پر خریدار — محصول ڈاک بذمہ خریدار

ادویہ زلیہ خالصہ صحت دیانتی ہیں

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی

جوہر خیری

ان گولیوں نے کثیر الفوائد ہونے میں جس قدر شہرت حاصل کی ہے کسی دوسری ادویہ کو نہیں ہوئی۔ ہندوستان کے تمام ضلاع اور دیسی ریاستوں میں مشرق سے عرب اور جنوب سے شمال تک ان کا استعمال ہر دل عزیز ہو رہا ہے۔ ہر فرد بشر کی صحت کی شہد ضامن (۱) کمزوریوں کی دافع (۲) تقوی بدن (۳) اعصاب کو طاقت بخشنے والی اور ہر عمر ہر جہان کثرت استعمال کو دور کرنے والی (۴) ہوائی کی غلط کاریوں اور بے احتیاطی کے نقصوں کو زائل کرنے والی (۵) کثرت ... دور کرنے والی (۶) ناکارہ شدہ نوجوانوں کی معین (۷) ہے کسی اسہال یا سکل اسٹروں کو عام مقابلہ کرنے والوں کے داغ کی خادم (۸) ہیضہ ان ہشتاد سالہ کے ضعف اختلاط استعمال کیجئے صاف آپ کی قیمت فی بکس ۱ گولی عہ

سرمہ خیری

آنکھوں کی ہر مرض دل کے لئے نہایت مفید و مفید ہے دو مسہ ضرور رات کو سونے سے پہلے آشوب چشم سرخی پانی ولا وغیرہ دغیرہ کہتا ہے۔ بہت کو تیز اور قوت باصرہ کو زیادہ کرتا ہے اگر اسکی دوا دست کیجئے تو آنکھیں کبھی طرب نہ ہونگی

قیمت محصول عہ

روغن طلا

جن آنکھوں کے اعضا جوانکی غلط کاریوں اور بد احتیاطی کثرت .... اور شغلی شیاطہ دیگر نواسات سے کمزور ہو گئی ہوں اس روغن کے استعمال سے دل اکثی طاقت کو آنکھوں میں پھر لاسکے اگر جب فیصلہ کا استعمال کیا جائے تو بہت ہی جلد فائدہ ہوتا ہے

قیمت فیشی عہ

جوہر عشہ

مرکب اعضا دل کیلئے نہایت مفید ہے آشوب خون کیسی ہی صحت ہو) خفقان دل تپش۔ ہوڑا پھینی۔ سوداوی خلق۔ ضعف معدہ ورد اعضا کو کشتہ مروارید کے استعمال سے ہر قسم فساد خون۔ داد۔ بد خارش چہرہ یا بدن کالا سیاہ وغیرہ ان سب کیلئے اجزاش مل ہیں ہر صفراوی اور سوداوی طبیعت والوں کے لئے مفید ہے لطف یہ ہے کہ خوش ذائقہ ہے ولایت کے تیار شدہ عرق عشقیہ کا بدل ہے اسکے اکرون کی دکانوں پر فروخت ہوتا ہے قیمت میں ان سے اضافہ ہیں زیادہ اگر اسکے استعمال سے قبض کی شکایت ہو نوجب قبض کشا (جو فلیکس کو آتا ہے) کا استعمال ضروری ہے قیمت شیشی خورد عہ کلان عہ

عرق بخار نوبتی

یہ عرق بیظیر سہ وجہ حصہ ہے دفعہ کے لئے ملک بھر میں مشہور ہے اسکی ایک شیشی اپنے پاس رکھنا ہر لیفیوں کیلئے ضروری ہے

قیمت فی شیشی ۱۲

عرق طحال

فیشی عہ

بیظیر عرق تاب تلی کے لئے نہیں اپنی ڈبیا خوبیوں کے باعث تمام ملک شمال میں بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے بہت لوگ جو یرقانی اور کالی تلی معالجہ کرنے تھک گئے تھے شفا ہمارے عرق کے فضل سے بالکل تندرست ہو گئے ہیں ہمارے استعمال سے بہتر شروع ہو گئی اور بالکل زوری ہو گئی ہے

حب مسہل

اپنے فوائد میں بے نظیر ہیں زیادہ تعریف خلاف نہ ہے اس کے استعمال قبض یا ضعف طبع نہیں ہوتا۔

قیمت فی گولی ۲ ر دہ بیس ۱۵

روغن واقعہ سوزاک دقرحہ

اس مجرب دوا کے استعمال سے ہفتے کے اندر درد جلن پیپ اور خون کا قطرہ آنا بند ہو جاتا ہے ہفتے کے اندر کلی صحت ہو جاتی ہے مریض چاہے کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو اپنی کمزوری سے محروم نہیں رہتا یہ دوا ہر ایک دواخانہ میں ملتی ہے قیمت فی شیشی عہ

پکٹورل بام

خضاب شرطیہ

یہ خضاب بالوں کو ایک منٹ میں سیاہ کرتا ہے اور بال جڑ سے کی ضرورت نہیں تیل کیطرح برش سے لگایا جاتا ہے بالوں کو ہیر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی دینا۔ اگر ایسا نہ ہو تو استعمال کنندہ کی قیمت واپس ہو قیمت صوف ... عہ

بال آرائیکا پوڈر

اس پتہ کو مضبوط پانی گرم کر کے بالوں پر چند مرتبہ ملیں ہو جائے گی بکس ۸ ر

مجین ہدایتوں کو تمام اطراف سے محفوظ

تمام فرمائشیں بنام خیر الدین شاہدین سوداگران ہال بازار امرتسر (پنجاب) آنی چاہئیں

آنہ آنیکا ٹکٹ بھیجکر فہرست منگوا لیجئے

ڈاکٹر کربی کی مشہور عالم فاسفورس کی گولیاں

آنہ آنیکا ٹکٹ بھیجکر فہرست منگوا

ہر قسم کی بیماریاں ایسی ہیں جنسے مادۂ رجولیت (مردی) ہر سخت صدمہ پہنچتا ہے لیکن بجز اُنکے ۲۴ عارضہ اس قدر مہلک تکلیف رساں ہیں کہ جنمیں مبتلا ہوکر قوی ہیکل اور تندرست مرد بھی بالکل نکما ہو جاتا ہے مالک نے ان کا تو ذکر نہیں اور نامردی سے جو خراب اثر انسانی حیات طرز معاشرت پر پڑتا ہے اُسکی تفصیل ایسا شخص ایک منٹ بھی خوش نہیں رہ سکتا لہذا بنی آدم کی اس جانگداز تکلیف کے رفع کرنیکے واسطے صاحب نے ۲۴ قسم کی گولیاں فاسفورس۔ ڈمیانہ۔ اسٹرکنیا و روح فولاد وغیرہا دواؤں کی ملاوٹ سے ایسی شریف التاثیر و عجیب الاثر تیار کی ہیں جنکا چند روز استعمال ایک مُردہ جسم میں تازہ خون و جوش شباب پیدا کرنیکے واسطے حکم رکھتا ہے پس تکلو جائیے کہ جس عارضہ کی باعث مرض نامردی تکلواتے ہو اُسی نمبر کی گولیاں بمبئی کی مشہور دوکان جوبلی کمپنی سے بذریعہ ویلیو پی ایبل منگوا کر استعمال کرو یقین ہے کہ بفضل خدا تم ضرور شفایاب ہوگے ان گولیوں میں ۷-۸-۹-۱۳-۲۰ نمبر کی گولیاں جدید فنون (دیسی باہ) میں جنمیں فاسفورس بقدر نام نمبر ہے کو کہ فاسفورس کی اصلی گولیاں نہایت ہی تیز ہوتی ہیں اور اسکا استعمال ہر شخص کا کام نہیں ہے کسی لائق ڈاکٹر کی تصدیق کے بعد ہمسے منگوائیے **جوبلی کمپنی برانچ آفس رزیڈنسی اندور**

نمبر گولی	اسباب نامردی	تشریح قیمت
نمبر ۱ فاسفورس ۱۰ برس سے عمر تک خون کی کمی نشاندہی کرتا ہے حرارت غریزی گم ہو گئی ہو مردی برداشت نہ ہونیکے باعث ضعف جگر دل و دماغ پیدا ہو گیا ہو تو یہ مفید ہیں قیمت		۲
نمبر ۲ قوہ فالج درد قولنج درد کمر بعلیہ فساد خون و سردی کی بیماریوں کے باعث ضعف باہ ہونا۔		۲
نمبر ۳ دماغ یا حرام مغز پر چوٹ لگنے کے باعث ضعف جگر و ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔		۲
نمبر ۴ سرد ملک میں رہنے یا سرد چیز کی بوٹی مثل کیلہ کا فور کنگنی وغیرہ پینے کے سبب خون جم گیا ہو۔		۲
نمبر ۵ جلاوطنی مذہب حاکم یا موت کے ڈر کے باعث دل مُرجھا کر عدم رغبتی پیدا ہوئی ہو۔		۲
نمبر ۶ بند مکل گندہ دہن یا کسی رطوبت فاسدہ سے جھجک کر فترت و کمزوری ہو۔		۲
نمبر ۷ لیمپ کی روشنی و باریک حرف ٹائپ کے باعث ضعف بصارت و ضعف دماغ ہونا۔		۲
نمبر ۸ بیحد موٹاپا یا دبلے پن کی کثرت بلغم بدہضمی بات سے سانس پھولنا فوطوں کا بڑھ جانا بادی کا زور		
اختلاج قلب ہول دل جنون وغیرہ امراض بارد کے باعث ضعف باہ ہونا۔		۲
نمبر ۹ فاسفورس درست کچلہ یہ گولیاں جاڑوں میں شوقیہ طور پر اندیا و طاقت و استحکام قوت کے لیے پیش قیمت معجون و عرق مادالشحم سے بسا غنیمت ہیں کیونکہ مثل معجون وغیرہ کے مزاج میں یکبارگی گرمی نہیں کرتیں بلکہ اعتدال کے ساتھ بہو کر خون کو صفا پیدا کرتی ہیں پہلی رات جم جاتی ہے بدہضمی دور قبض رفع ہو کر چہرے کی رنگت سرخ و سفید نکل آتی ہے لائق امرا۔		۲
نمبر ۱۰ مجرد رہنے کے سبب ورزش میں بیٹھک لگانیکے سبب سستی و عدم رغبتی کا ہونا۔		۲
نمبر ۱۱ بے علمی یا سخت و مانع محنت برباد ی دولت یا رنج و فکر کے باعث ضعف باہ ہونا۔		۲
نمبر ۱۲ سوائے عورت کے کسی نامحرم عضو کی کثرت سے کمزوری و سستی ہونا۔		۲
نمبر ۱۳ کثرت مباشرت کی کمزوری کو بعد قبض کئے ہوئے کہ یہ گولیاں حرارت غریزی و قوت مردانگی کو تیز کر کے نطفہ نفیس خون پیدا کرتی ہیں دل قوی شانہ مضبوط جوش شباب میں ترقی بیحد پیدا ہوتی ہے جلد ملائم کیلیفورنیا کی مانند ہو جاتا ہے سرعت و قوت کے لئے اکسیر اعظم ہیں۔		۲
نمبر ۱۴ یا فانہ پیشاب میں دقت ناگہ بدخوابی ہونا پیشاب میں شکر و ریت آنا پورانی بدہضمی کو ہٹا کر پانچ سیر دودھ و نصف سیر گھی و دیگر مقوی غذا ہضم کرنیکی معدہ میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے		۲
نمبر ۱۵ جریان آتشک سے ہوا سوزاک سے جدید ہو یا کہنہ گرمجوشیں یہ گولیاں مفید ہیں۔		۲
نمبر ۱۶ بواسیر یا کمر و ٹہنی پر چوٹ لگنے کے سبب ضعف باہ ہونا۔		۲
نمبر ۱۷ اعضائے تناسلی پر مرض جذام یا جذام کاٹنے کے سبب کمزوری و سستی ہونا۔		۲

نمبر گولی	اسباب نامردی	تشریح قیمت
نمبر ۱۸ ابتدائی سے خون کی کمی کے سبب ضعف دماغ و ضعف باہ ہو تو ان خون آور حبوب کا استعمال کرو۔		۲
نمبر ۱۹ کسی مہلک بیماری سے صحت پانیکے بعد استحکام و اندیا و طاقت کے لئے یہ گولیاں مفید ہیں۔		۲
نمبر ۲۰ فاسفورس درکنتھ ڈس جسنے سونے میں سہاگہ یہ گولیاں فوری طاقت پیدا کرنیکے لئے اکسیر اعظم ہیں۔		۲
کے کنتھ ڈس بلکہ کچلی سے افضل ہو جاتا ہے اور حلق سے اترتے ہی شانہ میں جمکر براہ دماغ پیشاب میں پہنچکر حرارت غریزی کو اوبھار کر وہ انقباض پیدا کرتا ہے کہ بلا مباشرت ضعف استحکام طاقت کیلئے ۴۰ یوم تک کھائی جائیں تو عمر بھر کسی مقوی کی ضرورت نہیں۔		۲
نمبر ۲۱ حقیقت میں یہ گولیاں مخلوق و حرکات نا جائز کے رفع کیلئے سریع التاثیر ہیں۔		۲
نمبر ۲۲ ضعف معدہ و شانہ کی باعث عاجز سرعت و رقت ہو تو نمبر ۲۲ مفید ہے۔		۲
نمبر ۲۳ رعب حسن عدم تحریک منی کے سبب چھا جاتا ہے ایسی حالتیں نمبر ۲۳ بہت مفید ہے۔		۲
نمبر ۲۴ گھوڑا یا سیکل کی سواری کے باعث جو قوت امساک گم ہو گئی ہو تو نمبر ۲۴ مفید ہے۔		۲
نمبر ۲۵ خراب کچا بھنگ چرس افیون کی لت اور اسکے سبب ضعف جگر و ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔		۲
نمبر ۲۶ چھوٹی عمر کی شادی کے سبب اولاد سے مایوسی و ضعف باہ ہو تو ان گولیوں کا استعمال کرو۔		۲
نمبر ۲۷ قریب شام کا کھانا پینا آب سرد کے استعمال سے ضعف اعضا ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔		۲
نمبر ۲۸ پرمیسولیان حمرا لال پیلے سفید پانی کے اخراج کے رفع کیلئے اکسیر اعظم ہیں۔		۲
نمبر ۲۹ مشک و عنبر و دیگر گرم ادویہ کے رفع نقصان کے لئے یہ گولیاں عجیب التاثیر ہیں۔		۲
نمبر ۳۰ عدم برداشت برف سردی کے سبب ان خون بند ہو کر ضعف لاحق ہو تو یہ مفید ہیں۔		۲
نمبر ۳۱ وفیہ کثرت استعمال تولید غلیظ منی جھلی دماغ ضعف گروہ کے لئے اکسیر ہیں۔		۲
نمبر ۳۲ زیابیطس ضعف کشادہ جلد جلد پیشاب آنا دیگر امراض میں تقویت معدہ و شانہ کیلئے اکسیر ہیں۔		۲
نمبر ۳۳ قوت حافظہ بڑھانے و بھول چوک دور کرنے کیلئے طلبا کو یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔		۲
نمبر ۳۴ امراض نامردی کا سبب نہ جانتے ہو اور نہ حکیم ڈاکٹر شناخت کر سکتے ہوں تو ایسی حالت		

ڈمیانہ فاسفورس ۲۴ کا استعمال کرو اور یقین کرو کہ بلا اختلاف اسباب مرض یہ گولیاں مفید ہیں

مالوہ کلف خضاب بیاہ چمپی کے تیل کیساتھ لگانیسے بال ملائم رہتے ہیں جلد پر داغ نہیں ہوتا تک یہ ساہی قائم رہتی ہے برس دن تک اگر بوقت ضرورت کا جائے تو جڑ سے کھونٹی سیاہ نکل آتی ہے اور خود نہیں بس بطور تیل لگانیسے دھنسے ہوئے سفید بال سیاہ بھنورا ہو جاتے ہیں مہبوکا نام نہیں جسکی برس دن کیلئے موسمان عاجز بکس نمبر ۱۰۲ کیلئے بغیر سلمان امتحان کیلئے

المشتہر جوبلی کمپنی برانچ آفس رزیڈنسی اندور

حزجان طبع دوئم

(۸۶۸) صفحہ مجسم

جواب شروع ۱۸۹۶ء میں پہلی دفعہ چھاپی گئی تھی پبلک میں ایسی مقبول عالم تھی کہ چار مہینہ میں سب کی سب فروخت ہوگئی۔ سائز ۱۵×۹ صفحہ کا تھا۔ اب دوبارہ ۱۹۰۱ء میں ترمیم مضامین اور بہت سے مفید اور نکات و تجربات جدید شامل کرکے چھپوایا گیا ہے۔ اس دفعہ عورتوں کی بیماریوں کا تذکرہ بھی نکالا گیا ہے۔ مضامین کی زیادتی کی وجہ سے ڈیوڑھا حجم ہوگیا ہے۔ قوت باہ کے بارہ میں یوم پیدائش دیا ہی تھا جو سفر تجربات و معلومات ہندوستان و امریکہ و انگلستان نے دبارہ حفاظت باہ و دفع کمزوری و پیدائش اولاد نرینہ اور قوت باہ کے نسخہ جات قابل تجربہ کیلئے بالکل خوب صورت و خوب سیرت اولاد کا پیدا کرنا جس کی آرزو ہر ایک دل میں موجزن ہے وغیرہ وغیرہ مضامین کا اضافہ کیا گیا ہے۔ علاج تک کوئی کتاب ایسی مکمل جامع نافع قوت باہ کے بارہ میں موجود نہیں ہے۔ کتاب ہے۔ مصنف نے جو سے ۳۳ سال میں کے لاکھ حاضر و غائب کا تمام حصہ کتاب کا مستندوں کی حالات کا ہے۔ مگر نہیں کی تجربہ کی ہے۔ اور وہ حالت اس کتاب میں دیا ہی جاسکے یہی وجہ ہے کہ اس کی بے نظیر مقبولیت ہوئی ہے۔ کہ جسے ایک دفعہ دیکھا وہ اسکی خوبی پر جان و دادہ ہوگیا ہے۔ کتاب کو لوگوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا ہے۔ اور محنت کرنے سے اپنی محنت اور حسن جوئی کا اظہار مقصود تھے۔ اور صاحبان علم پر ظاہر کرنا ہے۔ کہ محنت و جانفشانی کی گئی ہے اسلئے قرار پایا ہے کہ اس کتاب کی جسقدر دخواستیں باخریدار ۱۹۰۰ء تک آئیں۔ چوتھا حصہ دخواستوں میں ایک ایک نوٹ بانجروپیہ کا رکھا ایک بکس میں ایک کمیٹی بنائی جائے گی۔ دخواستوں کے فارم پیسہ اخبار میں شائع کئے جائیں گے۔ ان موجودہ کمیٹی کے نوٹ پر ٹرسٹ حاضرین کے سامنے نکالے جائیں گے۔ یہ موقعہ صاحبان ذی وقعت قسمت آزمائی کریں۔ اسمار حاضرین بمنکے سامنے یہ کام پورا کیا جائے گا۔ مولوی فاضل صاحب پلیڈر چیف کورٹ لاہور۔ مولوی محبوب عالم ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور۔ شیخ عبدالقادر بی اے ایڈیٹر مخزن لاہور۔ جن لوگوں کی کتاب سے نوٹ برآمد ہوں۔ وہ مہربانی سے دفتر پیسہ اخبار میں اطلاع کر دیں۔ تاکہ اشتہار کرنیکے لئے ضرور بھیجیں تاکہ ہمارے دعوے کی تصدیق اور صاحبان قسمت کا پتہ ہو۔ دموں کوٹھیں صفحہ ۶۶۰ قیمت للعہ ۲ روپیہ۔ محصول ڈاک ۶ نہیں آنہ

حکیم غلام نبی (زبدۃ الحکماء) لاہور ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت

فہرست مضامین کتاب ہذا

فرج انتشار کی + اعضاء کہ جس میں منی کے مختلف اجزا تیار ہوتے ہیں + تصویر نمبر ۱ مکے کے حصے کو دکھلایا گیا ہے کہ دو غدہ منی میں منی کس طرح پیدا ہوتی ہے۔ اس میں وہ ذات دکھلائے گئے ہیں جو منی + تصویر نمبر ۲ ایک جوہے کا حصہ ہے۔ جسمیں حیوانات منی اور جہات منی دکھلائے گئے ہیں + قرآن سے حصہ کی ساری کارروائی جلتی ہے + تصویر نمبر ۱۶ عورتوں کا اعضائے تناسل داخلی یعنے اندرونی اعضاء مستقیم اور رحم۔ غدود و حصل دکھلانے کے لئے + رحم اس کے فوائد و تشریح + پستان کے حالات + غشائے بکارت کا حال + ایک باکرہ کی بیض کا مقطع + جواصل گراف وغیرہ + بیضہ بشر کے حالات + بیضہ بشر جو اصل گراف سے باہر نکلا ہوا ہے + نطفہ منی کی ماہیت اور اجزائیاں + جو اصل گراف سے بیضہ کا نکلنا + حیض کے حالات + منی کی ماہیت + منی کے فوائد + مختلف اطباء قدیم کی رائے + کیا عورتوں کی بھی منی ہوتی ہے + منی کے بارے میں تحقیقات ڈاکٹرات + کیا مرد کی منی حصیوں میں بنتی ہے یا نہیں + منی کا جذب ہونا جسم میں۔ دوران منی + عورت کی منی کے اتصال کی جگہ + شہوت و جماع۔ اس کی حقیقت و ماہیت و فوائد۔ اور وہ کیا چیز ہے + شہوت۔ اتحاد شہوانی۔ جماع کی تعریف۔ انتشار کی تحریک کن اعضاء سے ہوتی ہے عورتوں میں جماع کس کس طرح ہوتا ہے۔ اس کی ماہیت تشریح وغیرہ۔ حمل واقعہ ہونے میں ارادہ کا دخل ہے یا نہیں + حمل کہاں واقع ہوتا ہے۔ حکماء سلف و خلف کے اقوال۔ کیا نیچہ اتحاد سے واقع ہوسکتا ہے۔ قابلیت حمل کا درجہ + مختلف حیوانات اور نباتات اور انسانات وغیرہ میں حمل میں بعید میں کیا کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں + رحم میں نطفہ ٹھیرنے کی وقوع حمل کے حالت جنین کی نشوونما + ماہ صادق ماہ کاذب۔ بلا وجہ عدم شہوت کے اسباب و علاج کے لحاظ سے عمر ادوات جماع بلحاظ مزاج + جماع کے مناسب ایام جماع بلحاظ فصلوں کے مہینوں کی تحقیقات ایک جماع سے دوسرے جماع تک کتنا عرصہ ہونا چاہئے۔ سوائے حکما جماع کرنے کے بہتر طریق + حکمائے فرانس کی تحقیقات + کون عورتیں ناقابل جماع ہیں کن سے جماع + حاملہ سے جماع + زن حائضہ۔ زن بدصورت سے جماع کے نقصان +

کن کن موقعوں سے استوار جایز ہے + والدین کا مشکل صورت بچہ پر کیا اثر ہوتا ہے + سوء روئی امراض + زنان صناعہ۔ زنان مشاغہ۔ زنان نانہ۔ زنان عقیمہ۔ زنان القاریہ۔ زنان بیوہ جماع کے بعد کیا کیا احتیاطیں کرنی چاہئیں۔ کبھی غضب + جہاں جہاں کبھی واقع ہوسکتی ہے اقسام کبھی و علاج۔ انگریزی و یونانی معالجات اقوال حکماء یونان + بارہ کی عضلہ تناسل۔ اس کے اقسام و اس کے علاج + حکیم محمد اندانی و شیخ الرئیس و حکیم جالینوس و حکیم سویدی کے تجربات + کیا یہ ممکن ہے کہ قضیب سے خواہ مخواہ عرض میں زنانی ہوسکے + مضمحلات۔ ذکر تجربہ حکیم سویدی و حکیم جرجانی و حکیم خذر و حکیم نصانی و حکیم محمدی و حکیم اعظم علیجان جلق اور اسکے اقسام اور اسکے علامات اور اعمالوں کی مساخت اسکے نتائج۔ اور اس کی وجہ سے اعضا میں فتور اور اس کے علاج نسخہ جات مجرب۔ ڈاکٹروں و حکیموں کے۔ طلا اور کھانے کے نسخے وغیرہ وغیرہ + مسقوطات میں جلق۔ جریان منی + ڈاکٹر کانیٹرو ڈاکٹر اسی۔ جی طلٹر۔ ڈاکٹر ایمرشو۔ ڈاکٹر گریجی۔ و ڈاکٹر ہیفری و ڈاکٹر ویساڈ کا تجربہ + تواریخ مرض جریان۔ اسباب جریان۔ جلق کا انزال اور جماع کا انزال۔ یونانی طبیبوں اور بیدوں کے تجربے۔ علامات جریان۔ احتلام کے اسباب۔ نتایج جریان۔ نسخہ جات مقوی۔ فولاد کے مرکبات۔ کچلہ کے مرکبات وغیرہ۔ مختلف نسخہ جات۔ ڈاکٹر گرلصاحب۔ ایم جی کا کیا ہوا علاج + ڈاکٹر کمر تجربہ۔ ڈاکٹر جارج ایم۔ ڈی + ڈاکٹر جی۔ بی کمرن۔ سرجے۔ بی کیس و ڈاکٹر گلین برد فیلڈ ولسیلو صاحب و ڈاکٹر ڈبلیو کالو صاحب کا تجربہ۔ علاج یونانی مفرد و مرکب اوہ یہ جیسے مانک المہبی۔ سفوف واقع جریان۔ عضل منی۔ فتور گردہ۔ اور اس کی علامات اور اسکے علاج۔ فتور ہادی۔ خرابش دماغ و ضعف دماغ و ضعف حرام مغز۔ سرعت انزال۔ اس کے اسباب و اسکا علاج۔ اس کی ماہیت۔ نسخہ جات نامردی۔ اقسام عدم شہوت عار ضی اوویہ مفردہ جماعت بندی۔ ادویہ باہیہ۔ اول مقویات باہ بالواسطہ مثلاً مقویات خون + مقویات اعصاب اور مقویات دافع تشنج۔ دوم مقویات باہ بلاواسطہ مثلاً کچلہ زرائج۔ تیاسفرس۔ بھنگ۔ افیون۔ ڈامیانہ وغیرہ مقویات خون کا عمل۔ مقویات اعصاب کی فہرست یہ ادویہ کس طرح پٹھوں کو طاقت دیتی ہیں۔ چاندی زنگ۔ قوت پیدا کرنیکی سے دوا و غذا کا طریق عمل۔ خیالات کا اثر۔ ادویات قاطع شہوت و مضر باہ۔ مقوی باہ اغذیہ نقشہ حسب مزاج و حالات مزاج۔ نقشہ اشیا خوردنی ملک ہند طالبان باہ کے لئے فاضل غذا کے بارہ میں ہدایات + کثرت جماع کے نقصانات۔ نہایت سریع الاثر عجیب العمل اغذیہ کے بنانیکے فوائد۔ حکیم محمد ذکریا کا تجربہ۔ حکیم جالینوس بقرائط مقوی باہ حلواء علوکاں حلواء زردک۔ حلواء مرمندی باہ اللہ کے چند عجیب نسخہ جات غلیظ یعنی کی باہ۔ اسباب داعی قرحہ۔ اجلیل فوقانی۔ اجلیل تحتانی + انگشک کی وجہ سے۔ حرام مغز پر چوٹ لگنا۔ رگہائے پس گوش کھنچنا + قلت منی سے نامردی۔ فساد منی۔ جریان منی۔ سستی قضیب جیسی عوارض وہمی۔ اسباب کمی باہ ضعف باہ بوجہ کمزوری روح بوجہ ضعف و قلت روح دماغی بوجہ ضعف روح طبعی۔ بوجہ ضعف عصب گردہ و مثانہ۔ بوجہ سستی اعصاب۔ بوجہ امور واہمہ۔ بوجہ کرسیت منقولہ۔ قابل معالجہ لوگوں کے حالات۔ ناقابل علاج علامات۔ ضعف بدنی۔ ضعف اعصاب۔ کثرت محنت دماغی۔ کثرت احتلام جلق۔ اغلام سے نامردی۔ عیاشی کے بعد کمی۔ انشک کے بعد نامردی۔ سوزاک کے بعد کمی قوت۔ نقص قضیب کی وجہ سے۔ جسمیں کی عضو سے کہ ہیجے خصیوں کی خوابی سے۔ حرام مغز کے صدمات سے نامردی۔ فرنگل ایبوشن مشاغل میں سے نامردی۔ افعالات نفسانیہ سے نامردی۔ مفعولہ کے رعب سے نامردی۔ بیم و خیال سے نامردی۔ قوت باہ کی غذا مشار کرنے کی ترکیب۔ شیخ بوعلی سینا کا قوت باہ کے بارہ میں تجربہ۔ علاج ضعف باہ از ہتر خارعضو۔ ادویہ مفرد جو ضعف باہ میں مفید ہوتی ہیں۔ قوت باہ کی بنی اور نسخے۔ ضماد اور غلاء کے نسخے۔ ضعف باہ کا علاج جوامور واہمہ سے ہے۔ کبھی کا بیان۔ جماعت انسانی پر فرقہ ارباب نشاط کی تاثیرات۔ کیا واقعی۔ لال بی بی بلوغت سے قبل یا نقص نشو و نما سے نوشی۔ ازدواج سے کیا مراد ہے۔ شادی کی عمر بین مرد کا نقصور یا عورت کا یا کیا عورت ابھی ہوسکتی ہے۔ وغیرہ صدہا بات قابل مطالعہ ہیں جو بباعث عدم گنجایش یہاں درج نہیں کیے گئے۔

شفا تھرمز
ڈاکٹر حکیم غلام نبی (زبدۃ الحکماء) میونسپل کمشنر اعوان منزل لاہور موچی دروازہ

معجون نشاط افزا

یہ بے مثل تاثیر معجون جس نے سنا ہے تعریف ہی کی ہے اور واقعی اس کا ہونا ہی ہر مرض کو دور کرنے کی بہت کو نشاط اور خوشی کی طرف راغب کر دیتا ہے۔ دقیق اعضاء مرد اور عورت کو از حد کمزور بے نظیر ہے۔ بیش بہا فوائد کے لیے کوئی بہتر ہی نسخہ ہے کہ ایک گھنٹہ قبل از وقت کھانے سے حواس قدرت بخشتی ہے کہ حس کا بیان نہیں ہو سکتا کے علاوہ نہایت لطف دیتی ہے۔ قیمت فی ڈبیہ دو روپیہ علاوہ محصول ہر ایک بیماری کی نہایت مجرب اور شرطیہ دوا ہے۔ بیگی جاتی ہیں۔ پوری تفصیل طلب کرو۔ حکیم و ڈاکٹر چراغ الدین جوہر مجرد غربی ادویات مالک مہتمم شفا خانہ انگریزی ادویات غربی

انگریزی دوائیاں

ہماری دوکان میں تمام انگریزی دواؤں کے بیماروں اور انگریزی دواؤں کے استعمال کے لئے اور تمام مشہور اور غیر مشہور پیٹنٹ میڈیسن ہمیشہ موجود رہتی ہیں۔ بڑی بات یہ ہے کہ تمام مشاق نباض دوا ملاتے ہیں۔ ہر ایک پیک سے نہایت ارزانی کے ساتھ بہت کم نفع پر معاملہ کیا جاتا ہے۔ ہماری خواہش ہر کہ صرف ایک مرتبہ آزمانے سے ہمیں ہمارا معاملہ آپ سے خود سفارش کرنے لگا۔ ہم اپنے گاہکوں کو تمام ایسی اشیاء جو ہمارے ہاں موجود نہ ہوں گی بغیر کسی کمیشن کے ہم پہنچا دیا کریں گے۔

المشتہر حاجی سردار بیگ اینڈ کمپنی تاجران ادویات مالکان کلی لاہور

طلا

جوانی کی غلط کاریوں اور بے احتیاطیوں سے اعصاب کی کمزوری اور خرابیوں کی اصلاح کر کے ایک ہفتہ کے باقاعدہ استعمال سے بغیر کسی قسم کے آبلہ یا سوزش کے ہلکی حالت پھلا کر بے انداز قوت پیدا کر دیتا ہے۔

قیمت فی شیشہ بعوض تین روپے

حب مہک

گولیاں کیا ہیں افسون ہیں۔ انکی تعریف تو۔ توبہ خلاف تہذیب۔ صرف کافی ہے۔ دو دفعہ کے استعمال سے یہ اپنی شہادت آپ دیں گی۔ آزمائش شرط ہے۔ قیمت ایک روپیہ صرف

ای سی ہر نسخہ اور راز

کثرت اشتہار مضمون نے سیاہ و سفید میں تمیز کرنا مشکل کر دیا ہے۔ ہمارے ہاں چالان پیپر لفظ سارٹیفکیٹوں کے بنڈل اور مجموعے اور چھوٹے اور بڑے تعریفی خطوط نہیں بلکہ ہر ہر دست سند ہے۔ دوا میں تاثیر قریب ہیں اگر ایسا نہ ہو تو خلیفہ تحریر پر قیمت واپس

خضاب

بہت سے مشتہاروں میں آپ نے خضاب کے عنوان سے حکماء کے اس دعوے کو تو ضرور دیکھا ہی ہوگا کہ ہر رنگ و بو کے دیگر است ہر طبیعت ۵ منٹ میں نسب ہدایت استعمال کرنے سے بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ بعد ان یا ست ہونگے خضاب نہ لگائیں ہوگا۔ قیمت (۴ے ر)

عمدہ خضاب

یہ عرق دو منٹ میں بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ ہفتہ تک کچھ بھی ہے کوئی نقص نہیں ہوتا۔ جلد خراب نہیں کرتا اور نہ بالوں کو بھربھرا سا رنگ دیتا ہے جیسا قدیمی ہے ہی سے کہ ہر جاتا ہے ایک فیشن ہو گیا ہے۔ قیمت ۲ے ر۔ تاوہ صاحب جو صفحہ ۱۲ پر ہمارے خلاف لکھا ہے۔ ہم اس کا جواب دینا نہیں چاہتے۔ ہم اس کو اپنی شہادت سمجھتے ہیں۔ اور اس کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اس کا ہمارے ذمہ کچھ نہیں۔ ہم نے اس کو کچھ نہیں لکھا

سپین اور مراکو میں خانہ جنگی تیاریاں کر رہے ہیں۔

جرمن فنلینڈ جہاز ٹیلاڈیا کے غرق ہونے سے ۱۴ ملاح اور ۱۰ مسافر ہلاک ہوئے۔

گورنمنٹ ہند سرحد بلوچستان پر بالشیوں کی سرگرمی اور مسٹر گریفز کے قاتلوں کو سزا دینے کی تیاریوں میں ہے۔

مسٹر گلیڈسٹون جو بہت بیمار ہو گئے تھے اب ان کی صحت کچھ بہتر ہے اس لئے وہ کینیں سے انگلستان کو روانہ ہو گئے۔

ایک کتاب جس میں ملوانے حضور پرنس آف ویلز کی زندگی کے بعض حالات کی نسبت لکھی ہے عنقریب شائع ہونے والی ہے۔

شاہ فارس کے دارالخلافہ میں ہیضہ پھیل گیا ہے۔

طہران اور اصفہان میں اندرونی سازشیں کر رہے ہیں۔ روس اس سے متنبہ ہو کر فوراً کام پر ریلوے جاری کرنے کی نسبت زور ڈال رہا ہے اور روسی انجینیر بیکار مزدوروں کو حصوں کا لالچ دلا کر اپنا مطلب نکالنے کی کوشش میں ہیں۔

نیا سالینڈ کے ان باغیوں کو جو سزائے موت کے ماتحت تھے مسٹر جینگ نے اپنی رحم کے ساتھ شکست دی۔

مسٹر بھاونگری ممبر پارلیمنٹ نے بتائید گورنمنٹ بیان کیا کہ میرے خیال میں ہندوستان کو مالی امداد ملنی چاہیئے۔

لارڈ جارج ہملٹن نے فرقوں کے ساتھ ایمانداری سے کارروائی نہ ہونے کے الزام کی تردید کی۔

سنہ ۳۹ء کی بابت انکاہیں جاپان کی پیداوار ۱۴،۲۲۱ ریوند تخمینہ لگایا گیا ہے جس میں بہ نسبت سال گزشتہ ۱۰ لین ریوند کا اضافہ ہے۔

Chamberlains Pain Balm

چیمبرلینس پین بام

(چیمبرلین صاحب کی دوائی درد۔ امریکہ میں بنائی ہوئی)

تمام دنیا میں ہر قسم کے درد کے فوراً دفع کرنے کے لیے مشہور ہے خصوصاً ہر قسم کے گٹھیہ۔ کمر درد۔ لمبیگو۔ لمبر۔ لمبر کرائین۔ بیچ۔ لمبر کرائین اور ورم کے لیے مفید ہے۔ زخم چوٹیں۔ جلے ہوئے مقامات بھی اچھے ہو جاتے ہیں۔ سر درد۔ ہیضہ۔ دندان اور گلہ درد کے لئے بھی نافع ہے۔ درد پہلو اور درد پشت کا بھی بہت اچھا علاج ہے۔ غرض نہایت عجیب نافع درد دوائی ہے۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے

ملنے کا پتہ حکیم نذیر الدین نذیر حسن بانکا۔ جناب میڈیکل ہال اور امرتسر میں میاں فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے مل سکتی ہے۔

ضروری اعلان

پنجاب فیشل بنک لمیٹڈ لاہور خاص شرح سود پر ہر قسم کی امانت وصول کرتا ہے تین سے لے کر ۱۲ ماہ تک روپیہ جمع کرنے کو تیار ہے۔

بھاری لیل سیٹھ

اپنے اخبار کے ناظرین کو علمی دعوت

مکافات عمل — عبدالحلیم شرر۔ اس ناول کا اول ایڈیشن ختم ہو چکا ہے۔ دوسرا ایڈیشن زیر طبع ہے۔ قیمت ۱۲

خون تمنا — عرف اسلامی جہاد۔ یہ ناول نہایت دلچسپ تاریخی ہے۔ تین سو صفحہ کے قریب ضخامت ہے۔ قیمت ۱۲

اسلام کی دینوی برکتیں — از نواب محمد چراغ علی خاں مرحوم۔ قیمت ۱۲

صداقت اسلام — اسلام پر دو فلسفیانہ لکچر از سید احمد خاں بہادر او ڈی ایس آئی۔ صاحب سر سید کی تصویر بھی ہے۔ قیمت ۴

قانونی کتب — ایکٹ مزارعان مشرح از خان بہادر منشی غلام احمد خاں صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر سیالکوٹ۔ مادہ تاریخ قیمت ۱۲

پنجاب کوڈ — ایکٹ مزارعان مشرح از خان بہادر یوصوف۔ قیمت ۱۲

المشتہر بینیولنٹ جنرل ایجنسی امرتسر

شعرائے نامدار کی خدمت میں التماس

(تاریخیں موزون کرنے کے لئے)

حضرات عالی! خیر خواہ پیسہ اخبار نے مدت کی تلاش اور تفتیش اور محنت کے بعد جناب امیر عبدالرحمن خاں صاحب ضیاء الملت والدین امیر افغانستان کی زندگی کے حالات بنام "تذکرہ امیر" ایک کتاب میں قلمبند کئے ہیں۔ اس کتاب میں کئی ایک تصویریں اور قطعے بھی ہیں۔ اور سینکڑوں جلدوں کے حصے اس کے لئے مواد جمع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب ۱۹۳۸ء سے لیا ہے۔ لیکن اب اسے چھپ کر بھی تیار ہو گئی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ کتاب میں سے بعض حضرات اس "تذکرہ امیر" کی تاریخیں موزون فرما دیں۔ جو میں کتاب کے اخیر میں زیادہ کر دونگا یقین ہے کہ بہت سے ناظرین پیسہ اخبار سے تذکرہ امیر کی تاریخیں نظم کر کے مجھے ممنون کریں گے۔

آپ صاحبوں کا خادم۔ محبوب عالم

ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور

شایقینوں کو مژدہ

ہر قسم کے قطعات عربی۔ فارسی۔ نظم و نثر کی۔ اردو دار گورکھی۔ سنہری۔ کاغذ دغنی۔ قیمت سالم تختہ ۱۲ نیم تختہ ۶ پائی۔ ربع تختہ ۳ پائی۔ خط بلیدار سنہری و سلور والے قیمت فی صدی ایک روپیہ۔ خاکے پر یوں والے۔ قیمت فی صدی آٹھ آنہ۔ کاپی لکھنے کی سیاہی فی سیر چھ روپے۔

منشر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

دیوان آتشکدۂ وحدت

تصنیف سلطان العاشقین عارف آگاہ حضرت خواجہ مستان شاہ صاحب کابلی دام اللہ فیوضہم

یہ دیوان نکات تصوف اور رموز شریعت و طریقت و معرفت سے لبریز ہونے کے علاوہ محاسن شعری سے زیور سے بھی آراستہ و پیراستہ ہے۔ اور مبتدی و منتہی علماء و فقراء کے لئے خاص عام کے نزدیک مقبول و محبوب ہے۔ علاوہ بریں کلام ہذا حاشیہ اور موٹر اور پر ضروری لفظوں کو نخست بیتاب کرنے والا اور تر یاد دلانے والا ہے۔ دیوان کے ساتھ منسلک آمد و رسالہ مولوی محمد علی صاحب چشتی کا بھی شامل ہے۔ دیوان موصوف (خطی) ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ قیمت دو روپے۔ محصول ڈاک ۴ آنہ ہے۔ سوائے فقیر اللہ صاحب تاجر گنج محلہ سادھاں امرتسر سے نقد قیمت بھیجنے پر یا بذریعہ ویلیو پی ایبل منگوا سکتے ہیں۔

کیپٹن کے سوداگر

رامداس مہر ہٹی بازار۔ لاہور

ہر قسم کا اونی سے اونی اور اعلیٰ سے اعلیٰ کپڑا۔ ریشمی۔ سوتی۔ اونی۔ تیار شدہ کپڑے وغیرہ وغیرہ

درخت کرنے والے

بچے سے بوڑھے تک سب سے ایک نرخ

ایک مرتبہ کی آزمائش سے امتحان ہو سکتا ہے

دوسری بعض دکانوں کی طرح جو فروش گندم نما نہیں

سب سے ارزاں ترین اور باکمال ترین

کپڑا خریدنے کا اگر کوئی ہے تو صرف

دکان رامداس مہر ہٹی بازار مقابل مسجد سنہری ڈبی بازار۔ لاہور

(ناظرین کے رفع تکلیف کی خاطر)

ہزارہا کے جملے سلائے گئے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ ہمارا جیب خواہش ہاف ڈینر جاکٹ ہو کم از کم وقت میں بلا ہچکچاہٹ حاضر بھیجئے۔ ہاف بکا۔ آستین۔ لمبائی مکمل ضرور دیکھئے۔

فاشلی آتش بازی دیپالی پر بذریعہ ویلیو پی ایبل بارسل بھی

(لاہور، پنجاب و سرحد)

— امیر صاحب کے انجینئر سر سالٹر پائن ۱۷ مارچ کو بنوں سے لنڈی کوتل پہنچے اور دوسرے روز ملی سجادر پشاور گئے جاپان اور امریکن ریل سے ولایت جاتے ہیں۔

— سر سالٹر نے تصدیق کیا کہ امیر صاحب نے سرحدی فرقوں کو کسی طرح سے مطلق سونا نہیں دی۔ یہ فساد محض ملاؤں کا برپا کیا ہوا ہے۔

— ڈسٹرکٹ بورڈ راولپنڈی کو ۱۰ سال سے زیادہ ہوئے کی انجمن سے جو بڑی شاہ لطیف کے میلے میں شامل ہوں نئی کس پانی پہنچانے کی اجازت ہوئی ہے۔

— اینگلو سنسکرت ہائی سکول انبالہ لالہ درگا داس اور لالہ پرمھوی سنگھ کی کوشش سے بہت جلد ترقی کر رہا ہے۔

— صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ انبالہ نے منشی ہرمکھ رائے ایڈیٹر انبالہ گزٹ کو جو ۷ سال قید کی سزا دی تھی وہ چیف کورٹ سے معاف ہو گئی۔

— ایڈیٹر اخبار ناظم الہند جس کو صاحب ڈسٹرکٹ جج ملتان نے لائل کے مقدمہ میں سزا دی تھی چیف کورٹ سے بری ہو گئے۔

— پرتاپ مچھری جوست دھرم پرچارک جالندھر میں شائع ہوئی ہے۔ سوامی دیانند کے ان لکچروں کا ترجمہ ہے جو انہوں نے پونہ میں دیئے تھے۔

— سال گزشتہ کی طرح لاہور میں پوتر ہولی لوہاری اور موری دروازوں کے مابین کھیلی جائیگی۔ یہ ۸ مارچ کو ہے۔

— ایک نامہ نگار نے صاحب ڈپٹی کمشنر کو پھلور کی کثیف حالت کی طرف توجہ دلائی ہے جہاں سے ۱۰ میلوں کے فاصلے پر طاعون پھیلا ہوا ہے۔

— مس ایلین اوڈ ایم۔ اے سینئر اسکاٹ گزشتہ جمعے کو سناتن دھرم سبھا لاہور کے مکان میں تشریف لائیں اور پنڈت دین دیال صاحب شرما کی تقریر سننے میں ہندو تھیالوجیکل فقائد کی حامی ہیں۔

— ریاست بہاولپور میں جن ۱۳ ہندوؤں کو منشی دین محمد خاں مجسٹریٹ منچن آباد نے علاوہ نیند کے ایک سو روپے سے کر ۲ سو روپے تک سزا دی تھی وہ صاحب چیف جج بہاولپور نے معاف کر دی۔

— لودھران میں جو کیمپ حاجیوں کو روکنے کے لئے ایک ماہ سے قائم ہے۔ اس میں ایک بھی حاجی اب تک نہیں لایا گیا۔ لہذا کوئی حاجی کراچی کی طرف سے نہیں گیا۔

— سرحد کا ان سے تازہ خبر آئی ہے کہ کرنل بین اب تک تربت میں مزید جنگی کارروائیوں کے واسطے سامان جمع کر رہے ہیں کسی قسم کی مزاحمت ہونے کا اندیشہ نہیں ہے۔

— پچھلے دنوں اندی کوتل میں برف سے درہ بند ہو گیا تھا۔ جو قافلوں کے آنے کی وجہ سے مجبوراً کھولنا پڑا۔

— معلوم نہیں یہ خبر کہاں تک صحیح ہے کہ سرحدی مفسد خواص خاں کو اس کے بیٹے نے مار ڈالا ہے۔

— اس وقت تیراہ فورس کے ہیڈ کوارٹر سٹاف میں ۳۶ افسر ہیں جن کے ساتھ ۴۰ ہزار پونڈ بوجھ ہے۔ جو بالکل فضول طور پر ساتھ رکھا گیا ہے۔

— مسٹر ای ڈبلیو پارکر عہدہ لیگل ممبر سپریم پنجاب میں مستقل ہو گئے۔

— زمیندار اخبار پنجاب نے حملہ مقدمہ کے نتیجہ لنڈ کے واسطے ۱۰۰۰ روپے چندہ دیا ہے۔

— ۶ فروری سے کر ۹ مارچ تک لاہور میں ۳۲۲ نئے نمونیہ بیمار ہوئے۔

— بارشوں اور برف کی وجہ سے وادی جہلم کی سڑک کشمیر کئی جگہ پہاڑیوں کے پھسلنے سے بند ہو گئی۔

— لالہ ٹھاکر رام ہیڈ ماسٹر ایم۔ بی۔ ہائی سکول ہوشیار پور بجائے کو بعارضہ بخار راہی ملک بقا ہوئے۔

— پولیس ٹریننگ سکول کھلپور کے ایک سو جوان پشاور سے لوٹ کر طاعون کے متعلق ڈیوٹی پر ہیں۔

— پچھلے سال بجز لاہور کے تمام میونسپلیٹیوں کی کارروائی کی تعریف کی گئی ہے۔

— اہل الرائے کہتے ہیں کہ سرحد پر جو تکالیف نازل ہوئی ہیں وہ قدرت سے کر کوئی نظیر نہیں رکھتی ہیں۔ سگر لارڈ الگن کے استقلال سے سب کچھ بخیریت گزرا۔

— روس کا کوئی خوف نہیں ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ جن راہوں کو افغانستان پر فوق ہو وہ کسی دشمن کے قبضہ میں آئیں۔ اور ہمارا مدار جن چار دستاویزات پر ہے وہ عہدنامہ سرحد و سن افغانستان امیر صاحب کی نسبت ذمہ داری۔ عہدنامہ ڈیورنڈ اور عہدنامہ روس و انگلستان مشہور یا میر ہیں۔

— آئندہ سرحدی پولیسی یہ ہو کہ پولیس قائم کیجائے۔ برٹش اضلاع محفوظ رہیں۔ برٹش علاقے میں قبائلیوں کی دست اندازی نہ ہو اور افغانستان کے ساتھ تمام عہد پورے ہوں۔

— سر پرکہ امر فوج پنجاب کی کمانڈ نہیں لے سکتے کیونکہ ان کو ۳۱ مارچ تک فوج عراق کے ساتھ رہنا ہوگا۔ اس لئے جنرل کوری بردسر حدی فوج پنجاب کی کمانڈ لینگے۔

— مسٹر گی کلکٹر ڈیرہ اسمٰعیل خاں ایک سال کی فرلو پر جاتے ہیں۔ مسٹر ہومن لان کی جگہ کام کرینگے۔

— اگر آفریدیوں کے مقابلے پر فوج روانہ کرنی پڑی تو برادر آگے فیلڈ ۲ توپ استعمال کی جائیگی۔ اس لئے پشاور میں دو توپخانے تیار رکھے گئے ہیں۔

— سر سالٹر پائن نے یہ بھی بیان کیا کہ آفریدیوں کے کئی خاندان اس وقت جلال آباد میں پناہ گزین ہیں۔ سر صاحب کو اپنے ہم مذہبوں کو مدد دینی ضروری تھی۔ تاہم انہوں نے اس سے گریز کیا۔

ممالک غیر

— ولایت میں لارڈ جارج ہملٹن نے بیان کیا کہ لارڈ سیلبرن سے ہندوستان کوئی دباؤ مقصود نہیں ہے صرف مرسی خیالات کو ہائیت ذہنی مطلوب ہے۔

— ہوس آف کامنز میں مسٹر گرزن نے کہا کہ میں تصدیق نہیں کر سکتا کہ آیا چین نے برہما ریلوے کو یون تک وسعت دلانا منظور کیا ہے۔ بہر حال یہ ریلوے سرحد تک جاری کی جائیگی اور دیکھا جائیگا کہ اس کو آگے کہاں تک وسعت دیجا سکتی ہے۔

— ولایت میں برٹش خرچ کے تخمینوں میں ۷۰۰۰۰ پونڈ کا اضافہ کیا گیا ہے۔

— فرانسیسی کارنیل ڈیپارٹمنٹ کا بیان ہے کہ اگر لیڈ میں برٹش اور فرانسیسی یورپ اور نسا میں اتحاد سے پیش آئے یہ برس میں گفتگو کے نتیجہ تک فی الحال چوکیوں پر قابض رہیں

— نامہ مشہور ہوا ہے کہ کیبنٹ جاپان نے فیصلہ کیا کہ جاپان کی مالی حالت تا وان چین کی ادائگی کو زیادہ تر دست نہیں دلا سکیگی۔

— ایک دن میں ٹریزوری آف دسٹ منسٹر کے پاس ایک سو سے زیادہ چٹھیاں ٹیرات مانگنے کی غرض سے پہنچی ہیں۔

— کنساس کے ایک فانوزان نے ایسا مسودہ قانون کیا ہے۔ جس کے رو سے ان لوگوں کو سزا ملیگی جو سوسن گاڑیوں۔ ہوٹلوں اور گرجا وغیرہ میں خراٹے لینگے۔

— بعض ڈاکٹروں نے فرانس۔ انگلینڈ اور امریکہ کی عورت کے قد و قامت کا اندازہ لگایا ہے۔ فرانسیسی عورت کا قد ۵ فیٹ ہوتا ہے۔ امریکن کا اس سے ۲ انچ بلند اور برٹن کالمبیا کی لیڈی کا اس سے ۱ انچ بالاتر ہوتا ہے۔

— اوگنڈا میں ناکھائی فساد کے باعث ۲۴ دسمبر تک انفنٹری کے واسطے ۳ ماہ کے لئے فوج طلب کئے گئے ہیں۔

— صوبجات متحدہ امریکہ کا جو جہاز تباہ ہوا ہے اس کے ۲۵۳ آدمی اور ۲ افسر تباہ ہوئے ہیں۔

— گورنمنٹ سپین نے صوبجات متحدہ سے بذریعہ جہاز اس نقصان کی نسبت ہمدردی ظاہر کی ہے جو اس قوم کو آتلانٹے کے طوفان میں گرفتار ہوئے ہیں۔

— مقام سوساجہاں تین انگریز سورش جہاز کے ذریعہ ساحل ٹیونس کے مشرق میں وارد ہے۔

مسلمانو غنیمت سمجھو

انجمن محمدی برادران ہندوستان لاہور

اپنے ممبروں کی وفات کے بعد ان کے

متعلقین کو سینکڑوں روپے کی امداد دیتی ہے

بجز اسکے ممبر کو زیادہ سے زیادہ اپنی

زندگی میں ایک روپیہ ماہوار اور

عجز سالانہ چندہ دینا پڑتا ہے

خود ممبر اور اپنے رشتہ داروں کو خبر دیں

قواعد منگا کر ملاحظہ فرمادیں

المشتہر شیخ کمال الدین مختار الصدر و سکرٹری انجمن محمدی

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

سر ڈنسکمبل مارٹن ۲۵ مارچ کو سملہ جاتے ہوئے کہتے ہوئے بمبئی صوبہ پنجاب سندھ کے چند ممبر حیدرآباد پہنچے ہوئے ہیں سر ہربرٹ ایکنٹ گورنر جنرل ایجنٹ ہز ایکسی لنسی صاحب جودھپور کے مہمان ہوئے ہیں۔ لفٹنٹ گورنر صاحب سے ملاقات کرنے والوں کی آخری لسٹ کل درج ہوئی ہے۔

سر آنریبل میکڈانل کے دربار گھنٹہ میں ۲۳ بجے اور ساڑھے گیارہ بجے تھے۔

ڈاکٹر اور مسز ڈبلیو ایچ واکین پر بائیسکل پر لیا کی سیاحت کر رہے ہیں اور کئی کتب کے مصنف ہیں اب چند دن میں ہیں اور موسم گرما کشمیر میں بسر کرکے آئندہ موسم سرما میں سیاحت بند ختم کر دینگے۔

مسٹر جسٹس سانت جج ہائیکورٹ کلکتہ ۵ ماہ کی رخصت پر جاتے ہیں۔ مسٹر اراکھی ان کی جگہ کام کرینگے۔

سالانہ قحط میں پریسیڈنسی مدراس کے جلاہوں سے بعوض کپڑا کے کپڑا تیار کرایا تھا۔ اس میں سے اب ۲ لاکھ روپیہ کا کپڑا وصول کیا گیا ہے کل ۲۰ لاکھ اور آمد بار پر ۱۵ لاکھ تھی۔ کپڑا کی کارخانہ اندور ہینلک کی ایک کمپنی جو مدراس میں کلکتہ میں کام کرتی تھی۔ ۱۵ لاکھ سے زیادہ کپڑا واپس ملی آتی ہے۔ اس کا انتظام کس طرح ہوگا۔

مدراس میں مقدمات خفیفہ کلکتہ کے مقدمات ہر سال ترقی کرتے جاتے ہیں۔ مدراس رہنے کی مالیت کے دعاوی میں زیادہ کچھ ہیں کی تعداد پچھلے سال ۱۱۲۶۸ اور ۱۸۹۹ء میں ۹۶۰۰ تھی۔

مدراس روڈ کلکتہ پر برقی روشنی کا سامان تیار ہوگیا ہے۔ کمپنی کے ساتھ کرنے کا کام ہوا ہے۔

تحصیل گوڑ کھپور کے دیہات میں ۲ سو سکھ اور ۲ سو پنجابی مسلمان آباد کئے جائیں گے۔

سر ہنری ٹھیکر ایسٹر بنگلہ کھنگی دوکھنی ۱۰ مارچ کو رخصت پر جائیں گے۔ اور اس کے بعد سروس سے علیحدہ ہوں گے۔

گرانٹ سیمنٹ کو سوامی سرمد حاندہ پارک سٹریٹ بمبئی پہنچ کر کلکتہ مدراس کو روانہ ہوئے۔

پل کوٹری کا کام نہایت سرعت سے تیار ہو رہا ہے۔ بس کے لائے تیار ہو چکے ہیں اور دسمبر الامکان جلد ختم کو جائینگے۔

سارجنٹ مدراس کے جس نے مدراس کے بعض بلیڈ ڈولپ کے متعلق تحقیقات کی ہیں۔

ہمارا تخمین لکھتا ہے کہ اس وقت ۴ ہزار سائکلٹ کلکتہ میں اور ۲ ہزار بمبئی میں ہیں۔

گورنمنٹ نے ۱۸۹۰ء میں لاٹری تجویزات کے

۳ حصے ۱۱۵۰۰۰ روپیہ منظور کیا ہے۔

لنکا میں ۴ سنگھالی اور ۷ بیل ایک شکل کے کھیت میں ہل جوتتے ہوئے بجلی گرنے سے ہلاک ہوئے۔

مظفر الدولہ پولیس کانسٹیبل منظفر نگر کو زیر دفعہ ۲۰۲ تعزیرات ہند اور اشرف علی متعلقہ پولیس برادوں کو ۲-۲ ماہ قید کی سزا ہوئی۔

شہر بمبئی کا ایک حصہ کلابہ طاعون سے بچا ہوا ہے۔

ہوپ ریسکیو بمبئی کا کا ویکسین ۵ ماہ حال کو منعقد ہوا جس میں گورنر نے طلبا کو مہذب دنیا کا لائق سٹیزن بننے کی ہدایت کی

مسٹر جارس ای۔ ڈی ساحل عرب سے ہند کی طرف رستم کے متعلق لکھتے ہیں کہ یہ تجویز ہند میں ایسی پسند کی گئی ہے کہ کام جلد شروع ہونے میں مطلق شبہ نہیں ہے۔

مسٹر ایچ ڈبلیو چیف انجینر مدراس ریلوے ۱۵ اگست میں ۵۵ برس کی عمر میں سروس سے علیحدہ ہوتے ہیں۔

کرنل ڈیوڈسن کمانڈنگ افسر چترال ہندی میں ہند کو لوٹتے سنہ کے بارہ تمام ملک ایک چیف کمشنر کے ماتحت گورنمنٹ ہند کے زیر اہتمام رہیگا۔

سول سروس کے ممبروں کو اختیار ہوگا کہ نو سال کے بعد اگزکٹو یا جوڈیشل برانچ میں رہیں۔

میونسپلٹی کراچی کو ایک لاکھ روپیہ قرضہ نہیں مل سکا۔

۱۵ اکتوبر کے زلزلوں سے جو نقصان ہوا تھا اُن کی درستی پر چنا گنگ اور کوسیلا ڈویژنوں میں ۲۴۲۶۲ روپیہ خرچ ہوا ہے۔

۴ روسی ڈاکٹر طاعون کی تحقیقات کے واسطے اس ملک میں آئے ہیں۔

مدراس میں تھوڑے کھیتوں کے بچانے کے واسطے ۵ ہزار روپیہ گورنمنٹ نے آسٹریلیا سے پرندے منگانے کو دیئے گئے

ضلع چمپارن میں ڈھانچہ اور ترہتی نہروں کی کھدائی شروع کی گئی ہے۔ اچھی نہر کا تخمینہ ۴ لاکھ روپیہ کیا گیا ہے۔

سکاری طور پر مشتہر ہوا ہے کہ ریاست حیدرآباد دکن کے ضلع نلدرگ درگھ گیہ میں طاعون دبائی شکل میں پھیل گیا ہے

اخبارات ولایت سے مارکوئس آف ڈلہوزی سابق گورنر جنرل ہند کی صاحبزادی لیڈی سوسن جارجینا وان کے مرنے کی خبر آئی ہے۔ یہ وہی تھیں جنہوں نے مرحوم سکندر کی رخصت لارڈ کوپار گورنر مدراس سے طلاق لے کر سر جن لفٹنٹ کرنل ہرگز کے ساتھ شادی کی تھی۔

لفٹنٹ جے ایل ہیرنگٹن جو شاہ نیلک کے دربار میں برٹش ایجنٹ مقرر ہو کر بھیجے گئے ہیں۔ پہلے عدن میں پولیٹیکل افسر تھے اور ۱۸۹۸ء میں ملٹری ڈیپارٹمنٹ سے پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ میں آگئے تھے۔

عیسائیوں کے نئے عہدنامہ کا اردو ترجمہ جو پہلے اس صدی کے آغاز میں مشنری ہنری مارٹن نے کیا تھا۔ اور اب پھر ۱۸۹۸ء میں بمقام دہلی شروع ہوا ختم ہوگیا ہے۔ یہ برمن حروف میں نستعلیق اور فارسی میں بمقام لاہور چھپوایا جائیگا۔

رنگون کا نیا سولین سزائی جیل گراٹن نو ماہ سے زائد تک بنا ہوئے۔

حال میں ۵ ڈاکٹر و لیڈی ڈاکٹر اور ۵ نرسیں ولایت سے آئی ہیں۔ یہ سب طاعون کے متعلق کام پر لگائی جائینگی۔

۵ آنریری مجسٹریٹ کی رپورٹ بنگال میں بیدار مگہوں کا تخمینہ فی روپیہ پندرہ آنے کیا گیا ہے جسکی تعداد پچھلے سال دس آنے تھی۔

بنگال میں پیداوار روئی کی اوسط فی روپیہ ۱۳ آنہ لگائی گئی ہے۔ پچھلے سال ۱۱ آنہ تھی۔ یہ ۱۴ ضلاع میں ۴ ملین پونڈ ہوگی۔ حالانکہ ۱۸۹۶ء میں یہ ۳ ملین تھی۔

۱۸ اگست بمبئی میں بمبئی کا جوت کول تار سے بگڑا ہوا ہے وہ اب تک درست نہیں ہوا۔ لہذا اس کا سرکاٹ کر ولایت میں دوبارہ تیار کرایا جائیگا۔

اگور مدراس میں ایک بڑھیا کپتان جکسن اور لفٹنٹ بوم کی گاڑی سے ایسی ٹکر کر گری کہ اس حادثہ سے جانبر نہ ہو سکی۔

پچھلے ہفتہ ۲ گھوڑے ہوئے ہیں ۲ انگریزی ۳ دیسی ۲ مرہٹی ۲ فارسی اور ۲ دیسی اور ۱۱ انجر ہیں۔ بمبئی پہنچے۔

پونہ میں جو گورے نے ایک دیسی کو ہلاک اور ۲ کو مجروح کرنے کے جرم میں ماخوذ تھے وہ صاف بری ہوئے۔ اور کلکتہ میں جس مسلمان کی نسبت ایک گورے کے سر میں اینٹ مارنا ہوان کیا گیا تھا اس کو ایک ماہ قید کی سزا ہوئی۔

لٹری نمونے کے سازوں کا محصول معاف کیا گیا ہے۔

۱۱ جنوری کو آسٹریا ہنگری کا جو جہاز رنگون سے پورٹ سعید کو روانہ ہوا تھا۔ جزیرہ میسل کے پاس تباہ ہوا۔

پیٹرک کلیگوری سیکرٹری میرانی ریلیف سوسائٹی کلکتہ کو ۲۵۰۹ روپے خیانت کرنے کے جرم میں ۳ سال قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی۔

ریگیمنٹ سیمرل ہیری ۴۰ برس کے ختم ہو جانے پر بمقام کوئٹ کر رنگون جائیں گے۔

پتے تحریک ہو رہی تھی کہ پریسیڈنسی گورنمنٹ میں مسلمان ممبر مقرر کیا جائے۔ مگر اب فیصلہ ہوا ہے کہ چونکہ یہ افسر شہنشاہ کے قائم مقام نہیں ہیں لہذا ایسا نہیں ہونا چاہیئے۔

بریگیڈیر جنرل سر بنڈن بلڈ کے سی بی کلکتہ سے میرٹھ کو واپس آگئے۔

لندن کی ایک کریم لیفس لیڈی یتیم خانہ سکندرآباد کے واسطے ایک سو پونڈ وصیت کر گئی ہے۔

ماہ جنوری میں بحری و تجارت کلکتہ میں ۲۶ فیصدی کا فائدہ ہوا۔ سال روئی میں نمایاں ترقی تھی۔ صنعتی بھی کثرت سے آئی ۱۴ لاکھ کا مال اور ۱۹ لاکھ کی جانوری آئی۔ کہ تجارت ساحل میں پیاول ۳۰۰۸ ۴۳ ہنڈ ڈوٹ سی ۱۰۰ ۱۰۰ ڈوٹ تک گھٹ گئے۔

پونہ اور بمبئی میں جن لوگوں کو زہریلا کیا گیا ہے وہ سب کا اوے کے اس مرض سے بچے ہوئے ہیں۔

کلکتہ میں بے احتیاطی سے ہیضہ پھیلنے کا ایک مقدمہ کی تحقیقات کے دوران میں کمپنی انسلین کو جس نے بالکل کچھ ۱۰ غلہ کا گھونسا دکھایا تھا دس روپے جرمانہ ہوا۔

کالیداس مکرجی نے اپنے بیٹے کی ہلاکت کی بابت ایسٹ ریلوے سے ۱۲ ہزار روپے کا جو ہرجانہ کا دعویٰ دائر کیا تھا۔ ۱۰ ہزار پر مسٹر جسٹس امیر علی جج سیکرٹ کے اجلاس سے فارغ ہوا۔

دور ہو سکتی ہے" میرے خیال میں تو یہ دونوں باتیں متناقض ہیں۔ عالم رویا میں بشرطیکہ رویائے صادقہ ہو صرف اُن باتوں کا وجود اور عمل نظر آتا ہے جو بعد میں ضرور واقع ہوتی ہیں اور کسی طرح ٹل نہیں سکتیں۔ اور اگر رویا بطور تقدیر متعلق کے ہے جو خیرات و مبرات اور اعمال صالح سے ٹل سکتی ہے تو پھر اس کا رویا میں نظر آنا قرین قیاس نہیں۔ بہرحال اس صورت میں جناب مرزا صاحب اپنے قول کو پابند نہیں کرتے کہ رویا میں ضرور آئیگی یا ضرور نہیں آئیگی۔

ایک اور بات اس اشتہار کی میرے فہم ناقص میں نہیں آئی۔ ایک جگہ تو جناب مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ وبا بندوں کے گناہوں سے توبہ کرنے اور نیکی کی جانب رجوع کرنے سے ٹل سکتی ہے۔ اور دوسری جگہ اسی اشتہار میں لکھتے ہیں کہ انہیں روحانی طریق سے معلوم ہوا ہے کہ وبائی طاعون اور فارش (جرب) کا مادہ ایک ہی ہے۔ اور اس سے آپ نتیجہ نکالتے ہیں کہ چونکہ پارہ کے اجزا اور گندھک کی آمیزش والی چیزوں فارش کے لئے مفید ثابت ہوئی ہیں۔ وہ طاعون کے لئے بھی مفید ثابت ہونگی۔ اور تعجب نہیں ہوگا کہ فارش کے پیدا ہونے سے طاعون کی کمی ہو جائے۔ بقول اُن کے وہ یہ روحانی قواعد کا ایماء زانہ ہے کہ جس سے مینے فائدہ اٹھایا ہے۔ اگر تجربہ کرنے والے اس امر کی طرف توجہ کریں اور ٹیکا لگانے والوں کی طرح بطور حفظ ماتقدم ایسے ملک کے لوگوں میں جو خطرہ طاعون میں ہوں فارش کی مرض پھیلا دیں تو میرے گمان میں ہے کہ وہ مادہ اس راہ سے تقلیل پا جائے۔ اور طاعون سے امن رہے۔" اب معلوم نہیں کہ قضائے معلق کا شمار مرزا صاحب کا اس روحانی دریافت کے وسیلہ سے طاعون سے امن کرنے کا ہے یا لوگوں کے گناہ سے باز آنے کے ذریعے سے۔ کیونکہ اگر جناب مرزا صاحب کے فارش پھیلانے کی تدبیر سے طاعون سے امن ہو جائے۔ درانحالیکہ لوگ گناہوں سے تائب نہیں ہوئے تو الہام درست نہیں نکلتا۔ اور اگر الہام درست نکلے تو دوسری تدبیر فارش پیدا کرنے کی رائگاں جاتی ہے۔ تدبر۔

قطع نظر اس پیشینگوئی اور الہام کے باقی جو باتیں جناب مرزا صاحب نے اس اعلان میں لکھی ہیں وہ بہت معقول ہیں۔ مثلاً شروع میں آپ گورنمنٹ عالیہ کے طاعون کے انسداد کے انتظام میں اس قدر کوشش اور محنت کرنے کی تعریف کرتے ہیں۔ اور گورنمنٹ کے انسداد طاعون کے انتظام کی نسبت جو لوگ بدگمانی پھیلاتے ہیں اُن کو بُرا کہتے ہیں۔ پھر بصورت مجبوری طاعون کے کسی شہر یا قریہ میں پھیل جانے کی حالت میں سیگریگیشن (گھروں سے علیحدگی) کا جو اصول گورنمنٹ نافذ کرتی ہے اُس کو مرزا صاحب مندرجہ ذیل بہت عمدہ دلیل کے ساتھ جائز قرار دیتے ہیں۔ "لکھتے ہیں" مثلاً ایک گھر میں جب طاعون سے مرنا شروع ہو تو دو تین موتوں کے بعد گھر والوں کو ضرور فکر پڑیگا کہ اس منحوس گھر سے جلد نکلنا چاہیئے۔ اور پھر فرض کرو کہ وہ اس گھر سے نکل کر محلہ کے کسی اور گھر میں آباد ہو گئے اور پھر اس میں بھی یہی آفت دیکھیگے تب ناچار اُن کو اس شہر سے علیحدہ ہونا پڑیگا۔ غرض تو شرعاً بھی نص ہے کہ وبا کے شہر کا آدمی کسی دوسرے شہر میں جا کر آباد ہو۔ یا بہ تبدیل الفاظ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ خدا کا قانون بھی یہی ہے دوسرے شہر میں جانے سے روکتا ہے۔ تو اس صورت میں بجز اس تدبیر کے جو گورنمنٹ نے پیش کی ہے کہ اسی شہر کے کسی میدان میں رہ لوگ رکھے جائیں۔ اور کونسی نئی اور عمدہ تدبیر ہو جو ہم بغیر وباء شہ اس خوفناک وقت میں اپنی آزادگی کی حالت میں اختیار کر سکتے ہیں"۔

اس کے سوائے وہ اُن ڈاکٹروں کو جو طاعون کی ڈیوٹی پر لگائے جاتے ہیں ہدایت کرتے ہیں کہ وہ مریضوں اور اُن کے عزیزوں سے نہایت ملائمت اور اخلاق سے پیش آویں۔ یہ واقعی نہایت قیمتی مشورہ ہے۔ اور اگر الہام اور خواب کے ساتھ مشتہر نہ ہوتا تو اور بھی اچھا اثر کرتا"۔

امداد قحط کے کاموں میں نفع

مدراس میں کمشن قحط کے سامنے مسٹر نے خود بتلایا کہ گورنمنٹ مدراس نے حال ہی میں دو لاکھ روپے کا کپڑا فروخت کیا ہے جو اُن جلاہوں نے بنا ہے کہ جن کو قحط کی امداد دی جاتی رہی ہے اور اس کے عوض میں اُن سے کپڑا بنوایا گیا تھا۔ سرکار نے اُنیس کل ۹ لاکھ روپیہ امداد قحط کا خرچ کیا تھا۔ لیکن کپڑا جو اس لاگت سے تیار ہوا ہے وہ ساڑھے سات لاکھ کا ہے۔ تو گویا ڈیڑھ لاکھ روپیہ خالص منافع رہا۔ بعض لوگ تو اسپر صرف تعجب کر کے ہی خاموش ہو جائینگے کہ خیراتی کاموں سے بھی اتنا نفع سرکار کو ہو سکتا ہے! لیکن میں اس کو بات کی جانب ناظرین کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس ملک کے لوگ نہایت محتاج ہیں۔ کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ جلاہے کبھی امداد قحط کے کاموں پر نہ آتے۔ کیونکہ اُن کے کام میں اتنا منافع تھا کہ قحط کے نرخوں کا غلہ کھا کے اور کام کرنے کے کام کی مزدوری غلہ کی قیمت سے بڑھ گئی تھی۔ لیکن اُن کی خرچی سے اُن کے پاس اتنا حاشیہ نہیں چھوڑا تھا کہ اپنی مزدوری پر گزارہ کر سکتے"۔

حکام ریلوے کے نقصان کے ذمہ وار نہیں

اپر انڈیا چیمبر آف کامرس کی سال کی رپورٹ میں ایک بڑے دلچسپ معاملے پر تحقیقات درج کی گئی ہے اور وہ سب تجارت پیشہ لوگوں کی دلچسپی کے قابل معلوم ہوتی ہے بجبج سے لکھنؤ کو ایک سوداگر نے جو اپر انڈیا چیمبر آف کامرس کا ممبر اور مجلس تجارت کا ممبر بھی ہے وہ ۳ پیٹیاں گیہوں سن قیل کی روانہ کی تھیں۔ لیکن منزل مقصود تک پہنچتے ایک پیٹی گم ہو گئی۔ اس نے ریلوے حکام سے اس گم شدہ پیٹی کی قیمت کا دعوی کیا۔ اور انہوں نے "رزک بل" کا حوالہ دے کر ایسی ذمہ داری سے انکار کیا۔ یہ معاملہ چیمبر آف کامرس میں پیش ہوا۔ اور وہاں سے قانونی رائے دریافت کرنے کے لئے کلکتہ کے کارخانہ مسز سینڈرسن وکمپنی کو بھیجا گیا۔ انہوں نے رائے دی کہ اگر ریل والے قیمت متدعویہ نہیں دیتے تو وہ حق بجانب ہیں۔ کیونکہ حالات موجودہ میں اگر وہ کسی مال کو سالم یا اس کا کوئی حصہ مالک کے حوالے نہ کریں اور اُن سے ہرجانہ و نقصان کا دعوی کیا جاوے تو وہ رزک نوٹ کے ذریعہ سے چل نہیں سکینگے اور اس ہرجانہ و نقصان کا وہ جواب یہ دینگے کہ حساب راستے میں گم ہو گیا ہے اور گمشدگی کے ثبوت سے دعوی خارج ہو جائیگا اس لئے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان رزک نوٹوں کے ذریعے سے ریل والے ہر قسم کے نقصان سے بری الذمہ ہیں۔ یہاں تک کہ کسی زنانکی دو سو گٹھڑی کپڑے کی بجائے دو پچاس گٹھڑیوں اس کے حوالے کریں یا ساری کی ساری ہی کھو دیں تو اُن سے نقصان کا معاوضہ نہیں لیا جا سکتا۔ اور یہ بڑی بے انصافی کی بات معلوم ہوتی ہے۔ گو ریل والے کہتے ہیں کہ اگر ہماری ذمہ داری رکھنا چاہتے ہو تو کرایہ زیادہ دو۔ مثلاً مثال مندرجہ بالا کی صورت میں ۹ پنج سے لکھنؤ تک آٹھ آنے دس پائی فی من لیے جاتے ہیں بشرطیکہ مالک کے نقصان کی ذمہ داری ہو۔ لیکن ایک روپیہ تیرہ آنے چھ پائی فی من لیا جاتا ہے اگر ریل کی ذمہ داری نقصان کی ہو۔ مگر اس صورت میں تمام ارزاں چیزیں ریل کا کرایہ زیادہ دینے کی صورت میں بڑت نہیں کھائینگی اور یہ بہت بڑی دقت عام لوگوں اور سوداگروں کے لئے ہے"۔

ہنگامہ فساد بلوچستان

وادی کیچ مکران سے آخری خبر یہ ہے کہ کرنل مین قلعہ جار رروک کو برباد کر کے تربت کو واپس لوٹے۔ اور یہاں اُن کی فوج جمع ہوئی۔ یہنی سے اوتھار بردباری اور ذخائر آگے کو جا رہے ہیں۔ کیونکہ ابھی مندوم کے لوگوں کی سرکوبی کرنی باقی ہے۔ خان قلات کی نوجیں قلعہ نصیر آباد کو خالی کر کے کرنل مین سے جا ملینگی۔ یہ قلعہ بھی منہدم کر دیا جاویگا کیونکہ آئندہ اس میں کوئی فوج نہیں رکھی جاویگی۔ بالفعل اوڑ زیادہ مزاحمت کی ان لوگوں سے امید نہیں ہے پچھلی دفعہ کیچ مکران کی سورش کے متعلق لکھا تھا کہ بلوچیوں نے شاید آفریدیوں کی نقل اتاری ہے۔ مگر وہ ہرگز آفریدیوں کی نقل کرنے کے قابل نہیں۔ اخبار پائونیر بلوچیوں کے متعلق لکھتا ہے کہ آفریدی بلوچیوں کی نسبت زیادہ دشمن ہیں۔ اگر وہ بھی وہی جنگی طریق اختیار کرتے جو کہ آفریدی کرتے رہے ہیں۔ اور جبکہ ہماری فوج درہ میں سے گزر رہی ہوتی تو اس کے پہلوؤں اور عقب پر آن پڑتے تو کرنل مین کا کام اب سہل نہ ہوتا جیسا کہ اب ہوا ہے۔ کیونکہ بلوچی درہ کے دائیں بائیں کھڑے رہے اور آسانی سے شکست کھا گئے"۔

آفریدیوں کا ارادہ

گورنمنٹ نے جو ایٹیمیٹم آفریدیوں کو اپنی شرائط منظور کرنے یا اُن سے انکار کرنے کے متعلق دیا ہوا ہے۔ اُس کی میعاد اب بالکل گزر چکی ہے کیونکہ ۲۲ کو عید ہو گئی۔ اور وہ آخری روز میعاد کا تھا۔ اخبار پائونیر لکھتا ہے کہ کہا جاتا ہے بہت سے ملک چاہتے ہیں کہ امن کا بندوبست ہو جائے۔ لیکن ذکا خیلوں میں ابھی تک ایک مضبوط جماعت جنگ کی حامی موجود ہے۔ سر ولیم لاکہارٹ ہر طرح سے کوشش کر رہے ہیں کہ سب قسم کا سامان رسد و ذخائر آگے پہنچ جاوے۔ تاکہ اگر جنگ کرنا قرار پائے تو پھر کام شروع کرنے میں توقف نہ ہو"۔

سلاسل ضمیمہ گشتی میں سلسل کرنے کے اُن کو موقع دے کہ وہ زیادہ تر آزادی سے رعایا کے خیالات کا چربہ اُتار کر اُس کے سامنے پیش کرتے رہیں۔ وہ اُن کو حوصلہ دلائے کہ ایسے اخبارات رعایا کی کسی قسم کی بے چینی یا اضطراب کو گورنمنٹ سے مخفی نہ رکھیں۔ اور وفادار رعایا کی شکایتوں کے ابال کو اندر ہی اندر سنتا ہوا رکھ کر گورنمنٹ کے لئے پولیٹیکل خطرے کی بنیاد قائم نہ ہونے دیں۔

[illegible] کہ ہنسا کی زبانی ہو ہندوستانی [illegible] سرپرستی میں [illegible] نہ رہنے کے قابل ہے اور انسان کو اول ایک آشفتہ سر کی وجہ سے اس [illegible] اٹھتے ہیں [illegible] اگر [illegible] سے کو بند کر دیا جائے تو لامحالہ گورنمنٹ کو اپنے اس فعل کو لابدی حفظ ماتقدم کے نتائج کے برداشت کرنے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔" پس کوئی وجہ نہیں کہ جس انقلاب اصول سلطنت کی اب تیاریاں ہو رہی ہیں اُن کو دیکھ کر سر چارلس شکاف اور لارڈ ڈمکا لے کی روحیں اپنی قبروں میں تڑپ نہ ہوگی۔ اور اُن کی صدائیں اُٹھتی ہوں گی کہ کاش کہ وہ اس نازک موقعے پر گورنمنٹ آف انڈیا کے مشیروں میں داخل ہوتے!!! خاکسار محرم علی چشتی

پنجاب میں طاعون اور مرزا صاحب کا اعلان

اللہ رحم کرے پنجاب میں طاعون کے بڑھنے کی خبریں دن بدن کثرت سے سُنائی دیتی ہیں۔ پہلے پہل ضلع جالندھر کے صرف ایک قصبہ کھٹکڑ کلاں میں طاعون کی چند وارداتیں ہوئی تھیں۔ اور حکام کے فوراً توجہ کرنے اور پوری کوشش سے اس کے انسداد میں مشغول ہو جانے سے بہت ترقی نہ کی۔ تاہم کچھ عرصے کے بعد پاس کے ایک اور موضع میں کچھ وارداتیں ہوئیں یہاں تک کہ باوجود پوری کوشش اور تدبیر کے جو انتظام اور حفظ صحت کے متعلق عمل میں لائی جا سکتی تھی وبا کی دست کا حملہ بڑھنے لگا۔ کھٹکڑ کلاں سے چند اور اور خانخانان وغیرہ مواضعات کی طرف بڑھتا رہی کیا۔ اور کچھ عرصے تک انہیں تین چار مواضعات تک طاعون کی وارداتیں محدود رہیں۔ لیکن چند گزشتہ دنوں سے چار و گرد مواضعات میں وبا پھیل گئی ہے۔ ضلع جالندھر جس شہر اور تحصیل قاضیان میں۔ اور ضلع ہوشیار پور میں موضع پرکھوال میں جو میرا سے ایک میل کے فاصلے پر ہے۔ اور سب سے آخر موضع جمیل مرزا جو گڈھ شنکر سے ۴ میل جانب جنوب واقع ہے۔ یہ سب دیہات ان دونوں ضلعوں کے کہ جہاں آجکل وبا خوفناک تیزی سے قبضہ کر رہی ہے۔ موضع کھٹکڑ کلاں سے کہ جہاں وبا پہلے پہل اس صوبے میں نمودار ہوئی تھی صرف چند میل گرد و پیش واقع ہیں۔ موضع کھٹکڑ کلاں خود اب بالکل ویران سے محفوظ ہے۔ اور چند روز میں بھی ۱۵ دسمبر ۱۸۹۶ء کے بعد کوئی واردات وبا کی نہیں ہوئی آخری موضع کے مکانات کی خوب صفائی کرا دی گئی ہے اور دو بات واقع پر چھڑکی گئی ہیں۔ اور اُمید ہے کہ وہ بھی وبا سے محفوظ ہو گیا ہے۔

لیکن جب تک کہ وبا کا میلان باوجود احتیاط اور انسداد کے ترقی کی جانب مائل ہے تب تک اس کے بڑھنے کا اندیشہ کرنا ایک بالکل قدرتی بات ہے۔ اور یہی صورت دیکھ کر گورنمنٹ پنجاب نے اپنی ابتدائی ہدایات انتظام انسداد وبا بجریہ الاجوری شائع کی ہیں۔ اور اس کے بعد ۲۳ جنوری کو صاحب ڈپٹی کمشنر دہلی نے میونسپل کمشنروں کو جمع کر کے حدود میونسپلٹی دہلی میں وبا پھیلنے کے بعد جو انتظام عمل میں لایا جاوے گا اس کو مشتہر کیا ہے۔ ان اطلاعات سے اندیشہ دن بدن بڑھ رہا ہے کہ وبا کا پنجاب میں عنقریب پھیل جانا دشوار نہیں بلکہ بالکل قریب قیاس ہوگا۔ ان سب باتوں پر اضافہ یہ ہوا ہے کہ حال میں جناب مرزا غلام احمد صاحب نے قادیان سے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ "انہوں نے خواب میں دیکھا کہ خدا تعالیٰ کے ملائک پنجاب کے مختلف مقامات میں سیاہ رنگ کے پودے لگا رہے ہیں۔ اور درخت نہایت بدشکل اور سیاہ رنگ خوفناک اور چھوٹے قد کے ہیں۔ میں نے بعض لگانے والوں سے پوچھا کہ یہ کیسے درخت ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ طاعون کے درخت ہیں جو عنقریب پھیلنے والی ہے۔" مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ "میرے پر یہ امر مشتبہ رہا کہ اس نے یہ کہا کہ آئندہ جاڑے میں یہ مرض بہت پھیلے گا۔ یا یہ کہا کہ اس کے بعد کے جاڑے میں پھیلے گا۔ لیکن نہایت درستی اور تردد تھا جو میں نے دیکھا۔ اور مجھ پر اس سے پہلے طاعون کے بارے میں الہام بھی ہوا۔ اور وہ یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ۔ یعنی جب تک دلوں کی وبا معصیت دور نہ ہو تب تک ظاہری وبا بھی دور نہیں ہوگی۔"

غرض مرزا صاحب کو خواب کے ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ پنجاب میں مرض طاعون بہت پھیلے گا۔ اور الہام کے ذریعے سے انہیں معلوم ہوا ہے کہ بندوں کے گناہوں اور بدکاریوں کی وجہ سے یہ وبا بطور قہر الٰہی اور سزا کے نازل ہوئی ہے۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ یہ دونوں باتیں بتلانے کے لئے مرزا صاحب ایسے کسی علم ربانی اور پیشگوئیاں کرنے والے شخص کی ہی ضرورت تھی۔ یا معمولی سمجھ کے لوگ بھی صورت حالات کو دیکھ کر یہی دو باتیں کہہ دیتے۔ جیسا کہ اس آرٹیکل کے شروع میں گورنمنٹ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر دہلی کی ہدایات انتظام وبا کا ذکر ہو چکا ہے۔ اور اضلاع جالندھر و ہوشیار پور کے بعض مواضعات میں وبا کے ترقی کرنے اور باوجود انسداد کی کوششوں کے بڑھتے چلے جانے کی کیفیت درج کی گئی ہے۔ ان کو دیکھ کر ہر شخص گمان کر سکتا ہے کہ وبا کے پنجاب میں پھیلنے کی غالب اُمید ہے۔ اور چونکہ ہمارا موسم سرما قریب ختم ہو جانے کے ہے۔ اس لئے بمبئی کے گزشتہ سال کے تجربے کے مطابق ممکن ہے کہ امسال وبا کا خاتمہ ہو کر سال آئندہ میں پھر زور کے ساتھ شروع ہو جاوے۔ ایسے ہی خیال مرزا صاحب نے یہ گنجائش رکھی ہے کہ "میرے پر یہ امر مشتبہ رہا ہے کہ اس نے یہ کہا کہ آئندہ جاڑے میں یہ مرض پھیلے گا یا یہ کہا کہ اس کے بعد کے جاڑے میں پھیلے گا۔"

دوسری بات مرزا صاحب نے یہ فرمائی ہے کہ وبا بندوں کے گناہوں اور بدکاریوں کی سزا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:-

"اور درحقیقت دیکھا جاتا ہے کہ ملک میں بدکاری کثرت سے پھیل گئی ہے اور خدا تعالیٰ کی محبت ٹھنڈی ہو کر ہوا و ہوس کا ایک طوفان برپا ہو رہا ہے۔ اکثر دلوں سے اللہ جل شانہٗ کا خوف اُٹھ گیا ہے۔ اور دلوں کو ایک معمولی تکلیف سمجھ گیا ہے جو انسانی تدبیروں سے دور ہو سکتی ہے۔ ہر ایک قسم کے گناہ بڑی دلیری سے ہو رہے ہیں اور تو توں کا ہم ذکر نہیں کرتے وہ لوگ جو مسلمان کہلاتے ہیں ان میں سے جو مرد اور مفلس ہیں اکثر ان میں سے چوری اور خیانت اور حرام خوری میں نہایت دلیر پائے جاتے ہیں۔ جھوٹ بولتے ہیں اور کئی قسم کی خبیث اور مکروہ حرکات ان سے سرزد ہوتی ہیں۔ اور درجنیوں کی طرح زندگی بسر کرتے ہیں۔ نماز کا تو ذکر کیا کئی کئی دنوں تک غسل بھی نہیں دھوتے اور کپڑے سے بھی صاف نہیں کرتے۔ اور جو لوگ امیر اور رئیس اور نواب یا بڑے بڑے تاجر اور زمیندار اور ٹھیکہ دار اور دولتمند ہیں وہ اکثر عیاشیوں میں مشغول ہیں اور شراب خوری اور زناکاری اور بداخلاقی اور خصوصاً بخل ان کی عادت ہے اور صرف نام کے مسلمان ہیں اور دینی امور میں اور دین کی ہمدردی میں سخت لاپروا پائے جاتے ہیں۔"

یہ عقیدہ مرزا صاحب کا ہی نہیں اور نہ یہ کوئی نئی الہامی بات ہے۔ ہندوستان میں عام طور پر ہندو مسلمان اور خصوصاً مسلمان یہ خیال رکھتے ہیں کہ سب اس قسم کی تکلیفیں اور عذاب بندوں کے شامت اعمال کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ جب نادر شاہ نے دہلی میں قتل عام کیا تھا تو محمد شاہ کے ایک وزیر نے گلے میں شمشیر ڈال کر نادر شاہ کے سامنے یہ شعر پڑھ کر قتل عام بند کرنے کی گزارش کی تھی ؎

دیدۂ عبرت کشا و قدرت حق را ببیں
شامت اعمال ما صورت نادر گرفت

اخبارات میں بیسیوں دفعہ یہی وجہ طاعون کی اس شدت کی لکھی جا چکی ہے۔ اور یہ بات بطور ضرب المثل کے مشہور ہے لیکن ہم ادب کے ساتھ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ کیا ہندوستان میں کوئی خطے یا صوبے مخصوص ہیں کہ جو گناہ اور بدکاری میں دوسروں سے سبقت رکھتے ہیں۔ اگر یہ وجہ نہیں ہے تو وبا کا بعض خطوں پر نزول اور بعض کا اس سے مامون و مصئون رہنا کیا مطلب رکھتا ہے۔ پھر ہندوستان سے کہیں بڑھ کر یورپ کے بعض ملکوں میں زناکاری۔ بدکاری اور انواع و اقسام کے فواحش ہوتے ہیں۔ اور یقیناً اُن ملکوں میں عیاشی کی کوئی حد باقی نہیں رہی۔ لیکن وہ وبائے طاعون سے محفوظ ہیں۔ لیکن اس میں ہندوستان اور چین کے بعض حصص مبتلا ہیں یا رہے ہیں۔

باوجود اس کے کہ جناب مرزا صاحب کو عالم رویا میں پنجاب میں وبا کا وارد ہونا یقینی ہو چکا ہے۔ اور الہام کے ذریعے سے آپ اس کو اہل ہند اور خصوصاً مسلمانوں کی شامت اعمال کا نتیجہ بتلاتے ہیں۔ اسپر بھی آپ فرماتے ہیں کہ "معلوم ہوتا ہے کہ یہ تقدیر معلق ہے۔ اور توبہ اور استغفار اور نیک عمل اور ترک معصیت اور صدقات اور خیرات اور نیک تبدیلی سے

نہ ہو گی۔ آزادی رائے کا چسکا ایک ایسی چیز ہے کہ ؎

چھٹتا نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگا ہوا

اور یہ ایک صحیح بات ہے کہ کسی نعمت کے عطیہ کے بعد اس کا زوال بہت ہی تکلیف دہ اور رنج کا باعث ہوا کرتا ہے۔ اگر ایک صدی تک ہم کو آزادی رائے کی نعمت کا عادی بنا کر اب ہم سے دفعتاً یہ نعمت چھین جائیگی تو لامحالہ ہمارے دل و دماغ پر اس کا ایک ایسا مایوسانہ اثر پڑیگا جو ہماری قوم کو جنون کی حد تک پہنچا دیگا۔ اور جنون کی حالت میں انسان کیا کچھ نہیں کر گزرتا۔ دے کر چھیننے سے تو نہ دینا ہی بہتر تھا۔

رہا یہ الزام کہ دیسی اخبارات نے آزادی کے عطیہ کی قدر نہیں کی۔ اور اس کو بیجا طور پر استعمال کیا۔ سو اس کو بڑھ کر جھوٹا اور ناواجب الزام مینے تمام عمر میں کبھی نہیں سنا۔ مسٹر ٹینیسن کا یہ مقولہ ہمیشہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ "ہم کبھی امید نہیں کر سکتے کہ کوئی انسان تکمیل کے درجہ تک پہنچا ہوا ہے۔ بلکہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ آیا وہ قابلیت کی طرف قدم بڑھا رہا ہے یا نہیں"۔ پس اسی معیار کو ملحوظ رکھ کر جب ہم دیسی اخبارات کو دیکھتے ہیں تو ہمیں انصافاً کہنا پڑتا ہے کہ دیسی اخبارات نے معتدل طرز تحریر اور اعلیٰ خیالات کے اظہار اور گورنمنٹ اور رعایا کی خیر اندیشی میں اس قدر ترقی کی ہے کہ وہ بہت ہی حیرت انگیز ہے۔ لارڈ ڈفرن جیسے کنزرویٹو خیال وائسرائے کی خدمت میں ۱۸۸۸ء میں جب صنجاب اودھ کے دیسی اخبارات کے ایک میموریل بھیجا گیا تھا تو حضور ممدوح کی طرف سے ان کے سکرٹری نے جو جنیسی اسٹر گنگا پرشاد ایڈیٹر اخبار ہندوستانی و سکرٹری انجمن اخبارات کے نام لکھی تھی۔ اس میں یہ فقرات تھے کہ :-

"لارڈ ڈفرن دیسی اخبارات کے ایک بڑے بھی خواہ دوست ہیں۔ وہ ان کو قوم کی بھلائی اور ترقی کا بڑا ضروری ذریعہ سمجھتے ہیں۔ جس سے گورنمنٹ اور رعایا دونوں کو بڑی مدد مل سکتی ہے۔ حضور ممدوح بہت خود سے دیسی اخبارات کو ملاحظہ فرماتے ہیں۔ اور ان کا خیال ہے کہ یہی ایک ٹھیک ذریعہ ہے جس سے کہ دیسیوں کی آزاد عام رائے اور ان کے ہمقوموں کی بحیثیت مجموعی کل خواہشیں اور ضروریات ظاہر ہو سکتی ہیں جب ہم اس بات پر غور کرتے ہیں کہ اس ملک میں کس قدر مختلف قومیں آباد ہیں۔ کس قدر مختلف زبانیں ہیں۔ کس قدر مختلف مذہب ہیں۔ اور ان پیچیدہ معاملات پر غور کرتے ہیں جو اس ملک کی حکمرانی سے متعلق ہیں۔ اور ان مختلف قسم کی کارروائیوں پر نظر کرتے ہیں جن سے کارکنوں کو سابقہ پڑتا ہے۔ تو ان تمام امور پر غور کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کوششیں بے لگا و اور ناجاذب اور ہوشیار اخبارات کی طرف سے ہوتی ہیں وہ فی الحقیقت عام معاملات کی انجام دہی میں سب سے بڑی مدد گورنمنٹ کو دے سکتی ہیں۔ × × × × ہندوستان کے دیسی اخبارات ٹھیک رستہ کی طرف ترقی کر رہے ہیں۔ اور کسی وجہ سے لارڈ ڈفرن نے مجھ سے فرمایا ہے کہ میں جس قدر پُرجوش الفاظ لکھ سکتا ہوں۔ ان میں حضور ممدوح کی پسندیدگی دیسی اخبارات کے اہلی اور نگہ رادوں پر ظاہر کروں"۔

ہم یہ کبھی باور نہیں کر سکتے کہ لارڈ ڈفرن کی یہ تحریر منافقانہ تھی۔ اور نہ یہ خیال کر سکتے ہیں کہ گزشتہ دس سال میں کوئی ایسی بڑی تبدیلی دیسی اخبارات کی طرز تحریر میں ہوئی ہے جس کی وجہ سے کوئی عظیم الشان انقلاب گورنمنٹ کے اصول سلطنت میں کرنے کی ضرورت پیش آگئی ہے۔ مینے اس موقعہ پر "تبدیلی قانون" کے الفاظ استعمال نہیں کئے۔ بلکہ "انقلاب اصول سلطنت" کے الفاظ استعمال کئے ہیں اور چونکہ اسی سلسلے کے کسی آئندہ نمبر کے مضمون میں اس پر تفصیل سے لکھونگا۔ لہذا چاہتا ہوں کہ ناظرین ان الفاظ کو فراموش نہ فرمائیں۔

سر دست مجھے یہ بتانا ہے کہ دیسی اخبارات کی طرز تحریر میں کوئی ایسی نیت فساد و بغاوت مرکوز نہیں ہے۔ جس کی وجہ سے ان کو بے اعتباری یا بدظنی یا بدگمانی کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ بالفرض اور اگر کسی کی نیت میں فساد بھی ہو تو ان بیچاروں کی موجودہ حیثیت ہرگز ایسی نہیں ہے کہ وہ اپنے ارادوں کو عملی صورت میں لانے کے لئے کوئی تھوڑا سا اسٹیپ بھی لے سکیں۔ دیسی اخبارات میں کسی قدر نمود و بیجا جسارت کی عادت ضرور ہے۔ مگر وہ بیچارے اپنی موجودہ حالت میں ایسی تخمی یا نمود کے لئے کوئی ہیبت ناک چیز نہیں قرار دیکر جا سکتے۔ بلکہ صرف قابل مضحکہ ہی ہو سکتے ہیں۔ ننھی گلہریاں کیا اور پنجہ لڑے گی کیا ؎

آں مگس پر برگ کاہ و بول خر — بیچہ کشتیہاں ہمی افراختہ سر

فی الحال دیسی اخبارات ایسے ہیں جو اپنی ہی دیسی ریاستوں پر نکتہ چینی کرنے یا انگریزی اخبارات کی خبریں نقل کر دینے کے سوا اور کوئی بات اندراج اخبار کے لئے ضروری نہیں سمجھتے۔ اکثر لوکل معاملات پر بھی کوئی نہ کوئی ریمارک شائع ہو جاتے ہیں۔ باقی اللہ اللہ اور خیر صلا۔ بعض اخبارات جو کبھی کبھار کسی پولیٹیکل مضمون پر کچھ لکھتے ہیں۔ تو پہلے گورنمنٹ انگریزی کے فوائد اور احسانات پر لمبا تمہیدی جواب مضمون لکھنے کے بعد کوئی ایک آدھ کالم کسی قسم کی شکایت رعایا کا بھی درج کر لیتے ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ فی صدی ایک دو اخبارات ایسے بھی ہیں جو رعایا کی تکلیف اور دکھ کو کسی خاص معاملے میں دیکھ کر بے چین بھی ہو جاتے ہیں۔ اور اس بے تابی کی حالت میں کبھی شاذ و نادر ادنیٰ درجہ کی بے اعتدالی بھی کر بیٹھتے ہیں۔ مگر یہ بے اعتدالی صرف اسی قسم کی ہوتی ہے۔ جیسے کہ ماں نے اپنے بیٹے کو ناز و نعم کا عادی کر دیا۔ اب اس کو جو کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے۔ تو کبھی منت سے کبھی خوشامد سے۔ کبھی پھسلا کر اور کبھی رو کر بھی مانگ لیتا ہے۔ بعض اوقات جب کسی طرح پیش نہ جائے تو درشتی کے ساتھ شیخ چلی کی طرح ماں کو دھمکانے بھی لگتا ہے کہ میں کنوئیں میں ڈوب مرونگا۔ غرضکہ ہر ڈھب سے اپنی بات کو فرزندانہ ناز کے ساتھ منوانے کے درپے ہوتا ہے۔ اگر کوئی ایک آدھ اخبار اس سے بڑھ کر کچھ لکھ بیٹھتا ہے تو اس تحریر کا رتبہ ایشیائی خیال کی دانستہ سے زیادہ نہیں ہوتا۔ جو ایک روٹھا ہوا عاشق معشوق کو زیادہ تر مائل کرنے کے لئے ایک خیالی معشوق کا نقشہ کھینچ کر اپنے اصلی معشوق میں آتش رشک مشتعل کرنی چاہتا ہے۔ اور اس پیرایہ میں معشوق کی کج ادائیوں اور اپنی وفاداری اور حقوق قدیم کا تذکرہ کر کے معشوق کو اپنے حال پر زیادہ مہربان کرنا چاہتا ہے۔ اور خاتمہ پر کہہ دیتا ہے کہ یہ محض خیالی قصے تصنیف کر لئے تھے۔ تاکہ حضور والا کو اپنے حال پر زیادہ ملتفت کیا جائے۔ یہ سب ایشیائی طریقے عرض حال کے ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ اس عرض حال یا نازو نیاز اور کرشمہ و انداز کے معنی وہاں کچھ اور ہی اخذ کئے جاتے ہیں۔ حکام کو جو غلط فہمیاں دیسی اخبارات کی نسبت پیدا ہوتی ہیں ان کے اصل وجوہات کسی آئندہ نمبر میں لکھونگا۔ میرا خیال ہے کہ ان وجوہات کی نسبت بہت کم توجہ کی گئی ہے۔

اس نمبر کو میں زیادہ طویل کرنا نہیں چاہتا۔ لیکن اس امر کا تذکرہ بھی کر دینا چاہتا ہوں کہ پیشتر اس سے کہ دیسی اخبارات کے برخلاف ڈگمگٹ پاس کیا جائے اور پیشتر اس سے کہ قانون بے تمیزی کا طوفان ملک میں برپا کیا جائے ضروری ہے کہ گورنمنٹ اس امر کی تحقیقات کرے کہ اگر بالفرض دیسی اخبارات کی نیت میں فتور ہے تو یا نہیں اس قدر طاقت بھی ہے کہ وہ ملک میں بغاوت برپا کر سکیں؟ اور ان کا کوئی خاص اثر رعایا کے دلوں پر ہے؟ اور بالفرض محال اگر ان کا کوئی اثر رعایا کے دلوں پر ہے تو آیا رعایا ہند میں اب کوئی طاقت بغاوت کی باقی رہ گئی ہے؟ کیا ہندوستانی کے وہم و خیال میں بھی کبھی یہ امر آسکتا ہے کہ ہندوستان کو بھی انگلینڈ کے طوق اطاعت سے آزادی ہو سکتی ہے۔ ہندوستان بیچارے میں اندرونی اور بیرونی تاثیرات نے اب سکت ہی کون سی باقی رکھی ہے ؎

وہ حوصلہ - وہ جوش - وہ ہمت نہیں رہی

وہ ہم نہیں رہے وہ طبیعت نہیں رہی

یہ حکمران قوم کے بعض ممبروں کی اپنی اخلاقی کمزوری یا بدگمانی اور بدظنی ہے کہ وہ ایک مردہ چوہے سے شیر غرّان کی جھپٹ کی توقع رکھتے ہیں۔ اور ایک لاغر گوسفند کو جو صرف کائیں کائیں کے سوا کچھ نہیں کر سکتا۔ ایک خونخوار درندہ سمجھ بیٹھے ہیں۔ اور اس کو ایسی زبردست زنجیروں سے جکڑنے کی ضرورت سمجھتے ہیں ؎

مجھ میں کیا رکھا ہے جو دیکھے ہے تو ان کے پاس

بدگماں وہم کی دوا تو نہیں لقمان کے پاس

موجودہ آزادی اخبارات کی وجہ سے دیسی اخبارات پر شکایت کا کچھ حق ہو سکتا ہے تو بعض ان کے اپنے ہی ہموطنوں کو۔ جن پر بعض اوقات ناواجب نکتہ چینیاں اخبارات کر بیٹھتے ہیں۔ گورنمنٹ جس پر جائز نکتہ چینی کا بھی کوئی موقع کم ہی آتا ہے۔ کونسا استحقاق شکایت کا دیسی اخبارات پر ہے؟ گورنمنٹ کا فرض ہے کہ وہ دیسی اخبارات کو [illegible]

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۲۶ فروری سنہ ۱۸۹۸ء

ہندوستانی اخبارات کی آزادی کا خون

اور

اُس پر چند آزادانہ ریمارک

نمبر اوّل

(ایڈیٹوریل کمنٹ)

آج ہم اپنی پریشانی خاطر اُن سے
کہنے جاتے تو ہیں پر دیکھئے کیا کہتے ہیں

پنجاب میں ایک مشہور میلہ قدموں کا ہوا کرتا ہے جس میں ڈھول بجائے جاتے ہیں اور اُن کی آواز پر اکثر دہقان اور اُن کی عورتیں ایک قسم کا رقص کرتی ہیں۔ جس کو پنجابی اصطلاح میں چھمنیاں پانا کہتے ہیں۔ ایک بڑا مشہور پنجابی قصہ مشہور ہے کہ ایک بڑھیا عورت ہمیشہ اِس میلے میں شریک ہو کر چھمنیاں ڈالا کرتی تھی۔ جسپر بعض تماشائی مسخرے اُڑایا کرتے تھے۔ اِس بڑھیا کے بیٹے جب جوان ہوئے تو اُنہوں نے اپنی والدہ کو اِس حرکت سے روکنا چاہا اور سخت پابندی کی کہ وہ اِس میلے میں شریک ہی نہ ہو۔ تاکہ اِس طرح سے یہ جگ ہنسائی رُک جائے۔ میلہ کے دن قریب آ گئے۔ اور بڑھیا نے سخت اصرار کیا کہ میں چھمنیاں نہیں ڈالونگی۔ لیکن میلہ میں شمولیت کی اجازت مجھے دیجائے۔ فرضکہ بیٹوں نے بڑھیا سے سخت عہد و پیمان اِس امر کے لئے کہ وہ میلہ میں چھمنیاں نہیں ڈالیگی۔ اور اِس شرط پر وہ اپنی والدہ کو میلہ میں لے گئے۔ بڑھیا کے بیٹے کچھ دیر تک میلہ میں سیر و تفریح کے لئے چلے گئے اور بڑھیا کو بستر پر بٹھا گئے جب واپس آئے تو والدہ ماجدہ کو اُس جگہ موجود نہ پایا۔ تلاش کرتے ہوئے پہنچے تو دیکھا کہ ڈھول بج رہا ہے اور والدہ صاحبہ بڑے ذوق و شوق کے ساتھ حسب معمول چھمنیاں ڈال رہی ہیں۔ وہ سخت ناراض ہوئے۔ اور جب بڑھیا کو زیادہ ملامت کرنے لگے تو اُس نے کہا کہ۔ "بیٹا۔ تم اس قدر غصہ کیوں ہوتے ہو۔ میں ایمان سے کہتی ہوں کہ گھر سے یہی ارادہ کر کے چلی تھی کہ یہ حرکت نہیں کرونگی۔ مگر جب ڈھول کی آواز میرے کان میں پہنچی۔ تو بے اختیار میرا دل چھمنیاں ڈالنے پر مجبور ہو گیا۔ اور بالکل مدہوش اور از خود رفتہ ہو کر اِس فعل میں مصروف ہو گئی"۔

اِس قصہ کے بیان کرنے سے مطلب یہ ہے کہ اخبار نویسی اور مضمون نگاری کی دُھت بھی کچھ اُسی بڑھیا کی چھمنیاں ڈالنے کی دُھت سے کم نہیں ہے۔ عرصے سے رفیق ہند کو بند کر دیا۔ اور ملک کی حالت دیکھ کر کئی دفعہ ارادہ کر لیا کہ اخبارات میں کچھ نہ لکھوں۔ "آپ ہی راہ عنایت اپنا پرچہ مفت ارسال فرمائیے ہیں۔ اور اسی طرح بہت سے صاحبان اخبارات بلا قیمت اپنے اپنے اخبارات کے پرچے باقاعدہ ارسال فرماتے ہیں سب کی درخواست یہی ہوتی ہے کہ کبھی کبھی کوئی مضمون لکھ کر بھیجدیا کروں۔ مگر جس طرح آپ کی خدمت میں معذوری معذرت پیش کر دیا کرتا ہوں۔ اسی طرح سب سے صاف کہتا ہوں کہ اب مجھے ان دھندوں سے معاف رکھا جائے۔ تاہم جو پرچہ ہائے اخبار میرے پاس آتے ہیں اُن کو دیکھ کر کبھی کبھی طبیعت پر وہی طلسماتی اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ جو اُس بڑھیا پر ڈھول کی آواز سے ہوا کرتا تھا۔ اور جذبہ طبیعت سے مجبور ہو کر چھمنیاں ڈالنے پر آمادہ ہو جاتا ہوں۔ غرضکہ یہ بھی ایک قسم کی دھت یا میلیا ہے جس کا علاج آج تک کسی میڈیکل کتاب میں نظر سے نہیں گزرا۔

آجکل دیکھتا ہوں کہ اخبارات کی آزادی روکنے کے لئے ایک سخت مہلک اسودہ قانون پیش ہے۔ اور یہ بھی دیکھتا ہوں کہ دیسی اخبارات میں کچھ دبی دبائی آواز سے گلہ جیسی کی صدائیں نکلتی رہتی ہیں۔ چونکہ میری فطرت کا سب سے زیادہ قیمتی حصہ اخبار نویسی کی نذر ہو گیا۔ اِس لئے اِس کام کے ساتھ دلی ہمدردی ہے۔ اور گو جانتا ہوں کہ میری تحریروں سے کوئی جوہر برابر فرق بھی گورنمنٹ کی پالیسی میں نہیں آ سکتا۔ اور اس بارے میں میری مثال بھی اُس مکھی سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ جو بقول لقمان حکیم کے ایک گاڑی کے دھرے پر بیٹھی ہوئی فخریہ کہتی ہے کہ "اوہو! میں کتنی گرد اُڑاتی ہوں"۔ لیکن تاہم اِس موقعے پر خاموش نہیں رہ سکتا۔ اور خواہ لیجسلیٹو کونسل کے کیوان منزل قلعہ خوابگاہ میں کوئی شنوائی میری تحریرات کی نہ ہو۔ لیکن اپنی طرف سے کمند استغاثہ ڈالنے میں قاصر رہنا نہیں چاہتا ؎

کنگرہ وصل اگرچہ بلند است نالۂ شبگیر را آنجا رسیدن دہم

میں سچائی کے ساتھ عرض کئے دیتا ہوں کہ اِس مضمون کے شروع کرنے کے لئے گو مجھے دیسی اخبارات کی ہمدردی اور جذبہ محبت ملکی نے اُبھارا۔ مگر اسی کے ساتھ مجھ کو گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھ دلی وفاداری اور صادقانہ محبت کے جوش نے بھی مجبور کیا۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ بحالات موجودہ ایسی ہن پسند۔ روشن خیال اور مفید گورنمنٹ ہم کو نہیں مل سکتی۔ اور یہی وجہ ہے کہ بقول لارڈ ڈفرن ہم اپنی خود غرضی کی وجہ سے گورنمنٹ کے ساتھ محبت رکھتے ہیں۔ اور اس کے استحکام کے آرزومند ہیں۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ کسی گورنمنٹ کے ایسے استحکام کے لئے اِس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں کہ رعایا کو اپنے سچے خیالات آزادی سے ظاہر کرنے کا موقع دیا جائے۔ کوئی ضرورت خفیہ پولیس اور جاسوسوں کی نہ رہے۔ بلکہ ایسے وسائل مہیا کئے جائیں کہ خود بخود رعایا کا کوئی فیلنگ اور کوئی جذبہ اور کوئی ارادہ اور کوئی خیال حکام وقت سے مخفی نہ رہ سکے۔ یہی اصول تھا جسپر نامور انگریز پولیٹیشنوں مثلاً لارڈ میکالی اور سر چارلس مٹکاف وغیرہ صاحبان نے اِس ملک میں آزاد پریس کی بنیاد قائم کی۔ اور اس کو مستحکم کرنے پر زور دیا۔ لارڈ مکلے کا یہ مقولہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے کہ "چھاپہ کی آزادی کو جائز رکھنا ایک وفادار گورنمنٹ کا کام ہے۔ اور اُس کا برقرار رکھنا ایک آزاد رعایا کا کام ہے"۔ ملٹن نے آزادی کی تعریف اِن الفاظ میں کی ہے کہ "اپنی سمجھ کے موافق سمجھنا۔ اور اپنی مرضی کے مطابق کہنا اور بدون کسی دباؤ کے حجت پیش کرنا یہی آزادی کی تعریف ہے"۔ اور ایک انگریز مدبر کا یہ مقولہ بہت ہی صحیح ہے کہ "کسی شخص کی آزاد رائے کو روکنا۔ گویا ایک بندۂ خدا کا خون کر دینا ہے"۔

لارڈ لٹن جیسے روشن آزادی اخبارات ہند نے بھی اخبار مشہ ۱۸ء والی تواریخی سپیچ میں یہ قابل قدر فقرات فرمائے تھے کہ:۔

"جس زمانے میں پہلے پہل ٹائپ کے چھاپے کی کل نکلی تو ایک عیسائی درویش نے یہ پیشگوئی کی تھی کہ اگر اس خوفناک ایجاد کا کافی انسداد نہ کیا جائیگا تو اس کے باعث ہر ایک بادشاہ کی قوت بہت جلد جاتی رہیگی کیونکہ اس کل کا یہ قول تھا کہ ٹائپ بنانے کے واسطے اس قدر سیسہ درکار ہوگا کہ گولیوں کے بنانے کے واسطے کچھ باقی نہ رہیگا۔ ہم اِس بات کو جانتے ہیں کہ یہ پیشگوئی کبھی پوری ثابت نہیں ہوئی۔ سلطنتوں کو اب بھی گولیاں بنانے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اور اُن کو اب بھی گولیاں بنانے کے لئے کافی سیسہ مل جاتا ہے۔ مگر جس قسم کی حکومت کی سرکار انگریزی نہایت خواہشمند ہے اُس کے قائم رکھنے کے لئے چھاپہ بالکل ایسا ہی زبردست آلہ ہے جیسے کہ توپ ہے"۔

مجھے ایک ظریف دوست کا مقولہ یاد ہے جنہوں نے فرمایا تھا کہ "پریس انگریزی لفظ ہے جس کے معنی دبانے کے ہیں۔ یعنی جو شخص زیادتی یا ظلم کرے پریس اُس کو دبا دیتا ہے"۔ یہی وجہ ہے کہ انگلستان کے مشہور فصیح و بلیغ پارلیمنٹ مسٹر شیرڈن نے ایک موقعہ پر انگریزی پارلیمنٹ میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا:۔

"میرے اہل وطن کے لئے بیشک ایک سخت بگڑا ہوا ہوس آف لارڈز مقرر کر دو۔ اُن کے لئے ایک رشوت خوار ہوس آف کامنز بھی مقرر کر دو۔ اُن کے لئے ایک ظالم شہزادہ بھی مقرر کر دو۔ اُن کے لئے کمینہ عدالتیں بھی مقرر کر دو لیکن ہمیں ایک آزاد پریس کی ضرورت ہے۔ اور ایسے آزاد پریس کی موجودگی میں میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ یہ تمام خرابیاں مل کر بھی ایک بال برابر بھی انگلستان کی آزادی نہ چھین سکینگی"۔

مسٹر شیرڈن کی طرح اب میں بھی بڑے زور کے ساتھ گورنمنٹ کے ارکین کو مخاطب کر کے کہتا ہوں کہ "آپ جانتے جس جس سختی اور تشدد کا مستحق ہندوستان کو سمجھیں۔ اُن تمام سختیوں کو دفعتاً نازل فرما دیں۔ مگر خدا کے واسطے ہمارے پریس کی آزادی کو ہم سے چھیننے کی کوشش نہ فرمائیں۔ اور میں دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر آزادی مطبع پورے طور پر عطا ہو جائے تو وہ سختیاں ایک جبریہ نقصان بھی ہم کو نہ پہنچا سکینگی۔ اور ہماری کسی دوامی تکلیف کا باعث

حفظِ صحت

طالبان حفظ صحت کے لئے اطلاع ضروری

[حفظ صحت کا کالم ۱۹۰۲ء سے پیسہ اخبار میں جاری ہے اور اس میں ہزاروں نہایت مفید اور مجرب نسخہ جات تک چھپ چکے ہیں۔ چنانچہ ۱۹۰۲ء و ۱۹۰۳ء و ۱۹۰۴ء و ۱۹۰۵ء میں جس قدر نسخے پیسہ اخبار کے اس کالم میں چھپ چکے ہیں وہ بغرض آئندہ یکجا ہونے کے ضخیم کتاب کی صورت میں چھپائے گئے ہیں کہ جس کی قیمت ۱۰ روپیہ ہے۔ اب بہت سے احباب ناظرین پیسہ اخبار سے روزانہ بھر انہیں امراض کا علاج دریافت کرتے رہتے ہیں کہ جن کے کئی کئی علاج پیسہ اخبار میں درج ہو چکے ہیں اور وہ کتاب حفظ صحت میں موجود ہیں۔ اس لئے بار بار انہیں باتوں کا درج کرنا اخبار میں بیفائدہ سمجھ کر ایسے استفسار روزی میں پھینک دیئے جاتے ہیں ایسے ناظرین کو "حفظ صحت" جو چار سال کے نسخوں کا مجموعہ ہے اس دفتر سے منگوا کر پڑھ لینا چاہیئے۔ اگر ان کی غرض پوری نہ ہو تو پھر اپنا استفسار حفظ صحت کے کالم کے لئے بھیجیں۔ ایڈیٹر پیسہ اخبار]

استفسار

۲۴۔ مجہول الاسم مرض۔ میری ہمشیرہ کو ایک سال ہوا کہ اور گردن پر خارش ہو کر دانوں کی قسم کی چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نمودار ہوئیں۔ کھرچ سنوا کر کرنے سے پانی سا نمودار ہوتا ہے۔ دھندی سمجھ کر اس کے علاج کئی کئی سو روپیہ خرچ کئے۔ بلکہ سو جات پیسہ اخبار بھی استعمال کئے۔ گرد و نواح خارش کرتا کرتا تمام سر سے پاؤں اور پیشانی حتی کہ دو ہفتوں تک نمودار ہو گیا۔ ملاحظہ کے وقت بیچینی اور دل گھٹتا ہے۔ مرض معلوم نہیں ہوتا۔ تجویز نسخہ جات۔ دادے بھی علاج کئے گئے۔ فائدہ ندارد۔ سر کے بالوں میں بہت کھجلی رہتی ہے (دستخط) (از جلال آباد۔ امرتسر)

۲۵۔ مجہول۔ کیا دمہ کا علاج ہے۔ ایک دیکھی عرصہ ۹ سال سے بعارضہ دمہ مبتلا ہے جس سے نہایت ضعیف و پچیلی رہتی ہے علاج کرتے کرتے تھک گیا پر آرام نہیں ہوا۔ بوقت زور خاصہ غذا ارادہ قے باہر نکل آتی ہے۔ آج ضعف نہیں ہوتا۔ بعض وقت براہ بلغم خون بھی آجاتا ہے۔ عمر ۳۰ سال ہے کوئی صاحب مجرب علاج بتا دیں۔ (۱۳۰۹)

علاج

۱۵ جریان۔ (جواب مستفسرہ ۱۔ گری مکھانڈ ۱ تولہ ۲ تولہ ثقلب مصری ۱ تولہ۔ بیدانوں کی گری ۱ تولہ۔ نبات سفید ۲ تولہ۔ ان سب کو کوٹ چھان کر لائیں۔ اور علی الصباح ایک چھٹانک گھی میں ملا کر کھائیں۔ سو تولہ دودھ اگر گائے کا دودھ مل جائے تو بہتر ہے روزانہ بھینس کا دودھ گرم گرم پی کر سو رہیں۔ ۲۱ روز میں تکلیف جاتی رہے گی۔ تیل اور گرم چیز سے پرہیز کریں مباشرت سے بہت بچیں۔ اگر دودھ ہضم نہ ہو یا نزلہ کی شکایت ہو تو دودھ میں ملٹھہ و بالشہ رائی ڈال کر گرم گرم پی لیں۔ بہت فائدہ کریگا۔

دیگر۔ کم از کم چھ گلاس گرم پانی میں نمک لاہوری پیس کر ڈالیں۔ اور ہر دفعہ پانی سے غسل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب شکایتیں رفع ہو جائینگی علاوہ ازیں زعفران کو وجہ بھی استعمال کرائیں۔ فائدہ کلی حاصل ہوگا۔ (سید ظہیر احمد ٹرانسپورٹ ایجنٹ از انبالہ)

گمنام و نشان عزیز

۱۴۔ ایک بزرگ صاحب کمال سن قریب ۹۰ سال کا سن (ضلع گالیوں) کی سی بابت خلیق۔ حکیم حاذق رشک اسطاطالیس ہیں۔ علاج خطہ میں طبیب تھے۔ استفتا کے ساتھ طبابت پیشہ تھا نام حضرت کا جناب حکیم سید اللہ صاحب مولوی تھا۔ ۵ سال سے متفقود الخبر ہیں۔ بہت تلاش کی مگر کچھ پتہ نہ چلا۔ شاگرد اور فرزند اگر اطلاع ہیں ہوں۔ اگر دریافت ہو جائے تو میں وہاں جا کر ملوں۔ (حکیم خاں بہادر ناظم کمپنی)

عام

سوال

۲۰۔ مسافر۔ اگر کوئی شخص لاہور سے کلکتہ تک پہنچنے میں کیا خرچ ہوگا۔ جبکہ بمبئی شہر سے روانہ ہوں اور انٹر کلاس میں جہاز سے اتر کر گھوڑا گاڑی میں جائیں اور خرچ کیا پڑتا ہے اور کتنے دن میں کلکتہ پہنچ جاتے ہیں۔ سوائے لاہور کے خان صاحب حسین بخش کے اور کون کون ایجنٹ مسافر اوگمنڈا ریلوے کے ہندوستان میں ہیں مفصل جواب مہربانی فرما کر تحریر فرمائیے۔ (راقم۔ مسیں ایم)

۲۱۔ حضور قیصرہ ہند کی خدمت میں عرضی۔ اگر کوئی شخص کوئی عرضی جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دامت اقبالہا کے حضور میں جو کہ کسی کی شکایت کے متعلق بند گی گزرانا چاہے۔ تو کس کے توسل یا کس پتہ سے اور کس زبان میں بھیج سکتا ہے۔ جو صاحب واقف ہوں مطلع فرماویں۔ (زمیندار پیسہ اخبار عبرت اشرفی)

[آپ انگریزی میں فل سلیپ کا فدیہ عرضی لکھوا کر بوساطت اپنے صوبہ کے لفٹنٹ گورنر یا گورنر کے بھیجدیں۔ امید ہے کہ پہنچ جاوے گی۔ ایڈیٹر]

۲۲۔ اردو ٹائپ۔ اردو چھاپے کا ٹائپ در کار ہے ہندوستان میں کہاں تیار ہوتا ہے۔ کس کارخانے سے طلب کیا جائے۔ اس کی مفصل کیفیت معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ اور یہ بھی اطلاع ضروری ہے کہ ٹائپ مذکور ساخت و ولایت کس مقام سے طلب کیا جاتا ہے۔ اور یہ فارسی خط کا ہوگا یا عربی کا۔ نیز اس کی قیمت کی حالت کیا ہے۔ کوئی صاحب مطلع فرما کر شکریہ کریں۔ (باقر حسین خریدار ۱۳۰۹)

جواب

۱۴۔ سلاجیت (جواب سوال ۱۴۰۰ پیسہ اخبار ۴ ستمبر ۱۹۰۷ء) سلاجیت اصلی نہایت عمدہ ہو کہ تبت کے پہاڑ سے دستیاب ہوتی ہے اور سرکار نیپال کی عملداری میں یہاں نیپال میں ملتی ہے۔ لا صاف کی ہوتی جس میں پتھر اور مٹی ملی رہتی ہے۔ پانچ روپے تولہ ملتی ہے اور کبھی ایک دو روپے زیادہ بھی ہو جاتی ہے اور صاف کی ہوتی اصلی جس میں کسی قسم کی آمیزش باقی نہیں رہتی ۲ سو روپے سیر یعنی ۵ بھری ملتی ہے۔ لیکن صاف سلاجیت ہر شخص کو ملنا مشکل ہے کیونکہ اس کے لئے پیشگی روپیہ دے کر بندوبست کیا جاتا ہے۔ میں کہ سکتا ہوں کہ یہ سلاجیت جو نیپال میں ملتی ہے اصلی اور عمدہ ہے (حکیم محمد کامل ملازم سرکار نیپال)

ترانۂ معرفت و شعر و سخن

چینی سمندروں میں جنگی جہازوں کی نقل و حرکت کسی قدر غیر معمولی سے ہو رہی ہے۔ جرمنی نے چینی بندرگاہ کیاؤ چو پر قبضہ کر کے تمام حریف سلطنتوں کو چینی کمزوریوں کی جانب متوجہ کر دیا ہے شہنشاہ جرمن نے اپنے چھوٹے بھائی کو چینی سمندر کے جہازات کا کمانڈر مقرر کر بھیجا ہے۔ روس نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھ کر پورٹ آرتھر پر قبضہ کر لیا ہے کہ جہاں پر قبضہ کرنے سے پہلے بار اور فرانس و جرمنی جاپان کو روکا تھا۔ جاپان نے کونسل جنگ اس معاملے پر غور کرنے کے لئے فراہم کی ہے اور خبر ہے کہ آئندہ ہفتے میں نو جاپانی جنگی جہاز چین کو روانہ ہونگے۔ فرانس کے دو جنگی جہاز وانن اور پرنس کو بھی چین کو جانے کا حکم ہوا ہے۔ ہر میجسٹی ملکہ انگلستان کا جنگی جہاز سنٹور چین پہنچ گیا ہے۔ ناگاساکی سے روانہ ہوا مگر مقام مقصود معلوم نہیں۔ غرض جہازوں کے اکٹھے ہونے سے اندیشہ ہے کہ کوئی مڈبھیڑ نہ ہو جاوے۔ لیکن مڈبھیڑ چین سے نہیں ہوگی۔ بلکہ یورپین سلطنتوں کی آپس میں یا جاپان و روس کی نہ ہو جاوے۔ انگلستان کے تعلقات ان سمندروں میں جاپان سے دوستانہ ہیں۔ اور در اصل انہیں دو سلطنتوں کی اغراض متحد ہیں۔ سینٹ پیٹرسبرگ میں روس نے یہ بھی مشتہر کیا ہے کہ انگریزی جہاز جو ہند آرتھر میں تھے وہ وہاں سے روانہ ہو گئے ہیں۔ جو سمجھا جاتا ہے کہ روسی سفیر کے لنڈن کے فارن آفس سے گفتگو کا نتیجہ ہو۔

سرحد بلوچستان کا فساد

ساحل مکران سے جو اطلاع ملی ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ بلوچ خاں بھی محراب خاں سے جا ملا ہے۔ بلوچ خاں ایک مشہور لٹیرا ہے۔ اور غالباً اُس نے لوٹ کی وجہ سے یہ شورش برپا کی ہے۔ کپتان برن کے کیمپ کے ایک شخص نے اپنے مُردہ سپاہی کو دفن کرنا چاہا تھا تو رستم خاں نے اُس کو کہا تھا کہ بلوچ خاں سے اجازت لو۔ تب اس کو دفن کرو صرف اُن لوگوں کو باغیوں نے قتل کیا تھا کہ جنہوں نے مزاحمت کی تھی۔ باقی دو سپاہی زندہ چھوڑ دیئے گئے جو واپس آ ملے ہیں۔ خان قلات کے ناظم کا ایک قاصد خبر لایا ہے کہ وہ تمامک میں قلعہ بند ہے اور وہ پاہ فروری تک اُس کے پاس کافی رسد ہے۔ سامی کا محمد حسن گچکی وفادار ثابت ہوا ہے۔ اور مسٹر پرنی کو سول لے آیا ہے۔ ریزرو اناج جو محراب خاں کا ایک قریب قلعہ دار ہے اچھی طرح سے پیش آیا ہے۔ اور نصف ٹرکی جماعت کو اپنے ہمراہ لے آیا ہے۔ کرنل مین ۹ جنوری کو ۳۰۰ سپاہیوں اور افسروں کی معیت سے روانہ ہو گئے ہیں۔ خیال ہے کہ محراب خاں مقابلہ نہیں کریگا۔ بلکہ ایرانی سرحد سے پار گزر جائیگا۔

مکمل سورج گرہن

ہندوستان کے مختلف مقامات سے کہ جہاں ۲۲ تاریخ کا گرہن کامل ہونے والا تھا خبریں پہنچی ہیں۔ بمبئی میں کہ جہاں صرف ۱۰ سیکنڈ کے لئے اور نصف گورنر بنگالہ نے کامل گرہن کا مشاہدہ کیا تھا۔ اس روز بڑی رونق تھی۔ انڈین سروے ابزرویشن کیمپ جو گرہن کے معائنہ کے لئے معین تھا۔ یہاں سے ۲ میل کے فاصلے پر تھا۔ جہاں مسٹر سلون پرنسپل پٹنہ کالج اور مسٹر بیک نے گرہن کا معائنہ کیا اور مختلف حالتوں کے فوٹو گراف لئے۔ ساڑھے بارہ بجے گرہن شروع ہوا۔ ایک بج کر ۴ منٹ پر مکمل ہو گیا اور ۹ سیکنڈ تک کامل گرہن رہا۔ اس وقت دن کی روشنی نہیں رہی تھی۔ پاس پڑوس سے مرغوں کی بانگیں سنی گئیں صبح کا ستارہ آگیا۔ اور حرارت ۷۵ درجے سے ۶۹ درجے تک گر گئی۔ ایک شاندار ہالہ نظر آنے لگا۔ ہوا تھم گئی گرہن مکمل ہوتے ہی سب طرف تاریکی چھا گئی۔ پہلے شفق رہ گئی تھی پھر بالکل اندھیرا ہو گیا۔ پرندے گھونسلوں کو جانے لگے۔ اور جب سورج کا کنارہ نظر آیا تو پھر باہر نکلنے لگے۔ اس وقت آفتاب کا جرم برہنہ آنکھ کو بخوبی نظر آتا تھا۔ ہزارہا ہندوستانیوں کے ہاتھ میں سیاہ کئے ہوئے شیشے گرہن دیکھنے کے لئے تھے۔ جب آفتاب کا کنارہ نورانی سے چھٹا تو لوگوں نے نعرے خوشی کے بلند کئے۔ باقی مقامات سے بھی قریب قریب ایسی ہی خبریں آئی ہیں۔ زیادہ علمی حالات اُس وقت معلوم ہونگے جبکہ انگلستان و امریکہ کے منجم اپنے اپنے معائنہ کی کیفیتیں مشتہر کریں گے۔

قانون سیڈیشن کے خلاف مدراس کا میموریل

مدراس کی جہاجن سبھا نے بھی قانون سیڈیشن کی مخالفت میں ایک پبلک جلسہ کر کے ایک میموریل حضور وائسرائے کی خدمت میں ارسال کیا ہے۔ ۲۱ جنوری کو پچھلی اپاہال میں جلسہ منعقد ہوا۔ اور آنریبل مسٹر سوبا راؤ میر مجلس قرار پائے۔ خاص ریزولیوشن یہ تھا کہ وہ جلسہ اُن تغیرات کو جو موجودہ قانون سیڈیشن میں تجویز کئے گئے ہیں امید بخش نظر سے دیکھتا ہے۔ کیونکہ اُن سے تقریر اور اخبارات کی آزادی کو سخت صدمہ پہنچیگا۔ اور یہ جلسہ اس بات کو صدق دل سے اپیل کرتا ہے کہ اس ملک کے حالات کے مطابق قانون سیڈیشن کی ایسی طرز پر ترمیم کیجاوے کہ اُس کی حدود میں صرف ایسی تقریریں آسکیں جو لوگوں کو آمادہ کریں کہ وہ زور سے قانون کی تعمیل کو روکیں یا سوسیس سٹیشن کی رائے کے مطابق گورنمنٹ کے جائز اختیارات کی اطاعت نہ کرنے دیں۔ اور کہ تمام مقدمات سیڈیشن کی تحقیقات عدالت سشن یا ہائی کورٹ کے سامنے ہوا اور جیوری کے ساتھ کہ جس میں نصف ممبر ملزم کے ہم مذہب شریک ہوں۔ یہ ریزولیوشن ذوردار الفاظ میں آنریبل ممبو لنگا مدلیار نے پیش کیا اور بابا راما سوبا ران بالا کرشنا ایڈیٹر ہندو اس سٹینڈرڈ نے تائید کی۔ اور اَور لوگوں نے بھی تائید کی۔ اس سے پیشتر بمبئی پریسیڈنسی ایسوسی ایشن اسی باب میں ایک میموریل بھیج چکی ہے۔ کلکتہ کی انڈین ایسوسی ایشن نے اس قانون پر بحث کرنے کے لئے مہلت طلب کرنے واسطے ایک میموریل پہلے ارسال کیا تھا۔ امید ہے کہ خاص قانون کے مستعفی بھی عنقریب سمجھے گی۔ کیا پنجاب سوشل ریفارمر ایسوسی ایشن کی پنجاب برانچ کچھ ہمت نہ کریگی؟

جاپان کی تیاریاں

ایم یکیونو مشہور وزیر اعظم جاپان مقیم پیرس نے اپنے ملک کے زیر تیاری جہازوں کی عجیب فہرست دی ہے۔ اس وقت روسے ۷۰ جہاز جن میں ۱۶ آرمیڈ و ٹال ہیں تیار ہو رہے ہیں۔ ۱۰ جہاز جن میں تین درجہ اول کے جنگی جہاز ہیں۔

گئی گزت یقین بھی نہ کر سکے کہ گورنمنٹ ہند انہیں یہ کام سپرد کر سکتی ہے۔

تھانیسر میں نہان

کہتے ہیں کہ پورے سورج گرہن کے وقت تھانیسر میں اس سے بھی زیادہ جاتریوں کا جمع ہونے کی امید تھی۔ مگر تاہم مجمع کا تخمینہ بیس سے سات لاکھ کے درمیان کیا جاتا ہے۔ بمبئی سے جاتری اشنان کے لئے نہیں آئے تھے۔ شکر ہے کہ کسی قسم کی وبا پھیلنے میں نہیں پھوٹی اور نہ اور کوئی حادثہ پیش آیا ہے۔ انتظام صفائی اور پولیس کا بہت اچھا تھا۔ ریل پر کام کا بوجھ بہت تھا اور وہ بیل دنوں سے شب و روز کام کر کے اتارا لکھا جاتا ہے کہ اس موقعے پر تخمیناً نصف کروڑ روپیہ خرچ کرنے والے معتقدوں سے برہمنوں کو دان کیا۔ مہاراجہ صاحب بنارس اور جودھپور بھی اشنان کرنے والوں میں تھے۔ خیال ہوتا ہے کہ اگر وبا کا اندیشہ نہ ہوتا تو کل چھیتر کا میلہ اور بھی زیادہ بھرتا۔

مسٹر ٹک کا مقدمہ

سر جان ہڈ جو کلکتہ ہائی کورٹ میں جج رہے ہیں اور سیلون لائی کورٹ میں چیف جج رہے ہیں اخبار ٹریبون میں مسٹر ٹک کے مقدمے کی نسبت جیسی کہ ایک ایسے تجربہ کار جج اور قدیم سرکاری ملازم سے امید ہو سکتی ہے نہایت محتاط رائے لکھتے ہیں۔ ان کی رائے میں یہ مقدمہ از سر تا پا بد نصیبی کے واقعات سے پر ہے۔ مسٹر جسٹس سٹرچی کی بمبئی ہائی کورٹ میں جیوری کو خطاب کرنے اور پریوی کونسل کے فیصلے کی نسبت وہ اس طرح لکھتے ہیں۔ "اس جج نے جیوری سے مقدمے کا قانون غیر معمولی طوالت سے بیان کیا۔ اور دفعہ ۱۲۴ الف کو وہ معنی پہنانے کی کوشش کی جو اس سے پہلے اس سے منسوب نہیں کئے گئے تھے۔ ایسا کرکے بھی اس نے اپنے آپ کو اسی فرض تک محدود نہ رکھا۔ بلکہ وہ بھی آگے بڑھا کہ جس کام کے کرنے کا جیوشک وہ اپنی رائے کے مطابق مستحق تھا۔ اور جوری کے سامنے شہادت سے اپنے نتائج نکال کر بیان کئے۔ اور دلیلوں کے ایک ایسے بے فصل اور عمدہ سلسلے سے ان کی تائید کی جو ملزم کو سزا دینے کے لئے مسترد ہونے کا اظہار کرتا ہو اور لارڈ چانسلر کا جو اس گورنمنٹ کا نہایت ذمہ دار ممبر ہے کہ جس نے شروع میں مقدمہ چلانے کی اجازت دی تھی) پریوی کونسل میں مقدمہ پیش ہونے کے وقت موجود ہونا بد نصیبی سے اخیر تک ہی مقدمے کی اس شکل کو نباہے جاتا ہے۔ اور اس قسم کی تحقیقات کے بعد سزا کا دینا سر جان کو بادی النظر میں بجائے ناظرانہ اور منصفانہ قانون کی تعمیل کے ایک خاص اراضی اگزکٹو کی خوب سی چوٹ کے زیادہ مشابہ ہے اور نہیں افسوس ہے کہ جو قانون بمبئی ہائی کورٹ نے خلق کر دیا تھا۔ اس کو پریوی کونسل نے نہیں سلجھایا۔ گو اس کے بعد گورنمنٹ ہند نے اس کے سلجھانے پر مستعدی ظاہر کی ہے۔

سرحدی قوموں سے

لارڈ کرزن سابق وائسرائے ہند نے حال میں مسٹر گلیڈسٹون کی یاد گار کی تقریب پر تقریر کرتے ہوئے ہندوستان کی سرحدی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے بیان کیا کہ جب سنہ ۱۸۸۰ء میں سرحد ہند پر مشکلات پیش آئی تھیں اور قندھار پر قبضہ کرنے کا ارادہ کیا جاتا تھا۔ اس وقت اس کی بھی ایسی ہی مخالفت ہوئی تھی جیسی کہ چترال پر قبضہ کرنے کی ہوئی ہے۔ اس وقت مسٹر گلیڈسٹون نے طاقت حاصل کر کے مجھ کو (یعنی لارڈ کرزن بہادر) کو ہندوستان کا وائسرائے بنا کر روانہ کیا۔ ناظرین کو معلوم ہے کہ لارڈ کرزن نے ہندوستان میں آتے ہی سرحد کی خستہ و خراب حالت کا کیسا اچھا انتظام کیا تھا۔ افغانستان سے فوجیں واپس بلالیں۔ قندھار خالی کر دیا اور امیر عبدالرحمن خاں کو تخت کابل سپرد کر کے بارہ لاکھ سالانہ وظیفہ بھی مقرر کر دیا۔ سرحدی قوموں کے بھی علی قدر مراتب وظیفے مقرر کر دئے۔ اور امن و امان سے ایک مدت گزر گئی۔ اب بھی لارڈ کرزن بہادر سرحدی قوموں سے سلوک کرنیکا یہ طریقہ بتلاتے ہیں جو ان کے خیال میں اس وقت عمل میں لایا جاتا۔ اگر مسٹر گلیڈسٹون انگلستان کے وزیر اعظم ہوتے۔ یعنی کہ قوموں سے دوستی قائم کیجائے۔ ان سے عہد کر لیا جاوے کہ ان کی آزادی بحال رکھی جاویگی کہ جس کو وہ نہایت عزیز سمجھتے ہیں۔ انہیں وظیفہ دیا جاوے اور کہ دیا جاوے کہ اگر کوئی اور ان پر حملہ کریگا تو ہم ان کی مدد کرینگے۔ کیونکہ ہندوستان زیادہ خرچ کرنے کی برداشت نہیں کر سکتا۔ واقعی لارڈ کرزن کی پالیسی ہی تجربہ کے بعد کفایت شعاری کی پالیسی معلوم ہوتی ہے۔ خیبر کی قوموں یا دوسری سرحدی قوموں کو وظیفہ دینا اور ہیر صاحب کو سالانہ ایک کثیر رقم دینا اتنا گراں نہیں ہے جتنا کہ چھ ماہ کی سرحدی جنگ پر کروڑوں روپیہ اور سینکڑوں قیمتی جانیں خرچ کرنا گراں معلوم ہوتا ہے۔

ہندوستانی غریب کیوں ہیں؟

ہندوستانی غریب کیوں ہیں؟ اس سوال کا جواب ایک صاحب بہادر ایک اینگلو انڈین ہمعصر کو ان الفاظ میں دیتے ہیں:۔ "آبادی کا زیادہ حصہ تلی میں آیا اور گلی میں کھایا کی مثال اس لئے ہے کہ کیونکہ ان میں صنعت و حرفت کا کافی رواج نہیں ہے جو اپنی فوری ضروریات سے زیادہ کما سکیں۔ اور نہ ان لوگوں میں کفایت شعاری ہے کہ کوئی بچت خرچ کر کے اپنی حالت مستقل طور پر بہتر کر سکیں۔ وہ شادی کرتے ہیں اور نہایت بے فکری سے اولاد بڑھاتے جاتے ہیں۔ اور مذہبی رسوم پر اپنے مقدور سے زیادہ خرچ کرتے ہیں۔ اور ہمیشہ محتاج رشتہ داروں کی مدد کو تیار رہتے ہیں۔" واقعی یہ سارے بڑے سخت عیب ہیں۔ آئندہ ہندوستانیوں کو چاہئے کہ بچے پیدا کرنا بھی چھوڑ دیں اور اہل یورپ کی طرح قریبی رشتہ دار کی مدد بھی نہ کیا کریں لیکن پھر بھی اس دولت کا فائدہ کیا ہوگا کہ جس سے اپنے جگری رشتہ داروں شاذ بھائیوں تک سے بھی حاجت کے وقت میں سلوک نہ کیا جاوے۔ اور نہ نہایت بے فکری سے بچے پیدا کئے جاویں۔ ہندوستانی بیشک سادگی سے شادیاں کرتے ہیں۔ بیشتر اس کے کہ وہ بچوں کے گزارے کا فکر کریں ہیں۔ ان کی مذہبی تعلیم انہیں حوصلہ دلاتی ہے کہ جتنے منہ ہونگے خدا ان کے پرورش کرنے کے لئے رزق بھیجدے گا۔ غالباً ہندوستان میں حرامزادہ بچوں کی تعداد میں خوفناک ترقی ایسی ہی بے احتیاطی سے ہوتی جاتی ہے کہ عورتیں اور مرد بیچ کے اس قانون سے تو بچ نہیں سکتے جو ان کو مباشرت پر مجبور کرتا ہے اور پیچھے اس کا نتیجہ حرامزادہ بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔ مگر مرد چونکہ شادی نہیں کرتے اس لئے عورتیں بیچاری یا تو اپنی بچوں کی پرورش محنت مزدوری سے کرتی ہیں۔ یا انہیں مار ڈالتی ہیں یا زندہ پھینک دیتی ہیں۔ میں کسی دن تو یورپ اور انگلستان کے حرامزادہ بچوں کے متعلق زیادہ تفصیل سے لکھونگا۔ اس وقت میں ان صاحب کے جواب میں۔ جو ہندوستانیوں کے افلاس کو صرف انہیں کا قصور بتلاتے ہیں اتنا عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ اگر ان میں صنعت و حرفت کی ترقی نہیں ہے تو کیا گورنمنٹ ان کے لئے ایسے سامان پیدا نہیں کر سکتی کہ اگر نئے کام نہ سکھلائے اور نئی ٹکنیکل تعلیم نہ دے تو قدیم ملکی صنعتوں کو تو ترقی دلائے۔ رہا ہندوستانیوں کی کفایت شعاری کا معاملہ۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ ساری دنیا میں زیادہ کفایت شعار قوم ہیں جو ایسی کم آمدنی سے بھی بچت کر سکتے ہیں جیسی کہ ان کی ہے۔ اور ڈاکخانے کے سیونگ بنک میں ۷ کروڑ سے زائد روپیہ جمع کرایا ہوا ہے۔

سرمایہ اور مزدوری کا جھگڑا

ہندوستان سے ہر چند کہ اس معاملے کا تعلق ہے کہ انگلستان میں انجینیری کاموں کے مزدوروں اور کارخانوں کے مالکوں میں شرح اجرت اور مقدار وقت کار کی نسبت بہت لمبا جھگڑا رہ چکا ہے۔ تاہم یہ بات معلوم ہونی دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ باوجود محنت اور مزدوری کی طاقت کے بڑھے ہوئے ہونے کے اب تک مہذب یورپ میں بھی سرمایہ محنت پر حکومت کرتا ہے۔ جیسا کہ نیم مہذب ایشیا میں ہے۔ مزدوروں نے ایکا کر کے کام بند کر دیا کہ دن میں آٹھ گھنٹے کام لیا جاوے۔ اور تنخواہ وہی پہلی دیجاوے۔ مالکوں نے بھی ایکا کر لیا۔ اور مزدوروں اور کاریگروں کی ایک بات ضد سے نہ مانی۔ مزدوروں کی کمیٹی کے پاس بہت پہلے کا سرمایہ تھا وہ بیکار مزدوروں نے ختم کر لیا۔ اور اب تک بھی مالک اپنی شرائط سے ایک رتی نہیں سرکے تھے۔ لکھا یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مالک حق بجانب تھے۔ وہ کہتے تھے کہ اگر کام میں فائدہ ہوا تو وہ کام ہی کیوں کیا جاوے۔ اس عرصے میں بڑے بڑے بارسوخ لوگوں نے فریقین کو مصالحت کے لئے سمجھایا۔ مگر کسی نے ذرہ بھر کی بات نہ مانی اور اپنی ضد نہ چھوڑی۔ لندن میں لاکھوں روپے کا انجینیری کاروبار بیچ ہو گیا۔ آرک بشپ صاحبان کو ونٹری و یارک سے مالکوں اور مزدوروں کو ایک خط میں ہدایت کی کہ آپس میں برادرانہ برتاؤ کرو۔ اور ایک خاص دعا بھی لکھ دی جو جھگڑے کے ایام میں فریقین مانگیں۔ مگر افسوس کہ ان مقدس باتوں کا بھی کچھ اثر نہ ہوا۔ اور جب کاریگروں اور مزدوروں کے پاس کھانے کو نہ رہا تو انہوں نے مالکوں کی شرائط مان لیں۔ ہر چند کہ انجینیری مزدوروں کی مدد کے لئے تمام انگلستان کے مختلف کاموں کے

تھا۔ پھر اس کے بعد ایک مدت چٹھیوں کا محصول نافذ ہونے کے صاحب سے کمیشن لیتے رہے اور سینکڑوں اسامیوں پر کرانک طاندان اس حالت کو پہنچا کہ جیسا آج نظر آتا ہے۔

مجوزہ قانون سیڈیشن پر ایک سفید پوست کارسولین کی رائے

ٹریبیون لکھتا ہے کہ مسٹر رویش چندر دت۔ سی۔ آئی۔ ای سابق کمشنر دھاکہ (جنہوں نے اب انگلستان کی بود و باش اختیار کر لی ہے) حال ہی لندن کے اخبار ڈیلی نیوز میں دفعہ ۱۲۴ (الف) کی مجوزہ ترمیم کے متعلق ایک چٹھی لکھ کر جو بہت عمدہ خیالات کا اظہار کیا ہے۔ مسٹر دت اس سوال کے پوچھنے کی جرأت کرتے ہیں کہ کیا انگلو انڈین پریس کے لئے جُدا قانون ہوگا اور انڈین پریس کے لئے جُدا ہوگا۔ وہ لکھتے ہیں:۔ "جبکہ ایک انگریزی اخبار ہندوستانیوں کی ایک جماعت کی نسبت "مشہور بزدل" لکھتا ہے تو اس سے قومی خیالات میں تلخی پیدا ہوتی ہے۔ کیا گورنمنٹ ہند انگلو انڈین اخبارات پر ایسی تحریرات کے لئے مقدمات چلایا کرتی یا مجوزہ قانون صرف ہندوؤں اور مسلمانوں کے لئے ہے؟" میں نے اکثر اس پر غور کیا ہے اور بارہا اپنی سرکاری مراسلات میں گورنمنٹ کو لکھا ہے جو شائع ہو چکی ہیں۔ کہ بہت سی قومی ناراضگی کا خیال دور ہو جاویگا۔ جبکہ انگریزوں کے ہندوستان کے اخبارات ہندوستانی قوموں اور اُن کے لیڈروں کی نسبت اُس ہمدردی اور عزت سے لکھیں گے کہ جس کے وہ بوجہ ایک ہی سلطان کی رعایا ہونے کے حقدار ہیں۔" مسٹر دت افکار کرتے ہیں کہ ہندوستان کی تعلیم یافتہ جماعتوں میں سیڈیشن کا نشان موجود ہے۔ انگریزی تعلیم نے بیج و بن سے اکھاڑ دیا ہے۔ لیکن زور سے افسر نکتہ چینی کو سیڈیشن بتلاتے ہیں۔ اور نکتہ چینی اور جماعتی ایجیٹیشن کو دبا دینا چاہتے ہیں۔ لیکن مجوزہ نئے قانون میں اُن کے خیال میں بڑا خطرہ ہے۔ یہ قانون سیڈیشن کی مجوزہ ترمیم ایک غلطی ہے۔ اور یہ ہندوستان میں اصلی ناراضگی کا بیج بو دیگی۔ بطور گورنمنٹ ہند کے ایک قدیم ملازم کے کہ جس کی خدمت میں نے اپنی عمر کے بہترین سال خرچ کئے ہیں۔ میں اس ناہمدردانہ اور ناعاقبت اندیشہ دباؤ کی حکمت عملی پر افسوس کرتا ہوں کہ جو اب ہندوستان میں عمل میں آرہی ہے۔ جو کہ سرحدی جنگ سے بھی بہت بڑی غلطی ہے اور جو کہ اگر ایک پشت تک جاری رہی تو ہندوستان کی وفاداری۔ امن پسند اور صابر رعایا کو ایسی صورت میں بدل دیگی۔ جیسی کہ ایک پشت پیشتر آئرلینڈ کی تھی۔"

قانون سیڈیشن اخبار مدراس مشہد لکھتا ہے کہ "قانون سیڈیشن کے پاس ہونے کے ساتھ ہی اس ملک میں بیک سکینڈل طاری ہونے جائیگے۔ ہندوستان کی کوئی رائے اور کوئی تسلی بخش تجویز ہمیں ہو سکیگی۔ اور اس قسم کے اشتہارات ہی کو ان میں سے چھاپ سکیں گے۔ اگر کوئی پبلشر گورنمنٹ پر نکتہ چینی شروع کرے تو ہندوستان ہم بھی

ان کر سکیگا۔ البتہ وہ گورنمنٹ کے احکام کو نقل کر سکتا ہے اور اگر چاہے تو اُن کی عمدہ انگریزی کی تعریف کر سکتا ہے کہ جس میں وہ لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور اگر اس کو اس میں بھی کوئی غلطی معلوم ہو تو وہ اُس کو ظاہر نہیں کر سکیگا۔ اس لئے اپنے تئیں بچا رکھیگا۔" آنریبل سر ڈیلیو رابنسن نے ۱۸۷۸ء میں دفعہ ۱۲۴ (الف) تعزیرات ہند کی ایک ایسی ہی ترمیم کی تجویز کے متعلق کہا تھا۔" سر جارج کیمبل کی سفارش کو بطور دفعہ ۱۲۴ (الف) کی نسبت بیان کے قرار دے کر۔ نذر بیچ سارنگ مزاج افگن کشور حکام کے ہاتھ میں اخبارات کا منہ بند کرنے کی طاقت دے دو کہ جن کی نسبت ان کی رائے میں گورنمنٹ پر عداوت اور بدخواہی پیدا کرنے والے دلائل درج ہوتے ہیں۔ تو تمہارے سامنے زبان بند۔ تباہ ہوا ہوا اور خوشامدی پریس رہ جاویگا جو کہ اگر خوف تک نہیں ہوگا تو قابل نفرت اور نکما ضرور ہو جائیگا۔" سٹینڈرڈ کی رائے بالکل صحیح ہے۔ اور سر ڈیلیو رابنسن نے بالکل سچی بات کہی ہے۔ یہی بار بار پبلک اخبار ثابت کر چکے ہیں۔ اور اس میں شک بھی نہیں کہ ایک ایسے زمانے میں جیسا کہ ہندوستان پر ۱۸۷۸ء میں طرح طرح کی آفات ارضی و سماوی و تردّدات کا گر رہا ہے۔ کوئی قادر اندیش اور گہرا سیاستمند اخبارات کے قانون کو اس طرح پر دبانا پسند نہ کرتا جیسا کہ عمل کیا جا رہا ہے۔ آزاد پریس میں اگر کوئی قباحتیں ہیں تو وہ مقید پریس کے نقصانات سے ضرور اچھی ہیں۔ اخبارات نے رعایا میں شائستگی اور حکومت کے مقاصد پھیلانے میں بڑی مدد کی ہے۔ اور اگر ان میں کچھ نقص ہے تو وہ قانونی سزاؤں سے رفع ہو سکتا ہے۔ لیکن تعجب ہے کہ ایسی زبردست اور مضبوط گورنمنٹ نے اخبارات کا منہ بند کر دینا ہی اس نقص کو رفع کرنے کا ذریعہ قرار دیا۔

مہم سوڈان ہر چند کہ بڑی جلدی سے سوڈان پر دوبارہ مہم بھیجنے کے لئے تیاری کی گئی تھی۔ اور فوراً مصری فوجیں بروکار دانہ کر دی گئیں اور انگریزی فوجیں ولایت سے طلب کی گئیں۔ مگر اب معلوم ہوا ہے کہ غالباً ابھی آگے بڑھنے کا قصد نہیں ہے۔ قاہرہ سے فوجیں بذریعہ ریل اسوان تک گئیں وہاں سے حلفہ تک کشتی پر۔ حلفہ سے ابوحمید تک ریل پر اور وہاں سے آگے جس قدر ریل تیار ہو رہی ہے ریل پر جا کر پھر پر تک کشتی پر جائینگی۔ حال میں جو جنرل گریرسن اتنی جلدی فوجیں طلب کی تھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ درویشوں پر حملہ کرنے کی غرض سے نہیں تھیں۔ غالباً درویشوں کا حملہ روکنے کی تدبیر ہے۔ کیونکہ اگر وہ بھی کہ درویش بربر پر حملہ کرنے والے ہیں۔ مصری اور انگریزی فوجیں جون یا جولائی تک اس حد تک نہیں پہنچ سکتی کہ دریائے نیل میں پانی تھوڑا ہے جس میں سفر نہیں جا سکتے اور اُس وقت نشیبانی کے ساتھ ہی۔ مہم ختم ہو جائیگی۔ درویشوں کے بربر پر بڑھنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اور کہا جاتا ہے کہ اگر وہ بڑھے تو بڑی حکمت سے تاکہ جس کا کہ انہیں پتا کرنا مشکل ہوگا۔ بالفعل دنقلہ اور شندی کے مقامات کو طب

مضبوط کر رہے ہیں اور وہاں غلہ کثرت سے جمع کر رہے ہیں۔ بربار اور سواکن سے مصر میں افواہیں ہیں کہ عثمان دگنے سے پھر حرکت شروع کی ہے۔ اور اس نے مختلف مقامات سے اپنی فوجوں کو جمع کرنا شروع کیا ہے۔ گو ٹھیک معلوم نہیں کہ آجکل وہ کہاں ہے۔ لیکن کسلا کے مغرب کی جانب کسی حصہ میں بتلایا جاتا ہے۔ مصری افواج ووڈ فارتک پہنچی ہوئی ہیں اور اودار سے بیتہ تک۔ جو مصالحوں اور درویشوں کے درمیان فاصلہ ہے ۷۰ میل ہے۔ اور اس فاصلے کو قریبوں کا جہاز دریا کے چڑھاؤ کے رخ ۵ دن میں اور اُتار کے رخ ۱۰ گھنٹے میں طے کر سکتا ہے۔

سر جیمز ڈوڈی کا تقرر سول اینڈ ملٹری گزٹ لکھتا ہے کہ اُسے ایک معتبر ذریعے سے اطلاع ملی ہے کہ سر جیمز ڈوڈی کمشنر پشاور کو سر جیمز ہنا لعزیز کی چیف کمشنر مقرر کیا جاویگا۔ اور انہیں کے سپرد تمام پالیسی قوموں سے صلح یا جنگ کرنے کی کی جاویگی۔ مگر نقشہ زیر نگرانی فارن آفس کے سول اینڈ ملٹری گزٹ جو شمار سے سر جیمز ڈوڈی کے سپرد تمام امور ۱۸۹۸ء کی سرحدی جنگوں اور اُن کے تمام مال و جان کے نقصان کا بھتہ پہنچا رہا ہے اس تقرری سخت مخالفت کرتا ہے۔ اس اخبار کی رائے میں ہم ہمدان مہم تیراہ پیش ہی آتیں۔ اگر سر جیمز ڈوڈی کو سرحدی قوموں کے حالات سے پوری واقفیت ہوتی۔ بلکہ برعکس اس کے یہ قومیں کی حالت اور ان کے اندرونی جوش سے اس قدر بے خبر ہیں کہ جبکہ قلعہ شبقدر پر حملہ کرنے کی خبران کے پاس پہنچی تو انہوں نے اس کو ہوا نہیں کیا۔ جبکہ اس وقت نظافی کی سرد آب و ہوا کے لطف اُڑانے کے لئے اسباب کے صندوق بندھوا رہے تھے۔ جبکہ موضع شنگر گڑھ پر دشمن نے حملہ کر دیا اور حال میں مہم تیراہ کے متعلق ان کی پولیٹیکل افسری کی خدمات پر بھی اعتراض کیا ہے کہ آفریدیوں نے شرائط صلح منظور کرنے میں دیر کی یا بعض فقروں کے معنی نہ سمجھے۔ انہیں گالیاں دی گئیں اور تمسخر کیا گیا۔ معلوم نہیں اصل واقعہ کیا ہوگا۔ لیکن سر جیمز ڈوڈی جیسے تجربہ کار سرحدی افسر نے کچھ کیا ہوگا ضرور۔ اچھا سمجھ کر کیا ہوگا۔ سر جیمز ڈوڈی ایک نہایت گہرے اور دقیقے افسر ہیں۔ اور چوتھائی صدی کے سرحدی قوموں کے تجربے نے انہیں اس کام کے لئے نہایت قابل بنا دیا ہے۔ سرحد پر کسی زور بیچ۔ تیز طبع اور پُرجوش افسر کی ضرورت نہیں ہے۔ نہ ایسے افسر کی جو سرحدی خوف سے خواب میں بھی چونک اُٹھتے۔ چنانچہ اس آخری صفت کا بھی سر جیمز ڈوڈی میں بہت بڑا حصہ ہے۔ اگر سرحدی قومیں ابتدائی کے جوش میں بھیجی جاتیں تو وہ اس سے بغیر نہیں رہ سکتی تھیں۔ شب قدر انہیں فوراً ہی زک مل جاتی ممکن ہے کہ اس کی کامیابی سے ان لوگوں کے حوصلے بڑھ جاتے ہیں۔ اتنی کر بعد کے تمام حملے کو اس ایک حملے سے زیادہ خطرناک ٹھہرایا جاتا ہے۔ بہرحال سر جیمز ڈوڈی اگر سرحد کے کام میں لگائے جاتے ہیں تو وہ ضرور اس کو تکمیل انجام دینگے۔ خواہ

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ ۵ فروری سنہ ۱۸۹۸ء

محکمہ ڈاکخانہ جات ہند

محکمہ ڈاکخانہ جات ہند ہی ایک ایسا سرکاری محکمہ ہے جو پبلک سے درخواست کرتا ہے کہ اگر کہیں بھی کارروائی میں کوئی نقص پائے جاویں تو لوگ بلا تامل اُس پر نگہداری سے نکتہ چینی کریں۔ کیونکہ اس محکمے کو اس قسم کی نکتہ چینی سے اپنے کاروبار کی اصلاح اور ملازموں کی نوسہ داری معلوم کرنے میں بڑی مدد ملی ہے۔ حال میں صاحب ڈائرکٹر جنرل ڈاکخانہ جات ہند نے اپنے محکمہ کی ایک سال مختتمہ ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۷ء کی رپورٹ شائع کی ہے۔ اور اس میں بتلایا ہے کہ اس محکمہ نے اس بارہ ماہ کے عرصے میں کیا کام کیا ہے۔ اسی میں پبلک سے استدعا کی گئی ہے کہ اگر کسی کو معلوم ہو کہ ڈاکخانہ جات نے اپنا کوئی فرض ادھورا چھوڑا ہے۔ یا کوئی کام فرض کرنا چاہیے تھا سے اچھی طرح نہیں ادا کیا تو وہ بتلا دے۔ اور اس بات پر ڈاکخانہ ہمیشہ سے کاربند ہے۔ اس لئے کہ اس کا ایک قانون ہے کہ اگر کوئی محکمہ ڈاکخانہ جات کی شکایت اُس کے اعلیٰ افسروں کے پاس بھیجنا چاہے تو لفافے پر صرف الفاظ "شکایت ڈاکخانہ" لکھ کر بیرنگ خط ڈاک میں ڈال دے۔ گویا

واجبی شکایت سننے کے لئے

ڈاکخانہ محصول خط بھی نہیں یا لکتا یہی وجہ ہے کہ ہندوستان میں محکمہ ڈاکخانہ نے اس قدر ترقی کی ہے کہ یورپ کے مہذب ممالک سے ٹکا کھاتا ہے۔ سنہ ۹۷-۱۸۹۶ء میں جس قدر شکایتیں ڈاکخانے کی کارروائی کے متعلق ڈاکخانے کے افسروں کے پاس پہنچیں (تعداد میں ۱۸۲۷) تھیں جو سال ماسبق سے (۳۲۹۹) زیادہ تھیں۔ لیکن ان میں سے قریب ۴۰ فی صدی کے بے بنیاد نکلیں۔ بے بنیاد شکایتیں تو قواعد ڈاکخانہ سے لاعلمی خواہ سے اور بادا قعات کے صحیح ہونے پر بھیجی جاتی ہیں مثلاً رپورٹ ڈاکخانہ جات میں مذکور ہے کہ ایک شکایت موصولہ سکردی پوسٹ آفس لندن کی اس سال میں وصول ہوئی تھی کہ رجسٹری بھیجی جس میں ۳ سو پونڈ قیمت کا ایک لعل رہا ایک کارخانے نے لندن کے ایک کارخانے کو بھیجا تھا بغیر کے وصول ہوئی ہے۔ تحقیقات پر معلوم ہوا کہ لعل بھیجنے کارخانے کے دربان نے خود ہضم کر لیا تھا اور جھوٹی میں بھیجا تھا۔ غرض ہندوستان کے محکمہ ڈاکخانہ جات کی نہایت تعریف بات یہ ہے جو وہ لوگوں سے اپنی شکایتیں خوشی ہے۔ اور وہ جھوٹی شکایتوں کی نورًا اصلاح کر دیتا ہے۔

ہندوستان کے ڈاکخانے کی گزشتہ تاریخ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس محکمے نے کتنے تھوڑے عرصہ میں کس قدر زیادہ ترقی کی ہے اور کس قابلیت سے تمام ملک میں اپنی بیخبیاں جال کی طرح بچھا دی ہیں۔ ایک ہندوستانی اگر تھوڑے دنوں کے لئے ایران یا عرب میں چلا جاوے کہ جہاں کے بڑے بڑے شہروں میں ڈاکخانے موجود ہیں۔ مگر چٹھیاں خود لوگوں کو ڈاکخانے میں جا کر لانی پڑتی ہیں اور کبھی رسان نہیں کرتے تو وہ ضرور حیران ہو جائیگا۔ غرض ہندوستان کی بہت سی موجودہ تاتکی اور علمی ترقی کا حصر محکمہ ڈاکخانہ جات پر ہے۔ یہ اس کثرت سے اور ایسے سستے اخبار جو شائع ہو رہے ہیں۔ یہ صرف محکمہ ڈاکخانہ جات کی بدولت ہیں۔ ورنہ لاہور کے اخبارات کس طرح ایک یا دو پیسے کے خرچ سے تمام ہندوستان کے دور دراز دیہات شہروں میں پہنچ جاتے۔ لوگ جو اپنا روزانہ اخبار جاکر شاعت سے دور مقام میں بیٹھے ہر روز پڑھتے ہیں۔ یا ہزارہا میل کے فاصلے سے اپنے عزیزوں اور دوستوں کے خط وصول کرتے رہتے ہیں۔ انہیں کیا معلوم ہے کہ ملازمان ڈاکخانہ کو اس خط یا اخبار کے پہنچانے میں کتنی خدمت کرنی پڑتی ہے۔ بعض اوقات سانپ کرنے والے ملکوں کو سخت محنت کرنی پڑتی ہے تب وہ اپنا کام ختم کرتے ہیں۔ راتوں ریلوے ریل میں چٹھیاں اور اخبار الگ الگ کئے جاتے ہیں۔ ریل کے کسی اسٹیشن پر ٹھہرتے ہوتے ہی سب سے پہلے ڈاکخانے کا ملازم ڈاک کا تھیلا یا تھیلے لیجا ہو اور ڈاکخانے میں ڈاک پہنچتے ہی کتنی جلدی کام کیا جاتا ہے۔ بات ڈاکخانے کے ملازم ہی جانتے ہیں۔ پھر جن مقامات میں ہرکارے ڈاک لیجاتے ہیں وہ کیسی جانفشانی اور محنت سے کام کرتے ہیں۔ بعض اوقات دشوار گزار اور خطرناک راستوں میں ان لوگوں کی جانیں خطرے میں ہوتی ہیں۔ اور یہ اس لئے کہ وہ اس

لوگوں کی ڈاک بروقت پہنچا دیں

سال زیر ریویو میں چار ہرکاروں کو ڈاکوؤں نے مار ڈالا۔ لیکن ان میں سے ایک واقعہ میں برسات کے ایک بدریاست پوسٹ ماسٹر کی شرکت تھی کہ جس نے ڈاکخانے کے ۵۰۰ روپے تو خود خورد برد کر لئے اور ڈاک کی تھیلی کو راستے میں لوٹ لیا دیگر تحقیقات پر حقیقت کھل گئی۔ لیکن اس کے علاوہ طوفانوں طغیانیوں اور دوسرے قدرتی آفات سے بھی ملازمان ڈاکخانہ کی زندگیاں تلف ہوئیں۔ اور مال کا نقصان ہوا۔ درہ بزلل (براہ گلگت) کی برفانی سرحد کے پھسلنے کے پہاڑ کے نیچے دب گیا کہ جس میں بیچارے تین ہرکارے بیٹھے ڈاک لیجانے کا انتظار کر رہے تھے۔ ۱۴ صوبجات وسطی کے مقام چھتیس گڈھ میں دو بدنصیب ہرکارے ڈاک لیجاتے ہوئے چیتوں کا شکار ہوئے۔

ڈاکخانے کے عام کاروبار میں بھی سال خاصی ترقی ہوئی ہے

ہرچند کہ قحط سالی سے تمام کاموں اور تمام محکموں کی آمدنیوں کو نقصان پہنچا ہے۔ لیکن ڈاکخانے کی آمدنی اور کاروبار میں سوائے اضلاع مغربی وشمالی وصوبجات وسطی میں ریونیو منی آرڈروں کی کمی کے اور کوئی نقصان نہ پہنچا۔ اس سال میں ڈاکخانے نے تمام ہندوستان میں زیادہ ہوئے اور (۱۲۵۰) لیٹر بکس نئی چٹھی ڈالنے کے صندوق بڑھائے گئے۔ ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۷ء کو ہندوستان میں کل (۱۱۴۳۱) ڈاکخانے اور (۷۶۶۴۰) لیٹر بکس لگے تھے۔ باوجود اس قدر ترقی کے پھر بھی ہندوستان کے ہر ۱۲۲ مربع میل رقبہ میں ایک ڈاکخانہ اور ہر ۴۷ مربع میل رقبہ میں ایک لیٹر بکس پڑتا ہے۔ ان ڈاکخانجات سے ۴۳ کروڑ ۱۰ لاکھ چٹھیاں۔ اخبارات۔ پیکٹ اور پارسل اس سال میں تقسیم ہوئے جو سال ماقبل سے بقدر اڑھائی کروڑ کے زیادہ تھے۔ لیکن ۱۰ کروڑ ان میں شامل نہیں جو ان کل اشیا میں سے قریب ۴۳ کروڑ ۶۰ لاکھ کے تو مکتوب الیہوں کو تقسیم ہو گئیں اور قریب ۱۰ لاکھ کے مرسلوں کو واپس دی گئیں۔ لیکن قریب ۱۰ لاکھ کے تقسیم نہ ہو سکیں۔ کیونکہ ان میں سے زیادہ حصہ ایسی جنسوں کی تھیں کہ جن پر پتہ کافی نہ تھا یا بالکل نہ تھا۔ مثلاً سندھ کے ایک چھوٹے سے ڈاکخانے میں ایک ہی روز میں ایک دیوانہ شخص نے ۱۴۱۵ چٹھیاں ڈبہ میں ڈال دیں۔ محصول بھی ادا نہیں لگایا گیا تھا اور پتے بھی پڑھے جانے کے قابل نہیں تھے۔ اندر سے بھی خطوط میں صرف الٹی سیدھی لکیریں تھیں۔ جو محض ایک دیوانہ آدمی کھینچی گویا کر سکتا تھا۔

ہندوستان میں محکمہ ڈاکخانہ جات سے علاوہ اپنے اصلی کام رسائل ورسائل کے

کئی ایک زائد کام بھی لے رکھے ہیں

کہ جن میں سے سیونگ بینک اور ریونیو منی آرڈر اور کوپن پیکٹ تقسیم کرنا اور ٹکٹ کی بیعت قابل تذکرہ ہیں۔ چونکہ ہر سال میں اضلع مغربی وشمالی وصوبجات وسطی میں خط یا اخبار (جس کا ماہیہ بذریعہ منی آرڈروں کے لکھا گیا۔ یعنی سلسلہ ۹۵-۱۸۹۴ء میں کل ۳۷ لاکھ روپیہ اس ذریعے سے بھیجا گیا تھا۔ ۹۶-۱۸۹۵ء میں صرف ۳۰ لاکھ بھیجا گیا۔ یہ طریق تجربے سے زمینداروں کے لئے بہت مفید معلوم ہوا ہے۔ اور اگر اس کو تمام ملک میں توسیع دیجاوے تو اور بھی مفید ثابت ہوگا۔ سیونگ بینک کا طریقہ بھی غریب اور متوسط الحال لوگوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ تھوڑی تھوڑی رقمیں جو اور کسی طرح سے غریب لوگوں اور چھوٹی چھوٹی تنخواہوں والوں سے پس انداز اور جمع نہیں ہو سکتیں وہ اس ذریعے سے ہو جاتی ہیں۔ اور اس طرح کل ۷ کروڑ چوسٹھ لاکھ (۹۶۴۰۰۰۰۰) روپیہ اس سال کے اخیر میں ڈاکخانے کے سیونگ بینکوں میں جمع تھا۔ جو ہر چند کہ ملک کی تمام آبادی اور وسعت کے خیال سے تو کوئی بڑی بات نہیں۔ تاہم اہل ہندوستان کی متوسط درجے کی آسودہ حالت کو ظاہر کرتا ہے۔ ڈاکخانہ کو نیند بھی فروخت کرتا ہے۔ اور اس سال میں ۱۶۱۴ پونڈ کونین جو شپ کی عمدہ دوائی ہے۔ مختلف ڈاکخانوں کے ذریعہ سے چھوٹی چھوٹی پڑیوں میں لوگوں نے خریدی۔

اس سال میں ڈاکخانہ جات میں بہت سی اصلاحیں بھی ہوئیں۔ ان میں سے بہت بڑی اصلاح ڈاکخانہ جات کا مسودہ قانون ہے جو کونسل لیجسلیٹو کونسل میں پیش ہے۔ سنہ ۱۸۳۷ء میں ہندوستان کے ڈاکخانے کی پہلے پہل بنیاد پڑی ہے۔ اس وقت پرائیویٹ آدمیوں کو ڈاکخانے کے ذریعہ سے چٹھیاں بھیجنے کا اختیار نہیں

حفظ صحت

استفسار

۱۶۔ سوئی بھیجنے والی سیدہ گرمی کے سناٹا دست راست پر سوئی ہے۔ اس سے تکلیف تو کسی قسم کی نہیں مگر یہ معلوم ہوتی ہے ناظرین یہ خلاف ہے اگر کوئی صاحب اس کا نسخہ مجرب عطا فرماویں جس سے یہ تکلیف قلیل ہو جاوے تو میں بہت ہی مشکور ہونگا (سے بخشش احمد از سورہ مظہر)۔

۱۷۔ بایاں کان۔ میں نے اخبار منشی کی جو استفسار کے خریدار ۱۶۳۲۲ کے نزدیک کی طرف سے لوح ہوا تھا یعنی "بایاں کان" پہلے وہی حال میرا ہے۔ مینو کوئی ڈاکٹری اور یونانی علاج کئے ہو میں (ہیں سماعت آتی مگر گری کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ کوئی براہ مہربانی بہت جلد مجرب علاج بتائیں (رقم ۱۶۳۲۲ دہلی کان)۔

۱۸۔ جریان۔ مجھے عرصہ دس سال یا زیادہ سے جریان ہے (رہتی ہے کبھی زیادہ پائی جاری ہے۔ لیکن اب میں نہایت ہو گیا ہوں۔ پیشاب کے پہلے ایک قسم کی غلیظ شے (خارج ہوا کرتی ہے اور پھر پیشاب شروع ہوتا ہے اور بلا تکلیف آتا ہے لیکن ہمیشہ اس میں چھیچھڑے ہوتے ہیں ہر چند ڈاکٹری (یونانی علاج کئے کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اب ہمیشہ نامعلوم پاجامہ خراب ہوتا ہے۔ (رقم۔ ضعف و خ۔ اضمارت۔ سیاہ۔ دردگردہ۔ رقت۔ (قوت۔ نسیان۔ بدہضمی۔ قبض۔ پیچش۔ تریاق ۷ ماہ سے مباشرت (کی رغبت ہے۔ جریان بھی کبھی دو تین ہفتہ بعد ہو جاتا ہے اور پھر متواتر (جاری رہتا ہے۔ گھر میں بھی بیوی موجود ہے مگر مجھ کو ہی محسوس ہوتی ہے (کمزوری اور ضعف ہو گیا ہے۔ پیشاب میں بھی اکثر سفید چھیچھڑے اور کبھی (کبھی خون آتا ہے۔ رطوبت سفید خارج زور ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھی (سوزش کے بعد میں ہوتا ہے بھی بند ہو جاتی ہیں۔ ۷ ماہ کامل تک (ڈاکٹر کا علاج کرایا۔ کچھ فائدہ نہ ہوا (حسن الدین سکنہ گھاٹ)۔

۱۹۔ سلسل البول۔ مجھ کو پہلے سوزاک ہو گیا تھا۔ سلسل البول کی شکایت ہے اور پیشاب جلد جلد آتا ہے (ولائت حسین (ضلع جنگ تالی)۔

علاج

۱۔ علاج در وزن انوبنج نیم آدھ سیر۔ بیخ آدھ سیر۔ بیخ (دیں ۵ تولہ۔ گلکنی ۵ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ تولہ۔ ان سب اجزا کو ایک (نہ کوٹ چھان کر بکلی آلو میں رکھ کر خشک کر لیں۔ بعد جس جگہ (درد ہو خوب مالش کریں۔ انشاء اللہ چند یوم میں تشفی سے کلی حاصل ہو گی (حکیم سید شہاب الدین۔ درگاہ پیچھہ۔ چکندہ ضلع)۔

۹۔ نعیم۔ رگ شقاقہ۔ سوزاک۔ تین دن تک پیشاب کی راہ میں ۵ عرق رکھیں۔ شفا کامل ہو گی۔ اگر اس سے مریض شفا نہ پائے تو مطلع (کریں دوسرا نسخہ تجویز کروں گا (ر)۔

۱۰۔ علاج نامسور و بھگندر۔ اجوائن کا بھوسہ کیتولہ۔ لہسن کا (بھوسہ کیتولہ۔ ریوی مصطگی کیتولہ۔ برگ صلاح کیتولہ۔ ان سب کا سفوف کر کے ۲-۳ ماشہ صبح و شام استعمال کریں اور پرہیز کریں (روغن کا نہ برتاکر اس میں ۱۱ عدد کالی مرچ ۱۱ عدد پیلیاں۔ ایکعدد پیسہ والکر ایک ہفتہ رکھیں۔ بعد ہفتہ کے ان اجزا کو کریلے کے رس میں حل کر کے طلا کریں۔ شفا ہو گی۔ مجرب ہے (ر)۔

گمنام و نشان عزیز

۹۔ نیازمند کا ایک لڑکا نام عبدالقادر عرف الطاف حسین۔ پڑھنے سے بھاگ کر ایک روز شہر کھنو کا پیدل سامان آباد ہو کر دکھنو کی جانب چلا گیا۔ اور کبھی وہ اور کبھی سال بھر کے بعد پھر آجاتا تھا لیکن ۱۵ برس سے اسیار و پتہ ہو سکے کہ آج تک نہیں آیا۔ اس وقت عمر ۲۰ سال کی تھی۔ اب ۱۲ سال گزرے ہیں ۳۲ سال کا ہو گیا ہو گا۔ دو مرتبہ ہو فلک آباد میں منشی محمد صدر الدین صاحب وکیل کے مکان پر آیا اور کچھ خرچ و پارچہ دلا کر گیا۔ وہ مجھ کو ملا۔ بعد ازاں ۲ سال کی ہوا کوئی خط نہ لکھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ حیدرآباد دکن کے کسی شفاخانے میں نوکر ہے۔ اسکے چھوٹے میری (زندگی کا شمار ہے اور کوئی صاحب اطلاع دیں۔ میں بوڑھا اور ناتوان ہو گیا ہوں۔ علیہ یہ ہے۔ گندمی رنگ۔ گول چہرہ۔ ناک بڑی آنکھ بڑی بڑی کشادہ پیشانی۔ دو ہر اندام۔ میانہ قد۔ موچھ ڈاڑھی بڑی۔ عمر تخمیناً ۳۲ سال (نیز نخوت علی محرر ہا تک (مقام جنگام)

عام

سوال

۱۲۔ کلیلہ و دمنہ۔ کتاب کلیلہ و دمنہ میں کس اردو کی شاعر نے سلطان محمود غزنوی کے حکم سے منظوم کیا تھا کہاں سے مل سکتی ہے۔ موجودہ انوار سہیلی تو نہیں ہے (راجندر اس از مولیین)

۱۳۔ کتب رمل۔ میرے ایک دوست کو علم نجوم سیکھنے کا شوق ہے مگر بوجہ ملازمت دوسری جگہ نہیں جا سکتے۔ کوئی صاحب اس علم کی ابتدائی کتب کا نام تحریر فرماویں جو اردو یا فارسی میں ہوں اور جن کو یہ خود مطالعہ کر سکیں۔ مفصل پتہ و قیمت کا (بذریعہ پیسہ اخبار ارشاد ہو۔ محمد ادریس۔ نجیب)۔

۱۴۔ کھیاں۔ نہایت دق کرتی ہیں۔ کوئی صاحب ان کے دفعیہ کا علاج بتاویں۔ عنایت ہو گی (عبدالحق خاں ازسر مٹھ)۔

۱۵۔ سیماب۔ کسی بوٹی سے عقد ہو سکتا ہے یا نہیں۔ اگر ہو سکتا ہو تو نام اس بوٹی کا مع ترکیب عقد تحریر فرماویں بشرطیکہ (بوٹی متعارف و سہل الحصول ہو (محمد عبدالرحیم ہڈ کلرک چیلپور)۔

جواب

۸۔ سلاجیت (بجواب سوال ۱۴۶۔ از ظفر جہان برادر دہلی پیسہ اخبار ۸ جنوری ۹۰ء) سہندی سلاجیت خاری موسیائی۔ یہ جیسا آپ فرماتے ہیں کوئی نایاب چیز نہیں ہے۔ گرماں جس کے رگ رگ پٹھے قدرتی طور سے موجود ہیں۔ یعنی جو بگاڑے اور بنائے نہیں گئے۔ اس کے لئے فی الحقیقت دوا ہی کام دیتا ہے جیسا ان روکھ چڑھوں کو جن کا صحیح نام اپنی تخس خیال کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کسی پر امتحان کرنا چاہتے ہوں تو ۲ کے ٹکٹ بھیجدیں۔ ۴ خوراکیں میں بھیجدونگا یہاں سے نیپال بہت نزدیک ہے (جی۔ ایس تواری مدیر ریاست بلرام پور)۔

۹۔ اخبار اتا مصر (بجواب سوال ۱۳۵)۔ التماس ہے کہ متعدد اخبار ہفتہ وار مصر بیروت طرابلس الغرب وغیرہ سے شائع ہوتے ہیں۔ جو صاحب مفصل حالات دریافت کرنا چاہیں مجھ کو لکھ سکتے ہیں ہر کیف ایک اخبار نمونہ کے طور پر کیا جو ہفتہ وار نکلتا ہے وہ اس پتہ سے طلب کر سکتے ہیں (نصیر کرم۔ ایڈیٹر جریدہ ترکیا۔ القاہرہ (سید محمد جواد حسین)۔

شعلۂ سخن

شکوہ کالج

(بقیہ گذشتہ)

فصل گل ہیں نظر آتے ہیں ناشاد ہنوز — گو کہ گلشن کی خبر تھا نہیں وقت خزاں
ہے میرا شش دل حسرت و امید میں — جمعیت ہیں خاطر ہیں پریشاں ہنوز
رہ گئی کانٹہ بنکے میرے خیالات کے — کچھ نہ کچھ خلش پہ ہے حاصل دل ہنوز
چھٹ نہیں تی نصیب شہر سناٹا و گرد — ہے وہ دیوار ہیا اکثر پہ ہنوز
ہیں میرے کے تخت بکر — دھیان ہی کی آنکھ جہاں ہیں ہنوز
بنش رکھتا ہوں حال ہی بازار ہیں — ہیں بہا کہ لیکن ہیں حق ہیں ہنوز
ہند و پنجاب و بو حسان ایران و دکن — جلتے ہیں ایک گاہ قوم میرا آستاں
پر بیت میں نہیں لیتا کوئی ہرگز خبر — ہے کوئل کی سرایا قوم کا دار الامان
آنکھ خفت چھوڑ بیر امر امید ہاریں — چلد ہی ملاح لیکر اپنی اپنی کشتیاں
کر دیا وادی حدود رجب سے لالہ نے — چھوڑ کر میداں میں سکونج نے پیکار

گرچہ جان خویش را دیدیم و تا بہ انجم
ہر چہ باد ابادا دن کشتی ورآب انداختم

کہ دیا ہو دیر سے خوابے مرغان گھر — رات آخر ہو گئی اے ہر دو باندھ کمر
ہاں سیم اٹھ کہ گرد ان ہی منجھ ہار ہیں — گر چہ دریا ہے تلاطم ہیں و سو طوفاں پر
پانی ہی دیکھ کیا کر دیکھتے ہی کچھ شرح پر — ورنہ کشتی ہی کر دیتے نہیں دیکھا
ہے ہمیں بیڑی ہی ہو ہو چکے — فائدہ کوشش کو جب کہ ہیں کہیں
گرمی سے نرغہ ہنگامہ جنگ ہوا — ہو تو کیوں کر ہیں تیار ہو تو ان کے
کشش ناخدا ہیں ایک سے موج ضعیف — کون نے ہیں کیا ہو تو ان کی
ہو یہ کھتا جو ہو ذاتی کو اعتراف زماں — پوچھتا کوئی نہیں کس کا ان کے ہو تو
ہو گیا تو خود جلد اب اپنے دار العلم کی — ورنہ ہیگی گردش ایام کل تیری
دیکھی ہو کہ محفل ہیں جاتے ہیں آپ — تیر حال زار پر ہیگی نہیں کرتے
رہتا ہو کچھ اور یاں ہنگامہ تقریر گرم — پھر مقرر کی خبر اسکی نہ سامع پر

داستان من بسا فرزانہ و دیوانہ ساخت
قوم ما را ما حدیث دور و را افسانہ ساخت

دو گدائے قوم میرا سید عالی گہر — پھر چکا میرے گئی شہر و مہ و بادہ و ساغر
یکہ تنہا و میری ناؤ کو کھیتا رہا — اسکو یم موج تھا ہر کہ نہ کچھ طوفاں کا
پوری کبھی ہیئت چرخ کہن — چھوڑتا اک چیز کو دم نہیں اک حاصل
ایک حالت میں نہیں رہتی سدا شمس و قمر — ایک حالت میں نہیں رہتی سدا شمس
چہرہ زیبائی سپید ہیں آثار ضعف — پائے دیبا کو اسکے اب نہیں تاب
کوئی دم ہر خواب پین لینے دو مے — کر چکا عمر گرامی بھی بہت دکھ میں
دے چکا قیمت میں میری راحت و آرام وہ
کھو چکا سو سے میں میرے مال و دولت سیم و زر
کر دیا ہے جس نے پشت سپید والا کو خم
ہے وہ اب بار امانت اور تمہارے دوش پر
پھینک کر یہ بار قومی بھاگنا چاہو اگر
گردش دوراں سے بچنے کا نہیں کوئی بشر
زال دنیا کی محبت سے تو ہیں بے زار
چھوڑتے ہیں ہم تو کبھی کر دیتی ہے چھوٹ
باد صحرا ہیں بصرف ضعف بنیاں گر
تلاح و بیک خشک ہو گئے ہیں ہو سا

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

جلد ۱۲ | یوم شنبہ ۱۵ فروری سنہ ۹۸ء مطابق ۱۳ رمضان سنہ ۱۳۱۵ ہجری موافق ۱۰ اماگھ سمت ۱۹ بکرمی

مذاق

مسز ایلا:- "بیٹی آج تو تمام دن بعد دوپہر ان کھلونے سپاہیوں کے ساتھ کھیلتی رہی ہے۔ تیرے جیسی جوان بیٹی کے واسطے اس طرح کرنا موزوں نہیں ہے"۔

بیٹی:- "ماما۔ میں سپاہیوں کے ساتھ نہیں کھیلتی رہی۔ میں نے اپنے دوستے اُن میں سے افسر چن لئے تھے"۔

ایک لیڈی (دوسری لیڈی سے):- "تمہاری دانست میں آجکل سب سے بڑا موجد کون ہے"؟

دوسری:- "میرا خاوند"۔ اُس نے تڑ سے فخریہ جواب دیا۔

پہلی:- "اُس نے تو اب تک کچھ بھی ایجاد نہیں کیا"۔

دوسری:- "اُس کو اُس وقت سُوجھتا۔ جب وہ رات کے دو دو تین تین بجے گھر آکر بھانے بنایا کرتا ہے"۔

اُستاد:- "جب مطلع صاف ہوتا ہے۔ اُس دن ہم باہر جاکر اپنے اوپر کیا دیکھا کرتے ہیں"؟

بچہ:- "نیلگوں آسمان نظر آتا ہے"۔

اُستاد:- "صحیح ہے۔ اور جس دن مینہ برستا ہے۔ اُس دن کیا دیکھتے ہیں"؟۔ بچہ:- "چھاتا"۔

ایک لیڈی دوسری لیڈی سے جس سے وہ ابھی انٹرڈیوس کی گئی تھی:- "تو تم اُس رعنا اور مقبول صورت جوان کو پہچانتی ہو جو اپنی موٹر میں مرور کر رہا ہے۔ وہ آج شام مجھے کن انکھیوں سے گھور رہا ہے۔ میں خیال کرتی ہوں کہ وہ تمہارا واقف ہے۔ وہ کون ہے"؟

"ہاں۔ وہ میرا خاوند ہے"۔

غورت:- "ڈاکٹر صاحب آپ کو اپنے سب سے پہلو مریض کے علاج کرنے میں کامیابی ہوئی تھی"؟

ڈاکٹر (دبی زبان سے):- "ہاں اُس کی بیوہ سے اُس میرا بل خوشی سے ادا کیا تھا"۔

بیکن:- "پیارے بچے کے آؤ ہاتھ ملائیں۔ تمہاری زندگی کا سب سے زیادہ خوشی کا دن ہے"۔

اگبرٹ:- "تم کیسے عجیب ہو۔ آجکل میری شادی ہونے والی ہے"۔

بیکن:- "تب ہی تو میں کہتا ہوں کہ آج تمہاری زندگی کا سب سے مسرت بخش دن ہے"۔

عجیب عجیب باتیں

عرب کا ایک عجیب و غریب دستور:- عرب میں یہ ایک عجیب دستور ہے کہ جب ایک قبیلے کا آدمی دوسری قبیلے کے آدمی سے لڑتا ہے۔ اگر اُس وقت وہ مخالف قبیلے کے کسی دوسرے آدمی کو یا اُس کے جسم کی کسی چیز کو کسی تدبیر سے چھونے میں کامیاب ہوتا ہے۔ خواہ کوئی چیز اُس کی طرف پھینک کر ہی کیوں نہ چھوئے۔ تو وہ صاف بچ جاتا ہے۔ اور اُس کا مقابل فوراً اُس پر حملہ کرنے سے ہاتھ روک لیتا ہے۔ اور جس آدمی کو وہ چھو لیتا ہے وہ اُس کا دوست ہو جاتا ہے اور اُس کے بچانے کے لئے وہ پیش قدمی کرتا ہے یہاں تک کہ اس طریق کا عمل قیدیوں تک کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ اس سبب سے اس بات کی سخت احتیاط رکھی جاتی ہے کہ قیدی اپنے گرفتار کرنے والے کے سوا اُس قبیلے کے کسی اور شخص کو نہ چھو سکے۔ نجد میں قید کی طرح کا ایک سوراخ بنایا جاتا ہے اور اس میں قیدی کو رکھا جاتا ہے اور قبیلے اُس کے داہنے بائیں دو چار آدمی چھوڑ دیتے ہیں اور صرف اتنی جگہ خالی رہنے دیتے ہیں کہ جس کے ذریعے سے سانس لینے کے لئے اُس کو ہوا پہنچتی رہے اور وہ کھانا کھا سکے اور جب قیدی کو اِدھر اُدھر ہٹنے اور چلنے پھرنے کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ اس کی طلاع کرتا ہے اور دوسرے تمام جب اُس سے دو فاصلے پر جا کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اور جب تک قیدی اپنے سوراخ یا کمٹ میں واپس نہیں آجاتا۔ اُس وقت تک وہ لوگ اُس کے قریب نہیں آتے۔

طوفان نوح علیہ السلام:- کشتی نوح اور طوفان کی نسبت عیسائیوں اور مسلمانوں میں جو روایت ہے اُس سے مختلف کیفیت مسٹر ہمفرے سے معلوم ہوئی ہے۔ جو حال عہدہ داران گورنمنٹ ہند چین کی مشہور دریاؤں کی نسبت تحقیقات کر رہے ہیں۔ ان عجیب و غریب دلیل جگی لوگوں کی کہانیوں کے رو سے پایا جاتا ہے کہ طوفان تین مہینے کی متصل بارش کا نتیجہ تھا۔ جو کہ ہمالیہ کی چوٹیوں سے گزر گیا تھا۔ اور باشندے سب غرق ہو گئے۔ بجز ایک مرد اور ایک عورت کے جو ایک مٹی کے مٹکے میں تیرتے رہے اور جب طغیانی فرو ہوئی تو وہ متلاشی پہاڑ کی چوٹی پر اترے۔ مگر وہ امر جس سے چین کی روایت میں ایک عجیب خصوصیت پیدا ہوئی ہے یہ ہے کہ یہی کا گھمنان دو شخص بقیہ نسل بنی آدم کو ابتدائی ذریعہ ایک فاختہ کے ظاہر ہونے سے معلوم ہوا۔ لیکن اسکے بعد اصلی کہانی کی مشابہت کیا ختم ہو جاتی ہے کیونکہ چینی نے فاختہ کو مار کر اسکے پیٹ میں سے باہر دانہ نکل کے دینے کا لطف اسنے اور اسکی اولاد نے دانہ میں [illegible]

مختلف عامہ کیلئے شماریات اور اعداد

ہندوستان کی ریلوے لائنوں کا اجمالی اہم دقیقہ ہفتہ [illegible]:- سنہ ۱۸۹۶ء میں نارتھ ویسٹرن ریلوے کے سٹور ڈیپارٹمنٹ کا [illegible] ۷۸۰۰ روپے تھا جو سنہ ۹۵ء میں ۸۹۲۵۸ روپے تھا۔ یہ کمی [illegible] کے باعث ہوئی تھی۔ سال سنہ ۹۶ء میں خرید [illegible] ۶۲۸۲۳۴۴ روپے کی تھی۔ یعنی ۴۶۰۸۶۱ پونڈ انگریزی [illegible] کی بابت اور ۵۸۲۱۵۸۳ روپے دیسی کے [illegible] ۳۵۵۶۹۷ روپے یا ہوار کے سپلیروں کی بابت شامل ہے۔ [illegible] ریلوں کے واسطے خرید کئے گئے تھے۔ یہ خرید سنہ ۹۵ء [illegible] ۶۶۳۵۰۰۲ روپے کی تھی۔

اودھ و روہیلکھنڈ سٹیٹ ریلوے سٹور ڈیپارٹمنٹ کی کارروائی [illegible] ۳۰۲۶۰۰ روپے تھا جو سنہ ۹۵ء میں ۲۷۹۸۸ روپے تھا۔ ان [illegible] میں لوکو موٹو و جنرل سٹور کا کام شامل ہے۔

کانپور۔ لکھنؤ گوگرا ریلوے کے ختم ہونے پر ۲۷۰۴ روپے [illegible] فاضل فروخت کئے گئے تھے۔ ان فاضلوں میں سے ۲۰۵۳۰ روپے [illegible] ریلوں کے پاس فروخت اور منتقل کئے گئے تھے۔

ایسٹ کوسٹ سٹیٹ ریلوے کے سٹور ڈیپارٹمنٹ کی [illegible] کا خرچ سنہ ۹۶ء میں بجز لوکو موٹو سٹور کے ۶۱۲۹۱ روپے تھا۔ [illegible] ۶۰۴۲۹ روپے تھا۔ سنہ ۹۶ء میں فاضلہ کی خرید [illegible] ۱۰۰۰۰ روپے کی تھی۔ اس میں سے ۲۰۴۸۹ روپے انگریزی [illegible] کی بابت تھے۔ اور سنہ ۹۵ء میں دیسی خرید ۴۹۸۸۵ روپے کی تھی۔

عدالتہائے انصاف کا خرچ:- انگلستان کی عدالتہائے [illegible] محکمت عدالتوں کے ججوں کو ۷۰۰۰ پونڈ سالانہ اور کونٹی [illegible] کے ججوں کو ۲۲۸۱ پونڈ سالانہ تنخواہیں ملتی ہیں اور [illegible] پولیس کورٹوں کے مجسٹریٹوں کو ۷۷۸۷ پونڈ ملتے ہیں۔ [illegible] تعداد سکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ کے ججوں کے ساتھ مل کر [illegible] پونڈ سالانہ ہوتی ہے۔ انگلستان میں معمولی جج کو ۵ ہزار [illegible] لینڈ میں ۳۵۰۰ پونڈ اور سکاٹ لینڈ میں ۳۶۰۰ پونڈ سالانہ [illegible] لندن میں اور اُس کے ارد گرد ۲۰ میل اور زمین دوز [illegible] ہر سال ۴۵۲۰۰۰۰ مسافروں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔

ایک ٹرین کی قیمت:- لندن میں ایک ٹرین کی [illegible] ذیل ہوتی ہے۔ انجن اور ٹنڈر کی ۲۱۰۰ پونڈ۔ گاڑی [illegible] ۲۰۰ پونڈ۔ ڈاک گاڑی کی ۴۰۰ پونڈ۔ حفظ نوشی والی [illegible] ۱۰۰۰ پونڈ۔ معمولی مسافروں کی گاڑیوں میں [illegible] ۲۰۰ پونڈ۔ تین اول درجہ کی گاڑیوں میں سے ہر ایک [illegible] پونڈ۔ کل ۲۶۵۰ پونڈ ہوتی ہے۔ کئی ٹرینیں ۳۰ ہزار پونڈ [illegible] کی ہوتی ہیں۔

مرجا ہوں اور دانوں
بھی (جو دواسازی کی علمیت
سے بالکل بے بہرہ ہیں) رنگ سے میز
باطل اشتہارات دیکر عوام الناس
کو لوٹنے پر کمر باندھ رکھی ہے اور
افسوسناک حالت مریض استقدر خوف
زدہ ہو چکے ہیں کہ وہ جھوٹ اور سچ کی تمیز
نہیں کر سکتے اسلئے ہم بیلک کے اطمینان کیلئے
وعدہ کرتے ہیں کہ اگر ہماری ادویات سے کچھ
فائدہ نہ ہو تو سند جدول قسم تحریر کرکے
قیمت بذریعہ منی آرڈر کے
واپس لے لیں

ڈاکٹر ای ایچ وڈ لیٹ سول سرجن بہادر امرتسر (۱۸ اگست ۱۸۸۱ء) میں
گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کو کام جاننے میں بڑا لایق اور ماہر اور اسکی
تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں +

ڈاکٹر ڈی ایم سالگ ایم ٹی اینڈ ایم ایس یو نیورسٹی آف ایڈنبرا انگلینڈ
(۱۲ اپریل ۱۸۸۱ء) میں نے محمد امام الدین میں خوبیں کو صحیح بنانے اور صفائی کو مدنظر رکھنے اور
دواسازی کی نیاقت پوری پوری دیکھی میں محمد امام الدین نے مجھ کو اپنے ادویات بہت دیہاتیوں کیساتھ بھی تیار
کرنا اور بتلانا کہ کن کن اجزا اور کس کس طرح بنائی جاتی ہیں میں اس لیئے کو اپنی پوری تسلی کرلی کہ

کاف میکسچر

تمام دنیا کے کھانسی کا
سلسلہ علاج ہے۔
قیمت فی شیشی عہ

کالرا کیور

ہیضہ و سہال اور
پیچش کا بے نظیر علاج
قیمت فی شیشی (۸ عہ)

امنوریہ پلز

استعمال سے ایام ماہواری
بے آنے اور درد رحم کو
بالساعت کالعدم کرتی
ہیں ۳۴ گولی (عہ)

اسپرمٹوریہ پلز

دافع کثرت احتلام
جریان وغیرہ۔
۳۰ گولی ... عہ
۸۰ گولی ... عہ

تمام ماہرین علم محمد امام الدین مینجر و کیوریٹ میڈیکل ہال ۔ ہال بازار امرتسر

غلام نبی

اشتہاری طبیب

ہندوستان میں اسمنوڈی طبیبوں کی جتنی بہتات ہے اتنی کسی اور ملک میں نہیں ہے۔ ہندوستان کے لوگ اسقدر بے علم و ناواقف نہ ہوتے تو یہ ہے کہ کسی کو یہ کہنے کی جرأت نہ ہوتی کہ فلاں دوا سے فلاں مرض کو فائدہ ہوا۔ لیکن یہ مرض اس کا فوراً علاج کرتا ہے۔ کسی معالج کے ہاتھ دینے سے پہلے آتا ہے۔ یہ کہنا بھی بے محل ہے کہ ہمارے ملک میں ڈاکٹری۔ یونانی اور کوئی طریقہ علاج اسقدر مقبول نہیں ہے جتنا ان اشتہاری طبیبوں کا ہے۔ ہاں ہندوستان کے کوئی سند یافتہ طبیب کے پاس جائیں۔ وہ آپ کی نبض دیکھ کر بیان کرے گا۔ آپ نے کھانا کھایا ہے یا نہیں۔ وہ پیسا دے کر نسخہ لکھ د

سرمہ نور چشم

تیار کردہ

حکیم محمد علی معالج خاندان شاہی ریاست جموں

علاوہ ازالہ دُھند جالا پھولا غبار پڑوال ابتدائی موتیابند سبل ناخن تاریکی چشم وغیرہ کے یہ نور چشم اس خاصیت کے باعث بھی مقبول عام ہے کہ حالت صحت میں اس کے استعمال کرنے والے ہمیشہ کے لئے عوارض متذکرہ بالا میں مُبتلا ہونے سے محفوظ ہو جاتے ہیں تعلیم پانے والے بچوں کیلئے اس نور چشم کا لازمی طور پر استعمال ہونا اسلئے بھی ضروری ہے کہ موسمی آشوب چشم سے محفوظ رہنے کے علاوہ ان کی قوت باصرہ میں فرق نہیں آسکتا۔ اگرچہ شب و روز کتابوں کو کتنا ہی زیادہ گھوٹا کریں۔ بعض اصحاب مطالعہ ارباب قلم اور باریک کام کرنیوالوں کی آنکھوں سے بوجہ کثرت کاروبار یا کثرت محنت دماغیہ پائی جاتی ہے یا رات کو چراغ کے سامنے نظر پراگندہ اور منتشر ہو جاتی ہو یا عینک کے سوا کام کرنے سے معذور ہو گئے ہوں یا دور نزدیک سے اشیا کچھ دکھائی نہ دیتی ہوں وہ بہت جلد اس نور چشم کا استعمال کریں اس کا ہر ایک استعمال کرنے والا موسم گرما میں (جب اکثر لوگ آنکھوں پر سبز پٹیاں باندھے ہوئے اور مارے درد کے ہائے ہائے کرتے ہوئے حکیموں کے دروازوں کو ٹٹولتے پھرتے نظر آتے ہیں) آنکھوں کو تکلیف درد چشم سُرخی چشم ورم چشم سے شرطیہ طور پر محفوظ رہ سکتا ہے۔ عیالداروں کو چاہئے کہ دیگر لازمی ضروری اخراجات کی طرح سال بھر کے لئے اس پر بھی دو روپے خرچ کر چھوڑا کریں۔ اس میں ایک تو آپ کی بدنامی سے بچیگی اور دوسرا انھیں گودوں میں اُٹھائے ہوئے حکیموں کے دروازوں پر لئے پھرنے سے نجات ملیگی۔ وہی مستورات جنکی آنکھوں کے تمام دل ہر وقت گریہ و زاری یا ایام حیض کی بے اعتدالیوں یا نزلہ و زکام کے باعث بالکل گر گئے ہوں ہی آنکھیں تمام فسادوں سے پاک صاف ہوں اس سرمہ کو جان کا تعویذ بنائیں اور اپنے نور چشموں سے اس نور چشم کو زیادہ عزیز سمجھیں۔

حکیم محمد علی معالج خاندان شاہی ریاست جموں

ڈاکٹر کربی کی مشہور عالم فاسفورس کی گولیاں

اسباب نامردی — تشریح — قیمت

نمبر ۱ اعصاب سے خون بھی پھیکے سبب ضعف دماغ و ضعف ہو تو ان خون آور حبوب کا استعمال کرو۔ ۲۶ روپے

نمبر ۲ کسی مہلک بیماری سے صحت پانے کے بعد شکستہ کام دماغ و یاد و طاقت کے لئے یہ گولیاں مفید ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۳ سفر یورپ و کثرت عیش سے ہضم کھو گیا ہو طاقت ہضم کے لئے اکسیر اعظم ہے کھانے کے گھنٹہ بعد ہضم ہو کر بھوک لگتی ہے اور دل سے اتنے ہی شادمان ہو کر راہ دماغ سے پیشاب میں نکلتا ہے حرارت عزیزی کو ابھار کر یہ انعقاد پیدا کرتا ہے کہ بلا مباشرت ضبط نہیں ہوتی۔ ۲۶ روپے

استحکام طاقت کیلئے ۴۰ یوم تک کھائی جائیں تو عمر بھر کسی طاقہ امدو کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ۲۶ روپے

نمبر ۱۲ حقیقت میں گولیاں مخلوق و حرکات ناجائز کے دفعیہ کیلئے صریح اکسیر ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۲۲ ضعف مثانہ و شدت کیلئے عارضہ عرصت دراز ہو تو نمبر ۲۲ مفید ہے ۲۶ روپے

نمبر ۲۳ عیب حسن عدم تحریک منی کے سبب چھا جاتا ہے ایسی حالتیں نمبر ۲۳ بہت مفید ہے ۲۶ روپے

نمبر ۲۴ گھٹوا ہو یا مسکل کی سواری کے باعث جو قوت امساک ٹوٹ گئی ہو تو نمبر ۲۴ مفید ہے ۲۶ روپے

نمبر ۲۵ شراب کے بجائے بھنگ چرس افیون کی عادت کے سبب جگر و ضعف ہاضمہ ہو تو یہ مفید ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۲۶ چھوٹی عمر کی شادی کے سبب لاولدی یا بیوی ضعف باہ ہو تو ان گولیوں کا استعمال کرو۔ ۲۶ روپے

نمبر ۲۷ قریب شام لکھنا پڑھنا آب سرد کے استعمال سے ضعف بصارت ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۲۸ پیشاب سیلان حم لال پیلے سفید پانی کے اخراج کے دفعیہ لینے اکسیر اعظم ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۲۹ منکر و نکیر گرم ادویہ کے نفع نقصان کے لئے یہ گولیاں عجیب اثر ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۳۰ دم بواسیر سردی کے سبب ان خون بند ہو کر ضعف لاحق ہو تو یہ مفید ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۳۱ دنعیہ کثرت احتلام و تبدیل منی خلقی دماغ ضعف گردہ کے لئے اکسیر ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۳۲ ذیابیطس شکر جلد جلد پیشاب آنا وغیرہ امراض میں تقویت سوزش کیلئے اکسیر ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۳۳ قوت حافظہ بڑھانے و بھول چوک دور کرنے کیلئے طبائیہ گولیاں بہت مفید ہیں ۲۶ روپے

نمبر ۳۴ امراض نامردی کا سبب تم جانتے ہو اور نہ حکیم ڈاکٹر شناخت کر سکتے ہوں تو ایسی حالت میں ضرور ڈاکٹر کربی کی مشہور عالم فاسفورس گولیوں کا استعمال کرو اور یقین کرو کہ بلا تامل اسباب نامردی یہ گولیاں مفید ہیں ۲۶ روپے

مالوہ کلف خضاب ہیلا چمبیلی کے تیل کی طرح لگانے سے بال ملائم رہتے ہیں جلد پر داغ نہیں چھوڑتا چند روز تک سیاہی قائم رہتی ہے بوس دن نکلتا ہے بال جڑ سے کھوپڑی سیاہ نکل آتی ہے باندھنا غیرہ ضرور نہیں بس جلد تیل لگانے سے سفید بال سیاہ ہو نرا ہو جاتے ہیں بدبو کا نام نہیں ۲۶ روپے

بکس ہر دس دن کیلئے موصلان فی بکس ۲۶ روپے ۶ ماہ کیلئے بغیر سامان امتحان کیلئے ۱۰۰ روپے

المشتہر جوبلی کمپنی برانچ آفس رزیڈنسی اندور

ایک نیا ناول

اولے مطلب دل ہم سی یکہ طلے کوئی
انہیں سناہی دیا حال داستان کی طرح

عیشہ بی بی کی زندگی کا تاروپود یا سچی محبت کی جاندار تصویر
سن وشق کا نوشہا سین دلکش یا کہ اس شریف لڑکی کی عصمت
نمونہ۔ اردو لٹریچر کا عمدہ رفیع۔ ایک نہایت دلفریب ناول

"رضیہ اور مسعود"

جس کا ایک عرصے سے انتظار تھا چھپ کر تیار ہو گیا ہے ناظرین
بہر کے منگا بھیجیں کر جلد طلب فرمائیں۔

المشتہر میجر روشن کھنڈ اکوٹ بریلی

حب مسہل

گولیاں کیا ہیں افسون ہیں۔ انکی تعریف تو بہ توبہ۔ خلاف تہذیب۔ صرف کافی ہے۔ دو دفعہ کے استعمال سے یہ اپنی شہادت آپ دیگی آزمایش شرط ہے۔ قیمت ایک درجن صرف عہ

طلا

جوانی کی غلط کاریوں اور بے احتیاطیوں سے اعصاب کی کمزوری اور خرابیوں کی اصلاح کرکے ایک ہفتہ کے بلا تاخیر استعمال سے بغیر کسی تکلیف کے آباد یا بسوزش کے جھلی حالت پیدا کر دیتا ہے +

قیمت فیشیشی صرف تین روپے

آبی بن

کثرت اشتہارات نے سیاہ و سفید میں تمیز کرنا مشکل کر دیا ہے ہمارے ہاں چنداں نہیں الفظ سارٹیفکیٹوں کے بنڈل اور۔ جھوٹے اور سچے غیر لعنی خطوط نہیں بلکہ جو بہ زبردست شہادت ہے۔ دو امید شرطیہ ہیں الا حیاناً مفید نہ پائیں تو حلفیہ تحریر پر قیمت واپس

خضاب

یہ سب سے اشتہاروں میں آپ نے خضاب کے فوائد سے حکماء نے دل و دماغ کے بتلئے کو تو دیکھا ہی ہوگا۔ مگر ہر رنگ رائگ و ہوئے دیگر است شرطیہ ہے ہدایت استعمال کرنے سے بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ بھورا پن یا سفیدی عیب نمایاں نہیں ہوتا قیمت (۴ے)

سفوف زبان

سفوف دندان

سفوف مقوی

سفوف مسہل

سفوف مقوی

سفوف مسہل

سفوف مقوی

سفوف مسہل

— انکاشائر کنیوزیٹو ممبر سے جلتے ہوئے سویڈن بھیجا گیا۔ مہم سوڈان میں شامل ہوگی۔

— ۱۷ ڈرپن سے مسٹر گلیڈسٹون کی سالگرہ دعوت میں بیان کیا کہ ہندسرحدی امور کے متعلق اوکنر سے کبھی قابل نہیں رہا۔ اس لئے انگریزی ریٹیلیٹ سیکرٹری کے ساتھ ہاتھ بٹانا پڑیگا۔

— مسٹر ملک نے ایک جلسے میں لارڈ لٹس کے پریسیڈنٹ دادا بھائی نوروجی تھے۔ بیان کیا کہ اس وقت جو کچھ ہندمیں واقع ہو رہا ہے۔ اس کے الزام سے ہندوستانی ممبر آزاد نہیں ہیں۔ ان کو لازم ہے کہ اپنے حقوق کی خاطر کمیٹی ان وقت طلب ہو جائیں۔

— سر سیکیل کی رائے ہے کہ اس وقت ہند کو مالی امداد کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر یہ ہوئی تو ہماری جانب سے بسکے واسطے حاضر ہے۔ لیکن پارلیمنٹ کو مناسب نہیں کہ ۲ بیلین روپیہ سیز کا روپیہ ایسے لوگوں کے واسطے دے جو پارلیمنٹ کے تابع فرمان نہیں ہیں۔

— سلطان اعظم نے ایم زینوف کو اطلاع دی ہے کہ یونان کے پرنس جارج کا گورنری کریٹ پر تقرر سلطنت عثمانیہ کے مفاد کے واسطے بہتر نہیں ہے۔

— گورنمنٹ جاپان کے واسطے ۱۱ کروڑ کین کی کلیں یورپ سے خریدی گئی ہیں جو عنقریب جاپان پہنچینگی۔

— شاہ سیام کا بھائی یونیورسٹی فرت ہو گیا۔ یہ گورنمنٹ بنکوک کا افسر رہ چکا تھا۔

— بائسکل کے پہیوں کے گرد ہوا کی نالی میں بجائے معمولی ہوا کے دھوئیں کا کیس بھرا زیادہ مفید پایا گیا ہے۔ یہ پہیوں کو ہلکا کرتا اور ان کو تیزی دیتا ہے۔

— پانس بیٹرس ہر ہمجسٹی کی طرف سے ہندوستانی مجروح سپاہیوں کی عیادت کے واسطے ہسپتال تشریف لیجائیں گی۔

Chamberlain's Cough Remedy.

چیمبرلینس کف ریمیڈی

(چیمبرلین کی کھانسی کی دوائی - امریکہ میں بنائی ہوئی)

ہر قسم کی کھانسی کا علاج۔ خاص بچوں کی کھانسی۔ کالی کھانسی۔ سیل۔ گلے کی خراش۔ پھیپھڑت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل دفع کر دیتی ہے۔ سب یہ ہیں تمام ڈاکٹر اس کا استعمال کراتے ہیں۔ ایک مرتبہ اس کو آزمائیے اور صحت پائیے۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپے۔

تمام انگریزی دوائی فروش فروخت کرتے ہیں

ایجنٹ میسرز شیخ فضیر الدین اینڈ سنز لکان پنجاب میڈیکل ہال اردو بازار لاہور

میاں فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سیالکوٹ

مرطوبی

ایک واقعی عمدہ مالی مینیجر ضلع راولپنڈی میں باغبانی کے عہدہ کے واسطے جس کو ۳۵ روپے ماہوار تنخواہ۔ مع باغ میں رہائش کے واسطے مفت جگہ کے ملیگی۔

درخواستیں مع نقول سندات بخدمت جناب بے ولسن صاحب ڈپٹی کمشنر ضلع راولپنڈی کے آنی چاہئیں۔

ملانج روئے پر حکیم حاذق

یعنی بجس سبزی ادویات جوہری

پنجاب میں طاعون | صاحب لفٹنٹ گورنر پنجاب نے نہایت دراندیشی سے اس لحاظ سے کہ پنجاب کے ایک حصے میں یہ خوفناک مرض طاعون نازل ہو گیا ہے۔ اور چونکہ قانون کے معمولی احکام سے مرض کے انتشار کا انسداد نہیں ہو سکیگا۔ مندرجہ ذیل خاص قواعد اس غرض کے پورا کرنے کے لئے نافذ کئے گئے ہیں:۔

"درمیانی درجہ یا سوم درجے کا کوئی ٹکٹ کسی شخص کے ہاتھ مندرجہ ذیل سٹیشنوں میں سے کسی پر فروخت نہ کیا جائیگا۔ کھیڑہ۔ چھگواڑہ۔ گورایہ۔ پھلور۔ لدھووال۔ کہ "چھاؤنی جالندھر اور لدھیانہ کے سٹیشنوں پر درمیانی درجے یا سوم درجہ کا کوئی ٹکٹ کسی ایسے شخص کے استعمال کے لئے فروخت نہ کیا جائیگا۔ جس نے اس سٹیشن کے عہدہ دار کا جو اس مطلب کے لئے مقرر ہوا ہو۔ یہ اطمینان نہ کروایا ہو کہ وہ وبائے طاعون میں مبتلا نہیں ہے یا اس کی چھوت اس کو نہیں لگی ہوئی ہے"۔ اور اگر اشتہار کی تاریخ سے تین ہو گزر جانے کے بعد کوئی شخص کسی بلکہ کو سنگ سے پھگواڑہ کی سمت سے جانا چاہے تو پھگواڑہ کی سمت سے پھلور کی سمت لیجانے کا مجاز نہ ہوگا"۔

اس حکم میں صرف یہ بند کئے گئے ہیں کیونکہ وہ بہت تیز رفتار سواری ہے۔ گڑے وغیرہ بند نہیں کئے گئے۔

امیر کا دھوکہ باز سے بچو | ۱۲ جنوری کے راجپوتانہ گزٹ اجمیر میں مندرجہ ذیل سطور بعنوان "ایک ہندو رئیس کا شرف اسلام ہونا" لکھے ہیں:۔

"کئی دنوں سے ایک صاحب اجمیر میں محلہ کھاری کنواں آکر فروکش ہوئے ہیں۔ یہ صاحب اپنے آپ کو سری مہاراجہ صاحب جموں و کشمیر کا چھوٹا بھائی اور اپنا نام امر سنگھ بتلاتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں"۔

اور اس کے بعد اس شخص نے اپنے مسلمان ہونے کا باقصہ بیان کیا ہے اس کو درج کیا گیا ہے۔ ۱۰ جنوری کے اخبار خیر خواہ ریاستہائے ہند میں یہ ٹھگ ہے۔ اس سے بچو کے عنوان سے ایک مضمون درج ہوا ہے جس کی کچھ سطور حسب ذیل ہیں:۔

"۱۹۰۰ء میں پیسا اخبار میں ایک خبر چھپی تھی کہ راجہ امر سنگھ صاحب مسلمان ہو گئے۔ اسپر ایک خام ہوش دکھیل گیا تھا۔ اس اثنا میں ایک شخص لاہور میں آیا اور اس نے کہا کہ آپ کو راجہ امر سنگھ ظاہر کیا۔ اور یہ بھی ظاہر کیا کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں"۔

اس کے بعد اس شخص کے جھوٹے اور جعلساز ہونے کا تفصیلی بیان کیا گیا ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ اس شخص کا قصہ جیسا کہ اس شخص نے آجکل اجمیر میں پیر صاحب کے سامنے اور اخبار مسلمان ہونے کا بیان کیا ہے۔ ایسا ہی اس نے لاہور میں بھی بیان کیا تھا۔ یہ کہتا ہے کہ مہاراجہ رنبیر سنگھ صاحب آنجہانی سابق والی جموں و کشمیر کی ایک کنیز کے بطن سے مہاراجہ صاحب کا بیٹا ہے۔ اور اس کا بھی نام امر سنگھ ہے۔ اخبار نے ایک معتبر مرنگار کے بیان پر کہ جس نے اپنے شخصوں کی باتوں پر اعتبار کیا تھا اور پھر من بعد اس کے ذاتی تصدیق پر اس کے مسلمان ہونے کی کیفیت چھاپی تھی۔ اسپر مہاراجہ امر سنگھ صاحب برادر مہاراجہ صاحب موصوف نے بذریعہ ایک رجسٹری خط کے اس غلطی کی اصلاح کرائی۔ مگر یہ شخص اپنے بھی اصرار کرتا رہا کہ یہ سچا ہے۔ دراصل ٹرانگار اور جعلساز معلوم ہوتا ہے۔ اخبار والیس کو چاہئے کہ اس کو گرفتار کر کے اس کے بیان کی تصدیق کرائے۔ ورنہ اس جعلساز کو قرار واقعی سزا دلوائے۔ تاکہ سیدھے سادے مسلمانوں کو یہ آئندہ ان لوٹتا نہ پھرے"۔

بنگال میں زلزلہ سے نقصان | آخری کلکتہ گزٹ میں ۱۲ جون کے زلزلے سے جس قدر نقصان ہوا ہے اس کی تفصیل درج کی گئی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام مختلف بیانات اس امر میں متفق ہیں کہ اگر زلزلہ کسی دوسرے وقت میں آتا تو جانوں کا نقصان اس سے زیادہ ہوتا۔ کیونکہ اتنے بڑے اور ایسے نقصان رساں زلزلے سے صرف ۱۲۵ جانیں تلف ہوئی بیان کی جاتی ہیں۔ ان میں سے ۳۰ شہر آباد میں مرے۔ ۱۸ رنگپور میں۔ ۱۵ امپور بیلیا میں اور ۱۰ بوگرا میں۔ سرکاری عمارات کا جس قدر نقصان ہوا ہے مکمل مرمت کا تخمینہ تیرہ لاکھ روپے بیان کیا جاتا ہے۔ لیکن پرائیویٹ بنا کردا گواس سے بہت زیادہ ہے۔ صرف کلکتہ شہر میں ایک ساڑھے سولہ لاکھ روپے کے نقصان کا تخمینہ بتلاتے ہیں مگر اس کو بیکار و مبالغہ آمیز سمجھتے ہیں لیکن مالک مبالغہ کیوں کرنے لگے تھے۔ کیا انہیں سرکار سے معاوضہ ملنے کی کوئی امید تھی؟ نواب صاحب مرشد آباد کے محل کی عمارت کو ڈھائی لاکھ روپے کا نقصان پہنچا ہے۔ صاحب پنج ہزار کے محل کا کچھ حصہ از سر نو تعمیر کرنا پڑیگا۔ جس پر پانچ لاکھ روپیہ خرچ ہوگا۔ نواب صاحب ڈھاکہ اور مہاراجہ صاحب سمین سنگھ کے مکانات کو بھی سخت نقصان پہنچا تھا۔ مگر نیشن بنگال سٹیٹ ریلوے پلوں وغیرہ کو گر جانے سے جو دو روز تک ہگلی کے جنوب کی طرف بند رہی تھی۔ ان دونوں گورنمنٹ کو دو لاکھ چالیس ہزار روپے کا نقصان پہنچا۔ اور گورنمنٹ کی تین روز تک ڈاک بند رہی تھی۔ زلزلے کی سختی کی وجہ سے جس نے عام طور پر زمین کی سطح میں تغیر کر دیا تھا۔ اور جو کبھی کبھی کنوئیں آگئے تھے ویسا ہی نکال میں بھی ہوا۔ مگر اس سے کہ دریا پر ایسی ہولناک زمین میں پیدا ہو گئیں۔ پانی اور ریت باہر نکل آئے۔ کنوؤں اور دریا کنارے کی ہوا میں کے بھر آنے سے پانی باہر نکل آئے اور طغیانیاں آئیں۔ پانی کی کمی و بیشی سے کشتیوں میں زیادہ تر اس خسرہ کا نقصان پیش آیا۔ اور بہت سے گاؤں بہت دنوں بعد تک پانی میں غرق رہے۔ عمارتوں میں مجموعی گزشتہ ایک سو چالیس سال میں زلزلہ جس سے قریب تر زلزلے کے ہیں ان میں سے کوئی بھی اتنا سخت نہیں تھا جتنا کہ ۱۸۹۷ء کا زلزلہ تھا۔

مولوی نذیر احمد صاحب کا قصیدہ | آج مولوی نذیر احمد صاحب "شمس العلماء" ہز آنریبل سکوورتھ ناٹ بہادر لفٹنٹ گورنر پنجاب کے آنے پر دربار میں پڑھیں گے۔ ان کی تعریف میں بھی تھی۔ اور شہزادی پڑھنے میں نصب کرائی۔ ان شریف کے اپنے ترجمہ کے ایک نسخے کے ساتھ لاٹ صاحب کے حضور میں پیش کی تھی۔ بادشاہ وقت کی تعریف کرنے میں کیا عذر و اعتراض ہو سکتا ہے۔ لیکن اس قسم کے پڑھنے کے بعد مولوی نذیر احمد صاحب کی دلی تمناؤں پر اگر ہمیں پہلو سے اعتراض کرنے کے سوائے کچھ نہیں جاتا۔ بہرحال وہ شریف طریق خوشامد اور تعریف کو مولوی صاحب نے آج تک اپنی شاعری میں داخل نہیں کیا تھا۔ اور ہمیں کو اپنی طبیعت کے اس بانکپن پر اس قدر ناز تھا کہ جس کی وجہ سے انہوں نے مراتب علی رؤس الاشہاد جہاں کہیں سے ہو سکا لیا۔ میں مولوی صاحب ممدوح اب قزل ارسلان نہیں تھا کہ بمصداق ؎

نہ کرکی قلف فدا نذیشہ زیرا تا بوسہ بدکاب قزل جلاں زند

کسی کی ایسی تعریف کرتے جیسی کہ انہوں نے اپنی اس شعر میں کی ہے ؎

کیا حسن انتظام ہے صمصام کی اگر
جزمن سزا کے دیکھے سو ہو جائی عقل دنگ

مجھے خیال ہوتا ہے کہ لاٹ صاحب اس شعر کی توصیف سنکر تو اپنے آپ میں بھی نہ سمائے ہونگے۔ قطع نظر اس کے صمصام کی فوق بیچارے نے کہاں سے خیال پیدا ہوا ہوگا کہ ابھی کل تک تو ہمارے پنجاب کا انتظام اپنے ہاتھ میں لیا ہے۔ میرے حسن انتظام کا مولوی صاحب کو گمان ہے یہ تو مل گیا۔ اور علاوہ اس کے مسٹر مقدر سر جارج رس بجسٹس اور سر رابرٹس فرنر پیٹرک ہیملے اور لفٹنٹ گورنروں سے بھی ہمیشہ کوئی نہ کوئی خطاب انہیں ڈالا۔ کیا ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں ؎

اک نصف درجن تو کھوں ہو گئے ہیں
یہ ان کے انتظام کے اکمل کو ان ٹھگ

امتحان کے سب مضامین میں سے نو میں کامیاب ہو جاوے اور ایک میں ناکام رہے تو اگلے سال پھر سے پورے دس مضامین کا امتحان دینا پڑیگا۔ غرض طریق تعلیم میں بہت سے ایسے نقص ہیں کہ جن میں تو امین حفظان صحت کمسن نقصان سے ہی ممتاز نہیں بلکہ طالبعلموں کی صحت کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ علاوہ اس کے موجودہ تعلیم سے جو کچھ کہ یہ ہے خصوصیت کے ساتھ شرافت اور انصاف کی عادات پیدا ہونے میں کوئی مدد نہیں ملتی۔ طالبعلم اپنی نصاب کی کتابوں کو صرف رٹتے ہیں۔ اس سے اگر ان میں کوئی اخلاقی مضامین موجود ہوتے بھی ہیں تو وہ اُن سے کورے ہی رہ جاتے ہیں۔ سوائے ان دونوں باتوں کے اس تعلیم میں کوئی ایسا بیشہ بھی نہیں سکھلایا جاتا جسپر انسان اوقات بسری کر سکے۔ جو لوگ قانون یا ڈاکٹری یا انجینیرنگ وغیرہ پیشے سیکھنے چاہیں تو وہ پہلے انڈر گریجوایٹ یا گریجوایٹ بن لیں۔ اور اگر یہ پیشے نہ سیکھ سکیں اور صرف آرٹس کے امتحانات بمحنت اور بہت سا خرچ برداشت کر کے پاس کر لیں تو وہ در اصل سوائے اس کے کہ سرکاری نوکریاں حاصل کر لیں۔ باقی بہت تھوڑے کاموں کے لائق رہ جاتے ہیں۔ یہ کس کا قصور ہے؟ پڑھنے والوں کا تصور تو اس لئے نہیں کہ جو طریق تعلیم سرکار نے مقرر کر دیا تھا اسپر انہوں نے کاربند ہو کر محنت کی اور اس میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اب وہ صرف سرکاری نوکری کے کام کے رہ گئے ہیں۔ کیونکہ انہیں جو تعلیم دی گئی ہے اس میں روٹی کمانے کا اور کوئی پیشہ نہیں سکھلایا گیا۔ ہندوستان کے لئے اعلیٰ تعلیم کی بڑی ضرورت ہے لیکن اس ملک کی بے شمار آبادی کے لئے جس تعلیم کی زیادہ ضرورت ہے وہ ٹکنیکل تعلیم ہے اور جس کی کہ ہر ملک کی ترقی کے لئے بڑی ضرورت ہے۔ کہ جس سے آجکل صنعت و حرفت کے بارے میں ساری دنیا سے بڑھا ہوا ملک ہے۔ اور ساتھ ہی جرمنی میں لاطینی۔ یونانی اور کسی قدر سنسکرت کی اعلیٰ تصنیفوں کے پڑھنے کا بڑا شوق ہے اور فلسفہ کی بھی ترقی ہے۔ اسپر نوجوان شہنشاہ جرمنی صلاح دیتا ہے کہ اس قسم کی طبائی تعلیم کو چھوڑ دو۔ اور ایسی تعلیم کو ترقی دو جو کہ جرمنی میں کارآمد آدمی پیدا کرے کارآمد آدمی صنعت و حرفت کی بدولت تیار ہو سکتے ہیں۔ اور ان کے لئے ٹکنیکل تعلیم کی بڑی ضرورت ہے۔ جس قدر عرصہ مڈل یا انٹرنس تک تعلیم حاصل کرنے میں لگتا ہے اور طالبعلم ابھی کسی ذریعہ معاش کا نہیں ہوتا۔ اتنا ہی عرصہ اگر کسی پیشے کی تعلیم پانے تو وہ یقیناً خاطر خواہ روٹی کمانے کے قابل بن کر سوسائٹی کا ایک مفید ممبر بن سکتا ہے۔ جب لوگ دیکھیں گے کہ اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ہی ساتھ ٹکنیکل اور تجارتی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ اور لوگ ایسی تعلیم سے مستفید ہو جائینگے تو وہ کبھی بیکار نہ رہینگے۔ اور اس طرح گورنمنٹ کو وہ خطرہ بھی نہیں رہیگا جو غلط یا غلیظ بے کار تعلیم یافتہ لوگوں کی طرف سے بتلایا جاتا ہے۔

مندرجہ بالا بیان سے یہ ہرگز غرض نہیں کہ گورنمنٹ اہل ہند کی تعلیم کے لئے کافی کوشش کر رہی ہے۔ کیونکہ دنیا مہذب گورنمنٹیں اپنی رعایا کی تعلیم کے لئے جس قدر کوشش کرتی ہیں اور جس قدر اسپر خرچ کرتی ہیں۔ گورنمنٹ ہند اتنا خرچ نہیں کرتی۔ بلکہ بعض لوگوں کے پاس یہ باور کرنے کی وجوہات ہیں کہ گورنمنٹ کی پالیسی کا میلان آئندہ اس امر کی طرف ہو رہا ہے کہ اعلیٰ تعلیم کو زیادہ جرأت دلائی جاوے۔ ایک واقفکار ہندوستانی پروفیسر نے کچھ عرصہ گزرا ہے کچھ اندازے تعلیم کے متعلق لگائے تھے۔ اُس نے بتلایا تھا کہ ۱۸۹۰ء میں ۱۲ کروڑ لڑکا سکول جانے کی عمر کا ہندوستان میں کسی سکول میں نہیں جاتا تھا۔ یعنی ۸۰ فی صدی لڑکے تعلیم نہیں پاتے۔ انگلستان میں ہر ۴ مربع میل میں ایک مدرسہ جاری ہے۔ اور ہندوستان میں ۱۴ مربع میل کی آبادی میں ایک مدرسہ ہے۔ انگلستان کی آبادی ۴ کروڑ ہے جس میں ۳۲ ہزار آدمی اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ مگر ہندوستان کی ۲۴ کروڑ آبادی میں سے صرف ۱۵ ہزار آدمی اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ گورنمنٹ انگلستان میں ۸ کروڑ روپے سالانہ تعلیم پر خرچ کرتی ہے اور ہندوستان میں صرف ۹۰ لاکھ۔ سیلون تک میں ہندوستان سے زیادہ ترقی تعلیم کی ہے۔ وہاں ۴۸ فی صدی لڑکے بمقابلہ ہندوستان کے ۱۱ فی صدی کے سکولوں میں پڑھتے ہیں۔ انگلستان کی مختلف نو آبادیوں میں خرچ تعلیم حسب ذیل نقشے سے معلوم ہوتا ہے۔

نام ملک	محاصلات مذہ ربعہ لگان	خرچ تعلیم	خرچ فی صد
ممالک متحدہ	۷ کروڑ ۸۰ لاکھ پونڈ	۹۰ لاکھ پونڈ	۱۲ ر ۵
کینیڈا	۴ کروڑ ۷۰ لاکھ ڈالر	۳۰ لاکھ ڈالر	۲ ر ۷
نیو ساؤتھ ویلز	۴۰ لاکھ پونڈ	۵ لاکھ پونڈ	۱۲ ر ۵
نیوزلینڈ	۲۰ لاکھ پونڈ	۵ لاکھ پونڈ	۱۹ ر ۰
وکٹوریہ	۲۰ لاکھ پونڈ	۵ لاکھ پونڈ	۲۵ ر ۷
سیلون	۱ کروڑ پونڈ	۱ لاکھ پونڈ	۵ ر ۵
برٹش انڈیا	۲۵ کروڑ ۲ لاکھ روپیہ	۹۰ لاکھ روپیہ	۱ ر ۷

گورنمنٹ عالیہ اگر عام تعلیم ہندوستان کو دے رہی ہے اُس کے لئے خرچ بڑھانا پسند نہیں کرتی تو ٹکنیکل تعلیم کا خرچ تو بڑھا دے۔ کیونکہ اس سے ایک تو تعلیم کی اصلی غرض پوری ہو گی۔ ملک اور اہل ملک کا افلاس کم ہو گا اور بے کاری جو بے صبری اور نارضامندی تعلیم یافتوں اور نیم تعلیم یافتوں میں پیدا کر سکتی ہے اُس کا علاج ہو جائیگا ورنہ اگر آج نہیں تو کچھ مدت بعد سرکار کو اس مسئلے کا حل کرنا مشکل ہو جائیگا۔ کہ تعلیم یافتہ بیکاروں کا بندوبست کیا جائے۔

کوئی زلزلہ آنیوالا نہیں

میرے پاس دو تین خط اس مطلب کے آچکے ہیں۔ کہ جن میں سے ایک بطور نمونہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔

"جناب من۔ واضح ہو کہ آپ کے اخبار میں کوئی خبر بابت بھونچال کے نہیں آئی۔ یہاں روحیانہ میں عام لوگوں میں یہ خبر مشہور ہو رہی ہے کہ ماہ جنوری ۱۸۹۰ء میں زلزلہ آویگا۔ لیکن یہ معلوم نہیں ہوتا ہے کہ کس جگہ آویگا۔ اور یہ بھی سنا گیا ہے کہ ۴ گھنٹے ملکہ گھڑیاں والا رہیگا۔ یہ بات سچی ہے یا کہ جھوٹی ہے؟ اور اگر ایسا ہو گا تو سمجھو کہ قیامت آگئی"۔

اس کے بعد ۸ جنوری کے اخبار پولیس گزٹ میرٹھ میں حسب ذیل کیفیت نظر سے گزری:۔

"عوام اہل شہر میں یہ خبر مشہور ہو رہی ہے کہ کاشی کے ایک مندر میں سونے کے پتر پر ہالن (زلزلہ) کی خبر لکھی ہوئی اکاش (آسمان) سے گری۔ لکھا تھا کہ ۲۹ جنوری کو شب کے وقت ایک خاص زلزلہ آویگا۔ اور ۱۱ گھڑی رہیگا۔ لوگوں کو چاہئے کہ گھروں میں نہ رہیں۔ بلکہ جنگلوں اور میدان کو چلے جاویں۔ اور اس خبر کو مشتہر کریں۔ جو کوئی اس کو چھپائیگا اُس کو سو گئووں کی ہتیا ہو گی۔ اور خبر لانے والے کو سو گئووں کا پن ہو گا۔ اس خبر سے تمام کپ و شہر میں عوام بدحواس ہو رہے ہیں۔ بلکہ سنا گیا ہے کہ صدر کے دوکانداروں نے چندہ کر کے صحیح خبر لانے کے لئے ایک شخص کو بنارس بھیجا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ خبر محض بدوں کا شگوفہ ہے۔ مناسب ہے سرکار سے بذریعہ منادی کے اس کی تردید کر دیجائے تاکہ وحشت رفع ہو"۔

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ گپ یار لوگوں نے دور دور تک اُڑا دی ہے۔ ایسا زلزلہ کوئی آنے والا نہیں ہے۔ جب اردو اخبارات اگر اس گپ کی تکذیب کر دیں تو عوام الناس کو اطمینان ہو جائیگا۔ کبھی کبھی موسمیائی نکالنے والے صاحب درپیچ بھیجنے والے سادھوؤں وغیرہ کی ایسی بے اصل خبریں مشہور ہو جایا کرتی ہیں جو جاہل ملک کا خاصہ ہیں۔ اگر لوگ اخبارات کو استعمال کرنا جانیں تو یہ جھگڑا پیدا نہ ہو۔

بمبئی میں وبا

شہر بمبئی میں وبا کے بہت بڑھ جانے سے اسپتال وبا کے سرکاری اور میونسپل افسر بھی مستعدی سے اپنے فرض کے ادا کرنے میں مصروف ہو گئے ہیں۔ تاہم تمام صورت خوف سے خالی نہیں۔ کیونکہ سال گزشتہ کے اسی وقت کی نسبت آجکل وبا کی اموات دوچند ہو گئی ہیں۔ ۲۶ نومبر گزشتہ کو شہر بمبئی میں تمام بواعث سے تین روزانہ رپورٹ سے ۱۰ معلوم ہوئی تھیں۔ مگر ۱۰ دسمبر کو ۱۲۳۔ اور ۳۱ دسمبر کو ۲۴۲ تک جا پہنچیں۔ پھر ۲ جنوری کو ۱۵۹۔ ۹ جنوری کو ۱۵۶۔ ۱۶ کو ۱۹۹۔ اور ۹ کو ۲۱۳۔ تک جا پہنچیں۔ اس آخری روز ۹۷ طاعون کی مارتیں اور ۱۰۲ موتیں ہوئی تھیں۔ امسال باوجودیکہ بمبئی کی آبادی گزشتہ سال کے اسی وقت سے بہت کم ہے تاہم اموات طاعون کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ اور ساتھ ہی بہ بوار اور کثافت دفع کرنے والی ادویات کثرت سے استعمال ہو رہی ہیں۔ صوبہ بمبئی کی ہفتہ گزشتہ کی کیفیت وارادات و اموات حسب ذیل ہیں۔ پونہ ۱۴۱ وارداتیں ۱۱۴ موتیں۔ سورت ۱۴۸ وارداتیں ۱۰۷ موتیں۔ ناسک ۱۱۸ وارداتیں ۱۰۰ موتیں۔ ستارہ ۲۳۳ وارداتیں ۱۹۸ موتیں۔ شولاپور ۱۴۷ وارداتیں ۱۲۴ موتیں۔ بلگام ۹۲ وارداتیں ۸۰ موتیں۔ بڑودہ ۱۷۰ وارداتیں ۱۴۲ موتیں۔ اور باقی ۵۰ وارداتیں ۴۲ موتیں۔

ایک رنڈی کا پرچانہ

مدراس کے ایک مسلمان سوداگر صبغۃ اللہ نامی صاحب پر سوا برا نامی ایک رنڈی نے جرمانہ عہد شکنی دس ہزار روپے کی مالا پیٹے کا بابی کورٹ میں دائر کیا

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ - ۲۲ جنوری ۱۸۹۸ء

کیا انگریزی خوان سلطنت کر سکتے ہیں؟

آجکل عام طور پر بعض حکام اور انگلو انڈین اخبارات اور مضمون میں یہ خیال پھیلا ہوا ہے کہ ہندوستانی انگریزی تعلیم حاصل کر کے سرکار کے بے وفا اور بدخواہ رعایا ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے میں یہ خیال عملاً اور اصولاً دونوں طور پر باطل ثابت ہوا ہے۔ تیسرے اجلاس نیشنل کانگرس کے پریسیڈنٹ نے بھی اپنے افتتاحی ایڈریس میں اس اعتراض کی تکذیب بیان کی ہے۔ وہ کسی قدر زیادہ مطول اور مدلل ہے۔ میں سادہ طور پر اس کی تردید کر سکتا ہوں۔ اس وقت ملک میں ہزارہا تعلیم یافتہ ہندوستانی وکیل بیرسٹر۔ تاجر۔ رئیس اور سرکاری ملازم موجود ہیں جن میں سے بہت تھوڑے لوگ یا سوائے معدودے چند کے باقی سب ایسے ہیں کہ جن کے باوا جان شاید چپراسی تھے۔ یا اولی درکا مذہ۔ یا ایک جامے حیثیت اور بے حقیقت آدمی تھے۔ مگر صاحبزادہ صاحب کچھ انگریزی تعلیم پا کر وکالت یا نوکری کے ذریعے سے عزت حاصل کر لی ہے۔ اور دوچند جانتا ہے کہ اس کی عزت اور خوشحالی کا حصر صرف سرکار انگریزی کے دم کے ساتھ ہے۔ وہ کس طرح ایسی بیہودہ خواہش کر سکتا ہے کہ یہ سرکار نہ رہے۔ کیونکہ اگر کوئی دوسری گورنمنٹ اس ملک میں قائم ہو گئی۔ تو اُن کی وہ لیاقت اور عزت جو صرف انگریزی دانی کی بدولت حاصل ہوئی ہے کس کام آئیگی۔ اور یہ تو روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ کسی احمق سے احمق ہندوستانی کو کبھی خواب میں بھی خیال نہیں آسکتا کہ حکومت ہندوستانیوں کے ہاتھ میں آجائیگی۔ جیسا کہ لنڈن ٹائمز نے کانگرس کی آرزوئیں پوری کئے جانے کی صورت میں اندیشہ ظاہر کیا ہے۔ کانگرس کی آرزوئیں پوری ہونا تو کچھ بات ہی نہیں ہے۔ اگر کبھی مدتوں انگلستان ان سے بھی زیادہ اختیارات دے دیں۔ تو پھر جب چاہیں اُن کو واپس لے سکتے ہیں۔ کانگرس کے پاس کوئی فوج تھوڑی ہی ہوگی۔ جو ایک دفعہ حاصل کئے ہوئے اختیارات کو واپس نہ دے سکے پھر بایں نظر اس سے سلف گورنمنٹ کے ہندوستانی ہرگز قابل نہیں کہ جس سے گورنمنٹ کو کوئی اندیشہ ہو سکے۔ ہندو اپنے ہاتھ میں اختیار لینا چاہینگے اور مسلمان اپنے ہاتھ میں غرض دونوں میں سے کوئی کامیاب نہ ہوگا۔ جبکہ ہند میں ایک قوم صرف ہندو ہی ہندو آباد تھی اُس وقت ہندوستان میں ہندوستانیوں کی حکومت نہ رہی۔ اور جتنے دن رہی اتنے دن بھی ایک حکومت نہیں۔ بلکہ بیسیوں چھوٹی چھوٹی ریاستیں رہیں جو ہمیشہ آپس میں ایک دوسری سے لڑتی رہتی تھیں۔ تو اب جبکہ مسلمانوں کی ایک بہت بڑی مقدار ان لوگوں میں آکر شامل ہو گئی ہے۔ اور کبھی اس ملک سے نکل نہیں سکتی۔ اب کس طرح ہندو مسلمانوں کے ہاتھ میں حکومت جا سکتی ہے۔ غرض بہر صورت سلطنت ہندوستان کی کسی غیر قوم کے ہاتھ میں رہنی تقدیر میں لکھی ہوئی ہے۔ اور جبکہ یہ حال ہے تو کون سمجھدار آدمی انگریزی حکومت پر کسی دوسری غیر قوم کی حکومت کو پسند کرے گا۔ انگریزی حکومت ہماری دیکھی ہوئی ہے۔ انگریزی حکومت میں پچھلے سو سال میں ہم نے بہت سی رعائتیں حاصل کر لی ہیں۔ انگریزی زبان ہم نے سیکھ لی ہے۔ انگریزی روش اور چال ڈھال کو ہم نے پسند کر لیا ہے۔ جو ہمارے بعض آدمیوں کے لئے بمنزلہ طبیعت ثانی کے ہو گئی ہے۔ کیا روس سے کبھی اتنی رعائتوں اور ایسے تعلقات کی اُمید ہو سکتی ہے۔ اور بالفرض محال اگر روس یا کوئی اور سلطنت ہندوستانیوں سے یہ رعائتیں کرے بھی تو خدا جانے کب کرے۔ اس لئے جو چیز ہاتھ میں موجود ہے اُس کو کیوں دوسری چیز کی اُمید پر چھوڑ دیا جاوے۔ دھر سالہ کے "کڑاہ" کی مثل مشہور ہے۔ عقلمندوں نے کہا ہے کہ "وسیلی فقدنہ از جملہ نسیہ" اور "جو صوبہ در دست بہ از کلاغ در ہوا"۔ رعایا ہمیشہ رعایا ہی رہیگی خواہ کوئی بادشاہ آجائے۔ کسی شخص نے اپنے بیل کو غصہ میں آکر کہا تھا کہ تم کو چور لیجائیں۔ بیل نے جواب دیا کہ میرے لئے برابر ہے۔ وہاں بھی گھانے کو چارہ ملا کریگا۔ اور ایسا ہی کام کرنا پڑیگا جیسا کہ تمہارے یہاں ہے صرف فرق اتنا ہے کہ تم مزاحم ہو اور وہ نہ ہوگا۔ سو جبکہ بیل نے باوجود اپنی حالت کے یکساں رہنے کے مالک کا بدلنا پسند نہ کیا تو کیا ہندوستانیوں میں اتنی بھی عقل نہیں ہے۔ اتنی بھی دور اندیشی اور اتنی بھی انسانیت نہیں ہے کہ وہ بیل سے بھی گئے گزرے ہوئے۔ بحالیکہ اُن کی حالت سلطنت گردی میں ویسی نہیں رہیگی جیسی کہ بیل کی حالت مالک بدلنے سے رہتی ہمیشہ سلطنت گردیاں اور انقلاب قوموں کو برباد کر جاتے ہیں۔ ہم لوگ انقلاب کی قدر کیا جانتے ہیں۔ ایک پُر امن حکومت کے زیر سایہ ہوش سنبھالا اور یہیں بڑے ہوئے۔ کسی بڑے بوڑھے سے تو پوچھو کہ ساٹھ ستر سال آج سے پیشتر پنجاب میں کیا حال تھا۔ کہ کسی کا مال اور کسی کی جان محفوظ نہیں کہلا سکتی تھی۔ اور پھر اگر سلطنت کی بدخواہی اور سلطنت گردی چاہیں تو کوئی بدمعاش بچے لنگھاڑے۔ غنڈے۔ شہدے چاہیں کہ جن کے پاس کوئی چیز نہ ہو کہ جس کے تلف ہو جانے کا اُن کو اندیشہ ہو۔ اور جو اُن کو تکلیف کو برداشت کر سکیں جو من بعد عامۂ ہونگی۔ تعلیم یافتہ انگریزی خوان اور شریف لوگ کبھی ایسی آرزو نہیں کر سکتے۔ ایک لالہ جی یا میاں صاحب جو اب وکیل یا ایڈیٹر بنے ہوئے ایک ایسے مکان میں رہتے ہیں جس کے دروازے شیشے کے بنے ہوئے ہیں اور اُن کے پاس زندگی کے آرام کا سامان اور روپے اپنے دوسرے ہمسایہ بھائیوں سے زیادہ ہیں۔ کیا وہ اپنی طاقت اور زور سے اپنے شیشے کے مکان میں بدمعاشوں سے بھی اپنے مال و جان کو محفوظ رکھ سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ تو جبکہ تعلیم یافتہ اور انگریزی خوان جانتے ہیں کہ اُن کی ہستی اور عزت سب کچھ گورنمنٹ کی سلامتی کے ساتھ ہی ہے۔ تو کس طرح کوئی ایسا خیال دل میں لا سکتے ہیں جو گورنمنٹ سے بیوفائی اور بدخواہی کا ہو۔ اس لئے یہ اعتراض اور یہ وہم بالکل بے جا اور لغو ہے کہ انگریزی خوان اور تعلیم یافتہ جماعتیں سلطنت گردی چاہتی ہیں۔

ہندوستان میں تعلیم

کچھ عرصے سے حکام وقت اور اینگلو انڈین گروہ میں یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ جو انگریزی زبان کی تعلیم اہل ہندوستان کو دی گئی ہے۔ اُس کے ذریعے سے گویا خود انگلستان نے اہل ہندوستان کے ہاتھ میں ایسے اسلحہ دے دیئے ہیں کہ جن سے اسی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ سادہ جی انگلستان اس بھید سے بے خبر نہیں تھا جبکہ اُس نے ایسی تعلیم ہندوستانیوں کو دینے کا انتظام کیا تھا۔ مگر پھر بھی ہندوستان کی بہتری کے لئے اُس نے ایسا کرنے میں تامل نہیں کیا۔ اسی بنا پر بات ہز آنریبل سر ریورتھ ینگ بہادر نے پنجاب یونیورسٹی کے کانووکیشن کی تقریر میں فرمائی تھی۔ پھر اس سے کچھ عرصہ پیشتر مسٹر ٹک کے مقدمہ کے خاتمے پر لنڈن ٹائمز نے ایک زبردست الزام ہندوستان کے محکمہ تعلیم پر لگایا تھا کہ وہ ایسی کتابیں تیار کر کے مدارس سرکاری اور غیر سرکاری میں داخل تعلیم کرنے اور ہونے دینے کا مرتکب ہے کہ جن سے گورنمنٹ کے خلاف بُرے خیالات پھیلتے ہیں۔ اور نوجوانوں میں آزادی بے حد بڑھتی جاتی ہے کہ جو وفاداری سرکار کے حق میں سم قاتل ہے۔ انگلو انڈین اخبارات نے بارہا اس مضمون پر طبع آزمائیاں کر کے بتلایا ہے کہ انگریزی خوان عموماً بے صبر اور سرکار سے ناراض ہو جاتے ہیں۔ بلکہ خود حضور لفٹنٹ گورنر پنجاب نے ابھی کانووکیشن کی تقریر میں ڈگری پانے والے نوجوانوں کی نسبت ارشاد فرمایا تھا کہ اس قدر تعداد بی اے پاس کرنے والوں کی ہوتی جاتی ہے کہ بعض لوگ فکر کرتے ہیں کہ یہ ولی کہاں سے کہاں کھائیں گے۔ اور جب نوکری حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکینگے تو آخر غم و غصہ میں کباب ہو کر سرکار کے وفادار نہیں رہ جائینگے۔ غرض یہ سوال دن بدن بڑے زور سے اپنے آپ کو پیش کر رہا ہے کہ تعلیم کا نتیجہ کیا ہوگا؟ اور آئندہ تعلیم کے متعلق گورنمنٹ کی پالیسی کیا ہوگی؟

انگلستان کے نامور نکتہ چین رسکن کی رائے تھی کہ سرکار جو تعلیم رعایا کو دیا کرے۔ اس میں یہ تین جزو شامل ہوں (۱) قوانین صحت و شق جو وہ تبلائیں۔ (۲) شرافت اور انصاف کی عادات۔ (۳) وہ پیشہ کہ جس پر انسان بسر اوقات کر سکے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جو تعلیم گورنمنٹ انگریزی نے ہندوستان کو دینی مناسب سمجھی ہے اُس میں یہ تینوں صفات موجود ہیں افسوس ہے کہ درصل یہ تعلیم ایک حد تک ان تینوں صفات سے بے بہرہ ہے۔ سرکار نے بہت سی کتابیں۔ مختلف و متعدد مضامین کی امتحان پاس کرنے کے لئے مقرر کر دی ہیں۔ مضامین اتنے مختلف تھوڑے سے عرصے میں نوجوانوں کو حاصل کرنے پڑتے ہیں کہ اُن کی صحت کا ستیاناس ہو جاتا ہے اور امتحانات کا طریقہ ایسا رکھا ہوا ہے کہ اگر کوئی اُمیدوار

حفظِ صحت

استفسار

۶۔ گھٹنوں کا درد۔ میری ضعیفہ والدہ کو ایک مدت سے گھٹنوں کے درد کی شکایت چلی آتی ہے۔ ہر طرح کے علاج کئے گئے۔ ان سے صرف اتنا افاقہ ہوا رہا کہ کبھی آرام ہو گیا۔ کبھی پھر ہو گیا۔ بالکل آرام نہیں ہوا۔ عرصہ ۶ ماہ کا ہوا کہ کسی نے میری عدم موجودگی میں والدہ کو بتلایا کہ جونکیں لگوا کر خون فاسد نکلوا دو۔ آرام ہو جائیگا۔ اس سے بجائے آرام کے مرض میں اس قدر زیادتی ہو گئی کہ اٹھنے بیٹھنے سے بھی معذور محتاج ہو گئیں۔ بالکل اٹھا ہی نہیں جاتا۔ اور طرفہ یہ کہ گرم دواؤں سے تو آگ چھٹ جاتی ہے اور پسینے بکثرت آتے ہیں۔ اور اگر دوائی سرد استعمال کی جاوے تو کیا عرض کروں جو تکلیف ہوتی ہے معذور خود ہی جانتی ہیں جب سے خون نکلوایا ہے کئی طرح کے مراہم سے پرورش کر لی ہے کبھی دست آتے ہیں کبھی بخار۔ کبھی کلیجہ اس قدر بڑھتا ہے کہ حد بیان سے باہر ہے۔ (عبد العزیز پانی پتی)

۷۔ شکم میں گانٹھ:۔ میری والدہ کے شکم میں ناف کے اوپر بائیں بازو کی طرف ایک گانٹھ بسبب بخار کی شدت میں پانی پینے یا دوسری وجہ سے ہو گئی ہے۔ ہر چند علاج معالجہ کیا۔ مگر کم نہیں ہوئی۔ وہ گانٹھ اب بڑھتی جاتی ہے علاج یونانی بتانا چاہئے۔ (دختر، یار ۱۸۹۳ء)

۸۔ اختلاج قلب:۔ میری والدہ عرصہ ڈیڑھ سال سے مرض اختلاج قلب میں مبتلا ہیں۔ اس میں ان سے کھانا نہیں کھایا جاتا۔ اور دوسرے تیسرے روز دورہ ہوا کرتا ہے۔ شانوں میں سوزش ہوتی ہے اور گرمی معدہ میں معلوم ہوتی ہے۔ ہاتھ پاؤں برقت دورہ سرد رہتے ہیں۔ گاہ گاہ ڈاکٹروں کے علاج سے دو چار یوم کے لئے بالکل دورہ دور ہو جاتی ہے۔ مگر پھر وہی حالت ہو جاتی ہے۔ کوئی صاحب خواہ وہ انگریزی علاج ہو یا یونانی ازراہ نوازش تبلائیں (سودا گر لال)

۹۔ سردی سے ورم:۔ بوجہ سردی کے ہاتھ پیر انگلیاں سوج جاتی ہیں۔ ورم ہو جانے سے کام کاج کرنا دشوار ہو جاتا ہے اور تکلیف ہوتی ہے۔ جس صاحب کو کوئی مجرب نسخہ معلوم ہو درج پیسہ اخبار فرماویں (سکرٹری شیخ کلب میرٹھ)

۱۰۔ منہ سے پانی بہنا:۔ میرے منہ سے سوتے میں پانی بہتا ہے۔ شاید رطوبت کی وجہ ہے۔ کوئی صاحب علاج سے اطلاع بخشیں۔ (عبد الحق)

۱۱۔ داء الفیل یا پیل پا سے نہایت لاچار ہوں۔ بہت علاج کئے فائدہ نہیں ہوا۔ شاید کوئی صاحب علاج بتلائیں (راقم تخمیناً ۱۳۸۸ھ از کلیان ضلع تھانہ۔ بمبئی)

۱۲۔ خراب سوڑہ:۔ بندہ کے قریب ایک سال سے سوڑوں کو ہاتھ سے دبانے سے پیپ و خون نکلتا ہے۔ سوڑے پھولے ہوئے رہتے ہیں۔ عمر ۲۵ سال ہے۔ اس مرض کے دفعیہ کے لئے کوئی صاحب براہ کرم مجرب و سریع التاثیر نسخہ سے بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرما کر مرہون منت بنائیں۔ (سید ناظر علی جسول مالاوی)

۱۳۔ ترکِ عادتوں:۔ ایک ملاحی کہ عرصہ سال سے افیون کھانی

کنام و نشان عزیز

۵۔ ایک لڑکا ساکن مہکر سکول آکولہ میں پڑھتا تھا۔ دس سٹینڈرڈ کے امتحان میں اس سال ناکامیاب ہونے سے دل پر بوجھ لا کر گزشتہ ۱۵ نومبر ۹۳ء سے معلوم نہیں کدھر نکل گیا۔ اس کے تعاقب میں دہلی تک لوگ گئے تھے۔ مگر اب تک مفقود الخبر ہے۔ نام عبد الکریم خاں ولد حمید خاں ساکن مہکر ضلع بلڈانہ۔ ملک برار۔ رنگ گورا صاف چہرہ کھڑا ناک اونچی۔ آنکھ بڑی مگر سیاہ۔ ہاتھ پیر سیدھے مُہرہ خوشرنگ۔ خوبصورت۔ عمر ۱۹ سال۔ سبزہ آغاز ہے۔ سر پر چھوٹے چھوٹے بال۔ یورپین فیشن۔ بدن تنگ۔ سر پر کلاہ ترکی۔ گاہ حیدر آبادی رومال یا اوڑھنی پٹکہ۔ اکثر کوٹ انگریزی پہنتا ہے۔ پاجامہ دوہرا دکنی وضع۔ رفتار چھوٹی بلکہ قدم۔ ایک ہرن کا چمڑا عمدہ رنگا ہوا۔ اور ایک مصنوعی ٹین کا جس کو ٹرنک کہتے ہیں ساتھ ہے۔ چہرہ سے بالکل یورپین معلوم ہوتا ہے۔ مگر مسلمان اور مسلمان پوش ہیں۔ ان کی والدہ کی حالت ارمیں زار ہے۔ (حسین خاں ساکن مہکر ضلع بلڈانہ)

۶۔ مسمی وزیر بیگ ولد عالم بیگ ساکن چکوہہ۔ تھانہ بلاپور تحصیل گڈھ شنکر ضلع ہوشیار پور۔ اپنی والدہ ضعیفہ سے ناراض ہو کر قریب ۲۰ سال کے گزرے ۱۲ برس کی عمر میں نکل گیا ہے۔ کوئی صاحب عند اللہ اس کے پتہ سے بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرما کر اس کی ضعیف والدہ کو دوبارہ زندگی بخشیں۔ (احمد مرزا ۱۸۹۱ء)

عام

سوال

۵۔ نوآبادی پنجاب:۔ انتخاب شدہ آبادگاران دا سطے ملک بار نہر پنجاب جو کہ عرصہ قریباً ۱۲ سال کا ہوا ضلع جالندھر سے انتخاب کئے گئے تھے ان کو نہر مذکور کے کونسے راجباہہ پر اور کب دخل دیا جاویگا۔ ناظرین پیسہ اخبار سے کوئی آدمی براہ خدا اطلاع بخشیں (ایک خریدار)

۶۔ گلوبند خوش:۔ مجھ کو گانے کا شوق ہے۔ مگر اکثر اوقات آواز درست نہیں رہتا۔ کوئی صاحب خوش گلو بننے کا کوئی عمدہ نسخہ براہ مہربانی بتلاینگے ہم لیاقت حسین۔ آکولہ)

۷۔ شرح کافیہ:۔ رضی شرح ملا جامی جامع الغموض کے سوائے کوئی اور شرح کافیہ کی بھی ہے؟ (منشی ٹیکا رام ورما ضلع مراد آباد)

جواب

۵۔ اصلی میر کی شناخت:۔ ہمارے جد امجد خاندان شاہی اور شاہان دہلی کی آنکھوں کے ہمیشہ معالج رہے ہیں۔ ان بزرگواروں کو پشتوں سے اصلی میر کی تلاش تھی۔ مگر دستیاب نہ ہوا۔ ان کا فرمان ہے کہ اصلی میر کا ملنا ایسا ہے جیسے پارس پتھر یا اکسیر کا ملنا۔ ایک مرتبہ ایک فقیر نے شاہ ایران کو دیا تھا۔ شاہ ایران نے شہنشاہ اکبر کو بطور تحفہ بذریعہ ملا دوپیازہ تھوڑا سا بھیجدیا تھا۔ عالمگیر کے وقت تک شاہی صندوقچہ میں رہا پھر وہ جاتا رہا۔ اس کی صفت تھی کہ چمک کی گڑی ہوئی آنکھ میں اصلی میر لگا دو۔ فوراً آنکھ میں روشنی پیدا ہو جائیگی اور جالہ وغیرہ جو کچھ ہوگا پانی بن کر نکل جائیگا۔ اصلی میر ملنا تو ناممکن ہے البتہ میری عطاروں کے ہاں ہوتی ہے۔ بربان کر:: ہلدی سیاہی مائل ہو جاتی ہے اس کو اصلی میر مشہور کرتے ہیں (ظہیر جہان)

شعر و سخن

قطعہ تعریف ہز آنر سر میکورتھ ینگ بہادر لفٹنٹ گورنر پنجاب

[از شمس العلماء مولوی حافظ نذیر احمد صاحب دہلوی]

بدلگا اب بہار ہے قطعاً — خزاں کا رنگ عالم ہوئی ہیں صوبے کے شہر کی پیارے
کیا حسن انتظام ہے بسمارک بھی اگر — ہوتے تو آکے دیکھتے ہو جاتے عقل دنگ
اک نصف جن آنکھ سے گزرے ہیں لفٹنٹ — اپنے انتظام کے بالکل ہی ہیں ہنر
انصاف اسکو کہتے ہیں عدل اسکا نام ہے — اک گھاٹ پانی پیتے ہیں بزغالہ و پلنگ
ہمت تمہاری لشکر اعدا کو دی شکست — ظاہر کیا ایک حیلہ ہی کیا توپ کیا تفنگ
منظور ہو جسے کہ ہو ہر طرح کامیاب — بس تم سے آکے سیکھے تدبیر صلح و جنگ
قابل نہ تھی کسی کے مگر تم کو دیکھ کر — ہم ہو گئے ہیں معتقد دانش فرنگ
ایسے کسی حاکم پنجاب خوش ہوئے — تھوڑا اس سے پہلے ای ہنسنڈ کی حرنگ
مجکو خطاب دینے مجکو اس سے فخر — کیا ہے خطاب کو یہ بات ہے فخار خطاب
ہر چند ہوں کمال فضیلت سے بے نصیب — پر شکر ہے کہ طبع میں جودت ہے اور امنگ
کہتا نہیں مگر مجھے قدرت ہے نظم پر — لیکن نہیں ہیں اس دوسروں کی طرح سوز و ننگ
لوہا نہیں ہے ذہن کی تلوار کا خراب — ہاں ہیمہاتی کے سبب چڑھ گیا ہے زنگ
الماس ہے یہ جوہر فیضان تربیت — ہے ورنہ اصل جوہر میں اسکی سرشت سنگ
تم پروریش کرو تو کرے سات برق کو — عنداللیاق سرعت رفتار اسپ لنگ
عہد حکومت آپکا یوں ہو مفید تر — سیر اب جیسے کرتا ہے کھیتوں کو آب گنگ

سال نو

سال نو کی آمد آمد کا ہمار کیا ہے — وہ مرقع ہے کہ دل اہل صفا کا شاد ہے
آج دل عید غم و تشویش سے آزاد ہے — خانۂ امید اہل مدعا آباد ہے
سال نو آیا نیا سامان راحت ہمرہ ہے
شادیوں چھوٹے بڑے ہر سر میں اندیشہ ہے
جسکو دیکھو ہر طرف ہے صورت گل باغ باغ — بلبل امید کا ہی عرش اعظم پر دماغ
شکر غلط کیسے ہر اک دل کا داغ — خانۂ دل میں ہے آرائش صفائی کا چراغ
ہر طرف راحت کی خوشی کی دھوم ہے
کوئی بھی ایسا نہیں ملتا جو آب مغموم ہے
ہر طرف بانگ مسرت کی صدائیں ہیں بلند — یہ مسرت کا سماں ہی ہر کہ و مہ کو پسند
کر رہی ہے شکر خالق دل سے ہر ہوشمند — سال نو کی آمد آمد سے مٹا نام گزند
الغرض ہر ایک ہے مست اپنے اپنے رنگ میں
ہو خوشی سب کو سرشت اپنے اپنے ڈھنگ میں
خوش ہے ہر خیر خواہ و خادم و سرکار بھی — شاد ہے ہر افسر ذیہوش و ہر سردار بھی
سال نو سے فیض اٹھائے خانہ زاد بھی — ہے دعا گو صیغہ تعلیم کا حاضر بھی
اے تمنا ختم کر اب سال نو کی داستاں
ہو بفضل صبح عالیہ مسرت کا بیان

محنت

محنت سے کامیاب ہو انسان خوشخصال — محنت ہی ساتھ آئے ہے زر و اقتدار و مال
محنت سے جی چرا جس کو خوش نہ — صحت میں کبھی نہیں سکتا کبھی دوال
محنت سے کام ہوتے ہیں بگڑے ہوئے بنا — کاہل نہیں ہے وہ ہے جسے کام کا خیال
محنت سے علم سیکھو یہ ہو کیمیا ہے — سستی گر ہو تو ہاتھ نہ آئیگا مالا مال
عفت میں کیمیت اگر ہوں تو نفس ہو — دانش ہے مند ستی انسان ہے کمال

"تو پاک باش برادر مدار از کس باک" (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۳ | یوم شنبہ ۲۲ جنوری ۱۸۹۸ء مطابق ۲۸ شعبان ۱۳۱۵ ہجری موافق ۱۴ ماگھ سمت ۱۹۵۴ بکرمی | جلد ۱۲

وقیعہ عالیہ کیلئے شمار اور اعداد

بحری تجارت بابت ۱۸۹۶-۹۷ء (دلچسپ ہفتہ گزشتہ)۔

ہندوستان کے تجارتی مال کی قیمت جو باہر بھیجا گیا ۳۰۰۳۶۱۱۱۵ روپے تھی۔ جن میں سال ۱۸۹۵-۹۶ء میں ۲۹۰۰۶۰۱۴۱ روپے تھی۔ اس میں ۴ یا ۱۲ فی صدی کی کمی ہے۔ اس کی وجہ اناج خورد و نوش کی تجارت پر قیدوں کے سوا کچھ نہیں ہو سکتی۔ بمبئی میں طاعون کے پھیلنے سے بندرگاہ کی تجارت بالکل سرد پڑ گئی تھی۔ اناج کی پیداوار کی کمی صرف مال کے باہر بھیجنے میں ہی ہاج نہوئی بلکہ اندرونی خرید و فروخت کو بھی اس سے بہت ضعف ہوا۔ اور مسئلہ ایکسچینج بھی قابل ذکر ہے۔ آمد خزانہ کی مالیت ۱۰۴۷۲۶۳۶۸ روپے بمقابلہ ۱۱۵۲۲۵۶۳۹۔ اور اس کی برآمد ۴۴۵۴۶۹۸۰ روپے بمقابلہ ۴۸۴۹۳۵۴۱ روپے کے تھی۔ کپڑا لانے والے ممالک یونائیٹڈ کنگڈم۔ آسٹریا۔ فرانس۔ جرمنی۔ روس اور جاپان تھے۔ آسٹریا اور فرانس سے آمد بہت کم ہوئی تھی۔ مگر یونائیٹڈ کنگڈم کی بمقابلہ سال گزشتہ ۱۶ فی صدی بڑھی ہوئی تھی اور روس کے ساتھ تجارت کو پہلے لاکھ سے ۲ لاکھ تک فروغ ہوا۔ یہ اضافہ اوڈیسا اور باطوم کے طلائی ریشوں اور ریشمی اسباب میں ہوا تھا۔ جو بخارا کے وہ سوداگر جو بمبئی سے باطوم میں چار لاتے ہیں۔ اس ملک سے خرید لائے۔ اور یونائیٹڈ کنگڈم کے ساتھ ۵۰ فی صدی تجارت کے فروغ پانے کی وجہ یہ ہے کہ خورد و فروشی کا جو ذخیرہ کچھ عرصے سے جمع ہو گیا تھا وہ اس سال بھی قائم کیا گیا ہے۔ جاپان کے مال کی آمد میں بھی پھر اضافہ ہوا۔ اور جرمنی کے ساتھ تجارت بھی کسی قدر بڑھ گئی۔ اس مد کے مال تجارت کی قیمت رجسٹری کے دستور میں تبدیلی ہونے کے باعث بڑھ گئی تھی۔ آسٹریا سے مال کی آمد جو پہلے تین سالوں میں بہت بھاری فروغ پا گئی تھی۔ وہ ۲۰ فی صدی کم ہوئی۔ جوتوں اور بوٹوں کی تجارت میں۔ جو قریباً پہلے یونائیٹڈ کنگڈم کے ساتھ ہوتی تھی۔ اس میں نمایاں کمی ہوئی۔

کلکتہ میں چاول:۔ ہفتہ مختتمہ ۲۱ اکتوبر ۱۸۹۷ء میں کلکتہ میں چاول کی بہت بڑی مقدار داخل ہوئی تھی۔ یعنی کل ۲۳۵۹۷۲ ہنڈرڈ ویٹ بمقابل ۱۸۹۶ء کے اسی ہفتہ کے ۲۳۹۷۲ ہنڈرڈ ویٹ کے آئے تھے۔ اس کا بڑا حصہ یعنی ۵۳۸۵۰ ہنڈرڈ ویٹ برما سے آئے ہیں۔ جہاں سے سال گزشتہ میں کچھ بھی نہیں آئے تھے۔

ہیرہ ملکہ وس کا وظیفہ:۔ ہیرہ ملکہ وس کو بطور ذاتی خرچ کے ایک لاکھ بیس ہزار سالانہ وظیفہ ملتا ہے۔ اور باقی تمام محلوں کے خرچ اس کے سوا ہیں۔ وظیفہ حق زوجیت کا ہے۔

مذاق

"احمد کا ارادہ ہے کہ افغانستان پر لکچر دے"۔

"مگر اس نے تو افغانستان دیکھا بھی نہیں"۔

"مگر اس کے سامعین نے بھی تو نہیں دیکھا ہے"۔

دھوکا کھانے والا ایک عورت کی شبیہ کو دیکھ کر:۔ "خدایا پناہ! کیسی قبیحہ منظر ہے۔ آپ کو یہ کہاں سے ملی تھی؟"

نقاش (سرد مہری سے):۔ "حضرت یہ میری ہمشیرہ کی ہے"۔

دھوکا کھانے والا:۔ "معاف فرمائیے گا۔ مجھ سے سخت غلطی ہوئی۔ مجھے آپ کی خاندانی مشابہت دیکھنی لازم تھی"۔

ایک سائنس دان نے کہا کہ "۲۸۰۰ سال کے بعد جب دنیا کی آبادی ۵۰ ارب ۹۹ کروڑ ۴۰ لاکھ آدمیوں سے بڑھ جائیگی۔ تو زمین اتنی جانوں کی خوراک بہم پہنچانے کے ناقابل ہوگی۔ لہذا وہ بھوکے مریں گے یا مردم خور ہوں گے"۔ ایک چھوٹی لڑکی نے یہ سن کر کہا کہ "دیکھو پاپا۔ اس وقت ہمیں بائسکل پر سوار ہو کر اس قدر ہجوم سے گزرنا کیسا محال ہوگا!"

ایک گرجا کے باہر ایک غریب عورت بچے کو گود میں اٹھائے ہوئے۔ جاڑے سے سخت ٹھٹھرتے ہوئے۔ رہرو لوگوں سے خیرات مانگ رہی تھی۔ ایک جنٹلمین نے بچے کی ناک پر انگلی ٹھوکر کر کہا "تمہارا بچہ کیوں ایسا سخت ہے۔ جس کی ناک ٹھوکنے سے آواز دیتی ہے"۔ عورت نے جواب دیا "اوہ صاحب معاف فرمائیے گا۔ آج اس قدر سردی تھی کہ میں اپنے اصلی بچے کو گھر چھوڑ آئی ہوں۔ یہ چینی کا بچہ ہے"۔

ٹیلیفون کا ملازم:۔ "جناب کوئی شخص ٹیلیفون میں ہے اور اس نے آواز دی ہے کہ میں آپ سے ملنا چاہتی ہوں یا آواز کچھ ایسا ہی کہا ہے"۔

مسٹر گیسرڈ:۔ "میں ملنا چاہتی ہوں؟ اچھا یاد آیا وہ خوبصورت ٹیلیفون لڑکی ہوگی"۔ (ٹیلیفون کے پاس جا کر) "پیاری کیا ہے؟"

جواب:۔ "اگر آپ گیس کے بل کا روپیہ ادا نہیں کریں گے تو آپ کا گیس پائپ اتار لیا جائیگا"۔

مرد:۔ "یہاں کرائی ہو کہ اب بوسہ لینے میں کوئی ڈر ہے"۔

عورت:۔ "ٹھہرو۔ میں سیر بینوں کے پاس جا کر دیکھتی ہوں کہ پاسپورٹ ہے یا نہیں"۔

عجیب عجیب باتیں

عجیب دستور:۔ بعض وحشی دربار میں یہ قاعدہ ہے کہ جو بادشاہ کرتا ہے وہی درباری کرتے ہیں۔ اگر وہ کھڑا ہوتا ہے تو سب کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگر وہ بیٹھتا ہے تو سب بیٹھ جاتے ہیں۔ اگر وہ گھوڑے پر سے گرتا ہے تو جتنے آدمی اس کے ساتھ ہیں سب گھوڑوں پر سے گر پڑتے ہیں۔ اگر وہ نہانا چاہتا ہے تو کل دربار خواہ کیسی ہی پوشاک پہنے ہوں ضرور نہاتے ہیں۔ ڈاہومی میں ایک سب سے بڑی رسم جاری ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب سلطان کا ایک دانت ٹوٹ جاتا ہے تو کل رعایا کو اپنے دانت توڑ ڈالنے پڑتے ہیں۔

مورت کا عجیب خاصہ:۔ اخبار ہندوستانی راولپنڈی ہے کہ ایک ممبر آریہ سماج جو قریب دو سال کے بیمار ہیں۔ ۹ آیا ہے۔ بیان کرتا ہے کہ وہاں ایک پہاڑ پر گرگٹ کی پوجا ہوتی ہے۔ جب کوئی اصلی گرگٹ سانپ پکڑے ہوئے وہاں سے گزرتا ہے تو مورت کو پسینہ آجاتا ہے۔ جو اسی وقت کپڑے سے پونچھ لیا جاتا ہے۔ چنانچہ سرکار نیپال کی طرف سے پہرہ دار اس کام پر مقرر ہیں۔ مورت کو تین بار پسینہ آتا ہے۔ اور تینوں بار اپنی خاصیت رکھتے ہیں یعنی اول و دوم و سوم درجے کا ہوتا ہے جس آدمی کو سانپ کاٹتا ہے اس کو اس کپڑے کا تھوڑا کنارہ دھو کر پلا دیتے ہیں۔ زہر دور ہو جاتا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ نیپال میں کوئی آدمی سانپ کے کاٹنے سے نہیں مرتا کیونکہ سرکار کی طرف سے وہ پارچہ ہر ایک شخص کو رکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔

نوویڈا کی گہری کانیں:۔ نوویڈا میں بہت گہری کانوں میں بجلی کی روشنی کی جاتی ہے۔ جس کے باعث ۲۵ فی صدی پیداوار بڑھ گئی ہے۔ جو لوگ تین ہزار ایک سو فیٹ کی گہرائی میں کام کرتے ہیں وہ وہی سال رہتے ہیں۔ حالانکہ ان کو دن میں صرف دو گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے اور آٹھ گھنٹے کام کرنے والوں سے زیادہ تنخواہ پاتے ہیں۔ یہ پندرہ منٹ کام اور ۴۸ منٹ آرام کرتے ہیں۔

یہ تندرستی اور پیری:۔ قصبہ مانوبھنی ضلع جیکب آباد میں ایک شخص سمی نور محمد بلوچ بعمر ۱۱۷ سال صحیح و سالم دانت موجود۔ گھوڑے کا خاصہ سوار۔ اپنے کاشتکاری کاروبار کو بخوبی انجام دیتا ہے۔ (رحیم بخش شہید اگھر تلی)

عورتوں کا تمول:۔ دنیا بھر میں حسب ذیل ۶ عورتیں سب سے زیادہ مالدار ہیں۔ (۱) سینورا (اسی ڈوارکا سینئر) کے پاس ۲۰ کروڑ پونڈ۔ (۲) ہیٹی گرین ایک کروڑ پونڈ۔ (۳) ڈوشس برڈگوس

آدھا آنہ کا ٹکٹ بھیجکر فہرست منگوا لیجئے

ڈاکٹر کربی کی مشہور عالم فاسفورس کی گولیاں

آدھا آنہ کا ٹکٹ بھیجکر فہرست منگوا لیجئے

یوں تو بیشمار بیماریاں ایسی ہیں جنسے مادۂ رجولیت (مردی) پر سخت صدمہ پہنچتا ہے لیکن بعجلہ انکے ۴۴ عارضہ اس قدر مہلک و تکلیف رساں ہیں کہ جنمیں مبتلا ہو کر قوی ہیکل اور تندرست مرد بھی بالکل نکما ہو جاتا ہے دیدہ دانستہ یا نادانستہ ہر دن نوجوان ہم میں سے اور نامردی سے جو خراب اثر انسانی حیات و طرز معاشرت پر پڑتا ہے اسکی تفصیل ایسا شخص ایک منٹ بھی خوش نہیں رہ سکتا لہذا بنی آدم کی اس جانگداز تکلیف کے دفعیہ کیلئے ڈاکٹر کربی صاحب نے ۴۴ قسم کی گولیاں فاسفرس۔ ٹرمیانہ۔ اسٹرکنیا و روح فولاد وغیرہا دواؤں کی ملاوٹ سے ایسی شریف الثاثیر و عجیب الاثر تیار کی ہیں جنکا چند روزہ استعمال ایک مُردہ جسم میں تازہ روح پھونک دینے و جوش شباب پیدا کر دینے کیلئے بالاتفاق حکم رکھتا ہے لہذا جس عارضہ کے باعث مرض مردی تمکو لاحق ہوا ہے اُسی نمبر کی گولیاں **جوبلی کمپنی بمبئی کی مشہور دوکان جوبلی کمپنی اندور** سے بذریعہ **ویلیو پے ایبل** منگوا کر استعمال کرو اور یقین کرو کہ بفضل خدا تم مرد شفایاب ہو گے ان گولیوں میں ۷-۸-۹-۱۲-۱۴-۲۰ نمبر کی گولیاں بیحد مقوی و بہی باہ ہیں جنمیں فاسفرس بنسبت زائد شریک ہے اور یاد رکھو کہ فاسفرس کی اصلی گولیاں اندھیری رات میں چمکتی ہیں اور اسکا ملانا ہر شخص کا کام نہیں ہے کسی لائق ڈاکٹر کی تصدیق کے بعد ہمسے منگوائے **جوبلی کمپنی براہ آفس ڈیڈنسی اندور**

نمبر گولی	اسباب نامردی	تشریح قیمت
نمبر ۱ فاسفرس پل ۳۵ برس سے عمر زائد ہو خون کی کمی نزلہ زکام طوبت بلغم کا زور ہو حرارت غریزی گمٹ گئی ہو مردی برداشت نہیں کر سکتا		عہ ۸
نمبر ۲ لقوہ فالج درد قولنج درد کمر بعلہ فساد خون و سردی کی بیماریوں کے باعث ضعف باہ ہونا۔		عہ ۲
نمبر ۳ داغ یا جراحم مغز پر چوٹ لگنے کے باعث ضعف جگر و ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔		عہ ۳
نمبر ۴ سرد ملک میں رہنے یا سرد جڑی بوٹی مثل کیلہ کا فونگنی وغیرہ پینے کے سبب خون جمگیا ہو۔		عہ ۴
نمبر ۵ جادو ٹونہ رعب حاکم یا موت کے ڈر کے باعث دل پر ہمیشہ کر عدم رغبتی پیدا ہوئی ہو۔		عہ ۵
نمبر ۶ بند مکل گندہ دہن یا اسکی رطوبت فاسدہ سے جھک کر نفرت و کمزوری ہو۔		عہ ۶
نمبر ۷ لیمپ کی روشنی و باریک حرف ٹائپ کے باعث ضعف بصارت و ضعف دماغ ہونا۔		عہ ۷
نمبر ۸ بیحد موٹا یا گرے پٹھوں میں کثرت بلغم بدہضمی بات بات میں سانس پھول نقطوں کا بڑھ جانا بادی کا زور اختلاج قلب ہول دل جنون وغیرہ امراض باردہ کے باعث ضعف باہ ہونا۔		عہ ۸
نمبر ۹ فاسفرس دست کچلہ یہ گولیاں جاڑہ نمیں شوقیہ طور پر از دیاد طاقت و استحکام قوت کے لئے بیش قیمت معجون دعرق مادالشحم سے بسا غنیمت ہیں کیونکہ مثل معجون وغیرہ کے مزاج میں یکثرت گرمی نہیں کرتیں بلکہ اعتدال کے ساتھ ہو کر خون کو صاف پیدا کرتی ہیں پہلی مات جم جاتی ہے		عہ ۹
بدہضمی دور قبض رفع ہو کر چہرے کی رنگت سرخ و سفید نکل آتی ہے لائق امرا۔		عہ ۱۰
نمبر ۱۱ مجرد رہنے کے سبب یا ورزش میں بیٹھک لگانیکے سبب سستی و عدم رغبتی کا ہونا۔		عہ ۱۱
نمبر ۱۲ الٹا بعلمی یا سخت دماغی محنت بربادی دولت یا رنج و فکر کے باعث ضعف باہ ہونا۔		عہ ۱۲
نمبر ۱۳ سوائے عورت کے کسی ناجائز فعل کی کثرت کے باعث کمزوری و سستی ہونا۔		عہ ۱۳
نمبر ۱۴ کثرت مباشرت کی کمزوری کو بغیر قبض کئے ہٹا کر یہ گولیاں حرارت غریزی و قوت مردانگی کو تیز کر کے تازہ و نفیس خون پیدا کرتی ہیں دل قوی شانہ مضبوط جوش شباب میں ترقی بیحد پیدا ہوتی ہے جلد ملائم کلیجہ شیر کی مانند ہو جاتا ہے سرعت دقت کے لئے اکسیر اعظم ہیں۔		عہ ۱۴
نمبر ۱۵ اپاخانہ پیشاب میں رکاوٹ گرنا بدخوابی ہونا پیشاب میں شکر و بریت آنا پورانی بدہضمی کو ہٹا کر پانچ سیر دودھ و نصف سیر گھی دیگر مقوی غذا ہضم کرنیکی معدہ میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے		عہ ۱۵
نمبر ۱۵ جریان آتشک سے ہیضہ سوزاک سے جدید ہو مالیخولیا مگرہا تین یہ گولیاں مفید ہیں۔		عہ ۱۵
نمبر ۱۶ ہو سیرو کمر یڑہ کی ہڈی پر چوٹ لگنے کے سبب ضعف باہ ہونا۔		عہ ۱۶
نمبر ۱۰ صفرہ باری یرقان جسنے یا زخم و چھاگنے کے سبب کمزور و سست ہونا۔		عہ ۱۰

نمبر گولی	اسباب نامردی	تشریح قیمت
نمبر ۱۸ ابدن سے خون نکلجانیکے سبب ضعف دماغ و ضعف باہ ہو تو ان خون آور جیوب کا استعمال کرو۔		عہ ۱۸
نمبر ۱۹ کسی مہلک بیماری سے صحت پانیکے بعد استحکام و ازدیاد طاقت کے لئے یہ گولیاں مفید ہیں		عہ ۱۹
نمبر ۲۰ فاسفرس ان کنتھ بڈس جیسے ہونے میں سماگر یہ گولیاں فوری طاقت پیدا کرنیکے لئے اکسیر اعظم ہیں کیونکہ ناخنوں کے کنتھ بڈس بکر بجلی سے افضل ہو جاتا ہے اور حلق سے اُترتے ہی شانہ میں ہو کر براہ دماغ سیدھا پشاب میں پہنچکر حرارت غریزی کو ابھار کر وہ انقشا پیدا کرتا ہے کہ بلا مباشرت ضبط نہیں استحکام و طاقت کیلئے ۴۰ یوم تک کھائی جائیں تو عمر بھر کسی طاقتزا دوا کی ضرورت نہیں ہوتی۔		عہ ۲۰
نمبر ۲۱ حقیقت میں یہ گولیاں بھلوق و حرکات ناجائز کے دفعیہ کیلئے سریع التاثیر ہیں۔		عہ ۲۱
نمبر ۲۲ ضعف معدہ و شانہ کی باعث عارضہ عمر عرصت و قدت ہو تو نمبر ۲۲ مفید ہے۔		عہ ۲۲
نمبر ۲۳ رعب حسن عدم تحریک منی کے سبب چھا جاتا ہے ایسی حالتمیں نمبر ۲۳ بہت مفید ہے۔		عہ ۲۳
نمبر ۲۴ گھوڑا یا سیکل کی سواری کے باعث جو قوت سے اگر گمٹ گئی ہو تو نمبر ۲۴ مفید ہے۔		عہ ۲۴
نمبر ۲۵ شراب بھنگ چرس افیون کی عادت کے سبب ضعف جگر ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔		عہ ۲۵
نمبر ۲۶ چھوٹی عمر کی شادی کے سبب اولاد سے مایوسی ضعف باہ ہو تو ان گولیوں کا استعمال کرو۔		عہ ۲۶
نمبر ۲۷ قریب شام لکھنا پڑھنا آبسرد کے استعمال سے ضعف بصارت ضعف باہ ہو تو یہ مفید ہیں۔		عہ ۲۷
نمبر ۲۸ پرمیہ سولیمان سم لال پیلے سفید پانی کے اخراج کے دفعیہ کیلئے اکسیر اعظم ہیں۔		عہ ۲۸
نمبر ۲۹ مشک و عنبر و دیگر گرم ادویہ کے رفع نقصان کے لئے یہ گولیاں عجیب الاثر ہیں۔		عہ ۲۹
نمبر ۳۰ عدم برداشت برف سردی کے سبب ان خون بند ہو کر ضعف لاحق ہو تو یہ مفید ہیں۔		عہ ۳۰
نمبر ۳۱ وغیرہ کثرت احتلام تولید غلیظ منی خشکی دماغ ضعف گردہ کے لئے اکسیر ہیں۔		عہ ۳۱
نمبر ۳۲ ذیابیطس بند کشا دجلد جلد پیشاب آنا وغیرہ امراض میں تقویت معدہ و شانہ کیلئے اکسیر ہیں۔		عہ ۳۲
نمبر ۳۳ قوت حافظہ بڑھانے و بھول چوک دور کرنے کیلئے طلبا کو یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔		عہ ۳۳
نمبر ۳۴ امراض نامردی کا سبب نہ تم جانتے ہو اور نہ حکیم ڈاکٹر شناخت کر سکتے ہوں تو ایسی حالت میں ڈبہ نمبر ۱ فاسفورس پل کا استعمال کرو اور یقین کرو کہ بلا ثانی اسباب مرض یہ گولیاں مفید ہیں۔		عہ ۳۴

مالوہ کلف خضاب بیلا چمبیلی کے تیل کی طرح لگانیسے بال ملائم رہتے ہیں جلد پر داغ نہیں پڑتا جب تک بیاہی قائم رہتی ہے برس دن تک اگر برابر لگایا جائے تو جڑ سے کھونٹی سیاہ نکل آتی ہے بار بار لگانا ضرور نہیں بس بطور تیل لگانیسے ۵ منٹ میں سفید بال سیاہ ہو نرا ہو جاتے ہیں بدبو کا نام نہیں ایکس برس عمر کیلئے مول سامان ۲ بھی خورد ۶ ماہ کیلئے بغیر سامان امتحان کیلئے

المشتہر جوبلی کمپنی براہ آفس ڈیڈنسی اندور

ہوشیار خبردار

اگر جاہلوں اور نادانوں نے بھی (جو دواسازی کی علمیت سے بالکل بے بہرہ ہیں) رنگ آمیز باطل اشتہارات دیکر عوام الناس کو لوٹنے پر کمر باندھ رکھی ہے اور آفت رسیدہ مریض اسقدر خوف زدہ ہو چکے ہیں کہ وہ جھوٹے اور سچے کی تمیز نہیں کر سکتے۔ اسلئے ہم پبلک کے اطمینان کیلئے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر ہماری ادویات سے کچھ فائدہ نہ ہو تو مندرجہ ذیل قسم تحریر کرکے قیمت بذریعہ منی آرڈر کے واپس لے لیں

ہماری ادویات اور دواسازی کی نسبت ڈاکٹروں کی رائے

ڈاکٹر ای ایڈورڈ لیٹ سول سرجن بہادر امرتسر (۱۵ اگست ۱۸۸۸ء): میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین مانگیر نسبتی ادویات کے کام جاننے میں بڑا لایق اور ماہر اور انکی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں۔

ڈاکٹر ڈی ایم سانگلے ایم بی اینڈ ایم ایس یونیورسٹی آف ایڈنبرا (انگلینڈ) (۲۱ مارچ ۱۸۸۸ء) قیصری باغ امرتسر:- میں نے محمد امام الدین میں لنکشوں کے صحیح بنانے اور صفائی کو مدنظر رکھنے اور دواسازی کی لیاقت پوری پوری دیکھی۔ نیز محمد امام الدین نے مجھ پر کہا کہ انکی چند ادویات بہت سی بیماریوں کیواسطے اچھی تیار کرتے ہیں اور مجھ سے یہ بھی بتلا دیا کہ کن کن اجزاء اور کس کس طرح بنائی جاتی ہیں میں نے ان اجزاء کو معلوم کرکے اپنی پوری تسلی کر لی کہ یہ بھی ادویات ہیں جو لنڈن اور فرانس کے بڑے بڑے عالم ڈاکٹر برتتے ہیں اور نیز میں نے محمد امام الدین کی ایسی تیار شدہ ادویات بہت سی بیماروں کو دیکر تجربہ کیا اور بلاشک و شبہ مفید پایا پس میں عام لوگوں کو اپنے خریدنے کے واسطے بڑے زور سے سفارش کرتا ہوں

کافی مکچر

تر و خشک کھانسی کا مسلسل علاج ہے۔ قیمت فی شیشی ۸ عہ

کالرا کیور

ہیضہ و سہال اور پیچش کا بے نظیر علاج ہے قیمت فی شیشی (عہ) ۸

امنوریہ پلز

احتباس یعنی ایام کا رکاوٹ سے آنے اور درد رحم کو ۲۴ ساعت کا حکم رکھتی ہیں ۲۴ گولی (عہ) ۸

اسپرمٹوریہ پلز

دافع کثرت احتلام و جریان وغیرہ۔ ۴۰ گولی ... عہ ۸
۸۰ گولی ... عہ ۱۲

الفروڈزیاک

ٹرواٹاناٹک پلز

روغن طلا

سرمہ کاواکاواخضاب

پائیوریا پیوریفائر

ولایتی سرمہ

بچھو کا ڈنکا دے کا علاج

تمام فرمائشیں بنام **محمد امام الدین** منیجر و کیمیا طبی مدکل ہال - ہال بازار امرتسر پنجاب

نوٹ:- اپنے خریداروں کے فائدہ کی خاطر محصول ڈاک جانتا چھوڑ دیا گیا۔

سرمۂ نور چشم

تیار کردہ

حکیم محمد علی معالج خاندان شاہی ریاست جموں

علاوہ ازالہ دھند۔ جالا۔ پھولا۔ غبار۔ پڑوال۔ ابتدائی موتیابند۔ سبل۔ ناخن تاریکی چشم وغیرہ کے یہ نور چشم اس خاصیت کے باعث بھی مقبول عام ہو گیا ہے کہ حالت صحت میں اس کے استعمال کرنے والے ہمیشہ کے لئے عوارض متذکرہ بالا میں مبتلا ہونے سے محفوظ ہو جاتے ہیں ✦ تعلیم پانے والے بچوں کیلئے اس نور چشم کا لازمی طور پر استعمال ہونا اسلئے بھی ضروری ہے کہ موسمی آشوب چشم سے محفوظ رہنے کے علاوہ انکی ان کی قوت باصرہ میں ذرہ بھی فرق نہیں آسکتا۔ اگرچہ شب و روز کتابوں کو کتنا ہی زیادہ گھوٹا کریں۔ جن اصحاب مطالعہ۔ ارباب قلم اور باریک کام کرنیوالوں کی آنکھوں سے بوجہ کثرت کاروبار یا کثرت محنت دماغیہ پانی جاتی ہے یا رات کو چراغ کے سامنے نظر پراگندہ اور منتشر ہو جاتی ہو یا عینک کے سوا کام کرنے سے معذور ہو گئے ہوں یا دور نزدیک سے اشیا یکساں دکھائی نہ دیتی ہوں وہ بہت جلد اس نور چشم کا استعمال کریں اس کا ہر ایک استعمال کرنے والا موسم گرما میں (جب اکثر لوگ آنکھوں پر سبز پٹیاں باندھے ہوئے اور مارے درد کے ہائے ہائے کرتے ہوئے حکیموں کے دروازوں کو ٹٹولتے پھرتے نظر آتے ہیں) آنکھوں کو تکلیف۔ درد چشم۔ سرخی چشم ورم چشم سے شرطیہ طور پر محفوظ رہ سکتا ہے ✦ عیالداروں کو چاہئے کہ دیگر لازمی اور ضروری اخراجات کی طرح سال بھر کے لئے اس پر بھی دو روپے خرچ کر چھوڑا کریں۔ اس میں ایک تو آپ کی اولاد تکلیف سے بچیگی اور دوسرا انھیں گودوں میں اٹھائے ہوئے حکیموں کے دروازوں پر لئے پھرنے سے نجات ملیگی ✦

وہ مستورات جنکی آنکھوں کے تمام بال ہر وقت گریہ وزاری یا ایام حیض کی بے اعتدالیوں یا نزلہ اور زکام کے باعث بہل گر گئے ہوں و بھی آنکھیں تمام رخساروں تک گل گئی ہوں اس سرمہ کو جان کا تعویذ بنائیں اور اپنے نور چشموں سے اس نور چشم کو زیادہ عزیز سمجھیں ✦

حکیم محمد علی مرہم پنبہ و شفا خانہ جدید چیون نوی معالج خاندان شاہی ریاست جموں

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات مشرقی

جوہر خیری

ان کارخانہ کے کثیر الفوائد ادویہ اکثیر مرہم ہندوستان میں جس قدر شہرت ہندوستان کے کارخانہ جات ہیں پر ہیں ان شہرت سے غرب و جنوب و شمال کے حاصل کی ہے اپنے اشتمال ۱ دماغ کی اصلاح کرتا ہے ۲ ہر قسم کی سوداوی کیفیت کو دور کرتا ہے ۳ کمزوریوں کی اقسام اور مقوی بدن ہے ۴ اعصاب کو طاقت دیتا ہے ۵ دل کی دھڑکن کو دور کرتا ہے ۶ ہر قسم کے کیڑے مکوڑے کو مار کر سونی ۷ جوانی کی غلط کاریوں اور بے احتیاطی سے نقصان کو دور کرتا ہے ۸ کثرت پیشاب کو روکتا ہے ۹ ہر قسم کے زخم کو مندمل کرتا ہے ۱۰ ہر قسم کے بخار کو دور کرتا ہے ۱۱ ہر قسم کے درد کو دور کرتا ہے ۱۲ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۳ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۴ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۵ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۶ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۷ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۸ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۱۹ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے ۲۰ ہر قسم کے دماغی امراض کو دور کرتا ہے

سرمہ خیری

آنکھوں کی امراض کے لئے نہایت مفید ہے ۲ صفحہ ۸ عدد

جوہر عشبہ

یہ کیمیاوی اصول پر تیار کیا گیا ہے ۳ صفحہ ۸ عدد

روغن طلا

جن لوگوں کو ۴ صفحہ ۸ عدد

عرق مجاری بولی

۵ صفحہ ۸ عدد

عرق طحال

۶ صفحہ ۸ عدد

حب مسہل

۷ صفحہ ۸ عدد

روغن واقعہ سوزاک

۸ صفحہ ۸ عدد

مفرح

۹ صفحہ ۸ عدد

خضاب خمریہ

۱۰ صفحہ ۸ عدد

پکٹورل بام

۱۱ صفحہ ۸ عدد

بال آر اپکا پوڈر

۱۲ صفحہ ۸ عدد

تمام فرمائشیں بنام خیر الدین شاہدین سوداگران ہال بازار امرتسر

ایک نیا ناول

اداۓ مطلب دل ہم سے یہ کہہ ہوئے کوئی
انہیں سناہی دیا حال داستاں کی طرح

علیگڈھ کالج کی زندگی کا سچا۔ فوٹو یا سچی محبت کی جانفزا تصویر
حسن عشق کا خوشنما سین مایہ پاکدامن شریف لڑکی عصمت کا نمونہ
اردو لٹریچر کا عمدہ رفع۔ ایک نہایت دلفریب ناول

"رضیہ اور مسعود"

جس کا ایک عرصے سے انتظار تھا چھپ کر تیار ہو گیا ہے۔
ناظرین ۱۴۰ر کے ٹکٹ بھیج کر جلد طلب فرمائیں۔
المشتہر میجر دھیان سنگھ گورنمنٹ جیل

پانچ روپے پر حکیم حاذق

یعنی بجس سفری ادویات جوہری

جس میں متفرق و مجاس امراض کی نہایت مجرب اور بے نظیر ادویات موجود ہیں مریض کیلئے کفایت کریں بیع پرچہ ترکیب استعمال جو ہر اردو لکھی ہوئی ہے کی سمجھ میں بخوبی آجائے بھیجا جاتا ہے یہ نوادر بکس بڑی جانفشانی سے انگریزی دیوانی جواہر کو ترکیب دیکر ان اشخاص کے لئے تیار کیا گیا ہے جو اکثر سفر یا ایسے مقاموں میں رہتے ہیں جہاں اقت پر حکیم نہ ملسکیں اگر اور یہ تاثیر نہوں تو ہم حلفاً واپس کر لینگے قیمت بکس جو زیادہ سے زیادہ پانچ روپے اور محصول کلاں جس میں دو عدد ادویہ ہیں اس سے زیادہ نہیں۔ المشتہر حکیم محمد عبدالغفور تاجر ادویہ جوہر انگریزی دیوانی زیر دیوان خانہ آ

ہمارے بھائیو یہ بھی نئی کتاب ہے جسکا مطالعہ ہر مسلمان پر فرض ہے

دنیا کے لئے صدا تجارت کر رہے ہو اب دینی تجارت کی طرف بھی توجہ کیا جس کا نفع زادِ آخرت ہو۔ وہ یہ ہے کہ حدیث شریف کی مقبول کتاب یعنی مشکوٰۃ کا مجموعہ سلیس اردو میں اس طور پر کہ کہ اس کی صحت و صفائی سے بہرہ حصوں میں چھاپی گئی ہے اور حاشیہ پر وہ فوائد صحیح تحقیق سے چڑھا دیئے گئے ہیں جو مشکوٰۃ کی اور شرحوں میں نایاب ہیں۔ متن عربی خط میں جلی قلم سے باعراب ہے قیمت فی حصہ صفحہ آٹھ سو صفحہ ہے۔ اردو لیاقت والے کو بھی حدیثوں کا مطلب آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ اس کی خوبی دیکھنے سے سمجھ میں آسکتی ہے۔ ایک جلد بطور نمونہ منگوا کر ملاحظہ فرمائیں۔ باقی تمام دینی کتابوں کی فہرست موجود ہے۔ آدھ آنہ کا ٹکٹ آنے پر بھیج سکتے ہیں۔

المشتہر حکیم عبدالغفور و عبدالاول غزنویان
کتب طبیہ و مطبع القرآن والسنہ امرتسر

۱۰ ہزار درخواست پر ۱۰ ہزار کے گیارہ انعام

